فہرست ابواب ترجمہ جامع ترمذی جلد دوم



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


ابواب الاطعمة عن رسول الله صلی الله علیہ وسلم باب ماجاء علی

ماکان یاکل النبی صلی الله علیه وسلم حدثنا محمد بن بشار ثنا معاذ بن هشام ثنی ابی عن یونس عن قتادة عن انس قال ما اکل النبی صلی الله علیه وسلم علی خوان ولا سکرجة ولا خبز له مرقق فقلت لقتادة فعلی ما کانوا یاکلون قال علی هذه السفر هذا حدیث حسن غریب قال محمد بن بشار یونس هذا هو یونس الاسکاف وقد روی عبد الوارث عن سعید بن ابی عروبة عن قتادة عن انس نحوه **باب** ماجاء فی اکل الارنب **حدثنا** محمود بن غیلان ثنا ابو داؤد ثنا شعبة عن هشام بن زید قال سمعت انسا یقول انفجنا ارنبا بمر الظهران فسعی اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم خلفها فادرکتها فاخذتها فاتیت بها ابا طلحة فذبحها بمروة فبعث معی بفخذها او بورکها الی النبی صلی الله علیه وسلم فاکله فقلت اکله قال قبله وفی الباب عن جابر وعمار ومحمد بن صفوان ومحمد بن صیفی هذا حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند اکثر اهل العلم لا یرون باکل الارنب باسا وقد کره بعض اهل العلم اکل الارنب وقالوا انها تدمی

ابواب کھانے کے بیان میں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں **باب** کس چیز پر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کھانا کھاتے تھے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے معاذ بن ہشام نے کہا حدیث کی مجھسے میرے باپ نے یونس سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ تو خانچہ[1] پہ کھانا کھایا اور نہ چھوٹے برتنوں پر۔ اور نہ آپ کے لئے چپاتی پکائی گئی ہو سو میں نے قتادہ سے کہا پھر آپ کس برتن پر کھاتے تھے کہا اُسنے ان دستر خوانوں پر۔ یہ حدیث حسن غریب ہی۔ کہا محمد بن بشار نے یہ یونس وہ یونس اسکاف ہی۔ اور روایت کی ہی عبد الوارث نے سعید بن ابی عروبہ سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے مثل اسکے۔ **باب** خرگوش کے کھانے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے ہشام بن زید سے کہا اُسنے سنا میں نے انس سے کہتا تھا کہ مر الظہران (نام موضع قریب مکہ) میں ایک خرگوش اُٹھایا سو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحاب اسکے پیچھے دوڑے سو میں نے اسکے پاس پہونچکر اسکو پکڑ لیا اور اسکو میں ابو طلحہ کے پاس لایا سو ابو طلحہ نے اُسکو چھری سے ذبح کیا اور مجھے اُسکی ران یا چوتڑ (شک راوی) دیکر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا سو آپ نے اسکو کھایا۔ پس میں نے اس سے کہا آپ نے اُسکو کھایا ہی کہا اُسنے آپنے اُسکو قبول کر لیا تھا۔ اور اس باب میں روایت ہی جابر اور عمار اور محمد بن صفوان اور محمد بن صیفی سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن صحیح ہی اور اکثر اہل علم کے نزدیک عمل اسی پر ہی کہ وہ خرگوش کے کھانے میں کچھ خوف نہیں جانتے۔ اور بعض اہل علم نے خرگوش کے کھانے کو مکروہ جانا ہی اور کہا ہی اسکو حیض آتا ہی

[1] خوان خانچہ کو کہتے ہیں مراد اس سے میز ہی اور سکرجہ ان برتنوں کو کہتے ہیں جو چھوٹے چھوٹے برتن بینی میں رکھے ہوئے ہوتے ہیں چونکہ آپکے اخلاق نہایت کریمانہ اور بزرگانہ تھے اسلئے آپ ایسے برتنوں میں




نور علی نور یهدی الله لنوره من یشاء
الحمد للہ کہ کتاب جامع اصول و فروع دین حاوی اقوال متقدمین و متاخرین معدن احادیث نبوی مخزن آثار مصطفوی
جلد دوم
ترجمہ جامع ترمذی
حامل المتن
محدث و فقیہ مولوی فضل احمد انصاری لاہوری مصحح مطبع نولکشور شاخ لاہور حسب الایمائے منشی نولکشور سی آئی ای بغرض فائدہ عام ترجمہ کیا
مطبع فیض منبع منشی نولکشور واقع لکھنؤ میں بار اول طبع ہو کے آراستہ ہوا
کل حقوق اس ترجمہ کے بحق مطبع منشی نولکشور محفوظ ہیں کوئی صاحب بقصد طبع نہ فرمائیں

باب ماجاء فی اکل لحوم الخیل **حدثنا** قتیبة ونصر بن علی قالا ثنا سفیان عن عمرو بن دینار عن جابر قال اطعمنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لحوم الخیل ونھانا عن لحوم الحمر وفی الباب عن اسماء بنت ابی بکر **قال** ابو عیسیٰ ھذا حدیث حسن صحیح وھکذا روی غیر واحد عن عمرو بن دینار عن جابر وروی حماد بن زید عن عمرو بن دینار عن محمد بن علی عن جابر ورواية ابن عیینة اصح وسمعت محمدا یقول سفیان بن عیینة احفظ من حماد بن زید **باب** ماجاء فی لحوم الحمر الاھلیة **حدثنا** محمد بن بشار ثنا عبد الوھاب الثقفی عن یحیی بن سعید الانصاری عن مالک بن انس عن الزھری ح وثنا ابن ابی عمر ثنا سفیان بن عیینة عن الزھری عن عبد اللہ والحسن ابنی محمد بن علی عن ابیھما عن علی قال نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن متعة النساء زمن خیبر وعن لحوم الحمر الاھلیة **حدثنا** سعید بن عبد الرحمٰن المخزومی ثنا سفیان عن الزھری عن عبد اللہ والحسن ابنی محمد بن علی قال الزھری وکان ارضاھما الحسن بن محمد وقال غیر سعید بن عبد الرحمٰن عن ابن عیینة وکان ارضاھما عبد اللہ بن محمد **حدثنا** ابو کریب ثنا حسین بن علی عن زائدة عن محمد بن عمرو عن ابی سلمة عن ابی ھریرة ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حرم یوم خیبر کل ذی ناب من السباع والمجثمة والحمار الانسی وفی الباب عن علی وجابر والبراء وابن ابی اوفی وانس والعرباض بن ساریة وابی ثعلبة وابن عمر وابی سعید ھذا حدیث حسن صحیح وروی عبد العزیز بن محمد وغیرہ عن محمد بن عمرو ھذا الحدیث وانما ذکروا حرفا واحدا نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن کل ذی ناب من السباع **باب** ماجاء فی الاکل فی آنیة الکفار **حدثنا** زید بن اخزم الطائی ثنا مسلم بن قتیبة ثنا شعبة عن ایوب عن ابی قلابة عن ابی ثعلبة قال سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن قدور المجوس قال انقوھا غسلا واطبخوا فیھا

باب گھوڑے کے گوشت کھانے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ اور نصر بن علی نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے سفیان نے عمرو بن دینار سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑوں کا گوشت کھلایا ہے اور گدھوں کے گوشت سے منع کیا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے اسماء بنت ابی بکر سے۔ کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ایسی ہی کئی ایک نے عمرو بن دینار سے اُسنے جابر سے روایت کی ہے۔ اور روایت کی ہے حماد بن زید نے عمرو بن دینار سے اُسنے محمد بن علی سے اُسنے جابر سے۔ اور روایت ابن عیینہ کی صحیح ہے اور سنا میں نے محمد سے کہ فرماتے سفیان بن عیینہ حماد بن زید سے زیادہ حافظ ہے **باب** گدھوں اہلی کے گوشت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الوہاب ثقفی نے یحییٰ بن سعید انصاری سے اُسنے مالک بن انس سے اُسنے زہری سے ح اور حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے زہری سے اُسنے عبد اللہ اور حسن سے جو بیٹے محمد بن علی کے ہیں ان دونوں نے اپنے باپ سے اُسنے حضرت علی سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کے متعہ کرنے سے خیبر کے دن منع کیا ہے اور گدھوں اہلی کے گوشت سے۔ کہا زہری نے اور بہتر اُن دونوں میں سے حسن بن محمد ہے اور کہا غیر سعید بن عبد الرحمٰن نے ابن عیینہ سے اور بہتر اُن دونوں میں سے عبد اللہ بن محمد ہے۔ **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے حسن بن علی نے زائدہ سے اُسنے محمد بن عمرو سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن ہر ایک ذی ناب کو درندوں سے منع کیا ہے اور اس چیز سے کہ جسکو نشانہ بنایا جاتا ہے اور گدھے اہلی سے۔ اور اس باب میں روایت ہے حضرت علی اور جابر اور براء اور ابن ابی اوفی اور انس اور عرباض بن ساریہ اور ابی ثعلبہ اور ابن عمر اور ابی سعید سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور عبد العزیز بن محمد وغیرہ نے یہ حدیث محمد بن عمرو سے روایت کی ہے۔ اور انہوں نے ایک ہی حرف ذکر کیا ہے کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر ایک ذی ناب سے درندوں سے **باب** کافروں کے برتن میں کھانے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے زید بن اخزم طائی نے کہا حدیث کی ہمسے مسلم بن قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے ایوب سے اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے ابی ثعلبہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مجوسیوں کی ہانڈیوں کی بابت سوال ہوا فرمایا آپ نے انکو دھو کر صاف کر لو اور اُنمیں پکالو

بقیہ حاشیہ صفحہ ۳ منع کرتا ہوں۔ یہ حدیث مجمل ہے اسپر کہ آپ نے پہلے اس حدیث کے فرمایا ہے کہ لا انسل للمسوخ یعنی جس چیز کی صورت بدل جاتی ہے اسکی نسل زندہ نہیں رہتی اور بعض روایتوں سے ثابت ہوتا ہے کہ جس چیز کی صورت بدلی ہے وہ بعد تین روز کے مر گئی ہے۔ [illegible] ۔۔۔ الکے کھانے کی ممانعت ثابت ہوتی ہے انکو ائمہ حفاظ نے ضعیف کہا ہے۔ اگر ان حدیثوں کو حسن کے درجہ کو تسلیم کیا جاوے [illegible] نے کہا ہے تو بھی ادلہ حلت کا معارض نہیں ہو سکتیں امام نووی نے کہا ہے اجمع المسلمون علی ان الضب حلال لیس بمکروہ الا ما حکی عن اصحاب ابی حنیفة من کراھتہ والا ما حکاہ القاضی [illegible] ۔۔۔ [illegible] کفار ہندی میں ہو کر بولتے ہیں یعنی ابن ابی عمار [illegible] میں نے جابر سے کہا کہ کیا کفتار کا شکار کرنا درست ہے کہا اُسنے [illegible] ۔۔۔ [illegible] میں لکھا ہے کہ گھوڑے کا گوشت ایک روایت میں مکروہ تحریمی ہے اور ایک روایت میں تنزیہی اور یہی ظاہر روایت ہے اور یہی مذہب صاحبین کا ہے اور یہی صحیح ہے اور حرمت کی دلیل حدیث [illegible]

باب فی اکل الضب **حدثنا** قتیبة ثنا مالک بن انس عن عبد اللہ بن دینار عن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم سئل عن اکل الضب فقال لا آکله ولا احرمه وفی الباب عن عمر وابی سعید وابن عباس وثابت بن ودیعة وجابر وعبد الرحمن بن حسنة هذا حدیث حسن صحیح وقد اختلف اهل العلم فی اکل الضب فرخص فیه بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرهم وکرهه بعضهم ویروی عن ابن عباس انه قال اکل الضب علی مائدة رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانما ترکه رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تقذرا **باب** ماجاء فی اکل الضبع **حدثنا** احمد بن منیع ثنا اسمعیل بن ابراهیم ثنا ابن جریج عن عبد اللہ بن عبید بن عمیر عن ابن ابی عمار قال قلت لجابر الضبع اصید هی قال نعم قلت اکلها قال نعم قلت اقاله رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال نعم هذا حدیث حسن صحیح وقد ذهب بعض اهل العلم الی هذا ولم یروا بأسا باکل الضبع وهو قول احمد واسحاق وروی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم حدیث فی کراهیة اکل الضبع ولیس اسناده بالقوی وقد کره بعض اهل العلم اکل الضبع وهو قول ابن المبارک قال یحیی بن القطان وروی جریر بن حازم هذا الحدیث عن عبد اللہ بن عبید بن عمیر عن ابن ابی عمار عن جابر عن عمر قوله وحدیث ابن جریج اصح **حدثنا** هناد ثنا ابو معاویة عن اسمعیل بن مسلم عن عبد الکریم ابی امیة عن حبان بن جزء عن اخیه خزیمة بن جزء قال سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن اکل الضبع فقال ویاکل الضبع احد وسألته عن اکل الذئب قال ویاکل الذئب احد فیه خیر هذا حدیث لیس اسناده بالقوی لا نعرفه الا من حدیث اسمعیل بن مسلم عن عبد الکریم ابی امیة وقد تکلم بعض اهل الحدیث فی اسمعیل وعبد الکریم ابی امیة وهو عبد الکریم بن قیس هو ابن ابی المخارق وعبد الکریم بن مالک الجزری ثقة

باب گوہ کے کھانے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن انس نے عبد اللہ بن دینار سے اُنسنے ابن عمرؓ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم گوہ[1] کے کھانے سے سوال کئے گئے سو فرمایا آپ نے نہ میں اسکو کھاتا ہوں اور نہ اسکو حرام کرتا ہوں۔ اور اس باب میں روایت ہی عمر اور ابی سعید اور ابن عباس اور ثابت بن ودیعہ اور جابر اور عبد الرحمٰن بن حسنہ سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ اور اہل علم نے گوہ کے کھانے میں اختلاف کیا ہی بعض اہل علم نے صحابہ وغیرہ سے اسکی رخصت دی ہی اور بعض نے اسکو مکروہ جانا ہی۔ اور مروی ہی ابن عباس سے کہ کہا اُنسنے گوہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دستر خوان پر کھائی گئی ہی۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو برا جانکر ترک کیا ہی۔ **باب** کفتار[2] کے کھانے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن ابراہیم نے کہا حدیث کی ہمسے ابن جریج نے عبد اللہ بن عبید بن عمیر سے اُنسنے ابن ابی عمار سے کہا اُسنے میں نے جابر سے کہا کیا کفتار شکار ہی کہا اُسنے ہاں کہا میں نے میں اسکو کھالوں کہا اُسنے ہاں میں نے کہا کیا یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی ہی کہا اُسنے ہاں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی اور بعض اہل علم اسکی طرف گئے ہیں اور اُنھوں نے کفتار کے کھانے میں کچھ خوف نہیں دیکھا۔ اور یہ قول امام احمد اور اسحاق کا ہی۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کفتار کے کھانے کی کراہت کے باب میں حدیث روایت کی گئی ہی اور اسناد اُسکی قوی نہیں ہی۔ اور بعض اہل علم نے کفتار کے کھانے کو مکروہ جانا ہی اور یہ قول ابن مبارک کا ہی۔ کہا یحیی بن قطان نے اور روایت کی ہی جریر بن حازم نے یہ حدیث عبد اللہ بن عمیر سے اُسنے ابن ابی عمار سے اُسنے جابر سے اُسنے عمر سے قول اسکا۔ اور حدیث ابن جریج کی صحیح ہی **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اسمعیل بن مسلم سے اُسنے عبد الکریم ابی امیہ سے اُسنے حبان ابن جزء سے اُسنے اپنے بھائی خزیمہ بن جزء سے کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کفتار کے کھانے کی بابت سوال کیا پس فرمایا آپنے کیا کوئی کفتار کھاتا ہی۔ اور میں نے آپ سے بھیڑیے کے کھانے کی بابت سوال کیا فرمایا آپنے اور کیا کوئی بھیڑیے کو کھاتا ہی جو اسمیں بہتری ہو۔ یہ ایسی حدیث ہی کہ اسکی اسناد قوی نہیں نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق اسمعیل بن مسلم سے جو راوی ہی عبد الکریم ابی امیہ اور بعض اہل حدیث نے اسمعیل اور عبد الکریم ابی امیہ کے حق میں کلام کیا ہی۔ اور یہ عبد الکریم بن قیس بن ابی المخارق ہی۔ اور عبد الکریم بن مالک جزری ثقہ ہی

[1] ظاہر نصوص اسی پر دال ہیں کہ گوہ حلال ہی جیسا کہ صحیحین میں ہی کلوہ فانہ حلال یعنی کھاؤ اُسکو اسلیے کہ حلال ہی اور صحیحین میں ہی کہ فرمایا آپنے آخر حدیث میں۔ میں اسکو اسلیے نہیں کھاتا کہ میری قوم کی زمین میں نہیں ہوتی اسلیے میرا دل اسکے کھانے کو نہیں چاہتا مترجم ایسے الفاظ سے شرعی حکم جس سے کراہت ثابت ہو نہیں ہو سکتا۔ اور صحیح مسلم میں آیا ہی کہ ایک اعرابی آنحضرت کے پاس آیا اور کہنے لگا یا رسول اللہ میں ایسی زمین میں رہتا ہوں کہ وہاں گوہ اکثر ہوتی ہی اور وہی میری قوم بہت کھاتی ہی۔ آپنے اُسکو کوئی جواب نہ دیا پھر اُسنے سوال کیا پھر بھی آپنے کوئی جواب نہ دیا آنحضرت نے تیسری بار فرمایا اے اعرابی اللہ تعالیٰ کی ایک قوم پر بنی اسرائیل میں سے غضب نازل ہوا تو اللہ تعالیٰ نے انکی صورت بدل کر جانور بنا دیا اور میں نہیں جانتا کہ یہ جانور انھیں سے ہیں یا نہیں میں انکو کھاتا ہوں اور نہ انسے **باقی آئندہ**

هٰذا الحديث عن الزهري عن عبيد الله عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم سئل ولم يذكروا فيه عن ميمونة وحديث ابن عباس عن ميمونة اصح وروى معمر عن الزهري عن سعيد بن المسيب عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه وهذا حديث غير محفوظ سمعت محمد بن اسمٰعيل يقول حديث معمر عن الزهري عن سعيد بن المسيب عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم في هٰذا اخطأ والصحيح حديث الزهري عن عبيد الله عن ابن عباس عن ميمونة **باب** ماجاء في النهي عن الاكل والشرب بالشمال **حدثنا** اسحٰق بن منصور ثنا عبد الله بن نمير ثنا عبيد الله بن عمر عن ابن شهاب عن ابي بكر بن عبيد الله بن عبد الله بن عمر عن عبد الله بن عمر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال لا ياكل احدكم بشماله ولا يشرب بشماله فان الشيطن ياكل بشماله ويشرب بشماله وفي الباب عن جابر وعمر بن ابي سلمة وسلمة بن الاكوع وانس بن مالك وحفصة هذا حديث حسن صحيح وهكذا روى مالك وابن عيينة عن الزهري عن ابي بكر بن عبيد الله عن ابن عمر وروى معمر وعقيل عن الزهري عن سالم عن ابن عمر ورواية مالك وابن عيينة اصح **باب** ماجاء في لعق الاصابع **حدثنا** محمد بن عبد الملك بن ابي الشوارب ثنا عبد العزيز بن المختار عن سهيل بن ابي صالح عن ابيه عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اكل احدكم فليلعق اصابعه فانه لا يدري في ايتهن البركة وفي الباب عن جابر وكعب بن مالك وانس وهذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه من حديث سهيل **باب** ماجاء في اللقمة تسقط **حدثنا** قتيبة نا ابن لهيعة عن ابي الزبير عن جابر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا اكل احدكم طعاما فسقطت لقمته فليمط ما رابه منها ثم ليطعمها ولا يدعها للشيطان وفي الباب عن انس **حدثنا** الحسن بن علي الخلال ثنا عفان بن مسلم ثنا حماد بن سلمة ثنا ثابت عن انس

یہ حدیث زہری سے اُسنے روایت کی عبیداللہ سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سوال کیے گئے۔ اور اسمیں میمونہ کا ذکر نہیں کیا گیا۔ اور حدیث ابن عباس کی جو میمونہ سے ہے بہت صحیح ہے۔ اور روایت کی ہے معمر نے زہری سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور یہ حدیث محفوظ نہیں ہے۔ سنا مین نے محمد بن اسمٰعیل بخاری سے کہ فرماتے حدیث معمر کی جو اُسنے زہری سے روایت کی ہے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اس باب مین خطا ہے۔ اور صحیح حدیث زہری کی ہے جو اُسنے عبیداللہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے میمونہ سے روایت کی ہے۔ **باب** اس بیان مین جو بائین ہاتھ کے ساتھ کھانے اور پینے سے نہی وارد ہوئی ہے **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن نمیر نے کہا حدیث کی ہمسے عبیداللہ بن عمر نے ابن شہاب سے اُسنے ابی بکر بن عبیداللہ بن عبداللہ بن عمر سے اُسنے عبداللہ بن عمر سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چاہیے کہ کوئی شخص تم مین سے بائین ہاتھ کے ساتھ نہ کھائے اور نہ بائین ہاتھ کے ساتھ پیئے اسلئے کہ شیطان[1] بائین ہاتھ کے ساتھ کھاتا ہے اور بائین ہاتھ کے ساتھ پیتا ہے۔ اور اس باب مین روایت ہے جابر اور عمر بن ابی سلمہ اور سلمہ بن اکوع اور انس بن مالک اور حفصہ سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ایسا ہی روایت کی ہے امام مالک اور ابن عیینہ نے زہری سے اُسنے ابی بکر بن عبیداللہ سے اُسنے ابن عمر سے۔ اور روایت کی معمر اور عقیل نے زہری سے اُسنے سالم سے اُسنے ابن عمر سے۔ اور روایت مالک اور ابن عیینہ کی بہت صحیح ہے۔ **باب** انگلیون کے چاٹنے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبدالملک بن ابی الشوارب نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالعزیز بن مختار نے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب کوئی تم مین سے کھانا کھائے تو چاہیے کہ اپنی انگلیون کو چاٹے کیونکہ وہ نہین جانتا کہ کونسی مین برکت ہے۔ اور اس باب مین روایت ہے جابر اور کعب بن مالک اور انس سے رضی اللہ عنہم۔ اور یہ حدیث حسن غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے یعنے طریق سہیل سے **باب** اس لقمہ کے بیان مین جو گر پڑتا ہے۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے یہ کہ نبی صلعم نے فرمایا جب کوئی تم مین سے کھانا کھائے اور کوئی لقمہ گر پڑے تو چاہیے کہ اس سے جو چیز اسکو شک مین ڈالتی ہے دور کر دے پھر اسکو کھالے اور اسکو شیطان کے لیے نہ چھوڑے۔ اور اس باب مین روایت ہے انس سے **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی خلال نے کہا حدیث کی ہمسے عفان بن مسلم نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے کہا حدیث کی ہمسے ثابت نے انس سے

[1] معنی اسکے یہ ہین کہ اگر یہ جو واسطرح سے کھائیگا تو باقی آدمی بھی اسکو دیکھکر اسیطور سے کھانا کھائین گے اور صالحین بندون کے فعل کے مخالف فعل انکا ہوگا تو واسطے کے مستوجب ہونگے۔ نہ کراہت کے جو کہ شکر نعمت الٰہی کا ثمرہ ہے۔ اور طیبی نے کہا ہے اسکو ظاہر پر حمل کرنے مین بھی کوئی نقصان نہین ہے ۱۲

ونھی عن کل سبع ذی ناب ھذا حدیث مشھور من حدیث ابی ثعلبۃ وروی عنہ من غیر ھذا الوجہ وابو ثعلبۃ اسمہ جرثوم ویقال جرھم ویقال ناشب وقد ذکر ھذا الحدیث عن ابی قلابۃ عن ابی اسماء الرحبی عن ابی ثعلبۃ **حدثنا** علی بن عیسی بن یزید البغدادی ثنا عبید اللہ بن محمد بن القرشی ثنا حماد بن سلمۃ عن ایوب وقتادۃ عن ابی قلابۃ عن ابی اسماء الرحبی عن ابی ثعلبۃ الخشنی انہ قال یا رسول اللہ انا بارض اھل کتاب فنطبخ فی قدورھم ونشرب فی آنیتھم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان لم تجدوا غیرھا فارحضوھا بالماء ثم قال یا رسول اللہ انا بارض صید فکیف نصنع قال اذا ارسلت کلبک المکلب وذکرت اسم اللہ فقتل فکل وان کان غیر مکلب فذکی فکل واذا رمیت بسھمک وذکرت اسم اللہ فقتل فکل ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء فی الفارۃ تموت فی السمن **حدثنا** سعید بن عبد الرحمن وابو عمار قالا ثنا سفیان عن الزھری عن عبید اللہ عن ابن عباس عن میمونۃ ان فارۃ وقعت فی سمن فماتت فسئل عنھا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال القوھا وما حولھا فکلوہ وفی الباب عن ابی ھریرۃ ھذا حدیث حسن صحیح وقد روی

اور منع کیا ہر درندے ذی ناب سے ۔ یہ حدیث طریق ابی ثعلبہ سے مشہور ہے اور اس سے غیر اس وجہ سے بھی مروی ہے ۔ اور ابو ثعلبہ کا نام جرثوم ہے اور کہا گیا ہے جرہم اور بعض نے کہا ہے ناشب ۔ اور ذکر کی گئی ہے یہ حدیث ابی قلابہ سے اُسنے روایت کی ابی اسماء رحبی سے اُسنے ابی ثعلبہ سے

حدیث کی ہمسے علی بن عیسیٰ بن یزید بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن محمد بن قرشی نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے ایوب اور قتادہ سے اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے ابی اسماء رحبی سے اُسنے ابی ثعلبہ خشنی سے یہ کہ کہا اُسنے یا رسول اللہ ہم اہل کتاب کی زمین میں بستے ہیں اور اُنکی ہانڈیوں میں کھانا پکاتے ہیں اور اُنکے برتنوں میں پانی پیتے ہیں پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سوا اُنکے اگر اور کوئی برتن نہ پاؤ تو اُنکو پانی سے صاف کر لو پھر کہا اُسنے یا رسول اللہ ہم شکاری زمین میں ہیں سو کسطرح کیا کریں فرمایا آپ نے جب تو نے اپنا کتا سکھلایا ہوا چھوڑ دیا اور اللہ کا نام پڑھ دیا پھر اُسنے (اس شکار کو) قتل کر ڈالا تو کھا لے اور اگر وہ کتا سکھلایا ہوا نہ ہو اور شکار ذبح کیا گیا تو بھی کھا لے اور جب تو نے اپنا تیر چلایا اور اللہ کا نام پڑھ دیا اور اُسنے قتل کر ڈالا تو بھی کھا لے ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے

باب بیان میں چوہے کے کہ گھی میں مر جائے **حدیث** کی ہمسے سعید بن عبد الرحمن اور ابو عمار نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے عبید اللہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے میمونہ سے یہ کہ چوہا گھی میں گر پڑا اور مر گیا پس اسکی بابت نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سوال ہوا تو فرمایا آپ نے اُس چوہے کو اور اُسکے گرد اگرد کے گھی کو پھینکدو اور اُس گھی کو (جو باقی ہے) کھا لو ۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور مروی ہے

بقیہ حاشیہ صفحہ ابو داؤد کی ہے کہ نہی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عن لحوم الخیل والبغال والحمیر اور دوسری دلیل یہ آیت ہے والخیل والبغال والحمیر لترکبوھا وزینۃ یعنے اللہ تعالے نے ان چیزوں کا احسان بندوں پر یہی بتلایا ہے کہ انہیں تمہاری زینت اور سواری ہے اگر انکا کھانا جائز ہوتا تو یہ احسان بالاولی بیان ہوتا انتہی مختصر الطیبی وغیرہ نے جواب اسکا یہ لکھا ہے کہ سواری اور زینت کا بیان کرنا یہ نہیں چاہتا تھا کہ نفع ان دونوں ہی منحصر ہے ۔ اور حدیث مذکورہ محدثین کے نزدیک ضعیف ہے روایت صحیحہ کا مقابلہ نہیں کر سکتی ۔ پس کیونکر ایسے دلائل ظاہر آیت اور صحیح حدیث کا مقابلہ کر سکتے ہیں قرآن میں وارد ہے قل لا اجد فیما اوحی الی محرما علے طاعم یطعمہ اور صحیحین وغیرہ میں جابر سے مروی ہے ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم اذن فی لحوم الخیل وفی غیرہما من حدیث اسماء بنت ابی بکر قالت ذبحنا علے عہد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرسا ونحن بالمدینۃ فاکلناہ ۔ اور امام احمد کی روایت میں ہے فاکلناہ نحن واہل بیتہ ۔ اور صحابہ نے گھوڑے کی حلت پر اجماع کیا ہے اور کوئی صحابی اسکا مخالف نہیں ہوا جیسا کہ جاہلیت کے زمانہ میں اسکا گوشت کھاتے تھے ویسا ہی اسلام نے اسکو جائز رکھا ۔ اور قول ابن عباس کا جو اسکی کراہت میں مروی ہے صحیح طور پر ابن عباس سے ثابت نہیں ہوا ۔ اور قائل کراہت کے بعض حنفیہ اور امام مالک اور حاکم بن عتیبہ ہیں اور حق حلت ہے بلا کراہت جیسا کہ ثابت ہوا ۱۲ ۔ ذی ناب وہ چیز ہے جو دانتوں سے شکار کرتی ہے جیسے شیر بھیڑیا وغیرہ قوم جسکو نشانہ بناتے ہیں یعنے وہ جانور جو ایک جگہ باندھکر اسکو تیر مار کر قتل کر دیتے ہیں ۱۲ ۔ متن کی روایت جو کہ متن میں مذکور ہے اسکو بخاری نے بھی اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے مگر اسمیں فکلوہ کی جگہ وکلوا سمنکم ۔ اور یہ روایت ابو داؤد اور نسائی میں اسطرح ہے انہ صلے اللہ علیہ وسلم سئل عن الفارۃ تقع فی السمن فقال ان کان جامدا فالقوہا وما حولہا وان کان مائعا فلا تقربوہ یعنے آپ سے گھی میں چوہے کی بابت جو گھی میں گر پڑے سوال کیا تو فرمایا آپ نے اگر گھی جما ہوا ہو تو اس چوہے کو اور اُسکے گرد اگرد کے گھی کو پھینکدو اور اگر پگھلا ہوا ہو تو اسکے قریب مت جاؤ ۔ یہ حدیث پگھلے ہوے اور جمے ہوے میں فرق کرتی تھی لہذا حدیث اول کو اس حدیث پر حمل کیا جائیگا اور اسیطرح کی ایک روایت احمد اور ابو داود نے ابی ہریرہ سے ذکر کی ہے سئل رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عن فارۃ وقعت فی سمن فماتت فقال ان کان جامدا فخذوہا وما حولہا ثم کلوا ما بقی وان کان مائعا فلا تقربوہ پس روایت میمونہ کی جو پہلے ذکر ہوئی ہے جمے ہوے گھی پر حمل ہوگی اور دونوں حدیثیں آخر کی اسپر دال ہیں کہ پگھلے ہوے گھی کے نزدیک ہونا حلال نہیں اور یہی معنے حرمت کے ہیں ۔ اور ایسی کوئی حدیث جو معارض ان دونوں کے ہو جس سے حجت قائم ہو سکے موجود نہیں پس عمل انھیں پر کرنا چاہیے مگر امام بخاری نے حدیث متن کیطرف کچھ توجہ کی ہے اور بقیہ حدیث کیطرف کچھ توجہ نہیں فرمائی شاید اُنکے نزدیک یہ احادیث قابل عمل نہیں ہونگی اسیواسطے اُنکے نزدیک پگھلے ہوے گھی اور جمے ہوے میں کچھ فرق نہیں ہے اور ظاہر عقل کے موافق بھی اسیطرح معلوم ہوتا ہے کہ گھی ایسی چیز ہے جس میں چکنائی ہو بوغیرہ کوئی چیز دوسرے اجزا کیطرف

محمود بن غیلان ثنا ابو داؤد انبانا شعبة عن سماك بن حرب سمع جابر بن سمرة يقول نزل رسول الله صلى الله عليه وسلم على ابي ايوب وكان اذا اكل طعاما بعث اليه بفضلة فبعث اليه يوما بطعام ولم ياكل منه النبي صلى الله عليه وسلم فلما اتى ابو ايوب النبي صلى الله عليه وسلم فذكر ذلك له فقال النبي صلى الله عليه وسلم فيه الثوم فقال يا رسول الله احرام هو قال لا ولكني اكرهه من اجل ريحه هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمد بن مدوية ثنا مسدد ثنا الجراح بن مليح عن ابي اسحق عن شريك بن حنبل عن علي قال نهي عن اكل الثوم الا مطبوخا وقد روى هذا عن علي انه قال نهي عن اكل الثوم الا مطبوخا قوله **حدثنا** هناد ثنا وكيع عن ابيه عن ابي اسحق عن شريك بن حنبل عن علي انه كره اكل الثوم الا مطبوخا هذا حديث ليس اسناده بذلك القوي وروى عن شريك بن حنبل عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا **حدثنا** الحسن بن الصباح البزاز ثنا سفيان بن عيينة عن عبد الله بن ابي يزيد عن ابيه عن ام ايوب اخبرته ان النبي صلى الله عليه وسلم نزل عليهم فتكلفوا له طعاما فيه من بعض هذه البقول فكره اكله فقال لاصحابه كلوه فاني لست كاحد كم اني اخاف ان اوذي صاحبي هذا حديث حسن صحيح غريب وام ايوب هي امرأة ابي ايوب الانصاري **حدثنا** محمد بن حميد ثنا زيد بن الحباب عن ابي خلدة عن ابي العالية قال الثوم من طيبات الرزق وابو خلدة اسمه خالد بن دينار وهو ثقة عند اهل الحديث وقد ادرك انس بن مالك وسمع منه وابو العالية اسمه رفيع وهو الرياحي قال عبد الرحمن بن مهدي كان ابو خلدة خيارا مسلما

باب ما جاء في تخمير الاناء واطفاء السراج والنار عند المنام **حدثنا** قتيبة عن مالك عن ابي الزبير عن جابر قال قال النبي صلى الله عليه وسلم اغلقوا الباب واوكوا السقاء واكفئوا الاناء او خمروا الاناء واطفئوا المصباح فان الشيطان لا يفتح غلقا

محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے سماک بن حرب سے سنا اُسنے جابر بن سمرہ سے کہ کہتا تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ابو ایوب انصاری کے گھر مین اُترے اور جب نبی صلعم کھانا کھاتے تھے تو اُسکی طرف اپنا بچا ہوا کھانا بھیجتے تھے سو آپ نے اسکی طرف ایک دن کھانا بھیجا اور آپ نے اُس سے کچھ نہ کھایا پس جب ابو ایوب نبی صلعم کے پاس آیا تو اُسنے آپ کے ساتھ اس امر کا ذکر کیا پس فرمایا نبی صلعم نے اسمین لسن ہے سو کہا اُسنے یا رسول اللہ کیا یہ حرام ہے فرمایا آپ نے کہ نہین لیکن مین اسکو بسبب اسکی بو کے مکروہ جانتا ہون ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن مدویہ نے کہا حدیث کی ہمسے مسدد نے کہا حدیث کی ہمسے جراح بن ملیح نے ابی اسحاق سے اُسنے شریک بن حنبل سے اُسنے علی رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا انھون نے لسن کے کھانے سے ممانعت ہے مگر اسحالت مین کہ مطبوخ ہو ۔ اور مروی ہے حضرت علی سے قول انکا کہ کہا انھون نے لسن کے کھانے سے ممانعت ہے مگر اسحالت مین کہ مطبوخ ہو ۔ **حدیث** کی ہمسے ہناد نے یہ کہ کہا اُسنے حدیث کی ہمسے وکیع نے اپنے باپ سے اُسنے ابی اسحاق سے اسنے شریک بن حنبل سے اُسنے نبی صلعم سے مرسل ۔ **حدیث** کی ہمسے حسن بن صباح بزاز نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے عبد اللہ بن ابی یزید سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ام ایوب سے اُسنے اسکو خبر دی ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم اُنکے پاس یعنے ہمارے پاس آئے تو اُنھون نے آپ کے واسطے کھانے مین تکلف کیا اُسمین ان ترکاریون مین سے کوئی ترکاری تھی پس آپ نے اُسکے کھانے کو مکروہ جانا اور آپ نے اصحاب سے فرمایا تم اسکو کھالو اور مین تمھارے مثل نہین ہون مین خوف کرتا ہون کہ میرا صاحب ایذا دیا جاوے ۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے ۔ اور ام ایوب وہ ابی ایوب انصاری کی بی بی ہے ۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن حباب نے ابی خلدہ سے اُسنے ابی العالیہ سے کہا اُسنے لسن پاکیزہ رزق مین سے ہے ۔ اور ابو خلدہ کا نام خالد بن دینار ہے اور یہ محدثین کے نزدیک ثقہ ہے اور اُسنے انس بن مالک کی ملاقات کی ہے اور سنا ہے اُسنے اُس سے ۔ اور ابو العالیہ کا نام رفیع ہے اور وہ ریاحی ہے ۔ کہا عبد الرحمن بن مہدی نے ابو خلدہ بہت اچھا مسلمان تھا **باب** اس بیان مین کہ سونے کے وقت برتنون کو ڈھانپنا اور چراغ کو گل کرنا اور آگ کو بجھانا چاہیے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے مالک سے اُسنے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے دروازے کو بند کرو اور مشک کے مُنھ کو باندھ دو اور برتنون کو اُلٹا کر دو یا فرمایا آپ نے برتنون کو ڈھانپ دو اور چراغ کو گل کر دو واسطے کہ شیطان بند ہوے دروازے کو نہین کھولتا

[1] یہ پہلے تین علتین پہلے تین چیزون کی آپ نے بیان فرمائی بعد اسکے چراغ کے گل کرنے کی کہ اگر چراغ یا مثل اسکے آگ بجھائی نہ جاوے تو خطرہ رہتا ہے کہ چوہا بتی نکال کر ایسی جگہ پھونچا دے جس سے گھر جل جائے ۱۲

ان النبی صلی اللہ علیه وسلم کان اذا اکل طعاما لعق اصابعه الثلث وقال اذا وقعت لقمة احدکم فلیمط عنها الاذی ولیأکلها
ولا یدعها للشیطان وامرنا ان نسلت الصحفة وقال انکم لا تدرون فی ای طعامکم البرکة هذا حدیث حسن صحیح
حدثنا نصر بن علی الجهضمی ثنا المعلی بن راشد ابو الیمان قال حدثتنی جدتی ام عاصم وکانت ام ولد لسنان بن سلمة
قالت دخل علینا نبیشة الخیر ونحن ناکل فی قصعة فحدثنا ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم قال من اکل فی قصعة
ثم لحسها استغفرت له القصعة هذا حدیث غریب لا نعرفه الا من حدیث المعلی بن راشد وقد روی یزید بن هارون
وغیر واحد من الائمة عن المعلی بن راشد هذا الحدیث **باب** ماجاء فی کراهیة الاکل من وسط الطعام **حدثنا**
ابو رجاء ثنا جریر عن عطاء بن السائب عن سعید بن جبیر عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال ان البرکة تنزل
وسط الطعام فکلوا من حافتیه ولا تاکلوا من وسطه هذا حدیث حسن صحیح انما یعرف من حدیث عطاء بن السائب
وقد رواه شعبة والثوری عن عطاء بن السائب وفی الباب عن ابن عمر **باب** ماجاء فی کراهیة اکل الثوم والبصل
حدثنا اسحق بن منصور ثنا یحیی بن سعید القطان عن ابن جریج ثنا عطاء عن جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه
وسلم من اکل من هذه قال اول مرة الثوم ثم قال الثوم والبصل والکراث فلا یقربنا فی مساجدنا هذا حدیث حسن صحیح وفی الباب
عن عمر وابی ایوب وابی هریرة وابی سعید وجابر بن سمرة وقرة وابن عمر **باب** ماجاء فی الرخصة فی اکل الثوم مطبوخا **حدثنا**

یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب کھانا کھاتے تھے تو اپنی تینوں انگلیوں کو چاٹتے تھے اور فرمایا آپ نے جب تم میں سے کسی کا لقمہ گر پڑے تو چاہیے کہ اس
سے پلیدی کو دور کرے اور اسکو کھالے اور شیطان کے لئے نہ چھوڑے اور حکم دیا آپ نے کہ ہم پیالہ کو صاف کریں اور فرمایا آپ نے بیشک تم نہیں
جانتے کہ تمھارے کونسے کھانے میں برکت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے نصر بن علی الجہضمی نے کہا حدیث کی ہمسے معلی بن راشد ابو الیمان
نے کہا حدیث کی مجھسے میری دادی ام عاصم نے اور وہ ام ولد تھی سنان بن سلمہ کی کہا اُسنے ہمارے پاس نبیشۃ الخیر آیا اس حالت میں کہ ہم
ایک پیالہ میں کھا رہے تھے پس اُسنے ہمکو حدیث کی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو کوئی پیالہ میں کھائے پھر اُسکو چاٹ لے تو
اُسکے واسطے پیالہ بخشش مانگتا ہے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق معلی بن راشد سے۔ اور یزید بن ہارون نے اور کئی ایک نے
اماموں سے معلی بن راشد سے اس حدیث کو روایت کیا ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ درمیان طعام سے کھانا مکروہ ہے حدیث کی ہمسے ابو رجاء نے
کہا حدیث کی ہمسے جریر نے عطاء بن سائب سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے برکت درمیان
طعام کے اُترتی ہے سو تم اُسکے کناروں سے کھاؤ اور اُسکے درمیان سے نہ کھاؤ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ یہ تو طریق عطاء بن سائب سے ہی معروف ہے۔ اور
روایت کیا اسکو شعبہ اور ثوری نے عطاء بن سائب سے اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر سے رضی اللہ عنہ۔ **باب** لسن اور پیاز کے
کھانے کی کراہت کے بیان میں حدیث کی ہمسے اسحاق بن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید قطان نے ابن جریج سے کہا حدیث کی
ہمسے عطاء نے جابر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی انمیں سے کھائے پہلی بار آپ نے فقط لسن کا ذکر کیا
پھر لسن اور پیاز اور گندنا کا ذکر بھی کیا۔ تو چاہیے کہ ہماری مسجدوں کے قریب مت جائے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس باب میں روایت
ہے عمر اور ابی ایوب اور ابی ہریرہ اور ابی سعید اور جابر بن سمرہ اور قرہ اور ابن عمر سے رضی اللہ عنہم۔ **باب** لسن کے کھانے
کی رخصت کے بیان میں کہ پکایا ہوا ہو حدیث کی ہمسے

ف۱ سنت یہی ہے کہ کھانا کھا کر انگلیوں کو چاٹ کر صاف کرے اور تین انگلیوں سے کھائے سوائے عذر کے چوتھی اور پانچویں کو انکے ساتھ نہ ملائے
اور شیطان کے لئے چھوڑنا یہ ہے کہ اُسمیں مال کا نقصان ہوتا ہے جسمیں اللہ تعالے کی نعمت کا ضائع کرنا ہے اگر کھانا پیچھے بہت بچ جائے تو مضائقہ نہیں ہے ۱۲
ف۲ بجہت آنکہ وسط افضل و اعدل مواضع است پس احق و اولی بود بنزول خیر و برکت۔ وچون طعامیکہ درمیان کاسہ است محل برکت است و ابقای وے
تا آخر طعام مناسب است برائے بقاء و استمرار برکت در طعام و انتشار و افاضہ آن در وی خوب نمود ۱۲ ترجمہ مشکوٰۃ ف۳ کہا امام محمد نے بو کی وجہ سے آپ نے ممانعت فرمائی
ہے اگر پکا کر کھالے تو منع نہیں جیسا کہ دوسرے باب میں مولف خود ذکر کریگا اور یہی قول ہے امام ابو حنیفہ اور عامۂ علماء کا۔ بعض اہل علم نے کہا ہے کہ نہی نبی
صلے اللہ علیہ وسلم ہی کی مسجد سے خاص ہے مگر لفظ مساجد کا جو جمع ہوا اسکی تردید کرتا ہے ۱۲

اخذ بید مجذوم فادخله معه فی القصعة ثم قال کل بسم الله ثقة بالله وتوکلا علیه هذا حدیث غریب لانعرفه الا من حدیث یونس بن محمد عن المفضل بن فضالة والمفضل بن فضالة هذا شیخ بصری والمفضل بن فضالة شیخ اخر مصری اوثق من هذا واشهر وروی شعبة هذا الحدیث عن حبیب بن الشهید عن ابن بریدة ان عمر اخذ بید مجذوم وحدیث شعبة اشبه عندی واصح **باب** ماجاء ان المؤمن یاکل فی معا واحد **حدثنا** محمد بن بشار ثنا یحیی بن سعید ثنا عبید الله عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم قال الکافر یاکل فی سبعة امعاء والمؤمن یاکل فی معا واحد هذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن ابی هریرة وابی سعید وابی نضرة وابی موسی وجهجاه الغفاری ومیمونة وعبد الله بن عمرو **حدثنا** اسحٰق بن موسی ثنا معن ثنا مالك عن سهیل بن ابی صالح عن ابیه عن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم ضافه ضیف کافر فامر له رسول الله صلی الله علیه وسلم بشاة فحلبت فشرب ثم اخری فحلبت فشربه ثم اخری فشربه حتی شرب حلاب سبع شیاه ثم اصبح من الغد فاسلم فامر له رسول الله صلی الله علیه وسلم بشاة فحلبت فشرب حلابها ثم امر له باخری فلم یستتمها فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم المؤمن یشرب فی معا واحد والکافر یشرب فی سبعة امعاء هذا حدیث حسن غریب **باب** ماجاء فی طعام الواحد یکفی الاثنین **حدثنا** الانصاری ثنا معن ثنا مالك ح وثنا قتیبة عن مالك عن ابی الزناد عن الاعرج عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم طعام الاثنین کافی الثلثة وطعام الثلثة کافی الاربعة وفی الباب عن ابن عمر وجابر

ایک مجذوم کا ہاتھ پکڑا اور اسکو اپنے ساتھ اپنے پیالہ میں داخل کر لیا پھر فرمایا کھا لے ساتھ نام اللہ کے اللہ پر اعتماد کر کے اور اُسپر توکل کر کے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق یونس بن محمد سے جو راوی ہے مفضل بن فضالہ سے۔ اور مفضل بن فضالہ یہ شیخ بصری ہے اور مفضل بن فضالہ وہ اور شیخ ہے وہ مصری ہے وہ اس سے زیادہ معتبر اور زیادہ مشہور ہے۔ اور شعبہ نے یہ حدیث حبیب بن شہید سے اُسنے ابن بریدہ سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر نے ایک مجذوم کا ہاتھ پکڑا۔ اور حدیث شعبہ کی میرے نزدیک بہت اچھی اور صحیح ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ مومن ایک آنت میں کھاتا ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ نے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے کافر سات[1] آنتوں میں کھاتا ہے۔ اور مومن ایک آنت میں کھاتا ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور ابی سعید اور ابی نضرہ اور ابی موسی اور جہجاہ غفاری اور میمونہ اور عبد اللہ بن عمرو سے رضی اللہ عنہم **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا ایک کافر شخص مہمان ہوا پس اسکے واسطے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک بکری کا حکم دیا سو وہ اسکے لئے دوہی گئی اور اُسنے دودھ پی لیا پھر دوسری دوہی گئی پھر اور سو اُسنے اُسکو پی لیا تاکہ اُسنے سات بکریوں کا دوہا ہوا دودھ پیا پھر وہ کل صبح کو اسلام لایا پھر اسکے واسطے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا تو اُسکے واسطے ایک بکری دوہی گئی پس اُسنے اُسکا دودھ پی لیا پھر آپ نے اُسکے واسطے دوسری کا حکم دیا سو وہ اُسکو تمام نہ کر سکا پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مومن ایک آنت میں پیتا ہے اور کافر سات آنتوں میں پیتا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ ایک کا طعام دو کو کافی ہوتا ہے۔ **حدیث** کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے ح اور حدیث کی ہمسے قتیبہ نے مالک سے اُسنے ابی الزناد سے اُسنے اعرج سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دو کا کھانا تین کو کافی ہے[2] اور تین کا کھانا چار کو کافی ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور جابر سے رضی اللہ عنہما۔

[1] لوگون نے اس کی نسبت تاویلین مختلف بیان کی ہین ایک یہ کہ یہ ایک خاص آدمی کے حق میں آپ نے فرمایا ہے دوسرے یہ کہ مومن چونکہ کھانے کے وقت بسم اللہ پڑھتا ہے تو شیطان اُسکا شریک نہیں ہوتا بر خلاف کافر کے۔ تیسرے یہ کہ مومن تھوڑا سا کھا کر صبر کر چھوڑتا ہے اور کافر بباعث حرص کے سیر نہیں ہوتا۔ چوتھے یہ کہ بعض مومن ایسے ہون اور بعض کفار ایسے پانچوین یہ کہ سات سے مراد حرص اور شر اور طول الامل اور طمع اور بری طبع اور تیزی اور موٹائی ہو چھٹے یہ کہ مومن سے مراد مومن کامل ہو جو شہوات سے بچنے والا ہو اسیطرح اور بھی کئی طرح سے لوگون نے معنے ذکر کیے ہین مگر حق یہ معلوم ہوتا ہے کہ مومن کی بہ نسبت کافر کی حرص دنیاوی زائد ہوتی ہے اور یہ بات بدیہی ہے ہر ایک شخص جانتا ہے ۱۲ [2] اسمین کچھ شک نہین کہ دو آدمیوں کا کھانا جیسا کہ دو آدمیوں کا پیٹ بھرتا ہے ویسا ہی تین کا بھر جاتا ہے اور جیسا تین کا طعام تین کو سیر کرتا ہے ویسا ہی چار کو بھی سیر کرتا ہے اسلئے کہ عموماً ملک کا رواج ایسی پر ہے کہ اگر دو تین آدمیوں کا کھانا آوے تو ایک کا ضرور ہی زائد ہوتا ہے اسیطرح سے اگر ایک آدمی کا

ولا یحل وکاءً ولا یکشف آنیۃ فان الفویسقۃ تضرم علی الناس بیتہم وفی الباب عن ابن عمر وابی ہریرۃ وابن عباس ہذا حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر وجہ عن جابر **حدثنا** ابن ابی عمر وغیر واحد قالوا ثنا سفیان عن الزہری عن سالم عن ابیہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تترکوا النار فی بیوتکم حین تنامون ہذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی کراہیۃ القران بین التمرتین **حدثنا** محمود بن غیلان ثنا ابو احمد الزبیری وعبید اللہ عن الثوری عن جبلۃ بن سحیم عن ابن عمر قال نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یقرن بین التمرتین حتی یستاذن صاحبہ وفی الباب عن سعد مولی ابی بکر ہذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی استحباب التمر **حدثنا** محمد بن سہل بن عسکر وعبد اللہ بن عبد الرحمٰن قالا ثنا یحیی بن حسان ثنا سلیمان بن بلال عن ہشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال بیت لا تمر فیہ جیاع اہلہ وفی الباب عن سلمی امرأۃ ابی رافع ہذا حدیث حسن غریب من ہذا الوجہ لا نعرفہ من حدیث ہشام بن عروۃ الا من ہذا الوجہ **باب** فی الحمد علی الطعام اذا فرغ منہ **حدثنا** ہناد ومحمود بن غیلان قالا ثنا ابو اسامۃ عن زکریا بن ابی زائدۃ عن سعید بن ابی بردۃ عن انس بن مالک ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ لیرضی عن العبد ان یاکل الاکلۃ او یشرب الشربۃ فیحمدہ علیہا وفی الباب عن عقبۃ بن عامر وابی سعید وعائشۃ وابی ایوب وابی ہریرۃ ہذا حدیث حسن وقد رواہ غیر واحد عن زکریا بن ابی زائدۃ نحوہ ولا نعرفہ الا من حدیث زکریا بن ابی زائدۃ **باب** ماجاء فی الاکل مع المجذوم **حدثنا** احمد بن سعید الاشقر وابراہیم بن یعقوب قالا ثنا یونس بن محمد ثنا المفضل بن فضالۃ عن حبیب بن الشہید عن محمد بن المنکدر عن جابر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اور نہ وہاں برتن میں داخل ہوتا ہے اور نہ برتنوں کو کھولتا ہے اور چوہا لوگوں کے گھروں کو جلاتا ہے اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور ابی ہریرہ اور ابن عباس سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہ حدیث کئی طریق سے جابر سے مروی ہے۔ **حدیث** کی ہم سے ابن ابی عمر نے اور اور کئی ایک نے کہا انہوں نے حدیث کی ہم سے سفیان نے زہری سے اُسنے سالم سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سونے کے وقت اپنے گھروں میں آگ مت چھوڑو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** دو کھجوروں کو ملا کر کھانے کی کراہت کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے ابو احمد زبیری اور عبید اللہ نے ثوری سے اُسنے جبلہ بن سحیم سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دو کھجوروں کو ملا کر کھانے سے منع کیا ہے تاکہ اپنے صاحب سے اذن لے[1] لے اور اس باب میں روایت ہے سعد سے جو ابی بکر کا غلام ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** کھجوروں کے استحباب میں جو مروی ہے۔ **حدیث** کی ہم سے محمد بن سہل بن عسکر اور عبد اللہ بن عبد الرحمٰن نے کہا دونوں نے حدیث کی ہم سے یحیی بن حسان نے کہا حدیث کی ہم سے سلیمان بن بلال نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا[2] آپ نے جس گھر میں کھجوریں نہ ہوں اُسکے گھر کے لوگ بھوکے ہیں۔ اور اس باب میں روایت ہے سلمی سے جو ابی رافع کی بی بی ہے۔ یہ حدیث اس طریق سے حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو طریق ہشام بن عروہ سے مگر اسی وجہ سے۔ **باب** جب کھانے سے فارغ ہو تو اسپر حمد کرے **حدیث** کی ہم سے ہناد اور محمود بن غیلان نے کہا دونوں نے حدیث کی ہم سے ابو اسامہ نے زکریا ابن ابی زائدہ سے اُسنے سعید بن ابی بردہ سے اُسنے انس بن مالک سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک اللہ تعالےٰ اُس بندے سے راضی ہوتا ہے جو کھانا کھائے اور پانی پیئے تو اللہ تعالےٰ کی حمد کرے۔ اور اس باب میں روایت ہے عقبہ بن عامر اور ابی سعید اور عائشہ اور ابی ایوب اور ابی ہریرہ سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور کئی ایک نے اسکو زکریا ابن ابی زائدہ سے مثل اسکے روایت کیا ہے۔ اور نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق زکریا ابن ابی زائدہ سے۔ **باب** مجذوم کے ساتھ کھانے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے احمد بن سعید اشقر اور ابراہیم بن یعقوب نے کہا دونوں نے حدیث کی ہم سے یونس بن محمد نے کہا حدیث کی ہم سے مفضل بن فضالہ نے حبیب بن شہید سے اُسنے محمد بن منکدر سے اُسنے جابر سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے

[1] ممانعت کی وجہ اسی صورت میں معلوم ہوتی کہ جب کھانا کم ہو اور حاجت سب کی یکساں ہو ۱۲ منہ [2] کہا طیبی نے اس سے کھجوروں کی فضیلت اور عیال کے واسطے طعام کا ذخیرہ کرنا اور اسپر برانگیختہ کرنا ثابت ہوتا ہے اور قناعت پر بھی حدیث محمول ہو سکتی ہے اُس جگہ کہ جہاں کھجوریں بہت ہوں یعنے جس گھر میں کھجوریں بھی ہوں تو اسکے اہل بھوکے نہیں ہو سکتے بھوکے تو وہ ہوتے ہیں کہ جنمیں کھجوریں بھی نہ ہوں ملک ہند میں کھجوروں کی جگہ چنے یا جو ہوتے ہیں یعنے جس گھر میں چنے یا جو ہوں اس گھر کے اہل بھوکے نہیں ہوتے بلکہ بھوکے تو وہ ہونگے جس گھر میں یہ ۱۲

قال محمد بن بشار ثنا ابن ابی عدی عن سعید بن ابی عروبۃ عن قتادۃ عن عکرمۃ عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ
ھذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن عبد اللہ بن عمرو **باب** ماجاء فی اکل الدجاج **حدثنا** زید بن اخزم ثنا ابو قتیبۃ
عن ابی العوام عن قتادۃ عن زھدم الجرمی قال دخلت علی ابی موسی وھو یاکل دجاجۃ فقال ادن فکل فانی رایت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم یاکلہ ھذا حدیث حسن وقد روی ھذا الحدیث من غیر وجہ عن زھدم ولا نعرفہ الا من حدیث زھدم
وابو العوام ھو عمران القطان **حدثنا** ھناد ثنا وکیع عن سفیان عن ایوب عن ابی قلابۃ عن زھدم عن ابی موسی قال رأیت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یاکل لحم دجاج وفی الحدیث کلام اکثر من ھذا ھذا حدیث حسن صحیح وقد روی ایوب السختیانی
ھذا الحدیث عن القاسم التمیمی عن ابی قلابۃ عن زھدم الجرمی **باب** ماجاء فی اکل الحباری **حدثنا** الفضل بن سھل
الاعرج البغدادی ثنا ابراھیم بن عبد الرحمن بن مھدی عن ابراھیم بن عمر بن سفینۃ عن ابیہ عن جدہ قال اکلت مع رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم لحم حباری ھذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من ھذا الوجہ وابراھیم بن عمر بن سفینۃ روی عنہ ابن ابی فدیک ویقول
بریہ بن عمر بن سفینۃ **باب** ماجاء فی اکل الشواء **حدثنا** الحسن بن محمد الزعفرانی ثنا حجاج بن محمد قال قال ابن جریج اخبرنی
محمد بن یوسف ان عطاء بن یسار اخبرہ ان ام سلمۃ اخبرتہ انھا قربت الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنبا مشویا فاکل منہ ثم
قام الی الصلوٰۃ وما توضأ وفی الباب عن عبد اللہ بن الحارث والمغیرۃ وابی رافع ھذا حدیث حسن صحیح غریب من ھذا الوجہ
باب ماجاء فی کراھیۃ الاکل متکئا **حدثنا** قتیبۃ ثنا شریک عن علی بن الاقمر عن ابی جحیفۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم اما انا فلا اکل متکئا وفی الباب عن علی وعبد اللہ بن عمرو وعبد اللہ بن العباس ھذا حدیث حسن صحیح
لا نعرفہ الا من حدیث علی بن الاقمر وروی زکریا بن ابی زائدۃ وسفیان بن سعید وغیر واحد عن علی بن الاقمر ھذا الحدیث

کہا محمد بن بشار نے حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی نے سعید بن ابی عروبہ سے اُسنے قتادہ سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ
علیہ وسلم سے مثل اُسکے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے **باب** مرغی کے کھانے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے
زید بن اخزم نے کہا حدیث کی ہمسے ابو قتیبہ نے ابی العوام سے اُسنے قتادہ سے اُسنے زہدم جرمی سے کہا اُسنے میں ابی موسی پر داخل ہوا اس حالت میں
کہ وہ مرغی کھا رہا تھا سو اُسنے مجھسے کہا قریب ہو اور کھا اسلیے کہ میں نے رسول اللہ صلعم کو دیکھا ہے کہ اُسکو کھاتے تھے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور یہ حدیث کئی طرح
سے زہدم سے مروی ہے۔ اور نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق زہدم سے۔ اور ابو العوام وہ عمران قطان ہے۔ **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع
نے سفیان سے اُسنے ایوب سے اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے زہدم سے اُسنے ابی موسی سے کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلعم کو مرغی کا گوشت کھاتے دیکھا
اور اس حدیث میں اس سے زیادہ قصہ ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ایوب سختیانی نے اس حدیث کو قاسم تیمی سے روایت کیا ہے اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے زہدم
جرمی سے **باب** حباری کے کھانے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے فضل بن سہل اعرج بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے ابراہیم بن عبد الرحمن بن مہدی
نے ابراہیم بن عمر بن سفینہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلعم کے ساتھ حباری کا گوشت کھایا ہے۔
یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے۔ اور ابراہیم بن عمر بن سفینہ سے ابن ابی فدیک نے روایت کی ہے اور وہ بریہ بن
عمر بن سفینہ کہلاتا ہے۔ **باب** بھنے ہوئے گوشت کے کھانے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے حسن بن محمد زعفرانی نے کہا حدیث کی ہمسے حجاج بن
محمد نے کہا اُسنے کہا ابن جریج نے کہ خبر دی مجھے محمد بن یوسف نے یہ کہ عطاء بن یسار نے خبر دی ہے اُسکو یہ کہ ام سلمہ نے خبر دی
ہے اُسکو کہ اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے بھنا ہوا گوشت کیا پس آپ نے اُس سے کھایا پھر نماز کی طرف کھڑے
ہوئے اور وضو نہ کیا۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن حارث اور مغیرہ اور ابی رافع سے۔ یہ **حدیث** حسن صحیح غریب
ہے اس طریق سے۔ **باب** تکیہ لگا کر کھانے کی کراہت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے
علی بن اقمر سے اُسنے ابی جحیفہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہر حال میں تو تکیہ لگا کر نہیں کھاتا۔ اور اس باب
میں روایت ہے علی اور عبد اللہ بن عمرو اور عبد اللہ بن عباس سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن صحیح ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر
طریق علی بن اقمر سے۔ اور روایت کیا ہے اس حدیث کو زکریا بن ابی زائدہ اور سفیان بن سعید اور کئی ایک نے علی بن اقمر سے

هذا حديث حسن صحيح وروى جابر عن النبي صلى الله عليه وسلم طعام الواحد يكفي الاثنين وطعام الاثنين يكفي الاربعة وطعام الاربعة يكفي الثمانية **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدي نا سفيان عن الاعمش عن ابي سفيان عن جابر عن النبي صلى الله عليه وسلم بهذا **باب** ماجاء في اكل الجراد **حدثنا** احمد بن منيع ثنا سفيان عن ابي يعفور العبدي عن عبد الله بن ابي اوفى انه سئل عن الجراد فقال غزوت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم ست غزوات ناكل الجراد هكذا روى سفيان بن عيينة عن ابي يعفور هذا الحديث وقال ست غزوات وروى سفيان الثوري عن ابي يعفور هذا الحديث وقال سبع غزوات وفي الباب عن ابن عمر وجابر هذا حديث حسن صحيح وابو يعفور اسمه واقد ويقال وقدان ايضا وابو يعفور الآخر اسمه عبد الرحمن بن عبيد بن نسطاس **حدثنا** محمود بن غيلان ثنا ابو احمد والمؤمل قالا ثنا سفيان عن ابي يعفور عن ابن ابي اوفى قال غزونا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم سبع غزوات ناكل الجراد وروى شعبة هذا الحديث عن ابي يعفور عن ابن ابي اوفى قال غزونا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم غزوات ناكل الجراد **حدثنا** بذلك محمد بن بشار ثنا محمد بن جعفر ثنا شعبة بهذا **باب** ماجاء في اكل لحوم الجلالة والبانها **حدثنا** هناد ثنا عبدة عن محمد بن اسحق عن ابن ابي نجيح عن مجاهد عن ابن عمر قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن اكل الجلالة والبانها وفي الباب عن عبد الله بن عباس هذا حديث حسن غريب وروى الثوري عن ابن ابي نجيح عن مجاهد عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا **حدثنا** محمد بن بشار ثنا معاذ بن هشام ثني ابي عن قتادة عن عكرمة عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن المجثمة وعن لبن الجلالة وعن الشرب من في السقاء

یہ حدیث حسن صحیح ہے اور جابر نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ ایک کا کھانا دو کو کافی ہوتا ہے۔ اور دو کا کھانا چار کو کافی ہے اور چار کا کھانا آٹھ کو کافی ہوتا ہے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اعمش سے اُسنے ابی سفیان سے اُسنے جابر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے ساتھ اُسکے۔ **باب** ٹڈی کے کھانے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی یعفور عبدی سے اُسنے عبد اللہ بن ابی اوفی سے یہ کہ وہ ٹڈیوں کی بابت سوال کیا گیا سو کہا اُسنے ہمنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ملکر ساتھ جنگ کئے ہیں ہم ٹڈیاں ہی کھاتے تھے ایسا ہی سفیان بن عیینہ نے اس حدیث کو ابی یعفور سے روایت کیا ہے اور کہا چھ جنگ۔ اور سفیان ثوری نے اس حدیث کو ابی یعفور سے روایت کیا ہے اور کہا اُسنے سات جنگ۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور جابر سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو یعفور کا نام واقد ہے اور اُسکو وقدان بھی کہتے ہیں اور ابو یعفور دوسرے کا نام عبد الرحمن بن عبید بن نسطاس ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد اور مؤمل نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی یعفور سے اُسنے ابن ابی اوفی سے کہا اُسنے ہمنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ملکر سات جنگ کئے ہیں ٹڈیاں کھاتے تھے۔ اور شعبہ نے اس حدیث کو ابی یعفور سے اُسنے ابن ابی اوفی سے روایت کی ہے کہ کہا اُسنے ہمنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ملکر کئی جنگ کئے ہیں انہیں ہم ٹڈیاں کھاتے تھے **حدیث** کی ہمسے ساتھ اسکے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے ساتھ اسکے۔ **باب** جلالہ جانور کے گوشت کھانے اور اسکے دودھ کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے محمد بن اسحاق سے اُسنے ابن ابی نجیح سے اُسنے مجاہد سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جلالہ کے کھانے اور اسکے دودھ سے منع کیا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن عباس سے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور روایت کیا ہے ثوری نے ابن ابی نجیح سے اُسنے مجاہد سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسل۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے معاذ بن ہشام نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے قتادہ سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلعم نے مجثمہ سے اور جلالہ کے دودھ سے اور مشک کے مُنھ سے پینے سے ممانعت کی ہے۔

---

[1] جلالہ اس جانور کو کہتے ہیں جو پلیدی کھاوے اور اسکے کھانے کی ممانعت اُسوقت ہے کہ جب اکثر خوراک اسکی یہی ہو جاوے حتی کہ اسکے گوشت اور دودھ اور پسینے میں پلیدی کے آثار ظاہر ہو جائیں اس صورت میں اُسکا کھانا منع ہے اور کہا گیا ہے کہ اگر چند روز تک حبس کیا جاوے تو پھر اُسکا کھانا منع نہیں۔ اور سواری سے ممانعت جو مروی ہے اسکی وجہ بھی یہی ہے کہ اسکے بدن سے اور پسینے سے سوار کے کپڑے اور گا بو میلا نجس ہو جاتا ہے ۱۲ [2] مجثمہ اس جانور کو بولتے ہیں جسکو ایک جگہ گاڑ کر اُسپر تیر چلاتے ہیں اور وہ مر جاتا ہے ۱۲

باب ماجاء انہشوا اللحم نہشا **حدثنا** احمد بن منیع ثنا سفیان بن عیینۃ عن عبد الکریم ابی امیۃ عن عبد اللہ بن الحارث
قال زوجنی ابی فدعا اناسا فیہم صفوان بن امیۃ فقال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال انہشوا اللحم نہشا فانہ اہنأ وامرأ
وفی الباب عن عائشۃ وابی ہریرۃ ہذا حدیث لانعرفہ الا من حدیث عبد الکریم وقد تکلم بعض اہل العلم فی عبد الکریم المعلم من قبل
حفظہ منہم ایوب السختیانی **باب** ماجاء عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من الرخصۃ فی قطع اللحم بالسکین **حدثنا** محمود بن غیلان
ثنا عبد الرزاق ثنا معمر عن الزہری عن جعفر بن عمرو بن امیۃ الضمری عن ابیہ انہ رای النبی صلی اللہ علیہ وسلم احتز من کتف شاۃ
فاکل منہا ثم مضی الی الصلوۃ ولم یتوضأ ہذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن المغیرۃ بن شعبۃ **باب** ماجاء ای اللحم کان احب
الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** واصل بن عبد الاعلی ثنا محمد بن الفضیل عن ابی حیان التیمی عن ابی زرعۃ بن عمرو
بن جریر عن ابی ہریرۃ قال اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بلحم فدفع الیہ الذراع وکان یعجبہ فنہس منہا وفی الباب عن ابن
مسعود وعائشۃ وعبد اللہ بن جعفر وابی عبیدۃ ہذا حدیث حسن صحیح وابو حیان اسمہ یحیی بن سعید بن حیان
التیمی وابو زرعۃ بن عمرو بن جریر اسمہ ہرم **حدثنا** الحسن بن محمد الزعفرانی ثنا یحیی بن عباد ابن عباد ثنا فلیح بن سلیمان
عن عبد الوہاب بن یحیی من ولد عباد بن عبد اللہ بن الزبیر عن عبد اللہ بن زبیر عن عائشۃ قالت ماکان الذراع احب اللحم الی رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم ولکن کان لایجد اللحم الا غبا فکان یعجل الیہ لانہ اعجلہا نضجا ہذا حدیث حسن لانعرفہ الا من ہذا الوجہ
باب ماجاء فی الخل **حدثنا** الحسن بن عرفۃ ثنا مبارک بن سعید اخو سفیان بن سعید عن سفیان عن ابی الزبیر عن
جابر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال نعم الادام الخل

باب ہڈی سے گوشت دانتوں سے اُتارنا چاہیے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے عبد الکریم
ابی امیہ سے اُسنے عبد اللہ بن حارث سے کہا اُسنے میرا میرے باپ نے نکاح کیا اور لوگوں کو بلایا اُنہیں صفوان بن امیہ بھی تھا پس کہا اُسنے
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی ہڈی سے گوشت دانتوں سے اُتارو کیونکہ وہ بہت لذیذ ہی اور ثقل طعام کا دور کرنے والا ہی۔ اور اس باب
میں روایت ہی عائشہ اور ابی ہریرہ سے رضی اللہ عنہما اس حدیث کو ہم نہیں پہچانتے سوائے طریق عبد الکریم کے۔ اور بعض اہل علم نے عبد الکریم معلم
کے حق میں اسکے حافظے کی وجہ سے کلام کیا ہی اُنہیں سے ایوب سختیانی ہی **باب** اس بیان میں جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے گوشت کو چھری
کے ساتھ کاٹنے میں رخصت مروی ہی **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے زہری
سے اُسنے جعفر بن عمرو بن امیہ ضمری سے اُسنے اپنے باپ سے یہ کہ اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے بکری سے ایک کاندھا قطع کیا اور اس سے
کھایا پھر آپ نماز کی طرف گئے اور وضو نہ کیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ اور اس باب میں روایت ہی مغیرہ بن شعبہ سے۔ **باب** اس بیان میں کہ کونسا
گوشت نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو بہت پسند تھا **حدیث** کی ہمسے واصل بن عبد الاعلی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے ابی حیان تیمی سے اُسنے
ابی زرعہ بن عمرو بن جریر سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کوئی شخص گوشت لایا سو اُسنے آپ کو دست کا گوشت دیا
اور وہ آپ کو پسند ہوتا تھا پس آپ نے کھایا۔ اور اس باب میں روایت ہی ابن مسعود اور عائشہ اور عبد اللہ بن جعفر اور ابی عبیدہ سے رضی
اللہ عنہم یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ اور ابو حیان کا نام یحیی بن سعید حیان تیمی ہی۔ اور ابو زرعہ بن عمرو بن جریر کا نام ہرم ہی۔ **حدیث** کی ہمسے حسن بن
محمد زعفرانی نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن عباد نے کہا حدیث کی ہمسے فلیح بن سلیمان نے عبد الوہاب بن یحیی سے جو عباد بن عبد اللہ بن زبیر کی اولاد
هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفيان عن عبد الكريم الجزری عن عكرمة عن ابن عباس ان النبی صلی الله عليه وسلم نهی ان يتنفس فی الاناء او ينفخ فيه هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء فی كراهية التنفس فی الاناء **حدثنا** اسحاق بن منصور ثنا عبد الصمد ابن عبد الوارث ثنا هشام عن يحيی بن ابی كثير عن عبد الله بن ابی قتادة عن ابيه ان رسول الله صلی الله عليه وسلم قال اذا شرب احدكم فلا يتنفس فی الاناء هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء فی اختناث الاسقية **حدثنا** قتيبة ثنا سفيان عن الزهری عن عبيد الله بن عبد الله عن ابی سعيد رواية انه نهی عن اختناث الاسقية وفی الباب عن جابر وابن عباس وابی هريرة هذا حديث حسن صحيح **باب** الرخصة فی ذلك **حدثنا** يحيی بن موسیٰ ثنا عبد الرزاق ثنا عبد الله بن عمر عن عيسی بن عبد الله ابن انيس عن ابيه قال رأيت النبی صلی الله عليه وسلم قام الی قربة معلقة فخنثها ثم شرب من فيها وفی الباب عن ام سليم هذا حديث ليس اسناده بصحيح وعبد الله بن عمر بن حفص بن عاصم بن عمر يضعف من قبل حفظه ولا ادری سمع من عيسی ام لا **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفيان عن يزيد بن يزيد بن جابر عن عبد الرحمٰن بن ابی عمرة عن جدته كبشة قالت دخل علیّ رسول الله صلی الله عليه وسلم فشرب من فی قربة معلقة قائما فقمت الی فيها فقطعته هذا حديث حسن صحيح غريب ويزيد بن يزيد هو اخو عبد الرحمٰن بن يزيد بن جابر وهو اقدم منه موتا **باب** ما جاء ان الايمنين احق بالشرب **حدثنا** الانصاری ثنا معن ثنا مالك عن ابن شهاب ح وثنا قتيبة عن مالك عن ابن شهاب عن انس بن مالك ان رسول الله صلی الله عليه وسلم اتی بلبن قد شيب بماء وعن يمينه اعرابی وعن يساره ابو بكر فشرب ثم اعطی الاعرابی وقال الايمن فالايمن وفی الباب عن ابن عباس وسهل بن سعد وابن عمر وعبد الله بن بسر هذا حديث حسن صحيح

یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عبد الکریم جزری سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے اس سے کہ برتن میں سانس لی جائے یا اُسمیں پھونکا جائے (شک راوی) یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اسکے بیان میں کہ برتن میں سانس لینی مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الصمد بن عبد الوارث نے کہا حدیث کی ہمسے ہشام نے یحییٰ بن ابی کثیر سے اُسنے عبد اللہ بن ابی قتادہ سے اُسنے اپنے باپ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی تم میں سے پانی پیے تو چاہیے کہ برتن میں سانس نہ لے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** مشکوں کو اوندھا کر کے پانی پینے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے عبید اللہ بن عبد اللہ سے اُسنے ابی سعید سے روایت کرتا ہے یہ کہ آپ نے مشکوں کو اوندھا کر کے پانی پینے سے[1] منع کیا ہے۔ اور اسباب میں روایت ہے جابر اور ابن عباس اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہم سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اس مسئلہ کی رخصت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے یحییٰ بن موسیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن عمر نے عیسیٰ بن عبد اللہ بن انیس سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ ایک مشک کے پاس جو معلق تھی کھڑے ہوئے اور اسکو اوندھا کیا پھر آپ نے اُسکے مُنہ سے پانی پیا۔ اور اسباب میں روایت ہے ام سلیم سے اس حدیث کی سند صحیح نہیں ہے۔ اور عبد اللہ بن عمر حافظہ کی وجہ سے ضعیف کیا گیا ہے۔ اور میں نہیں جانتا کہ اُسنے عیسیٰ سے سنا ہے یا نہیں **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے یزید بن یزید بن جابر سے اُسنے عبد الرحمٰن بن ابی عمرہ سے اُسنے اپنی دادی کبشہ سے کہ کہا اُسنے میرے پاس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آئے اور ایک مشک سے جو لٹکی ہوئی تھی کھڑے ہو کر پانی پینے کا ارادہ کیا سو میں اُسکے مُنہ کی طرف کھڑی ہوئی اور اُسکو قطع کیا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور یزید بن یزید وہ بھائی عبد الرحمٰن بن یزید بن جابر کا ہے اور وہ اُس سے پہلے مر گیا ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ داہنی طرف کے زیادہ حقدار ہیں ساتھ پینے کے **حدیث** کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے ابن شہاب سے ح اور حدیث کی ہمسے قتیبہ نے مالک سے اُسنے ابن شہاب سے اُسنے انس بن مالک سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس دودھ لایا گیا کہ وہ پانی کے ساتھ ملایا ہوا تھا اور آپ کے داہنی طرف ایک اعرابی تھا اور آپ کے بائیں طرف حضرت ابوبکر صدیق۔ پس آپ نے وہ پیا پھر اعرابی کو دیا اور فرمایا داہنی طرف[2] والا پس داہنی طرف والا لائق ہے۔ اور اسباب میں روایت ہے ابن عباس اور سہل بن سعد اور ابن عمر اور عبد اللہ بن بسر رضی اللہ عنہم سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

[1] اس طور سے پانی پینا اسواسطے منع کیا ہے کہ اسطرح سے پانی پینا کبھی ضرر کرتا ہے۔ [2] اسلیئے داہنی طرف والے کا زیادہ حق ہے یعنے اگر داہنی طرف چند لوگ ہوں تو اول اُسکو دیا جاوے جو پینے والے کے قریب ہو بعد اُسکے اُسکو

حدثنا قتیبۃ و یوسف بن حماد قالا ثنا عبد الوارث بن سعید عن ابی عصام عن انس بن مالک ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یتنفس فی الاناء ثلاثا و یقول ھو امرأ و اروی ھذا حدیث حسن و رواہ ھشام الدستوائی عن ابی عصام عن انس و روی عزرۃ بن ثابت عن ثمامۃ عن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یتنفس فی الاناء ثلثا **حدثنا** بندار ثنا عبد الرحمن بن مھدی ثنا عزرۃ بن ثابت الانصاری عن ثمامۃ بن انس عن انس بن مالک ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یتنفس فی الاناء ثلثا ھذا حدیث صحیح **حدثنا** ابو کریب ثنا وکیع عن یزید بن سنان الجزری عن ابن العطاء بن ابی رباح عن ابیہ عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تشربوا واحدا کشرب البعیر و لکن اشربوا مثنی و ثلث و سموا اذا انتم شربتم و احمدوا اذا انتم رفعتم ھذا حدیث غریب و یزید بن سنان الجزری ھو ابو فروۃ الرھاوی

باب ما ذکر فی الشرب بنفسین **حدثنا** علی بن خشرم ثنا عیسی بن یونس عن رشدین بن کریب عن ابیہ عن ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا شرب یتنفس مرتین ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث رشدین بن کریب قال و سألت عبد اللہ بن عبد الرحمن عن رشدین بن کریب قلت ھو اقوی ام محمد بن کریب قال ما اقربھما و رشدین بن کریب ارجحھما عندی و سألت محمد بن اسمعیل عن ھذا فقال محمد بن کریب ارجح من رشدین بن کریب والقول عندی ما قال ابو محمد عبد اللہ بن عبد الرحمن رشدین بن کریب ارجح و اکبر و قد ادرک ابن عباس و راٰہ و ھما اخوان و عندھما مناکیر

باب ما جاء فی کراھیۃ النفخ فی الشراب **حدثنا** علی بن خشرم ثنا عیسی بن یونس عن مالک بن انس عن ایوب و ھو ابن حبیب انہ سمع ابا المثنی الجھنی یذکر عن ابی سعید الخدری ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نھی عن النفخ فی الشراب فقال رجل القذاۃ اراھا فی الاناء فقال اھرقھا فقال فانی لا اروی من نفس واحد قال فابن القدح اذا عن فیک

حدیث کی ہمسے قتیبہ اور یوسف بن حماد نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے عبد الوارث بن سعید نے ابی عصام سے اسنے انس بن مالک سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم برتن میں تین بار سانس لیتے تھے اور فرماتے تھے یہ خوش ہاضمہ اور سیراب کرنے والا ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور روایت کیا ہے اسکو ہشام دستوائی نے ابی عاصم سے اسنے انس سے۔ اور روایت کیا عزرہ بن ثابت نے ثمامہ سے اسنے انس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم برتن میں تین بار سانس لیتے تھے۔ **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے عزرہ بن ثابت انصاری نے ثمامہ بن انس سے اسنے انس بن مالک سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم برتن میں تین بار سانس لیتے تھے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے یزید بن سنان جزری سے اسنے عطا بن ابی رباح کے بیٹے سے اسنے اپنے باپ سے اسنے ابن عباس سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اونٹ کے پینے کی طرح یکدفعہ پانی نہ پیو لیکن دو دو بار یا تین تین بار پیو اور بسم اللہ پڑھو جب تم پیو اور حمد کرو جب تم فارغ ہو جاؤ۔ یہ حدیث غریب ہے۔ اور یزید بن سنان جزری وہ ابو فروہ رہاوی ہے۔ **باب** پینے کے وقت دو بار سانس لینے میں جو ذکر کیا گیا ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن خشرم نے کہا حدیث کی ہمسے عیسی بن یونس نے رشدین بن کریب سے اسنے اپنے باپ سے اسنے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب پانی پیتے تھے تو دو بار سانس لیتے تھے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق رشدین بن کریب سے۔ کہا اور میں نے عبد اللہ بن عبد الرحمن سے رشدین بن کریب کی بابت سوال کیا میں نے کہا وہ قوی ہے یا محمد بن کریب کہا اسنے کیسے وہ دونوں یکساں ہیں۔ اور میرے نزدیک رشدین بن کریب ان دونوں سے راجح ہے۔ اور میں نے محمد بن اسمٰعیل سے اسکی بابت سوال کیا تو کہا اسنے محمد بن کریب رشدین بن کریب سے راجح ہے اور میرے نزدیک قول وہی (معتبر ہے) جو ابو محمد یعنی عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا ہے کہ رشدین بن کریب راجح ہے اور بڑا ہے اور اسنے ابن عباس کو پایا ہے اور اسکو دیکھا ہے اور وہ دونوں بھائی ہیں اور وہ دونوں منکر روایت کرنیوالے ہیں **باب** اس بیان میں کہ پانی میں پھونکنا مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن خشرم نے کہا حدیث کی ہمسے عیسی بن یونس نے مالک بن انس سے اسنے ایوب سے اور یہ ابن حبیب ہے یہ کہ سنا اسنے ابو المثنی جہنی سے کہ ذکر کرتا تھا ابی سعید خدری سے یہ کہ نبی صلعم نے پانی میں پھونکنے سے منع کیا ہے پس کہا ایک مرد نے میں برتن میں کوڑا کرکٹ دیکھتا ہوں پس فرمایا آپ نے اسکو پھینک دے پھر کہا اسنے میں ایک سانس سے سیراب نہیں ہوتا فرمایا آپ نے اسوقت اپنے منہ سے پیالہ جدا کر۔

قال الصلوٰۃ لمیقاتہا قلت ثم ماذا یارسول اللہ قال برالوالدین قال قلت ثم ماذا یارسول اللہ قال الجہاد فی سبیل اللہ ثم سکت
عنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولو استزدتہ لزادنی ھذا حدیث حسن صحیح وقد رواہ الشیبانی وشعبۃ وغیر واحد
عن الولید بن العیزار وقد روی ھذا الحدیث من غیر وجہ عن ابی عمرو الشیبانی عن ابن مسعود وابو عمرو الشیبانی اسمہ سعد
ابن ایاس **باب** الفضل فی رضا الوالدین **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان عن عطاء بن السائب عن ابی عبد الرحمن السلمی
عن ابی الدرداء قال ان رجلا اتاہ فقال ان لی امرأۃ وان امی تامرنی بطلاقہا فقال ابو الدرداء سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم یقول الوالد اوسط ابواب الجنۃ فاضع ذلک الباب او احفظہ وربما قال سفیان ان امی وربما قال ابی ھذا حدیث صحیح وابو عبد الرحمن
السلمی اسمہ عبد اللہ بن حبیب **حدثنا** ابو حفص عمرو بن علی ثنا خالد بن الحارث عن شعبۃ عن یعلی بن عطاء عن ابیہ عن
عبد اللہ بن عمرو عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال رضا الرب فی رضا الوالد وسخط الرب فی سخط الوالد **حدثنا** محمد بن بشار ثنا
محمد بن جعفر ثنا شعبۃ عن یعلی بن عطاء عن ابیہ عن عبد اللہ بن عمرو نحوہ ولم یرفعہ وھذا اصح وھکذا روی اصحاب شعبۃ عن شعبۃ
عن یعلی بن عطاء عن ابیہ عن عبد اللہ بن عمرو موقوفا ولا نعلم احدا رفعہ غیر خالد بن الحارث عن شعبۃ وخالد بن الحارث ثقۃ مامون
سمعت محمد بن المثنی یقول ما رأیت بالبصرۃ مثل خالد بن الحارث ولا بالکوفۃ مثل عبد اللہ بن ادریس وفی الباب عن ابن مسعود
باب ماجاء فی عقوق الوالدین **حدثنا** حمید بن مسعدۃ ثنا بشر بن المفضل ثنا الجریری عن عبد الرحمن بن ابی بکرۃ عن ابیہ
قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا احدثکم باکبر الکبائر قالوا بلی یارسول اللہ قال الاشراک باللہ وعقوق الوالدین قال وجلس
وکان متکئا قال وشہادۃ الزور او قول الزور فمازال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقولہا حتی قلنا لیتہ سکت وفی الباب
عن ابی سعید ھذا حدیث حسن صحیح

فرمایا آپ نے اپنے وقت میں نماز کا پڑھنا میں نے کہا بعد اسکے کونسا یارسول اللہ فرمایا آپ نے والدین کے ساتھ نکوئی کرنی کہا اسنے میں نے کہا
بعد اسکے کونسا یارسول اللہ فرمایا آپ نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنا پھر آپ میری طرف سے خاموش ہوگئے اور اگر میں زیادہ پوچھتا تو زیادہ
فرماتے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کیا اسکو شیبانی اور شعبہ اور کئی ایک نے ولید بن عیزار سے اور مروی ہے یہ حدیث کئی طریق سے بواسطہ
ابن ابی عمرو شیبانی کے ابن مسعود سے۔ اور ابو عمرو شیبانی کا نام سعد بن ایاس ہے۔ **باب** والدین کی رضا کی فضیلت کے بیان میں **حدیث**
کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عطا بن سائب سے اسنے ابی عبد الرحمٰن سلمی سے اسنے ابی الدرداء سے کہا اسنے ایک مرد
اسکے پاس آیا اور کہنے لگا میری ایک عورت ہے اور میری والدہ مجھے اسکے طلاق دیدینے کا حکم کرتی ہے پس کہا ابو الدرداء نے میں نے رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ فرماتے والد جنت کے دروازوں میں بہتر دروازہ ہے سو تو اس دروازے کو ضائع کر یا اسکو نگاہ رکھ اور کبھی کہا سفیان نے
میری والدہ (مجھے اسکے چھوڑنے کا حکم کرتی ہے) اور کبھی کہا اسنے میرا باپ۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ اور ابو عبد الرحمٰن سلمی کا نام عبد اللہ بن حبیب ہے۔ **حدیث**
کی ہمسے ابو حفص یعنے عمرو بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن حارث نے شعبہ سے اسنے یعلی بن عطا سے اسنے اپنے باپ سے اسنے عبد اللہ
بن عمرو سے اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے اللہ تعالیٰ کی رضا والد کی رضا میں ہے اور اللہ تعالیٰ کا غصہ والد کے غصہ میں ہے **حدیث**
کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے یعلی بن عطا سے اسنے اپنے باپ سے اسنے عبد اللہ بن عمرو
سے مثل اسکے اور اسکو مرفوع نہیں کیا اور یہ صحیح ہے اور ایسا ہی موقوف روایت کی ہے شعبہ کے شاگردوں نے شعبہ سے اسنے یعلی بن عطا سے اسنے اپنے باپ
سے اسنے عبد اللہ بن عمرو سے۔ اور نہیں جانتے ہم کہ سوائے خالد بن حارث کے شعبہ سے اور کسی نے اسکو مرفوع کیا ہو اور خالد بن حارث ثقہ مامون ہے۔ میں نے محمد بن مثنی
سے سنا ہے کہ کہتے تھے میں نے بصرہ میں کوئی شخص مثل خالد بن حارث کے نہیں دیکھا اور نہ کوفہ میں مثل عبد اللہ بن ادریس کے۔ اور اس باب میں روایت ہے
ابن مسعود سے **باب** والدین کی نافرمانی کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے حمید بن مسعدہ نے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن مفضل نے کہا حدیث کی ہمسے جریری
نے عبد الرحمٰن بن ابی بکرہ سے اسنے اپنے باپ سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلعم نے کیا میں تمکو سب سے کبیرہ گناہ نہ بتاؤں کہا انھوں نے کیوں نہیں یارسول اللہ
فرمایا آپ نے اللہ کے ساتھ شرک کرنا اور والدین کی نافرمانی کرنی کہا راوی نے اور آپ بیٹھ گئے حالانکہ تکیہ لگائے ہوئے تھے فرمایا آپ نے اور جھوٹی گواہی دینی یا فرمایا آپ نے
جھوٹی بات کرنی (شک راوی) پھر بہت دیر تک آنحضرت اسکو کہتے رہے تاکہ ہمنے کہا کاش کہ آپ چپ کریں۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی سعید سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے

باب ماجاء ان ساقی القوم آخرھم شربا **حدثنا** قتیبۃ ثنا حماد بن زید عن ثابت البنانی عن عبد اللہ بن رباح عن ابی قتادۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ساقی القوم آخرھم شربا وفی الباب عن ابن ابی اوفی ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء ای الشراب کان احب الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان بن عیینۃ عن معمر عن الزھری عن عروۃ عن عائشۃ قالت کان احب الشراب الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الحلو البارد ھکذا رواہ غیر واحد عن ابن عیینۃ مثل ھذا عن معمر عن الزھری عن عروۃ عن عائشۃ والصحیح ما روی الزھری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مرسلا **حدثنا** احمد بن محمد ثنا عبد اللہ بن المبارک ثنا معمر ویونس عن الزھری ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم سئل ای الشراب اطیب قال الحلو البارد وھکذا روی عبد الرزاق عن معمر عن الزھری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مرسلا وھذا اصح من حدیث ابن عیینۃ

بسم اللہ الرحمن الرحیم **ابواب** البر والصلۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **باب** ماجاء فی بر الوالدین **حدثنا** بندار ثنا یحیی بن سعید ثنا بھز بن حکیم ثنی ابی عن جدی قال قلت یا رسول اللہ من ابر قال امک قال قلت ثم من قال امک قال قلت ثم من قال امک قال قلت ثم من قال ثم اباک ثم الاقرب فالاقرب وفی الباب عن ابی ھریرۃ وعبد اللہ بن عمرو وعائشۃ وابی الدرداء وبھز بن حکیم ھو ابن معاویۃ بن حیدۃ القشیری وھذا حدیث حسن وقد تکلم شعبۃ فی بھز بن حکیم وھو ثقۃ عند اھل الحدیث وروی عنہ معمر وسفیان الثوری وحماد بن سلمۃ وغیر واحد من الائمۃ **باب حدثنا** احمد بن محمد ثنا عبد اللہ بن المبارک عن المسعودی عن الولید بن العیزار عن ابی عمرو الشیبانی عن ابن مسعود قال سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقلت یا رسول اللہ ای الاعمال افضل

باب اس بیان میں کہ قوم کا پلانے والا سب سے آخر پیتا ہے **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے حماد بن زید نے ثابت بنانی سے اُسنے عبد اللہ بن رباح سے اُسنے ابی قتادہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے پلانے والا قوم کا سب سے آخر پیتا ہیں۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن ابی اوفی سے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** کونسا پانی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو زیادہ محبوب تھا **حدیث** کی ہم سے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان بن عیینہ نے معمر سے اُسنے زہری سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے جو پانی کہ میٹھا سرد ہو آنحضرت کو بہت پیارا تھا ایسا ہی روایت کیا ہے کئی ایک نے ابن عیینہ سے مثل اسکے معمر سے اُسنے زہری سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے اور صحیح وہ ہے جو زہری نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسل روایت کی ہے۔ **حدیث** کی ہم سے احمد بن محمد نے کہا حدیث کی ہم سے عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہم سے معمر اور یونس نے زہری سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ کونسا پانی بہت اچھا ہے فرمایا آپ نے میٹھا سرد۔ ایسا ہی روایت کیا ہے عبد الرزاق نے معمر سے اُسنے زہری سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسل۔ اور یہ ابن عیینہ کی حدیث سے صحیح ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم **ابواب** بیان میں نکوئی اور صلہ رحمی کے جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں **باب** والدین کے ساتھ نیکی کرنیکے بیان میں **حدیث** کی ہم سے بندار نے کہا حدیث کی ہم سے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہم سے بہز بن حکیم نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے میرے دادا سے کہا اُسنے میں نے کہا یا رسول اللہ میں کسکے ساتھ بہت نیکی کروں فرمایا آپ نے اپنی والدہ کے ساتھ کہا اُسنے میں نے کہا بعد اسکے کسکے ساتھ فرمایا آپ نے اپنی والدہ کے ساتھ کہا اُسنے میں نے کہا بعد اسکے کسکے ساتھ فرمایا آپ نے اپنی والدہ کے ساتھ کہا اُسنے میں نے کہا بعد اسکے کسکے ساتھ فرمایا آپ نے بعد اسکے باپ کے ساتھ بعد اسکے قریب بعد قریب کا لحاظ رکھ۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور عبد اللہ بن عمرو اور عائشہ اور ابی الدرداء اور بہز بن حکیم سے اور وہ معاویہ بن حیدہ قشیری کا بیٹا ہے۔ اور یہ حدیث حسن ہے۔ اور شعبہ نے بہز بن حکیم کے فن میں کلام کیا ہے اور وہ محدثین کے نزدیک ثقہ ہے۔ اور روایت کیا ہے اس سے معمر اور سفیان ثوری اور حماد بن سلمہ نے اور کئی ایک نے اماموں رضی اللہ عنہم سے۔ **باب حدیث** کی ہم سے احمد بن محمد نے کہا حدیث کی ہم سے عبد اللہ بن مبارک نے مسعودی سے اُسنے ولید بن عیزار سے اُسنے ابی عمرو شیبانی سے اُسنے ابن مسعود سے کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلعم سے سوال کیا سو کہا میں نے یا رسول اللہ کونسا عمل افضل ہے

---

[1] سیوطی وغیرہ نے اس سے دلیل پکڑی ہے کہ والدہ کے والد سے تین حصے حق زائد ہیں اول باعتبار حمل کے بعد اسکے جننے کے بعد اسکے دودھ پلانے کے بعد اسکے باپ کے ساتھ ترتیب میں شمار کرنا ہوجاتی ہے۔ اور ظاہر یہ ہے کہ تین بار آپ نے اسواسطے فرمایا ہے کہ عموماً لوگ والدہ کی اطاعت کا لحاظ اسقدر نہیں کرتے جسقدر کہ باپ کا لحاظ کرتے ہیں اور کتب حنفیہ میں مذکور ہے کہ والد کا حق والدہ سے زائد ہے ۱۲ اسکے کہا طیبی نے اس حدیث کی بعض حدیثیں متعارض ہوتی ہیں انمیں اور امور کو ترجیح دی گئی ہے ابوذر کی حدیث میں ہے کہ کہا اُسنے یا رسول اللہ کونسا عمل بہتر ہے فرمایا آپ نے اللہ کے ساتھ ایمان لانا اور اللہ تعالی کی راہ میں جہاد کرنا اور ابی سعید کی حدیث میں ہے کہ آنحضرت سے کسی نے سوال کیا کہ کونسا آدمی افضل ہے فرمایا آپ نے وہ آدمی جو اللہ تعالی کی راہ میں جہاد کرے اور اسیطرح سے اور کئی حدیثیں ہیں مطابقت کی وجہ یہ ہے کہ آنحضرت نے جواب موافق آدمی کی غرض کے دیا ہے بعض لوگوں کے حق میں نماز افضل فرمائی بعض کو جہاد بعض کو والدین کے ساتھ نیکی کرنی عموماً یہ قاعدہ ہے کہ ایسا آدمی کوئی ہوتا ہے کہ جسکی طبیعت تمام امور کی طرف متساوی راغب ہو

وقد روی الحجاج الصواف هذا الحدیث عن یحیی بن ابی کثیر نحو حدیث هشام وابو جعفر الذی روی عن ابی هریرة یقال له ابو جعفر المؤذن ولا نعرف اسمه وقد روی عنه یحیی بن ابی کثیر غیر حدیث **باب** ماجاء فی حق الوالدین **حدثنا** احمد بن محمد بن موسی ثنا جریر عن سهیل بن ابی صالح عن ابیه عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یجزی ولد والدا الا ان یجد مملوکا فیشتریه فیعتقه هذا حدیث حسن صحیح لا نعرفه الا من حدیث سهیل بن ابی صالح وقد روی سفیان الثوری وغیر واحد عن سهیل هذا الحدیث **باب** ماجاء فی قطیعة الرحم **حدثنا** ابن ابی عمر وسعید بن عبد الرحمن المخزومی قالا ثنا سفیان بن عیینة عن الزهری عن ابی سلمة قال اشتکی ابو الدرداء فعاده عبد الرحمن بن عوف فقال خیرهم واوصلهم ما علمت ابو محمد فقال عبد الرحمن سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول قال الله تبارک وتعالی انا الله وانا الرحمن خلقت الرحم وشققت لها من اسمی فمن وصلها وصلته ومن قطعها بتته وفی الباب عن ابی سعید وابن ابی اوفی وعامر بن ربیعة وابی هریرة وجبیر بن مطعم حدیث سفیان عن الزهری حدیث صحیح وروی معمر عن الزهری هذا الحدیث عن ابی سلمة عن رداد اللیثی عن عبد الرحمن بن عوف ومعمر کذا یقول قال محمد وحدیث معمر خطأ **باب** ماجاء فی صلة الرحم **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان ثنا بشیر ابو اسمعیل وفطر بن خلیفة عن مجاهد عن عبد الله بن عمرو عن النبی صلی الله علیه وسلم قال لیس الواصل بالمکافی ولکن الواصل الذی اذا انقطعت رحمه وصلها هذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن سلمان وعائشة **حدثنا** ابن ابی عمر ونصر بن علی وسعید بن عبد الرحمن المخزومی قالوا ثنا سفیان عن الزهری عن محمد بن جبیر بن مطعم عن ابیه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یدخل الجنة قاطع

اور روایت کیا ہے حجاج بن صواف نے اس حدیث کو یحیی بن ابی کثیر سے مثل حدیث ہشام کے۔ اور وہ ابو جعفر کہ جسنے ابو ہریرہ سے روایت کی ہے اُسکو ابو جعفر مؤذن کہا جاتا ہے اور ہم اسکا نام نہین جانتے اور کئی حدیثین یحیی بن ابی کثیر نے اُس سے روایت کی ہین۔ **باب** والدین کے حق کے بیانمین **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے جریر نے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اولاد اپنے والد کا حق ادا نہین کر سکتی سواے اسکے کہ اُسکو غلام پائے تو اسکو خریدکر آزاد کرے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق سہیل بن ابی صالح سے۔ اور یہ حدیث سفیان ثوری اور کئی ایک نے سہیل سے روایت کی ہے **باب** رحم کے قطع کرنے کے بیانمین **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر اور سعید بن عبد الرحمن مخزومی نے کہا دونون نے حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے زہری سے اُسنے ابی سلمہ سے کہا اُسنے ابو الدرداء بیمار ہوا پس عبد الرحمن بن عوف اُسکی بیمار پرسی کو آیا اور کہنے لگا سب لوگون سے بہتر اور زیادہ وصل کرنے والا جسقدر کہ مین جانتا ہون ابو محمد ہے یعنے عبد الرحمن بن عوف ہے پس کہا عبد الرحمن نے مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ فرماتے فرمایا ہے اللہ تبارک وتعالے نے مین اللہ ہون اور مین رحمن ہون مین نے رحم کو پیدا کیا ہے اور اسکا نام اپنے نام سے مشتق کیا ہے[1] سو جو کوئی اس سے وصل کریگا مین اُس سے وصل کرونگا اور جو کوئی اس سے قطع کریگا مین اُس سے قطع کرونگا۔ اور اس باب مین روایت ہے ابی سعید اور ابن ابی اوفی اور عامر بن ربیعہ اور ابی ہریرہ اور جبیر بن مطعم سے رضی اللہ عنہم۔ حدیث سفیان ثوری کی جو زہری سے ہے حدیث صحیح ہے۔ اور روایت کی ہے معمر نے یہ حدیث زہری سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے رداد لیثی سے اُسنے عبد الرحمن بن عوف سے اور معمر اسیطرح کہتا ہے۔ کہا محمد نے اور حدیث معمر کی خطا ہے **باب** صلہ رحمی کے بیانمین **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے کہا حدیث کی ہمسے بشیر یعنے ابو اسمعیل نے اور فطر بن خلیفہ نے اُنھون نے مجاہد سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپ نے واصل وہ نہین جو احسان کا بدلہ پورا دے لیکن واصل وہ شخص ہے کہ جب اسکا رحم منقطع ہو جائے تو اس سے وصل کرے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس باب مین روایت ہے سلمان اور عائشہ سے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر اور نصر بن علی اور سعید بن عبد الرحمن مخزومی نے کہا اُنھون نے حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے محمد بن جبیر بن مطعم سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جنت[2] مین قطع کرنے والا داخل نہین ہوگا

[1] یعنے رحم کا لفظ مشتق رحمن سے ہے گویا رحم رحمن کے ساتھ متصل ہے سو جو کوئی اپنے قبیلہ سے قطع رحمی کریگا وہ اللہ کی رحمت سے ناامید ہوگا ۱۲ [2] عدم دخول جنت سے دخول اولی ہے یا مراد اس سے وہ شخص ہے جو قطع رحمی کو حلال جانتا ہو ۱۲

وابوبکرۃ اسمہ نفیع **حدثنا** قتیبۃ ثنا اللیث بن سعد عن ابن الھاد عن سعد بن ابراھیم عن حمید بن عبد الرحمٰن عن عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من الکبائر ان یشتم الرجل والدیہ قالوا یا رسول اللہ وھل یشتم الرجل والدیہ قال نعم یسب ابا الرجل فیسب اباہ ویشتم امہ فیشتم امہ ھذا حدیث صحیح **باب** فی اکرام صدیق الوالد **حدثنا** احمد بن محمد ثنا عبد اللہ بن المبارک ثنا حیوۃ بن شریح ثنا الولید بن ابی الولید عن عبد اللہ بن دینار عن ابن عمر قال سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان ابر البر ان یصل الرجل اھل ود ابیہ وفی الباب عن ابی اسید ھذا حدیث اسنادہ صحیح وقد روی ھذا الحدیث عن ابن عمر من غیر وجہ **باب** فی بر الخالۃ **حدثنا** سفیان بن وکیع ثنا ابی عن اسرائیل **ح** وثنا محمد بن احمد وھو ابن مدویۃ ثنا عبید اللہ بن موسی عن اسرائیل واللفظ لحدیث عبید اللہ عن ابی اسحاق الھمدانی عن البراء ابن عازب عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الخالۃ بمنزلۃ الام وفی الحدیث قصۃ طویلۃ ھذا حدیث صحیح **حدثنا** ابوکریب ثنا ابومعاویۃ عن محمد بن سوقۃ عن ابی بکر بن حفص عن ابن عمر ان رجلا اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ انی اصبت ذنبا عظیما فھل لی من توبۃ قال ھل لک من ام قال لا قال ھل لک من خالۃ قال نعم قال فبرھا وفی الباب عن علی **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان بن عیینۃ عن محمد بن سوقۃ عن ابی بکر بن حفص عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ ولم یذکر فیہ عن ابن عمر وھذا اصح من حدیث ابی معاویۃ وابوبکر بن حفص ھو ابن عمر بن سعد بن ابی وقاص **باب** ماجاء فی دعاء الوالدین **حدثنا** علی بن حجر ثنا اسمعیل بن ابراھیم عن ھشام الدستوائی عن یحیی بن ابی کثیر عن ابی جعفر عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلاث دعوات مستجابات لاشک فیھن دعوۃ المظلوم ودعوۃ المسافر ودعوۃ الوالد علی ولدہ

اور ابوبکر کا نام نفیع ہے۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد نے ابن الھاد سے اُسنے سعد بن ابراہیم سے اُسنے حمید بن عبد الرحمٰن سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کبیرہ گناہوں سے ہے یہ کہ مرد اپنے والدین کو گالی دے کہا لوگوں نے یا رسول اللہ کیا کوئی آدمی اپنے والدین کو گالیں دیتا ہے فرمایا آپ نے ہاں کسی اور مرد کے باپ کو گالیں دیتا ہے سو وہ اسکے باپ کو گالیں دیتا ہے اور اُسکی ماں کو گالیں دیتا ہے سو وہ اُسکی ماں کو گالیں دیتا ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** والد کے دوست کی تعظیم کرنیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے حیوہ بن شریح نے کہا حدیث کی ہمسے ولید بن ابی ولید نے عبد اللہ بن دینار سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے سنا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے بہت بڑی نیکی سے یہ کہ آدمی اپنے باپ کے دوستوں سے وصل کرے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی اسید سے۔ اس حدیث کی اسناد صحیح ہے۔ اور یہ حدیث کئی طریق سے ابن عمر سے مروی ہے **باب** خالہ کے ساتھ نیکی کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے اسرائیل سے **ح** اور حدیث کی ہمسے محمد بن احمد نے اور یہ ابن مدویہ ہے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن موسیٰ نے اسرائیل سے اور لفظ عبید اللہ کی حدیث کے ہیں اُسنے روایت کی ابی اسحاق ہمدانی سے اُسنے براء بن عازب سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے خالہ والدہ کے مرتبہ میں ہے اور اس حدیث میں لمبا قصہ ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے ابوکریب نے کہا حدیث کی ہمسے ابومعاویہ نے محمد بن سوقہ سے اُسنے ابوبکر بن حفص سے اُسنے ابن عمر سے کہ ایک مرد نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا یا رسول اللہ میں بڑا گناہ کر بیٹھا ہوں کیا میرے لئے توبہ ممکن ہے فرمایا آپ نے کیا تیری کوئی والدہ ہے کہا اُسنے کہ نہیں فرمایا آپ نے کیا تیری کوئی خالہ ہے کہا اُسنے ہاں فرمایا آپ نے بس اُسکے ساتھ نیکی کر۔[1] اور اس باب میں روایت ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے۔ **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے محمد بن سوقہ سے اُسنے ابی بکر بن حفص سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور اُسنے اسمیں ابن عمر کا ذکر نہیں کیا۔ اور یہ ابی معاویہ کی حدیث سے صحیح ہے۔ اور ابوبکر ابن حفص وہ ابن عمر بن سعد بن ابی وقاص ہے۔ **باب** والدین کی دعا کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن ابراہیم نے ہشام دستوائی سے اُسنے یحییٰ بن ابی کثیر سے اُسنے ابی جعفر سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تین دعائیں قبول ہوتی ہیں انمیں شک نہیں ہے ایک تو دعا مظلوم کی اور دوسری دعا مسافر کی۔ اور تیسری دعا والد کی اپنے ولد پر[2] یعنے بددعا اُسکی۔

[1] اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مطلقاً گالی دینا خواہ وہ حد کے لائق ہوں یا نہ ہوں کبیرہ گناہ ہے یہ آیت ولا تقل لہما اف ولا تنہرہما وغیرہ اسکی تائید کرتی ہیں ۱۲ بڑے گناہ سے مراد یا بڑا گ: وہ مراد ہے کہ جو اسکے نزدیک بڑا ہو یعنے جسکو وہ بڑا جانتا ہو واقع میں کبیرہ نہو یا مراد اس سے کبیرہ گناہ ہو تو اس سے اس میں شاید اس قسم کی نیکی رفع کردیتی ہو یا یہ حکم خاص اسی شخص کے حق میں خصوص ہوا آپنے وحی سے معلوم کیا ہو ۱۲ بعض محدثین [illegible]

ثنا عبد المجيد بن عبد العزيز عن معمر عن الزهري عن عروة عن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ابتلى بشيء من البنات فصبر عليهن كن له حجابا من النار هذا حديث حسن **حدثنا** احمد بن محمد ثنا عبد الله بن المبارك ثنا معمر عن ابن شهاب ثنا عبد الله بن ابي بكر بن حزم عن عروة عن عائشة قالت دخلت امرأة معها ابنتان لها فسألت فلم تجد عندي شيئا غير تمرة فاعطيتها اياها فقسمتها بين ابنتيها ولم تاكل منها ثم قامت فخرجت ودخل النبي صلى الله عليه وسلم فاخبرته فقال النبي صلى الله عليه وسلم من ابتلى بشيء من هذه البنات كن له سترا من النار هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمد بن وزير الواسطي ثنا محمد بن عبيد ثنا محمد بن عبد العزيز الراسبي عن ابي بكر بن عبيد الله بن انس بن مالك عن انس بن مالك قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من عال جاريتين دخلت انا وهو الجنة كهاتين واشار باصبعيه هذا حديث حسن غريب وقد روى محمد بن عبيد عن محمد بن عبد العزيز غير حديث بهذا الاسناد وقال عن ابي بكر بن عبيد الله بن انس والصحيح هو عبيد الله بن ابي بكر بن انس

باب ماجاء في رحمة اليتيم **حدثنا** سعيد بن يعقوب الطالقاني ثنا المعتمر بن سليمان قال سمعت ابي يحدث عن حنش عن عكرمة عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم قال من قبض يتيما من بين المسلمين الى طعامه وشرابه ادخله الله الجنة البتة الا ان يعمل ذنبا لا يغفر وفي الباب عن مرة الفهري وابي هريرة وابي امامة وسهل بن سعد وحنش هو حسين بن قيس وهو ابو علي الرحبي وسليمان التيمي يقول حنش وهو ضعيف عند اهل الحديث **حدثنا** عبد الله بن عمران ابو القاسم المكي القرشي ثنا عبد العزيز بن ابي حازم عن ابيه عن سهل بن سعد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انا وكافل اليتيم في الجنة كهاتين واشار باصبعيه يعني السبابة والوسطى هذا حديث حسن صحيح **باب** ماجاء في رحمة الصبيان **حدثنا** محمد بن مرزوق البصري ثنا عبيد بن واقد عن زربي قال سمعت انس بن مالك

کہا حدیث کی ہمسے عبدالمجید بن عبدالعزیز نے معمر سے اُسنے زہری سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی شخص بیٹیوں کے ساتھ آزمایا جاوے پھر وہ اُنپر صبر کرے تو وہ اُسکے لئے آگ سے پردہ ہوتی ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے ابن شہاب سے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن ابی بکر بن حزم نے عروہ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے ایک عورت آئی اُسکے ساتھ اُسکی دو بیٹیاں تھیں سو اُسنے سوال کیا سو اُسنے میرے پاس سوائے ایک کھجور کے اور کچھ نہ پایا سو میں نے اُسکو دیدی تھی پس اُسنے اُس کھجور کو اپنی دونوں بیٹیوں میں تقسیم کردیا اور خود اُس سے نہ کھایا پھر وہ کھڑی ہوئی اور نکل گئی اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے سو میں نے آپ سے خبر کی پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی شخص بیٹیوں کے ساتھ آزمایا جاوے تو وہ اسکے لئے آگ سے پردہ ہونگی یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن وزیر واسطی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن عبید نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن عبدالعزیز راسبی نے ابی بکر بن عبیداللہ بن انس بن مالک سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس کسی نے دو لڑکیوں کی خدمت کی تو میں اور وہ جنت میں ان دو کی طرح داخل ہونگے اور آپ نے اشارت دو اُنگلیوں کی طرف کی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور محمد بن عبید نے محمد بن عبدالعزیز سے سوائے اس حدیث کے ساتھ اس اسناد کے روایت کی ہے۔ اور کہا اُسنے یہ روایت ہے ابی بکر بن عبیداللہ بن انس سے اور صحیح عبیداللہ بن ابی بکر بن انس ہے۔

باب یتیم پر رحمت کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے سعید بن یعقوب طالقانی نے کہا حدیث کی ہمسے معتمر بن سلیمان نے کہا میں نے اپنے باپ سے سُنا ہے کہ حدیث کرتا تھا حنش سے اُسنے روایت کی عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی شخص مسلمانوں میں سے کسی یتیم کو اُسکے کھانے اور پینے کو پکڑے تو ضرور اللہ تعالی اُسکو جنت میں داخل کریگا مگر کوئی ایسا گناہ کرے کہ جسکی بخشش نہو سکے اور اس باب میں روایت ہے مرہ فہری اور ابی ہریرہ اور ابی امامہ اور سہل بن سعد اور حنش سے اور یہ حسین بن قیس ہے اور وہ ابو علی رحبی ہے۔ اور سلیمان تیمی حنش کہتا ہے اور وہ محدثین کے نزدیک ضعیف ہے **حدیث** کی ہمسے عبداللہ بن عمران یعنی ابوالقاسم مکی قرشی نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالعزیز بن ابی حازم نے اپنے باپ سے اُسنے سہل بن سعد سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میں اور یتیم کا ضامن جنت میں مثل ان دو کے ہیں اور آپ نے دو انگلیوں کی طرف یعنے سبابہ اور وسطے کی طرف اشارت کی یہ حدیث حسن صحیح ہے

باب لڑکوں پر رحمت کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن مرزوق بصری نے کہا حدیث کی ہمسے عبید بن واقد نے زربی سے کہا اُسنے سُنا میں نے انس بن مالک

قال ابن ابی عمر قال سفیان یعنی قاطع رحم هذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی حب الولد **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان
عن ابراهیم بن میسرة قال سمعت ابن ابی سوید یقول سمعت عمر بن عبد العزیز یقول زعمت المرأة الصالحة خولة بنت حکیم
قالت خرج رسول الله صلی الله علیه وسلم ذات یوم وهو محتضن احد ابنی ابنته وهو یقول انکم لتبخلون وتجبنون وتجهلون
وانکم لمن ریحان الله وفی الباب عن ابن عمر والاشعث بن قیس حدیث ابن عیینة عن ابراهیم بن میسرة لا نعرفه الا من حدیثه
ولا نعرف لعمر بن عبد العزیز سماعا من خولة **باب** ماجاء فی رحمة الولد **حدثنا** ابن ابی عمر وسعید بن عبد الرحمن قالا ثنا
سفیان عن الزهری عن ابی سلمة عن ابی هریرة قال ابصر الاقرع بن حابس النبی صلی الله علیه وسلم وهو یقبل الحسن وقال
ابن ابی عمر الحسن او الحسین فقال ان لی من الولد عشرة ما قبلت احدا منهم فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم انه من لا یرحم
لا یرحم وفی الباب عن انس وعائشة وابو سلمة بن عبد الرحمن اسمه عبد الله بن عبد الرحمن وهذا حدیث حسن صحیح **باب**
ماجاء فی النفقة علی البنات **حدثنا** احمد بن محمد ثنا عبد الله بن المبارك ثنا ابن عیینة عن سهیل بن ابی صالح عن ایوب
بن بشیر عن سعید الاعشی عن ابی سعید الخدری قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من کانت له ثلاث بنات او ثلاث اخوات
او ابنتان او اختان فاحسن صحبتهن واتقی الله فیهن فله الجنة **حدثنا** قتیبة ثنا عبد العزیز بن محمد عن سهیل بن ابی صالح
عن سعید بن عبد الرحمن عن ابی سعید الخدری ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لا یکون لاحد کم ثلاث بنات او ثلاث
اخوات فیحسن الیهن الا دخل الجنة وفی الباب عن عائشة وعقبة بن عامر وانس وجابر وابن عباس وابو سعید الخدری اسمه سعد
بن مالك بن سنان وسعد بن ابی وقاص هو سعد بن مالك بن وهیب وقد زادوا فی هذا الاسناد رجلا **حدثنا** العلاء بن مسلمة

کہا ابن ابی عمر نے کہ کہا سفیان نے یعنے رحم کا قطع کرنے والا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** اولاد کی محبت کے بیان میں **حدیث** کی
ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابراہیم بن میسرہ سے کہا سنا میں نے ابن ابی سوید سے کہ کہتا سنا میں نے عمر بن عبد العزیز
سے کہ کہتا میں گمان کرتا ہوں کہ نیکبخت عورت نے جو حکیم کی بیٹی خولہ ہے کہا ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک دن نکلے اس حالت میں
کہ اپنی صاحبزادی کے ایک بیٹے کو گود میں لئے ہوئے تھے اور یہ کہتے تھے تم ہی بخل اور جبن اور جہل پر برانگیختہ کرتے اور تم ہی اللہ تعالے کی
ریحان ہو اور اس باب میں روایت ہے ابن ابی عمر اور اشعث بن قیس سے۔ حدیث ابن عیینہ کی جو ابراہیم بن میسرہ سے ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو
مگر اسی طریق سے۔ اور ہم عمر بن عبد العزیز کا سماع خولہ سے نہیں جانتے۔ **باب** اولاد کے ساتھ رحمت کے بیان میں۔ **حدیث** کی ہمسے
ابن ابی عمر اور سعید بن عبد الرحمن نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے اقرع
ابن حابس نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو امام حسن کا مُنھ چومتے ہوئے دیکھا۔ اور کہا ابن ابی عمر نے امام حسن یا امام حسین کا۔ پس اُسنے کہا میرے دس
بچے ہیں میں نے انمیں سے کسی کا کبھی مُنھ نہیں چوما پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دور ہو جو کوئی رحم نہیں کرتا وہ رحم نہیں کیا جاتا۔
اور اس باب میں روایت ہے انس اور عائشہ سے اور ابو سلمہ بن عبد الرحمن کا نام عبد اللہ بن عبد الرحمن ہے۔ اور یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب**
بیٹیوں پر خرچ کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے ابن عیینہ نے
سہیل بن ابی صالح سے اُسنے ایوب بن بشیر سے اُسنے سعید اعشی سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے
جسکی تین بیٹیاں یا تین بہنیں ہوں یا دو بیٹیاں یا دو بہنیں اور انکے ساتھ اچھی طرح[1] احسان کرے اور انکے حقوق میں اللہ تعالے سے خوف
کرے تو اسکے لئے جنت ہے۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے سعید بن
عبد الرحمن سے اُسنے ابی سعید خدری سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کسی کے پاس تم میں سے تین بیٹیاں یا تین بہنیں ہوں
اور وہ انکے ساتھ احسان کرے تو جنت میں داخل ہوگا۔ اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور عقبہ بن عامر اور انس اور جابر اور ابن عباس سے رضی اللہ
عنہم اور ابو سعید خدری کا نام سعد بن مالک بن سنان ہے اور سعد بن ابی وقاص وہ سعد بن مالک بن وہیب ہے۔ انھوں نے اسناد میں ایک آدمی زیادہ
کیا ہے **حدیث** کی ہمسے علاء بن مسلمہ نے

[1] احسان میں اختلاف ہے کہا بعض نے مراد اس سے قدر واجب ہے یعنے جسقدر کہ واجب ہے وہ پورا ادا کرے اور کہا بعض نے مراد اس سے قدر واجب سے زائد ہے اور ظاہر بھی یہی معلوم ہوتا ہے اور احسان مراد وہی ہے جو

وقد روی ابو الزناد عن موسیٰ بن ابی عثمان عن ابیہ عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم غیر حدیث **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان عن عمرو بن دینار عن ابی قابوس عن عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الراحمون یرحمہم الرحمٰن ارحموا من فی الارض یرحمکم من فی السماء الرحم شجنۃ من الرحمٰن فمن وصلہا وصلہ اللہ ومن قطعہا قطعہ اللہ ہذا حدیث حسن صحیح **باب** فی النصیحۃ **حدثنا** بندار ثنا صفوان بن عیسیٰ عن محمد بن عجلان عن القعقاع بن حکیم عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الدین النصیحۃ ثلاث مرار قالوا یا رسول اللہ لمن قال للہ ولکتابہ ولائمۃ المسلمین وعامتہم ہذا حدیث حسن وفی الباب عن ابن عمر وتمیم الداری وجریر وحکیم بن ابی یزید عن ابیہ وثوبان **حدثنا** محمد بن بشار ثنا یحییٰ بن سعید عن اسمٰعیل بن ابی خالد عن قیس بن ابی حازم عن جریر بن عبد اللہ قال بایعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی اقام الصلوٰۃ وایتاء الزکوٰۃ والنصح لکل مسلم ہذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء فی شفقۃ المسلم علی المسلم **حدثنا** عبید بن اسباط بن محمد القرشی ثنا ابی عن ہشام بن سعد عن زید بن اسلم عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المسلم اخو المسلم لا یخونہ ولا یکذبہ ولا یخذلہ کل المسلم علی المسلم حرام عرضہ ومالہ ودمہ التقویٰ ہٰہنا بحسب امرء من الشر ان یحقر اخاہ المسلم ہذا حدیث حسن غریب **حدثنا** الحسن بن علی الخلال وغیر واحد قالوا ثنا ابو اسامۃ عن برید بن عبد اللہ بن ابی بردۃ عن جدہ ابی بردۃ عن ابی موسیٰ الاشعری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المؤمن للمؤمن کالبنیان یشد بعضہ بعضا ہذا حدیث صحیح وفی الباب عن علی وابی ایوب **حدثنا** احمد بن محمد ثنا عبد اللہ بن المبارک ثنا یحییٰ بن عبید اللہ عن ابیہ عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اور روایت کی ہے ابو الزناد نے موسیٰ بن ابی عثمان سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سوائے اس حدیث کے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عمرو بن دینار سے اُسنے ابی قابوس سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے رحمت کرنے والوں پر اللہ رحمت کرتا ہے رحمت کرو اُنپر جو زمین میں ہیں تمپر رحمت کریگا وہ جو آسمان میں ہے رحم ورقت مشتبک کی رگیں ہیں یعنے مشتق ہے رحمٰن سے سو جو کوئی اس سے وصل کریگا اللہ تعالےٰ اُس سے وصل کریگا اور جو کوئی اس سے قطع کریگا اللہ تعالےٰ اُس سے قطع کریگا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** خیر خواہی کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے صفوان بن عیسیٰ نے محمد بن عجلان سے اُسنے قعقاع بن حکیم سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دین خیر خواہی ہے تین بار فرمایا کہا لوگوں نے یا رسول اللہ کسکے لئے خیر خواہی ہے فرمایا آپ نے واسطے اللہ کے اور اسکی کتاب کے اور ائمہ مسلمانوں کے اور واسطے عام لوگوں کے۔ یہ حدیث حسن ہے اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور تمیم داری اور جریر اور حکیم بن ابی یزید سے جو راوی ہے اپنے باپ سے اور ثوبان سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن سعید نے اسمٰعیل بن ابی خالد سے اُسنے قیس بن ابی حازم سے اُسنے جریر بن عبد اللہ سے کہا اُسنے بیعت کی میں نے نبی صلعم سے نماز کے قائم کرنے پر اور زکوٰۃ دینے پر اور ہر ایک مسلمان کی خیر خواہی کرنے پر۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** شفقت کرنے مسلمان کی مسلمان پر **حدیث** کی ہمسے عبید بن اسباط بن محمد قرشی نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے ہشام بن سعد سے اُسنے زید بن اسلم سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مسلمان بھائی مسلمان کا ہے چاہیے کہ خیانت اسکی نہ کرے اور نہ اسکی تکذیب کرے اور نہ اسکو خوار کرے۔ ہر ایک مسلمان کی مسلمان پر حرام ہے یعنے عزت اُسکی اور مال اُسکا اور خون اُسکا تقویٰ اس جگہ ہے یعنے دل میں۔ آدمی کے لئے یہی بُرائی کافی ہے کہ اپنے بھائی مسلمان کی حقارت کرے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی خلال اور کئی ایک نے کہا اُنھوں نے حدیث کی ہمسے ابو اسامہ نے برید بن عبد اللہ بن ابی بردہ سے اُسنے اپنے دادا ابی بردہ سے اُسنے ابی موسےٰ اشعری سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مومن مومن کے حق میں مثل دیوار کے ہے بعض کو بعض سے تقویت ملتی ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے اور اس باب میں روایت ہے علی اور ابی ایوب سے **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن عبید اللہ نے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے

[1] اللہ تعالیٰ کی خیر خواہی یہ ہے کہ اُسکی وحدانیت میں اعتقاد درست کرنا اور اسکی عبادت کے لئے خلوص نیت رکھنا اور کتاب کی خیر خواہی اسکی تصدیق کرنی اور اُسپر عمل کرنا ہے اور اماموں کی خیر خواہی اُنکے حق میں

يقول جاء شيخ يريد النبي صلى الله عليه وسلم فابطا القوم عنه ان يوسعوا له فقال النبي صلى الله عليه وسلم ليس منا من لم يرحم صغيرنا ولم يوقر كبيرنا وفي الباب عن عبد الله بن عمرو وابي هريرة وابن عباس وابي امامة هذا حديث غريب وزربي له احاديث مناكير عن انس بن مالك وغيره **حدثنا** ابوبكر محمد بن ابان ثنا محمد بن فضيل عن محمد بن اسحق عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس منا من لم يرحم صغيرنا ويعرف شرف كبيرنا **حدثنا** ابوبكر محمد بن ابان ثنا يزيد بن هارون عن شريك عن ليث عن عكرمة عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس منا من لم يرحم صغيرنا ويوقر كبيرنا ويأمر بالمعروف وينه عن المنكر هذا حديث غريب وحديث محمد بن اسحق عن عمرو بن شعيب حديث حسن صحيح وقد روى عن عبد الله بن عمرو عن غير هذا الوجه ايضا قال بعض اهل العلم معنى قول النبي صلى الله عليه وسلم ليس منا ليس من سنتنا يقول ليس من ادبنا وقال علي بن المديني قال يحيى بن سعيد كان سفيان الثوري ينكر هذا التفسير ليس منا ليس مثلنا **باب** ماجاء في رحمة الناس **حدثنا** بندار ثنا يحيى بن سعيد عن اسمعيل بن ابي خالد ثنا قيس بن ابي حازم ثني جرير بن عبد الله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من لم يرحم الناس لا يرحمه الله هذا حديث حسن صحيح وفي الباب عن عبد الرحمن بن عوف وابي سعيد وابن عمر وابي هريرة وعبد الله بن عمرو **حدثنا** محمود بن غيلان ثنا ابوداؤد ثنا شعبة قال كتب به الى منصور وقرأته عليه سمع اباعثمان مولى المغيرة بن شعبة عن ابي هريرة قال سمعت ابا القاسم صلى الله عليه وسلم يقول لا تنزع الرحمة الا من شقي هذا حديث حسن وابو عثمان الذي روى عن ابي هريرة لا نعرف اسمه يقال هو والد موسى بن ابي عثمان الذي روى عنه ابو الزناد

کہ کہا ایک بوڑھا آدمی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور لوگوں نے اُسکے واسطے مکان فراخ کرنے میں دیر لگائی پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ شخص ہمسے نہیں ہے جو ہمارے چھوٹے پر رحم نہ کرے اور ہمارے بڑے کی تعظیم نہ کرے۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن عمرو اور ابی ہریرہ اور ابن عباس اور ابی امامہ سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث غریب ہے۔ اور زربی انس بن مالک وغیرہ سے منکر حدیثیں روایت کرتا ہے **حدیث** کی ہمسے ابوبکر بن محمد بن ابان نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے محمد بن اسحاق سے اُسنے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے ہمسے وہ شخص جو ہمارے چھوٹے پر رحم نہ کرے۔ اور ہمارے بڑے کی شرافت نہ پہچانے **حدیث** کی ہمسے ابوبکر بن محمد بن ابان نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے شریک سے اُسنے لیث سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے ہمسے وہ شخص جو ہمارے چھوٹے[1] پر رحم نہ کرے اور ہمارے بڑے کی تعظیم نہ کرے اور امر بالمعروف نہ کرے اور بُرے کاموں سے منع نہ کرے۔ یہ حدیث غریب ہے اور حدیث محمد بن اسحاق کی جو عمرو بن شعیب سے ہے حدیث حسن صحیح ہے۔ اور عبد اللہ ابن عمرو سے غیر اس وجہ سے بھی مروی ہے۔ کہا بعض اہل علم نے معنے قول نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ ہمسے نہیں یہ ہیں کہ ہمارے طریق سے نہیں یعنے ہمارے آداب سے نہیں۔ کہا علی بن مدینی نے کہ کہا یحیی بن سعید نے سفیان ثوری اس تفسیر کا انکار کرتا تھا نہیں ہمسے[2] یعنے ہماری طرح نہیں **باب** لوگوں کے ساتھ رحم کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے اسمعیل بن ابی خالد سے کہا حدیث کی ہمسے قیس بن ابی حازم نے کہا حدیث کی مجھے جریر بن عبد اللہ نے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص لوگوں پر رحم نہیں کرتا اللہ تعالے اُسپر رحم نہیں کرتا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد الرحمن بن عوف اور ابی سعید اور ابن عمر اور ابی ہریرہ اور عبد اللہ بن عمرو سے رضی اللہ عنہم۔ **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے کہا اُسنے منصور نے یہ حدیث میری طرف لکھی اور میں نے اسکو اُسپر پڑھا سُنا اُسنے ابا عثمان سے جو مغیرہ بن شعبہ کا مولے ہے اُسنے روایت کی ابی ہریرہ سے کہا اُسنے میں نے ابا القاسم صلعم سے سُنا ہے کہ فرماتے نہیں دور کیجاتی رحمت مگر بدبخت سے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور وہ ابو عثمان کہ جسنے ابو ہریرہ سے روایت کی ہے ہم اسکا نام نہیں جانتے کہا گیا ہے کہ وہ موسی بن ابی عثمان کا والد ہے کہ جس سے ابو الزناد نے روایت کی ہے

[1] یعنے ہمسے نہیں وہ شخص جو بڑا ہو کر ہمارے چھوٹے پر رحم نہ کرے اور چھوٹا ہو کر ہمارے بڑے کی تعظیم نہ کرے ۱۲ [2] اسکی یہ غرض تھی کہ اسکے ایک خاص معنے مقرر کرنے اچھے نہیں بلکہ اسکو عام ہی رہنا چاہیئے تاکہ ہر ایک کے دل پر اچھی طرح سے اثر کرے اگر تفسیر اسکی ایک خاص مقرر کیجاوے تو ایسے کام کرنے والے دلیر ہو جاتے ہیں ۱۲

فقال بارك الله لك فی اهلك ومالك دلونی علی السوق فدلوه علی السوق فما رجع یومئذ الا ومعه شئ من اقط وسمن قد استفضله فراٰه رسول الله صلی الله علیه وسلم بعد ذلك وعلیه وضر صفرة فقال مهیم فقال تزوجت امرأة من الانصار قال فما اصدقتها قال نواة قال حمید او قال وزن نواة من ذهب فقال اولم ولو بشاة هذا حدیث حسن صحیح وقال احمد بن حنبل وزن نواة من ذهب وزن ثلثة دراهم وثلث وقال اسحٰق وزن نواة من ذهب وزن خمسة دراهم اخبرنی بذلك اسحٰق بن منصور عن احمد بن حنبل و اسحٰق **باب** ماجاء فی الغیبة **حدثنا** قتیبة ثنا عبد العزیز بن محمد عن العلاء بن عبد الرحمٰن عن ابیه عن ابی هریرة قال قیل یارسول الله ما الغیبة قال ذکرك اخاك بما یکره قال ارأیت ان کان فیه ما اقول قال ان کان فیه ما تقول فقد اغتبته وان لم یکن فیه ما تقول فقد بهته وفی الباب عن ابی برزة وابن عمر وعبد الله بن عمرو هذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی الحسد **حدثنا** عبد الجبار بن العلاء بن عبد الجبار العطار وسعید بن عبد الرحمٰن قالا ثنا سفیان بن عیینة عن الزهری عن انس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تقاطعوا ولا تدابروا ولا تباغضوا ولا تحاسدوا وکونوا عباد الله اخوانا ولا یحل للمسلم ان یهجر اخاه فوق ثلث هذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن ابی بکر الصدیق والزبیر بن العوام وابن عمر وابن مسعود وابی هریرة **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان ثنا الزهری عن سالم عن ابیه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا حسد الا فی اثنین رجل اتاه الله مالا فهو ینفق منه اناء اللیل واناء النهار ورجل اتاه الله القراٰن فهو یقوم به اناء اللیل واناء النهار

پس کہا اُسنے اللہ تعالےٰ تجھے تیرے اہل اور مال میں برکت دے مجھے بازار کا راستہ دکھلا دو پس انھوں نے اسکو بازار کا راستہ بتا دیا سو وہ واپس آیا اُسدن مگر اس حالت میں کہ اسکے ساتھ پنیر اور گھی تھا پہلے سے اسکو زیادہ کر لایا[1] پھر اسکو بعد چند روز کے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکھا اس حالت میں کہ اُسپر زردی کے نشان تھے پس فرمایا آپ نے یہ کیا حال ہے کہا اُسنے میں نے قبیلہ انصار سے ایک عورت سے نکاح کیا ہے فرمایا آپ نے تو نے اسکا مہر کیا مقرر کیا ہے کہا اُسنے نوات۔ کہا حمید نے یا کہا اُسنے وزن نوات کا سونے سے۔ پس فرمایا آپ نے ولیمہ کر اگرچہ بکری ہی ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور کہا احمد بن حنبل نے وزن نوات کا سونے سے پونے چار درم کا ہے اور کہا اسحاق نے وزن نوات کا سونے سے وزن پانچ درم کا ہے۔ خبر دی مجھے ساتھ اسکے اسحاق بن منصور نے احمد بن حنبل اور اسحاق سے **باب** غیبت کے بیان میں حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے علا بن عبد الرحمٰن سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے کسی نے کہا یارسول اللہ غیبت کیا شئے ہے فرمایا آپ نے تیرا اپنے بھائی کا ایسا ذکر کرنا جسکو وہ بُرا جانتا ہو کہا اُسنے مجھے خبر دیجئے اگر وہ عیب اُسمیں موجود ہو تو میں کیا کہوں فرمایا آپ نے اگر وہ عیب ہے جسکو تو کہتا ہے تو تو نے اُسکی غیبت کی ہے اور اگر وہ عیب جو تو کہتا ہے اُسمیں نہ ہو تو تو نے اُسپر بہتان باندھا اور اس باب میں روایت ہے ابی برزہ اور ابن عمر اور عبد اللہ بن عمرو سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** حسد[2] کے بیان میں حدیث کی ہمسے عبد الجبار بن علا بن عبد الجبار عطار اور سعید بن عبد الرحمٰن نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے زہری سے اُسنے انس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ قطع کرو اور نہ ایک دوسرے کی جڑ کاٹو اور نہ بغض اور عداوت رکھو اور نہ آپسمیں حسد کرو اور بھائی بن جاؤ اے خدا کے بندو۔ اور حلال نہیں کسی مرد مسلمان کو اپنے بھائی کی ملاقات تین دن سے اوپر چھوڑنا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں روایت ہے ابی بکر صدیق اور زبیر بن عوام اور ابن عمر اور ابن مسعود اور ابی ہریرہ سے رضی اللہ عنہم۔ حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے کہا حدیث کی ہمسے زہری نے سالم سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حسد کرنا لائق نہیں مگر دو آدمیوں میں ایک تو وہ مرد جسکو اللہ نے مال دیا ہے سو وہ اس سے رات اور دن کی ساعتوں میں خرچ کرتا ہے اور دوسرا وہ مرد جسکو اللہ تعالےٰ نے قرآن دیا ہے سو وہ اسکے ساتھ رات اور دن کی ساعتوں میں نماز میں کھڑا ہوتا ہے

[1] پہلے بازار گیا تھا تو تھوڑا سا پنیر اور گھی فروخت کے لئے لیگیا تھا جب رات کو فروخت کرکے واپس آیا تو دوسرے روز کی تجارت کے واسطے اس قیمت کے بدل اور پنیر اور گھی خرید لایا اور پنیر اور گھی پہلے روز سے زیادہ تھا یعنے اسکو تجارت میں نفع ہوا تھا قولہ اُسپر زردی کے نشان تھے جو اسکو بیوی سے پہونچے تھے یا خود اُسنے لگائے ہوں ۱۲ [2] حسد یہ ہے کہ دوسرے کا بھلا نہ دیکھ سکے اور چاہے کہ جاتا رہے یہ نہایت حرام ہے اور اکثر خلق اسی رنج اور بلا میں گرفتار ہے کہ یا حسد کرنے والا خدا سے غصے ہوتا ہے کہ کیوں اسکو دیا لیکن کسی دیندار کو دیکھکر آرزو کرنا کہ خدا ہمکو بھی ایسا کرے اور جسطرح یہ شخص مال خرچ کرتا ہے اور قرآن پڑھتا ہے ہمکو بھی خدا ایسا کرے تو ہم بھی یہ کام کریں تو درست ہے اور اسی کو غبطہ کہتے ہیں ۱۲

ان احدکم مرأۃ اخیہ فان رای بہ اذی فلیمطہ عنہ ویحیی بن عبید اللہ ضعفہ شعبۃ وفی الباب عن انس **باب** ماجاء فی الستر علی المسلمین **حدثنا** عبید بن اسباط القرشی ثنا ابی ثنا الاعمش قال حدثت عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من نفس عن مسلم کربۃ من کرب الدنیا نفس اللہ عنہ کربۃ من کرب یوم القیمۃ ومن یسر علی معسر فی الدنیا یسر اللہ علیہ فی الدنیا والاخرۃ ومن ستر علی مسلم ستر اللہ علیہ فی الدنیا والاخرۃ واللہ فی عون العبد ماکان العبد فی عون اخیہ وفی الباب عن ابن عمر وعقبۃ ابن عامر ھذا حدیث حسن وقد روی ابو عوانۃ وغیر واحد ھذا الحدیث عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ ولم یذکروا فیہ حدثت عن ابی صالح **باب** ماجاء فی الذب عن المسلم **حدثنا** احمد بن محمد ثنا عبد اللہ عن ابی بکر النھشلی عن مرزوق ابی بکر التیمی عن ام الدرداء عن ابی الدرداء عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من رد عن عرض اخیہ رد اللہ عن وجہہ النار یوم القیمۃ وفی الباب عن اسماء بنت یزید ھذا حدیث حسن **باب** ماجاء فی کراھیۃ الھجر **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان ثنا الزھری ح وثنا سعید بن عبد الرحمن ثنا سفیان عن الزھری عن عطاء بن یزید اللیثی عن ابی ایوب الانصاری ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یحل للمسلم ان یھجر اخاہ فوق ثلث یلتقیان فیصد ھذا ویصد ھذا وخیرھما الذی یبدأ بالسلام وفی الباب عن عبد اللہ بن مسعود وانس وابی ھریرۃ وھشام بن عامر وابی ھند الداری ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی مواساۃ الاخ **حدثنا** احمد بن منیع ثنا اسمٰعیل بن ابراھیم ثنا حمید عن انس قال لما قدم عبد الرحمن بن عوف المدینۃ اخا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بینہ وبین سعد بن الربیع فقال لہ ھلم اقاسمک مالی نصفین ولی امرأتان فاطلق احدھما فاذا انقضت عدتھا فتزوجھا

بیشک ہر ایک تم میں سے اپنے بھائی کے لئے آئینہ ہے سو اگر اسکے ساتھ کچھ پلیدی دیکھے تو چاہیے کہ اسکو اس سے دور کرے۔ اور یحیی بن عبید اللہ کو شعبہ نے ضعیف کیا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے انس سے **باب** مسلمانوں کی عیب پوشی کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عبید بن اسباط قرشی نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے کہا حدیث کی ہمسے اعمش نے کہا مجھے حدیث ملی ہے ابی صالح سے اُسنے روایت کی ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جو کوئی کسی مسلمان سے دنیا کی سختیوں سے کوئی سختی دور کرے تو اللہ تعالے اس سے قیامت کی سختیوں سے سختی دور کریگا اور جو کوئی محتاج قرضدار پر دنیا میں آسانی کریگا تو خدا اُسپر دنیا اور آخرت میں آسانی کریگا۔ اور جو کوئی مسلمان کی عیب پوشی کریگا تو اللہ تعالے اُسکی دنیا اور آخرت میں عیب پوشی کریگا اور اللہ تعالے بندے کی مدد پر ہے جب تک بندہ اپنے بھائی مسلمان کی مدد پر ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور عقبہ بن عامر سے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور روایت کیا ہے ابو عوانہ وغیرہ نے اس حدیث کو اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے اور انھوں نے اس روایت میں یہ ذکر نہیں کیا کہ مجھے حدیث ملی ہے ابی صالح سے۔ **باب** مسلمان سے مصیبت دفع کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ نے ابی بکر نہشلی سے اُسنے مرزوق یعنے ابی بکر تیمی سے اُسنے ام الدرداء سے اُسنے ابی الدرداء سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جو کوئی اپنے بھائی کی عزت سے کسی تنگی کو دور کرے اللہ تعالی اسکے مُنھ سے قیامت کے دن آگ کو دور کرے گا۔ اور اس باب میں روایت ہے اسماء بنت یزید سے۔ یہ حدیث حسن ہے **باب** اس بیان میں کہ ملاقات کا چھوڑنا مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے کہا حدیث کی ہمسے زہری نے ح اور حدیث کی ہمسے سعید بن عبد الرحمن نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے عطا بن یزید لیثی سے اُسنے ابی ایوب انصاری سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حلال نہیں کسی مرد کو اپنے بھائی مسلمان کی ملاقات چھوڑنا[1] تین رات سے زیادہ اس حالت میں کہ وہ دونوں آپسمیں ملاقات کریں اور وہ بھی اس سے منھ پھیرے اور یہ بھی اس سے منھ پھیرے۔ اور بہتر ان دونوں سے وہ ہے جو پہلے سلام کرے۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن مسعود اور انس اور ابی ہریرہ اور ہشام بن عامر اور ابی ہند داری سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** بھائی کے ساتھ سلوک کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابراہیم نے کہا حدیث کی ہمسے حمید نے انس سے کہا اُسنے جب عبد الرحمن بن عوف مدینہ میں آیا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے درمیان اسکے اور سعد بن ربیع کے اخوت بنادی پس کہا سعد نے اُسے کہ میں آپکو اپنا نصف مال تقسیم کردوں۔ اور میری دو عورتیں ہیں سو میں ایک کو طلاق دیتا ہوں سو جب اسکی عدت گذر جاوے تو آپ اس سے نکاح کر لیجئے

---

[1] یعنے اگر معاملہ دنیاوی میں کسی مسلمان سے رنج ہو جاوے تو تین روز تک ترک ملاقات درست ہے تین دن سے زیادہ رنج رکھنا اور ملاقات اور سلام کلام چھوڑنا حلال نہیں۔ اور اگر دین کے سبب سے رنج ہوا ہے

عن مرۃ بن شراحیل الھمدانی وھو الطیب عن ابی بکر الصدیق قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ملعون من ضار مؤمنا او مکر بہ ھذا حدیث غریب **باب** ماجاء فی حق الجوار **حدثنا** محمد بن عبد الاعلیٰ ثنا سفیان عن داؤد بن شابور وبشیر ابی اسمعیل عن مجاھد ان عبد اللہ بن عمرو ذبحت لہ شاۃ فی اھلہ فلما جاء قال اھدیتم لجارنا الیھودی اھدیتم لجارنا الیھودی وسمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول مازال جبرئیل یوصینی بالجار حتی ظننت انہ سیورثہ وفی الباب عن عائشۃ وابن عباس وعقبۃ بن عامر وابی ھریرۃ وانس وعبد اللہ بن عمرو والمقداد بن الاسود وابی شریح وابی امامۃ ھذا حدیث حسن غریب من ھذا الوجہ وقد روی ھذا الحدیث عن مجاھد عن عائشۃ وابی ھریرۃ ایضا عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** قتیبۃ ثنا اللیث بن سعد عن یحیی بن سعید عن ابی بکر بن محمد وھو ابن عمرو بن حزم عن عمرۃ عن عائشۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال مازال جبرئیل صلوات اللہ علیھا یوصینی بالجار حتی ظننت انہ سیورثہ **حدثنا** احمد بن محمد ثنا عبد اللہ بن المبارک عن حیوۃ بن شریح عن شرحبیل بن شریک عن ابی عبد الرحمٰن الحبلی عن عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر الاصحاب عند اللہ خیرھم لصاحبہ وخیر الجیران عند اللہ خیرھم لجارہ ھذا حدیث حسن غریب وابو عبد الرحمٰن الحبلی اسمہ عبد اللہ بن یزید **باب** ماجاء فی الاحسان الی الخادم **حدثنا** بندار ثنا عبد الرحمٰن بن مھدی ثنا سفیان عن واصل عن المعرور بن سوید عن ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اخوانکم جعلھم اللہ فتیۃ تحت ایدیکم فمن کان اخوہ تحت یدہ فلیطعمہ من طعامہ ولیلبسہ من لباسہ ولا یکلفہ ما یغلبہ فان کلفہ ما یغلبہ فلیعنہ

مرہ بن شراحیل ہمدانی سے اور وہ طیب ہیں اُسنے ابی بکر صدیق سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ملعون ہے وہ شخص جو کسی مؤمن کو ضرر پہونچاوے یا اُسکے ساتھ مکر کرے۔ یہ حدیث غریب ہے **باب** ہمسائے کے حق کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد الاعلےٰ نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے داؤد بن شابور اور بشیر ابی اسمٰعیل سے اُنھوں نے مجاہد سے یہ کہ عبد اللہ بن عمرو کے لئے اُسکے اہل میں بکری ذبح کی گئی سو جب وہ (گھر میں) تشریف لائے تو کہنے لگے کیا تمنے اپنے ہمسائے کے لئے ہدیہ بھیجا ہے کیا تمنے اپنے ہمسائے کے لئے ہدیہ بھیجا ہے۔ اور میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ فرماتے ہمیشہ مجھے جبرئیل علیہ السلام ہمسائے کے حق میں وصیت کرتے رہے تاکہ میں نے گمان کیا کہ اسکو میرا وارث بنا دینگے۔ اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور ابن عباس اور عقبہ بن عامر اور ابی ہریرہ اور انس اور عبد اللہ بن عمرو اور مقداد بن اسود اور ابی شریح اور ابی امامہ سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اس طریق سے اور یہ حدیث مروی ہے بواسطہ مجاہد کے عائشہ اور ابی ہریرہ سے بھی اُنھوں نے روایت کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد نے یحیی بن سعید سے اُسنے ابی بکر بن محمد سے اور وہ ابن عمرو بن حزم ہیں اُسنے عمرہ سے اُسنے عائشہ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمیشہ جبرئیل علیہ السلام مجھے ہمسائے کے حق میں وصیت کرتے رہے تاکہ میں نے گمان کیا کہ اسکو میرا وارث بنا دینگے **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے حیوہ بن شریح سے اُسنے شرحبیل بن شریک سے اُسنے ابی عبد الرحمٰن حبلی سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بہتر ساتھیوں کا اللہ تعالےٰ کے نزدیک وہ ہے جو بہتر انکا ہے واسطے اپنے دوستوں کے۔ اور بہتر ہمسایوں کا اللہ کے نزدیک وہ ہے جو بہتر انکا ہے واسطے ہمسایوں کے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور ابو عبد الرحمٰن حبلی کا نام عبد اللہ بن یزید ہے۔ **باب** خادم کے حق میں احسان کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمٰن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے واصل سے اُسنے معرور بن سوید سے اُسنے ابی ذر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالےٰ نے تمہارے بھائیوں[1] کو حالت جوانی میں تمہارے ہاتھوں کے نیچے کیا ہے سو جسکا بھائی اسکے ہاتھ کے نیچے ہووے تو چاہیے کہ اپنے کھانے سے کھلاوے اور اپنے لباس سے پہناوے اور اسکو ایسی تکلیف نہ دے جو اُسپر غالب ہو جاوے سو اگر اسکو ایسی تکلیف دے جو اُسپر غالب آجاوے تو چاہیے کہ خود اسکی مدد کرے۔

[1] آنحضرت نے بھائی کا لفظ غلاموں پر بوجہ خلقت یا بوجہ دین کے اطلاق کیا ہے۔ اور اپنے برابر کھانا کھلانا اور کپڑا پہنانا مستحب ہے واجب نہیں اجماعا ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲

هذا حديث حسن صحيح وقد روى عن ابن مسعود وابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم نحو هذا **باب** ماجاء في التباغض **حدثنا** هناد ثنا ابو معاوية عن الاعمش عن ابي سفيان عن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الشيطان قد ايس ان يعبده المصلون ولكن في التحريش بينهم وفي الباب عن انس وسليمان بن عمرو بن الاحوص عن ابيه هذا حديث حسن وابو سفيان اسمه طلحة بن نافع **باب** ماجاء في اصلاح ذات البين **حدثنا** محمد بن بشار ثنا ابو احمد ثنا سفيان ح وثنا محمود بن غيلان ثنا بشر بن السري وابو احمد قالا ثنا سفيان عن ابن خثيم عن شهر بن حوشب عن اسماء بنت يزيد قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يحل الكذب الا في ثلث يحدث الرجل امراته ليرضيها والكذب في الحرب والكذب ليصلح بين الناس وقال محمود في حديثه لا يصلح الكذب الا في ثلث هذا حديث حسن لا نعرفه من حديث اسماء الا من حديث ابن خثيم وروى داؤد بن ابي هند هذا الحديث عن شهر بن حوشب عن النبي صلى الله عليه وسلم ولم يذكر فيه عن اسماء حدثنا بذلك ابو كريب ثنا ابن ابي زائدة عن داؤد بن ابي هند وفي الباب عن ابي بكر رضي الله عنه **حدثنا** احمد بن منيع ثنا اسمعيل بن ابراهيم عن معمر عن الزهري عن حميد بن عبد الرحمن عن امه ام كلثوم بنت عقبة قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ليس بالكاذب من اصلح بين الناس فقال خيرا او نما خيرا هذا حديث حسن صحيح **باب** ماجاء في الخيانة والغش **حدثنا** قتيبة ثنا الليث عن يحيى بن سعيد عن محمد بن يحيى بن حبان عن لؤلؤة عن ابي صرمة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم من ضار ضار الله به ومن شاق شق الله عليه وفي الباب عن ابي بكر هذا حديث حسن غريب **حدثنا** عبد بن حميد ثنا زيد بن حباب العكلي ثني ابو سلمة الكندي ثنا فرقد السبخي

یہ حدیث حسن صحیح ہے اور مروی ہے بواسطہ ابن مسعود اور ابی ہریرہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ **باب** آپس میں بغض اور عداوت رکھنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابی سفیان سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک شیطان ناامید ہوگیا ہے اس سے کہ نمازی اسکی عبادت کریں لیکن انکی چھیڑ چھاڑ میں مشغول ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے انس اور سلیمان بن عمرو سے جو راوی ہے اپنے باپ سے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور ابو سفیان کا نام طلحہ بن نافع ہے۔ **باب** دو دشمنوں کی صلح کرانے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ح اور حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن سری اور ابو احمد نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے سفیان نے ابن خثیم سے اُسنے شہر بن حوشب سے اُسنے اسماء بنت یزید سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سوائے تین چیزوں کے اور کسی میں جھوٹ بولنا حلال نہیں ایک یہ کہ مرد اپنی عورت کے راضی کرنے کے واسطے کوئی بات کہے دوسرے جنگ میں جھوٹ بولنا تیسرے درمیان لوگوں کے صلح کرانے کے لئے جھوٹ بولنا۔ اور کہا محمود نے اپنی حدیث میں سوائے تین کے اور کسی میں جھوٹ بولنا بہتر نہیں۔ یہ حدیث حسن ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو طریق اسماء سے سوائے طریق ابن خثیم کے۔ اور روایت کی یہ حدیث داؤد بن ابی ہند نے شہر بن حوشب سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ اور اُسنے اسمیں اسماء کا ذکر نہیں کیا حدیث کی ہمکو ساتھ اسکے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی زائدہ نے داؤد بن ابی ہند سے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی بکر رضی اللہ عنہ سے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابراہیم نے معمر سے اُسنے زہری سے اُسنے حمید بن عبدالرحمٰن سے اُسنے اپنی والدہ ام کلثوم بنت عقبہ سے کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ فرماتے "وہ شخص کاذب نہیں جو درمیان لوگوں کے صلح کرائے سو اچھی بات کہے یا بھلائی کی طرف اشارت کرے۔ اور یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** خیانت اور فریب کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے یحیی بن سعید سے اُسنے محمد بن یحیی بن حبان سے اُسنے لولوہ سے اُسنے ابی صرمہ سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کسی کو ضرر پہونچائے اللہ تعالے اُسکو ضرر پہونچاتا ہے۔ اور جو کوئی کسی پر مشقت ڈالے اللہ تعالے اُسپر مشقت ڈالتا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی بکر سے یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب عکلی نے کہا حدیث کی مجھے ابو سلمہ کندی نے کہا حدیث کی ہمسے فرقد سبخی نے

فقال یا رسول اللہ کم اعفو عن الخادم فصمت عنہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثم قال یا رسول اللہ کم اعفو عن الخادم قال کل یوم سبعین مرۃ هذا حدیث حسن غریب ورواہ عبد اللہ بن وهب عن ابی هانئ الخولانی بهذا الاسناد نحو هذا **حدثنا** قتیبۃ ثنا عبد اللہ بن وهب عن ابی هانئ الخولانی بهذا الاسناد نحوہ وروی بعضهم هذا الحدیث عن عبد اللہ بن وهب بهذا الاسناد وقال عن عبد اللہ بن عمرو **باب** ما جاء فی ادب الولد **حدثنا** قتیبۃ ثنا یحیی بن یعلی عن ناصح عن سماک عن جابر بن سمرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لان یؤدب الرجل ولدہ خیر من ان یتصدق بصاع هذا حدیث غریب وناصح بن علاء الکوفی لیس عند اهل الحدیث بالقوی ولا یعرف هذا الحدیث الا من هذا الوجه وناصح شیخ اخر بصری یروی عن عمار بن ابی عمار وغیرہ وهو اثبت من هذا **حدثنا** نصر بن علی ثنا عامر بن ابی عامر الخزاز ثنا ایوب بن موسی عن ابیہ عن جدہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ما نحل والد ولدہ من نحل افضل من ادب حسن هذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من حدیث عامر بن ابی عامر الخزاز وایوب بن موسی هو ابن عمرو بن سعید بن العاص وهذا عندی حدیث مرسل **باب** ما جاء فی قبول الهدیۃ والمکافات علیها **حدثنا** یحیی بن اکثم وعلی بن خشرم قالا ثنا عیسی بن یونس عن هشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یقبل الهدیۃ ویثیب علیها وفی الباب عن ابی هریرۃ وانس وابن عمر وجابر هذا حدیث حسن صحیح غریب من هذا الوجه لا نعرفہ مرفوعا الا من حدیث عیسی بن یونس **باب** ما جاء فی الشکر لمن احسن الیک **حدثنا** احمد بن محمد ثنا عبد اللہ بن المبارک

اور کہنے لگا یا رسول اللہ کیا میں خادم سے معاف کروں سو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اسکی طرف سے خاموش رہے (یعنے کچھ جواب[1] نہ دیا) پھر کہا اُسنے یا رسول اللہ میں کتنے مرتبہ خادم سے معاف کروں فرمایا آپ نے ہر ایک دن میں ستّر بار یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت کیا ہے اسکو عبد اللہ بن وہب نے ابی ہانی خولانی سے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن وہب نے اُسنے ابی ہانی خولانی سے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے۔ اور بعض نے اس حدیث کو عبد اللہ بن وہب سے ساتھ اس اسناد کے روایت کیا ہے۔ اور کہا اُسنے یہ روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے **باب** اولاد کے آداب سکھلانے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن یعلی نے اُسنے ناصح سے اُسنے سماک سے اُسنے جابر بن سمرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے البتہ آدمی کا اپنی اولاد کو ادب سکھلانا ایک صاع کے صدقہ کرنے سے بہتر ہے یہ حدیث غریب ہے۔ اور ناصح بن علاء کوفی محدثین کے نزدیک قوی نہیں ہے۔ اور نہیں معلوم ہوئی یہ حدیث مگر اسی وجہ سے اور ناصح ایک اور شیخ ہے وہ بصری ہے اور وہ عمار بن ابی عمار وغیرہ سے روایت کرتا ہے اور یہ اس سے ثقہ ہے **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے عامر بن ابی عامر خزاز نے کہا حدیث کی ہمسے ایوب بن موسی نے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی والد نے اپنی اولاد کو کوئی عطیہ عطا نہیں فرمایا جو حسن ادب سے افضل ہو۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق عامر بن ابی عامر خزاز سے۔ اور ایوب بن موسی وہ ابن عمرو بن سعید بن عاص ہے اور یہ میرے نزدیک حدیث مرسل ہے **باب** ہدیہ کے قبول کرنے اور اُسپر بدلہ دینے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے یحیی بن اکثم اور علی بن خشرم نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے عیسی بن یونس نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم ہدیہ قبول کرتے تھے اور اُسپر بدلہ بھی دیتے تھے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور انس اور ابن عمر اور جابر سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث اس طریق سے حسن صحیح غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مرفوعاً مگر طریق عیسی بن یونس سے۔ **باب** اس شخص کے شکر کے بیان میں جو تیری طرف احسان کرے **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے

[1] پہلی بار وجہ نہ جواب دینے کی یہ معلوم ہوتی ہے کہ عفو تو ہر حالت میں خواہ خادم بہت قصور کرے مطلقاً مستحب ہے اسمیں سوال کی حاجت ہی نہیں یا آپکو وحی کی انتظاری ہوگی دوسری بار جب اُسنے تعداد کی بابت سوال کیا کہ کتنے مرتبہ معاف کروں کیونکہ اسمیں ایک قسم کا ظن تھا کہ عموماً عادت انسان کی یہ ہے کہ تین بار تک قصور معاف کرتا ہے اسلئے اُسنے اسطرح کا سوال کیا کہ کتنے مرتبہ معاف کروں۔ آپ نے فرمایا کہ ستّر بار یعنے ہمیشہ ہی معاف کرنا اولے ہے اس سے ایک حد معین نہیں ہے پہلے اسکا سوال یہ تھا کہ کیا میں خادم سے معاف کروں یا نہ کروں اسکا جواب تو اُسنے آپ کے خاموش رہنے سے سمجھ لیا تھا کہ اسکا سوال کرنا ہی بیفائدہ ہے معاف کرنا تو ہر حالت میں اچھا ہے چونکہ دوسرے میں اسکو شک تھا اسلئے اُسنے اس سے سوال کیا ۱۲

وفی الباب عن علی وام سلمة وابن عمر وابی هریرة هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** احمد بن منيع ثنا يزيد بن هارون عن همام بن يحيى عن فرقد عن مرة عن ابی بكر الصديق عن النبی صلی الله عليه وسلم قال لا يدخل الجنة سيئ الملكة هذا حديث غريب وقد تكلم ايوب السختيانی وغير واحد فی فرقد السبخی من قبل حفظه **باب** النهی عن ضرب الخدام وشتمهم **حدثنا** احمد بن محمد ثنا عبد الله عن فضيل بن غزوان عن ابن ابی نعم عن ابی هريرة قال قال ابو القاسم صلی الله عليه وسلم نبی التوبة من قذف مملوكه بريئا مما قال له اقام الله عليه الحد يوم القيمة الا ان يكون كما قال هذا حديث حسن صحيح وفی الباب عن سويد بن مقرن وعبد الله بن عمر وابن ابی نعم هو عبد الرحمن بن ابی نعم البجلی يكنی ابا الحكم **حدثنا** محمود بن غيلان ثنا مؤمل ثنا سفيان عن الاعمش عن ابراهيم التيمی عن ابيه عن ابی مسعود قال كنت اضرب مملوكا فسمعت قائلا من خلفی يقول اعلم ابا مسعود اعلم ابا مسعود فالتفت فاذا انا برسول الله صلی الله عليه وسلم فقال لله اقدر عليك منك عليه قال ابو مسعود فما ضربت مملوكا لی بعد ذلك هذا حديث حسن صحيح وابراهيم التيمی هو ابراهيم بن يزيد بن شريك **باب** ما جاء فی ادب الخادم **حدثنا** احمد بن محمد ثنا عبد الله عن سفيان عن ابی هارون العبدی عن ابی سعيد قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم اذا ضرب احدكم خادمه فذكر الله فارفعوا ايديكم وابو هارون العبدی اسمه عمارة بن جوين وقال يحيى بن سعيد ضعف شعبة ابا هارون العبدی قال يحيى وما زال ابن عون يروی عن ابی هارون حتی مات **باب** **حدثنا** قتيبة ثنا رشدين بن سعد عن ابی هانئ الخولانی عن ابن عباس بن جليد الحجری عن عبد الله بن عمر قال جاء رجل الی النبی صلی الله عليه وسلم

اور اس باب میں روایت ہے حضرت علی اور ام سلمہ اور ابن عمر اور ابی ہریرہ سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے ہمام بن یحیی سے اُسنے فرقد سے اُسنے مرہ سے اُسنے ابی بکر صدیق سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے غلامون کے ساتھ بُرا برتنے والا جنت مین داخل نہین ہوگا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ اور ایوب سختیانی اور کئی ایک نے فرقد سبخی کے حق مین حافظہ کی وجہ سے کلام کیا ہے **باب** غلامون کو مارنے اور اُنکو گالیین دینے کی ممانعت کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ نے فضیل بن غزوان سے اُسنے ابن ابی نعم سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا ابو القاسم صلے اللہ علیہ وسلم نبی التوبہ نے جو کوئی اپنے غلام کو کوئی تہمت[۱] لگائے درانحالیکہ وہ بری ہو اس سے کہ اُسنے اسکو کہا ہے تو اللہ تعالے قیامت کے دن اُسپر حد قائم کریگا مگر یہ کہ ہو اسیطرح کہ اُسنے کہا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس باب مین روایت ہے سوید بن مقرن اور عبد اللہ بن عمر اور ابن ابی نعم سے وہ عبد الرحمن بن ابی نعم بجلی ہے کنیت اسکی ابا الحکم ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے مؤمل نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اعمش سے اُسنے ابراہیم تیمی سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی مسعود سے کہا اُسنے مین اپنے غلام کو مار رہا تھا کہ مین نے اپنے پیچھے سے ایک آنیوالے کی آواز سُنی کہ وہ کہتا تھا جان لے یہ بات اے ابا مسعود جان لے یہ بات اے ابا مسعود پس مڑکر دیکھا مین نے تو وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تھے پس فرمایا آپ نے اللہ تعالے تجھپر زیادہ قادر ہے بہ نسبت تیرے اُسپر۔ کہا ابو مسعود نے سو مین نے پیچھے اُسکے کسی غلام کو نہین مارا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابراہیم تیمی وہ ابراہیم بن یزید بن شریک ہے **باب** خادم کے ادب کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ نے سفیان سے اُسنے ابی ہارون عبدی سے اُسنے ابی سعید سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب کوئی تم مین سے اپنے خادم کو مارے اور وہ اللہ تعالے کو یاد کرے یعنے اسکے نام کی سفارش کرے تو اپنے ہاتھون کو اُسکے اُٹھالو۔ اور ابو ہارون عبدی کا نام عمارہ بن جوین ہے۔ اور کہا یحیی بن سعید نے شعبہ نے ابا ہارون عبدی کو ضعیف کیا ہے۔ کہا یحیی نے ہمیشہ ہی ابن عون ابی ہارون سے روایت کرتا رہا تاکہ وہ مرگیا **باب** **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے رشدین بن سعد نے ابی ہانی خولانی سے اُسنے عباس بن جلید حجری سے اُسنے عبد اللہ بن عمر سے کہ کہا اُسنے ایک مرد نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا

---

[۱] یعنے مالک نے اپنے غلام کو ایسی تہمت لگائی جس سے وہ بری تھا اسکے اعتقاد مین یا واقع مین مثلاً کہا کہ وہ حرامزادہ ہے تو اُسپر اللہ تعالے قیامت کے دن حد قائم کریگا مگر جب کہ وہ واقع مین ایسا ہی ہو جیسا کہ اُسنے کہا ہے اور اگرچہ اُسکے اعتقاد کے مخالف ہو تو اسکا بچاؤ ہے یعنے اسکو حد نہین ماری جائیگی ۱۲

عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال بینما رجل یمشی فی الطریق اذ وجد غصن شوک فاخرہ فشکر اللہ لہ فغفر لہ وفی الباب عن ابی برزۃ وابن عباس وابی ذر ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء ان المجالس بالامانۃ **حدثنا** احمد بن محمد ثنا عبد اللہ بن المبارک عن ابن ابی ذئب قال اخبرنی عبد الرحمن بن عطاء عن عبد الملک بن جابر بن عتیک عن جابر بن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا حدث الرجل الحدیث ثم التفت فھی امانۃ ھذا حدیث حسن وانما نعرفہ من حدیث ابن ابی ذئب **باب** ماجاء فی السخاء **حدثنا** ابو الخطاب زیاد بن یحیی الحسانی البصری ثنا حاتم بن وردان ثنا ایوب عن ابن ابی ملیکۃ عن اسماء بنت ابی بکر قالت قلت یارسول اللہ انہ لیس لی من شیء الا ما ادخل علی الزبیر افاعطی قال نعم لاتوکی فیوکا علیک وفی الباب عن عائشۃ وابی ھریرۃ ھذا حدیث حسن صحیح وروی بعضھم ھذا الحدیث بھذا الاسناد عن ابن ابی ملیکۃ عن عباد بن عبد اللہ بن الزبیر عن اسماء بنت ابی بکر وروی غیر واحد ھذا عن ایوب ولم یذکروا فیہ عن عباد بن عبد اللہ بن الزبیر **حدثنا** الحسن بن عرفۃ ثنا سعید بن محمد الوراق عن یحیی بن سعید عن الاعرج عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال السخی قریب من اللہ قریب من الجنۃ قریب من الناس بعید من النار والبخیل بعید من اللہ بعید من الجنۃ بعید من الناس قریب من النار والجاھل السخی احب الی اللہ من عابد بخیل ھذا حدیث غریب لانعرفہ من حدیث یحیی بن سعید عن الاعرج عن ابی ھریرۃ الا من حدیث سعید بن محمد وقد خولف سعید بن محمد فی روایۃ ھذا الحدیث عن یحیی بن سعید انما یروی عن یحیی بن سعید عن عائشۃ شیء مرسل

اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے اسوقت میں کہ ایک مرد راستہ میں چلا جاتا تھا کہ اُسنے کانٹے کی شاخ پائی پھر راہ سے اُسنے اُسکو دور کردیا تو خدا نے اُسکی قدر دانی کی سو اُسکو بخشدیا[1]۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی برزہ اور ابن عباس اور ابی ذر سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اس بیان میں کہ مجالس ساتھ امانت کے ہیں[2] **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے ابن ابی ذئب سے کہا خبر دی مجھے عبد اللہ بن عطا نے عبد الملک بن جابر بن عتیک سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جب مرد کوئی بات کرے پھر وہ پھر کر جھانکے تو وہ امانت ہے۔ یہ حدیث حسن ہے ہم تو فقط اسکو طریق ابن ابی ذئب سے ہی پہچانتے ہیں **باب** سخاوت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابو الخطاب یعنے زیاد بن یحیی حسانی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے حاتم بن وردان نے کہا حدیث کی ہمسے ایوب نے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے اسماء بنت ابی بکر سے کہا اُسنے میں نے کہا یارسول اللہ میرے پاس کوئی چیز نہیں ہوتی سوائے اسکے جو زبیر میرے پاس لاتا ہے کیا میں اس سے دون فرمایا آپ نے ہاں نہ سختی کریں تجھپر سختی کیجائیگی[3]۔ اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور ابی ہریرہ سے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور بعض نے اس حدیث کو ساتھ اس اسناد کے ابن ابی ملیکہ سے روایت کی ہے اُسنے عباد بن عبد اللہ بن زبیر سے اُسنے اسماء بنت ابی بکر سے۔ اور روایت کیا ہے کئی ایک نے اسکو ایوب سے اور انھون نے اسمین عباد بن عبد اللہ بن زبیر کا ذکر نہیں کیا۔ **حدیث** کی ہمسے حسن بن عرفہ نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن محمد وراق نے یحیی بن سعید سے اُسنے اعرج سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے سخی قریب ہے اللہ سے قریب ہے جنت سے قریب ہے لوگون سے بعید ہے آگ سے۔ اور بخیل دور ہے اللہ سے دور ہے جنت سے دور ہے لوگون سے قریب ہے آگ سے اور سخی جاہل اللہ کے نزدیک عابد بخیل سے زیادہ محبوب ہے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو طریق یحیی بن سعید سے جو راوی ہے اعرج سے وہ ابی ہریرہ سے مگر طریق سعید بن محمد سے۔ اور سعید بن محمد اس حدیث کی روایت مین یحیی بن سعید رح سے مخالف ہوا ہے فقط بواسطہ یحیی بن سعید کے عائشہ سے شیء مرسل مروی ہے

---

[1] معلوم ہوا کہ بندگان خدا کو راحت رسانی خدا کو نہایت پسند ہے اور ثابت ہوا کہ ادنی نیک کام بھی اگر خالص نیت سے ہو تو گناہ کے مغفرت کا سبب ہے ۱۲ منہ

[2] یعنے مجلسو نمین جو بات چیت ہو اسکو کسی کے آگے بیان نہ کرنا چاہیئے وہ آدمی کے آگے امانت ہے مجلس سے وہی مراد ہے کہ جہاں دو چار مل کر پوشیدہ کسی مشورہ کے لئے بیٹھے ہوں اسکو مشہور نہ کرنا چاہیئے اور جو مجلس ہی اسی غرض کے لئے منعقد ہوئی ہو تو اسکو بیشک مشہور کرے بلکہ اسکو مشہور کرنا ہی چاہیئے حدیث باب میں ہے کہ جب کسی نے بات کر کے جھانک کر دیکھا کہ کوئی اور سنتا تو نہیں تو ایسی بات امانت ہے اسکو نگاہ رکھنی چاہیئے ۱۲ منہ

[3] اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عورت کو خاوند کے مال سے بلا اذن اسکے خرچ کرنا جائز ہے اور خرچ کرنا اُسیقدر جائز ہے کہ موافق عادت کے خرچ کرے اور جن روایات سے ممانعت معلوم ہوتی ہے اُنسے مراد یہی ہے کہ رواج سے زیادہ خرچ کرنا بلا اذن خاوند کے منع ہے ۱۲ ۱۲

ثنا الربیع بن مسلم ثنا محمد بن زیاد عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من لا یشکر الناس لا یشکر اللہ ھذا حدیث صحیح **حدثنا** ھناد ثنا ابو معاویۃ عن ابن ابی لیلی ح وثنا سفیان بن وکیع ثنا حمید بن عبد الرحمن الرواسی عن ابن ابی لیلی عن عطیۃ عن ابی سعید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ وفی الباب عن ابی ھریرۃ والاشعث بن قیس والنعمان بن بشیر ھذا حدیث حسن **باب** ماجاء فی صنائع المعروف **حدثنا** عباس بن عبد العظیم العنبری ثنا النضر بن محمد الجرشی الیمامی ثنا عکرمۃ بن عمار ثنا ابو زمیل عن مالک بن مرثد عن ابیہ عن ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تبسمک فی وجہ اخیک لک صدقۃ وامرک بالمعروف ونھیک عن المنکر صدقۃ وارشادک الرجل فی ارض الضلال لک صدقۃ وبصرک للرجل الردی البصر لک صدقۃ واماطتک الحجر والشوک والعظم عن الطریق لک صدقۃ وافراغک من دلوک فی دلو اخیک لک صدقۃ وفی الباب عن ابن مسعود وجابر وحذیفۃ وعائشۃ وابی ھریرۃ ھذا حدیث حسن غریب وابو زمیل سماک ابن الولید الحنفی والنضر بن محمد ھو الجرشی الیمامی **باب** ماجاء فی المنحۃ **حدثنا** ابو کریب ثنا ابراھیم بن یوسف بن ابی اسحق عن ابیہ عن ابی اسحق عن طلحۃ بن مصرف قال سمعت عبد الرحمن بن عوسجۃ یقول سمعت البراء بن عازب یقول سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول من منح منیحۃ لبن او ورق اوھدی زقاقا کان لہ مثل عتق رقبۃ ھذا حدیث حسن صحیح غریب من حدیث ابی اسحق عن طلحۃ بن مصرف لا نعرفہ الا من ھذا الوجہ وقد روی منصور بن المعتمر وشعبۃ عن طلحۃ بن مصرف ھذا الحدیث وفی الباب عن النعمان بن بشیر ومعنی قولہ من منح منیحۃ ورق انما یعنی بہ قرض الدراھم وقولہ اوھدی زقاقا قال انما یعنی بہ ھدایۃ الطریق وھو ارشاد السبیل **باب** ماجاء فی اماطۃ الاذی عن الطریق **حدثنا** قتیبۃ عن مالک بن انس عن سمی عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ

کہا حدیث کی ہمسے ربیع بن مسلم نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن زیاد نے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص لوگوں کا شکر نہ کرے وہ اللہ تعالیٰ کا شکر بھی نہیں کرتا۔ یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے ابو معاویہ سے اُسنے ابن ابی لیلے سے ح اور حدیث کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے حمید بن عبد الرحمن رواسی نے ابن ابی لیلی سے اُسنے عطیہ سے اُسنے ابی سعید سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی لوگوں کا شکر نہیں کرتا وہ اللہ کا شکر بھی نہیں کرتا۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور اشعث بن قیس اور نعمان بن بشیر سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن ہے **باب** نیکی کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عباس بن عبد العظیم عنبری نے کہا حدیث کی ہمسے نضر بن محمد جرشی یمامی نے کہا حدیث کی ہمسے عکرمہ بن عمار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو زمیل نے مالک بن مرثد سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ذر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تیرا اپنے بھائی کو ہنسی سے ملنا یعنے خوشی سے تیرے لئے صدقہ ہے۔ اور تیرا نیکی کے ساتھ امر کرنا اور بُرے کاموں سے منع کرنا تیرے لئے صدقہ ہے اور راستہ بھولے کو سیدھے راستہ میں لگانا تیرے لئے صدقہ ہے اور اندھے آدمی کو دکھلانا تیرے لئے صدقہ ہے اور راستہ سے پتھر اور کانٹے اور ہڈیوں کا دور کرنا تیرے لئے صدقہ ہے۔ اور اپنے ڈول سے اپنے بھائی کے ڈول میں پانی ڈالنا تیرے لئے صدقہ ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن مسعود اور جابر اور حذیفہ اور عائشہ اور ابی ہریرہ سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور ابو زمیل وہ سماک بن ولید حنفی ہے۔ اور نضر بن محمد وہ جرشی یمامی ہے **باب** عاریت[1] کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے ابراہیم بن یوسف بن ابی اسحاق نے اپنے باپ سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے طلحہ بن مصرف سے کہا اُسنے سنا میں نے عبد الرحمن بن عوسجہ سے کہتا کہ سنا میں نے براء بن عازب سے کہتا سنا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے جو کوئی دودھارا اونٹ یا بکری یا گائے یا چاندی کسی کو عاریتاً دیگا یا سیدھا راستہ بتائیگا تو اسکے لئے غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ہوگا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے طریق ابی اسحاق سے جو راوی ہے طلحہ بن مصرف سے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے۔ اور روایت کیا ہے اس حدیث کو منصور بن معتمر اور شعبہ نے طلحہ بن مصرف سے۔ اور اس باب میں روایت ہے نعمان بن بشیر سے۔ اور معنے قولہ من منح منیحۃ ورق کے یہ ہیں کہ کسی کو درم قرض دے۔ اور معنے قولہ او ہدی زقاقا کے یہ ہیں کہ کسی کو راستہ ہدایت کرے مراد اس سے سیدھا راستہ بتانا ہے **باب** راستہ سے پلیدی دور کرنیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے مالک بن انس سے اُسنے سمی سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے

[1] عاریت کے معنے لغت اور شرع اور اصطلاح میں اباحت منافع کے ہیں یعنے کسی کو اصل مال کا نفع مباح کر دینا اور جس چیز کے ساتھ نفع پکڑنا ساتھ ہلاک کرنے اصل مال کے ہو وہ شے عاریت میں داخل نہیں

ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر فليقل خيرا او ليسكت هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** ابن ابي عمر ثنا سفيان عن ابن عجلان
عن سعيد المقبري عن ابي شريح الكعبي ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الضيافة ثلثة ايام وجائزته يوم وليلة وما انفق
عليه بعد ذلك فهو صدقة ولا يحل له ان يثوي عنده حتى يحرجه ومعنى قوله لا يثوي عنده يعني الضيف لا يقيم عنده حتى يشتد
على صاحب المنزل والحرج هو الضيق انما قوله حتى يحرجه يقول حتى يضيق عليه وفي الباب عن عائشة وابي هريرة وقد رواه مالك
بن انس والليث بن سعد عن سعيد المقبري هذا حديث حسن صحيح وابو شريح الخزاعي هو الكعبي وهو العدوي واسمه خويلد
بن عمرو **باب** ماجاء في السعي على الارملة واليتيم **حدثنا** الانصاري ثنا معن ثنا مالك عن صفوان بن سليم يرفعه الى
النبي صلى الله عليه وسلم قال الساعي على الارملة والمسكين كالمجاهد في سبيل الله او كالذي يصوم النهار ويقوم الليل
حدثنا الانصاري نا معن نا مالك عن ثور بن زيد عن ابي الغيث عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم مثل ذلك هذا
حديث حسن صحيح غريب وابو الغيث اسمه سالم مولى عبد الله بن مطيع وثور بن يزيد شامي وثور بن زيد مدني **باب** ماجاء
في طلاقة الوجه وحسن البشر **حدثنا** قتيبة ثنا المنكدر بن محمد بن المنكدر عن ابيه عن جابر بن عبد الله قال قال رسول الله
صلى الله عليه وسلم كل معروف صدقة وان من المعروف ان تلقا اخاك بوجه طلق وان تفرغ من دلوك في اناء اخيك وفي
الباب عن ابي ذر هذا حديث حسن صحيح **باب** ماجاء في الصدق والكذب **حدثنا** هناد ثنا ابو معاوية عن الاعمش
عن شقيق بن سلمة عن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم عليكم بالصدق فان
الصدق يهدي الى البر وان البر يهدي الى الجنة وما يزال الرجل يصدق

اور جو کوئی ایمان لایا ہو اللہ کا اور دن قیامت کا تو چاہیئے کہ نیک بات بولا کرے یا چپ[1] رہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابن
ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابن عجلان سے اُسنے سعید مقبری سے اُسنے ابی شریح کعبی سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا ضیافت تین دن ہی اور جائزہ یعنے اچھی خدمت ایک دن رات ہی اور جو کچھ بعد اسکے اسپر خرچ کرے تو وہ صدقہ ہی۔ اور اسکے لیئے اسکے پاس ٹھہرنا
حلال نہین تاکہ اسکو تنگی مین ڈالے۔ اور معنے قولہ لا یثوی عندہ کے یہ ہین کہ مہمان کو اسکے پاس ٹھہرنا نہین چاہیئے حتی کہ مکان والے پر تنگی گذرے اور
حرج کے معنے تنگی کے ہین انما یحرجہ کے یہ معنے ہین کہ اسپر تنگی گذرے۔ اور اس باب مین روایت ہی عائشہ اور ابی ہریرہ سے۔ اور روایت کیا ہی اسکو
مالک بن انس اور لیث بن سعد نے سعید مقبری سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ اور ابو شریح خزاعی وہ کعبی ہی اور وہ عدوی ہی اور نام اسکا خویلد بن عمرو ہی
باب بیوجات اور یتیم پر سعی کرنے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے
صفوان بن سلیم سے وہ مرفوع کرتا ہی اسکو طرف نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ فرمایا آپ نے بیوجات اور مساکین پر سعی کرنیوالا مثل مجاہد کے ہی اللہ تعالے
کی راہ مین یا مثل اسکے جو دن کو روزے رکھتا ہی اور رات کو کھڑا ہوتا ہی یعنے تہجد پڑھتا ہی **حدیث** کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن
نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے ثور بن زید سے اُسنے ابی الغیث سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔
یہ حدیث حسن صحیح غریب ہی اور ابو الغیث کا نام سالم ہی جو مولے عبد اللہ بن مطیع کا ہی اور ثور بن یزید شامی ہی اور ثور بن زید مدنی
ہی **باب** خوش پیشانی اور اچھی حالت کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے منکدر بن محمد بن منکدر
نے اپنے باپ سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہر نیکی صدقہ ہی۔ اور نیکی سے یہ کہ
تو اپنے بھائی سے خوش پیشانی سے ملاقات کرے۔ اور یہ کہ تو اپنے ڈول سے اپنے بھائی کے ڈول مین پانی ڈالے اور اس باب مین
روایت ہی ابی ذر سے یہ حدیث حسن صحیح ہی **باب** صدق اور کذب کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی
ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے شقیق بن سلمہ سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے
لازم پکڑو صدق کو کیونکہ صدق نیکی کا راستہ دکھلاتا ہی اور نیکی جنت کا راستہ دکھلاتی ہی اور ہمیشہ آدمی صدق بولتا ہی ۱۲

---

[1] یعنے بیفائدہ باتو نمین اپنی اوقات ضائع نہ کرے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ واہی تباہی قصے کہانیان جنمین نہ دین کا فائدہ ہو نہ دنیا کا انکا کہنا اور سننا دونون منع ہین
اس سے معلوم ہوتا ہی کہ تین روز تک تو مہمان کا حق ہی بعد تین روز کے اسکا حق نہین رہتا اگر کھلائے گا تو وہ اسکا صدقہ ہی ۱۲ ۱۲ ۱۲

باب ماجاء فی البخل **حدثنا** ابو حفص عمرو بن علی ثنا ابو داؤد ثنا صدقة بن موسیٰ ثنا مالك بن دينار عن عبد الله بن غالب الحدانی عن ابی سعيد الخدری قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خصلتان لا تجتمعان فی مومن البخل وسوء الخلق وفی الباب عن ابی هريرة هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث صدقة بن موسیٰ **حدثنا** احمد بن منيع ثنا يزيد بن هارون ثنا صدقة بن موسیٰ عن فرقد السبخی عن مرة الطيب عن ابی بكر الصديق عن النبی صلى الله عليه وسلم قال لا يدخل الجنة خب و لا بخيل ولا منان هذا حديث حسن غريب **حدثنا** محمد بن رافع ثنا عبد الرزاق عن بشر بن رافع عن يحيی بن ابی كثير عن ابی سلمة عن ابی هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم المؤمن غر كريم والفاجر خب لئيم هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه **باب** ماجاء فی النفقة على الاهل **حدثنا** احمد بن محمد ثنا عبد الله بن المبارك عن شعبة عن عدی بن ثابت عن عبد الله بن يزيد عن ابی مسعود عن النبی صلى الله عليه وسلم قال نفقة الرجل على اهله صدقة وفی الباب عن عبد الله بن عمرو وعمرو بن امية وابی هريرة هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** قتيبة ثنا حماد بن زيد عن ايوب عن ابی قلابة عن ابی اسماء عن ثوبان ان النبی صلى الله عليه وسلم قال افضل الدينار دينار ينفقه الرجل على عياله ودينار ينفقه الرجل على دابته فی سبيل الله ودينار ينفقه الرجل على اصحابه فی سبيل الله قال ابو قلابة بدء بالعيال ثم قال وای رجل اعظم اجرا من رجل ينفق على عيال له صغار يعفهم الله به ويغنيهم الله به هذا حديث حسن صحيح **باب** ماجاء فی الضيافة **حدثنا** قتيبة ثنا الليث بن سعد عن سعيد بن ابی سعيد المقبری عن ابی شريح العدوی انه قال ابصرت عيناى رسول الله صلى الله عليه وسلم وسمعته اذناى حين تكلم به قال من كان يؤمن بالله واليوم الاخر فليكرم ضيفه جائزته قالوا وما جائزته قال يوم وليلة قال و الضيافة ثلثة ايام وما كان بعد ذلك فهو صدقة

باب بخل کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے ابو حفص یعنے عمرو بن علی نے کہا حدیث کی ہم سے ابو داؤد نے کہا حدیث کی ہم سے صدقہ بن موسیٰ نے کہا حدیث کی ہم سے مالک بن دینار نے عبد اللہ بن غالب حدانی سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دو خصلتیں مومن میں جمع نہیں ہوتیں بخل اور بدخلقی۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق صدقہ بن موسیٰ سے **حدیث** کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہم سے صدقہ بن موسیٰ نے فرقد سبخی سے اُسنے مرہ طیب سے اُسنے ابی بکر صدیق سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جنت میں مکار داخل نہیں ہوگا اور نہ بخیل اور نہ چغل خور۔ یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہم سے محمد بن رافع نے کہا حدیث کی ہم سے عبد الرزاق نے بشر بن رافع سے اُسنے یحییٰ بن ابی کثیر سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مومن سلیم الصدر کریم ہے اور فاجر مکار بخیل ہے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے **باب** اہل کے نفقہ کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے احمد بن محمد نے کہا حدیث کی ہم سے عبد اللہ بن مبارک نے شعبہ سے اُسنے عدی بن ثابت سے اُسنے عبد اللہ بن یزید سے اُسنے ابی مسعود سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے مرد کا اپنے اہل پر خرچ کرنا صدقہ ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن عمرو اور عمرو بن امیہ اور ابی ہریرہ سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے حماد بن زید نے ایوب سے اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے ابی اسماء سے اُسنے ثوبان سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا افضل دیناروں سے وہ دینار ہے جسکو مرد اپنے عیال پر خرچ کرے اور وہ دینار کہ جسکو مرد اپنے چارپائے پر اللہ تعالے کی راہ میں خرچ کرے اور وہ دینار کہ جسکو مرد اپنے صاحبوں پر اللہ تعالے کی راہ میں صرف کرے۔ کہا ابو قلابہ نے نبی صلعم نے پہلے عیال سے شروع فرمایا پھر فرمایا آپ نے آخر میں اور کون شخص ہے زیادہ اجر والا اس سے جو اپنے چھوٹے بچوں پر صرف کرتا ہے اللہ تعالے انکو اس باعث سے سوال سے بچاتا ہے اور اللہ انکو اس سے غنی کرتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** ضیافت کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے لیث بن سعد نے سعید بن ابی سعید مقبری سے اُسنے ابی شریح عدوی سے یہ کہ کہا اُسنے میری آنکھوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے اور میرے کانوں نے آپ سے سُنا ہے جبکہ آپ نے یہ کلام کیا کہ فرمایا آپ نے جو ایمان لایا ہو اللہ کا اور قیامت کے دن کا تو اُسکو چاہیے کہ اپنے مہمان کی مہمانی اچھی طرح سے کرے کہا لوگوں نے اچھی مہمانی کب تک ہے فرمایا آپ نے ایک دن رات فرمایا آپ نے اور مہمانی تین دن ہے اور جو کچھ بعد اسکے ہو سو وہ صدقہ ہے۔

حدثنا زيد بن اخزم الطائي البصري ثنا بشر بن عمر ثنا ابان بن يزيد عن قتادة عن ابي العالية عن ابن عباس ان رجلا لعن الريح
عند النبي صلى الله عليه وسلم فقال لا تلعن الريح فانها مامورة وانه من لعن شيئا ليس له باهل رجعت اللعنة عليه هذا حديث
حسن غريب لا نعلم احدا اسنده غير بشر بن عمر **باب** ما جاء في تعليم النسب **حدثنا** احمد بن محمد ثنا عبد الله بن المبارك
عن عبد الملك بن عيسى الثقفي عن يزيد مولى المنبعث عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال تعلموا من انسابكم ما تصلون
به ارحامكم فان صلة الرحم محبة في الاهل مثراة في المال منساة في الاثر هذا حديث غريب من هذا الوجه ومعنى قوله منساة
في الاثر يعني به الزيادة في العمر **باب** ما جاء في دعوة الاخ لاخيه بظهر الغيب **حدثنا** عبد بن حميد ثنا قبيصة عن سفيان
عن عبد الرحمن بن زياد بن انعم عن عبد الله بن يزيد عن عبد الله بن عمرو عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ما دعوة اسرع اجابة من دعوة غائب
لغائب هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه والافريقي يضعف في الحديث وهو عبد الرحمن بن زياد بن انعم الافريقي
باب ما جاء في الشتم **حدثنا** قتيبة ثنا عبد العزيز بن محمد عن العلاء بن عبد الرحمن عن ابيه عن ابي هريرة ان رسول الله
صلى الله عليه وسلم قال المستبان ما قالا فعلى البادئ منهما ما لم يعتد المظلوم وفي الباب عن سعد وابن مسعود وعبد الله
بن مغفل هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمود بن غيلان ثنا ابو داؤد الحفري عن سفيان عن زياد بن علاقة قال سمعت المغيرة
بن شعبة يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تسبوا الاموات فتؤذوا الاحياء وقد اختلف اصحاب سفيان في هذا الحديث
فروى بعضهم مثل رواية الحفري وروى بعضهم عن سفيان عن زياد بن علاقة قال سمعت رجلا يحدث عند المغيرة بن
شعبة عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه

حدیث کی ہمسے زید بن اخزم طائی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن عمر نے کہا حدیث کی ہمسے ابان بن یزید نے قتادہ سے اُسنے ابی العالیہ
سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ ایک مرد نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے روبرو ہوا پر لعنت کی سو فرمایا آپ نے ہوا پر لعنت نہ کر کیونکہ یہ مامور ہے
یعنے اللہ کے حکم سے چلتی ہے اور جو کوئی کسی ایسی چیز پر لعنت کریگا کہ جسکی وہ اہل نہیں تو لعنت اُسپر عائد ہوتی ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے
ہم نہیں جانتے کہ سوائے بشر بن عمر کے کسی اور نے بھی اسکو مسند کیا ہو **باب** نسب کی تعلیم کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد
نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے عبد الملک بن عیسیٰ ثقفی سے اُسنے یزید سے جو منبعث کا غلام ہے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی
صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے اپنے انساب اسقدر سیکھو کہ جس سے تم اپنے رحم میں مواصلت کرسکو کیونکہ صلہ رحمی محبت ہے اہل میں
زیادہ کرنیوالی ہے مال میں زیادتی کرنیوالی ہے عمر میں۔ یہ حدیث اس طریق سے غریب ہے۔ اور معنے قولہ منساۃ فی الاثر کے یہ ہیں کہ اس سے عمر میں
زیادتی ہوتی ہے **باب** بیان میں دعا ایک بھائی کے واسطے دوسرے بھائی کے پیچھے پشت کے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی
ہمسے قبیصہ نے سفیان سے اُسنے عبد الرحمن بن زیاد بن انعم سے اُسنے عبد اللہ بن یزید سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ
فرمایا آپ نے کوئی دعا زیادہ قبول نہیں ہوتی اس دعا سے جو غائب کی غائب کے حق میں ہو۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اس طریق سے
اور افریقی حدیث میں ضعیف ہے اور وہ عبد الرحمن بن زیاد بن انعم افریقی ہے **باب** گالیوں کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی
ہمسے عبد العزیز بن محمد نے علا بن عبد الرحمن سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ دونوں گالی
دینے والوں نے جو کہا سو اُسکا گناہ اسی پر ہے جسنے پہلے گالی دی جبتک کہ مظلوم زیادتی نہ کرے۔ اور اس باب میں روایت ہے سعد اور ابن مسعود اور
عبد اللہ بن مغفل سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد حفری نے سفیان
سے اُسنے زیاد بن علاقہ سے کہا اُسنے سنا میں نے مغیرہ بن شعبہ سے کہ فرماتے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مردوں کو گالیاں مت دو ایذا دو
گے تم زندوں کو۔ اور سفیان کے شاگردوں نے اس حدیث میں اختلاف کیا ہے سو بعض نے تو مثل روایت حفری کے بیان کیا ہے اور بعض نے بواسطہ
سفیان کے زیاد بن علاقہ سے روایت کی ہے کہا اُسنے سنا میں نے ایک مرد سے کہ حدیث کرتا تھا پاس مغیرہ بن شعبہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے

لہ یعنے اگر دو شخص آپس میں ایک دوسرے کو گالی دیوے تو دونوں طرف کی گالیوں کا گناہ اُسی پر ہے جسنے اول گالی دینا شروع کیا اسواسطے کہ اُسنے اول راہ نکالی اور اگر مظلوم نے جواب میں زیادہ
کی ایک گالی کے بدلے دو گالیاں دیں تو دونوں گناہ میں شریک ہوئے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گالی کا جواب دینا درست ہے بشرطیکہ حد سے نہ بڑھے لیکن تحمل اور جواب نہ دینے سے نہایت افضل ہے ۱۲

ويتحرى الصدق حتى يكتب عند الله صديقا واياكم والكذب فان الكذب يهدى الى الفجور وان الفجور يهدى الى النار وما يزال العبد يكذب ويتحرى الكذب حتى يكتب عند الله كذابا وفى الباب عن ابى بكر وعمر وعبد الله بن الشخير وابن عمر هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** يحيى بن موسى قال قلت لعبد الرحيم بن هارون الغسانى حدثكم عبد العزيز بن ابى رواد عن نافع عن ابن عمر عن النبى صلى الله عليه وسلم قال اذا كذب العبد تباعد عنه الملك ميلا من نتن ما جاء به قال يحيى فاقر به عبد الرحيم بن هارون وقال نعم هذا حديث حسن جيد غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه تفرد به عبد الرحيم بن هارون **باب** ما جاء فى الفحش **حدثنا** محمد بن عبد الاعلى وغير واحد قالوا ثنا عبد الرزاق عن معمر عن ثابت عن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما كان الفحش فى شئ الا شانه وما كان الحياء فى شئ الا زانه وفى الباب عن عائشة قال ابو عيسى هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من حديث عبد الرزاق **حدثنا** محمود بن غيلان ثنا ابو داود انبانا شعبة عن الاعمش قال سمعت ابا وائل يحدث عن مسروق عن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خياركم احاسنكم اخلاقا ولم يكن النبى صلى الله عليه وسلم فاحشا ولا متفحشا هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء فى اللعنة **حدثنا** محمد بن المثنى ثنا عبد الرحمن بن مهدى ثنا هشام عن قتادة عن الحسن عن سمرة بن جندب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تلاعنوا بلعنة الله ولا بغضبه ولا بالنار وفى الباب عن ابن عباس وابى هريرة وابن عمر وعمران بن حصين هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمد بن يحيى الازدى البصرى ثنا محمد بن سابق عن اسرائيل عن الاعمش عن ابراهيم عن علقمة عن عبد الله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس المؤمن بالطعان ولا اللعان ولا الفاحش ولا البذئ هذا حديث حسن غريب وقد روى عن عبد الله من غير هذا الوجه

اور صادق کا قصد کرتا ہے تاکہ اللہ کے نزدیک صدیق لکھا جاتا ہے اور بچو کذب سے کیونکہ فسق کا راستہ بتلاتا ہے اور فسق آگ کا راستہ دکھلاتا ہے اور ہمیشہ آدمی جھوٹ بولتا ہے اور جھوٹ کا قصد کرتا ہے تاکہ وہ اللہ کے نزدیک کذاب لکھا جاتا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی بکر اور عمر اور عبد اللہ بن شخیر اور ابن عمر سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے یحیی بن موسی نے کہا اُسنے میں نے عبد الرحیم بن ہارون غسانی سے کہا کیا تمکو عبد العزیز بن ابی رواد نے حدیث کی ہے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جب آدمی جھوٹ بولتا ہے تو فرشتہ اُس سے میل بھر کا فاصلہ اُسکی بُرائی سے جسکو وہ لایا ہے دور رہ جاتا ہے۔ کہا یحیی نے پس اقرار کیا ساتھ اسکے عبد الرحیم بن ہارون نے اور کہا ہاں۔ یہ حدیث حسن جید غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے متفرد ہوا ہے ساتھ اسکے عبد الرحیم بن ہارون **باب** بیحیائی کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد الاعلے اور کئی ایک نے کہا اُنھوں نے حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے معمر سے اُسنے ثابت سے اُسنے انس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس چیز میں بیحیائی ہوتی ہے اُسکو وہ عیبدار کردیتی ہے اور جسمیں حیا ہوتی ہے اُسکو وہ روشن کردیتی ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے عائشہ سے۔ کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق عبد الرزاق سے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داود نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے اعمش سے کہا سنا میں نے ابا وائل سے کہ حدیث کرتا تھا مسروق سے وہ عبد اللہ بن عمرو سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تم لوگوں سے بہتر آدمی وہ ہے جو اخلاق میں تمسے بہتر ہے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نہ فاحش[1] تھے اور نہ متفحش۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** لعنت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے ہشام نے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے سمرہ بن جندب سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ لعنت[2] کرو ساتھ لعنت اللہ کے اور نہ ساتھ اُسکے غضب کے اور نہ ساتھ آگ کے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عباس اور ابی ہریرہ اور ابن عمر اور عمران بن حصین سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی ازدی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن سابق نے اُسنے اسرائیل سے اُسنے اعمش سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے علقمہ سے اُسنے عبد اللہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے طعن کرنیوالا اور لعنت کرنیوالا اور بیحیا اور بیہودہ گو مؤمن نہیں ہوتا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور غیر اس طریق سے بھی عبد اللہ سے مروی ہے

[1] یعنے فحش آپ کے کلام میں نہ کسی تھا اور نہ جبلی ۱۲ [2] یعنے اسطرح نہ کہو کہ تمپر اللہ کی لعنت ہو یا تمپر اُسکا غضب نازل ہو یا تمکو آگ میں ڈالے ۱۲

بہذا الاسناد قال محمود وثنا وکیع عن سفیان عن حبیب بن ابی ثابت عن میمون بن ابی شبیب عن معاذ بن جبل عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ قال محمود والصحیح حدیث ابی ذر **باب ماجاء فی ظن السوء حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان عن ابی الزناد عن الاعرج عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ایاکم والظن فان الظن اکذب الحدیث ھذا حدیث حسن صحیح سمعت عبد بن حمید یذکر عن بعض اصحاب سفیان قال قال سفیان الظن ظنان فظن اثم وظن لیس باثم فاما الظن الذی ھو اثم فالذی یظن ظنا ویتکلم بہ واما الظن الذی لیس باثم فالذی یظن ولا یتکلم بہ **باب ماجاء فی المزاح حدثنا** عبد اللہ بن الوضاح الکوفی ثنا عبد اللہ بن ادریس عن شعبۃ عن ابی التیاح عن انس قال ان کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیخالطنا حتی ان کان لیقول لاخ لی صغیر یا ابا عمیر ما فعل النغیر **حدثنا** ھناد ثنا وکیع عن شعبۃ عن ابی التیاح عن انس نحوہ ھذا حدیث حسن صحیح وابو التیاح اسمہ یزید بن حمید **حدثنا** العباس بن محمد الدوری ثنا علی بن الحسن ثنا عبد اللہ بن المبارک عن اسامۃ بن زید عن سعید المقبری عن ابی ھریرۃ قال قالوا یا رسول اللہ انک تداعبنا قال انی لا اقول الا حقا ھذا حدیث حسن ومعنی قولہ انک تداعبنا انما یعنون انک تمازحنا **حدثنا** محمود بن غیلان ثنا ابو اسامۃ عن شریک عن عاصم الاحول عن انس بن مالک ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لہ یا ذا الاذنین قال محمود قال ابو اسامۃ انما یعنی بہ انما یمازحہ **حدثنا** قتیبۃ ثنا خالد بن عبد اللہ الواسطی عن حمید عن انس ان رجلا استحمل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال انی حاملک علی ولد ناقۃ فقال یا رسول اللہ ما اصنع بولد الناقۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھل تلد الابل الا النوق ھذا حدیث صحیح غریب

ساتھ اس اسناد کے۔ کہا محمود نے اور حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان سے اُسنے حبیب بن ابی ثابت سے اُسنے میمون بن ابی شبیب سے اُسنے معاذ بن جبل سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ کہا محمود نے اور صحیح حدیث ابوذر کی ہے **باب** بُرے ظن کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی الزناد سے اُسنے اعرج سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بچو تم ظن سے اسلئے کہ ظن بری بات ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے سنا میں نے عبد بن حمید سے کہ ذکر کرتا تھا سفیان کے ایک شاگرد سے کہ کہا اُسنے کہا سفیان نے ظن دو قسم کا ہے ایک ظن تو گناہ ہے اور ایک ظن گناہ نہیں پس بہر حال وہ ظن جو گناہ ہے سو وہ ہے جو ظن کرے اور کلام کرے ساتھ اسکے اور وہ ظن جو گناہ نہیں سو وہ ہے کہ ظن کرے اور کلام نہ کرے **باب** مزاح کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن وضاح کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن ادریس نے شعبہ سے اُسنے ابی التیاح سے اُسنے انس سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہمارے ساتھ مخالطت رکھتے تھے حتیٰ کہ میرے چھوٹے بھائی کو یہ فرمایا کرتے تھے اے ابا عمیر کیا کیا لال نے یعنے تیرے لال کو کیا ہو گیا **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے شعبہ سے اُسنے ابی التیاح سے اُسنے انس سے مثل اسکے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو التیاح کا نام یزید بن حمید ہے **حدیث** کی ہمسے عباس بن محمد دوری نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن حسن نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے اسامہ بن زید سے اُسنے سعید مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے لوگوں نے کہا یا رسول اللہ آپ ہمسے مزاح کرتے ہیں فرمایا آپ نے میں نہیں کہتا مگر سچی بات۔ یہ حدیث حسن ہے اور معنے قولہ انک تداعبنا کے یہ ہیں کہ آپ ہمسے مزاح کرتے ہیں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسامہ نے شریک سے اُسنے عاصم احول سے اُسنے انس بن مالک سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس سے کہا اے دو کانوں والے۔ کہا محمود نے کہ کہا ابو اسامہ نے مراد آپ کی اس سے استہزا تھی **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن عبد اللہ واسطی نے حمید سے اُسنے انس سے یہ کہ ایک مرد نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سواری مانگی فرمایا آپ نے میں تجھے اونٹنی کے بچے پر سوار کرونگا پس کہا اُسنے یا رسول اللہ میں اونٹنی کے بچے کو کیا کروں سو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اور اونٹنی ہی اونٹ جنتی ہے۔ یہ حدیث صحیح غریب ہے

[1] یعنے کسیکے حق میں برا گمان کرنا دو قسم ہے ایک میں تو گناہ اور ایک میں گناہ نہیں جسمیں گناہ ہے وہ یہ ہے کہ گمان کرے اور پھر لوگوں سے بیان کرے کہ فلاں آدمی میں مثلاً یہ عیب ہے دوسرا وہ جو گمان کرے مگر کسی کے آگے بیان نہ کرے اسمیں گناہ نہیں ہے [2] ابو عمیر انس کا چھوٹا بھائی تھا اُسنے چڑیا پالی تھی جسکو ہندی میں لال کہتے ہیں سو وہ لال مرگیا تھا لڑکا اُسکے غم میں اُداس بیٹھا تھا تب حضرت نے اُس سے یہ حدیث فرمائی سبحان اللہ کیا آپ کے اخلاق تھے کہ چھوٹے چھوٹے بچوں کی بھی خاطر داری کرتے تھے ۱۲

حدثنا محمود بن غیلان ثنا وکیع ثنا سفیان عن زبید عن ابی وائل عن عبد الله قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم سباب المسلم فسوق وقتاله کفر قال زبید قلت لابی وائل انت سمعته من عبد الله قال نعم هذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء فی قول المعروف **حدثنا** علی بن حجر ثنا علی بن مسهر عن عبد الرحمٰن بن اسحٰق عن النعمان بن سعد عن علی قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان فی الجنة غرفا تری ظهورها من بطونها وبطونها من ظهورها فقام اعرابی فقال لمن هی یا رسول الله فقال لمن اطاب الکلام واطعم الطعام وادام الصیام وصلی باللیل والناس نیام هذا حدیث غریب لا نعرفه الا من حدیث عبد الرحمٰن بن اسحٰق **باب** ما جاء فی فضل المملوک الصالح **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال نعم ما لاحدهم ان یطیع الله ویؤدی حق سیده یعنی المملوک وقال کعب صدق الله ورسوله وفی الباب عن ابی موسیٰ وابن عمر هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** ابو کریب ثنا وکیع عن سفیان عن ابی الیقظان عن زاذان عن ابن عمر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ثلثة علی کثبان المسک اراه قال یوم القیٰمة عبد ادی حق الله وحق موالیه ورجل ام قوما وهم به راضون ورجل ینادی بالصلوات الخمس فی کل یوم ولیلة هذا حدیث حسن غریب لا نعرفه الا من حدیث سفیان وابو الیقظان اسمه عثمٰن بن قیس **باب** ما جاء فی معاشرة الناس **حدثنا** بندار ثنا عبد الرحمٰن بن مهدی ثنا سفیان عن حبیب بن ابی ثابت عن میمون بن ابی شبیب عن ابی ذر قال قال لی رسول الله صلی الله علیه وسلم اتق الله حیث ما کنت واتبع السیئة الحسنة تمحها وخالق الناس بخلق حسن وفی الباب عن ابی هریرة هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمود بن غیلان ثنا ابو احمد وابو نعیم عن سفیان عن حبیب

حدیث کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے وکیع نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان نے زبید سے اُسنے ابی وائل سے اُسنے عبد الله سے کہا اُسنے فرمایا رسول الله صلے الله علیه وسلم نے مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اُسکا قتل کرنا کفر ہے۔ کہا زبید نے میں نے ابی وائل سے کہا کیا تو نے یہ حدیث عبد الله سے سنی ہے کہا اُسنے ہاں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** کلام نیک کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہم سے علی بن مسہر نے عبد الرحمٰن بن اسحاق سے اُسنے نعمان بن سعد سے اُسنے علی سے کہا اُسنے فرمایا رسول الله صلے الله علیه وسلم نے جنت میں ایسے مکانات ہیں کہ انکے باہر کے اطراف اندر سے دکھائی دیتے ہیں اور اندر اُسکے باہر سے پس ایک اعرابی کھڑا ہوا اور کہنے لگا وہ کسکے لئے ہیں یا رسول الله فرمایا آپ نے اُس شخص کے لئے جو نرم کلام کرے اور کھانا کھلاوے اور ہمیشہ روزہ رکھے اور رات کو نماز پڑھے اس حالت میں کہ لوگ سوتے ہوئے ہوں۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق عبد الرحمٰن بن اسحاق سے **باب** نیک غلام کی فضیلت کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول الله صلے الله علیه وسلم نے فرمایا کیا اچھی بات ہے ہر ایک کے واسطے یہ کہ اطاعت کرے الله کی اور اپنے مالک کا حق بھی ادا کرے مراد آپکی اس سے غلام ہے۔ اور کہا کعب نے سچ فرمایا ہے الله اور اُسکے رسول نے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی موسیٰ اور ابن عمر سے رضی الله عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہم سے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہم سے وکیع نے سفیان سے اُسنے ابی الیقظان سے اُسنے زاذان سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے فرمایا رسول الله صلے الله علیه وسلم نے تین شخص مشک کے ٹیلے پر ہونگے میں گمان کرتا ہوں کہ فرمایا آپ نے قیامت کے دن۔ ایک وہ غلام کہ جسنے الله کا حق اور اپنے مولا کا حق ادا کیا اور دوسرا وہ مرد کہ جسنے ایک قوم کی امامت کی اس حالت میں کہ وہ اُس سے راضی ہیں۔ اور تیسرا وہ مرد کہ جو پانچوں نمازوں کی اذان ہر ایک دن اور رات میں دے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق سفیان سے اور ابو الیقظان کا نام عثمان بن قیس ہے **باب** لوگوں کے ساتھ معاشرت کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے بندار نے کہا حدیث کی ہم سے عبد الرحمٰن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان نے حبیب بن ابی ثابت سے اُسنے میمون بن ابی شبیب سے اُسنے ابی ذر سے کہا اُسنے مجھے رسول الله صلے الله علیه وسلم نے فرمایا الله سے ڈر اگر جہاں کہ تو ہو۔ اور بُرائی کے پیچھے نیکی کر کہ وہ نیکی اس برائی کو محو کریگی۔ اور لوگوں سے اچھے خلق سے مخالطت کر۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے ابو احمد اور ابو نعیم نے سفیان سے اُسنے حبیب سے

---

[1] اسکی صفت آنحضرت نے اسواسطے بیان فرمائی ہے کہ اُسنے اپنے اصلی مالک کا حق یعنے الله تعالیٰ کا اور مجازی مالک کا حق بھی اچھی طرح سے دونوں ادا کئے چنانچہ بعض روایات میں ہے کہ اسکے لئے دو حصے ثواب

لایدخل الجنۃ من کان فی قلبہ مثقال حبۃ من خردل من کبر ولایدخل النار من کان فی قلبہ مثقال حبۃ من ایمان وفی الباب عن ابی ہریرۃ وابن عباس وسلمۃ بن الاکوع وابی سعید ہذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن المثنی وعبد اللہ بن عبد الرحمن قالا ثنا یحیی بن حماد ثنا شعبۃ عن ابان بن تغلب عن فضیل بن عمرو عن ابراہیم عن علقمۃ عن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لایدخل الجنۃ من کان فی قلبہ مثقال ذرۃ من کبر ولایدخل النار من کان فی قلبہ مثقال ذرۃ من ایمان قال فقال رجل انہ یعجبنی ان یکون ثوبی حسنا ونعلی حسنا قال ان اللہ یحب الجمال ولکن الکبر من بطر الحق وغمص الناس ہذا حدیث حسن صحیح غریب **حدثنا** ابو کریب ثنا ابو معاویۃ عن عمر بن راشد عن ایاس بن سلمۃ بن الاکوع عن ابیہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لایزال الرجل یذہب بنفسہ حتی یکتب فی الجبارین فیصیبہ ما اصابہم ہذا حدیث حسن غریب **حدثنا** علی بن عیسی بن یزید البغدادی ثنا شبابۃ بن سوار عن القاسم بن عباس عن نافع بن جبیر بن مطعم عن ابیہ قال یقولون لی فی التیہ وقد رکبت الحمار ولبست الشملۃ وقد حلبت الشاۃ وقد قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من فعل ہذا فلیس فیہ من الکبر شیئ ہذا حدیث حسن غریب **باب** ماجاء فی حسن الخلق **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان ثنا عمرو بن دینار عن ابن ابی ملیکۃ عن یعلی بن مملک عن ام الدرداء عن ابی الدرداء ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ما شیئ اثقل فی میزان المؤمن یوم القیامۃ من خلق حسن فان اللہ تعالی یبغض الفاحش البذی وفی الباب عن عائشۃ وابی ہریرۃ وانس واسامۃ بن شریک ہذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** ابو کریب ثنا قبیصۃ بن اللیث عن مطرف عن عطاء عن ام الدرداء عن ابی الدرداء قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ما من شیئ یوضع فی المیزان اثقل من حسن الخلق

نہیں داخل ہوگا جنت میں وہ شخص کہ جسکے دل میں رائی کے دانے[1] کے برابر تکبر ہوگا۔ اور نہیں داخل ہوگا آگ میں وہ شخص کہ جسکے دل میں ایک دانے کے برابر ایمان ہوگا۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور ابن عباس اور سلمہ بن اکوع اور ابی سعید سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہم سے محمد بن مثنی اور عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا دونوں نے حدیث کی ہم سے یحیی بن حماد نے کہا حدیث کی ہم سے شعبہ نے ابان بن تغلب سے اُسنے فضیل بن عمرو سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے علقمہ سے اُسنے عبد اللہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے نہ داخل ہوگا جنت میں وہ کہ جسکے دل میں ایک ذرہ برابر غرور ہوگا اور نہ داخل ہوگا دوزخ میں وہ کہ جسکے دل میں ایک ذرہ برابر ایمان ہوگا کہا راوی نے پس کہا ایک مرد نے مجھے یہ بات پسند آتی ہے کہ کپڑے اچھے ہوں اور جوتی اچھی ہو فرمایا آپ نے بیشک خدا جمیل ہے دوست رکھتا ہے جمال کو (یہ غرور نہیں) بلکہ گھمنڈ اور غرور ہے حق کو باطل کرنا اور اچھی بات کا انکار کرنا اور لوگوں کو حقیر اور ذلیل جاننا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہم سے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہم سے ابو معاویہ نے عمر بن راشد سے اُسنے ایاس بن سلمہ بن اکوع سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ آدمی خود بخود اپنے درجے سے اُترتا جاتا ہے تاکہ وہ سرکشوں میں لکھا جاتا ہے سو اُسکو وہی عذاب پہونچتا ہے جو اُنکو پہونچتا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہم سے علی بن عیسے بن یزید بغدادی نے کہا حدیث کی ہم سے شبابہ بن سوار نے قاسم بن عباس سے اُسنے نافع بن جبیر بن مطعم سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے لوگ مجھے کہتے ہیں کہ مجھ میں تکبر ہے حالانکہ میں نے گدھے کی سواری کی ہے اور اون کے کپڑے کو پہنا ہے اور بکری کو دوہا ہے اور مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو کوئی یہ کریگا تو اُسمیں کچھ غرور نہیں ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

باب حسن خلق کے بیان میں

حدیث کی ہم سے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان نے کہا حدیث کی ہم سے عمرو بن دینار نے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے یعلی بن مملک سے اُسنے ام الدرداء سے اُسنے ابی الدرداء سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی چیز مومن کی میزان میں قیامت کے دن حسن خلق سے زیادہ وزن دار نہیں اور اللہ تعالے بیحیا بدگو کو دشمن رکھتا ہے۔ اور اس باب میں بھی روایت ہے عائشہ اور ابی ہریرہ اور انس اور اسامہ بن شریک سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہم سے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہم سے قبیصہ بن لیث نے مطرف سے اُسنے عطاء سے اُسنے ام الدرداء سے اُسنے ابی الدرداء سے کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ فرماتے کوئی شی نہیں جو میزان میں رکھی جاوے جو حسن خلق سے زیادہ ثقیل ہو

[1] دانے سے مراد قلت ہے تمثیلاً یہ بیان کیا گیا کبر کا مقابلہ ایمان سے جو ہوا ہے دلالت کرتا ہے کہ مراد کبر سے کفر اور شرک ہے اگر کبر سے کفر ہی مراد ہے تو عدم دخول اسکا جنت میں ظاہر ہے دوسری تاویل یہ ہے کہ اگر کبر سے تکبر ہی مراد ہے تو معنے یہ ہونگے کہ جب اللہ تعالے کسیکو جنت میں داخل کرنیکا ارادہ کریگا تو اسکے دل سے تکبر اور فریب وغیرہ کو دور کر دیگا اور مراد آگ میں داخل ہونگا یہ ہے کہ ہمیشہ آگ میں

باب ماجاء فی المراء **حدثنا** عقبۃ بن مکرم البصری ثنا ابن ابی فدیک قال اخبرنی سلمۃ بن وردان اللیثی عن انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ترک الکذب وھو باطل بنی لہ فی ربض الجنۃ ومن ترک المراء وھو محق بنی لہ فی وسطھا ومن حسن خلقہ بنی لہ فی اعلاھا ھذا حدیث حسن لانعرفہ الا من حدیث سلمۃ بن وردان عن انس **حدثنا** فضالۃ بن الفضل الکوفی ثنا ابوبکر بن عیاش عن ابن وھب بن منبہ عن ابیہ عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کفی بک اثما ان لاتزال مخاصما ھذا حدیث غریب لانعرفہ مثل ھذا الا من ھذا الوجہ **حدثنا** زیاد بن ایوب ثنا المحاربی عن لیث عن عبد الملک عن عکرمۃ عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لاتمار اخاک ولاتمازحہ ولاتعدہ موعدا فتخلفہ ھذا حدیث غریب لانعرفہ الا من ھذا الوجہ **باب** ماجاء فی المداراۃ **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان عن محمد بن المنکدر عن عروۃ بن الزبیر عن عائشۃ قالت استأذن رجل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانا عندہ فقال بئس ابن العشیرۃ او اخو العشیرۃ ثم اذن لہ فالان لہ القول فلما خرج قلت لہ یارسول اللہ قلت لہ ماقلت ثم النت لہ القول قال یاعائشۃ ان من شر الناس من ترکہ الناس او ودعہ الناس اتقاء فحشہ ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی الاقتصاد فی الحب والبغض **حدثنا** ابوکریب ثنا سوید بن عمرو الکلبی عن حماد بن سلمۃ عن ایوب عن محمد بن سیرین عن ابی ھریرۃ اراہ رفعہ قال احبب حبیبک ھونا ما عسی ان یکون بغیضک یوما ما وابغض بغیضک ھونا ما عسی ان یکون حبیبک یوما ما ھذا حدیث غریب لانعرفہ بھذا الاسناد الا من ھذا الوجہ وقد روی ھذا الحدیث عن ایوب باسناد غیر ھذا رواہ الحسن بن ابی جعفر وھو حدیث ضعیف ایضا باسناد لہ عن علی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم والصحیح ھذا عن علی موقوفا **باب** ماجاء فی الکبر **حدثنا** ابوھشام الرفاعی ثنا ابوبکر بن عیاش عن الاعمش عن ابراھیم عن علقمۃ عن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

باب جھگڑے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عقبہ بن مکرم بصری نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی فدیک نے کہا خبر دی مجھے سلمہ بن وردان لیثی نے انس بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی جھوٹ کو چھوڑدے اس حالت میں کہ وہ جھوٹا ہو تو اسکے واسطے باہر جنت کے گھر بنایا جاتا ہے اور جو کوئی جھگڑے کو چھوڑے حالانکہ وہ سچا ہے اسکے واسطے وسط جنت میں گھر بنایا جاتا ہے اور جو کوئی اپنے اخلاق درست کرے تو اسکے واسطے اعلے جنت میں گھر بنایا جاتا ہے۔ یہ حدیث حسن ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق سلمہ بن وردان سے جو راوی ہے انس سے **حدیث** کی ہمسے فضالہ بن فضل کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے ابوبکر بن عیاش نے ابن وہب بن منبہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تجھے یہی گناہ کافی ہے کہ ہمیشہ تو جھگڑا کرتا رہے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مثل اسکے مگر اسی طریق سے **حدیث** کی ہمسے زیاد بن ایوب نے کہا حدیث کی ہمسے محاربی نے لیث سے اُسنے عبد الملک سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے نہ جھگڑا کر اپنے بھائی سے اور نہ اس سے استہزا کر اور نہ اس سے ایسا وعدہ کر کہ تو اسکا خلاف کرے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے **باب** مدارات کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے محمد بن منکدر سے اُسنے عروہ بن زبیر سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے ایک مرد نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اذن طلب کیا اور میں بھی آنحضرت علیہ السلام کے پاس تھی سو فرمایا آپ نے بُرا ہے بیٹا اُس قبیلے کا یا فرمایا آپ نے بھائی اس قبیلے کا پھر آپ نے اسکو اذن دیا اور اس سے نرم بات کی پھر جب وہ چلا گیا میں نے آپ سے کہا یارسول اللہ آپ نے اُسکے حق میں تو پہلے یوں فرمایا ہے پھر آپ نے اسکے ساتھ نرم کلام کیا ہے فرمایا آپ نے اے عائشہ بُرے آدمیوں سے ہے وہ شخص جسکو لوگ ترک کریں یا فرمایا آپ نے جسکو لوگ چھوڑ دیں اُسکی بیحیائی سے بچنے کے واسطے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** محبت اور عداوت میں میانہ روی کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے سوید بن عمرو کلبی نے حماد بن سلمہ سے اُسنے ایوب سے اُسنے محمد بن سیرین سے اُسنے ابی ہریرہ سے میں گمان کرتا ہوں کہ اُسنے اسکو مرفوع کیا ہے کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے دوست سے نرم دوستی رکھ قریب ہے کہ وہ تیرا کسی دن دشمن ہو اور اپنے دشمن سے نرم دشمنی رکھ قریب ہے کہ وہ تیرا کسی دن دوست ہو۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو ساتھ اس اسناد کے مگر اسی طریق سے اور یہ حدیث بواسطہ ایوب کے غیر اس اسناد سے بھی مروی ہے روایت کیا حسن بن ابی جعفر نے اور یہ حدیث بھی ضعیف ہے بواسطہ اس اسناد کے جو حضرت علی سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے۔ اور صحیح یہ ہے کہ یہ حضرت علی پر موقوف ہے **باب** تکبر کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابو ہشام رفاعی نے کہا حدیث کی ہمسے ابوبکر بن عیاش نے اعمش سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے علقمہ سے اُسنے عبد اللہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلعم نے

هذا حديث غريب وابو سنان اسمه عيسى بن سنان وقد روى حماد بن سلمة عن ثابت عن ابي رافع عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم شيئا من هذا **باب** ما جاء في الحياء **حدثنا** ابو كريب نا عبدة بن سليمان وعبد الرحيم ومحمد بن بشر عن محمد بن عمرو نا ابو سلمة عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الحياء من الايمان والايمان في الجنة والبذاء من الجفاء والجفاء في النار وفي الباب عن ابن عمر وابي بكرة وابي امامة وعمران بن حصين هذا حديث حسن صحيح

باب ما جاء في التأني والعجلة **حدثنا** نصر بن علي نا نوح بن قيس عن عبد الله بن عمران عن عاصم الاحول عن عبد الله بن سرجس المزني ان النبي صلى الله عليه وسلم قال السمت الحسن والتؤدة والاقتصاد جزء من اربعة وعشرين جزءا من النبوة وفي الباب عن ابن عباس هذا حديث حسن غريب **حدثنا** قتيبة نا نوح بن قيس عن عبد الله بن عمران عن عبد الله بن سرجس عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه ولم يذكر فيه عن عاصم والصحيح حديث نصر بن علي **حدثنا** محمد بن عبد الله بن بزيع نا بشر بن المفضل عن قرة بن خالد عن ابي جمرة عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم قال لاشج عبد القيس ان فيك خصلتين يحبهما الله الحلم والاناة وفي الباب عن الاشج العصري **حدثنا** ابو مصعب المديني نا عبد المهيمن بن عباس بن سهل بن سعد الساعدي عن ابيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الاناة من الله والعجلة من الشيطان هذا حديث غريب وقد تكلم بعض اهل العلم في عبد المهيمن بن عباس وضعفه من قبل حفظه **باب** ما جاء في الرفق **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان عن عمرو بن دينار عن ابن ابي مليكة عن يعلى بن مملك عن ام الدرداء عن ابي الدرداء عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من اعطي حظه من الرفق فقد اعطي حظه من الخير ومن حرم حظه من الرفق فقد حرم حظه من الخير وفي الباب

یہ حدیث غریب ہے اور ابو سنان کا نام عیسی بن سنان ہے اور روایت کیا ہے حماد بن سلمہ نے ثابت سے اُسنے ابی رافع سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کچھ حصہ اس حدیث سے **باب** حیا کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ بن سلیمان اور عبد الرحیم اور محمد بن بشر نے محمد بن عمرو سے کہا حدیث کی ہمسے ابو سلمہ نے ابو ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حیا ایمان سے ہے اور ایمان جنت کا سبب ہے اور بیحیائی ظلم سے ہے اور ظلم آگ کا سبب ہے اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور ابی بکرہ اور ابی امامہ اور عمران بن حصین سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** آرام اور جلدی کے بیان میں[1] **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے نوح بن قیس نے عبد اللہ بن عمران سے اُسنے عاصم احول سے اُسنے عبد اللہ بن سرجس مزنی سے یہ کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے خو اچھی اور آرام اور میانہ روی نبوت کے چوبیس حصوں میں سے ایک حصہ ہے اور اس باب میں روایت ہے ابن عباس سے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے نوح بن قیس نے عبد اللہ بن عمران سے اُسنے عبد اللہ بن سرجس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے اور اُسنے اسمیں عاصم کا ذکر نہیں کیا اور صحیح حدیث نصر بن علی کی ہے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد اللہ بن بزیع نے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن مفضل نے قرہ بن خالد سے اُسنے ابی جمرہ سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اشج عبد القیس سے کہا کہ تجھ میں دو خصلتیں ہیں اُنکو اللہ تعالے دوست رکھتا ہے حلم اور میانہ روی۔ اور اس باب میں روایت ہے اشج عصری سے **حدیث** کی ہمسے ابو مصعب مدینی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد المہیمن بن عباس بن سہل بن سعد الساعدی نے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے آرام اللہ کی طرف سے ہے اور جلدی شیطان سے یہ حدیث غریب ہے۔ اور بعض اہل علم نے عبد المہیمن بن عباس کے حق میں کلام کیا ہے اور حافظہ کی وجہ سے اسکو ضعیف کیا ہے **باب** نرمی کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عمرو بن دینار سے اُسنے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے یعلی بن مملک سے اُسنے ام الدرداء سے اُسنے ابی الدرداء سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جس کسی کو رفق سے حصہ ملا تو وہ بھلائی سے حصہ دیا گیا اور جو کوئی رفق کے حصہ سے محروم ہوا تو وہ بڑی خیر کے حصہ سے محروم ہوا اور اس باب میں روایت ہے

---

[1] جو کام ایسا ہو جسکی نکوئی میں شبہ نہو تو جلدی کرنا ہی افضل ہے جیسا کہ اللہ تعالے نے فرمایا ہے انہم کانوا یسارعون فی الخیرات یعنے وہ لوگ نیکیوں میں جلدی کرتے تھے۔ آہستگی اُسی کام میں مناسب ہے جسمیں کچھ شبہ ہو جیسے شیخ سعدی علیہ الرحمہ نے کہا ہے مصرعہ کہ تعجیل کار شیاطین بود ۱۲

فان صاحب حسن الخلق ليبلغ به درجة صاحب الصوم والصلوة هذا حديث غريب من هذا الوجه **حدثنا** ابو كريب
محمد بن العلاء نا عبد الله بن ادريس ثنى ابي عن جدي عن ابي هريرة قال سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن اكثر ما يدخل
الناس الجنة قال تقوى الله وحسن الخلق وسئل عن اكثر ما يدخل الناس النار قال الفم والفرج هذا حديث صحيح غريب وعبد الله
بن ادريس هو ابن يزيد بن عبد الرحمن الاودي **حدثنا** احمد بن عبدة نا ابو وهب عن عبد الله بن المبارك انه وصف
حسن الخلق فقال هو بسط الوجه وبذل المعروف وكف الاذى **باب** ما جاء في الاحسان والعفو **حدثنا** بندار و
احمد بن منيع ومحمود بن غيلان قالوا انا ابو احمد عن سفيان عن ابي اسحق عن ابي الاحوص عن ابيه قال قلت يا رسول الله صلى الله
عليه وسلم الرجل امر به فلا يقريني ولا يضيفني فيمر بي افاجزيه قال لا اقره قال وراني رث الثياب فقال هل لك من مال قال قلت من
كل المال قد اعطاني الله من الابل والغنم قال فلير عليك وفي الباب عن عائشة وجابر وابي هريرة هذا حديث حسن صحيح و
ابو الاحوص اسمه عوف بن مالك بن نضلة الجشمي ومعنى قوله اقره يقول اضفه والقرى الضيافة **حدثنا** ابو هشام الرفاعي
ثنا محمد بن فضيل عن الوليد بن عبد الله بن جميع عن ابي الطفيل عن حذيفة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تكونوا
امعة تقولون ان احسن الناس احسنا وان ظلموا ظلمنا ولكن وطنوا انفسكم ان احسن الناس ان تحسنوا وان اساؤا فلا تظلموا
هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه **باب** ما جاء في زيارة الاخوان **حدثنا** محمد بن بشار والحسين
بن ابي كبشة البصري قالا ثنا يوسف بن يعقوب السدوسي نا ابو سنان القسملي عن عثمن بن ابي سودة عن ابي هريرة قال
قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من عاد مريضا او زار اخا له في الله ناداه مناد ان طبت وطاب ممشاك وتبوأت من الجنة منزلا

اور بیشک حسن خلق والا البتہ اس حسن خلق سے روزے دار اور نمازی کے درجے کو پہونچتا ہے یہ حدیث اس وجہ سے غریب ہے **حدیث** کی ہمسے
ابو کریب یعنے محمد بن علاء نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن ادریس نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے اُسنے میرے دادا سے اُسنے ابی ہریرہ سے
کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کون چیز بہت لوگوں کو جنت میں داخل کریگی فرمایا آپ نے ڈر اللہ کا اور حسن خلق۔ اور پوچھے گئے
کہ کیا چیز لوگوں کو اکثر آگ میں داخل کریگی۔ فرمایا آپ نے منہ یعنے زبان اور فرج۔ یہ حدیث صحیح غریب ہے اور عبداللہ بن ادریس وہ ابن یزید بن عبدالرحمن
اودی ہیں **حدیث** کی ہمسے احمد بن عبدہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو وہب نے عبداللہ بن مبارک سے یہ کہ اُسنے حسن خلق کا بیان کیا سو کہا
اُسنے وہ کشادہ پیشانی ہے اور نیکی کا خرچ کرنا اور ایذا سے بند رہنا۔ **باب** احسان اور عفو کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے بندار اور احمد بن منیع اور
محمود بن غیلان نے کہا اُنھوں نے حدیث کی ہمسے ابو احمد نے سفیان سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے ابی الاحوص سے اُسنے اپنے باپ سے
کہا اُسنے میں نے کہا یا رسول اللہ میں بعض لوگوں کے پاس جاتا ہوں سو وہ میری اچھی طرح سے مہمانی اور ضیافت نہیں کرتے (اتفاقا) وہ بھی
میرے پاس آجاتا ہے کیا میں اُسکو جزا دوں یعنے اسکی ضیافت نہ کروں فرمایا آپ نے کہ نہیں (بلکہ) اُسکی مہمانی کر کہا اُس راوی نے اور مجھے نبی
صلے اللہ علیہ وسلم نے میلے کچیلے کپڑوں میں دیکھا سو فرمایا آپ نے کیا تیرا کچھ مال ہے کہا اُسنے میں نے کہا ہر قسم کا مال مجھے اللہ تعالے نے دیا ہے اونٹوں
اور بکریوں سے فرمایا آپ نے سو چاہیے کہ اُسکا اثر تجھپر دیکھا جائے۔ اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور جابر اور ابی ہریرہ سے رضی اللہ عنہم یہ
حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو الاحوص کا نام عوف بن مالک بن نضلہ جشمی ہے اور معنے قولہ اقرہ کے یہ ہیں کہ اُسکی مہمانی کر۔ اور قری کے معنے ضیافت
کے ہیں **حدیث** کی ہمسے ابو ہشام رفاعی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے ولید بن عبداللہ بن جمیع سے اُسنے ابی الطفیل سے اُسنے
حذیفہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مقلد مت بنو یعنے کہتے ہو تم اگر لوگ نیکی کرینگے تو ہم بھی نیکی کرینگے اور اگر وہ ظلم کرینگے
ہم بھی ظلم کرینگے لیکن اپنے نفسوں کو آرام دو اگر لوگ نیکی کریں تو نیکی کرو اور اگر برائی کریں تو ظلم مت کرو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے
ہم اسکو مگر اسی طریق سے۔ **باب** بھائیوں کی زیارت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار اور حسین بن ابی کبشہ بصری نے
کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے یوسف بن یعقوب سدوسی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو سنان قسملی نے عثمان بن ابی سودہ سے اُسنے
ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی بیمار کی عیادت کرے یا اپنے بھائی کی اللہ کے واسطے زیارت
کرے تو اسکو آواز دینے والا آواز دیتا ہے کہ تو خوش ہوا اور چلنا تیرا بھی خوش ہوا اور تو نے جنت میں اپنی جگہ بنالی۔

ثنا عبد ربه بن سعيد عن محمد بن المنكدر عن جابر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان من احبكم الى واقربكم منى مجلسا يوم القيامة احاسنكم اخلاقا وان من ابغضكم الى وابعدكم منى يوم القيامة الثرثارون والمتشدقون والمتفيهقون قالوا يا رسول الله قد علمنا الثرثارين والمتشدقين فما المتفيهقون قال المتكبرون وفى الباب عن ابى هريرة هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه الثرثار هو كثير الكلام والمتشدق هو الذى يتطاول على الناس فى الكلام ويبذو عليهم وروى بعضهم هذا الحديث عن المبارك بن فضالة عن محمد بن المنكدر عن جابر عن النبى صلى الله عليه وسلم ولم يذكر فيه عن عبد ربه بن سعيد وهذا اصح **باب** ماجاء فى اللعن والطعن **حدثنا** بندار نا ابو عامر عن كثير بن زيد عن سالم عن ابن عمر قال قال النبى صلى الله عليه وسلم لا يكون المؤمن لعانا وفى الباب عن ابن مسعود هذا حديث حسن غريب وروى بعضهم هذا الحديث بهذا الاسناد عن النبى صلى الله عليه وسلم وقال لا ينبغى للمؤمن ان يكون لعانا **باب** ماجاء فى كثرة الغضب **حدثنا** ابو كريب نا ابو بكر بن عياش عن ابى حصين عن ابى صالح عن ابى هريرة قال جاء رجل الى النبى صلى الله عليه وسلم فقال علمنى شيئا ولا تكثر على لعلى اعيه قال لا تغضب فردد ذلك مرارا كل ذلك يقول لا تغضب وفى الباب عن ابى سعيد وسليمان بن صرد هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه وابو حصين اسمه عثمان بن عاصم الاسدى **حدثنا** العباس بن محمد الدورى وغير واحد قالوا نا عبد الله بن يزيد المقرئ نا سعيد بن ابى ايوب ثنا ابو مرحوم عبد الرحيم بن ميمون عن سهل بن معاذ بن انس الجهنى عن ابيه عن النبى صلى الله عليه وسلم قال من كظم غيظا وهو يستطيع ينفذه دعاه الله يوم القيامة على رؤس الخلائق حتى يخيره فى اى الحور شاء هذا حديث حسن غريب

کہا حدیث کی مجھے عبد ربہ بن سعید نے محمد بن منکدر سے اُسنے جابر سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے تم میں سے زیادہ پیارے اور زیادہ قریبی جگہ میں قیامت کے دن وہ ہیں جنکے اخلاق تم میں سے اچھے ہیں۔ اور میرے نزدیک زیادہ غضبناک اور بعید تر مجھسے قیامت کے دن بہت باتیں کرنیوالے اور وسیع تقریر کرنیوالے اور متکبر لوگ ہیں کہا لوگوں نے یا رسول اللہ ہم ثرثارین اور متشدقین کے معنے تو جانتے ہیں سو متفیہقون کے کیا معنے ہیں فرمایا آپ نے متکبر۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ سے۔ یہ حدیث اس طریق سے حسن غریب ہے ثرثار کے معنے کثیر الکلام کے ہیں اور متشدق وہ ہے کہ کلام لوگوں پر وسیع کرے اور اُنپر بیحیائی کرے۔ اور بعض نے اس حدیث کو مبارک بن فضالہ سے روایت کیا ہے اُسنے محمد بن منکدر سے اُسنے جابر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور اُسنے اسمیں عبد ربہ بن سعید کا ذکر نہیں کیا اور یہ صحیح ہے **باب** لعن اور طعن کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر نے کثیر بن زید سے اُسنے سالم سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مومن لعنت کرنیوالا نہیں ہوتا۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن مسعود سے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور بعض نے اس حدیث کو ساتھ اس اسناد کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے اور فرمایا آپ نے مومن کے لئے لائق نہیں کہ لعنت کرنیوالا ہو **باب** بہت غصے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے ابو بکر بن عیاش نے ابی حصین سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے ایک مرد نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا مجھے کوئی چیز سکھلائیے اور مجھپر زیادتی نہ کریئے تاکہ میں اُسکو یاد رکھوں فرمایا آپ نے غصے مت ہو پھر اُسنے کئی بار اس بات کا اعادہ کیا ہر بار آپ یہی جواب دیتے رہے کہ غصہ مت کر۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی سعید اور سلیمان بن صرد سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث اس وجہ سے حسن صحیح غریب ہے۔ اور ابو حصین کا نام عثمان بن عاصم اسدی ہے **حدیث** کی ہمسے عباس بن محمد دوری اور کئی ایک نے کہا انھوں نے حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن یزید مقری نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن ایوب نے کہا حدیث کی مجھے ابو مرحوم یعنے عبد الرحیم بن میمون نے سہل بن معاذ بن انس جہنی سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جو کوئی غصے کو پیجاوے حالانکہ وہ اسکے جاری کرنیکی طاقت رکھتا ہو تو اللہ تعالیٰ اُسکو قیامت کے روز خلقت کے سر پر بلائیگا تاکہ اُسکو اختیار دیگا جونسی حور کہ وہ چاہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے

۱؎ جو کوئی زیادہ باتونی ہے وہ اچھی بری بات کا خیال نہیں کرتا اور ایسا ہی وہ شخص ہے جو وسیع تقریر کرتا ہے کیونکہ وہ بھی زیادہ وسیع تقریر کرنیکے واسطے اچھی بری باتیں ملاتا جاتا ہے پس یہ شخص ایسا ہوا جیسا کہ نبی صلعم نے فرمایا ہے بعض وقت آدمی ایک بات کرتا ہے اور وہ اسکو ہلکی جانتا ہے مگر واقع میں وہ بڑی بات ہوتی ہے اسلئے وہ دوزخ میں جاتا ہے ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲

عن عائشة وجرير بن عبد الله وابي هريرة هذا حديث حسن صحيح **باب** ماجاء في دعوة المظلوم **حدثنا** ابو كريب نا وكيع عن زكريا بن اسحٰق عن يحيى بن عبد الله بن صيفي عن ابي معبد عن ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم بعث معاذا الى اليمن فقال اتق دعوة المظلوم فانه ليس بينها وبين الله حجاب هذا حديث حسن صحيح وابو معبد اسمه نافذ وفي الباب عن انس وابي هريرة وعبد الله بن عمرو وابي سعيد **باب** ماجاء في خلق النبي صلى الله عليه وسلم **حدثنا** قتيبة نا جعفر بن سليمان الضبعي عن ثابت عن انس قال خدمت رسول الله صلى الله عليه وسلم عشر سنين فما قال لي اف قط وما قال لشيء صنعته لم صنعته ولا لشيء تركته لم تركته وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم من احسن الناس خلقا وما مسست خزا قط ولا حريرا ولا شيئا كان الين من كف رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا شممت مسكا قط ولا عطرا كان اطيب من عرق رسول الله صلى الله عليه وسلم وفي الباب عن عائشة والبراء هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو داؤد انبانا شعبة عن ابي اسحاق قال سمعت ابا عبد الله الجدلي يقول سألت عائشة عن خلق رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالت لم يكن فاحشا ولا متفحشا ولا صخابا في الاسواق ولا يجزي بالسيئة السيئة ولكن يعفو ويصفح هذا حديث حسن صحيح وابو عبد الله الجدلي اسمه عبد بن عبد ويقال عبد الرحمٰن بن عبد **باب** ماجاء في حسن العهد **حدثنا** ابو هشام الرفاعي نا حفص بن غياث عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة قالت ما غرت على احد من ازواج النبي صلى الله عليه وسلم ما غرت على خديجة وما بي ان اكون ادركتها وما ذاك الا لكثرة ذكر رسول الله صلى الله عليه وسلم لها وان كان ليذبح الشاة فيتتبع بها صدائق خديجة فيهديها لهن هذا حديث حسن صحيح غريب **باب** ماجاء في معالي الاخلاق **حدثنا** احمد بن الحسن بن خراش البغدادي نا حبان بن هلال نا مبارك بن فضالة

عائشہ اور جریر بن عبد اللہ اور ابی ہریرہ سے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** مظلوم کی دعا کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہم سے وکیع نے زکریا بن اسحاق سے اُس نے یحییٰ بن عبد اللہ بن صیفی سے اُس نے ابی معبد سے اُس نے ابن عباس سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے معاذ کو یمن کی طرف بھیجا اور فرمایا مظلوم کی دعا سے بچنا کیونکہ درمیان اُسکے اور اللہ کے حجاب نہیں ہے یعنے بہت جلد قبول ہوتی ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو معبد کا نام نافذ ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے انس اور ابی ہریرہ اور عبد اللہ بن عمرو اور ابی سعید سے رضی اللہ عنہم **باب** نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے جعفر بن سلیمان ضبعی نے ثابت سے اُسنے انس سے کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی دس برس خدمت کی ہے سو مجھے آپ نے کبھی نہیں ڈانٹا۔ اور مجھے آپ نے کبھی نہیں کہا کسی چیز کے واسطے کہ میں نے اُسکو کیا ہو کہ تو نے اسکو کیوں اسطرح کیا اور نہ کسی چیز کے واسطے کہ میں نے اسکو ترک کیا ہو کیوں تو نے اسکو ترک کیا۔ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سب لوگوں سے اخلاق میں اچھے تھے۔ اور میں نے کبھی خز اور حریر اور کسی چیز کو مس نہیں کیا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ مبارک سے نرم ہو۔ اور نہ میں نے کبھی کستوری اور عطر کو سونگھا ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پسینے سے پاکیزہ ہو۔ اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور براء سے رضی اللہ عنہما یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے ابو داؤد نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے ابی اسحاق سے کہا اُسنے سُنا میں نے ابا عبد اللہ جدلی سے کہ کہا میں نے حضرت عائشہ سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کی بابت سوال کیا تو کہا اُسنے نہ تھے نبی صلعم بد فحش جبلی تھا اور نہ کسبی اور نہ بازاروں میں شور کرنے والے تھے اور نہ بُرائی کے بدلے بُرائی کی جزا دیتے تھے لیکن معاف کرتے تھے اور درگذر کرتے تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو عبد اللہ جدلی کا نام عبد بن عبد ہے اور کہا گیا ہے عبد الرحمٰن بن عبد **باب** اچھے برتاؤ کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے ابو ہشام رفاعی نے کہا حدیث کی ہم سے حفص بن غیاث نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے مجھے نبی صلعم کی کسی بیوی پر غیرت نہیں جسقدر کہ مجھے حضرت خدیجہ پر غیرت آئی ہے حالانکہ میں نے اُسکا زمانہ نہیں پایا اور غیرت کا کوئی سبب نہیں سوائے اسکے کہ نبی صلعم اسکو بہت یاد کرتے تھے۔ اور ذبح کرتے تھے بکری کو تو حضرت خدیجہ کی سہیلیوں کے پیچھے اسکو بھیجتے تھے یعنے اُنکو ہدیہ بھیجتے تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **باب** خلق کے درجوں کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے احمد بن حسن بن خراش بغدادی نے کہا حدیث کی ہم سے حبان بن ہلال نے کہا حدیث کی ہم سے مبارک بن فضالہ نے

باب ماجاء فی ذی الوجهین **حدثنا** هناد نا ابو معاویة عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان من شر الناس عند الله یوم القیمة ذا الوجهین وفی الباب عن عمار وانس هذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی النمام **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان عن منصور عن ابراهیم عن همام بن الحارث قال مر رجل علی حذیفة بن الیمان فقیل له هذا یبلغ الامراء الحدیث عن الناس فقال حذیفة سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول لا یدخل الجنة قتات قال سفیان والقتات النمام هذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی العی **حدثنا** احمد بن منیع نا یزید بن هارون عن ابی غسان محمد بن مطرف عن حسان بن عطیة عن ابی امامة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال الحیاء والعی شعبتان من الایمان والبذاء والبیان شعبتان من النفاق هذا حدیث حسن غریب انما نعرفه من حدیث ابی غسان محمد بن مطرف قال والعی قلة الکلام والبذاء هو الفحش فی الکلام والبیان هو کثرة الکلام مثل هؤلاء الخطباء الذین یخطبون فیتوسعون فی الکلام ویتفصحون فیه من مدح الناس فیما لا یرضی الله **باب** ماجاء ان من البیان سحرا **حدثنا** قتیبة نا عبد العزیز بن محمد عن زید بن اسلم عن ابن عمر ان رجلین قدما فی زمن رسول الله صلی الله علیه وسلم فخطبا فعجب الناس من کلامهما فالتفت الینا رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال ان من البیان سحرا او ان بعض البیان سحر وفی الباب عن عمار وابن مسعود وعبد الله بن الشخیر هذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی التواضع **حدثنا** قتیبة نا عبد العزیز بن محمد عن العلاء بن عبد الرحمن عن ابیه عن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ما نقصت صدقة من مال وما زاد الله رجلا بعفو الا عزا وما تواضع احد لله الا رفعه الله وفی الباب عن عبد الرحمن بن عوف وابن عباس وابی کبشة الانماری واسمه عمر بن سعد هذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی الظلم **حدثنا** عباس العنبری نا ابوداؤد الطیالسی عن عبد العزیز بن عبد الله بن ابی سلمة

باب دوتا کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ کے نزدیک قیامت کے دن بہت بُرے آدمیوں سے دوتا[1] ہے اور اس باب میں روایت ہے عمار اور انس سے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** چغل خور کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے منصور سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے ہمام بن حارث سے کہ کہا اُسنے ایک مرد حذیفہ بن یمان سے گذرا تو حذیفہ سے کسی نے کہا کہ یہ شخص امیروں کے پاس لوگوں کی باتیں پہونچاتا ہے سو کہا حذیفہ نے میں نے آنحضرت سے سنا ہے کہ فرماتے بہشت میں چغل خور داخل نہیں ہوگا کہا سفیان نے قتات کے معنے چغل خور کے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** کم گفتگو کرنیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے ابی غسان یعنے محمد بن مطرف سے اُسنے حسان بن عطیہ سے اُسنے ابی امامہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے حیا اور کم گفتگو کرنی یہ دونوں ایمان کی شاخیں ہیں۔ اور بیحیائی اور بیان یہ دونوں نفاق کے شعبے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے ہم تو اسکو فقط طریق ابی غسان یعنے محمد بن مطرف سے ہی پہچانتے ہیں کہا راوی نے اور عی کے معنے کم کلام کرنیکے ہیں اور بذی کے معنے بُری بات کرنیکے۔ اور بیان کثرت کلام کا نام ہے مثل ان خطیبوں کے جو خطبہ پڑھتے ہیں اور کلام میں وسعت کرتے ہیں اور لوگوں کی فصیح الفاظ سے ایسی مدح کرتے ہیں کہ جسمیں خدا راضی نہیں ہوتا ہے اور فرمایا بیشک بعضا بیان جادو ہوتا ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے زید بن اسلم سے اُسنے ابن عمر سے یہ کہ دو مرد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں آئے اور اُنھوں نے خطبہ پڑھا سو لوگ اُنکے کلام سے متعجب ہوئے پس آنحضرت نے ہماری طرف التفات کیا اور فرمایا بیشک بعضا بیان جادو ہے اور اس باب میں روایت ہے عمار اور ابن مسعود اور عبد اللہ بن شخیر سے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** تواضع کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے علا بن عبد الرحمن سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں گھٹتا مال صدقہ دینے سے یعنے زکوٰۃ وغیرہ سے اور نہیں زیادہ کرتا اللہ کسی مرد کے ساتھ معافی کے مگر عزت اور کوئی اللہ کے واسطے تواضع نہیں کرتا مگر یہ اللہ تعالی اسکو بلند کرتا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد الرحمن بن عوف اور ابن عباس اور ابی کبشہ انماری سے رضی اللہ عنہم۔ اور نام اسکا عمر بن سعد ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** ظلم کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عباس عنبری نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد طیالسی نے عبد العزیز بن عبد اللہ بن ابی سلمہ سے

---

[1] دوتا اسکو بولتے ہیں جو درمیان دو آدمیوں کے ہو یعنے ایک کی بات دوسرے کو جا کہے اور اُدھر کی ادھر اور دونوں طرف سے ملا جلا رہے ۱۲

باب ما جاء فی اجلال الکبیر **حدثنا** محمد بن المثنی نا یزید بن بیان العقیلی ثنی ابو الرحال الانصاری عن انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما اکرم شاب شیخا لسنه الا قیض اللہ له من یکرمه عند سنه هذا حدیث غریب لا نعرفه الا من حدیث هذا الشیخ یزید بن بیان و ابو الرحال الانصاری اخر **باب** ما جاء فی المتهاجرین **حدثنا** قتیبة نا عبد العزیز بن محمد عن سهیل بن ابی صالح عن ابیه عن ابی هریرة ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال تفتح ابواب الجنة یوم الاثنین والخمیس فیغفر فیهما لمن لا یشرک باللہ الا المتهاجرین یقول ردوا هذین حتی یصطلحا هذا حدیث حسن صحیح ویروی فی بعض الحدیث ذروا هذین حتی یصطلحا ومعنی قوله المتهاجرین یعنی المتصارمین وهذا مثل ما روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یحل للمسلم ان یهجر اخاه فوق ثلاثة ایام **باب** ما جاء فی الصبر **حدثنا** الانصاری نا معن نا مالک بن انس عن الزهری عن عطاء بن یزید عن ابی سعید ان ناسا من الانصار سالوا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاعطاهم ثم سالوا فاعطاهم ثم قال ما یکون عندی من خیر فلن ادخره عنکم ومن یستغن یغنه اللہ ومن یستعفف یعفه اللہ ومن یتصبر یصبره اللہ وما اعطی احد شیئا هو خیر واوسع من الصبر وفی الباب عن انس هذا حدیث حسن صحیح وقد روی هذا الحدیث عن مالک فلن ادخره عنکم ویروی عنه فلم ادخره عنکم والمعنی فیه واحد یقول لن احبسه عنکم

باب بوڑھے کی تعظیم کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن بیان عقیلی نے کہا حدیث کی مجھسے ابو الرحال انصاری نے انس بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلعم نے جو کوئی جوان کسی بوڑھے کی اسکے بوڑھاپے کے واسطے تعظیم کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُسکے بوڑھاپے کے وقت اُسکے لیے مقرر کریگا جو اُسکی تعظیم کریگا۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق اس شیخ سے یعنے یزید بن بیان سے اور ابو الرحال انصاری وہ اور ہے **باب** دو شخصوں کی مفارقت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کھولے جاتے ہیں بہشت کے دروازے دوشنبہ اور پنجشنبہ کے دن تو ہر ایک بندے کے گناہ معاف ہوتے ہیں جو اللہ کے ساتھ شرک نہیں کرتا مگر اُن دونوں کے گناہ معاف نہیں ہوتے جو آپسمیں مفارقت رکھتے ہیں فرماتا ہے اللہ کہ چھوڑ دو اُن دونوں کو یہانتک کہ صلح کرلیوین۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور بعض حدیثوں میں مروی ہے کہ چھوڑو اُن دونوں کو کہ صلح کرلین۔ اور معنے قول المتہاجرین کے متصارمین کے ہیں یعنے قطع کرنیوالے۔ اور یہ مثل اسکی ہے جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ فرمایا آپ نے کسی مسلمان کو حلال نہیں کہ تین دن سے زیادہ اپنے بھائی کی ملاقات چھوڑے **باب** صبر کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے مالک بن انس سے اُسنے زہری سے اُسنے عطاء بن یزید سے اُسنے ابی سعید سے یہ کہ چند لوگوں نے انصار سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کچھ سوال کیا سو آپ نے اُنکو دیا پھر اُنھوں نے سوال کیا پھر آپ نے اُنکو دیا پھر فرمایا آپ نے جو کچھ میرے پاس مال ہوگا اُسکو میں تمسے چھپا کر جمع نہ کر رکھونگا اور جو کوئی دنیا سے بے پرواہی کی نیت رکھے گا تو خدا اُسکے دل کو دنیا سے بے پرواہ کریگا اور جو کوئی سوال سے بچے تو خدا اسکو بچا دیگا اور جو کوئی مصیبت میں صبر کریگا تو خدا اسکو سچا صابر بنا دیگا۔ اور کسی کو بہتر اور کشادہ تر کوئی چیز صبر سے زیادہ نعمت نہیں ملی۔ اور اس باب میں روایت ہے انس سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور مالک سے یہ حدیث اسطرح مروی ہے فلن ادخرہ عنکم اور نیز اس سے مروی ہے فلم ادخرہ عنکم اور معنے انکے واحد ہیں کہ میں تمسے بند نہیں رکھونگا

ؔ معلوم ہوا کہ مسلمانوں کے ساتھ کینہ اور عداوت رکھنا ایسا سخت گناہ ہے کہ مغفرت کو روکتا ہے تین دن سے زیادہ مسلمان سے کینہ رکھنا ہرگز درست نہیں ١٢ منہ ؔ یہ حدیث تہذیب اخلاق اور درویشی کی جڑ ہے معلوم ہوا کہ آدمی کی خو کا بدلنا ممکن ہے لیکن اول بدخو چھوڑنے میں محنت اور ریاضت ہے آخر کو نیک خو عادت ہو جاتی ہے پھر محنت اور تکلف اور بناوٹ کی کچھ حاجت نہیں رہتی بعضے لوگ کہتے ہیں کہ آدمی کی خو نہیں بدلتی یہ پیدائشی بات ہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یہ غلط بات ہے اگر خو بدلنا ممکن نہوتا تو پیغمبروں کا آنا اور اُنکی تعلیم بیفائدہ ہوتی جانوروں کی خو تعلیم اور محنت سے بدل جاتی ہے جیسے باز اور شکاری کتے کے۔ تو بھلا آدمی کی خو کیونکر نہ بدلے ہاں یہ البتہ ہے کہ بدون محنت کچھ نہیں ہوتا جو بدخو بدلنے کا طریقہ چاہے وہ احیاء العلوم اور کیمیا سعادت دیکھے۔ اور جس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ خو نہیں بدلتی اسکے یا یہ معنے ہیں کہ خو بلا محنت و مشقت نہیں بدلتی یا یہ کہ جو خو طبعی ہو جاوے وہ خواہ مخواہ کسی وقت بسبب غلبہ طبیعت کے انسان سے وقوع میں آجاتی ہے مگر اسکا اعتبار نہیں ہوتا کیونکہ ہر ایک انسان سے ایسی حالت میں اس قسم کے افعال صادر ہوتے ہیں مگر چونکہ انسان بُرے اخلاق والے کی بُرائی کی طرف جلدی پکڑ کرتا ہے اسلیے اسکو جلدی سے کہدیتا ہے اور اگر ایسا کوئی فعل دوسرے آدمی سے ظہور میں آتا ہے تو دیکھنے والے کہتے ہیں کہ یہ اس سے غلطی سے ہوگیا ہے یہ انسانی عادت ہے ورنہ واقع میں اگر غور کیا جاوے تو دونوں یکسان ہیں ١٢

ومن كتم فقد كفر ومن تحلى بما لم يعطه كان كلابس ثوبي زور وفي الباب عن اسماء بنت ابي بكر وعائشة هذا حديث حسن غريب و معنى قوله ومن كتم فقد كفر يقول كفر تلك النعمة **باب** ماجاء في الثناء بالمعروف **حدثنا** ابراهيم بن سعيد الجوهري والحسين بن الحسن المروزي بمكة قالا ثنا الاحوص بن جواب عن سعير بن الخمس عن سليمان التيمي عن ابي عثمن النهدي عن اسامة بن زيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صنع اليه معروف فقال لفاعله جزاك الله خيرا فقد ابلغ في الثناء هذا حديث حسن جيد غريب لا نعرفه من حديث اسامة بن زيد الا من هذا الوجه وقد روي عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم مثله **اخر ابواب البر والصلة** بسم الله الرحمن الرحيم **ابواب الطب** عن رسول الله صلى الله عليه وسلم **باب** ماجاء في الحمية **حدثنا** عباس بن محمد الدوري نا يونس بن محمد ثنا فليح بن سليمان عن عثمن بن عبد الرحمن عن يعقوب بن ابي يعقوب عن ام المنذر قالت دخل علي رسول الله صلى الله عليه وسلم ومعه علي ولنا دوال معلقة قالت فجعل رسول الله صلى الله عليه وسلم يأكل ومعه علي يأكل فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لعلي مَهْ مَهْ يا علي فانك ناقه قال فجلس علي والنبي صلى الله عليه وسلم يأكل قالت فجعلت لهم سلقا وشعيرا فقال النبي صلى الله عليه وسلم يا علي من هذا فاصب فانه اوفق لك هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من حديث فليح بن سليمن ويروى هذا عن فليح بن سليمن عن ايوب بن عبد الرحمن **حدثنا** محمد بن بشار نا ابو عامر وابو داود قالا نا فليح بن سليمن عن ايوب بن عبد الرحمن عن يعقوب بن ابي يعقوب عن ام المنذر الانصارية قالت دخل علي رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكر نحو حديث يونس بن محمد عن فليح بن سليمن

اور جسنے چھپایا یعنے شکر وغیرہ اسکا کچھ ادا نہ کیا تو ناشکری کی اور جو کوئی آراستہ ہوا ساتھ اس لباس کے جو اسکا نہیں تو وہ مثل دو کپڑے جھوٹے پہننے والے کے ہے[1] اور اس باب میں روایت ہے اسماء بنت ابی بکر سے اور عائشہ سے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور معنے قولہ (اور جسنے چھپایا تو اُسنے کفر کیا) کے یہ ہیں کہ اُسنے اس نعمت کی ناشکری کی۔ **باب** نیکی کے ساتھ ثنا کرنیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابراہیم بن سعید جوہری اور حسین بن حسن مروزی نے اور اُسنے مکہ میں سکونت اختیار کی تھی کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے احوص بن جواب نے سعیر بن خمس نے سلیمان تیمی نے ابی عثمان نہدی سے اُسنے اسامہ بن زید سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس کسی نے اُسکے ساتھ نیکی کی تو اُسنے نیکی کرنیوالے سے کہا جزاک اللہ خیرا تو اُسنے ثنا میں مبالغہ کیا یعنے اُسنے اپنا پورا حق ادا کر دیا۔ اور یہ حدیث حسن جید غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو طریق اسامہ بن زید سے مگر اسی وجہ سے۔ اور مروی ہے بواسطہ ابی ہریرہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ **آخر ابواب البر والصلۃ** بسم اللہ الرحمن الرحیم **ابواب طب کے** جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں **باب** ناموافق امروں سے حفاظت کرنیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عباس بن محمد دوری نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے فلیح بن سلیمان نے عثمان بن عبد الرحمن سے اُسنے یعقوب بن ابی یعقوب سے اُسنے ام المنذر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلعم میرے پاس آئے اس حالت میں کہ آپ کے ساتھ حضرت علی تھے اور ہمارے گھر میں خوشے کھجوروں کے لٹکے ہوئے تھے کہا ام منذر نے سو آنحضرت نے کھانے شروع کئے اور آپ کے ساتھ حضرت علی بھی کھاتے رہے پس آنحضرت نے حضرت علی سے کہا بس کر بس کر اے علی۔ تو تو ابھی نقاہت میں ہے یعنے تجھے ابھی بیماری سے آرام ہوا ہے اور اسکی نقاہت باقی ہے کہا اُسنے سو حضرت علی بیٹھ گئے یعنے کھانا ترک کر دیا اور آنحضرت کھاتے رہے کہا ام منذر نے پھر میں نے اُنکے واسطے چقندر اور جَو کا کھانا بنایا پس آنحضرت نے کہا اے علی کیا ہے یہ سو تو پہونچ اسلیے کہ یہ تیرے حق میں موافق ہے[2]۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق فلیح بن سلیمان سے۔ اور مروی ہے یہ بواسطہ فلیح بن سلیمان کے ایوب بن عبد الرحمن سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر اور ابو داؤد نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے فلیح بن سلیمان نے ایوب بن عبد الرحمن سے اُسنے یعقوب بن ابی یعقوب سے اُسنے ام منذر انصاریہ سے کہا اُسنے میرے پاس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے پھر اُسنے مثل حدیث یونس بن محمد کی جو فلیح بن سلیمان سے ہے ذکر کیا

---

[1] یعنے جو کوئی ایسے کپڑوں سے آراستہ ہوا جو اسکے پاس نہیں وہ جھوٹے کپڑے پہننے والے کی طرح ہے یعنے ظاہر میں تو اُسنے زہد اور پرہیزگاری کے کپڑے پہنے ہیں اور اسقدر زہد ظاہر کیا ہے لیکن اسکے دل میں اُسقدر نہیں تو وہ ایسا شخص ہے کہ جسنے دوسرے کے کپڑے عاریۃً لیکر پہنے ہوں ایسے لباس سے کیا آراستہ ہوگا ۱۲ [2] اس سے معلوم ہوا کہ ناموافق چیز دلسے بیماری وغیرہ میں پرہیز کرنا چاہیے اور موافق چیز کا استعمال کرنا چاہیے تو کل یہ نہیں ہے کہ ناکردنی چیز بھی اسکو کھا لیا جائے بلکہ توکل یہی ہے کہ موافق چیز کو طلب کرکے اللہ پر بھروسہ کرے یہ توکل زانوے اشتر بہ بند

عن عبد اللہ بن دینار عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الظلم ظلمات یوم القیٰمۃ وفی الباب عن عبد اللہ بن عمرو وعائشۃ وابی موسیٰ وابی ہریرۃ ھذا حدیث حسن غریب من حدیث ابن عمر **باب** ماجاء فی ترک العیب للنعمۃ **حدثنا** احمد بن محمد نا عبد اللہ بن المبارک عن سفیان عن الاعمش عن ابی حازم عن ابی ہریرۃ قال ما عاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طعاما قط کان اذا اشتہاہ اکلہ والا ترکہ ھذا حدیث حسن صحیح وابو حازم ھو الاشجعی واسمہ سلمان مولی عزۃ الاشجعیۃ **باب** ماجاء فی تعظیم المؤمن **حدثنا** یحیی بن اکثم والجارود بن معاذ قالا نا الفضل بن موسیٰ نا الحسین بن واقد عن اوفی بن دلھم عن نافع عن ابن عمر قال صعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المنبر فنادی بصوت رفیع قال یا معشر من اسلم بلسانہ ولم یفض الایمان الی قلبہ لا تؤذوا المسلمین ولا تعیروھم ولا تتبعوا عوراتھم فانہ من تتبع عورۃ اخیہ المسلم تتبع اللہ عورتہ ومن یتبع اللہ عورتہ یفضحہ ولو فی جوف رحلہ قال ونظر ابن عمر یوما الی البیت او الی الکعبۃ فقال ما اعظمک واعظم حرمتک والمؤمن اعظم حرمۃ عند اللہ منک ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث الحسین بن واقد وقد روی اسحٰق بن ابراھیم السمرقندی عن حسین بن واقد نحوہ وقد روی عن ابی برزۃ الاسلمی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحو ھذا **باب** ماجاء فی التجارب **حدثنا** قتیبۃ نا عبد اللہ بن وھب عن عمرو بن الحارث عن دراج عن ابی الھیثم عن ابی سعید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا حلیم الا ذو عثرۃ ولا حکیم الا ذو تجربۃ ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من ھذا الوجہ **باب** ماجاء فی المتشبع بما لم یعطہ **حدثنا** علی بن حجر نا اسمعیل بن عیاش عن عمارۃ بن غزیۃ عن ابی الزبیر عن جابر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من اعطی عطاء فوجد فلیجز بہ ومن لم یجد فلیثن فان من اثنی فقد شکر

اُسنے عبد اللہ بن دینار سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے ظلم سیاہیاں ہونگے قیامت کے دن۔[۱] اور اس باب مین روایت ہی عبد اللہ بن عمرو اور عائشہ اور ابی موسیٰ اور ابی ہریرہ سے یہ حدیث طریق ابن عمر سے حسن غریب ہی **باب** اس بیانمین کہ کسی نعمت پر عیب دھرنا نہین چاہیئے **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے سفیان سے اُسنے اعمش سے اُسنے ابی حازم سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کبھی کھانے پر عیب نہین لگایا جب اُسکی خواہش ہوتی تو کھا لیتے ورنہ اُسکو ترک کرتے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی اور ابو حازم وہ اشجعی ہی اور نام اُسکا سلمان ہی جو مولیٰ عزہ اشجعیہ کا ہی **باب** مومن کی تعظیم کے بیانمین **حدیث** کی ہمسے یحییٰ بن اکثم اور جارود بن معاذ نے کہا دونون نے حدیث کی ہمسے فضل بن موسیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے حسین بن واقد نے اوفی بن دلہم سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم منبر پر چڑھے تو بلند آواز سے پکار کر کہا اے وہ گروہ جو زبان سے اسلام لایا ہی اور ابھی ایمان اُسکے دل مین نہین پہونچا مسلمانون کو (جو دل سے ہین) ایذا مت دو اور اُنکو عیب مت لگاؤ اور اُنکے عیبون کے پیچھے مت پڑو کیونکہ جو کوئی کسی بھائی مسلمان کے عیب کے پیچھے پڑیگا اللہ تعالیٰ اُسکے عیب کے پیچھے پڑیگا۔ اور جس کسی کے عیب کے پیچھے اللہ تعالیٰ پڑا تو اُسکو وہ خوار کریگا اگرچہ وہ اپنے گھر کے درمیان چھپا ہوا ہو۔ کہا نافع نے اور ابن عمر نے ایک دن بیت اللہ کی طرف دیکھا یا کہا اُسنے کعبہ کی طرف (شک راوی) اور کہا کسقدر اللہ نے تیری تعظیم کی ہی اور تیری عزت کو بلند کیا ہی حالانکہ مومن کی عزت اللہ تعالیٰ کے نزدیک تجھسے زیادہ ہی۔ یہ حدیث حسن غریب ہی نہین پہچانتے ہم اُسکو مگر طریق حسین بن واقد سے۔ اور روایت کی ہی اسحاق بن ابراہیم سمرقندی نے حسین بن واقد سے مثل اُسکے۔ اور مروی ہی بواسطہ ابی برزہ اسلمی کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے۔ **باب** تجربون کے بیانمین **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن وہب نے عمرو بن حارث سے اُسنے دراج سے اُسنے ابی الہیثم سے اُسنے ابی سعید سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حلیم نہین ہوتا مگر لغزش کھانیوالا اور حکیم نہین ہوتا مگر تجربہ کرنیوالا۔ یہ حدیث حسن غریب ہی نہین پہچانتے ہم اُسکو مگر اسی طریق سے **باب** سیری ظاہر کرنیوالا ساتھ اس چیز کے کہ وہ اُسکو ملے نہین **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن عیاش نے عمارہ بن غزیہ سے اُسنے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جس کسی کو کچھ دیا گیا پھر وہ غنی ہو گیا تو چاہیئے کہ اُسکا بدلہ دے اور جو کوئی غنی نہین ہوا تو چاہیئے کہ اُسکی ثنا کرے کیونکہ جسنے ثنا کی تو اُسنے شکر ادا کر دیا

---

[۱] یعنے قیامت مین ظالم کے آگے اندھیرے پر اندھیرا ہوگا یعنے جسطرح کہ مومن کے آگے پیچھے داہنے بائین نور ہوگا اسی طرح سے ایک ظلم کئی سیاہیون کا موجب ہوگا ۱۲

حدثنا ابو كريب نا بكر بن يونس بن بكير عن موسى بن على عن ابيه عن عقبة بن عامر الجهنى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تكرهوا مرضاكم على الطعام فان الله تبارك وتعالى يطعمهم ويسقيهم هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه **باب** ماجاء فى الحبة السوداء **حدثنا** ابن ابى عمر وسعيد بن عبد الرحمن المخزومى قالا نا سفيان عن الزهرى عن ابى سلمة عن ابى هريرة ان النبى صلى الله عليه وسلم قال عليكم بهذه الحبة السوداء فان فيها شفاء من كل داء الا السام والسام الموت وفى الباب عن بريدة وابن عمر وعائشة هذا حديث حسن صحيح **باب** ماجاء فى شرب ابوال الابل **حدثنا** الحسن بن محمد الزعفرانى نا عفان نا حماد بن سلمة نا حميد وثابت وقتادة عن انس ان ناسا من عرينة قدموا المدينة فاجتووها فبعثهم رسول الله صلى الله عليه وسلم فى ابل الصدقة وقال اشربوا من البانها وابوالها وفى الباب عن ابن عباس هذا حديث حسن صحيح **باب** من قتل نفسه بسم او غيره **حدثنا** احمد بن منيع نا عبيدة بن حميد عن الاعمش عن ابى صالح عن ابى هريرة اراه رفعه قال من قتل نفسه بحديدة جاء يوم القيامة وحديدة فى يده يتوجا بها بطنه فى نار جهنم خالدا مخلدا ابدا ومن قتل نفسه بسم فسمه فى يده يتحساه فى نار جهنم خالدا مخلدا **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو داؤد عن شعبة عن الاعمش قال سمعت ابا صالح عن ابى هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من قتل نفسه بحديدة فحديدته فى يده يجاء بها فى بطنه فى نار جهنم خالدا مخلدا فيها ابدا ومن قتل نفسه بسم فسمه فى يده يتحساه فى نار جهنم خالدا مخلدا فيها ابدا ومن تردى من جبل فقتل نفسه فهو يتردى فى نار جهنم خالدا مخلدا فيها ابدا **حدثنا** محمد بن العلاء نا وكيع وابو معوية عن الاعمش عن ابى صالح عن ابى هريرة عن النبى صلى الله عليه وسلم نحو حديث شعبة عن الاعمش هذا حديث صحيح وهو اصح من الحديث الاول هكذا روى هذا الحديث عن الاعمش

حدیث کی ہمسے ابوکریب نے کہا حدیث کی ہمسے بکر بن یونس بن بکیر نے اُسنے موسی بن علی سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عقبہ بن عامر جہنی سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے بیماروں کو کھانے پر مجبور مت کرو کیونکہ اللہ تبارک وتعالی انکو کھلاتا ہے اور پلاتا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے **باب** شونیز کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر اور سعید بن عبدالرحمن مخزومی نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے لازم پکڑو شونیز یعنے کلونجی کو کیونکہ اسمیں ہر بیماری سے شفا ہے مگر موت سے اور سام کے معنے موت کے ہیں۔ اور اس باب میں روایت ہے بریدہ اور ابن عمر اور عائشہ سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اونٹوں کے پیشاب پینے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے حسن بن محمد زعفرانی نے کہا حدیث کی ہمسے عفان نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے کہا حدیث کی ہمسے حمید اور ثابت اور قتادہ نے انس سے یہ کہ چند آدمی قبیلہ عرینہ سے مدینہ میں آئے سو انھوں نے اسکی آب و ہوا کو ناموافق پایا پس آنحضرت نے انکو صدقہ کے اونٹوں میں بھیجا اور فرمایا انکا دودھ اور پیشاب پیو اور اس باب میں روایت ہے ابن عباس سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** اُس شخص کے بیان میں جو اپنی جان کو زہر وغیرہ سے قتل کرے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے عبیدہ بن حمید نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے (میں گمان کرتا ہوں کہ اُسنے اسکو مرفوع کیا ہے) کہ فرمایا آپ نے جو کوئی اپنی جان کو لوہے سے قتل کریگا آویگا وہ قیامت کے دن اس حالت میں کہ لوہا اسکے ہاتھ میں ہوگا۔ اسکے ساتھ اپنے پیٹ کو دوزخ کی آگ میں ہمیشہ ابد الآباد چبھوئیگا۔ اور جو کوئی اپنی جان کو زہر سے قتل کریگا۔ زہر اُسکا اُسکے ہاتھ میں ہوگا اسکو وہ دوزخ کی آگ میں ابد الآباد پیئے گا۔ **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے شعبہ سے اُسنے اعمش سے کہا اُسنے سُنا میں نے ابا صالح سے اُسنے ابا ہریرہ سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی اپنی جان کو لوہے سے قتل کریگا سو وہی لوہا اسکے ہاتھ میں ہوگا اسکو اپنے پیٹ میں دوزخ کی آگ میں ہمیشہ ابد الآباد چبھوئیگا اور جو کوئی اپنی جان کو زہر سے قتل کریگا پس زہر اسکے ہاتھ میں ہوگا اسکو دوزخ کی آگ میں ہمیشہ ابد الآباد پیئے گا۔ اور جو کوئی اپنی جان کو پہاڑ سے گرا کر قتل کریگا سو وہ ہمیشہ ابد الآباد دوزخ کی آگ میں گرایا جائیگا۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن علاء نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع اور ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل حدیث شعبہ کے جو اعمش سے ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے اور یہ پہلی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔ ایسا ہی یہ حدیث مروی ہے اعمش سے

لا انه قال انفع لك • قال محمد بن بشار في حديثه حدثنيه ايوب بن عبد الرحمٰن هٰذا حديث جيد غريب **حدثنا** محمد بن يحيٰى نا اسحٰق
بن محمد الفروى نا اسمٰعيل بن جعفر عن عمارة بن غزية عن عاصم بن عمر بن قتادة عن محمود بن لبيد عن قتادة بن النعمان ان رسول الله
صلى الله عليه وسلم قال اذا احب الله عبدا حماه الدنيا كما يظل احدكم يحمي سقيمه الماء وفي الباب عن صهيب هذا الحديث حسن
غريب وقد روى هذا الحديث عن محمود بن لبيد عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا **حدثنا** علي بن حجر نا اسمٰعيل بن جعفر عن
عمرو بن ابي عمرو عن عاصم بن عمر بن قتادة عن محمود بن لبيد عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه ولم يذكر فيه عن قتادة بن النعمان وقتادة بن
النعمان الظفري هو اخو ابو سعيد الخدري لامه ومحمود بن لبيد قد ادرك النبي صلى الله عليه وسلم وراٰه وهو غلام صغير **باب**
ماجاء في الدواء والحث عليه **حدثنا** بشر بن معاذ العقدي البصري نا ابو عوانة عن زياد بن علاقة عن اسامة بن شريك قال
قالت الاعراب يا رسول الله الا نتداوى قال نعم يا عباد الله تداووا فان الله لم يضع داء الا وضع له شفاء او دواء الا داء واحدا فقالوا
يا رسول الله وما هو قال الهرم وفي الباب عن ابن مسعود وابي هريرة وابي خزامة عن ابيه وابن عباس هذا حديث حسن صحيح **باب**
ماجاء ما يطعم المريض **حدثنا** احمد بن منيع نا اسمٰعيل بن ابراهيم نا محمد بن السائب بن بركة عن امه عن عائشة قالت كان رسول الله
صلى الله عليه وسلم اذا اخذ اهله الوعك امر بالحساء فصنع ثم امرهم فحسوا منه وكان يقول انه ليرتو فؤاد الحزين ويسرو عن فؤاد
السقيم كما تسرو احداكن الوسخ بالماء عن وجهها هذا حديث حسن صحيح وقد روى الزهري عن عروة عن عائشة عن النبي صلى الله
عليه وسلم شيئا من هذا **حدثنا** بذلك الحسين الجريري نا ابو اسحٰق الطالقاني عن ابن المبارك عن يونس عن الزهري عن عروة
عن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم بمعناه حدثنا بذلك ابو اسحٰق **باب** ماجاء لا تكرهوا مرضاكم على الطعام والشراب

مگر کہا اُسنے یہ تیرے لئے نافع ہے۔ اور کہا محمد بن بشار نے اپنی حدیث میں حدیث کی مجھے یہ ایوب بن عبد الرحمٰن نے۔ یہ حدیث جید غریب ہے **حدیث**
کی ہمسے محمد بن یحییٰ نے کہا حدیث کی ہمسے اسحاق بن محمد فروی نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن جعفر نے عمارہ بن غزیہ سے اُسنے عاصم بن عمر بن
قتادہ سے اُسنے محمود بن لبید سے اُسنے قتادہ بن نعمان سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب اللہ تعالیٰ کسی آدمی کو دوست رکھتا ہے
تو اسکو دنیا سے نگاہ رکھتا ہے جیسا کہ کوئی تم میں سے اپنے بیمار کو پانی سے نگاہ رکھتا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے صہیب سے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے
اور یہ حدیث اسناد مرسل سے بواسطہ محمود بن لبید کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل
بن جعفر نے عمرو بن ابی عمرو سے اُسنے عاصم بن عمر بن قتادہ سے اُسنے محمود بن لبید سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور اُسنے اسمیں قتادہ بن
نعمان کا ذکر نہیں کیا۔ اور قتادہ بن نعمان ظفری وہ ابی سعید خدری کا اخیافی بھائی ہے اور محمود بن لبید نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا ہے اور اُسنے آپکو
لڑکپن میں دیکھا ہے **باب** دوا، اور اسپر برانگیختہ کرنیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے بشر بن معاذ عقدی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے
زیاد بن علاقہ سے اُسنے اسامہ بن شریک سے کہا اُسنے کہا بدویوں نے یا رسول اللہ کیا ہم دوائی نہ کیا کریں فرمایا آپ نے ہاں اے اللہ کے بندو دوائی
کیا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے کوئی بیماری نہیں رکھی مگر کہ اُسکے لئے شفا بنائی ہے یا فرمایا آپ نے اسکے لئے دوائی بنائی ہے مگر ایک بیماری کی دوائی نہیں بنائی سو کہا
لوگوں نے یا رسول اللہ اور وہ کیا ہے فرمایا آپ نے بڑھاپا۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن مسعود اور ابی ہریرہ سے اور ابی خزامہ سے جو راوی ہے اپنے
باپ سے اور ابن عباس سے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اس بیان میں کہ مریض کو کیا کھلایا جائے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث
کی ہمسے اسمٰعیل بن ابراہیم نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن سائب بن برکہ نے اپنی والدہ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے
اہل میں سے جب کسی کو بخار آتا تو حسا[1] کا حکم دیتے سو وہ بنایا جاتا پھر آپ اس بیمار کو حکم دیتے تو وہ اُس سے پی لیتا۔ اور فرماتے تھے کہ یہ بیمار کے دل کو قوت
دیتا ہے اور بیمار کے دل سے بیماری کو دور کرتا ہے جیسا کہ تم میں سے ہر ایک عورت میل اپنے مُنھ سے پانی کے ساتھ دور کرتی ہے۔ یہ حدیث حسن
صحیح ہے۔ اور روایت کی ہے زہری نے عروہ سے اُسنے عائشہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کچھ حصہ اس حدیث سے **حدیث** کی ہمسے ساتھ اس کے
حسین جریری نے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسحاق طالقانی نے ابن مبارک سے اُسنے یونس سے اُسنے زہری سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے اُسنے نبی
صلے اللہ علیہ وسلم سے ساتھ اس معنے کے حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے ابو اسحاق نے **باب** اس بیان میں کہ اپنے بیماروں کو کھانے اور پینے پر مجبور نہ کرو

[1] حسا۔ ایک چیز ہے مرکب آٹے اور پانی اور گھی اور گڑ سے یعنے رقیق حلوا تیار کرواتے اور بیمار کو اسکے پینے کا حکم دیتے ۱۲۱۲

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان خیر ما تداویتم بہ اللدود والسعوط والحجامۃ والمشی وخیر ما اکتحلتم بہ الاثمد فانہ یجلو البصر وینبت الشعر قال وکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لہ مکحلۃ یکتحل بہا عند النوم ثلاثا فی کل عین ہذا حدیث حسن غریب وہو حدیث عباد بن منصور **باب** ماجاء فی کراہیۃ الکی **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبۃ عن قتادۃ عن الحسن عن عمران بن حصین ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہی عن الکی قال فابتلینا فاکتوینا فما افلحنا ولا انجحنا ہذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** عبد القدوس بن محمد نا عمرو بن عاصم نا ہمام عن قتادۃ عن الحسن عن عمران بن حصین قال نہینا عن الکی وفی الباب عن ابن مسعود وعقبۃ بن عامر وابن عباس ہذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی الرخصۃ فی ذلک **حدثنا** حمید بن مسعدۃ نا یزید بن زریع نا معمر عن الزہری عن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کوی سعد بن زرارۃ من الشوکۃ وفی الباب عن ابی وجابر ہذا حدیث حسن غریب **باب** ماجاء فی الحجامۃ **حدثنا** عبد القدوس بن محمد نا عمرو بن عاصم نا ہمام وجریر بن حازم قالا نا قتادۃ عن انس قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یحتجم فی الاخدعین والکاہل وکان یحتجم لسبع عشرۃ وتسع عشرۃ واحدی وعشرین وفی الباب عن ابن عباس ومعقل بن یسار ہذا حدیث حسن غریب **حدثنا** احمد بن بدیل بن قریش الیامی الکوفی نا محمد بن فضیل نا عبد الرحمن بن اسحق عن القاسم بن عبد الرحمن ہو ابن عبد اللہ بن مسعود عن ابیہ عن ابن مسعود قال حدث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن لیلۃ اسری بہ انہ لم یمر علی ملاء من الملائکۃ الا امروہ ان مر امتک بالحجامۃ ہذا حدیث حسن غریب من حدیث ابن مسعود **حدثنا** عبد بن حمید نا النضر بن شمیل نا عباد بن منصور قال سمعت عکرمۃ قال کان لابن عباس غلمۃ ثلاثۃ حجامون فکان اثنان یغلان واحد یحجمہ ویحجم اہلہ قال

کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بہتر ان چیزون کا کہ جنسے تم دوا کرتے ہو لدود ہے اور سعوط اور سینگی اور مسہل۔ اور بہتر ان چیزون کا کہ جس سے تم سرمہ بناتے ہو اثمد ہے (ایک عمدہ قسم کا سیاہ پتھر ہے) کیونکہ آنکھون کو جلا دیتا ہے اور بالون کو اُگاتا ہے۔ کہا ابن عباس نے اور آنحضرت کے پاس ایک سرمہ دان تھا اسمین سے سونیکے وقت ہر ایک آنکھ مین تین تین سلائی لگاتے تھے یہ حدیث حسن غریب ہے اور یہ حدیث عباد بن منصور کی ہے **باب** داغ لگانے کی کراہت کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے عمران بن حصین سے ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے داغ لگانے سے منع کیا ہے کہا راوی نے پس ہم بیمار ہوے تو داغ لگایا سو ہمنے نہ فلاح پائی اور نہ خلاصی پائی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے عبد القدوس بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن عاصم نے کہا حدیث کی ہمسے ہمام نے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے عمران بن حصین سے کہا اُسنے ہم داغ لگانے سے منع کیے گئے ہین۔ اور اس باب مین روایت ہے ابن مسعود اور عقبہ بن عامر اور ابن عباس سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اسکی رخصت کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے حمید بن مسعدہ نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن زریع نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے زہری سے اُسنے انس سے ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے سعد بن زرارہ کو سرخ بادہ سے داغ لگوایا اور اس باب مین روایت ہے ابی اور جابر سے یہ حدیث حسن غریب ہے **باب** سینگی کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے عبد القدوس بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن عاصم نے کہا حدیث کی ہمسے ہمام اور جریر بن حازم نے کہا دونون نے حدیث کی ہمسے قتادہ نے انس سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم دو رگون مین جو جانب گردن مین ہین اور دونون کاندھون کے سینگی لگواتے تھے اور سترھوین اور انیسوین اور اکیسوین کو سینگی لگواتے تھے۔ اور اس باب مین روایت ہے ابن عباس اور معقل بن یسار سے یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن بدیل بن قریش یامی کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن اسحاق نے قاسم بن عبد الرحمن سے وہ عبد اللہ بن مسعود کا بیٹا ہے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابن مسعود سے کہا اُسنے آنحضرت نے معراج کی رات کی بات کی کہ مین جونسی جماعت فرشتون کی پر گذرا تو اُنھون نے مجھے یہی امر کیا کہ اپنی امت کو سینگی کا حکم دیجیے یہ حدیث حسن غریب ہے طریق ابن مسعود سے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے نضر بن شمیل نے کہا حدیث کی ہمسے عباد بن منصور نے کہا سنا مین نے عکرمہ سے کہا اُسنے ابن عباس کے تین لڑکے تھے وہ تینون ہی حجام تھے سو دو تو اُنمین سے مزدوری کرتے تھے اور ایک ابن عباس کی حجامت کرتا تھا اور اسکے اہل کی۔ کہا راوی نے

عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وروی محمد بن عجلان عن سعید المقبری عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من قتل نفسہ بسم عذب فی نار جہنم ولم یذکر منہ خالدا مخلدا فیہا ابدا وہکذا رواہ ابو الزناد عن الاعرج عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وہذا اصح لان الروایات انما تجئ بان اہل التوحید یعذبون فی النار ثم یخرجون منہا ولا یذکر انہم یخلدون فیہا **حدثنا** سوید بن نصر انا عبد اللہ بن المبارک عن یونس بن ابی اسحٰق عن مجاہد عن ابی ہریرۃ قال نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن الدواء الخبیث یعنی السم **باب** ماجاء فی کراہۃ التداوی بالمسکر **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو داؤد عن شعبۃ عن سماک انہ سمع علقمۃ بن وائل عن ابیہ انہ شہد النبی صلی اللہ علیہ وسلم وسألہ سوید بن طارق او طارق بن سوید عن الخمر فنہاہ فقال انا نتداوی بہا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہا لیست بدواء ولکنہا داء **حدثنا** محمود نا النضر وشبابۃ عن شعبۃ بمثلہ قال محمود قال النضر طارق بن سوید وقال شبابۃ سوید بن طارق ہذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی السعوط **حدثنا** محمد بن مدویۃ نا عبد الرحمٰن بن حماد نا عباد بن منصور عن عکرمۃ عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان خیر ما تداویتم بہ السعوط واللدود والحجامۃ والمشی فلما اشتکی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لدہ اصحابہ فلما فرغوا قال لدوہم قال فلدوا کلہم غیر العباس **حدثنا** محمد بن یحیٰی نا یزید بن ہارون نا عباد بن منصور عن عکرمۃ عن ابن عباس

اُسنے روایت کی ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ اور روایت کی محمد بن عجلان نے سعید مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپ نے جو کوئی اپنی جان کو زہر سے قتل کریگا وہ دوزخ کی آگ میں عذاب دیا جائیگا۔ اور اسنے اس روایت میں ہمیشہ ابد الآباد کا لفظ ذکر نہیں کیا۔ اور ایسا ہی روایت کیا ہے اسکو ابو الزناد نے اعرج سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ اور یہ بہت صحیح ہے کیونکہ[1] اور روایات اس بات میں مروی ہیں کہ اہل توحید آگ میں عذاب دئے جائیں گے پھر اس سے نکالے جائینگے۔ اور یہ مذکور نہیں کہ وہ اسمیں ہمیشہ رہینگے **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن مبارک نے یونس بن ابی اسحاق سے اُسنے مجاہد سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے خبیث دوائی سے آنحضرت نے منع کیا ہے یعنے زہر سے **باب** اس بیان میں کہ مسکر کے ساتھ دوائی منع ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے شعبہ سے اُسنے سماک سے یہ کہ سنا اُسنے علقمہ بن وائل سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے یہ کہ وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا اور آپ سے سوید بن طارق یا طارق بن سوید نے (شک راوی) شراب کی بابت سوال کیا سو آپنے اسکو منع کیا پس کہا اُسنے ہم تو اس سے دوائی کرتے ہیں پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ دوا نہیں لیکن بیماری ہے **حدیث** کی ہمسے محمود نے کہا حدیث کی ہمسے نضر اور شبابہ نے شعبہ سے مثل اسکے۔ کہا محمود نے کہ کہا نضر نے طارق بن سوید اور کہا شبابہ نے سوید بن طارق۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** سعوط کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن مدویہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن حماد نے کہا حدیث کی ہمسے عباد بن منصور نے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بہتر ان چیزوں کا کہ جس سے تم دوائی کرتے ہو سعوط[2] ہے اور لدود اور سینگی اور مسہل سو جب آنحضرت بیمار ہوئے تو آپ کے اصحاب نے آپ کو لدود کیا پس جب وہ فارغ ہوئے تو فرمایا آپ نے سب کو لدود کرو سو سب کو سوائے عباس کے لدود کیا گیا **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے عباد بن منصور نے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے

[1] سوائے صحت سند کے اگر یہی وجہ اس حدیث کی زیادہ صحت کی ہے تو یہ کافی نہیں ہوسکتی کیونکہ قرآن مجید میں آیا ہے من قتل نفسا الخ یعنے جو کوئی اپنی جان کو قتل کریگا وہ ہمیشہ ابد الآباد دوزخ میں رہیگا پس وجہ مطابقت کی یہ ہے کہ وہ شخص لائق اس امر کے ہے کہ ہمیشہ دوزخ میں رکھا جاوے یہ معنے نہیں کہ وہ دوزخ میں رہیگا۔

[2] سعوط اُس دوائی کو بولتے ہیں جو ناک میں چڑھائی جائے اور لدود وہ دوائی ہے جو بیمار کو سیپ وغیرہ کے ذریعہ سے مُنھ کی ایک جانب سے پلائی جائے اور جبکہ آنحضرت کو آخر کی بیماری آئی اور بیہوش ہوگئے تو لوگوں نے آپ کو لدود کیا اسی اثنا میں حضرت عباس یہ مشورہ کرکے کہیں باہر تشریف لیگئے تھے انکے بعد ہی لوگوں نے آپ کو لدود کیا پھر جب آنحضرت ہوش میں آئے تو اس تکلیف کے غصہ کے مارے آپ نے حکم دیا کہ سب کو لدود کیا جاوے پھر آپ کے حکم سے سب کو سوائے حضرت عباس کے لدود کیا گیا انکو اسیواسطے نہ کیا گیا کہ آنحضرت کو یہ گمان

وفی الباب عن ابن مسعود وابن عباس وعمران بن حصین هذا حدیث حسن صحیح **باب** الرخصة فی ذلك
حدثنا عبدة بن عبد الله الخزاعی نا معاویة بن هشام عن سفیان عن عاصم الاحول عن عبد الله بن الحارث
عن انس ان رسول الله صلی الله علیه وسلم رخص فی الرقیة من الحمة والعین والنملة **حدثنا** محمود بن غیلان نا
یحیی بن ادم وابو نعیم قالا نا سفیان عن عاصم عن یوسف بن عبد الله بن الحارث عن انس بن مالك ان رسول الله
صلی الله علیه وسلم رخص فی الرقیة من الحمة والنملة وهذا عندی اصح من حدیث معاویة بن هشام عن سفیان وفی
الباب عن بریدة وعمران بن حصین وجابر وعائشة وطلق بن علی وعمرو بن حزم وابی خزامة عن ابیه **حدثنا** ابن
ابی عمر نا سفیان عن حصین عن الشعبی عن عمران بن حصین ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لا رقیة الا من عین
او حمة وروی شعبة هذا الحدیث عن حصین عن الشعبی عن بریدة **باب** ما جاء فی الرقیة بالمعوذتین **حدثنا**
هشام بن یونس الکوفی نا القاسم بن مالك المزنی عن الجریری عن ابی نضرة عن ابی سعید قال کان رسول الله صلی الله علیه
وسلم یتعوذ من الجان وعین الانسان حتی نزلت المعوذتان فلما نزلت اخذ بهما وترك ما سواهما وفی الباب عن انس
قال ابو عیسی هذا حدیث حسن غریب **باب** ما جاء فی الرقیة من العین **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان عن عمرو
بن دینار عن عروة وهو ابن عامر عن عبید بن رفاعة الزرقی ان اسماء بنت عمیس قالت یا رسول الله ان ولد جعفر تسرع
الیهم العین افاسترقی لهم قال نعم فانه لو کان شیء سابق القدر لسبقته العین وفی الباب عن عمران بن حصین و
بریدة هذا حدیث حسن صحیح وقد روی هذا عن ایوب عن عمرو بن دینار عن عروة بن عامر عن عبید بن رفاعة عن
اسماء بنت عمیس عن النبی صلی الله علیه وسلم

اور اس باب میں روایت ہے ابن مسعود اور ابن عباس اور عمران بن حصین سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اسکی
رخصت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عبدہ بن عبد اللہ خزاعی نے کہا حدیث کی ہمسے معاویہ بن ہشام نے سفیان سے اُسنے عاصم
احول سے اُسنے عبد اللہ بن حارث سے اُسنے انس سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے رقیہ میں بچھو کے کاٹنے اور نظر اور پھنسیوں
سے جو جنب میں نکلتی ہیں رخصت دی ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن آدم اور ابو نعیم نے کہا
دونوں نے حدیث کی ہمسے سفیان نے عاصم سے اُسنے یوسف بن عبد اللہ بن حارث سے اُسنے انس بن مالک سے یہ کہ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے رقیہ کی رخصت دی ہے بچھو کے کاٹنے اور پھنسیوں سے جو جنب میں نکلتی ہیں رخصت دی ہے۔ اور یہ میرے نزدیک معاویہ بن
ہشام کی حدیث سے جو عاصم سے کہا ہے زیادہ صحیح ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے بریدہ اور عمران بن حصین اور جابر اور عائشہ اور
طلق بن علی اور عمرو بن حزم سے ابی خزامہ سے جو راوی ہیں اپنے باپ سے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی
ہمسے سفیان نے حصین سے کہا کی ہمنے شعبی سے اُسنے عمران بن حصین سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ رقیہ جائز نہیں
مگر نظر اور بچھو کے کاٹے سے۔ اور روایت کیا ہے شعبہ نے اس حدیث کو حصین سے اُسنے شعبی سے اُسنے بریدہ سے **باب** بیان میں رقیہ کے ساتھ دونوں
سورتوں معوذات کے **حدیث** کی ہمسے ہشام بن یونس کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے قاسم بن مالک مزنی نے جریری سے اُسنے ابی نضرہ سے اُسنے
ابی سعید سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پناہ مانگتے تھے جنوں اور انسان کی نظر سے تاکہ دونوں سورتیں معوذات نازل ہوئیں سو جب یہ نازل
ہوئیں تو آپ نے (پناہ مانگنے کے واسطے) ان دونوں کو پکڑ لیا اور ما سوائے ان دونوں کے (اور آیات وغیرہ کو کہ جنکے ساتھ پناہ مانگتے تھے) چھوڑ دیا
اور اس باب میں روایت ہے انس سے کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن غریب ہے۔ **باب** بیان میں رقیہ کے نظر سے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر
نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عمرو بن دینار سے اُسنے عروہ سے اور وہ ابن عامر ہے اُسنے عبید بن رفاعہ زرقی سے یہ کہ اسماء بنت عمیس نے کہا یا رسول
اللہ جعفر کی اولاد کو نظر بہت جلد لگ جاتی ہے کیا میں انکے واسطے رقیہ کروں فرمایا آپ نے ہاں۔ پس اگر کوئی چیز تقدیر سے سبقت لے جانے والی
ہوتی تو البتہ نظر اس سے سبقت لے جاتی۔ اور اس باب میں روایت ہے عمران بن حصین اور بریدہ سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور مروی ہے
یہ حدیث ایوب سے اُسنے روایت کی عمرو بن دینار سے اُسنے عروہ بن عامر سے اُسنے عبید بن رفاعہ سے اُسنے اسماء بنت عمیس سے اُسنے نبی صلعم سے

وقال ابن عباس قال نبی اللہ نعم العبد الحجام یذھب بالدم ویخف الصلب ویجلو عن البصر وقال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حیث عرج بہ مامر علی ملأ من الملائکۃ الا قالوا علیک بالحجامۃ وقال ان خیر ما تحتجمون فیہ یوم سبع عشرۃ ویوم تسع عشرۃ ویوم احدی وعشرین وقال ان خیر ما تداویتم بہ السعوط واللدود والحجامۃ والمشی وان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لدہ العباس واصحاب فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من لدنی فکلھم امسکوا فقال لا یبقی احد ممن فی البیت الا لد غیر عمہ العباس قال النضر اللدود الوجور وفی الباب عن عائشۃ ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث عباد بن منصور **باب** ماجاء فی التداوی بالحناء **حدثنا** احمد بن منیع نا حماد بن خالد الخیاط نا فائد مولی لآل ابی رافع عن علی بن عبید اللہ عن جدتہ وکانت تخدم النبی صلی اللہ علیہ وسلم قالت ماکان یکون برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرحۃ ولا نکبۃ الا امرنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اضع علیھا الحناء ھذا حدیث غریب انما نعرفہ من حدیث فائد وروی بعضھم عن فائد فقال عن عبید اللہ بن علی عن جدتہ سلمی وعبید اللہ بن علی اصح **حدثنا** محمد بن العلاء نا زید بن حباب عن فائد مولی عبید اللہ بن علی عن مولاہ عبید اللہ بن علی عن جدتہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ بمعناہ **باب** ماجاء فی کراھیۃ الرقیۃ **حدثنا** بندار نا عبد الرحمن بن مھدی نا سفیان عن منصور عن مجاھد عن عقار بن المغیرۃ بن شعبۃ عن ابیہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اکتوی او استرقی فھو بریٔ من التوکل۔

اور کہا ابن عباس نے کہ کہا اللہ کے نبی نے اچھا آدمی وہ ہے جو حجام ہو خون کو لیجاتا ہے اور پیٹھ کو ہلکا کرتا ہے اور آنکھ کو جلا دیتا ہے اور کہا ابن عباس نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو جب معراج ہوئی تو آپ جس جماعت فرشتوں کی پر گذرے تو انھوں نے یہی کہا لازم پکڑو سینگی کو اور فرمایا بہتر ان دنوں کا کہ جسمیں تم سینگی لگو اتے ہو سترھویں اور انیسویں اور اکیسویں تاریخ ہے اور فرمایا کہ بہتر ان چیزوں کا کہ جس سے تم دوائی کرتے ہو سعوط اور لدود اور سینگی اور مسہل ہے۔ اور آنحضرت کو حضرت عباس اور آپ کے صحابہ نے لدود کیا سو فرمایا آپ نے مجھے کسنے لدود کیا ہے سو سب کے سب خاموش ہو گئے بس فرمایا آنحضرت نے کوئی شخص انمیں سے جو گھر میں ہے باقی نہ چھوڑا جاوے مگر کہ لدود کیا جاوے سوائے آپ کے چچا عباس کے۔ اور کہا نضر نے لدود وہ چیز ہے جو بیمار کو منھ کی جانب سے سیپ وغیرہ کے ذریعہ سے پلائی جاوے۔ اور اس باب میں روایت ہے حضرت عائشہ سے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق عباد بن منصور سے **باب** مہندی کے ساتھ دوائی کرنے کے بیانمیں **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن خالد خیاط نے کہا حدیث کی ہمسے فائد نے جو آل ابی رافع کا غلام ہے اُسنے علی بن عبید اللہ سے اُسنے اپنی دادی سے اور وہ آنحضرت کی خدمت کرتی تھی کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو جو کوئی پھٹ یا زخم اپنے بدن سے ہوتا مہندی رکھنے کا حکم دیتے۔ یہ حدیث غریب ہے ہم تو اسکو فقط طریق فائد سے ہی پہچانتے ہیں اور بعض نے فائد سے نقل کیا ہے اور کہا کہ یہ روایت ہے عبید اللہ بن علی سے اُسنے روایت کی اپنی دادی سے اور عبید اللہ بن علی صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن علاء نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے فائد سے جو عبید اللہ بن علی کا غلام ہے اُسنے اپنے مولیٰ عبید اللہ بن علی سے اُسنے اپنی دادی سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے ساتھ اسکے معنی کے **باب** رقیہ کی کراہت کے بیانمیں **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے منصور سے اُسنے مجاہد سے اُسنے عقار بن مغیرہ بن شعبہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس کسی نے داغ لگایا یا رقیہ[1] کیا تو وہ توکل سے بری ہے

---

[1] رقیہ تعویذ وغیرہ کو بولتے ہیں جو کسی بیمار کے واسطے کیا جاتا ہے یا اسپر پڑھکر دم کیا جاتا ہے مجمع البحار میں لکھا ہے کہ اس باب میں دونوں قسم کی حدیثیں بہت ہیں مطابقت کی وجہ انمیں اسطرح ہو سکتی ہے کہ اگر بغیر زبان عربی یا سوائے کلام اللہ کے ہو یا یہ اعتقاد رکھتا ہو کہ رقیہ قطعاً نافع ہے تو ان صورتوں میں مکروہ ہے اور ماسوائے اسکے مکروہ نہیں ہے مستبر حکم زبان عربی کی یا کلام اسکی تخصیص کرنیکی کوئی وجہ دیکھی معلوم نہیں ہوتی۔ ہاں اگر شرک کے الفاظ اسمیں موجود ہوں تو یہ وجہ ممانعت ہو سکتی ہے اور اس صورت میں خواہ زبان عربی ہو یا غیر عربی اور کلام اللہ ہو یا غیر کلام اللہ ایسا رقیہ جسمیں شرک کے الفاظ موجود نہ ہوں جائز ہوگا۔ اور یہی وجہ مطابقت کی ہو سکتی ہے کہ بخاری وغیرہ کی حدیث میں آیا ہے کہ ستر ہزار آدمی میری امت سے بلا حساب جنت میں داخل ہونگے لوگوں نے پوچھا یا رسول اللہ وہ کون لوگ ہیں آپ نے فرمایا وہ وہ لوگ ہیں جو رقیہ نہیں کرتے اور داغ نہیں لگواتے [illegible]

حدثنا هناد نا ابومعوية عن الاعمش عن جعفر بن اياس عن ابي نضرة عن ابي سعيد قال بعثنا رسول الله صلى الله عليه وسلم في سرية فنزلنا بقوم فسألناهم القرى فلم يقرونا فلدغ سيدهم فاتونا فقالوا هل فيكم من يرقي من العقرب قلت نعم انا ولكن لا ارقيه حتى تعطونا غنما قالوا فانا نعطيكم ثلاثين شاة فقبلنا فقرأت عليه الحمد سبع مرات فبرأ وقبضنا الغنم قال فعرض في انفسنا منها شئ فقلنا لا تعجلوا حتى تأتوا رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فلما قدمنا عليه ذكرت له الذي صنعت قال وما علمت انها رقية اقبضوا الغنم واضربوا لي معكم بسهم هذا حديث حسن صحيح وابو نضرة اسمه المنذر بن مالك بن قطعة ورخص الشافعي للمعلم ان يأخذ على تعليم القرآن اجرا ويرى له ان يشترط على ذلك واحتج بهذا الحديث وروى شعبة وابو عوانة وغير واحد عن ابي المتوكل عن ابي سعيد هذا الحديث **حدثنا** ابو موسى محمد بن المثنى نا عبد الصمد بن عبد الوارث نا شعبة نا ابو بشر قال سمعت ابا المتوكل يحدث عن ابي سعيد ان ناسا من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم مروا بحي من العرب فلم يقروهم ولم يضيفوهم فاشتكى سيدهم فاتونا فقالوا هل عندكم دواء قلنا نعم ولكنكم لم تقرونا ولم تضيفونا فلا نفعل حتى تجعلوا لنا جعلا فجعلوا على ذلك قطيعا من غنم فجعل رجل منا يقرأ عليه بفاتحة الكتاب فبرئ فلما اتينا النبي صلى الله عليه وسلم ذكرنا ذلك له قال وما يدريك انها رقية ولم يذكر نهيا منه وقال كلوا واضربوا لي معكم بسهم هذا حديث صحيح وهذا اصح من حديث الاعمش عن جعفر بن اياس وهكذا روى غير واحد هذا الحديث عن ابي بشر جعفر بن ابي وحشية عن ابي المتوكل عن ابي سعيد. وجعفر بن اياس هو جعفر بن ابي وحشية **باب** ما جاء في الرقى والادوية **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان عن الزهري عن ابي خزامة عن ابيه

حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابومعاویہ نے اعمش سے اُسنے جعفر بن ایاس سے اُسنے ابی نضرہ سے اُسنے ابی سعید سے کہا اُسنے بھیجا ہمکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر میں بھیجا سو ہم ایک قوم کے یہاں اُترے اور اُنسے مہمانی کا سوال کیا پس اُنھوں نے ہمکو مہمان نہ بنایا پس اُنکے سردار کو کسی چیز نے کاٹ کھایا پھر وہ ہمارے پاس آئے اور کہنے لگے کیا تم میں کوئی شخص ہے جو بچھو کا منتر جانتا ہو میں نے کہا ہاں میں ہوں لیکن میں منتر نہیں پڑھتا یہانتک کہ تم ہمکو بکریاں دو کہا اُنھوں نے ہم آپکو تیس بکریاں دینگے پس ہمنے قبول کر لیا اور اسپر میں نے سورۂ الحمد سات مرتبہ پڑھی سو وہ اچھا ہوگیا اور ہمنے بکریوں کو قبض کر لیا۔ کہا اُسنے پھر ہمارے دل میں اُن بکریوں سے کچھ کھٹکا پیدا ہوا اور ہمنے آپسمیں کہا کہ جلدی مت کرو حتی کہ آنحضرت کے پاس چلو کہا اُسنے سو جب ہم آپکے پاس آئے تو میں نے وہی ذکر کیا جو کہ میں نے کیا تھا فرمایا آپ نے تعجب سے کس چیز نے تجھے بتلایا تھا کہ یہ رقیہ ہے۔ بکریوں کو قبض کر لو اور اپنے ساتھ میرا حصہ بھی مقرر کر دو (یہ اسواسطے فرمایا کہ اُنکا وہم رفع ہو جاوے) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو نضرہ کا نام منذر بن مالک بن قطعہ ہے۔ اور امام شافعی نے معلم کے واسطے رخصت دی ہے کہ قرآن کے پڑھانے کی مزدوری لیلے اور امام شافعی اسپر شرط کر لینے کو بھی جائز رکھتے ہیں اور اُنھوں نے اس حدیث سے دلیل پکڑی ہے۔ اور روایت کیا ہے شعبہ اور ابو عوانہ وغیرہ نے بواسطہ ابی المتوکل کے ابی سعید سے اس حدیث کو **حدیث** کی ہمسے ابوموسی یعنے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی مجھے عبد الصمد بن عبد الوارث نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو بشر نے کہا سنا میں نے ابا المتوکل سے کہ حدیث کرتا تھا ابی سعید سے کہ چند لوگ آنحضرت کے صحابہ سے ایک عرب کے قبیلے پر گذرے سو اُنھوں نے اُنکو مہمان نہ بنایا اور نہ اُنکی ضیافت کی۔ پس (اتفاقا) انکا سردار بیمار ہوگیا سو وہ ہمارے پاس آئے اور کہنے لگے کیا تمھارے پاس کوئی دوائی ہے ہمنے کہا ہاں لیکن تمنے ہمکو مہمان نہیں بنایا اور نہ ہماری ضیافت کی ہے سو ہم بھی دوائی نہیں کرتے تاکہ ہمارے لئے مزدوری مقرر کر لو پس اُنھوں نے اُسپر بکریوں کا ریوڑ مقرر کیا سو ایک آدمی ہم میں سے اُسپر فاتحۃ الکتاب پڑھتا رہا پس وہ اچھا ہوگیا۔ پس جب ہم نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تو ہمنے آپ کے آگے یہ ذکر کیا فرمایا آپ نے کس چیز نے تجھے بتلایا تھا کہ یہ رقیہ ہے اور آپ نے یہ بات منع کرنیکے واسطے نہ فرمائی تھی۔ اور فرمایا آپ نے کھاؤ اور اپنے ساتھ میرا حصہ بھی مقرر کرو۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ اور یہ بہت صحیح ہے حدیث اعمش سے جو جعفر بن ایاس سے ہے۔ اور ایسا ہی روایت کیا ہے کئی ایک نے اس حدیث کو ابی بشر یعنے جعفر بن ابی وحشیہ سے اُسنے روایت کی ابی المتوکل سے اُسنے ابی سعید سے۔ اور جعفر بن ایاس وہ جعفر بن ابی وحشیہ ہے **باب** رقیہ اور دوائی کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے ابی خزامہ سے اُسنے اپنے باپ سے

حدثنا بذلك الحسن بن على الخلال نا عبد الرزاق عن معمر عن ايوب بهذا **حدثنا** محمود بن غيلان نا عبد الرزاق ويعلى عن سفيان عن منصور عن المنهال بن عمرو عن سعيد بن جبير عن ابن عباس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعوذ الحسن والحسين يقول اعيذكما بكلمات الله التامة من كل شيطان وهامة ومن كل عين لامة ويقول هكذا كان ابراهيم يعوذ اسحٰق واسمٰعيل **حدثنا** الحسن بن على الخلال نا يزيد بن هارون وعبد الرزاق عن سفيان عن منصور نحوه بمعناه هذا حديث حسن صحيح **باب** ماجاء ان العين حق **حدثنا** ابو حفص عمرو بن على نا يحيى بن كثير نا ابو غسان العنبرى نا على بن المبارك عن يحيى بن ابى كثير قال ثنى حية بن حابس التميمى ثنى ابى انه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لاشئ فى الهام والعين حق **حدثنا** احمد بن الحسن بن خراش البغدادى نا احمد بن اسحٰق الحضرمى نا وهيب عن ابن طاؤس عن ابيه عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو كان شئ سابق القدر لسبقته العين واذا استغسلتم فاغسلوا وفى الباب عن عبد الله بن عمرو وهذا حديث صحيح وحديث حية بن حابس حديث غريب وروى شيبان عن يحيى بن ابى كثير عن حية بن حابس عن ابيه عن ابى هريرة عن النبى صلى الله عليه وسلم وعلى بن المبارك وحرب بن شداد لايذكران فيه عن ابى هريرة **باب** ماجاء فى اخذ الاجر على التعويذ

حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے حسن بن علی خلال نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے معمر سے اُسنے ایوب سے ساتھ اسکے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق اور یعلی نے سفیان سے اُسنے منصور سے اُسنے منہال بن عمرو سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حسن اور حسین کے واسطے پناہ مانگتے تھے فرماتے ہیں تمھارے لیے پناہ مانگتا ہوں ساتھ اللہ کے کلموں کے جو پورے ہیں (یعنے انہیں کو نقص نہیں) ہر شیطان وسوسہ[1] ڈالنے والے سے اور ہر نظر مس کرنے والے سے۔ اور فرماتے آنحضرت کہ اسیطرح حضرت ابراہیم علیہ السلام اسحاق اور اسمٰعیل علیہما السلام کے واسطے پناہ مانگتے تھے۔ **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی خلال نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون اور عبد الرزاق نے سفیان سے اُسنے منصور سے مثل اسکے ساتھ اسکے معنی کے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ نظر حق ہے **حدیث** کی ہمسے ابو حفص یعنے عمرو بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن کثیر نے کہا حدیث کی ہمسے ابو غسان عنبری نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن مبارک نے یحیی بن ابی کثیر سے کہا حدیث کی مجھے حیہ بن حابس تمیمی نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے یہ کہ سنا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے ہام[1] میں کچھ چیز نہیں ہے۔ اور نظر حق ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن حسن بن خراش بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے احمد بن اسحاق حضرمی نے کہا حدیث کی ہمسے وہیب نے ابن طاؤس سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر کوئی چیز قدر سے سبقت[2] لیجانے والی ہوتی تو البتہ نظر اُس سے سبقت لیجاتی۔ اور جب تمسے کوئی غسل کی خواہش کرے تو غسل کر لو۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے۔ یہ حدیث صحیح ہے اور حدیث حیہ بن حابس کی غریب ہے۔ اور روایت کیا ہے شیبان نے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے حیہ بن حابس سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ اور علی بن مبارک اور حرب بن شداد اسمیں ابو ہریرہ سے ذکر نہیں کرتے **باب** تعویذ پر مزدوری لینے کے بیان میں

[1] ہام رات کے جانوروں سے ایک جانور کا نام ہے۔ عرب کے لوگ اس سے بدفالی پکڑتے تھے انکا یہ اعتقاد تھا کہ جو شخص قتل کیا جاوے اور پھر اسکا بدلہ خون کا نہ لیا جاوے وہ جانور ہو جاتا ہے اور کہتا پھرتا ہے کہ میرا خون لو پس جب اسکا خون لے لیا جاتا ہے پھر وہ جانور اُڑ جاتا ہے اور کہا گیا ہے کہ انکا گمان تھا کہ میت کی ہڈیاں یا روح یہ جانور بن جاتا ہے اور اُڑتا پھرتا ہے آنحضرت نے انکی نفی فرمائی کہ یہ کوئی چیز نہیں بلکہ صرف لوگوں کا وہمی اعتقاد ہے۔ [2] یعنے اگر کوئی چیز بالفرض بغیر حکم الٰہی کے مضر اور مہلک ہوتی تو وہ نظر تھی لیکن کوئی ایسی چیز موجود نہیں ہے اور یہ الفاظ آنحضرت نے اسکی نہایت تاثیر کے واسطے فرمایا ہے اور مبالغہ سے کہ لوگ اپنی نظروں کو محفوظ رکھیں اور جب کوئی شخص کہ جسکو نظر لگ گئی ہو وہ نظر کرنے والے سے کہے کہ غسل کریں اس پانی سے نہالوں تو تم اسکی بات کو قبول کرو۔ انکی عادت تھی کہ جب کسی کو نظر لگ جاتی تو وہ پانی ایک پیالہ میں ڈالکر نظر لگانے والے پاس آتا اور وہ اسمیں اپنا ہاتھ داخل کرتا اور کلی کر کے اسمیں ڈالتا پھر اسمیں اپنا منھ دھوتا پھر وہ بائیں ہاتھ کو داخل کرتا اور اپنی دائیں کہنی پر پانی ڈالتا پھر بائیں ہاتھ کو داخل کر کے بائیں کہنی پر پانی ڈالتا پھر بائیں کو داخل کر کے دائیں گھٹنے پر ڈالتا پھر دائیں کو بائیں گھٹنے پر ڈالتا پھر داخل ازار کو دھوتا اور پیالہ زمین پر نہ رکھتا پھر جسکو نظر لگی ہے اسکے سر پر اسکے پیچھے سے یکدفعہ گراتا

حدثنا محمد بن بشار ثنا معاذ ثنی ابی عن قتادة قال حدثت ان ابا هريرة قال اخذت ثلثة اكموء او خمس او سبع فعصرتهن فجعلت ماءهن فی قارورة فكحلت به جارية لی فبرأت **حدثنا** محمد بن بشار ثنا معاذ بن هشام ثنی ابی عن قتادة قال حدثت ان ابا هريرة قال الشونيز دواء من كل داء الا السام قال قتادة يأخذ كل يوم احدى وعشرين حبة فيجعلهن فی خرقة فينقعه فيستعط به كل يوم فی منخره الايمن قطرتين وفی الايسر قطرة والثانی فی الايسر قطرتين وفی الايمن قطرة والثالث فی الايمن قطرتين وفی الايسر قطرة **باب** ماجاء فی اجر الكاهن **حدثنا** قتيبة نا الليث عن ابن شهاب عن ابی بكر بن عبد الرحمن عن ابی مسعود قال نهی رسول الله صلی الله عليه وسلم عن ثمن الكلب ومهر البغی وحلوان الكاهن هذا حديث حسن صحيح **باب** فی كراهية التعليق **حدثنا** محمد بن مدوية نا عبيد الله عن ابن ابی ليلی عن عيسی وهو ابن عبد الرحمن بن ابی ليلی قال دخلت علی عبد الله بن عكيم ابی معبد الجهنی اعوده وبه حمرة فقلت الا تعلق شيئا قال الموت اقرب من ذلك قال النبی صلی الله عليه وسلم من تعلق شيئا وكل اليه وحديث عبد الله بن عكيم انما نعرفه من حديث ابن ابی ليلی ثنا محمد بن بشار نا يحيی بن سعيد عن ابن ابی ليلی نحوه بمعناه وفی الباب عن عقبة بن عامر **باب** ماجاء فی تبريد الحمی بالماء **حدثنا** هناد نا ابو الاحوص عن سعيد بن مسروق

حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے معاذ نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے قتادہ سے کہا اُسنے بیان کیا گیا ہوں کہ ابا ہریرہ نے کہا ہے کہ میں نے تین یا پانچ یا سات کھنبیوں کو لیا اور انکو نچوڑا اور انکا پانی ایک شیشے میں ڈال رکھا اور اسکو میں اپنی ایک لونڈی کی آنکھ میں ڈالتا رہا تو وہ اچھی ہوگئی **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے معاذ بن ہشام نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے قتادہ سے کہا میں بیان کیا گیا ہوں کہ ابا ہریرہ نے کہا ہے کہ کلونجی دوائی ہے ہر بیماری سے مگر موت سے۔ کہا قتادہ نے چاہیے کہ ہر روز ہمیں کلونجی کے اکیس دانے لے اور انکو ایک کپڑے میں ڈالکر پانی میں تر کرے پھر اسکو پہلے روز داہنی منخر ناک میں دو قطرے ڈالے اور بائیں میں ایک قطرہ۔ اور دوسرے روز بائیں منخر میں دو قطرے ڈالے اور داہنی میں ایک اور تیسرے روز داہنی میں دو قطرے اور بائیں میں ایک **باب** کاہن کی مزدوری کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن شہاب سے اُسنے ابی بکر بن عبد الرحمن سے اُسنے ابی مسعود سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے[۱] کتے کی قیمت سے اور رنڈی کی مزدوری سے اور کاہن کی اجرت سے منع کیا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** تعلیق[۲] کی کراہت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن مدویہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ نے ابن ابی لیلی سے اُسنے عیسی بن عبد الرحمن بن ابی لیلے سے کہا اُسنے میں عبد اللہ بن عکیم یعنے ابی معبد جہنی پر اسکی عیادت کے واسطے داخل ہوا اور اُسکو سرخ بادہ تھا۔ پس میں نے اُس سے کہا کیوں تم کوئی چیز اپنے گلے وغیرہ میں معلق نہیں کرتے کہا اُسنے موت اس سے بہت قریب ہے فرمایا ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی شخص کوئی چیز معلق کریگا وہ اُسی کیطرف سپرد کیا جاویگا یعنے خدا اُسکی حفاظت نہیں کریگا۔ اور حدیث عبد اللہ بن عکیم کو ہم تو فقط طریق ابن ابی لیلے سے ہی پہچانتے ہیں۔ حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے ابن ابی لیلے سے کمثل کے بالمعنے۔ اور اس باب میں روایت ہے عقبہ بن عامر سے **باب** اس بیان میں کہ بخار کا پانی کے ساتھ سرد کرنا **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے سعید بن مسروق سے

---

[۱] یہ حدیث بہت طرق سے مروی ہے چنانچہ صحیحین میں ابی جحیفہ سے ہے مگر کچھ کمی اور زیادتی سے حرمت اسکی یا بسبب نجاست کے ہے یا اس وجہ سے کہ اُسنے توقع پکڑنا جائز نہیں اور شکاری کتے میں جو اختلاف ہے کہ اسکی اجرت حلال ہے جیسا کہ نسائی میں ہے نہی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عن ثمن الکلب الا الکلب صید۔ فتح الباری میں لکھا ہے کہ اسکے اسناد کے راوی ثقہ ہیں مگر اس حدیث کی صحت میں طعن کیا گیا ہے اور اسکی سند میں حسن بن ابی جعفر ہے یحیی بن معین نے کہا ہے کہ یہ آدمی لا یعبأ بہ ہے اور امام احمد نے اسکو ضعیف کیا ہے اور ابن حبان نے کہا ہے کہ اسکی کچھ اصل نہیں ہے۔ اور صاحب ترمذی بھی ایسی حدیث ابی ہریرہ سے لایا ہے مگر اسکی سند میں ابو المہزم ہے وہ ضعیف ہے بلکہ متروک ہے پس صحت استثناء کی ایسی دلیلوں سے کہ جن سے حجت قائم نہ ہوسکے کیونکر ہوگی۔ وما علینا الا البلاغ۔ اور جمہور کا یہی مذہب ہے کہ بیع کتے کی مطلقاً حرام ہے ۱۲ [۲] کسی چیز کا گلے وغیرہ میں لٹکانا اسی وقت منع ہے کہ جب وہ شخص یہ اعتقاد رکھتا ہو کہ نفع یا نقصان اسی میں ہے اگر یہ اعتقاد نہ ہو صرف دوائی کی طرح جانتا ہو تو منع نہیں جیسے خود مولف اسکے واسطے باب پہلے اس سے منعقد کر چکا ہے ۱۲

قال سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم قلت يا رسول الله ارايت رقا نسترقيها ودواء نتداوى به وتقاة نتقيها هل ترد من قدر الله شيئا قال هي من قدر الله هذا حديث حسن **حدثنا** سعيد بن عبد الرحمن نا سفيان عن الزهري عن ابن ابي خزامة عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه وقد روى عن ابن عيينة كلتا الروايتين فقال بعضهم عن ابي خزامة عن ابيه وقال بعضهم عن ابن ابي خزامة عن ابيه وقد روى غير ابن عيينة هذا الحديث عن الزهري عن ابي خزامة عن ابيه وهذا اصح ولا نعرف لابي خزامة غير هذا الحديث

باب ماجاء في الكماة والعجوة

حدثنا ابو عبيدة بن ابي السفر ومحمود بن غيلان قالا ثنا سعيد بن عامر عن محمد بن عمرو عن ابي سلمة عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم العجوة من الجنة وفيها شفاء من السم والكماة من المن وماءها شفاء للعين وفي الباب عن سعيد بن زيد وابي سعيد وجابر هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه لانعرفه من حديث محمد بن عمرو الامن حديث سعيد بن عامر **حدثنا** ابو كريب نا عمر بن عبيد الطنافسي عن عبد الملك بن عمير ح وثنا محمد بن المثنى ثنا محمد بن جعفر ثنا شعبة عن عبد الملك بن عمير عن عمرو بن حريث عن سعيد بن زيد عن النبي صلى الله عليه وسلم قال الكماة من المن وماءها شفاء للعين هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمد بن بشار نا معاذ بن هشام ثني ابي عن قتادة عن شهر بن حوشب عن ابي هريرة ان ناسا من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم قالوا الكماة جدري الارض فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكماة من المن وماءها شفاء للعين والعجوة من الجنة وهي شفاء من السم هذا حديث حسن

کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا یعنے میں نے کہا یا رسول اللہ خبر دیجئے کہ ہم جو رقیہ کرتے ہیں اور جس سے دوائی کرتے ہیں اور ڈھال کہ جس سے ہم اپنا بچاؤ کرتے ہیں کیا یہ چیزیں اللہ تعالیٰ کی قدر سے کچھ دفع کرتی ہیں فرمایا آپ نے[1] یہ بھی اللہ تعالےٰ کی قدر سے ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔ **حدیث** کی ہمسے سعید بن عبد الرحمن نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے ابن ابی خزامہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور یہ دونوں روایتیں ابن عیینہ سے مروی ہیں سو بعض نے کہا ہے کہ یہ روایت بواسطہ ابی خزامہ کے اُسکے باپ سے مروی ہے۔ اور کہا بعض نے بواسطہ ابن ابی خزامہ کے اُسکے باپ سے مروی ہے۔ اور غیر ابن عیینہ نے اس حدیث کو روایت کیا ہے زہری سے اُسنے ابی خزامہ سے اُسنے اپنے باپ سے۔ اور یہ صحیح ہے۔ اور ہم ابی خزامہ کے واسطے اور کوئی حدیث سوائے اسکے نہیں پہچانتے۔

باب کھنبی اور عجوہ کے بیان میں

حدیث کی ہمسے ابو عبیدہ بن ابی السفر اور محمود بن غیلان نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے سعید بن عامر نے محمد بن عمرو سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عجوہ[2] جنت سے ہے اور اسمیں زہر سے شفا ہے اور کھنبی قسم من سے ہے اور اسکا پانی آنکھ کے لئے شفا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے سعید بن زید اور ابی سعید اور جابر سے۔ یہ حدیث اس طریق سے حسن غریب ہے۔ نہیں پہچانتے ہم اسکو طریق محمد بن عمرو سے مگر طریق سعید بن عامر سے۔ **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے عمر بن عبید طنافسی نے عبد الملک بن عمیر سے ح اور حدیث کی ہمسے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے عبد الملک بن عمیر سے اُسنے عمرو بن حریث سے اُسنے سعید بن زید سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپ نے کھنبی قسم من سے ہے اور پانی اسکا آنکھ کے لئے شفا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے معاذ بن ہشام نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے قتادہ سے اُسنے شہر بن حوشب سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ چند لوگوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے کہا کھنبی زمین کا آبلہ ہے پس فرمایا آنحضرت نے کھنبی قسم من سے ہے اور پانی اسکا آنکھ کے لئے شفا ہے اور عجوہ جنت سے ہے اور یہ شفا ہے زہر سے۔ یہ حدیث حسن ہے

---

[1] فرمایا آپ نے یہ چیزیں کہ جس سے تم اپنا بچاؤ کرتے ہو یہ تمہارے اختیار میں نہیں بلکہ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی قضا و قدر میں ہیں یعنے وہی انکو ایسے موقع پر ان چیزوں کا الہام کرتا ہے پھر تم اسکو استعمال میں لاکر اپنا بچاؤ کرتے ہو۔ ۱۲

[2] عجوہ کھجور کی ایک عمدہ قسم ہے جو سیاہی کی طرف مائل ہوتی ہے اور یہ مدینہ کی عمدہ قسم سے ہے سحر اور زہر کو دفع کرنا اسکی خاصیت ہے یا آپکی دعا ہے۔ اور یہ جو فرمایا کہ جنت سے ہے مقصود اس سے مدح ہے اور کھنبی کی بابت جو فرمایا ہے کہ قسم من سے ہے اسکے یہ معنے ہیں کہ جسطرح حضرت موسیٰ کے وقت میں من اور سلویٰ بنی اسرائیل کو بے رنج اور بے تلاش ملتا تھا ویسے ہی کھنبی ہے بدون جوتے بوئے زمین سے جمتی ہے پھر اسکا فائدہ فرمایا کہ اسکا پانی آنکھ کی

عن جدامة بنت وهب الاسدية انها سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لقد هممت ان انهى عن الغيلة حتى
ذكرت ان فارس والروم يصنعون ذلك ولا يضر اولادهم قال مالك والغيلة ان يمس الرجل امرأته وهي ترضع **قال** عيسى بن احمد
وثنا اسحق بن عيسى قال ثنى مالك عن ابي الاسود نحوه **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح غريب **باب** ماجاء في دواء
ذات الجنب **حدثنا** محمد بن بشار ثنا معاذ بن هشام ثنى ابي عن قتادة عن ابي عبد الله عن زيد بن ارقم ان النبي صلى الله
عليه وسلم كان ينعت الزيت والورس من ذات الجنب قال قتادة ويلده من الجانب الذي يشتكيه هذا حديث حسن صحيح
وابو عبد الله اسمه ميمون هو شيخ بصري **حدثنا** رجاء بن محمد العدوي البصري ثنا عمرو بن محمد بن ابي رزين ثنا شعبة عن
خالد الحذاء ثنا ميمون ابو عبد الله قال سمعت زيد بن ارقم قال امرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم ان نتداوى من
ذات الجنب بالقسط البحري والزيت هذا حديث حسن صحيح ولا نعرفه الا من حديث ميمون عن زيد بن ارقم وقد روى
عن ميمون غير واحد من اهل العلم هذا الحديث وذات الجنب يعني السل **باب حدثنا** اسحق بن موسى
الانصاري ثنا معن ثنا مالك عن يزيد بن خصيفة عن عمرو بن عبد الله بن كعب السلمي ان نافع بن جبير بن مطعم اخبره عن
عثمان بن ابي العاص انه قال اتاني رسول الله صلى الله عليه وسلم وبي وجع قد كاد يهلكني فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم
امسح بيمينك سبع مرات وقل اعوذ بعزة الله وقدرته وسلطانه من شر ما اجد قال ففعلت فاذهب الله ما كان بي فلم ازل
آمر به اهلي وغيرهم هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمد بن بشار ثنا محمد بن بكر ثنا عبد الحميد بن جعفر ثنى عتبة بن
عبد الله عن اسماء بنت عميس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم سالها بما تستمشين قالت بالشبرم قال حار جار

اسنے جدامہ بنت وہب اسدیہ سے یہ کہ سنا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے البتہ مین نے قصد کیا کہ غیلہ سے منع کردون حتے
کہ مجھے یاد آگیا کہ فارس اور روم کے لوگ یہ کام کرتے ہین اور انکی اولاد کو کچھ نقصان نہین پہونچتا۔ کہا مالک نے غیلہ یہ ہے کہ مرد اپنی عورت سے
اس حالت مین مس کرے کہ وہ دودھ پلاتی ہو۔ کہا عیسی بن احمد نے اور حدیث کی ہمسے اسحاق بن عیسی نے کہا حدیث کی مجھے مالک نے
ابی الاسود سے مثل اسکے۔ کہا ابوعیسے نے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **باب** ذات الجنب کی دوا کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے
محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے معاذ بن ہشام نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے قتادہ سے اُسنے ابی عبداللہ سے اُسنے زید بن ارقم
سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم زیتون اور ورس کی ذات الجنب کی بابت تعریف کیا کرتے تھے۔ کہا قتادہ نے اسکو منہ مین اس جانب سے
ڈالا جاوے جس طرف درد ہوتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو عبداللہ کا نام میمون ہے اور وہ شیخ بصری ہے **حدیث** کی ہمسے رجاء
بن محمد عدوی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن محمد بن ابی رزین نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے خالد حذاء سے کہا حدیث کی ہمسے میمون
یعنے ابو عبداللہ نے کہا سنا مین نے زید بن ارقم سے کہ کہا اُسنے ہمکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے کہ ذات الجنب کا قسط بحری
اور زیتون سے علاج کیا کرین۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق میمون سے جو راوی ہے زید بن ارقم سے۔ اور یہ حدیث
کئی ایک اہل علم نے میمون سے روایت کی ہے۔ اور ذات الجنب سے مراد سل ہے۔ **باب حدیث** کی ہمسے اسحاق بن
موسی انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے یزید بن خصیفہ سے اُسنے عمرو بن عبداللہ بن کعب سلمی
سے یہ کہ نافع بن جبیر بن مطعم نے خبر دی ہے اُسکو عثمان بن ابی العاص سے یہ کہ کہا اُسنے میرے پاس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
تشریف لائے اس حالت مین کہ مجھے درد ہلاک کرنے کے قریب تھا پس فرمایا آنحضرت نے اپنے داہنے ہاتھ سے سات بار اس جگہ پر
مسح کر اور کہہ اعوذ باللہ الخ یعنے مین پناہ چاہتا ہون ساتھ عزت اللہ کے اور اُسکی قدرت کے اور اُسکے غلبہ کے اُس چیز کی برائی سے جو
مین معلوم کرتا ہون (یعنے اس درد سے) کہا اُسنے سو مین نے اسیطرح کیا پس اللہ تعالی نے مجھسے جو کچھ درد تھا دور کر دیا سو مین
ہمیشہ اپنے اہل وغیرہ کو یہی عمل امر کرتا رہا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن ابی بکر
نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالحمید بن جعفر نے کہا حدیث کی مجھے عتبہ بن عبداللہ نے اسماء بنت عمیس سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
نے اس سے پوچھا کہ تو کس چیز سے جلاب کرتی ہے کہا اُسنے شبرم سے (یہ نخود کے مانند دانہ ہوتا ہے) فرمایا آپ نے یہ تو بہت گرم ہے

عن عباية بن رفاعة عن جده رافع بن خديج ان النبی صلی الله علیه وسلم قال الحمی فور من النار فابردوها بالماء وفی الباب عن اسماء بنت ابی بکر وابن عمر وابن عباس وامرأة الزبير وعائشة **حدثنا** هارون بن اسحٰق الهمدانی نا عبدة بن سليمان عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ان الحمی من فيح جهنم فابردوها بالماء **حدثنا** هارون بن اسحٰق ثنا عبدة عن هشام بن عروة عن فاطمة بنت المنذر عن اسماء بنت ابی بکر عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه وفی حديث اسماء كلام اكثر من هذا وكلا الحديثين صحيح **حدثنا** محمد بن بشار ثنا ابو عامر العقدی ثنا ابراهيم بن اسمٰعيل بن ابی حبيبة عن داود بن حصين عن عكرمة عن ابن عباس ان النبی صلی الله علیه وسلم كان يعلمهم من الحمی ومن الاوجاع كلها ان يقول بسم الله الكبير اعوذ بالله العظيم من شر كل عرق نعار ومن شر حر النار هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث ابراهيم بن اسمٰعيل بن ابی حبيبة وابراهيم يضعف فی الحديث ويروی عرق يعار **باب** ما جاء فی الغيلة **حدثنا** احمد بن منيع نا يحيی بن اسحٰق نا يحيی بن ايوب عن محمد بن عبد الرحمٰن بن نوفل عن عروة عن عائشة عن بنت وهب وهی جدامة قالت سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم يقول اردت ان انهی عن الغيال فاذا فارس والروم يفعلون ولا يقتلون اولادهم وفی الباب عن اسماء بنت يزيد هذا حديث صحيح وقد رواه مالك عن ابی الاسود عن عروة عن عائشة عن جدامة بنت وهب عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه قال مالك والغيال ان يطأ الرجل امرأته وهی ترضع **حدثنا** عيسی بن احمد ثنا ابن وهب ثنی مالك عن ابی الاسود ومحمد بن عبد الرحمٰن بن نوفل عن عروة عن عائشة

اُسنے عبایہ بن رفاعہ سے اُسنے اپنے دادا رافع بن خدیج سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے بخار جوش ہے آگ سے سو اُسکو پانی سے سرد کرو۔ اور اس باب میں روایت ہے اسماء بنت ابی بکر اور ابن عمر اور ابن عباس اور زبیر کی بیوی اور عائشہ سے رضی اللہ عنہم۔ **حدیث** کی ہمسے ہارون بن اسحاق ہمدانی نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ بن سلیمان نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بخار دوزخ کی گرمی سے ہے سو اسکو پانی سے سرد کرو۔ **حدیث** کی ہمسے ہارون بن اسحاق نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے ہشام بن عروہ سے اُسنے فاطمہ بنت منذر سے اُسنے اسماء بنت ابی بکر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور اسماء کی حدیث میں بہت کلام ہے اور وہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر عقدی نے کہا حدیث کی ہمسے ابراہیم بن اسمٰعیل بن ابی حبیبہ نے داؤد بن حصین سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم انکو یعنے صحابہ کو بخار اور تمام دردوں کی بابت یہ سکھلاتے تھے کہ یہ کہا کرو بسم اللہ الکبیر الخ یعنے میں شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو بڑا ہے پناہ مانگتا ہوں ساتھ اللہ کے جو بزرگ ہے بُرائی ہر رگ جوش مارنیوالی سے۔ اور بُرائی آگ کی حرارت سے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق ابراہیم بن اسمٰعیل بن ابی حبیبہ سے۔ اور ابراہیم حدیث میں ضعیف کیا گیا ہے اور عرق نعار کی جگہ عرق یعار بھی مروی ہے یعار کے معنے آواز کے ہیں۔ **باب** غیلہ[1] کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن اسحاق نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن ایوب نے محمد بن عبد الرحمٰن بن نوفل سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے اُسنے بنت وہب سے جو جدامہ ہے کہا اُسنے میں نے آنحضرت سے سنا ہے کہ فرماتے تھے میں نے ارادہ کیا کہ دودھ پلانے کی مدت میں جماع کرنے سے منع کروں دیکھا تو فارس اور روم کے لوگ یہ کام کرتے ہیں اور اپنی اولاد کو بھی نہیں قتل کرتے یعنے انکی اولاد کو اس سے کچھ نقصان نہیں پہونچتا اور اس باب میں روایت ہے اسماء بنت یزید سے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ اور روایت کیا اسکو مالک نے ابی الاسود سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے اُسنے جدامہ بنت وہب سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ کہا مالک نے غیلہ یہ ہے کہ مرد اپنی عورت سے اس حالت میں جماع کرے کہ وہ دودھ پلاتی ہو **حدیث** کی ہمسے عیسی بن احمد نے کہا حدیث کی ہمسے ابن وہب نے کہا حدیث کی مجھے مالک نے ابی الاسود اور محمد بن عبد الرحمٰن بن نوفل سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے

---

[1] غیلہ بولتے ہیں عورت کے ساتھ دودھ پلانے کی مدت میں جماع کرنے کو۔ اور ایسا ہی حمل میں جماع کرنے کو کہتے ہیں ۱۲

فان لم یبرأ فی ثلث فخمس فان لم یبرأ فی خمس فسبع فان لم یبرأ فی سبع فتسع فانھا لا تکاد تجاوز تسعا باذن اللہ ھذا حدیث غریب

حدثنا ابن ابی عمر ثنا سفیان عن ابی حازم قال سئل سھل بن سعد وانا اسمع بای شئ دووی جرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ما بقی احد اعلم بہ منی کان علی یأتی بالماء فی ترسہ وفاطمۃ تغسل عنہ الدم واحرق لہ حصیر فحشی بہ جرحہ **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** عبد اللہ بن سعید الاشج ثنا عقبۃ بن خالد السلونی عن موسی بن محمد بن ابراھیم التیمی عن ابیہ عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا دخلتم علی المریض فنفسوا لہ فی اجلہ فان ذلک لا یرد شیئا ویطیب نفسہ ھذا حدیث غریب بسم اللہ الرحمن الرحیم

ابواب الفرائض

عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

باب ماجاء فی من ترک مالا فلورثتہ **حدثنا** سعید بن یحیی بن سعید الاموی ثنا ابی ثنا محمد بن عمرو ثنا ابو سلمۃ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ترک مالا فلاھلہ ومن ترک ضیاعا فالی ھذا حدیث حسن صحیح وقد رواہ الزھری عن ابی سلمۃ عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم اطول من ھذا واتم وفی الباب عن جابر وانس ومعنی قولہ من ترک ضیاعا یعنی ضائعا لیس لہ شئ فانا یقول انا اعولہ وانفق علیہ **باب** ماجاء فی تعلیم الفرائض **حدثنا** عبد الاعلی بن واصل ثنا محمد بن القاسم الاسدی ثنا الفضل بن دلھم ثنی عوف عن شھر بن حوشب عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تعلموا الفرائض والقران وعلموا الناس فانی مقبوض ھذا حدیث فیہ اضطراب وروی ابو اسامۃ ھذا الحدیث عن عوف عن رجل عن سلیمان بن جابر عن ابن مسعود عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم

سو اگر تین روز میں اچھا نہ ہوا تو پانچ روز اگر پانچ روز میں بھی اچھا نہ ہوا تو سات روز اگر سات روز میں بھی اچھا نہ ہوا تو نو روز کیونکہ اسکی امید نہیں کہ اللہ کے حکم سے نو روز سے تجاوز کر جائے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی حازم سے کہا اُسنے سہل بن سعد سے کسی نے سوال کیا اور میں سن رہا تھا کہ کس چیز سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زخم کی دوا کی گئی تھی پس کہا اُسنے اب کوئی شخص اس امر کو مجھسے زیادہ جاننے والا باقی نہیں رہا حضرت علی تو اپنی ڈھال میں پانی لاتے تھے اور فاطمہ رض آپکا خون دھوتی تھیں اور ایک بوریہ تھا وہ جلایا گیا پس اس سے آپکا زخم پر کیا گیا۔ کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن سعید اشج نے کہا حدیث کی ہمسے عقبہ بن خالد سلونی نے موسی بن محمد بن ابراہیم تیمی سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب تم بیمار کے پاس آؤ تو اسکی زندگانی کی اُسکو طمع دو[1] کیونکہ یہ بات کچھ رد تو نہیں کر سکتی اور اسکے نفس کو خوش کر دیتی ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ **ابواب فرائض** کے جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں۔ **باب** اس بیان میں کہ جسنے مال چھوڑا تو وہ اسکے وارثوں کے لئے ہے۔ **حدیث** کی ہمسے سعید بن یحیی بن سعید اموی نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن عمرو نے کہا حدیث کی ہمسے ابو سلمہ نے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی مال چھوڑے تو وہ اسکے اہل کے لئے ہے اور جو کوئی عیال چھوڑے تو اسکی سپردگی میرے ذمہ ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کیا ہے زہری نے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت طول سے اور بہت زیادہ۔ اور اس باب میں روایت ہے جابر اور انس سے اور معنے قولہ من ترک ضیاعا کے یہ ہیں کہ جو کوئی ضائع ہونیوالی عورت یا اولاد وغیرہ کوئی چیز چھوڑے کہ اُسکے پاس کچھ خرچ نہ ہو تو وہ میرے ذمے ہے میں اسکی تکلیف اُٹھاتا ہوں اور اُسپر خرچ کرتا ہوں۔ **باب** فرائض کی تعلیم کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عبد الاعلی بن واصل نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن قاسم اسدی نے کہا حدیث کی ہمسے فضل بن دلہم نے کہا حدیث کی مجھے عوف نے شہر بن حوشب سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرائض اور قرآن کو پڑھو اور لوگوں کو پڑھاؤ کیونکہ میں مرنیوالا ہوں یعنے ایسا نہ ہو کہ ضائع ہو جاوے اس حدیث میں اضطراب ہے اور روایت کیا ہے ابو اسامہ نے اس حدیث کو عوف سے اُسنے ایک مرد سے اُسنے سلیمان بن جابر سے اُسنے ابن مسعود سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے

---

[1] یعنے اسکو کہو کہ اللہ تعالی تیری عمر دراز کریگا اور تو کچھ خوف نہ کر آگے آپنے فرمایا ہے کہ اتنی بات کہنے میں تجھپر کچھ خوف نہیں یعنے تجھے تو کچھ گناہ نہیں مگر اسکا دل خوش ہو جاتا ہے اور نہ تیرا یہ کہنا قضائے الٰہی کو رد کر سکتا ہے۔ لمعات کہا امام نووی نے یہ آپکے اخلاق حمیدہ کا کام تھا کہ جو کوئی ایسی عورت رہ جائے کہ اسکا والی کوئی نہ ہو آپ اسکی خدمت کرتے تھے یا اُنکا خاصہ ہوگا مگر بعد

قالت ثم استمشیت بالسنا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لو ان شیئا کان فیہ شفاء من الموت لکان فی السنا ہذا حدیث غریب **باب** ما جاء فی العسل **حدثنا** محمد بن بشار ثنا محمد بن جعفر ثنا شعبۃ عن قتادۃ عن ابی المتوکل عن ابی سعید قال جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ان اخی استطلق بطنہ فقال اسقہ عسلا فسقاہ ثم جاء فقال یا رسول اللہ قد سقیتہ عسلا فلم یزدہ الا استطلاقا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسقہ عسلا قال فسقاہ ثم جاء فقال یا رسول اللہ انی قد سقیتہ فلم یزدہ الا استطلاقا قال فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صدق اللہ وکذب بطن اخیک اسقہ عسلا فسقاہ فبرأ ہذا حدیث حسن صحیح **باب حدثنا** محمد بن المثنی ثنا محمد بن جعفر ثنا شعبۃ عن یزید بن خالد قال سمعت المنہال بن عمرو یحدث عن سعید بن جبیر عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال ما من عبد مسلم یعود مریضا لم یحضر اجلہ فیقول سبع مرات اسال اللہ العظیم رب العرش العظیم ان یشفیک الا عوفی ہذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث المنہال بن عمرو **باب حدثنا** احمد بن سعید الاشقر المرابطی ثنا روح بن عبادۃ ثنا مرزوق ابو عبد اللہ الشامی ثنا سعید رجل من اہل الشام ثنا ثوبان عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا اصاب احدکم الحمی فان الحمی قطعۃ من النار فلیطفہا عنہ بالماء فلیستنقع فی نہر جار فلیستقبل جریتہ فیقول بسم اللہ اللہم اشف عبدک وصدق رسولک بعد صلاۃ الصبح وقبل طلوع الشمس ولیغمس فیہ ثلاث غمسات ثلثۃ ایام

کہا اسنے پھر میں نے سنا کے ساتھ جلاب دینا شروع کیا پس فرمایا آپ نے اگر کسی چیز میں موت سے شفا ہوتی تو البتہ سنا میں ہوتی۔ یہ حدیث غریب ہے **باب** شہد کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے قتادہ سے اسنے ابی المتوکل سے اسنے ابی سعید سے کہا اسنے ایک مرد نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا میرے بھائی کا پیٹ کھل گیا ہے یعنے اسکو دست بہت آتے ہیں پس فرمایا آپ نے اسکو شہد پلا سو اسنے اسکو شہد پلایا پھر آیا اور کہنے لگا یا رسول اللہ میں نے اسکو شہد پلایا ہے سو اس سے تو اسکے پیٹ کا کھلنا اور زیادہ ہوا ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکو شہد پلا کہا راوی نے پھر اسنے اسکو شہد پلایا پھر آیا وہ اور کہنے لگا یا رسول اللہ میں نے تو اسکو پلایا ہے سو اس سے تو اسکے پیٹ کا کھلنا اور زیادہ ہوا ہے کہا راوی نے پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سچ فرمایا ہے اللہ تعالی نے[1] اور تیرے بھائی کا پیٹ جھوٹا ہے اسکو شہد ہی پلا پھر اسنے اسکو شہد پلایا تو وہ اچھا ہو گیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب حدیث** کی ہمسے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے یزید بن خالد سے کہا سنا میں نے منہال بن عمرو سے کہ حدیث کرتا تھا سعید بن جبیر سے اسنے روایت کی ابن عباس سے اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ فرمایا آپ نے جو کوئی بندہ مسلمان کسی ایسے بیمار کی عیادت کو جاوے کہ جسکی موت نہ پہونچی ہو اور سات بار یہ کہے اسال اللہ العظیم الخ (یعنے میں سوال کرتا ہوں اللہ بزرگ سے جو رب ہے عرش بزرگ کا یہ کہ تجھے شفا بخشے) تو وہ تندرست ہو جاتا ہے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق منہال بن عمرو سے **باب حدیث** کی ہمسے احمد بن سعید اشقر مرابطی نے کہا حدیث کی ہمسے روح بن عبادہ نے کہا حدیث کی ہمسے مرزوق یعنے ابو عبد اللہ شامی نے کہا حدیث کی ہمسے سعید نے جو ایک مرد ہے اہل شام سے کہا حدیث کی ہمسے ثوبان نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جب تم میں سے کسی کو بخار آئے اور بیشک بخار آگ کا ایک ٹکڑا ہے تو چاہیے کہ اسکو پانی سے بجھائے یعنے نہر جاری میں کھڑا ہو اور پانی جاری کی طرف منہ کرکے کہے بسم اللہ اللہم اشف عبدک وصدق رسولک یعنے میں ساتھ نام اللہ کے شروع کرتا ہوں اے اللہ اپنے بندے کو شفا دے اور اپنے رسول کو سچا کر[2]
یہ کام بعد نماز صبح کے اور طلوع آفتاب کے پہلے کرے اور اسمیں تین روز تین غوطہ لگائے

[1] یہ جو فرمایا کہ خدا سچا ہے یعنے خدا نے جو قرآن میں خبر دی ہے کہ شہد میں صحت اور شفا ہے سو وہ سچ ہے یا اس شخص کی شفا شہد سے آنحضرت کو وحی سے معلوم ہوئی ہوگی اس شخص کا اسہال مواد کی کثرت سے ہوگا اسواسطے حضرت نے شہد تجویز کیا تاکہ مواد کو نکال دیوے جب مواد نکل گیا تو پیٹ بند ہو گیا اس حکمت کو اسکا بھائی نہ جانتا تھا دست آنے سے گھبراتا تھا ۱۲ [2] یعنے رسول صلعم نے جو فرمایا ہے کہ نہر میں اسطرح غسل کرنے سے بخار دور ہو جاتا ہے الٰہی اس امر میں اپنے رسول کو سچا کر یعنے میرا بخار دور کر تاکہ اسکی تصدیق ظاہر ہو جائے ۱۲

وان اعیان بنی الام یتوارثون دون بنی العلات الرجل یرث اخاہ لابیہ وامہ دون اخیہ لابیہ **حدثنا** بندار نا یزید بن
ھارون نا زکریا ابن ابی زائدۃ عن ابی اسحٰق عن الحارث عن علی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثلہ **حدثنا** ابن ابی عمر نا
سفیان نا ابو اسحٰق عن الحارث عن علی قال قضی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اعیان بنی الام یتوارثون دون بنی العلات
ھذا حدیث لا نعرفہ الا من حدیث ابی اسحٰق عن الحارث عن علی وقد تکلم بعض اھل العلم فی الحارث والعمل علی ھذا الحدیث
عند اھل العلم **باب حدثنا** عبد بن حمید نا عبد الرحمٰن بن سعد نا عمرو بن ابی قیس عن محمد بن المنکدر عن جابر بن
عبد اللہ قال جاءنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعودنی وانا مریض فی بنی سلمۃ فقلت یا نبی اللہ کیف اقسم مالی بین ولدی
فلم یرد علی شیئا فنزلت یوصیکم اللہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین الاٰیۃ ھذا حدیث حسن صحیح وقد رواہ ابن عیینۃ
وغیرہ عن محمد بن المنکدر عن جابر **حدثنا** الفضل بن الصباح البغدادی نا سفیان بن عیینۃ نا محمد بن المنکدر سمع
جابر بن عبد اللہ قال مرضت فاتانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعودنی فوجدنی قد اغمی علی فاتانی ومعہ ابو بکر و
ھما ماشیان فتوضأ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصب علی من وضوئہ فافقت فقلت یا رسول اللہ کیف اقضی فی مالی
او کیف اصنع فی مالی فلم یجبنی شیئا وکان لہ تسع اخوات حتی نزلت اٰیۃ المیراث یستفتونک قل اللہ یفتیکم فی الکلالۃ
الاٰیۃ قال جابر فی نزلت ھذا حدیث صحیح **باب** ماجاء فی میراث العصبۃ **حدثنا** عبد اللہ بن عبد الرحمٰن نا
مسلم بن ابراھیم نا وھیب نا ابن طاؤس عن ابیہ عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الحقوا الفرائض باھلھا فما بقی فھو لاولی رجل ذکر

اور حقیقی بھائی وارث ہوتے ہیں سوائے علاتیوں کے یعنے مرد اس بھائی کا وارث ہو جاتا ہے جو ماں باپ سے ہو نہ اس بھائی کا جو
صرف باپ کی جانب سے ہو **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے زکریا ابن
ابی زائدہ نے ابی اسحاق سے اُسنے حارث سے اُسنے علی سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ **حدیث** کی ہمسے
ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسحاق نے حارث سے اُسنے علی سے کہا انس نے رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ کیا ہے کہ حقیقی بھائی وارث ہونگے نہ علاتی اس حدیث کو نہیں پہچانتے ہم سوائے طریق ابی اسحاق کے
جو راوی ہے بواسطہ حارث کے علی سے۔ اور بعض اہل علم نے حارث کے حق میں کلام کیا ہے اور اہل علم کے نزدیک عمل اسی حدیث پر ہے
باب حدیث کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمٰن بن سعد نے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن قیس نے
محمد بن منکدر سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہا اُسنے میرے پاس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میری عیادت کے واسطے آئے اس حالت
میں کہ میں بنی سلمہ میں بیمار ہوا تھا سو میں نے کہا اے نبی اللہ کے میں اپنا مال اپنی اولاد پر کسطرح تقسیم کروں پس آپ نے مجھے کچھ جواب
نہ دیا پھر یہ آیت نازل ہوئی یوصیکم اللہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین الخ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کیا ہے اسکو ابن عیینہ وغیرہ
نے بواسطہ محمد بن منکدر کے جابر سے۔ **حدیث** کی ہمسے فضل بن صباح بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن منکدر نے
سُنا اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہا اُسنے میں بیمار ہوا اور میرے پاس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میری عیادت کے لئے تشریف لائے سو آپ نے
مجھے اس حالت میں پایا کہ مجھے بیہوشی تھی سو آنحضرت میرے پاس آئے تھے اور آپ کے ساتھ حضرت ابو بکر بھی تھے اور وہ پیدل تھے پس رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا اور اپنے وضو سے مجھپر پانی چھڑکا سو مجھے ہوش آگیا پھر میں نے کہا یا رسول اللہ میں اپنے مال میں کسطرح فیصلہ کروں
یا اپنے مال میں کسطرح کروں (شک راوی) آپ نے مجھے کچھ جواب نہ دیا اور اُسکے نو بہنیں تھیں یہانتک کہ آیت میراث کی نازل ہوئی یستفتونک
قل اللہ یفتیکم فی الکلالۃ الخ کہا جابر نے یہ آیت میرے حق میں نازل ہوئی ہے یہ حدیث صحیح ہے **باب** عصبہ کی میراث کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے
عبد اللہ بن عبد الرحمٰن نے کہا حدیث کی ہمسے مسلم بن ابراہیم نے کہا حدیث کی ہمسے وہیب نے کہا حدیث کی ہمسے ابن طاؤس نے اپنے
باپ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے ملاؤ فرائض کو ساتھ اسکے اہل کے پھر جو کچھ باقی رہے تو قریبی مرد کے واسطے ہے

لہ کلالہ اسکو بولتے ہیں جسکا اصل اور فرع کوئی باقی نہ رہا ہو ۱۲ سہ یعنے فرض حصہ جس کسیکا ہے وہ اسکو دو پھر جو کچھ مال بچے وہ اسکو دو جو میت کی طرف زیادہ قریب ہو اور
مذکر بھی ہو یعنے عصبات کو عصبہ کی چار قسم ہیں اول بیٹے بعد اسکے باپ بعد اسکے چچا بعد اسکے دادا۔ اولاد ذاتی عصبہ اسی درجہ میں ہونگے جنمیں انکے اصل ہونگے مگر انکی موجودگی کے وقت نہ ہونگے ۱۲

حدثنا بذلك الحسين بن حريث ثنا ابو اسامة عن هذا النحو بمعناه **باب** ما جاء في ميراث البنات **حدثنا** عبد
بن حميد نا زكريا بن عدي نا عبيد الله بن عمرو عن عبد الله بن محمد بن عقيل عن جابر بن عبد الله قال جاءت امرأة سعد بن الربيع
بابنتيها من سعد الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله هاتان ابنتا سعد بن الربيع قتل ابوهما معك يوم احد شهيدا
وان عمهما اخذ مالهما فلم يدع لهما مالا ولا تنكحان الا ولهما مال قال يقضي الله في ذلك فنزلت آية الميراث فبعث رسول الله صلى الله
عليه وسلم الى عمهما فقال اعط ابنتي سعد الثلثين واعط امهما الثمن وما بقي فهو لك هذا حديث حسن صحيح لا نعرفه الا من حديث
عبد الله بن محمد بن عقيل وقد رواه شريك ايضا عن عبد الله بن محمد بن عقيل **باب** ما جاء في ميراث بنت الابن مع بنت الصلب
حدثنا الحسن بن عرفة نا يزيد بن هارون عن سفيان الثوري عن ابي قيس الاودي عن هزيل بن شرحبيل قال جاء رجل الى
ابي موسى وسلمان بن ربيعة فسألهما عن ابنة وابنة ابن واخت لاب وام فقالا للابنة النصف وللاخت من الاب والام ما بقي وقالا
له انطلق الى عبد الله فاسأله فانه سيتابعنا فاتى عبد الله فذكر له ذلك واخبره بما قالا قال عبد الله قد ضللت اذا وما انا من المهتدين
ولكني اقضي فيهما كما قضى رسول الله صلى الله عليه وسلم للابنة النصف ولابنة الابن السدس تكملة الثلثين وللاخت ما بقي هذا
حديث حسن صحيح وابو قيس الاودي اسمه عبد الرحمن بن ثروان كوفي وقد رواه ايضا شعبة عن ابي قيس **باب** ما جاء
في ميراث الاخوة من الاب والام **حدثنا** بندار نا يزيد بن هارون نا سفيان عن ابي اسحق عن الحارث عن علي انه قال انكم تقرؤن
هذه الآية من بعد وصية توصون بها او دين وان رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى بالدين قبل الوصية

حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے حسین بن حریث نے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسامہ نے ساتھ اسکے مثل اسکے بالمعنے **باب** بیٹیوں کی
میراث کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے زکریا بن عدی نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن عمرو نے عبداللہ
بن محمد بن عقیل سے اُسنے جابر بن عبداللہ سے کہا اُسنے سعد بن ربیع کی عورت اپنی دو بیٹیاں جو سعد سے تھیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے
پاس لائی اور کہنے لگی یا رسول اللہ یہ دونوں بیٹیاں سعد بن ربیع کی ہیں انکا باپ آپکے ساتھ احد کے دن شہید ہوکر قتل ہوا ہے اور انکے چچا نے
انکا مال لیلیا ہے اور اُسنے انکے لئے کچھ مال نہیں چھوڑا اور سوائے مال کے انکا نکاح بھی نہیں ہو سکتا فرمایا آپ نے اللہ تعالے اسمیں فیصلہ کریگا
پس آیت میراث کی نازل ہوئی پھر آنحضرت نے انکے چچا کی طرف آدمی بھیجا اور فرمایا کہ سعد کی دونوں بیٹیوں کو دو تہائی مال کی دیدے اور انکی والدہ کو
آٹھواں حصہ اور جو کچھ باقی رہے سو وہ تیرے لئے ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق عبداللہ بن محمد بن عقیل سے۔ اور روایت کیا
اسکو شریک نے بھی عبداللہ بن محمد بن عقیل سے۔ **باب** بیان میں پوتی کی میراث کے اس حالت میں کہ حقیقی بیٹی کے ساتھ ہو **حدیث** کی
ہمسے حسن بن عرفہ نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے سفیان ثوری سے اُسنے ابی قیس اودی سے اُسنے ہزیل بن شرحبیل سے کہا اُسنے ایک
مرد ابی موسی اور سلیمان بن ربیعہ کے پاس آیا اور اُسنے ایک بیٹی اور ایک پوتی اور بہن حقیقی کی بابت سوال کیا پس کہا اُن دونوں نے بیٹی کے لئے
نصف ہے اور بہن حقیقی کے لئے مابقی ہے اور کہا ان دونوں نے عبداللہ بن مسعود کے پاس جا اور اُس سے دریافت کر امید ہے کہ وہ بھی ہماری متابعت
کریگا یعنے ہماری ہی طرح مسئلہ بتائیگا سو وہ عبداللہ کے پاس آیا اور اُسکے پاس اس امر کا ذکر کیا اور جو کچھ اُنھوں نے کہا اُسکی بھی خبر اُسکو دی۔ کہا عبداللہ
نے میں اگر انکے پیچھے چلوں تو میں گمراہ ہوتا ہوں اور میں ہدایت والوں میں نہیں ہوتا لیکن میں تو اسطرح فیصلہ کرتا ہوں جسطرح کہ رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ کیا ہے بیٹی کے لئے نصف ہے اور پوتی کے لئے چھٹا حصہ تاکہ دو تہائی کا جو حصہ دو بیٹیوں کا ہے پورا ہو جائے اور بہن کے لئے مابقی
ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو قیس اودی کا نام عبدالرحمن بن ثروان کوفی ہے اور روایت کیا ہے اسکو شعبہ نے ابی قیس سے بھی۔ **باب** حقیقی
بھائیوں کی میراث کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے
حارث سے اُسنے علی سے یہ کہ کہا اُسنے تم لوگ یہ آیت پڑھتے ہو من بعد وصیۃ توصون بہا او دین حالانکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قرض کا فیصلہ وصیت کے پہلے کیا ہے

ف یعنے اس آیت میں وصیت کا ذکر قرض کے پہلے ہے باوجود یکہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے قرض کا فیصلہ وصیت کے پہلے کیا ہو یعنے حکم دیا ہو کہ قرض میت کا اسکی وصیت سے پہلے ادا کیا جاوے
سو آنحضرت کے فعل اور آیت میں مخالفت نہ جانو بلکہ قرض حکم میں مقدم ہی ہے اگرچہ ذکر اسکا آیت میں موخر ہے اور آیت میں ذکر اسکا موخر اسلئے ہوا ہو کہ تا معلوم ہو جائے کہ وصیت کا ادا کرنا بھی ایک ضروری
امر ہے اور وارث اسکی مشقت کو جو انکے دلوں پر ہوتی ہے گوارا کرلیں۔ اور بھائیوں کا حکم جو حضرت علی نے بیان کیا ہے وہ بھی اسلئے کیا ہے کہ قرآن سے تمام بھائیوں کی برابری کا وہم پڑتا ہے فرمادیا کہ حقیقی

فقال المغيرة بن شعبة حضرت رسول الله صلى الله عليه وسلم اعطاها السدس فقال هل معك غيرك فقام محمد بن مسلمة فقال مثل ما قال المغيرة بن شعبة فانفذه لها ابوبكر قال ثم جاءت الجدة الاخرى الى عمر بن الخطاب فسألته ميراثها فقال مالك فى كتاب الله شئ ولكن هو ذلك السدس فان اجتمعتما فيه فهو بينكما وايتكما خلت به فهو لها هذا حديث حسن صحيح وهو اصح من حديث ابن عيينة وفى الباب عن بريدة **باب** ما جاء فى ميراث الجدة مع ابنها **حدثنا** الحسن بن عرفة نا يزيد بن هارون عن محمد بن سالم عن الشعبى عن مسروق عن عبد الله بن مسعود قال فى الجدة مع ابنها انها اول جدة اطعمها رسول الله صلى الله عليه وسلم سدسا مع ابنها وابنها حى هذا حديث لا نعرفه مرفوعا الا من هذا الوجه وقد ورث بعض اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم الجدة مع ابنها ولم يورثها بعضهم **باب** ما جاء فى ميراث الخال **حدثنا** بندار نا ابو احمد الزبيرى نا سفيان عن عبد الرحمن بن الحارث عن حكيم بن حكيم بن عباد بن حنيف عن ابى امامة بن سهل بن حنيف قال كتب معى عمر بن الخطاب الى ابى عبيدة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الله ورسوله مولى من لا مولى له والخال وارث من لا وارث له وفى الباب عن عائشة والمقدام بن معد يكرب هذا حديث حسن **حدثنا** اسحق بن منصور نا ابو عاصم عن ابن جريج عن عمرو بن مسلم عن طاؤس عن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الخال وارث من لا وارث له هذا حديث غريب وقد ارسله بعضهم ولم يذكر فيه عن عائشة واختلف فيه اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم فورث بعضهم الخال والخالة والعمة والى هذا الحديث ذهب اكثر اهل العلم فى توريث ذوى الارحام واما زيد بن ثابت فلم يورثهم

سو کہا مغیرہ بن شعبہ نے میں آنحضرت کے پاس حاضر ہوا تو آپ نے اُسکو چھٹا حصہ دیا پھر حضرت ابوبکر نے کہا کیا تیرے ساتھ کوئی دوسرا بھی ہے پس محمد بن مسلمہ کھڑا ہوا سو اُسنے بھی اُسیطرح کہا جیسا کہ مغیرہ بن شعبہ نے کہا تھا پھر حضرت ابوبکر نے اُسکے لئے وہی حکم جاری کر دیا کہا راوی نے پھر دوسری دادی حضرت عمر بن خطاب کے پاس آئی اور اُسنے بھی اپنی میراث طلب کی سو کہا حضرت عمر نے تیرے لئے کتاب اللہ میں کوئی حکم نہیں ہے لیکن وہی چھٹا حصہ ہے سو اگر تم اسمیں جمع ہو جاؤ تو بھی وہی درمیان تمھارے ہے اور جو کوئی خالی (تنہا) ہو تو بھی اُسکے لئے وہی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور یہ ابن عیینہ کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے بریدہ سے۔ **باب** دادی کی میراث کے بیان میں اس حالت میں کہ اپنے بیٹے کے ساتھ ہو **حدیث** کی ہمسے حسن بن عرفہ نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے محمد بن سالم سے اُسنے شعبی سے اُسنے مسروق سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے کہا اُسنے اس دادی کے حق میں جو اپنے بیٹے کے ساتھ ہو یہ کہ وہ پہلی دادی ہے جسکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے چھٹا حصہ اسکے بیٹے کے ساتھ دیا ہے اور اس دادی کا بیٹا بھی زندہ تھا۔ اس حدیث کو ہم مرفوع نہیں جانتے سوائے اس طریق کے۔ اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے بعض صحابہ نے دادی کو اسکے بیٹے کے ساتھ وارث بنایا ہے اور بعض نے اسکو وارث نہیں بنایا۔ **باب** ماموں کی میراث کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد زبیری نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عبد الرحمن بن حارث سے اُسنے حکیم بن حکیم بن عباد بن حنیف سے اُسنے ابی امامہ بن سہل بن حنیف سے کہا اُسنے مجھے عمر بن خطاب نے ابی عبیدہ کی طرف لکھدیا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اللہ اور رسول اسکا والی اس شخص کا ہے کہ جسکا والی کوئی نہیں۔ اور ماموں وارث ہے اسکا جسکا کوئی اور وارث نہیں ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور مقدام بن معدیکرب سے یہ حدیث حسن ہے۔ **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عاصم نے ابن جریج سے اُسنے عمرو بن مسلم سے اُسنے طاؤس سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ماموں وارث ہے اسکا کہ جسکا کوئی اور وارث نہیں ہے۔ یہ حدیث غریب ہے اور بعض نے اسکو مرسل کیا اور اسمیں حضرت عائشہ کا ذکر نہیں کیا۔ اور اس مسئلہ میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کا اختلاف ہے سو بعض نے تو خال اور خالہ اور پھوپھی کو وارث قرار دیا ہے اور اسی حدیث کی طرف اکثر اہل علم ذوی الارحام کے وارث بنانے میں گئے ہیں مگر زید بن ثابت نے انکو وارث نہیں بنایا

ل دادی کا بیٹا میت کا باپ ہے دادیاں خواہ باپ کی جانب سے ہوں یا والدہ کی جانب سے والدہ کے ہوتے تمام ساقط ہو جاتی ہیں یعنے والدہ کے ہوتے انکو حصہ نہیں ملتا۔ اور والد کی جانب سے جو ہوں وہ والد کے ہوتے بھی ساقط ہو جاتی ہیں یہی قول ہے حضرت عثمان اور علی اور زید بن ثابت وغیرہ کا۔ اور حضرت عمر اور ابن مسعود اور ابی موسی اشعری سے منقول ہے کہ دادی باپ کے ساتھ وارث ہو جاتی ہے اسی کو قاضی شریح اور حسن اور ابن سیرین نے اس حدیث کو حجت جانکر اختیار کیا ہے اور بعض نے کہا ہے کہ دادی کے لئے میراث نہیں ہے

حدثنا عبد بن حمید نا عبد الرزاق عن معمر عن ابن طاؤس عن ابیہ عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ هذا حدیث حسن وقد روی بعضهم عن ابن طاؤس عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مرسل **باب** ما جاء فی میراث الجد **حدثنا** الحسن بن عرفۃ ثنا یزید بن هارون عن همام بن یحیی عن قتادۃ عن الحسن عن عمران بن حصین قال جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ان ابن ابنی مات فمالی من میراثہ فقال لک السدس فلما ولی دعاہ فقال لک سدس اخر فلما ولی دعاہ قال ان السدس الاخر لک طعمۃ هذا حدیث صحیح حسن و فی الباب عن معقل بن یسار **باب** میراث الجدۃ **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان ثنا الزهری قال مرۃ قال قبیصۃ وقال مرۃ عن رجل عن قبیصۃ بن ذویب قال جاءت الجدۃ ام الام او ام الاب الی ابی بکر فقالت ان ابن ابنی او ان ابن ابنتی مات وقد اخبرت ان لی فی الکتاب حقا فقال ابوبکر ما اجد لک فی الکتاب من حق وما سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قضی لک بشیء وسأسأل الناس قال فسأل الناس فشهد المغیرۃ بن شعبۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعطاها السدس قال ومن سمع ذلک معک قال محمد بن مسلمۃ قال فاعطاها السدس ثم جاءت التی تخالفها الی عمر قال سفیان وزادنی فیہ معمر عن الزهری ولم احفظہ عن الزهری ولکن حفظتہ من معمر ان عمر قال ان اجتمعتما فهو لکما وایکما انفردت بہ فهو لها **حدثنا** الانصاری ثنا معن ثنا مالک عن ابن شهاب عن عثمن بن اسحق بن خرشۃ عن قبیصۃ بن ذویب قال جاءت الجدۃ الی ابی بکر فسألتہ میراثها قال لها مالک فی کتاب اللہ شیء وما لک فی سنۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شیء فارجعی حتی اسأل الناس فسأل الناس

حدیث کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے معمر سے اُسنے ابن طاؤس سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے یہ حدیث حسن ہے اور روایت کیا ہے بعض نے اسکو ابن طاؤس سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسل۔ **باب** دادے کی میراث کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے حسن بن عرفہ نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے ہمام بن یحیی سے اُسنے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے عمران بن حصین سے کہا اُسنے ایک مرد نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا میرا پوتا مرگیا ہے سو اسکی میراث سے میرا حق کیا ہے پس فرمایا آپ نے تیرے لئے چھٹا حصہ ہے سو جب اُسنے پیٹھ پھیری تو اسکو آپ نے بلایا اور کہا تیرے لئے چھٹا حصہ اور بھی ہے پھر جب اُسنے پیٹھ پھیری تو آپ نے اسکو بلاکر کہا کہ چھٹا حصہ دوسرا وہ تیرے لئے زیادتی حصہ سے ہے یعنے دوسرا چھٹا حصہ بطور عصوبت کے تجھے پہونچتا ہے۔ یہ حدیث صحیح حسن ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے معقل بن یسار سے۔ **باب** دادی کی میراث کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے کہا حدیث کی ہمسے زہری نے کہا اُسنے ایکبار قبیصہ یعنے یہ روایت ہے قبیصہ سے۔ اور کہا دوسری بار یہ روایت ہے ایک مرد سے اُسنے روایت کی قبیصہ بن ذویب سے کہا اُسنے نانی یا دادی حضرت ابو بکر صدیق کے پاس آئی پس کہا اُسنے میرا پوتا یا نواسا مرگیا ہے اور مجھے خبر ملی ہے کہ میرا کتابوں میں حق لکھا ہے پس کہا حضرت ابو بکر نے میں تیرے لئے کتابوں میں کوئی حق نہیں پاتا اور نہ میں نے آنحضرت سے سنا ہے کہ تیرے حق میں کوئی فیصلہ کیا ہو اور میں لوگوں سے پوچھوں گا کہا راوی نے سو حضرت ابو بکر نے لوگوں سے دریافت کیا پس مغیرہ بن شعبہ نے شہادت دی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکو چھٹا حصہ دیا ہے فرمایا حضرت ابو بکر نے اور کسنے تیرے ساتھ یہ حکم سنا ہے کہا محمد بن مسلمہ نے کہا راوی نے پس آپ نے اسکو چھٹا حصہ دیدیا پھر دوسری دادی جو اسکے مخالف تھی یعنے نانی حضرت عمر کے پاس آئی۔ کہا سفیان نے اور زیادہ کیا ہے مجھے اسمیں معمر نے زہری سے اور میں اسکو زہری سے یاد نہیں رکھتا لیکن میں اسکو معمر سے یاد رکھتا ہوں کہ حضرت عمر نے اس سے کہا اگر تم دونوں جمع ہو جاؤ تو بھی تمہارے لئے وہی ہے اور جونسی تم میں سے اکیلی ہو تو بھی اسکے لئے وہی[1] ہے **حدیث** کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے ابن شہاب سے اُسنے عثمان بن اسحاق بن خرشہ سے اُسنے قبیصہ بن ذویب سے کہا اُسنے ایک دادی حضرت ابو بکر صدیق کے پاس آئی اور آپ سے اُسنے اپنی میراث کا سوال کیا فرمایا حضرت ابو بکر نے تیرے لئے کتاب اللہ میں کوئی حق نہیں ہے اور نہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی سنت میں کچھ حصہ ہے سو تو چلی جا تا کہ میں لوگوں سے دریافت کر لوں پس اُنہوں نے لوگوں سے دریافت کیا

[1] یعنے اگر دو دادیاں جمع ہوں تو بھی اُنکے لئے چھٹا حصہ ہے اگر ایک ہو خواہ نانی ہو یا دادی تو بھی اسکے لئے وہی چھٹا حصہ ہے ۱۲

واحتجوا بحديث النبي صلى الله عليه وسلم لا يرث المسلم الكافر وهو قول الشافعي **حدثنا** حميد بن مسعدة نا حصين بن نمير عن ابن ابي ليلى عن ابي الزبير عن جابر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا يتوارث اهل ملتين هذا حديث غريب لا نعرفه من حديث جابر الا من حديث ابن ابي ليلى **باب** ما جاء في ابطال ميراث القاتل **حدثنا** قتيبة نا الليث عن اسحق بن عبد الله عن الزهري عن حميد بن عبد الرحمن عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال القاتل لا يرث هذا حديث لا يصح لا يعرف هذا الا من هذا الوجه واسحق بن عبد الله بن ابي فروة قد تركه بعض اهل العلم منهم احمد بن حنبل والعمل على هذا عند اهل العلم ان القاتل لا يرث كان القتل خطاء او عمدا وقال بعضهم اذا كان القتل خطاء فانه يرث وهو قول مالك **باب** ما جاء في ميراث المرأة من دية زوجها **حدثنا** قتيبة واحمد بن منيع وغير واحد قالوا نا سفيان بن عيينة عن الزهري عن سعيد بن المسيب قال قال عمر الدية على العاقلة ولا ترث المرأة من دية زوجها شيئا فاخبره الضحاك بن سفيان الكلابي ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كتب اليه ان ورث امرأة اشيم الضبابي من دية زوجها هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء ان الميراث للورثة والعقل على العصبة **حدثنا** قتيبة نا الليث عن ابن شهاب عن سعيد بن المسيب عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى في جنين امرأة من بني لحيان سقط ميتا بغرة عبد او امة ثم ان المرأة التي قضى عليها بغرة توفيت فقضى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان ميراثها لبنيها وزوجها وان عقلها على عصبتها وروى يونس هذا الحديث عن الزهري عن سعيد بن المسيب وابي سلمة عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه وروى مالك عن الزهري عن ابي سلمة عن ابي هريرة ومالك عن الزهري

للتمييز

اور انھون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث سے حجت پکڑی ہے کہ مسلمان کافر کا وارث نہیں ہوتا۔ اور یہی قول ہے امام شافعی کا **حدیث** کی ہمسے حمید بن مسعدہ نے کہا حدیث کی ہمسے حصین بن نمیر نے ابن ابی لیلی سے اُسنے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے دو شخص مختلف مذہب والے آپسمین وارث نہین ہوتے یہ حدیث غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو حدیث جابر سے مگر طریق ابن ابی لیلی سے۔ **باب** قاتل کی میراث کے باطل کرنے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے اسحاق بن عبد اللہ سے اُسنے زہری سے اُسنے حمید بن عبد الرحمن سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے قاتل وارث نہین ہوتا[1]۔ یہ حدیث صحیح نہین ہے یہ حدیث سوائے اس طریق کے اور کسی وجہ سے پہچانی نہین گئی۔ اور اسحاق بن عبد اللہ بن ابی فروہ کو بعض اہل علم نے ترک کر دیا ہے۔ انہین سے احمد بن حنبل ہین۔ اور عمل اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے کہ قاتل وارث نہین ہوتا خواہ قتل خطاءً ہو یا عمداً۔ اور کہا بعض نے جب قتل خطاءً ہو تو وارث ہو جاتا ہے۔ اور یہ قول امام مالک کا ہے۔ **باب** اس بیان مین کہ عورت اپنے زوج کی دیت سے وارث ہو سکتی ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ اور احمد بن منیع وغیرہ نے کہا اُنھون نے حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے زہری سے اُسنے سعید بن مسیب سے کہا اُسنے کہا عمر نے دیت وارثون پر ہے۔ اور عورت اپنے زوج کی دیت سے کچھ بھی وارث نہین ہو سکتی پس حضرت عمر کو ضحاک بن سفیان کلابی نے خبر دی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میری طرف لکھا تھا کہ اشیم ضبابی کی عورت کو اسکے زوج کی دیت سے وارث کر یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اس بیان مین کہ میراث وارثون کے لئے ہے اور دیت عصبہ پر ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن شہاب سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بنی لحیان کی عورت کے حمل کے حق مین جو مر کر ساقط ہوا تھا ساتھ ایک غلام یا لونڈی کے فیصلہ کیا تھا پھر وہ عورت کہ جسپر غلام دینے کا حکم دیا گیا تھا فوت ہو گئی پس آنحضرت نے حکم دیا کہ میراث اُسکی اُسکے بیٹون کے لئے اور اُسکے زوج کے لئے ہے اور دیت اُسکی اُسکے عصبہ پر ہے۔ اور روایت کیا ہے یونس نے اس حدیث کو زہری سے اُسنے سعید بن مسیب اور ابی سلمہ سے اُنھون نے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلعم سے مثل اسکے۔ اور روایت کیا ہے مالک نے زہری سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے۔ اور مالک نے زہری سے

[1] مراد اس سے وہ قتل ہے جس سے وجوب قصاص یا کفارہ متعلق ہوتا ہے اگر شرعی حکم سے اُسنے قتل کیا تو محروم نہین ہوگا ۱۲

وجعل المیراث فی بیت المال **باب** ماجاء فی الذی یموت ولیس له وارث **حدثنا** بندار ثنا یزید بن هارون نا سفیان عن عبد الرحمن بن الاصبهانی عن مجاهد بن وردان عن عروة عن عائشة ان مولی للنبی صلی الله علیه وسلم وقع من عذق نخلة فمات فقال النبی صلی الله علیه وسلم انظروا هل له من وارث قالوا لا قال فادفعوه الی بعض اهل القریة وفی الباب عن بریدة هذا حدیث حسن **باب حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان عن عمرو بن دینار عن عوسجة عن ابن عباس ان رجلا مات علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم ولم یدع وارثا الا عبدا هو اعتقه فاعطاه النبی صلی الله علیه وسلم میراثه هذا حدیث حسن والعمل عند اهل العلم فی هذا الباب اذا مات رجل ولم یترك عصبة ان میراثه یجعل فی بیت مال المسلمین **باب** ماجاء فی ابطال المیراث بین المسلم والکافر **حدثنا** سعید بن عبد الرحمن المخزومی وغیر واحد قالوا نا سفیان عن الزهری ح وثنا علی بن حجر نا هشیم عن الزهری عن علی بن حسین عن عمرو بن عثمان عن اسامة بن زید ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لا یرث المسلم الکافر ولا الکافر المسلم **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان ثنا الزهری نحوه وفی الباب عن جابر وعبد الله بن عمرو هذا حدیث حسن صحیح هکذا رواه معمر وغیر واحد عن الزهری نحو هذا وروی مالك عن الزهری عن علی بن حسین عن عمرو بن عثمان عن اسامة بن زید عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه وحدیث مالك وهم وهم فیه مالك وروی بعضهم عن مالك فقال عن عمرو بن عثمان واکثر اصحاب مالك قالوا عن مالك عن عمر بن عثمان وعمرو بن عثمان بن عفان هو مشهور من ولد عثمان ولا نعرف عمر بن عثمان والعمل علی هذا الحدیث عند اهل العلم واختلف اهل العلم فی میراث المرتد فجعل بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم المال لورثته من المسلمین وقال بعضهم لا یرثه ورثته من المسلمین

اور اُسنے میراث کو بیت المال کے لئے رکھا ہے۔ **باب** اُس شخص کے بیان میں جو مرے اور اُسکا کوئی وارث نہو **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عبد الرحمٰن بن اصبہانی سے اُسنے مجاہد بن وردان سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا ایک غلام کھجور کی ٹہنیون سے گر کر مرگیا پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکھو کہ کیا اسکا کوئی وارث ہے کہا لوگون نے کوئی نہین فرمایا آپ نے اسکو کسی گانون والون کے سپرد کردو[1]۔ اور اس باب مین روایت ہے بریدہ سے یہ حدیث حسن ہے **باب حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عمرو بن دینار سے اُسنے عوسجہ سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ ایک مرد نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین مرگیا اور سوائے غلام کے کہ جسکو اُسنے خود آزاد کیا تھا اور کوئی وارث نہ چھوڑا پس اُسکو آنحضرت نے اسکی میراث دیدی۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور عمل اہل علم کے نزدیک اس مسئلہ مین اسپر ہے کہ جب کوئی آدمی مرے اور کوئی عصبہ نہ چھوڑے تو ورثہ اسکا مسلمانون کے بیت المال مین رکھا جاویگا۔ **باب** مسلم اور کافر کے درمیان میراث باطل کرنے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے سعید بن عبد الرحمٰن مخزومی وغیرہ نے کہا انھون نے حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے ح اور حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے زہری سے اُسنے علی بن حسین سے اُسنے عمرو بن عثمان سے اُسنے اسامہ بن زید سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مسلمان کافر کا وارث نہین ہوتا اور نہ کافر مسلمان کا **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے کہا حدیث کی ہمسے زہری نے مثل اسکے۔ اور اس باب مین روایت ہے جابر اور عبد اللہ بن عمرو سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ایسا ہی روایت کیا ہے اسکو معمر وغیرہ نے زہری سے مثل اسکے۔ اور روایت کیا ہے مالک نے زہری سے اُسنے علی بن حسین سے اُسنے عمرو بن عثمان سے اُسنے اسامہ بن زید سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور حدیث مالک مین وہم ہے خود مالک ہی نے اسمین وہم کیا ہے۔ اور بعض نے مالک سے روایت کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ روایت ہے عمرو بن عثمان سے اور اکثر اصحاب مالک نے کہا ہے یہ روایت ہے بواسطہ مالک کے عمر بن عثمان سے۔ اور عمرو بن عثمان بن عفان وہ عثمان کی اولاد سے مشہور ہے اور ہم عمر بن عثمان کو نہین پہچانتے (کہ یہ کون ہے) اور اہل علم کے نزدیک عمل اسی حدیث پر ہے۔ اور اہل علم نے مرتد کی میراث مین اختلاف کیا ہے سو بعض اہل علم نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے مال اسکے مسلمان وارثون کے لئے قرار دیا ہے اور بعض نے کہا ہے مسلمان وارث اسکے وارث نہین ہونگے

[1] یعنے اگر اصحاب فرائض اور عصبات نہون ذوی الارحام موجود ہون تو اکثر اہل علم کا یہی مذہب ہے کہ وہ وارث ہونگے جیسا کہ حدیث باب سے مفہوم ہوتا ہے اور زید بن ثابت نے کہا ہے کہ انکو ورثہ نہین پہونچتا جو کچھ مال ہوگا وہ بیت المال مین داخل کیا جاویگا انکو نہین ملیگا ۱۲ [2] شیخ نے لمعات مین لکھا ہے کہ یہ کام آپ نے بطور تصدق کے کیا ہے یا اسلئے کہ مال اسکا بیت المال کے لئے ہوگا اور مصرف اسکا مصالح مسلمانون کے ہین اسلئے گانون والون کو دیدیا یا کوئی اور مصلحت آپ نے دیکھی ہوگی۔ قاضی نے کہا ہے کہ انبیا جیسا کہ انکا کوئی

المرأة تحوز ثلاثة مواريث عتيقها ولقيطها وولدها الذي لاعنت عنه هذا حديث حسن غريب لانعرفه الا من حديث محمد بن حرب على هذا الوجه **اخر الفرائض** بسم الله الرحمن الرحيم **ابواب** الوصايا عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

باب ماجاء في الوصية بالثلث **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان عن الزهري عن عامر بن سعد بن ابي وقاص عن ابيه قال مرضت عام الفتح مرضا اشفيت منه على الموت فاتاني رسول الله صلى الله عليه وسلم يعودني فقلت يارسول الله ان لي مالا كثيرا وليس يرثني الا ابنتي افاوصي بمالي كله قال لا قلت فثلثي مالي قال لا قلت فالشطر قال لا قلت فالثلث قال الثلث والثلث كثير انك ان تذر ورثتك اغنياء خير من ان تذرهم عالة يتكففون الناس انك لن تنفق نفقة الا اجرت فيها حتى اللقمة ترفعها الى في امرأتك قال قلت يارسول الله اخلف عن هجرتي قال انك لن تخلف بعدي فتعمل عملا تريد به وجه الله الا ازددت به رفعة ودرجة ولعلك ان تخلف حتى ينتفع بك اقوام ويضر بك اخرون اللهم امض لاصحابي هجرتهم ولا تردهم على اعقابهم لكن البائس سعد بن خولة يرثي له رسول الله صلى الله عليه وسلم ان مات بمكة وفي الباب عن ابن عباس هذا حديث حسن صحيح وقد روي هذا الحديث من غير وجه عن سعد بن ابي وقاص والعمل على هذا عند اهل العلم انه ليس للرجل ان يوصي باكثر من الثلث وقد استحب بعض اهل العلم ان ينقص من الثلث لقول رسول الله صلى الله عليه وسلم والثلث كثير **حدثنا** نصر بن علي نا عبد الصمد بن عبد الوارث نا نصر بن علي ثنا الاشعث بن جابر عن شهر بن حوشب عن ابي هريرة انه حدثه عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال

عورت تین قسم کے ورثہ لیتی ہے اپنے آزاد کردہ کی اور اپنے لقطہ کی اور اپنے اولاد کی کہ جس سے اُسنے لعان کی ہے یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہیں ہم اسکو مگر محمد بن حرب کے اسی طریق سے۔ **فرائض** کے مسائل تمام ہوئے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ **ابواب** وصیتوں کے بیان میں جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں **باب** تہائی کے ساتھ وصیت کرنے کے بیان میں۔ **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے عامر بن سعد بن ابی وقاص سے اُسنے اپنے باپ سے یہ کہ کہا اُسنے میں فتح مکہ کے سال ایسا بیمار ہوا کہ مجھے اپنے مرنیکا خوف پیدا ہوا سو میرے پاس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میری عیادت کے لئے آئے پس میں نے کہا یا رسول اللہ میرے پاس بہت مال ہے اور سوائے ایک بیٹی کے اور کوئی میرا وارث نہیں کیا میں اپنے تمام مال کی وصیت کر دوں فرمایا آپ نے نہیں میں نے کہا دو تہائی کی وصیت کروں فرمایا آپ نے نہیں میں نے کہا نصف مال کی فرمایا آپ نے نہیں میں نے کہا تہائی مال کی فرمایا آپ نے تہائی کی اور تہائی بھی بہت ہے۔ اگر تو اپنے وارثوں کو مالدار چھوڑے بہتر ہے اس سے کہ انکو محتاج چھوڑے کہ مانگیں لوگوں سے ہتھیلی پھیلا کر۔ اور جو کچھ کہ تو خرچ کریگا اسکا ضرور ثواب پاویگا یہانتک کہ لقمہ جو اپنی جورو کے منھ میں ڈالیگا یعنے اسکا بھی ثواب ملیگا۔ کہا سعد نے پھر میں نے کہا یا رسول اللہ کیا میں اپنی ہجرت سے چھوڑا جاؤنگا فرمایا آپ نے اگر تو بیماری کے سبب میرے پیچھے یعنے مکہ میں چھوڑا جاویگا اور کوئی کام خدا کی رضامندی کا کرتا رہیگا تو ضرور تیرا مرتبہ اور درجہ بلند ہوگا۔ اور شاید کہ تو چھوڑا جاویگا یعنے تیری زندگی بہت ہوگی یہانتک کہ نفع پاوینگے تجھسے بہت گروہ۔ اور ضرر پاوینگے تجھسے اور لوگ۔ یعنے تیرے جہاد سے مسلمانوں کو قوت ہوگی اور کافروں کو ضرر۔ اے اللہ جاری رکھ اور مکمل کر میرے اصحاب کی ہجرت کو اور نہ پھیر انکو ایڑیوں کے بل۔ لیکن نہایت محتاج سعد بن خولہ ہے یعنے باوجود ہجرت کے پھر مکہ میں آکر مر گیا۔ رنج کرتے وارث کیلئے اللہ علیہ وسلم انکے مکہ میں مرجانیکا بہت افسوس کرتے تھے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عباس سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے یہ حدیث غیر اس وجہ کے سے بھی سعد بن ابی وقاص سے مروی ہے۔ اور عمل اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے کہ کسی آدمی کو جائز نہیں کہ زیادہ تہائی سے وصیت کرے۔ اور بعض اہل علم نے تہائی سے کم وصیت کرنے کو مستحب جانا ہے کیونکہ آپ نے فرمایا ہے کہ تہائی بہت ہے۔ **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الصمد بن عبد الوارث نے کہا حدیث کی ہمسے نصر بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے اشعث بن جابر نے شہر بن حوشب سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ اُسنے اسکو حدیث کی ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے

ا۔ سعد کو مکہ میں رہنیکا اسواسطے رنج تھا کہ مہاجرین نے مکے کا رہنا خدا کے واسطے چھوڑا تھا تو اسمیں پھر رہنا مکروہ جانتے تھے سو حضرت نے فرمایا کہ اگر خدا کیطرف سے رہنا ہو تو عبادت کا ثواب میں نقصان نہیں پھر آپ نے سعد کی زندگی کا اشارہ فرمایا چنانچہ حضرت سعد نے بعد حضرت عمر فاروق کی خلافت میں ملک عراق کو فتح کیا پھر آپ نے باقی مہاجرین کے واسطے دعا کی کہ ایمان اور ہجرت پر ثابت رہیں بعد اسکے

عن سعيد بن المسيب عن النبي صلى الله عليه وسلم **باب** ما جاء في الرجل يسلم على يدي الرجل **حدثنا** ابو كريب نا ابو اسامة وابن نمير ووكيع عن عبد العزيز بن عمر بن عبد العزيز عن عبد الله بن موهب وقال بعضهم عن عبد الله بن وهب عن تميم الداري قال سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم ما السنة في الرجل من اهل الشرك يسلم على يدي رجل من المسلمين فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هو اولى الناس بمحياه ومماته هذا حديث لا نعرفه الا من حديث عبد الله بن وهب ويقال ابن موهب عن تميم الداري وقد ادخل بعضهم بين عبد الله بن موهب وبين تميم الداري قبيصة بن ذويب ورواه يحيى بن حمزة عن عبد العزيز بن عمر وزاد فيه عن قبيصة بن ذويب وهو عندي ليس بمتصل والعمل على هذا عند بعض اهل العلم و قال بعضهم يجعل ميراثه في بيت المال وهو قول الشافعي واحتج بحديث النبي صلى الله عليه وسلم ان الولاء لمن اعتق **حدثنا** قتيبة نا ابن لهيعة عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ايما رجل عاهر بحرة او امة فالولد ولد زنا لا يرث ولا يورث وقد روى غير ابن لهيعة هذا الحديث عن عمرو بن شعيب والعمل على هذا عند اهل العلم ان ولد الزنا لا يرث من ابيه **باب** من يرث الولاء **حدثنا** قتيبة نا ابن لهيعة عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يرث الولاء من يرث المال هذا حديث ليس اسناده بالقوي **حدثنا** هارون ابو موسى المستملي البغدادي نا محمد بن حرب نا عمر بن روبة التغلبي عن عبد الواحد بن عبد الله بن بسر النصري عن واثلة بن الاسقع قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ **باب** اس بیان میں کہ ایک مرد دوسرے مرد کے ہاتھ پر اسلام لائے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسامہ اور ابن نمیر اور وکیع نے عبد العزیز بن عمر بن عبد العزیز سے اُسنے عبد اللہ بن موہب سے اور کہا بعض نے عبد اللہ بن وہب سے اُسنے تمیم داری سے کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کیا طریق ہے اُس شخص کے حق میں جو مشرکوں میں سے کسی مرد مسلمان کے ہاتھ پر اسلام لائے پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے وہ شخص اسکے جینے اور مرنے میں اسکے ساتھ اوروں سے زیادہ حقدار ہے۔ اس حدیث کو نہیں پہچانتے ہم مگر طریق عبد اللہ بن وہب سے اور کہا گیا ہے کہ ابن موہب راوی ہے تمیم داری سے۔ اور بعضوں نے درمیان عبد اللہ بن موہب اور تمیم داری کے قبیصہ بن ذویب کو داخل کیا ہے۔ اور روایت کیا ہے اسکو یحیی بن حمزہ نے عبد العزیز بن عمر سے اور اُسنے اسمیں قبیصہ بن ذویب کو زیادہ کیا ہے اور یہ میرے نزدیک متصل نہیں ہے۔ اور بعض اہل علم کے نزدیک عمل اسی پر ہے اور بعض نے کہا ہے اُسکی میراث بیت المال میں رکھی جائے اور یہ قول ہے امام شافعی کا اور اُنھوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث سے حجت پکڑی ہے کہ ولا اُس شخص کے لئے ہے جو اُسکو آزاد کرے[۵۲] **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی مرد کسی عورت حرہ یا لونڈی سے زنا کرے تو اُسکی اولاد ولد الزنا ہے نہ وہ وارث ہوتی ہے اور نہ اُسکا کوئی وارث ہوتا ہے۔ اور غیر ابن لہیعہ نے اس حدیث کو عمرو بن شعیب سے روایت کیا ہے۔ اور عمل اہل علم کے نزدیک اسپر ہے کہ ولد الزنا اپنے باپ زانی سے وارث نہیں ہوتا۔ **باب** کون شخص ولا کا بھی نصرف [?] ہوتا ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ولا کا وہ شخص وارث ہو سکتا ہے جو مال کا وارث ہوتا ہے۔ اس حدیث کی اسناد قوی نہیں ہے **حدیث** کی ہمسے ابو موسی مستملی بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن حرب نے کہا حدیث کی ہمسے عمر بن روبہ تغلبی نے عبد الواحد بن عبد اللہ بن بسر نصری سے اُسنے واثلہ بن اسقع سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلعم نے

---

[۱] بعض لوگوں نے اسکے یہ معنے بیان کئے ہیں کہ وہ شخص حیات میں اسکی نصرت کا اور بعد مرنے کے اسپر نماز پڑھنے کے واسطے زیادہ حقدار ہے۔ مگر صحیح یہ ہے کہ یہ حدیث مولی الموالات کے توارث کے واسطے دلیل ہے یعنے اسکے یہ معنے ہیں کہ جب کوئی اور وارث نہ رہ جائے کہ جنکا حق اس سے مقدم ہے تو پھر یہ حقدار اور لوگوں سے زیادہ ہے۔ اور امام شافعی وغیرہ نے جو اس حدیث پر عبد العزیز کی وجہ سے طعن کیا درست نہیں کیونکہ عبد العزیز صحیحین کا راوی ہے اور یحیی بن معین نے اسکی توثیق کی ہے پس یہ حدیث قابل استدلال کے درست ہوگی ۱۲ [۵۲] اس حدیث سے مولا موالات کی نفی نہیں ہو سکتی کیونکہ یہ تو مسلم ہے کہ آزاد کرنے والے کی موجودگی میں مولا موالات کا کوئی حق نہیں کلام تو اسمیں ہے کہ اسکے عدم موجودگی میں اسکا حق ہے تو حدیث باب سے

وقال العارية مؤداة والمنحة مردودة والدين مقضي والزعيم غارم وفي الباب عن عمرو بن خارجة وانس بن مالك هذا حديث حسن وقد روي عن ابي امامة عن النبي صلى الله عليه وسلم من غير هذا الوجه ورواية اسمعيل بن عياش عن اهل العراق واهل الحجاز ليس بذلك فيما ينفرد به لانه روى عنهم مناكير وروايته عن اهل الشام اصح هكذا قال محمد بن اسمعيل سمعت احمد بن الحسن يقول قال احمد بن حنبل اسمعيل بن عياش اصلح بدلا من بقية ولبقية احاديث مناكير عن الثقات وسمعت عبد الله بن عبد الرحمن يقول سمعت زكريا بن عدي يقول قال ابو اسحق الفزاري خذوا من بقية ما حدث من الثقات ولا تاخذوا من اسمعيل بن عياش ما حدث عن الثقات ولا غير الثقات **حدثنا** قتيبة نا ابو عوانة عن قتادة عن شهر بن حوشب عن عبد الرحمن بن غنم عن عمرو بن خارجة ان النبي صلى الله عليه وسلم خطب على ناقته وانا تحت جرانها وهي تقصع بجرتها وان لعابها يسيل بين كتفي فسمعته يقول ان الله عز وجل اعطى كل ذي حق حقه فلا وصية لوارث والولد للفراش وللعاهر الحجر هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء يبدأ بالدين قبل الوصية **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان بن عيينة عن ابي اسحق الهمداني عن الحارث عن علي ان النبي صلى الله عليه وسلم قضى بالدين قبل الوصية وانتم تقرؤن الوصية قبل الدين والعمل على هذا عند عامة اهل العلم انه يبدأ بالدين قبل الوصية **باب** ما جاء في الرجل يتصدق او يعتق عند الموت **حدثنا** بندار نا عبد الرحمن بن مهدي نا سفيان عن ابي اسحق عن ابي حبيبة الطائي قال اوصى الى اخي بطائفة من ماله فلقيت ابا الدرداء فقلت ان اخي اوصى الى بطائفة من ماله

اور فرمایا آپ نے جو چیز عاریۃً[1] لی ہو وہ ادا کیجائے اور منحہ رد کیجائیگی اور قرض ادا کیا جاویگا۔ اور کفیل ضامن ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے عمرو بن خارجہ اور انس بن مالک سے رضی اللہ عنہما۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور غیر اس وجہ سے بواسطہ ابی امامہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے۔ اور روایت اسمعیل بن عیاش کی جو اہل عراق اور اہل حجاز سے ہو وہ روایت ٹھیک نہیں اس صورت میں کہ وہ اسمیں متفرد ہو یعنے اسکے ساتھ کوئی اور اسکا متابع نہو۔ کیونکہ وہ اُنسے منکر حدیثیں روایت کرتا ہے۔ اور روایت اسکی اہل شام سے صحیح ہے۔ ایسا ہی محمد بن اسمعیل بخاری نے کہا ہے میں نے احمد بن حسن سے سنا کہ وہ کہتے فرمایا ہے احمد بن حنبل نے اسمعیل بن عیاش بقیہ سے بدل میں بہتر ہے۔ اور بقیہ ثقوں سے منکر حدیثیں روایت کرتا ہے۔ اور سنا میں نے عبد اللہ بن عبد الرحمن سے کہ کہتا سنا میں نے زکریا بن عدی سے کہ کہتا کہا ابو اسحاق فزاری نے بقیہ سے وہ حدیثیں لینو جو ثقوں سے روایت کرے اور اسمعیل بن عیاش سے نہ لو خواہ وہ ثقوں سے روایت کرے یا غیر ثقوں سے۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے قتادہ سے اُسنے شہر بن حوشب سے اُسنے عبد الرحمن بن غنم سے اُسنے عمرو بن خارجہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اونٹنی پر خطبہ پڑھا اور میں اُسکی گردن کے نیچے تھا اور وہ اپنی جگالی کو چباتی تھی اور اُسکا لعاب درمیان میرے کاندھوں کے چلتا تھا یعنے میرے کاندھوں پر اُسکا لعاب گرتا تھا پس میں نے آپ سے سنا کہ فرماتے تھے بیشک اللہ تعالی نے ہر ذی حق کو اُسکا حق دیدیا ہے پس اب وصیت وارث کے لئے جائز نہیں اور اولاد صاحب فراش کے لئے ہے۔ اور زانی کے لئے پتھر۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ وصیت کے پہلے قرض شروع کیا جاوے یعنے وصیت سے پہلے اُسکو ادا کرنا چاہئے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے ابی اسحاق ہمدانی سے اُسنے حارث سے اُسنے علی سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے وصیت سے پہلے قرض کے ادا کرنیکا حکم دیا ہے حالانکہ تم پڑھتے ہو کہ وصیت قرض سے پہلے ہے۔ اور عام اہل علم کے نزدیک عمل اسپر ہے کہ قرض وصیت سے پہلے شروع کیا جاوے۔ **باب** اس شخص کے بیان میں جو موت کے وقت صدقہ کرے یا غلام آزاد کرے **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے ابی حبیبہ طائی سے کہا اُسنے مجھے میرے بھائی نے اپنے ایک حصے مال کی وصیت کی پھر میں ابا درداء کو ملا اور اس سے کہا مجھے میرے بھائی نے اپنے ایک حصے مال کی وصیت کی ہے

---

[1] یعنے جو چیز عاریۃً لی ہے مستعیر کو وہ ادا کرنی ہوگی۔ طیبی نے کہا ہے یہ حدیث دلیل ہے اسپر کہ جو چیز عاریۃً لی ہے اگر وہ تلف ہوجائے تو مستعیر پر اسکی ضمانت واجب ہے یہی مذہب ہے ابن عباس اور ابو ہریرہ اور عطا اور شافعی اور احمد کا اور شریح اور حسن نخعی اور ابو حنیفہ اور ثوری اسطرف گئے ہیں کہ وہ اسکے ہاتھ بطور امانت کے ہے تو اسکے تلف ہونے سے ضمانت نہ ہوگی مگر اس صورت میں کہ وہ خود تعدی کرے۔ اور یہی مروی ہے حضرت علی اور ابن مسعود سے۔ قولہ اور منحہ رد کیجائیگی یعنے جو چیز کسی کو بطور احسان کے چند روز تک دیجاوے تو وہ اسکو رد کرنی پڑے گی یہ نہیں کہ اسکا مالک ہوجائے مثلاً اگر کوئی کسی کو بکری دودھ پینے کے لئے دے یا کوئی میوہ دار درخت پھل کھانے کے لئے یا زمین زراعت کرنے کے لئے تو اسکو بعد حاصل کرنے فائدہ کے واپس کرنا ہوگا اس سے وہ مالک نہیں ہوجاتا۔ اور کفیل نے جو اپنے ذمے قرض اُٹھایا ہے وہ اسکے ادا کرنیکا ضامن ہے یعنے اسکو ادا کرنا

ان الرجل لیعمل والمرأة بطاعة الله ستین سنة ثم یحضرهم الموت فیضاران فی الوصیة فیجب لهما النار ثم قرأ علی ابوهریرة من بعد وصیة یوصی بها اودین غیر مضار وصیة من الله الی قوله ذلك الفوز العظیم هذا حدیث حسن غریب من هذا الوجه ونصر بن علی الذی روی عن اشعث بن جابر هو جد نصر الجهضمی **باب** ما جاء فی الحث علی الوصیة **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان عن ایوب عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما حق امرء مسلم یبیت لیلتین وله ما یوصی فیه الا ووصیته مکتوبة عنده هذا حدیث حسن صحیح وقد روی عن الزهری عن سالم عن ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه **باب** ما جاء ان النبی صلی الله علیه وسلم لم یوص **حدثنا** احمد بن منیع نا ابو قطن نا مالك بن مغول عن طلحة بن مصرف قال قلت لابن ابی اوفی اوصی رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لا قلت وکیف کتبت الوصیة وکیف امر الناس قال اوصی بکتاب الله تعالی هذا حدیث حسن صحیح لا نعرفه الا من حدیث مالك بن مغول **باب** ما جاء لا وصیة لوارث **حدثنا** هناد وعلی بن حجر قالا نا اسمعیل بن عیاش نا شرحبیل بن مسلم الخولانی عن ابی امامة الباهلی قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول فی خطبته عام حجة الوداع ان الله تبارك وتعالی قد اعطی کل ذی حق حقه فلا وصیة لوارث الولد للفراش وللعاهر الحجر وحسابهم علی الله تعالی ومن ادعی الی غیر ابیه او انتمی الی غیر موالیه فعلیه لعنة الله المتابعة الی یوم القیمة لا تنفق امرأة من بیت زوجها الا باذن زوجها قیل یا رسول الله ولا الطعام قال ذاك افضل اموالنا

[1] مرد اور عورتین اللہ تعالی کی عبادت میں ساٹھ برس عمل کرتے رہتے ہیں پھر انکو موت آتی ہے تو وصیت میں ضرر کرتے ہیں پس انکے لئے آگ واجب ہو جاتی ہے۔ پھر ابو ہریرہ نے اُسکی تصدیق کے واسطے یہ آیت پڑھی من بعد وصیة یوصی بها اودین غیر مضار وصیة من الله الی قوله ذلك الفوز العظیم یہ حدیث اس وجہ سے حسن غریب ہے اور نصر بن علی کہ جسنے اشعث بن جابر سے روایت کی ہے وہ نصر جہضمی کا دادا ہے۔ **باب** وصیت پر برانگیختہ کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ایوب سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہر ایک مرد مسلمان کا حق ہے جو دو راتین گذارے اور اسکے پاس اسقدر مال ہو کہ اُسمین وصیت ہو سکتی ہے یہ کہ اُسکے پاس وصیت لکھی ہوئی موجود ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور مروی ہے زہری سے اُسنے روایت کی سالم سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ **باب** اس بیان میں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی وصیت نہین کی **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ابو قطن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن مغول نے طلحہ بن مصرف سے کہا اُسنے میں نے ابن ابی اوفی سے کہا کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی وصیت کی ہے کہا اُسنے نہین میں نے کہا اور کسطرح وصیت لکھی گئی اور کسطرح لوگ اسکا حکم دئے گئے ہین کہا اُسنے آنحضرت نے کتاب اللہ کی وصیت کی ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق مالک بن مغول سے **باب** اس بیان میں کہ وارث کے لئے وصیت جائز نہین **حدیث** کی ہمسے ہناد اور علی بن حجر نے کہا دونون نے حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن عیاش نے کہا حدیث کی ہمسے شرحبیل بن مسلم خولانی نے ابی امامہ باہلی سے کہا اُسنے سال حجۃ الوداع میں میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ خطبہ میں فرماتے اللہ تعالی نے ہر ذی حق کو اسکا حق دیدیا ہے سوا اب وارث کے لئے وصیت جائز نہین۔ اولاد صاحب فراش کی ہے اور زانی کے لئے پتھر اور حساب انکا اللہ تعالی پر ہے۔ اور جو کوئی اپنے باپ کے سوا کسی اور کا دعوی کرے یا اپنے غیر والیون کی طرف منسوب ہو تو اُسپر قیامت تک پے درپے اللہ کی لعنت ہے۔ چاہیے کہ کوئی عورت اپنے خاوند کے گھر سے بغیر اسکے اذن کے خرچ نہ کرے کسی نے کہا یا رسول اللہ اور طعام بھی نہ صرف کرے فرمایا آپ نے یہ تو ہمارے تمام مالون سے عمدہ مال ہے۔

[1] یعنے ایسی وصیت کرتے ہین جو جائز نہین ہوتی مثلا تہائی سے زائد ۱۲ [2] یعنے جب آنحضرت نے خود کوئی وصیت نہین فرمائی تو پھر وصیت لوگون پر کیونکر فرض ہوئی اور کیونکر لوگون کو اسکا امر ہوا اُسنے جواب دیا کہ آنحضرت نے تو کتاب اللہ کی وصیت کی کہ اُسکے ساتھ تمسک رکھنا کسی مال وغیرہ کی وصیت نہین کی جیسا کہ شیعہ زعم رکھتے ہین کیونکہ آنحضرت کے پاس اسقدر مال وافر ہوتا ہی نہین تھا کہ وصیت کے واسطے باقی رہے۔ اور چونکہ آپ نے کتاب اللہ کی وصیت کی ہے اور اسمین حکم ہے کہ وصیت کرو اسواسطے لوگون پر وصیت لکھی گئی ہے ۱۲ [3] عورت کو فرش اسلئے فرمایا کہ مرد اسکو اپنا فرش بناتا ہے یعنے اولاد صاحب فراش کے ہو گی خواہ وہ زوج ہو یا مالک یا وطی شبہ سے ہوئی ہو۔ اور زانی کا اسمین کچھ حصہ نہین اسکو تو اسکے فعل کے بدلے حد ماری جاوے۔ اور تور پشتی نے کہا ہے یعنے اس عبارت سے کہ زانی کے لئے پتھر ہین یہ ہین کہ اسکے لئے خسارہ ہے یعنے اسکا اولاد مین کچھ حصہ نہین اور اسکے معنے رجم کے کرنے درست نہین کیونکہ رجم ہر زانی مین مشروع نہین بلکہ اسی مین ہے جو محصن ہو نہ کنوارا اور غیر باپ کا دعوے کرنا یہ کہ اپنے آپ کو غیر کی طرف

حین یحدث بھذا الحدیث اذن لی حتی کنت اقوم الیه فاقبل راسه وروی یحیی بن سلیم ھذا الحدیث عن عبید الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم وھو وھم وھم فیه یحیی بن سلیم والصحیح عن عبید الله بن عمر عن عبد الله بن دینار عن ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم ھکذا رواہ غیر واحد عن عبید الله بن عمر وتفرد عبد الله بن دینار بھذا الحدیث **باب** ماجاء فی من تولی غیر موالیه او ادعی الی غیر ابیه **حدثنا** ھناد ثنا ابو معٰویة عن الاعمش عن ابراھیم التیمی عن ابیه قال خطبنا علی فقال من زعم ان عندنا شیئا نقرؤہ الا کتاب الله وھذہ الصحیفة صحیفة فیھا اسنان الابل واشیاء من الجراحات فقد کذب وقال فیھا قال رسول الله صلی الله علیه وسلم المدینة حرم ما بین عیر الی ثور فمن احدث فیھا حدثا او اوی محدثا فعلیه لعنة الله والملٰئکة والناس اجمعین لایقبل الله منه یوم القیٰمة صرفا ولا عدلا ومن ادعی الی غیر ابیه او تولی غیر موالیه فعلیه لعنة الله والملٰئکة والناس اجمعین لایقبل منه صرف ولا عدل وذمة المسلمین واحدة یسعی بھا ادناھم ھذا حدیث حسن صحیح وروی بعضھم عن الاعمش عن ابراھیم التیمی عن الحارث بن سوید عن علی نحوہ وقد روی من غیر وجه عن علی **باب** ماجاء فی الرجل ینتفی من ولدہ **حدثنا** عبد الجبار بن العلاء العطار وسعید بن عبد الرحمٰن المخزومی قالا نا سفیان عن الزھری عن سعید بن المسیب عن ابی ھریرة قال جاء رجل من فزارة الی النبی صلی الله علیه وسلم فقال یا رسول الله ان امرأتی ولدت غلاما اسود فقال له النبی صلی الله علیه وسلم ھل لک من ابل قال نعم قال فما الوانھا قال حمر قال فھل فیھا اورق قال نعم ان فیھا لورقا قال انی اتاھا ذلک

جب یہ حدیث کہتی تھی مجھے اذن دیتا کہ مین اسکی طرف کھڑا ہوتا اور اسکے سر پہ بوسہ دیتا۔ اور روایت کیا ہے یحییٰ بن سلیم نے اس حدیث کو عبید اللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ ایسا ہی اس حدیث کو کئی ایک نے عبید اللہ بن عمر سے روایت کیا ہے۔ اور عبد اللہ بن دینار اس حدیث سے متفرد ہوا ہے۔ **باب** اس بیان مین کہ غیر اپنے والیون کو والی بنائے یا اپنے غیر باپ کا دعوے کرے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابراہیم تیمی سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے ہمکو حضرت علی نے خطبہ سنایا اور کہا جو کوئی یہ کہے کہ ہمارے پاس سوائے کتاب اللہ اور اس صحیفہ کے کوئی اور چیز ہے کہ جسکو ہم پڑھتے ہون (اس صحیفہ مین اونٹون کے دانتون کی دیت اور احکام جراحات کے لکھے ہین) تو اُسنے جھوٹ بولا۔ اور کہا حضرت علی نے اسمین یہ بھی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مدینہ عیر[1] سے ثور تک حرم ہے سو جو کوئی اسمین بدعت نکالے یا کسی بدعتی کو جگہ دے تو اُسپر اللہ تعالیٰ اور فرشتون اور لوگون کی سب کی لعنت ہے اس سے قیامت کے دن کوئی فرض اور کوئی نفل قبول نہ کیا جاویگا۔ اور جو کوئی اپنے غیر باپ کی طرف دعوے کرے یا اپنے غیر والیون کو والی بنائے تو اُسپر اللہ تعالیٰ اور فرشتون اور لوگون سب کی لعنت ہے کوئی اس سے فرض اور نفل قبول نہ کیا جاویگا۔ اور پناہ سب مسلمانون کی ایک ہے اُسکے ساتھ ادنیٰ مسلمان بھی کوشش کر سکتا ہے۔ یعنے اگر ادنیٰ مسلمان بھی کسی کو پناہ دیدے تو کسی کو اسکا توڑنا حلال نہین۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کیا ہے بعض نے اعمش سے اُسنے ابراہیم تیمی سے اُسنے حارث بن سوید سے اُسنے علی سے مثل اسکے اور کئی وجہ سے حضرت علی سے مروی ہے۔ **باب** اس شخص کے بیان مین جو اپنی اولاد کی نفی کرے **حدیث** کی ہمسے عبد الجبار بن علاء عطار اور سعید بن عبد الرحمٰن مخزومی سے کہا دونون نے حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے ایک مرد قبیلہ فزارہ سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا یا رسول اللہ میری عورت نے سیاہ لڑکا جنا ہے پس اسکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہا کیا تیرے پاس اونٹ ہین کہا اُسنے ہان فرمایا آپ نے انکا کیا رنگ ہے کہا اُسنے سرخ فرمایا آپ نے کیا انمین کوئی سیاہ رنگ بھی ہے کہا اُسنے ہان انمین سیاہ رنگ بھی ہین فرمایا آپ نے وہ انمین کہان سے آگئے

---

[1] عیر اور ثور دو پہاڑون کا نام ہے عیر تو مدینہ مین مشہور پہاڑ ہے اور ثور مکہ مین ہے جسمین وہ غار ہے کہ جسمین آنحضرت ہجرت کے روز چھپے تھے اور بعض روایتون مین آیا ہے کہ عیر سے احد تک حرم ہے تو اس صورت مین ثور کے لفظ کی راوی سے غلطی ہوگی اگرچہ اکثر روایات مین یہی لفظ ہے اور بعضون نے کہا عیر مکہ مین پہاڑ ہے تو اس صورت مین یہ معنے ہونگے کہ جسقدر مکہ مین عیر سے ثور تک حرم ہے اسیقدر مدینہ مین ہے اس مسئلہ مین اختلاف ہے مذہب امام ابو حنیفہ کا یہ ہے کہ معنے حرمت کے محض تعظیم اور تکریم کے ہین کوئی اور احکام مثل شکار کی حرمت اور درخت کے کاٹنے کی ممانعت اور لزوم جزا کا اس سے ثابت نہین اور جو کوئی یہ کام کریگا وہ گنہگار رہیگا اسپر کوئی جزا واجب نہین ہے اور بعض علما کا یہ مذہب ہے کہ اسمین جزا ہے مثل مکہ کے حرم

بن ترى لى وضعه فى الفقراء والمساكين او المجاهدين فى سبيل الله قال اما انا فلو كنت لما عدلت بالمجاهدين سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول مثل الذى يعتق عند الموت كمثل الذى يهدى اذا شبع هذا حديث حسن صحيح **باب حدثنا** قتيبة نا الليث عن ابن شهاب عن عروة ان عائشة اخبرته ان بريرة جاءت تستعين عائشة فى كتابتها ولم تكن قضت من كتابتها شيئا فقالت لها عائشة ارجعى الى اهلك فان احبوا ان اقضى عنك كتابتك ويكون ولاؤك لى فعلت فذكرت ذلك بريرة لاهلها فابوا وقالوا ان شاءت ان تحتسب عليك ويكون لنا ولاؤك فلتفعل فذكرت ذلك لرسول الله صلى الله عليه وسلم فقال لها رسول الله صلى الله عليه وسلم ابتاعى فاعتقى فانما الولاء لمن اعتق ثم قام رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال ما بال اقوام يشترطون شروطا ليست فى كتاب الله من اشترط شرطا ليس فى كتاب الله فليس له وان اشترط مائة مرة هذا حديث حسن صحيح وقد روى من غير وجه عن عائشة والعمل على هذا عند اهل العلم ان الولاء لمن اعتق **ابواب** الولاء والهبة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم **باب** ما جاء ان الولاء لمن اعتق **حدثنا** بندار نا عبد الرحمن بن مهدى نا سفيان عن منصور عن ابراهيم عن الاسود عن عائشة انها ارادت ان تشترى بريرة فاشترطوا الولاء فقال النبى صلى الله عليه وسلم الولاء لمن اعطى الثمن او لمن ولى النعمة وفى الباب عن ابن عمر وابى هريرة وهذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اهل العلم **باب** النهى عن بيع الولاء وهبته **حدثنا** ابن ابى عمر نا سفيان بن عيينة نا عبد الله بن دينار سمع عبد الله بن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن بيع الولاء وهبته هذا حديث حسن صحيح لا نعرفه الا من حديث عبد الله بن دينار عن ابن عمر عن النبى صلى الله عليه وسلم وقد رواه شعبة وسفيان الثورى ومالك بن انس عن عبد الله بن دينار ويروى عن شعبة قال لوددت ان عبد الله بن دينار

پس آپ مجھے اُسکے رکھنے کا کہاں حکم دیتے ہین فقیروں ہین یا مسکینوں ہین یا غازیوں ہین کہا اُسنے بہرحال اگر مین ہوتا تو مین غازیوں کے ساتھ کسی کو برابر نہ کرتا۔ (پھر کہا) سنا مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے مثال اس شخص کی جو موت کے وقت آزاد کرتا ہے مثل مثال اس شخص کے ہے جو پیٹ بھرے کے وقت ہدیہ بھیجتا ہے یعنے اُسکا ثواب صحت کے ہدیہ کے برابر نہین ہوتا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن شہاب سے اُسنے عروہ سے یہ کہ حضرت عائشہ نے اُسکو خبر دی ہے کہ بریرہ عائشہ کے پاس اپنی کتابت مین مدد لینے کے واسطے آئی اور اُسنے اپنی کتابت سے ابھی کچھ ادا نہین کیا تھا سو حضرت عائشہ نے اس سے کہا اپنے مالکوں کے پاس جا سو اگر وہ اس بات کو دوست رکھین کہ مین تجھسے تیری کتابت ادا کر دون اور ولا تیری میرے لئے ہو تو مین کر گذرتی ہون پس بریرہ نے اپنے مالکون سے اسکا ذکر کیا سو اُنھون نے انکار کیا اور کہنے لگے اگر عائشہ یہ چاہتی ہے کہ تجھپر خرچ کرکے ثواب لینا چاہے اور تیری ولا ہمارے لئے ہے تو کرے۔ (عائشہ کہتی ہین) پھر مین نے یہ بات آنحضرت کے پاس ذکر کی پس آنحضرت نے عائشہ سے کہا خرید لے اور اسکو آزاد کر بیشک ولا اُسی شخص کے لئے ہے جو آزاد کرے پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوے اور کہنے لگے کیا حال ہے اُن قومون کا جو ایسی شرطین کرتی ہین جو کتاب اللہ مین نہین ہین جو کوئی ایسی شرط کرے جو کتاب اللہ مین نہ ہو تو وہ اُسکو جائز نہین اگرچہ سو بار شرط کرے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور بغیر اس وجہ سے بھی حضرت عائشہ سے مروی ہے اور عمل اہل علم کے نزدیک اسپر ہے کہ ولا اس شخص کے لئے ہے جو آزاد کرے **ابواب** ولا اور ہبہ کے جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہین **باب** اس بیان مین کہ ولا اس شخص کے لئے ہے جو آزاد کرے **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے منصور سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے اسود سے اُسنے عائشہ سے یہ کہ اُسنے یعنے عائشہ نے بریرہ کے خریدنیکا ارادہ کیا پس اُسکے مالکون نے ولا کی شرط کی سو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ولا اُس شخص کے لئے ہے جو قیمت دے یا نعمت کا والی ہو۔ اور اس باب مین روایت ہے ابن عمر اور ابی ہریرہ سے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے۔ **باب** اس بیان مین کہ ولا کا بیچنا اور ہبہ کرنا منع ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن دینار نے سنا اُسنے عبد اللہ بن عمر سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ولا کے بیچنے اور ہبہ کرنے سے منع کیا ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق عبد اللہ بن دینار سے جو روایت کرتا ہے بواسطہ ابن عمر کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ اور روایت کیا اسکو شعبہ اور سفیان ثوری اور مالک بن انس نے عبد اللہ بن دینار سے۔ اور مروی ہے شعبہ سے کہ کہا اُسنے البتہ مین دوست رکھتا تھا کہ عبد اللہ بن دینار نے

عن ابن عمر وابن عباس یرفعان الحدیث قال لا یحل لرجل ان یعطی عطیة ثم یرجع فیها الا الوالد فیما یعطی ولده ومثل الذی یعطی العطیة ثم یرجع فیها کمثل الکلب اکل حتی اذا شبع قاء ثم عاد فی قیئه هذا حدیث حسن صحیح قال الشافعی لا یحل لمن وهب هبة ان یرجع فیها الا الوالد فله ان یرجع فیما اعطی ولده واحتج بهذا الحدیث تم الولاء والهبة بسم الله الرحمن الرحیم **ابواب** القدر عن رسول الله صلی الله علیه وسلم **باب** ماجاء من التشدید فی الخوض فی القدر **حدثنا** عبد الله بن معاویة الجمحی نا صالح المری عن هشام بن حسان عن محمد بن سیرین عن ابی هریرة قال خرج علینا رسول الله صلی الله علیه وسلم ونحن نتنازع فی القدر فغضب حتی احمر وجهه حتی کانما فقئ فی وجنتیه الرمان فقال ابهذا امرتم ام بهذا ارسلت الیکم انما هلك من کان قبلکم حین تنازعوا فی هذا الامر عزمت علیکم الا تنازعوا فیه وفی الباب عن عمر وعائشة وانس هذا حدیث غریب لا نعرفه الا من هذا الوجه من حدیث صالح المری وصالح المری له غرائب ینفرد بها **باب حدثنا** یحیی بن حبیب بن عربی نا المعتمر بن سلیمن نا ابی عن سلیمن الاعمش عن ابی صالح عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال احتج ادم وموسی فقال موسی یا ادم انت الذی خلقك الله بیده ونفخ فیك من روحه اغویت الناس واخرجتهم من الجنة قال فقال ادم انت موسی الذی اصطفاك الله بکلامه اتلومنی علی عمل عملته کتبه الله علی قبل ان یخلق السموات والارض قال فحج ادم موسی وفی الباب عن عمر وجندب هذا حدیث حسن غریب من هذا الوجه من حدیث سلیمن التیمی عن الاعمش وقد رواه بعض اصحاب الاعمش عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه وقال بعضهم عن الاعمش

ابن عمر اور ابن عباس سے وہ دونوں حدیث کو مرفوع کرتے ہیں کہ فرمایا آپ نے کسی مرد کو حلال نہیں کہ ہبہ کرکے پھر اسمیں رجوع کرے سوائے والد کے جو اپنے ولد کو کوئی چیز ہبہ کرے۔ اور مثال اس شخص کے جو ہبہ کرکے پھر اسمیں رجوع کرتا ہے مثل مثال اس کتے کے ہے کہ جسنے کھایا تا کہ جب سیر ہوا تو اُسنے قی کی پھر اُسنے اپنی قی میں عود کیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ کہا امام شافعی نے سوائے والد کے اور کسی شخص کو حلال نہیں کہ ہبہ کرکے اسمیں رجوع کرے والد کو جائز ہے کہ جو چیز اُسنے اپنے ولد کو دی ہے اسمیں رجوع کرے اور اُنھوں نے اس حدیث سے حجت پکڑی ہے تمام ہوئے مسائل ولاء اور ہبہ کے بسم اللہ الرحمن الرحیم **ابواب** تقدیر کے جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں **باب** تقدیر میں خوض کرنے کی ممانعت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن معاویہ جمحی نے کہا حدیث کی ہمسے صالح مری نے ہشام بن حسان سے اُسنے محمد بن سیرین سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ کہا اُسنے ہمپر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نکلے اس حالت میں کہ ہم تقدیر میں تنازع کر رہے تھے بس آپ غضبناک ہوئے یہانتک کہ آپکا چہرۂ مبارک سرخ ہوگیا گویا کہ آپ کے رخسار ہائے مبارک پر انار نچوڑ گیا ہے پھر فرمایا آپ نے کیا تم اسکے ساتھ حکم دئے گئے ہو یا میں اسکے ساتھ تمھاری طرف بھیجا گیا ہوں۔ بیشک ہلاک ہوئے ہیں وہ لوگ جو تم سے پہلے ہوئے ہیں جبکہ انھوں نے اس امر میں تنازع کیا میں تمکو قسم دیتا ہوں کہ اسمیں جھگڑا نہ کیا کرو۔ اور اس باب میں روایت ہے عمر اور عائشہ اور انس سے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو سوائے طریق صالح مری کے۔ اور صالح مری کی غرائب حدیثیں ہیں وہ انکے ساتھ منفرد ہوا ہے۔ **باب حدیث** کی ہمسے یحیی بن حبیب بن عربی نے کہا حدیث کی ہمسے معتمر بن سلیمان نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے سلیمان اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے کہ حضرت ادم اور موسی نے اپنے رب کے پاس گفتگو کی[1] پس کہا حضرت موسی نے اے آدم تو ہی وہ ہے کہ جسکو اللہ تعالی نے اپنے ہاتھ سے پیدا کیا اور اپنی روح تجھ میں پھونکی پھر تو نے لوگوں کو گمراہ کیا اور انکو جنت سے نکالا۔ فرمایا آپ نے پھر کہا ادم نے تو ہی وہ موسی ہے کہ تجھکو خدا نے اپنے کلام سے برگزیدہ کیا کیا تو بھی میرے اس عمل پر ملامت کرتا ہے کہ جسکو اللہ تعالی نے مجھپر آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے سے پہلے ہی لکھدیا تھا فرمایا آپ نے تو غالب ہوئے حضرت آدم موسیٰؑ پر۔ اور اس باب میں روایت ہے عمر اور جندب سے یہ حدیث اس وجہ سے حسن غریب ہے یعنے طریق سلیمان تیمی سے جو راوی ہے اعمش سے۔ اور اسکو بعض اصحاب اعمش نے اعمش سے روایت کیا ہے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور کہا بعض نے یہ روایت ہے اعمش سے

---

[1] یہ گفتگو حضرت موسی کے انتقال کی بعد عالم ارواح میں ہوئی اور جبتک حضرت آدم اس عالم میں زندہ رہے قصور کو اپنی طرف نسبت کرتے رہے۔ اس حدیث سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ آدمی اپنے گناہوں کو تقدیر کی طرف حوالہ کرکے اپکو بے قصور سمجھے اسواسطے کہ عالم اجسام کا قیاس عالم ارواح پر صحیح نہیں۔ شیطان نے اپنا گناہ اس عالم میں تقدیر کی طرف نسبت کیا اور اپکو بے قصور جانا اسی سبب سے ملعون اور مردود ہوا اور حضرت آدم نے قصور کو اپنی طرف نسبت کیا اسی سبب سے مقبول اور محبوب ہوئے۔ آدمیت اور بندگی ادب کا نام ہے اور بے ادبی شیطانی کام ہے شعر ۲

قال لعل عرقا نزعها قال فهذا لعل عرقا نزعه هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء في القافة **حدثنا** قتيبة نا الليث عن
ابن شهاب عن عروة عن عائشة ان النبي صلى الله عليه وسلم دخل عليها مسرورا تبرق اسارير وجهه فقال الم ترى ان مجززا نظر
آنفا الى زيد بن حارثة واسامة بن زيد فقال هذه الاقدام بعضها من بعض هذا حديث حسن صحيح وقد روى سفيان بن عيينة
هذا الحديث عن الزهري عن عروة عن عائشة وزاد فيه الم ترى ان مجززا مر على زيد بن حارثة واسامة بن زيد وقد غطيا رؤسهما
وبدت اقدامهما فقال ان هذه الاقدام بعضها من بعض هكذا ثنا سعيد بن عبد الرحمن وغير واحد عن سفيان بن عيينة عن الزهري
وقد احتج بعض اهل العلم بهذا الحديث في اقامة امر القافة **باب** ما جاء في حث النبي صلى الله عليه وسلم على الهدية **حدثنا**
ازهر بن مروان البصري ثنا محمد بن سواء نا ابو معشر عن سعيد عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال تهادوا فان الهدية
تذهب وحر الصدر ولا تحقرن جارة لجارتها ولو شق فرسن شاة هذا حديث غريب من هذا الوجه وابو معشر اسمه نجيح مولى بني هاشم
وقد تكلم فيه بعض اهل العلم من قبل حفظه **باب** ما جاء في كراهية الرجوع في الهبة **حدثنا** احمد بن منيع نا اسحق بن يوسف
الازرق نا حسين المكتب عن عمرو بن شعيب عن طاؤس عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال مثل الذي
يعطي العطية ثم يرجع فيها كالكلب اكل حتى اذا شبع قاء ثم عاد فرجع في قيئه وفي الباب عن ابن عباس وعبد الله بن عمرو
حدثنا محمد بن بشار نا ابن ابي عدي عن حسين المعلم عن عمرو بن شعيب قال ثنا طاؤس

کہا اسنے شاید کسی رگ نے اسکو کھینچا ہوگا فرمایا آپ نے پس شاید اسکو بھی کسی رگ نے کھینچا ہوگا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب**
قیافہ دان کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن شہاب سے اسنے عروہ سے اسنے عائشہ سے یہ کہ
نبی صلے اللہ علیہ وسلم اسکے پاس یعنے حضرت عائشہ کے پاس آئے اس حالت میں کہ آپکا چہرہ مبارک خوشی سے چمکتا تھا پس آپ نے فرمایا کیا تو
نہیں دیکھتی کہ اب مجزز (نام قیافہ دان) نے زید بن حارثہ اور اسامہ بن زید کی طرف نظر کی اور کہا یہ پانوں بعض کے بعض سے ہیں۔ یہ حدیث
حسن صحیح ہے۔ اور روایت کیا ہے سفیان بن عیینہ نے اس حدیث کو زہری سے اسنے عروہ سے اسنے عائشہ سے۔ اور اسنے اسمیں یہ زیادتی کی ہے
۔ مجزز زید بن حارثہ اور اسامہ بن زید پر گذرا اس حالت میں کہ انھوں نے اپنا سر ڈھانپا تھا اور پانوں انکے ننگے تھے پس کہا اسنے یہ پانوں بعض
کے بعض سے ہیں یعنے آپسمیں باپ بیٹے ہیں۔ ایسا ہی حدیث کی ہمسے سعید بن عبد الرحمن وغیرہ نے سفیان بن عیینہ سے اسنے زہری سے
اور بعض اہل علم نے اس حدیث سے دلیل پکڑی ہے کہ قیافہ دان کا حکم درست ہے۔ **باب** ہدیہ پر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا برانگیختہ کرنا **حدیث**
کی ہمسے ازہر بن مروان بصری نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن سوار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معشر نے سعید سے اسنے ابی ہریرہ سے اسنے نبی صلے
اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے آپسمیں ہدیہ بھیجا کرو کیونکہ ہدیہ سینے کے غصے کو دور کرتا ہے۔ اور کوئی عورت دوسری عورت ہمسائے والی کو ہدیہ
بھیجنے میں حقیر نہ جانے اگرچہ بکری کے کھر کا ٹکڑا ہو۔ یہ حدیث اس وجہ سے غریب ہے۔ اور ابو معشر کا نام نجیح ہے جو غلام بنی ہاشم کا ہے اور بعض اہل علم نے
اسکے حق میں حافظہ کی وجہ سے کلام کیا ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ ہبہ میں رجوع کرنا مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی
ہمسے اسحاق بن یوسف ازرق نے کہا حدیث کی ہمسے حسین معلم نے عمرو بن شعیب سے اسنے طاؤس سے اسنے ابن عمر سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے مثال اس شخص کے جو کوئی چیز ہبہ کرتا ہے پھر اسمیں رجوع کرتا ہے مثل مثال اس کتے کے ہے کہ جسنے کھایا تا کہ جب سیر ہوا تو اسنے قے
کردی پھر اسنے عود کیا اور اپنی قے میں رجوع کیا یعنے اسکو کھانے لگا۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عباس اور عبد اللہ بن عمرو سے **حدیث** کی
ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی نے حسین معلم سے اسنے عمرو بن شعیب سے کہا اسنے حدیث کی مجھے طاؤس نے

لہ اسنے جواب دیا بعض اونٹ جو سیاہ رنگ پیدا ہوتے ہیں شاید انکا باعث یہ ہوگا کہ انکے اصول میں سے کوئی سیاہ رنگ اونٹ ہوگا اسکی سیاہی نے اسپر اثر
کیا ہوگا وہ سیاہی پشت بہ پشت چلی آئی ہوگی آنحضرت نے فرمایا کہ اس تیرے لڑکے کی مثال بھی یہی ہے کہ شاید اسکے اصول میں بھی کوئی سیاہ رنگ ہوگا جسکی سیاہی
سے یہ سیاہ رنگ ہوا لہٰذا اسکا یہ ہے کہ ادنی سی علامات دیکھکر اولاد کی نفی کرنی نہیں چاہیئے ۱۲ سے یہ شخص قیافہ دان عرب میں مشہور تھا اتفاقاً مدینہ میں اسکا گذر ہوا اور یہ دونوں
یعنے زید اور اسامہ ایک چادر میں سر ڈھانپ کر سوئے ہوئے تھے اور پانوں انکے ننگے تھے دیکھکر کہنے لگا کہ یہ قدم بعض کے بعض سے ہیں یعنے آپسمیں یہ باپ بیٹے ہیں سو آنحضرت خوش اسلئے ہوئے کہ اسامہ کا رنگ
سیاہ تھا اور زید کا سفید اس سبب سے عرب کے لوگ اسکے نسب میں طعن کرتے تھے جب اس قائف نے جو کہ انکے نزدیک مسلم الثبوت تھا یہ خبر دی تو آپ اس سبب سے خوش ہوئے کہ اب لوگوں پر بھی ایسی حجت جو انکے

وان احدکم لیعمل بعمل اہل النار حتی ما یکون بینہ وبینہا الا ذراع ثم یسبق علیہ الکتاب فیختم لہ بعمل اہل الجنۃ فیدخلہا ہذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن بشار نا یحیی بن سعید نا الاعمش نا زید بن وہب عن عبد اللہ بن مسعود قال ثنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فذکر مثلہ وفی الباب عن ابی ہریرۃ وانس سمعت احمد بن الحسن قال سمعت احمد بن حنبل یقول ما رأیت بعینی مثل یحیی بن سعید القطان ہذا حدیث حسن صحیح وقد رواہ شعبۃ والثوری عن الاعمش نحوہ **حدثنا** محمد بن العلاء نا وکیع عن الاعمش عن زید نحوہ **باب** ما جاء کل مولود یولد علی الفطرۃ **حدثنا** محمد بن یحیی القطعی نا عبد العزیز بن ربیعۃ البنانی نا الاعمش عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کل مولود یولد علی الملۃ فابواہ یہودانہ وینصرانہ ویشرکانہ قیل یا رسول اللہ فمن ہلک قبل ذلک قال اللہ اعلم بما کانوا عاملین بہ **حدثنا** ابو کریب والحسین بن حریث قالا نا وکیع عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ بمعناہ قال یولد علی الفطرۃ ہذا حدیث حسن صحیح وقد رواہ شعبۃ وغیرہ عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یولد علی الفطرۃ **باب** ما جاء لا یرد القدر الا الدعاء **حدثنا** محمد بن حمید الرازی وسعید بن یعقوب قالا نا یحیی بن الضریس عن ابی مودود عن سلیمان التیمی عن ابی عثمان النہدی عن سلمان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یرد القضاء الا الدعاء ولا یزید فی العمر الا البر وفی الباب عن ابی اسید ہذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث یحیی بن الضریس وابو مودود اثنان احدہما یقال لہ فضۃ والآخر عبد العزیز بن ابی سلیمان احدہما بصری

اور بعض شخص تم میں سے اہل نار کے عمل کرتا رہتا ہے حتیٰ کہ درمیان اسکے اور نار کے سوائے ایک گز کے فاصلہ نہیں رہتا کہ پھر اسپر کتاب سبقت کرتی ہے اور اسکا اہل جنت کے عملوں پر خاتمہ کرتی ہے پس وہ اسمیں داخل ہوتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہم سے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہم سے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہم سے اعمش نے کہا حدیث کی ہم سے زید بن وہب نے عبد اللہ بن مسعود سے کہا حدیث کی ہمکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پس اُسنے اسیطرح ذکر کیا۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور انس سے سنا میں نے احمد بن حسن سے کہا اُسنے سنا میں نے احمد بن حنبل سے کہتا میں نے اپنی آنکھوں سے کوئی شخص مثل یحیی بن سعید قطان کے نہیں دیکھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کیا ہے اسکو شعبہ اور ثوری نے اعمش سے مثل اسکے۔ **حدیث** کی ہم سے محمد بن علاء نے کہا حدیث کی ہم سے وکیع نے اعمش سے اُسنے زید سے مثل اسکے **باب** اس بیان میں کہ ہر مولود فطرت پر پیدا ہوتا ہے **حدیث** کی ہم سے محمد بن یحیی قطعی نے کہا حدیث کی ہم سے عبد العزیز بن ربیعہ بنانی نے کہا حدیث کی ہم سے اعمش نے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہر ایک مولود دین اسلام پر پیدا ہوتا ہے سو والدین اسکو یہودی بناتے ہیں اور نصاری کرتے ہیں اور مشرک کرتے ہیں کسی نے کہا یا رسول اللہ سو جو لوگ آپ سے پہلے ہلاک ہو چکے ہیں (انکا کیا حال ہے) فرمایا آپ نے اللہ بہتر جانتا ہے کہ جسکے ساتھ وہ عمل کرنے والے ہوتے **حدیث** کی ہم سے ابو کریب اور حسین بن حریث نے کہا دونوں نے حدیث کی ہم سے وکیع نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے بامعنی۔ اور کہا کہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کیا ہے اسکو شعبہ وغیرہ نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور کہا کہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے **باب** تقدیر کو سوائے دعا کے کوئی چیز رد نہیں کرتی **حدیث** کی ہم سے محمد بن حمید رازی اور سعید بن یعقوب نے کہا دونوں نے حدیث کی ہم سے یحیی بن ضریس نے ابی مودود سے اُسنے سلیمان تیمی سے اُسنے ابی عثمان نہدی سے اُسنے سلمان سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دعا قضا کو رد کرتی ہے اور نیکی عمر میں زیادتی کرتی ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی اسید سے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق یحیی بن ضریس سے۔ اور ابو مودود دو ہیں ایک کو فضہ کہا جاتا ہے اور دوسرے کو عبد العزیز بن ابی سلیمان ایک انمیں سے بصری ہے

[1] اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر ایک آدمی کو چاہیے کہ اپنے اعمال حسنہ پر مغرور نہ ہو جائے اور خود پسندی اور تکبر ایسے برے اخلاق سے اجتناب کرے اور ہر وقت خوف اور امید میں رہے اور اگر اس سے برے اعمال بھی صادر ہوں تو بھی خدا کی رحمت عامہ سے ناامید نہ ہو جائے اور اسیطرح سے غیر شخص کے اعمال حسنہ دیکھکر اسکے جنتی ہونیکا یقین نہ کرلے اگرچہ اس سے کرامات عجیبہ غریبہ نظر آویں اور نہ کسی کے برے اعمال دیکھکر اسکے دوزخی ہونیکا جزم کرے اگرچہ اس سے تمام قسم کی برائیاں صادر ہوں کیونکہ اعتبار خاتمہ کا ہے اور وہ سوائے عالم الغیب کے کوئی نہیں جانتا کذا قالہ علی القاری

[2] یعنے حالت پیدائش میں اسکا اس قسم کا مادہ ہوتا ہے کہ اگر وہ اسی حالت پر چھوڑا جاوے اور کوئی آفت اسکو نہ پہونچے تو وہ اسی حالت پر چلا جاوے یا یہ معنی کہ ہر ایک شخص اللہ کی معرفت پر پیدا ہوتا ہے اور اسکی ربوبیت کا

عن ابی صالح عن ابی سعید عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وقد روی ھذا الحدیث من غیر وجہ عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **باب** ماجاء فی الشقاء والسعادۃ **حدثنا** بندار نا عبد الرحمٰن بن مھدی نا شعبۃ عن عاصم بن عبید اللہ قال سمعت سالم بن عبد اللہ یحدث عن ابیہ قال قال عمر یا رسول اللہ ارایت ما نعمل فیہ امر مبتدع او مبتدء او فیما قد فرغ منہ قال فیما قد فرغ منہ یا ابن الخطاب وکل میسر اما من کان من اھل السعادۃ فانہ یعمل للسعادۃ واما من کان من اھل الشقاء فانہ یعمل للشقاء وفی الباب عن علی وحذیفۃ بن اسید وانس وعمران بن حصین ھذا حدیث حسن صحیح **اخبرنا** الحسن بن علی الحلوانی نا عبد اللہ بن نمیر ووکیع عن الاعمش عن سعید بن عبیدۃ عن ابی عبد الرحمٰن السلمی عن علی قال بینما نحن مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو ینکت فی الارض اذ رفع راسہ الی السماء ثم قال ما منکم من احد الا قد علم قال وکیع الا قد کتب مقعدہ من النار ومقعدہ من الجنۃ قالوا افلا نتکل یا رسول اللہ قال لا اعملوا فکل میسر لما خلق لہ ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء ان الاعمال بالخواتیم **حدثنا** ھناد نا ابو معاویۃ عن الاعمش عن زید بن وھب عن عبد اللہ بن مسعود قال ثنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو الصادق المصدوق ان احدکم یجمع خلقہ فی بطن امہ فی اربعین یوما ثم یکون علقۃ مثل ذلک ثم یکون مضغۃ مثل ذلک ثم یرسل اللہ الیہ الملک فینفخ فیہ الروح ویؤمر باربع یکتب رزقہ واجلہ وعملہ وشقی او سعید فوالذی لا الہ غیرہ ان احدکم لیعمل بعمل اھل الجنۃ حتی ما یکون بینہ وبینھا الا ذراع ثم یسبق علیہ الکتاب فیختم لہ بعمل اھل النار فید خلھا

اُسنے روایت کی ابی صالح سے اُسنے ابی سعید سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ اور یہ حدیث کئی وجہ سے بواسطہ ابی ہریرہؓ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے **باب** شقاوت اور سعادت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمٰن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے عاصم بن عبید اللہ سے کہا اُسنے سنا میں نے سالم بن عبد اللہ سے کہ حدیث کرتا تھا اپنے باپ سے کہا اُسنے کہ کہا حضرت عمر نے یا رسول اللہ ہمکو خبر دیجئے اُن اعمال کی بابت جو ہم کر رہے ہیں کیا وہ امر نیا پیدا ہوتا ہے یا نیا شروع ہوتا ہے (شک راوی ہے معنے واحد) یا اس سے فراغت ہوچکی ہے۔ فرمایا آپ نے اس سے فراغت ہوچکی ہے اے خطاب کے بیٹے۔ اور ہر ایک امر آسان کیا گیا ہے جسکے واسطے کہ وہ پیدا کیا گیا ہے بہر حال جو کوئی اہل سعادت سے ہوگا تو وہ سعادت کے عمل کریگا اور جو کوئی اہل شقاوت سے ہوگا تو وہ شقاوت کے عمل کریگا۔ اور اس باب میں روایت ہے حضرت علی اور حذیفہ بن اسید اور انس اور عمران بن حصین سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن صحیح ہے **خبر دی** ہمکو حسن بن علی حلوانی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن نمیر اور وکیع نے اعمش سے اُسنے سعد بن عبیدہ سے اُسنے ابی عبد الرحمٰن سلمی سے اُسنے علی سے کہا اُسنے اُسوقت میں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے اور آپ زمین پر سر ڈالے ہوئے تھے ناگاہ آپ نے آسمان کی طرف سر مبارک اُٹھایا پھر فرمایا کوئی شخص تم میں سے ایسا نہیں ہے کہ معلوم نہیں ہوچکا۔ یعنے اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے کہ فلان جنتی ہے فلان دوزخی۔ وکیع نے یہ الفاظ کہے ہیں کہ اسکی جگہ دوزخ اور جنت کی نہ لکھی گئی ہو۔ کہا لوگوں نے یا رسول اللہ کیا ہم پھر توکل نہ کرلیں یعنے عمل چھوڑ کر اپنی اصلی پیدائش پر توکل نہ کر بیٹھیں فرمایا آپ نے کہ نہیں عمل کرو ہر ایک آسان کیا گیا ہے اُسکے واسطے جسکے واسطے وہ پیدا ہوا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ اعتبار اعمال کا ساتھ خاتمہ کے ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے زید بن وہب سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے کہا اُسنے ہمکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حدیث کی ہے اور آنحضرت خود صادق ہیں اور اللہ کی جانب سے سچے کئے گئے ہیں یہ کہ تم میں سے ہر ایک کی پیدائش اسکی ماں کے پیٹ میں چالیس دن تک جمع رکھی جاتی ہے پھر اسکا غلیظ سا خون ہوجاتا ہے مثل اسی کے یعنے چالیس روز میں۔ بعد اسکے گوشت کا ٹکڑا ہوجاتا ہے مثل اسکے یعنے چالیس روز میں پھر اللہ تعالیٰ اسکی طرف فرشتہ بھیجتا ہے سو وہ اسمیں روح پھونکتا ہے اور اسکو چار چیزوں کا حکم ہوتا ہے اسکا رزق اور اجل اور عمل اور شقاوت یا سعادت لکھ لیتا ہے پس قسم ہے اس ذات کی کہ جسکے سوا کوئی معبود نہیں بیشک کوئی شخص تم میں عمل اہل جنت کے کرتا رہتا ہے جتنے کہ درمیان اسکے اور جنت کے سوائے ایک گز کے فاصلہ نہیں رہتا کہ پھر اسپر کتاب (یعنے تقدیر جو لکھی ہوتی ہے) سبقت کرتی ہے اور اسکا اہل نار کے عملوں پر خاتمہ کرتی ہے پس وہ اسمیں داخل ہوتا ہے

لہ حضرت عمرؓ نے پوچھا کہ جو لوگ بالفعل دنیا میں کام کرتے ہیں کیا پروردگار ان سبکو پہلے سے پیدا کرکے لکھ چکا ہے یا بعد آدمی کے کام کرنیکے لکھے جاتے ہیں فرمایا آپ نے کہ یہ اعمال پہلے سے لکھے گئے ہیں سو جس کسی کی جس قسم کی خلقت ہوتی ہے وہ اسکو اختیار کرتا ہے اور وہی اعمال اسکے آگے آسان ہوتے ہیں ۱۲

وفی الباب عن ابن عمر هذا حديث حسن صحيح غريب وابو قبيل اسمه حيي بن هانئ **اخبرنا** علي بن حجر نا اسمعيل بن جعفر عن حميد عن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله اذا اراد بعبد خيرا استعمله فقيل كيف يستعمله يارسول الله قال يوفقه لعمل صالح قبل الموت هذا حديث صحيح **باب** ما جاء لا عدوى ولا هامة ولا صفر **حدثنا** بندار نا عبد الرحمن[1] بن مهدي نا سفيان عن عمارة بن القعقاع نا ابو زرعة بن عمرو بن جرير قال نا صاحب لنا عن ابن مسعود قال قام فينا رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال لا يعدي شيء شيئا فقال اعرابي يارسول الله البعير اجرب الحشفة يدبنه فيجرب الابل كلها فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم فمن اجرب الاول لا عدوى ولا صفر خلق الله كل نفس فكتب حياتها ورزقها ومصائبها وفي الباب عن ابي هريرة وابن عباس وانس سمعت محمد بن عمرو بن صفوان الثقفي البصري قال سمعت علي بن المديني يقول لو حلفت بين الركن والمقام لحلفت اني لم ار احدا اعلم من عبد الرحمن بن مهدي **باب** ما جاء ان الايمان بالقدر خيره وشره **حدثنا** ابو الخطاب زياد بن يحيى البصري نا عبد الله بن ميمون عن جعفر بن محمد عن ابيه عن جابر بن عبد الله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر سے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ اور ابو قبیل کا نام حیی بن ہانی ہے۔ **خبر دی** ہمکو علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن جعفر نے حمید سے اُنہوں نے انس سے کہا اُنہوں نے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جب اللہ تعالی کسی بندہ کیساتھ نیکی کا ارادہ کرتا ہے تو اس سے عمل کراتا ہے پس کسی نے کہا کسطرح عمل کراتا ہے یارسول اللہ فرمایا آپ نے اسکو موت سے پہلے نیک اعمال کی توفیق دیتا ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ ایک کی بیماری دوسرے کو نہیں لگ جاتی اور نہ کوئی ہامہ ہے اور نہ صفر **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عمارہ بن قعقاع سے کہا حدیث کی ہمسے ابو زرعہ بن عمرو بن جریر نے کہا حدیث کی ہمسے ایک ہمارے صاحب نے ابن مسعود سے کہا اُنہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہم میں کھڑے ہوئے اور فرمایا کوئی چیز کسی چیز کی طرف تجاوز نہیں کرتی یعنے ایک کی بیماری دوسرے کو نہیں لگتی پس کہا ایک اعرابی نے یارسول اللہ اونٹ اپنے حشفہ سے اپنی اوجھ کو خارش ناک کرتا ہے پھر تمام اونٹوں کو خارش ناک کر دیتا ہے پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کسنے پہلے کو خارشدار کیا ہے نہ ایک کی بیماری دوسرے کو لگ جاتی ہے اور نہ صفر ہے اللہ تعالی نے ہر ایک نفس پیدا کرکے اسکی حیات اور اسکا رزق اور اسکی مصیبتیں لکھدی ہیں۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور ابن عباس اور انس سے رضی اللہ عنہم سنا میں نے محمد بن عمرو بن صفوان ثقفی بصری سے کہ کہا اُسنے سنا میں نے علی بن مدینی سے کہ کہتا اگر مجھے درمیان رکن اور مقام ابراہیم علیہ السلام کے قسم دلائی جاوے تو میں قسم کھاتا ہوں کہ میں نے کوئی شخص زیادہ عالم عبد الرحمن بن مہدی سے نہیں دیکھا۔ **باب** اس بیان میں کہ ایمان ساتھ تقدیر خیر اور شر کے لانا چاہیے **حدیث** کی ہمسے ابو الخطاب یعنے زیاد بن یحیی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن میمون نے جعفر بن محمد سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے جابر بن عبد اللہ سے کہا اُنہوں نے فرمایا رسول اللہ صلعم نے

[1] اکثر علما کا یہ مذہب ہے کہ مراد اس سے وہی ہے جو ظاہر میں سمجھ آتا ہے یعنے یہ جو مشہور ہے کہ ایک کی بیماری سے دوسرا آدمی بیمار ہو جاتا ہے جیسے کہ بخار دہائی وغیرہ مرضوں میں دستور چلا آتا ہے یہ بات باطل ہے یہ نہیں ہو سکتا کہ ایک کی بیماری دوسرے کو لگ جائے جیسا کہ ظاہر قرائن حدیث کے اسپر دال ہیں۔ اور بعض نے کہا مراد اس سے یہ ہے کہ جن لوگوں کا یہ خیال ہے کہ جو امراض کہ متعدی ہیں وہ لامحالہ اثر کر جاتے ہیں جیسے حدیث فر من المجذوم کما تفر من الاسد ولا یوردن ذو عاہۃ علی مصح یعنے بھاگ مجذوم سے جیسے کہ تو بھاگتا ہے شیر سے اور بیمار تندرست پر نہ لایا جاوے اسپر دال ہیں انسے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ایک کی بیماری دوسرے کو لگ جاتی ہے تو معلوم ہوا کہ آنحضرت کی یہ غرض ہے کہ یہ اعتقاد رکھنا کہ یہ بیماری لامحالہ تاثیر کرتی ہے یا بالذات اپنی تاثیر ہے باطل ہے مترجم حق یہ ہے کہ بیشک ایک کی بیماری دوسرے کو نہیں لگتی جیسا کہ اکثر علما کا مذہب ہے اور مجذوم سے بھاگنے کے واسطے جو فرمایا ہے وہ ان لوگوں کے واسطے ہے کہ جنکی طبیعت مستقل نہیں ہوتی اور جو لوگ کہ مستقل مزاج ہوتے ہیں وہ اگر ایسے لوگوں سے برتاؤ کریں تو انکو کچھ نقصان نہیں جیسے کہ خود آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مجذوم کے ساتھ کھایا ہے اور عام لوگوں کو اسواسطے منع فرمایا کہ وہ اگر بالفرض کوئی ایسی حرکت کسی میں دیکھ لیتے ہیں تو فی الفور گمان کرتے ہیں کہ مجھے یہ بیماری فلاں شخص سے پیدا ہوئی پھر وہ اس سے نفرت کرتا ہے اور واہی تواہی خیال دل میں لاتا ہے جیسے کہ بعض جہال ضعیف علامات دیکھکر یقینی امر وں سے اعراض کرتے ہیں چنانچہ حدیث اعرابی کی اسپر دال ہے کہ اپنے لڑکے کا سیاہ رنگ دیکھکر کہنے لگا کہ یہ میرا لڑکا نہیں فافہم اور ہامہ کے دو معنے ہیں ایک یہ کہ عرب کا گمان تھا کہ یہ ایک جانور ہے جو رات کو اڑتا ہے وہ لوگ اس سے بدفالی پکڑتے تھے دوسرے یہ معنے ہیں کہ انکا اعتقاد تھا کہ میت کی ہڈیاں یا روح ایک جانور بنکر اڑتا پھرتا ہے۔ اور صفر کے معنے کہ امام مالک نے فرمائے ہیں یہ ہیں کہ جاہلیت کے لوگ ماہ صفر کو ایک سال میں حلال بنا لیتے تھے اور ایک سال میں حرام یعنے اگر اس ماہ میں ضرورت لڑائی کی ہوئی تو اسکو حلال بنا لیا اور اسکے بدلے دوسرے سال میں اسکو حرام بنا دیا یعنے جنگ نہ کی۔ اور کہا گیا ہے کہ انکا اعتقاد تھا کہ پیٹ میں ایک جانور ہے کہ بھوک کے وقت جوش مارتا ہے اور بعض وقت بھوک والے کو قتل بھی کر دیتا ہے آپ نے ان سب امروں کی نفی فرمائی ہے کہ ایسے خیالات واہی ہیں انکی کچھ اصل نہیں ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲

والاخر مدنی وکانا فی عصر واحد وابو مودود الذی روی هذا الحدیث اسمه فضة بصری **باب** ما جاء ان القلوب بین اصبعی الرحمن **حدثنا** هناد نا ابو معٰویة عن الاعمش عن ابی سفیان عن انس قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یکثر ان یقول یا مقلب القلوب ثبت قلبی علی دینك فقلت یا نبی الله اٰمنا بك وبما جئت به فهل تخاف علینا قال نعم ان القلوب بین اصبعین من اصابع الله یقلبها کیف شاء وفی الباب عن النواس بن سمعان وام سلمة وعائشة وابی ذر هذا حدیث حسن صحیح وهکذا روی غیر واحد عن الاعمش عن ابی سفیان عن انس وروی بعضهم عن الاعمش عن ابی سفیان عن جابر عن النبی صلی الله علیه وسلم وحدیث ابی سفیان عن انس اصح **باب** ما جاء ان الله کتب کتابا لاهل الجنة واهل النار **حدثنا** قتیبة بن سعید نا اللیث عن ابی قبیل عن شفی بن ماتع عن عبد الله بن عمرو قال خرج علینا رسول الله صلی الله علیه وسلم وفی یده کتابان فقال اتدرون ما هذان الکتابان فقلنا لا یا رسول الله الا ان تخبرنا فقال للذی فی یده الیمنی هذا کتاب من رب العٰلمین فیه اسماء اهل الجنة واسماء اٰبائهم وقبائلهم ثم اجمل علی اٰخرهم فلا یزاد فیهم ولا ینقص منهم ابدا ثم قال للذی فی شماله هذا کتاب من رب العٰلمین فیه اسماء اهل النار واسماء اٰبائهم وقبائلهم ثم اجمل علی اٰخرهم فلا یزاد فیهم ولا ینقص منهم ابدا فقال اصحابه ففیم العمل یا رسول الله ان کان امر قد فرغ منه فقال سددوا وقاربوا فان صاحب الجنة یختم له بعمل اهل الجنة وان عمل ای عمل وان صاحب النار یختم له بعمل اهل النار وان عمل ای عمل ثم قال رسول الله صلی الله علیه وسلم بیدیه فنبذهما ثم قال فرغ ربکم من العباد فریق فی الجنة وفریق فی السعیر **حدثنا** قتیبة نا بکر بن مضر عن ابی قبیل نحوه

اور دوسرا مدنی اور وہ دونوں ایک زمانہ میں تھے۔ اور ابو مودود کہ جنہوں نے یہ حدیث روایت کی ہے نام اسکا فضہ بصری ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ دل اللہ تعالیٰ کی دو انگلیوں کے درمیان ہیں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابی سفیان سے اُسنے انس سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بہت کہا کرتے تھے یا مقلب القلوب الخ یعنے اے پھیرنے والے دلوں کے میرے دل کو اپنے دین پر مستحکم رکھ سو میں نے کہا اے نبی اللہ کے ہم آپ کے ساتھ ایمان لائے ہیں اور اُسکے ساتھ بھی جو آپ لائے ہیں یعنے قرآن مجید سو کیا آپ ہمپر خوف کرتے ہیں فرمایا آپ نے ہاں بیشک دل اللہ تعالیٰ کی انگلیوں کے درمیان ہیں پھیرتا ہے انکو جسطرح وہ چاہتا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے نواس بن سمعان اور ام سلمہ اور عائشہ اور ابی ذر سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ایسا ہی کئی ایک نے روایت کی ہے اعمش سے اُسنے ابی سفیان سے اُسنے انس سے۔ اور روایت کیا ہے بعض نے اعمش سے اُسنے ابی سفیان سے اُسنے جابر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ اور حدیث ابی سفیان کی جو انس سے ہے وہ زیادہ صحیح ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ اللہ تعالیٰ نے جنتیوں اور دوزخیوں کے لئے ایک کتاب لکھی ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابی قبیل سے اُسنے شفی بن مانع سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہا اُسنے ہمپر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نکلے اس حالت میں کہ آپ کے ہاتھ میں دو کتابیں تھیں پس فرمایا آپ نے کیا تم جانتے ہو کہ یہ دونوں کتابیں کونسی ہیں ہمنے کہا کہ نہیں یا رسول اللہ مگر یہ کہ آپ ہمکو خبر دیں آپ نے داہنے ہاتھ والی کے حق میں فرمایا کہ یہ کتاب ہے رب العالمین سے اسمیں جنتیوں کے نام ہیں اور انکے باپوں اور قبیلوں کے نام پھر انکے آخر پر اجمال کیا گیا ہے یعنے آخر میں جمع لگا دی گئی ہے کہ یہ کل اسقدر ہیں سو نہ کوئی اُنمیں زیادہ ہوتا ہے اور نہ کوئی اُنمیں سے کم ہوتا ہے ہمیشہ پھر بائیں ہاتھ والی کتاب کے حق میں فرمایا کہ یہ کتاب ہے رب العالمین سے اسمیں دوزخیوں کے نام ہیں اور انکے باپوں اور انکے قبیلوں کے پھر انکے آخر میں اجمال کیا گیا ہے سو نہ کوئی اُنمیں زیادہ ہو سکتا ہے اور نہ کوئی اُنمیں سے کم ہو سکتا ہے ہمیشہ پس آپکے صحابہ نے کہا پھر عملوں کا کیا فائدہ ہے یا رسول اللہ اگر یہ ایسی ہی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے فراغت کر چکا ہے یعنے جب اللہ تعالیٰ سبکا حال پہلے ہی سے لکھ چکا ہے تو اعمال کا کیا فائدہ۔ آپ نے جواب دیا راہ راست پر چلو اور میانہ روی[1] اختیار کرو کیونکہ صاحب جنت کا جنتیوں کے اعمال پر خاتمہ ہوگا اگرچہ کیسا ہی عمل کرے اور دوزخی کا خاتمہ دوزخ والوں کے کام پر ہوگا اگرچہ کیسا ہی عمل کرے پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں سے اشارت کی اور انکو پھینک دیا۔ پھر فرمایا آپ نے رب تمہارا بندوں سے فارغ ہو چکا ہے یعنے جو کچھ کسی کے واسطے کرنا تھا وہ اسکے لئے کر چکا ہے ایک فریق جنت میں ہے اور ایک فریق دوزخ میں۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے بکر بن مضر نے ابی قبیل سے مثل اسکے

[1] یعنے عبادت بلکہ ہر چیز میں افراط اور تفریط سے بچو نہ عبادت میں ایسی کثرت بہتر جو افسردہ اور ملول کر ڈالے نہ ایسی قلت اچھی کہ دل پر اسکی کچھ تاثیر نہ ہو ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲

فقال ارايت رقى نسترقيها ودواء نتداوى به وتقاة نتقيها هل ترد من قدر الله شيئا قال هى من قدر الله هذا حديث لا نعرفه الا من حديث الزهرى وقد روى غير واحد هذا عن سفيان عن الزهرى عن ابى خزامة عن ابيه وهذا اصح هكذا قال غير واحد عن الزهرى عن ابى خزامة عن ابيه **باب** ماجاء فى القدرية **حدثنا** واصل بن عبد الاعلى نا محمد بن فضيل عن القاسم بن حبيب وعلى بن نزار عن نزار عن عكرمة عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صنفان من امتى ليس لهما فى الاسلام نصيب المرجئة والقدرية وفى الباب عن عمر وابن عمر ورافع بن خديج هذا حديث حسن غريب **حدثنا** محمد بن رافع نا محمد بن بشر نا سلام بن ابى عمرة عن عكرمة عن ابن عباس عن النبى صلى الله عليه وسلم قال محمد بن رافع ونا محمد بن بشر نا على بن نزار عن عكرمة عن ابن عباس عن النبى صلى الله عليه وسلم نحوه **باب حدثنا** ابو هريرة محمد بن فراس البصرى نا ابو قتيبة سلم بن قتيبة نا ابو العوام عن قتادة عن مطرف بن عبد الله بن الشخير عن ابيه عن النبى صلى الله عليه وسلم قال مثل ابن ادم والى جنبه تسعة وتسعون منية ان اخطأته المنايا وقع فى الهرم حتى يموت هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه وابو العوام هو عمران القطان **باب** ماجاء فى الرضاء بالقضاء **حدثنا** محمد بن بشار نا ابو عامر عن محمد بن ابى حميد عن اسمعيل بن محمد بن سعد بن ابى وقاص عن ابيه عن سعد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من سعادة ابن ادم رضاه بما قضى الله له ومن شقاوة ابن ادم تركه استخارة الله ومن شقاوة ابن ادم سخطه بما قضى الله له هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث محمد بن ابى حميد

اور کہنے لگا خبر دیجئے رُقیہ کی جو ہم انکو استعمال میں لاتے ہیں اور اس دوائی کی کہ جسکے ساتھ ہم دوا کرتے ہیں اور ڈھال کی کہ جس سے ہم بچاؤ کرتے ہیں کیا یہ تقدیر الٰہی سے کسی چیز کو ہٹا سکتی ہیں۔ فرمایا آپ نے یہ بھی تقدیر الٰہی ہیں۔ اس حدیث کو ہم نہیں پہچانتے مگر طریق زہری سے۔ اور کئی ایک نے اسکو روایت کیا ہے سفیان سے اُسنے زہری سے اُسنے ابی خزامہ سے اُسنے اپنے باپ سے۔ اور یہ صحیح ہے۔ ایسا ہی کہا ہے ایک نے کہ یہ روایت ہے زہری سے اُسنے روایت کی ابی خزامہ سے اُسنے اپنے باپ سے **باب** فرقہ قدریہ کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے واصل بن عبد الاعلیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے قاسم بن حبیب اور علی بن نزار سے اُسنے نزار سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دو گروہ میری امت سے ہیں کہ انکے واسطے کچھ حصہ اسلام میں نہیں ہے ایک مرجیہ دوسرے قدریہ اور اس باب میں روایت ہے عمر اور ابن عمر اور رافع بن خدیج سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن رافع نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن بشر نے کہا حدیث کی ہمسے سلام بن ابی عمرہ نے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ کہا محمد بن رافع نے اور حدیث کی ہمسے محمد بن بشر نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن نزار نے نزار سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ **باب حدیث** کی ہمسے ابو ہریرہ یعنے محمد بن فراس بصری نے کہا حدیث کی ہمسے ابو قتیبہ یعنے سلم بن قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو العوام نے قتادہ سے اُسنے مطرف بن عبد اللہ بن شخیر سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے ابن آدم کی تصویر بنائی گئی اس حالت میں کہ اسکے گرد ننانوے مصیبتیں ہیں اگر وہ سبھی مصیبتوں سے بچ جاتا ہے تو بڑھاپے میں گر پڑتا ہے تا کہ مرجاتا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے۔ اور ابو العوام وہ عمران بن قطان ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ قضا کے ساتھ خوش رہنا چاہئے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر نے محمد بن ابی حمید سے اُسنے اسمٰعیل بن محمد بن سعد بن ابی وقاص سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے سعد سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سعادت ابن آدم سے یہ ہے کہ راضی ہو اس چیز کے ساتھ جو اللہ تعالیٰ نے اسکے واسطے مقدر کی ہے۔ اور شقاوت ابن آدم سے ہے ترک کرنا اُسکا اللہ کی پسندیدگی کو۔ اور شقاوت ابن آدم سے ہے یہ کہ غصہ کرے وہ اس چیز کے ساتھ جو اللہ تعالیٰ نے اسکے لئے مقدر کی ہے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق محمد بن ابی حمید سے

ف یعنی تقدیر شامل ہے اسباب اور مسببات اور شرائط اور مشروط سب کو اور اسکے احاطہ سے کوئی چیز خارج نہیں ہوتی یہ سوال بھی اسی سوال کی طرح ہے جو صحابہ نے بعد سماع خبر قضا و قدر کے کیا تھا کہ پھر ہم عمل کیوں کریں آپ نے جواب دیا کہ کرتے جاؤ ہر ایک انسان کے واسطے وہی اعمال آسان ہوتے ہیں جسکے واسطے وہ مخلوق ہوتا ہے ۱۲ ف یہ گروہ مرجیہ اس بات کا قائل ہے کہ تمام افعال اللہ کے تقدیر پر ہیں بندوں کو انہیں کچھ اختیار نہیں ایمان کے ساتھ گناہ کچھ ضرر نہیں دیتے جیسا کہ کفر کے ساتھ طاعت کچھ نفع نہیں دیتی اور قدریہ وہ فرقہ ہے جو قائل ہے کہ افعال بندوں کے انکے اختیار سے پیدا ہوتے ہیں اللہ کی قدرت اور ارادہ سے پیدا نہیں ہوتے۔ چونکہ یہ فرقہ قدر میں بحث کرتا ہے اسلئے اسطرف منسوب ہوا ۱۲ ف مراد اس سے کثرت ہے یا فقط عدد ہی ہو۔ غرض یہ کہ انسان کی خلقت میں تکلیفات رکھی گئی ہیں اسکا بچاؤ اسے ممکن نہیں اگر ایک سے بچے دوسرے میں گرفتار ہو جائیگا اگر بالفرض سب سے بچ گیا تو آخر میں

لا یؤمن عبد حتی یؤمن بالقدر خیرہ وشرہ وحتی یعلم ان ما اصابه لم یکن لیخطیه وان ما اخطاه لم یکن لیصیبه وفی الباب عن عبادۃ وجابر وعبد اللہ بن عمرو هذا حدیث غریب من حدیث جابر لا نعرفه الا من حدیث عبد اللہ بن میمون وعبد اللہ بن میمون منکر الحدیث **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو داود انبانا شعبة عن منصور عن ربعی بن حراش عن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم لا یؤمن عبد حتی یؤمن باربع یشهد ان لا اله الا اللہ وانی رسول اللہ بعثنی بالحق ویؤمن بالموت ویؤمن بالبعث بعد الموت ویؤمن بالقدر **حدثنا** محمود بن غیلان نا النضر بن شمیل عن شعبة نحوه الا انه قال ربعی عن رجل عن علی حدیث ابی داود عن شعبة عندی اصح من حدیث النضر وهکذا روی غیر واحد عن منصور عن ربعی عن علی **حدثنا** الجارود قال سمعت وکیعا یقول بلغنی ان ربعی بن حراش لم یکذب فی الاسلام کذبة **باب** ما جاء ان النفس تموت حیث ما کتب لها **حدثنا** بندار نا مؤمل نا سفیان عن ابی اسحق عن مطر بن عکامس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اذا قضی اللہ لعبد ان یموت بارض جعل له الیها حاجة وفی الباب عن ابی عزۃ هذا حدیث حسن غریب ولا نعرف لمطر بن عکامس عن النبی صلی اللہ علیه وسلم غیر هذا الحدیث **حدثنا** محمود بن غیلان نا مؤمل وابو داود الحفری عن سفیان نحوه **حدثنا** احمد بن منیع وعلی بن حجر المعنی واحد قالا نا اسمعیل بن ابراهیم عن ایوب عن ابی الملیح عن ابی عزۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اذا قضی اللہ لعبد ان یموت بارض جعل له الیها حاجة او قال بها حاجة هذا حدیث صحیح وابو عزۃ له صحبة اسمه یسار بن عبد وابو الملیح بن اسامة اسمه عامر بن اسامة بن عمیر الهذلی **باب** ما جاء لا ترد الرقی والدواء من قدر اللہ شیئا **حدثنا** سعید بن عبد الرحمن المخزومی نا سفیان عن الزهری عن ابن ابی خزامة عن ابیه ان رجلا اتی النبی صلی اللہ علیه وسلم

کوئی بندہ مومن نہیں ہوتا تاکہ ایمان لائے ساتھ تقدیر کے خیر اور شر کے اور تاکہ جان لے کہ جو مصیبت اسکو پہونچی ہے وہ کبھی خطا نہیں کرتی اور جو اس سے خطا کرتا ہے وہ اسکو پہونچنا نہیں ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے عبادہ اور جابر اور عبد اللہ بن عمرو سے۔ یہ حدیث طریق جابر سے حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق عبد اللہ بن میمون سے۔ اور عبد اللہ بن میمون منکر الحدیث ہے۔ **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے منصور سے اُسنے ربعی بن حراش سے اُسنے علی سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی بندہ مومن نہیں ہوتا جبتک کہ چار چیزوں سے ایمان نہ لائے گواہی دے اسکی کہ سوائے اللہ کے کوئی چیز لائق عبادت کے نہیں۔ اور یہ کہ میں اللہ کا رسول ہوں مجھے اللہ نے ساتھ حق کے بھیجا ہے۔ اور ایمان لائے ساتھ موت کے اور ایمان لائے ساتھ اُٹھنے کے بعد موت کے اور ایمان لائے ساتھ تقدیر کے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے نضر بن شمیل نے شعبہ سے مثل اسکے مگر یہ کہ کہا اُسنے ربعی روایت کرتا ہے بواسطہ ایک مرد کے علی سے۔ حدیث ابو داؤد کی جو شعبہ سے ہے وہ میرے نزدیک نضر کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔ اور ایسا ہی روایت کیا ہے کئی ایک نے منصور سے اُسنے ربعی سے اُسنے علی سے۔ **حدیث** کی ہمسے جارود نے کہا سنا میں نے وکیع سے کہتا مجھے خبر پہونچی ہے کہ ربعی بن حراش کبھی اسلام میں جھوٹ نہیں بولا۔ **باب** اس بیان میں کہ ہر ذی روح اُسی جگہ مرتا ہے جہاں اسکے واسطے لکھا گیا ہے **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے مؤمل نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے مطر بن عکامس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے واسطے کسی زمین کی موت لکھتا ہے تو اسکو اُس جگہ کا کوئی کام ڈالدیتا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی عزہ سے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور ہم مطر بن عکامس کی کوئی روایت سوائے اسکے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے نہیں پہچانتے۔ **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے مؤمل اور ابو داؤد حفری نے سفیان سے مثل اسکے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع اور علی بن حجر نے معنے دونوں کے واحد ہیں کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابراہیم نے ایوب سے اُسنے ابی الملیح سے اُسنے ابی عزہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے واسطے کسی جگہ کی موت لکھتا ہے تو اسکو اسطرف کا کوئی کام ڈالتا ہے یا کہا اُسنے اس جگہ میں کوئی کام ڈالتا ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ اور ابو عزہ کی آنحضرت سے صحبت ہے نام اسکا یسار بن عبد ہے اور ابو الملیح بن اسامہ کا نام عامر بن اسامہ بن عمیر ہذلی ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ رقیہ اور دوا تقدیر الٰہی سے کچھ ہٹا نہیں سکتی **حدیث** کی ہمسے سعید بن عبد الرحمن مخزومی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے ابن ابی خزامہ سے اُسنے اپنے باپ سے یہ کہ ایک مرد نبی صلعم کے پاس آیا

عن محمد بن عباد بن جعفر المخزومی عن ابی ہریرۃ قال جاء مشرکو قریش الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخاصمون فی القدر فنزلت ھذہ الآیۃ یوم یسحبون فی النار علی وجوھھم ذوقوا مس سقر انا کل شیء خلقناہ بقدر ھذا حدیث حسن صحیح بسم اللہ الرحمن الرحیم **ابواب** الفتن عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **باب** ماجاء لا یحل دم امرء مسلم الا باحدی ثلث **حدثنا** احمد بن عبدۃ الضبی نا حماد بن زید عن یحیی بن سعید عن ابی امامۃ بن سہل بن حنیف ان عثمان بن عفان اشرف یوم الدار فقال انشدکم باللہ تعلمون ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یحل دم امرء مسلم الا باحدی ثلث زنی بعد احصان او ارتداد بعد اسلام او قتل نفس بغیر حق فقتل بہ فواللہ ما زنیت فی جاھلیۃ ولا فی اسلام ولا ارتددت منذ بایعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا قتلت النفس التی حرم اللہ فبم تقتلونی وفی الباب عن ابن مسعود وعائشۃ وابن عباس ھذا حدیث حسن وروی حماد بن سلمۃ عن یحیی بن سعید ھذا الحدیث ورفعہ وروی یحیی بن سعید القطان وغیر واحد عن یحیی بن سعید ھذا الحدیث فوقفوہ ولم یرفعوہ وقد روی ھذا الحدیث من غیر وجہ عن عثمن عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **باب** ما جاء فی تحریم الدماء والاموال **حدثنا** ھناد نا ابو الاحوص عن شبیب بن غرقدۃ عن سلیمن بن عمرو بن الاحوص عن ابیہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول فی حجۃ الوداع للناس ای یوم ھذا قالوا یوم الحج الاکبر قال فان دماءکم واموالکم واعراضکم بینکم حرام کحرمۃ یومکم ھذا فی بلدکم ھذا الا لا یجنی جان الا علی نفسہ الا لا یجنی جان علی ولدہ ولا مولود علی والدہ الا وان الشیطان قد ایس ان یعبد فی بلادکم ھذہ ابدا ولکن ستکون لہ طاعۃ فیما تحتقرون من اعمالکم فسیرضی بہ وفی الباب عن ابی بکرۃ وابن عباس وجابر وحذیم بن عمرو السعدی

اُسنے محمد بن عباد بن جعفر مخزومی سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے قریش کے مشرک لوگ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس تقدیر میں جھگڑ ہوتے آئے پس یہ آیت نازل ہوئی. یوم یسحبون فی النار الخ یعنے اسدن کہ گھسیٹے جاوینگے بیچ آگ کے اوپر منھوں اپنے کے چکھو لگنا آگ دوزخ کا تحقیق ہمنے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اسکو ساتھ اندازے کے. یہ حدیث حسن صحیح ہے. بسم اللہ الرحمن الرحیم **ابواب** فتنوں کے بیانمین جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہین **باب** اس بیانمین کہ کسی مرد مسلمان کا خون کرنا حلال نہین مگر تین صورت سے **حدیث** کی ہمسے احمد بن عبدہ ضبی نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے یحیی بن سعید سے اُسنے ابی امامہ بن سہل بن حنیف سے یہ کہ حضرت عثمان بن عفان نے اُسدن کہ گھر میں محبوس تھے لوگو نپر جھانکا اور فرمایا مین تمکو اللہ کی قسم دیتا ہون کیا تم جانتے ہو کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کسی مرد مسلمان کا خون حلال نہین مگر تین صورت سے وہ جو بعد نکاح کے زنا کرے یا بعد مسلمان ہونے کے مرتد ہو جاوے یا ناحق کسی جان کے قتل کرنے کی وجہ سے قتل کیا جاوے. پس قسم ہے اللہ کی مین نے زنا نہین کیا نہ جاہلیت مین اور نہ اسلام مین اور نہ مرتد ہوا ہون اُسوقت سے کہ مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی ہے اور نہ مین نے اُس جان کو قتل کیا ہے کہ جسکو اللہ تعالی نے حرام کیا ہے سو تم مجھے پھر کیون قتل کرتے ہو. اور اس باب مین روایت ہے ابن مسعود اور عائشہ اور ابن عباس سے. یہ حدیث حسن ہے. اور روایت کیا ہے حماد بن سلمہ نے یحیی بن سعید سے اس حدیث کو اور اسکو مرفوع کیا ہے. اور روایت کیا ہے یحیی بن سعید قطان وغیرہ نے یحیی بن سعید سے اس حدیث کو اور اسکو موقوف کیا ہے مرفوع نہین کیا. اور یہ حدیث کئی وجہ سے بواسطہ حضرت عثمان کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے **باب** بیانمین حرمت خونون اور مالون کے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے شبیب بن غرقدہ سے اُسنے سلیمان بن عمرو بن احوص سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے سنا مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ حجۃ الوداع مین لوگون سے فرماتے تھے یہ کونسا دن ہے کہا لوگون نے یہ حج اکبر کا دن ہے فرمایا آپ نے سو تمہارے خون اور تمہارے مال اور تمہاری عزتین آپسمین حرام ہین مثل حرمت تمہاری اسدن کے تمہارے اس شہر مین خبردار کوئی گناہ کرنیوالا گناہ نہین کرتا مگر اپنی جان پر[1] اور نہین گناہ کرتا گناہ کرنیوالا اپنی اولاد پر اور نہ اولاد اپنے باپ پر ہے خبردار بیشک شیطان ناامید ہوا ہے اس سے کہ تمہارے اس شہر مین اسکی کبھی پرستش کیجاوے لیکن اسکی اطاعت اُن کامون مین ہوگی کہ جنکو تم حقیر جانتے ہو سو وہ اس سے ہی راضی ہوگا. اور اس باب مین روایت ہے ابی بکرہ اور ابن عباس اور جابر اور حذیم بن عمرو سعدی سے

[1] حج اکبر یوم نحر کو کہتے ہین جسمین زیادہ قربانی ہوتی ہے اور چونکہ عمرہ کو اصغر بولتے ہین اسلئے حج کو اکبر سے تعبیر کرتے ہین قولہ اپنی جان پر یعنے ایک کے گناہ کا وبال دوسرے پر نہین پڑتا جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے ولا تزر وازرۃ وزر اخری قولہ شیطان ناامید ہوا ہے یعنے شیطان ناامید ہوا ہے اس سے کہ کسی مؤمن کو بتون کی عبادت مین پھنسائے یا یہ معنے ہین کہ نمازی لوگ میری امت کے علانیہ پرستش شیطان کی جو بتون کا کام نہ کرینگے جیسا کہ

ويقال له ايضا حماد بن ابي حميد وهو ابو ابراهيم المدني وليس هو بالقوي عند اهل الحديث **باب حدثنا** محمد بن بشار
نا ابو عاصم نا حيوة بن شريح اخبرني ابو صخر ثني نافع ان ابن عمر جاءه رجل فقال ان فلانا يقرأ عليك السلام فقال انه بلغني انه
قد احدث فان كان قد احدث فلا تقرئه مني السلام فاني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول في هذه الامة
او في امتي الشك منه خسف او مسخ او قذف في اهل القدر هذا حديث حسن صحيح غريب وابو صخر اسمه حميد بن زياد **حدثنا**
يحيى بن موسى نا ابو داؤد الطيالسي نا عبد الواحد بن سليم قال قدمت مكة فلقيت عطاء بن ابي رباح فقلت له يا ابا محمد ان
اهل البصرة يقولون في القدر قال يا بني اتقرأ القرآن قلت نعم قال فاقرأ الزخرف قال فقرأت حم والكتاب المبين انا جعلناه قرآنا
عربيا لعلكم تعقلون وانه في ام الكتاب لدينا لعلي حكيم قال اتدري ما ام الكتاب قلت الله ورسوله اعلم قال فانه كتاب كتبه الله
قبل ان يخلق السماء وقبل ان يخلق الارض فيه ان فرعون من اهل النار وفيه تبت يدا ابي لهب وتب قال عطاء فلقيت الوليد
بن عبادة بن الصامت صاحب رسول الله صلى الله عليه وسلم فسألته ما كانت وصية ابيك عند الموت قال دعاني فقال يا بني اتق الله
واعلم انك لن تتقي الله حتى تؤمن بالله وتؤمن بالقدر كله خيره وشره فان مت على غير هذا دخلت النار اني سمعت رسول الله صلى
الله عليه وسلم يقول ان اول ما خلق الله القلم فقال اكتب قال ما اكتب قال اكتب القدر ما كان وما هو كائن الى الابد هذا حديث
غريب **حدثنا** ابراهيم بن عبد الله بن المنذر الصنعاني نا عبد الله بن يزيد المقرئ نا حيوة بن شريح ثنا ابو هاني الخولاني انه سمع
ابا عبد الرحمن الحبلي يقول سمعت عبد الله بن عمرو يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول قدر الله المقادير قبل ان يخلق السموات
والارض بخمسين الف سنة هذا حديث حسن صحيح غريب **حدثنا** محمد بن العلاء ومحمد بن بشار قالا نا وكيع عن سفيان الثوري عن زياد بن اسمعيل

اور اسکو حماد بن ابی حمید بھی کہا جاتا ہے۔ اور یہ ابراہیم مدینی کا باپ ہے اور یہ محدثین کے نزدیک قوی نہیں **باب حدیث** کی ہمسے
محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عاصم نے کہا حدیث کی ہمسے حیوہ بن شریح نے کہا خبر دی مجھے ابو صخر نے کہا حدیث کی مجھے
نافع نے کہ ابن عمر کے پاس ایک مرد آیا اور کہنے لگا کہ فلاں شخص آپکو سلام کہتا ہے۔ سو اسکو ابن عمر نے کہا مجھے خبر پہونچی ہے کہ اُسنے دین میں
نئی باتیں نکالی ہیں یعنے بدعتیں سو اگر اُسنے نئی باتیں نکالی ہیں تو میرا سلام اسکو نہ کہنا کیونکہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے
کہ فرماتے اس امت میں یا میری امت میں (شک راوی) خسف اور مسخ یا قذف اہل قدر میں ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ اور ابو صخر کا
نام حمید بن زیاد ہے **حدیث** کی ہمسے یحیی بن موسیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد طیالسی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الواحد بن سلیم نے
کہا اُسنے میں مکہ میں آیا اور عطاء بن ابی رباح سے ملاقات کی سو میں نے اُس سے کہا اے ابا محمد (کنیت عطاء کی ہے) بصرے کے لوگ تقدیر میں
کچھ باتیں کرتے ہیں کہا اُسنے اے بیٹے کیا تو قرآن پڑھ سکتا ہے میں نے کہا ہاں کہا اُسنے سورہ زخرف پڑھ کہا اُسنے سو میں نے حم والکتاب
المبین سے شروع کیا کے لعلی حکیم تک پڑھا یعنے قسم ہے کتاب بیان کرنیوالے کی تحقیق کیا ہمنے اسکو قرآن عربی تو کہ تم سمجھو اور تحقیق وہ بیچ لوح محفوظ
کے نزدیک ہمارے بلند قدر حکمت بھری ہے کہا عطاء نے کیا تو جانتا ہے کہ ام الکتاب کیا چیز ہے میں نے کہا اللہ اور اُسکا رسول بہتر جانتا ہے کہا اُسنے
وہ ایسی کتاب ہے کہ اُسکو اللہ تعالیٰ نے آسمان کے پیدا کرنے اور زمین کے پیدا کرنے سے پہلے لکھ رکھا ہے اسمیں یہ بھی ہے کہ فرعون اہل نار سے ہے اور
اسمیں یہ بھی ہے تبت یدا ابی لہب وتب۔ کہا عطاء نے پھر میں ولید بن عبادہ بن صامت سے جو صاحب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہیں ملا اور
اُن سے پوچھا کہ تمہارے باپ کی وصیت موت کے وقت کیا تھی کہا اُسنے اسنے میرے بیٹے اللہ سے ڈر اور جان کہ اللہ سے ڈرنا یہ ہے کہ اللہ کے ساتھ ایمان
لائے اور تقدیر تمام کو اچھی اور بُری کو مانے سو اگر تو غیر اس حالت پر مریگا تو آگ میں داخل ہوگا کیونکہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے
سنا ہے کہ فرماتے تھے کہ پہلے سب سے اللہ تعالیٰ نے قلم کو پیدا کیا پس اس سے کہا لکھ کہا اُسنے میں کیا لکھوں فرمایا اللہ نے قدر کو لکھ جو ہو چکی ہے اور جو
ابد الآباد تک ہونیوالی ہے۔ یہ حدیث غریب ہے **حدیث** کی ہمسے ابراہیم بن عبد اللہ بن منذر صنعانی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن یزید مقری
نے کہا حدیث کی ہمسے حیوہ بن شریح نے کہا حدیث کی مجھے ابو ہانی خولانی نے یہ کہ سنا اُسنے ابا عبد الرحمن حبلی سے کہ کہتا سنا میں نے عبد اللہ بن عمرو
سے کہ کہتا سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے اللہ تعالیٰ نے تقدیر کو آسمان اور زمینوں کے پیدا کرنے سے پہلے پچاس ہزار برس پیدا کیا ہے
یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن علاء اور محمد بن بشار نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان ثوری سے اُسنے زیاد بن اسمعیل

عن ابیه عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال من صلی الصبح فهو فی ذمة الله فلا یتبعنکم الله بشیئ من ذمته وفی الباب عن جندب وابن عمر هذا حدیث حسن غریب من هذا الوجه **باب** فی لزوم الجماعة **حدثنا** احمد بن منیع نا النضر بن اسمٰعیل ابو المغیرة عن محمد بن سوقة عن عبد الله بن دینار عن ابن عمر قال خطبنا عمر بالجابیة فقال یا ایها الناس انی قمت فیکم کمقام رسول الله صلی الله علیه وسلم فینا فقال اوصیکم باصحابی ثم الذین یلونهم ثم الذین یلونهم ثم یفشو الکذب حتی یحلف الرجل ولا یستحلف ویشهد الشاهد ولا یستشهد الا لا یخلون رجل بامرأة الا کان ثالثهما الشیطان علیکم بالجماعة وایاکم والفرقة فان الشیطان مع الواحد وهو من الاثنین ابعد من اراد بحبوحة الجنة فلیلزم الجماعة من سرته حسنته وساءته سیئته فذلکم المؤمن هذا حدیث حسن صحیح غریب من هذا الوجه وقد رواه ابن المبارک عن محمد بن سوقة وقد روی هذا الحدیث من غیر وجه عن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم **حدثنا** ابوبکر بن نافع البصری ثنا المعتمر بن سلیمٰن ثنا سلیمٰن المدینی عن عبد الله بن دینار عن ابن عمر ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ان الله لا یجمع امتی او قال امة محمد علی ضلالة وید الله علی الجماعة ومن شذ شذ الی النار هذا حدیث غریب من هذا الوجه وسلیمٰن المدینی هو عندی سلیمٰن بن سفیان وفی الباب عن ابن عباس **حدثنا** یحیی بن موسی ثنا عبد الرزاق نا ابراهیم بن میمون عن ابن طاؤس عن ابیه عن ابن عباس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ید الله مع الجماعة هذا حدیث غریب لا نعرفه من حدیث ابن عباس الا من هذا الوجه **باب** ما جاء فی نزول العذاب اذا لم یغیر المنکر **حدثنا** احمد بن منیع نا یزید بن هارون نا اسمٰعیل بن ابی خالد عن قیس بن ابی حازم عن ابی بکر الصدیق انه قال یا ایها الناس

اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جسنے صبح کی نماز پڑھی تو وہ اللہ کی پناہ میں ہے سو تمکو اللہ تعالیٰ ساتھ کسی چیز کے اسکے ذمے میں پیچھے نہ لگائے۔ یعنے اسکو ایذا نہ دو۔ اور اس باب میں روایت ہے جندب اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ حدیث اس وجہ سے حسن غریب ہے۔ **باب** جماعت کے لازم پکڑنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے نضر بن اسمٰعیل یعنے ابو المغیرہ نے محمد بن سوقہ سے اُسنے عبد اللہ بن دینار سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے حضرت عمر نے جابیہ (موضع ہے شام میں) ہمکو خطبہ سنایا اور کہا اے لوگو میں تم میں کھڑا ہوں جیسا کہ آنحضرت ہم میں کھڑے تھے سو آپ نے فرمایا میں تمکو اپنے صحابہ کے حق میں وصیت کرتا ہوں پھر اُن لوگوں کے حق میں جو اُنکو ملینگے پھر اُن لوگونکے حق میں جو اُنکو ملینگے پھر جھوٹ پھیل جائیگا حتے کہ خود بخود مرد قسم کھائیگا اور اس سے قسم کی خواہش نہ کیجائیگی اور شاہد گواہی دیگا اور اس سے گواہی کی خواہش نہ کیجائیگی۔ خبردار کوئی مرد ساتھ کسی عورت کے اکیلا نہیں ہوتا مگر تیسرا اُن دونوں کا شیطان ہوتا ہے تم جماعت کو لازم پکڑ رہو یعنے بہت لوگونکے پیچھے چلو اور اکیلا ہونے سے بچو کیونکہ شیطان اکیلے کے ساتھ ہوتا ہے اور وہ دو آدمیوں سے بہت دور ہوتا ہے جو کوئی وسط جنت کا ارادہ کرتا ہے تو چاہیے کہ جماعت کو لازم پکڑے جس شخص کو اپنی نیکی اچھی معلوم ہو اور برائی بری معلوم ہو تو وہ مومن ہے یہ حدیث اس وجہ سے حسن صحیح غریب ہے۔ اور روایت کیا اسکو ابن مبارک نے محمد بن سوقہ سے۔ اور یہ حدیث کئی وجہ سے بواسطہ حضرت عمر کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے **حدیث** کی ہمسے ابوبکر بن نافع بصری نے کہا حدیث کی ہمسے معتمر بن سلیمان نے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان مدینی نے عبد اللہ بن دینار سے اُسنے ابن عمر سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ میری امت کو یا فرمایا امت محمد کو (شک راوی) گمراہی پر جمع نہیں کرتا اور ہاتھ اللہ کا جماعت پر ہے۔ اور جو کوئی اکیلا ہوا وہ آگ میں داخل ہوا۔ یہ حدیث اس وجہ سے غریب ہے۔ اور سلیمان مدینی وہ میرے نزدیک سلیمان بن سفیان ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عباس سے **حدیث** کی ہمسے یحیی بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے ابراہیم بن میمون نے ابن طاؤس سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ اللہ تعالیٰ کا ساتھ جماعت کے ہے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو طریق ابن عباس سے مگر اسی وجہ سے **باب** اس بیان میں کہ عذاب الٰہی نازل ہوتا ہے جب بُری باتوں سے منع نہ کیا جاوے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابی خالد نے قیس بن ابی حازم سے اُسنے ابی بکر صدیق سے یہ کہ فرمایا آپنے اے لوگو

ف مراد اس سے یہ ہے کہ اُن لوگونکو قسم اور شہادت پر بہت حرص ہوگی اس سبب سے کہ انکو دین کی پرواہ نہ ہوگی یا مراد اس سے کثرت شہادت زور ہے یعنے وہ لوگ جھوٹی شہادت اور جھوٹی قسم بہت کثرت سے کیا کرینگے۔ اور حدیث میں جو آیا ہے بہتر شاہد وہ ہے کہ شاہد بنانے سے پہلے شہادت دے یہ اس شخص کے لیے ہے کہ جسکا کوئی شاہد اسکو معلوم نہ ہوا اور وہ حق پر ہو اور اسکو اس مقدمہ کی حقیقت معلوم ہو تو اسکو جائز ہے کہ کہدے کہ میں تیرا شاہد ہوں اسکو کچھ حرج نہیں۔ ۱۲

هذا حديث حسن صحيح وروى زائدة عن شبيب بن غرقدة نحوه ولا نعرفه الا من حديث شبيب بن غرقدة **باب** ما جاء لا يحل لمسلم ان يروع مسلما **حدثنا** بندار نا يحيى بن سعيد نا ابن ابي ذئب نا عبد الله بن السائب بن يزيد عن ابيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ياخذ احدكم عصا اخيه لاعبا جادا فمن اخذ عصا اخيه فليردها اليه وفي الباب عن ابن عمر وسليمان بن صرد وجعدة وابي هريرة هذا حديث حسن غريب ولا نعرفه الا من حديث ابن ابي ذئب والسائب بن يزيد له صحبة قد سمع من النبي صلى الله عليه وسلم وهو غلام وقبض النبي صلى الله عليه وسلم والسائب ابن سبع سنين وابوه يزيد بن السائب هو من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وقد روى عن النبي صلى الله عليه وسلم احاديث **باب** ما جاء في اشارة الرجل على اخيه بالسلاح **حدثنا** عبد الله بن الصباح الهاشمي نا محبوب بن الحسن نا خالد الحذاء عن محمد بن سيرين عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من اشار على اخيه بحديدة لعنته الملائكة وفي الباب عن ابي بكرة وعائشة وجابر هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه يستغرب من حديث خالد الحذاء وروى ايوب عن محمد بن سيرين عن ابي هريرة نحوه ولم يرفعه وزاد فيه وان كان اخاه لابيه وامه **حدثنا** بذلك قتيبة نا حماد بن زيد عن ايوب بهذا **باب** النهي عن تعاطي السيف مسلولا **حدثنا** عبد الله بن معاوية الجمحي البصري نا حماد بن سلمة عن ابي الزبير عن جابر قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يتعاطى السيف مسلولا وفي الباب عن ابي بكرة هذا حديث حسن غريب من حديث حماد بن سلمة وروى ابن لهيعة هذا الحديث عن ابي الزبير عن جابر عن بنة الجهني عن النبي صلى الله عليه وسلم وحديث حماد بن سلمة عندي اصح **باب** من صلى الصبح فهو في ذمة الله عز وجل **حدثنا** بندار نا معدي بن سليمان نا ابن عجلان

یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور روایت کیا ہے زائدہ نے بواسطہ شبیب بن غرقدہ کے مثل اسکے۔ اور نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق شبیب بن غرقدہ سے۔ **باب** اس بیان میں کہ کسی مسلمان کو حلال نہیں کہ دوسرے مسلمان کو تکلیف پہونچائے **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی ذئب نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن سائب بن یزید نے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے چاہئے کہ کوئی شخص تم میں سے اپنے بھائی کی لاٹھی بطور کھیل کے نہ پکڑے[1] کہ اُسپر مضبوط ہو جائے سو جو کوئی کسی کی لاٹھی پکڑے تو چاہئے کہ اسکو دیدے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور سلیمان بن صرد اور جعدہ اور ابی ہریرہ سے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق ابن ابی ذئب سے اور سائب بن یزید کی آنحضرت سے صحبت ہے اُسنے آنحضرت سے بچپن کی حالت میں سنا ہے آنحضرت فوت ہوئے اس حالت میں کہ سائب سات برس کا تھا اور ابو یزید بن سائب وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے ہے اُسنے آنحضرت سے کئی حدیثیں روایت کی ہیں۔ **باب** بیان میں اشارہ کرنے ایک مرد کے دوسرے بھائی پر ساتھ ہتھیار کے۔ **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن صباح ہاشمی نے کہا حدیث کی ہمسے محبوب بن حسن نے کہا حدیث کی ہمسے خالد حذاء نے محمد بن سیرین سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جو کوئی اپنے بھائی پر ساتھ ہتھیار کے اشارہ کرے اُسپر فرشتے لعنت کرتے ہیں[2]۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی بکرہ اور عائشہ اور جابر سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث اس وجہ سے حسن صحیح غریب ہے غرابت اسکی بوجہ خالد حذاء کے ہے۔ اور روایت کیا ہے ایوب نے بواسطہ محمد بن سیرین کے ابی ہریرہ سے مثل اسکے۔ اور اسکو مرفوع نہیں کیا اور اُسنے اسمیں یہ زیادتی کی ہے اگرچہ بھائی اسکا حقیقی ہو **حدیث** کی ہمسے ساتھ اسکے شبیب نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ایوب سے ساتھ اسکے۔ **باب** اس بیان میں کہ تلوار کا ننگا ہاتھ میں پکڑنا منع ہے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن معاویہ جمحی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے اس سے کہ تلوار ننگی کرکے ہاتھ میں پکڑی جاوے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی بکرہ سے۔ یہ حدیث بوجہ حماد بن سلمہ کے حسن غریب ہے۔ اور روایت کیا ہے ابن لہیعہ نے اس حدیث کو ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے اُسنے بنہ جہنی سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ اور حدیث حماد بن سلمہ کی نزدیک میرے بہت صحیح ہے **باب** جسنے صبح کی نماز پڑھی تو وہ اللہ کی پناہ میں ہے **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے معدی بن سلیمان نے کہا حدیث کی ہمسے ابن عجلان نے

[1] آنحضرت نے فرمایا ہے کہ کسی آدمی کو لائق نہیں کہ دوسرے بھائی کی لاٹھی (مراد اس سے ادنی چیز ہے) ہنسی کے طور پر اس سے چھین لے پھر اسکو دے ہی نہیں اس سے دوسرے آدمی کو تکلیف پہونچتی ہے اگر کسی نے یہ کام کیا ہو تو چاہئے کہ اسکو دیدے۔

[2] مطابقت اسکی باب سے ظاہر ہے۔ اسلئے یعنے بھائی حقیقی پر بھی ہتھیار کھڑا کرنے سے لعنت واقع ہوتی ہے وجہ اسکی صحیحین میں مروی ہے کہ وہ نہیں جانتا کہ شاید شیطان اسکے ہاتھ سے چھڑا دے اور اسکو لگ جائے کہ اسکے

قال اول من قدم الخطبة قبل الصلوٰة مروان فقام رجل فقال لمروان خالفت السنة فقال یا فلان ترك ما هنالك فقال ابو سعید اما هذا فقد قضى ما عليه سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من راى منكرا فلينكره بيده ومن لم يستطع فبلسانه ومن لم يستطع فبقلبه وذلك اضعف الايمان هذا حديث حسن صحيح **باب حدثنا** احمد بن منيع نا ابو معوية عن الاعمش عن الشعبي عن النعمان بن بشير قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم مثل القائم على حدود الله والمدهن فيها كمثل قوم استهموا على سفينة في البحر فاصاب بعضهم اعلاها واصاب بعضهم اسفلها فكان الذين في اسفلها يصعدون فيستقون الماء فيصبون على الذين في اعلاها فقال الذين في اعلاها لا ندعكم تصعدون فتؤذوننا فقال الذين في اسفلها فانا ننقبها في اسفلها فنستقي فان اخذوا على ايديهم فمنعوهم نجوا جميعا وان تركوهم غرقوا جميعا هذا حديث حسن صحيح **باب** افضل الجهاد كلمة عدل عند سلطان جائر **حدثنا** القاسم بن دينار الكوفي نا عبد الرحمن بن مصعب ابو يزيد نا اسرائيل عن محمد بن جحادة عن عطية عن ابي سعيد الخدري ان النبي صلى الله عليه وسلم قال ان من اعظم الجهاد كلمة عدل عند سلطان جائر وفي الباب عن ابي امامة هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه **باب** سؤال النبي صلى الله عليه وسلم ثلاثا في امته **حدثنا** محمد بن بشار نا وهب بن جرير نا ابي قال سمعت النعمان بن راشد عن الزهري عن عبد الله بن الحارث عن عبد الله بن خباب بن الارت عن ابيه قال صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم

کہا اُسنے سب سے پہلے مروان نے قبل نماز عید کے خطبہ پڑھا سو ایک مرد کھڑا ہوا اور مروان سے کہنے لگا آپ نے تو سنت کے خلاف کیا ہے پس کہا اُسنے اے فلان اسوقت کی بات وہاں ہے ترک کی گئی ہے یعنے وہ حکم اب نہیں رہا یہ کہ اب جو ہوا سو ہوا آگے نہ کرونگا پھر کہا ابو سعید نے بہرحال اس شخص نے کہ جو اسپر حکم تھا ادا کر دیا ہے مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ فرماتے جو کوئی کسی بری بات خلاف شرع کو دیکھے تو چاہیے کہ اسکو اپنے ہاتھ سے بگاڑ دے اور جو ہاتھ سے بگاڑنے کی طاقت نہ رکھتا ہو تو زبان سے اسکی برائی لوگون کے روبرو بیان کرے اور جو زبان سے بھی نہ کر سکے تو اسکو دل سے برا جانے اور دل سے برا جاننا بہت بودا ایمان ہے یعنے خلاف شرع کام کو اگر دل سے برا بھی نہ جانے تو ایمان کچھ ایمان بھی نہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے شعبی سے اُسنے نعمان بن بشیر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکی مثال جو خدا کی حدود پر کھڑا ہے یعنے گناہ نہیں کرتا اور اسکی جو اُنمین سستی کرتا ہے یعنے گناہ ہوتے دیکھتا ہے اس قوم کے مثل ہے جنھون نے قرعہ ڈال کے جہاز مین اپنا اپنا مکان ٹھہرایا سو بعضون نے اسکے اوپر کا مکان پایا اور بعضون نے نیچے کا مکان پایا سو جو لوگ کہ تلے رہے اوپر چڑھتے تھے اور پانی چاہتے تھے اور اوپر والونپر پانی گراتے تھے یعنے جب وہ اوپر سے پانی لیتے تھے تو اُنپر گرتا تھا تو پھر اوپر والون نے کہا ہم تمکو چھوڑتے نہیں تم اوپر چڑھتے ہو اور ہمکو ایذا پہنچاتے ہو پھر نیچے والون نے کہا ہم جہاز کو نیچے سے پھاڑ لیتے ہین اور پانی لیتے ہین سو اگر وہ اوپر والے انکے ہاتھونکو پکڑ لین اور انکو سوراخ کرنے سے منع کرین تو سب نجات پا جاینگے اور اگر انکو چھوڑ دینگے یعنے انکو منع نہ کرینگے تو سب کے سب غرق ہونگے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** ظالم بادشاہ کے روبرو حق بات کہنی افضل جہاد ہے **حدیث** کی ہمسے قاسم بن دینار کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مصعب یعنے ابو یزید نے کہا حدیث کی ہمسے اسرائیل نے محمد بن جحادہ سے اُسنے عطیہ سے اُسنے ابی سعید خدری سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے اعلیٰ جہاد ظالم بادشاہ کے روبرو حق بات کہنی ہے اور اس باب مین روایت ہے ابی امامہ سے یہ حدیث اس طریق سے حسن غریب ہے **باب** اس بیان مین کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کے واسطے تین سوال کئے ہین **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے وہب بن جریر نے کہا میرے باپ نے کہا سنا مین نے نعمان بن راشد سے اُسنے روایت کی زہری سے اُسنے عبد اللہ بن حارث سے اُسنے عبد اللہ بن خباب بن ارت سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک نماز پڑھی

ف ہر ایک انسان پر یہی حکم ہے کہ دوسرے آدمی کو جو برا کام کرتا ہو حسب المقدور اسکو اس سے منع کرے خواہ ہاتھ سے خواہ زبان سے خواہ دل سے سو اسنے تو اسکو اس کام سے جو کہ خلاف شرع تھا منع کر دیا ہے اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ سب مسلمانونپر بقدر قدرت فرض ہے کہ خلاف شرع باتونسے لوگونکو منع کرین بعض علماء نے کہا ہے کہ ہاتھ سے روکنا حاکمون کا کام ہے اور زبان سے عالمون کا اور دل سے عوام خلقت کا واللہ اعلم یعنے جو لوگ کہ ایک شہر یا ایک گھر مین رہتی ہون بعضے اُنمین سے گناہ ہون اور خلاف شرع کامونسے بچتے ہون اور بعضے بدکامونمین مشغول ہون اور متقی لوگ باوجود قدرت کے گنہگارونکو بدکامونسے منع نہ کرین تو آخرت کے عذاب مین دونون شریک ہین جیسا کہ فرمایا ہے واتقوا فتنۃ لا تصیبن الذین ظلموا منکم خاصۃ یعنے ڈرو اس فتنے سے جو صرف تمھارے ظالمونکو ہی نہین پہونچیگا بلکہ بسبب تمھاری سستی کے سبکو پہونچیگا اور اگر دنیا مین عذاب آویگا تو سب برباد ہونگے خواہ متقی لوگ بدکامونسے راضی ہون یا ناراض جیسے کہ کشتی اگر ہم اکثر

إنكم تقرؤن هذه الآية يا أيها الذين آمنوا عليكم أنفسكم لا يضركم من ضل إذا اهتديتم وإني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إن الناس إذا رأوا الظالم فلم يأخذوا على يديه أوشك أن يعمهم الله بعقاب منه **حدثنا** محمد بن بشار نا يزيد بن هارون عن إسمعيل بن أبي خالد نحوه وفي الباب عن عائشة وأم سلمة والنعمان بن بشير وعبد الله بن عمر وحذيفة هكذا روى غير واحد عن إسمعيل نحو حديث يزيد ورفعه بعضهم عن إسمعيل ووقفه بعضهم

باب ما جاء في الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر **حدثنا** قتيبة نا عبد العزيز بن محمد عن عمرو بن أبي عمرو عن عبد الله الأنصاري عن حذيفة بن اليمان عن النبي صلى الله عليه وسلم قال والذي نفسي بيده لتأمرن بالمعروف ولتنهون عن المنكر أو ليوشكن الله أن يبعث عليكم عقابا منه ثم تدعونه فلا يستجيب لكم **حدثنا** علي بن حجر نا إسمعيل بن جعفر عن عمرو بن أبي عمرو بهذا الإسناد نحوه هذا حديث حسن **حدثنا** قتيبة نا عبد العزيز بن محمد عن عمرو بن أبي عمرو عن عبد الله بن عبد الرحمن الأنصاري الأشهلي عن حذيفة بن اليمان أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال والذي نفسي بيده لا تقوم الساعة حتى تقتلوا إمامكم وتجتلدوا بأسيافكم ويرث دنياكم شراركم هذا حديث حسن **حدثنا** نصر بن علي نا سفيان عن محمد بن سوقة عن نافع بن جبير عن أم سلمة عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه ذكر الجيش الذي يخسف بهم فقالت أم سلمة لعل فيهم المكره قال إنهم يبعثون على نياتهم هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه وقد روى هذا الحديث عن نافع بن جبير عن عائشة أيضا عن النبي صلى الله عليه وسلم

باب ما جاء في تغيير المنكر باليد أو باللسان أو بالقلب **حدثنا** بندار نا عبد الرحمن بن مهدي نا سفيان عن قيس بن مسلم عن طارق بن شهاب

تم ہدایت پر رہو۔ یعنی پڑھتے ہو یا ایہا الذین آمنوا علیکم انفسکم لا یضرکم من ضل اذا اہتدیتم یعنے اے ایمان والو لازم پکڑو تم اپنی جانوں کو نہ ضرر دیگا تم کو وہ شخص جو گمراہ ہوا جب تم ہدایت یاب ہوگئے اور میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ یہ فرماتے تھے بیشک جب لوگ کسی ظالم کو دیکھیں اور اسکے ہاتھ کو نہ پکڑیں یعنے اسکو ظلم سے منع نہ کریں تو امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ڈھانپ لیگا انکو ساتھ عذاب کے اس سے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے اسمٰعیل بن ابی خالد سے مثل اسکے۔ اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور ام سلمہ اور نعمان بن بشیر اور عبد اللہ بن عمر اور حذیفہ سے رضی اللہ عنہم۔ ایسا ہی روایت کیا ہے کئی ایک نے اسمٰعیل سے مثل حدیث یزید کے۔ اور مرفوع کیا ہے بعض نے اسمٰعیل سے اور موقوف کیا بعض نے۔

باب اس بیان میں کہ نیکی کا امر کرنا چاہیے اور بری باتوں سے منع کرنا چاہیے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے عمرو بن ابی عمرو سے اسنے عبد اللہ انصاری سے اسنے حذیفہ بن یمان سے اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے قسم ہے اس ذات کی کہ جسکے ہاتھ میں میری جان ہے البتہ تم نیکی کا امر کرو اور برے کاموں سے باز رکھو یا امید ہے کہ اللہ تعالیٰ تم پر اپنے پاس سے عذاب بھیجے کہ پھر تم اسکو پکاروگے تو پھر تمکو جواب نہیں دیگا۔ **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن جعفر نے عمرو بن ابی عمرو سے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے عمرو بن ابی عمرو سے اسنے عبد اللہ بن عبد الرحمن انصاری اشہلی سے اسنے حذیفہ بن یمان سے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اس ذات کی کہ جسکے ہاتھ میں میری جان ہے نہ قائم ہوگی قیامت یہانتک کہ تم اپنے امام کو قتل کرو اور اپنی تلواروں سے لڑو اور تمہارے ملک اور مال کے تمہارے شریر وارث ہوجائیں۔ یہ حدیث حسن ہے۔ **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے محمد بن سوقہ سے اسنے نافع بن جبیر سے اسنے ام سلمہ سے اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے اس لشکر کا ذکر کیا کہ جو زمین میں خسف کیا جاویگا پس کہا ام سلمہ نے شاید انمیں وہ بھی ہونگے جو مکرہ ہیں یعنے جو جبر سے خسف ہوگئے حقیقت میں وہ اسکے لائق نہ تھے فرمایا آپ نے وہ اپنی نیتوں پر اٹھائے جاوینگے۔ یہ حدیث اس وجہ سے حسن غریب ہے اور نیز یہ حدیث نافع بن جبیر سے بواسطہ عائشہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے۔

باب اس بیان میں کہ برے کام کو ہاتھ یا زبان یا دل سے منع کرنا چاہیے **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے قیس بن مسلم سے اسنے طارق بن شہاب

[illegible]

فی النار اللسان فیہا اشد من السیف ھذا حدیث غریب سمعت محمد بن اسمعیل یقول لا نعرف لزیاد بن سیمین کوش غیر ھذا الحدیث ورواہ حماد بن سلمۃ عن لیث فرفعہ ورواہ حماد بن زید عن لیث فوقفہ **باب** ما جاء فی رفع الامانۃ **حدثنا** ھناد نا ابو معٰویۃ عن الاعمش عن زید بن وھب عن حذیفۃ قال ثنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حدیثین قد رایت احدھما وانا انتظر الاخر حدثنا ان الامانۃ نزلت فی جذر قلوب الرجال ثم نزل القراٰن فعلموا من القراٰن وعلموا من السنۃ ثم حدثنا عن رفع الامانۃ فقال ینام الرجل النومۃ فتقبض الامانۃ من قلبہ فیظل اثرھا مثل الوکت ثم ینام نومۃ فتقبض الامانۃ فیظل اثرھا مثل اثر المجل کجمر دحرجتہ علی رجلک فنفطت فتراہ منتبرا ولیس فیہ شئ ثم اخذ حصاۃ فدحرجھا علی رجلہ قال فیصبح الناس یتبایعون لا یکاد احد یؤدی الامانۃ حتی یقال ان فی بنی فلان رجلا امینا وحتی یقال للرجل ما اجلدہ واظرفہ واعقلہ وما فی قلبہ مثقال حبۃ من خردل من ایمان قال ولقد اتی علی زمان وما ابالی ایکم بایعت فیہ لان کان مسلما لیردنہ علی دینہ ولئن کان یھودیا او نصرانیا لیردنہ علی ساعیہ فاما الیوم فما کنت ابایع منکم الا فلانا وفلانا ھذا حدیث حسن صحیح **باب** لترکبن سنن من کان قبلکم **حدثنا** سعید بن عبد الرحمٰن المخزومی نا سفیان عن الزھری عن سنان بن ابی سنان عن ابی واقد اللیثی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما خرج الی حنین مر بشجرۃ للمشرکین یقال لھا ذات انواط یعلقون علیھا اسلحتھم قالوا یا رسول اللہ

آگ میں جائینگے[1] زبان اسمیں سخت ہو تلوار سے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ سنا میں نے محمد بن اسمٰعیل سے کہ کہتے تھے ہم زیاد بن سیمین گوش کی کوئی حدیث سوائے اسکے نہیں پہچانتے۔ اور روایت کیا ہے اسکو حماد بن سلمہ نے لیث سے تو اسکو مرفوع کیا اور روایت کیا ہے اسکو حماد بن زید نے لیث سے تو اسکو موقوف رکھا۔ **باب** امانت کے اُٹھائے جانیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے زید بن وہب سے اُسنے حذیفہ سے کہا اُسنے ہمسے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دو حدیثیں بیان کی ہیں میں ایک تو ان دونوں میں سے دیکھ چکا ہوں اور دوسرے کی انتظاری کرتا ہوں ہمکو آنحضرت نے حدیث سنائی ہے کہ امانت[2] آدمیوں کے اسطہ دلوں میں نازل ہوئی ہے پھر قرآن نازل ہوا تو انھوں نے قرآن سے اسکو سیکھا اور سنت سے اسکو سیکھا پھر آپ نے ہمسے رفع امانت کی بابت حدیث بیان کی اور فرمایا کہ آدمی ایکبار سوتا ہے تو امانت اسکے دل سے قبض کیجاتی ہے پھر اسکا اثر مثل نقطہ کے باقی رہتا ہے پھر سوتا ہے تو پھر امانت قبض کیجاتی ہے سو اثر اسکا مثل آبلہ کے باقی رہتا ہے مثل پتھر کے کہ اسکو تو اپنے پانوں پر لڑھکائے اور وہ آبلہ ڈالدے پھر تو اسکو دیکھتا ہے کہ وہ کھڑا ہوا ہے اور اسمیں کوئی چیز نہیں ہوتی پھر آپ نے ایک پتھر پکڑا اور اسکو اپنے پانوں پر لڑھکایا۔ کہا اُسنے پھر صبح ہوتے لوگ خرید و فروخت کرتے ہیں کوئی شخص امانت ادا کرنیکے قریب نہیں پہونچتا تاکہ کہا جاتا ہے کہ فلان قبیلہ میں ایک مرد امین ہے اور اس مرد کے حق میں تعجب سے کہا جاتا ہے کہ کس چیز نے اسکو ہشیار اور ظریف اور عقیل بنادیا ہے حالانکہ اسکے دل میں بھی رائی کے دانیکے برابر ایمان نہیں ہوتا۔ کہا اُسنے اور مجھپر ایک ایسا زمانہ گذرا ہے کہ میں اسمیں خرید و فروخت کرنیمیں کسیکے ساتھ کچھ پرواہ نہیں کرتا تھا اگر وہ مسلمان ہوتا تو وہ دین کی غیرت سے مجھے چیز پھیر دیتا۔ اور اگر وہ یہودی یا نصاریٰ ہوتا تو اسکا حاکم مجھے چیز پھیر دیتا مگر آج کے دن سوائے فلان اور فلان کے اور کسی سے میں تم میں سے خرید و فروخت نہیں کرتا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** ضرور تم پیچھے چلوگے ان لوگوں کے جو تمسے پہلے ہوئے ہیں **حدیث** کی ہمسے سعید بن عبد الرحمٰن مخزومی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے سنان بن ابی سنان سے اُسنے ابی واقد لیثی سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب حنین (نام موضع قریب مکہ) کیطرف نکلے تو مشرکوں کے ایک درخت کے پاس گذرے جسکو ذات انواط[3] کہا جاتا تھا اسپر وہ اپنے ہتھیار لٹکایا کرتے تھے کہا لوگوں نے یا رسول اللہ

[1] یعنے جو کوئی اس فتنے میں لڑائی کریگا وہ آگ میں جائیگا کیونکہ انکا قصد دین کے بلند کرنیکا نہیں ہوگا اور نہ دفع ظلم کا بلکہ قصد انکا حاصل کرنا مال اور ملک کا ہوگا۔ اور زبان اسمیں تلوار سے سخت ہوگی یعنے چونکہ دونوں گروہ مسلمان ہیں اسلئے انمیں سے ہر ایک کا شکوہ کرنا حرام ہے شاید مراد اس سے حضرت علی اور معاویہ کا فتنہ ہوگا مگر اس صورت پر مراد (آگ میں جائینگے) سے فقط توبیخ اور تغلیظ ہی ہوگی کیونکہ وہ دونوں فریق مجتہد تھے اور مجتہد کو خواہ خطا ہی کرے تو بھی ثواب ملتا ہے۔ [2] مراد اس امانت سے وہ عہد ہے جو پروردگار نے اول روز میں تمام لوگوں سے لیا تھا چنانچہ کلام اللہ اسکا ناطق ہے انا عرضنا الامانۃ علی السموٰت والارض الخ یعنے اول تو وہ عہد لوگوں کے دلوں میں ڈالا گیا بعد اسکے بواسطہ رسولوں کے اسکی یاد دہی کرائی گئی حذیفہ کہتا ہے کہ اول تو ہمکو آنحضرت نے فرمایا کہ یہ عہد اسطرح سے دلوں میں ڈالا گیا بعد اسکے دوسری حدیث میں فرمایا کہ آہستہ آہستہ وہ دور ہوگا جب کچھ حصہ اس سے دور ہوگا تو نورانیت اسکی اُڑ جائیگی اور اسکی جگہ سیاہی چھا جائیگی پھر جب بقیہ حصہ دور ہوجائیگا تو اس جگہ آبلہ سا ہوجائیگا یعنے اسپر پہلی سیاہی سے زیادہ سیاہی جم جائیگی پھر آنحضرت نے فرمایا کہ اس نور کے زوال کی مثال ایسی ہے کہ جیسے کوئی شخص پانوں پر پتھر لڑھکاتا ہے تو اسمیں ایسا اثر کرتا ہے پھر وہ پتھر زائل ہوجاتا ہے تو اسپر آبلہ کھڑا ہوجاتا ہے خلاصہ مطلب یہ ہے کہ امانت دم بدم کم ہوتی جاویگی آخر کو یہ حال ہوگا کہ نامی اور مشہور لوگ بھی

فاطالها فقالوا یا رسول الله صلیت صلوة لم تکن تصلیها قال اجل انها صلوة رغبة و رهبة انی سالت الله فیها ثلاثا فاعطانی اثنتین ومنعنی واحدة سالته ان لا یهلك امتی بسنة فاعطانیها وسألته ان لا یسلط علیهم عدوا من غیرهم فاعطانیها وسألته ان لا یذیق بعضهم باس بعض فمنعنیها هذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن سعد وابن عمر **حدثنا** قتیبة نا حماد بن زید عن ایوب عن ابی قلابة عن ابی اسماء عن ثوبان قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الله زوی لی الارض فرایت مشارقها ومغاربها وان امتی سیبلغ ملکها ما زوی لی منها واعطیت الکنزین الاحمر والابیض وانی سالت ربی لامتی ان لا یهلکها بسنة عامة وان لا یسلط علیهم عدوا من سوی انفسهم فیستبیح بیضتهم وان ربی قال یا محمد انی اذا قضیت قضاء فانه لا یرد وانی اعطیتك لامتك ان لا اهلکهم بسنة عامة ولا اسلط علیهم عدوا من سوی انفسهم فیستبیح بیضتهم ولو اجتمع علیهم من باقطارها او قال من بین اقطارها حتی یکون بعضهم یهلك بعضا ویسبی بعضهم بعضا هذا حدیث حسن صحیح

باب ماجاء فی الرجل یکون فی الفتنة

حدثنا عمران بن موسی القزاز البصری نا عبد الوارث بن سعید نا محمد بن جحادة عن رجل عن طاؤس عن ام مالك البهزیة قالت ذکر رسول الله صلی الله علیه وسلم فتنة فقربها قالت قلت یا رسول الله من خیر الناس فیها قال رجل فی ماشیته یؤدی حقها ویعبد ربه ورجل اخذ براس فرسه یخیف العدو ویخوفونه وفی الباب عن ام مبشر وابی سعید الخدری وابن عباس هذا حدیث غریب من هذا الوجه ورواه لیث بن ابی سلیم عن طاؤس عن ام مالك البهزیة عن النبی صلی الله علیه وسلم **حدثنا** عبد الله بن معویة الجمحی نا حماد بن سلمة عن لیث عن طاؤس عن زیاد بن سیمین کوش عن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم تکون الفتنة تستنظف العرب قتلاها

اور اسکو لمبا کیا پس لوگوں نے کہا یا رسول اللہ آپ نے یہ ایسی نماز پڑھی کہ اسکے آگے آپ نے کبھی اسکو نہیں پڑھا فرمایا ہاں یہ نماز رغبت اور رہبت کی ہے میں نے اسمیں تین چیزیں اللہ تعالیٰ سے مانگیں ہیں سو دو مجھے اللہ نے دی ہیں اور ایک سے منع کیا ہے میں نے اللہ سے سوال کیا ہے کہ میری امت کو قحط سے ہلاک نہ کرنا سو میری یہ دعا اللہ نے قبول کر لی ہے اور میں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا ہے کہ انپر کوئی دشمن انکے غیر سے مسلط نہیں کرنا یعنے غیر قوم سے ظالم حاکم انپر مسلط نہ ہو سو یہ دعا بھی قبول ہو گئی ہے اور میں نے یہ سوال کیا کہ ایک کو دوسرے کی تکلیف اور خوف نہ پہونچے سو اللہ نے یہ میری دعا قبول نہیں کی یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں روایت ہے سعد اور ابن عمر سے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ایوب سے اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے ابی اسماء سے اُسنے ثوبان سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ نے میرے لیے زمین کو سمٹا لیا سو میں نے اسکے مشارق اور مغارب کو دیکھا اور میری امت کا ملک وہاں تک پہونچے گا جہاں تک کہ میرے لیے وہ زمین سمٹائی گئی ہے۔ اور مجھے دو خزانے ملے ہیں ایک سرخ اور دوسرا سفید اور میں نے اپنے رب سے اپنی امت کے لیے سوال کیا ہے کہ اسکو عام قحط سے ہلاک نہ کرنا اور انپر کوئی دشمن سوائے انکے نفسوں کے اور کسیکو مسلط نہ کرنا کہ انکی جماعت کی بیخ کنی کرے اور میرے رب نے فرمایا ہے اے محمد میں جب کوئی حکم کرتا ہوں تو وہ رد نہیں ہوتا اور میں نے تجھے تیری امت کے واسطے یہ دیا ہے کہ میں انکو عام قحط میں ہلاک نہیں کرونگا اور نہ انپر کوئی دشمن سوائے انکی جانوں کے مسلط کرونگا کہ انکی جماعت کی بیخ کنی کرے اگرچہ انپر تمام اطراف زمین سے لوگ جمع ہو کر آئیں (یا کہا راوی نے درمیان اطراف سے) تاکہ بعض انکے بعض کو ہلاک کرینگے اور بعض انکے بعض کو قید کرینگے یعنے کوئی غیر تو انکو ہلاک نہ کریگا مگر آپسمیں لڑکر مرینگے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اس شخص کے بیان میں جو فتنے میں ہو **حدیث** کی ہمسے عمران بن موسیٰ قزازی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الوارث بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن حجادہ نے ایک مرد سے اُسنے طاؤس سے اُسنے ام مالک بہزیہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک فتنے کا ذکر کیا اور اسکی قربت بیان فرمائی کہا اُسنے میں نے کہا یا رسول اللہ بہتر لوگوں کا اس فتنے میں کون شخص ہے فرمایا آپ نے وہ مرد کہ اپنے چرنے والے مال میں رہکر انکا حق ادا کرتا رہے اور اپنے رب کی عبادت کرے اور وہ مرد کہ جو اپنا گھوڑا پکڑ کر دشمن کو خوف دلاتا ہو اور وہ اسکو خوف دلاتا ہو یعنے جہاد کرتا ہو۔ اور اس باب میں روایت ہے ام مبشر اور ابی سعید خدری اور ابن عباس سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث اس طریق سے غریب ہے اور روایت کیا اسکو لیث بن ابی سلیم نے طاؤس سے اُسنے ام مالک بہزیہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن معاویہ جمحی نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے لیث سے اُسنے طاؤس سے اُسنے زیاد بن سیمین گوش سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک فتنہ ہوگا کہ تمام عرب کو گھیر لیگا مقتول اسکے

نا ابو الاحوص عن فرات القزاز نحو حديث وكيع عن سفيان **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو داؤد الطيالسي عن شعبة والمسعودي سمعا فراتا القزاز نحو حديث عبد الرحمن عن سفيان عن فرات وزاد فيه الدجال او الدخان **حدثنا** ابو موسى محمد بن المثنى نا ابو النعمان الحكم بن عبد الله العجلي عن شعبة عن فرات نحو حديث ابي داؤد عن شعبة وزاد فيه والعاشرة اما ريح تطرحهم في البحر واما نزول عيسى بن مريم وفي الباب عن علي وابي هريرة وام سلمة وصفية هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو نعيم نا سفيان عن سلمة بن كهيل عن ابي ادريس المرهبي عن مسلم بن صفوان عن صفية قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ينتهي الناس عن غزو هذا البيت حتى يغزو جيش حتى اذا كانوا بالبيداء او ببيداء من الارض خسف باولهم واخرهم ولم ينج اوسطهم قلت يا رسول الله فمن كره منهم قال يبعثهم الله على ما في انفسهم هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** ابو كريب نا صيفي بن ربعي عن عبد الله بن عمر عن عبيد الله عن القاسم بن محمد عن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يكون في اخر هذه الامة خسف ومسخ وقذف قالت قلت يا رسول الله انهلك وفينا الصالحون قال نعم اذا ظهر الخبث هذا حديث غريب من حديث عائشة لا نعرفه الا من هذا الوجه وعبد الله بن عمر تكلم فيه يحيى بن سعيد من قبل حفظه **باب** ما جاء في طلوع الشمس من مغربها **حدثنا** هناد نا ابو معوية عن الاعمش عن ابراهيم التيمي عن ابيه عن ابي ذر قال دخلت المسجد حين غابت الشمس

کہا حدیث کی ہمسے ابوالاحوص نے فرات القزاز سے مثل حدیث وکیع کے جو سفیان سے ہی **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد طیالسی نے شعبہ اور مسعودی سے سنا ان دونوں نے فرات قزاز سے مثل حدیث عبدالرحمٰن کے جو بواسطہ سفیان کے فرات سے ہی اور اُسنے اسمیں زیادتی دجال اور دخان[1] کی کی ہی **حدیث** کی ہمسے ابو موسیٰ یعنے محمد بن مثنیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے ابوالنعمان یعنے حکم بن عبداللہ عجلی نے شعبہ سے اُسنے فرات سے مثل حدیث ابی داؤد کے جو شعبہ سے ہی اور اُسنے زیادہ کیا ہی دسوین علامت یا تو ہوا ہی جو کہ لوگونکو دریا مین ڈالیگی یا نزول عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کا ہی اور اس باب مین روایت ہی علی اور ابی ہریرہ اور ام سلمہ اور صفیہ سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو نعیم نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے سلمہ بن کہیل سے اُسنے ابی ادریس مرہبی سے اُسنے مسلم بن صفوان سے اُسنے صفیہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے لوگ اس گھر یعنے بیت اللہ کی جنگ سے باز نہین آئینگے حتے کہ ایک لشکر جنگ کریگا تا کہ جب وہ بیدا مین یا زمین کے ایک جنگل مین (شک راوی) پہونچینگے تو پہلے اور پچھلے سب زمین مین دھنس جائینگے اور درمیان کے بھی نجات نہین پائینگے مین نے کہا یا رسول اللہ جو کوئی انمین سے اس جنگ کو برا جانتا ہوگا اسکا کیا حال ہوگا فرمایا آپ نے انکو اللہ تعالی اپنی نیتو نپر اٹھائیگا یعنے آخرت مین وہ اپنی نیت کے موافق اٹھینگے اور اسپر جزا پائینگے مگر ہلاک سب ہو جائینگے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے صیفی بن ربعی نے عبداللہ بن عمر سے اُسنے عبیداللہ سے اُسنے قاسم بن محمد سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس امت کے آخر مین خسف[2] اور مسخ اور قذف ہوگا کہا عائشہ نے مین نے کہا یا رسول اللہ کیا ہم ہلاک ہونگے اس حالت مین کہ ہم مین نیک لوگ ہونگے فرمایا آپ نے ہان جبکہ خباثت ظاہر ہوگی۔ یہ حدیث بطریق حضرت عائشہ سے غریب ہی نہین پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے اور عبداللہ بن عمر کے حق مین یحییٰ بن سعید نے حافظہ کی وجہ سے کلام کیا ہی **باب** آفتاب کے مغرب کی طرف سے نکلنے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابراہیم تیمی سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ذر سے کہا اُسنے مین مسجد مین اُسوقت داخل ہوا جبکہ آفتاب غروب ہو چکا

[1] کلام اللہ مین آیا ہی یوم تاتی السماء بدخان مبین یغشے الناس الاٰیۃ اکثر لوگون نے کہا ہی مراد اس سے وہ دھوان ہی جو عرب کے لوگونکو قحط کے مارے نظر آتا تھا جیسا کہ بخاری مین ہی کہ جب عرب کے لوگون نے اسلام لانے مین دیر کی تو آنحضرت نے انکے حق مین بددعا کی کہ الٰہی انپر قحط ڈال جیسے کہ تو نے یوسف علیہ السلام کے وقت مین قحط ڈالا تھا پس آنحضرت کی دعا سے انپر سات برس کا قحط ہوا کہ جسمین انھون نے چمڑے اور مردار اور کتون کا گوشت کھایا بھوک کے مارے انکو جو آسمان مین دھوان سا بسبب ضعف بصارت کے نظر آتا تھا اور بعض نے کہا ہی کہ مراد اس دھوین سے وہ دھوان ہی جو قیامت کے قریب چالیس روز تک زمین پر رہیگا یہ حدیث تن کی بھی اسی پر دال ہی ۱۲ [2] خسف کہتے ہین زمین مین دھس جانیکو اور مسخ اشکال کے بدلنے کو اور قذف پتھرون کی مار کو یعنے آخر زمانہ مین اس امت پر اس قسم کا عذاب واقع ہوگا جیسا کہ پہلی امتونپر ہوا ہی عائشہ نے کہا کیا یا رسول اللہ اس قسم کا عذاب ہمپر اس حالت مین بھی ہوگا کہ جب ہم مین نیک لوگ موجود ہونگے فرمایا آپ نے ہان جب فسق و فجور زیادہ ہو جائیگا تو اُسوقت یہ عذاب نازل ہوگا اس سے معلوم ہوا کہ بدونکے ساتھ مین نیکونپر بھی دنیاوی عذاب ہوتا ہی لیکن آخرت مین جیسی نیت ہوگی ویسا عوض ملیگا ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲

اجعل لنا ذات انواط کما لھم ذات انواط فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم سبحان اللہ ھذا کما قال قوم موسی اجعل لنا الھا کما لھم الھۃ والذی نفسی بیدہ لترکبن سنۃ من کان قبلکم ھذا حدیث حسن صحیح وابو واقد اللیثی اسمہ الحارث بن عوف وفی الباب عن ابی سعید وابی ھریرۃ **باب** ماجاء فی کلام السباع **حدثنا** سفیان بن وکیع نا ابی عن القاسم بن الفضل نا ابونضرۃ العبدی عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والذی نفسی بیدہ لاتقوم الساعۃ حتی تکلم السباع الانس وحتی یکلم الرجل عذبۃ سوطہ وشراک نعلہ وتخبرہ فخذہ بما احدث اھلہ بعدہ وفی الباب عن ابی ھریرۃ وھذا حدیث حسن صحیح غریب لانعرفہ الا من حدیث القاسم بن الفضل والقاسم بن الفضل ثقۃ مامون عند اھل الحدیث وثقۃ یحیی بن سعید وعبد الرحمن بن مھدی **باب** ماجاء فی انشقاق القمر **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابوداؤد عن شعبۃ عن الاعمش عن مجاھد عن ابن عمر قال انفلق القمر علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشھدوا وفی الباب عن ابن مسعود وانس وجبیر بن مطعم ھذا حدیث حسن صحیح **باب** فی الخسف **حدثنا** بندار نا عبد الرحمن بن مھدی نا سفیان عن فرات القزاز عن ابی الطفیل عن حذیفۃ بن اسید قال اشرف علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من غرفۃ ونحن نتذاکر الساعۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لاتقوم الساعۃ حتی تروا عشر ایات طلوع الشمس من مغربھا ویاجوج وماجوج والدابۃ وثلاث خسوف خسف بالمشرق وخسف بالمغرب وخسف بجزیرۃ العرب ونار تخرج من قعر عدن تسوق الناس او تحشر الناس فتبیت معھم حیث باتوا وتقیل معھم حیث قالوا **حدثنا** محمود بن غیلان نا وکیع عن سفیان نحوہ وزاد فیہ والدخان **حدثنا** ھناد

ہمارے واسطے بھی ذات انواط مقرر کیجیے جیسا کہ انکے لیے ذات انواط ہے پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے سبحان اللہ یہ قول تمہارا حضرت موسی علیہ السلام کی قوم کے مثل ہے کہ انھوں نے حضرت موسیٰ سے کہا تھا کہ ہمارے لیے بھی معبود مقرر کیجیے جیسا کہ انکے لیے معبود ہیں قسم ہے اُس ذات کی کہ جسکے ہاتھ میں میری جان ہے ضرور تم پیچھے چلوگے اُن لوگوں کے جو تم سے پہلے ہوئے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو واقد اللیثی کا نام حارث بن عوف ہے اور اس باب میں روایت ہے ابی سعید اور ابی ہریرہ سے۔ **باب** درندوں کے کلام کرنیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے قاسم بن فضل سے کہا حدیث کی ہمسے ابو نضرہ عبدی نے ابی سعید خدری سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم اُس ذات کی کہ جسکے ہاتھ میں میری جان ہے قیامت تب قائم ہوگی کہ جب درندے آدمیوں سے کلام کرینگے اور جب تک کہ آدمی سے اُسکے کوڑے کا تسمہ کلام کریگا اور اُسکی جوتی کا تسمہ اور اُسکو اُسکی ران اُس چیز کی خبر دیگی جو اسکی بیوی نے اسکے بعد کیا ہوگا۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ سے۔ اور یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر طریق قاسم بن فضل سے اور قاسم بن فضل محدثین کے نزدیک ثقہ امانت دار ہے۔ اسکی یحیی بن سعید اور عبد الرحمن بن مہدی نے توثیق کی ہے۔ **باب** چاند کے پھٹنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے شعبہ سے اُسنے اعمش سے اُسنے مجاہد سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں چاند پھٹ گیا پس فرمایا آپ نے شاہد رہو تم۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن مسعود اور انس اور جبیر بن مطعم سے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** خسف کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے فرات قزاز سے اُسنے ابی الطفیل سے اُسنے حذیفہ بن اسید سے کہا اُسنے ہمپر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کھڑکی سے جھانکا اس حالت میں کہ ہم قیامت کا ذکر کر رہے تھے پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قیامت تب قائم ہوگی جب تم دس علامتیں دیکھ لوگے طلوع آفتاب کا مغرب کی طرف سے یاجوج وماجوج اور دابۃ الارض اور تین خسوف ایک خسف مشرق میں دوسرا خسف مغرب میں تیسرا خسف جزیرہ عرب میں۔ اور آگ جو کہ عدن کے گڑھے سے نکلکر لوگوں کو چلائیگی یا فرمایا آپ نے لوگوں کو حشر پر لائیگی سو وہ آگ رات گذاریگی جہاں لوگ رات گذارینگے اور قیلولہ کریگی انکے ساتھ جہاں وہ قیلولہ کرینگے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان سے مثل اسکے اور اُسنے اسمیں دخان کی زیادتی کی ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے

[1] مجمع البحار میں لکھا ہے کہ طول اس جانور کا ساٹھ گز ہوگا اور بعض لوگوں نے کہا ہے کہ پیدائش اسکی چند جانوروں کی طرح ہوگی صفا پہاڑی کو جو کہ مکے کے پاس ہے اسکو پھاڑ کر جمعہ کے دن نکلیگا اسکے پاس حضرت موسی علیہ السلام کا عصا اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی ہوگی کوئی اس سے بھاگ نہیں سکیگا اور نہ کوئی اسکو پا سکیگا مومن کو عصا لگائیگا تو اسکے منھ پر لفظ مومن کا لکھا جائیگا اور کافر کو انگوٹھی اسپر لگائیگا کافر کا لکھا جائیگا بیہقی سے

ابوداؤد نا شعبة عن قتادة نا انس بن مالك عن اسيد بن حضير ان رجلا من الانصار قال يا رسول الله استعملت فلانا و
لم تستعملني فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم انكم سترون بعدي اثرة فاصبروا حتى تلقوني على الحوض هذا حديث حسن
صحيح **حدثنا** محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد عن الاعمش عن زيد بن وهب عن عبد الله عن النبي صلى الله عليه وسلم قال انكم سترون
بعدي اثرة وامورا تنكرونها قالوا فما تامرنا قال ادوا اليهم حقهم واسألوا الله الذي لكم هذا حديث حسن صحيح **باب** ما اخبر
النبي صلى الله عليه وسلم اصحابه بما هو كائن الى يوم القيمة **حدثنا** عمران بن موسى القزاز البصري نا حماد بن زيد نا علي بن
زيد عن ابي نضرة عن ابي سعيد الخدري قال صلى بنا رسول الله صلى الله عليه وسلم يوما صلوة العصر بنهار ثم قام خطيبا
فلم يدع شيئا يكون الى قيام الساعة الا اخبرنا به حفظه من حفظه ونسيه من نسيه فكان فيما قال ان الدنيا خضرة حلوة و
ان الله مستخلفكم فيها فناظر كيف تعملون الا فاتقوا الدنيا واتقوا النساء وكان فيما قال الا لا يمنعن رجلا هيبة الناس ان يقول بحق
اذا علمه قال فبكى ابو سعيد فقال قد والله راينا اشياء فهبنا وكان فيما قال الا انه ينصب لكل غادر لواء يوم القيمة بقدر غدرته ولا غدرة
اعظم من غدرة امام عامة يركز لواءه عند استه وكان فيما حفظنا يومئذ الا ان بني ادم خلقوا على طبقات شتى فمنهم من يولد مؤمنا ويحيى
مؤمنا ويموت مؤمنا ومنهم من يولد كافرا ويحيى كافرا ويموت كافرا ومنهم من يولد مؤمنا ويحيى مؤمنا ويموت كافرا ومنهم من يولد
كافرا ويحيى كافرا ويموت مؤمنا الا وان منهم البطئ الغضب سريع الفيئ ومنهم سريع الغضب سريع الفيئ فتلك بتلك الا وان
منهم سريع الغضب بطئ الفيئ الا وخيرهم بطئ الغضب سريع الفيئ وشرهم سريع الغضب بطئ الفيئ

ابوداؤد نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے قتادہ سے کہا حدیث کی ہمسے انس بن مالک نے اسید بن حضیر سے یہ کہ ایک مرد انصاری
نے کہا یارسول اللہ آپ نے فلانے کو عامل بنایا ہے اور مجھے آپ نے عامل نہیں بنایا پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے البتہ
میرے بعد تم پاؤ گے اپنے سوا اوروں کو مقدم یعنے تمھارے سوائے اور لوگوں کو حکومت ملیگی تو تم صبر کرتے رہیو تا وقتیکہ تم حوض کوثر
پر مجھسے ملو یعنے قیامت تک صبر کرو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے اعمش
سے اُسنے زید بن وہب سے اُسنے عبد اللہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے البتہ تم میرے بعد پاؤ گے سوائے اپنے
اوروں کو مقدم اور کئی امور کہ تم انکو برا جانو گے کہا لوگوں نے سو آپ ہمکو کیا حکم دیتے ہیں فرمایا آپ نے انکا حق انکو دیدو یعنے حکام کا حق تو
انکو دیدو اور اپنا حق اللہ تعالی سے طلب کرو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ جسکی خبر نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کو
سنائی اُس چیز کے جو قیامت تک ہونیوالی ہے دی ہے **حدیث** کی ہمسے عمران بن موسی قزاز بصری نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے کہا
حدیث کی ہمسے علی بن زید نے ابی نضرہ سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا اُسنے ایک روز ہمکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز پڑھائی
پھر خطبہ پڑھنے کے لئے کھڑے ہوئے سو جو چیز کہ قیامت تک ہونیوالی تھی سبکی خبر ہمکو آنحضرت نے دی جسنے یاد رکھی یاد رکھی اور جسنے بھلا دی اُسنے بھلا دی
سو جو کچھ آپ نے فرمایا تھا اسمیں یہ بھی تھا کہ دنیا سبز ہے میٹھی اور اللہ تعالی نے تمکو اسمیں اپنا خلیفہ بنایا ہے سو وہ دیکھتا ہے کہ تم کسطرح عمل کرتے ہو
خبردار دنیا سے بچو اور عورتوں سے بچو اور یہ بھی اسمیں فرمایا تھا خبردار ہر ایک فریبی کے لئے قیامت کے دن اُسکے فریب کے موافق جھنڈا کھڑا کیا جاویگا
اور تمام لوگوں کے امام سے اور کسی کا فریب بہت بڑا نہیں ہوتا اسکا جھنڈا اسکے مقعد کے پاس کھڑا کیا جاویگا۔ اور یہ بھی ہماری اسدن کی یادداشت
سے ہے کہ خبردار بنی آدم مختلف طبقات سے بنائے گئے ہیں سو بعض انمیں سے وہ ہیں جو ایمان پر ہی پیدا ہوئے ہیں اور ایمان پر ہی زندہ رہے اور ایمان پر
ہی فوت ہوئے اور بعض اُنسے کفر کی حالت میں پیدا ہوئے اور کفر پر ہی زندہ رہے اور کفر پر ہی مرے۔ اور بعض اُنسے وہ ہیں کہ ایمان پر پیدا ہوئے
اور ایمان پر زندہ رہے اور کفر پر مرے اور بعض اُنسے کفر پر پیدا ہوئے اور کفر پر زندہ رہے اور ایمان پر مرے خبردار اور بعض انمیں سے بطی الغضب
سریع الفئ ہیں یعنے بعض ایسے ہیں کہ انکو غصہ دیر سے آتا ہے مگر جلدی دور ہوتا ہے اور بعض انمیں سے سریع الغضب سریع الفئ یعنے جلدی غصہ آتا ہے اور
جلدی ہی دور ہو جاتا ہے سو وہ اسکے ساتھ برابر ہے یعنے جسکو جلدی غصہ آتا ہے اور جلدی اسکو دور ہو جاتا ہے اسکا بدلہ اسیمیں ہو جاتا ہے خبردار اور بعض
انمیں سے سریع الغضب بطی الفئ ہیں یعنے جلدی غصے والے اور دیر سے دور ہونیوالے خبردار اور بہتر اُنسے وہ ہے کہ جو بطی الغضب سریع الفئ ہے
یعنے جسکو دیر سے غصہ آتا ہے اور جلدی دور ہوتا ہے اور برا اُنسے وہ ہے کہ جسکو جلدی غصہ آتا ہے اور دیر سے دور ہوتا ہے

والنبی صلی اللہ علیہ وسلم جالس فقال یا اباذر اتدری این تذہب ھٰذہ قال قلت اللہ ورسولہ اعلم قال فانھا تذہب تستاذن فی السجود فیؤذن لھا وکانھا قد قیل لھا اطلعی من حیث جئت فتطلع من مغربھا قال ثم قرأ وذلک مستقر لھا وقال ذلک قراۃ عبداللہ بن مسعود وفی الباب عن صفوان بن عسال وحذیفۃ بن اسید وانس وابی موسی ھٰذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی خروج یاجوج وماجوج **حدثنا** سعید بن عبدالرحمٰن المخزومی وغیر واحد قالوا نا سفیان عن الزھری عن عروۃ عن زینب بنت ابی سلمۃ عن حبیبۃ عن ام حبیبۃ عن زینب بنت جحش قالت استیقظ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من نوم محمر وجھہ وھو یقول لا الٰہ الا اللہ یردد ھا ثلث مرات ویل للعرب من شر قد اقترب فتح الیوم من ردم یاجوج وماجوج مثل ھذہ وعقد عشرا قالت زینب قلت یارسول اللہ افنھلک وفینا الصالحون قال نعم اذا کثر الخبث ھذا حدیث حسن صحیح جود سفیان ھٰذا الحدیث وقال الحمیدی عن سفیان بن عیینۃ حفظت من الزھری فی ھٰذا الاسناد اربع نسوۃ زینب بنت ابی سلمۃ عن حبیبۃ وھما ربیبتا النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن ام حبیبۃ عن زینب بنت جحش زوجی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وروی معمر ھٰذا الحدیث عن الزھری ولم یذکر فیہ عن حبیبۃ **باب** ماجاء فی صفۃ المارقۃ **حدثنا** ابوکریب نا ابوبکر بن عیاش عن عاصم عن زر عن عبداللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخرج فی اٰخر الزمان قوم احداث الاسنان سفھاء الاحلام یقرؤن القراٰن لا یجاوز تراقیھم یقولون من قول خیر البریۃ یمرقون من الدین کما یمرق السھم من الرمیۃ وفی الباب عن علی وابی سعید وابی ذر ھٰذا حدیث حسن صحیح وقد روی فی غیر ھٰذا الحدیث عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وصف ھٰؤلاء القوم الذین یقرؤن القراٰن لا یجاوز تراقیھم یمرقون من الدین کما یمرق السھم من الرمیۃ انما ھم الخوارج الحروریۃ وغیرھم من الخوارج **باب** ماجاء فی الاثرۃ **حدثنا** محمود بن غیلان نا

اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے پس فرمایا آپ نے اے ابا ذر کیا تو جانتا ہے کہ یہ آفتاب کہاں جاتا ہے کہا ابوذر نے میں نے کہا اللہ اور رسول اُسکا بہتر جانتا ہے فرمایا آپ نے یہ سجدہ میں اذن لینے کے واسطے جاتا ہے پس اسکے لئے اذن دیا جاتا ہے اور گویا اس سے کہا جاتا ہے کہ اسی جگہ سے طلوع کر جہاں سے تو آیا ہے پس آخرت کو مغرب کی طرف سے طلوع کریگا۔ کہا راوی نے پھر اُسنے یہ آیت پڑھی وذلک مستقر لھا[1] اور کہا اُسنے یہ قراءت عبداللہ بن مسعود کی ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے صفوان بن عسال اور حذیفہ بن اسید اور انس اور ابی موسی سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** یاجوج اور ماجوج کے نکلنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے سعید بن عبدالرحمٰن مخزومی اور کئی ایک نے کہا انھوں نے حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے عروہ سے اُسنے زینب بنت ابی سلمہ سے اُسنے حبیبہ سے اُسنے ام حبیبہ سے اُسنے زینب بنت جحش سے کہا اُسنے ایکبار رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نیند سے جاگے اس حالت میں کہ آپکا چہرہ مبارک سرخ تھا اور یہ کہ رہے تھے لا الٰہ الا اللہ اسکو تین بار پڑھے ہلاکت ہو واسطے عرب کے اُس بُرائی سے کہ قریب ہوگئی ہے آج کے دن دیوار یاجوج اور ماجوج سے رخنہ کھل گیا ہے مثل اسکے اور دس کا عقد کیا[2] کہا زینب نے میں نے کہا یارسول اللہ کیا ہم ہلاک ہو نگے اس حالت میں بھی کہ ہم میں نیک کار ہوں فرمایا آپ نے ہاں جبکہ فسق و فجور بڑھ گیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ سفیان نے اس حدیث کو جید کہا ہے۔ اور کہا حمیدی نے سو میں بواسطہ سفیان بن عیینہ کے زہری سے اس سند میں چار عورتیں یاد رکھتا ہوں۔ زینب بنت ابی سلمہ جو راوی ہے حبیبہ سے اور یہ دونوں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی پالی ہوئی ہیں وہ راوی ہے ام حبیبہ سے جو راوی ہے زینب بنت جحش سے جو کہ دونوں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی بیویاں ہیں۔ اور روایت کیا ہے معمر نے اس حدیث کو زہری سے اور اُسنے حبیبہ کا اسمیں ذکر نہیں کیا۔ **باب** خارجیوں کی صفت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابوکریب نے کہا حدیث کی ہمسے ابوبکر بن عیاش نے عاصم سے اُسنے زر سے اُسنے عبداللہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے آخر زمانہ میں ایک قوم پیدا ہوگی کم عمر ناقص عقل پڑھینگے قرآن کو وہ انکے نرخرے کے نیچے نہیں اُتریگا۔ کلام کرینگے بہتر لوگوں کا سا کلام نکل جاوینگے دین سے جیسے تیر نکل جاتا ہے شکار کیے جانور سے اور اس باب میں روایت ہے حضرت علی اور ابی سعید اور ابی ذر سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور غیر اس حدیث میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے وصف اس قوم کے جو کہ قرآن کو پڑھتے ہیں اور وہ انکے نرخرے سے نیچے نہیں اُترتا جو کہ دین سے نکلتے ہیں جیسے کہ تیر نکلتا ہے شکاری جانور سے یہ آیا ہے کہ وہ حروریہ (نام موضع قریب کوفہ) وغیرہ کے خارجی[3] لوگ ہیں۔ **باب** حکومت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے

---

[1] اس قراءت کے اللہ اعلم جو کہ مشہور ہے یہ ہیں والشمس تجری لمستقر لھا یعنے اور سورج چلتا ہے اس قرارگاہ پر کہ واسطے اسکے ہے یہ ہے اندازہ غالب جاننے والے کا یعنے قیامت تک اسکا یہی طریق رہیگا کہ ہر روز عرش کے نیچے جا کر خدا کے آگے سجدہ کر کے اذن طلب کرتا رہیگا آخر کو مغرب کی طرف سے نکلیگا ۱۲ [2] ایکبار آنحضرت خواب سے اُٹھے اور یہ فرما رہے تھے کہ ہلاکت ہے عرب کو کہ آج کے دن یاجوج اور ماجوج نے دیوار میں رخنہ نکالا ہے مثل اسکے اور عقد کیا

وجرير وابن عمر وكرز بن علقمة وواثلة بن الاسقع والصنابحي هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء انه تكون فتنة القاعد فيها خير من القائم **حدثنا** قتيبة نا الليث عن عياش بن عباس عن بكير بن عبد الله بن الاشج عن بسر بن سعيد ان سعد بن ابي وقاص قال عند فتنة عثمان بن عفان اشهد ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال انها ستكون فتنة القاعد فيها خير من القائم والقائم خير من الماشي والماشي خير من الساعي قال افرأيت ان دخل على بيتي وبسط يده الي ليقتلني قال كن كابن ادم وفي الباب عن ابي هريرة وخباب بن الارت وابي بكرة وابن مسعود وابي واقد وابي موسى وخرشة هذا حديث حسن وروى بعضهم هذا الحديث عن ليث بن سعد وزاد في هذا الاسناد رجلا وقد روى هذا الحديث عن سعد عن النبي صلى الله عليه وسلم من غير هذا الوجه **باب** ما جاء ستكون فتنة كقطع الليل المظلم **حدثنا** قتيبة نا عبد العزيز بن محمد عن العلاء بن عبد الرحمن عن ابيه عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال بادروا بالاعمال فتنا كقطع الليل المظلم يصبح الرجل مؤمنا ويمسي كافرا ويمسي مؤمنا ويصبح كافرا يبيع احدهم دينه بعرض من الدنيا هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** سويد بن نصر نا عبد الله بن المبارك نا معمر عن الزهري عن هند بنت الحارث عن ام سلمة ان النبي صلى الله عليه وسلم استيقظ ليلة فقال سبحان الله ماذا انزل الليلة من الفتنة ماذا انزل من الخزائن من يوقظ صواحب الحجرات يا رب كاسية في الدنيا عارية في الآخرة هذا حديث صحيح **حدثنا** قتيبة نا الليث عن يزيد بن ابي حبيب عن سعد بن سنان عن انس بن مالك عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور جریر اور ابن عمر اور کرز بن علقمہ اور واثلہ بن اسقع اور صنابحی سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اس بیان میں کہ ایسا فتنہ ہوگا کہ بیٹھنے والا اسمیں بہتر ہوگا کھڑے ہونیوالے سے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے عیاش بن عباس سے اُسنے بکیر بن عبداللہ بن اشج سے اُسنے بسر بن سعید سے یہ کہ سعد بن ابی وقاص نے حضرت عثمان بن عفان کے فتنہ کے وقت کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے کہ جلدی ہی ایک ایسا فتنہ ہوگا کہ بیٹھنے والا اسمیں بہتر ہوگا کھڑے ہونیوالے سے۔ اور کھڑا ہونیوالا بہتر ہوگا چلنے والے سے۔ اور چلنے والا بہتر ہوگا اسمیں کوشش کرنیوالے سے کہا راوی نے آپ خبر دیجئے کہ اگر کوئی شخص میرے گھر میں داخل ہو جائے اور میرے قتل کرنے کے واسطے میری طرف ہاتھ پھیلائے (تو میں کیا کروں) فرمایا آپ نے تو حضرت آدم کے بیٹے[1] کے مانند ہو اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور خباب بن ارت اور ابی بکرہ اور ابن مسعود اور ابی واقد اور ابی موسی اور خرشہ سے یہ حدیث حسن ہے۔ اور بعض نے یہ حدیث لیث بن سعد سے بھی روایت کی ہے اور اُسنے اس اسناد میں ایک آدمی زیادہ کیا ہے۔ اور یہ حدیث بواسطہ سعد کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے غیر اس وجہ سے بھی مروی ہے۔ **باب** قریب ہے کہ ایک فتنہ سیاہ رات کے حصہ کے مانند ہوگا **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالعزیز بن محمد نے علا بن عبدالرحمن سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نیک اعمال کو شتابی کر لو فسادوں[2] سے پہلے۔ ایسے فساد ہونگے جیسے اندھیری رات کی اخیر تاریکی یعنے اندھا دھند زمانہ ہو جاویگا حق باطل کی تمیز نہ رہیگی صبح کے وقت مرد مسلمان ہوگا اور شام کو کافر ہو جاویگا اور شام کو مومن ہوگا اور صبح کے وقت کافر ہو جاویگا اپنے دین کو بیچے گا دنیا کے مال سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے زہری سے اُسنے ہند بنت حارث سے اُسنے ام سلمہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم ایک رات کو جاگے سو فرمایا سبحان اللہ آج کی رات میں کیا فتنے اور فساد نازل ہوئے ہیں اور کیا ہی رحمت کے گنج کے گنج اترے ہیں کوئی ہے کہ کوٹھریوں والی عورتوں کو جگا دے یعنے تاکہ تہجد پڑھیں اے رب وہ عورتیں جو دنیا میں لباس والی ہیں آخرت میں برہنہ ہونگی یعنے دنیا میں مالدار ہیں اور آخرت میں انکو ذلت ہوگی یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے یزید بن ابی حبیب سے اُسنے سعد بن سنان سے اُسنے انس بن مالک سے اُسنے رسول اللہ صلعم سے

---

[1] یعنے حضرت آدم کے بیٹے ہابیل کی طرح ہو کہ جب اسکے بھائی قابیل نے اسکی طرف اسکے قتل کرنے کے لئے ہاتھ پھیلائے تو اُسنے کہا میں تیری طرف ہاتھ تیرے قتل کرنیکے لئے نہیں پھیلاتا میں ارادہ کرتا ہوں کہ میرا گناہ تیرے سر پر چڑھے ١٢ [2] مراد اس حدیث سے وہ فساد مراد ہیں جو یزید اور اسکی سلطنت مروانیہ میں واقع ہوئے۔ اس حدیث میں ارشاد ہے کہ آدمی بہتر وقت کو غنیمت جانے اور پریشانی سے پہلے جو نیک عمل ہو سکیں کر لیوے۔ گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں ١٢ [3] اسی رات آپ کو اسلام کی فتوح اور امت کی خرابی کا حال معلوم ہوا اسواسطے فرمایا کہ کیسی کیسی رحمت آج کی رات نازل ہوئی ہے اور کیسے کیسے فتنے ١٢

الا وان منهم حسن القضاء حسن الطلب ومنهم سيئ القضاء حسن الطلب ومنهم حسن القضاء سيئ الطلب فتلك بتلك الا وان منهم السيئ القضاء السيئ الطلب الا وخيرهم الحسن القضاء الحسن الطلب الا وشرهم سيئ القضاء سيئ الطلب الا وان الغضب جمرة في قلب ابن آدم اما رايتم الى حمرة عينيه وانتفاخ اوداجه فمن احس بشئ من ذلك فليلصق بالارض قال وجعلنا نلتفت الى الشمس هل بقي منها شئ فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم الا انه لم يبق من الدنيا فيما مضى منها الا كما بقي من يومكم هذا فيما مضى منه هذا حديث حسن وفي الباب عن المغيرة بن شعبة وابي زيد بن اخطب وحذيفة وابي مريم ذكروا ان النبي صلى الله عليه وسلم حدثهم بما هو كائن الى ان تقوم الساعة **باب** ما جاء في اهل الشام **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابوداؤد نا شعبة عن معوية بن قرة عن ابيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا فسد اهل الشام فلا خير فيكم لا تزال طائفة من امتي منصورين لا يضرهم من خذلهم حتى تقوم الساعة قال محمد بن اسمعيل قال علي بن المديني هم اصحاب الحديث وفي الباب عن عبد الله بن حوالة وابن عمر وزيد بن ثابت وعبد الله بن عمرو هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** احمد بن منيع نا يزيد بن هارون نا بهز بن حكيم عن ابيه عن جده قال قلت يارسول الله اين تامرني قال ههنا ونحا بيده نحو الشام هذا حديث حسن صحيح **باب** لا ترجعوا بعدي كفارا يضرب بعضكم رقاب بعض **حدثنا** ابوحفص عمرو بن علي نا يحيى بن سعيد نا فضيل بن غزوان ثنا عكرمة عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ترجعوا بعدي كفارا يضرب بعضكم رقاب بعض وفي الباب عن عبد الله بن مسعود

خبردار اور بعض ان میں سے ایسے ہیں جو اچھی طرح سے ادا کرتے ہیں اور اچھی طرح سے طلب کرتے ہیں یعنے جب کوئی چیز کسی سے مانگتے ہیں تو اچھی طرح مانگتے ہیں اور بلا تکلف ادا کرتے ہیں۔ اور بعض ان میں سے ادا کرنے میں برے ہیں طلب کرنے میں اچھے اور بعض ان میں سے ادا کرنے میں اچھے ہیں طلب کرنے میں برے سو یہ اسکا بدلہ ہو جاتا ہے خبردار اور بعض ان میں سے ادا کرنے میں برے ہیں طلب کرنے میں بھی برے ہیں خبردار اور بہتر ان میں سے وہ ہے جو ادا کرنے میں اچھا ہے اور طلب کرنے میں بھی اچھا ہے خبردار اور برا ان میں سے وہ ہے جو ادا کرنے میں بھی برا ہے اور طلب کرنے میں بھی برا ہے خبردار غصہ ابن آدم کے دل میں آگ کا چنگارا ہے جب تم اسکی آنکھوں کی سرخی کی طرف اور اسکی رگوں کے پھولنے کی طرف دیکھو سو جو کوئی یہ بات معلوم کرے تو چاہیے کہ زمین کے ساتھ ملجاوے تاکہ اسکا غصہ ٹھہر جائے۔ کہا راوی نے ہم آفتاب کی طرف دیکھنے لگے کیا اس سے کچھ باقی رہتا ہے تو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خبردار نہیں باقی رہتا دنیا سے مقابلہ میں اسکے جو اس سے گذر گئی ہے مگر مثل اسکے جو تمہارے اس دن سے گذشتہ دن کے مقابلہ میں باقی رہتا ہے[1]۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے مغیرہ بن شعبہ اور ابی زید بن اخطب اور حذیفہ اور ابی مریم سے رضی اللہ عنہم انھوں نے ذکر کیا ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اُنسے حدیث بیان کی ہے ساتھ اس چیز کے جو قیامت تک ہونیوالی ہے۔ **باب** اہل شام کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابوداؤد نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے معاویہ بن قرہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب اہل شام خراب ہو جاوینگے تو تم میں بھی بھلائی نہیں رہیگی ہمیشہ میری امت میں سے ایک گروہ غالب رہیگا نہیں ضرر دیگا انکو وہ جو انکو ذلیل کرنیکا ارادہ رکھتا ہوگا یہانتک کہ قیامت قائم ہو گی۔ کہا محمد بن اسمعیل نے کہ کہا علی بن مدینی نے وہ لوگ محدثین ہیں۔ اور اس باب میں روایت ہے عبداللہ بن حوالہ اور ابن عمر اور زید بن ثابت اور عبداللہ بن عمرو سے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے بہز بن حکیم نے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہا اُسنے میں نے کہا یارسول اللہ مجھے آپ کس جگہ کا حکم دیتے ہیں فرمایا آپ نے اس جگہ کا اور آپ نے اپنے دست مبارک سے شام کی طرف اشارت فرمائی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** میرے بعد پلٹ کر کافر نہ ہو جاؤ کہ بعضے بعضوں کی گردنیں مارنے لگو **حدیث** کی ہمسے ابوحفص یعنے عمرو بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے فضیل بن غزوان نے کہا حدیث کی ہمسے عکرمہ نے ابن عباس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے بعد پلٹ کر کافر نہ ہو جاؤ کہ تم لوگوں سے بعضے تمہارے بعضوں کی گردنیں مارنے لگو[2]۔ اور اس باب میں روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے۔

---

[1] یعنے اگر بقیہ دنیا کو گذشتہ دنیا سے مقابلہ کیا جائے تو آب اسقدر باقی رہتی ہے جیسے کہ یہ دن اسوقت گذشتہ دن کے مقابلہ میں باقی رہتا ہے ۱۲ [2] اسکا یعنے ایک دوسرے کو قتل کرنا کافروں کی رسم ہے تم ایسا نہ کرو ۱۲

عن عديسة بنت اهبان بن صيفي الغفاري قالت جاء علي بن ابي طالب الى ابي فدعاه الى الخروج معه فقال له ابي ان خليلي وابن عمك عهد الي اذا اختلف الناس ان اتخذ سيفا من خشب فقد اتخذته فان شئت خرجت به معك قالت فتركه وفي الباب عن محمد بن مسلمة هذا حديث حسن غريب لانعرفه الا من حديث عبد الله بن عبيد **حدثنا** عبد الله بن عبد الرحمن نا سهل بن حماد نا همام نا محمد بن جحادة عن عبد الرحمن بن ثروان عن هزيل بن شرحبيل عن ابي موسى عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال في الفتنة كسروا فيها قسيكم وقطعوا فيها اوتاركم والزموا فيها اجواف بيوتكم وكونوا كابن ادم هذا حديث حسن غريب وعبد الرحمن بن ثروان هو ابو قيس الاودي **باب** ماجاء في اشراط الساعة **حدثنا** محمود بن غيلان نا النضر بن شميل نا شعبة عن قتادة عن انس بن مالك انه قال احدثكم حديثا سمعته من رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يحدثكما احد بعدي انه سمعه من رسول الله صلى الله عليه وسلم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان من اشراط الساعة ان يرفع العلم ويظهر الجهل ويفشو الزنا ويشرب الخمر ويكثر النساء ويقل الرجال حتى يكون لخمسين امرأة قيم واحد وفي الباب عن ابي موسى وابي هريرة هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد عن سفيان الثوري عن الزبير بن عدي قال دخلنا على انس بن مالك قال فشكونا اليه ما نلقى من الحجاج فقال ما من عام الا والذي بعده شر منه حتى تلقوا ربكم سمعت هذا من نبيكم صلى الله عليه وسلم هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمد بن بشار نا ابن ابي عدي عن حميد عن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تقوم الساعة حتى لا يقال في الارض الله الله

اُسنے عدیسہ بنت اہبان بن صیفی غفاری سے کہا اُسنے حضرت علی بن ابیطالب میرے باپ کے پاس آئے اور اسکو اپنی طرف سے لڑائی کے واسطے بلایا یعنے میری طرف سے معاویہ کے ساتھ لڑائی کرو پس میرے باپ نے اُنسے کہا کہ میرے دوست اور تمہارے چچا کے بیٹے یعنے جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے ساتھ عہد کیا ہے کہ جب لوگ آپسمین اختلاف کرین تو مین لکڑی کی تلوار بناؤن یعنے جنگ ترک کرون سو مین نے اُسکو بنالیا یعنے جنگ کو ترک کردیا سو اگر آپ چاہتے ہین تو مین وہ تلوار پکڑ کر آپ کے ساتھ نکلتا ہون کہا عدیسہ نے سو حضرت علی نے میرے باپ کو چھوڑ دیا۔ اور اس باب مین روایت ہے محمد بن مسلمہ سے یہ حدیث حسن غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق عبد اللہ بن عبید سے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا حدیث کی ہمسے سہل بن حماد نے کہا حدیث کی ہمسے ہمام نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جحادہ نے عبد الرحمن بن ثروان سے اُسنے ہزیل بن شرحبیل سے اُسنے ابی موسی سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فتنہ کے حق مین فرمایا اسمین اپنی کمانونکو توڑ و اور اپنے چلون کو قطع کرو اور اس فتنہ مین اپنے گھرون مین بیٹھ رہو اور حضرت آدم کے بیٹے ہابیل کی طرح[1] ہو جاؤ۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور عبد الرحمن بن ثروان وہ ابو قیس اودی ہے۔

باب قیامت کی علامات کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے نضر بن شمیل نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے قتادہ سے اُسنے انس بن مالک سے کہ کہا اُسنے مین تمکو وہ حدیث سناتا ہون جسکو مین نے آنحضرت سے سنا ہے کوئی شخص میرے بعد تمکو وہ حدیث نہین سنائیگا مین نے آنحضرت سے یہ سنی ہے کہ فرمایا آپ نے قیامت کی نشانیون سے یہ ہے کہ علم اُٹھایا جائیگا یعنے علما مرجاوینگے اور جہالت ظاہر ہوگی اور حرام کاری پھیل جاویگی اور شراب پی جاویگی اور عورتین بہت ہو جائینگی اور مرد کم ہو جائینگے یہانتک کہ پچاس عورتون کا ایک خبر لینے والا رہجائیگا۔ اور اس باب مین روایت ہے ابی موسی اور ابی ہریرہ سے رضی اللہ عنہما یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے سفیان ثوری سے اُسنے زبیر بن عدی سے کہا اُسنے ہم انس بن مالک پر داخل ہوئے کہا زبیر نے ہمنے اسکے پاس اس بات کا شکوہ کیا جو ہمکو حجاج سے پہونچتے تھے پس کہا اُسنے کوئی ایسا سال نہین مگر کہ اسکے بعد کا اس سے برا ہوگا یہانتک کہ تم اپنے رب سے ملو مین نے یہ بات تمہارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی نے حمید سے اُسنے انس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قیامت تب قائم ہوگی کہ جب زمین مین اللہ اللہ نہ کہا جائیگا

[1] یعنے جیسے حضرت آدم کے بیٹے ہابیل نے اپنا خون کرنا اپنے بھائی کے سپرد کردیا تھا اور خود ہاتھ دراز نہ کیا اسیطرح تم بھی کرو کہ گھرون مین بیٹھ رہو اور کسی طرف ہاتھ لڑائی کے لئے دراز نہ کرو ۱۲

قال تکون بین یدی الساعۃ فتن کقطع اللیل المظلم یصبح الرجل فیہا مؤمنا ویمسی کافرا ویمسی مؤمنا ویصبح کافرا یبیع اقوام دینہم بعرض الدنیا وفی الباب عن ابی ہریرۃ وجندب والنعمان بن بشیر وابی موسی ہذا حدیث غریب من ہذا الوجہ **حدثنا** صالح بن عبد اللہ نا جعفر بن سلیمان عن ہشام عن الحسن قال کان یقول فی ہذا الحدیث یصبح الرجل مؤمنا ویمسی کافرا ویمسی مؤمنا ویصبح کافرا قال یصبح محرما لدم اخیہ وعرضہ ومالہ ویمسی مستحلا لہ ویمسی محرما لدم اخیہ وعرضہ ومالہ ویصبح مستحلا لہ **حدثنا** الحسن بن علی الخلال نا یزید بن ہارون نا شعبۃ عن سماک بن حرب عن علقمۃ بن وائل بن حجر عن ابیہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ورجل یسألہ فقال ارایت ان کان علینا امراء یمنعونا حقنا ویسألونا حقہم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسمعوا واطیعوا فانما علیہم ما حملوا وعلیکم ما حملتم ہذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء فی الہرج **حدثنا** ہناد نا ابو معاویۃ عن الاعمش عن شقیق عن ابی موسی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان من ورائکم ایاما یرفع فیہا العلم ویکثر فیہا الہرج قالوا یا رسول اللہ ما الہرج قال القتل وفی الباب عن ابی ہریرۃ وخالد بن الولید ومعقل بن یسار ہذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** قتیبۃ نا حماد بن زید عن المعلی بن زیاد ردہ الی معاویۃ بن قرۃ فردہ الی معقل بن یسار ردہ الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال العبادۃ فی الہرج کہجرۃ الی ہذا حدیث صحیح غریب انما نعرفہ من حدیث المعلی بن زیاد **باب** ما جاء فی اتخاذ السیف من خشب **حدثنا** قتیبۃ نا حماد بن زید عن ایوب عن ابی قلابۃ عن ابی اسماء عن ثوبان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا وضع السیف فی امتی لم یرفع عنہا الی یوم القیٰمۃ ہذا حدیث صحیح **حدثنا** علی بن حجر نا اسمٰعیل بن ابراہیم عن عبد اللہ بن عبید

کہ فرمایا آپ نے قیامت کے ورے ایسے فساد ہونگے جیسے اندھیری رات کی اخیر تاریکی۔ صبح کے وقت مرد مسلمان ہوگا اور شام کو کافر ہو جائیگا اور شام کو مؤمن ہوگا اور صبح کو کافر ہو جائیگا۔ کئی قومیں اپنے دین کو دنیا کے مال سے فروخت کرینگی۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور جندب اور نعمان بن بشیر اور ابی موسی سے۔ یہ حدیث اس طریق سے غریب ہے **حدیث** کی ہمسے صالح بن عبد اللہ نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیمان نے ہشام سے اُسنے حسن سے کہا اُسنے آپ اس حدیث میں فرمایا کرتے تھے صبح کے وقت مرد مسلمان ہوگا اور شام کو کافر ہو جائیگا اور شام کو مؤمن ہوگا اور صبح کو کافر ہو جائیگا۔ فرمایا آپ نے صبح کے وقت اپنے بھائی کے خون اور عزت اور مال کو حرام جانتا ہوگا اور شام کو اسکو حلال جاننے لگے گا۔ اور شام کے وقت اپنے بھائی کے خون اور عزت اور مال کو حرام جانتا ہوگا اور صبح کے وقت اسکو حلال جاننے لگیگا۔ **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی خلال نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے سماک بن حرب سے اُسنے علقمہ بن وائل بن حجر سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اس حالت میں کہ ایک مرد آپسے سوال کر رہا تھا سو کہا اس مرد نے خبر دیجئے اگر ہمپر ایسے حاکم ہوں کہ ہمارے حق کو روک رکھیں اور اپنا حق طلب کریں پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اُنکی بات سنو اور اُنکے حکم کی اطاعت کرو اسواسطے کہ اُنپر فرض ہے جسکا بوجھ اُنپر ہے اور تمپر فرض ہے جسکا بوجھ تمپر ہے[1] یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** قتل کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے شقیق سے اُسنے ابی موسی سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تمہارے بعد ایسے دن آئینگے کہ اُنمیں علم نہیں رہیگا اور اُنمیں ہرج بہت ہوگا کہا لوگوں نے یا رسول اللہ ہرج کیا چیز ہے فرمایا آپ نے قتل۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور خالد بن ولید اور معقل بن یسار سے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے معلے بن زیاد سے اُسنے اس حدیث کو معاویہ بن قرہ کی طرف ردکیا یعنے مجھسے معاویہ نے حدیث روایت کی ہے اُسنے اسکو معقل بن یسار کی طرف ردکیا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف ردکیا فرمایا آپ نے فتنے کے وقت عبادت کرنی مثل ہجرت کرنیکے ہے طرف میرے۔ یہ حدیث صحیح غریب ہے ہم اسکو فقط طریق معلے بن زیاد سے ہی پہچانتے ہیں **باب** لکڑی کی تلوار پکڑنیکے بیانمیں مراد اس سے جنگ اور جدل کا ترک کرنا ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ایوب سے اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے ابی اسماء سے اُسنے ثوبان سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب تلوار میری امت میں رکھی جائیگی تو پھر قیامت تک اُنسے نہ اٹھائی جائیگی یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابراہیم نے عبد اللہ بن عبید سے

[1] یعنے اگرچہ وہ ظلم کریں تو بھی تمپر اُنکی اطاعت واجب ہے اگر وہ عدل نہ کرینگے تو خدا اُنسے سمجھ لیگا

حدثنا علی بن حجر نا محمد بن یزید عن المستلم بن سعید عن رمیح الجذامی عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم
اذا اتخذ الفیئ دولا والامانة مغنما والزکوٰة مغرما وتعلم لغیر الدین واطاع الرجل امرأته وعق امه وادنی صدیقه واقصی اباه و
ظهرت الاصوات فی المساجد وساد القبیلة فاسقهم وکان زعیم القوم ارذلهم واکرم الرجل مخافة شره وظهرت القینات
والمعازف وشربت الخمور ولعن اٰخر هذه الامة اولها فلیرتقبوا عند ذلک ریحا حمراء وزلزلة وخسفا ومسخا وقذفا واٰیات
تتابع کنظام بال قطع سلکه فتتابع هذا حدیث غریب لانعرفه الا من هٰذا الوجه **حدثنا** عباد بن یعقوب الکوفی نا
عبد الله بن عبد القدوس عن الاعمش عن هلال بن یساف عن عمران بن حصین ان رسول الله صلی الله علیه وسلم
قال فی هٰذه الامة خسف ومسخ وقذف فقال رجل من المسلمین یا رسول الله ومتی ذلک قال اذا ظهرت القیان و
المعازف وشربت الخمور هٰذا حدیث غریب وروی هٰذا الحدیث عن الاعمش عن عبد الرحمٰن بن سابط عن النبی
صلی الله علیه وسلم مرسلا **باب** ماجاء فی قول النبی صلی الله علیه وسلم بعثت انا والساعة کهاتین **حدثنا**
محمد بن عمر بن هیاج الاسدی الکوفی نا یحیی بن عبد الرحمٰن الارحبی نا عبیدة بن الاسود عن مجالد عن قیس بن ابی حازم
عن المستورد بن شداد الفهری رواه عن النبی صلی الله علیه وسلم قال بعثت انا فی نفس الساعة فسبقتها کما سبقت هذه هٰذه
لاصبعیه السبابة والوسطی هٰذا حدیث غریب من حدیث المستورد بن شداد لانعرفه الا من هٰذا الوجه

حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن یزید نے مستلم بن سعید سے اُسنے رمیح جذامی سے اُسنے ابی ہریرہ
سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب غنیمت دولت ہو جائیگی[1] اور امانت غنیمت اور زکوٰۃ تاوان اور غیر دین
سیکھا جائیگا یعنے علم دین کے سوائے اور علم سیکھے جائینگے اور مرد اپنی بیوی کی اطاعت کرے اور اپنی والدہ کی نافرمانی اور
اپنے دوست کو قریب کرے اور باپ کو بعید اور مسجد وںمین آوازین بلند ہوں۔ اور فاسق تر قبیلے کا اسکا سردار ہو اور رزیل تر
قوم سے اسکا کفیل ہو اور مرد کی تعظیم ہو اسکے خوف شرارت کے مارے۔ اور رنڈیاں اور آلے لہو کے ظاہر ہوں اور شراب
پیجائے اور پچھلے اس امت کے پہلوں پر لعنت کریں تو اسوقت میں ہوا سرخ اور زلزلے اور خسف اور مسخ کی انتظاری کرو اور
اور بھی علامات کی جو ایک دوسرے کے پیچھے ہونگے مثل رشتے پرانیکے کہ اسمین موتی پروئے ہوئے ہوں تو وہ رشتہ ٹوٹ جائے
اور اسکے موتی پے درپے گر پڑیں یعنے اسطرح اور علامات ایک دوسرے کے پیچھے ظاہر ہونگے جیسے پرانا تاگا موتیوں کی لڑی کا
ٹوٹتا ہے پھر موتی اس سے جلدی سے پے درپے گر پڑتے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے **حدیث**
کی ہمسے عباد بن یعقوب کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن عبد القدوس نے اعمش سے اُسنے ہلال بن یساف سے اُسنے عمران
بن حصین سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس امت مین خسف اور مسخ اور قذف ہے[2] پھر ایک مرد نے مسلمانوں
سے کہا یا رسول اللہ یہ کب ہو گا فرمایا آپ نے جب رنڈیاں اور آلے کھیل کے ظاہر ہونگے اور شراب پیجائیگی۔ یہ حدیث غریب ہے
اور مروی ہے یہ حدیث اعمش سے بواسطہ عبد الرحمٰن بن سابط کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسل **باب** نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے
اس قول کے بیان مین کہ مین[3] اور قیامت مثل ان دونوں انگلیوں کے متصل ہوئے **حدیث** کی ہمسے محمد بن عمر بن ہیاج اسدی کوفی
نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن عبد الرحمٰن ارحبی نے کہا حدیث کی ہمسے عبیدہ بن اسود نے مجالد سے اُسنے قیس بن ابی حازم سے اُسنے مستورد
بن شداد فہری سے روایت کیا اُسنے اسکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے مین خاص قیامت مین اٹھایا گیا ہوں سو میری اس سے اسیقدر
سبقت ہے جیسے کہ اس انگلی کے اسپر یعنے بیچ کی انگلی کی کلمے والی پر۔ یہ حدیث طریق مستورد بن شداد سے غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے

[1] چونکہ مال دست بدست آتا ہے اسلئے اسکو دولت بولتے ہیں اور دولت کے معنے لغت مین دست بدست مال ہاتھ آنیکے ہین کذا فی الصراح یعنے غنیمت کو لوگ اسطرح گمان کرینگے کہ دست بدست
ہمکو پہنچ گئی ہے گویا ہمارا ہی ملک ہے اور کسی کا اسمین حصہ نہیں اور امانت کا یہ حال ہو گا کہ جو کوئی انکے پاس مال امانت رکھیگا اسمین خیانت کو غنیمت جانینگے اور زکوٰۃ دینے کو تاوان خیال کرینگے ۱۲ [2] خسف
کہتے ہین زمین دھنس جانیکو اور مسخ اشکال کے بدلنے کو اور قذف آسمان سے پتھر پڑنے کو ۱۲ [3] حضرت خاتم النبیین ہین انکے بعد کوئی دوسرا پیغمبر نہیں قیامت تک حضرت کا دین قائم رہیگا تو حضرت مین اور
قیامت مین کوئی حائل نہ ٹھہرا یا یہ معنے کہ جسقدر بیچ کی انگلی کلمے کی انگلی سے بڑی ہے اسیقدر قیامت مین اور مجھ مین فاصلہ رہگیا ہے یعنے بہت حصہ گذر چکا ہے اور تھوڑا باقی ہے ۱۲

حتی لا یقال فی الارض الله الله هذا حدیث حسن **حدثنا** محمد بن المثنی نا خالد بن الحارث عن حمید عن انس نحوه ولم یرفعه وهذا اصح من الحدیث الاول **حدثنا** قتیبة بن سعید نا عبد العزیز بن محمد عن عمرو بن ابی عمرو ح و ثنا علی بن حجر نا اسمعیل بن جعفر عن عمرو بن ابی عمرو عن عبد الله وهو ابن عبد الرحمن الانصاری الاشهلی عن حذیفة بن الیمان قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تقوم الساعة حتی یکون اسعد الناس بالدنیا لکع بن لکع هذا حدیث حسن انما نعرفه من حدیث عمرو بن ابی عمرو **حدثنا** واصل بن عبد الاعلی نا محمد بن فضیل عن ابیه عن ابی حازم عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم تقیئ الارض افلاذ کبدها امثال الاسطوان من الذهب والفضة قال فیجیئ السارق فیقول فی هذا قطعت یدی ویجیئ القاتل فیقول فی هذا قتلت ویجیئ القاطع فیقول فی هذا قطعت رحمی ثم یدعونه فلا یاخذون منه شیئا هذا حدیث حسن غریب لا نعرفه الا من هذا الوجه **باب حدثنا** صالح بن عبد الله نا الفرج بن فضالة الشامی عن یحیی بن سعید عن محمد بن عمر بن علی عن علی بن ابی طالب قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا فعلت امتی خمس عشرة خصلة حل بها البلاء قیل وما هی یا رسول الله قال اذا کان المغنم دولا والامانة مغنما والزکوة مغرما واطاع الرجل زوجته وعق امه وبر صدیقه وجفا اباه وارتفعت الاصوات فی المساجد وکان زعیم القوم ارذلهم واکرم الرجل مخافة شره وشربت الخمور ولبس الحریر واتخذت القیان والمعازف ولعن اٰخر هذه الامة اولها فلیرتقبوا عند ذلک ریحا حمراء او خسفا او مسخا هذا حدیث غریب لا نعرفه من حدیث علی الا من هذا الوجه ولا نعلم احدا روی هذا الحدیث عن یحیی بن سعید الانصاری غیر الفرج بن فضالة وقد تکلم فیه بعض اهل الحدیث وضعفه من قبل حفظه وقد روی عنه وکیع وغیر واحد من الائمة

کہ جب زمین پر اللہ اللہ نہ کہا جائیگا یعنے قیامت تب آویگی کہ جب زمین پر اللہ کا نام لینے[1] والا کوئی باقی نہ رہیگا۔ یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن حارث نے حمید سے اُسنے انس سے مثل اسکے اور اسکو مرفوع نہیں کیا اور یہ پہلی حدیث سے صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے عمرو بن ابی عمرو سے ح اور حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن جعفر نے عمرو بن ابی عمرو سے اُسنے عبد اللہ سے جو بیٹا عبد الرحمن انصاری اشہلی کا ہے اُسنے حذیفہ بن یمان سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قیامت نہیں قائم ہوگی تا آنکہ دنیا میں سب لوگوں سے زیادہ سعادتمند وہ شخص ہوگا جو لئیم بیٹا لئیم کا ہوگا۔ یہ حدیث حسن ہے ہم تو اسکو فقط طریق عمرو بن ابی عمرو سے ہی پہچانتے ہیں **حدیث** کی ہمسے واصل بن عبد الاعلی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے اپنے باپ سے اُسنے ابی حازم سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے زمین اپنے جگر کے پارے ستونوں کے مانند سونے اور چاندی سے ڈالیگی فرمایا آپ نے سو چور آئیگا اور کہیگا اسی میں میرا ہاتھ کٹ گیا اور قاتل آئیگا تو کہیگا اسی میں میں نے قتل کیا اور قاطع رحم آئیگا تو کہیگا اسی میں میں نے اپنا رحم قطع کیا پھر سب اسکو چھوڑ دینگے اور اس سے کچھ بھی نہ لینگے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے **باب حدیث** کی ہمسے صالح بن عبد اللہ نے کہا حدیث کی ہمسے فرج بن فضالہ یعنے ابو فضالہ شامی نے یحیی بن سعید سے اُسنے محمد بن عمر بن علی سے اُسنے علی بن ابی طالب سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب میری امت میں پندرہ خصلتیں ہوجائینگی تو اسمیں مصیبت اتر پڑیگی کسی نے کہا وہ کیا ہیں یا رسول اللہ فرمایا آپ نے جب غنیمت دولت ہوجائیگی اور امانت غنیمت اور زکوٰۃ تاوان۔ اور مرد اپنی بیوی کی اطاعت کرے اور اپنی والدہ کی نافرمانی اور اپنے دوست سے نکوئی کرے اور باپ سے ظلم۔ اور مسجدوں میں آوازیں بلند ہوں۔ اور رذیل تر قوم سے کفیل اسکا ہو۔ اور آدمی کی تعظیم ہو اسکے خوف شرارت کے مارے۔ اور شراب پیجائے اور ریشم پہنا جائے اور لونڈیاں گانیوالی اور کھیلنے کے آلے پکڑے جائیں۔ اور پچھلی اس امت کے پہلوں پر لعنت کریں تو اس وقت میں سرخ ہوا کی انتظاری کریں یا خسف یا مسخ کی۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو حدیث علی سے مگر اسی وجہ سے اور ہم نہیں جانتے کہ سوائے فرج بن فضالہ کے اور کسی نے یحیی بن سعید انصاری سے اس حدیث کو روایت کیا ہو اور بعض محدثین نے اسکے حق میں کلام کیا ہے اور اسکو حافظہ کی وجہ سے ضعیف کیا ہے اور اس سے وکیع اور کئی اماموں نے روایت کی ہے

[1] اس حدیث کے دو مطلب ہیں ایک تو یہ کہ قیامت اسوقت آویگی کہ زمین پر کوئی اللہ اللہ نہ کہیگا یعنے سب کافر ہو جائینگے دوسرا یہ کہ قیامت اسوقت ہوگی کہ گناہ پر کوئی انکار نہ کریگا یعنے اسوقت کوئی اتنا بھی

والنس وابی ھریرۃ وابی ذر ہٰذا حدیث حسن صحیح غریب من حدیث ابن عمر **باب** ما جاء لا تقوم الساعۃ حتی یخرج کذابون **حدثنا** محمود بن غیلان نا عبد الرزاق نا معمر عن ھمام بن منبہ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تقوم الساعۃ حتی ینبعث کذابون دجالون قریب من ثلاثین کلھم یزعم انہ رسول اللہ وفی الباب عن جابر بن سمرۃ وابن عمر ہٰذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** قتیبۃ نا حماد بن زید عن ایوب عن ابی قلابۃ عن ابی اسماء عن ثوبان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تقوم الساعۃ حتی تلحق قبائل من امتی بالمشرکین وحتی یعبدوا الاوثان وانہ سیکون فی امتی ثلاثون کذابون کلھم یزعم انہ نبی وانا خاتم النبیین لا نبی بعدی ہٰذا حدیث صحیح **باب** ما جاء فی ثقیف کذاب ومبیر **حدثنا** علی بن حجر نا الفضل بن موسیٰ عن شریک عن عبد اللہ بن عصم عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی ثقیف کذاب ومبیر وفی الباب عن اسماء بنت ابی بکر نا عبد الرحمٰن بن واقد نا شریک نحوہ ہٰذا حدیث حسن غریب من حدیث ابن عمر لا نعرفہ الا من حدیث شریک وشریک یقول عبد اللہ بن عصم واسرائیل یقول عبد اللہ بن عصمۃ ویقال الکذاب المختار بن ابی عبید والمبیر الحجاج بن یوسف نا ابو داؤد سلیمان بن سلم البلخی نا النضر بن شمیل عن ھشام بن حسان قال احصوا ما قتل الحجاج صبرا فبلغ مائۃ الف وعشرین الف قتیل **باب** ما جاء فی القرن الثالث **حدثنا** واصل بن عبد الاعلی نا محمد بن الفضیل عن الاعمش عن علی بن مدرک عن ھلال بن یساف عن عمران بن حصین قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اور انس اور ابی ہریرہ اور ابی ذر سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث طریق ابن عمر سے حسن صحیح غریب ہے۔ **باب** قیامت نہ قائم ہوگی جبتک کہ کذاب نہ نکلیں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے ہمام بن منبہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت نہ قائم ہوگی جبتک کہ کذاب دجال تقریبا تیس نہ نکلیں ہر ایک کہیگا کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ اور اس باب میں روایت ہے جابر بن سمرہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ایوب سے اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے ابی اسما سے اُسنے ثوبان سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت نہ قائم ہوگی یہانتک کہ کچھ قبیلے میری امت سے مشرکوں کے ساتھ نہ مل لیں اور تاکہ بتوں کی پرستش نہ ہولے اور جلدی ہی میری امت میں تیس کذاب ہونگے ہر ایک کہیگا کہ میں نبی ہوں اور میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ قبیلہ ثقیف میں کذاب اور ایک خونریز ہوگا **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے فضل بن موسیٰ نے شریک سے اُسنے عبد اللہ بن عصم سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ ثقیف میں ایک کذاب اور ایک خونریز ہوگا۔ اور اس باب میں روایت ہے اسماء بنت ابی بکر سے۔ **حدیث** کی ہمسے عبد الرحمٰن بن واقد نے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے مثل اسکے۔ یہ حدیث طریق ابن عمر سے حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق شریک سے اور شریک کہتا ہے عبد اللہ بن عصم اور اسرائیل کہتا ہے عبد اللہ بن عصمۃ۔ اور کہا گیا ہے کہ وہ کذاب مختار بن ابی عبید ہے اور خونریز وہ حجاج بن یوسف ہے حدیث کی ہمسے ابو داود یعنے سلیمان بن سلم بلخی نے کہا حدیث کی ہمسے نضر بن شمیل نے ہشام بن حسان سے کہا اُسنے لوگوں نے شمار کیا ہے اُن لوگوں کا جو حجاج نے قید کرکے قتل کئے ہیں سو اُن مقتولوں کی تعداد ایک لاکھ بیس[1] ہزار کو پہونچی ہے **باب** تیسرے قرن کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے واصل بن عبد الاعلیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے اعمش سے اُسنے علی بن مدرک سے اُسنے ہلال بن یساف سے اُسنے عمران بن حصین سے کہا اُسنے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے

[1] ایک لاکھ بیس ہزار وہ لوگ ہیں جو صرف اُسنے بیگناہ قتل کئے ہیں بغیر جنگ اور خطار کے۔ اور مختار کا باپ ابی عبید بن مسعود ثقفی جلیل القدر صحابہ سے ہے۔ اور مختار ہجرت کے سال میں پیدا ہوا ہے اسکی آنحضرت سے صحبت نہیں ہے اور نہ اُسنے آنحضرت کو دیکھا ہے یہ شخص علم اور فضل میں اپنے وقت میں مشہور تھا جبکہ اُسنے عبد اللہ بن زبیر کی مفارقت کی اور دنیا کی رغبت میں پھنس گیا تو اُسنے اپنے باطنی فساد اور باطل عقیدے جو کہ دین کے نہایت مخالف تھے ظاہر کئے اور انھیں عقائد باطلہ پر رہا حتے کہ مصعب بن زبیر کی خلافت میں شہر کوفہ میں مقتول ہوا ۱۲

حدثنا محمود بن غیلان نا ابو داؤد انبانا شعبة عن انس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم بعثت انا والساعة كهاتين واشار ابو داؤد بالسبابة والوسطى فما فضل احدهما على الاخرى هذا حديث حسن صحيح باب ماجاء في قتال الترك حدثنا سعيد بن عبد الرحمن وعبد الجبار بن العلاء قالا نا سفيان عن الزهري عن سعيد بن المسيب عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تقوم الساعة حتى تقاتلوا قوما نعالهم الشعر ولا تقوم الساعة حتى تقاتلوا قوما كان وجوههم المجان المطرقة وفي الباب عن ابي بكر الصديق وبريدة وابي سعيد وعمرو بن تغلب ومعوية هذا حديث حسن صحيح باب ماجاء اذا ذهب كسرى فلا كسرى بعده حدثنا سعيد بن عبد الرحمن نا سفيان عن الزهري عن سعيد بن المسيب عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا هلك كسرى فلا كسرى بعده واذا هلك قيصر فلا قيصر بعده والذي نفسي بيده لتنفقن كنوزهما في سبيل الله هذا حديث حسن صحيح باب لا تقوم الساعة حتى تخرج نار من قبل الحجاز حدثنا احمد بن منيع نا حسين بن محمد البغدادي نا شيبان عن يحيى بن ابي كثير عن ابي قلابة عن سالم بن عبد الله عن ابيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ستخرج نار من حضرموت او من نحو بحر حضرموت قبل يوم القيمة تحشر الناس قالوا يا رسول الله فما تامرنا فقال عليكم بالشام وفي الباب عن حذيفة بن اسيد

حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے قتادہ سے اُسنے انس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہین اور قیامت مثل ان دو انگلیون کے پیدا کئے گئے اور اشارت کی ابو داؤد نے ساتھ کلمے کی انگلی اور بیچ کی اُنگلی کے۔ سو کیا فضیلت ایک کی ہی دوسری پر[1] یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ باب قوم ترک کے جنگ کے بیان مین حدیث کی ہمسے سعید بن عبد الرحمن اور عبد الجبار بن علاء نے اور کہا دونون نے حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے قیامت نہ قائم ہوگی یہانتک کہ اے مسلمانو نہ لڑو تم اس قوم سے کہ جنکی جوتیان بال کی ہین اور نہ قیامت قائم ہوگی یہانتک کہ لڑو تم اس قوم سے کہ جنکے مُنھ جیسے ڈھالین ہین تہ بتہ جمین ہوئین موٹے مُنھ گول گول۔ اور اس باب مین روایت ہی ابی بکر صدیق اور بریدہ اور ابی سعید اور عمرو بن تغلب اور معاویہ سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی باب اس بیان مین کہ جب کسرے ہلاک ہوگا تو اسکے بعد کوئی کسرے نہ ہوگا حدیث کی ہمسے سعید بن عبد الرحمن نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے سعید بن مسیب سے اسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب کسرے ہلاک ہوگا تو اسکے بعد کوئی کسرے نہ ہوگا یعنے جب ایران کا بادشاہ ہلاک ہوگا تو اسکے بعد وہان کوئی بادشاہ نہ ہوگا۔ اور جب قیصر[2] یعنے روم کا بادشاہ ہلاک ہوگا تو کوئی اسکے بعد وہان کا بادشاہ نہ ہوگا۔ اور قسم ہی اس ذات کی کہ جسکے قابو مین میری جان ہی کہ ضرور اُن دونون ملکون کے خزانے خدا کی راہ مین بانٹے جاوینگے یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ باب قیامت نہ قائم ہوگی جبتک حجاز کی طرف سے آگ نہ نکلے حدیث کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے حسین بن محمد بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے شیبان نے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے سالم بن عبد اللہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جلدی قیامت سے پہلے حضرموت (نام شہر) سے آگ نکلے گی یا فرمایا حضرموت کے دریا کی طرف سے لوگون کو اٹھا لیجائیگی کہا لوگون نے یارسول اللہ سو آپ ہمکو کیا حکم دیتے ہین فرمایا آپ نے تم لازم پکڑو شام کو۔ اور اس باب مین روایت ہی حذیفہ بن اسید

[1] یعنے بیچ کی انگلی کی دوسری پر کچھ بہت فضیلت نہین اسیطرح قیامت مین بھی کچھ زیادہ دن باقی نہین رہے یہ قول راوی کا ہی حدیث کی تفسیر مین ۱۲ [2] خوزستان اور کرمان دو شہر ہین ایران اور توران مین وہان کے رہنے والے مراد ہین یا قوم ترک مراد ہین انکی صورتین ایسی ہی ہوتی ہین جیسا کہ حضرت نے فرمایا اسیطرح صحابہ حضرت کے بعد اُنسے لڑے اور فتحیاب ہوئے ۱۲ [3] یعنے روم اور ایران کے بادشاہون کے خاندان مین سلطنت نہ رہیگی اسلام کا عمل وہان ہوگا۔ یہ حدیث معجزہ تھی جیسا کہ حضرت نے فرمایا ویسا ہی ہوا چنانچہ ایران حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خلافت مین فتح ہوا چھتیس ہزار کا لشکر اسلام تھا ہر سپاہی کو بارہ ہزار درم ملے تھے تو اس حساب سے سب خزانہ ایران کا بیالیس کرور ہوا اور اسیطرح روم بھی مسلمانون کے ہاتھ سے فتح ہوا اور وہان کا خزانہ بھی لشکر اسلام مین تقسیم ہوا ۱۲

قال كلهم من قريش هذا حديث حسن صحيح وقد روي من غير وجه عن جابر بن سمرة **حدثنا** ابو كريب نا عمر بن عبيد عن ابيه عن ابي بكر بن ابي موسى عن جابر بن سمرة عن النبي صلى الله عليه وسلم مثل هذا الحديث هذا حديث غريب يستغرب من حديث ابي بكر بن ابي موسى عن جابر بن سمرة وفي الباب عن ابن مسعود وعبد الله بن عمرو **حدثنا** بندار نا ابو داؤد نا حميد بن مهران عن سعد بن اوس عن زياد بن كسيب العدوي قال كنت مع ابي بكرة تحت منبر ابن عامر وهو يخطب وعليه ثياب رقاق فقال ابو بلال انظروا الى اميرنا يلبس ثياب الفساق فقال ابو بكرة اسكت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من اهان سلطان الله في الارض اهانه الله هذا حديث حسن غريب **باب ما جاء في الخلافة** **حدثنا** احمد بن منيع نا سريج بن النعمان نا حشرج بن نباته عن سعيد بن جمهان قال ثني سفينة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الخلافة في امتي ثلاثون سنة ثم ملك بعد ذلك ثم قال لي سفينة امسك خلافة ابي بكر ثم قال وخلافة عمر وخلافة عثمان ثم قال امسك خلافة علي فوجدناها ثلثين سنة قال سعيد فقلت له ان بني امية يزعمون ان الخلافة فيهم قال كذبوا بنو الزرقاء بل هم ملوك من شر الملوك وفي الباب عن عمر وعلي قالا لم يعهد النبي صلى الله عليه وسلم في الخلافة شيئا هذا حديث حسن قد رواه غير واحد عن سعيد بن جمهان ولا نعرفه الا من حديث حشرج **حدثنا** يحيى بن موسى نا عبد الرزاق نا معمر عن الزهري عن سالم بن عبد الله بن عمر عن ابيه قال قيل لعمر بن الخطاب لو استخلفت قال ان استخلف

کو فرمایا آنحضرت نے کہ وہ سب سردار[1] قریش کی قوم سے ہونگے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور یہ کئی ایک وجہ سے جابر بن سمرہ سے مروی ہے حدیث کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے عمر بن عبید نے اپنے باپ سے اُسنے ابی بکر بن ابی موسیٰ سے اُسنے جابر بن سمرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اس حدیث کے۔ یہ حدیث غریب ہے غرابت اسکی طریق ابی بکر بن ابی موسیٰ کی وجہ سے ہے جو راوی ہے جابر بن سمرہ سے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن مسعود اور عبداللہ بن عمرو سے **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا حدیث کی ہمسے حمید بن مہران نے سعد بن اوس سے اُسنے زیاد بن کسیب عدوی سے کہا اُسنے میں ابی بکرہ کے ساتھ ابن عامر کے منبر کے نیچے تھا اس حالت میں کہ وہ خطبہ پڑھ رہا تھا اور اسپر باریک کپڑے تھے سو کہا ابو بلال نے ہمارے سردار کی طرف دیکھو کہ فاسقوں کے کپڑے پہنتا ہے پس کہا ابو بکرہ نے چپ کر میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ فرماتے جو کوئی اللہ کے بادشاہ کی زمین میں اہانت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسکی اہانت کرتا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے **باب خلافت کے بیان میں** **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے سریج بن نعمان نے کہا حدیث کی ہمسے حشرج بن نباتہ نے سعید بن جمہان سے کہا حدیث کی مجھے سفینہ نے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خلافت میری امت میں تیس سال تک ہے پھر بعد اسکے بادشاہی ہے۔ سعید کہتا ہے پھر مجھے سفینہ نے کہا کہ حضرت ابو بکر صدیق کی خلافت کا شمار کر پھر کہا اُسنے اور خلافت حضرت عمر کا اور خلافت حضرت عثمان کا پھر کہا اُسنے اور حساب کر خلافت حضرت علی کا سو ہمنے انکو تیس برس شمار کیا۔ کہا سعید نے پھر میں نے اس سے کہا کہ بنی امیہ کہتے ہیں کہ خلافت ہمارے گھر میں ہے کہا اُسنے زرقا (نام ایک عورت کا ہے جو انکے اصل سے تھی) کے بیٹے جھوٹ بولتے ہیں بلکہ وہ بڑے بادشاہوں سے بادشاہ ہیں۔ اور اس باب میں روایت ہے عمر اور علی سے رضی اللہ عنہما۔ کہا دونوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے خلافت کے حق میں کچھ زمانہ کی مدت بیان نہیں کی۔ یہ حدیث حسن ہے۔ روایت کیا اسکو کئی ایک نے سعید بن جمہان سے اور نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حشرج کے طریق سے **حدیث** کی ہمسے یحییٰ بن موسیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرزاق نے کہا حدیث کی معمر نے زہری سے اُسنے سالم بن عبداللہ بن عمر سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے حضرت عمر سے کسی نے کہا کاشکے کہ آپ خود خلیفہ اپنی جگہ مقرر فرماتے کہا حضرت عمر نے اگر میں خلیفہ بناؤں

---

[1] ہرچند حضرت کے بعد بہت سردار ہوئے لیکن مراد یہ ہے کہ بارہ سردار نہایت دیندار ہونگے سنت محمدی پر چلینگے چنانچہ حضرت کے چاروں خلیفے اور امام حسن اور عمر بن عبدالعزیز اور امام مہدی ایسے ہی ہیں باقی تفصیل خدا ہی جانتا ہے اور یہ جو شیعہ کہتے ہیں کہ بارہ امام مراد ہیں سو بے دلیل بات ہے اسواسطے کہ امیر سردار حاکم کو کہتے ہیں سو سوائے علی مرتضے اور امام حسن کے اور کسی کو ملک کی حکومت حاصل نہیں ہوئی کمال اور بزرگی اور چیز ہے لیکن یہاں حکومت کا بیان ہے ۱۲۱۲۱۲

يقول خير الناس قرني ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم ثم يأتي من بعدهم قوم يتسمنون ويحبون السمن يعطون الشهادة قبل ان يسالوها هكذا روى محمد بن فضيل هذا الحديث عن الاعمش عن علي بن مدرك عن هلال بن يساف وروى غير واحد من الحفاظ عن الاعمش عن هلال بن يساف ولم يذكروا فيه علي بن مدرك **حدثنا** الحسين بن حريث نا وكيع عن الاعمش نا هلال بن يساف عن عمران بن حصين عن النبي صلى الله عليه وسلم فذكر نحوه وهذا اصح عندي من حديث محمد بن فضيل وقد روي هذا الحديث من غير وجه عن عمران بن حصين عن النبي صلى الله عليه وسلم **حدثنا** قتيبة بن سعيد نا ابو عوانة عن قتادة عن زرارة بن اوفى عن عمران بن حصين قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير امتي القرن الذي بعثت فيهم ثم الذين يلونهم قال ولا اعلم اذكر الثالث ام لا ثم ينشؤ اقوام يشهدون ولا يستشهدون ويخونون ولا يؤتمنون ويفشو فيهم السمن هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء في الخلفاء **حدثنا** ابو كريب نا عمر بن عبيد عن سماك بن حرب عن جابر بن سمرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يكون من بعدي اثنا عشر اميرا قال ثم تكلم بشيء لم افهمه فسألت الذي يليني فقال

کہ فرماتے سب لوگوں سے بہتر میرے[1] زمانہ کے لوگ ہیں یعنے اصحاب پھر وہ لوگ بہتر ہیں جو اصحاب سے ملے ہوئے ہیں اور اُنکے شاگرد اور صحبت یافتہ ہیں یعنے تابعین پھر وہ لوگ بہتر ہیں جو تابعین سے ملے ہوئے ہیں اور اُنکے ہم صحبت ہیں یعنے تبع تابعین پھر بعد اُنکے وہ لوگ آوینگے جو فربہ ہونگے اور فربہی اور مٹاپے کو دوست رکھیں گے شہادت دینے پر تیار ہونگے اُنسے شہادت چاہنے سے پہلے۔ ایسا ہی محمد بن فضیل نے اس حدیث کو اعمش سے روایت کیا ہے اُسنے علی بن مدرک سے اُسنے ہلال بن یساف سے۔ اور کئی ایک نے حفاظ سے بواسطہ اعمش کے ہلال بن یساف سے روایت کی ہے اور انھوں نے اسمیں علی بن مدرک کا ذکر نہیں کیا **حدیث** کی ہمسے حسین بن حریث نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے اعمش سے کہا حدیث کی ہمسے ہلال بن یساف نے عمران بن حصین سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سو اُسنے مثل اسکے ذکر کیا۔ اور یہ حدیث میرے نزدیک محمد بن فضیل کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔ اور یہ حدیث کئی وجہ سے بواسطہ عمران بن حصین کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے ابو علا نے قتادہ سے اُسنے زرارہ بن اوفی سے اُسنے عمران بن حصین سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سب میری امت سے بہتر وہ زمانہ ہے کہ جسمیں میں خود پیدا ہوا یعنے اصحاب کا زمانہ پھر بعد اُنکے وہ لوگ بہتر ہیں جو اُنسے ملے ہوئے ہیں اور اُنکی صحبت والے ہیں یعنے تابعین کہا ابو ہریرہ نے اور میں نہیں جانتا کہ آنحضرت نے تیسرے زمانہ کا ذکر کیا یا نہیں پھر وہ لوگ پیدا ہونگے کہ گواہی دینگے اس حالت میں کہ گواہی اُنسے طلب نہ کی جائیگی اور خیانت کرینگے اور امانت نہ رکھے جائینگے اور اُنمیں فربہی ظاہر ہوگی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** خلیفوں کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے عمر بن عبید نے سماک بن حرب سے اُسنے جابر بن سمرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے بعد بارہ سردار ہونگے کہا جابر نے پھر آنحضرت نے کچھ بات کی کہ میں نے اسکو نہ سمجھا سو میں نے وہ بات اپنے پاس والے ساتھی سے پوچھی تو اُسنے کہا

[1] جلال الدین سیوطی نے شرح بخاری میں کہا ہے کہ قرن ایک زمانہ کے ہم عصر اور ہم وضع لوگوں کا نام ہے بعضے کہتے ہیں کہ ساٹھ برس کا قرن ہوتا ہے اور بعضوں کے نزدیک سو برس کا لیکن صحیح بات تو یہ ہے کہ قرن کی مدت کچھ مقرر نہیں سو حضرت اور اصحاب کا زمانہ ابتدا نبوت سے اخیر صحابی کی موت تک ایک سو بیس برس کا تھا اور تابعین کا زمانہ ایک سو ستر میں اخیر ہوا اور تبع تابعین کا زمانہ دو سو بیس ہجری تک تمام ہو چکا سو اسی وقت میں نہایت بدعتیں ظاہر ہوئیں اور فرقہ معتزلہ نے زبان درازی شروع کی اور حکمت کا علم یونانی زبان سے عربی میں ترجمہ ہوا اُسکو دریافت کر کے کچھ مسلمانوں کے عقیدے بگڑ گئے اور علما اہل سنت پر بادشاہوں کی زیادتیاں شروع ہوئیں غرض کہ اسلام میں بڑی مصیبت پڑی اور دین اُلٹ پلٹ گیا اور ہمیشہ دن بدن کمی ہوتی گئی۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت کے بعد حضرت کی صحبت کا برکت سے تین زمانوں تک خیریت غالب رہیگی بعد اسکے شر غالب ہوگا اور خیریت کم ہو جاویگی اور یہ مطلب نہیں کہ بالکل خیریت نہ رہیگی اسواسطے کہ امت محمدی قیامت تک سب کی سب بالکل کبھی نہ گمراہ ہوگی بلکہ ہر زمانہ میں کچھ اہل حق قائم رہینگے اگرچہ اہل باطل بکثرت ہوں اسیواسطے اہل سنت کا یہ قاعدہ ہے کہ جو قول اور فعل اصحاب اور تابعین اور تبع تابعین کے زمانہ میں بے رد اور بے انکار رائج تھا وہ حق ہے اُسکو قبول کیا چاہیے اور جو قول اور فعل ان تینوں زمانوں میں بے دلیل غیر رائج تھا وہ بدعت ہے اسکو ہرگز قبول نہ کیا چاہیے [2] یعنے انکو خوف خدا اور خوف قیامت نہ رہیگا جو ایمان اور نیک عمل سے روح کی صفائی کریں بلکہ آخرت کو بھول کر دنیا کی ریاست اور سامان کو کمال جانینگے ریاضت اور محنت چھوڑ کر بدن کی آرائش اور تازگی میں مشغول ہو کر بندہ شکم ہو جاوینگے جیسا کہ اس زمانہ کا حال ہے اور جھوٹ بولنے کی کچھ پرواہ نہ کرینگے ناحق گواہی دینے کو تیار ہونگے بدون خواہش مدعی اور حاکم کے گواہی پر مستعد ہونگے خلاصہ مطلب یہ کہ جب زمانہ بگڑا اور شر غالب ہوا تو کسی کے قول اور فعل کا اعتبار نہ رہا تو دیندار کو لازم ہے کہ سوائے اصحاب اور تابعین اور تبع تابعین کے کسی رسم اور راہ کو قبول نہ کریں اور امام ابو حنیفہ اور امام مالک اور امام شافعی اور امام احمد بن حنبل تبع تابعین کے زمانہ میں تھے ہمکو دین کا سمجھنا انکی محنت کے سبب سے

وفی الباب عن علی وابی سعید وام سلمة وابی هریرة هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** عبد الجبار بن العلاء العطار نا سفیان
بن عیینة عن عاصم عن زر عن عبد الله عن النبی صلی الله علیه وسلم قال یلی رجل من اهل بیتی یواطی اسمه اسمی قال عاصم ونا
ابو صالح عن ابی هریرة قال لو لم یبق من الدنیا الا یوم لطول الله ذلك الیوم حتی یلی هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد
بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبة قال سمعت زیدا العمی قال سمعت ابا الصدیق الناجی یحدث عن ابی سعید الخدری قال
خشینا ان یکون بعد نبینا حدث فسألنا نبی الله صلی الله علیه وسلم قال ان فی امتی المهدی یخرج یعیش خمسا او سبعا
او تسعا زید الشاك قال قلنا وما ذاك قال سنین فقال فیجیئ الیه الرجل فیقول یا مهدی اعطنی اعطنی قال فیحثی له فی ثوبه
ما استطاع ان یحمله هذا حدیث حسن وقد روی من غیر وجه عن ابی سعید عن النبی صلی الله علیه وسلم وابو الصدیق
الناجی اسمه بکر بن عمرو ویقال بکر بن قیس **باب** ماجاء فی نزول عیسی بن مریم **حدثنا** قتیبة نا اللیث عن ابن شهاب
عن سعید بن المسیب عن ابی هریرة ان النبی صلی الله علیه وسلم قال والذی نفسی بیده لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم
حکما مقسطا فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة ویفیض المال حتی لا یقبله احد هذا حدیث حسن صحیح **باب**
ماجاء فی الدجال **حدثنا** عبد الله بن معاویة الجمحی نا حماد بن سلمة عن خالد الحذاء عن عبد الله بن شقیق عن عبد الله بن سراقة
عن ابی عبیدة بن الجراح قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول انه لم یکن نبی بعد نوح الا قد انذر قومه الدجال وانی
انذرکموه فوصفه لنا رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال لعله سیدرکه بعض من رانی او سمع کلامی قالوا یا رسول الله

اور اس باب میں روایت ہے علی اور ابی سعید اور ام سلمہ اور ابی ہریرہ سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے عبد الجبار
بن علاء عطار نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے عاصم سے اُسنے زر سے اُسنے عبد اللہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا
آپ نے والی ہوگا ایک مرد میرے اہل بیت سے جو نام اُسکا میرے نام کے موافق ہے۔ کہا عاصم نے اور حدیث کی ہمسے ابو صالح نے ابی ہریرہ
سے کہا اُسنے اگر بالفرض دنیا میں سے ایک دن بھی باقی رہ گیا تو اسدن کو اللہ تعالیٰ لمبا کر دیگا تاکہ وہ حاکم ہو جائے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث**
کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے کہا اُسنے سنا میں نے زید عمی سے کہا اُسنے سنا میں نے ابا صدیق
ناجی سے کہ حدیث کرتا تھا ابی سعید خدری سے کہا اُسنے ہمکو اپنے نبی کے بعد بدعات کے پیدا ہونیکا خوف ہوا سو ہمنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا
آپ نے فرمایا میری امت میں امام مہدی نکلیگا پانچ اور سات یا نو رہیگا (زید شک کرنیوالا ہے) کہا اُسنے ہمنے کہا اور یہ پانچ سات کیا چیز ہیں کہا
اُسنے سال کہا اُسنے سو اسکے پاس ایک آدمی آئیگا اور کہیگا ای مہدی مجھے دے مجھے دے کہا اُسنے تو امام مہدی اسکے کپڑے میں جسقدر وہ اُٹھانیکی
طاقت رکھیگا ڈالدیگا۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور یہ حدیث کئی وجہ سے بواسطہ ابی سعید کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے۔ اور ابو الصدیق ناجی کا نام بکر
بن عمرو ہے اور کہا جاتا ہے بکر بن قیس۔ **باب** عیسی بن مریم علیہما السلام کے اُترنیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے
لیث نے ابن شہاب سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اُس ذات کی کہ جسکے قابو
میں میری جان ہے کہ البتہ عنقریب ہے کہ اُتریگا تم میں ای مسلمانو عیسے مریم کا بیٹا حاکم عادل ہوکر سو توڑیگا صلیب کو اور قتل کریگا خوک کو گرا دیگا جزیہ کو
اور کثرت سے پھیل پڑیگا مال یہانتک کہ کوئی اسکو قبول نہ کریگا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** دجال کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ
بن معاویہ جمحی نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے خالد حذا سے اُسنے عبد اللہ بن شقیق سے اُسنے عبد اللہ بن سراقہ سے اُسنے ابی عبیدہ بن جراح سے
کہا اُسنے سنا میں نے رسول اللہ صلعم سے کہ فرماتے حضرت نوح علیہ السلام کے بعد کوئی ایسا نبی نہیں ہوا کہ جسنے اپنی قوم کو دجال سے نہ ڈرایا ہو اور
میں بھی اس سے تمکو ڈراتا ہوں سو ہمارے پاس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکا بیان کیا اور فرمایا کہ امید ہے کہ بعض لوگ میرے دیکھنے والے
اسکو پائینگے یا فرمایا آپ نے بعض لوگ سننے والے میرے کلام کے اسکو پائینگے (شک راوی کا) کہا لوگوں نے یا رسول اللہ

۱؎ قیامت کے قریب امام مہدی کے وقت میں حضرت عیسے علیہ السلام آسمان سے اُتریںگے اور نصرانی دین کو مٹا دینگے محمدی دین پر عمل کرینگے۔ صلیب سولی کی صورت کو کہتے ہیں جیسے یہ شکل ہے نصاری اس شکل کی
بڑی تعظیم کرتے ہیں اسواسطے کہ انکے گمان میں حضرت عیسے علیہ السلام سولی پر مارے گئے ہیں اور چند ابھی نصاری سے جزیہ لینا درست ہے لیکن حضرت عیسے اپنے وقت میں نصاری سے جزیہ قبول نہ کرینگے
اگر وہ ایمان نہ لاوینگے تو انکو قتل کرینگے ۱۲ ۲؎ آنحضرت نے جو فرمایا ہے کہ بعض لوگ میرے دیکھنے والے اسکو پائینگے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مراد اس دجال سے ابن صیاد ہے جو آنحضرت کے زمانہ میں ہی پیدا ہوا تھا چنانچہ

فقد استخلف ابوبکر وان لم استخلف لم یستخلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وفی الحدیث قصة طویلة هذا
حدیث صحیح وقد روی من غیر وجه عن ابن عمر **باب** ماجاء ان الخلفاء من قریش الی ان تقوم الساعة **حدثنا**
حسین بن محمد البصری نا خالد بن الحرث نا شعبة عن حبیب بن الزبیر قال سمعت عبد اللہ بن ابی الهذیل یقول کان
ناس من ربیعة عند عمرو بن العاص فقال رجل من بکر بن وائل لتنتهین قریش اولیجعلن اللہ هذا الامر فی جمهور من
العرب غیرهم فقال عمرو بن العاص کذبت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یقول قریش ولاة الناس فی الخیر
والشر الی یوم القیمة وفی الباب عن ابن عمر وابن مسعود وجابر هذا حدیث حسن صحیح غریب **حدثنا** محمد بن بشار
نا ابوبکر الحنفی عن عبد الحمید بن جعفر عن عمر بن الحکم قال سمعت اباهریرة یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم
لا یذهب اللیل والنهار حتی یملك رجل من الموالی یقال له جهجاه هذا حدیث حسن غریب **باب** ماجاء فی الائمة
المضلین **حدثنا** قتیبة نا حماد بن زید عن ایوب عن ابی قلابة عن ابی اسماء عن ثوبان قال قال رسول اللہ صلی اللہ
علیه وسلم انما اخاف علی امتی ائمة مضلین قال وقال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم لا تزال طائفة من امتی علی
الحق ظاهرین لا یضرهم من خذلهم حتی یاتی امر اللہ هذا حدیث صحیح **باب** ماجاء فی المهدی **حدثنا**
عبید بن اسباط بن محمد القرشی نا ابی نا سفیان الثوری عن عاصم بن بهدلة عن زر عن عبد اللہ قال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیه وسلم لا تذهب الدنیا حتی یملك العرب رجل من اهل بیتی یواطی اسمه اسمی

تو حضرت ابوبکر سے خلیفہ بنایا ہے یعنے اگر میں خود بھی خلیفہ مقرر کر جاؤں تو کچھ عیب نہیں کیونکہ حضرت ابوبکر نے اپنے مرنیکے وقت خلیفہ خود مقرر کیا تھا یعنے مجھے۔ اور اگر میں خلیفہ نہ مقرر کروں تو آنحضرت نے خلیفہ مقرر نہیں کیا یعنے میرے خلیفہ مقرر نہ کرنے میں بھی عیب نہیں کیونکہ آنحضرت نے خود خلیفہ اپنا کوئی مقرر نہیں فرمایا۔ اس حدیث میں بڑا لمبا قصہ ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ اور کئی وجہ سے ابن عمر سے مروی ہے **باب** اس بیان میں کہ خلیفے قریش سے ہیں قیامت کے قائم ہونے تک **حدیث** کی ہمسے حسین بن محمد بصری نے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن حارث نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے حبیب بن زبیر سے کہا اُسنے سنا میں نے عبد اللہ بن ابی الہذیل سے کہ کہتا چند لوگ قوم ربیعہ سے عمرو بن عاص کے پاس تھے سو ایک مرد نے بکر بن وائل سے کہا چاہیئے کہ قریش فسق و فجور سے باز آئیں یا اللہ تعالے اس امر یعنے خلافت کو انکے سوا کے تمام عرب میں کر دیگا یعنے اگر باز نہ آئینگے تو خلافت انکے سوائے اور عرب کے لوگوں میں چلی جائیگی پس کہا عمرو بن عاص نے تو نے جھوٹ کہا ہے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ فرماتے قریش قیامت تک لوگوں کے والی ہیں خیر اور شر میں۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور ابن مسعود اور جابر سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابوبکر حنفی نے عبد الحمید بن جعفر سے اُسنے عمر بن حکم سے کہا اُسنے سنا میں نے ابا ہریرہ سے کہ کہتا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے رات دن نہ آخر ہونگے جبتک کہ ایک مرد غلاموں سے کہ جسکو جہجاہ کہا جاتا ہے بادشاہ نہ ہولے[1]۔ یہ حدیث حسن غریب ہے **باب** گمراہ کرنیوالوں اماموں کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ایوب سے اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے ابی اسماء سے اُسنے ثوبان سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میں اپنی امت پر گمراہ کرنیوالے اماموں کا خوف کرتا ہوں کہا اُسنے اور فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ ایک گروہ میری امت میں سے حق پر غالب[2] رہیگا نہیں ضرر دیگا انکو جو انکو خوار کرنیکا ارادہ رکھتا ہو تا آنکہ قیامت آئیگی۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ **باب** امام مہدی کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عبید بن اسباط بن محمد قرشی نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان ثوری نے عاصم بن بہدلہ سے اُسنے زر سے اُسنے عبد اللہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دنیا آخر نہ ہوگی جبتک ایک مرد عربی میرے اہل بیت سے کہ نام اُسکا میرے نام کے موافق ہے بادشاہ نہ ہولے

---

[1] یعنے بدون جہجاہ کی سلطنت کے قیامت نہ آئیگی قیامت سے پہلے اس نام کا بادشاہ ضرور ہوگا مگر معلوم نہیں کہ کب ہوگا اور کہاں ہوگا ۱۲ [2] مراد اس سے جہاد کرنیوالے لوگ ہیں اور امام احمد نے کہا ہے کہ مراد اس سے علماء اہل حدیث ہیں اسواسطے کہ سب علماء دین کو حدیث کی حاجت ہے علم تفسیر اور فقہ اور تاریخ والے سب حدیث کے محتاج ہیں اور بدعتی لوگ ہمیشہ اہل حدیث سے مغلوب اور اہل حدیث غالب رہتے ہیں وہ لوگ جو نئی بدعت نکالتے ہیں اسکو اہل حدیث پیغمبر کی حدیث سے مٹاتے ہیں ۱۲

عن يزيد بن قطيب السكوني عن ابي بحرية صاحب معاذ عن معاذ بن جبل عن النبي صلى الله عليه وسلم قال الملحمة العظمى وفتح القسطنطينية وخروج الدجال في سبعة اشهر وفي الباب عن الصعب بن جثامة وعبد الله بن بسر وعبد الله بن مسعود وابي سعيد الخدري هذا حديث حسن لا نعرفه الا من هذا الوجه **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو داؤد عن شعبة عن يحيى بن سعيد عن انس بن مالك قال فتح القسطنطينية مع قيام الساعة قال محمود هذا حديث غريب والقسطنطينية هي مدينة الروم تفتح عند خروج الدجال والقسطنطينية قد فتحت في زمان بعض اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم **باب** ما جاء في فتنة الدجال **حدثنا** علي بن حجر نا الوليد بن مسلم وعبد الله بن عبد الرحمن بن يزيد بن جابر دخل حديث احدهما في حديث الاخر عن عبد الرحمن بن يزيد بن جابر عن يحيى بن جابر الطائي عن عبد الرحمن بن جبير عن ابيه جبير بن نفير عن النواس بن سمعان الكلابي قال ذكر رسول الله صلى الله عليه وسلم الدجال ذات غداة فخفض فيه ورفع حتى ظنناه في طائفة النخل قال فانصرفنا من عند رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم رجعنا اليه فعرف ذلك فينا فقال ما شانكم قال قلنا يا رسول الله ذكرت الدجال الغداة فخفضت ورفعت حتى ظنناه في طائفة النخل قال غير الدجال اخوف لي عليكم ان يخرج وانا فيكم فانا حجيجه دونكم وان يخرج ولست فيكم فامرء حجيج نفسه والله خليفتي على كل مسلم انه شاب قطط عينه قائمة شبيه بعبد العزى بن قطن فمن راه منكم فليقرأ فواتح سورة اصحاب الكهف قال يخرج ما بين الشام والعراق فعاث يمينا وشمالا يا عباد الله اثبتوا قلنا يا رسول الله وما لبثه في الارض قال اربعين يوما يوم كسنة ويوم كشهر ويوم كجمعة وسائر ايامه كايامكم قال قلنا يا رسول الله ارايت اليوم الذي كالسنة اتكفينا فيه صلوة يوم

اُسنے یزید بن قطیب سکونی سے اُسنے ابی بحریہ سے جو معاذ کا شاگرد ہے اُسنے معاذ بن جبل سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے بڑی لڑائی (کہ جسمیں سَو میں سے ایک باقی رہیگا) اور فتح قسطنطینیہ اور نکلنا دجال کا سات مہینوں میں ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے صعب بن جثامہ اور عبداللہ بن بسر اور عبداللہ بن مسعود اور ابی سعید خدری سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر اسی طریق سے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے شعبہ سے اُسنے یحیی بن سعید سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے فتح قسطنطینیہ کا قیامت کے قائم ہونیکے ساتھ ہے۔ کہا محمود نے یہ حدیث غریب ہے اور قسطنطینیہ یہ روم کا ایک شہر ہے (جو آجکل دار الخلافہ روم کا ہے) دجال کے نکلنے کے وقت فتح ہوگا۔ اور قسطنطینیہ بعض نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کے وقت میں فتح ہوا ہے۔ **باب** فتنۂ دجال کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے ولید بن مسلم اور عبداللہ بن عبدالرحمن بن یزید بن جابر نے ایک کی حدیث دوسرے میں مل گئی ہے انھوں نے روایت کی عبدالرحمن بن یزید بن جابر سے اُسنے یحیی بن جابر طائی سے اُسنے عبدالرحمن بن جبیر سے اُسنے اپنے باپ جبیر بن نفیر سے اُسنے نواس بن سمعان کلابی سے کہا اُسنے ایکدن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دجال کا ذکر کیا سو اُسمیں آپ نے نیچا کیا اور بلند کیا حتے کہ ہمکو گمان ہوا کہ وہ کھجوروں کے ایک جانب میں ہے۔ کہا راوی نے پھر ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس سے چلے آئے پھر آپ کی طرف گئے سو آپ نے اسکا اثر ہم میں پایا پھر فرمایا تمھارا کیا حال ہے کہا راوی نے ہمنے کہا یا رسول اللہ آج آپ نے دجال کا ذکر کیا اور نیچا کیا اور بلند کیا حتے کہ ہمنے گمان کیا کہ وہ کھجوروں کی ایک جانب میں ہے فرمایا آپ نے دجال کے سوا اور چیز کا میں تمپر زیادہ خوف کرتا ہوں اگر وہ نکلا اس حالت میں کہ میں تم میں موجود ہوا تو میں اُس سے حجت کرنیوالا ہونگا سوائے تمھارے اور اگر وہ نکلا اس حالت میں کہ میں تم میں موجود نہوا تو ہر ایک آدمی اپنے نفس کا حجت کرنیوالا ہے اور اللہ خلیفہ میرا ہے ہر ایک مسلمان پر۔ وہ جوان ہے گھونگر والے بالوں والا ایک آنکھ اسکی کھڑی ہوئی ہے وہ عبدالعزی بن قطن کے مشابہ ہے سو جو کوئی تم میں سے اُسکو دیکھے تو چاہئے کہ ابتدا سورۂ اصحاب الکہف پڑھے۔ فرمایا آپ نے شام اور عراق کے درمیان نکلے گا اور دائیں بائیں تباہی پہونچائیگا اے اللہ کے بندو تم ٹھہرے رہیو ہمنے کہا یا رسول اللہ زمین میں ٹھہرنا اسکا کسقدر ہے فرمایا آپ نے چالیس دن ایکدن مثل سال کے ہے اور ایکدن مثل مہینہ کے اور ایکدن مثل جمعہ (ہفتہ) کے اور باقی دن مثل تمھارے اور دنوں کے۔ کہا راوی نے ہمنے کہا یا رسول اللہ ہمکو خبر دیجئے اُسدن کی جو مثل سال کے ہے کیا ہمکو اُسمیں ایکدن کی نماز کافی ہے

ف یعنے بعض حال اسکا برا بیان کیا کہ مثلاً کانا ہے اور اللہ کے نزدیک نہایت ذلیل ہے اور بعض حال اسکا عمدہ ذکر کیا کہ اس سے خوارق عادات ظاہر ہونگے ۱۲

فکیف قلوبنا یومئذ فقال مثلها یعنی الیوم او خیر وفی الباب عن عبداللہ بن بسر وعبداللہ بن مغفل وابی ھریرۃ ھذا حدیث حسن غریب من حدیث ابی عبیدۃ بن الجراح لانعرفہ الا من حدیث خالد الحذاء وابو عبیدۃ بن الجراح اسمہ عامر بن عبداللہ بن الجراح **حدثنا** عبد بن حمید نا عبدالرزاق نا معمر عن الزھری عن سالم عن ابن عمر قال قام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الناس فاثنی علی اللہ بما ھو اھلہ ثم ذکر الدجال فقال انی لانذرکموہ وما من نبی الا وقد انذر قومہ ولقد انذرہ نوح قومہ ولکن ساقول فیہ قولا لم یقلہ نبی لقومہ تعلمون انہ اعور وان اللہ لیس باعور قال الزھری فاخبرنی عمر بن ثابت الانصاری انہ اخبرہ بعض اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یومئذ للناس وھو یحذرھم فتنتہ تعلمون انہ لن یری احد منکم ربہ حتی یموت وانہ مکتوب بین عینیہ ک ف ر یقرءہ من کرہ عملہ ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** عبد بن حمید نا عبدالرزاق نا معمر عن الزھری عن سالم عن ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال تقاتلکم الیھود فتسلطون علیھم حتی یقول الحجر یا مسلم ھذا الیھودی ورائی فاقتلہ ھذا حدیث صحیح **باب** ما جاء من این یخرج الدجال **حدثنا** بندار واحمد بن منیع قالا نا روح بن عبادۃ نا سعید بن ابی عروبۃ عن ابی التیاح عن المغیرۃ بن سبیع عن عمرو بن حریث عن ابی بکر الصدیق قال حدثنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال الدجال یخرج من ارض بالمشرق یقال لھا خراسان یتبعہ اقوام کان وجوھھم المجان المطرقۃ وفی الباب عن ابی ھریرۃ وعائشۃ ھذا حدیث حسن غریب وقد رواہ عبداللہ بن شوذب عن ابی التیاح ولا یعرف الا من حدیث ابی التیاح **باب** ما جاء فی علامات خروج الدجال **حدثنا** عبداللہ بن عبدالرحمن نا الحکم بن المبارک نا الولید بن مسلم عن ابی بکر بن ابی مریم عن الولید بن سفیان

سو ہمارے دل اُسدن کسطرح ہونگے فرمایا آپ نے مثل آج دن کے یا اس سے بہتر۔ اور اس باب میں روایت ہے عبداللہ بن بسر اور عبداللہ بن مغفل اور ابی ہریرہ سے یہ حدیث طریق ابی عبداللہ بن جراح سے حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق خالد حذا سے اور ابو عبیدہ بن جراح کا نام عامر بن عبداللہ بن جراح ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے زہری سے اُسنے سالم سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لوگوں میں کھڑے ہوئے اور اللہ کی صفت کی جسکے وہ لائق ہے پھر دجال کا ذکر کیا اور فرمایا کہ میں تمکو اس سے ڈراتا ہوں اور کوئی ایسا نبی نہیں کہ جسنے اپنی قوم کو اس سے ڈرایا نہیں اور نوح علیہ السلام نے بھی اپنی قوم کو اس سے ڈرایا ہے لیکن میں تمکو اسکے حق میں ایک ایسی بات بتلاتا ہوں کہ کسی نبی نے اپنی قوم کو نہیں بتلائی تم جانتے ہو کہ وہ کانا ہے اور اللہ تعالیٰ کانا نہیں کہا زہری نے اور مجھے خبر دی ہے عمر بن ثابت انصاری نے یہ کہ خبر دی ہے اسکو بعض اصحاب نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ آنحضرت نے اُسدن لوگوں سے کہا اس حالت میں کہ انکو فتنے سے ڈرا رہے تھے کہ تم جانتے ہو کہ کوئی شخص تم میں سے اپنے رب کو نہیں دیکھتا تاآنکہ وہ مر جاتا ہے[1] اور یہ کہ اُسکی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر کا لفظ لکھا ہوا ہے پڑھیگا اسکو وہ جو اُسکے عملوں کو برا جانتا ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے زہری سے اُسنے سالم سے اُسنے ابن عمر سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تمہارے ساتھ یہود جنگ کرینگے سو تم اُنپر غالب رہوگے حتےکہ پتھر بولیگا اے مسلم یہ یہودی میرے پیچھے ہے سو اسکو قتل کر یہ حدیث صحیح ہے

باب کس جگہ سے دجال نکلے گا **حدیث** کی ہمسے بندار اور احمد بن منیع نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے روح بن عبادہ نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن ابی عروبہ نے ابی التیاح سے اُسنے مغیرہ بن سبیع سے اُسنے عمرو بن حریث سے اُسنے ابی بکر صدیق سے کہا اُسنے ہمسے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حدیث بیان کی فرمایا آپ نے مشرق کی زمین سے دجال نکلے گا جسکو خراسان کہا جاتا ہے اُسکے تابع ایسی قومیں ہونگی کہ گویا اُنکے منہ ڈھالیں ہیں تہ بتہ جمی ہوئی یعنے موٹے منہ گول گول اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور عائشہ سے یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت کیا اسکو عبداللہ بن شوذب نے ابی التیاح سے اور نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق ابی التیاح سے

باب دجال کے نکلنے کی علامات کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عبداللہ بن عبدالرحمن نے کہا حدیث کی ہمسے حکم بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے ولید بن مسلم نے ابی بکر بن ابی مریم سے اُسنے ولید بن سفیان سے

---

[1] یہ جو آپ نے فرمایا ہے کہ کوئی شخص تم میں سے اپنے رب کو نہیں دیکھتا کہ وہ مر جاتا ہے اسواسطے فرمایا ہے کہ اپنے رب حقیقی کو تو زندگی میں کوئی دیکھتا نہیں اور اسکو یعنے دجال کو لوگ دیکھیں گے تو معلوم ہوا کہ وہ رب نہیں دوسری علامت فرمائی کہ اسکی پیشانی پر لفظ کافر کا لکھا ہوا ہے اور یہ جو آپ نے فرمایا ہے کہ اسکو وہی پڑھیگا جو اسکے عملوں کو برا جانتا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حقیقۃً لفظ کافر کا لکھا ہوا نہیں بلکہ نیک لوگوں کے دل میں رب کیطرف

قال ويهبط عيسى واصحابه فلا يجدون موضع شبر الا وقد ملأته زهمتهم ونتنهم ودماؤهم قال فيرغب عيسى الى الله واصحابه قال فيرسل الله
عليهم طيرا كاعناق البخت فتحملهم فتطرحهم بالمهبل ويستوقد المسلمون من قسيهم ونشابهم وجعابهم سبع سنين ويرسل الله عليهم
مطرا لا يكن منه بيت وبر ولا مدر قال فيغسل الارض فيتركها كالزلفة قال ثم يقال للارض اخرجي ثمرتك وردي بركتك فيومئذ تاكل العصابة
الرمانة ويستظلون بقحفها ويبارك في الرسل حتى ان الفئام من الناس ليكتفون باللقحة من الابل وان القبيلة ليكتفون باللقحة من البقر
وان الفخذ ليكتفون باللقحة من الغنم فبينما هم كذلك اذ بعث الله ريحا فقبضت روح كل مؤمن ويبقى سائر الناس يتهارجون كما يتهارج
الحمر فعليهم تقوم الساعة هذا حديث غريب حسن صحيح لا نعرفه الا من حديث عبد الرحمن بن يزيد بن جابر **باب** ما جاء في
صفة الدجال **حدثنا** محمد بن عبد الاعلى الصنعاني نا المعتمر بن سليمان عن عبيد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر عن النبي صلى الله
عليه وسلم انه سئل عن الدجال فقال الا ان ربكم ليس باعور الا وانه اعور عينه اليمنى كانها عنبة طافية وفي الباب عن سعد وحذيفة
وابي هريرة واسماء وجابر بن عبد الله وابي بكرة وعائشة وانس وابن عباس والفلتان بن عاصم هذا حديث حسن صحيح غريب من حديث
عبد الله بن عمر **باب** ما جاء في ان الدجال لا يدخل المدينة **حدثنا** عبدة بن عبد الله الخزاعي نا يزيد بن هارون نا شعبة
عن قتادة عن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يأتي الدجال المدينة فيجد الملائكة يحرسونها فلا يدخلها الطاعون ولا الدجال
ان شاء الله وفي الباب عن ابي هريرة وفاطمة بنت قيس ومحجن واسامة بن زيد وسمرة بن جندب هذا حديث صحيح **حدثنا** قتيبة
نا عبد العزيز بن محمد عن العلاء بن عبد الرحمن عن ابيه عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الايمان يمان والكفر من قبل المشرق

فرمایا آپ نے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور اُنکے اصحاب پہاڑ سے اُتر ینگے اور بالشت بھر زمین نہ پائینگے کہ اُنکی میل اور بو اور خون نے اسجگہ کو پُر نہ کیا ہو
فرمایا آپ نے پھر حضرت عیسیٰ اور اُنکے اصحاب اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں گے فرمایا آپ نے پھر اللہ تعالیٰ اُنپر جانور مثل بختی اونٹوں لمبی گردن والے
بھیجے گا سو وہ اُنکو اٹھا کر غار میں ڈالدینگے۔ اور مسلمان اُنکی کمانوں اور تیروں اور ترکشوں سے سات سال آگ جلاتے رہینگے اور اللہ تعالیٰ اُنپر ایسی
بارش بھیجے گا کہ کوئی گھر اس سے جنگلی اور شہری چھپا نہ رہیگا فرمایا آپ نے پھر اللہ تعالیٰ زمین کو دھوکر اُسکو مثل حوض[1] پر آب کے چھوڑ دیگا۔ فرمایا آنحضرت نے
پھر زمین سے کہا جائیگا کہ اپنے میوے نکال دے اور اپنی برکتیں پھیر دے سو اُسدن ایک جماعت انار کو کھائیگی اور چھلکے سے سایہ پکڑ لیگی یعنے حجم
میں بہت بڑھ جائیگا اور دودھ میں برکت ہو جائیگی حتے کہ آدمیوں کی ایک جماعت کے واسطے ایک اونٹنی دودھ دینے والی کافی ہوگی اور ایک قبیلہ کو ایک
گائے دودھ دینے والی کافی ہوگی اور چھوٹے قبیلہ کو ایک بکری دودھ دینے والی کافی ہوگی سو وہ لوگ اسی حالت پر ہونگے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہوا
بھیجے گا اور وہ تمام مومنوں کی روح قبض کر لیگی اور باقی لوگ فساد کرنیوالے رہجائینگے جیسے کہ گدھے فساد کرتے ہیں بس اُنپر قیامت قائم ہوگی۔ یہ
حدیث غریب حسن صحیح ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق عبد الرحمٰن بن یزید بن جابر سے۔ **باب** دجال کی صفت کے بیان میں **حدیث**
کی ہمسے محمد بن عبد الاعلیٰ صنعانی نے کہا حدیث کی ہمسے معتمر بن سلیمان نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ
علیہ وسلم سے کہ آنحضرت سے کسی نے دجال کی بابت سوال کیا پس فرمایا آپ نے خبردار تمہارا رب کانا نہیں خبردار اور اُسکی داہنی آنکھ کانی ہے گویا کہ
انگور کا دانہ ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے سعد اور حذیفہ اور ابی ہریرہ اور اسماء اور جابر بن عبد اللہ اور ابی بکرہ اور عائشہ اور انس اور ابن عباس اور فلتان بن
عاصم سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے طریق عبد اللہ بن عمر سے **باب** اس بیان میں کہ دجال مدینہ میں داخل نہیں ہوگا **حدیث**
کی ہمسے عبدہ بن عبد اللہ خزاعی نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے قتادہ سے اُسنے انس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے دجال مدینہ میں آئیگا اور اُسکو اس حالت میں پائیگا کہ فرشتے اُسکی حراست کرتے ہونگے سو اُسمیں طاعون (نام بیماری) اور
دجال انشاء اللہ تعالیٰ داخل نہیں ہو سکتا اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور فاطمہ بنت قیس اور محجن اور اسامہ بن زید اور سمرہ بن جندب سے
رضی اللہ عنہم یہ حدیث صحیح ہے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے علاء بن عبد الرحمٰن سے اُسنے اپنے باپ سے
اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عمدہ[2] ایمان یمن کا ہے اور کفر مشرق کی طرف سے ہے

[1] یعنے جب مینہ برسیگا تو زمین ایسی صاف ہو جائیگی جیسے کہ حوض پر آب ہوتا ہے حوض سے تشبیہ لطافت اور صفائی میں ہے ۱۲
[2] جب یمن کے لوگ حضرت کے پاس آئے اور ایمان لائے تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی اور فرمایا کہ یمن کے لوگ نہایت نرم دل ہوتے ہیں اس حدیث سے بڑی فضیلت اہل یمن کی ثابت ہوئی اور حضرت کا یہ قول نہایت سچ ہے کہ ہمیشہ یمن میں بڑے بڑے عالم اور درویش ہوتے رہے ۱۲

قال لا ولكن اقدروا له قلنا يا رسول الله فما اسرعته فى الارض قال كالغيث استدبرته الريح فيأتى القوم فيدعوهم فيكذبونه ويردون عليه قوله فينصرف عنهم فتتبعه اموالهم فيصبحون ليس بايديهم شئ ثم يأتى القوم فيدعوهم فيستجيبون له ويصدقونه فيأمر السماء ان تمطر فتمطر ويأمر الارض ان تنبت فتنبت فتروح عليهم سارحتهم كاطول ما كانت ذرى وامده خواصر وادره ضروعا ثم يأتى الخربة فيقول لها اخرجى كنوزك فينصرف منها فتتبعه كيعاسيب النحل ثم يدعو رجلا شابا ممتليا شبابا فيضربه بالسيف فيقطعه جزلتين ثم يدعوه فيقبل يتهلل وجهه يضحك فبينما هو كذلك اذ هبط عيسى بن مريم بشرقى دمشق عند المنارة البيضاء بين مهرودتين واضعا يده على اجنحة ملكين اذا طأطأ راسه قطر واذا رفعه تحدر منه جمان كاللؤلؤ قال ولا يجد ريح نفسه يعنى احد الا مات وريح نفسه منتهى بصره قال فيطلبه حتى يدركه بباب لد فيقتله قال فيلبث كذلك ما شاء الله قال ثم يوحى الله اليه ان حرز عبادى الى الطور فانى قد انزلت عبادا لى لا يدان لاحد بقتالهم قال ويبعث الله ياجوج وماجوج وهم كما قال الله وهم من كل حدب ينسلون قال فيمر اولهم ببحيرة الطبرية فيشرب ما فيها ثم يمر بها اخرهم فيقولون لقد كان بهذه مرة ماء ثم يسيرون حتى ينتهوا الى جبل بيت المقدس فيقولون لقد قتلنا من فى الارض فهلم فلنقتل من فى السماء فيرمون بنشابهم الى السماء فيرد الله عليهم نشابهم محمرا دما ويحاصر عيسى بن مريم واصحابه حتى يكون رأس الثور يومئذ خيرا لهم من مائة دينار لاحدكم اليوم قال فيرغب عيسى بن مريم الى الله واصحابه قال فيرسل الله عليهم النغف فى رقابهم فيصبحون فرسى موتى كموت نفس واحدة

فرمایا آپ نے نہیں لیکن تم اسکا اندازہ کر دیجیو کہا یا رسول اللہ اسکا جلدی چلنا زمین پر کسقدر ہے فرمایا آپ نے مثل اُس بارش کے کہ جسکے پیچھے ہوا لگی ہو پس ایک قوم کے پاس آئیگا اور انکو اپنی طرف بلائیگا سو وہ اسکو جھٹلائینگے اور اُسکی بات کو رد کرینگے سو اُنسے چلا جائیگا اور اُنکا مال اسکے پیچھے لگے گا پس صبح کے وقت انکے ہاتھوں میں کوئی چیز نہ رہ جائیگی۔ پھر دوسری قوم کے پاس آئیگا اور انکو اپنی طرف بلائیگا سو وہ اسکو قبول کرینگے اور اسکو سچا جانینگے پس وہ آسمان کو برسنے کا حکم دیگا تو وہ برسے گا اور زمین کو اُگانیکا حکم دیگا تو وہ اُگائیگی پس شام ہوتے ہی اُنکے چارپائے پہلی حالت سے کوہانیں لمبے ہوجائینگے اور کیلیوں میں بڑھ جائینگے یعنے بہت کھانا کھائینگے اور دودھ دینے میں بہت ہو جائینگے۔ پھر ایک زمین کے پاس آئیگا اور اُسکو کہیگا کہ اپنے خزانے نکالدے سو اُس سے چلیگا تو وہ خزانے اُسکے پیچھے لگیں گے مثل مکھیوں کے سردار کے یعنے جیسے اُسکے پیچھے مکھیاں لگ چلتی ہیں ایسے اُسکے پیچھے خزانے لگیں گے پھر ایک مرد جوان کو بلائیگا جو کہ جوانی میں پُر ہوگا اور اُسکو تلوار مار کر اُسکے دو ٹکڑے کر دیگا پھر اُسکو بلائیگا اور وہ اُسکے بلانے کو قبول کریگا (یعنے جی اُٹھیگا) اس حالت میں کہ اُسکا چہرہ ہنستا ہوگا سو وہ اُسی حالت میں ہوگا کہ عیسیٰ بن مریم دو فرشتوں کے پروں پر اپنے ہاتھ رکھے ہوئے دمشق کے شرقی منارہ بیضا کے پاس جو درمیان دو زرد رنگ مناروں کے ہے اُترینگے جب وہ سر مبارک نیچے کرینگے تو اُس سے قطرے پانی کے گرینگے اور جب اسکو بلند کرینگے تو اُس سے دانے مثل موتیوں کے گرینگے۔ فرمایا آپ نے اور جو کوئی کافر اُسکی بو معلوم کریگا وہ فی الفور مر جائیگا۔ اور بو اُسکی اُسکی نظر کی انتہا تک پہنچے گی۔ فرمایا آپ نے پھر حضرت عیسیٰ دجال کی تلاش کرینگے یہانتک کہ اُسکو دروازہ لد کے پاس پائیں گے اور اُسکو قتل کرینگے پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام اسی حالت پر جبتک اللہ تعالیٰ کی مرضی ہوگی رہینگے فرمایا آپ نے پھر اللہ تعالیٰ اُنکی طرف وحی کریگا کہ میرے بندوں کو کوہ طور کی طرف لیجا کیونکہ میں اپنے ایسے بندے اُتارنیوالا ہوں کہ کسیکو اُنکے جنگ کی طاقت نہیں فرمایا آپ نے اور اللہ تعالیٰ یاجوج اور ماجوج بھیجے گا اور وہ اسطرح ہونگے جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ ہر اونچی زمین سے دوڑتے ہونگے فرمایا آپ نے اور پہلے اُنکے بحیرہ طبریہ میں گذرینگے اور جو کچھ اسمیں پانی ہوگا پیجائینگے پھر آخر کے اسمیں گذرینگے اور کہیں گے کبھی اس جگہ میں ایکدفعہ پانی ہوا ہے پھر وہ چلیں گے حتے کہ بیت المقدس کے پہاڑ کے پاس پہونچیں گے اور کہیں گے ہمنے قتل کر ڈالا ہے اُنکو جو زمین میں تھے آؤ اب اُنکو قتل کریں جو آسمان میں ہیں پھر اپنے تیر آسمان کی طرف پھینکیں گے اور اللہ تعالیٰ اُنپر اُنکے تیر خون سے رنگے ہوئے واپس کریگا اور عیسیٰ بن مریم اور اُنکے اصحاب بند کئے ہوئے ہونگے حتے کہ اُسدن گائے کا ایک سر اُنکے نزدیک بہتر ہوگا سو دینار سے جو آجکے دن تمھارے لئے ہو۔ فرمایا آپ نے پھر عیسیٰ بن مریم اور اُنکے اصحاب اللہ تعالیٰ سے دعا کرینگے تو اللہ تعالیٰ اُنپر اُنکی گردنوں میں کرم بھیجے گا پھر صبح ہوتی ہی مرجائینگے مثل مرنے ایک جان کے یعنے یکدفعہ

وقد خلفت ولدی بالمدینۃ الم یقل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تحل لہ مکۃ الست من اہل المدینۃ وھو ذا انطلق معک الی مکۃ
قال فواللہ ما زال یجیٔ بھذا حتی قلت فلعلہ مکذوب علیہ ثم قال یا ابا سعید واللہ لاخبرنک خبرا حقا واللہ انی لاعرفہ واعرف والدہ واین
ھو الساعۃ من الارض فقلت تبالک سائر الیوم ھذا حدیث حسن **حدثنا** عبد بن حمید نا عبد الرزاق نا معمر عن الزھری عن سالم عن
ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مر بابن صیاد فی نفر من اصحابہ منھم عمر بن الخطاب وھو یلعب مع الغلمان عند اطم بنی مغالۃ وھو
غلام فلم یشعر حتی ضرب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظھرہ بیدہ ثم قال اتشھد انی رسول اللہ فنظر الیہ ابن صیاد فقال اشھد انک رسول الامیین
قال ثم قال ابن صیاد للنبی صلی اللہ علیہ وسلم اتشھد انی رسول اللہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اٰمنت باللہ ورسلہ ثم قال النبی
صلی اللہ علیہ وسلم ما یاتیک قال ابن صیاد یاتینی صادق وکاذب فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم خلط علیک الامر ثم قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم انی قد خبات لک خبیئا وخبأ لہ یوم تاتی السماء بدخان مبین فقال ابن صیاد ھو الدخ فقال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم اخسأ فلن تعدو قدرک قال عمر یا رسول اللہ ائذن لی فاضرب عنقہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یک حقا
فلن تسلط علیہ وان لا یک فلا خیر لک فی قتلہ قال عبد الرزاق یعنی الدجال **حدثنا** سفیان بن وکیع نا عبد الاعلی عن الجریری عن
ابی نضرۃ عن ابی سعید قال لقی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابن صائد فی بعض طرق المدینۃ فاحتبسہ وھو غلام یھودی ولہ ذؤابۃ
ومعہ ابو بکر وعمر فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتشھد انی رسول اللہ فقال اتشھد انت انی رسول اللہ فقال النبی صلی اللہ
علیہ وسلم اٰمنت باللہ وکتبہ ورسلہ والیوم الاٰخر فقال لہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما تری قال اری عرشا فوق الماء فقال النبی صلی اللہ
علیہ وسلم تری عرش ابلیس فوق البحر

اور میں تو مدینہ میں اپنی اولاد چھوڑ آیا ہوں۔ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا اسکے لئے مکہ میں داخل ہونا حلال نہیں کیا میں
اہل مدینہ سے نہیں ہوں اور تیرے ساتھ مکہ کی طرف جا رہا ہوں کہا ابو سعید نے پس قسم ہے اللہ کی بہت دیر تک یہ باتیں کرتا رہا تاکہ میں نے کہا کہ
شاید (یعنے تہمت دجال) اُسپر کذب ہے پھر کہنے لگا اے ابا سعید قسم ہے اللہ کی میں تجھے خبر صحیح دیتا ہوں قسم ہے اللہ کی کہ میں اُسکو یعنے دجال کو پہچانتا ہوں
اور اُسکے والد کو بھی پہچانتا ہوں اور اس گھڑی زمین سے وہ کہاں ہے پھر میں نے کہا ہلاکت ہو تجھے باقی روز یعنے اس بات سے ثابت ہوا کہ تو
اپنے قول پر ثابت نہیں رہا۔ یہ حدیث حسن ہے۔ **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے معمر
نے زہری سے اُسنے سالم سے اُسنے ابن عمر سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنی صحابہ کی جماعت میں ابن صیاد کے پاس گذرے انمیں حضرت
عمر بن خطاب بھی تھے اور وہ یعنے ابن صیاد بنی مغالہ کے لڑکوں سے کھیل رہا تھا اور وہ خود بھی لڑکا تھا پس اُسنے معلوم نہ کیا تاکہ رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم نے اسکی پیٹھ پر اپنا ہاتھ مبارک مارا پھر فرمایا کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں پس ابن صیاد نے آپکی طرف نظر کر کے کہا میں
گواہی دیتا ہوں کہ آپ اَن پڑھوں کے لئے رسول ہیں کہا راوی نے پھر ابن صیاد نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں
اللہ کا رسول ہوں پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے میں اللہ کے ساتھ ایمان لایا ہوں اور اُسکے رسولوں کے ساتھ پھر فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے
تیرے پاس کیسے خبر آتی ہے کہا ابن صیاد نے میرے پاس سچے اور جھوٹے دونوں آتے ہیں پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے تجھپر یہ امر مخلوط ہو گیا
ہے پھر فرمایا آنحضرت نے (اُسکا امتحان لینے کے واسطے) اُس سے کہا کہ میں نے تیرے لئے ایک چیز پوشیدہ رکھی ہے۔ اور آنحضرت نے یہ آیت یوم تاتی السماء
بدخان مبین اُسکے لئے پوشیدہ رکھی یعنے یہ آیت دل میں سوچ رکھی تھی کہا ابن صیاد نے وہ دخ ہے پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سو تیری
قدر نہیں بڑھے گی۔ کہا حضرت عمر نے یا رسول اللہ مجھے حکم دیجئے کہ اسکی گردن ماروں سو فرمایا آنحضرت نے اگر یہ وہ ٹھیک دجال ہے تو تجھے اسپر قدرت
نہیں ہو سکے گی اور اگر یہ وہ نہیں تو تجھے اسکے قتل کرنے میں کچھ فائدہ نہیں کہا عبد الرزاق نے یعنے دجال کو۔ **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے
کہا حدیث کی ہمسے عبد الاعلے نے جریری سے اُسنے ابی نضرہ سے اُسنے ابی سعید سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ابن صیاد کو مدینہ کی کسی گلی میں
ملے سو آپنے اُسکو پکڑ لیا اور وہ یہودی لڑکا تھا اُسکے زلفیں تھیں اور آپ کے ساتھ حضرت ابو بکر اور عمر بھی تھے پس آنحضرت نے اُس سے کہا کیا تو گواہی دیتا ہے کہ
میں اللہ کا رسول ہوں وہ کہنے لگا کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میں ایمان لایا ہوں ساتھ اللہ کے
اور اُسکے رسولوں کے اور دن آخر کے پھر آنحضرت نے اُس سے کہا تو کیا دیکھتا ہے کہنے لگا میں ایک عرش پانی پر دیکھتا ہوں فرمایا آنحضرت نے یہ دریا پر شیطان کا عرش دیکھتا ہے

والسكينة لاهل الغنم والفخر والرياء في الفدادين اهل الخيل واهل الوبر يأتي المسيح اذا جاء دبر احد صرفت الملائكة وجهه قبل الشام وهنالك يهلك
هذا حديث صحيح **باب** ما جاء في قتل عيسى بن مريم الدجال **حدثنا** قتيبة نا الليث عن ابن شهاب انه سمع عبيد الله بن عبد الله
بن ثعلبة الانصاري يحدث عن عبد الرحمن بن يزيد الانصاري من بني عمرو بن عوف قال سمعت عمي مجمع بن جارية الانصاري يقول سمعت
رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول يقتل ابن مريم الدجال بباب لُدّ وفي الباب عن عمران بن حصين ونافع بن عتبة وابي برزة وحذيفة بن اسيد
وابي هريرة وكيسان وعثمن بن ابي العاص وجابر وابي امامة وابن مسعود وعبد الله بن عمرو وسمرة بن جندب والنواس بن سمعان وعمرو
بن عوف وحذيفة بن اليمان هذا حديث صحيح **باب حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبة عن قتادة قال سمعت انسا قال
قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من نبي الا وقد انذر امته الاعور الكذاب الا انه اعور وان ربكم ليس باعور مكتوب بين عينيه كافر هذا
حديث صحيح **باب** ما جاء في ذكر ابن صياد **حدثنا** سفيان بن وكيع نا عبد الاعلى عن الجريري عن ابي نضرة عن ابي سعيد قال صحبت
ابن صياد اما حجاجا واما معتمرين فانطلق الناس وتركت انا وهو فلما خلصت به اقشعررت منه واستوحشت منه مما يقول الناس فيه فلما نزلت
قلت له ضع متاعك حيث تلك الشجرة قال فابصر غنما فاخذ القدح فانطلق فاستحلب ثم اتاني بلبن فقال لي يا ابا سعيد اشرب فكرهت
ان اشرب عن يده شيئا لما يقول الناس فيه فقلت له هذا اليوم يوم صائف واني اكره فيه اللبن فقال يا ابا سعيد لقد هممت ان آخذ حبلا
فاوثقه الى الشجرة ثم اختنق لما يقول الناس لي وفيّ ارأيت من خفي عليه حديثي فلن يخفى عليكم انتم اعلم الناس بحديث رسول الله صلى الله
عليه وسلم يا معشر الانصار الم يقل رسول الله صلى الله عليه وسلم انه كافر وانا مسلم الم يقل رسول الله صلى الله عليه وسلم انه عقيم لا يولد له

اور نرمی بکری چرانے والوں میں ہے اور فخر اور ریا سخت آواز کرنے والوں میں یعنے گھوڑوں والوں اور اونٹوں والوں میں آئیگا مسیح یعنے دجال سو جب احد کے پیچھے آئیگا تو فرشتے منہ اسکا شام کی طرف پھیر دینگے اور اسجگہ ہلاک ہوگا۔ یہ حدیث صحیح ہے **باب** اس بیان میں کہ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام دجال کو قتل کرینگے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن شہاب سے یہ کہ سنا اُسنے عبید اللہ بن عبد اللہ بن ثعلبہ انصاری سے کہ حدیث کرتا تھا عبد الرحمن بن یزید انصاری سے جو بنی عمرو بن عوف سے ہے کہا اُسنے سنا میں نے اپنے چچا مجمع بن جاریہ انصاری سے کہتا سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام دجال کو لد (نام موضع کا جو شام میں ہے) کے دروازہ میں قتل کرینگے۔ اور اس باب میں روایت ہے عمران بن حصین اور نافع بن عتبہ اور ابی برزہ اور حذیفہ بن اسید اور ابی ہریرہ اور کیسان اور عثمان بن ابی العاص اور جابر اور ابی امامہ اور ابن مسعود اور عبد اللہ بن عمرو اور سمرہ بن جندب اور نواس بن سمعان اور عمرو بن عوف اور حذیفہ بن یمان سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ **باب حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے قتادہ سے کہا سنا میں نے انس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی پیغمبر[1] نہیں مگر اُسنے اپنی امت کو ڈرایا ہے کانے بڑے جھوٹے سے خبردار ہو کہ مقرر وہ کانا ہوگا اور بیشک تمہارا رب کانا نہیں اسکی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ **باب** ابن صیاد کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الاعلیٰ نے جریری سے اُسنے ابی نضرہ سے اُسنے ابی سعید سے کہا اُسنے ابن صیاد میرا ہم صحبت ہوا یا حج کرتے ہوئے یا عمرہ کرتے ہوئے سو لوگ تو چلے گئے اور میں اور وہ باقی رہا پس جب میں اسکے ساتھ اکیلا ہوا تو میں اس سے ڈرا اور مجھے اس سے وحشت پیدا ہوئی اس سبب سے کہ جو لوگ اسکے حق میں باتیں کرتے ہیں کہ مثلاً یہ دجال ہے سو جب میں اُترا یعنے جب سفر سے آرام کیا تو اُس سے کہا اپنا اسباب اس درخت کے پاس رکھدے کہا ابو سعید نے سو اُسنے ایک بکری دیکھی اور پیالہ پکڑا اور چلا اور اُس بکری کو دوہا پھر میرے پاس دودھ لیکر آیا اور کہنے لگا اے ابا سعید پی پس میں نے اسکے ہاتھ سے کچھ بھی پینے کو مکروہ جانا اس سبب سے کہ لوگ اسکے حق میں کچھ باتیں کرتے ہیں سو میں نے اُس سے کہا یہ دن تو گرمی کے ہیں اور میں ان دنوں میں دودھ کو برا جانتا ہوں پھر کہنے لگا اے ابا سعید میں قصد کرتا ہوں کہ ایک رسی لیکر اُسکو درخت کے ساتھ باندھوں پھر پھانسی لوں اس سبب سے جو لوگ میرے حق میں باتیں کرتے ہیں۔ تو خبر دے اُس شخص کو کہ جسپر میری بات پوشیدہ ہے اور تمپر تو پوشیدہ نہیں تم تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیث کے زیادہ عالم ہو اے گروہ انصار کے کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا کہ وہ یعنے دجال کافر ہے اور میں مسلمان ہوں۔ کیا آنحضرت نے یہ نہیں فرمایا کہ وہ عقیم ہے اُسکے اولاد نہیں

[1] حضرت نے ایکبار خطبہ پڑھا اور فرمایا کہ ہر چند ہر ایک پیغمبر نے اپنی امت کو دجال کی خبر دی ہے مگر میں تمکو بتلاتا ہوں کہ وہ کانا ہوگا اور کفر اُسکی پیشانی پر لکھا ہوگا یعنے ایسا صاف پتا کسی پیغمبر نے نہیں بتلایا کہ جس سے

فقال ارأيتكم ليلتكم هذه على رأس مائة سنة منها لا يبقى ممن هو على ظهر الارض احد قال ابن عمر فوهل الناس في مقالة رسول الله صلى الله عليه وسلم تلك فيما يتحدثون بهذه الاحاديث نحو مائة سنة وانما قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يبقى ممن هو اليوم على ظهر الارض احد يريد بذلك ان ينخرم ذلك القرن هذا حديث صحيح **باب** ماجاء في النهي عن سب الرياح **حدثنا** اسحق بن ابراهيم بن حبيب بن الشهيد نا محمد بن فضيل نا الاعمش عن حبيب بن ابي ثابت عن ذر عن سعيد بن عبد الرحمن بن ابزى عن ابيه عن ابي بن كعب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تسبوا الريح فاذا رأيتم ما تكرهون فقولوا اللهم انا نسألك من خير هذه الريح وخير ما فيها وخير ما امرت به ونعوذ بك من شر هذه الريح وشر ما فيها وشر ما امرت به وفي الباب عن عائشة وابي هريرة وعثمان بن ابي العاص وانس وابن عباس وجابر هذا حديث حسن صحيح **باب حدثنا** محمد بن بشار نا معاذ بن هشام نا ابي عن قتادة عن الشعبي عن فاطمة بنت قيس ان نبي الله صلى الله عليه وسلم صعد المنبر فضحك فقال ان تميم الداري حدثني بحديث ففرحت فاحببت ان احدثكم ان ناسا من اهل فلسطين ركبوا سفينة في البحر فجالت بهم حتى قذفتهم في جزيرة من جزائر البحر فاذا هم بدابة لباسة ناشرة شعرها فقالوا ما انت قالت انا الجساسة قالوا فاخبرينا قالت لا اخبركم ولا استخبركم ولكن ائتوا اقصى القرية فان ثم من يخبركم ويستخبركم فاتينا اقصى القرية فاذا رجل موثق بسلسلة فقال اخبروني عن عين زغر قلنا ملأى تدفق قال اخبروني عن البحيرة قلنا ملأى تدفق قال اخبروني عن نخل بيسان الذي بين الاردن وفلسطين هل اطعم قلنا نعم قال اخبروني عن النبي هل بعث قلنا نعم قال اخبروني كيف الناس اليه قلنا سراع قال فنزى نزوة حتى كاد قلنا فما انت قال انا الدجال وانه يدخل الامصار كلها الا طيبة وطيبة المدينة هذا حديث حسن صحيح غريب من حديث قتادة عن الشعبي وقد رواه غير واحد عن الشعبي عن فاطمة بنت قيس

اور فرمایا بھلا خبر دو ہمیں تم کو اپنی اس رات کی خبر یہ ہے کہ سو سال کے سر تک اس سے جو آدمی کہ زمین پر ہے کوئی باقی نہ رہیگا۔ کہا ابن عمر نے سو لوگ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اس کلام کی تفسیر میں غلطی میں واقع ہوئے یعنے مراد آنحضرت کی اس بات سے تقریباً سو برس ہی یعنے سو سال تک قیامت آجاویگی حالانکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تو یہ فرمایا ہے کہ جو کوئی آج کے دن زمین پر ہے اُنمیں سے کوئی باقی نہیں رہیگا اُنکی اس سے مراد یہ تھی کہ یہ قرن اتنے میں گذر جائیگا یہ حدیث صحیح ہے **باب** اس بیان میں کہ ہوا کو گالیاں دینی منع ہے **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن ابراہیم بن حبیب بن شہید نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے کہا حدیث کی ہمسے اعمش نے حبیب بن ابی ثابت سے اُسنے ذر سے اُسنے سعید بن عبد الرحمن بن ابزی سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی بن کعب سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہوا کو گالیاں مت دو سو جب تم ایسی بات دیکھو کہ جسکو تم برا جانتے ہو تو یہ کہو اے اللہ ہم تجھسے اس ہوا کی بھلائی اور اسکے اندر کی بھلائی اور جسکے واسطے یہ آندھی بھیجی گئی ہے اسکی بھلائی مانگتے ہیں اور اس ہوا کی برائی اور اندر کی برائی سے اور جس واسطے یہ بھیجی گئی ہے اسکی برائی سے پناہ مانگتے ہیں۔ اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور ابی ہریرہ اور عثمان بن ابی العاص اور انس اور ابن عباس اور جابر سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے معاذ بن ہشام نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے قتادہ سے اُسنے شعبی سے اُسنے فاطمہ بنت قیس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم منبر پر چڑھے اور ہنس پڑے پھر فرمایا کہ تمیم داری نے مجھے ایک بات سنائی ہے سو میں اس سے خوش ہوا ہوں سو میں دوست رکھتا ہوں کہ وہ تمکو بھی سناؤں وہ یہ ہے کہ چند لوگ اہل فلسطین سے دریا میں ایک کشتی میں سوار ہوئے سو وہ کشتی جولانی میں آئی یہاں تک کہ اُسنے انکو بحر کے جزیروں میں سے ایک جزیرے میں ڈالدیا سو ناگاہ وہ ایک دابہ کے پاس جو چھپا ہوا تھا اور بال اسکے اشکارا تھے جا پہونچے سو اُنھوں نے کہا تو کون ہے کہا اُسنے میں جساسہ ہوں کہا اُنھوں نے سو ہمکو کوئی خبر دے کہا اُسنے میں تمکو کوئی خبر نہیں دیتا اور نہ تمسے کوئی خبر پوچھتا ہوں لیکن تم اس گانوں کے آخر میں آؤ سو اسجگہ ایک ایسا شخص ہے جو تمکو خبر بتلائیگا اور تمسے کوئی خبر پوچھیگا پس ہم آخر گانوں کے آئے دیکھا تو ایک مرد ہے زنجیروں سے قید کیا ہوا پس کہا اُسنے مجھے زغر کے چشمہ کی خبر بتلاؤ ہمنے کہا وہ پر ہے جوش مارتا ہے کہا اُسنے بحیرہ طبریہ کی خبر بتلاؤ ہمنے کہا وہ بھی پر ہے جوش مارتا ہے کہا اُسنے اُن بیستان کی کھجوروں کی خبر بتلاؤ جو اردن اور فلسطین کے درمیان میں کہا اُنھوں نے پھل اُتار رہے ہمنے کہا ہاں کہا اُسنے مجھے خبر دو نبی سے کیا تم میں کوئی بھیجا گیا ہے ہمنے کہا ہاں کہا اُسنے مجھے خبر دو کہ کسطرح لوگ اسکی طرف جاتے ہیں ہمنے کہا بہت جلدی کہا راوی نے پھر وہ بہت کودا ایسے کہ قریب تھا کہ آسمان پر چڑھ جائے۔ ہمنے کہا سو تو کون ہے کہا اُسنے میں دجال ہوں اور میں سوائے طیبہ کے اور تمام شہروں میں داخل ہونگا اور طیبہ مدینہ کا نام ہے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے طریق قتادہ سے جو راوی ہے شعبی سے اور روایت کیا ہے اسکو کئی ایک نے شعبی سے اُسنے فاطمہ بنت قیس سے

قال ماترى قال ارى صادقا وكاذبين او صادقين وكاذبا قال النبى صلى الله عليه وسلم لبس عليه فدعاه وفى الباب عن عمر وحسين بن علی وابن عمر وابی ذر وابن مسعود وجابر وحفصة هذا حديث حسن **حدثنا** عبدالله بن معوية الجمحى نا حماد بن سلمة عن على بن زيد عن عبد الرحمن بن ابى بكرة عن ابيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يمكث ابوالدجال وامه ثلاثين عاما لا يولد لهما ولد ثم يولد لهما غلام اعور اضر شئ واقله منفعة تنام عيناه ولا ينام قلبه ثم نعت لنا رسول الله صلى الله عليه وسلم ابويه فقال ابوه طوال ضرب اللحم كان انفه منقار وامه امرأة فرضاخية طويلة الثديين قال ابوبكرة فسمعت بمولود فى اليهود بالمدينة فذهبت انا والزبير بن العوام حتى دخلنا على ابويه فاذا نعت رسول الله صلى الله عليه وسلم فيهما قلنا هل لكما ولد فقالا مكثنا ثلاثين عاما لا يولد لنا ولد ثم ولد لنا غلام اعور اضر شئ واقله منفعة تنام عيناه ولا ينام قلبه قال فخرجنا من عندهما فاذا هو منجدل فى الشمس فى قطيفة وله همهمة فكشف عن رأسه فقال ما قلتما قلنا وهل سمعت ما قلنا قال نعم تنام عيناى ولا ينام قلبى هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من حديث حماد بن سلمة **باب** **حدثنا** هناد نا ابو معوية عن الاعمش عن ابى سفيان عن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما على الارض نفس منفوسة يعنى اليوم يأتى عليها مائة سنة وفى الباب عن ابن عمر وابى سعيد وبريدة هذا حديث حسن **حدثنا** عبد بن حميد نا عبد الرزاق نا معمر عن الزهرى عن سالم بن عبد الله وابى بكر بن سليمان وهو ابن ابى حثمة ان عبد الله بن عمر قال صلى بنا رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات ليلة صلوة العشاء فى اخر حيوته فلما سلم قام

فرمایا آپ نے کیا دیکھتا ہے کہنے لگا میں دیکھتا ہوں ایک سچا اور دو جھوٹے یا دو سچے ایک جھوٹا یعنے میرے پاس سچی جھوٹی خبریں آتی ہیں کبھی ایک سچی ہوتی ہے دو جھوٹی کبھی دو جھوٹی ایک سچی۔ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اسپر امر ملتبس ہو گیا ہے پھر آپ نے اسکو چھوڑ دیا۔ اور اس باب میں روایت ہے عمر اور حسین بن علی اور ابن عمر اور ابی ذر اور ابن مسعود اور جابر اور حفصہ سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے عبداللہ بن معاویہ جمحی نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے علی بن زید سے اُسنے عبدالرحمن بن ابی بکرہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ماں باپ دجال کے تیس سال تک اس حالت پر رہینگے کہ اُنکے یہاں اولاد پیدا نہ ہوگی پھر اُنکے واسطے ایک لڑکا کانا بہت ضرر دینے والا اور بہت کم نفع دینے والا پیدا ہوگا اسکی آنکھیں سوئینگی اور اسکا دل نہ سوئیگا پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکے والدین کی صفت بیان کی سو فرمایا کہ باپ اسکا لمبا ہے خفیف گوشت یعنے دبلا گویا ناک اُسکی چونچ ہے۔ اور ماں اُسکی فربہ ہے لمبی پستانوں والی۔ کہا ابو بکرہ نے پھر میں نے (اس قسم کا) ایک لڑکا مدینہ میں سنا سو میں اور زبیر بن عوام گئے تاکہ ہم اسکے والدین پر داخل ہوئے دیکھا تو آنحضرت نے جو انکی صفت بیان کی تھی انمیں موجود ہے۔ ہمنے کہا کیا تمہارا کوئی لڑکا ہے کہا دونوں نے ہم تیس سال تک اسی حالت پر رہے کہ ہمارے کوئی لڑکا پیدا نہ ہوا پھر ہمارا ایک لڑکا کانا پیدا ہوا ضرر دینے میں زیادہ ہے نفع دینے میں کم اسکی آنکھیں سوتی ہیں اور اسکا دل نہیں سوتا کہا راوی نے پھر ہم اُن دونوں سے نکل آئے اور دیکھا تو وہ یعنے بیٹا انکا سورج میں ایک چادر میں زمین پر پڑا ہوا ہے۔ اور اُسکی نرم آواز ہے سو وہ کپڑا ہمنے اسکے سر سے کھولا اور کہنے لگا تم نے کیا کہا ہے ہمنے کہا کیا تو نے سنا ہے جو کچھ ہمنے کہا ہے کہا اُسنے ہاں میری آنکھیں سوتی ہیں اور میرا دل نہیں سوتا یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق حماد بن سلمہ سے **باب** **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابی سفیان سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی نفس[1] سانس لینے والا آج دن زمین پر ایسا نہیں کہ اسپر سو سال گذریں اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور ابی سعید اور بریدہ سے یہ حدیث حسن ہے۔ **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے زہری سے اُسنے سالم بن عبداللہ اور ابی بکر بن سلیمان سے جو ابی حثمہ کا بیٹا ہے یہ کہ عبداللہ بن عمر نے کہا ہمکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے آخر عمر میں ایک رات عشا کی نماز پڑھائی پھر جب سلام پھیر اُٹھ کھڑے ہوئے

---

[1] عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے آخر عمر میں ہمکو عشا کی نماز پڑھائی پھر یہ حدیث فرمائی یعنے سو برس سے زیادہ اسوقت میں کسیکی عمر نہ ہوگی مطلب حدیث کا یہ ہے کہ جب عمر ایسی کم ٹھہری تو دنیا کا لالچ کرنا بیفائدہ ہے دوسرا فائدہ یہ ہے کہ حضرت نے جانا تھا کہ میرے بعد بعضے جھوٹے لوگ میری صحبت کا دعوی کرینگے جیسے کہ ہندوستان میں کئی سو برس کے بعد بابا رتن حضرت کی صحبت کا دعوی کرتا تھا سو اس حدیث سے اسکا دعوی غلط ہو گیا اسواسطے کہ حضرت کے قرن کے لوگ سو برس کے اندر ہو چکے تھے۔ اسی حدیث سے بعض لوگوں نے دلیل پکڑی ہے کہ حضرت خضر زندہ نہیں ہیں مگر اسپر اعتراض وارد ہوتا ہے کہ اگر اس حدیث کو عام رکھا جائے تو لازم آتا ہے کہ دجال بھی مر چکا ہو ہاں اگر یوں کہا جائے کہ اسکے لئے زندگی جو قیامت تک ثابت ہے اسکے لئے دلیل قوی پائی جاتی ہے برخلاف زندگی حضرت خضر کے

ان بینك وبینها بابا مغلقا قال عمر ایفتح ام یکسر قال بل یکسر قال اذن لا یغلق الی یوم القیمة قال ابو وائل فی حدیث حماد فقلت لمسروق سل حذیفة عن الباب فسأله فقال عمر هذا حدیث صحیح **باب حدثنا** هارون بن اسحق الهمدانی نا محمد بن عبد الوهاب عن مسعر عن ابی حصین عن الشعبی عن العدوی عن کعب بن عجرة قال خرج الینا رسول الله صلی الله علیه وسلم ونحن تسعة خمسة واربعة احد العددین من العرب والاخر من العجم فقال اسمعوا هل سمعتم انه سیکون بعدی امراء فمن دخل علیهم فصدقهم بکذبهم واعانهم علی ظلمهم فلیس منی ولست منه ولیس بوارد علی الحوض ومن لم یدخل علیهم ولم یعنهم علی ظلمهم ولم یصدقهم بکذبهم فهو منی وانا منه وهو وارد علی الحوض هذا حدیث صحیح غریب لا نعرفه من حدیث مسعر الا من هذا الوجه قال هارون وثنی محمد بن عبد الوهاب عن سفیان عن ابی حصین عن الشعبی عن عاصم العدوی عن کعب بن عجرة عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه قال هارون وثنی محمد عن سفیان عن زبید عن ابراهیم ولیس بالنخعی عن کعب بن عجرة عن النبی صلی الله علیه وسلم نحو حدیث مسعر وفی الباب عن حذیفة وابن عمر **حدثنا** اسمعیل بن موسی الفزاری ابن ابنة السدی الکوفی نا عمر بن شاکر عن انس بن مالك قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم یاتی علی الناس زمان الصابر فیهم علی دینه کالقابض علی الجمر هذا حدیث غریب من هذا الوجه وعمر بن شاکر روی عنه غیر واحد من اهل العلم وهو شیخ بصری **باب حدثنا** قتیبة نا عبد العزیز بن محمد عن العلاء بن عبد الرحمن عن ابیه عن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم وقف علی ناس جلوس فقال الا اخبرکم بخیرکم من شرکم قال فسکتوا فقال ذلك ثلث مرات فقال رجل بلی یا رسول الله اخبرنا بخیرنا من شرنا قال خیرکم من یرجی خیره ویؤمن شره وشرکم من لا یرجی خیره ولا یؤمن شره هذا حدیث صحیح **باب**

حدثنا موسی بن عبد الرحمن الکندی نا زید بن حباب اخبرنی موسی

درمیان آپ کے اور اس فتنے کے دروازہ ہے بند کیا ہوا کہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کیا وہ دروازہ کھولا جاویگا یا توڑا جاویگا کہا حذیفہ نے بلکہ توڑا جاویگا کہا حضرت عمر نے اسوقت قیامت تک بند نہیں ہوگا کہا ابو وائل نے حماد کی حدیث میں میں نے مسروق سے کہا حذیفہ سے دروازے کی بابت سوال کر کہ وہ کیا ہے پس اُسنے اس سے پوچھا تو کہا اُسنے وہ دروازہ عمر ہیں۔ یہ حدیث صحیح ہے **باب حدیث** کی ہمسے ہارون بن اسحاق ہمدانی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن عبد الوہاب نے مسعر سے اُسنے ابی حصین سے اُسنے شعبی سے اُسنے عدوی سے اُسنے کعب بن عجرہ سے کہا اُسنے ہمپر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نکلے اور ہم نو آدمی تھے پانچ ایک اور چار ایک۔ ایک گروہ اُنمیں سے عرب سے تھا اور دوسرا عجم سے۔ پس فرمایا آپ نے سنو کیا تمنے سنا ہے کہ میرے بعد امیر ہونگے سو جو کوئی اُنپر داخل ہوا اور انکے کذب پر انکی تصدیق کی اور انکے ظلم پر انکی مدد کی تو وہ شخص مجھسے نہیں اور نہ میں اُس سے ہوں اور نہ وہ میرے پاس حوض پر آنیوالا ہے۔ اور جو کوئی اُنپر داخل نہ ہوا اور انکے ظلم پر انکی اعانت نہ کی اور انکے کذب پر انکی تصدیق نہ کی تو وہ مجھسے ہے اور میں اُس سے ہوں اور وہ میرے پاس حوض پر آنیوالا ہے۔ یہ حدیث صحیح غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو طریق مسعر سے سوائے اس وجہ کے۔ کہا ہارون نے اور حدیث کی مجھے محمد بن عبد الوہاب نے سفیان سے اُسنے ابی حصین سے اُسنے شعبی سے اُسنے عاصم عدوی سے اُسنے کعب بن عجرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے۔ کہا ہارون نے اور حدیث کی مجھے محمد نے سفیان سے اُسنے زبید سے اُسنے ابراہیم سے اور یہ ابراہیم نخعی نہیں ہے اُسنے کعب بن عجرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل حدیث مسعر کے۔ اور اس باب میں روایت ہے حذیفہ اور ابن عمر سے **حدیث** کی ہمسے اسمعیل بن موسی فزاری یعنے سدی کوفی کے نواسے نے کہا حدیث کی ہمسے عمر بن شاکر نے انس بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئیگا کہ انمیں صبر کرنیوالا دین پر مثل اسکے ہے کہ جیسے آگ کی چنگاری کو پکڑنیوالا ہے۔ یہ حدیث اس طریق سے غریب ہے اور عمر بن شاکر سے کئی ایک نے اہل علم سے روایت کی ہے اور یہ شیخ بصری ہے **باب حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے علا بن عبد الرحمن سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم چند لوگوں پر جو بیٹھے ہوئے تھے کھڑے ہوئے اور فرمایا کیا میں تمکو خبر نہ دوں تمہارے بہتر کی تمہارے برے سے کہا راوی نے سو وہ خاموش ہو رہے پس آپ نے یہ کلمہ تین بار فرمایا پھر ایک مرد نے کہا کیوں نہیں یا رسول اللہ آپ ہماری بہتر کی ہمارے برے سے خبر دیجیے فرمایا آپ نے بہتر تم میں سے وہ ہے کہ جسکی نیکی کی امید رکھی جاوے اور اسکی برائی سے امن رہے اور برا تم میں سے وہ ہے کہ جسکی نیکی کی امید نہ رکھی جائے اور اسکی برائی سے امن نہ ہو یہ حدیث صحیح ہے **باب حدیث** کی ہمسے موسی بن عبد الرحمن کندی نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے کہا خبر دی مجھے موسے

باب حدثنا محمد بن بشار نا عمرو بن عاصم نا حماد بن سلمة عن علی بن زید عن الحسن عن جندب عن حذیفة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا ینبغی للمؤمن ان یذل نفسہ قالوا وکیف یذل نفسہ قال یتعرض من البلاء لما لا یطیق هذا حدیث حسن غریب **باب** حدثنا محمد بن حاتم المؤدب نا محمد بن عبد اللہ الانصاری نا حمید الطویل عن انس بن مالک عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انصر اخاک ظالما او مظلوما قیل یا رسول اللہ نصرتہ مظلوما فکیف انصرہ ظالما قال تکفه عن الظلم فذاک نصرک ایاہ وفی الباب عن عائشة هذا حدیث حسن صحیح **باب** حدثنا محمد بن بشار نا عبد الرحمٰن بن مهدی نا سفیان عن ابی موسیٰ عن وهب بن منبه عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من سکن البادیة جفا ومن اتبع الصید غفل ومن اتی ابواب السلطان افتتن وفی الباب عن ابی هریرة هذا حدیث حسن غریب من حدیث ابن عباس لا نعرفه الا من حدیث الثوری حدثنا محمود بن غیلان نا ابو داؤد انبانا شعبة عن سماک بن حرب قال سمعت عبد الرحمٰن بن عبد اللہ بن مسعود یحدث عن ابیہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول انکم منصورون ومصیبون ومفتوح لکم فمن ادرک ذالک منکم فلیتق اللہ ولیأمر بالمعروف ولینه عن المنکر ومن یکذب علی متعمدا فلیتبوأ مقعدہ من النار هذا حدیث حسن صحیح **باب** حدثنا محمود بن غیلان نا ابو داؤد نا شعبة عن الاعمش وعاصم بن بهدلة وحماد سمعوا ابا وائل عن حذیفة قال قال عمر ایکم یحفظ ما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الفتنة فقال حذیفة انا قال حذیفة فتنة الرجل فی اهله وماله وولدہ وجارہ تکفرها الصلوٰة والصوم والصدقة والامر بالمعروف والنهی عن المنکر قال عمر لست عن هذا اسالک ولکن عن الفتنة التی تموج کموج البحر قال یا امیر المؤمنین

باب حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن عاصم نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے علی بن زید سے اُسنے حسن سے اُسنے جندب سے اُسنے حذیفہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مومن کو لائق نہیں کہ اپنے نفس کو ذلیل کرے کہا لوگوں نے کسطرح کوئی اپنے نفس کو ذلیل کرتا ہے فرمایا آپ نے اُن مصیبتوں میں متعرض ہو کہ جنکی وہ طاقت نہیں رکھتا یہ حدیث حسن غریب ہے **باب** حدیث کی ہمسے محمد بن حاتم مؤدب نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن عبد اللہ انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے حمید طویل نے انس بن مالک سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے اپنے بھائی کی مدد کر خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم کسی نے کہا یا رسول اللہ میں اسکے مظلوم ہونیکی حالت میں تو مدد کر سکتا ہوں سو اسکے ظالم ہونیکی حالت میں کیونکر اسکی مدد کروں فرمایا آپ نے اسکو ظلم سے بند کر سو یہ کام کرنا اسکے لئے تیری مدد ہے اور اس باب میں روایت ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمٰن بن مهدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی موسیٰ سے اُسنے وہب بن منبہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جس کسی نے جنگل میں سکونت اختیار کی اُسنے ظلم کیا یعنے طبیعت اسکی سخت ہو گئی اور جو کوئی شکار کے پیچھے لگا وہ غافل ہوا اور جو کوئی بادشاہوں کے دروازے پر آیا وہ فتنے میں پڑا۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے طریق ابن عمر سے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق ثوری سے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے سماک بن حرب سے کہا اُسنے سنا میں نے عبد الرحمٰن بن عبد اللہ بن مسعود سے کہ حدیث کرتا تھا اپنے باپ سے کہا اُسنے سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے بیشک تم فتح پاؤ گے اور مال حاصل کرو گے اور تمھارے لئے شہر فتح ہونگے سو جو کوئی تم میں سے یہ بات پائے تو چاہیئے کہ اللہ سے ڈرے اور نیکی کا حکم کرے اور برے کاموں سے منع کرے اور جو کوئی مجھپر دیدہ و دانستہ جھوٹ بولے تو چاہیئے کہ وہ اپنی جگہ آگ میں بنائے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے اعمش اور عاصم بن بہدلہ اور حماد سے سنا اُنھوں نے ابا وائل سے اُسنے روایت کی حذیفہ سے کہا اُسنے کہا عمر نے کون تم میں سے وہ بات یاد رکھتا ہے جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فتنے کے باب میں فرمائی ہے پس کہا حذیفہ نے میں یاد رکھتا ہوں کہا حذیفہ نے فتنہ[1] مرد کا اسکے اہل اور مال اور اولاد اور ہمسائے میں اسکے لئے نماز اور روزہ اور صدقہ اور امر بالمعروف اور برے کاموں سے منع کرنا ہی کفارہ ہو جاتا ہے کہا حضرت عمر نے میں نے تجھ سے اس سے سوال نہیں کیا لیکن اُس فتنہ سے جو جوش مارینگا مثل جوش دریا کے۔ کہا اُسنے اے امیر المؤمنین

[1] فتنہ مرد کا اہل کے ساتھ یہ ہے کہ اس سے سختی سے پیش آوے۔ اور مال میں فتنہ یہ ہے کہ غیر محل میں اسکو صرف کرے اور اولاد کے ساتھ فتنہ یہ ہے کہ اس سے اتنی محبت رکھے کہ وہ محبت اسکو بہت نیکیوں سے روک رکھے اور ہمسائے کے ساتھ فتنہ یہ ہے کہ اسکا زوال چاہے ان سب امور سے نماز وغیرہ امور جو حدیث میں مذکور ہوئے ہیں کفارہ ہو جاتے ہیں ۱۲ تا ۱۲

حدثنا احمد بن سعید الاشقر نا یونس بن محمد و ہاشم بن القاسم قالا نا صالح المری عن سعید الجریری عن ابی عثمن النہدی عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کانت امراءکم خیارکم واغنیاءکم سمحاءکم وامورکم شوری بینکم فظہر الارض خیر لکم من بطنہا واذا کانت امراءکم شرارکم واغنیاءکم بخلاءکم وامورکم الی نساءکم فبطن الارض خیر لکم من ظہرہا هذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من حدیث صالح المری وصالح فی حدیثہ غرائب لا یتابع علیہا وہو رجل صالح **باب** حدثنا ابراہیم بن یعقوب الجوزجانی نا نعیم بن حماد نا سفیان بن عیینۃ عن ابی الزناد عن الاعرج عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انکم فی زمان من ترک منکم عشر ما امر بہ ہلک ثم یاتی زمان من عمل منہم بعشر ما امر بہ نجا هذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من حدیث نعیم بن حماد عن سفیان بن عیینۃ وفی الباب عن ابی ذر وابی سعید حدثنا عبد بن حمید نا عبد الرزاق انا معمر عن الزہری عن سالم عن ابن عمر قال قام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی المنبر فقال ہہنا ارض الفتن واشار الی المشرق حیث یطلع قرن الشیطان او قال قرن الشمس هذا حدیث حسن صحیح حدثنا قتیبۃ نا رشدین بن سعد عن یونس عن ابن شہاب الزہری عن قبیصۃ بن ذویب عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخرج من خراسان رایات سود فلا یردہا شیء حتی تنصب بایلیاء هذا حدیث غریب حسن

ابواب الرؤیا عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

باب ان رؤیا المؤمن جزء من ستۃ واربعین جزءا من النبوۃ حدثنا نصر بن علی نا عبد الوہاب الثقفی نا ایوب

کیا ہم اُنسے لڑائی نہ کریں فرمایا آپ نے نہ جبتک وہ نماز پڑھیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن سعید اشقر نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن محمد اور ہاشم بن قاسم نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے صالح مری نے سعید جریری سے اُسنے ابی عثمان نہدی سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جبتک حاکم تمہارے نیک رہینگے اور غنی تمہارے سخی اور کام تمہارے آپس کے مشورے سے ہونگے تو پیٹھ زمین کی اُسکے بطن سے تمہارے لئے بہتر ہے یعنے زمین پر رہنا مرنے سے بہتر ہے۔ اور جب تمہارے حاکم بُرے ہوجائینگے اور غنی تمہارے بخیل اور کام تمہارے عورتوں کے سپرد ہونگے تو بطن زمین کا اسکی پیٹھ سے تمہارے لئے بہتر ہے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق صالح مری سے اور صالح غریب حدیثیں روایت کرتا ہے اسکا کوئی پیرو نہیں ہے۔ اور یہ آدمی صالح ہے **باب حدیث** کی ہمسے ابراہیم بن یعقوب جوزجانی نے کہا حدیث کی ہمسے نعیم بن حماد نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے ابی الزناد سے اُسنے اعرج سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپ نے تم ایسے زمانے میں ہو کہ جو کوئی تم میں سے دسواں حصہ اُس چیز کا ترک کرے کہ جسکا اُسکو حکم ہوا ہے تو ہلاک ہوجائے پھر ایسا زمانہ آئیگا کہ جو کوئی اُنمیں سے ساتھ دسویں حصے اُس چیز کے کہ جسکا اسکو حکم ہوا ہے عمل کریگا تو نجات پائیگا۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق نعیم سے جو راوی ہے سفیان بن عیینہ سے اور اس باب میں روایت ہے ابی ذر اور ابی سعید سے رضی اللہ عنہما۔ **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا خبر دی ہمکو معمر نے زہری سے اُسنے سالم سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم منبر پر کھڑے ہوئے پس فرمایا اسجگہ زمین فتنوں کی ہے اور مشرق کی طرف اشارت کی جہاں سینگ شیطان کا نکلتا ہے یا فرمایا آپ نے سینگ شیطان کا یعنے یطلع کا لفظ نہیں فرمایا۔ یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے رشدین بن سعد نے یونس سے اُسنے ابن شہاب زہری سے اُسنے قبیصہ بن ذویب سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خراسان کی طرف سے سیاہ جھنڈے نکلیں گے پس انکو کوئی چیز رد نہ کریگی حتے کہ ایلیا (نام بیت المقدس) میں گاڑے جاوینگے۔ یہ حدیث غریب ہے

ابواب خوابوں کے جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں **باب** مؤمن کا خواب نبوت کے چھیالیسویں حصے میں سے ایک حصہ ہے **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الوہاب ثقفی نے کہا حدیث کی ہمسے ایوب نے

بن عبيدة ثنى عبدالله بن دينار عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا مشت امتى المطيطياء وخدمها ابناء الملوك ابناء فارس والروم سلط شرارها على خيارها هذا حديث غريب وقد رواه ابو معوية عن يحيى بن سعيد الانصارى حدثنا بذلك محمد بن اسمعيل الواسطى نا ابو معوية عن يحيى بن سعيد الانصارى عن عبدالله بن دينار عن ابن عمر عن النبى صلى الله عليه وسلم نحوه ولا يعرف لحديث ابى معوية عن يحيى بن سعيد عن عبدالله بن دينار عن ابن عمر اصل انما المعروف حديث موسى بن عبيدة وقد روى مالك بن انس هذا الحديث عن يحيى بن سعيد مرسلا ولم يذكر فيه عن عبدالله بن دينار عن ابن عمر حدثنا محمد بن المثنى نا خالد بن الحارث نا حميد الطويل عن الحسن عن ابى بكرة قال عصمنى الله بشئ سمعته من رسول الله صلى الله عليه وسلم لما هلك كسرى قال من استخلفوا قالوا ابنته فقال النبى صلى الله عليه وسلم لن يفلح قوم ولوا امرهم امرأة قال فلما قدمت عائشة يعنى البصرة ذكرت قول رسول الله صلى الله عليه وسلم فعصمنى الله به هذا حديث حسن صحيح حدثنا محمد بن بشار نا ابو عامر نا محمد بن ابى حميد عن زيد بن اسلم عن ابيه عن عمر بن الخطاب عن النبى صلى الله عليه وسلم قال الا اخبركم بخيار امرائكم وشرارهم خيارهم الذين تحبونهم ويحبونكم وتدعون لهم ويدعون لكم وشرار امرائكم الذين تبغضونهم ويبغضونكم وتلعنونهم ويلعنونكم هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث محمد بن ابى حميد ومحمد يضعف من قبل حفظه حدثنا الحسن بن على الخلال نا يزيد بن هارون نا هشام بن حسان عن الحسن عن ضبة بن محصن عن ام سلمة عن النبى صلى الله عليه وسلم قال انه سيكون عليكم ائمة تعرفون وتنكرون فمن انكر فقد برئ ومن كره فقد سلم ولكن من رضى وتابع فقيل يا رسول الله

ابن عبیدہ نے کہا حدیث کی مجھے عبداللہ بن دینار نے ابن عمر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب میری امت متکبروں کی چال چلے گی اور بادشاہوں کے بیٹے یعنے بادشاہان فارس اور روم کے بیٹے انکی خدمت کرینگے تو شریر لوگ اس امت کے اس امت کے نیک لوگوں پر مسلط کیے جائینگے۔ یہ حدیث غریب ہے اور روایت کیا ہے اسکو ابو معاویہ نے یحیی بن سعید انصاری سے حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے محمد بن اسمعیل واسطی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے یحیی بن سعید انصاری سے اُسنے عبداللہ بن دینار سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے اور ابی معاویہ کی حدیث کی اصل جو یحیی بن سعید نے بواسطہ عبداللہ بن دینار کے ابن عمر سے روایت کی ہے معلوم نہیں ہوتی۔ اصل تو موسی بن عبیدہ کی حدیث کی معلوم ہوتی ہے۔ اور مالک بن انس نے اس حدیث کو یحیی بن سعید سے مرسل روایت کیا ہے اور اُسنے اسمیں عبداللہ بن دینار کا ذکر نہیں کیا جو راوی ہے ابن عمر سے۔ حدیث کی ہمسے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن حارث نے کہا حدیث کی ہمسے حمید طویل نے حسن سے اُسنے ابی بکرہ سے کہا اُسنے مجھے اس حدیث نے بچا رکھا جو کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنی تھی جبکہ بادشاہ کسری ہلاک ہوا تو آپ نے فرمایا تھا کسکو انھوں نے اپنا خلیفہ بنایا ہے کہا لوگوں نے اُسکی بیٹی کو پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں فلاح پائیگی وہ قوم جنھوں نے اپنا امر عورت کے سپرد کر دیا کہا ابو بکرہ نے جب عائشہ بصرہ میں آئیں تو مجھے قول رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا یاد آیا سو مجھے اللہ تعالی نے اس سبب سے بچا لیا۔ یہ حدیث صحیح ہے حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر نے کہا حدیث کی محمد بن ابی حمید نے زید بن اسلم سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عمر بن خطاب سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپ نے کیا میں تمکو تمھارے نیک امیروں اور برے امیروں کی خبر نہ دوں نیک وہ امیر ہیں کہ جنکو تم دوست رکھتے ہو اور وہ تمکو دوست رکھتے ہیں اور تم اُنکے لئے دعا کرتے ہو اور وہ تمہارے لیے دعا کرتے ہیں۔ اور برے امیر تمہارے وہ ہیں کہ جنکو تم برا جانتے ہو اور وہ تمکو برا جانتے ہیں اور تم اُنپر لعنت کرتے ہو اور وہ تمپر لعنت کرتے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق محمد بن ابی حمید سے اور محمد حافظہ کی وجہ سے ضعیف کیا گیا ہے حدیث کی ہمسے حسن بن علی خلال نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے ہشام بن حسان نے حسن سے اُسنے ضبہ بن محصن سے اُسنے ام سلمہ سے اُسنے نبی صلعم سے فرمایا آپ نے جلدی تمپر ایسے لوگ حاکم ہونگے کہ جنکے بعض افعال کو تم اچھا جانو گے اور بعض کو برا جانو گے سو جسنے انکے افعال کو برا جانا وہ بچ رہا اور جسنے مکروہ جانا وہ سلامت رہا لیکن جو راضی ہوا اور تابع ہوا (وہ ہلاک ہوا) کسی نے کہا یا رسول اللہ

ف یہ آنحضرت کا معجزہ ہے کیونکہ جب اس امت نے ملک فارس اور روم کو فتح کر لیا تو اسی امت کے لوگ حضرت عثمان پر غالب ہوئے اور انکو شہید کیا اسیطرح سے بنی امیہ نے بھی جو کچھ کیا ہے ظاہر ہے ۱۲

عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اصدق الرؤیا بالاسحار **حدثنا** محمد بن بشار نا ابوداؤد نا حرب بن شداد وعمران القطان
عن یحیی بن ابی کثیر عن ابی سلمة قال نبئت عن عبادة بن الصامت قال سالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن قولہ تعالی
لهم البشری فی الحیوة الدنیا قال هی الرؤیا الصالحة یراها المؤمن او تری له قال حرب فی حدیثه نا یحیی **باب** ما جاء فی
قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم من رانی فی المنام فقد رانی **حدثنا** بندار نا عبد الرحمن بن مهدی نا سفیان عن ابی اسحق
عن ابی الاحوص عن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من رانی فی المنام فقد رانی فان الشیطان لا یتمثل بی وفی الباب عن
ابی هریرة وابی قتادة وابن عباس وابی سعید وجابر وانس وابی مالک الاشجعی عن ابیه وابی بکرة وابی جحیفة هذا حدیث
حسن صحیح **باب** ما جاء اذا رای فی المنام ما یکره ما یصنع **حدثنا** قتیبة نا اللیث عن یحیی بن سعید عن ابی سلمة
بن عبد الرحمن عن ابی قتادة عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انه قال الرؤیا من اللہ والحلم من الشیطان فاذا رای احدکم شیئا
یکرهه فلینفث عن یساره ثلث مرات ولیستعذ باللہ من شرها فانها لا تضره وفی الباب عن عبد اللہ بن عمرو وابی سعید وجابر وانس
هذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء فی تعبیر الرؤیا **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابوداؤد نا شعبة اخبرنی یعلی بن عطاء
قال سمعت وکیع بن عدس عن ابی رزین العقیلی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رؤیا المؤمن جزء من اربعین جزءا من النبوة
وهی علی رجل طائر ما لم یحدث بها فاذا تحدث بها سقطت قال واحسبه قال ولا تحدث بها الا لبیبا او حبیبا

اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے بہت سچا خواب صبح کا ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے
ابوداؤد نے کہا حدیث کی ہمسے حرب بن شداد اور عمران قطان نے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے ابی سلمہ سے کہا اُسنے مجھے عبادہ بن صامت
سے خبر ملی ہے کہ کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی بابت پوچھا لہم البشری فی الحیوۃ الدنیا یعنے انکے لئے حیات
دنیا میں خوشخبری ہے فرمایا آپ نے مراد اس سے خواب صالح ہے کہ جسکو مؤمن دیکھتا ہے یا اسکے لئے دکھلائے جاتے ہیں۔ کہا حرب نے اپنی
حدیث میں حدیث کی ہمسے یحیی نے یعنے ثنا کہا نہ عن **باب** نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول کے بیان میں کہ جسنے مجھے خواب
میں دیکھا تو بیشک اُسنے مجھے دیکھا **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان
نے ابی اسحاق سے اُسنے ابی الاحوص سے اُسنے عبد اللہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جسنے مجھکو خواب میں دیکھا
تو بیشک اُسنے دیکھا اسواسطے کہ شیطان مجھسا نہیں بن سکتا اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور ابی قتادہ اور ابن عباس اور
ابی سعید اور جابر اور انس اور ابی مالک اشجعی جو راوی ہے اپنے باپ سے اور ابی بکرہ اور ابی جحیفہ سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب**
اس بیان میں کہ جب کوئی ایسا خواب دیکھے جو برا ہو تو کیا کرے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے یحیی بن سعید
سے اُسنے ابی سلمہ بن عبد الرحمن سے اُسنے ابی قتادہ سے اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ فرمایا آپ نے ٹھیک اور اچھا خواب
اللہ کی طرف سے ہے اور پریشان خواب شیطان کی طرف سے سو جب کوئی تم میں سے ایسا خواب دیکھے کہ اسکو برا جانتا ہو تو چاہیے کہ اپنے بائیں طرف
تین بار تھوکے اور اُسکی برائی سے اللہ تعالی سے پناہ مانگے پھر وہ اسکو ضرر نہیں دیتا۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن عمرو اور ابی سعید
اور جابر اور انس سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** خواب کی تعبیر کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا
حدیث کی ہمسے ابوداؤد نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے کہا خبر دی مجھے یعلی بن عطا نے کہا سنا میں نے وکیع بن عدس سے اُسنے روایت کی
ابی رزین عقیلی سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مؤمن کا خواب ایک حصہ ہے نبوت کے چالیس حصوں میں سے
اور یہ جانور[1] کے پانو پر ہوتی ہے جبتک کہ بیان نہ کرے اور جب بیان کیجائے تو گر پڑتی ہے کہا راوی نے اور میں گمان کرتا ہوں کہ آپنے
یہ بھی فرمایا ہے کہ وہ خواب سوائے کسی دانا یا دوست کے بیان نہ کرے

---

[1] جانور کے پانو پر ہونیکے یہ معنے ہیں کہ اسکا اچھا اور برا ہونا معلوم نہیں سو جب کسی نے اسکی تعبیر کردی تو وہ اُسی تعبیر کے موافق ہوجاتیگی اسیواسطے آپ نے فرمایا کہ
سوائے کسی دانا یا دوست کے بیان نہ کرے کیونکہ دانا آدمی سوچکر بات کرتا ہے ایسا ہی دوست اور دوسرے آدمی بلا سوچے سمجھے اسکی تعبیر جو دل میں واہی تواہی آئی کہدی اور
اس میں کچھ شک نہیں ڈالا کہ امام بخاری نے ایک باب اپنی کتاب میں اسکے مخالف منعقد کیا ہے اسکا یہ حاصل ہے کہ خواب کی تعبیر بیان کرنیوالے پر موقوف نہیں بلکہ خود بخود جیسی ہونی ہے واقع ہوتی ہے

عن محمد بن سیرین عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اقترب الزمان لم تکد رؤیا المؤمن تکذب واصدقھم رؤیا اصدقھم حدیثا ورؤیا المسلم جزء من ستۃ واربعین جزأ من النبوۃ والرؤیا ثلاث فالرؤیا الصالحۃ بشری من اللہ والرؤیا من تحزین الشیطان والرؤیا مما یحدث بھا الرجل نفسہ فاذا رای احدکم ما یکرہ فلیقم ولیتفل ولا یحدث بہ الناس قال و احب القید فی النوم واکرہ الغل القید ثبات فی الدین ھذا حدیث صحیح **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابوداؤد عن شعبۃ عن قتادۃ سمع انسا یحدث عن عبادۃ بن الصامت ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال رؤیا المؤمن جزء من ستۃ واربعین جزء من النبوۃ وفی الباب عن ابی ھریرۃ وابی رزین العقیلی وانس وابی سعید وعبداللہ بن عمرو وعوف بن مالک وابن عمر حدیث عبادۃ حدیث صحیح **باب** ذھبت النبوۃ وبقیت المبشرات **حدثنا** الحسن بن محمد الزعفرانی نا عفان بن مسلم نا عبدالواحد نا المختار بن فلفل نا انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الرسالۃ والنبوۃ قد انقطعت فلا رسول بعدی ولا نبی قال فشق ذلک علی الناس فقال لکن المبشرات فقالوا یا رسول اللہ وما المبشرات قال رؤیا المسلم وھی جزء من اجزاء النبوۃ وفی الباب عن ابی ھریرۃ وحذیفۃ بن اسید وابن عباس وام کرز ھذا حدیث صحیح غریب من ھذا الوجہ من حدیث المختار بن فلفل **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان عن ابن المنکدر عن عطاء بن یسار عن رجل من اھل مصر قال سالت ابا الدرداء عن قول اللہ عزوجل لھم البشری فی الحیوۃ الدنیا فقال ما سالنی عنھا احد غیرک الا رجل واحد منذ سالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ما سالنی عنھا احد غیرک منذ انزلت ھی الرؤیا الصالحۃ یراھا المسلم او تری لہ وفی الباب عن عبادۃ بن الصامت ھذا حدیث حسن **حدثنا** قتیبۃ نا ابن لھیعۃ عن دراج عن ابی الھیثم عن ابی سعید

محمد بن سیرین سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب زمانہ[1] قریب ہوا تو امید نہیں کہ مومن کا خواب جھوٹا ہو۔ اور بہت سچا خواب ہیں وہ شخص ہی جو بہت سچا ہی بات ہیں۔ اور مسلمان کا خواب چھیالیسواں حصہ ہی نبوت کے حصوں سے۔ اور خواب تین قسم کا ہی پس خواب صالح تو اللہ کی جانب سے خوشخبری ہی۔ اور ایک خواب شیطان کے فعلوں سے ہی۔ اور ایک خواب وہ ہی جو آدمی اپنے دل میں باتیں کرتا ہی۔ سو جب کوئی تم میں سے ایسا خواب دیکھے کہ جسکو وہ مکروہ جانتا ہی تو چاہیے کہ کھڑا ہو جائے اور تھوکے اور لوگوں سے بیان نہ کرے۔ فرمایا آپ نے اور میں خواب میں بیڑی کو جو پانوٗں میں ہی اچھا جانتا ہوں اور طوق کو برا جانتا ہوں۔ بیڑی کی تعبیر یہ ہی کہ دین میں ثابتی ہوتی ہی یہ حدیث صحیح ہی **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابوداؤد نے شعبہ سے اُسنے قتادہ سے سنا اُسنے انس سے کہ حدیث کرتا تھا عبادہ بن صامت سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن کا خواب ایک حصہ ہی نبوت کے چھیالیس حصوں میں سے۔ اور اس باب میں روایت ہی ابی ہریرہ اور ابی رزین عقیلی اور انس اور ابی سعید اور عبداللہ بن عمرو اور عوف بن مالک اور ابن عمر سے رضی اللہ عنہم حدیث عبادہ کی صحیح ہی **باب** نبوت تو گئی اور خوشخبری دینے والی چیزیں باقی رہی ہیں **حدیث** کی ہمسے حسن بن محمد زعفرانی نے کہا حدیث کی ہمسے عفان بن مسلم نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالواحد نے کہا حدیث کی ہمسے مختار بن فلفل نے کہا حدیث کی ہمسے انس بن مالک نے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے رسالت اور نبوت تو منقطع ہو گئی ہی سو کوئی رسول اور نبی میرے بعد نہیں ہوگا۔ کہا راوی نے پس یہ بات لوگوں پر بھاری ہوئی پس فرمایا آپ نے لیکن خوشخبری دینے والی چیزیں باقی ہیں کہا لوگوں نے یا رسول اللہ خوشخبری دینے والی چیزیں کونسی ہیں فرمایا آپ نے مسلمان کا خواب اور یہ نبوت کے حصوں سے ایک حصہ ہی۔ اور اس باب میں روایت ہی ابی ہریرہ اور حذیفہ بن اسید اور ابن عباس اور ام کرز سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث اس وجہ سے یعنے طریق مختار بن فلفل سے صحیح غریب ہی **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابن منکدر سے اُسنے عطا بن یسار سے اُسنے ایک مرد مصری سے کہا اُسنے میں نے ابا الدرداء سے اس آیت کی بابت سوال کیا لھم البشری فی الحیوۃ الدنیا یعنے انکے لئے حیات دنیا میں خوشخبری ہی سو کہا اُسنے سوائے تیرے مجھسے کسی آدمی نے اس سے سوال نہیں کیا جسکا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا ہی مگر ایک مرد نے۔ میں نے آنحضرت سے سوال کیا تو فرمایا آپنے جبسے یہ آیت نازل ہوئی ہی مجھسے کسی نے سوائے تیرے اس سے سوال نہیں کیا۔ مراد اس سے خواب صالح ہی کہ جسکو مسلمان دیکھتا ہی یا اسکے لئے دکھائے جاتے ہیں۔ اور اس باب میں روایت ہی عبادہ بن صامت سے یہ حدیث حسن ہی **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے اُسنے دراج سے اُسنے ابی الہیثم سے اُسنے ابی سعید سے

[1] زمانہ کے قریب ہونیکے معنے میں کہ جب قیامت کا زمانہ نزدیک ہوگا یا مراد اس سے وہ وقت ہی کہ جب رات اور دن برابر ہو جاتے ہیں یا مراد یہ ہی کہ جب دن چھوٹے ہو جاینگے جیسے کہ حدیث میں آیا ہی کہ سال مہینے کے برابر ہوگا اور

قال من تحلم کاذبا کلف یوم القیمۃ ان یعقد بین شعیرتین ولن یعقد بینہما ھذا حدیث صحیح **باب حدثنا** قتیبۃ نا اللیث عن عقیل عن الزھری عن حمزۃ بن عبداللہ بن عمر عن ابن عمر قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول بینا انا نائم اذ اتیت بقدح لبن فشربت منہ ثم اعطیت فضلی عمر بن الخطاب قالوا فما اولتہ یارسول اللہ قال العلم وفی الباب عن ابی ھریرۃ وابی بکرۃ وابن عباس و عبداللہ بن سلام وخزیمۃ والطفیل بن سخبرۃ وسمرۃ وابی امامۃ وجابر حدیث ابن عمر حدیث صحیح **باب حدثنا** الحسین بن محمد الحریری البلخی نا عبدالرزاق عن معمر عن الزھری عن ابی امامۃ بن سھل بن حنیف عن بعض اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال بینا انا نائم رأیت الناس یعرضون علی وعلیھم قمص منہا ما یبلغ الثدی ومنہا ما یبلغ اسفل من ذلک قال فعرض علی عمر وعلیہ قمیص یجرہ قالوا فما اولتہ یارسول اللہ قال الدین **حدثنا** عبد بن حمید ثنی یعقوب بن ابراھیم بن سعد عن ابیہ عن صالح بن کیسان عن الزھری عن ابی امامۃ بن سھل بن حنیف عن ابی سعید الخدری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ بمعناہ وھذا اصح **باب** ماجاء فی رؤیا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی المیزان والدلو **حدثنا** محمد بن بشار ثنا الانصاری نا اشعث عن الحسن عن ابی بکرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ذات یوم من رأی منکم رؤیا فقال رجل انا رأیت کان میزانا نزل من السماء فوزنت انت وابوبکر فرجحت انت بابی بکر ووزن ابوبکر وعمر فرجح ابوبکر ووزن عمر وعثمان فرجح عمر ثم رفع المیزان فرأینا الکراھیۃ فی وجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا**

کہ فرمایا آپ نے جو کوئی جھوٹا خواب بیان کرے تو وہ قیامت کے دن دو جو میں گرہ دینے کی تکلیف دیا جائیگا اور ان دونوں میں گرہ دی نہ جائیگی۔ یہ حدیث صحیح ہے **باب حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے عقیل سے اُسنے زہری سے اُسنے حمزہ بن عبداللہ بن عمر سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے جس حالت میں کہ میں سوتا تھا کہ میرے آگے دودھ کا ایک پیالہ[۱] لایا گیا سو میں نے اُس سے پیا پھر میں نے اپنا جھوٹا باقی دودھ عمر بن خطاب کو دیا کہا لوگوں نے سو اس خواب کی یا رسول اللہ آپ نے کیا تعبیر کی ہے فرمایا آپ نے علم اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور ابی بکرہ اور ابن عباس اور عبداللہ بن سلام اور خزیمہ اور طفیل بن سخیرہ اور سمرہ اور ابی امامہ اور جابر سے حدیث ابن عمر کی صحیح ہے **باب حدیث** کی ہمسے حسین بن محمد حریری بلخی نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرزاق نے معمر سے اُسنے زہری سے اُسنے ابی امامہ بن سہل بن حنیف سے اُسنے بعض اصحاب نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جس حالت میں کہ میں سوتا تھا دیکھا میں نے لوگوں کو کہ میرے سامنے کئے گئے اور اُنپر کرتے ہیں اُنمیں سے کسیکا کرتا تو چھاتی تک پہونچا ہے اور کسیکا اس سے نیچے اور عمر بن خطاب میرے سامنے کیا گیا اور اسپر کرتا تھا کہ وہ اسکو زمین پر گھسیٹتا جاتا تھا یعنے بہت لمبا تھا۔ کہا لوگوں نے سو آپ نے یا رسول اللہ اسکی کیا تعبیر کی ہے فرمایا آپ نے کہ دین[۲] **حدیث** کی عبد بن حمید نے کہا حدیث کی مجھے یعقوب بن ابراہیم بن سعد نے اپنے باپ سے اُسنے صالح بن کیسان سے اُسنے زہری سے اُسنے ابی امامہ بن سہل بن حنیف سے اُسنے ابی سعید خدری سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے بالمعنے اور یہ روایت صحیح ہے **باب** تعبیر کرنا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا میزان اور ڈول کا **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے اشعث نے حسن سے اُسنے ابی بکرہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک روز فرمایا کسی نے تم میں سے کوئی خواب دیکھا ہے سو کہا ایک مرد نے میں نے دیکھا ہے گویا ایک ترازو آسمان سے اُتری ہے پس آپ اور حضرت ابوبکر وزن کئے گئے یعنے ایک پلے میں آپ رکھے گئے اور دوسرے میں حضرت ابوبکر پس آپ حضرت ابوبکر سے بھاری ہوئے اور حضرت ابوبکر اور عمر وزن کئے گئے تو حضرت ابوبکر بھاری ہوئے اور حضرت عمر اور عثمان وزن کئے گئے تو حضرت عمر بھاری ہوئے پھر وہ ترازو اُٹھا لیا گیا (صحابی کہتے ہیں) پھر ہمنے آپ کے چہرہ مبارک میں کراہت[۳] دیکھی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے

[۱] اس حدیث سے اہل تعبیر نے کہا ہے کہ جو کوئی دودھ کھاتے پیتے خواب میں دیکھے اسکو علم نصیب ہوگا اسواسطے کہ علم سبب ہے روح کی زندگی کا جیسے کہ دودھ سبب ہے بدن کی زندگی کا خصوصاً حالت طفولیت میں

[۲] اس حدیث سے حضرت عمر کی فضیلت کمال درجہ کی ظاہر ہوتی ہے اسلئے دین اور کرتے میں یہ مناسبت ہے جیسے کرتا بدن کو چھپاتا ہے ویسے ہی دین بھی روح اور دل کو محفوظ رکھتا ہے اور کفر اور گناہ سے بچاتا ہے [۱۲] اسلئے وجہ کراہت

[۳] کی یہ ہے کہ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ دین کے کام میں انحطاط ہوگا۔ ملا علی قاری نے لکھا ہے کہ وزن اُن اخیاروں میں ہوتا ہے جو آپس میں متقارب ہوں یعنے آپس میں ملتے جلتے ہوں اور جب اُنمیں فرق ظاہر ہو تو وزن کرنیکا

حدثنا الحسن بن علی الخلال نا یزید بن ھارون نا شعبۃ عن یعلی بن عطاء عن وکیع بن عدس عن عمہ ابی رزین عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال رؤیا المسلم جزء من ستۃ واربعین جزأ من النبوۃ وھی علی رجل طائر ما لم یحدث بھا واذا حدث بھا وقعت ھذا حدیث حسن صحیح وابو رزین العقیلی اسمہ لقیط بن عامر وروی حماد بن سلمۃ عن یعلی بن عطاء فقال عن وکیع بن حدس وقال شعبۃ وابو عوانۃ وھشیم عن یعلی بن عطاء عن وکیع بن عدس وھذا اصح **باب** حدثنا احمد بن ابی عبید اللہ السلیمی البصری نا یزید بن ذریع نا سعید عن قتادۃ عن محمد بن سیرین عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الرؤیا ثلث فرؤیا حق ورؤیا یحدث الرجل بھا نفسہ ورؤیا تحزین من الشیطان فمن رای ما یکرہ فلیقم فلیصل وکان یقول یعجبنی القید واکرہ الغل القید ثبات فی الدین وکان یقول من رانی فانی انا ھو فانہ لیس للشیطان ان یتمثل بی وکان یقول لا تقص الرؤیا الا علی عالم او ناصح وفی الباب عن انس وابی بکرۃ وام العلاء وابن عمر وعائشۃ وابی سعید وجابر وابی موسی وابن عباس وعبد اللہ بن عمرو حدیث ابی ھریرۃ حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی الذی یکذب فی حلمہ حدثنا محمود بن غیلان نا ابو احمد الزبیری نا سفیان عن عبد الاعلی عن ابی عبد الرحمن عن علی قال اراہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من کذب فی حلمہ کلف یوم القیمۃ عقد شعیرۃ حدثنا قتیبۃ نا ابو عوانۃ عن عبد الاعلی عن ابی عبد الرحمن السلمی عن علی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ وفی الباب عن ابن عباس وابی ھریرۃ وابی شریح وواثلۃ بن الاسقع وھذا اصح من الحدیث الاول حدثنا محمد بن بشار نا عبد الوھاب نا ایوب عن عکرمۃ عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث کی ہمسے حسن بن علی خلال نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے یعلی بن عطاء سے اُسنے وکیع بن عدس سے اُسنے اپنے چچا ابی رزین سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے مسلمان کا خواب ایک حصہ ہی نبوت کے چھیالیسویں حصوں سے۔ اور یہ جانور کے پانو پر ہی جبتک اسکو بیان نہ کرے اور جب اسکو بیان کرے تو واقع ہو جاتی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو رزین عقیلی کا نام لقیط بن عامر ہے۔ اور روایت کیا ہے حماد بن سلمہ نے یعلی بن عطار سے سو کہا اُسنے یہ روایت ہے وکیع بن حدس سے۔ اور کہا شعبہ اور ابو عوانہ اور ہشیم نے یہ روایت یعلی بن عطار سے ہے اُسنے روایت کی وکیع بن عدس سے۔ اور یہ روایت بہت صحیح ہے۔ **باب** **حدیث** کی ہمسے احمد بن ابی عبید اللہ سلیمی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن زریع نے کہا حدیث کی ہمسے سعید نے قتادہ سے اُسنے محمد بن سیرین سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خواب کی تین قسم ہی۔ ایک خواب تو حق ہی اور ایک خواب یہ ہی کہ آدمی کو اپنے خیالات نظر پڑیں اور ایک خواب شیطان کی جانب سے ہی جس سے وہم اور رنج ہو۔ سو جو کوئی تم میں سے ایسا خواب دیکھے جسکو وہ برا جانتا ہو تو چاہیے کہ کھڑا ہو کر نماز پڑھے اور آنحضرت فرماتے تھے کہ مجھے بیڑیاں پسند ہیں اور طوق کو میں برا جانتا ہوں یعنے خواب میں بیڑیاں دیکھنی بری نہیں اور طوق دیکھنا برا ہے کیونکہ بیڑی دین میں ثابتی ہے اور یہ فرماتے تھے کہ جسنے مجھے دیکھا تو بیشک میں وہی ہوں اسلیے کہ شیطان میری صورت نہیں بن سکتا۔ اور یہ بھی فرماتے تھے کہ خواب سوائے کسی عالم یا خیر خواہ کے بیان نہ کرنا چاہیے۔ اور اس باب میں روایت ہے انس اور ابی بکرہ اور ام العلا اور ابن عمر اور عائشہ اور ابی سعید اور جابر اور ابی موسی اور ابن عباس اور عبد اللہ بن عمرو سے رضی اللہ عنہم حدیث ابی ہریرہ کی حسن صحیح ہے۔ **باب** اس شخص کے بیان میں کہ جو کوئی اپنے خواب میں جھوٹ بولتا ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد زبیری نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عبد الاعلی سے اُسنے ابی عبد الرحمن سے اُسنے علی سے کہا اُسنے میں گمان کرتا ہوں کہ یہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ فرمایا آپ نے جو کوئی اپنے خواب میں جھوٹ بولے تو اسکو قیامت کے دن جو میں گرہ دینے کی تکلیف دی جاویگی **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے عبد الاعلی سے اُسنے ابی عبد الرحمن سلمی سے اُسنے علی سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عباس اور ابی ہریرہ اور ابی شریح اور واثلہ بن اسقع سے رضی اللہ عنہم۔ اور یہ حدیث پہلی حدیث سے بہت صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الوہاب نے کہا حدیث کی ہمسے ایوب نے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے

سعید الجوہری البغدادی نا ابو الیمان عن شعیب وھو ابن ابی حمزۃ عن ابن ابی حسین عن نافع بن جبیر عن ابن عباس عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رأیت فی المنام کان فی یدی سوارین من ذھب فھمنی شانھما فاوحی الی ان انفخھما فنفختھما فطارا فاولتھما کاذبین یخرجان من بعدی یقال لاحدھما مسیلمۃ صاحب الیمامۃ والعنسی صاحب صنعاء ھذا حدیث صحیح غریب **حدثنا** الحسین بن محمد نا عبد الرزاق نا معمر عن الزھری عن عبید اللہ بن عبد اللہ عن ابن عباس قال کان ابو ھریرۃ یحدث ان رجلا جاء الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال انی رأیت اللیلۃ ظلۃ ینطف منھا السمن والعسل ورأیت الناس یستقون بایدیھم فالمستکثر والمستقل ورأیت سببا واصلا من السماء الی الارض فاراک یا رسول اللہ اخذت بہ فعلوت بہ ثم اخذ بہ رجل بعدک فعلا ثم اخذہ رجل بعدہ فعلا ثم اخذ بہ رجل فقطع بہ ثم وصل لہ فعلا بہ فقال ابو بکر ای رسول اللہ بابی انت وامی واللہ لتدعنی اعبرھا فقال اعبرھا فقال اما الظلۃ فظلۃ الاسلام واما ما ینطف من السمن والعسل فھذا القرآن لینہ وحلاوتہ واما المستکثر والمستقل فھو المستکثر من القرآن والمستقل منہ واما السبب الواصل من السماء الی الارض فھو الحق الذی انت علیہ فاخذت بہ فیعلیک اللہ ثم یاخذ بہ بعدک رجل آخر فیعلو بہ ثم یاخذ بعدہ رجل آخر فیعلو بہ ثم یاخذ آخر فینقطع بہ ثم یوصل فیعلو بہ ای رسول اللہ لتحدثنی اصبت ام اخطات قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اصبت بعضا واخطات بعضا قال اقسمت بابی انت وامی یا رسول اللہ لتخبرنی ما الذی اخطات فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا تقسم ھذا حدیث صحیح **حدثنا** محمد بن بشار نا وھب بن جریر عن ابیہ عن ابی رجاء عن سمرۃ بن جندب

سعید جوہری بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الیمان نے شعیب بن ابی حمزہ سے اُسنے ابن ابی حسین سے اُسنے نافع بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ گویا میرے ہاتھوں میں دو کنگن سونے کے ہیں سو مجھے اُن دونوں سے رنج ہوا پھر میری طرف وحی ہوئی کہ اُنپر پھونکو سو میں نے اُنپر پھونک دیا پس وہ دونوں اُڑ گئے میں نے اُنکی یہ تاویل کی ہے کہ دو کاذب میرے بعد نکلیں گے ایک کو اُن دونوں میں سے مسیلمہ صاحب یمامہ کا کہا جائیگا اور دوسرے کو عنسی صاحب صنعاء کا یہ حدیث صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے حسن بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے زہری سے اُسنے عبید اللہ بن عبد اللہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے ابو ہریرہ حدیث کرتا تھا کہ ایک مرد نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا میں نے آج کی رات بادل خواب میں دیکھا ہے کہ اس سے گھی اور شہد ٹپکتا ہے۔ اور لوگوں کو دیکھا کہ وہ اس سے اپنے ہاتھوں سے پی رہے ہیں سو کوئی اس سے زیادہ لیتا ہے۔ اور کوئی کم۔ اور میں نے ایک رسی دیکھی ہے کہ وہ آسمان سے زمین تک لٹکی ہوئی ہے سو میں نے یا رسول اللہ آپکو دیکھا ہے کہ آپ اسکو پکڑ کر اوپر چڑھ گئے ہیں پھر آپ کے بعد ایک اور مرد نے اسکو پکڑا ہے سو وہ بھی چڑھ گیا ہے پھر اسکے بعد ایک اور مرد نے اسکو پکڑا ہے سو وہ بھی چڑھ گیا ہے پھر ایک اور مرد نے اسکو پکڑا ہے سو وہ رسی ٹوٹ گئی ہے پھر اسکے واسطے پیوند ہو گئی ہے سو وہ بھی اسکے ساتھ چڑھ گیا ہے پس کہا حضرت ابو بکر نے آپ ٹھہرئیے یا رسول اللہ میرے والدین آپ پر قربان ہوں قسم ہے اللہ کی مجھے چھوڑ دیجئے کہ میں اسکی تعبیر کروں پس فرمایا آپ نے تعبیر کر سو کہا حضرت ابو بکر نے بہر حال بادل سے مراد تو اسلام ہے اور جو کچھ اس سے گھی اور شہد ٹپک رہا ہے تو وہ قرآن ہے یعنی نرمی اسکی اور حلاوت اسکی۔ اور زیادہ اور کم لینے والے تو وہ لوگ ہیں جو قرآن سے زیادہ لیتے ہیں اور کم لیتے ہیں اور رسی جو آسمان سے زمین تک لٹکی ہوئی ہے سو وہ دین حق ہے جسپر آپ قائم ہیں سو آپ نے اسکو پکڑا ہے اور آپ کو اللہ تعالیٰ اسکا اجر دیگا پھر آپ کے بعد کوئی دوسرا مرد اسکو پکڑیگا سو وہ بھی چڑھ جائیگا پھر اسکے بعد کوئی اور مرد اسکو پکڑیگا سو وہ بھی اس سے چڑھ جائیگا پھر کوئی اور پکڑیگا تو وہ رسی ٹوٹ جائیگی پھر پیوند ہو جائیگی سو وہ بھی اسکے ساتھ چڑھ جائیگا۔ یا رسول اللہ آپ بیان فرمائیے کہ میں صواب کو پہونچا ہوں یا خطا کی ہے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کچھ تو صواب کو پہونچا ہے اور کچھ تو نے خطا کی ہے کہا حضرت ابو بکر نے میرے والدین آپ پر قربان ہوں یا رسول اللہ آپ مجھے خبر دیجئے کہ کیا میں نے خطا کی ہے پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم مت دے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے وہب بن جریر نے اپنے باپ سے اُسنے ابی رجاء سے اُسنے سمرہ بن جندب سے

[1] بعض علماء نے کہا ہے کہ ہر چند تعبیر سب ٹھیک تھی لیکن خطا یہ ہوئی کہ حضرت سے تعبیر کی اجازت مانگی اگر صدیق اکبر صبر کرتے اور حضرت خود تعبیر کہتے تو خوب ہوتا۔ اور بعضے علماء یوں کہتے ہیں کہ بعض عبارت میں تعبیر میں خطا ہوئی شہد کی تعبیر تو قرآن کی خوب ہوئی لیکن گھی کی تعبیر کہنی تھی واللہ اعلم ۱۲

ابوموسی الانصاری نا یونس بن بکیر نا عثمن بن عبد الرحمن عن الزهری عن عروة عن عائشة قالت سئل رسول الله صلی الله علیه وسلم
عن ورقة فقالت له خدیجة انه کان صدقك وانه مات قبل ان تظهر فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم اریته فی المنام وعلیه ثیاب
بیاض ولو کان من اهل النار لکان علیه لباس غیر ذلك هذا حدیث غریب وعثمن بن عبد الرحمن لیس عند اهل الحدیث بالقوی
حدثنا محمد بن بشار نا ابوعاصم نا ابن جریج ثنی موسی بن عقبة ثنی سالم بن عبد الله عن عبد الله بن عمر عن رؤیا النبی صلی الله علیه
وسلم وابی بکر وعمر فقال رایت الناس اجتمعوا فنزع ابوبکر ذنوبا او ذنوبین فیه ضعف والله یغفر له ثم قام عمر فنزع فاستحالت غربا
فلم ار عبقریا یفری فریه حتی ضرب الناس بالعطن وفی الباب عن ابی هریرة هذا حدیث صحیح غریب من حدیث ابن عمر **حدثنا**
محمد بن بشار نا ابوعاصم نا ابن جریج اخبرنی موسی بن عقبة قال اخبرنی سالم بن عبد الله عن عبد الله بن عمر عن رؤیا النبی صلی الله علیه
وسلم قال رأیت امرأة سوداء ثائرة الرأس خرجت من المدینة حتی قامت بمهیعة وهی الجحفة فاولتها وباء المدینة ینقل الی الجحفة
هذا حدیث صحیح غریب **اخبرنا** الحسن بن علی الخلال نا عبد الرزاق نا معمر عن ایوب عن ابن سیرین عن ابی هریرة عن النبی
صلی الله علیه وسلم قال فی اخر الزمان لا تکاد رؤیا المؤمن تکذب واصدقهم رؤیا اصدقهم حدیثا والرؤیا ثلاث الحسنة بشری
من الله والرؤیا یحدث الرجل بها نفسه والرؤیا تحزین من الشیطان فاذا رای احدکم رؤیا یکرهها فلا یحدث بها احدا ولیقم فلیصل
قال ابوهریرة یعجبنی القید واکره الغل القید ثبات فی الدین قال وقال النبی صلی الله علیه وسلم رؤیا المؤمن جزء من ستة واربعین جزء
من النبوة وقد روی عبد الوهاب الثقفی هذا الحدیث عن ایوب مرفوعا وروی حماد بن زید عن ایوب ووقفه **حدثنا** ابراهیم بن

ابوموسی انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن بکیر نے کہا حدیث کی ہمسے عثمان بن عبد الرحمن نے زہری سے آسنے عروہ سے اُسنے
عائشہؓ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کسی نے ورقہ بن نوفل کی بابت سوال کیا پس آپ سے خدیجہ نے کہا بیشک اُسنے
آپ کی تصدیق کی تھی اور وہ آپکے ظہور سے پہلے مرچکا ہے پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے میں نے اسکو خواب میں دیکھا ہے ایسی حالت میں
کہ اسپر سپید کپڑے تھے اگر وہ اہل نار سے ہوتا تو اُسپر یہ لباس نہ ہوتا۔ یہ حدیث غریب ہے اور عثمان بن عبد الرحمن محدثین کے نزدیک قوی نہیں
ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابوعاصم نے کہا حدیث کی ہمسے ابن جریج نے کہا حدیث کی مجھے موسی بن عقبہ
نے کہا حدیث کی مجھے سالم بن عبد اللہ نے عبد اللہ بن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر اور عمرؓ کے خواب سے کہ فرمایا
آپ نے میں نے لوگونکو دیکھا ہے کہ جمع ہوے ہیں پس حضرت ابوبکر نے ایک یا دو ڈول ایسے طور سے نکالے ہیں کہ انہیں ضعف ہے اللہ تعالی اسکو
بخشے۔ پھر حضرت عمر کھڑے ہوے ہیں اور ڈول کو کھینچا تو وہ ڈول پکھال بنگیا ہے یعنے وہ ڈول پہلی حالت سے بہت بڑا ہوگیا ہے سو میں نے کسی جوانکو
ایسا عمدہ عمل کرتے نہیں دیکھا یعنے اس زور سے اُنھوں نے وہ ڈول کھینچا ہے کہ میں نے کوئی جوان اسطرح ڈول کھینچتے نہیں دیکھا حتے کہ
لوگوں نے اپنے اونٹوں کو سیراب کرکے اپنی جگہ بٹھلا دیا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث طریق ابن عمر
سے صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابوعاصم نے کہا حدیث کی ہمسے ابن جریج نے کہا خبر دی مجھے
موسی بن عقبہ نے کہا خبر دی مجھے سالم بن عبد اللہ نے عبد اللہ بن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے خواب کی روایت کی ہے کہ فرمایا آپ نے
میں نے ایک عورت سیاہ رنگ پراگندہ بالوں والی دیکھی ہے کہ مدینہ سے نکل کر مہیعہ یعنے جحفہ (نام مقام) میں جا کھڑی ہوئی ہے سو میں نے اسکی یہ تعبیر
کی ہے کہ مدینہ کا وبا نکلکر جحفہ میں چلا جائیگا۔ یہ حدیث صحیح غریب ہے **خبر دی** ہمکو حسن بن علی خلال نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث
کی ہمسے معمر نے ایوب سے اُنسے ابن سیرین سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے آخر زمانہ میں امید نہیں کہ مومن کا خواب جھوٹ
ہو جائے اور زیادہ سچا خواب میں وہ شخص ہوگا جو سچا ہے باتوں میں اور خواب تین قسم کا ہے ایک نیک ہے وہ اللہ تعالی سے بشارت ہے اور دوسرا خواب اپنے
دل کا خیال ہے اور تیسرا خواب شیطانی وسوسے سے ہے سو جب کوئی تم میں سے ایسا خواب دیکھے کہ جسکو وہ برا جانتا ہو تو چاہیے کہ کسی سے بیان نہ کرے اور کھڑا
ہو کر نماز پڑھے کہا ابوہریرہ نے مجھے بیڑیاں پسند ہیں یعنے اگر میں خواب میں دیکھوں کہ مجھے بیڑی پڑی ہے تو میں اس خواب کو پسند کرتا ہوں اور طوق کو مکروہ
جانتا ہوں بیڑی دین میں ثابتی ہے کہا اُسنے اور فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مومن کا خواب ایک حصہ ہے نبوت کے چھیالیسویں حصوں میں سے اور روایت
کیا ہے عبد الوہاب ثقفی نے اس حدیث کو ایوب سے مرفوع اور روایت کیا ہے اسکو حماد بن زید نے ایوب سے اور اسکو موقوف بیان کیا **حدیث** کی ہمسے ابراہیم بن

ولا ذی غمر لاخنة ولا مجرب شہادة ولا القانع اهل البيت لهم ولا ظنين فی ولاء ولا قرابة قال الفزاری القانع التابع هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث يزيد بن زياد الدمشقی ويزيد يضعف فی الحديث ولا يعرف هذا الحديث من حديث الزهری الا من حديثه وفی الباب عن عبد الله بن عمرو ولا نعرف معنی هذا الحديث ولا يصح عندنا من قبل اسناده والعمل عند اهل العلم ان شهادة القريب جائزة لقرابته واختلف اهل العلم فی شهادة الوالد للولد والولد للوالد فلم يجز اكثر اهل العلم شهادة الولد للوالد ولا الوالد للولد وقال بعض اهل العلم اذا كان عدلا فشهادة الوالد للولد جائزة وكذلك شهادة الولد للوالد ولم يختلفوا فی شهادة الاخ لاخيه انها جائزة وكذلك شهادة كل قريب لقرابته وقال الشافعی لا يجوز شهادة الرجل على الاخر وان كان عدلا اذا كان بينهما عداوة وذهب الى حديث عبد الرحمن الاعرج عن النبی صلى الله عليه وسلم مرسلا لا يجوز شهادة حنة يعنی صاحب عداوة وكذلك معنی هذا الحديث حيث قال لا تجوز شهادة صاحب غمر يعنی صاحب عداوة **حدثنا** حميد بن مسعدة نا بشر بن المفضل عن الجريری عن عبد الرحمن بن ابی بكرة عن ابيه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الا اخبركم باكبر الكبائر قالوا بلى يا رسول الله قال الاشراك بالله وعقوق الوالدين وشهادة الزور او قول الزور قال فما زال رسول الله صلى الله عليه وسلم يقولها حتى قلنا ليته سكت هذا حديث صحيح **حدثنا** احمد بن منيع نا مروان بن معوية عن سفيان بن زياد الاسدی عن فاتك بن فضالة عن ايمن بن خريم ان النبی صلى الله عليه وسلم قام خطيبا

اور صاحب کینہ کی بسبب اسکے کینہ کے[1] اور نہ اسکی کہ جسکو شہادت دیتے میں تجربہ ہو۔ اور نہ اس شخص کی اُسکے اہل بیت کے حق میں کہ جنکے ساتھ وہ قناعت کرتا ہو اور نہ مظنون کی بیچ ولاء کے اور قرابت کے۔ کہا فزاری نے قانع کے معنے تابع کے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق یزید بن زیاد دمشقی سے اور یزید حدیث میں ضعیف ہے۔ اور یہ حدیث طریق زہری سے معروف نہیں مگر اسی کے طریق سے۔ اور اس باب میں روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے اور ہم اس حدیث کے معنے نہیں پہچانتے اور اس اسناد کی وجہ سے یہ حدیث ہمارے نزدیک صحیح نہیں ہے اور عمل اہل علم کے نزدیک اسپر ہے کہ شہادت قریب کی بسبب اسکی قرابت کے جائز ہے اور اہل علم نے اختلاف والد کی شہادت میں جو بیٹے کے حق میں ہے اور بیٹے کی شہادت میں جو والد کے حق میں ہو کیا ہے سو اکثر اہل علم نے بیٹے کی شہادت کو جو باپ کے حق میں ہے اور باپ کی شہادت کو جو بیٹے کے حق میں ہے جائز نہیں رکھا۔ اور بعض اہل علم نے کہا ہے جب آدمی ثقہ ہو تو شہادت باپ کی بیٹے کے حق میں جائز ہے اور اسیطرح سے شہادت بیٹے کی باپ کے حق میں جائز ہے۔ اور بھائی کی شہادت جو بھائی کے حق میں ہو اسکے جواز میں کسی عالم نے اختلاف نہیں کیا اور اسیطرح سے قریب کی شہادت میں بسبب اسکی قرابت کے اختلاف نہیں اور کہا امام شافعی نے شہادت ایک مرد کی دوسرے پر جائز نہیں اگرچہ وہ عادل ہو جبکہ اُن دونوں میں عداوت ہو۔ اور امام شافعی کی دلیل حدیث عبدالرحمن اعرج کی ہے جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسل مروی ہے کہ شہادت صاحب کینہ یعنے صاحب عداوت کی جائز نہیں۔ اور یہی معنے ہیں اس حدیث کے کہ جسمیں آپ نے فرمایا ہے کہ شہادت صاحب غمر کی جائز نہیں یعنے صاحب عداوت کی۔ **حدیث** کی ہمسے حمید بن مسعدہ نے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن مفضل نے جریری سے اُسنے عبدالرحمن بن ابی بکرہ سے اُسنے اپنے باپ سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا میں تمکو سب سے بڑے کبیرے گناہوں کی خبر نہ دوں کہا انھوں نے کیوں نہیں یا رسول اللہ فرمایا آپ نے اللہ کے ساتھ شرک کرنا اور والدین کی نافرمانی کرنی۔ اور گواہی جھوٹی دینی۔ یا فرمایا آپ نے بات جھوٹی کرنی کہا راوی نے پھر بہت دیر تک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اسکو کہتے رہے حتی کہ ہمنے کہا کاشکے چپ کرتے یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے مروان بن معاویہ نے سفیان بن زیاد اسدی سے اُسنے فاتک بن فضالہ سے اُسنے ایمن بن خریم سے یہ کہ نبی صلعم خطبہ پڑھنے کے لئے کھڑے ہوئے

[1] اکثر روایات میں اسکے بدلے یہ الفاظ آئے ہیں کہ صاحب کینہ کی اپنے بھائی کے حق میں اور بدکار کی شہادت میں اکثر جھوٹ ہوتا ہے اور اس شخص کی شہادت بھی اسکے حق میں جائز نہیں کہ جسکے ساتھ اسکے گذارے کی صورت ہے کیونکہ وہ بھی اپنے مالک کا نقصان نہیں چاہتا غرض کہ جس کسی کو اس میں نفع ہو اسکی شہادت جائز نہیں اسلئے کہ وہ شخص بباعث اس نفع کے مظنہ تہمت کا ہے اور اگر وہ عدالت کے نزدیک ایسے رتبے کا ہو کہ وہ نفع اسکے حق میں کچھ اثر نہیں کرتا تو اسکی شہادت جائز ہے خواہ خادم ہو یا بیوی یا بیٹا وغیرہ غرض کہ جو شخص امانت اور دیانت میں مشہور ہو اور اسکی دیانت اسکی قرابت سے زیادہ وقعت رکھتی ہو تو پھر اسکی شہادت میں کلام نہیں ہے اسلئے ایسا اسکی شہادت بھی جائز نہیں کہ جو متہم ولاء اور قرابت میں ہو متہم ولاء کا وہ شخص ہے کہ جو کہے میں فلاں شخص کا غلام ہوں حالانکہ وہ اسکے ماتحت میں کا ذب ہے اور کتب اسکامی مشہور ہے

[illegible]

قال كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا صلى بنا الصبح اقبل على الناس بوجهه وقال هل رأى احد منكم رؤيا الليلة هذا حديث حسن صحيح ويروى عن عوف وجرير بن حازم عن ابي رجاء عن سمرة عن النبي صلى الله عليه وسلم في قصة طويلة وهكذا روى لنا بندار هذا الحديث عن وهب بن جرير مختصرا بسم الله الرحمن الرحيم **ابواب الشهادات عن رسول الله صلى الله عليه وسلم** **حدثنا** الانصاري نا معن نا مالك عن عبد الله بن ابي بكر بن محمد بن عمرو بن حزم عن ابيه عن عبد الله بن عمرو بن عثمن عن ابي عمرة الانصاري عن زيد بن خالد الجهني ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الا اخبركم بخير الشهداء الذي يأتي بشهادته قبل ان يسألها **حدثنا** احمد بن الحسن نا عبد الله بن مسلمة عن مالك به وقال ابن ابي عمرة هذا حديث حسن واكثر الناس يقولون عبد الرحمن بن ابي عمرة واختلفوا على مالك في رواية هذا الحديث فروى بعضهم عن ابي عمرة وروى بعضهم عن ابن ابي عمرة وهو عبد الرحمن بن ابي عمرة الانصاري وهذا اصح عندنا لانه قد روى من غير حديث مالك عن عبد الرحمن بن ابي عمرة عن زيد بن خالد وقد روى عن ابي عمرة عن زيد بن خالد غير هذا الحديث وهو صحيح ايضا وابو عمرة هو مولى زيد بن خالد الجهني وله حديث الغلول لابي عمرة **حدثنا** بشر بن آدم ابن ابنة ازهر السمان نا زيد بن الحباب ثني ابي بن عباس بن سهل بن سعد قال ثني ابو بكر بن محمد بن عمرو بن حزم ثني عبد الله بن عمرو بن عثمن ثني خارجة بن زيد بن ثابت ثني عبد الرحمن بن ابي عمرة ثني زيد بن خالد الجهني انه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول خير الشهداء من ادى شهادته قبل ان يسألها هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه **حدثنا** قتيبة نا مروان بن معوية الفزاري عن يزيد بن زياد الدمشقي عن الزهري عن عروة عن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تجوز شهادة خائن ولا خائنة ولا مجلود حدا ولا مجلودة

کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب ہمکو صبح کی نماز پڑھا لیتے تو لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر بیٹھتے اور فرماتے کیا تم میں سے کسی نے آج کی رات کوئی خواب دیکھا ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور مروی ہے عوف اور جریر بن حازم سے اُسنے روایت کی ابی رجاء سے اُسنے سمرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے قصہ طویل ہیں۔ اور ایسا ہی ہمکو یہ حدیث بندار نے وہب بن جریر سے مختصر روایت کی ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم **ابواب** شہادت کے جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں **حدیث** کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے عبد اللہ بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو بن عثمان سے اُسنے ابی عمرہ انصاری سے اُسنے زید بن خالد جہنی سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا میں تمکو نیک گواہوں کی خبر نہ دوں وہ ہے کہ گواہی سوال کرنے سے پہلے ادا کرے[1] **حدیث** کی ہمسے احمد بن حسن نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مسلمہ نے مالک سے ساتھ اسکے۔ اور کہا اُسنے ابن ابی عمرہ یہ حدیث حسن ہے۔ اور بہت لوگ کہتے ہیں وہ عبد الرحمن بن ابی عمرہ ہے۔ اور لوگوں نے مالک پر اس حدیث میں اختلاف کیا ہے سو بعض نے روایت کیا ہے ابی عمرہ سے اور بعض نے روایت کیا ہے ابن ابی عمرہ سے اور یہ عبد الرحمن بن ابی عمرہ انصاری ہے۔ اور یہ ہمارے نزدیک صحیح ہے کیونکہ یہ حدیث غیر طریق مالک سے بھی عبد الرحمن بن ابی عمرہ سے جو راوی ہے زید بن خالد سے مروی ہے۔ اور سوائے اس حدیث کے اور حدیث ابی عمرہ سے جو راوی ہے زید بن خالد سے مروی ہے اور وہ بھی صحیح ہے اور ابو عمرہ وہ مولی ہے زید بن خالد جہنی کا۔ اور اس سے حدیث غلول کی مروی ہے جو روایت ابی عمرہ سے مشہور ہے **حدیث** کی ہمسے بشر بن آدم نے جو ازہر سمان کا بھتیجا ہے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے کہا حدیث کی مجھے ابی بن عباس بن سہل بن سعد نے کہا حدیث کی مجھے ابو بکر بن محمد بن عمرو بن حزم نے کہا حدیث کی مجھے عبد اللہ بن عمرو بن عثمان نے کہا حدیث کی مجھے خارجہ بن زید بن ثابت نے کہا حدیث کی مجھے عبد الرحمن بن ابی عمرہ نے کہا حدیث کی مجھے زید بن خالد جہنی نے یہ کہ سنا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے نیک گواہوں کا وہ شخص ہے جو شہادت سوال کرنے سے پہلے ادا کرے۔ یہ حدیث اس طریق سے حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے مروان بن معاویہ فزاری نے یزید بن زیاد دمشقی سے اُسنے زہری سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں جائز شہادت خیانت کرنیوالے مرد کی اور نہ خیانت کرنیوالی عورت کی اور نہ حد ماری گئے مرد کی اور نہ حد ماری گئی عورت کی

---

[1] یہ اس صورت میں ہے کہ صاحب حق کو لینے مدعی یا مدعی علیہ کو اپنے حق پر گواہ کی خبر نہیں اور وہ سچا ہے تو اس صورت میں گواہ کو جائز ہے بلکہ مستحسن ہے کہ بدون پوچھنے صاحب حق کے گواہی دے ۱۲ ۱۲

قال صالح ثنا وقال سويد انا عبد الله بن المبارك عن عبد الله بن سعيد بن ابي هند عن ابيه عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم نعمتان مغبون فيهما كثير من الناس الصحة والفراغ **حدثنا** محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد ثنا عبد الله بن سعيد بن ابي هند عن ابيه عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه وفي الباب عن انس بن مالك هذا حديث حسن صحيح ورواه غير واحد عن عبد الله بن سعيد بن ابي هند ورفعوه ووقفه بعضهم عن عبد الله بن سعيد بن ابي هند **حدثنا** بشر بن هلال الصواف نا جعفر بن سليمن عن ابي طارق عن الحسن عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من يأخذ عني هؤلاء الكلمات فيعمل بهن او يعلم من يعمل بهن فقال ابو هريرة قلت انا يا رسول الله فاخذ بيدي فعد خمسا وقال اتق المحارم تكن اعبد الناس وارض بما قسم الله لك تكن اغنى الناس واحسن الى جارك تكن مؤمنا واحب للناس ما تحب لنفسك تكن مسلما ولا تكثر الضحك فان كثرة الضحك تميت القلب هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث جعفر بن سليمن والحسن لم يسمع من ابي هريرة شيئا هكذا روي عن ايوب ويونس بن عبيد وعلي بن زيد قال لم يسمع الحسن من ابي هريرة وروى ابو عبيدة الناجي عن الحسن هذا الحديث قوله ولم يذكر فيه عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم

باب ما جاء في المبادرة بالعمل **حدثنا** ابو مصعب عن محرز بن هارون عن عبد الرحمن الاعرج عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال بادروا بالاعمال سبعا هل تنظرون الا الى فقر منسي او غنى مطغي او مرض مفسد او هرم مفند او موت مجهز او الدجال فشر غائب ينتظر او الساعة فالساعة ادهى

کہا صالح نے حدیث کی ہمسے اور کہا سوید نے خبر دی ہمکو عبد اللہ بن مبارک نے عبد اللہ بن سعید بن ابی ہند سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دو نعمتیں ایسی ہیں کہ اُنسے بہت لوگ نقصان میں ہیں[1] ایک صحت دوسری فراغت **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن سعید بن ابی ہند نے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور اس باب میں روایت ہی انس بن مالک سے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور کئی ایک نے اسکو عبد اللہ بن سعید بن ابی ہند سے روایت کیا ہی اور مرفوع کیا ہی اور بعض نے اسکو عبد اللہ بن سعید بن ابی ہند پر موقوف کیا ہی **حدیث** کی ہمسے بشر بن ہلال الصواف نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیمان نے ابی طارق سے اُسنے حسن سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کون شخص ہی جو مجھسے یہ چند کلمے سیکھے اور اُنکے ساتھ عمل کرے یا سکھاوے اُنکو جو اُنکے ساتھ عمل کرے پس کہا ابو ہریرہ نے میں نے کہا میں ہوں یا رسول اللہ پھر آپ نے میرا ہاتھ پکڑا اور پانچ کلمے شمار کئے اور فرمایا اب نے حرام سے بچ تو سب لوگوں سے زیادہ عابد ہو جائیگا اور راضی ہو ساتھ اُسی کے جو اللہ تعالی نے تیرے لئے تقسیم کیا ہی سب لوگوں سے غنی ہو جائیگا اور اپنے ہمسائیگی سے نیکی کر تو پورا مؤمن ہو گا اور پسند کر لوگوں کے واسطے جو چیز کہ تو پسند کرتا ہی اپنی جان کے واسطے تو پورا مسلمان ہو گا۔ اور بہت ہنسی نہ کر کیونکہ زیادہ ہنسنا دل کو مار دیتا ہی۔ یہ حدیث غریب ہی نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق جعفر بن سلیمان سے۔ اور حسن نے ابو ہریرہ سے کوئی حدیث نہیں سنی۔ ایسا ہی ایوب اور یونس بن عبید اور علی بن زید سے مروی ہی کہ کہا انہوں نے حسن نے ابو ہریرہ سے سنا نہیں ہی اور ابو عبیدہ ناجی نے حسن سے یہ حدیث جو قول اسکا ہی سنی ہی اور اُسنے اسمیں یہ ذکر نہیں کیا کہ یہ حدیث مروی ہی بواسطہ ابو ہریرہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے

باب اس بیان میں کہ عمل کرنے کی جلدی کرو **حدیث** کی ہمسے ابو مصعب نے محرز بن ہارون سے اُسنے عبد الرحمن اعرج سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جلدی کرو نیک اعمال کی سات چیز سے پہلے نہیں انتظاری کرتے تم مگر ایسے فقر کی جو یاد الٰہی سے غافل کرنیوالا ہی۔ یا ایسے غنا کی جو سرکش کرنیوالی ہی یا ایسے مرض کی جو بسبب شدت کے بدن کو خراب کرنیوالا ہی یا ایسے بڑھاپے کی جو بے عقل کرنیوالا ہی یا ایسی موت کی جو جلدی آنیوالی ہی۔ یا دجال کی سو وہ بری چیز غائب ہی کہ جسکی انتظاری کیجاتی ہی یا قیامت کی اور قیامت بہت سخت

[1] بیشک ان دو نعمتوں سے بہت آدمی نقصان میں ہیں صحت بدنی سے بھی بہت آدمی محروم ہیں اور صحت باطنی سے یعنے حسد و تکبر وغیرہ امراض سے تو کوئی خدا کا بندہ بچا ہو گا اور دوسری نعمت جو فراغت ہی ایک عجب نعمت ہی جسکو خدا نصیب کرے فراغت کے یہ معنے ہیں کہ آدمی تعلقات دنیاوی سے باوجود اسکے کہ دنیا میں لوگوں کے ساتھ برتاؤ رکھے پھر بھی بچا رہے اگر ہزار بار روپیہ آجاوے تو اسکی خوشی نہ ہو اور اگر جاتا رہے تو اسکا

فقال ايها الناس عدلت شهادة الزور اشراکا بالله ثم قرأ رسول الله صلی الله علیه وسلم فاجتنبوا الرجس من الاوثان واجتنبوا
قول الزور وهذا حدیث انما نعرفه من حدیث سفیان بن زیاد وقد اختلفوا فی روایة هذا الحدیث عن سفیان بن زیاد ولا نعرف
لايمن بن خريم سماعا من النبی صلی الله علیه وسلم **حدثنا** واصل بن عبد الاعلی نا محمد بن فضیل عن الاعمش عن علی بن
مدرك عن هلال بن يساف عن عمران بن حصين قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول خیر الناس قرنی ثم الذین
یلونهم ثم الذین یلونهم ثم الذین یلونهم ثلاثا ثم یجیئ قوم من بعدهم یتسمنون ویحبون السمن یعطون الشهادة قبل ان یسألوها
هذا حدیث غریب من حدیث الاعمش عن علی بن مدرك واصحاب الاعمش انما رووا عن الاعمش عن هلال بن یساف عن
عمران بن حصین **حدثنا** ابو عمار الحسین بن حریث نا وکیع عن الاعمش عن هلال بن یساف عن عمران بن حصین
عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه وهذا اصح من حدیث محمد بن فضیل ومعنی هذا الحدیث عند بعض اهل العلم یعطون الشهادة
قبل ان یسألوها انما یعنی شهادة الزور یقول یشهد احدهم من غیر ان یستشهد وبیان هذا فی حدیث عمر بن الخطاب عن
النبی صلی الله علیه وسلم قال خیر الناس قرنی ثم الذین یلونهم ثم الذین یلونهم ثم یفشو الکذب حتی یشهد الرجل ولا یستشهد
ویحلف الرجل ولا یستحلف ومعنی حدیث النبی صلی الله علیه وسلم قال خیر الشهداء الذی یأتی بشهادته قبل ان یسألها
هو اذا استشهد الرجل علی الشیئ ان یؤدی شهادته ولا یمتنع من الشهادة هکذا وجه الحدیث عند بعض اهل العلم بسم الله
الرحمن الرحیم **ابواب** الزهد عن رسول الله صلی الله علیه وسلم **ثنا** صالح بن عبد الله وسوید بن نصر

سو فرمایا اے لوگو ہیں جھوٹی گواہی کو اللہ کے ساتھ شرک کرنیکے برابر سمجھتا ہوں پھر آنحضرت نے یہ پڑھا کہ پرہیز کرو پلیدی کو یعنے بتوں سے اجتناب
کرو اور جھوٹی بات سے کنارہ کرو۔ اس حدیث کو ہم فقط طریق سفیان بن زیاد سے ہی پہچانتے ہیں۔ اور لوگوں نے اس حدیث
کی روایت میں جو سفیان بن زیاد سے ہی اختلاف کیا ہے۔ اور ہم ایمن بن خریم کا سماع نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے نہیں پہچانتے **حدیث**
کی ہمسے واصل بن عبد الاعلے نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے اعمش سے اُسنے علی بن مدرک سے اُسنے ہلال بن یساف سے
اُسنے عمران بن حصین سے کہا اُسنے سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے سب لوگوں سے بہتر میرا زمانہ ہے پھر وہ
لوگ جو انکے یعنے صحابہ کے بعد ہیں پھر وہ لوگ جو انکے یعنے تابعین کے بعد ہیں۔ پھر وہ لوگ جو انکے یعنے تبع تابعین کے بعد ہیں تین بار
آپ نے یہ فرمایا۔ پھر بعد انکے ایسی قوم آئیگی جو اپنے آپ کو ایسے پیرایہ میں ظاہر کریگی جو انمیں موجود نہ ہوگا اور موٹے پن کو دوست
رکھیں گے سوال کرنے سے پہلے ہی شہادت کو تیار ہونگے۔ یہ حدیث غریب ہے طریق اعمش سے جو راوی ہے علی بن مدرک سے اور
اعمش کے شاگردوں نے تو اسکو اعمش سے ہی روایت کیا ہے اُسنے ہلال بن یساف سے اُسنے عمران بن حصین سے **حدیث**
کی ہمسے ابو عمار یعنے حسین بن حریث نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے اعمش سے اُسنے ہلال بن یساف سے اُسنے عمران بن حصین
سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور یہ صحیح ہے حدیث محمد بن فضیل سے۔ اور بعض اہل علم کے نزدیک معنے اس حدیث
کے (کہ سوال کرنے سے پہلے شہادت کو تیار ہونگے) یہ ہیں کہ جھوٹی گواہی کو تیار ہونگے۔ مراد انکی یہ ہے کہ بعض لوگ گواہی کو تیار ہو جائینگے
بغیر گواہی طلب کرنیکے۔ اور بیان اسکا حدیث عمر بن خطاب میں ہے جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ فرمایا آپ نے بہتر لوگوں کا
میرا زمانہ ہے پھر وہ لوگ جو انکے بعد ہونگے یعنے تابعین پھر وہ لوگ جو انکے بعد ہونگے یعنے تبع تابعین۔ پھر کذب پھیل جائیگا یہانتک
کہ آدمی گواہی دیگا اور گواہی طلب نہ کیجائیگی۔ اور آدمی قسم کھائیگا اور قسم طلب نہ کیجائیگی۔ اور معنے حدیث نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ فرمایا
آپ نے بہتر گواہوں کا وہ شخص ہے جو سوال کرنے سے پہلے گواہی ادا کرے یہ ہیں کہ جب کوئی شخص کسی کو کسی چیز پر شہادت دینے
کے واسطے شاہد مقرر کرے تو وہ اس شہادت سے باز نہ رہے۔ اسیطرح سے بعض اہل علم کے نزدیک یہ حدیث توجیہ کی گئی ہے۔ بسم اللہ
الرحمن الرحیم **ابواب** زہد کے جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں **حدیث** کی ہمسے صالح بن عبد اللہ اور سوید بن نصر

[1] اور دوسری توجیہ اس حدیث کی یہ ہے جو پیچھے گذر چکی ہے کہ مثلاً ایک آدمی حقدار کو اپنے حق کے ثبوت کے واسطے کوئی گواہ نہیں ملتا اور اس شخص کو اسکا حق معلوم ہے اور بخوبی جانتا ہے تو اس شخص کو حسن ہے
کہ حقدار کو کہدے کہ میں اس مقدمہ کو بخوبی جانتا ہوں ممانعت اس صورت میں ہے کہ حقدار کے پاس اپنی حقیقت کے ثبوت کیواسطے گواہ موجود ہیں اور پھر یہ شخص گواہی کو تیار ہو جاوے ۱۲ ۱۲

ابو الاشعث احمد بن المقدام نا محمد بن عبد الرحمن الطفاوی نا هشام بن عروة عن ابیه عن عائشة قالت لما نزلت هذه الآية وانذر عشیرتك الاقربین قال رسول الله صلی الله علیه وسلم یا صفیة بنت عبد المطلب یا فاطمة بنت محمد یا بنی عبد المطلب انی لا املك لكم من الله شیئا سلونی من مالی ما شئتم وفی الباب عن ابی هریرة وابن عباس وابی موسی حدیث عائشة حدیث حسن وقد روی بعضهم عن هشام بن عروة عن ابیه عن النبی صلی الله علیه وسلم مثله **باب** ما جاء فی فضل البكاء من خشیة الله تعالی **ثنا** هناد نا عبد الله بن المبارك عن عبد الرحمن بن عبد الله المسعودی عن محمد بن عبد الرحمن عن عیسی بن طلحة عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یلج النار رجل بكی من خشیة الله حتی یعود اللبن فی الضرع ولا یجتمع غبار فی سبیل الله ودخان جهنم وفی الباب عن ابی ریحانة وابن عباس هذا حدیث صحیح ومحمد بن عبد الرحمن هو مولی آل طلحة مدینی ثقة روی عنه شعبة وسفیان الثوری **باب** ما جاء فی قول النبی صلی الله علیه وسلم لو تعلمون ما اعلم لضحكتم قلیلا **ثنا** احمد بن منیع اخبرنا ابو احمد الزبیری نا اسرائیل عن ابراهیم بن مهاجر عن مجاهد عن مورق عن ابی ذر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم انی اری ما لا ترون واسمع ما لا تسمعون اطت السماء وحق لها ان تاط ما فیها موضع اربع اصابع الا وملك واضع جبهته لله ساجدا والله لو تعلمون ما اعلم لضحكتم قلیلا ولبكیتم كثیرا وما تلذذتم بالنساء علی الفرش ولخرجتم الی الصعدات تجارون الی الله لوددت انی كنت شجرة تعضد

ابو الاشعث یعنے احمد بن مقدام نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن عبد الرحمن طفاوی نے کہا حدیث کی ہمسے ہشام بن عروہ نے اپنے باپ سے اُسنے عائشہؓ سے کہا اُسنے جب یہ آیت نازل ہوئی وانذر عشیرتک الاقربین یعنے ای محمد عذاب الٰہی سے اپنے قریب برادری والونکو ڈرا دے تو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ای صفیہ عبد المطلب کی بیٹی ای فاطمہ محمد کی بیٹی ای مطلب کی اولاد مین بیشک مالک نہین تمھارے بچانیکا خدا کے عذاب سے کچھ بھی (مگر برادری کا حق ہی) سو تم میرے مال سے جو کچھ چاہو مانگو۔ اور اس باب مین روایت ہی ابی ہریرہ اور ابن عباس اور ابی موسی سے رضی اللہ عنہم۔ حدیث عائشہؓ کی حسن ہی۔ اور روایت کیا ہی بعضوں نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ **باب** اللہ تعالی کے ڈر سے رونے کی فضیلت کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے عبد الرحمن بن عبد اللہ مسعودی سے اُسنے محمد بن عبد الرحمن سے اُسنے عیسی بن طلحہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے وہ مرد کہ اللہ تعالی کے خوف سے رویا ہی وہ آگ مین داخل نہین ہوگا یہانتک کہ دودھ پستانو مین عود کرے یعنے جیسا کہ دودھ پستانو مین جانا محال ہی ایسا ہی ایسے شخص کا آگ مین جانا ممکن نہین۔ اور اللہ تعالی کے راستہ کا غبار اور دوزخ کا دھوان جمع نہین ہوگا یعنے جسنے اللہ تعالی کے راستہ مین جہاد کیا ہی وہ دوزخ مین نہین جائیگا اور اس باب مین روایت ہی ابی ریحانہ اور ابن عباس سے۔ یہ حدیث صحیح ہی اور محمد بن عبد الرحمن وہ آل طلحہ کا مولی ہی مدینے کا رہنے والا ہی ثقہ ہی اس سے شعبہ اور سفیان ثوری نے روایت کی ہی **باب** نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول کے بیان مین کہ اگر تم جانتے جو کچھ کہ مین جانتا ہون تو تم بہت تھوڑا ہنستے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا خبر دی ہمکو ابو احمد زبیری نے کہا حدیث کی ہمسے اسرائیل نے ابراہیم بن مہاجر سے اُسنے مجاہد سے اُسنے مورق سے اُسنے ابی ذر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مین ایسی چیزین دیکھتا ہون جو تم نہین دیکھتے اور ایسی باتین سنتا ہون جو تم نہین سنتے چرچراہٹ کیا ہی آسمان نے اور چرچراہٹ کرنا اسکے لائق ہی کیونکہ اسمین چار انگلیون کی جگہ نہین مگر کہ فرشتہ اللہ تعالی کے سجدہ کی حالت مین وہان پیشانی رکھنے والا ہی قسم ہی اللہ کی اگر تم جانتے جو کچھ کہ مین جانتا ہون تو تم تھوڑا ہنستے اور بہت روتے عورتون کے ساتھ فرشونپر مزے نہ اُڑاتے۔ اور جنگلون کی طرف نکل کر اللہ تعالی کو بلند آوازون سے پکارتے رہتے۔ (ابوذر کہتا ہی) مین پسند کرتا ہون کہ مین ایسا درخت بنجاؤن کہ اسکو لوگ کاٹ ڈالتے

ک جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت نے ابتدا اسلام مین سب قریش کو کے مین جمع کیا اور یہ حدیث فرمائی اس کتاب مین یہ حدیث مختصر ہی اور کتابون مین اس سے زیادہ آئی ہی۔ اوپر سے نیچے تک سب یک جدی برادر ونکو علیحدہ علیحدہ نام لیکر حکم الٰہی سنایا یعنے بدون ایمان اور نیک عمل کے میری برادری پر گھمنڈ نہ کیجیو کہ بدون ایمان کے مین کسی کو دوزخ سے نہین بچا سکتا باقی رہے گنہگار مسلمان انکی شفاعت سو خدا کی اجازت کے بعد البتہ ہوگی یا برادری کا حق سو وہ بخوبی ادا ہوگا۱۲

وامر هذا حديث غريب حسن لا نعرفه من حديث الاعرج عن ابي هريرة الا من حديث محرز بن هارون وروى معمر
هذا الحديث عمن سمع سعيد المقبري عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم نحو هذا **باب** ما جاء في ذكر الموت
حدثنا محمود بن غيلان نا الفضل بن موسى عن محمد بن عمرو عن ابي سلمة عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه
وسلم اكثروا ذكر هادم اللذات يعني الموت هذا حديث غريب حسن وفي الباب عن ابي سعيد **باب** حدثنا
هناد نا يحيى بن معين نا هشام بن يوسف نا عبد الله بن بحير انه سمع هانئا مولى عثمان قال كان عثمان اذا وقف على قبر بكى حتى يبل لحيته
فقيل له تذكر الجنة والنار فلا تبكي وتبكي من هذا فقال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان القبر اول منزل من منازل الآخرة فان نجا
منه فما بعده ايسر منه وان لم ينج منه فما بعده اشد منه قال وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما رأيت منظرا قط
الا القبر افظع منه هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من حديث هشام بن يوسف **باب** من احب لقاء الله
احب الله لقاءه حدثنا محمود بن غيلان نا ابو داود نا شعبة عن قتادة قال سمعت انسا يحدث عن عبادة بن الصامت
عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من احب لقاء الله احب الله لقاءه ومن كره لقاء الله كره الله لقاءه وفي الباب عن ابي هريرة
وعائشة وابي موسى وانس حديث عبادة حديث صحيح **باب** ما جاء في انذار النبي صلى الله عليه وسلم قومه حدثنا

اور روایت کر دی ہے۔ یہ حدیث غریب حسن ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر بواسطہ اعرج کے ابی ہریرہ سے مگر طریق محرز بن ہارون
سے اور روایت کیا ہے معمر نے اس حدیث کو اس شخص سے کہ سنا اُسنے سعید مقبری سے اُسنے روایت کی ابی ہریرہ سے اُسنے
نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ **باب** موت کے بیان میں حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث
کی ہمسے فضل بن موسی نے محمد بن عمرو سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
نے کہ لذتوں کی توڑنیوالی کو بہت یاد کیا کرو یعنے موت کو۔ یہ حدیث غریب حسن ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی سعید سے
باب حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن معین نے کہا حدیث کی ہمسے ہشام بن یوسف نے
کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن بحیر نے یہ کہ سنا اُسنے ہانی سے جو مولی ہے عثمان کا کہا اُسنے حضرت عثمان جب کسی قبر پر کھڑے
ہوتے تو بہت روتے یہانتک کہ آپ کی ڈاڑھی مبارک تر ہو جاتی پس آپ سے کسی نے کہا آپ جنت اور دوزخ کا ذکر کرتے
ہیں تو نہیں روتے اور اس سے یعنے قبر دیکھکر روتے ہیں پس کہا حضرت عثمان نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا ہے کہ قبر آخرت کی منزلوں سے پہلی منزل ہے سو اگر اس سے نجات ہوئی تو جو کچھ بعد اسکے ہے وہ اس سے بہت آسان ہے اور اگر اس سے
نجات نہ ہوئی تو پھر جو کچھ بعد اسکے ہے وہ اس سے بہت سخت ہے۔ کہا حضرت عثمان نے اور فرمایا ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے
میں نے کوئی جگہ نہیں دیکھی مگر کہ قبر اس سے بہت سخت ہے یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق ہشام بن یوسف سے
باب اس بیان میں کہ جو کوئی اللہ تعالی کے ملنے کو دوست رکھتا ہے اللہ تعالی اسکے ملنے کو دوست رکھتا ہے حدیث
کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابوداؤد نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے قتادہ سے کہا سنا میں نے انس سے کہ حدیث
کرتا تھا عبادہ بن صامت سے اُسنے روایت کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جو کوئی اللہ تعالی کے ملنے کو دوست رکھتا ہے اللہ تعالی
اسکے ملنے کو دوست رکھتا ہے۔ اور جو کوئی اللہ تعالی کے ملنے کو برا جانتا ہے اللہ تعالی اسکے ملنے کو برا جانتا ہے۔ اور اس باب میں روایت
ہے ابی ہریرہ اور عائشہ اور ابی موسی اور انس سے رضی اللہ عنہم۔ حدیث عبادہ کی صحیح ہے۔ **باب** بیان میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم
کے ڈرانیکے اپنی قوم کو عذاب الہی سے حدیث کی ہمسے

ف یعنے جو کوئی موت کو دوست رکھتا ہے اللہ تعالی اسکی ملاقات کو چاہتا ہے۔ حضرت عائشہ یا کسی اور بی بی نے یہ حدیث سنکر کہا موت تو سب کو بری معلوم ہوتی ہے حضرت نے فرمایا اسکا یہ مطلب نہیں بلکہ جب ایماندار مرتا ہے تو اسوقت فرشتے اسکو خدا کی رضامندی اور کرم کی خوشی سنا دیتے ہیں بلکہ حدیث میں آیا ہے کہ فرشتے نہایت خوب شکل اسکے سامنے دور تک بیٹھ جاتے ہیں اور آہستہ آہستہ نزدیک آتے ہیں تو وہ اسوقت مومن خوشی سے یہ چاہتا ہے کہ میرے پاس سے تمام لوگ چلے جائیں اور وہ لوگ جو مجھے نظر آرہے ہیں میرے پاس آجاویں اسوقت مومن نہایت مشتاق خدا کے ملنے کا ہوتا ہے اور کافر کو مرتے وقت عذاب الہی نظر آتا ہے اور ہیبت ناک فرشتے سامنے آتے ہیں تو کشتہ ڈر کر نفرت کرتا ہے اور خدا کے ملنے کو نہیں چاہتا ہے خلاصہ جواب کا یہ ہوا کہ زندگی میں جو موت بری اور مکروہ معلوم ہوتی ہے اسکا کچھ مضائقہ نہیں مرتے وقت کا اعتبار ہے سو ایماندار اسوقت مشتاق ہوتا ہے اور کافر گھبراتا ہے

باب ماجاء فی قلۃ الکلام **حدثنا** هناد نا عبدۃ عن محمد بن عمرو ثنی ابی عن جدی قال سمعت بلال بن الحارث المزنی صاحب رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول ان احدکم لیتکلم بالکلمۃ من رضوان الله ما یظن ان تبلغ ما بلغت فیکتب الله له بها رضوانه الی یوم یلقاه وان احدکم لیتکلم بالکلمۃ من سخط الله ما یظن ان تبلغ ما بلغت فیکتب الله علیه بها سخطه الی یوم یلقاه وفی الباب عن ام حبیبۃ هذا حدیث حسن صحیح هکذا روی غیر واحد عن محمد بن عمرو نحو هذا وقالوا عن محمد بن عمرو عن ابیه عن جده عن بلال بن الحارث وروی مالک بن انس هذا الحدیث عن محمد بن عمرو عن ابیه عن بلال بن الحارث ولم یذکر فیه عن جده **باب** ما جاء فی هوان الدنیا علی الله **حدثنا** قتیبۃ نا عبد الحمید بن سلیمان عن ابی حازم عن سهل بن سعد قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لو کانت الدنیا تعدل عند الله جناح بعوضۃ ما سقی کافرا منها شربۃ ماء وفی الباب عن ابی هریرۃ هذا حدیث صحیح غریب من هذا الوجه **حدثنا** سوید بن نصر نا عبد الله بن المبارک عن مجالد عن قیس بن ابی حازم عن المستورد بن شداد قال کنت مع الرکب الذین وقفوا مع رسول الله صلی الله علیه وسلم علی السخلۃ المیتۃ فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم اترون هذه هانت علی اهلها حین القوها قالوا من هوانها القوها یا رسول الله قال الدنیا اهون علی الله من هذه علی اهلها وفی الباب عن جابر وابن عمر حدیث المستورد حدیث حسن

باب کم کلام کرنیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے محمد بن عمرو سے کہا حدیث کی مجھسے میرے باپ نے میرے دادا سے کہا اُسنے سنا مین نے بلال بن حارث مزنی سے جو صاحب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا ہے کہتا سنا مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے البتہ کوئی تم مین سے (بعض اوقات) اللہ تعالیٰ کی رضامندی کی ایسی بات کرتا ہے کہ گمان نہین کرتا کہ جس مرتبے تک اُسنے اسکو پہونچایا ہے پہونچائیگی سو اللہ تعالیٰ اسکے واسطے بباعث اس کلام کے اپنی رضامندی اسپر روز تک لکھدیتا ہے کہ جسمین اس سے ملاقات کریگا یعنے قیامت تک اور کوئی تم مین سے (بعض اوقات) اللہ تعالیٰ کے غصے کی ایسی بات کرتا ہے کہ گمان نہین کرتا کہ جس ذلت تک اُسنے اسکو پہونچایا ہے پہونچائیگی سو اللہ تعالیٰ اُسپر بباعث اس کلام کے اپنا غصہ لکھدیتا ہے اُس دن تک کہ جسمین اُس سے ملاقات کریگا۔ اور اس باب مین روایت ہے ام حبیبہ سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے ایسا ہی کئی ایک نے محمد بن عمرو سے مثل اسکے روایت کی ہے اور کہا اُنھون نے یہ روایت ہے محمد بن عمرو سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے اُسنے بلال بن حارث سے۔ اور روایت کیا ہے مالک بن انس نے اس حدیث کو محمد بن عمرو سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے بلال بن حارث سے اور اُسنے اس روایت مین اسکے دادا کا ذکر نہین کیا۔ **باب** اس بیان مین کہ دنیا اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہت ذلیل ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الحمید بن سلیمان نے ابی حازم سے اُسنے سہل بن سعد سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر دنیا اللہ تعالیٰ کے نزدیک پر مچھر کے برابر ہوتی تو کافر کو ایک گھونٹ پانی کا بھی اس سے نصیب نہ ہوتا۔ اور اس باب مین روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ حدیث اس طریق سے صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے مجالد سے اُسنے قیس بن ابی حازم سے اُسنے مستورد بن شداد سے کہا اُسنے مین اُن سوارون کے ساتھ تھا جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بھیڑ کے بچے مردہ پر کھڑے ہوئے تھے پس فرمایا آنحضرت نے کیا تم اسکو دیکھتے ہو کہ یہ اپنے مالکو نپر ذلیل ہو گئی ہے جبکہ اُنھون نے اسکو پھینکدیا ہے کہا لوگون نے بباعث ذلت کے اُنھون نے اسکو پھینکدیا ہے یا رسول اللہ فرمایا آپ نے دنیا اللہ تعالیٰ پر بہت ذلیل ہے بہ نسبت اسکے جو اپنے مالکو نپر ہے۔ اور اس باب مین روایت ہے جابر اور ابن عمر سے حدیث مستورد کی حسن ہے

ف حاصل اسکا یہ ہے کہ بعض وقت آدمی ایسی بات کرتا ہے کہ اسکو خبر نہین ہوتی کہ یہ بات اس مرتبے کی ہے یعنے بیقدر سمجھکر یا اور نے بات خیال کرکے اپنی زبان سے نکال دیتا ہے مگر چونکہ وہ اللہ تعالے کے نزدیک بڑی قدر کی بات ہوتی ہے اسلئے ایسے مرتبے پر پہونچتا ہے کہ اسکو خبر بھی نہین ہوتی اسیطرح سے بعض اوقات آدمی کوئی بری بات حقیر سمجھکر اپنی زبان سے نکال دیتا ہے یعنے بے پروائی سے اپنی زبان سے نکال دیتا ہے مگر چونکہ وہ اللہ تعالے کے نزدیک بہت بری بات ہوتی ہے اسلئے ایسی ذلت تک پہونچتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا اسپر قیامت تک ممکن ہی نہین غرض یہ کہ آدمی کو چاہئے کہ ہر وقت کلام کا لحاظ رکھے ایسا نہ ہو کہ اسکے منھ سے ایسی بری بات نکلجائے ۱۲ ۱۲

وفی الباب عن عائشة وابی هريرة وابن عباس وانس هذا حديث حسن غريب ويروى من غير هذا الوجه ان اباذر قال لوددت
انی كنت شجرة تعضد ويروى عن ابی ذر موقوفا **حدثنا** ابو حفص عمرو بن علی نا عبد الوهاب الثقفی عن محمد بن عمرو عن ابی سلمة
عن ابی هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو تعلمون ما اعلم لضحكتم قليلا ولبكيتم كثيرا هذا حديث صحيح **باب**
ما جاء من تكلم بالكلمة ليضحك الناس **حدثنا** محمد بن بشار نا ابن ابی عدی عن محمد بن اسحق ثنی محمد بن ابراهيم عن عيسى بن طلحة
عن ابی هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الرجل ليتكلم بالكلمة لا يرى بها باسا يهوى بها سبعين خريفا فی النار هذا
حديث حسن غريب من هذا الوجه **حدثنا** بندار نا يحيى بن سعيد نا بهز بن حكيم ثنی ابی عن جدی قال سمعت النبی صلى الله
عليه وسلم يقول ويل للذی يحدث بالحديث ليضحك به القوم فيكذب ويل له ويل له وفی الباب عن ابی هريرة هذا حديث حسن
باب حدثنا سليمن بن عبد الجبار البغدادی نا عمر بن حفص بن غياث ثنی ابی عن الاعمش عن انس بن مالك
قال توفی رجل من اصحابه فقال يعنی رجلا ابشر بالجنة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اولا تدری فلعله تكلم فيما لا يعنيه
او بخل بما لا ينقصه هذا حديث غريب **حدثنا** احمد بن نصر النيسابوری وغير واحد قالوا نا ابو مسهر عن اسمعيل بن
عبد الله بن سماعة عن الاوزاعی عن قرة عن الزهری عن ابی سلمة عن ابی هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من حسن
اسلام المرء تركه ما لا يعنيه هذا حديث غريب لا نعرفه من حديث ابی سلمة عن ابی هريرة عن النبی صلى الله عليه وسلم
الا من هذا الوجه **ثنا** قتيبة نا مالك بن انس عن الزهری عن علی بن الحسين قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان من
حسن اسلام المرء تركه ما لا يعنيه هكذا روى غير واحد من اصحاب الزهری عن الزهری عن علی بن الحسين عن النبی صلى الله عليه وسلم نحو حديث مالك

اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور ابی ہریرہ اور ابن عباس اور انس سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن غریب ہے اور غیر اس طریق
سے مروی ہے کہ کہا ابوذر نے میں دوست رکھتا ہوں کہ میں ایسا درخت ہوجاؤں کہ لوگ اسکو کاٹتے اور ابوذر سے موقوفاً بھی مروی ہے
حدیث کی ہمسے ابو حفص یعنے عمرو بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الوہاب ثقفی نے محمد بن عمرو سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے
ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر تم جانتے جو کچھ کہ میں جانتا ہوں تو تم بہت تھوڑا ہنستے اور بہت
روتے یہ حدیث صحیح ہے **باب** اُس شخص کے بیان میں جو لوگوں کو باتیں کرکے ہنسائے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا
حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی نے محمد بن اسحاق سے کہا حدیث کی مجھے محمد بن ابراہیم نے عیسی بن طلحہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا
اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے آدمی (بعض اوقات) ایسی بات کرتا ہے کہ اسمیں کچھ خوف نہیں دیکھتا حالانکہ بسبب اسکے ستر
خریف آگ کے نیچے چلا جاتا ہے یہ حدیث اس وجہ سے حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے
کہا حدیث کی ہمسے بہز بن حکیم نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے میرے دادا سے کہا اُسنے سنا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے
کہ فرماتے ہلاکت ہے اُس شخص کے لئے جو لوگونکو ہنسانیکے واسطے باتیں کرتا ہے اور جھوٹ بولتا ہے ہلاکت ہے اُسکے لئے ہلاکت ہے اُسکے لئے اور اس باب
میں روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ حدیث حسن ہے **باب حدیث** کی ہمسے سلیمان بن عبد الجبار بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن حفص
بن غیاث نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے اعمش سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے ایک مرد اسکے اصحاب سے مرگیا تو ایک مرد نے
کہا تجھے جنت کی بشارت ہو پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تو یہ بات کرتا ہے اور تو جانتا نہیں کہ شاید اُسنے ایسی بات کی ہو جو بیفائدہ ہو یا
اُسنے ایسی چیز میں بخل کیا ہو جو ناقص نہیں ہوتی (یہ عام ہے مال اور مسائل کو) یہ حدیث غریب ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن نصر نیشاپوری اور کئی ایک نے
کہا اُنھوں نے حدیث کی ہمسے ابو مسہر نے اسمعیل بن عبد اللہ بن سماعہ سے اُسنے اوزاعی سے اُسنے قرہ سے اُسنے زہری سے اُسنے ابی سلمہ سے
اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیفائدہ باتوں کا ترک کرنا آدمی کے نیک اسلام سے ہے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے
ہم اسکو طریق ابی سلمہ سے جو روایت کرتا ہے ابو ہریرہ سے وہ روایت کرتا ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مگر اسی وجہ سے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث
کی ہمسے مالک بن انس نے زہری سے اُسنے علی بن حسین سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیفائدہ باتوں کا ترک کرنا آدمی کے نیک اسلام سے
ہے ایسا ہی زہری کے کئی شاگردوں نے زہری سے روایت کی ہے اُسنے علی بن حسین سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل حدیث مالک کے

ولم يرزقه علما يخبط فی ماله بغير علم لا يتقی فيه ربه ولا يصل فيه رحمه ولا يعلم لله فيه حقا فهو باخبث المنازل وعبد
لم يرزقه الله مالا ولا علما فهو يقول لو ان لی مالا لعملت فيه بعمل فلان فهو بنيته فوزرهما سواء هذا حديث حسن صحيح

باب ما جاء فی هم الدنيا وحبها **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدی نا سفيان عن بشير ابی اسمعيل عن
سيار عن طارق بن شهاب عن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من نزلت به فاقة فانزلها
بالناس لم تسد فاقته ومن نزلت به فاقة فانزلها بالله فيوشك الله له برزق عاجل او آجل هذا حديث حسن صحيح
غريب **حدثنا** محمود بن غيلان نا عبد الرزاق نا سفيان عن منصور والاعمش عن ابی وائل قال جاء معوية الی ابی هاشم بن عتبة
وهو مريض يعوده فقال يا خال ما يبكيك اوجع يشئزك او حرص على الدنيا قال كل لا ولكن رسول الله صلى الله عليه وسلم
عهد الی عهدا لم اخذ به قال انما يكفيك من جمع المال خادم ومركب فی سبيل الله واجدنی اليوم قد جمعت وقد روى زائدة
وعبيدة بن حميد عن منصور عن ابی وائل عن سمرة بن سهم قال دخل معوية على ابی هاشم بن عتبة فذكر نحوه وفی الباب
عن بريدة الاسلمی عن النبی صلى الله عليه وسلم **حدثنا** محمود بن غيلان نا وكيع نا سفيان عن الاعمش عن شمر بن عطية
عن المغيرة بن سعد بن الاخرم عن ابيه عن عبد الله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تتخذوا الضيعة فترغبوا فی الدنيا
هذا حديث حسن **باب** ما جاء فی طول العمر للمؤمن **حدثنا** ابو كريب نا زيد بن حباب عن معوية
بن صالح عن عمرو بن قيس عن عبد الله بن قيس ان اعرابيا قال يا رسول الله من خير الناس قال من طال عمره
وحسن عمله وفی الباب

اور علم نہیں دیا وہ اپنے مال میں بغیر سمجھے کے تصرف کرتا ہے اسکے حق میں اپنے رب سے نہیں ڈرتا اور نہ اپنے قبیلے سے مواصلت کرتا ہے
اور نہیں جانتا کہ اللہ تعالیٰ کا اسمیں حق ہے سو یہ شخص سب سے بدتر مرتبے پر ہے اور چوتھے وہ آدمی کہ اسکو اللہ تعالیٰ نے مال اور علم دونوں نہیں
دیے سو وہ کہتا ہے اگر میرے لئے مال ہو تو میں بھی فلانے کی طرح عمل کروں (یعنے اس مال کو اس شخص کی طرح برے کاموں میں صرف کروں)
سو یہ بھی اپنی نیت پر ہے اور گناہ ان دونوں کا برابر ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** دنیا کے غم اور اسکی محبت کے بیان میں **حدیث**
کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے بشیر ابی اسمعیل سے اُسنے سیار سے اُسنے
طارق بن شہاب سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کو تنگی پہونچی اور اُسنے اسکو
لوگوں سے بیان کیا تو اسکی تنگی بند نہیں ہوتی اور جسکو تنگی پہونچی اور اُسنے اسکو اللہ ہی کے ساتھ بیان کیا پس امید ہے کہ اسکو اللہ
تعالیٰ جلدی یا دیر سے رزق نصیب کریگا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے
عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے منصور اور اعمش سے اُنھوں نے ابی وائل سے کہا اُسنے معاویہ ابی ہاشم بن عتبہ کے پاس اُسکی
عیادت کے لئے آیا اس حالت میں کہ وہ بیمار تھا پس کہا اُسنے ای میرے ماموں کس چیز نے تجھے رولایا ہے کیا تجھے درد ہے کہ بے آرام کر رہا ہے یا دنیا کی
حرص ہے کہا اُسنے یہ دونوں باتیں نہیں لیکن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے ساتھ ایک عہد کیا تھا کہ میں نے اسکو پکڑا نہیں یعنے اسپر قائم
نہیں رہا فرمایا تھا آپ نے کافی ہے تجھے مال کے جمع کرنے میں سے ایک خادم اور ایک سواری اللہ تعالیٰ کے راستہ میں یعنے تجھے ایک خادم اور ایک
سواری جہاد کے واسطے مال کی جمعیت سے کافی ہے زیادہ مال کے جمع کرنیکی حاجت نہیں اور میں آج کے دن اپنے پاس بہت مال جمع پاتا ہوں
اور روایت کیا اسکو زائدہ اور عبیدہ بن حمید نے منصور سے اُسنے ابی وائل سے اُسنے سمرہ بن سہم سے کہ کہا اُسنے معاویہ ابی ہاشم بن عتبہ پر داخل
ہوا پس اسکے مثل ذکر کیا۔ اور اس باب میں روایت ہے بواسطہ بریدہ اسلمی کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے
کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اعمش سے اُسنے شمر بن عطیہ سے اُسنے مغیرہ بن سعد بن اخرم سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے
عبد اللہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اسباب حاصل نہ کرو سو تم دنیا میں رغبت کروگے یہ حدیث حسن ہے **باب**
مومن کی بڑی عمر کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے معاویہ بن صالح سے اُسنے عمرو بن قیس سے اُسنے عبد اللہ
بن قیس سے یہ کہ ایک اعرابی نے کہا یا رسول اللہ کون سب لوگوں سے بہتر ہے فرمایا آپ نے جسکی عمر بڑی ہو اور عمل نیک ہوں۔ اور اس باب میں روایت ہے

حدثنا محمد بن حاتم المؤدب نا علی بن ثابت نا عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان قال سمعت عطاء بن قرة قال سمعت عبد الله بن ضمرة قال سمعت ابا ہریرة یقول سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول ان الدنیا ملعونة ملعون ما فیها الا ذکر الله وما والاہ وعالم او متعلم ہذا حدیث حسن غریب **حدثنا** محمد بن بشار نا یحیی بن سعید ثنا اسمعیل بن ابی خالد اخبرنی قیس بن ابی حازم قال سمعت مستورد اخا بنی فہر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما الدنیا فی الآخرة الا مثل ما یجعل احد کما اصبعه فی الیم فلینظر بما ذا ترجع ہذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء ان الدنیا سجن المؤمن وجنة الکافر **حدثنا** قتیبة نا عبد العزیز بن محمد عن العلاء بن عبد الرحمن عن ابیه عن ابی ہریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الدنیا سجن المؤمن وجنة الکافر ہذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن عبد الله بن عمرو **باب** ما جاء مثل الدنیا مثل اربعة نفر **حدثنا** محمد بن اسمعیل نا ابو نعیم نا عبادة بن مسلم نا یونس بن خباب عن سعید الطائی ابی البختری انه قال ثنی ابو کبشة الانماری انه سمع رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول ثلاث اقسم علیہن واحدثکم حدیثا فاحفظوہ قال ما نقص مال عبد من صدقة ولا ظلم عبد مظلمة صبر علیہا الا زادہ الله عزا ولا فتح عبد باب مسئلة الا فتح الله علیه باب فقر او کلمة نحوہا واحدثکم حدیثا فاحفظوہ فقال انما الدنیا لاربعة نفر عبد رزقه الله مالا وعلما فہو یتقی ربه فیه ویصل به رحمه ویعلم لله فیه حقا فہذا بافضل المنازل وعبد رزقه الله علما ولم یرزقه مالا فہو صادق النیة یقول لو ان لی مالا لعملت بعمل فلان فہو بنیته فاجرہما سواء وعبد رزقه الله مالا

حدیث کی ہمسے محمد بن حاتم مؤدب نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن ثابت نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان نے کہا سنا مین نے عطاء بن قرہ سے کہا سنا مین نے عبد اللہ بن ضمرہ سے کہا سنا مین نے ابا ہریرہ سے کہ کہتا سنا مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے "بیشک دنیا ملعون ہی جو چیز اسمین ہی وہ بھی ملعون ہی مگر اللہ کا ذکر اور جسکو وہ دوست رکھے اور عالم یا متعلم۔ یہ حدیث حسن غریب ہی **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن ابی خالد نے کہا خبر دی مجھے قیس بن ابی حازم نے کہا سنا مین نے مستورد سے جو بھائی بنی فہر کا ہی کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہین ہی دنیا مقابلہ آخرت کے مگر مثل اسکے کہ کوئی تم مین سے اپنی انگلی دریا مین ڈالدے پھر دیکھے کہ وہ کس چیز کے ساتھ نکلتی ہی[1] یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ **باب** اس بیان مین کہ دنیا مومن کے لئے قید ہی اور کافر کے لئے جنت **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے علاء بن عبد الرحمن سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلعم نے دنیا مومن کے لئے قید خانہ ہی اور کافر کے لئے جنت۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی اور اس باب مین روایت ہی عبد اللہ بن عمرو سے **باب** اس بیان مین کہ مثال دنیا کی مثال چار آدمیونکی ہی **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمعیل نے کہا حدیث کی ہمسے ابو نعیم نے کہا حدیث کی ہمسے عبادہ بن مسلم نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن خباب نے سعید طائی ابی البختری سے یہ کہ کہا اُسنے حدیث کی مجھے ابو کبشہ انماری نے یہ کہ سنا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تین چیزونکی مین تمکو قسم دیتا ہون اور ایک حدیث تمسے بیان کرتا ہون سو تم اسکو یاد رکھو فرمایا آپ نے آدمی کا مال بباعث صدقہ کے کم نہین ہوتا اور نہ کسی آدمی پر ظلم ہوا کہ جسپر اُسنے صبر کیا مگر اللہ تعالی اسکی عزت زیادہ کرتا ہی اور کسی آدمی نے دروازہ سوال کا نہین کھولا مگر کہ اللہ تعالی اُسپر دروازہ فقر کا کھول دیتا ہی یا کوئی اور کلمہ مثل اسکے آپ نے فرمایا ہی۔ اور مین تمسے حدیث بیان کرتا ہون سو تم اسکو یاد رکھو پس فرمایا آپ نے دنیا تو چار آدمیونکے واسطے ہی ایک وہ آدمی کہ جسکو اللہ تعالی نے مال اور علم دیا سو وہ اسکے حق مین اپنے رب سے ڈرتا ہی اور ساتھ اسکے قبیلے سے مواصلت کرتا ہی اور جانتا ہی کہ اللہ تعالی کا اسمین حق ہی پس یہ شخص سب سے افضل مرتبے پر ہی۔ اور دوسرے وہ آدمی کہ جسکو اللہ تعالی نے علم دیا ہی اور مال نہین دیا اور نیت اسکی صادق ہی کہتا ہی کہ اگر میرے لئے مال ہو تو مین بھی فلانے کی طرح عمل کرون (یعنے اس مال کو ایسا ہی صرف کرون جیسے کہ وہ صرف کرتا ہی) سو یہ شخص اپنی نیت پر ہی اور اجر ان دونون کا برابر ہی۔ اور تیسرے وہ آدمی کہ جسکو اللہ تعالی نے مال دیا ہی

[1] یعنے دنیا کی قدر آخرت کے مقابلہ مین ایسی ہی جیسے کہ کوئی انگلی دریا مین ڈالدے اور پھر نکال کر دیکھے کہ کیا اسکو لگی جو چیز لگی ہی یعنے کوئی چیز اسکے ساتھ نہین لگتی ایکی یہ غرض ہی کہ دنیا کی قدر آخرت کے مقابلہ مین کچھ نہیں

عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ وقد روی ھذا الحدیث الاعمش عن مجاھد عن ابن عمر نحوہ **حدثنا** سوید نا عبد اللہ عن حماد بن سلمۃ عن عبید اللہ بن ابی بکر بن انس عن انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ھذا ابن ادم وھذا اجلہ ووضع یدہ عند قفاہ ثم بسطھا فقال وثم املہ وثم املہ وفی الباب عن ابی سعید ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** ھناد نا ابو معٰویۃ عن الاعمش عن ابی السفر عن عبد اللہ بن عمرو قال مر علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ونحن نعالج خصًا لنا فقال ما ھذا فقلنا قد وھی فنحن نصلحہ فقال ما اری الامر الا اعجل من ذلک ھذا حدیث حسن صحیح وابو السفر سعید بن یحمد ویقال ابن احمد الثوری **باب** ما جاء ان فتنۃ ھذہ الامۃ فی المال **حدثنا** احمد بن منیع نا الحسن بن سوار نا اللیث بن سعد عن معٰویۃ بن صالح عن عبد الرحمٰن بن جبیر بن نفیر حدثہ عن ابیہ عن کعب بن عیاض قال سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان لکل امۃ فتنۃ وفتنۃ امتی المال ھذا حدیث حسن صحیح غریب انما نعرفہ من حدیث معٰویۃ بن صالح **باب** ما جاء لو کان لابن ادم وادیان من مال لابتغی ثالثا **حدثنا** عبد اللہ بن ابی زیاد نا یعقوب بن ابراھیم بن سعد نا ابی عن صالح بن کیسان عن ابن شہاب عن انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو کان لابن ادم وادیا من ذھب لاحب ان یکون لہ ثانیا ولا یملأ فاہ الا التراب ویتوب اللہ علی من تاب وفی الباب عن ابی بن کعب وابی سعید وعائشۃ وابن الزبیر وابی واقد وجابر وابن عباس وابی ھریرۃ ھذا حدیث حسن صحیح غریب من ھذا الوجہ **باب** ما جاء قلب الشیخ شاب علی حب اثنتین **حدثنا** قتیبۃ نا اللیث عن ابن عجلان عن القعقاع بن حکیم عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال قلب الشیخ شاب علی حب اثنتین طول الحیوۃ وکثرۃ المال وفی الباب عن انس ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** قتیبۃ نا ابو عوانۃ عن قتادۃ عن انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور روایت کیا ہے اس حدیث کو اعمش نے مجاہد سے اُسنے ابن عمر سے مثل اسکے **حدیث** کی ہمسے سوید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ نے حماد بن سلمہ سے اُسنے عبید اللہ بن ابی بکر بن انس سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ ابن آدم ہے اور یہ اسکی موت ہے اور آپ نے اپنا دست مبارک اسکی پیٹھ پر رکھا پھر اسکو دراز کیا اور فرمایا اور اسجگہ امید اسکی ہے اور اسجگہ امید اسکی ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی سعید سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابی السفر سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہمپر گذرے اس حالت میں کہ ہم اپنے گھر کی مرمت کر رہے تھے سو فرمایا آپ نے یہ کیا ہے ہمنے کہا یہ ناقص ہوگیا ہے سو ہم اسکی درستی کر رہے ہیں پھر فرمایا آپ نے میں نہیں دکھلایا گیا موت مگر بہت جلد کرنے والی ہے اس سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو السفر وہ سعید بن یحمد ہے اور کہا گیا وہ ابن احمد ثوری ہے **باب** اس بیان میں کہ فتنہ اس امت کا مال میں ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے حسن بن سوار نے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد نے معاویہ بن صالح سے اُسنے عبد الرحمن بن جبیر بن نفیر سے حدیث کی ہے اُسنے اسکو اپنے باپ سے اُسنے کعب بن عیاض سے کہا اُسنے سنا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے ہر امت کے لئے فتنہ ہے اور فتنہ امت میری کا مال ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے ہمنو اسکو فقط طریق معاویہ بن صالح سے ہی پہچانتے ہیں **باب** اگر ابن آدم کے لئے دو جنگل ہوں مال سے تو طلب کرتا ہے تیسرے کو **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن ابی زیاد نے کہا حدیث کی ہمسے یعقوب بن ابراہیم بن سعد نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے صالح بن کیسان سے اُسنے ابن شہاب سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر ابن آدم کے لئے ایک وادی ہو سونے سے البتہ دوست رکھتا ہے کہ اسکے لئے دوسرا بھی ہو اور سوائے مٹی کے اسکے منہ کو کوئی چیز پر نہیں کرتی اور رجوع کرتا ہے اللہ اسپر جو توبہ کرتا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی بن کعب اور ابی سعید اور عائشہ اور ابن زبیر اور ابی واقد اور جابر اور ابن عباس اور ابی ہریرہ سے یہ حدیث اس وجہ سے حسن صحیح غریب ہے **باب** اس بیان میں کہ بوڑھے کا دل دو چیزوں کی محبت پر جوان ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن عجلان سے اُسنے قعقاع بن حکیم سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ نبی صلعم نے فرمایا بوڑھے کا دل دو چیزوں کی محبت پر جوان ہے طول حیات پر اور کثرت مال پر۔ اور اس باب میں روایت ہے انس سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے قتادہ سے اُسنے انس بن مالک سے یہ کہ رسول اللہ صلعم نے

عن ابی هریرة وجابر هٰذا حدیث حسن غریب من هذا الوجه **ثنا** ابو حفص عمرو بن علی نا خالد بن الحارث نا شعبة عن علی بن زید عن عبد الرحمٰن بن ابی بکرة عن ابیه ان رجلا قال یارسول الله ای الناس خیر قال من طال عمره وحسن عمله قال فای الناس شر قال من طال عمره وساء عمله هٰذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی اعمار هذه الامة مابین الستین الی سبعین **حد ثنا** ابراهیم بن سعید الجوهری نا محمد بن ربیعة عن کامل ابی العلاء عن ابی صالح عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم عمر امتی من ستین سنة الی سبعین هٰذا حدیث حسن غریب من حدیث ابی صالح عن ابی هریرة وقد روی من غیر وجه عن ابی هریرة **باب** ماجاء فی تقارب الزمن وقصر الامل **حد ثنا** عباس بن محمد الدوری نا خالد بن مخلد نا عبد الله بن عمر عن سعد بن سعید الانصاری عن انس بن مالك قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لاتقوم الساعة حتی یتقارب الزمان ویکون السنة کالشهر والشهر کالجمعة وتکون الجمعة کالیوم ویکون الیوم کالساعة وتکون الساعة کالضرمة بالنار هٰذا حدیث غریب من هذا الوجه وسعد بن سعید هو اخو یحیی بن سعید الانصاری **باب** ماجاء فی قصر الامل **حد ثنا** محمود بن غیلان نا ابو احمد نا سفیان عن لیث عن مجاهد عن ابن عمر قال اخذ رسول الله صلی الله علیه وسلم ببعض جسدی قال کن فی الدنیا کانك غریب او عابر سبیل وعد نفسك من اهل القبور فقال لی ابن عمر اذا اصبحت فلا تحدث نفسك بالمساء واذا امسیت فلا تحدث نفسك بالصباح وخذ من صحتك قبل سقمك ومن حیاتك قبل موتك فانك لاتدری یا عبد الله ما اسمك غدا **حد ثنا** احمد بن عبدة الضبی البصری نا حماد بن زید عن لیث عن مجاهد

ابی ہریرہ اور جابر سے۔ یہ حدیث اس طریق سے حسن غریب ہے۔ **حدیث** کی ہمسے ابو حفص یعنے عمرو بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن حارث نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے علی بن زید سے اُسنے عبد الرحمٰن بن ابی بکرہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہ ایک مرد نے کہا یارسول اللہ کونسا شخص آدمیوں سے بہتر ہے فرمایا آپ نے جسکی عمر بڑی ہو اور عمل نیک ہوں کہا اُسنے اور کون آدمیوں سے برا ہے فرمایا آپ نے جسکی عمر بڑی ہو اور عمل برے ہوں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ عمرین اس امت کی درمیان ساٹھ اور ستر کے ہیں **حدیث** کی ہمسے ابراہیم بن سعید جوہری نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن ربیعہ نے کامل ابی العلا سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عمر میری امت کی ساٹھ سے ستر تک ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے طریق ابی صالح سے جو راوی ہے ابی ہریرہ سے۔ اور کئی وجہ سے ابو ہریرہ کسے مروی ہے۔ **باب** زمانہ کے قرب اور امیدون کے چھوٹا ہونے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عباس بن محمد دوری نے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن مخلد نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن عمر نے سعد بن سعید انصاری سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قیامت قائم نہ ہوگی جبتک زمانہ متقارب نہ ہو اور ہوگا سال مثل مہینے کے اور مہینہ مثل جمعہ کے اور ہوگا جمعہ مثل ایک دن کے اور ہوگا دن مثل ایک ساعت کے اور ہوگی ساعت مثل ایک دفعہ بھڑکنے آگ کے۔ یہ حدیث اس وجہ سے غریب ہے اور سعد بن سعید وہ بھائی یحیی بن سعید انصاری کا ہے۔ **باب** امیدون کے منقطع ہونیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے لیث سے اُسنے مجاہد سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے بعض جسم یعنے کاندھے کو پکڑ کر فرمایا دنیا مین اسطرح رہ گویا کہ تو غریب ہے یا گذرنیوالا راستہ کا یعنے مسافر اور اپنے نفس کو اہل قبور سے شمار کر اور فرمایا مجھے ای ابن عمر جب تو صبح کرے تو اپنے نفس سے شام کا ذکر مت کر اور جب تو شام کرے تو اپنے نفس سے صبح کا ذکر مت کر۔ اور پکڑ اپنی صحت کو پہلے اپنی بیماری کے اور زندگی کو پہلے اپنی موت کے یعنے زندگی اور صحت مین آخرت کا خرچ تیار کر کیونکہ تو ای عبد اللہ نہین جانتا کہ کل تیرا کیا نام ہوگا یعنے تجھے معلوم نہین کہ تو کل کس نام سے پکارا جائیگا یعنے زندہ یا مردہ عاصی یا مطیع **حدیث** کی ہمسے احمد بن عبدہ ضبی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے لیث سے اُسنے مجاہد سے

ف مراد اس سے یہ ہے کہ زمانہ خوشی سے گذریگا اسواسطے لمبا معلوم نہ ہوگا اور رفاہیت کہ خوشی کے دن کم ہی ہوتے ہین مراد اس سے یہی ہے کہ عمرین کم ہو جاوینگی اور برکت بھی کم ہوگی یا یہ معنے ہین چونکہ آدمی مصیبتون اور حادثون مین مشغول ہونگے اس سبب سے انکو معلوم نہ ہوگا کہ زمانہ کسطرح گذرتا ہے اگر یہ معنے لیے جاوین تو حدیث کی مطابقت باب کے دوسرے جز سے ہو سکتی ہے ورنہ نہین کیونکہ ایسے زمانہ مین امیدین سب منقطع ہو جاتی ہین بخلاف زمانہ سرور کے۔ اور اگر یہ کہا جاوے کہ قصر الامل کے واسطے مصنف نے علحدہ باب منعقد کیا ہے اور اس باب مین اسی لفظ کا ذکر سہو قلم یا سہو کاتب ہے تو دونون معنے حدیث کے درست ہو سکتے ہین ۱۲

نا ابن المبارک عن حیوۃ بن شریح عن بکر بن عمرو عن عبد اللہ بن ہبیرۃ عن ابی تمیم الجیشانی عن عمر بن الخطاب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو انکم کنتم توکلون علی اللہ حق توکلہ لرزقتم کما ترزق الطیر تغدو اخماصا وتروح بطانا ھذا حدیث حسن صحیح لا نعرفہ الا من ھذا الوجہ وابو تمیم الجیشانی اسمہ عبد اللہ بن مالک **حدثنا** محمد بن بشار نا ابو داؤد نا حماد بن سلمۃ عن ثابت عن انس بن مالک قال کان اخوان علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فکان احدھما یاتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم والآخر یحترف فشکا المحترف اخاہ الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال لعلک ترزق بہ **حدثنا** عمرو بن مالک ومحمود بن خداش البغدادی قالا نا مروان بن معٰویۃ نا عبد الرحمٰن بن ابی شمیلۃ الانصاری عن سلمۃ بن عبید اللہ بن محصن الخطمی عن ابیہ وکانت لہ صحبۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اصبح منکم اٰمنا فی سربہ معافی فی جسدہ عندہ قوت یومہ فکانما حیزت لہ الدنیا ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث مروان بن معٰویۃ قولہ حیزت یعنی جمعت **حدثنا** محمد بن اسمٰعیل نا الحمیدی نا مروان بن معٰویۃ نحوہ

باب ماجاء فی الکفاف والصبر علیہ

حدثنا سوید بن نصر نا عبد اللہ بن المبارک عن یحیی بن ایوب عن عبید اللہ بن زحر عن علی بن یزید عن القسم ابی عبد الرحمٰن عن ابی امامۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اغبط اولیائی عندی لمؤمن خفیف الحاذ ذو حظ من الصلوٰۃ احسن عبادۃ ربہ واطاعہ فی السر وکان غامضا فی الناس لا یشار الیہ بالاصابع وکان رزقہ کفافا فصبر علی ذلک ثم نقر بیدہ فقال عجلت منیتہ قلت بواکیہ قل تراثہ وبھذا الاسناد عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال عرض علی ربی لیجعل لی بطحاء مکۃ ذھبا قلت لا یارب ولکن

کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے حیوہ بن شریح سے اُسنے بکر بن عمرو سے اُسنے عبد اللہ بن ہبیرہ سے اُسنے ابی تمیم جیشانی سے اُسنے عمر بن خطاب سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر تم اللہ تعالیٰ پر توکل رکھتے حق اسکے توکل کا یعنے پورا توکل تو تم ضرور رزق دیے جاتے جیسا کہ جانور رزق دیے جاتے ہیں صبح کرتے ہیں اس حالت میں کہ بھوکے ہوتے ہیں اور شام کرتے ہیں اس حالت میں کہ پر ہوتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے۔ اور ابو تمیم جیشانی کا نام عبد اللہ بن مالک ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے ثابت سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں دو بھائی تھے پس ایک اُن دونوں میں سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آتا تھا اور دوسرا کسب کرتا تھا سو کسب کرنیوالے نے اپنے بھائی کی شکایت نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کی پس فرمایا آپ نے شائد تو اسی کے سبب سے رزق دیا جاتا ہوگا **حدیث** کی ہمسے عمرو بن مالک اور محمود بن خداش بغدادی نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے مروان بن معاویہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمٰن بن ابی شمیلہ انصاری نے سلمہ بن عبید اللہ بن محصن خطمی سے اُسنے اپنے باپ سے اور اسکو آنحضرت کی صحبت تھی کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی تم میں سے صبح کرے اس حالت میں کہ اسکے دل میں امن ہو اور اسکے جسم میں تندرستی ہو اسکے پاس اس دن کا کھانا ہو تو گویا اسکے لیے دنیا جمع کی گئی ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق مروان بن معاویہ سے قولہ حیزت کے معنے جمعت کے ہیں **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمٰعیل نے کہا حدیث کی ہمسے حمیدی نے کہا حدیث کی ہمسے مروان بن معاویہ نے مثل اسکے۔

باب رزق کافی اور اسپر صبر کرنیکے بیان میں

حدیث کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے اُسنے یحیی بن ایوب سے اُسنے عبید اللہ بن زحر سے اُسنے علی بن یزید سے اُسنے قاسم ابی عبد الرحمٰن سے اُسنے ابی امامہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے بہت غبطے کے لائق میرے دوستوں سے میرے نزدیک البتہ وہ مؤمن ہے جو کم عیال ہو صاحب نصیب ہو نماز سے اُسنے اپنے رب کی اچھی عبادت کی ہو اور پوشیدگی میں اسکی اطاعت کی ہو اور لوگوں میں چھپا ہوا ہو اسکی انگلیوں کے ساتھ اشارت نہ کیجاتی ہو اور رزق اسکا کفایت والا ہو اور وہ اسپر صبر کرے پھر آپ نے ساتھ دونوں ہاتھ کے ٹھوکر لگائی۔ (یا تو ایک پورے کے دوسرے پورے پر یا زمین پر مراد اس سے آپکی یہ ہے کہ عمر اسکی کم ہے) پھر فرمایا آپ نے اسکی موت نے جلدی کی ہو اسکے رونے والیاں کم ہوں اسکا ورثہ کم ہو۔ اور ساتھ اسی اسناد کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ فرمایا آپنے میرے رب نے پیش کیا مجھپر کہ مکہ کی زمین سنگریزہ کو میرے لیے سونا کردے میں نے کہا نہ اے رب میرے لیکن (میں چاہتا ہوں)

ف رزق کافی وہ ہے جو بھوک یا سوال سے بند رکھے اور کہا گیا ہے کہ مراد اس سے وہ مال ہے کہ جسکا نفع تو اپنے نفس اور عیال پر صرف کرے ۱۲

قال يهرم ابن آدم ويشب منه اثنتان الحرص على العمر والحرص على المال هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء في الزهادة في الدنيا **حدثنا** عبد الله بن عبد الرحمن انا محمد بن المبارك نا عمرو بن واقد نا يونس بن حلبس عن ابي ادريس الخولاني عن ابي ذر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال الزهادة في الدنيا ليست بتحريم الحلال ولا اضاعة المال ولكن الزهادة في الدنيا ان لا تكون بما في يديك اوثق مما في يد الله وان تكون في ثواب المصيبة اذا انت اصبت بها ارغب فيها لو انها ابقيت لك هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه وابو ادريس الخولاني اسمه عائذ الله بن عبد الله وعمرو بن واقد منكر الحديث **حدثنا** عبد بن حميد نا عبد الصمد بن عبد الوارث نا حريث بن السائب قال سمعت الحسن يقول ثني حمران بن ابان عن عثمان بن عفان عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ليس لابن آدم حق في سوى هذه الخصال بيت يسكنه وثوب يواري عورته وجلف الخبز والماء هذا حديث صحيح وهو حديث حريث بن السائب وسمعت ابا داؤد سليمن بن سلم البلخي يقول قال النضر بن شميل جلف الخبز يعني ليس معه ادام **حدثنا** محمود بن غيلان نا وهب بن جرير نا شعبة عن قتادة عن مطرف عن ابيه انه انتهى الى النبي صلى الله عليه وسلم وهو يقول الهٰكم التكاثر قال يقول ابن آدم مالي مالي وهل لك من مالك الا ما تصدقت فامضيت او اكلت فافنيت او لبست فابليت هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** بندار نا عمر بن يونس نا عكرمة بن عمار نا شداد بن عبد الله قال سمعت ابا امامة يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا ابن آدم انك ان تبذل الفضل خير لك وان تمسكه شر لك ولا تلام على كفاف وابدأ بمن تعول واليد العليا خير من اليد السفلى هذا حديث حسن صحيح وشداد بن عبد الله يكنى ابا عمار **حدثنا** علي بن سعيد الكندي

فرمایا ابن آدم بوڑھا ہوتا ہے اور دو چیزیں اس سے جوان ہوتی ہیں حرص عمر پر اور حرص مال پر یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** دنیا میں زہد کرنیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عبداللہ بن عبدالرحمن نے کہا خبر دی ہمکو محمد بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن واقد نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن حلبس نے ابی ادریس خولانی سے اُسنے ابی ذر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے دنیا میں زہد کرنا نہیں ہے ساتھ حرام کرنے حلال کے اور نہ ساتھ ضائع کرنے مال کے لیکن زہد دنیا میں یہ ہے کہ جو چیز تیرے ہاتھ میں ہے اسکا تجھے زیادہ اعتماد نہ ہو اس چیز سے جو اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ اور یہ کہ تو مصیبت کے ثواب میں جب تجھے وہ پہونچی ہو زیادہ رغبت کرنیوالا ہو اسمیں اگر وہ تیرے لئے باقی رہے یعنے تیری رغبت مصیبت میں ثواب حاصل کرنیکی زیادہ ہو بہ نسبت نہ حاصل کرنیکے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو اس طریق سے۔ اور ابو ادریس خولانی کا نام عائذ اللہ بن عبداللہ ہے اور عمرو بن واقد منکر الحدیث ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالصمد بن عبدالوارث نے کہا حدیث کی ہمسے حریث بن سائب نے کہا سنا میں نے حسن سے کہ کہتا حدیث کی مجھے حمران بن ابان نے عثمان بن عفان سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپ نے سوائے ان خصلتوں کے اور کسی چیز میں ابن آدم کا حق نہیں ہے۔ ایک گھر میں کہ جسمیں وہ سکونت رکھتا ہے اور کپڑے ہیں کہ جسکے ساتھ وہ اپنی شرمگاہ ڈھانپتا ہے۔ اور برتن روٹی اور پانی کا یہ حدیث صحیح ہے اور وہ حدیث حریث بن سائب کی ہے۔ اور سنا میں نے ابا داؤد سلیمان بن سلم بلخی سے کہ کہتا کہا نضر بن شمیل نے جلف الخبز سے مراد یہ ہے کہ روٹی کے ساتھ سالن نہ ہو۔ **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وہب بن جریر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے قتادہ سے اُسنے مطرف سے اُسنے اپنے باپ سے یہ کہ وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پہونچا اس حالت میں کہ آپ یہ فرما رہے تھے الہٰکم التکاثر یعنے غافل کیا تمکو چاہنے بہتایت کے نے فرمایا آپ نے ابن آدم کہتا ہے میرا مال ہے میرا مال ہے۔ اور نہیں تیرے لئے تیرے مال سے مگر جو تو نے صدقہ کیا اور جاری رکھا یا کھایا پس فانی کیا یا پہنا پس پرانا کیا یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عمر بن یونس نے کہا حدیث کی ہمسے عکرمہ بن عمار نے کہا حدیث کی ہمسے شداد بن عبداللہ نے کہا سنا میں نے ابا امامہ سے کہ کہتا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اے بیٹے آدم کے اگر تو زیادتی مال کو خرچ کریگا تو تیرے لئے بہتر ہے اور اگر تو اسکو بند رکھیگا تو تیرے لئے برا ہے۔ اور تجھے ملامت نہ ہوگی اسقدر مال پر جو تیری بھوک کے لئے کافی ہے۔ اور اول اپنے اہل و عیال سے دینا شروع کر۔ اور اوپر کا ہاتھ بہتر ہے نیچے کے ہاتھ سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور شداد بن عبداللہ کی کنیت ابا عمار ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن سعید کندی نے

۱؎ یعنے آنحضرت نے فرمایا کہ جسقدر مال زائد ہو اسکو صرف کرنا چاہئے بند نہ رکھنا چاہئے بعد اسکے آپ نے اسکے مصرف کی جگہ بتائی کہ پہلے اہل و عیال کا دینا فرض ہے اور غیروں کا دینا نفل اور فرض نفل سے مقدم ہے۔ اور اوپر کے

حدثنا عبد الاعلی بن واصل الکوفی نا ثابت بن محمد العابد الکوفی نا الحارث ابن النعمان اللیثی عن انس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اللھم احینی مسکینا وامتنی مسکینا واحشرنی فی زمرۃ المساکین یوم القیمۃ فقالت عائشۃ لم یا رسول اللہ قال انھم یدخلون الجنۃ قبل اغنیائھم باربعین خریفا یا عائشۃ لا تردی المسکین ولو بشق تمرۃ یا عائشۃ احبی المساکین وقربیھم فان اللہ یقربک یوم القیمۃ ھذا حدیث غریب حدثنا محمود بن غیلان نا قبیصۃ نا سفیان عن محمد بن عمرو عن ابی سلمۃ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدخل الفقراء الجنۃ قبل الاغنیاء بخمسمائۃ عام نصف یوم ھذا حدیث حسن صحیح حدثنا العباس بن محمد الدوری نا عبد اللہ بن یزید المقری نا سعید بن ابی ایوب عن عمرو بن جابر الحضرمی عن جابر بن عبد اللہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال یدخل فقراء المسلمین الجنۃ قبل اغنیائھم باربعین خریفا ھذا حدیث حسن حدثنا ابو کریب نا المحاربی عن محمد بن عمرو عن ابی سلمۃ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدخل فقراء المسلمین الجنۃ قبل الاغنیاء بنصف یوم وھو خمسمائۃ عام ھذا حدیث حسن صحیح باب ماجاء فی معیشۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم واھلہ حدثنا احمد بن منیع نا عباد بن عباد المھلبی عن مجالد عن الشعبی عن مسروق قال دخلت علی عائشۃ فدعت لی بطعام وقالت ما اشبع من طعام فاشاء ان ابکی الا بکیت قال قلت لم قالت اذکر الحال التی فارق علیھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الدنیا واللہ ما شبع من خبز ولحم مرتین فی یوم ھذا حدیث حسن حدثنا محمود بن غیلان نا ابو داؤد انبانا شعبۃ عن ابی اسحق قال سمعت عبد الرحمن بن یزید یحدث عن الاسود عن عائشۃ قالت ما شبع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من خبز شعیر یومین متتابعین حتی قبض وفی الباب عن ابی ھریرۃ ھذا حدیث حسن صحیح حدثنا

حدیث کی ہم سے عبد الاعلی بن واصل کوفی نے کہا حدیث کی ہم سے ثابت بن محمد عابد کوفی نے کہا حدیث کی ہم سے حارث بن نعمان لیثی نے انس سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اے اللہ زندہ رکھ مجھے فقیری میں اور مار مجھے فقیری میں اور اٹھا مجھے قیامت کے دن فقیروں کے گروہ میں پس کہا عائشہؓ نے کسلیے یا رسول اللہ فرمایا آپ نے وہ لوگ جنت میں اپنے غنیوں سے پہلے چالیس سال داخل ہونگے اے عائشہ کسی مسکین کو رد نکر اگرچہ ساتھ ٹکڑے کھجور کے اے عائشہ مسکینوں کو دوست رکھ اور انکو نزدیک کر اسلیے کہ اللہ تعالی قیامت کے دن تجھے نزدیک کریگا یہ حدیث غریب ہے حدیث کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے قبیصہ نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان نے محمد بن عمرو سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فقیر جنت میں پانسو سال یعنے نصف یوم پہلے غنیوں سے داخل ہونگے (کیونکہ ایک دن ہزار سال کا ہوگا قال یوما عند ربک کالف سنۃ مما تعدون) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ حدیث کی ہم سے عباس بن محمد دوری نے کہا حدیث کی ہم سے عبد اللہ بن یزید مقری نے کہا حدیث کی ہم سے سعید بن ابی ایوب نے عمرو بن جابر حضرمی سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فقیر مسلمان جنت میں اپنے غنیوں سے چالیس سال پہلے داخل ہونگے یہ حدیث حسن ہے حدیث کی ہم سے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہم سے محاربی نے محمد بن عمرو سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فقیر مسلمان نصف یوم اور وہ پانسو سال ہے غنیوں سے پہلے جنت میں داخل ہونگے یہ حدیث حسن صحیح ہے باب نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اہل وعیال کی گذران کے بیان میں حدیث کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے عباد بن عباد مہلبی نے مجالد سے اُسنے شعبی سے اُسنے مسروق سے کہا اُسنے میں عائشہؓ پر داخل ہوا تو اُسنے میرے لئے کھانا منگوایا اور کہنے لگی میں جس طعام سے سیر ہوتی ہوں پھر رونا چاہوں تو روتی ہوں کہا اُسنے میں نے کہا یہ کسلیے کہا حضرت عائشہ نے میں اُس حال کو یاد کرتی ہوں جسپر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دنیا کو چھوڑا اے قسم ہے اللہ کی نہیں پیٹ بھر کیا آپ نے روٹی اور گوشت سے دوبار ایک دن میں یہ حدیث حسن ہے حدیث کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے ابو داؤد نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے ابی اسحاق سے کہا سنا میں نے عبد الرحمن بن یزید سے کہ حدیث کرتا تھا اسود سے اُسنے روایت کی عائشہ سے کہا اُسنے نہیں پیٹ بھر کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کی روٹی سے دو دن پے در پے یہانتک کہ آپ فوت ہوئے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہم

لہ وجہ مطابقت کی اس روایت اور پہلی میں یہ ہے کہ جو لوگ چالیس سال پہلے جنت میں داخل ہونگے مراد اُنسے فقیر حریص ہیں اور مراد انکے مقابل سے غنی حریص اور جو پانسو سال پہلے داخل ہونگے مراد اُنسے فقیر زاہد ہیں

اشبع يوما واجوع يوما او قال ثلاثا او نحو هذا فاذا جعت تضرعت اليك وذكرتك فاذا شبعت شكرتك وحمدتك وفي الباب عن فضالة
بن عبيد هذا حديث حسن والقاسم هو ابن عبد الرحمن ويكنى ابا عبد الرحمن وهو مولى عبد الرحمن بن خالد بن يزيد بن معوية و
هو شامي ثقة وعلي بن يزيد يضعف في الحديث ويكنى ابا عبد الملك **حدثنا** العباس بن محمد الدوري نا عبد الله بن يزيد
المقري نا سعيد بن ابي ايوب عن شرحبيل بن شريك عن ابي عبد الرحمن الحبلي عن عبد الله بن عمرو ان رسول الله صلى الله عليه وسلم
قال قد افلح من اسلم ورزق كفافا وقنعه الله هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** عباس بن محمد الدوري نا عبد الله بن يزيد
المقري نا حيوة بن شريح اخبرني ابو هانئ الخولاني ان ابا علي عمرو بن مالك الجنبي اخبره عن فضالة بن عبيد انه سمع رسول الله
صلى الله عليه وسلم يقول طوبى لمن هدي للاسلام وكان عيشه كفافا وقنع هذا حديث صحيح وابو هانئ الخولاني اسمه حميد
بن هانئ **باب** ما جاء في فضل الفقر **حدثنا** محمد بن عمرو بن نبهان بن صفوان الثقفي البصري نا روح بن اسلم نا شداد ابو طلحة
الراسبي عن ابي الوازع عن عبد الله بن مغفل قال قال رجل للنبي صلى الله عليه وسلم يا رسول الله والله اني لاحبك فقال
انظر ما تقول قال والله اني لاحبك ثلاث مرات قال ان كنت تحبني فاعد للفقر تجفافا فان الفقر اسرع الى من يحبني من السيل
الى منتهاه **حدثنا** نصر بن علي نا ابي عن شداد ابي طلحة نحوه بمعناه هذا حديث حسن غريب وابو الوازع الراسبي اسمه جابر
بن عمرو وهو بصري **باب** ما جاء ان فقراء المهاجرين يدخلون الجنة قبل اغنيائهم **حدثنا** محمد بن موسى البصري نا زياد
بن عبد الله عن الاعمش عن عطية عن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فقراء المهاجرين يدخلون الجنة قبل اغنيائهم
بخمسمائة عام وفي الباب عن ابي هريرة وعبد الله بن عمرو وجابر هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه

پیٹ بھر کر کھاؤں ایک دن اور بھوکا رہوں ایک دن یا کہا آپ نے تین بار یا مثل اسکے سو جب میں بھوکا رہوں تو تیری طرف زاری کروں اور
تجھے یاد کروں اور جب پیٹ بھر کروں تو تیرا شکر کروں اور تیری حمد کروں۔ اور اس باب میں روایت ہے فضالہ بن عبید سے۔ یہ حدیث حسن ہے اور قاسم
وہ عبد الرحمن کا بیٹا ہے اور کنیت اسکی ابا عبد الرحمن ہے اور یہ مولی ہے عبد الرحمن بن خالد بن یزید بن معاویہ کا اور یہ شامی ہے ثقہ ہے اور علی بن یزید حدیث
میں ضعیف ہے اور کنیت اسکی ابا عبد الملک ہے **حدیث** کی ہمسے عباس بن محمد دوری نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن یزید مقری نے کہا حدیث
کی ہمسے سعید بن ابی ایوب نے شرحبیل بن شریک سے اسنے ابی عبد الرحمن حبلی سے اسنے عبد اللہ بن عمرو سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا مراد کو پہونچا وہ شخص جو اسلام لایا اور کفائت والا رزق دیا گیا اور اسکو اللہ تعالی نے قناعت دی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث**
کی ہمسے عباس بن محمد دوری نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن یزید مقری نے کہا حدیث کی ہمسے حیوہ بن شریح نے کہا خبر دی مجھے
ابو ہانی خولانی نے یہ کہ ابا علی یعنے عمرو بن مالک جنبی نے خبر دی ہے اسکو فضالہ بن عبید سے یہ کہ سنا اسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
سے کہ فرمائے خوشی ہے واسطے اسکے جو اسلام کا راستہ دکھلایا گیا۔ اور زندگی اسکی کفائت والی گذری اور قناعت والا ہوا۔ یہ حدیث
صحیح ہے۔ اور ابو ہانی خولانی کا نام حمید بن ہانی ہے۔ **باب** فقر کی فضیلت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن عمرو بن نبہان
بن صفوان ثقفی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے روح بن اسلم نے کہا حدیث کی ہمسے شداد یعنے ابو طلحہ راسبی نے ابی الوازع سے
اسنے عبد اللہ بن مغفل سے کہا اسنے کہا ایک مرد نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یا رسول اللہ قسم ہے اللہ کی میں آپکو دوست رکھتا ہوں
پس فرمایا آپ نے دیکھ جو تو کہتا ہے[1] کہا اسنے قسم ہے اللہ کی میں ضرور آپکو دوست رکھتا ہوں تین بار کہا فرمایا آپ نے اگر تو مجھے دوست
رکھتا ہے تو فقر کے واسطے برگستوان تیار کر اسلئے کہ فقر بہت جلدی کرنیوالا ہے طرف اسکے جو مجھے دوست رکھتا ہے رَو سے طرف منتہی اپنے کے **حدیث**
کی ہمسے نصر بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے شداد ابی طلحہ سے مثل اسکے بالمعنے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور ابو الوازع راسبی کا نام جابر بن
عمرو ہے اور وہ بصری ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ فقیر مہاجرین جنت میں انکے غنیوں سے پہلے داخل ہونگے **حدیث** کی ہمسے محمد بن موسی بصری
نے کہا حدیث کی ہمسے زیاد بن عبد اللہ نے اعمش سے اسنے عطیہ سے اسنے ابی سعید سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فقیر مہاجر
جنت میں انکے غنیوں سے پانسو سال پہلے داخل ہونگے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور عبد اللہ بن عمرو اور جابر سے یہ حدیث اس وجہ سے حسن غریب ہے

---

[1] یعنے یہ بات جو کہتا ہے کہ میں آپکو دوست رکھتا ہوں یہ ایک بڑا امر عظیم ہے نہایت امتحان کی جگہ ہے مصیبتوں کا گھر ہے ۱۲

حدثنا عمر بن اسمٰعیل بن مجالد بن سعید نا ابی عن بیان عن قیس قال سمعت سعد بن ابی وقاص یقول انی لاول رجل اهراق دما فی سبیل الله وانی لاول رجل رمی بسهم فی سبیل الله ولقد رایتنی اغزو فی العصابة من اصحاب محمد صلی الله علیه وسلم ما ناکل الا ورق الشجر والحبلة حتی ان احدنا لیضع کما تضع الشاة والبعیر واصبحت بنو اسد یعزروننی فی الدین لقد خبت اذن وضل عملی هٰذا حدیث حسن صحیح غریب من حدیث بیان حدثنا محمد بن بشار نا یحیی بن سعید نا اسمٰعیل بن ابی خالد ثنی قیس قال سمعت سعد بن مالك یقول انی اول رجل من العرب رمی بسهم فی سبیل الله ولقد رأیتنا نغزو مع رسول الله صلی الله علیه وسلم وما لنا طعام الا الحبلة وهٰذا السمر حتی ان احدنا لیضع کما تضع الشاة ثم اصبحت بنو اسد تعزرنی فی الدین لقد خبت اذن وضل عملی هٰذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن عتبة بن غزوان حدثنا قتیبة نا حماد بن زید عن ایوب عن محمد بن سیرین قال کنا عند ابی هریرة وعلیه ثوبان ممشقان من کتان فمخط فی احدهما ثم قال بخ بخ یتمخط ابو هریرة فی الکتان لقد رایتنی وانی لاخر فیما بین منبر رسول الله صلی الله علیه وسلم وحجرة عائشة من الجوع مغشیا علی فیجیئ الجائی فیضع رجله علی عنقی یری ان بی الجنون وما بی جنون وما هو الا الجوع هٰذا حدیث حسن صحیح غریب حدثنا العباس بن محمد نا عبدالله بن یزید المقری نا حیوة بن شریح ثنی ابو هانی الخولانی ان اباعلی عمرو بن مالك الجنبی اخبره عن فضالة بن عبید ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کان اذا صلی بالناس یخر رجال من قامتهم فی الصلوٰة من الخصاصة وهم اصحاب الصفة حتی تقول الاعراب هؤلاء مجانین او مجانون فاذا صلی رسول الله صلی الله علیه وسلم انصرف الیهم فقال لو تعلمون ما لکم عند الله لاحببتم ان تزدادوا فاقة وحاجة

حدیث کی ہمسے عمر بن اسمٰعیل بن مجالد بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے بیان سے اُسنے قیس سے کہا اُسنے سنا میں نے سعد بن ابی وقاص سے کہتا میں پہلا مرد ہوں کہ جسنے اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خون کیا ہے اور میں پہلا مرد ہوں کہ جسنے اللہ تعالیٰ کی راہ میں تیر چلایا ہے۔ اور میں نے دیکھا ہے اپنے آپ کو محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کی جماعت میں اس حالت میں کہ نہیں کھاتے تھے ہم مگر پتے درخت کے اور پھل ببول کا یہانتک کہ بعضے ہم میں سے البتہ ہگتے تھے جیسے کہ بکری اور اونٹ ہگتا ہے اور بنو اسد مجھے دین میں طعن کرتے ہیں تو اسوقت نقصان میں پڑا اور ضائع ہوئے عمل میرے۔ یہ حدیث طریق بیان سے حسن صحیح غریب ہے۔ حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابی خالد نے کہا حدیث کی مجھے قیس نے کہا سنا میں نے سعد بن مالک سے کہتا میں عرب سے پہلا مرد ہوں کہ جسنے اللہ کے راستہ میں تیر چلایا ہے۔ اور دیکھا ہمنے اپنے آپ کو کہ آنحضرت کے ساتھ ملکر جنگ کرتے تھے اس حالت میں کہ ہمارے پاس سوائے پھل ببول کے اور اس درخت کے اور کوئی کھانا نہ ہوتا تھا یہانتک کہ بعضے ہم میں سے ہگتے تھے جیسے کہ بکری ہگتی ہے پھر بنو اسد مجھے دین میں طعن کرتے ہیں میں تو اسوقت البتہ نقصان میں پڑا اور ضائع ہوئے عمل میرے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں روایت ہے عتبہ بن غزوان سے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ایوب سے اُسنے محمد بن سیرین سے کہا اُسنے ہم ابی ہریرہ کے پاس تھے اور اسپر دو کپڑے کپاس کے تھے گل سرخ سے رنگے ہوئے سو اُسنے ایک میں ناک کی غلاظت ڈالی پھر کہنے لگا واہ واہ ابو ہریرہ کپاس کے کپڑوں میں ناک ڈالتا ہے (پھر کہا ابو ہریرہ نے) البتہ دیکھا میں نے اپنے آپ کو اس حالت میں کہ مارے بھوک کے غشی کی حالت میں درمیان منبر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور حجرے عائشہ کے گرتا سو کوئی آنیوالا آتا اور میری گردن پر مجھے دیوانہ خیال کرکے اپنا پاؤں رکھتا حالانکہ مجھے دیوانگی نہ تھی اور سوائے بھوک کے اور کوئی اسکا سبب نہ تھا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے حدیث کی ہمسے عباس بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن یزید مقری نے کہا حدیث کی ہمسے حیوہ بن شریح نے کہا حدیث کی مجھے ابو ہانی خولانی نے یہ کہ اباعلی یعنے عمرو بن مالک جنبی نے خبر دی ہے اسکو فضالہ بن عبید سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب لوگونکو نماز پڑھاتے تھے تو کئی لوگ نماز میں کھڑا ہونے سے بسبب بھوک کے مارے گر پڑتے تھے اور وہ لوگ اصحاب صفہ ہوتے تھے یہانتک کہ بدو لوگ کہتے تھے یہ لوگ مجنون ہیں پھر جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوگئے تو انکی طرف پھرے اور فرمایا اگر تم جانو جو چیز کہ تمہارے لئے

[1] بنو اسد یعنے بنو الزبیر بن عوام بن خویلد بن اسد لوگ میری نماز وغیرہ احکام میں طعن کرتے ہیں میں اپنا اسوقت اگر انکی تعلیم کا محتاج ہوا تو نقصان اٹھایا اور میرے پچھلے عمل جو میں نے آنحضرت کے ساتھ اسی طور پر کئے تھے

ابوكريب محمد بن العلاء نا المحاربي عن يزيد بن كيسان عن ابي حازم عن ابي هريرة قال ما شبع رسول الله صلى الله عليه وسلم واهله ثلاثا تباعا من خبز البر حتى فارق الدنيا هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** العباس بن محمد الدوري نا يحيى بن ابي بكير نا حريز بن عثمان عن سليم بن عامر قال سمعت ابا امامة يقول ما كان يفضل عن اهل بيت رسول الله صلى الله عليه وسلم خبز الشعير هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه **حدثنا** عبد الله بن معوية الجمحي نا ثابت بن يزيد عن هلال بن خباب عن عكرمة عن ابن عباس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يبيت الليالي المتتابعة طاويا واهله لا يجدون عشاء وكان اكثر خبزهم خبز الشعير هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** ابو عمار نا وكيع عن الاعمش عن عمارة بن القعقاع عن ابي زرعة عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اللهم اجعل رزق آل محمد قوتا هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** قتيبة نا جعفر بن سليمان عن ثابت عن انس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم لا يدخر شيئا لغد هذا حديث غريب وقد روي هذا غير جعفر بن سليمان عن ثابت عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا **حدثنا** عبد الله بن عبد الرحمن نا ابو معمر عبد الله بن عمرو نا عبد الوارث عن سعيد بن ابي عروبة عن قتادة عن انس قال ما اكل رسول الله صلى الله عليه وسلم على خوان ولا اكل خبزا مرققا حتى مات هذا حديث حسن صحيح غريب من حديث سعيد بن ابي عروبة **حدثنا** عبد الله بن عبد الرحمن نا عبيد الله بن عبد المجيد الحنفي نا عبد الرحمن هو ابن عبد الله بن دينار نا ابو حازم عن سهل بن سعد انه قيل له اكل رسول الله صلى الله عليه وسلم النقي يعني الحوارى فقال سهل ما راى رسول الله صلى الله عليه وسلم النقي حتى لقي الله فقيل له هل كانت لكم مناخل على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ما كانت لنا مناخل قيل كيف كنتم تصنعون بالشعير قال كنا ننفخه فيطير منه ما طار ثم نثريه فنعجنه هذا حديث حسن صحيح وقد رواه مالك بن انس عن ابي حازم **باب** ما جاء في معيشة اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم

ابوکریب یعنے محمد بن علاء نے کہا حدیث کی ہمسے محاربی نے یزید بن کیسان سے اُسنے ابی حازم سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے نہیں پیٹ بھر کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور اہل وعیال نے تین دن پے در پے گیہوں کی روٹی سے یہانتک کہ آپ نے دنیا سے مفارقت کی یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے عباس بن محمد دوری نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن ابی بکیر نے کہا حدیث کی ہمسے حریز بن عثمان نے سلیم بن عامر سے کہا اُسنے سنا میں نے ابا امامہ سے کہ کہتا کبھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت سے جو کی روٹی نہ بڑھتی تھی۔ یہ حدیث اسوجہ سے حسن صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن معاویہ جمحی نے کہا حدیث کی ہمسے ثابت بن یزید نے ہلال بن خباب سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اہل وعیال کئی راتیں پے در پے بھوکے ہی گذارتے تھے رات کا کھانا نہ پاتے تھے۔ اور اکثر روٹی انکی جو کی ہوتی تھی یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابو عمار نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے اعمش سے اُسنے عمارہ بن قعقاع سے اُسنے ابی زرعہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اے اللہ رزق آل محمد کا قوت لایموت کر یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیمان نے ثابت سے اُسنے انس سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کل کے لیے کوئی چیز ذخیرہ نہیں رکھتے تھے۔ یہ حدیث غریب ہے اور یہ حدیث غیر جعفر بن سلیمان نے بھی بواسطہ ثابت کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسل روایت کی ہے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معمر یعنے عبد اللہ بن عمرو نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الوارث نے سعید بن ابی عروبہ سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے کہا اُسنے کبھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خوانچہ پر کھانا نہیں کھایا اور نہ کبھی پتلی روٹی یعنے چپاتی کھائی ہے یہانتک کہ آپ فوت ہوگئے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے بطریق سعید بن ابی عروبہ کے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن عبد المجید حنفی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن نے جو بیٹا عبد اللہ بن دینار کا ہے کہا حدیث کی ہمسے ابو حازم نے سہل بن سعد سے یہ کہ اس سے کسی نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میدہ کھایا ہے سو کہا سہل نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میدہ کبھی دیکھا بھی نہیں یہانتک کہ آپ نے اللہ سے ملاقات کی پھر اس سے کہا گیا کیا تمھارے پاس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں چھلنی تھی کہا اُسنے ہمارے پاس تو کوئی چھلنی نہ تھی کہا گیا تم جو کو کسطرح کرتے تھے کہا اُسنے ہم انکو پھونکتے تھے سو اُنسے اُڑ جاتا جو کچھ کہ اُڑ جاتا پھر انمیں پانی ڈالتے اور انکو گوندھتے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کیا اسکو مالک بن انس نے ابی حازم سے **باب** نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کی گذران کے بیان میں

فانی رأیته یصلی واستوص به معروفا فانطلق ابو الهیثم الی امرأته فاخبرها بقول رسول الله صلی الله علیه وسلم فقالت امرأته ما انت ببالغ ما قال فیه النبی صلی الله علیه وسلم الا ان تعتقه قال هو عتیق فقال النبی صلی الله علیه وسلم ان الله لم یبعث نبیا ولا خلیفة الا وله بطانتان بطانة تامره بالمعروف وتنهاه عن المنکر وبطانة لا تالوه خبالا ومن یوق بطانة السوء فقد وقی هذا حدیث حسن صحیح غریب **حدثنا** صالح بن عبد الله نا ابو عوانة عن عبد الملک بن عمیر عن ابی سلمة بن عبد الرحمن ان رسول الله صلی الله علیه وسلم خرج یوما وابوبکر وعمر فذکر نحو الحدیث بمعناه ولم یذکر فیه عن ابی هریرة وحدیث شیبان اتم من حدیث ابی عوانة واطول وشیبان ثقة عندهم صاحب کتاب **حدثنا** عبد الله بن ابی زیاد نا سیار عن سهل بن اسلم عن یزید بن ابی منصور عن انس بن مالک عن ابی طلحة قال شکونا الی رسول الله صلی الله علیه وسلم الجوع ورفعنا عن بطوننا عن حجر حجر فرفع رسول الله صلی الله علیه وسلم عن حجرین هذا حدیث غریب لا نعرفه الا من هذا الوجه **حدثنا** قتیبة نا ابو الاحوص عن سماک بن حرب قال سمعت النعمان بن بشیر یقول الستم فی طعام وشراب ما شئتم لقد رأیت نبیکم صلعم وما یجد من الدقل ما یملا به بطنه هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** ابو عوانة وغیر واحد عن سماک بن حرب نحو حدیث ابی الاحوص وروی شعبة هذا الحدیث عن سماک عن النعمان بن بشیر عن عمر

باب ما جاء ان الغنا غنا النفس **حدثنا** احمد بن بدیل بن قریش الیامی الکوفی نا ابوبکر بن عیاش عن ابی حصین عن ابی صالح عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس الغنا عن کثرة العرض ولکن الغنا غنا النفس هذا حدیث حسن صحیح

باب ما جاء فی اخذ المال بحقه **حدثنا** قتیبة نا اللیث عن سعید المقبری عن ابی الولید قال سمعت خولة بنت قیس وکانت تحت حمزة بن عبد المطلب

کیونکہ میں نے اسکو نماز پڑھتے دیکھا ہے اور اسکے ساتھ نیکی کی وصیت قبول کر پس ابو الہیثم اسکو اپنی عورت کے پاس لیکر چلا اور اسکو آنحضرت کی بات کی بھی خبر دی پس اسکی عورت نے کہا تو آنحضرت کی بات کو جو آپ نے اسکے حق میں فرمائی ہے پہونچ نہیں سکے گا مگر یہ اسکو آزاد کرے کہا اُسنے وہ آزاد ہے پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی نے کوئی نبی اور خلیفہ نہیں بھیجا مگر یہ اسکے دو جلیس بنائے ہیں ایک دوست اسکو نیکی کا امر کرتا ہے اور برے کاموں سے منع کرتا ہے اور دوسرا دوست اسکو نقصان پہونچانے میں کوتاہی نہیں کرتا اور جو کوئی برے دوست سے بچایا گیا تو وہ نگاہ رکھا گیا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ **حدیث** کی ہمسے صالح بن عبد اللہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے عبد الملک بن عمیر سے اُسنے ابی سلمہ بن عبد الرحمن سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر اور عمر ایکدن نکلے سو اُسنے مثل اس حدیث کے بالمعنے ذکر کیا اور اُسنے اسمیں ابوہریرہ کا ذکر نہیں کیا اور حدیث شیبان کی پوری اور لمبی ہے ابی عوانہ کی حدیث سے اور شیبان انکے نزدیک ثقہ ہے اور صاحب کتاب ہے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن ابی زیاد نے کہا حدیث کی ہمسے سیار نے سہل بن اسلم سے اُسنے یزید بن ابی منصور سے اُسنے انس بن مالک سے اُسنے ابی طلحہ سے کہا اُسنے ہمنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بھوک کا شکوہ کیا اور اپنے پیٹ سے ایک ایک پتھر اُٹھایا پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دو پتھر اُٹھائے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے سماک بن حرب سے کہا اُسنے سنا میں نے نعمان بن بشیر سے کہ کہتا کیا تم نہیں ہو کھانے اور پینے میں جسقدر کہ چاہتے ہو میں نے دیکھا ہے نبی تمہارے کو اس حالت میں کہ نہ پاتے تھے ردی کھجوریں کہ اُسنے اپنا پیٹ پر کریں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابو عوانہ اور کئی ایک نے سماک بن حرب سے مثل حدیث ابی الاحوص کے۔ اور روایت کیا ہے شعبہ نے اس حدیث کو سماک سے اُسنے نعمان بن بشیر سے اُسنے عمر سے **باب** اس بیان میں کہ غنا غنا نفس کی ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن بدیل بن قریش الیامی کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے ابوبکر بن عیاش نے ابی حصین سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بہت مال سے غنا نہیں ہوتی لیکن غنا غنا نفس کی ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** مال لینے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے سعید مقبری سے اُسنے ابی الولید سے کہا اُسنے سنا میں نے خولہ بنت قیس سے اور وہ حمزہ بن عبد المطلب کے نکاح میں تھی

عند الله لاحببتم ان تزدادوا فاقة وحاجة قال فضالة انا يومئذ مع رسول الله صلى الله عليه وسلم هذا حديث حسن صحيح

حدثنا محمد بن اسمعيل نا آدم بن ابي اياس نا شيبان ابو معوية نا عبد الملك بن عمير عن ابي سلمة بن عبد الرحمن عن ابي هريرة قال خرج النبي صلى الله عليه وسلم في ساعة لا يخرج فيها ولا يلقاه فيها احد فاتاه ابو بكر فقال ما جاء بك يا ابا بكر فقال خرجت القى رسول الله صلى الله عليه وسلم وانظر في وجهه واسلم عليه فلم يلبث ان جاء عمر فقال ما جاء بك يا عمر قال الجوع يا رسول الله قال وانا قد وجدت بعض ذلك فانطلقوا الى منزل ابي الهيثم بن التيهان الانصاري وكان رجلا كثير النخل والشاء ولم يكن له خدم فلم يجدوه فقالوا لامرأته اين صاحبك فقالت انطلق يستعذب لنا الماء ولم يلبثوا ان جاء ابو الهيثم بقربة يزعبها فوضعها ثم جاء يلتزم النبي صلى الله عليه وسلم ويفديه بابيه وامه ثم انطلق بهم الى حديقته فبسط لهم بساطا ثم انطلق الى نخلة فجاء بقنو فوضعه فقال النبي صلى الله عليه وسلم افلا تنقيت لنا من رطبه فقال يا رسول الله اني اردت ان تختاروا او قال تخيروا من رطبه وبسره فاكلوا وشربوا من ذلك الماء فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هذا والذي نفسي بيده من النعيم الذي تسألون عنه يوم القيمة ظل بارد ورطب طيب وماء بارد فانطلق ابو الهيثم ليصنع لهم طعاما فقال النبي صلى الله عليه وسلم لا تذبحن ذات در فذبح لهم عناقا او جديا فاتاهم بها فاكلوا فقال النبي صلى الله عليه وسلم هل لك خادم قال لا قال فاذا اتانا سبي فاتنا فاتي النبي صلى الله عليه وسلم براسين ليس معهما ثالث فاتاه ابو الهيثم فقال النبي صلى الله عليه وسلم اختر منهما فقال يا نبي الله اختر لي فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان المستشار مؤتمن خذ هذا

اللہ تعالیٰ کے پاس ہے تو تم ضرور زیادتی فاقہ اور بھوک کو دوست رکھو۔ کہا فضالہ نے میں اسدن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمٰعیل نے کہا حدیث کی ہمسے آدم بن ابی ایاس نے کہا حدیث کی ہمسے شیبان ابو معاویہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الملک بن عمیر نے ابی سلمہ بن عبد الرحمٰن سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک ایسی گھڑی میں نکلے جسمیں آگے نکلا نہ کرتے تھے اور اس گھڑی میں کوئی آپ سے ملاقات نہ کرتا تھا پس آپ کے پاس حضرت ابوبکر آئے سو فرمایا آپ نے اے ابا بکر تجھے کون چیز لائی ہے سو کہا ابوبکر نے میں اسلئے نکلا ہوں کہ آپ کی ملاقات کروں اور آپ کے چہرہ مبارک کی طرف دیکھوں اور آپ پر سلام کروں پھر کچھ دیر نہ لگی کہ حضرت عمر آئے پس فرمایا آپ نے اے عمر تجھے کون چیز لائی ہے کہا حضرت عمر نے بھوک یا رسول اللہ فرمایا آپ نے اور میں نے کچھ حصہ اسکا پایا ہے یعنے مجھے بھی کچھ تھوڑی سی بھوک لگی ہوئی ہے پھر وہ تینوں ابی الہیثم بن تیہان انصاری کے گھر کی طرف چلے اور اُس شخص کے پاس بہت کھجوریں اور بکریاں تھیں اور اسکا کوئی خادم نہ تھا پس ان تینوں نے اسکو گھر میں نہ پایا اور اسکی عورت سے کہا تیرا صاحب کہاں ہے اُسنے کہا وہ ہمارے لئے میٹھا پانی لینے کو گیا ہے پھر وہ کچھ دیر نہ ٹھہرے کہ ابو الہیثم مشک کو اُٹھاتے ہوئے لایا اور اسکو رکھدیا پھر نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے معانقہ کیا اور اپنے ماں باپ کو آپ پر قربان کیا یعنے یوں کہا کہ میرے والدین آپ پر قربان ہوں پھر انکو اپنے باغ کی طرف لیچلا اور انکے واسطے بچھونا بچھایا پھر کھجور کی طرف چلا اور خوشہ لایا اور اسکو (آگے) رکھدیا پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کیوں نہیں تو نے ہمارے لئے پکی ہوئی کھجوریں صاف کیں پس کہا اُسنے یا رسول اللہ میں نے ارادہ کیا تھا کہ آپ پسند کریں یا کہا راوی نے تخیروا (معنے واحد) رطب اور بُسر[1] سے سو انھوں نے کھایا اور اس پانی سے پیا پھر فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اسکی یہ ان نعمتوں سے ہے کہ جنسے تم قیامت کے دن سوال کئے جاؤ گے سایہ سرد اور کھجوریں طیب اور پانی سرد۔ پھر ابو الہیثم ان تینوں کے لئے کھانا بنانیکے واسطے چلا تو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے دودھ والی ذبح نکرنا پس اُسنے انکے واسطے بچہ بھیڑ کا ذبح کیا یا کہا راوی نے جدیا معنے واحد پھر انکے پاس لیکر آیا اور انہوں نے کھایا پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تیرے پاس کوئی خادم ہے کہا اُسنے کہ نہیں فرمایا آپ نے جب ہمارے پاس قیدی آئینگے تو تو ہمارے پاس آنا پس (ایک روز) نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس دو قیدی آئے انکے ساتھ تیسرا نہ تھا اور آپ کے پاس ابو الہیثم آیا پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں سے پسند کر سو کہا اُسنے اے نبی اللہ کے آپ میرے لئے پسند کیجئے پس فرمایا آپ نے بیشک مشورہ پوچھا گیا امانت دار ہے یعنے جس سے مشورہ لیا جائے وہ امین ہوتا ہے اسکو مصلحت میں خیانت کرنی نہیں چاہئے تو اسکو پکڑ لے

[1] بسرہ کھجوریں ہیں جو پکنے کے قریب ہوتی ہیں اور رطب پکی ہوئی ہوتی ہیں یعنے میری مرضی یہ تھی کہ آپ انمیں سے خود پسند کر لیویں ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲

يتبع الميت ثلاث فيرجع اثنان ويبقى واحد يتبعه اهله وماله وعمله فيرجع اهله وماله ويبقى عمله هذا حديث حسن صحيح
باب ماجاء في كراهية كثرة الاكل **حدثنا** سويد نا عبد الله بن المبارك نا اسمٰعيل بن عياش ثني ابوسلمة الحمصي و
حبيب بن صالح عن يحيى بن جابر الطائي عن مقدام بن معديكرب قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ما ملأ
آدمي وعاء اشرا من بطن بحسب ابن آدم اكلات يقمن صلبه فان كان لا محالة فثلث لطعامه وثلث لشرابه وثلث لنفسه **حدثنا**
الحسن بن عرفة نا اسمٰعيل بن عياش نحوه وقال المقدام بن معديكرب عن النبي صلى الله عليه وسلم ولم يذكر سمعت النبي صلى
الله عليه وسلم هذا حديث حسن صحيح **باب** ماجاء في الرياء والسمعة **حدثنا** ابوكريب نا معوية بن هشام عن
شيبان عن فراس عن عطية عن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من يرائي يرائي الله به ومن يسمع يسمع الله به
وقال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من لا يرحم الناس لا يرحمه الله وفي الباب عن جندب وعبد الله بن عمرو وهذا
حديث حسن غريب من هذا الوجه **حدثنا** سويد بن نصر نا عبد الله بن المبارك نا حيوة بن شريح نا الوليد بن ابي الوليد
ابو عثمٰن المدائني ان عقبة بن مسلم حدثه ان شفيا الاصبحي حدثه انه دخل المدينة فاذا هو برجل قد اجتمع عليه الناس
فقال من هذا فقالوا ابوهريرة فدنوت منه حتى قعدت بين يديه وهو يحدث الناس فلما سكت وخلا قلت له اسألك
بحق وبحق لما حدثني حديثا سمعته من رسول الله صلى الله عليه وسلم عقلته وعلمته فقال ابوهريرة افعل لاحدثنك حديثا حدثنيه
رسول الله صلى الله عليه وسلم عقلته وعلمته ثم نشغ ابوهريرة نشغة فمكثنا قليلا

میت کے پیچھے تین چیزیں لگتی ہیں سو دو تو لوٹ آتی ہیں اور ایک باقی رہتی ہے پیچھے لگتا ہے اسکے اہل اور مال اور عمل سو اہل اور مال لوٹ آتے ہیں اور عمل باقی رہتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** بہت کھانے کی کراہت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے سوید نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن عیاش نے کہا حدیث کی مجھے ابوسلمہ حمصی اور حبیب بن صالح نے یحیی بن جابر طائی سے اُسنے مقدام بن معدیکرب سے کہا اُسنے سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہیں بھرا کسی آدمی نے برتن بُرا پیٹ سے یعنے پیٹ سے کوئی برتن بُرا پُر کرنے میں نہیں کافی ہیں آدمی کو اتنے لقمے کہ جنسے اسکی پیٹھ قائم رہے اگر ضرور اُسے سیر ہو کر کھانا ہے تو تہائی پیٹ کے کھانے کے لئے ہے اور تہائی پینے کے لئے اور تہائی سانس لینے کے لیے **حدیث** کی ہمسے حسن بن عرفہ نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن عیاش نے مثل اسکے۔ اور کہا اُسنے مقدام بن معدیکرب روایت کرتا ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور نہیں ذکر کیا اُسنے سنا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** ریا اور شہرت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابوکریب نے کہا حدیث کی ہمسے معاویہ بن ہشام نے شیبان سے اُسنے فراس سے اُسنے عطیہ سے اُسنے ابی سعید سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی لوگوں کو اپنے عمل دکھلاتا ہے اللہ تعالی اُسکو قیامت کے دن دکھلائیگا (کہ یہ وہ شخص ہے کہ یہ کام کرتا تھا) اور جو کوئی اپنے نفس کو مشہور کرتا ہے اللہ تعالی اُسکو مشہور کریگا یعنے قیامت کے روز اسکے عیوب لوگوں پر ظاہر کریگا اور کہا ابی سعید نے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی لوگوں پر رحم نہیں کرتا اللہ تعالی اسپر رحم نہیں کرتا اور اس باب میں روایت ہے جندب اور عبداللہ بن عمرو سے۔ یہ حدیث اس وجہ سے حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے حیوہ بن شریح نے کہا حدیث کی ہمسے ولید بن ابی الولید یعنے ابوعثمان مدائنی نے یہ کہ عقبہ بن مسلم نے حدیث کی ہے اسکو یہ کہ شفی الاصبحی نے حدیث کی ہے اسکو یہ کہ میں مدینہ میں داخل ہوا دیکھا تو ایک مرد ہے اسپر بہت لوگ جمع ہیں سو میں نے کہا یہ کون ہے کہا لوگوں نے یہ ابوہریرہ ہے پھر میں اسکے قریب ہوا حتے کہ میں اسکے آگے بیٹھ گیا اور وہ لوگوں کو حدیث بیان کر رہا تھا پھر جب وہ چپ ہوا اور اکیلا ہوا تو میں نے اُس سے کہا سوال کرتا ہوں میں تجھے ساتھ حق کے اور ساتھ حق کے (یہ لفظ تاکید کے لئے ذکر کیا گیا ہے) ضرور آپ مجھسے وہ حدیث بیان کریئے جو آپ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے اور سمجھی ہے اور معلوم کی ہے پس کہا ابوہریرہ نے بیان کرتا ہوں ضرور وہی حدیث بیان کرونگا جو مجھسے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمائی ہے اور میں نے اسکو سمجھا ہے اور معلوم کیا ہے پھر ابوہریرہ پر تھوڑی سی غشی آئی اور ہم تھوڑی دیر ٹھہرے رہے

تقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان ھٰذا المال خضرۃ حلوۃ من اصابہ بحقہ بورک لہ فیہ ورب متخوض فیما شاءت بہ نفسہ من مال اللہ ورسولہ لیس لہ یوم القیٰمۃ الا النار ھٰذا حدیث حسن صحیح وابو الولید اسمہ عبید سنطا **باب حدثنا** بشر بن ھلال الصواف نا عبد الوارث بن سعید عن یونس عن الحسن عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن عبد الدینار لعن عبد الدرھم ھٰذا حدیث حسن غریب من ھذا الوجہ وقد روی من غیر ھٰذا الوجہ عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم اتم من ھٰذا واطول **باب حدثنا** سوید بن نصر نا عبد اللہ بن المبارک عن زکریا بن ابی زائدۃ عن محمد بن عبد الرحمٰن بن سعد بن زرارۃ عن ابن کعب بن مالک الانصاری عن ابیہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما ذئبان جائعان ارسلا فی غنم وافسد لھا من حرص المرء علی المال والشرف لدینہ ھٰذا حدیث حسن صحیح ویروی فی ھذا الباب عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ولا یصح اسنادہ **باب حدثنا** موسی بن عبد الرحمٰن الکندی نا زید بن حباب حدثنی المسعودی نا عمرو بن مرۃ عن ابراھیم عن علقمۃ عن عبد اللہ قال نام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی حصیر فقام وقد اثر فی جنبہ فقلنا یا رسول اللہ لو اتخذنا لک وطاءً فقال مالی وللدنیا ما انا فی الدنیا الا کراکب استظل تحت شجرۃ ثم راح وترکھا وفی الباب عن ابن عمر وابن عباس ھذا حدیث حسن صحیح **باب حدثنا** محمد بن بشار نا ابو عامر وابو داؤد قالا نا زھیر بن محمد ثنی موسی بن وردان عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الرجل علی دین خلیلہ فلینظر احدکم من یخالل ھٰذا حدیث حسن غریب **باب حدثنا** سوید نا عبد اللہ نا سفیان بن عیینۃ عن عبد اللہ بن ابی بکر قال سمعت انس بن مالک یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کہتی سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے بیشک یہ مال سبز ہے میٹھا جو کوئی اسکو اپنے حق سے لیگا تو اسکے لئے اسمیں برکت دیجائیگی۔ اور بہت خوض کرنیوالے اس چیز میں کہ جسمیں انکا نفس چاہتا ہے یعنے اللہ اور اسکے رسول کے مال میں ایسے ہیں کہ انکے لئے قیامت کے دن سوائے آگ کے اور کچھ نہیں ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو الولید کا نام عبید سنطا ہے۔ **باب حدیث** کی ہمسے بشر بن ہلال صواف نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الوارث بن سعید نے یونس سے اُسنے حسن سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلعم نے لعنت کیا گیا ہے بندہ دینار کا لعنت کیا گیا ہے بندہ درم کا۔ یہ حدیث اس طریق سے حسن غریب ہے اور یہ غیر اس طریق سے بواسطہ ابی ہریرہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے پوری اس سے اور لمبی روایت کی گئی ہے **باب حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے زکریا بن ابی زائدہ سے اُسنے محمد بن عبد الرحمٰن بن سعد بن زرارہ سے اُسنے ابن کعب بن مالک انصاری سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں دو بھیڑیے بھوکے جو بھیجے گئے ہوں بکریوں میں زیادہ خراب کرنیوالے انکو آدمی کی حرص سے جو اسکو مال اور جاہ پر ہے واسطے اسکے دین کے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور مروی ہے اس باب میں بواسطہ ابن عمر کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور اسکی اسناد صحیح نہیں ہے۔ **باب حدیث** کی ہمسے موسی بن عبد الرحمٰن کندی نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے کہا حدیث کی مجھے مسعودی نے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن مرہ نے ابراہیم سے اُسنے علقمہ سے اُسنے عبد اللہ سے کہا اُسنے (ایک دن) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک چٹائی پر سوئے اور اُسنے آپکے پہلوے مبارک میں اثر کر دیا یعنے بوریے کے نشان آپ کے بدن مبارک پر پڑ گئے پس ہمنے کہا یا رسول اللہ اگر ہم آپ کے واسطے نرم بچھونا بنا لیں تو بہتر ہو سو آپ نے فرمایا کیا ہے واسطے میرے اور دنیا کے ہیں تو دنیا میں مثل اُس سوار کے ہوں جسنے درخت کے نیچے سایہ کا آرام پایا پھر چلا اور اُسکو چھوڑ دیا۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور ابن عباس سے یہ حدیث صحیح ہے۔ **باب حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر اور ابو داؤد نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے زہیر بن محمد نے کہا حدیث کی مجھے موسی بن وردان نے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے آدمی اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے تو چاہیے کہ نظر کرے ہر ایک تم میں کہ کس سے دوستی بناتا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ **باب حدیث** کی ہمسے سوید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے عبد اللہ بن ابی بکر سے کہا اُسنے سنا میں نے انس بن مالک سے کہتا فرمایا رسول اللہ صلعم نے

قال ابو عثمان وحدثنی العلاء بن ابی حکیم انه کان سیافا لمعٰویة قال فدخل علیه رجل فاخبره بهذا عن ابی هریرة فقال معٰویة قد فعل بهٰؤلاء هذا فکیف بمن بقی من الناس ثم بکی معٰویة بکاء شدیدا حتی ظننا انه هالك وقلنا قد جاءنا هذا الرجل بشر ثم افاق معٰویة ومسح عن وجهه وقال صدق الله ورسوله من کان یرید الحیٰوة الدنیا وزینتها نوف الیهم اعمالهم فیها وهم فیها لا یبخسون اولٰئك الذین لیس لهم فی الاخرة الا النار وحبط ما صنعوا فیها وباطل ما کانوا یعملون هذا حدیث حسن غریب **باب** حدثنا ابو کریب نا المحاربی عن عمار بن سیف الضبی عن ابی معان البصری عن ابن سیرین عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم تعوذوا بالله من جب الحزن قالوا یا رسول الله وما جب الحزن قال واد فی جهنم یتعوذ منه جهنم کل یوم مائة مرة قیل یا رسول الله ومن یدخله قال القراؤن المراؤن باعمالهم هذا حدیث غریب **باب** حدثنا محمد بن المثنی نا ابو داؤد نا ابو سنان الشیبانی عن حبیب بن ابی ثابت عن ابی صالح عن ابی هریرة قال قال رجل یا رسول الله الرجل یعمل العمل فیسره فاذا اطلع علیه اعجبه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم له اجران اجر السر واجر العلانیة هذا حدیث غریب وقد روی الاعمش وغیره عن حبیب بن ابی ثابت عن ابی صالح عن النبی صلی الله علیه وسلم مرسلا وقد فسر بعض اهل العلم هذا الحدیث اذا اطلع علیه فاعجبه انما معناه ان یعجبه ثناء الناس علیه بالخیر لقول النبی صلی الله علیه وسلم انتم شهداء الله فی الارض فیعجبه ثناء الناس علیه لهذا فاما اذا اعجبه لیعلم الناس منه الخیر ویکرم ویعظم علی ذلك فهذا ریاء وقال بعض اهل العلم اذا اطلع علیه فاعجبه رجاء ان یعمل بعمله فتکون له مثل اجورهم فهذا له مذهب ایضا

کہا ابو عثمان نے اور حدیث کی مجھے علاء بن ابی حکیم نے کہ وہ معاویہ کے پاس جلاد تھا کہا اُسنے سو اسپر ایک آدمی داخل ہوا اور اسکو اسکی خبر دی ابو ہریرہ سے۔ پس کہا معاویہ نے یہ حال اُن لوگون کا کیا گیا ہے یعنے جب یہ حال ایسے بڑے لوگون کا ہے تو باقی لوگون کا کیا حال ہو گا پھر معاویہ سخت رویا یہانتک کہ ہمنے گمان کیا کہ وہ ہلاک ہونیوالا ہے۔ اور ہمنے کہا کہ یہ شخص ہمارے پاس بُری بات لایا ہے (یعنے اس شخص نے بری بات ذکر کی ہے کہ جس سے معاویہ اسقدر تنگی مین گرفتار ہوے) پھر حضرت معاویہ کو ہوش آیا اور اپنے مُنھ کو صاف کیا اور کہا سچ کہا ہے اللہ اور اسکے رسول نے من کان یرید الدنیا وزینتها الخ یعنے جو کوئی ارادہ کرتا ہے دنیا کا اور اسکی زینت کا پورا کرتے ہین ہم طرف انکے عمل انکے اسمین اور وہ بیچ اسکے نہ نقصان دیے جاوینگے وہ لوگ نہین ہے واسطے انکے آخرت مین مگر آگ اور نابود ہو جاویگا وہ کہ کیا انھون نے اسمین اور باطل ہے وہ جو تھے کرتے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے **باب** حدیث کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے محاربی نے عمار بن سیف ضبی سے اُسنے ابی معان بصری سے اُسنے ابن سیرین سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پناہ مانگو ساتھ اللہ کے جب الحزن سے کہا لوگون نے یا رسول اللہ جب الحزن کیا چیز ہے فرمایا آپ نے ایک جنگل ہے دوزخ مین اس سے دوزخ ہر دن مین سو بار پناہ مانگتی ہے کہا گیا یا رسول اللہ اور کون شخص اسمین داخل ہوگا فرمایا آپ نے وہ قاری جو اپنے عمل دکھلانیوالے ہین۔ یہ حدیث غریب ہے **باب** حدیث کی ہمسے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو سنان شیبانی نے حبیب بن ابی ثابت سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے کہ کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ آدمی کوئی عمل کرتا ہے اور وہ عمل اسکو خوش لگتا ہے پھر جب کوئی اسپر اطلاع پاتا ہے تو وہ بھی اسکو خوش لگتا ہے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکے لئے دو اجر ہین ایک اجر پوشیدگی کا دوسرا اجر علانیت کا[1]۔ یہ حدیث غریب ہے۔ اور اعمش وغیرہ نے حبیب بن ابی ثابت سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسل روایت کی ہے۔ اور بعض اہل علم نے اس حدیث کی یہ تفسیر کی ہے جب کوئی اُسپر اطلاع پاوے اور وہ اسکو خوش لگے اسکے یہ معنے ہین کہ لوگون کی صفت جو اُنھون نے اسپر انکوئی کی ہے اسکو پسند آوے کیونکہ فرمان نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا ہے تم ہی ہو گواہ اللہ کے زمین مین سو لوگونکی صفت اسپر اسلئے اسکو پسند آوے یعنے اگر اس سبب سے اسکو صفت پسند آئی ہے تو عیب نہین اور اگر اسلئے اسکو صفت پسند آئی ہے کہ لوگ اُسکی نیکی جانین اور اسپر اسکی عزت اور تعظیم کرین تو یہ ریا ہے۔ اور کہا بعض اہل علم نے جب کوئی اسپر اطلاع پاوے اور اسکو اس امید سے پسند آوے کہ وہ بھی اسطرح عمل کریے تو اسلئے اجر ہوگا مثل انکے اجر کے اور یہ بھی اسکا ایک مذہب ہے یعنے یہ بھی اسکے معنے کسی نے کیے ہین

[1] یعنے اسکی نیت تو ظاہر کرنے کی نہ تھی جب اتفاقاً کسی نے اسپر اطلاع پائی اور اسکو اطلاع پائی پسند آئی تو کوئی عیب نہین ۱۲

ثم افاق فقال لاحدثنك حديثا حدثنيه رسول الله صلى الله عليه وسلم في هذا البيت ما معنا احد غيري وغيره ثم نشغ
ابوهريرة نشغة شديدة ثم افاق ومسح وجهه وقال افعل لاحدثنك حديثا حدثنيه رسول الله صلى الله عليه وسلم انا
وهو في هذا البيت ما معنا احد غيري وغيره ثم نشغ ابوهريرة نشغة شديدة ثم مال خارا على وجهه فاسندته طويلا ثم
افاق فقال حدثني رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله تعالى اذا كان يوم القيمة ينزل الى العباد ليقضي بينهم وكل امة
جاثية فاول من يدعو به رجل جمع القران ورجل قتل في سبيل الله ورجل كثير المال فيقول الله للقاري الم اعلمك ما انزلت
على رسولي قال بلى يا رب قال فماذا عملت فيما علمت قال كنت اقوم به اناء الليل واناء النهار فيقول الله له كذبت وتقول الملئكة
له كذبت ويقول الله له بل اردت ان يقال فلان قاري فقد قيل ذلك ويوتى بصاحب المال فيقول الله له الم اوسع عليك حتى لم ادعك
تحتاج الى احد قال بلى يا رب قال فماذا عملت فيما اتيتك قال كنت اصل الرحم واتصدق فيقول الله له كذبت وتقول الملئكة
له كذبت ويقول الله بل اردت ان يقال فلان جواد وقد قيل ذلك ويوتى بالذي قتل في سبيل الله فيقول الله له فيماذا قتلت
فيقول امرت بالجهاد في سبيلك فقاتلت حتى قتلت فيقول الله له كذبت وتقول له الملئكة كذبت ويقول الله بل اردت
ان يقال فلان جري فقد قيل ذلك ثم ضرب رسول الله صلى الله عليه وسلم على ركبتي فقال يا اباهريرة اولئك الثلثة
اول خلق الله تسعر بهم النار يوم القيمة قال الوليد ابو عثمن المدائني فاخبرني عقبة ان شفيا هو الذي دخل على معوية فاخبره بهذا

پھر اسکو ہوش آیا اور کہنے لگا ضرور میں تجھسے وہی حدیث بیان کرونگا جو مجھسے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس گھر میں بیان کی ہے اس حالت میں ہمارے پاس سوائے آپ کے اور میرے اور کوئی نہ تھا پھر ابوہریرہ سخت بیہوش ہوا پھر اسکو ہوش آیا اور اُسنے اپنے منھ کو صاف کیا اور کہا بیان کرتا ہوں میں ضرور وہی حدیث بیان کرونگا جو مجھسے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیان کی ہے اس حالت میں کہ میں اور آپ اس گھر میں بیٹھے ہمارے پاس سوائے میرے اور آپ کے اور کوئی نہ تھا پھر ابوہریرہ زیادہ بیہوش ہوا پھر منھ کے بل جھک گیا اور میں دیر تک اسکو تھامے رہا پھر اسکو ہوش آیا تو کہنے لگا حدیث کی ہے مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالی جب قیامت کا روز ہوگا اپنے بندوں کی طرف انمیں فیصلہ کرنیکے لئے نازل ہوگا اور ہر امت اپنے پانوں کی انگلیوں پر بیٹھی ہوگی پس پہلے پہل جس شخص کو پروردگار بولائیگا وہ ایسا شخص ہوگا کہ جسنے قران کو حفظ کیا ہے اور وہ آدمی کہ جو اللہ تعالی کی راہ میں شہید ہوا ہے اور وہ آدمی جو کثیر المال ہو پس کہیگا اللہ تعالی واسطے قاری کے کیا میں نے تجھکو وہ نہیں سکھلایا تھا جو میں نے اپنے رسول پر اتارا ہے وہ کہیگا کیوں نہیں اے رب میرے فرمائیگا اللہ پھر تو نے اپنے سیکھے ہوئے میں کیا عمل کیا ہے وہ کہیگا میں اسکے ساتھ درمیان رات اور دن کے کھڑا ہوتا تھا یعنے رات اور دن اسکو نماز میں پڑھتا رہتا تھا پس اللہ تعالی اس سے کہیگا جھوٹ کہا تو نے اور فرشتے بھی اُس سے کہیں گے جھوٹ کہا تو نے اور اللہ تعالی اس سے کہیگا بلکہ تیرا ارادہ تو یہ تھا کہ مجھے کہا جائے کہ فلان شخص قاری ہے سو وہ تجھے کہا گیا اور صاحب مال کا لایا جائیگا پس اُس سے اللہ تعالی کہیگا کیا میں نے تجھپر فراخی نہیں کی حتے کہ میں نے تجھے کسی چیز کی احتیاج نہ چھوڑی کہیگا وہ ہان اے رب میرے فرمائیگا اللہ سو تو نے اس چیز میں کہ میں نے تجھے دی تھی کیا کام کیا ہے کہیگا وہ میں اپنے قبیلے سے مواصلت کرتا تھا اور صدقہ کرتا تھا پس اللہ تعالی اس سے کہیگا جھوٹ کہا تو نے اور فرشتے بھی اس سے کہیں گے کہ جھوٹ کہا تو نے اور اللہ تعالی کہیگا بلکہ تیرا ارادہ تو یہ تھا کہ کہا جائے کہ فلان شخص سخی ہے اور وہ تجھے کہا گیا۔ اور وہ شخص لایا جائیگا جو اللہ تعالی کی راہ میں شہید ہوا ہے پس اللہ تعالی اس سے کہیگا تو نے کسواسطے جنگ کی وہ کہیگا مجھے تیری راہ میں جہاد کا حکم ہوا سو میں نے جہاد کیا یہانتک کہ میں مقتول ہوا پس اللہ تعالی اس سے کہیگا جھوٹ کہا تو نے اور فرشتے بھی اس سے کہیں گے جھوٹ کہا تو نے اور اللہ تعالی اس سے کہیگا بلکہ تیرا ارادہ تو یہ تھا کہ کہا جائے فلان شخص دلیر ہے سو وہ تجھے کہا گیا پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے زانو پر ہاتھ مارا اور فرمایا اے ابوہریرہ یہ تینوں پہلے ہیں اللہ کی پیدائش کے اس بات میں کہ انکے ساتھ قیامت کے دن آگ گرم ہوگی۔ کہا ولید یعنے ابو عثمان مدائنی نے مخبر دی مجھے یہ کہ شفی یہ وہ ہے کہ معاویہ پر داخل ہوا اور اسکو اسکی خبر دی۔

[1] ظاہر ہر دم بیہوشی ابوہریرہ کی یہ معلوم ہوتی ہے کہ ابوہریرہ کو آنحضرت کے ساتھ اس مکان میں گذر بیٹھنا یاد آگیا تھا اور پھر آپ کو اس حالت میں اپنے پاس نہ پایا تو یہ حالت بار بار طاری ہوجاتی تھی اس بات کا ماننا ذوی عقل پر مشکل نہیں چنانچہ ادنی سی بات ہے کہ جو شخص کسی شخص پر عاشق ہو اور معشوق اسکے پاس نہ رہے تو وہ عاشق اس معشوق کے ساتھ کی حالت کو جب یاد کرتا ہے تو اسپر یہ حالت غم طاری ہوجاتی ہے

باب ماجاء في البر والاثم حدثنا موسى بن عبد الرحمن الكندي الكوفي نا زيد بن الحباب نا معوية بن صالح ثني عبد الرحمن بن جبير بن نفير الحضرمي عن ابيه عن النواس بن سمعان ان رجلا سال رسول الله صلى الله عليه وسلم عن البر والاثم فقال النبي صلى الله عليه وسلم البر حسن الخلق والاثم ما حاك في نفسك وكرهت ان يطلع الناس عليه حدثنا بندار نا عبد الرحمن بن مهدي نا معوية بن صالح عن عبد الرحمن نحوه الا انه قال سالت النبي صلى الله عليه وسلم هذا حديث حسن صحيح باب ما جاء في الحب في الله حدثنا احمد بن منيع نا كثير بن هشام نا جعفر بن برقان نا حبيب بن ابي مرزوق عن عطاء بن ابي رباح عن ابي مسلم الخولاني ثني معاذ بن جبل قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول قال الله عز وجل المتحابون في جلالي لهم منابر من نور يغبطهم النبيون والشهداء وفي الباب عن ابي الدرداء وابن مسعود وعبادة بن الصامت وابي مالك الاشعري وابي هريرة هذا حديث حسن صحيح وابو مسلم الخولاني اسمه عبد الله بن ثوب حدثنا الانصاري نا معن نا مالك عن خبيب بن عبد الرحمن عن حفص بن عاصم عن ابي هريرة او عن ابي سعيد ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال سبعة يظلهم الله في ظله يوم لا ظل الا ظله امام عادل وشاب نشا بعبادة الله ورجل كان قلبه معلقا بالمسجد اذا خرج منه حتى يعود اليه ورجلان تحابا في الله فاجتمعا على ذلك وتفرقا ورجل ذكر الله خاليا ففاضت عيناه ورجل دعته امراة ذات حسب وجمال فقال اني اخاف الله عز وجل ورجل تصدق بصدقة

صحیح حسن

باب نکوئی اور گناہ کے بیان میں حدیث کی ہم سے موسی بن عبد الرحمن کندی کوفی نے کہا حدیث کی ہم سے زید بن حباب نے کہا حدیث کی ہم سے معاویہ بن صالح نے کہا حدیث کی مجھ سے عبد الرحمن بن جبیر بن نفیر حضرمی نے اپنے باپ سے اُسنے نواس بن سمعان سے کہ ایک مرد نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے نیکی اور گناہ کی بابت سوال کیا پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نیکی تو نیک اخلاق کا نام ہے اور گناہ وہ ہے جو تیرے دل میں کھٹکا ڈالے اور تو مکروہ جانے کہ اسپر لوگ مطلع ہوں حدیث کی ہم سے بندار نے کہا حدیث کی ہم سے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہم سے معاویہ بن صالح نے عبد الرحمن سے مثل اسکے مگر کہا اسنے سوال کیا میں نے نبی صلعم سے یہ حدیث حسن صحیح ہے باب اللہ تعالی کی محبت کے بیان میں حدیث کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے کثیر بن ہشام نے کہا حدیث کی ہم سے جعفر بن برقان نے کہا حدیث کی ہم سے حبیب بن ابی مرزوق نے عطا بن ابی رباح سے اُسنے ابی مسلم خولانی سے کہا حدیث کی مجھے معاذ بن جبل نے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے فرمایا ہے اللہ بلند اور غالب نے دوستی کرنیوالے میرے جلال میں انکے لئے منبر[1] ہونگے نور کے غبطہ کرینگے انکا نبی اور شہید اور اس باب میں روایت ہے ابی الدرداء اور ابن مسعود اور عبادہ بن صامت اور ابی مالک اشعری اور ابی ہریرہ سے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو مسلم خولانی کا نام عبد اللہ بن ثوب ہے حدیث کی ہم سے انصاری نے کہا حدیث کی ہم سے معن نے کہا حدیث کی ہم سے مالک نے خبیب بن عبد الرحمن سے اُسنے حفص بن عاصم سے اُسنے ابی ہریرہ سے یا ابی سعید سے (شک راوی) یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سات شخص ہیں جنکو خدا اپنے سائے میں رکھیگا جس دن کے سائے کے سوا کہیں سایہ نہوگا یعنے قیامت میں ایک تو امام عادل یعنے منصف سردار دوسرا وہ جوان جو امنگ جوانی میں خدا کی بندگی میں مشغول ہوا تیسرا وہ مرد کہ جسکا دل مسجد میں لگا رہتا ہے جب اس سے نکلتا ہے یہاں تک کہ اسکی طرف لوٹ جائے یعنے بار بار جماعت کے واسطے مسجد میں جاتا ہے جب اس سے نکلتا ہے تو دوسری نماز کے واسطے اسکا دل مسجد کی طرف ہی متوجہ رہتا ہے کہ دوسرا وقت آوے تو جاؤں چوتھے وہ دو مرد جو خدا کے واسطے آپس میں محبت رکھتے ہیں ملنے میں تو اسی پر اور جدا ہوتے ہیں تو اسی پر پانچواں وہ مرد کہ جسنے خدا کو خالی مکان میں یاد کیا تو اسکی آنکھیں جاری ہو گئیں یعنے خوف خدا کی سے رو یا چھٹا وہ مرد کہ جسکو صاحب حسب اور خوبصورت عورت نے بلایا یعنے بدکاری کے واسطے تو اُسنے کہا میں خدا غالب اور بلند سے خوف کرتا ہوں ساتواں وہ مرد کہ جسنے خیرات کی

صحیح حسن

[1] اگرچہ اس حدیث سے محبت والوں کی نبیوں اور شہیدوں پر فضیلت ثابت ہوتی ہے مگر خیال کیا جاوے تو یہ کچھ نہیں کیونکہ بعض وقت ادنی آدمی کو ایک چیز حاصل ہوتی ہے اور اسمیں ایک صفت پائی جاتی ہے جو وہ صفت یا چیز اعلی کو حاصل نہیں ہوتی اور وہ اعلی سے بتہ ڈالا جاتا ہے کہ وہ مجھ سے بھی ملجا ہے جیسے کہ اسکو ملی ہے اگر اس سے ثابت ہوتی ہے تو فضیلت جزئی ثابت ہوتی ہے نہ کلی اور اسمیں کوئی مخالفت نہیں ہے

باب المرء مع من احب **حدثنا** ابوھشام الرفاعی نا حفص بن غیاث عن اشعث عن الحسن عن انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المرء مع من احب وله ما اکتسب وفی الباب عن علی وعبداللہ بن مسعود وصفوان بن عسال وابی ہریرۃ وابی موسی ھذا حدیث حسن غریب من حدیث الحسن البصری عن انس **حدثنا** علی بن حجر نا اسمعیل بن جعفر عن حمید عن انس انه قال جاء رجل الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ متی قیام الساعة فقام النبی صلی اللہ علیہ وسلم الی الصلوۃ فلما قضی صلوته قال این السائل عن قیام الساعة فقال الرجل انا یا رسول اللہ قال ما اعددت لها قال یا رسول اللہ ما اعددت لها کبیر صلوۃ ولا صوم الا انی احب اللہ ورسوله فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المرء مع من احب وانت مع من احببت فما رأیت فرح المسلمون بعد الاسلام فرحهم بها ھذا حدیث صحیح **حدثنا** محمود بن غیلان نا یحیی بن آدم انا سفیان عن عاصم عن زر بن حبیش عن صفوان بن عسال قال جاء اعرابی جهوری الصوت فقال یا محمد الرجل یحب القوم ولما یلحق بهم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المرء مع من احب ھذا حدیث صحیح **حدثنا** احمد بن عبدۃ الضبی نا حماد بن زید عن عاصم عن زر عن صفوان بن عسال عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحو حدیث محمود **باب** فی حسن الظن باللہ تعالی **حدثنا** ابوکریب نا وکیع عن جعفر بن برقان عن یزید بن الاصم عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ تعالی یقول انا عند ظن عبدی بی وانا معه اذا دعانی ھذا حدیث حسن صحیح

باب آدمی اُسکے ساتھ ہے جسکو وہ دوست رکھتا ہے **حدیث** کی ہمسے ابوہشام رفاعی نے کہا حدیث کی ہمسے حفص بن غیاث نے اشعث سے اُسنے حسن سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے آدمی اُس شخص کے ساتھ ہے جسکو وہ دوست رکھتا ہے اور اسکے واسطے ہے جو وہ حاصل کرتا ہے۔ اور اس باب مین روایت ہے علی اور عبداللہ بن مسعود اور صفوان بن عسال اور ابی ہریرہ اور ابی موسی سے یہ حدیث طریق حسن بصری سے جو راوی ہے انس سے حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن جعفر نے حمید سے اُسنے انس سے یہ کہا اُسنے ایک مرد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا یا رسول اللہ قیامت کا قائم ہونا کب ہے پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم نماز کی طرف کھڑے ہوئے پھر جب اپنی نماز پوری کر چکے تو فرمایا کہان ہے وہ شخص جو قیامت کے کھڑے ہونیکی بابت سائل تھا پس کہا اس مرد نے مین حاضر ہون یا رسول اللہ فرمایا آپ نے کیا چیز تونے قیامت کے لئے تیار کی ہے کہا اُسنے یا رسول اللہ مین نے کوئی بہت نماز اور روزے تو اسکے لئے تیار نہین کئے مگر مین اللہ اور اسکے رسول کو دوست رکھتا ہون سو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے آدمی اُسکے ساتھ ہے جسکو وہ دوست رکھتا ہے اور تو اُس شخص کے ساتھ ہوگا جسکو تو دوست رکھتا ہے راوی کہتا ہے مین نے نہین دیکھا مسلمانونکو بعد اسلام کے مثل اُس خوشی کے کہ خوش ہوئے ہون۔ یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن آدم نے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے عاصم سے اُسنے زر بن حبیش سے اُسنے صفوان بن عسال سے کہا اُسنے ایک اعرابی بلند آواز آیا اور کہنے لگا اے محمد ایک آدمی ایک قوم کو دوست رکھتا ہے اور وہ اُنسے ملا نہین پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے آدمی اسکے ساتھ ہے جسکو وہ دوست رکھتا ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن عبدہ ضبی نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے عاصم سے اُسنے زر سے اُسنے صفوان بن عسال سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل حدیث محمود کے **باب** بیان مین اچھا گمان کرنیکے ساتھ اللہ تعالی کے **حدیث** کی ہمسے ابوکریب نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے جعفر بن برقان سے اُسنے یزید بن اصم سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلعم نے تبارک وتعالی فرماتا ہے مین پاس گمان بندے اپنے کے ہون ساتھ میرے اور مین اسکے ساتھ ہون جب مجھے پکارے یہ حدیث حسن صحیح ہے

له یعنے انکی اُسنے صحبت نہین کی یا انکی طرح اُسنے عمل نہین کئے یا یہ کہ اُسنے انکو دیکھا نہین ۱۲ سله یعنے جسطرح کا گمان میرے بندے کا میرے ساتھ ہے مین بھی اسکے ساتھ اسیطرح کا ہون یعنے اگر اسکا گمان میرے ساتھ یہ ہے کہ پروردگار بخشنے والا مہربان ہے تو مین اسکے ساتھ اسی صفت سے پیش آؤنگا علی ہذا القیاس میری جس صفت کے ساتھ اسکا گمان واثق ہوگا مین اسکے ساتھ اسیطرح سے برتاؤ کرونگا پس مناسب ہے ہر ایک انسان کو کہ ہمیشہ صفت بخشش اور رجا کو قہاری اور خوف کی صفت پر زیادہ خیال رکھے ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱

وفی الباب عن ابی هريرة هذا حديث حسن صحيح وقد روى زائدة عن يزيد بن ابی زياد عن مجاهد عن ابن عباس
وحديث مجاهد عن ابی معمر اصح وابو معمر اسمه عبد الله بن سخبرة والمقداد بن الاسود هو المقداد بن عمرو الكندی ويكنى
ابا معبد وانما نسب الى الاسود بن عبد يغوث لانه كان تبناه وهو صغير **حدثنا** محمد بن عثمان الكوفی نا عبيد الله
بن موسی عن سالم الخياط عن الحسن عن ابی هريرة قال امرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم ان نحثو فی افواه المداحين
التراب هذا حديث غريب من حديث ابی هريرة **باب** ما جاء فی صحبة المؤمن **حدثنا** سويد بن نصر
نا عبد الله بن المبارك عن حيوة بن شريح نا سالم بن غيلان ان الوليد بن قيس التجيبی اخبره انه سمع ابا سعيد الخدری
قال سالم او عن ابی الهيثم عن ابی سعيد انه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا تصاحب الا مؤمنا ولا يأكل
طعامك الا تقی هذا حديث انما نعرفه من هذا الوجه **باب** ما جاء فی الصبر على البلاء **حدثنا** قتيبة نا
الليث عن يزيد بن ابی حبيب عن سعد بن سنان عن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اراد الله
بعبده الخير عجل له العقوبة فی الدنيا واذا اراد بعبده الشر امسك عنه بذنبه حتى يوافی به يوم القيمة وبهذا
الاسناد عن النبی صلى الله عليه وسلم قال ان عظم الجزاء مع عظم البلاء وان الله اذا احب قوما ابتلاهم فمن رضی
فله الرضی ومن سخط فله السخط هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو داود
نا شعبة عن الاعمش قال سمعت ابا وائل يحدث يقول قالت عائشة ما رأيت الوجع على احد اشد منه على رسول الله
صلى الله عليه وسلم هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** قتيبة نا شريك عن عاصم عن مصعب بن سعد

اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کیا زائدہ نے یزید بن ابی زیاد سے اُسنے
مجاہد سے اُسنے ابن عباس سے اور حدیث مجاہد کی جو ابی معمر سے ہے بہت صحیح ہے۔ اور ابو معمر کا نام عبداللہ بن سخبرہ ہے اور مقداد بن
اسود وہ مقداد بن عمرو کندی ہیں اور کنیت اُنکی ابا معبد ہے اور وہ اسود بن عبد یغوث کی طرف منسوب اسلئے ہوا ہے کہ اُسنے اُنکو
لڑکپن کی حالت میں متبنیٰ بنایا تھا **حدیث** کی ہمسے محمد بن عثمان کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے عبیداللہ بن موسیٰ نے سالم
خیاط سے اُسنے حسن سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے ہمکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے کہ مدح کرنے والوں کے منہ میں مٹی ڈالیں[1]
یہ حدیث طریق ابی ہریرہ سے غریب ہے **باب** مومن کی صحبت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث
کی ہمسے عبداللہ بن مبارک نے حیوہ بن شریح سے کہا حدیث کی ہمسے سالم بن غیلان نے یہ کہ ولید بن قیس تجیبی نے خبر دی ہے اُسکو
کہ سنا اُسنے ابا سعید خدری سے۔ کہا سالم نے یا یہ روایت ہے ابی الہیثم سے اُسنے روایت کی ابی سعید سے یہ کہ سنا اُسنے رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے نہ مصاحبت کر مگر مومن کی اور چاہیے کہ نہ کھائے تیرا کھانا مگر متقی۔ اس حدیث کو ہم صرف اسی
طریق سے پہچانتے ہیں **باب** مصیبت پر صبر کرنیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث
نے یزید بن ابی حبیب سے اُسنے سعد بن سنان سے اُسنے انس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب اللہ تعالیٰ
کسی اپنے بندے کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اسکو دنیا میں عذاب دیتا ہے۔ اور جب کسی بندے کے ساتھ برائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس سے
عذاب بسبب اسکے گناہوں کے دور رکھتا ہے یہانتک کہ قیامت کے دن اسکو پورا بدلہ دے اور ساتھ اسی اسناد کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے
ہے کہ فرمایا آپ نے بہت جزا ساتھ بہت مصیبت کے ہے یعنے مصیبت کے موافق اجر ملیگا اور اللہ تعالیٰ جب کسی قوم کو دوست رکھتا ہے
تو اُنکی آزمائش کرتا ہے سو جو کوئی اس مصیبت میں راضی ہوا تو اسکے لئے رضا ہے اور جو کوئی ناراض ہوا تو اسکے لئے عذاب ہے۔ یہ حدیث
اس نہج سے حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے اعمش سے
سنا میں نے ابا وائل سے کہ حدیث کرتا تھا کہتا تھا کہ کہا ہے عائشہ رضی نے میں نے کسی شخص پر تکلیف رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے زیادہ
نہیں دیکھی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے عاصم سے اُسنے مصعب ابن سعد سے

---

[1] یہ حکم اسواسطے فرمایا کہ جیسی صحبت ہوتی ہے ویسے ہی آدمی کا حال ہوتا ہے اگر برے آدمی کا ہمیں شریک ہوتے رہیں تو آہستہ آہستہ اُنھیں کی رسمیں جاری ہو جاتی ہیں ۱۲ ۱۲ ۱۲

فاخفاها حتى لا تعلم شماله ما تنفق يمينه هذا حديث حسن صحيح وهكذا روى هذا الحديث عن مالك بن انس من غير وجه مثل هذا او شك فيه قال عن ابي هريرة او عن ابي سعيد وعبيد الله بن عمر رواه عن خبيب بن عبد الرحمن ولم يشك فيه فقال عن ابي هريرة **حدثنا** سوار بن عبد الله العنبري ومحمد بن المثنى قالا نا يحيى بن سعيد عن عبيد الله بن عمر عن خبيب بن عبد الرحمن عن حفص بن عاصم عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم نحو حديث مالك بن انس بمعناه الا انه قال كان قلبه معلقا بالمساجد وقال ذات منصب وجمال هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء في اعلام الحب **حدثنا** بندار نا يحيى بن سعيد القطان نا ثور بن يزيد عن حبيب بن عبيد عن المقدام بن معد يكرب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا احب احدكم اخاه فليعلمه اياه وفي الباب عن ابي ذر وانس حديث المقدام حديث حسن صحيح غريب **حدثنا** هناد وقتيبة قالا نا حاتم بن اسمعيل عن عمران بن مسلم القصير عن سعيد بن سليمان عن يزيد بن نعامة الضبي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا آخا الرجل الرجل فليسأله عن اسمه واسم ابيه وممن هو فانه اوصل للمودة هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه ولا نعرف ليزيد بن نعامة سماعا من النبي صلى الله عليه وسلم ويروى عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم نحو هذا الحديث ولا يصح اسناده **باب** كراهية المدحة والمداحين **حدثنا** بندار نا عبد الرحمن بن مهدي نا سفيان عن حبيب بن ابي ثابت عن مجاهد عن ابي معمر قال قام رجل فاثنى على امير من الامراء فجعل المقداد بن الاسود يحثو في وجهه التراب وقال امرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم ان نحثو في وجوه المداحين التراب

اور اسکو چھپایا یہانتک کہ نہیں جانتا اسکا بایاں ہاتھ کہ کیا خرچ کیا اسکے داہنے ہاتھ نے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسیطرح یہ حدیث مالک بن انس سے کئی وجہ سے مثل اسکے روایت کی گئی ہے اور اُسنے اسمیں شک کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ روایت ہے ابی ہریرہ سے یا ابی سعید سے اور عبید اللہ بن عمر سے اور روایت کیا اسکو خبیب بن عبد الرحمن نے اور اُسنے اسمیں شک نہیں کیا اور کہا اُسنے یہ روایت ہے ابی ہریرہ سے۔ **حدیث** کی ہمسے سوار بن عبد اللہ عنبری اور محمد بن مثنیٰ نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے یحییٰ بن سعید نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے خبیب بن عبد الرحمن سے اُسنے حفص بن عاصم سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل حدیث مالک بن انس کے بالمعنے مگر کہ کہا اُسنے دل اسکا مسجدوں میں لگا رہتا ہے یعنے مسجد کی جگہ اُسنے مساجد کا لفظ ذکر کیا۔ اور کہا اُسنے بلایا اسکو مالدار با عزت خوبصورت عورت نے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** محبت کی خبر دینے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن سعید قطان نے کہا حدیث کی ہمسے ثور بن یزید نے حبیب بن عبید سے اُسنے مقدام بن معدیکرب سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب کوئی تم میں سے اپنے بھائی کو دوست رکھے[1] تو چاہیے اسکو کہ اُسکی خبر دے یعنے یہ کہدے کہ میں تجھے دوست رکھتا ہوں اور اس باب میں روایت ہے ابی ذر اور انس سے۔ حدیث مقدام کی حسن صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد اور قتیبہ نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے حاتم بن اسمٰعیل نے عمران بن مسلم قصیر سے اُسنے سعید بن سلیمان سے اُسنے یزید بن نعامہ ضبی سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب کوئی مرد کسی مرد کو بھائی بنا دے تو چاہیے کہ اس سے اسکے نام اور باپ کے نام سے سوال کرے اور یہ کہ وہ کس قبیلے سے ہے اسلیے کہ یہ بات دوستی کی پیوند لانے والی ہے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے اور نہیں پہچانتے ہم واسطے یزید بن نعامہ کے سماع نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور مروی ہے بواسطہ ابن عمر کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اس حدیث کے اور اسکی اسناد صحیح نہیں ہے۔ **باب** مدح اور مدح کرنے والوں کی برائی کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے حبیب بن ابی ثابت سے اُسنے مجاہد سے اُسنے ابی معمر سے کہا ایک مرد کھڑا ہوا اور ایک امیر کی امیروں میں سے صفت کرنے لگا پس مقداد بن اسود نے اسکے منہ میں مٹی ڈالنی شروع کی اور کہا اُسنے ہمکو رسول اللہ صلعم نے حکم دیا ہے کہ مدح کرنے والوں کے منہ میں مٹی ڈالیں

[1] اس خبر دینے میں یہ فائدہ ہوتا ہے کہ دوسرے آدمی کی محبت بھی اسکی طرف ہو جاتی ہے پھر جانبین سے الفت بڑھتی ہے ۱۲

سمعت ابا هريرة يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من احد يموت الا ندم قالوا وما ندامته يا رسول الله قال ان كان محسنا ندم ان لا يكون ازداد وان كان مسيئا ندم ان لا يكون نزع هذا حديث انما نعرفه من هذا الوجه ويحيى بن عبيد الله قد تكلم فيه شعبة **حدثنا** سويد نا ابن المبارك نا يحيى بن عبيد الله قال سمعت ابي يقول سمعت ابا هريرة يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يخرج في اخر الزمان رجال يختلون الدنيا بالدين يلبسون للناس جلود الضأن من اللين السنتهم احلى من السكر وقلوبهم قلوب الذئاب يقول الله ابي تغترون ام علي تجترئون فبي حلفت لابعثن على اولئك منهم فتنة تدع الحليم منهم حيرانا وفي الباب عن ابن عمر **حدثنا** احمد بن سعيد الدارمي ثنا محمد بن عباد نا حاتم بن اسمعيل نا حمزة بن ابي محمد عن عبد الله بن دينار عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ان الله تعالى قال لقد خلقت خلقا السنتهم احلى من العسل وقلوبهم امر من الصبر فبي حلفت لاتيحنهم فتنة تدع الحليم منهم حيرانا فبي يغترون ام علي يجترئون هذا حديث حسن غريب من حديث ابن عمر لا نعرفه الا من هذا الوجه **باب** ما جاء في حفظ اللسان **حدثنا** صالح بن عبد الله نا ابن المبارك ح وثنا سويد بن نصر نا عبد الله بن المبارك عن يحيى بن ايوب عن عبيد الله بن زحر عن علي بن يزيد عن القاسم عن ابي امامة عن عقبة بن عامر قال قلت يا رسول الله ما النجاة قال املك عليك لسانك وليسعك بيتك وابك على خطيئتك هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمد بن موسى البصري نا حماد بن زيد عن ابي الصهباء عن سعيد بن جبير عن ابي سعيد الخدري رفعه قال اذا اصبح ابن آدم فان الاعضاء كلها تكفر اللسان فتقول اتق الله فينا فانما نحن بك

سنا میں نے ابا ہریرہ سے کہ کہتے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی مرتا ہے وہ (قیامت کے دن) شرمندہ ہوگا کہا لوگوں نے اور کیا ہے ندامت اسکی یارسول اللہ فرمایا آپ نے اگر وہ نیکوکار ہوگا تو اسلئے شرمندہ ہوگا کہ کیوں نہ زیادہ ہوا (نیکی میں) اور اگر وہ برا ہوا تو اسلئے شرمندہ ہوگا کہ کیوں نہ باز رکھا (اپنے نفس کو ارتکاب معاصی سے) اس حدیث کو تو ہم صرف اسی وجہ سے پہچانتے ہیں اور یحییٰ بن عبید کے حق میں شعبہ نے کلام کیا ہے **حدیث** کی ہمسے سوید نے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن عبیداللہ نے کہا سنا میں نے اپنے باپ سے کہ کہتا سنا میں نے ابا ہریرہ سے کہ کہتا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے آخر زمانہ میں کچھ ایسے لوگ نکلیں گے کہ دنیا کو ساتھ دین کے فریب دینگے یعنے خریدینگے لوگو ںکو واسطے دنبوں کی پوستیں پہنیں گے نرمی سے زبانیں انکی شکر سے میٹھی ہونگی یعنے نیک اخلاق سے لوگو ںسے پیش آوینگے اور دل انکے دل بھیڑیوں کے سے ہونگے فرماتا ہے اللہ کیا وہ میرے ساتھ فریب کرتے ہیں یا مجھپر دلیری کرتے ہیں پس میں اپنی ذات کی قسم کھاتا ہوں کہ انپر ایسا فتنہ انہیں سے پیدا کر دونگا کہ انمیں سے عالم عاقل کو حیران کر دیگا۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر سے **حدیث** کی ہمسے احمد بن سعید دارمی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن عباد نے کہا حدیث کی ہمسے حاتم بن اسمٰعیل نے کہا حدیث کی ہمسے حمزہ بن ابی محمد نے عبداللہ بن دینار سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپنے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے میں نے ایک ایسی خلقت پیدا کی ہے کہ زبانیں انکی شہد سے میٹھی ہیں اور دل انکے مصبر سے کڑوے ہیں سو میں اپنی قسم کھاتا ہوں کہ انہیں ایک ایسا فتنہ برپا کرونگا کہ عالم عاقل کو انمیں سے حیران کر دیگا سو وہ میرے ساتھ فریب کرتے ہیں یا مجھپر دلیری کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے طریق ابن عمر سے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے **باب** زبان کی نگاہ رکھنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے صالح بن عبداللہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے ح اور حدیث کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن مبارک نے یحییٰ بن ایوب سے اُسنے عبیداللہ بن زحر سے اُسنے علی بن یزید سے اُسنے قاسم سے اُسنے ابی امامہ سے اُسنے عقبہ بن عامر سے کہا اُسنے میں نے کہا یارسول اللہ نجات کسطرح ہے فرمایا آپنے اپنی زبان کو اپنے اوپر بند رکھ اور چاہیے کہ گھر تیرا ہی تجھے کافی ہو یعنے گھر سے باہر مت جا اور اپنے گناہوں پر رویا کر یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن موسیٰ بصری نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ابی الصہباء سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابی سعید خدری سے اُسنے اسکو مرفوع کیا ہے کہ فرمایا آپ نے جب ابن آدم صبح کرتا ہے تو تمام اعضاء زبان کے آگے عاجزی کرتے ہیں اور کہتے ہیں ڈر اللہ سے ہمارے واسطے اسلئے کہ ہم تیرے ساتھ متعلق ہیں

عن ابیه قال قلت یا رسول الله ای الناس اشد بلاء قال الانبیاء ثم الامثل فالامثل یبتلی الرجل علی حسب دینه فان کان فی دینه صلبا اشتد بلاءه وان کان فی دینه رقة ابتلی علی قدر دینه فما یبرح البلاء بالعبد حتی یترکه یمشی علی الارض وما علیه خطیئة هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن عبد الاعلی نا یزید بن زریع عن محمد بن عمرو عن ابی سلمة عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما یزال البلاء بالمؤمن والمؤمنة فی نفسه وولده وماله حتی یلقی الله وما علیه خطیئة هذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن ابی هریرة واخت حذیفة بن الیمان **باب** ما جاء فی ذهاب البصر **حدثنا** عبد الله بن معاویة الجمحی نا عبد العزیز بن مسلم نا ابو ظلال عن انس بن مالک قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الله یقول اذا اخذت کریمتی عبدی فی الدنیا لم یکن له جزاء عندی الا الجنة وفی الباب عن ابی هریرة وزید بن ارقم هذا حدیث حسن غریب من هذا الوجه وابو ظلال اسمه هلال **حدثنا** محمود بن غیلان نا عبد الرزاق نا سفیان عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی هریرة رفعه الی النبی صلی الله علیه وسلم قال یقول الله عز وجل من اذهبت حبیبتیه فصبر واحتسب لم ارض له ثوابا دون الجنة وفی الباب عن عرباض بن ساریة هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن حمید الرازی ویوسف بن موسی القطان البغدادی قالا نا عبد الرحمن بن مغراء ابو زهیر عن الاعمش عن ابی الزبیر عن جابر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم یود اهل العافیة یوم القیامة حین یعطی اهل البلاء الثواب لو ان جلودهم کانت قرضت فی الدنیا بالمقاریض هذا حدیث غریب لا نعرفه بهذا الاسناد الا من هذا الوجه وقد روی بعضهم هذا الحدیث عن الاعمش عن طلحة بن مصرف عن مسروق شیئا من هذا **حدثنا** سوید بن نصر نا عبد الله بن المبارک نا یحیی بن عبید الله قال سمعت ابی یقول

اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے میں نے کہا یارسول اللہ کون شخص ہی سخت مصیبت میں لوگوں سے۔ فرمایا آپ نے پیغمبر پھر درجہ بدرجہ ہر ایک آدمی اپنے دین کے موافق آزمائش کیا جاتا ہی سو اگر اسکے دین میں سختی ہو تو وہ سخت ہوتا ہی مصیبت میں اور اگر اسکے دین میں ضعف ہو تو اپنے دین کے موافق آزمائش کیا جاتا ہی سو ہمیشہ رہتی ہی مصیبت ساتھ بندے کے یہانتک کہ چھوڑتی ہی اسکو اس حالت میں کہ چلتا ہی زمین پر اور اسپر کوئی گناہ نہیں ہوتا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد الاعلی نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن زریع نے محمد بن عمرو سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہتی ہی مصیبت ساتھ مؤمن مرد اور مؤمنہ عورت کے اسکی جان اور اولاد اور مال میں یہانتک کہ ملتا ہی اللہ تعالی سے اس حالت میں کہ اسپر کوئی گناہ نہیں رہتا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ اور اس باب میں روایت ہی ابی ہریرہ اور حذیفہ بن یمان کی بہن سے **باب** آنکھوں کے جاتے رہنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن معاویہ جمحی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن مسلم نے کہا حدیث کی ہمسے ابو ظلال نے انس بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ فرماتا ہی اللہ تعالی جب میں کسی اپنے بندے کی دنیا میں دو آنکھیں لیلوں یعنے اسکو نابینا کر دوں تو اسکے لیے بدلہ میرے پاس سوائے جنت کے اور کچھ نہیں ہی۔ اور اس باب میں روایت ہی ابی ہریرہ اور زید بن ارقم سے۔ یہ حدیث اس وجہ سے حسن غریب ہی۔ اور ابو ظلال کا نام ہلال ہی **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے اسکو آنحضرت کی طرف مرفوع کیا ہی کہا آپ نے فرماتا ہی اللہ غالب اور بزرگ کہ میں جسکی دونوں آنکھیں لیلوں اور وہ صبر کرے اور ثواب جانے تو میں اسکے واسطے سوائے جنت کے اور کسی ثواب دینے میں راضی نہیں۔ اور اس باب میں روایت ہی عرباض بن ساریہ سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** کی ہمسے محمد بن حمید رازی اور یوسف بن موسی قطان بغدادی نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مغرا یعنے ابو زہیر نے اعمش سے اُسنے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عافیت والے لوگ قیامت کے دن دوست رکھینگے جبکہ مصیبت والے ثواب دیے جاوینگے کاشکے کہ ہمارے چمڑے دنیا میں مقراضوں کے ساتھ کاٹے جاتے۔ یہ حدیث غریب ہی نہیں پہچانتے ہم اسکو اس اسناد سے مگر اسی وجہ سے اور روایت کیا ہی بعض نے اس حدیث کو اعمش سے اُسنے طلحہ بن مصرف سے اُسنے مسروق سے کچھ خلاصہ اس سے **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن عبید اللہ نے کہا سنا میں نے اپنے باپ سے کہ کہتا

ثنی ابو النضر عن ابراھیم عن عبد اللہ بن حاطب عن عبد اللہ بن دینار عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ بمعناہ ھٰذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من حدیث ابراھیم بن عبد اللہ بن حاطب **حدثنا** محمد بن بشار وغیر واحد قالوا نا محمد بن یزید بن خنیس المکی قال سمعت سعید بن حسان المخزومی قال حدثتنی ام صالح عن صفیۃ بنت شیبۃ عن ام حبیبۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال کلام ابن اٰدم علیہ لا لہ الا امر بمعروف او نھی عن المنکر او ذکر اللہ ھٰذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث محمد بن یزید بن خنیس **باب حدثنا** محمد بن بشار نا جعفر بن عون نا ابو العمیس عن عون بن ابی جحیفۃ عن ابیہ قال اٰخا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بین سلمان وابی الدرداء فزار سلمان ابا الدرداء فرای ام الدرداء متبذلۃ فقال ما شانک متبذلۃ قالت ان اخاک ابا الدرداء لیس لہ حاجۃ فی الدنیا قالت فلما جاء ابو الدرداء قرب طعاما فقال کل فانی صائم قال ما انا باٰکل حتی تاکل قال فاکل فلما کان اللیل ذھب ابو الدرداء لیقوم فقال لہ سلمان نم فنام ثم ذھب لیقوم قال لہ نم فنام فلما کان عند الصبح قال لہ سلمان قم الاٰن فقاما فصلیا فقال ان لنفسک علیک حقا ولربک علیک حقا ولضیفک علیک حقا وان لاھلک علیک حقا فاعط کل ذی حق حقہ فاتیا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فذکرا ذالک لہ فقال صدق سلمان ھٰذا حدیث صحیح وابو العمیس اسمہ عتبۃ بن عبد اللہ وھو اخو عبد الرحمٰن بن عبد اللہ المسعودی **باب حدثنا** سوید بن نصر نا عبد اللہ بن المبارک عن عبد الوھاب بن الورد عن رجل من اھل المدینۃ قال کتب معٰویۃ الی عائشۃ ان اکتبی الیّ کتابا توصینی فیہ ولا تکثری علیّ قال فکتبت عائشۃ الی معٰویۃ

کہا حدیث کی ہمسے ابو النضر نے ابراہیم بن عبد اللہ بن حاطب سے اُسنے عبد اللہ بن دینار سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے بالمعنے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق ابراہیم بن عبد اللہ بن حاطب سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار وغیرہ نے کہا اُنھون نے حدیث کی ہمسے محمد بن یزید بن خنیس مکی نے کہا سنا مین نے سعید بن حسان مخزومی سے کہا حدیث کی مجھے ام صالح نے صفیہ بنت شیبہ سے اُسنے ام حبیبہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی بیوی سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے بولنا ابن آدم کا اسپر وبال ہے اسکے لئے نفع نہین مگر امر کرنا ساتھ نیکی کے یا منع کرنا برے کامون سے یا اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا یہ حدیث حسن غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق محمد بن یزید بن خنیس سے **باب حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن عون نے کہا حدیث کی ہمسے ابو العمیس نے عون بن ابی جحیفہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے درمیان سلمان اور ابو الدرداء کے مواخات بنا دیے یعنے ایک کو دوسرے کا بھائی بنا دیا سو سلمان ابا الدرداء کی زیارت کو آیا اور ام الدرداء کو خراب حال مین دیکھکر کہا کیا تیرا حال ہے کہا اُسنے تیرے بھائی ابا الدرداء کو دنیا مین کوئی حاجت[1] نہین کہا اُسنے سو جب ابو الدرداء آیا تو اُسنے اسکے آگے کھانا رکھا اور کہا آپ کھایئے مین روزہ دار ہون کہا اُسنے مین تو کھانیکا نہین یہانتک کہ آپ کھائین کہا راوی نے سو اُسنے کھایا پھر جب رات ہوئی تو ابو الدرداء نماز تہجد کے لئے اُٹھنے لگا تو اسکو سلمان نے کہا سو رہ سو وہ سو گیا پھر اُٹھنے لگا تو اُسنے اس سے کہا سو رہ سو وہ سو گیا پھر جب صبح کا وقت قریب ہوا تو اس سے سلمان نے کہا اب کھڑا ہو پس وہ دونون کھڑے ہوے اور نماز پڑھی اور سلمان نے اُس سے کہا بیشک تیرے نفس کا تجھپر حق ہے اور تیرے رب کا تجھپر حق ہے اور تیرے مہمان کا تجھپر حق ہے اور تیری عورت کا تجھپر حق ہے سو تو ہر ایک صاحب حق کو اسکا حق دے یعنے ہر ایک صاحب حق کا حق ادا کر پھر وہ دونون نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور آپ کے پاس اُن دونون نے اس امر کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا سچ کہا ہے سلمان نے یہ حدیث صحیح ہے اور ابو العمیس کا نام عتبہ بن عبد اللہ ہے اور وہ بھائی عبد الرحمٰن بن عبد اللہ مسعودی کا ہے **باب حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے عبد الوہاب بن ورد سے اُسنے ایک مرد سے جو اہل مدینہ سے تھا کہا اُسنے حضرت معاویہ نے حضرت عائشہ کی طرف لکھا آپ میری طرف کوئی ایسا خط لکھیے جسمین میرے لئے وصیت ہو اور مجھپر زیادہ مت کرو کہا راوی نے پس حضرت عائشہ نے معاویہ کی طرف لکھا

[1] یعنے اسکو میری طرف کچھ توجہ نہین ہے اسلئے زینت نہین کرتی ۱۲

فان استقمت استقمنا وان اعوججت اعوججنا **حدثنا** هناد نا ابواسامة عن حماد بن زيد نحوه ولم يرفعه وهذا اصح من حديث محمد بن موسى هذا حديث لا نعرفه الا من حديث حماد بن زيد وقد رواه غير واحد عن حماد بن زيد ولم يرفعوه **حدثنا** محمد بن عبد الاعلى الصنعاني نا عمر بن علي المقدمي عن ابي حازم عن سهل بن سعد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من يتوكل لي ما بين لحييه وما بين رجليه اتوكل له بالجنة وفي الباب عن ابي هريرة وابن عباس هذا حديث حسن صحيح غريب **حدثنا** ابوسعيد الاشج نا ابو خالد الاحمر عن ابن عجلان عن ابي حازم عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من وقاه الله شر ما بين لحييه وشر ما بين رجليه دخل الجنة هذا حديث حسن صحيح وابوحازم الذي روى عن سهل بن سعد هو ابوحازم الزاهد مديني واسمه سلمة بن دينار وابوحازم الذي روى عن ابي هريرة اسمه سلمان الاشجعي مولى عزة الاشجعية وهو الكوفي **حدثنا** سويد بن نصر نا عبد الله بن المبارك عن معمر عن الزهري عن عبد الرحمن بن ماعز عن سفيان بن عبد الله الثقفي قال قلت يا رسول الله حدثني بامر اعتصم به قال قل ربي الله ثم استقم قال قلت يا رسول الله ما اخوف ما تخاف علي فاخذ بلسان نفسه ثم قال هذا هذا حديث حسن صحيح وقد روي من غير وجه عن سفيان بن عبد الله الثقفي **حدثنا** ابوعبد الله محمد بن ابي ثلج البغدادي صاحب احمد بن حنبل ثنا علي بن حفص نا ابراهيم بن عبد الله بن حاطب عن عبد الله بن دينار عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تكثر الكلام بغير ذكر الله فان كثرة الكلام بغير ذكر الله قسوة للقلب وان ابعد الناس من الله القلب القاسي

حدثنا ابوبکر بن ابی النضر

سو اگر تو قائم رہے ہم بھی قائم رہینگے یعنے اگر تو بولنے سے باز رہے ہم لڑنے سے باز رہینگے اور اگر تو ٹھہری رہے ہم بھی ٹھہرے رہیں گے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابواسامہ نے حماد بن زید سے مثل اسکے اور اسکو مرفوع نہیں کیا اور یہ محمد بن موسیٰ کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔ اس حدیث کو ہم نہیں پہچانتے مگر طریق حماد بن زید سے۔ اور روایت کیا ہے اسکو کئی ایک نے حماد بن زید سے اور اسکو مرفوع نہیں کیا **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبدالاعلی صنعانی نے کہا حدیث کی ہمسے عمر بن علی مقدمی نے ابی حازم سے اُسنے سہل بن سعد سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی میرے لئے اس چیز کا ضامن ہوگا جو درمیان اُسکے دو داڑھونکے ہے اور اس چیز کا جو درمیان اسکے دو پاؤں کے ہے تو میں اسکے لئے جنت کا ضامن ہوتا ہوں۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور ابن عباس رضؓ سے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے ابوسعید اشج نے کہا حدیث کی ہمسے ابوخالد احمر نے ابن عجلان سے اُسنے ابی حازم سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کو اللہ تعالیٰ اُس چیز کی برائی سے نگاہ رکھے جو درمیان اُسکی دو ڈاڑھوں کے ہے یعنے زبان اور اُس چیز کی برائی سے جو درمیان اُسکے دو پاؤنکے ہے یعنے فرج تو وہ جنت میں داخل ہوگا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور وہ ابوحازم کہ جسنے سہل بن سعد سے روایت کی ہے وہ ابوحازم زاہد مدینی ہے اور نام اسکا سلمہ بن دینار ہے اور وہ ابوحازم کہ جسنے ابی ہریرہ سے روایت کی ہے نام اسکا سلمان اشجعی ہے جو مولی عزہ اشجعیہ کا ہے اور وہ کوفی ہے **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن مبارک نے معمر سے اُسنے زہری سے اُسنے عبدالرحمن بن ماعز سے اُسنے سفیان بن عبداللہ ثقفی سے کہا اُسنے میں نے کہا یارسول اللہ مجھے آپ ایسی حدیث بیان کریے کہ میں اس سے چنگل ماروں فرمایا آپ نے کہہ میرا رب اللہ ہے پھر اُسپر قائم رہ کہا اُسنے میں نے کہا یارسول اللہ کیا چیز زیادہ خوفناک ہے جسکا آپکو مجھپر ڈر ہے پس آپ نے اپنی زبان پکڑی پھر فرمایا وہ یہ ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہ کئی وجہ سے سفیان بن عبداللہ ثقفی سے مروی ہے **حدیث** کی ہمسے ابوعبداللہ یعنے محمد بن ابی ثلج بغدادی نے جو شاگرد احمد بن حنبل کا ہے کہا حدیث کی ہمسے علی بن حفص نے کہا حدیث کی ہمسے ابراہیم بن عبداللہ بن حاطب نے عبداللہ بن دینار سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سوائے ذکر اللہ کے کلام زیادہ مت کر کیونکہ زیادہ کلام کرنا بغیر ذکر اللہ کے دل کے لئے سخت کر دینے والا ہے اور بہت بعید لوگوں میں سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ دل ہے جو سخت ہے **حدیث** کی ہمسے ابوبکر بن ابی نضر نے

---

[1] حق زبان کا اسطرح ہے کہ حرام نہ کھائے اور فحش نہ بولے اور حق بات کہے دوسری بات یہ ہے کہ زنا سے بچے ۱۲

الا من حدیث حسین بن قیس وحسین یضعف فی الحدیث وفی الباب عن ابی برزۃ وابی سعید حدثنا عبد اللہ بن عبد الرحمٰن نا الاسود بن عامر نا ابوبکر بن عیاش عن الاعمش عن سعید بن عبد اللہ بن جریج عن ابی برزۃ الاسلمی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تزول قدما عبد حتی یسأل عن عمرہ فیما افناہ وعن علمہ فیما فعل وعن مالہ من این اکتسبہ وفیما انفقہ وعن جسمہ فیما ابلاہ ھٰذا حدیث حسن صحیح وسعید بن عبد اللہ بن جریج ھو مولی ابی برزۃ الاسلمی وابو برزۃ الاسلمی اسمہ نضلۃ بن عبید حدثنا قتیبۃ نا عبد العزیز بن محمد عن العلاء بن عبد الرحمٰن عن ابیہ عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اتدرون من المفلس قالوا المفلس فینا یا رسول اللہ من لا درھم لہ ولا متاع قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المفلس من امتی من یاتی یوم القیٰمۃ بصلوٰۃ و صیام و زکوٰۃ ویاتی قد شتم ھٰذا وقذف ھٰذا واکل مال ھٰذا وسفک دم ھٰذا وضرب ھٰذا فیقعد فیقتص ھٰذا من حسناتہ وھٰذا من حسناتہ فان فنیت حسناتہ قبل ان یقتص ما علیہ من الخطایا اخذ من خطایاھم فطرح علیہ ثم طرح فی النار ھٰذا حدیث حسن صحیح حدثنا ھناد ونصر بن عبد الرحمٰن الکوفی قالا نا المحاربی عن ابی خالد یزید بن عبد الرحمٰن عن زید بن ابی انیسۃ عن سعید المقبری عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رحم اللہ عبدا کانت لاخیہ عندہ مظلمۃ فی عرض او مال فجاءہ فاستحلہ قبل ان یؤخذ ولیس ثم دینار ولا درھم

مگر طریق حسین بن قیس سے اور حسین حدیث میں ضعیف ہیں اور اس باب میں روایت ہے ابی برزہ اور ابی سعید سے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمٰن نے کہا حدیث کی ہمسے اسود بن عامر نے کہا حدیث کی ہمسے ابوبکر بن عیاش نے اعمش سے اُسنے سعید بن عبد اللہ بن جریج سے اُسنے ابی برزہ اسلمی سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ دور ہونگے پانوں بندے کے یہانتک کہ سوال کیا جاوے اپنی عمر سے کہ کس چیز میں اسکو برباد کیا اور اپنے علم سے کہ کس چیز میں اسکو خرچ کیا اور مال سے کہ کہاں سے اسکو حاصل کیا اور کس چیز میں اسکو خرچ کیا اور جسم سے کہ کس چیز میں اسکو پرانا کیا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور سعید بن عبد اللہ بن جریج وہ مولی ابی برزہ اسلمی کا ہے اور ابو برزہ اسلمی کا نام نضلہ بن عبید ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے علا بن عبد الرحمٰن سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کون ہے اصحاب نے کہا یا رسول اللہ ہم میں مفلس وہ ہے کہ جسکے پاس نہ درہم ہے نہ اسباب فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مفلس میری امت سے حقیقت میں وہ ہے جو قیامت کے دن آوے نماز اور روزہ اور زکوٰۃ لیکر اور آوے اس حالت میں کہ کسیکو گالی دی اور کسیکو حرام کاری کا عیب لگایا اور کسیکا مال کھایا اور کسیکی خونریزی کی اور کسیکو مارا پس وہ شخص بٹھلایا جاویگا اور اسکی نیکیوں سے اس مظلوم کو دلایا جائیگا اور دوسرے مظلوم کو دلایا جائیگا سو اگر اس قصاص کے ادا ہونے سے پہلے جو اسپر اسکا گناہ ہے اسکی نیکیاں فنا ہوئیں تو ان مظلوموں کے گناہ لئے جاوینگے اور اسپر ڈالے جائینگے پھر وہ دوزخ میں ڈالا جاویگا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد اور نصر بن عبد الرحمٰن کوفی نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے محاربی نے ابی خالد یعنے یزید بن عبد الرحمٰن سے اُسنے زید بن ابی انیسہ سے اُسنے سعید مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے رحمت کرے اللہ تعالیٰ اس بندے پر کہ جسکے بھائی کے اسکے پاس ظلم ہوں عزت یا مال میں پھر وہ اسکے پاس آوے اور پکڑنے سے پہلے انکو حلال کرائے اور نہیں ہے اسجگہ یعنے قیامت میں دینار اور نہ درم

ف معلوم ہوا کہ مسلمان کی عبادت اور نیکیاں حق العباد کے بدلے دی جاوینگی اور اگر نیکیاں کم ہوئیں اور لوگوں کے حق زیادہ تو انکے گناہ ظالم کی گردن پر ڈالے جاوینگے تو جب نیکیاں چھن گئیں اور لوگوں کے گناہ گردن پر پڑے تو حقیقت میں یہی شخص آخرت کا مفلس ٹھہرا اگرچہ دنیا میں نہایت مالدار ہو اس حدیث میں اشارہ ہے کہ مسلمان حق العباد اور ظلم سے ڈرتا رہے اپنے حسنات اور کثرت عبادت پر نہ بھولے ۱۲ ف یعنے اللہ تعالیٰ اُس آدمی پر رحمت کرے کہ جسکے پاس اپنے بھائی مسلمان کی چیزیں ظلم سے حاصل ہو گئے ہوں یا اسپر اور قسم کا ظلم کیا ہو تو اسکے پاس جاکر ماخوذ ہونے سے پہلے یعنے قیامت کے حساب سے پہلے انکی معافی کرائی ہو کیونکہ وہاں دینار اور درم تو نہیں ہیں کہ کام آویں اگر اُسنے معافی نہ چاہی ہوگی تو اسکی نیکیاں لیکر دوسرے کو دیجاوینگی ورنہ ظالم پر اسکی برائیوں کا بوجھ ڈالا جاویگا ۱۲

سلام عليك اما بعد فاني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من التمس رضا الله بسخط الناس كفاه الله مؤنة الناس ومن التمس رضا الناس بسخط الله وكله الله الى الناس والسلام عليك **حدثنا** محمد بن يحيى نا محمد بن يوسف عن سفيان عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة انها كتبت الى معوية فذكر الحديث بمعناه ولم يرفعه

باب ما جاء في شان الحساب والقصاص **حدثنا** هناد نا ابو معوية عن الاعمش عن خيثمة عن عدي بن حاتم قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما منكم من رجل الا سيكلمه ربه يوم القيمة وليس بينه وبينه ترجمان ثم ينظر ايمن منه فلا يرى شيئا الا شيئا قدمه ثم ينظر اشأم منه فلا يرى شيئا الا شيئا قدمه ثم ينظر تلقاء وجهه فتستقبله النار قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من استطاع منكم ان يقي وجهه النار ولو بشق تمرة فليفعل **حدثنا** ابو السائب نا وكيع يوما بهذا الحديث عن الاعمش فلما فرغ وكيع من هذا الحديث قال من كان ههنا من اهل خراسان فليحتسب في اظهار هذا الحديث بخراسان **قال** ابو عيسى لان الجهمية ينكرون هذا هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** حميد بن مسعدة نا حصين بن نمير ابو محصن نا حسين بن قيس الرحبي نا عطاء بن ابي رباح عن ابن عمر عن ابن مسعود عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تزول قدما ابن ادم يوم القيمة من عند ربه حتى يسأل عن خمس عن عمره فيما افناه وعن شبابه فيما ابلاه وعن ماله من اين اكتسبه وفيما انفقه وماذا عمل فيما علم هذا حديث غريب لا نعرفه من حديث ابن مسعود عن النبي صلى الله عليه وسلم

سلام علیک اما بعد میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہو کہ فرماتے تھے جو اللہ تعالیٰ کی رضا لوگوں کے غصے میں چاہے تو اللہ تعالیٰ اسکو لوگوں کی سختی سے کافی ہوتا ہی اور جو کوئی لوگوں کی رضا اللہ تعالیٰ کے غصے میں چاہے تو اللہ تعالیٰ اسکو لوگوں کے سپرد کرتا ہی۔ والسلام علیک **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن یوسف نے سفیان سے اُسنے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ کہ اُسنے معاویہ کی طرف لکھا پس اُسنے حدیث کو اُسکے بالمعنے ذکر کیا اور اسکو مرفوع نہیں کیا۔

باب حساب اور قصاص کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے خیثمہ سے اُسنے عدی بن حاتم سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تم لوگوں میں سے کوئی ایسا نہیں مگر کہ اس سے قیامت میں خدا کلام کریگا اسطرح پر کہ اسکے اور خدا کے درمیان کوئی مترجم نہیں ہوگا یعنے دو بدو بلا واسطہ خدا کلام کریگا پھر نظر کریگا بندہ اپنے داہنے کو تو نہ دیکھے گا مگر اپنے اعمال جو آگے کر چکا۔ اور نظر کریگا اپنے بائیں کو تو نہ دیکھے گا مگر اپنے اعمال جو آگے کر چکا پھر اپنے آگے نظر کریگا تو اسکے سامنے آگ آئیگی فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی تم میں سے یہ طاقت[۱] رکھتا ہو کہ اپنے منھ کو آگ سے بچائے اگرچہ ساتھ آدھی کھجور کے ہو تو چاہیئے کہ کرے **حدیث** کی ہمسے ابو السائب نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے ایکدن یہ حدیث اعمش سے پس جب وکیع اس حدیث سے فارغ ہوا تو کہنے لگا جو کوئی شخص اسجگہ اہل خراسان سے ہو تو چاہیئے کہ وہ اس حدیث کو خراسان میں ظاہر کرنیکو ثواب جانے۔ کہا ابو عیسی نے یہ اسلئے کہ جہمیہ اس حدیث کا انکار کرتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** کی ہمسے حمید بن مسعدہ نے کہا حدیث کی ہمسے حصین بن نمیر یعنے ابو محصن نے کہا حدیث کی ہمسے حسین بن قیس رحبی نے کہا حدیث کی ہمسے عطاء بن ابی رباح نے ابن عمر سے اُسنے ابن مسعود سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے ابن آدم کے پاؤں اپنے رب سے قیامت کے دن دور نہیں ہونگے یہانتک کہ پانچ چیزوں سے سوال نہ کیا جاوے یعنے جبتک پانچ چیزوں کا جواب نہ دے لیگا تب تک رب کے سامنے سے دور نہیں ہوگا۔ ایک عمر سے کہ کسمیں اسنے اسکو برباد کیا اور جوانی سے کہ کسمیں اسکو پرانا کیا یعنے قوت کو کہاں صرف کیا اور مال سے کہ کہاں سے اسکو حاصل کیا اور کس چیز میں اسکو خرچ کیا اور کیا عمل کیا اُسمیں کہ اسکو سیکھا یعنے علم حاصل کر کے کیا عمل کیا۔ یہ حدیث غریب ہی نہیں پہچانتے ہم اسکو بواسطہ ابن مسعود کے نبی صلعم سے

---

[۱] یعنے ایسا سخت وقت ہر ایک مسلمان کے سامنے آئیگا الا یہ کہ خدا تو بلا واسطہ کلام کریگا اور داہنے بائیں نیک یا بد اپنے اعمال ہونگے اور سامنے دوزخ دہک رہی ہوگی پھر حضرت نے اس نازک وقت کے بچاؤ کی تدبیر بتلائی یعنے خدا کی راہ میں کچھ دینا اگرچہ تھوڑا ہو بخاری میں ہی کہ اگر دینے کا کچھ بھی مقدور نہ ہو تو نیک بات سے مسلمانوں کے دل کو خوش کردے معلوم ہوا کہ خیرات کو دوزخ سے بچا لینے کی بڑی تاثیر ہی ۱۲

كما خلقوا ثم قرأ كما بدأنا اول خلق نعيده وعدا علينا انا كنا فاعلين واول من يكسى من الخلائق ابراهيم ويؤخذ من اصحابي برجال ذات اليمين وذات الشمال فاقول يارب اصحابي فيقال انك لا تدري ما احدثوا بعدك انهم لم يزالوا مرتدين على اعقابهم منذ فارقتهم فاقول كما قال العبد الصالح ان تعذبهم فانهم عبادك وان تغفرلهم فانك انت العزيز الحكيم **حدثنا** محمد بن بشار ومحمد بن المثنى قالا نا محمد بن جعفر عن شعبة عن المغيرة بن النعمان فذكر نحوه **حدثنا** احمد بن منيع نا يزيد بن هارون نا بهز بن حكيم عن ابيه عن جده قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول انكم تحشرون رجالا وركبانا وتجرون على وجوهكم وفي الباب عن ابي هريرة هذا حديث حسن **باب** ما جاء في العرض **حدثنا** ابو كريب نا وكيع عن علي بن علي عن الحسن عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يعرض الناس يوم القيمة ثلث عرضات فاما عرضتان فجدال ومعاذير واما العرضة الثالثة فعند ذلك تطير الصحف في الايدي فاخذ بيمينه واخذ بشماله ولا يصح هذا الحديث من قبل ان الحسن لم يسمع من ابي هريرة وقد رواه بعضهم عن علي بن علي وهو الرفاعي عن الحسن عن ابي موسى عن النبي صلى الله عليه وسلم **باب** منه **حدثنا** سويد نا ابن المبارك عن عثمان بن الاسود عن ابن ابي مليكة عن عائشة قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من نوقش الحساب هلك قلت يارسول الله ان الله يقول فاما من اوتي كتابه بيمينه فسوف يحاسب حسابا يسيرا قال ذالك العرض

جیساکہ پہلے پیدا کئے گئے ہیں پھر پڑھی آپ نے یہ آیت کما بدانا اول خلق الخ یعنے جیساکہ پیدا کیا ہمنے پہلے پیدائش دوبارہ پیدا کرینگے ہم اسکو وعدہ ہے ہمپر تحقیق ہم ہیں کرنیوالے اور تمام پیدائش سے پہلے لباس حضرت ابراہیم علیہ السلام کو پہنایا جاویگا[1] اور میرے صحابہ میں سے کئی آدمی داہنی طرف اور بائیں طرف کو پکڑے جاوینگے سو میں کہونگا اے رب میرے یہ تو میرے اصحاب ہیں تو کہا جاویگا تو نہیں جانتا کہ تیرے بعد انھوں نے کیا بدعات نکالے ہیں یہ لوگ ہمیشہ ہی اپنی ایڑیوں پر پھرتے رہے جبکہ تو نے انکی مفارقت کی ہے پس میں کہونگا جیساکہ بندے صالح یعنے عیسی علیہ السلام نے کہا ہے ان تعذبھم الخ یعنے اگر تو انکو عذاب دے تو تیرے بندے ہیں اور اگر تو انکے لئے بخشش کرے تو تو غالب حکمت والا ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار اور محمد بن مثنی نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے شعبہ سے اسنے مغیرہ بن نعمان سے پس اُسنے مثل اسکے ذکر کیا **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے بہز بن حکیم نے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہا اُسنے سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تم اسحالت میں اُٹھائے جاؤگے کہ کئی تم میں سے پیادہ ہونگے اور کئی سوار اور کئی اپنے منھوں کے بل گھسیٹے جاوینگے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے۔ یہ حدیث حسن ہے **باب** پیش ہونیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابوکریب نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے علی بن علی سے اُسنے حسن سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قیامت کے دن لوگ تین بار پیش ہونگے[2] سو دو بار پیش ہونا تو جھگڑا ہے اور عذر۔ اور تیسری بار پیش ہونے میں صحیفے اڑکر ہاتھوں میں آئینگے سو کوئی تو داہنے ہاتھ میں پکڑنیوالا ہوگا اور کوئی بائیں ہاتھ میں پکڑنیوالا ہوگا۔ اور یہ حدیث صحیح نہیں اسوجہ سے کہ حسن نے ابی ہریرہ سے سنا نہیں ہے اور بعض نے اسکو روایت کیا ہے علی بن علی اور وہ رفاعی ہے اُسنے حسن سے اُسنے ابی موسی سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے عثمان بن اسود سے اُسنے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے جسکے حساب میں جھگڑا پڑا تو وہ ہلاک ہوا عائشہ کہتی ہیں میں نے کہا یارسول اللہ اللہ تعالی فرماتا ہے فاما من اوتی کتابہ الخ یعنے جسپر جو کوئی دیا گیا کتاب اپنے داہنے ہاتھ میں تو وہ قریب ہے کہ حساب کیا جاویگا حساب آسان فرمایا آپ نے وہ پیش[3] کرنا ہے

---

[1] کیونکہ وہ دنیا میں اللہ تعالی کی راہ میں آگ میں ڈالنے کے وقت کافروں کے ہاتھ سے ننگے کئے گئے تھے اسکے عوض میں سب سے پہلے انہیں کو لباس پہنایا جاویگا اور یہ صحابی وہ ہیں جو مسیلمہ اور اسود کے لوگ آنحضرت کے ساتھ ایماندار تھے بعدہ مرتد ہوگئے ۱۲

[2] یعنے تین بار لوگ رب کے سامنے پیش ہونگے پہلی بار تو جھگڑا ہے یعنے رسولوں کی رسالت کے پہونچانیکا انکار کرینگے اور کہیں گے کہ ہمارے پاس انکی صداقت ثابت نہیں ہوئی دوسری بار عذر کرینگے یعنے اپنے گناہوں کا اقرار کرکے اپنے آپکو سہو ونسیان کی طرف منسوب کرینگے تیسری بار یہ ہے کہ حق ظاہر ہوجاویگا اور صحیفے یعنے اعمال نامے اڑکر ہر ایک کے ہاتھوں میں پہونچ جاوینگے سو بعض کو تو داہنے ہاتھ میں ملیں گے یعنے نیکبختوں کو اور بعض کو بائیں ہاتھ میں یعنے بدوں کو ۱۲

[3] یعنے نیکوں کو صرف انکے اعمال دکھلائے جاوینگے انسے کچھ پوچھا نہیں جاویگا مگر جسکے حساب میں جھگڑا پڑا یعنے یہ پوچھا گیا کہ فلانا کام تونے کیوں کیا اور فلانا کام

فان کانت له حسنات اخذ من حسناته وان لم تكن له حسنات حملوا عليه من سيئاتهم هذا حديث حسن صحيح وقد روى مالك بن انس عن سعيد المقبري عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه **حدثنا** قتيبة نا عبد العزيز بن محمد عن العلاء بن عبد الرحمن عن ابيه عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لتؤدن الحقوق الى اهلها حتى تقاد الشاة الجلحاء من الشاة القرناء وفي الباب عن ابي ذر وعبد الله بن انيس حديث ابي هريرة حديث حسن صحيح **باب حدثنا** سويد بن نصر نا ابن المبارك نا عبد الرحمن بن يزيد بن جابر ثني سليم بن عامر نا المقداد صاحب رسول الله صلى الله عليه وسلم قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اذا كان يوم القيمة ادنيت الشمس من العباد حتى يكون قيد ميل او اثنتين قال سليم بن عامر لا ادرى اى الميلين عنى مسافة الارض ام الميل الذى يكحل به العين قال فتصهرهم الشمس فيكونون في العرق بقدر اعمالهم فمنهم من يأخذه الى عقبيه ومنهم من يأخذه الى ركبتيه ومنهم من يأخذه الى حقويه ومنهم من يلجمه الجاما فرايت رسول الله صلى الله عليه وسلم يشير بيده الى فيه اى يلجمه الجاما وفي الباب عن ابي سعيد وابن عمر هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** ابو زكريا يحيى بن درست البصري نا حماد بن زيد عن ايوب عن نافع عن ابن عمر قال حماد وهو عندنا مرفوع يوم يقوم الناس لرب العلمين قال يقومون في الرشح الى انصاف اذانهم هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** هناد نا عيسى بن يونس عن ابن عون عن نافع عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه **باب** ما جاء في شان الحشر **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو احمد الزبيري نا سفيان عن المغيرة بن النعمان عن سعيد بن جبير عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يحشر الناس يوم القيمة حفاة عراة غرلا

پس اگر اسکی نیکیاں ہونگی تو اسکی نیکیاں پکڑی جاوینگی اور اگر اسکی نیکیاں نہونگی تو اسپر انکی برائیاں کا بوجھ رکھا جاویگا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کیا ہے اسکو مالک بن انس نے سعید مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے علا بن عبد الرحمٰن سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ضرور پورے دیے جاوینگے حقوق انکے اہل کی طرف یہانتک کہ بلا سینگ بکری کا قصاص لیا جاویگا بکری سینگ والی سے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ذر اور عبد اللہ بن انیس سے رضی اللہ عنہما۔ حدیث ابی ہریرہ کی حسن صحیح ہے **باب حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمٰن بن یزید بن جابر نے کہا حدیث کی مجھے سلیم بن عامر نے کہا حدیث کی ہمسے مقداد نے جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا مصاحب ہے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے جب قیامت کا دن ہوگا تو آفتاب بندوں کے نزدیک کیا جاویگا یہانتک کہ ایک میل یا دو میل کے برابر ہوگا۔ کہا سلیم بن عامر نے میں نہیں جانتا کہ آپ کی میل سے کیا مراد ہے کیا زمین کی مسافت یا وہ میل مراد ہے جس سے آنکھ میں سرمہ لگاتے ہیں پس پگھلاویگا انکو آفتاب سو وہ موافق اپنے اپنے عملوں کے پسینے میں غرق ہونگے سو بعض کو تو اسنے ٹخنوں تک پکڑا ہوگا اور کسیکو گھٹنوں تک پکڑا ہوگا اور کسیکو کمر تک پکڑا ہوگا اور کسیکو اُسنے لگام دی ہوگی یعنے منھ تک پہونچا ہوگا راوی کہتا ہے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ اپنے دست مبارک سے اپنے دست مبارک کی طرف اشارت کرتے تھے یعنے منھ کو اپنے ہاتھ سے لگام دیتے تھے یعنے بیان فرماتے تھے کہ اسطرح سے اُسکے منھ کو پسینے کی لگام دیجاویگی۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی سعید اور ابن عمر سے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابو زکریا یعنے یحیی بن درست بصری نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ایوب سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا حماد نے یہ ہمارے نزدیک مرفوع ہے جسدن لوگ رب العالمین کے سامنے کھڑے ہونگے کہا اُسنے کھڑے ہونگے پسینے میں نصف کانوں تک۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عیسے بن یونس نے ابن عون سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے **باب** بیان میں حشر کی شان کے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد زبیری نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے مغیرہ بن نعمان سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلعم نے آدمی قیامت کے دن ننگے پانوں ننگے بدن بے ختنہ اٹھائے جاوینگے

في يوم كذا وكذا قال بهذا امرها هذا حديث حسن غريب **باب** ما جاء في الصور **حدثنا** سويد نا عبد الله
بن المبارك نا سليمان التيمي عن اسلم العجلي عن بشر بن شغاف عن عبد الله بن عمرو بن العاص قال جاء اعرابي الى النبي صلى الله
عليه وسلم فقال ما الصور قال قرن ينفخ فيه هذا حديث حسن صحيح وقد رواه غير واحد عن سليمان التيمي ولا نعرفه الا
من حديثه **حدثنا** سويد نا عبد الله نا خالد ابو العلاء عن عطية عن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه
وسلم وكيف انعم وصاحب القرن قد التقم القرن واستمع الاذن متى يؤمر بالنفخ فينفخ فكان ذلك ثقل على اصحاب النبي صلى الله
عليه وسلم فقال لهم قولوا حسبنا الله ونعم الوكيل على الله توكلنا هذا حديث حسن وقد روي من غير وجه هذا الحديث
عن عطية عن ابي سعيد عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه **باب** ما جاء في شان الصراط **حدثنا** علي بن حجر نا
علي بن مسهر عن عبد الرحمن بن اسحق عن النعمان بن سعد عن المغيرة بن شعبة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
شعار المؤمنين على الصراط رب سلم سلم هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث عبد الرحمن بن اسحق **حدثنا** عبد الله
بن الصباح الهاشمي نا بدل بن المحبر نا حرب بن ميمون الانصاري ابو الخطاب نا النضر بن انس بن مالك عن ابيه قال سألت
النبي صلى الله عليه وسلم ان يشفع لي يوم القيمة فقال انا فاعل قلت يا رسول الله فاين اطلبك قال اطلبني اول ما تطلبني على
الصراط قلت فان لم القك على الصراط قال فاطلبني عند الميزان قلت فان لم القك عند الميزان قال فاطلبني عند الحوض
فاني لا اخطئ هذه الثلاث المواطن هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه **باب** ما جاء في الشفاعة
حدثنا سويد نا عبد الله بن المبارك نا ابو حيان التيمي

دیں فرمایا آپ نے ساتھ اسی کے اللہ نے اسکو حکم دیا ہے یہ حدیث حسن غریب ہے **باب** صور یعنی قرنا کے بیان میں **حدیث**
کی ہمسے سوید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان تیمی نے اسلم عجلی سے اسنے بشر بن شغاف سے
اسنے عبد اللہ بن عمرو بن عاص سے کہا اسنے ایک اعرابی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا صور کیا چیز ہے فرمایا آپ نے ایک سینگ
ہے اسمیں پھونکا جایگا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کیا اسکو کئی ایک نے سلیمان تیمی سے اور نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسکے طریق سے
حدیث کی ہمسے سوید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ نے کہا حدیث کی ہمسے خالد یعنے ابو العلا نے عطیہ سے اسنے ابی سعید سے کہا
اسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میں کسطرح خوشی کر سکتا ہوں حالانکہ صور کے صاحب یعنے اسرافیل نے صور کو لقمہ بنایا
ہے یعنے منہ میں ڈالے ہوئے ہے اور کان حکم الہی سننے کو لگائے ہوئے ہے کہ کب پھونکنے کا حکم کیا جاتا ہے کہ پھونکے گویا یہ بات نبی صلے
اللہ علیہ وسلم کے صحابہ پر گران گذری پس انکو آنحضرت نے فرمایا کہ کہو حسبنا اللہ ونعم الوکیل علے اللہ توکلنا یعنے کافی ہے ہمکو اللہ اور
بہتر ہے وہ کارساز اللہ پر ہمنے توکل کیا۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور یہ حدیث کئی وجہ سے عطیہ سے مروی ہے اسنے روایت کی ابی سعید
سے اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے **باب** پل صراط کے حال میں **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث
کی ہمسے علی بن مسہر نے عبد الرحمن بن اسحاق سے اسنے نعمان بن سعد سے اسنے مغیرہ بن شعبہ سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم نے علامت مومنین کی پل صراط پر یہ ہوگی اے رب میرے سلامت رکھ سلامت رکھ۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو
مگر طریق عبد الرحمن بن اسحاق سے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن صباح ہاشمی نے کہا حدیث کی ہمسے بدل بن محبر نے کہا
حدیث کی ہمسے حرب بن میمون انصاری یعنے ابو الخطاب نے کہا حدیث کی ہمسے نضر بن انس بن مالک نے اپنے باپ سے
کہا اسنے میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ آپ قیامت کے دن میری شفاعت کریے پس فرمایا آپ نے میں کرنیوالا
ہوں میں نے کہا یا رسول اللہ سو میں آپکو کہاں تلاش کروں فرمایا آپ نے پہلے پہل مجھے طلب کرنا ہو تو پل صراط پر طلب کرنا
میں نے کہا سو اگر میں آپکو پل صراط پر نہ ملوں فرمایا آپ نے پھر مجھے میزان کے پاس طلب کریں میں نے کہا سو اگر میں میزان کے
پاس بھی نہ ملوں تو فرمایا آپ نے حوض کوثر کے پاس تلاش کر سو میں ان تین جگہ سے نہ خطا کرونگا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو
مگر اسی وجہ سے **باب** شفاعت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے ابو حیان تیمی نے

هٰذا حديث حسن صحيح ورواه ايوب ايضا عن ابن ابي مليكة **باب** منه **حدثنا** سويد نا ابن المبارك نا اسمٰعيل بن مسلم عن الحسن وقتادة عن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال يجاء بابن اٰدم يوم القيمة كانه بذج فيوقف بين يدي الله تعالى فيقول الله اعطيتك وخولتك وانعمت عليك فماذا صنعت فيقول جمعته وثمرته وتركته اكثر ما كان فارجعني اٰتك به كله فيقول له ارني ما قدمت فيقول يارب جمعته وثمرته فتركته اكثر ما كان فارجعني اٰتك به كله فاذا عبد لم يقدم خيرا فيمضي به الى النار **قال** ابو عيسى وقد روى هٰذا الحديث غير واحد عن الحسن قوله ولم يسندوه واسمٰعيل بن مسلم يضعف في الحديث وفي الباب عن ابي هريرة وابي سعيد الخدري **حدثنا** عبد الله بن محمد الزهري البصري نا مالك بن سعير ابو محمد الكوفي التميمي نا الاعمش عن ابي صالح عن ابي هريرة وعن ابي سعيد قالا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يؤتى بالعبد يوم القيمة فيقول له الم اجعل لك سمعا وبصرا ومالا وولدا وسخرت لك الانعام والحرث وتركتك ترأس وتربع فكنت تظن انك ملاقي يومك هٰذا فيقول لا فيقول له اليوم انساك كما نسيتني هٰذا حديث صحيح غريب ومعنى قوله اليوم انساك كما نسيتني اليوم اتركك في العذاب وكذا فسر بعض اهل العلم هذه الاٰية فاليوم ننساهم قالوا معناه اليوم نتركهم في العذاب **باب** منه **حدثنا** سويد بن نصر نا عبد الله نا سعيد بن ابي ايوب نا يحيى بن ابي سليمان عن سعيد المقبري عن ابي هريرة قال قرأ رسول الله صلى الله عليه وسلم يومئذ تحدث اخبارها قال اتدرون ما اخبارها قالوا الله ورسوله اعلم قال فان اخبارها ان تشهد على كل عبد وامة بما عمل على ظهرها ان تقول عمل كذا وكذا

یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کیا ہے اسکو ایوب نے بھی ابن ابی ملیکہ سے **باب** اُسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے سوید نے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن مسلم نے حسن اور قتادہ سے اُسنے انس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا اُسنے ابن آدم حاضر کیا جائیگا گویا کہ بھیڑ کا بچہ ہے اور اللہ تعالیٰ کے روبرو کھڑا کیا جائیگا پس اللہ تعالیٰ اس سے کہیگا مین نے تجھے دیا اور تجھے نعمت دی اور تجھپر انعام کیا سو تو نے کیا کیا ہے پس وہ کہیگا مین نے اس مال کو جمع کیا اور بڑھایا اور چھوڑا مین نے اسکو زیادہ اس سے کہ پہلے تھا سو تو مجھے یا اللہ واپس بھیج کہ مین تمام مال لیکر تیرے پاس حاضر ہون پھر اللہ تعالیٰ اس سے کہیگا مجھے دکھلا کہ تو نے آگے کیا بھیجا ہے وہ کہیگا ای میرے رب مین نے اسکو جمع کیا اور اسکو بڑھایا اور چھوڑا مین نے اسکو زیادہ اس سے کہ پہلے تھا سو تو مجھے واپس بھیج کہ مین تیرے پاس تمام مال لیکر حاضر ہون پس دیکھے گا کہ اس بندے نے کوئی نیکی آگے نہ بھیجی ہوگی تو وہ آگ کی طرف بھیجا جاویگا۔ کہا ابو عیسیٰ نے اور اس حدیث کو کئی ایک نے حسن سے اسکا قول روایت کیا ہے اور اسکو انھون نے مستند نہین کہا اور اسمٰعیل بن مسلم حدیث مین ضعیف کہا گیا ہے۔ اور اس باب مین روایت ہے ابی ہریرہ اور ابی سعید خدری سے رضی اللہ عنہما **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن محمد زہری بصری نے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن سعیر یعنے ابو محمد کوفی تمیمی نے کہا حدیث کی ہمسے اعمش نے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ اور ابی سعید سے کہا دونون نے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی قیامت کے دن لایا جائیگا پس اللہ تعالیٰ اُس سے کہیگا کیا مین نے تیرے کان اور آنکھ اور مال اور اولاد نہین بنائی اور تیرے لئے چارپائے اور کھیتی کو مسخر نہین کیا اور چھوڑا مین نے تجھکو اس حالت مین کہ تو سردار بنایا گیا اور چوتھائی مال کی لیتا تھا یعنے تجھے سردار بنایا اور لوگون سے چوتھائی مال کی بسبب سرداری کے وصول کرتا تھا جیسا کہ جاہلیت کے زمانہ کی رسم تھی سو تو اسدن کی ملاقات کا گمان کرتا تھا وہ کہیگا کہ نہین پس اللہ تعالیٰ اس سے کہیگا آج کے دن مین تجھے بھول جاؤنگا جیسا کہ تو نے مجھے بھلا دیا تھا یہ حدیث صحیح غریب ہے۔ اور معنے قوله اليوم انساك كما نسيتني کے یہ ہین کہ آج کے دن مین تجھے عذاب مین چھوڑ دونگا۔ اور ایسا ہی بعض اہل علم نے اس آیت کی تفسیر کی ہے فاليوم ننساهم کہا انھون نے معنے اسکے یہ ہین آج کے دن چھوڑ دینگے ہم تمکو عذاب مین۔ **باب** اُسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن ابی ایوب نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن ابی سلیمان نے سعید مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی یومئذ تحدث اخبارها یعنے اُسدن بیان کرے خبرین اپنی فرمایا آپ نے کیا تم جانتے ہو کہ اسکی یعنے زمین کی کیا خبرین ہین کہا لوگون نے اللہ اور رسول اُسکا بہتر جانتا ہے فرمایا آپ نے خبرین اسکی یہ ہین کہ ہر ایک مرد اور عورت پر گواہی دیگی ساتھ اُس چیز کے کہ جو کچھ اُسنے اُسکی پیٹھ پر عمل کیا ہے یہ کہے گی اُسنے فلان فلان عمل کیا ہے فلان فلان

اذھبوا الی موسی فیاتون موسی فیقولون یا موسی انت رسول اللہ فضلک اللہ برسالاتہ وکلامہ علی الناس اشفع لنا الی ربک الا تری ما نحن فیہ فیقول ان ربی قد غضب الیوم غضبا لم یغضب قبلہ مثلہ ولن یغضب بعدہ مثلہ وانی قد قتلت نفسا لم اومر بقتلھا نفسی نفسی نفسی اذھبوا الی غیری اذھبوا الی عیسی فیاتون عیسی فیقولون یا عیسی انت رسول اللہ وکلمتہ القاھا الی مریم وروح منہ وکلمت الناس فی المھد اشفع لنا الی ربک الا تری ما نحن فیہ فیقول عیسی ان ربی قد غضب الیوم غضبا لم یغضب قبلہ مثلہ ولن یغضب بعدہ مثلہ ولم یذکر ذنبا نفسی نفسی نفسی اذھبوا الی غیری اذھبوا الی محمد صلی اللہ علیہ وسلم فیاتون محمدا صلی اللہ علیہ وسلم فیقولون یا محمد انت رسول اللہ وخاتم الانبیاء وغفر لک ما تقدم من ذنبک وما تاخر اشفع لنا الی ربک الا تری ما نحن فیہ فانطلق فاٰتی تحت العرش فاخر ساجدا لربی ثم یفتح اللہ علیّ من محامدہ وحسن الثناء علیہ شیئا لم یفتحہ علی احد قبلی ثم یقال یا محمد ارفع راسک سل تعطہ واشفع تشفع فارفع راسی فاقول یا رب امتی یا رب امتی یا رب امتی فیقول یا محمد ادخل من امتک من لا حساب علیہ من الباب الایمن من ابواب الجنۃ وھم شرکاء الناس فیما سوی ذلک من الابواب ثم قال والذی نفسی بیدہ ان ما بین المصراعین من مصاریع الجنۃ کما بین مکۃ وھجر وکما بین مکۃ وبصری

حضرت موسی علیہ السلام کے پاس جاؤ پھر وہ حضرت موسی علیہ السلام کے پاس آوینگے اور کہیں گے ای موسی آپ اللہ کے رسول ہیں اللہ تعالی نے آپکو اپنی رسالت اور کلام کے ساتھ تمام لوگوں پر فضیلت دی ہے آپ ہماری سفارش اپنے رب کے پاس کیجئے آپ نہیں دیکھتے کہ ہم کس مصیبت میں ہیں وہ کہیں گے آج کے دن میرا رب ایسا غضب میں آیا ہے کہ اس سے پہلے کبھی ایسا غضب میں نہیں آیا اور نہ بعد اسکے کبھی ایسا غضب میں آئیگا۔ اور میں نے ایک ایسے آدمی کو قتل کیا ہے کہ اسکے قتل کرنیکا مجھے حکم نہیں تھا نفسی نفسی نفسی تم کسی اور کے پاس جاؤ حضرت عیسی علیہ السلام کے پاس جاؤ پھر وہ حضرت عیسی علیہ السلام کے پاس آوینگے اور کہیں گے ای عیسی آپ اللہ کے رسول ہیں اور کلمہ ہیں کہ آپکو اللہ تعالی نے مریم علیہا السلام کی طرف ڈالا یعنے خدا کے کلام سے پیدا ہوئے ہیں یعنے صرف لفظ کن سے اور روح ہیں اسکی طرف سے اور آپ نے لوگوں سے مہد میں کلام کیا ہے آپ ہماری سفارش اپنے رب کے پاس کیجئے آپ نہیں دیکھتے کہ ہم کس مصیبت میں ہیں حضرت عیسی کہیں گے آجکے دن میرا رب ایسا غضب میں آیا ہے کہ اس سے پہلے کبھی ایسا غضب میں نہیں آیا اور نہ بعد اسکے کبھی ایسا غضب میں آئیگا اور انکا کوئی گناہ ذکر نہیں کیا گیا نفسی نفسی نفسی تم کسی اور کے پاس جاؤ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ پھر وہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آوینگے اور کہیں گے ای محمد آپ اللہ کے رسول ہیں اور نبیوں کے خاتم اور اللہ تعالی نے آپکے تمام اگلے پچھلے گناہ بخش دیے ہیں آپ ہماری سفارش اپنے رب کے پاس کیجئے آپ نہیں دیکھتے کہ ہم کس مصیبت میں ہیں حضرت فرماتے ہیں پس میں چلونگا اور عرش کے نیچے آؤنگا اور اپنے رب کے آگے سجدے میں گر پڑونگا۔ پھر اللہ تعالی مجھپر اپنی حمد اور نیک ثنا کے واسطے ایسی بات کھولیگا کہ کسی اور پر اس سے پہلے اللہ تعالی نے اسکو نہیں کھولا یعنے اللہ تعالی مجھے وہاں ایسی صفت بتائیگا جو آج تک کسی پیغمبر کو بتلائی نہیں گئی۔ پھر کہا جائیگا ای محمد اپنا سر اٹھائے مانگ دیا جاویگا سفارش کر کہ تیری سفارش قبول ہوگی تو میں اپنا سر اٹھاؤنگا اور کہونگا یارب امتی یارب امتی یارب امتی پھر اللہ تعالی فرمائیگا ای محمد اپنی امت سے ان لوگوں کو داخل کر کہ جنپر حساب نہیں ہے داہنے دروازے سے بہشت کے دروازوں سے اور وہ لوگ شریک ہیں ماسوائے اسکے اور دروازوں میں بھی ہونگے یعنے یہ دروازہ خاص امت محمدی کے لیئے ہے اور امت محمدی باقی لوگوں کے ساتھ اور دروازوں میں بھی شریک ہے پھر فرمایا آپ نے قسم ہے اس ذات کی کہ جسکے ہاتھ میں میری جان ہے فرق درمیان دو چوکھٹ کے بازوؤں کے جنت کی چوکھٹوں سے اسقدر ہے جیسا کہ درمیان مکہ اور ہجر کے ہے (ہجر نام ہے گاؤں کا مدینہ کے متعلقات سے یا بحرین کے) اور جیسا کہ درمیان مکہ اور بصرہ کے ہے

ف معلوم ہوا کہ حشر میں سب پیغمبر جواب دینگے اور اپنی بھول چوک یاد کر کے شرما دینگے آخر کو ہمارے حضرت دستگیر خلائق ہونگے اور ہم گنہگاروں کو اس قہر مقام سے بچا دینگے اسوقت شوکت محمدی تمام عالم پر ظاہر ہوگی اسی مقام کو مقام محمود اور شفاعت کبری کہتے ہیں ہمارے حضرت کو خاص ہے دوسرے پیغمبر کو اسمیں کچھ دخل نہیں پہلے حضرت سے اسواسطے شفاعت نہ شروع ہوئی تاکہ تمام خلق کو پیغمبروں کی زبان سے ثابت ہو جائے کہ سوائے حضرت محمد کے اور کسیکو ایسا رتبہ نہیں ہر چند انبیا اور اولیا اور علماء کی بھی شفاعت ثابت ہے لیکن وہ شفاعت جزئی ہے نہ کلی۔ اول اس

عن ابی زرعة بن عمرو عن ابی ھریرة قال اتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلحم فرفع الیہ الذراع فاکلہ وکان یعجبہ فنھش منہ
نھشة ثم قال انا سید الناس یوم القیامة ھل تدرون لم ذلك یجمع اللہ الناس الاولین والآخرین فی صعید واحد فیسمعھم
الداعی وینفذھم البصر وتدنو الشمس منھم فیبلغ الناس من الغم والکرب مالا یطیقون ولا یحتملون فیقول الناس بعضھم لبعض
الا ترون ما قد بلغکم الا تنظرون من یشفع لکم الی ربکم فیقول الناس بعضھم لبعض علیکم بآدم فیاتون آدم فیقولون انت
ابو البشر خلقك اللہ بیدہ ونفخ فیك من روحہ وامر الملئکة فسجدوا لك اشفع لنا الی ربك اما تری ما نحن فیہ الا تری
ما قد بلغنا فیقول لھم آدم ان ربی قد غضب الیوم غضبا لم یغضب قبلہ مثلہ ولن یغضب بعدہ مثلہ وانہ قد نھانی
عن الشجرة فعصیتہ نفسی نفسی نفسی اذھبوا الی غیری اذھبوا الی نوح فیاتون نوحا فیقولون یا نوح انت اول الرسل
الی اھل الارض وقد سماك اللہ عبدا شکورا اشفع لنا الی ربك الا تری ما نحن فیہ الا تری ما قد بلغنا فیقول لھم نوح ان
ربی قد غضب الیوم غضبا لم یغضب قبلہ مثلہ ولن یغضب بعدہ مثلہ وانہ قد کانت لی دعوة دعوتھا علی قومی
نفسی نفسی نفسی اذھبوا الی غیری اذھبوا الی ابراھیم فیاتون ابراھیم فیقولون یا ابراھیم انت نبی اللہ وخلیلہ من
اھل الارض فاشفع لنا الی ربك الا تری ما نحن فیہ فیقول ان ربی قد غضب الیوم غضبا لم یغضب قبلہ مثلہ ولن یغضب
بعدہ مثلہ وانی قد کذبت ثلاث کذبات فذکرھن ابو حیان فی الحدیث نفسی نفسی نفسی اذھبوا الی غیری

ابی زرعہ بن عمرو سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلعم کے پاس گوشت آیا اور آپ کی طرف ایک ران بھیجی گئی
پس آپ نے اسکو کھایا اور گوشت آپکو پسند آتا تھا سو آپ نے اس سے دانتوں سے کاٹ کر کھایا پھر فرمایا سردار لوگوں کا ہوں
دن قیامت کے کیا تم جانتے ہو کہ اسکا سبب کیا ہے (پھر آپ نے خود بیان فرمایا کہ) اللہ تعالی تمام لوگوں پہلوں اور پچھلوں کو
صاف زمین میں جمع کریگا پس سنائی دیگا انکو پکارنے والا اور نفوذ کر جائیگی اُنسے آنکھ یعنے پکارنے والے کی آواز تمام کو سنائی
دیگی اور نظر نفوذ کر جائیگی ۔ اور آفتاب اُنکے قریب ہوگا پس لوگ بباعث غم اور سختی کے اس حد کو پہونچ جاینگے کہ اسکی طاقت
نہ رکھینگے اور نہ اسکی برداشت کر سکینگے پھر لوگ ایک دوسرے سے کہینگے کیا تم نہیں دیکھتے کہ کیا تمکو تکلیف پہونچی ہے کیا تم
نہیں تلاش کرتے ایسے شخص کی کہ جو تمھاری سفارش تمھارے رب کے پاس کرے پھر لوگ ایک دوسرے کو کہینگے لازم پکڑو
آدم علیہ السلام کو پھر حضرت آدم کے پاس آئینگے اور کہینگے آپ تمام آدمیوں کے باپ ہیں اللہ تعالی نے آپکو اپنے ہاتھ سے بنایا ہے اور
آپ میں اپنی روح پھونکی اور حکم کیا فرشتوں کو سو انھوں نے آپکو سجدہ کیا ہماری سفارش کیجئے اپنے رب کے پاس کیا آپ نہیں
دیکھتے کہ ہم کس مصیبت میں ہیں آپ نہیں دیکھتے کہ ہمکو کیا تکلیف پہونچی ہے پس حضرت آدم علیہ السلام اُنسے کہینگے کہ میرا رب آج کے
دن ایسا غضب میں آیا ہے کہ اسطرح اس سے پہلے کبھی غضب میں نہیں آیا اور نہ کبھی بعد اسکے ایسا غضب میں آئیگا اور اُسنے مجھے
درخت سے منع کیا تھا سو میں نے اُسکی نافرمانی کی تھی نفسی نفسی یعنے خود میرا نفس کسی اور سے سفارش کے لائق ہے میں کسی کی کیا سفارش
کروں تم کسی اور کے پاس جاؤ نوح علیہ السلام کے پاس جاؤ سو وہ نوح علیہ السلام کے پاس جاوینگے اور کہینگے ای نوح آپ زمین والوں کی طرف
پہلے رسول ہیں اور آپکا نام اللہ تعالی نے بندہ شکر گذار رکھا ہے آپ ہماری سفارش اپنے رب کے پاس کیجئے آپ نہیں دیکھتے کہ ہم کس مصیبت میں ہیں
آپ نہیں دیکھتے کہ ہمکو کیا تکلیف پہونچی ہے پس اُنسے حضرت نوح کہینگے میرا رب آج کے دن ایسا غضب میں آیا ہے کہ اسطرح اس سے پہلے کبھی
غضب میں نہیں آیا اور نہ کبھی بعد اسکے ایسا غضب میں آئیگا اور میرے لیے ایک دعا تھی (یعنے میرے لئے حکم تھا کہ تمھاری ایک دعا ہم ضرور قبول
کرینگے خواہ جونسی تم مانگو جیسے کہ ہر ایک نبی کے واسطے یہ حکم ہے) میں نے وہ دعا اپنی قوم پر کی ہے یعنے دعا سے انکو ہلاک کرایا ہے نفسی نفسی تم کسی اور
کے پاس جاؤ ابراہیم علیہ السلام کے پاس جاؤ پھر وہ حضرت ابراہیم کے پاس آئینگے اور کہینگے ای ابراہیم آپ اللہ تعالی کے نبی ہیں اور اُسکے
خلیل ہیں اہل زمین سے سو آپ ہماری سفارش اپنے رب کے پاس کیجیے آپ نہیں دیکھتے کہ ہم کس مصیبت میں ہیں وہ کہینگے آج کے دن
میرا رب ایسا غضب میں آیا ہے کہ اس سے پہلے کبھی ایسا غضب میں نہیں آیا اور نہ کبھی بعد اسکے ایسا غضب میں آئیگا اور میں نے تین
جھوٹ بولے ہیں سو ابو حیان نے انکو حدیث میں ذکر کیا ہے نفسی نفسی تم کسی اور کے پاس جاؤ

هذا حديث حسن حدثنا هناد نا عبدة عن سعيد عن قتادة عن ابي المليح عن عوف بن مالك الاشجعي قال قال
رسول الله صلى الله عليه وسلم اتاني آت من عند ربي فخيرني بين ان يدخل نصف امتي الجنة وبين الشفاعة فاخترت
الشفاعة وهي لمن مات لا يشرك بالله شيئا وقد روي عن ابي المليح عن رجل آخر من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم
عن النبي صلى الله عليه وسلم ولم يذكر عن عوف بن مالك **باب** ما جاء في صفة الحوض **حدثنا** محمد بن يحيى نا
بشر بن شعيب بن ابي حمزة ثني ابي عن الزهري اخبرني انس بن مالك ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان في حوضي
من الاباريق بعدد نجوم السماء هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه **حدثنا** احمد بن محمد بن نيزك البغدادي
نا محمد بن بكار الدمشقي نا سعيد بن بشير عن قتادة عن الحسن عن سمرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان لكل نبي
حوضا وانهم يتباهون ايهم اكثر واردة واني ارجو ان اكون اكثرهم واردة هذا حديث حسن غريب وقد روى
الاشعث بن عبد الملك هذا الحديث عن الحسن عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا ولم يذكر فيه سمرة وهو اصح
باب ما جاء في صفة اواني الحوض **حدثنا** محمد بن اسمعيل نا يحيى بن صالح نا محمد بن مهاجر عن العباس عن
ابي سلام الحبشي قال بعث الى عمر بن عبد العزيز فحملت على البريد فلما دخل عليه قال يا امير المؤمنين لقد شق على مركبي
البريد فقال يا ابا سلام ما اردت ان اشق عليك ولكن بلغني عنك حديث تحدثه عن ثوبان عن النبي صلى الله عليه وسلم

یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے سعید سے اُسنے قتادہ سے اُسنے ابی الملیح سے اُسنے عوف
بن مالک اشجعی سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے رب سے ایک آنیوالا میرے پاس آیا یعنے جبرئیل علیہ السلام
یا کوئی اور فرشتہ۔ اور اُسنے مجھے نصف امت کو جنت میں داخل کرنیکے اور شفاعت کے درمیان اختیار دیا یعنے یا تو نصف
امت جنت میں داخل کرالو یا شفاعت لیلو سو میں نے شفاعت کو اختیار کیا ہے اور یہ اس شخص کے لئے ہوگی جو اس حالت
میں مرا کہ اُسنے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسیکو شریک نہیں بنایا۔ اور مروی ہے ابی الملیح سے اُسنے روایت کی ایک اور مرد سے نبی صلے اللہ
علیہ وسلم کے صحابہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور اُسنے عوف بن مالک کا ذکر نہیں کیا **باب** حوض کی صفت کے بیان میں
حدیث کی ہمسے محمد بن یحیی نے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن شعیب بن ابی حمزہ نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے زہری
سے کہا خبر دی مجھے انس بن مالک نے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے حوض پر لوٹے آسمان کے ستارونکی تعداد
کے موافق ہیں۔ یہ حدیث اس وجہ سے حسن صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد بن نیزک بغدادی نے کہا حدیث کی
ہمسے محمد بن بکار دمشقی نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن بشیر نے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے سمرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے ہر ایک نبی کے واسطے ایک حوض[1] ہے اور وہ آپسمیں فخر کرتے ہیں کہ کون زیادہ ہے وارد ہونے میں یعنے کسکے حوض
پر زیادہ لوگ جمع ہونگے۔ اور میں امید رکھتا ہوں کہ میں بھی سب سے زیادہ وارد ہونے میں ہونگا یعنے میری حوض پر ہی سب سے
زیادہ لوگ آئینگے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت کیا ہے اشعث بن عبد الملک نے اس حدیث کو حسن سے اُسنے
نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسل اور اُسنے اسمیں سمرہ کا ذکر نہیں کیا۔ اور یہ بہت صحیح ہے **باب** حوض کے برتنوں کی
صفت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمٰعیل نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن صالح نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن مہاجر
نے عباس سے اُسنے ابی سلام حبشی سے کہا اُسنے عمر بن عبد العزیز نے ایک آدمی میری طرف بھیجا پس میں تجر پر سوار کیا گیا
پھر جب اسپر داخل ہوا تو کہا اے امیر المؤمنین مجھے میری اس سواری تجر نے نہایت تکلیف دی ہے پس کہا اُسنے اے ابا سلام میرا
ارادہ آپ کو تکلیف دینے کا نہیں تھا لیکن مجھے آپ سے ایک حدیث پہونچی ہے کہ آپ اسکو بواسطہ ثوبان کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے

[1] کہا طیبی نے اسمیں دو احتمال ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ اسکو ظاہر پر حمل کیا جاوے یا مراد اس سے علم اور ہدایت ہو صاحب لمعات نے دوسرے احتمال پر اعتراض کیا ہے کہ جبتک
کوئی مانع ظاہر پر حمل کرنے سے نہ ہو تب تک وہ لفظ ظاہر پر ہی حمل ہوتا ہے اور اس جگہ بھی کوئی مانع نہیں ہے جو ظاہر پر حمل کرنے سے مانع ہو پس ظاہر پر ہی حمل کرنا چاہئے یعنے جائز ہے
کہ ہر ایک نبی کے لئے حوض ہو ۱۲

وفی الباب عن ابی بکر الصدیق وانس وعقبۃ بن عامر وابی سعید ھٰذا حدیث حسن صحیح **باب منہ حدثنا** العباس العنبری نا عبد الرزاق عن معمر عن ثابت عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شفاعتی لاھل الکبائر من امتی وفی الباب عن جابر ھٰذا حدیث حسن صحیح غریب من ھٰذا الوجہ **حدثنا** محمد بن بشار نا ابو داؤد الطیالسی عن محمد بن ثابت البنانی عن جعفر بن محمد عن ابیہ عن جابر بن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شفاعتی لاھل الکبائر من امتی قال محمد بن علی فقال لی جابر یا محمد من لم یکن من اھل الکبائر فمالہ وللشفاعۃ ھٰذا حدیث غریب من ھٰذا الوجہ **حدثنا** الحسن بن عرفۃ نا اسمٰعیل بن عیاش عن محمد بن زیاد الالھانی قال سمعت ابا امامۃ یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول وعدنی ربی ان یدخل الجنۃ من امتی سبعین الفا لاحساب علیہم ولا عذاب مع کل الف سبعون الفا وثلث حثیات من حثیات ربی ھٰذا حدیث حسن غریب **حدثنا** ابو کریب ثنا اسمٰعیل بن ابراھیم عن خالد الحذاء عن عبد اللہ بن شقیق قال کنت مع رھط بایلیاء فقال رجل منہم سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول یدخل الجنۃ بشفاعۃ رجل من امتی اکثر من بنی تمیم قیل یا رسول اللہ سواک قال سوای فلما قام قلت من ھٰذا قالوا ھٰذا ابن ابی الجذعاء ھٰذا حدیث حسن صحیح غریب وابن ابی الجذعاء ھو عبد اللہ وانما یعرف لہ ھٰذا الحدیث الواحد **حدثنا** الحسین بن حریث نا الفضل بن موسی عن زکریا بن ابی زائدۃ عن عطیۃ عن ابی سعید ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان من امتی من یشفع للفئام من الناس ومنہم من یشفع للقبیلۃ ومنہم من یشفع للعصبۃ ومنہم من یشفع للرجل حتی یدخلوا الجنۃ

اور اس باب میں روایت ہے حضرت ابی بکر صدیق اور انس اور عقبہ بن عامر اور ابی سعید سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہم سے عباس عنبری نے کہا حدیث کی ہم سے عبد الرزاق نے معمر سے اُسنے ثابت سے اُسنے انس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے شفاعت[1] میری میری امت میں سے اہل کبائر کے لیے ہے اور اس باب میں روایت ہے جابر سے یہ حدیث اس وجہ سے حسن صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہم سے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہم سے ابو داؤد طیالسی نے محمد بن ثابت بنانی سے اُسنے جعفر بن محمد سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے شفاعت میری میری امت سے اہل کبائر کے لیے ہے کہا محمد بن علی نے کہ کہا مجھے جابر نے اے محمد جو کوئی اہل کبائر سے نہ ہو اُسکو شفاعت کی کیا حاجت ہے یہ حدیث اس طریق سے غریب ہے **حدیث** کی ہم سے حسن بن عرفہ نے کہا حدیث کی ہم سے اسمٰعیل بن عیاش نے محمد بن زیاد الہانی سے کہا اُسنے سنا میں نے ابا امامہ سے کہ کہتا سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے میرے ساتھ میرے رب نے یہ وعدہ کیا ہے کہ میری امت سے ستر ہزار آدمی ایسے جنت میں داخل کریگا کہ اُنپر حساب اور عذاب نہیں ہے ساتھ ہر ایک ہزار کے ستر ہزار ہوگا اور تین مٹھی ہونگی میرے رب کی مٹھیوں سے یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہم سے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہم سے اسمٰعیل بن ابراہیم نے خالد حذاء سے اُسنے عبد اللہ بن شقیق سے کہا اُسنے میں ایلیا (بیت المقدس کا ایک شہر ہے) میں ایک گروہ کے ساتھ تھا پس ایک مرد نے اُنمیں سے کہا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ فرماتے میری امت میں سے ایک مرد کی شفاعت کے ساتھ بنی تمیم قبیلہ سے زیادہ لوگ جنت میں داخل ہونگے کسی نے کہا یا رسول اللہ آپکے سوا فرمایا آپ نے میرے سوا پھر جب وہ شخص کھڑا ہوا میں نے کہا یہ کون ہے کہا لوگوں نے یہ ابی الجدعاء کا بیٹا ہے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور ابی الجدعاء کا بیٹا وہ عبد اللہ ہے اور اس سے یہی ایک حدیث معلوم ہوئی ہے **حدیث** کی ہم سے حسین بن حریث نے کہا حدیث کی ہم سے فضل بن موسی نے زکریا بن ابی زائدہ سے اُسنے عطیہ سے اُسنے ابی سعید سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بعض لوگ میری امت سے ایک جماعت کے لوگوں سے شفاعت کرینگے بعض اُنمیں سے وہ شخص ہے کہ ایک قبیلے کی شفاعت کریگا بعض اُنمیں سے ایک کم جماعت کی جو دس سے چالیس تک ہوگی بعض اُنمیں سے ایک آدمی کی شفاعت کریگا یہاں تک کہ تمام امت جنت میں داخل ہوگی

---

[1] اہل کبائر کے لئے تو برائیاں بخشوانیکے لئے ہے اور پرہیزگاروں کے لئے درجات بڑھانیکے لئے یہ مسئلہ اہل سنت میں متفق علیہ ہے ۱۲

والنبی والنبیین ولیس معہم احد حتی مر بسواد عظیم فقلت من ہذا قیل موسی وقومہ ولکن ارفع راسک فانظر قال فاذا ہو
سواد عظیم قد سد الافق من ذا الجانب ومن ذا الجانب فقیل ہؤلاء امتک وسوی ہؤلاء من امتک سبعون الفا یدخلون
الجنۃ بغیر حساب فدخل ولم یسالوہ ولم یفسر لہم فقالوا نحن ہم وقال قائلون ہم ابناء الذین ولدوا علی الفطرۃ والاسلام
فخرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ہم الذین لا یکتوون ولا یسترقون ولا یتطیرون وعلی ربہم یتوکلون فقام عکاشۃ
بن محصن فقال انا منہم یا رسول اللہ قال نعم ثم جاءہ آخر فقال انا منہم فقال سبقک بہا عکاشۃ وفی الباب عن ابن
مسعود وابی ہریرۃ ہذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن عبد اللہ بن بزیع البصری نا زیاد بن الربیع نا ابو عمران الجونی
عن انس بن مالک قال ما اعرف شیئا مما کنا علیہ علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقلت این الصلوۃ قال اولم تصنعوا
فی صلوتکم ما قد علمتم ہذا حدیث حسن غریب من ہذا الوجہ وقد روی من غیر وجہ عن انس **حدثنا** محمد بن یحیی
الازدی البصری نا عبد الصمد بن عبد الوارث نا ہاشم بن سعید الکوفی ثنی زید الخثعمی عن اسماء بنت عمیس الخثعمیۃ قالت سمعت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول بئس العبد عبد تخیل واختال ونسی الکبیر المتعال وبئس العبد عبد تجبر واعتدی
ونسی الجبار الاعلی بئس العبد عبد سہی ولہی ونسی المقابر والبلی بئس العبد عبد عتا وطغی ونسی المبتدا والمنتہی بئس العبد
عبد یختل الدنیا بالدین بئس العبد عبد یختل الدین بالشبہات بئس العبد عبد طمع یقودہ بئس العبد عبد ہوی یضلہ بئس العبد عبد رغب یذلہ

اور انبی اور کسی نبی اور انکے ساتھ کوئی بھی نہ تھا یہانتک کہ آپ ایک بڑی جماعت سے گذرے آنحضرت فرماتے ہیں میں نے کہا
یہ کون ہے کہا گیا یہ موسیٰ ہیں اور قوم انکی لیکن آپ سر کو اٹھائیے اور دیکھئے فرمایا آپ نے دیکھا تو اتنی بڑی جماعت ہے کہ اسنے آسمان کے
کنارے اس جانب اور اس جانب سے یعنے یمین اور شمال اسنے بند کر دیے ہیں پس مجھے کہا گیا کہ یہ آپ کی امت ہے اور سوائے انکے
ستر ہزار آپ کی امت سے بغیر حساب کے جنت میں داخل ہونگے راوی کہتا ہے یہ حدیث آنحضرت فرما کر گھر میں داخل ہو گئے اور
لوگوں نے آپ سے دریافت نہ کیا اور نہ خود آپ نے اُسنے بیان کیا سو کہا لوگوں نے وہ لوگ (جو جنت میں بغیر حساب کے داخل
ہونگے) ہم ہیں۔ اور بعض کہنے والوں نے کہا وہ لوگ وہ ہیں جو فطرت اور اسلام پر پیدا ہوئے ہیں پھر نبی صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے
اور فرمایا وہ لوگ وہ ہیں جو نہیں داغ لگواتے اور نہیں منتر کراتے اور نہیں فالیں لیتے اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں پس عکاشہ بن
محصن کھڑا ہوا اور کہنے لگا میں انمیں سے ہوں یا رسول اللہ فرمایا آپ نے ہاں پھر آپ کے پاس ایک اور آدمی آیا اور کہنے لگا
میں انمیں سے ہوں فرمایا آپ نے سبقت لیگیا ہے تجھسے عکاشہ۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن مسعود اور ابی ہریرہ سے رضی اللہ
عنہما۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد اللہ بن بزیع بصری نے کہا حدیث کی ہمسے زیاد بن ربیع نے کہا حدیث
کی ہمسے ابو عمران جونی نے انس بن مالک سے کہا اُسنے میں کوئی چیز نہیں پہچانتا اس سے کہ جسپر ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے
زمانہ میں تھے یعنے تمام چیزوں میں تغیر واقع ہو گیا ہے میں نے کہا نماز کہاں ہے کہا اُسنے کیا تمنے نماز میں نہیں کیا جو تم جانتے ہو کہ وقت
اور ارکان وغیرہ کا کچھ لحاظ نہیں کرتے۔ یہ حدیث اس وجہ سے حسن غریب ہے۔ اور یہ غیر اس وجہ سے بھی انس سے مروی ہے **حدیث**
کی ہمسے محمد بن یحیی ازدی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الصمد بن عبد الوارث نے کہا حدیث کی ہمسے ہاشم بن سعید کوفی نے کہا حدیث
کی مجھے زید خثعمی نے اسماء بنت عمیس خثعمیہ سے کہا اُسنے سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے برا بندہ وہ ہے جو اپنے آپکو
بہتر خیال کرے اور تکبر کرے اور اللہ تعالی بڑے بلند کو بھول جائے اور برا بندہ وہ ہے جو جبر کرے اور ظلم کرے اور جبار اعلی کو بھول جائے۔ برا بندہ وہ ہے
جو طاعت الٰہی سے غافل ہو اور لایعنی میں مشغول ہو اور بھول جائے قبروں کو اور کپڑے پرانے کو۔ برا بندہ وہ ہے جو تکبر کرے اور شرارت
میں اندازے سے تجاوز کرے۔ اور مبدا اور منتہی کو بھول جائے۔ برا بندہ وہ ہے جو دنیا کو دین کے ساتھ طلب کرے۔ برا بندہ وہ ہے جو دین کو شبہوں کے
ساتھ طلب کرے۔ برا بندہ وہ ہے جسکو طمع کھینچتی ہے برا بندہ وہ ہے جسکو حرص گمراہ کر دے۔ برا بندہ وہ ہے جسکو خواہش ذلیل کر دے

ف یعنے وہ لوگ وہ ہیں جو اسباب دنیاوی پر خیال نہیں کرتے مثلاً بیماری میں داغ نہیں لگواتے اور دم درود منتر وغیرہ نہیں کراتے اور نہ فالیں نکلواتے ہیں غرضکہ دوائی وغیرہ کی طرف توجہ
نہیں کرتے۔ یہ صفت اولیاء اللہ میں سے ہے بعض بعض میں پائی جاتی ہے دوائی کرنا منع نہیں یعنی احادیث سے ثابت ہے مگر صرف پروردگار پر توکل کرنا نہایت اعلے درجہ کا وصف ہے ۱۲ ۱۲ ۱۲

في الحوض فاحببت ان تشافهني به قال ابو سلام ثني ثوبان عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال حوضي من عدن الى
عمان البلقاء ماؤه اشد بياضا من اللبن واحلى من العسل واكوابه عدد نجوم السماء من شرب منه شربة لم يظمأ بعدها
ابدا اول الناس ورودا عليه فقراء المهاجرين الشعث رءوسا الدنس ثيابا الذين لا ينكحون المنعمات ولا يفتح لهم السدد
قال عمر لكني نكحت المنعمات وفتحت لي السدد نكحت فاطمة بنت عبد الملك لا جرم اني لا اغسل رأسي حتى يشعث
ولا اغسل ثوبي الذي يلي جسدي حتى يتسخ هذا حديث غريب من هذا الوجه وقد روى هذا الحديث عن معدان
بن ابي طلحة عن ثوبان عن النبي صلى الله عليه وسلم وابو سلام الحبشي اسمه ممطور **حدثنا** محمد بن بشار نا ابو عبد الصمد
العمي عبد العزيز بن عبد الصمد نا ابو عمران الجوني عن عبد الله بن الصامت عن ابي ذر قال قلت يا رسول الله ما آنية الحوض
قال والذي نفسي بيده لآنيته اكثر من عدد نجوم السماء وكواكبها في ليلة مظلمة مصحية من آنية الجنة من شرب منها
لم يظمأ آخر ما عليه عرضه مثل طوله ما بين عمان الى ايلة ماؤه اشد بياضا من اللبن واحلى من العسل هذا حديث
حسن صحيح غريب وفي الباب عن حذيفة بن اليمان وعبد الله بن عمرو وابي برزة الاسلمي وابن عمر وحارثة بن وهب
والمستورد بن شداد وروى عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال حوضي كما بين الكوفة الى الحجر الاسود **باب**
حدثنا ابو حصين عبد الله بن احمد بن يونس نا عبثر بن القاسم عن حصين وهو ابن عبد الرحمن عن سعيد
بن جبير عن ابن عباس قال لما اسري بالنبي صلى الله عليه وسلم جعل يمر بالنبي والنبيين ومعهم القوم والنبي والنبيين ومعهم الرهط

حوض کے بارے میں روایت کرتے ہیں سو مجھے یہ پسند ہوا کہ آپ بالمشافہ مجھے روایت کریں کہا ابو سلام نے حدیث کی مجھے
ثوبان نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے میرا حوض عدن سے عمان بلقا تک ہے یہ تینوں شہروں کے نام ہیں
پانی اسکا سفیدی میں دودھ سے زیادہ ہے اور شہد سے میٹھا ہے کوزے اسکے آسمان کے ستاروں کے برابر ہیں جو کوئی ایک بار
پی لیگا بعد اسکے کبھی اسکو پیاس نہ لگے گی سب سے پہلے اسپر مہاجر فقیر وارد ہونگے جو پراگندہ سر ہیں میلے کپڑوں والے ہیں
نہیں نکاح کرتے نعمت والی عورتوں سے اور نہیں کھولے جاتے انکے لئے دروازے[1] کہا عمر نے لیکن میں نے تو نعمت والی
عورتوں سے نکاح کیا ہے اور میرے لئے دروازے بھی کھولے جاتے ہیں میں نے فاطمہ بنت عبد الملک سے نکاح کیا ہے ضرور میں اپنے
سر کو نہیں دھوؤنگا یہاں تک کہ پراگندہ ہوئے اور نہ ان کپڑوں کو دھوؤنگا جو میرے جسم سے ملے ہوئے ہیں یہاں تک کہ میلے ہولیں
یہ حدیث اس طریق سے غریب ہے اور مروی ہے یہ حدیث معدان بن ابی طلحہ سے اسنے روایت کی ثوبان سے اسنے نبی صلے اللہ
علیہ وسلم سے اور ابو سلام کا نام ممطور ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عبد الصمد عمی یعنے عبد العزیز
بن عبد الصمد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عمران جونی نے عبد اللہ بن صامت سے اسنے ابی ذر سے کہا اسنے میں نے کہا یا رسول اللہ
کسقدر ہیں برتن حوض کے فرمایا آپ نے قسم ہے اس ذات کی کہ جسکے ہاتھ میں میری جان ہے البتہ برتن اسکے آسمان کے ان ستاروں
اور کواکب سے زیادہ ہیں جو ایسی اندھیری رات میں ہوں جو بادل سے صاف ہو وہ برتن جنت کے برتنوں سے ہیں جو کوئی
اس سے پئے گا تو آخر اس مدت تک جو اسپر ہے پیاسا نہ ہوگا عرض اسکا مثل اسکے طول کے ہے عمان سے ایلہ تک پانی اسکا دودھ سے
سفیدی میں زیادہ ہے اور شہد سے زیادہ میٹھا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور اس باب میں روایت ہے حذیفہ بن یمان اور عبد اللہ بن
عمرو اور ابی برزہ اسلمی اور ابن عمر اور حارثہ بن وہب اور مستورد بن شداد سے رضی اللہ عنہم اور مروی ہے بواسطہ ابن عمر کے نبی صلے اللہ
علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے میرا حوض کوفہ سے حجر اسود تک ہے۔ **باب** **حدیث** کی ہمسے ابو حصین یعنے عبد اللہ بن
احمد بن یونس نے کہا حدیث کی ہمسے عبثر بن قاسم نے حصین سے جو عبد الرحمن کا بیٹا ہے اسنے سعید بن جبیر سے اسنے ابن عباس سے
کہا اسنے جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو معراج ہوئی تو آنحضرت ایک نبی اور کئی نبیوں سے گذرنے لگے اور انکے ساتھ قوم تھی اور اور نبی
اور کئی نبی اور انکے ساتھ گروہ تھا

[1] یعنے بسبب پراگندہ ہونے حال کے کوئی انسے مالدار عورت نکاح نہیں کرتی اور نہ انکے لئے دروازے کھولے جاتے ہیں یعنے کوئی انکو اپنے گھر میں آنے نہیں دیتا ۱۲

عن القعقاع عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان لکل شیء شرۃ ولکل شرۃ فترۃ فان صاحبہا سدد وقارب فارجوہ وان اشیر الیہ بالاصابع فلا تعدوہ ہذا حدیث حسن صحیح غریب من ہذا الوجہ وقد روی عن انس بن مالک عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال بحسب امرء من الشر ان یشار الیہ بالاصابع فی دین او دنیا الا من عصمہ اللہ **حدثنا** محمد بن بشار نا یحیی بن سعید نا سفیان عن ابیہ عن ابی یعلی عن الربیع بن خثیم عن عبد اللہ بن مسعود قال خط لنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطا مربعا وخط فی وسط الخط خطا وخط خارجا من الخط خطا وحول الذی فی الوسط خطوطا فقال ہذا ابن آدم وہذا اجلہ محیط بہ وہذا الذی فی الوسط الانسان وہذہ الخطوط عروضہ ان نجا منہ ینہشہ ہذا والخط الخارج الامل ہذا حدیث صحیح **حدثنا** قتیبۃ نا ابو عوانۃ عن قتادۃ عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہرم ابن آدم وتشب منہ اثنتان الحرص علی المال والحرص علی العمر ہذا حدیث صحیح **حدثنا** ابو ہریرۃ محمد بن فراس البصری نا ابو قتیبۃ سلم بن قتیبۃ نا ابو العوام وہو عمران القطان عن قتادۃ عن مطرف بن عبد اللہ بن الشخیر عن ابیہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مثل ابن آدم والی جنبہ تسعۃ وتسعون منیۃ ان اخطاتہ المنایا وقع فی الہرم ہذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** ہناد نا قبیصۃ عن سفیان عن عبد اللہ بن محمد بن عقیل عن الطفیل بن ابی بن کعب عن ابیہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا ذہب ثلث اللیل قام فقال یا ایہا الناس اذکروا اللہ جاءت الراجفۃ تتبعہا الرادفۃ جاء الموت بما فیہ جاء الموت بما فیہ قال ابی فقلت یا رسول اللہ

اُسنے قعقاع سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ ہر ایک چیز کے واسطے نشاط ہی اور ہر ایک نشاط کے واسطے سستی ہی پس اگر صاحب اسکا سیدھا رہے اور میانہ روی اختیار کرے تو مین اسکی بہتری کی امید رکھتا ہون اور اگر اسکی طرف انگلیوں سے اشارت کیجائے تو تم اسکو شمار نہ کرو۔ یہ حدیث اس وجہ سے حسن صحیح غریب ہی اور مروی ہی بواسطہ انس بن مالک کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے کافی ہی آدمی کو برائی سے یہی بات کہ اسکی طرف انگلیوں سے دین یا دنیا مین اشارت کیجائے مگر جسکو اللہ تعالی محفوظ رکھے۔ حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اپنے باپ سے اُسنے ابی یعلی سے اُسنے ربیع بن خثیم سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے کہا اُسنے ہمارے واسطے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک خط مربع کھینچا اور درمیان خط کے ایک خط کھینچا اور باہر خط کے بھی ایک خط کھینچا اور اس خط کے گرد جو وسط خط مین ہی کئی خط کھینچے اور فرمایا آپ نے یہ ابن آدم ہی اور یہ اسکی اجل ہی جو اسکو احاطہ کئے ہوئے ہی اور یہ خط جو وسط مین ہی انسان ہی اور یہ خطوط اُسکے حوادثات ہین یعنے امراض وغیرہ اگر ایک سے نجات پائے تو وہ اسکو کاٹتا ہی اور وہ خط جو باہر ہی وہ امید اسکی ہی یہ حدیث صحیح ہی حدیث کی ہمسے قتیبہ نے حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے قتادہ سے اُسنے انس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ابن آدم بوڑھا ہوتا ہی اور دو چیزین اس سے جوان ہوتی ہین ایک حرص مال پر دوسرا حرص عمر پر یہ حدیث صحیح ہی حدیث کی ہمسے ابو ہریرہ یعنے محمد بن فراس بصری نے کہا حدیث کی ہمسے ابو قتیبہ یعنے سلم بن قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو العوام نے اور وہ عمران بن قطان ہی قتادہ سے اُسنے مطرف بن عبد اللہ بن شخیر سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بنایا گیا ابن آدم اس حالت مین کہ اُسکے پہلو مین ننانوے مصیبتین تھین اگر مصیبتین اس سے خطا کر جائین یعنے مصیبتون سے بچ جائے تو بڑھاپے مین واقع ہوتا ہی یہ حدیث حسن صحیح ہی حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے قبیصہ نے سفیان سے اُسنے عبد اللہ بن محمد بن عقیل سے اُسنے طفیل بن ابی بن کعب سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب دو تہائیاں رات کی گذر جاتین تو (تہجد) کے لئے کھڑے ہوتے اور فرماتے اے لوگو اللہ کو یاد کرو اے لوگو اللہ کو یاد کرو آگیا ہی پہلا نفخہ تابع ہوگا اسکے دوسرا نفخہ آئی ہی موت ساتھ اس چیز کے جو اسمین ہی احوال قبر اور قیامت سے۔ کہا میرے باپ نے پھر مین نے کہا یا رسول اللہ

لہ یعنے جو کوئی افراط و تفریط کے درمیان چلے تو تم اسکی بہتری کی امید کرو اور اگر لوگ اسکی طرف اشارت کرین کہ فلان شخص نہایت خوبی کا آدمی ہی تو تم اسکو اچھا شمار مت کرو یعنے تم لوگوں کے اعتقاد کی طرف جو اسکے حق مین ہی کچھ التفات نہ کرو ۱۲ لہ مثال اس نقشہ کی جو آنحضرت نے فرمائی ہی وہ یہ ہی

اجل | امید | انسان | آفات

سہ یعنے انسان کی پیدائش مصیبتون سے خالی نہین اگر بالفرض مصیبتون سے بچ جائے تو پھر آخر ایسی مصیبت مین واقع ہوتا ہی کہ اس سے چارہ نہین اور وہ بڑھاپا ہی ۱۲

هٰذا حديث لانعرفه الا من هٰذا الوجه وليس اسناده بالقوى حدثنا محمد بن حاتم المؤدب نا عمار بن محمد بن اخت سفيان الثورى نا ابو الجارود الاعمى واسمه زياد بن المنذر الهمدانى عن عطية العوفى عن ابى سعيد الخدرى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ايما مؤمن اطعم مؤمنا على جوع اطعمه الله يوم القيمة من ثمار الجنة وايما مؤمن سقى مؤمنا على ظمأ سقاه الله يوم القيمة من الرحيق المختوم وايما مؤمن كسا مؤمنا على عرى كساه الله من خضر الجنة هٰذا حديث غريب وقد روى هٰذا عن عطية عن ابى سعيد الخدرى موقوفا وهو اصح عندنا واشبه حدثنا ابوبكر بن ابى النضر نا ابو النضر نا ابو عقيل الثقفى نا ابو فروة يزيد بن سنان التميمى ثنى بكير بن فيروز قال سمعت ابا هريرة يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من خاف ادلج ومن ادلج بلغ المنزل الا ان سلعة الله غالية الا ان سلعة الله الجنة هٰذا حديث حسن غريب لانعرفه الا من حديث ابى النضر حدثنا ابوبكر بن ابى النضر نا ابو النضر ثنى ابو عقيل عبد الله بن عقيل نا عبد الله بن يزيد ثنى ربيعة بن يزيد وعطية بن قيس عن عطية السعدى وكان من اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم قال قال النبى صلى الله عليه وسلم لايبلغ العبد ان يكون من المتقين حتى يدع ما لا بأس به حذرا لما به بأس هٰذا حديث حسن غريب لانعرفه الا من هٰذا الوجه حدثنا عباس العنبرى نا ابو داؤد نا عمران القطان عن قتادة عن يزيد بن عبد الله بن الشخير عن حنظلة الاسيدى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو انكم تكونون كما تكونون عندى لاظلتكم الملائكة باجنحتها هٰذا حديث حسن غريب من هٰذا الوجه وقد روى هٰذا الحديث من غير هٰذا الوجه ايضا عن حنظلة الاسيدى وفى الباب عن ابى هريرة حدثنا يوسف بن سلمان ابو عمرو البصرى نا حاتم بن اسمعيل عن محمد بن عجلان

اس حدیث کو ہم نہیں پہچانتے مگر اسی وجہ سے۔ اور اسناد اسکی قوی نہیں ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن حاتم مؤدب نے کہا حدیث کی ہمسے عمار بن محمد بن اخت سفیان ثوری نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الجارود اعمی نے اور نام اسکا زیاد بن منذر ہمدانی ہے اُسنے عطیہ عوفی سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی مؤمن کسی مؤمن کو بھوک پر کھانا کھلائے اللہ تعالیٰ اسکو قیامت کے دن جنت کے میوؤں سے کھلائیگا اور جو کوئی مؤمن کسی مؤمن کو پیاس پر پانی پلائے اللہ تعالیٰ اسکو قیامت کے دن شراب خالص مُہر کی ہوئی سے پلائیگا۔ اور جو کوئی مؤمن واسطے اللہ کے ننگے کو کپڑا پہنائے اللہ تعالیٰ اسکو جنت کے سبز لباس سے کپڑا پہنائیگا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ اور یہ مروی ہے بواسطہ عطیہ کے ابی سعید سے یہ کہ تو نگاہ رکھے انا سے موقوف۔ اور یہ ہمارے نزدیک زیادہ صحیح ہے اور قریب ہے **حدیث** کی ہمسے ابوبکر بن ابی النضر نے کہا حدیث کی ہمسے [illegible] کہا حدیث کی ہمسے ابو عقیل ثقفی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو فروہ یعنے یزید بن سنان تمیمی نے کہا حدیث کی مجھے بکیر بن فیروز نے کہا سنا میں نے ابا ہریرہ سے کہ کہتا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے خوف کیا اول رات چلا اور جو کوئی اول رات کو چلا وہ منزل پر پہونچ گیا خبردار اللہ تعالیٰ کا اسباب گران قیمت ہے خبردار اللہ تعالیٰ کا اسباب جنت ہے یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق ابی النضر سے **حدیث** کی ہمسے ابوبکر بن ابی النضر نے کہا حدیث کی مجھے ابو عقیل یعنے عبد اللہ بن عقیل نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن یزید نے کہا حدیث کی مجھے ربیعہ بن یزید اور عطیہ بن قیس نے عطیہ سعدی سے اور وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے تھا کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بندہ پرہیزگاری کو نہیں پہونچ سکتا جبتک کہ ایسی چیز دنکو بھی ترک نہ کرے کہ جسنے خوف نہیں ہے اس خوف سے کہ انمیں بھی خوف ہے یعنے اس خوف سے ترک کرے کہ انکے کرنے میں اگرچہ گناہ نہیں مگر کرنا انکا بہتر نہیں پرہیزگاری کے خلاف ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے **حدیث** کی ہمسے عباس عنبری نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا حدیث کی ہمسے عمران قطان نے قتادہ سے اُسنے یزید بن عبد اللہ بن شخیر سے اُسنے حنظلہ اسیدی سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر تم (ہر حالت میں) اسطرح سے ہوتے جیسا کہ تم میرے پاس ہوتے ہو تو تمکو فرشتے اپنے پروں سے سایہ کرتے رہتے۔ یہ حدیث اسوجہ سے حسن غریب ہے۔ اور یہ حدیث غیر اسوجہ سے بھی حنظلہ اسیدی سے مروی ہے اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ سے **حدیث** کی ہمسے یوسف بن سلمان یعنے ابو عمرو بصری نے کہا حدیث کی ہمسے حاتم بن اسمعیل نے محمد بن عجلان سے

الحکم العرنی نا عبید اللہ بن الولید الوصافی عن عطیۃ عن ابی سعید قال دخل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مصلاہ فرای ناسا کانہم یکتشرون قال اما انکم لو اکثرتم ذکر ھاذم اللذات لشغلکم عما اری فاکثروا من ذکر ھاذم اللذات الموت فانہ لم یات علی القبر یوم الا تکلم فیقول انا بیت الغربۃ انا بیت الوحدۃ وانا بیت التراب وانا بیت الدود فاذا دفن العبد المؤمن قال لہ القبر مرحبا واھلا اما ان کنت لاحب من یمشی علی ظھری الی فاذ ولیتک الیوم وصرت الی فستری صنیعی بک فیتسع لہ مد بصرہ ویفتح لہ باب الی الجنۃ واذا دفن العبد الفاجر او الکافر قال لہ القبر لا مرحبا ولا اھلا اما ان کنت لابغض من یمشی علی ظھری الی فاذ ولیتک الیوم وصرت الی فستری صنیعی بک قال فیلتام علیہ حتی یلتقی علیہ وتختلف اضلاعہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باصابعہ فادخل بعضھا فی جوف بعض قال ویقیض لہ سبعین تنینا لو ان واحدا منھا نفخ فی الارض ما انبتت شیئا ما بقیت الدنیا فینھشنہ ویخدشنہ حتی یفضی بہ الی الحساب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما القبر روضۃ من ریاض الجنۃ او حفرۃ من حفر النار ھذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من ھذا الوجہ **حدثنا** عبد بن حمید نا عبد الرزاق عن معمر عن الزھری عن عبید اللہ بن عبد اللہ بن ابی ثور قال سمعت ابن عباس یقول اخبرنی عمر بن الخطاب قال دخلت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاذا ھو متکئ علی رمل حصیر فرأیت اثرہ فی جنبہ وفی الحدیث قصۃ طویلۃ ھذا حدیث صحیح **حدثنا** سوید نا عبد اللہ عن معمر ویونس عن الزھری ان عروۃ بن الزبیر اخبرہ ان المسور بن مخرمۃ اخبرہ ان عمرو بن عوف وھو حلیف بنی عامر بن لوی وکان شھد بدرا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حکم عرنی نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن ولید وصافی نے عطیہ سے اُسنے ابی سعید سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنی جائے نماز میں داخل ہوئے اور کئی لوگوں کو دیکھا کہ گویا وہ ہنس رہے ہیں فرمایا آپ نے خبردار اگر تم لذتوں کی قطع کرنیوالی کو بہت یاد کرتے تو البتہ تمکو وہ ذکر اس چیز سے کہ میں دیکھتا ہوں شغل میں رکھتا سو تم لذتوں کی کاٹنے والی یعنے موت کو بہت یاد کیا کرو کیونکہ کوئی دن قبر پر نہیں آتا مگر یہ کلام کرتی ہے اور کہتی ہے میں غربت کا گھر ہوں میں وحدت کا گھر ہوں میں مٹی کا گھر ہوں میں کیڑوں کا گھر ہوں پس جب بندہ مومن دفن کیا جاتا ہے تو اسکو قبر کہتی ہے تجھے مبارک ہو اور تو اہل میں آیا ہے خبردار بیشک تو مجھے زیادہ پسند تھا اُن لوگوں سے جو میری پیٹھ پر چلتے تھے سو جب میں آج کے دن تیری والی ہوئی ہوں اور تو میری طرف سپرد ہوا ہے پس تو میری حالت کو اپنے ساتھ دیکھ لیگا پس وہ قبر نظر کی درازی تک اسکے لئے فراخ ہوگی اور اسکے واسطے جنت کی طرف دروازہ کھولا جائیگا اور جب بندہ فاجر دفن کیا جائیگا تو اس سے قبر کہے گی نہ تجھے مبارک ہو اور نہ تو اہل میں آیا ہے خبردار بیشک تو مجھے زیادہ ناخوش تھا اُن لوگوں سے جو میری پیٹھ پر چلتے تھے سو جب میں تیری آج والی ہوئی ہوں اور تو میری طرف سپرد ہوا ہے پس تو میری حالت کو اپنے ساتھ دیکھ لیگا۔ کہا راوی نے پس وہ قبر اسپر سمٹ جائیگی یہانتک کہ اسپر مل جائیگی اور اسکی پسلیاں مختلف ہو جائینگی کہا راوی نے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیوں سے اور بعض کو بعض کے جوف میں داخل کیا یعنے اس طور سے مل جائینگی فرمایا آپ نے اور اسکے واسطے ستر سانپ مقرر کئے جائیں گے اگر ایک بھی انمیں سے زمین پر پھونک مارے تو زمین جبتک باقی ہے کوئی چیز نہ اگا وے پس وہ سانپ اسکو کاٹتے ہیں اور چھیلتے ہیں یہانتک کہ اللہ تعالی اسکو حساب تک کٹوائیگا۔ کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قبر جنت کے باغوں سے ایک باغ ہے یا آگ کے گڑھوں سے ایک گڑھا ہے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے حدیث کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے معمر سے اُسنے زہری سے اُسنے عبید اللہ بن عبد اللہ بن ابی ثور سے کہا اُسنے سُنا میں نے ابن عباس سے کہ کہتا خبر دی مجھے عمر بن خطاب نے کہا اُسنے میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر داخل ہوا دیکھا کہ آپ کھجور کے بوریے پر تکیہ لگائے ہوئے ہیں سو میں نے اسکے نشان آپ کے پہلوئے مبارک میں دیکھے اور اس حدیث میں لمبا قصہ ہے یہ حدیث صحیح ہے حدیث کی ہمسے سوید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ نے معمر اور یونس سے انھوں نے زہری سے یہ کہ عروہ بن زبیر نے خبر دی ہے اسکو یہ کہ مسور بن مخرمہ نے خبر دی ہے اُسکو یہ کہ عمرو بن عوف نے (جو کہ ہم سوگند بنی عامر بن لوی کا ہے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ بدر میں حاضر ہوا تھا)

انی اکثر الصلوٰۃ علیک فکم اجعل لک من صلوٰتی قال ما شئت قلت الربع قال ما شئت فان زدت فھو خیر لک قلت فالنصف قال ما شئت وان زدت فھو خیر قلت فالثلثین قال ما شئت فان زدت فھو خیر قلت اجعل لک صلوٰتی کلھا قال اذا تکفی ھمک ویغفر ذنبک ھٰذا حدیث حسن **حدثنا** یحیی بن موسٰی نا محمد بن عبید عن ابان بن اسحٰق عن الصباح بن محمد عن مرۃ الھمدانی عن عبد اللہ بن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استحیوا من اللہ حق الحیاء قلنا یا نبی اللہ انا لنستحیی والحمد للہ قال لیس ذلک ولکن الاستحیاء من اللہ حق الحیاء ان تحفظ الراس وما وعی وتحفظ البطن وما حوی وتتذکر الموت والبلی ومن اراد الاٰخرۃ ترک زینۃ الدنیا فمن فعل ذلک فقد استحیی یعنی من اللہ حق الحیاء ھٰذا حدیث غریب انما نعرفہ من ھٰذا الوجہ من حدیث ابان بن اسحٰق عن الصباح بن محمد **حدثنا** سفیان بن وکیع نا عیسی بن یونس عن ابی بکر بن ابی مریم ح وثنا عبد اللہ بن عبد الرحمٰن نا عمرو بن عون نا ابن المبارک عن ابی بکر بن ابی مریم عن ضمرۃ بن حبیب عن شداد بن اوس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الکیس من دان نفسہ وعمل لما بعد الموت والعاجز من اتبع نفسہ ھواھا وتمنی علی اللہ ھٰذا حدیث حسن ومعنی قولہ من دان نفسہ یقول یحاسب نفسہ فی الدنیا قبل ان یحاسب یوم القیٰمۃ ویروی عن عمر بن الخطاب قال حاسبوا انفسکم قبل ان تحاسبوا وتزینوا للعرض الاکبر وانما یخف الحساب یوم القیٰمۃ علی من حاسب نفسہ فی الدنیا ویروی عن میمون بن مہران قال لا یکون العبد تقیا حتی یحاسب نفسہ کما یحاسب شریکہ من این مطعمہ وملبسہ **حدثنا** محمد بن احمد وھو ابن مدویۃ نا القاسم بن

میں آپ پر بہت درود بھیجتا ہوں پس میں اپنی نماز سے کسقدر حصہ آپ کے لئے مقرر کروں فرمایا آپ نے جسقدر تو چاہتا ہے میں نے کہا چوتھائی فرمایا آپ نے جو تو چاہتا ہے اگر تو زیادہ کریگا تو وہ تیرے حق میں بہتر ہے میں نے کہا نصف فرمایا آپ نے جو تو چاہتا ہے اور اگر تو زیادہ کرے تو وہ تیرے لئے بہتر ہے میں نے کہا دو تہائی فرمایا آپ نے جو تو چاہتا ہے اگر تو زیادہ کرے تو وہ بہتر ہے میں نے کہا میں اپنی تمام نماز آپ کے لئے کردوں فرمایا آپ نے اسوقت تو اپنی فکر سے کفایت کیا جائیگا[۱] اور تیرے گناہ بخشے جاوینگے۔ یہ حدیث حسن ہے حدیث کی ہمسے یحیی بن موسٰی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن عبید نے ابان بن اسحاق سے اُسنے صباح بن محمد سے اُسنے مرہ ہمدانی سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی سے حیا کرو پوری حیا کرنا کہا ہمنے ای نبی اللہ کے ہم تو حیا کرتے ہیں اور سب حمد واسطے اللہ کے ہے اسکی توفیق دینے پر کہ ہمکو اُسنے حیا کی توفیق دی ہے۔ فرمایا آپ نے یہ حیا نہیں لیکن پوری حیا اللہ تعالی سے یہ ہے کہ تو نگاہ رکھے اپنے سر کو اور اسکو جسکو وہ سر شامل ہے ناک کان آنکھ سے یعنے جہاں اللہ کی مرضی نہیں وہاں انکو استعمال نہ کرے اور نگاہ رکھے تو پیٹ کو اور جسکو وہ حاوی ہے۔ اور یاد کرے تو موت کو اور پرانا ہونے کو۔ اور جو کوئی ارادہ کرے آخرت کا وہ دنیا کی زینت کو ترک کرے سو جسنے یہ کیا تو اُسنے اللہ تعالی سے پوری حیا کی۔ یہ حدیث غریب ہے ہم تو اسکو صرف اسی طریق سے یعنے طریق ابان بن اسحاق سے ہی پہچانتے ہیں جو راوی ہے صباح بن محمد سے **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے عیسی بن یونس نے ابی بکر بن ابی مریم سے ح اور حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمٰن نے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن عون نے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے ابی بکر بن ابی مریم سے اُسنے ضمرہ بن حبیب سے اُسنے شداد بن اوس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے عاقل وہ شخص ہے جو تیار کرے نفس اپنے کو اور مابعد موت کے واسطے عمل کرے۔ اور عاجز وہ شخص ہے جو اپنے نفس کو خواہشوں کے پیچھے لگائے اور اللہ تعالی پر امیدیں رکھے۔ یہ حدیث حسن ہے اور معنے قولہ من دان نفسہ کے یہ ہیں کہ اپنے نفس کا دنیا میں ہی محاسبہ کرے قبل اسکے کہ قیامت کے روز اسکا محاسبہ ہوگا اور مروی ہے عمر بن خطاب سے کہ کہا انھوں نے حساب کر دو اپنے نفسوں کا پہلے اس سے کہ حساب کئے جاؤ اور بڑے میدان کے واسطے تیار ہو جاؤ۔ اور بیشک حساب قیامت کے روز اُسی پر آسان ہوگا جو دنیا میں اپنے نفس کا محاسبہ کریگا۔ اور مروی ہے میمون بن مہران سے کہ کہا اُسنے کوئی بندہ تیار نہیں ہوتا جبتک کہ اپنے نفس کا حساب نہ کرے جیسا کہ اپنے شریک سے حساب کرتا ہے کہ کہاں سے اُسنے کھانا اور لباس حاصل کیا **حدیث** کی ہمسے محمد بن احمد نے اور وہ مدویہ کا بیٹا ہے کہا حدیث کی ہمسے قاسم بن

[۱] یعنے اگر تو تمام وقت اپنی دعا کا ہمپر درود بھیجنے میں صرف کریگا تو تجھے تمام مرادیں دین اور دنیا کی حاصل ہونگی ۱۲

بعدہ بالسراء فلم نصبر هذا حديث حسن **حدثنا** هناد نا وكيع عن الربيع بن صبيح عن يزيد بن ابان وهو الرقاشي عن
انس بن مالك قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من كانت الآخرة همه جعل الله غناه في قلبه وجمع له شمله واتته الدنيا
وهي راغمة ومن كانت الدنيا همه جعل الله فقره بين عينيه وفرق عليه شمله ولم يأته من الدنيا الا ما قدر له **حدثنا**
علي بن خشرم نا عيسى بن يونس عن عمران بن زائدة بن نشيط عن ابيه عن ابي خالد الوالبي عن ابي هريرة عن النبي صلى الله
عليه وسلم قال ان الله يقول يا ابن آدم تفرغ لعبادتي املأ صدرك غنى واسد فقرك وان لا تفعل ملأت يديك شغلا
ولم اسد فقرك هذا حديث حسن غريب وابو خالد الوالبي اسمه هرمز **باب حدثنا** هناد اخبرنا ابو معاوية
عن داود بن ابي هند عن عزرة عن حميد بن عبد الرحمن الحميري عن سعد بن هشام عن عائشة قالت كان لنا قرام ستر فيه
تماثيل على بابي فرآه رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال انزعيه فانه يذكرني الدنيا قالت وكان لنا سمل قطيفة علمها
حرير كنا نلبسها **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن **حدثنا** هناد نا عبدة عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة
قالت كانت وسادة رسول الله صلى الله عليه وسلم التي يضطجع عليها من ادم حشوها ليف هذا حديث حسن صحيح
حدثنا محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد عن سفيان عن ابي اسحق عن ابي ميسرة عن عائشة انهم ذبحوا شاة فقال النبي
صلى الله عليه وسلم ما بقي منها قالت ما بقي منها الا كتفها قال بقي كلها غير كتفها هذا حديث صحيح وابو ميسرة هو الهمداني اسمه عمرو بن شرحبيل
حدثنا هارون بن اسحق الهمداني نا عبدة عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة قالت ان كنا آل محمد

پھر بعد آپ کے آرام سے آزمائش کئے گئے تو ہم نے صبر نہ کیا یعنے تکلیفوں کے وقت تو ہم تکلیفیں اٹھا کر صبر کرتے رہے اور فراخی
اور نعمت کا ہم سے صبر نہ ہو سکا بلکہ تکبر کیا۔ یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہم سے ہناد نے کہا حدیث کی ہم سے وکیع نے ربیع بن صبیح سے
اُسنے یزید بن ابان سے اور وہ رقاشی ہے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کو فکر آخرت
کی ہی ہو تو اللہ تعالی غنا اسکے دل میں کر دیتا ہے اور اسکے کاموںکو جمع کر دیتا ہے اور اسکے پاس دنیا ذلیل ہو کر آتی ہے اور جسکو دنیا کی ہی فکر
ہو تو اللہ تعالی فقر اسکے آگے کر دیتا ہے اور اسکے کاموںکو اسپر متفرق کر دیتا ہے۔ اور اسکو دنیا سے نہیں حاصل ہوتا مگر جو کچھ اسکے لئے
مقرر ہو چکا ہے **حدیث** کی ہم سے علی بن خشرم نے کہا حدیث کی ہم سے عیسی بن یونس نے عمران بن زائدہ بن نشیط سے اُسنے
اپنے باپ سے اُسنے ابی خالد والبی سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے اللہ تعالی فرماتا ہے اے
بیٹے آدم کے میری عبادت کے واسطے فارغ ہو میں تیرے سینے کو غنا سے پر کرونگا اور تیرے فقر کو بند کرونگا۔ اور اگر تو یوں نہ کریگا
تو تیرے دونوں ہاتھوںکو شغل سے پر کرونگا اور تیرے فقر کو بند نہ کرونگا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور ابو خالد والبی کا نام ہرمز ہے
باب حدیث کی ہم سے ہناد نے کہا خبر دی ہمکو ابو معاویہ نے داؤد بن ابی ہند سے اُسنے عزرہ سے اُسنے حمید بن عبد الرحمن
حمیری سے اُسنے سعد بن ہشام سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے ہمارے پاس ایک باریک سا پردہ دروازے پر لٹکا ہوا تھا اسمیں تصویریں
تھیں سو اسکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکھا اور فرمایا اسکو اتار دے کیونکہ یہ مجھے دنیا یاد دلاتا ہے۔ کہا حضرت عائشہ نے اور
ہمارے پاس ایک پرانی چادر تھی دامن اسکا حریر کا تھا ہم اسکو اوڑھا کرتے تھے۔ کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن ہے **حدیث**
کی ہم سے ہناد نے کہا حدیث کی ہم سے عبدہ نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے تکیہ رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم کا جسپر آپ لیٹتے تھے چمڑے کا تھا بیچ اسکے کھجور کے درخت کا پوست تھا یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہم سے محمد بن بشار نے کہا حدیث
کی ہم سے یحیی بن سعید نے سفیان سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے ابی میسرہ سے اُسنے عائشہ سے یہ کہ اُنھوں نے یعنے ہم گھر والوں
نے ایک بکری ذبح کی پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے کیا باقی رہ گیا ہے حضرت عائشہ نے کہا اس سے باقی کچھ نہیں
رہا مگر کاندھے اسکے فرمایا آپ نے سوائے کاندھوں کے اور سب باقی رہا ہے یعنے جو اللہ تعالی کی راہ میں دیا گیا وہی تو باقی رہا اور جو خود کھانے میں
آیا تو وہ باقی نہیں رہا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ اور ابو میسرہ وہ ہمدانی ہے نام اسکا عمرو بن شرحبیل ہے **حدیث** کی ہم سے ہارون بن اسحاق
ہمدانی نے کہا حدیث کی ہم سے عبدہ نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے ہم لوگ یعنے آل محمد صلعم کی

اخبرہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعث ابا عبیدۃ بن الجراح فقدم بمال من البحرین فسمعت الانصار بقدوم ابی عبیدۃ فوافوا صلوٰۃ الفجر مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلما صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصرف فتعرضوا لہ فتبسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین راٰھم ثم قال اظنکم سمعتم ان ابا عبیدۃ قدم بشیء قالوا اجل یا رسول اللہ قال فابشروا واملوا ما یسرکم فواللہ ما الفقر اخشی علیکم ولکن اخشی علیکم ان تبسط الدنیا علیکم کما بسطت علی من قبلکم فتنا فسوھا کما تنافسوھا فتھلککم کما اھلکتھم ھٰذا حدیث صحیح **اخبرنا** سوید نا عبد اللہ عن یونس عن الزھری عن عروۃ بن الزبیر و ابن المسیب ان حکیم بن حزام قال سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاعطانی ثم سألتہ فاعطانی ثم سألتہ فاعطانی ثم قال یا حکیم ان ھٰذا المال خضرۃ حلوۃ فمن اخذہ بسخاوۃ نفس بورک لہ فیہ ومن اخذہ باشراف نفس لم یبارک لہ فیہ وکان کالذی یاکل ولا یشبع والید العلیا خیر من الید السفلی فقال حکیم فقلت یا رسول اللہ والذی بعثک بالحق لا ارزأ احدا بعدک شیئا حتی افارق الدنیا فکان ابوبکر یدعو حکیما الی العطاء فیابی ان یقبلہ ثم ان عمر دعاہ لیعطیہ فابی ان یقبل منہ شیئا فقال عمر انی اشھدکم یا معشر المسلمین علی حکیم انی اعرض علیہ حقہ من ھٰذا الفیء فیابی ان یاخذہ فلم یرزأ حکیم احدا من الناس شیئا بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی توفی ھٰذا حدیث صحیح **حدثنا** قتیبۃ نا ابو صفوان عن یونس عن الزھری عن حمید بن عبد الرحمٰن عن عبد الرحمٰن بن عوف قال ابتلینا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالضراء فصبرنا ثم ابتلینا

خبر دی ہے اسکو یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ابا عبیدہ بن جراح کو بحرین کی طرف بھیجا سو وہ بحرین سے مال لیکر آیا اور انصار نے ابی عبیدہ کے آنے کی خبر سنی اور آنحضرت کے ساتھ فجر کی نماز میں شامل ہوئے پس جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ چکے تو لوگوں کی طرف منہ پھیر کر بیٹھے سو وہ انصار آپ کے سامنے آئے پس آپ انکو دیکھکر مسکرائے پھر فرمایا میں گمان کرتا ہوں کہ تمنے سنا ہے کہ ابا عبیدہ کچھ مال لایا ہے کہا انھون نے ہان یا رسول اللہ فرمایا آپ نے خوش ہو اور امید رکھو اسکی جو تمکو خوش کرے یعنے فتح اسلام کی پس قسم ہے خدا کی مجھکو محتاجی کا تمپر ڈر نہیں لیکن میں تمپر دنیا کی کشائش اور بہتایت کا خوف کھاتا ہون جیسے کہ اگلی امتون پر کشائش ہوئی سو تم دنیا میں حرص اور حسد کرو جیسے کہ انھون نے کیا اور تمکو دنیا ہلاک کرے جیسے کہ انکو ہلاک کیا یہ حدیث صحیح ہے **خبر دی** ہمکو سوید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ نے یونس سے اُسنے زہری سے اُسنے عروہ بن زبیر اور ابن مسیب سے یہ کہ حکیم بن حزام نے کہا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگا سو آپ نے مجھے دیا پھر میں نے آپ سے مانگا پھر مجھے آپ نے دیا پھر میں نے آپ سے مانگا پھر آپ نے مجھے دیا پھر فرمایا اے حکیم البتہ یہ مال سرسبز اور شیرین ہے یعنے بہت پیارا معلوم ہوتا ہے سو جسنے اسکو لیا جان کی سخاوت یعنے بے حرصی سے تو اسکے واسطے اس مال میں برکت دیجاویگی اور جسنے اسکو جان کی حرص سے لیا تو اسکو ہرگز برکت نہ ہوگی اور اسکا حال اُس شخص کا سا ہوگا کہ کھاتا ہے اور اُسکا پیٹ نہیں بھرتا اور اونچا ہاتھ بہتر ہے[1] نیچے کے ہاتھ سے پس کہا حکیم نے میں نے کہا یا رسول اللہ قسم ہے اُس ذات کی کہ جسنے آپ کو حق دیکر بھیجا ہے میں بعد آپ کے کسی کا مال کم نہ کرونگا یہانتک کہ میں دنیا سے مفارقت کرون یعنے مرتے وقت تک کسی سے بھی کچھ نہ لونگا پھر حضرت ابوبکر صدیق حکیم کو دینے کے واسطے بلاتے تھے سو وہ مال کے قبول کرنے سے انکار کرتے رہے پھر انکو حضرت عمر نے دینے کے لئے بلایا سو اُنسے بھی لینے سے انکار کیا پس کہا حضرت عمر نے اے گروہ مسلمانون کے میں تمکو حکیم پر گواہ کرتا ہون کہ میں نے اس غنیمت سے اسکا حق اسپر پیش کیا سو اُسنے لینے سے انکار کیا ہے سو بعد آنحضرت کے حکیم نے لوگوں میں سے کسی کے مال کو کم نہیں کیا یہانتک کہ وہ فوت ہوا یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو صفوان نے یونس سے اُسنے زہری سے اُسنے حمید بن عبد الرحمٰن سے اُسنے عبد الرحمٰن بن عوف سے کہا اُسنے ہم رسول اللہ صلعم کے ساتھ مصیبتوں سے آزمائش کئے گئے پس ہمنے صبر کیا

[1] یعنے دینے والا جو ہاتھ اٹھا کر دیتا ہے افضل ہے مانگنے والے سے جو ہاتھ پھیلا کر مانگتا ہے اور لیتا ہے حضرت نے حکیم سے تیسری بار کے بعد فرمایا کہ سخی اور قناعت والے کے مال میں خدا برکت دیتا ہے وہ آسودہ رہتا ہے اور حرص والے کے مال میں برکت نہیں یعنے کتنا ہی اسکو ملے اسکا پیٹ نہیں بھرتا جیسے جوع الکلب کی بیماری والا کتنا ہی کھاوے اسکو سیری نہیں ہوتی بعد اسکے اس شخص کو اسقدر قناعت ہوگئی کہ اپنا حصہ بھی بیت المال سے اُسنے کبھی نہ لیا چنانچہ حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر اپنی خلافت میں بلا بلا کر دیتے اور یہ انکار کرتے رہے ۱۲

وقلت حسبی فاکلتها ثم جرعت من الماء فشربت ثم جئت المسجد فوجدت رسول الله صلی الله علیه وسلم فیه هذا حدیث حسن غریب **حدثنا** ابوحفص عمرو بن علی نا محمد بن جعفر نا شعبة عن عباس الجریری قال سمعت ابا عثمان النهدی یحدث عن ابی هریرة انهم اصابهم جوع فاعطاهم رسول الله صلی الله علیه وسلم تمرة تمرة هذا حدیث صحیح **حدثنا** هناد نا عبدة عن هشام بن عروة عن ابیه عن وهب بن کیسان عن جابر بن عبد الله قال بعثنا رسول الله صلی الله علیه وسلم ونحن ثلاث مائة نحمل زادنا علی رقابنا ففنی زادنا حتی کانت تکون للرجل منا کل یوم تمرة فقیل له یا ابا عبد الله واین کانت تقع التمرة من الرجل قال لقد وجدنا فقدها حین فقدناها فاتینا البحر فاذا نحن بحوت قد قذفه البحر فاکلنا منه ثمانیة عشر یوما ما احببنا هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** هناد نا یونس بن بکیر عن محمد بن اسحٰق ثنی یزید بن زیاد عن محمد بن کعب القرظی ثنی من سمع علی بن ابی طالب یقول انا لجلوس مع رسول الله صلی الله علیه وسلم فی المسجد اذ طلع علینا مصعب بن عمیر ما علیه الا بردة له مرقوعة بفرو فلما راٰه رسول الله صلی الله علیه وسلم بکی للذی کان فیه من النعمة والذی هو فیه الیوم ثم قال رسول الله صلی الله علیه وسلم کیف بکم اذا غدا احدکم فی حلة وراح فی حلة ووضعت بین یدیه صحفة ورفعت اخری وسترتم بیوتکم کما تستر الکعبة قالوا یا رسول الله نحن یومئذ خیر منا الیوم نتفرغ للعبادة ونکفی المؤنة فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا انتم الیوم خیر منکم یومئذ هذا حدیث حسن غریب ویزید بن زیاد هذا هو مدینی قد روی عنه مالک بن انس وغیر واحد من اهل العلم ویزید بن زیاد الدمشقی الذی روی عن الزهری روی عنه وکیع ومروان بن معٰویة

میں نے کہا اب مجھے یہ کافی ہیں سو میں نے انکو کھا لیا پھر میں نے پانی پیالے سے لیا اور اسکو پی لیا پھر میں مسجد میں آیا اور اس میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو پایا یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے ابو حفص یعنے عمرو بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے عباس جریری سے کہا سنا میں نے ابا عثمان نہدی سے کہ حدیث کرتا تھا ابی ہریرہ سے یہ کہ انکو یعنے صحابہ کو بھوک پہونچی سو انکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک ایک کھجور دی۔ یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے وہب بن کیسان سے اُسنے جابر بن عبداللہ سے کہا اُسنے ہمکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک جنگ پر بھیجا اور ہم تین سو آدمی تھے ہم اپنی خوراک اپنی گردنوں پر اٹھائے ہوئے تھے سو ہماری خوراک تمام ہو چکی یہانتک کہ ایک ایک مرد کے حصے ہر روز ایک ایک کھجور آتی تھی پس اس سے کہا گیا اے ابا عبداللہ اور ایک کھجور مرد کے واسطے کیا کفایت کرتی تھی کہا اُسنے ہمنے اسکے گم ہونے کو بھی معلوم کر لیا جبکہ وہ بھی ہمسے جاتی رہی یعنے جب ایک ایک کھجور بھی حصے میں آنے سے رہ چکی تو ہمنے اسکے عدم حصول سے اسکا فائدہ معلوم کر لیا کہ بیشک ایک کھجور کچھ فائدہ دیتی تھی پھر ہم دریا پر آئے دیکھا تو ایک مچھلی ہے کہ اسکو دریا نے کنارے پر ڈالا ہے سو ہمنے اس سے اٹھارہ روز کھایا جبتک کہ ہمنے پسند کیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن بکیر نے محمد بن اسحاق سے کہا حدیث کی مجھے یزید بن زیاد نے محمد بن کعب قرظی سے کہا حدیث کی مجھے اُسنے کہ سنا اُسنے علی بن ابیطالب سے کہ فرماتے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ناگاہ مصعب بن عمیر آیا اسپر سوائے ایک چادر کے کہ اسکو ٹکڑا پوستین کا لگا ہوا تھا اور کچھ نہ تھا پس جب اسکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکھا تو آنحضرت اسکی آسائش کی حالت اور اس حالت کو کہ جسمیں وہ آجکے دن ہے یاد کرکے رو پڑے۔ پھر فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کسطرح حال ہے تمہارا اس حالت میں کہ جب کوئی علی الصباح ایک لباس پہنے اور دوسرے وقت اور لباس اور اسکے آگے ایک برتن رکھا جائے اور دوسرا اٹھایا جاوے یعنے کھانے اسقدر ایک وقت میں آتے ہوں کہ ایک اٹھایا جائے اور دوسرا رکھنے کو موجود ہوں اور تم اپنے گھروں کو ڈھانپو جیسا کہ کعبہ ڈھانپا جاتا ہے۔ کہا انھوں نے یا رسول اللہ ہم اُن دنوں میں آجکے دن سے بہتر ہونگے کہ عبادت کے واسطے فارغ ہوں گے اور تکلیف سے بچے ہوئے ہونگے پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تم آجکے دن بہتر ہو اُس دن سے۔ یہ حدیث غریب ہے اور یہ یزید بن زیاد مدینی ہے اس سے مالک بن انس اور کئی ایک نے اہل علم سے روایت کی ہے اور یزید بن زیاد دمشقی کہ جس نے زہری سے روایت کی ہے اس سے وکیع اور مروان بن معاویہ نے روایت کی ہے

نمكث شهرا ما نستوقد نارا ان هو الا الماء والتمر هذا حديث صحيح **حدثنا** هناد نا ابو معوية عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة قالت توفي رسول الله صلى الله عليه وسلم وعندنا شطر من شعير فاكلنا منه ما شاء الله ثم قلت للجارية كيليه فكالته فلم يلبث ان فني قالت فلو كنا تركناه لاكلنا منه اكثر من ذلك هذا حديث صحيح شطر يعني شيئا من شعير **حدثنا** عبد الله بن عبد الرحمن انا روح بن اسلم ابو حاتم البصري نا حماد بن سلمة نا ثابت عن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لقد اخفت في الله وما يخاف احد ولقد اوذيت في الله ولم يوذ احد ولقد اتت علي ثلاثون من بين يوم وليلة وما لي ولبلال طعام ياكله ذو كبد الا شيء يواريه ابط بلال هذا حديث حسن صحيح ومعنى هذا الحديث حين خرج النبي صلى الله عليه وسلم هاربا من مكة ومعه بلال انما كان مع بلال من الطعام ما يحمل تحت ابطه **حدثنا** هناد نا يونس بن بكير عن محمد بن اسحق ثني يزيد بن زياد عن محمد بن كعب القرظي قال ثني من سمع علي بن ابي طالب يقول خرجت في يوم شات من بيت رسول الله صلى الله عليه وسلم وقد اخذت اهابا معطونا فجوبت وسطه فادخلته عنقي وشددت وسطي فحزمته بخوص النخل واني لشديد الجوع ولو كان في بيت رسول الله صلى الله عليه وسلم طعام لطعمت منه فخرجت التمس شيئا فمررت بيهودي في مال له وهو يسقي ببكرة له فاطلعت عليه من ثلمة في الحائط فقال ما لك يا اعرابي هل لك في دلو بتمرة فقلت نعم فافتح الباب حتى ادخل ففتح فدخلت فاعطاني دلوه فكلما نزعت دلوا اعطاني تمرة حتى اذا امتلأت كفي ارسلت دلوه

ایک ایک مہینہ ٹھہرے رہتے تھے کہ آگ روشن نہیں کرتے تھے نہیں تھا مگر پانی اور کھجوریں۔ یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فوت ہوئے اس حالت میں کہ ہمارے پاس تھوڑے سے جو تھے سو ہم اُنسے جسقدر کہ اللہ نے چاہا کھاتے رہے پھر میں نے لونڈی سے کہا انکو ناپ پس اُسنے انکو ناپ ڈالا کہا عائشہ نے پس تھوڑی ہی دیر گذری کہ کچھ نہ رہے یعنے ختم ہوگئے کہا عائشہ نے اگر ہم انکو چھوڑ دیتے یعنے انکو نہ ناپتے تو اس سے بھی زیادہ انکو کھاتے رہتے۔ یہ حدیث صحیح ہے شطر سے یہ مراد ہے کہ تھوڑے سے جو باقی رہتے تھے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا خبر دی مجھے روح بن اسلم یعنے ابو حاتم بصری نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے کہا حدیث کی ہمسے ثابت نے انس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے البتہ مجھے اللہ تعالی کی راہ میں خوف پہونچا ہے کہ اسقدر کسیکو نہیں پہونچا اور میں اللہ تعالی کی راہ میں ایذا دیا گیا ہوں کہ اسقدر کسیکو ایذا نہیں دی گئی اور مجھپر تیس دن رات ایسے گذرے ہیں کہ میرے اور بلال کے پاس اسقدر کھانا نہیں تھا کہ اسکو کوئی صاحب جگر کھائے مگر اسقدر کہ بلال کی بغل اسکو چھپا لیتی تھی یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور معنے اس حدیث کے یہ ہیں کہ جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم مکہ سے ہجرت کرکے نکلے تھے اس حالت میں کہ آپ کے ساتھ بلال تھے تو اُسوقت بلال کے پاس اسقدر کھانا تھا کہ وہ اسکو بغل کے نیچے اٹھائے ہوئے تھے۔ **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن بکیر نے محمد بن اسحاق سے کہا حدیث کی مجھے یزید بن زیاد نے محمد بن کعب قرظی سے کہا حدیث کی مجھے اُس شخص نے کہ سنا اُسنے علی بن ابی طالب سے کہ فرماتے ہیں ایکدن سردی کے دنوں میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے گھر سے نکلا اور ایک چمڑا جو فرسودہ دار پکڑ لیا اور اسکو درمیان سے پھاڑ ڈالا اور اسکو اپنی گردن میں ڈال لیا اور اپنی کمر مضبوط کر لیا اور اسکو کھجور کے پتوں سے محکم کیا اور مجھے سخت بھوک لگی ہوئی تھی اگر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے گھر میں کچھ کھانا ہوتا تو وہاں سے کھانا کھا لیتا سو میں کوئی چیز تلاش کرتا ہوا نکلا اور ایک یہودی کے پاس اسکے مال میں گذرا۔ اور وہ ایک گراری سے پانی پلا رہا تھا پس میں نے اسپر ایک سوراخ سے جو دیوار میں تھے جھانکا سو کہا اُسنے اے اعرابی کیا تجھے کھجوروں کے بدلے ڈول نکالنے کی خواہش ہے یعنے کھجور کے بدلے ڈول کنوئیں سے کھینچیگا میں نے کہا کہ ہاں سو تو دروازہ کھولدے تاکہ میں داخل ہو جاؤں پس اُسنے دروازہ کھولا اور میں داخل ہوا پھر اُسنے مجھے ڈول دیا سو جب میں ایک ڈول کھینچ لیتا تھا وہ مجھے ایک کھجور دیتا تھا یہانتک کہ جب میرا ہاتھ پر ہوگیا تو میں نے اسکا ڈول چھوڑ دیا

سلہ یعنے ہمارا یہ حال تھا کہ کھانیکے واسطے سوا کھجور تھوڑے اور پانی کے اور کوئی چیز نہ ملتی تھی مہینہ مہینہ تک آگ نہیں جلاتے تھے کہ پکانیکو کچھ نہ تھا تو آگ کیوں جلائیں ... ہجرت کے وقت کا نہیں بلکہ اس سے پہلے کا ہے جب آنحضرت ابتداء اسلام میں مکہ سے ہجرت کرکے طائف کی طرف ... احکام الٰہی اچھے طور سے پہونچاؤں اور کفار مکہ کی اذیت سے

فاخذ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم القدح فوضعہ علی یدہ ثم رفع راسہ فتبسم وقال ابا ھریرۃ اشرب فشربت ثم قال
اشرب فلم ازل اشرب ویقول اشرب ثم قلت والذی بعثک بالحق ما اجد لہ مسلکا فاخذ القدح فحمد اللہ وسمی وشرب
ھذا حدیث حسن صحیح حدثنا محمد بن حمید الرازی نا عبد العزیز بن عبد اللہ القرشی ثنی یحیی البکاء عن ابن عمر
قال تجشأ رجل عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال کف عنا جشاءک فان اکثرھم شبعا فی الدنیا اطولھم جوعا یوم القیامۃ
ھذا حدیث حسن غریب من ھذا الوجہ وفی الباب عن ابی جحیفۃ حدثنا قتیبۃ نا ابو عوانۃ عن قتادۃ عن
ابی بردۃ بن ابی موسی عن ابیہ قال یا بنی لو رأیتنا ونحن مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم واصابتنا السماء لحسبت ان ریحنا
ریح الضان ھذا حدیث صحیح ومعنی ھذا الحدیث انہ کان ثیابھم الصوف فکان اذا اصابھم المطر یجیئ من ثیابھم ریح الضان
حدثنا عباس الدوری نا عبد اللہ بن یزید المقری نا سعید بن ابی ایوب عن ابی مرحوم عبد الرحیم بن میمون عن سھل بن
معاذ بن انس الجھنی عن ابیہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من ترک اللباس تواضعا للہ وھو یقدر علیہ دعاہ اللہ
یوم القیمۃ علی رؤس الخلائق حتی یخیرہ من ای حلل الایمان شاء یلبسھا حدثنا محمد بن حمید الرازی نا زافر بن سلیمان
عن اسرائیل عن شبیب بن بشیر عن انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم النفقۃ کلھا فی سبیل اللہ
الا البناء فلا خیر فیہ ھذا حدیث غریب ھکذا قال محمد بن حمید شبیب بن بشیر وانما ھو شبیب بن بشر حدثنا
علی بن حجر نا شریک عن ابی اسحق عن حارثۃ بن مضرب قال اتینا خبابا نعودہ وقد اکتوی سبع کیات فقال لقد تطاول مرضی

سو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پیالہ لیا اور آپ نے دست مبارک پر رکھا پھر آپ نے سر مبارک کو اُٹھایا اور مسکرائے اور فرمایا
ای ابا ہریرہ پی سو میں نے پیلیا پھر فرمایا اور پی سو میں بہت دیر تک پیتا رہا اور آپ فرماتے پی پھر میں نے کہا قسم ہے اس ذات کی
کہ جسنے آپ کو ساتھ حق کے بھیجا ہے اب میں اسکے لئے کچھ جگہ نہیں پاتا پس آپ نے وہ پیالہ لے لیا اور اللہ کی حمد کی اور بسم اللہ پڑھی اور
پیلیا۔ یہ حدیث صحیح ہے حدیث کی ہمسے محمد بن حمید رازی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن عبد اللہ قرشی نے کہا حدیث کی
مجھے یحیی بکاء نے ابن عمر سے کہا اُسنے ایک مرد نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ڈکار لی پس فرمایا آپ نے اپنی ڈکار کو ہمارے پاس سے
دور رکھ اسلئے کہ بہت سیر ہونیوالے دنیا میں قیامت کے دن زیادہ بھوکھ والے ہونگے۔ یہ حدیث اس وجہ سے حسن غریب ہے اور اس
باب میں روایت ہے ابی جحیفہ سے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے قتادہ سے اُسنے ابی بردہ بن موسے
سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے ای میرے بیٹے اگر تو ہمکو اس حالت میں دیکھتا کہ ہم نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے اور ہم پر مینہ
برستا تو البتہ تو گمان کرتا کہ ہماری بو بھیڑوں کی سی بو ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے اور معنے اس حدیث کے یہ ہیں کہ کپڑے انکے صوف کے
تھے سو جب انپر مینہ برستا تھا تو انکے کپڑوں سے بھیڑوں کی سی بو آتی تھی حدیث کی ہمسے عباس دوری نے کہا حدیث
کی ہمسے عبد اللہ بن یزید مقری نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن ابی ایوب نے ابی مرحوم یعنے عبد الرحیم بن میمون سے اُسنے
سہل بن معاذ بن انس جہنی سے اُسنے اپنے باپ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی اللہ تعالی کی تواضع
کے واسطے لباس زینت کا ترک کرے حالانکہ وہ اسپر قادر ہے تو اللہ تعالی اسکو قیامت کے دن خلقت کے سروں پر
بلائیگا یہانتک کہ اسکو اختیار دیگا کہ اہل ایمان کے لباس سے جس قسم کا لباس چاہے پہنے حدیث کی ہمسے محمد بن حمید
رازی نے کہا حدیث کی ہمسے زافر بن سلیمان نے اسرائیل سے اُسنے شبیب بن بشیر سے اُسنے انس بن مالک سے
کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تمام خرچ اللہ تعالی کی راہ میں ہے سوائے عمارت کے[1] اسمیں بھلائی نہیں ہے
یہ حدیث غریب ہے۔ ایسا ہی کہا ہے محمد بن حمید نے کہ شبیب بن بشیر ہے اور حالانکہ وہ شبیب بن بشر ہے۔ حدیث کی
ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے ابی اسحاق سے اسنے حارثہ بن مضرب سے کہا اُسنے ہم خباب کے پاس اسکی عیادت
کے واسطے آئے اور اسنے سات داغ لگوائے تھے سو کہا اُسنے میری بیماری بڑی ہوگئی ہے

[1] اس عمارت میں بھلائی نہیں کہ جسکی حاجت نہ ہو اور نہ اسمیں غرض دینی ہو ۱۲

ویزید بن ابی زیاد کوفی روی عنہ سفیان وشعبۃ وابن عیینۃ وغیر واحد من الائمۃ **حدثنا** ھناد نا یونس بن بکیر
نی عمر بن ذر نا مجاھد عن ابی ھریرۃ قال کان اھل الصفۃ اضیاف اھل الاسلام لایاوون علی اھل ولا مال واللہ الذی لا الٰہ الا
ھو ان کنت لاعتمد بکبدی علی الارض من الجوع واشد الحجر علی بطنی من الجوع ولقد قعدت یوما علی طریقھم الذی یخرجون فیہ
فمر بی ابوبکر فسألتہ عن اٰیۃ من کتاب اللہ ما سألتہ الا لیستتبعنی فمر ولم یفعل ثم مر عمر فسألتہ عن اٰیۃ من کتاب اللہ ما سألتہ
الا ان لیستتبعنی فمر ولم یفعل ثم مر ابو القاسم صلی اللہ علیہ وسلم فتبسم حین رآنی وقال ابوھریرۃ قلت لبیک یا رسول اللہ قال
الحق ومضی فاتبعتہ ودخل منزلہ فاستاذنت فاذن لی فوجد قدحا من اللبن قال من این ھذا اللبن لکم قیل اھداہ لنا
فلان فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اباھریرۃ قلت لبیک قال الحق الی اھل الصفۃ فادعھم وھم اضیاف اھل الاسلام
لایأوون علی اھل ولا مال اذا اتتہ الصدقۃ بعث بھا الیھم ولم یتناول منھا شیئا واذا اتتہ ھدیۃ ارسل الیھم فاصاب
منھا واشرکھم فیھا فساءنی ذلک وقلت ما ھذا القدح بین اھل الصفۃ وانا رسولہ الیھم فسیأمرنی ان ادیرہ علیھم
فما عسی ان یصیبنی منہ وقد کنت ارجو ان اصیب منہ ما یغنینی ولم یکن بد من طاعۃ اللہ وطاعۃ رسولہ فاتیتھم
فدعوتھم فلما دخلوا علیہ فاخذوا مجالسھم قال اباھریرۃ خذ القدح فاعطھم فاخذت القدح فجعلت اناولہ الرجل
فیشرب حتی یروی ثم یردہ فاناولہ الاٰخر حتی انتھیت بہ الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقد روی القوم کلھم

اور یزید بن ابی زیاد کوفی ہے سفیان اور شعبہ اور ابن عیینہ نے اور کئی ایک نے اماموں نے روایت کی ہے **حدیث** کی ہمسے
ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن بکیر نے کہا حدیث کی مجھے عمر بن ذر نے کہا حدیث کی مجھے مجاہد نے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے
صفہ والے لوگ اہل اسلام کے مہمان تھے وہ لوگ اہل اور مال پر جگہ نہ پکڑتے تھے یعنے انکے پاس اہل اور مال نہ تھا قسم ہے اُس ذات کی
کہ جسکے سوا کوئی لائق عبادت کے نہیں میں اپنے جگر کے ساتھ زمین پر بھوک کے مارے تکیہ لگاتا تھا اور بھوک کے مارے پیٹ پر پتھر باندھتا تھا
اور میں ایک روز اُس راستہ پر بیٹھ رہا جہاں سے لوگ نکلتے تھے پس میرے پاس حضرت ابوبکر صدیق گذرے سو اُنسے میں نے ایک آیت
اللہ تعالیٰ کی کتاب سے پوچھی میں نے اسلئے سوال کیا تھا تاکہ مجھے اپنے[1] پیچھے لگا لے سو وہ گذر گئے اور انھوں نے یہ کام نہ کیا یعنے اپنے
ساتھ نہ لیگئے پھر حضرت عمر گذرے اور اُنسے بھی ایک آیت اللہ تعالیٰ کی کتاب سے پوچھی میں نے صرف اسلئے پوچھی تھی تاکہ مجھے
اپنے پیچھے لگا لیں سو وہ بھی گذر گئے اور یہ کام نہ کیا پھر ابو القاسم صلے اللہ علیہ وسلم گذرے اور مجھے دیکھتے ہی مسکرائے اور فرمایا
ابوہریرہ ہے کہا میں نے حاضر ہوں یارسول اللہ فرمایا آپ نے میرے ساتھ آ اور آپ چلے پس میں آپ کے پیچھے چلا اور آپ
اپنے گھر میں داخل ہوئے پھر میں نے بھی اذن طلب کیا اور آپ نے مجھے اذن دیا اور آپ نے ایک پیالہ دودھ کا پایا فرمایا اپنے
گھر والوں سے یہ دودھ تمہارے لئے کہانسے آیا ہے کہا گیا کہ فلاں شخص نے ہماری طرف ہدیہ بھیجا ہے پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم نے اے ابا ہریرہ میں نے کہا حاضر ہوں فرمایا آپ نے صفہ والے لوگوں کی طرف جا اور انکو بلا لا اور وہ لوگ اہل اسلام
کے مہمان تھے اہل اور مال پر جگہ نہ پکڑتے تھے جب انکے پاس صدقہ آتا تو وہ صدقہ آپ انکی طرف بھیجتے اور آپ اس سے
کچھ بھی نہ لیتے اور جب آپ کے پاس کچھ ہدیہ آتا تو انکی طرف بھی بھیجتے اور اپنے لئے بھی اس سے رکھتے اور انکو اسمیں شریک کرتے۔
پس یہ بات مجھے بری لگی یعنے آپکا یہ فرمانا کہ انکو بلا لا اور میں نے کہا یہ ایک پیالہ صفہ والے لوگوں میں کیا چیز ہے۔ اور مجھے آپ نے انکی طرف بلانیکو
بھیجا ہے اور مجھے ہی حکم دینگے کہ انپر اسکا دوران پلاؤں یعنے مجھے ہی حکم دینگے کہ پہلے انکو پلاؤ پھر امید تو نہیں کہ مجھے اس سے کچھ پہونچے
اور میں امید کرتا تھا کہ مجھے اسقدر ملتا کہ میری بھوک کو بند کرے۔ اور اللہ اور رسول کی اطاعت سے بھی چارہ نہیں تھا پس میں
انکے پاس آیا اور انکو بلا لایا۔ سو جب وہ آپ کے پاس آئے اور ہر ایک نے اپنی اپنی جگہ بیٹھنے کی پکڑ لی تو فرمایا آپ نے اے ابا ہریرہ
پیالہ کو پکڑ لے اور انکو دے پس میں نے پیالہ پکڑ لیا اور ایک ایک مرد کو دینے لگا پس وہ پی لیتا یہانتک کہ سیراب ہو جاتا پھر وہ واپس
کرتا اور میں دوسرے کو دیتا تھا یہانتک کہ میں اسکے ساتھ رسول اللہ صلعم کے پاس پہونچا اور تمام قوم سیراب ہو چکی

[1] یعنے وہ تو حقیقت میں مجھے آتی تھی مگر اُنسے اسلئے دریافت کی تھی کہ وہ میرا حال دیکھکر مجھے اپنے پیچھے لگا کر گھر کو لیجادیں اور کھانا کھلادیں ۱۲

لا ماد عوتم الله لهم واثنيتم عليهم هٰذا حديث حسن صحيح غريب **حدثنا** اسحٰق بن موسى الانصاري نا محمد بن معن المديني
الغفاري ثني ابي عن سعيد المقبري عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال الطاعم الشاكر بمنزلة الصائم الصابر هٰذا
حديث حسن غريب **حدثنا** هناد نا عبدة عن هشام بن عروة عن موسى بن عقبة عن عبد الله بن عمرو الاودي عن
عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الا اخبركم بمن يحرم على النار وبمن تحرم عليه النار على كل قريب هين
سهل هٰذا حديث غريب **حدثنا** هناد نا وكيع عن شعبة عن الحكم عن ابراهيم عن الاسود بن يزيد قال قلت يا عائشة
اي شئ كان النبي صلى الله عليه وسلم يصنع اذا دخل بيته قالت كان يكون في مهنة اهله فاذا حضرت الصلوٰة قام
فصلى هٰذا حديث صحيح **حدثنا** سويد نا عبد الله بن المبارك عن عمران بن زيد التغلبي عن زيد العمي عن انس
بن مالك قال كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا استقبله الرجل فصافحه لا ينزع يده من يده حتى يكون الرجل ينزع
ولا يصرف وجهه عن وجهه حتى يكون الرجل هو يصرفه ولم ير مقدما ركبتيه بين يدي جليس له هٰذا حديث غريب
حدثنا هناد نا ابو الاحوص عن عطاء بن السائب عن ابيه عن عبد الله بن عمرو ان رسول الله صلى الله عليه وسلم
قال خرج رجل ممن كان قبلكم في حلة له يختال فيها فامر الله الارض فاخذته فهو يتجلجل او قال يتلجلج فيها الى يوم القيٰمة
قال ابو عيسى هٰذا حديث صحيح **حدثنا** سويد نا عبد الله عن محمد بن عجلان عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده
عن النبي صلى الله عليه وسلم قال يحشر المتكبرون يوم القيٰمة امثال الذر في صور الرجال يغشاهم الذل من كل مكان

یہ بات نہیں ہوگی جبتک کہ تم اللہ تعالیٰ سے انکے لئے دعا مانگتے رہوگے اور انکی صفت کرتے رہوگے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے
حدیث کی ہمسے اسحاق بن موسیٰ انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن معن مدینی غفاری نے کہا حدیث کی مجھے میرے
باپ نے سعید مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے کھانا کھا کر شکر کرنیوالا بمنزلہ صائم صابر
کے ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے ہشام بن عروہ سے اُسنے موسیٰ
بن عقبہ سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو اودی سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا میں
تمکو خبر نہ دوں اُس شخص کی جو آگ پر حرام ہے اور جس پر آگ حرام ہے ہر قریب تسکین والے آرام والے پر۔ یہ حدیث غریب ہے **حدیث**
کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے شعبہ سے اُسنے حکم سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے اسود بن یزید سے کہا اُسنے میں نے
حضرت عائشہ سے کہا اے عائشہ کیا کام نبی صلے اللہ علیہ وسلم کرتے تھے جبکہ اپنے گھر میں داخل ہوتے تھے کہا انھوں نے
اپنی عیال کی محنت میں ہوتے تھے پس جب نماز حاضر ہوتی تو کھڑے ہوتے اور نماز پڑھتے۔ یہ حدیث صحیح ہے **حدیث**
کی ہمسے سوید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے عمران بن زید تغلبی سے اُسنے زید عمی سے اُسنے انس بن مالک
سے کہا اُسنے جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے کوئی مرد آتا اور آپ سے مصافحہ کرتا تو آپ اس سے اپنا دست مبارک
نہ کھینچتے جبتک کہ وہ اپنے ہاتھ کو نہ کھینچتا اور نہ پھیرتے منہ اپنے کو اسکے منھ سے یہانتک کہ وہ خود مرد ہی اپنے منھ کو پھیرتا
اور آپ اپنے ہمنشین کے آگے گھٹنے مقدم کئے ہوئے نہ دیکھے گئے۔ یہ حدیث غریب ہے **حدیث** کی ہمسے ابوالاحوص
نے عطاء بن سائب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک
مرد تمسے پہلا ایک لباس میں تفخر کرتا ہوا نکلا تو اللہ تعالیٰ نے زمین کو حکم دیا پس اُسنے اسکو پکڑ لیا پس وہ
حرکت کرتا ہے یا فرمایا آپ نے (شک راوی) وہ زمین میں قیامت تک نیچے چلا جاویگا۔ کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث
صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے سوید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ نے محمد بن عجلان سے اُسنے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے
باپ سے اُسنے اپنے دادا سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے قیامت کے دن متکبر لوگ کیڑوں کی طرح
آدمیوں کی صورت میں اٹھائے جاوینگے انکو ذلت ہر طرف سے ڈھانپ لیگی

لہ یعنی جو کھانا کھاکر اللہ تعالیٰ کا شکر بجا لائے وہ ایسا ہے جیسا کہ آدمی روزہ دار صبر کرنیوالا ہو۱۲

ولولا انی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا تمنوا الموت لتمنیتہ وقال یوجر الرجل فی نفقتہ الا التراب
او قال فی التراب هذا حدیث صحیح **حدثنا** الجارود نا الفضل بن موسی عن سفیان الثوری عن ابی حمزۃ عن
ابراهیم قال کل بناء وبال علیک قلت ارأیت ما لا بد منہ قال لا اجر ولا وزر **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو احمد
الزبیری نا خالد بن طهمان ابو العلاء ثنی حصین قال جاء سائل فسأل ابن عباس فقال ابن عباس للسائل اتشهد
ان لا الہ الا اللہ قال نعم قال اتشهد ان محمدا رسول اللہ قال نعم قال وتصوم رمضان قال نعم قال سألت وللسائل حق انہ
لحق علینا ان نصلک فاعطاہ ثوبا ثم قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ما من مسلم کسا مسلما ثوبا الا
کان فی حفظ اللہ ما دام منہ علیہ خرقۃ هذا حدیث حسن غریب من هذا الوجہ **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الوهاب
الثقفی ومحمد بن جعفر وابن ابی عدی ویحیی بن سعید عن عوف بن ابی جمیلۃ عن زرارۃ بن اوفی عن عبد اللہ بن سلام قال لما قدم
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی المدینۃ انجفل الناس الیہ وقیل قدم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجئت فی الناس
لانظر الیہ فلما استثبت وجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عرفت ان وجهہ لیس بوجہ کذاب وکان اول شیء تکلم بہ
ان قال یا ایها الناس افشوا السلام واطعموا الطعام وصلوا والناس نیام تدخلوا الجنۃ بسلام هذا حدیث صحیح **حدثنا**
الحسین بن الحسن المروزی بمکۃ نا ابن ابی عدی نا حمید عن انس قال لما قدم النبی صلی اللہ علیہ وسلم المدینۃ اتاہ
المهاجرون فقالوا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما رأینا قوما ابذل من کثیر ولا احسن مواساۃ من قلیل من قوم نزلنا
بین اظهرهم لقد کفونا المؤنۃ واشرکونا فی المهنأ حتی لقد خفنا ان یذهبوا بالاجر کلہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اور اگر میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ قول نہ سنا ہوتا کہ موت کی آرزو نہ کرو تو اسکی آرزو کرتا اور فرمایا آپ نے مرد اپنے
تمام خرچ میں اجر دیا جاتا ہے سوائے مٹی کے یا فرمایا آپ نے مٹی میں شک ہے راوی کا یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے جارود نے
کہا حدیث کی ہمسے فضل بن موسی نے سفیان ثوری سے اُسنے ابی حمزہ سے اُسنے ابراہیم سے کہا اُسنے تمام عمارت تجھپر وبال ہیں
کہا خبر دے اُس عمارت کی کہ جسکی حاجت ہے کہا اُسنے نہ اسمیں ثواب ہے اور نہ گناہ **حدیث** کی ہمسے محمود نے کہا حدیث کی
ہمسے ابو احمد زبیری نے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن طہمان یعنے ابو العلاء نے کہا حدیث کی مجھے حصین نے کہا اُسنے ایک سوالی آیا اور
اُسنے ابن عباس سے سوال کیا پس ابن عباس نے سائل سے کہا کیا تو شہادت دیتا ہے اسکی کہ اللہ کے سوا اسکے کوئی لائق عبادت کے
نہیں کہا اُسنے ہاں کہا ابن عباس نے کیا تو شہادت دیتا ہے کہ محمد اللہ کا رسول ہے کہا اُسنے ہاں کہا ابن عباس نے روزے
رمضان کے رکھتا ہے کہا اُسنے ہاں کہا ابن عباس نے تو نے سوال کیا ہے اور سائل کے واسطے حق ہے ہمپر واجب ہے کہ ہم تیرے ساتھ
مواصلت کریں پس انھوں نے اسکو کپڑا دیا پھر کہا سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے جو کوئی مسلمان کسی مسلمان
کو کپڑے پہناتا ہے تو وہ اللہ تعالی کی حفاظت میں ہوتا ہے جبتک اُسپر اس کپڑے سے ایک ٹکڑا بھی رہیگا یہ حدیث اس طریق سے حسن
غریب ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الوہاب ثقفی اور محمد بن جعفر اور ابن ابی عدی اور یحیی بن سعید
نے انھوں نے روایت کی عوف بن ابی جمیلہ سے اُسنے زرارہ بن اوفی سے اُسنے عبد اللہ بن سلام سے کہا اُسنے جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
مدینہ میں تشریف لائے تو لوگ آپکی طرف دوڑکر آئے اور شہر میں مشہور ہوگیا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آگئے ہیں سو میں بھی لوگوں میں آپکے
دیکھنے کے واسطے آیا پس جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک ظاہر ہوا تو میں نے پہچان لیا کہ آپکا چہرہ جھوٹوں کا چہرہ نہیں ہے اور پہلی بات
جو آپ نے فرمائی تھی وہ یہ فرمائی تھی کہ اے لوگو افشا کرو سلام کو اور کھانا کھلاؤ اور نماز پڑھو اس حالت میں کہ لوگ سوتے ہوں داخل ہوگے
تم جنت میں ساتھ سلامتی کے یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے حسین بن حسن مروزی نے مکہ میں کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی نے کہا حدیث
کی ہمسے حمید نے انس سے کہا اُسنے جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو آپ کے پاس مہاجرین آئے اور کہا انھوں نے یا رسول اللہ ہمنے کوئی
قوم نہ دیکھی بہت سے زیادہ خرچ کرنیوالی اور تھوڑے مال سے زیادہ معاونت کرنیوالی اس قوم سے کہ جنکے درمیان ہم اترے ہوئے ہیں ہمکو
تکلیف سے بچاتے ہیں اور معاش میں شریک کرتے ہیں حتے کہ ہمکو خوف ہوا ہے کہ تمام ثواب یہی نہ لیجائیں پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

ثم دفعها الیه ذالک بانی جواد واجد ماجد افعل ما ارید عطائی کلام وعذابی کلام انما امری لشیٔ اذا اردت ان اقول له
کن فیکون هذا حدیث حسن وروی بعضهم هذا الحدیث عن شهر بن حوشب عن معدیکرب عن ابی ذر عن النبی
صلی الله علیه وسلم نحوه **حدثنا** عبید بن اسباط بن محمد القرشی نا ابی نا الاعمش عن عبدالله بن عبدالله عن سعد
مولی طلحة عن ابن عمر قال سمعت النبی صلی الله علیه وسلم یحدث حدیثا لو لم اسمعه الا مرة او مرتین حتی عد سبع مرات
ولکنی سمعته اکثر من ذالک سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول کان الکفل من بنی اسرائیل لا یتورع من ذنب عمله فاتته امرأة
فاعطاها ستین دینارا علی ان یطأها فلما قعد منها مقعد الرجل من امرأته ارعدت وبکت فقال ما یبکیک اکرهتک قالت لا
ولکنه عمل ما عملته قط وما حملنی علیه الا الحاجة فقال تفعلین انت هذا وما فعلته اذهبی فهی لک وقال لا والله لا اعصی الله بعدها
ابدا فمات من لیلته فاصبح مکتوب علی بابه ان الله قد غفر للکفل هذا حدیث حسن وقد رواه شیبان وغیر واحد
عن الاعمش ورفعوه ورواه بعضهم عن الاعمش ولم یرفعه وروی ابوبکر بن عیاش هذا الحدیث عن الاعمش فاخطأ فیه
وقال عن عبدالله بن عبدالله عن سعید بن جبیر عن ابن عمر وهو غیر محفوظ وعبدالله بن عبدالله الرازی هو کوفی
وکانت جدته سریة لعلی بن ابی طالب وقد روی عن عبدالله بن عبدالله الرازی عبیدة الضبی والحجاج بن ارطاة وغیر واحد
حدثنا هناد نا ابومعٰویة عن الاعمش عن عمارة بن عمیر عن الحارث بن سوید نا عبدالله بحدیثین احدهما عن نفسه

پھر اسکو اپنی طرف اٹھالیا یہ اسواسطے ہے کہ میں سخی ہوں پانے والا یعنے جو چیز میں چاہتا ہوں حاصل کر لیتا ہوں مجھسے کوئی چیز فوت
نہیں ہوتی عزت والا ہیں کرتا ہوں جو ارادہ کرتا ہوں میری بخشش کلام ہے اور میرا عذاب کلام ہے کیونکہ میرا حکم کسی چیز کے واسطے
جب میں ارادہ کرتا ہوں یہ ہے کہ میں اسکو کہتا ہوں کن یعنے ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے یہ حدیث حسن ہے اور روایت کیا ہے بعض نے
اس حدیث کو شہر بن حوشب سے اُسنے معدیکرب سے اُسنے ابی ذر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے **حدیث**
کی ہمسے عبید بن اسباط بن محمد قرشی نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے کہا حدیث کی ہمسے اعمش نے عبداللہ بن عبداللہ سے
اُسنے سعد سے جو طلحہ کا غلام ہے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے سنا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ حدیث بیان کرتے تھے اگر میں نے
ایک بار یا دو بار سنے کہ سات بار تک بھی سنی ہوتی تو میں بیان نہ کرتا لیکن میں نے اس سے بھی زیادہ بار سنا ہے سنا میں نے رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے ایک شخص نامی کفل بنی اسرائیل میں سے کسی گناہ کے کرنے سے پرہیز نہ کرتا تھا سو اسکے پاس ایک عورت
آئی اور اُسنے اسکو ساٹھ دینار زنا کرنے کی شرط پر دیئے پس جب وہ مرد اسکے پاس اسجگہ بیٹھا کہ جہاں مرد اپنی عورت کے پاس بیٹھتا ہے
تو وہ عورت کانپ گئی اور رو پڑی پس کہا اس مرد نے کس چیز نے تجھے رولایا ہے کیا میں نے تجھپر جبر کیا ہے کہا اس عورت نے کہ نہیں
لیکن یہ ایسا کام ہے کہ میں نے اسکو آج تک کبھی نہیں کیا اور مجھے اس کام پر نہیں برانگیختہ کیا مگر حاجت نے یعنے میں اب ایک حاجت
ضروری کے مارے اس کام کو کرنے لگی ہوں پس کہا اس مرد نے تو یہ کام حاجت کے لئے کرتی ہے اور تو نے آگے نہیں کیا سو یہ دینار
تیرے لئے ہیں اور کہا اس مرد نے قسم ہے اللہ کی میں بعد اسکے کبھی اللہ کی نافرمانی نہیں کرونگا پس وہ مرد اسی رات کو مرگیا تو صبح کو اسکے
دروازے پر یہ بات لکھی گئی کہ اللہ تعالیٰ نے کفل کو بخشدیا ہے یہ حدیث حسن ہے اور روایت کیا ہے اسکو شیبان اور کئی ایک نے اعمش
سے اور انھوں نے اسکو مرفوع کیا ہے اور بعض نے اسکو اعمش سے روایت کیا ہے اور اسکو مرفوع نہیں کیا اور روایت کیا ہے ابوبکر
بن عیاش نے اس حدیث کو اعمش سے پس اسنے اسمیں خطا کی ہے اور کہا ہے کہ یہ روایت ہے عبداللہ بن عبداللہ سے اسنے روایت
کی سعید بن جبیر سے اسنے ابن عمر سے اور یہ محفوظ نہیں اور عبداللہ بن عبداللہ رازی وہ کوفی ہے اور اسکی دادی علی بن ابیطالب
رضی اللہ عنہ کی لونڈی تھی اور روایت کی ہے عبداللہ بن عبداللہ رازی سے عبیدہ ضبی اور حجاج بن ارطاۃ اور کئی ایک نے **حدیث**
کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اسنے عمارہ بن عمیر سے اُسنے حارث بن سوید سے کہا اُسنے ہمسے
عبداللہ نے دو حدیثیں بیان کیں ایک تو اپنی طرف سے

۱ یعنے اگر کوئی سوئی کو دریا میں ڈبو کر نکالے تو کیا اس سوئی نے اس دریا سے کچھ پانی کم کردیا ہے یعنے کچھ بھی کم نہیں کیا اسیطرح سے پروردگار کی بخشش کرنے سے اسکی بادشاہی سے کوئی چیز کم نہیں ہوئی ہے

یساقون الی سجن فی جھنم یسمی بولس تعلوھم نار الانیار یسقون من عصارۃ اھل النار طینۃ الخبال ھذا حدیث حسن

حدثنا عبد بن حمید وعباس بن محمد الدوری قالا نا عبد اللہ بن یزید نا سعید بن ابی ایوب ثنی ابو مرحوم عبد الرحیم بن میمون عن سھل بن معاذ بن انس عن ابیہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من کظم غیظا وھو یقدر علی ان ینفذہ دعاہ اللہ علی رؤس الخلائق حتی یخیرہ فی ای الحور شاء ھذا حدیث حسن غریب **حدثنا** سلمۃ بن شبیب نا عبد اللہ بن ابراھیم الغفاری المدینی ثنی ابی عن ابی بکر بن المنکدر عن جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلاث من کن فیہ نشر اللہ علیہ کنفہ وادخلہ الجنۃ رفق بالضعیف والشفقۃ علی الوالدین والاحسان الی المملوک ھذا حدیث غریب **حدثنا** ھناد نا ابو الاحوص عن لیث عن شھر بن حوشب عن عبد الرحمن بن غنم عن ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اللہ عز وجل یا عبادی کلکم ضال الا من ھدیت فسلونی الھدی اھدکم وکلکم فقیر الا من اغنیت فسلونی ارزقکم وکلکم مذنب الا من عافیت فمن علم منکم انی ذو قدرۃ علی المغفرۃ فاستغفرنی غفرت لہ ولا ابالی ولو ان اولکم واخرکم وحیکم ومیتکم ورطبکم ویابسکم اجتمعوا علی اتقی قلب عبد من عبادی مازاد ذلک فی ملکی جناح بعوضۃ ولو ان اولکم واخرکم وحیکم ومیتکم ورطبکم ویابسکم اجتمعوا علی اشقی قلب عبد من عبادی مانقص ذلک من ملکی جناح بعوضۃ ولو ان اولکم واخرکم وحیکم ومیتکم ورطبکم ویابسکم اجتمعوا فی صعید واحد فسال کل انسان منکم مابلغت امنیتہ فاعطیت کل سائل منکم مانقص ذلک من ملکی الا کما لو ان احدکم مر بالبحر فغمس فیہ ابرۃ

وہ دوزخ کی طرف کہ جسکا نام بولس ہے چلائے جاوینگے انپر شعلہ کی آگ بلند ہوگی۔ وہ دوزخیون کا نچوڑ یعنے لہو پیپ وغیرہ پلائے جاوینگے یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید اور عباس بن محمد دوری نے کہا اُنھون نے حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن یزید نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن ابی ایوب نے کہا حدیث کی مجھے ابو مرحوم یعنے عبد الرحیم بن میمون نے سہل بن معاذ بن انس سے اُسنے اپنے باپ سے یہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی شخص غصہ کو روک رکھے اس حالت میں کہ وہ اسکے جاری کرنے پر قادر ہے اللہ تعالیٰ اسکو تمام خلائق کے سر پر بلاویگا یہانتک کہ اسکو اختیار دیگا جس حور پر کہ اسکی مرضی ہو یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے سلمہ بن شبیب نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن ابراہیم غفاری مدینی نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے ابی بکر بن منکدر سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تین چیزین جس شخص مین ہون اللہ تعالیٰ اُسپر اپنی رحمت پھیلاتا ہے اور اُسکو جنت مین داخل کرتا ہے ضعیف کے ساتھ نرمی کرنی اور والدین پر شفقت کرنی اور غلامون کے ساتھ احسان کرنا یہ حدیث غریب ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے لیث سے اُسنے شہر بن حوشب سے اُسنے عبد الرحمن بن غنم سے اُسنے ابی ذر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ فرماتا ہے اللہ بزرگ اور غالب اے میرے بندو تم سبکے سب گمراہ ہو مگر جسکو مین ہدایت کرون سو مجھسے تم ہدایت کا سوال کرو مین تمکو ہدایت کرونگا اور تم سبکے سب فقیر ہو مگر جسکو مین غنی کرون سو مجھسے تم سوال کرو مین تمکو رزق دونگا۔ اور تم سبکے سب گنہگار ہو مگر جسکو مین معاف کرون سو جو کوئی تم مین سے یہ بات جانتا ہے کہ مین بخشش مانگنے پر قادر ہون تو وہ مجھسے بخشش مانگے مین اسکے لیے بخشش کرونگا اور مین کچھ پرواہ نہین کرتا۔ اور اگر تمھارے پہلے اور پچھلے اور زندے اور مردے اور تر اور خشک میرے بندون مین سے کسی بندے متقی کے دل پر جمع ہون یعنے اگر تمام جہان پرہیزگار ہوجائے تو یہ بات میری بادشاہی مین مچھر کے پر کے برابر بھی زیادتی نہین کرتی۔ اور اگر تمھارے پہلے اور پچھلے اور زندے اور مردے اور تر اور خشک میرے بندون مین سے کسی بندے بدبخت کے دل پر جمع ہوجائین یعنے اگر تمام جہان بدبخت ہوجاوے تو یہ بات میری بادشاہی مین مچھر کے پر کے برابر نقصان نہین کرتی اور اگر تمھارے پہلے اور پچھلے جن اور انسان اور زندے اور مردے اور تر اور خشک ایک زمین مین جمع ہون اور ہر ایک انسان تم مین سے اپنی آرزو کے موافق مانگے اور مین ہر ایک سائل کو جو کچھ اُسنے مانگا ہو دون تو یہ بات میری بادشاہی سے کچھ نقصان نہین کرتی مگر جیسا کوئی تم مین سے دریا مین گذرا اور اُسنے اس دریا مین سوئی کو ڈبویا

قال سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ای المسلمین افضل قال من سلم المسلمون من لسانہ ویدہ ھٰذا حدیث
صحیح غریب من حدیث ابی موسٰی **حدثنا** احمد بن منیع نا محمد بن الحسن بن ابی یزید الھمدانی عن ثور بن یزید
عن خالد بن معدان عن معاذ بن جبل قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من عیر اخاہ بذنب لم یمت حتی یعملہ
قال احمد قالوا من ذنب قد تاب منہ ھٰذا حدیث حسن غریب ولیس اسنادہ بمتصل خالد بن معدان لم یدرک
معاذ بن جبل وروی عن خالد بن معدان انہ ادرک سبعین من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم **باب**
حدثنا عمر بن اسمٰعیل بن مجالد بن سعید الھمدانی نا حفص بن غیاث ح وثنا سلمۃ بن شبیب نا امیۃ بن القاسم
قال نا حفص بن غیاث عن برد بن سنان عن مکحول عن واثلۃ بن الاسقع قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
لا تظھر الشماتۃ لاخیک فیرحمہ اللہ ویبتلیک ھٰذا حدیث غریب ومکحول قد سمع من واثلۃ بن الاسقع وانس بن
مالک وابی ھند الداری ویقال انہ لم یسمع من احد من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم الا من ھٰؤلاء الثلثۃ ومکحول
الشامی یکنی ابا عبد اللہ وکان عبدا فاعتق ومکحول الازدی بصری سمع من عبد اللہ بن عمرو ویروی عنہ عمارۃ بن زاذان
حدثنا علی بن حجر نا اسمٰعیل بن عیاش عن تمیم عن عطیۃ قال کثیرا ما کنت اسمع مکحولا یسال فیقول ندانم
باب حدثنا ھناد نا وکیع عن سفیان عن علی بن الاقمر عن ابی حذیفۃ عن عائشۃ قالت قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ما احب انی حکیت احدا وان لی کذا وکذا ھٰذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن بشار نا یحیی

کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کسی نے پوچھا کون مسلمانوں سے افضل ہے فرمایا آپ نے جسکی زبان اور ہاتھ سے
مسلمان سلامت رہیں۔ یہ حدیث صحیح ہے غریب ہے طریق ابی موسی سے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے
محمد بن حسن بن ابی یزید ہمدانی نے ثور بن یزید سے اُسنے خالد بن معدان سے اُسنے معاذ بن جبل سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی اپنے بھائی کو کسی گناہ کا عیب لگائے وہ نہیں مرتا جبتک کہ وہ اس فعل کو خود نہ کرلے۔ کہا امام احمد
بن حنبل نے لوگوں نے کہا ہے اس گناہ سے کہ جس سے اُسنے توبہ کی ہے[1] یہ حدیث حسن غریب ہے اور اسناد اسکی متصل نہیں۔
اور خالد بن معدان نے معاذ بن جبل کو نہیں پایا۔ اور مروی ہے خالد بن معدان سے کہ اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ستر صحابہ سے
ملاقات کی ہے **باب** **حدیث** کی ہمسے عمرو بن اسمعیل بن مجالد بن سعید ہمدانی نے کہا حدیث کی ہمسے حفص بن غیاث
نے ح اور حدیث کی ہمسے سلمہ بن شبیب نے کہا حدیث کی ہمسے امیہ بن قاسم نے کہا حدیث کی ہمسے حفص بن غیاث نے
برد بن سنان سے اُسنے مکحول سے اسنے واثلہ بن اسقع سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے بھائی کی مصیبت
پر خوشی ظاہر مت کر شاید اللہ تعالی اسپر رحم کرے اور تجھے اسمیں مبتلا کرے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور مکحول نے سنا ہے واثلہ
بن اسقع اور انس بن مالک اور ابی ہند داری سے اور کہا گیا ہے کہ اسنے سوائے ان تینوں کے اور کسی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے
اصحاب سے نہیں سنا۔ اور مکحول شامی کی کنیت ابا عبد اللہ ہے۔ اور یہ غلام تھا پھر آزاد کیا گیا اور مکحول ازدی وہ بصری ہے عبد اللہ بن
عمرو سے اسکا سماع ہے۔ اور اس سے عمارہ بن زاذان روایت کرتا ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل
بن عیاش نے تمیم سے اُسنے عطیہ سے کہا اُسنے میں بہت مرتبہ مکحول سے سنا کرتا تھا کہ اس سے سوال ہوتا تو وہ کہتا میں نہیں[2]
جانتا **باب** **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان سے اسنے علی بن اقمر سے اسنے ابی حذیفہ
سے اُسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میں کسیکے عیب کی بات کرنیکو پسند نہیں کرتا
اگرچہ مجھے بسبب اسکے بہت دنیا ملے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی

[1] یعنے جسنے ادائے حقوق الٰہی کے ساتھ حقوق العباد بھی پورے طور سے ادا کئے۔ اور وجہ تخصیص زبان اور ہاتھ کی یہ ہے کہ اکثر قسم ایذا کی انھیں دونوں سے سرزد ہوتی ہیں ۱۲ [2] امام احمد نے فرمایا ہے کہ لوگوں نے اس حدیث کے یہ معنے کہے ہیں کہ جو کوئی اپنے بھائی مسلمان کو ایسے گناہ کا عیب لگائے کہ جس سے اسنے توبہ کر لی ہے تو پھر وہ شخص عیب لگانے والا مرتا نہیں جبتک کہ وہ خود اس فعل کا مرتکب نہ ہولے ۱۲ [3] غرض اس سے یہ ہے کہ مکحول ثقہ آدمی تھا اپنے دل سے مسائل بنا کر بیان نہیں کرتا تھا جو مسئلہ کہ یاد ہوا تو وہ بیان کیا اور جو نہ آیا وہ صاف کہدیا کہ مجھے نہیں آتا ۱۲

والآخر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال عبد اللہ ان المؤمن یری ذنوبہ کانہ فی اصل جبل یخاف ان یقع علیہ وان الفاجر
یری ذنوبہ کذباب وقع علی انفہ قال بہ ھکذا فطار قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للہ افرح بتوبۃ احدکم من
رجل بارض فلاۃ دویۃ مھلکۃ معہ راحلتہ علیہا زادہ وطعامہ وشرابہ وما یصلحہ فاضلھا فخرج فی طلبہا
حتی اذا ادرکہ الموت قال ارجع الی مکانی الذی اضللتہا فیہ فاموت فیہ فرجع الی مکانہ فغلبتہ عینہ فاستیقظ
فاذا راحلتہ عند رأسہ علیہا طعامہ وشرابہ وما یصلحہ **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح وفیہ عن
ابی ھریرۃ والنعمان بن بشیر وانس بن مالک عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** احمد بن منیع نا زید بن
حباب نا علی بن مسعدۃ الباھلی نا قتادۃ عن انس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کل ابن ادم خطاء وخیر الخطائین
التوابون ھذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من حدیث علی بن مسعدۃ عن قتادۃ **باب حدثنا** سوید
نا عبد اللہ بن المبارک عن معمر عن الزھری عن ابی سلمۃ عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من کان یؤمن
باللہ والیوم الآخر فلیکرم ضیفہ ومن کان یؤمن باللہ والیوم الآخر فلیقل خیرا او لیصمت ھذا حدیث صحیح
وفی الباب عن عائشۃ وانس وابی شریح الکعبی وھو العدوی واسمہ خویلد بن عمرو **حدثنا** قتیبۃ نا ابن لھیعۃ عن یزید
بن عمرو عن ابی عبد الرحمن الحبلی عن عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صمت نجا ھذا حدیث لا نعرفہ الا من حدیث
ابن لھیعۃ **باب حدثنا** ابراھیم بن سعید الجوھری نا ابو اسامۃ ثنی برید بن عبد اللہ عن ابی بردۃ عن ابی موسی

اور دوسری رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا عبد اللہ نے بیشک مومن اپنے گناہوں کو اسطرح سے دیکھتا ہے کہ گویا پہاڑ کی جڑ میں ہیں
اپنے اوپر گرنیکا خوف کرتا ہے اور فاجر اپنے گناہوں کو مکھی کی طرح دیکھتا ہے کہ اسکی ناک پر گرے تو اسنے اسطرح سے اشارت کی
اور وہ اڑ گئی۔ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی تمہاری توبہ کے ساتھ اس مرد سے بھی زیادہ تر فرحناک ہوتا ہے
جو جنگل میدان ہلاکی کے مکان میں ہے اسکے ساتھ اسکی سواری ہے کہ جسپر اسکا کھانا اور پانی تھا اور جو چیز اسکے لائق تھی سو اسنے اسکو
گم پایا اور وہ اسکی تلاش میں نکلا یہانتک کہ جب اسکو موت نے پالیا تو دل میں کہنے لگا میں پلٹ چلتا ہوں اس مکان کی
طرف جہاں سے میں نے اسکو گم کیا ہے۔ سو اسی میں میں مرتا ہوں پس وہ اپنے مکان کی طرف پلٹ آیا پھر اسکو نیند نے غلبہ کیا
پھر جاگا تو دیکھا کہ اسکی سواری اسکے سر کے پاس کھڑی ہے۔ اسپر اسکا کھانا اور پینا پڑا ہے۔ اور جو چیز جو اسکے لائق ہے۔ کہا ابو عیسی
نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اسمیں روایت ہے ابی ہریرہ اور نعمان بن بشیر اور انس بن مالک سے انھوں نے روایت کی نبی
صلے اللہ علیہ وسلم سے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن مسعدہ باہلی
نے کہا حدیث کی ہمسے قتادہ نے انس سے اسنے نبی صلعم سے کہ ہر ایک بنی آدم گنہگار ہے اور نیک گنہگاروں کے توبہ کرنیوالے ہیں یہ حدیث
غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق علی بن مسعدہ سے وہ راوی ہے قتادہ سے **باب حدیث** کی ہمسے سوید نے
کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے معمر سے اسنے زہری سے اسنے ابی سلمہ سے اسنے ابی ہریرہ سے اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے
کہ فرمایا آپ نے جو کوئی ایمان لاتا ہے ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے تو چاہیئے کہ اپنے مہمان[1] کا اکرام کرے اور جو کوئی ایمان لاتا ہے ساتھ اللہ کے اور
دن پچھلے کے تو چاہیئے کہ نیک بات کرے یا چپ رہے یہ حدیث صحیح ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور انس اور ابی شریح کعبی سے اور
یہ عدوی ہے۔ اور نام اسکا خویلد بن عمرو ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے یزید بن عمرو سے اسنے ابی عبد الرحمن حبلی
سے اسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے چپ کی اسنے نجات پائی۔ اس حدیث کو ہم نہیں پہچانتے
مگر طریق ابن لہیعہ سے **باب حدیث** کی ہمسے ابراہیم بن سعید جوہری نے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسامہ نے کہا حدیث کی
مجھے برید بن عبد اللہ نے ابی بردہ سے اسنے ابی موسی سے

[1] مہمان کا اکرام یہ ہے کہ اسکو مکان میں اتارے اگر ہو سکے تو عمدہ کھانا کھلائے اسکا حال اچھی طرح سے پوچھے۔ مہمان نوازی کا تین دن حق ہے اگر آگے کریگا تو ثواب پائیگا۔ اس
حدیث کا آخر فقرہ اسپر دال ہے کہ واہی تواہی فضلے کہانیاں جنمیں نہ دین کا فائدہ ہو نہ دنیا کا ان کا کہنا اور سننا منع ہے۔

عن حرب بن شداد عن يحيى بن ابي كثير عن يعيش بن الوليد ان مولى للزبير حدثه ان الزبير بن العوام حدثه ان النبي صلى الله عليه وسلم قال دب اليكم داء الامم قبلكم الحسد والبغضاء هي الحالقة لا اقول تحلق الشعر ولكن تحلق الدين والذي نفسي بيده لا تدخلوا الجنة حتى تؤمنوا ولا تؤمنوا حتى تحابوا افلا انبئكم بما يثبت ذلك لكم افشوا السلام بينكم **باب** حدثنا علي بن حجر نا اسمعيل بن ابراهيم عن عيينة بن عبد الرحمن عن ابيه عن ابي بكرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من ذنب اجدر ان يعجل الله لصاحبه العقوبة في الدنيا مع ما يدخر له في الآخرة من البغي وقطيعة الرحم هذا حديث صحيح حدثنا سويد نا عبد الله عن المثنى بن الصباح عن عمرو بن شعيب عن جده عبد الله بن عمرو قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول خصلتان من كانتا فيه كتبه الله شاكرا صابرا ومن لم تكونا فيه لم يكتبه الله شاكرا ولا صابرا من نظر في دينه الى من هو فوقه فاقتدى به ومن نظر في دنياه الى من هو دونه فحمد الله على ما فضله به عليه كتبه الله شاكرا صابرا ومن نظر في دينه الى من هو دونه ونظر في دنياه الى من هو فوقه فاسف على ما فاته منه لم يكتبه الله شاكرا ولا صابرا حدثنا موسى بن حزام نا علي بن اسحق نا عبد الله نا المثنى بن الصباح عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه هذا حديث غريب ولم يذكر سويد عن ابيه في حديثه حدثنا ابو كريب نا ابو معوية ووكيع عن الاعمش عن ابي صالح عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انظروا الى من هو اسفل منكم ولا تنظروا الى من هو فوقكم فانه اجدر

حرب بن شداد سے اُسنے یحیی بن ابی کثیر سے اسنے یعیش بن ولید سے یہ کہ زبیر کے غلام نے اسکو حدیث کی ہے یہ کہ زبیر بن عوام نے اسکو حدیث کی ہے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہاری طرف پہلی امتوں کی بیماری چلی ہے یعنے حسد اور بغض وہ مونڈنیوالا ہے میں یہ نہیں کہتا کہ بالوں کو مونڈتا ہے لیکن دین کو مونڈتا ہے۔ اور قسم ہے اس ذات کی کہ جسکے ہاتھ میں میری جان ہے تم جنت میں داخل نہیں ہوگے جبتک کہ ایمان نہ لاؤ۔ اور تم مومن نہیں ہوگے جبتک کہ آپسمیں محبت نہ رکھو کیا میں تمکو خبر نہ دوں اس چیز کی جو اسکو تمہارے واسطے مضبوط رکھے (وہ یہ ہے) آپسمیں ایک دوسرے سے السلام علیک بہت کیا کرو۔ **باب** حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن ابراہیم نے عیینہ بن عبدالرحمن سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی بکرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی گناہ اسکے لائق نہیں کہ اللہ تعالی اسکے کرنیوالے کو دنیا میں عذاب دینے کی جلدی کرے باوجودیکہ اسکے واسطے آخرت میں بھی ذخیرہ رکھے سوائے سرکشی اور قطع رحم[1] کے۔ یہ حدیث صحیح ہے حدیث کی ہمسے سوید نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ نے مثنی بن صباح سے اُسنے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے دادا عبداللہ بن عمرو سے کہا اُسنے سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے دو خصلتیں جس شخص میں ہوں اللہ تعالی اسکو صابر و شاکر لکھتا ہے اور جسمیں یہ دونوں نہ ہوں اللہ تعالی اسکو نہ شاکر لکھتا ہے اور نہ صابر۔ جو کوئی اپنے دین میں اسکی طرف دیکھے جو اس سے اعلی ہے پھر اسکی پیروی کی اور جو دنیا کی بابت اسکی طرف دیکھے جو اس سے کم درجے کا ہے پھر اللہ تعالی کی حمد کرے اسپر کہ اللہ تعالی نے اسکو اسپر یعنے کم درجہ والے پر فضیلت دی ہے تو اللہ تعالی اسکو شاکر و صابر لکھتا ہے۔ اور جو کوئی اپنے دین میں اسکی طرف دیکھے جو اس سے کم درجے کا ہے اور دنیا میں نظر کرے اسکی طرف جو اس سے اعلی درجے کا ہے پھر وہ اس چیز پر جو اس سے فوت ہوئی ہے یعنے اسکو حاصل نہیں ہوئی غم کھائے تو اللہ تعالی اسکو نہ شاکر لکھتا ہے اور نہ صابر۔ حدیث کی ہمسے موسی بن حزام نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن اسحاق نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ نے کہا حدیث کی ہمسے مثنی بن صباح نے عمرو بن شعیب سے اسنے اپنے باپ سے اسنے اپنے دادا سے اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ اور سوید نے اپنے باپ کا ذکر حدیث میں نہیں کیا حدیث کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ اور وکیع نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کرو تم اسکی طرف جو تمسے ادنی درجے کا ہے اور نہ دیکھا کرو اسکی طرف جو تمسے اعلی درجے کا ہے اسلئے کہ یہ بہت لائق ہے اسکے

[1] سوائے سرکشی اور قطع رحمی کے اور کوئی ایسا گناہ نہیں کہ جسکے بدلے عذاب دینے میں اللہ تعالی جلدی کرے باوجودیکہ آخرت میں بھی اسکے عذاب کا ذخیرہ رکھے ۱۲ ۱۲۱۲

بن سعید وعبد الرحمٰن قالا نا سفیان عن علی بن الاقمر عن ابی حذیفة وکان من اصحاب عبد اللہ بن مسعود عن عائشة قالت حکیت للنبی صلی اللہ علیه وسلم رجلا فقال ما یسرنی انی حکیت رجلا وان لی کذا وکذا قالت فقلت یا رسول اللہ ان صفیة امرأة وقالت بیدها ھکذا کانها تعنی قصیرة فقال لقد مزجت بکلمة لو مزج بها ماء البحر لمزج **باب** **حدثنا** ابوموسی محمد بن المثنی نا ابن ابی عدی عن شعبة عن سلیمٰن الاعمش عن یحیی بن وثاب عن شیخ من اصحاب النبی صلی اللہ علیه وسلم اراہ عن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال ان المسلم اذا کان یخالط الناس ویصبر علی اذاھم خیر من المسلم الذی لا یخالط الناس ولا یصبر علی اذاھم قال ابن ابی عدی کان شعبة یری انه ابن عمر **حدثنا** ابویحیی محمد بن عبد الرحیم البغدادی نا معلی بن منصور نا عبد اللہ بن جعفر المخزمی ھو من ولد المسور بن مخرمة عن عثمٰن بن محمد الاخنسی عن سعید المقبری عن ابی ھریرة ان النبی صلی اللہ علیه وسلم قال ایاکم وسوء ذات البین فانها الحالقة **قال** ابو عیسی ھٰذا حدیث صحیح غریب من ھٰذا الوجه وسوء ذات البین انما یعنی به العداوة والبغضاء وقوله الحالقة انها تحلق الدین **حدثنا** ھناد نا ابومعٰویة عن الاعمش عن عمرو بن مرة عن سالم بن ابی الجعد عن ام الدرداء عن ابی الدرداء قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم الا اخبرکم بافضل من درجة الصیام والصلوٰة والصدقة قالوا بلی قال صلاح ذات البین فان فساد ذات البین ھی الحالقة ھٰذا حدیث صحیح ویروی عن النبی صلی اللہ علیه وسلم انه قال ھی الحالقة لا اقول تحلق الشعر ولکن تحلق الدین **حدثنا** سفیان بن وکیع نا عبد الرحمٰن بن مھدی

بن سعید اور عبد الرحمٰن نے کہا دونون نے حدیث کی ہمسے سفیان نے علی بن اقمر سے اُسنے ابی حذیفہ سے اور یہ عبد اللہ بن مسعود کے شاگردون سے تھا اُسنے روایت کی عائشہ سے کہا انھون نے مین نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک مرد کے عیب کی بات کی پس فرمایا آپ نے مجھے یہ بات پسند نہین آتی کہ کسیکی بات کیا جاؤن اگرچہ مجھے اسقدر دنیا ملے کہا عائشہ نے پھر مین نے کہا یا رسول اللہ صفیہ ایسی عورت اور حضرت عائشہ نے اپنے ہاتھ سے اسطور سے اشارت کی گویا مراد انکی اس سے یہ تھی کہ وہ چھوٹے قد کی ہے پس فرمایا آپ نے تو نے ایسی بات کے ساتھ خلط ملط کیا ہے کہ اگر اسکے ساتھ دریا کا پانی خلط ملط کیا جاوے تو وہ بھی متغیر ہو جاوے **باب** **حدیث** کی ہمسے ابوموسی یعنے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی نے شعبہ سے اُسنے سلیمان اعمش سے اُسنے یحیی بن وثاب سے اُسنے ایک شیخ سے جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے تھا مین گمان کرتا ہون کہ اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ فرمایا آپ نے وہ مسلمان جو لوگون سے میل جول کرے اور انکی ایذا پر صبر کرے بہتر ہے اُس مسلمان سے جو لوگون سے میل جول نہ کرے اور نہ انکی ایذا پر صبر کرے۔ کہا ابن ابی عدی نے گویا شعبہ یہ گمان کرتا تھا کہ وہ شیخ ابن عمر ہے۔ **حدیث** کی ہمسے ابویحیی یعنے محمد بن عبد الرحیم بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے معلی بن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن جعفر مخزومی نے یہ مسور بن مخرمہ کی اولاد سے ہے اُسنے عثمان بن محمد اخنسی سے اُسنے سعید مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بچو تم درمیان کی برائی سے یعنے عداوت سے اسلئے کہ وہ مونڈنے والی ہے۔ کہا ابوعیسی نے یہ حدیث اسوجہ سے صحیح غریب ہے۔ اور درمیان کی برائی سے مراد عداوت اور بغض ہے اور مونڈنے کے یہ معنے ہین کہ وہ دین کو مونڈتی ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابومعاویہ نے اعمش سے اُسنے عمرو بن مرہ سے اُسنے سالم بن ابی الجعد سے اُسنے ام الدرداء سے اُسنے ابی الدرداء سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا مین تمکو خبر نہ دون اس چیز کی جو روزے اور نماز اور صدقے کے درجے سے افضل ہے کہا لوگون نے کیون نہین فرمایا آپ نے درمیان کی اصلاح کرنی[1] اسلئے کہ درمیان کا فساد مونڈنے والا ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے اور مروی ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ فرمایا آپ نے یہ مونڈنے والی ہے مین یہ نہین کہتا کہ بالونکو مونڈتی ہے لیکن دین کو مونڈتی ہے **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمٰن بن مہدی نے

[1] یعنے ایک دوسرے سے اسطرح برتاؤ کرنا جس سے آپسمین محبت اور الفت پیدا ہو اور بغض اور کینے دور ہو جاوین بیشک ایسے کام مین مشغول ہونا اور اسکے اسباب پیدا کرنا نماز اور روزے اور صدقے سے افضل ہے اسلئے کہ تمام پیغمبر بعد سکھلانے توحید کے اسی فعل مین مشغول رہ کر لوگونکی عادات رذیلہ کو دور کرتے رہے ایمان کا اعلی جزو یہی ہے کہ انسان برے اخلاق ترک کرے اور

واعلم ان الامۃ لو اجتمعت علی ان ینفعوک بشیء لم ینفعوک الا بشیء قد کتبہ اللہ لک وان اجتمعوا علی ان یضروک بشیء لم یضروک الا بشیء قد کتبہ اللہ علیک رفعت الاقلام وجفت الصحف هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** ابو حفص عمرو بن علی ثنی یحیی بن سعید القطان نا المغیرۃ بن ابی قرۃ السدوسی قال سمعت انس بن مالک یقول قال رجل یا رسول اللہ اعقلها واتوکل او اطلقها واتوکل قال اعقلها وتوکل قال عمرو بن علی قال یحیی وهذا عندی حدیث منکر **قال** ابو عیسیٰ وهذا حدیث غریب من حدیث انس لا نعرفہ الا من هذا الوجہ وقد روی عن عمرو بن امیۃ الضمری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحو هذا **حدثنا** ابو موسی الانصاری نا عبد اللہ بن ادریس نا شعبۃ عن برید بن ابی مریم عن ابی الحوراء السعدی قال قلت للحسن بن علی ما حفظت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال حفظت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دع ما یریبک الی ما لا یریبک فان الصدق طمانینۃ وان الکذب ریبۃ وفی الحدیث قصۃ هذا حدیث صحیح وابو الحوراء السعدی اسمہ ربیعۃ بن شیبان **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبۃ عن برید نحوہ **حدثنا** زید بن اخزم الطائی البصری نا ابراهیم بن ابی الوزیر نا عبد اللہ بن جعفر المخرمی عن محمد بن عبد الرحمن بن نبیہ عن محمد بن المنکدر عن جابر قال ذکر رجل عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعبادۃ واجتهاد وذکر آخر برعۃ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا یعدل بالرعۃ هذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من هذا الوجہ **حدثنا** هناد وابو زرعۃ وغیر واحد قالوا نا قبیصۃ عن اسرائیل عن هلال بن مقلاص الصیرفی

اور جان لے یہ بات کہ اگر تمام امت اسپر جمع ہو کہ تجھے کچھ نفع پہونچائے تو تجھے کچھ نفع نہ پہونچا سکے گی مگر وہی جو اللہ تعالیٰ نے تیرے لیئے لکھا ہے۔ اور اگر اس بات پر جمع ہو کہ تجھے کچھ نقصان پہونچائے تو تجھے کچھ نقصان نہ پہونچا سکے گی مگر وہی جو اللہ تعالیٰ نے تیرے حق میں لکھا ہے قلمیں اٹھائی گئی ہیں اور صحیفے خشک ہو گئے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابو حفص یعنے عمرو بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید قطان نے کہا حدیث کی ہمسے مغیرہ بن ابی قرہ سدوسی نے کہا سنا میں نے انس بن مالک سے کہتے تھے کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ کیا میں اونٹ باندھوں اور توکل کروں یا اسکو کھول دوں اور توکل کروں فرمایا آپ نے اسکو باندھ اور توکل کر۔ کہا عمرو بن علی نے کہ کہا یحیی نے اور یہ حدیث میرے نزدیک منکر ہے۔ کہا ابو عیسیٰ نے اور یہ حدیث طریق انس سے غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے۔ اور مروی ہے بواسطہ عمرو بن امیہ ضمری کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے **حدیث** کی ہمسے ابو موسیٰ انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن ادریس نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے برید بن ابی مریم سے اُسنے ابی الحوراء سعدی سے کہا اُسنے میں نے حسن بن علی سے کہا آپ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کیا چیز یاد رکھتے ہو کہا انھوں نے میں آنحضرت سے یہ حدیث یاد رکھتا ہوں کہ چھوڑ دے وہ چیز کہ تجھے شک میں ڈالے اُسکی طرف جو تجھے شک میں نہ ڈالے اسلیئے کہ صدق طمانیت ہے اور کذب شک کی چیز ہے۔ اور اس حدیث میں بہت بڑا قصہ ہے یہ حدیث صحیح ہے۔ اور ابو الحوراء سعدی کا نام ربیعہ بن شیبان ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے برید سے مثل اسکے **حدیث** کی ہمسے زید بن اخزم طائی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے ابراہیم بن ابی الوزیر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن جعفر مخرمی نے محمد بن عبد الرحمن بن نبیہ سے اُسنے محمد بن منکدر سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے ایک مرد کی عبادت اور مشقت کا ذکر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کیا گیا اور دوسرے پرہیزگار کا ذکر کیا گیا پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے وہ پرہیزگار کے برابر نہیں ہو سکتا یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے **حدیث** کی ہمسے ہناد اور ابو زرعہ اور کئی ایک لوگوں نے کہا انھوں نے حدیث کی ہمسے قبیصہ نے اسرائیل سے اُسنے ہلال بن مقلاص صیرفی سے سنے

لہ غرض یہ کہ جو کچھ ہونا تھا وہ سب لکھ ہو چکا ہے اب تغیر و تبدل تقدیر میں ممکن نہیں ہے لہذا اسی ذات پاک پر پورا توکل کرنا چاہیے ۱۲ ؎ ایک شخص نے آنحضرت سے سوال کیا کہ توکل کسطرح ہوتا ہے کیا مثلاً اونٹ کو باندھ دوں اور پھر اللہ تعالیٰ پر بھروسا کروں یا صرف اسی پر بھروسا کروں اور اسباب کو کام میں نہ لاؤں فرمایا توکل کے یہ معنے ہیں کہ اسباب کو کام میں لایا جائے اور پھر بھروسا اسی پر کرے جیسا کہ مولانا روم فرماتے ہیں بر توکل زانوے اشتر ببند ۱۲ ؎ یعنے جب دل متردد ہو اور ایک طرف یعنے حل یا حرمت کی طرف قرار نہ پکڑے تو شکی امر کو ڈالدینا چاہیے اور قطعی امر کو اختیار کرنا چاہیے یہ حکم انھیں صورتوں میں ہے کہ جنکی بابت کوئی قطعی فیصلہ شریعت میں نہیں ہوا اسلیئے کہ صدق اور حق ایسی چیز ہے کہ اس سے دل کو اطمینان حاصل ہوتا ہے اور کذب اور باطل میں دل بیقرار رہتا ہے ۱۲ ؎ آنحضرت کے پاس دو آدمیوں کا ذکر ہوا

ان لا تزدروا نعمة الله عليكم هذا حديث صحيح **باب** حدثنا بشر بن هلال البصري نا جعفر بن سليمان عن الجريري ح وثنا هارون بن عبد الله البزاز نا سيار نا جعفر بن سليمان عن سعيد الجريري والمعنى واحد عن ابي عثمن عن حنظلة الاسيدي وكان من كتاب رسول الله صلى الله عليه وسلم انه مر بابي بكر وهو يبكي فقال مالك يا حنظلة قال نافق حنظلة يا ابا بكر نكون عند رسول الله صلى الله عليه وسلم يذكرنا بالنار والجنة كانا رأي عين فاذا رجعنا عافسنا الازواج والضيعة ونسينا كثيرا قال فوالله انا كذلك انطلق بنا الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فانطلقنا فلما رآه رسول الله صلى الله عليه وسلم قال مالك يا حنظلة قال نافق حنظلة يا رسول الله نكون عندك تذكرنا بالنار والجنة حتى كانا رأي عين فاذا رجعنا عافسنا الازواج والضيعة ونسينا كثيرا قال فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو تدومون على الحال التي تقومون بها من عندي لصافحتكم الملائكة في مجالسكم وعلى فرشكم وفي طرقكم ولكن يا حنظلة ساعة وساعة **قال ابو عيسى** هذا حديث حسن صحيح حدثنا سويد نا عبد الله عن شعبة عن قتادة عن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا يؤمن احدكم حتى يحب لاخيه ما يحب لنفسه هذا حديث صحيح حدثنا احمد بن محمد بن موسى نا عبد الله بن المبارك نا الليث بن سعد وابن لهيعة عن قيس بن الحجاج قال وثنا عبد الله بن عبد الرحمن نا ابو الوليد نا الليث بن سعد نا قيس بن الحجاج المعنى واحد عن حنش الصنعاني عن ابن عباس قال كنت خلف النبي صلى الله عليه وسلم يوما فقال يا غلام اني اعلمك كلمات احفظ الله يحفظك احفظ الله تجده تجاهك اذا سألت فاسأل الله واذا استعنت فاستعن بالله

کہ تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو حقیر نہ جانو یہ حدیث صحیح ہے **باب** حدیث کی ہمسے بشر بن ہلال بصری نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیمان نے جریری سے ح اور حدیث کی ہمسے ہارون بن عبد اللہ بزاز نے کہا حدیث کی ہمسے سیار نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیمان نے سعید جریری سے اور معنے دونوں کے واحد ہیں اُسنے ابی عثمان سے اُسنے حنظلہ اسیدی سے اور یہ آنحضرت کے منشیوں میں تھا یہ کہ وہ یعنے حنظلہ روتے ہوئے حضرت ابوبکر کے پاس سے گذرا پس کہا حضرت ابوبکر نے ای حنظلہ تجھے کیا ہوا ہے کہا اسنے ای ابابکر حنظلہ منافق ہوگیا ہے ہم جب رسول اللہ صلعم کے پاس ہوتے ہیں اور ہمکو دوزخ اور بہشت یاد دلاتے ہیں تو ہمارا یہ حال ہوتا ہے کہ گویا وہ ہمارے سامنے ہیں اور جب ہم آپ سے رجوع کرتے ہیں اور بی بیوں اور اسباب سے ملتے ہیں تو بہت کچھ بھلا دیتے ہیں کہا حضرت ابوبکر نے سو قسم ہے اللہ کی میں بھی اسیطرح ہوں چل ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس چلیں پس ہم چلے سو جب ہمکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکھا تو فرمایا ای حنظلہ تجھے کیا ہوا کہا حنظلہ منافق ہوگیا ہے یا رسول اللہ ہم آپکے پاس ہوتے ہیں اور آپ دوزخ اور بہشت یاد کراتے ہیں تو ہمارا یہ حال ہوتا ہے کہ گویا وہ دونوں ہمارے سامنے ہیں پس جب ہم آپ سے چلے آتے ہیں اور بی بیوں اور اسباب سے ملتے ہیں تو بہت کچھ بھلا دیتے ہیں کہا اُسنے پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر تم اسی حالت پر ہمیشہ رہو جسپر کہ تم میرے پاس سے اُٹھتے ہو تو تمکو فرشتے مجلسوں اور فرشوں اور راستوں میں مصافحہ کریں لیکن ای حنظلہ یہ حال ایک گھڑی کا ہے۔ کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے سوید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ نے شعبہ سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے کوئی شخص تم میں سے مومن نہیں ہوگا جبتک کہ دوست نہ رکھے اپنے بھائی کے لئے جو کچھ کہ دوست رکھتا ہے اپنے نفس کے لئے[1] یہ حدیث صحیح ہے حدیث کی ہمسے احمد بن محمد بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد اور ابن لہیعہ نے انھوں نے قیس بن حجاج سے۔ کہا ترمذی نے اور حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الولید نے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد نے کہا حدیث کی مجھے قیس بن حجاج نے۔ معنے دونوں کے واحد ہیں اُسنے حنش صنعانی سے اُسنے ابن عباس سے کہا اسنے میں ایک دن نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پیچھے سوار تھا سو فرمایا آپ نے ای لڑکے میں تجھے چند باتیں سکھلاتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کو یاد رکھ اللہ تعالیٰ تجھے یاد رکھیگا اسکو تو اپنے سامنے پائیگا۔ جب تو کوئی سوال کرے تو اللہ تعالیٰ سے سوال کر اور جب تو مدد چاہے تو اللہ تعالیٰ سے مدد مانگ

[1] یعنے کمال ایمان کا اسی صورت میں ہے کہ ہر ایک آدمی کو اپنا بھائی جانے اور اسکے واسطے وہ چیز پسند کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے ۱۲

وكنا من اهل الآخرة فاذا خرجنا من عندك فانسنا اهالينا وشممنا الاولاد انكرنا انفسنا فقال رسول الله صلى الله عليه
وسلم لو انكم تكونون اذا خرجتم من عندي كنتم على حالكم ذلك لزارتكم الملائكة في بيوتكم ولو لم تذنبوا لجاء الله
بخلق جديد كي يذنبوا فيغفر لهم قال قلت يا رسول الله مم خلق الخلق قال من الماء قلت الجنة ما بناؤها قال لبنة من
فضة ولبنة من ذهب وملاطها المسك الاذفر وحصباؤها اللؤلؤ والياقوت وتربتها الزعفران من يدخلها ينعم لا يبأس
ويخلد لا يموت ولا تبلى ثيابهم ولا يفنى شبابهم ثم قال ثلث لا ترد دعوتهم الامام العادل والصائم حين يفطر ودعوة
المظلوم يرفعها فوق الغمام ويفتح لها ابواب السماء ويقول الرب تبارك وتعالى وعزتي لانصرنك ولو بعد حين هذا حديث
ليس اسناده بذلك القوي وليس هو عندي بمتصل وقد روي هذا الحديث باسناد آخر عن ابي هريرة **باب**
ما جاء في صفة غرف الجنة **حدثنا** علي بن حجر نا علي بن مسهر عن عبد الرحمن بن اسحق عن النعمان بن سعد عن علي
قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان في الجنة لغرفا يرى ظهورها من بطونها وبطونها من ظهورها فقام اليه اعرابي
فقال لمن هي يا نبي الله قال هي لمن اطاب الكلام واطعم الطعام وادام الصيام وصلى لله بالليل والناس نيام هذا حديث
غريب وقد تكلم بعض اهل الحديث في عبد الرحمن بن اسحق هذا من قبل حفظه وهو كوفي وعبد الرحمن بن اسحق القرشي
مدني وهو اثبت من هذا **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد العزيز بن عبد الصمد العمي عن ابي عمران الجوني عن ابي بكر
بن عبد الله بن قيس عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ان في الجنة جنتين من فضة آنيتهما وما فيهما وجنتين
من ذهب آنيتهما وما فيهما وما بين القوم

اور اہل آخرت سے ہوتے ہیں۔ اور جب ہم آپ کے پاس سے نکلتے ہیں اور اپنے اہل وعیال سے مجالست کرتے ہیں اور اولاد سے ملتے ہیں
تو دل ہمارے (اس طرف سے) منکر ہوتے ہیں پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر تم اسی حالت پر ہمیشہ رہو کہ جس حالت پر
تم میرے پاس سے نکلتے ہو تو فرشتے تمہاری زیارت تمہارے گھروں میں کریں۔ اور اگر تم گناہ نہ کرو تو ضرور اللہ تعالی نئی پیدائش لائے
تاکہ وہ گناہ کریں اور انکو وہ بخشے کہا اسنے میں نے کہا یا رسول اللہ اللہ تعالی نے خلقت کو کس چیز سے پیدا کیا ہے فرمایا آپ نے پانی
سے میں نے کہا جنت کی بنا کس سے ہے فرمایا آپ نے ایک اینٹ اسکی چاندی سے ہے اور ایک اینٹ سونے سے اور گارا اسکا
نہایت خوشبودار مشک کا ہے۔ اور کنکر اسکے موتی اور یاقوت کے ہیں اور مٹی اسکی زعفران کی جو کوئی اسمیں داخل ہوگا منعم
ہوگا محتاج نہ ہوگا اور ہمیشہ رہیگا مریگا نہیں اور نہ انکے کپڑے پرانے ہونگے اور نہ انکے لڑکپنے چھٹیں گے پھر فرمایا آپ نے تین شخص ہیں انکی
دعا رد نہیں ہوتی ایک بادشاہ عادل دوسرا روزہ دار جبکہ روزہ افطار کرے اور تیسرے دعا مظلوم کی اٹھاتا ہے اللہ اسکو اوپر بادلوں کے
(مراد یہ ہے کہ جلدی قبول کرتا ہے) اور کھولتا ہے اسکے واسطے دروازے آسمانوں کے اور فرماتا ہے پروردگار تبارک وتعالی قسم ہے میری عزت کی ضرور
میں تیری مدد کرونگا اگرچہ بعد کچھ مدت کے یہ حدیث ایسی ہے کہ اسکی اسناد قوی نہیں اور نہ یہ میرے نزدیک متصل ہے اور یہ حدیث دوسری اسناد
سے بھی ابی ہریرہ سے مروی ہے **باب** جنت کے جھروکھوں کی صفت میں حدیث کی ہم سے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہم سے علی بن
مسہر نے عبد الرحمن بن اسحاق سے اُسنے نعمان بن سعد سے اُسنے علی سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جنت میں
ایسے جھروکھے ہیں کہ انکے باہر کی طرف انکے اندر سے نظر آتی ہے اور انکے اندر کی طرف انکے باہر سے پس ایک اعرابی آپ کی طرف کھڑا ہوا
اور کہنے لگا وہ کسکے لئے ہیں اے نبی اللہ کے فرمایا آپ نے وہ اس شخص کے واسطے ہیں جو کلام نرم کرے اور کھانا کھلائے اور روزہ پر
مداومت کرے اور رات میں اللہ تعالی کے واسطے نماز پڑھے اس حالت میں کہ لوگ سوئے ہوئے ہوں یہ حدیث غریب ہے
اور بعض محدثین نے اس عبد الرحمن بن اسحاق کے حق میں کلام کیا ہے اسکے حافظہ کی وجہ سے۔ اور یہ کوفی ہے اور عبد الرحمن بن اسحاق
قرشی وہ مدنی ہے اور وہ اسکی نسبت ثقہ ہے حدیث کی ہم سے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہم سے عبد العزیز بن عبد الصمد عمی
نے ابی عمران جونی سے اُسنے ابی بکر بن عبد اللہ بن قیس سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جنت
میں دو باغ ہیں چاندی سے ہیں برتن انکے اور جو کچھ کہ انمیں ہے۔ اور دو باغ ہیں سونے کے ہیں برتن انکے اور جو کچھ انمیں ہے۔ اور درمیان لوگوں کے

عن ابی بشر عن ابی وائل عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اکل طیبا وعمل فی سنۃ
وامن الناس بوائقہ دخل الجنۃ فقال رجل یا رسول اللہ ان ھذا الیوم فی الناس لکثیر قال فسیکون فی قرون بعدی ھذا
حدیث غریب لا نعرفہ الا من ھذا الوجہ من حدیث اسرائیل **حدثنا** عباس بن محمد نا یحیی بن ابی بکیر عن اسرائیل
عن ھلال بن مقلاص نحو حدیث قبیصۃ عن اسرائیل **حدثنا** عباس الدوری نا عبد اللہ بن یزید نا سعید بن ابی ایوب
عن ابی مرحوم عبد الرحیم بن میمون عن سہل بن معاذ الجہنی عن ابیہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من اعطی للہ ومنع للہ
واحب للہ وابغض للہ وانکح للہ فقد استکمل ایمانہ ھذا حدیث منکر **ابواب صفۃ الجنۃ** عن رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم **باب** ماجاء فی صفۃ شجر الجنۃ **حدثنا** عباس بن محمد الدوری نا عبید اللہ بن موسی عن
شیبان عن فراس عن عطیۃ عن ابی سعید الخدری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال فی الجنۃ شجرۃ یسیر الراکب فی ظلھا مائۃ عام
لا یقطعھا قال وذلک الظل الممدود **حدثنا** قتیبۃ بن سعید نا اللیث بن سعد عن سعید بن ابی سعید عن ابیہ عن
ابی ھریرۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال ان فی الجنۃ لشجرۃ یسیر الراکب فی ظلھا مائۃ عام وفی الباب عن انس
وابی سعید ھذا حدیث صحیح **حدثنا** ابو سعید الاشج نا زیاد بن الحسن بن الفرات القزاز عن ابیہ عن جدہ عن
ابی حازم عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما فی الجنۃ شجرۃ الا وساقھا من ذھب ھذا حدیث غریب
حسن **باب** ماجاء فی صفۃ الجنۃ ونعیمھا **حدثنا** ابو کریب نا محمد بن فضیل عن حمزۃ الزیات عن زیاد الطائی
عن ابی ھریرۃ قال قلنا یا رسول اللہ مالنا اذا کنا عندک رقت قلوبنا وزھدنا

اسنے ابی بشر سے اُسنے ابی وائل سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پاک کھانا کھائے
اور سنت کے موافق عمل کرے اور اسکی شرارت سے لوگ امن میں رہیں تو وہ جنت میں داخل ہوگا پس کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ
آج کے دن لوگوں میں البتہ بہت ہے فرمایا آپ نے میرے بعد بھی زمانوں میں ہونگے یعنے اس قسم کے لوگ اس زمانہ سے خاص نہیں
بلکہ تمام زمانوں میں ہوتے جائینگے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے یعنے طریق اسرائیل سے **حدیث** کی
ہمسے عباس بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن ابی بکیر نے اسرائیل سے اسنے ہلال بن مقلاص سے مثل حدیث قبیصہ کے جو اسرائیل
سے ہے **حدیث** کی ہمسے عباس دوری نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن یزید نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن ابی ایوب نے
ابی مرحوم یعنے عبدالرحیم بن میمون سے اُسنے سہل بن معاذ جہنی سے اُسنے اپنے باپ سے یہ کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی اللہ تعالی کے
واسطے دے اور اللہ کے واسطے منع کرے اور اللہ کے واسطے محبت کرے اور اللہ کے واسطے دشمنی کرے اور اللہ کے واسطے نکاح کرے تو
اُسنے اپنے ایمان کو پورا کرلیا۔ یہ حدیث منکر ہے۔ **ابواب** جنت کی صفت میں جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں **باب**
جنت کے درختوں کی صفت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عباس بن محمد دوری نے کہا حدیث کی ہمسے عبیداللہ بن موسی نے
شیبان سے اُسنے فراس سے اُسنے عطیہ سے اُسنے ابی سعید خدری سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جنت میں
درخت ہے کہ سوار اسکے سایہ میں سو سال تک سیر کرنے میں اسکو قطع نہیں کرسکتا فرمایا آپ نے اور یہی ہے سایہ دراز یعنے خدا نے جو فرمایا
ہے کہ بہشت میں سایہ دراز ہے اس سے یہی سایہ مراد ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد نے سعید
بن ابی سعید سے اسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جنت میں ایک درخت
ہے سوار اسکے سایہ میں سو برس تک سیر کرسکتا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے انس اور ابی سعید سے۔ یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے
ابو سعید اشج نے کہا حدیث کی ہمسے زیاد بن حسن بن فرات قزاز نے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے اُسنے ابی حازم سے اُسنے ابی ہریرہ
سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو درخت کہ جنت میں ہے اسکی ساق سونے سے ہے۔ یہ حدیث غریب حسن ہے **باب** جنت
اور نعمتوں کی صفت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے حمزہ زیات سے اُسنے زیاد طائی سے
اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے ہمنے کہا یا رسول اللہ ہمکو کیا ہے کہ جب ہم آپ کے پاس ہوتے ہیں تو ہمارے دل نرم ہوتے ہیں اور زہد کرتے ہیں

ومنہا تفجر انہار الجنۃ الاربعۃ ومن فوقہا یکون العرش فاذا سألتم اللہ فاسألوہ الفردوس **حدثنا** احمد بن منیع نا یزید بن ھارون نا ھمام عن زید بن اسلم نحوہ **حدثنا** قتیبۃ نا ابن لھیعۃ عن دراج عن ابی الھیثم عن ابی سعید عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان فی الجنۃ مائۃ درجۃ لو ان العالمین اجتمعوا فی احدٰھن لوسعتھم ھٰذا حدیث غریب **باب** ماجاء فی صفۃ نساء اھل الجنۃ **حدثنا** عبد اللہ بن عبد الرحمٰن نا فروۃ بن ابی المغراء نا عبیدۃ بن حمید عن عطاء بن السائب عن عمرو بن میمون عن عبد اللہ بن مسعود عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان المرأۃ من نساء اھل الجنۃ لیری بیاض ساقہا من وراء سبعین حلۃ حتی یری مخہا وذٰلک بان اللہ تعالٰی یقول کانہن الیاقوت والمرجان فاما الیاقوت فانہ حجر لو ادخلت فیہ سلکا ثم استصفیتہ لاریتہ من ورائہ **حدثنا** ھناد نا عبیدۃ بن حمید عن عطاء بن السائب عن عمرو بن میمون عن عبد اللہ بن مسعود عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ **حدثنا** ھناد نا ابو الاحوص عن عطاء بن السائب عن عمرو بن میمون عن عبد اللہ بن مسعود نحوہ بمعناہ ولم یرفعہ وھٰذا اصح من حدیث عبیدۃ بن حمید وھٰکذا روی جریر وغیر واحد عن عطاء بن السائب ولم یرفعوہ **حدثنا** سفیان بن وکیع نا ابی عن فضیل بن مرزوق عن عطیۃ عن ابی سعید عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اول زمرۃ یدخلون الجنۃ یوم القیٰمۃ علی مثل ضوء القمر لیلۃ البدر والزمرۃ الثانیۃ علی مثل احسن کوکب دری فی السماء لکل رجل منہم زوجتان علی کل زوجۃ سبعون حلۃ یری مخ ساقہا من ورائہا ھٰذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** العباس بن محمد نا عبید اللہ بن موسٰی نا شیبان عن فراس عن عطیۃ عن ابی سعید الخدری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اول زمرۃ تدخل الجنۃ علی صورۃ القمر لیلۃ البدر والثانیۃ علی لون احسن کوکب دری فی السماء

اور اُس سے چاروں نہریں جنت کی چلتی ہیں اور اوپر اسکے عرش ہے سو جب تم اللہ تعالٰی سے سوال کرو تو فردوس کا سوال کرو **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے ہمام نے زید بن اسلم سے مثل اسکے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے دراج سے اُسنے ابی الہیثم سے اُسنے ابی سعید سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جنت میں سو درجے ہیں اگر تمام جہان ایک درجے میں جمع ہوں تو وہ انکو کافی ہو جائے۔ یہ حدیث غریب ہے **باب** اہل جنت کی عورتوں کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمٰن نے کہا حدیث کی ہمسے فروہ بن ابی المغراء نے کہا حدیث کی ہمسے عبیدہ بن حمید نے عطاء بن سائب سے اُسنے عمرو بن میمون سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے اہل جنت کی عورتوں کی پنڈلی کی سفیدی ستر لباس کے اندر سے نظر آتی ہے حتٰے کہ انکا گودا دکھائی دیتا ہے اور یہ اسواسطے ہے کہ اللہ تعالٰی فرماتا ہے کانہن الیاقوت والمرجان یعنے گویا وہ عورتیں یاقوت اور مونگا ہیں پس بہرحال یاقوت تو وہ پتھر ہے اگر تو اسمیں تاگا داخل کرے پھر اسکو صاف کرے تو ضرور تو اس تاگے کو اسکے اندر سے دیکھے گا **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبیدہ بن حمید نے عطاء بن سائب سے اُسنے عمرو بن میمون سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے عطاء بن سائب سے اُسنے عمرو بن میمون سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے مثل اسکے بالمعنے اور اُسنے اسکو مرفوع نہیں کیا اور یہ صحیح ہے حدیث عبیدہ بن حمید سے اور ایسا ہی روایت کیا ہے جریر وغیرہ نے عطاء بن سائب سے اور انھوں نے اسکو مرفوع نہیں کیا **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے فضیل بن مرزوق سے اُسنے عطیہ سے اُسنے ابی سعید سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے پہلا گروہ جو قیامت کے دن جنت میں داخل ہوگا وہ چودھویں رات کے چاند کی روشنی کے مانند ہوگا اور دوسرا گروہ مانند نہایت روشن ستارے آسمان کے۔ انمیں سے ہر ایک مرد کے واسطے دو عورتیں ہونگی ہر ایک عورت پر ستر لباس ہونگے اُنکی پنڈلیوں کا گودا اس لباس کے اندر سے دکھائی دیگا یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے عباس بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن موسٰی نے کہا حدیث کی ہمسے شیبان نے فراس سے اُسنے عطیہ سے اُسنے ابی سعید خدری سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے پہلا گروہ جو جنت میں داخل ہوگا چودھویں رات کے چاند کے مانند ہوگا۔ اور دوسرا مانند نہایت روشن ستارے آسمان کے

وبین ان ینظروا الی ربھم الا رداء الکبریاء علی وجھہ فی جنۃ عدن وبھذا الاسناد عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان فی الجنۃ لخیمۃ من درۃ مجوفۃ عرضھا ستون میلا فی کل زاویۃ منھا اھل لا یرون الاخرین یطوف علیھم المؤمن ھذا حدیث صحیح وابو عمران الجونی اسمہ عبد الملک بن حبیب وابو بکر بن ابی موسی قال احمد بن حنبل لا یعرف اسمہ وابو موسی الاشعری اسمہ عبد اللہ بن قیس **باب** ماجاء فی صفۃ درجات الجنۃ **حدثنا** عباس العنبری نا یزید بن ہارون نا شریک عن محمد بن جحادۃ عن عطاء عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الجنۃ مائۃ درجۃ ما بین کل درجتین مائۃ عام ھذا حدیث حسن غریب **حدثنا** قتیبۃ واحمد بن عبدۃ الضبی قالا نا عبد العزیز بن محمد عن زید بن اسلم عن عطاء بن یسار عن معاذ بن جبل ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من صام رمضان وصلی الصلوٰۃ وحج البیت لا ادری اذکر الزکوٰۃ ام لا الا کان حقا علی اللہ ان یغفر لہ ان ھاجر فی سبیل اللہ او مکث بارضہ التی ولد بھا قال معاذ الا اخبربھا الناس فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذر الناس یعملون فان فی الجنۃ مائۃ درجۃ ما بین کل درجتین کما بین السماء والارض والفردوس اعلی الجنۃ واوسطھا وفوق ذلک عرش الرحمن ومنھا تفجر انھار الجنۃ فاذا سألتم اللہ فاسألوہ الفردوس ھکذا روی ھذا الحدیث عن ھشام بن سعد عن زید بن اسلم عن عطاء بن یسار عن معاذ بن جبل وھذا عندی اصح من حدیث ھمام عن زید بن اسلم عن عطاء بن یسار عن عبادۃ بن الصامت وعطاء لم یدرک معاذ بن جبل ومعاذ قدیم الموت مات فی خلافۃ عمر **حدثنا** عبد اللہ بن عبد الرحمن انا یزید بن ہارون انا ھمام عن زید بن اسلم عن عطاء بن یسار عن عبادۃ بن الصامت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فی الجنۃ مائۃ درجۃ ما بین کل درجتین کما بین السماء والارض والفردوس اعلاھا درجۃ

اور انکے رب کے کوئی پردہ نہیں ہوگا سوائے چادر بزرگی کے جو کہ اسکے منھ پر ہوگی جنت عدن میں۔ اور ساتھ اس اسناد کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے ہے کہ فرمایا آپ نے جنت میں ایک خیمہ ہے موتی جوف دار سے عرض اسکا ساٹھ میل کا ہے اسکے ہر ایک زاویہ میں لوگ ہونگے کہ دوسروں کو نہ دیکھیں گے انکے پاس مومن آئیں جائینگے یہ حدیث صحیح ہے۔ اور ابو عمران جونی کا نام عبد الملک بن حبیب ہے اور ابو بکر بن ابی موسی کے حق میں امام احمد بن حنبل نے کہا ہے کہ اسکا نام معلوم نہیں۔ اور ابو موسی اشعری کا نام عبد اللہ بن قیس ہے۔ **باب** جنت کے درجات کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عباس عنبری نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے محمد بن جحادہ سے اُسنے عطاء سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جنت میں سو درجے ہیں ہر ایک درجہ میں سو سال کا فاصلہ ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ اور احمد بن عبدہ ضبی نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے اُسنے زید بن اسلم سے اُسنے عطاء بن یسار سے اُسنے معاذ بن جبل سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی رمضان کے روزے رکھے اور نماز پڑھے اور خانہ کعبہ کا حج کرے (راوی کہتا ہے میں نہیں جانتا کہ آپ نے زکوٰۃ کا ذکر کیا ہے یا نہیں) تو اللہ تعالی پر حق ہے کہ اسکو بخشیگا خواہ اللہ تعالی کی راہ میں ہجرت کرے یا اُس زمین میں کہ جسمیں وہ پیدا ہوا ہے ٹھہرا رہے کہا معاذ نے کیا میں اُسکی لوگوں کو خبر نہ دوں پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے چھوڑ دے لوگوں کو کہ عمل کریں کیونکہ جنت میں سو درجے ہیں ہر ایک درجے میں اسقدر فاصلہ ہے جیسا کہ درمیان آسمان اور زمین کے ہے۔ اور فردوس تمام جنت سے اعلی ہے اور اسکے اوسط میں ہے اور اوپر اسکے اللہ تعالی کا عرش ہے اور اُس سے جنت کی نہریں جاری ہوتی ہیں پس جب تم اللہ تعالی سے سوال کیا کرو تو اس سے فردوس طلب کرو ایسے ہی یہ حدیث مروی ہے ہشام بن سعد سے اُسنے روایت کی زید بن اسلم سے اُسنے عطاء بن یسار سے اُسنے معاذ بن جبل سے۔ اور یہ میرے نزدیک بہت صحیح ہے حدیث ہشام سے جو مروی ہے زید بن اسلم سے اُسنے روایت کی عطاء بن یسار سے اُسنے عبادہ بن صامت سے۔ اور عطاء نے معاذ بن جبل کو نہیں پایا۔ اور معاذ قدیم الموت ہے یعنے مدت کا فوت ہو چکا ہے حضرت عمر کی خلافت میں فوت ہوا ہے۔ **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا خبر دی ہمکو یزید بن ہارون نے کہا خبر دی ہمکو ہمام نے زید بن اسلم سے اُسنے عطاء بن یسار سے اُسنے عبادہ بن صامت سے ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں سو درجے ہیں درمیان ہر ایک درجے کے اسقدر فاصلہ ہے جیسا کہ درمیان آسمان اور زمین کے۔ اور فردوس سب سے اعلے درجے میں ہے

باب ماجاء فی صفة ثیاب اهل الجنة حدثنا محمد بن بشار وابو هشام الرفاعی قالا نا معاذ بن هشام عن ابیه عن عامر الاحول عن شهر بن حوشب عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اهل الجنة جرد مرد کحلی لا یفنی شبابهم ولا تبلی ثیابهم هذا حدیث غریب حدثنا ابو کریب نا رشدین بن سعد عن عمرو بن الحارث عن دراج ابی السمح عن ابی الهیثم عن ابی سعید عن النبی صلی الله علیه وسلم فی قوله وفرش مرفوعة قال ارتفاعها کما بین السماء والارض مسیرة خمسمائة عام هذا حدیث غریب لا نعرفه الا من حدیث رشدین بن سعد وقال بعض اهل العلم فی تفسیر هذا الحدیث معناه ان الفرش فی الدرجات وبین الدرجات کما بین السماء والارض

باب ماجاء فی صفة ثمار الجنة حدثنا ابو کریب نا یونس بن بکیر عن محمد بن اسحق عن یحیی بن عباد بن عبد الله بن الزبیر عن ابیه عن اسماء بنت ابی بکر قالت سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم وذکر سدرة المنتهی قال یسیر الراکب فی ظل الفنن منها مائة سنة او یستظل بظلها مائة راکب شك یحیی فیها فراش الذهب کان ثمرها القلال هذا حدیث حسن صحیح غریب

باب ماجاء فی صفة طیر الجنة حدثنا عبد بن حمید نا عبد الله بن مسلمة عن محمد بن عبد الله بن مسلم عن ابیه عن انس بن مالك قال سئل رسول الله صلی الله علیه وسلم ما الکوثر قال ذاك نهر اعطانیه الله یعنی فی الجنة اشد بیاضا من اللبن واحلی من العسل فیه طیر اعناقها کاعناق الجزر قال عمر ان هذه لناعمة فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم اکلتها انعم منها هذا حدیث حسن ومحمد بن عبد الله بن مسلم هو ابن اخی ابن شهاب الزهری

باب ماجاء فی صفة خیل الجنة حدثنا عبد الله بن عبد الرحمن نا عاصم بن علی نا المسعودی عن علقمة بن مرثد عن سلیمان

باب اہل جنت کے کپڑوں کی صفت کے بیان میں حدیث کی ہمسے محمد بن بشار اور ابو ہشام رفاعی نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے معاذ بن ہشام نے اپنے باپ سے اُسنے عامر احول سے اُسنے شہر بن حوشب سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اہل جنت کے بدن اور مُنھ پر بال نہ ہونگے آنکھیں انکی سیاہ ہونگی۔ انکے کپڑے نہ پھٹیں گے اور نہ انکے کپڑے پرانے ہونگے یہ حدیث غریب ہے حدیث کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے رشدین بن سعد نے عمرو بن حارث سے اُسنے دراج ابی السمح سے اُسنے ابی الہیثم سے اُسنے ابی سعید سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر میں وفرش مرفوعہ فرمایا آپ نے بلندی انکی اسقدر ہے جیسا کہ درمیان آسمان اور زمین کے ہے مسافت پانسو سال کی یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق رشدین بن سعد سے۔ اور کہا بعض اہل علم نے اس حدیث کی تفسیر میں معنے اسکے یہ ہیں کہ فراش بیچ درجوں کے ہیں اور بعد درمیان درجوں کے مثل اسکے ہے کہ درمیان آسمان اور زمین کے ہے

باب جنت کے میووں کی صفت کے بیان میں حدیث کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن بکیر نے محمد بن اسحاق سے اُسنے محمد بن عباد بن عبد اللہ بن زبیر سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اسماء بنت ابی بکر صدیق سے کہا اُسنے سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اور سدرۃ المنتہیٰ کا ذکر کیا گیا فرمایا آپ نے چلے سوار اسکی شاخوں کے سایہ میں سو سال سیر کر سکتا ہے یا فرمایا آپ نے سو سوار اسکے سایہ میں بیٹھ سکتے ہیں شک کیا یحیی نے۔ اسمیں سونے کی ٹڈیاں ہیں۔ گویا پھل اسکے مٹکے ہیں یعنے پھل اسکا مٹکوں کے برابر ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

باب جنت کے جانوروں کی صفت کے بیان میں حدیث کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مسلمہ نے محمد بن عبد اللہ بن مسلم سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے رسول اللہ صلعم سوال کئے گئے کہ کوثر کیا چیز ہے فرمایا آپ نے وہ نہر ہے مجھے اللہ تعالی نے دی ہے یعنے جنت میں زیادہ سفیدی میں ہے دودھ سے اور بہت میٹھی ہے شہد سے۔ اسمیں جانور ہیں گردنیں انکی مثل گردنوں اونٹوں کے ہیں۔ کہا حضرت عمر نے یہ جانور نہایت خوش نصیب ہیں کیونکہ معیشت انکی کوثر میں ہے پس فرمایا رسول اللہ صلعم نے کھانیوالے انکے اُنسے بھی خوش نصیب ہیں۔ یہ حدیث حسن ہے اور محمد بن عبد اللہ بن مسلم وہ ابن شہاب زہری کا بھتیجا ہے

باب جنت کے گھوڑوں کی صفت کے بیان میں حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا حدیث کی ہمسے عاصم بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے مسعودی نے علقمہ بن مرثد سے اُسنے سلیمان

لکل رجل منهم زوجتان علی کل زوجة سبعون حلة یبدو مخ ساقها من ورائها هذا حدیث حسن صحیح

باب ما جاء فی صفة جماع اهل الجنة **حدثنا** محمود بن غیلان و محمد بن بشار قالا نا ابو داؤد الطیالسی عن عمران القطان عن قتادة عن انس عن النبی صلی الله علیه وسلم قال یعطی المؤمن فی الجنة قوة کذا وکذا من الجماع قیل یا رسول الله او یطیق ذلك قال یعطی قوة مائة وفی الباب عن زید بن ارقم هذا حدیث صحیح غریب لا نعرفه من حدیث قتادة عن انس الا من حدیث عمران القطان

باب ما جاء فی صفة اهل الجنة **حدثنا** سوید بن نصر انا ابن المبارك انا معمر عن همام بن منبه عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اول زمرة تلج الجنة صورتهم علی صورة القمر لیلة البدر لا یبصقون ولا یمتخطون ولا یتغوطون آنیتهم فیها من الذهب وامشاطهم من الذهب والفضة ومجامرهم من الالوة ورشحهم المسك ولکل واحد منهم زوجتان یری مخ سوقهما من وراء اللحم من الحسن لا اختلاف بینهم ولا تباغض قلوبهم قلب رجل واحد یسبحون الله بکرة وعشیا هذا حدیث صحیح **حدثنا** سوید بن نصر نا عبد الله بن المبارك نا ابن لهیعة عن یزید بن ابی حبیب عن داؤد بن عامر بن سعد بن ابی وقاص عن ابیه عن جده عن النبی صلی الله علیه وسلم قال لو ان ما یقل ظفر مما فی الجنة بدا لتزخرفت له ما بین خوافق السموات والارض ولو ان رجلا من اهل الجنة اطلع فبدا اساوره لطمس ضوء الشمس کما تطمس الشمس ضوء النجوم هذا حدیث غریب لا نعرفه بهذا الاسناد الا من حدیث ابن لهیعة وقد روی یحیی بن ایوب هذا الحدیث عن یزید بن ابی حبیب وقال عن عمر بن سعد بن ابی وقاص عن النبی صلی الله علیه وسلم

انمیں سے ہر ایک مرد کے لئے دو عورتیں ہونگی ہر ایک عورت پر ستر لباس ہونگے انکی پنڈلیوں کا گودا انکے اندر سے ظاہر ہوگا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** اہل جنت کے جماع کی صفت میں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان اور محمد بن بشار نے کہا ان دونوں نے حدیث کی ہمسے ابو داؤد طیالسی نے عمران قطان سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے ہر ایک مومن جنت میں اتنی اتنی قوت جماع کی دیا جائیگا کسی نے کہا یا رسول اللہ کیا وہ اسکی طاقت رکھیگا فرمایا آپ نے سو کی قوت دیا جائیگا۔ اور اس باب میں روایت ہے زید بن ارقم سے۔ یہ حدیث صحیح غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو طریق قتادہ سے جو راوی ہے انس سے مگر طریق عمران قطان سے **باب** اہل جنت کی صفت میں **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا خبر دی ہمکو ابن مبارک نے کہا خبر دی ہمکو معمر نے ہمام بن منبہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پہلا گروہ جو جنت میں داخل ہوگا صورت انکی مثل صورت چودھویں رات کے چاند کے ہوگی۔ نہ انکو تھوک آئیگا اور نہ رینٹ اور نہ پیخانہ۔ برتن انکے اسمیں سونے سے ہونگے اور کنگھیاں انکی سونے اور چاندی سے اور بخور انکے عود سے اور پسینہ انکا مشک ہوگا اور انمیں سے ہر ایک کے واسطے دو عورتیں ہونگی۔ انکی پنڈلیوں کا گودا بسبب حسن کے گوشت کے اندر سے نظر آئیگا۔ انمیں کچھ اختلاف اور بغض نہ ہوگا۔ دل انکے ایک مرد کے دل کی طرح ہونگے۔ صبح اور شام اللہ تعالی کی تسبیح کرینگے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے یزید بن ابی حبیب سے اُسنے داؤد بن عامر بن سعد بن ابی وقاص سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے اگر برابر اُس چیز کے کہ جسکو ناخن اُٹھاتے ہیں ظاہر ہو جائے اُن چیزوں سے کہ جنت میں ہیں تو روشن کر دے اس چیز کو جو درمیان اطراف آسمانوں اور زمین کے ہے۔ اور اگر ایک مرد بھی اہل جنت سے جھانکے اور اُسکے کنگن ظاہر ہوں تو آفتاب کی روشنی کو مٹا دیں جیسا کہ آفتاب ستاروں کی روشنی کو مٹاتا ہے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو ساتھ اس اسناد کے مگر طریق ابن لہیعہ سے۔ اور روایت کیا ہے یحیی بن ایوب نے اس حدیث کو یزید بن ابی حبیب سے اور کہا یہ روایت ہے بواسطہ عمر بن سعد بن ابی وقاص کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے

لہ مراد اس سے یہ ہے کہ وہ مثلا بیس اور تیس عورتوں کے ساتھ جماع کریگا قوت دیا جائیگا یا مراد یہ ہے کہ وہ اتنی بار جماع کرنے کی قوت دیا جائیگا ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲

کھال گر پڑیگی پھر جب اسکو پی لیگا تو وہ اسکی آنتونکو کاٹ دیگا یہانتک کہ وہ اسکی دبر سے نکلے گا۔ اللہ تبارک و تعالی فرماتا ہی وسقوا ماء
حمیما فقطع امعاءھم یعنے وہ پانی گرم پلائے جائینگے سو وہ انکی آنتونکو کاٹ دیگا۔ اور فرماتا ہی پروردگار وان یستغیثوا یغاثوا بماء کالمھل یشوی
الوجوہ بئس الشراب وساءت مرتفقا یعنے اگر وہ فریاد رسی چاہینگے تو فریاد رسی انکی ایسے پانی گرم سے ہوگی کہ جلا دیگا منھونکو برا ہی پینا اور بری
ہی جگہ ٹہرنے کی۔ یہ حدیث غریب ہی۔ ایسا ہی کہا محمد بن اسمٰعیل نے کہ روایت کی اُسنے عبید اللہ بن بسر سے اور عبید اللہ بن بسر پہچانا نہین
گیا سوائے اس حدیث کے۔ اور روایت کی ہی صفوان بن عمرو نے عبد اللہ بن بسر سے جو صاحب نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا ہی
سوائے اس حدیث کے اور عبد اللہ بن بسر کا ایک بھائی ہی کہ اُسنے نبی صلعم سے سنا ہی اور بہن اُسکی نے بھی نبی صلعم سے سنا ہی۔ اور عبید اللہ بن بسر کہ جس سے
صفوان بن عمرو نے حدیث ابی امامہ کی روایت کی ہی شاید وہ عبد اللہ بن بسر کا بھائی ہوگا **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے
کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ نے کہا حدیث کی ہمسے رشدین بن سعد نے کہا حدیث کی مجھے عمرو بن حارث نے دراج سے اُسنے ابی الہیثم
سے اُسنے ابی سعید خدری سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے کالمھل کی تفسیر مین فرمایا آپ نے وہ چیز مثل میل تیل کے ہی سو جب وہ
اسکی طرف قریب کیجائیگی تو اُسکے منہ کی کھال اسمین گر پڑیگی اور ساتھ اسی اسناد کے ہی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے دوزخ کے شیمے کی
چار دیوارین ہین موٹائی ہر ایک دیوار کی چالیس برس کی مسافت ہی

لسنتين بقيتا من خلافة عمر **حدثنا** عبد بن حميد نا حسن بن موسى عن ابن لهيعة عن دراج عن ابي الهيثم عن ابي سعيد
عن النبي صلى الله عليه وسلم قال الصعود جبل من نار يتصعد فيه الكافر سبعين خريفا ويهوى فيه كذلك ابدا هذا حديث
غريب لانعرفه مرفوعا الا من حديث ابن لهيعة **باب** ما جاء في عظم اهل النار **حدثنا** علي بن حجر نا محمد بن عمار ثني جدي
محمد بن عمار وصالح مولى التوأمة عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ضرس الكافر يوم القيمة مثل احد وفخذه
مثل البيضاء ومقعده من النار مسيرة ثلاث مثل الربذة قوله مثل الربذة يعني كما بين المدينة والربذة والبيضا جبل هذا
حديث حسن غريب **حدثنا** ابو كريب نا مصعب بن المقدام عن فضيل بن غزوان عن ابي حازم عن ابي هريرة
رفعه قال ضرس الكافر مثل احد هذا حديث حسن وابو حازم هو الاشجعي واسمه سلمان مولى عزة الاشجعية **حدثنا**
هناد نا علي بن مسهر عن الفضل بن يزيد عن ابي المخارق عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الكافر
ليسحب لسانه الفرسخ والفرسخين يتوطاه الناس هذا حديث انما نعرفه من هذا الوجه والفضل بن يزيد
كوفي قد روى عنه غير واحد من الائمة وابو المخارق ليس بمعروف **حدثنا** العباس بن محمد الدوري نا
عبيد الله بن موسى نا شيبان عن الاعمش عن ابي صالح عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ان غلظ
جلد الكافر اثنتان واربعون ذراعا وان ضرسه مثل احد وان مجلسه من جهنم ما بين مكة والمدينة هذا
حديث حسن غريب صحيح من حديث الاعمش **باب** ما جاء في صفة شراب اهل النار **حدثنا** ابو كريب نا
رشدين بن سعد عن عمرو بن الحارث عن دراج عن ابي الهيثم عن ابي سعيد عن النبي صلى الله عليه وسلم في قوله كالمهل قال كعكر الزيت

کہ حضرت عمر کی خلافت سے دو برس باقی رہے تھے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے حسن بن موسی نے
ابن لہیعہ سے اُسنے دراج سے اُسنے ابی الہیثم سے اُسنے ابی سعید سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے صعود کہ جسکا
ذکر کلام اللہ میں آیا ہے وہ آگ کا پہاڑ ہے اسپر کافر کو ستر برس چڑھایا جاویگا اور اسیطرح اسمین گرایا جاویگا ہمیشہ یہ حدیث غریب ہے نہیں
پہچانتے ہم اسکو مرفوع مگر طریق ابن لہیعہ سے **باب** اس بیان میں کہ دوزخیوں کے قد بڑے ہونگے **حدیث** کی ہمسے علی بن
حجر نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن عمار نے کہا حدیث کی مجھے میرے دادا محمد بن عمار نے اور صالح نے جو مولی توءمہ کا ہے انھوں نے ابی ہریرہ
سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ڈاڑھ کافر کی قیامت کے دن مثل احد کے ہوگی اور چوتڑ اسکے مثل بیضا کے اور
مقعد اسکی دوزخ میں تین رات کا فاصلہ ہوگا مثل ربذہ کے مراد اس سے یہ ہے کہ جیسا کہ مدینہ اور ربذہ میں تین رات کی مسافت ہے
ویسا ہی اسکی مقعد تین رات کے فاصلہ پر پڑی ہوگی اور بیضا ایک پہاڑ کا نام ہے (جیسا کہ احد) یہ حدیث غریب ہے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب
نے کہا حدیث کی ہمسے مصعب بن مقدام نے فضیل بن غزوان سے اُسنے ابی حازم سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے اسکو مرفوع کیا ہے فرمایا آپنے
ڈاڑھ کافر کی مثل احد کے ہوگی۔ یہ حدیث حسن ہے اور ابو حازم وہ اشجعی ہے نام اسکا سلمان ہے مولی ہے عزہ اشجعیہ کا **حدیث** کی ہمسے ہناد نے
کہا حدیث کی ہمسے علی بن مسہر نے فضل بن یزید سے اُسنے ابی المخارق سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے
بیشک کافر کی زبان کھینچی جاویگی ایک فرسنگ اور دو فرسنگ تک اسکو آدمی روندینگے اس حدیث کو ہم فقط اسی طریق سے ہی پہچانتے
ہیں۔ اور فضل بن یزید کوفی ہے اس سے کئی ایک اماموں نے روایت کی ہے۔ اور ابو المخارق معروف نہیں ہے **حدیث** کی ہمسے
عباس بن محمد دوری نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے شیبان نے اعمش سے اُسنے ابی صالح
سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے کافر کے چمڑے کی غلظت بیالیس گز ہوگی اور
ڈاڑھ اسکی مثل احد کے۔ اور جگہ بیٹھنے اسکے کی دوزخ میں مکہ سے مدینہ تک۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے طریق اعمش سے
باب دوزخیوں کے پینے کی صفت میں **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے رشدین بن سعد نے
عمرو بن حارث سے اُسنے دراج سے اُسنے ابی الہیثم سے اُسنے ابی سعید سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی
تفسیر میں کالمہل فرمایا آپ نے مثل میل تیل کے ہے

ربنا اخرجنا منها فان عدنا فانا ظالمون قال فيجيبهم اخسئوا فيها ولا تكلمون قال فعند ذلك يئسوا من كل خير وعند ذلك يأخذون في الزفير والحسرة والويل قال عبد الله بن عبد الرحمن والناس لا يرفعون هذا الحديث قال وانما روى هذا الحديث عن الاعمش عن شمر بن عطية عن شهر بن حوشب عن ام الدرداء عن ابي الدرداء قوله وليس بمرفوع وقطبة بن عبد العزيز هو ثقة عند اهل الحديث **حدثنا** سويد بن نصر انا ابن المبارك عن سعيد بن يزيد ابي شجاع عن ابي السمح عن ابي الهيثم عن ابي سعيد الخدري عن النبي صلى الله عليه وسلم قال وهم فيها كالحون قال تشويه النار فتقلص شفته العليا حتى تبلغ وسط رأسه وتسترخي شفته السفلى حتى تضرب سرته هذا حديث حسن صحيح غريب وابو الهيثم اسمه سليمان بن عمرو بن عبد العتوارى وكان يتيما في حجر ابي سعيد **حدثنا** سويد بن نصر انا عبد الله انا سعيد بن يزيد عن ابي السمح عن عيسى بن هلال الصدفي عن عبد الله بن عمرو بن العاص قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو ان رصاصة مثل هذه واشار الى مثل الجمجمة ارسلت من السماء الى الارض وهي مسيرة خمسمائة سنة لبلغت الارض قبل الليل ولو انها ارسلت من رأس السلسلة لسارت اربعين خريفا الليل والنهار قبل ان تبلغ اصلها او قعرها هذا حديث اسناده حسن صحيح **باب** ما جاء ان ناركم هذه جزء من سبعين جزءا من نار جهنم **حدثنا** سويد بن نصر انا عبد الله بن المبارك انا معمر عن همام بن منبه عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ناركم هذه التي يوقد بنو آدم جزء واحد من سبعين جزءا من حر جهنم قالوا والله ان كانت لكافية يا رسول الله قال فانها فضلت بتسعة وستين جزءا كلهن مثل حرها هذا حديث حسن صحيح وهمام بن منبه هو اخو وهب بن منبه وقد روى عنه وهب **باب** منه **حدثنا** عباس بن محمد الدوري انا عبيد الله بن موسى

اے رب ہمارے نکال ہمکو اس سے پس اگر پھر ہم عود کریں تو بیشک ہم ظالم ہیں فرمایا آپنے سو اللہ تعالیٰ انکو یہ جواب دیگا دور ہو جاؤ تم اسی میں اور مجھسے مت بولو فرمایا آپنے پس اسوقت وہ ہر نیکی سے ناامید ہونگے اور اسوقت وہ واویلا اور حسرت اور ویل میں شروع ہونگے کہا عبد اللہ بن عبد الرحمٰن نے اور لوگ اس حدیث کو مرفوع نہیں کرتے۔ اور مروی ہے یہ حدیث اعمش سے اُسنے روایت کی شمر بن عطیہ سے اُسنے شہر بن حوشب سے اسنے ام الدرداء سے اسنے ابی الدرداء سے قول اسکا۔ اور مرفوع نہیں۔ اور قطبہ بن عبد العزیز محدثین کے نزدیک ثقہ ہیں **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا خبر دی ہمکو ابن مبارک نے سعید بن یزید ابی شجاع سے اُسنے ابی السمح سے اُسنے ابی الہیثم سے اُسنے ابی سعید خدری سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے اس آیت کی تفسیر میں وہم فیہا کالحون یعنے وہ اسمیں ترش رو ہونگے فرمایا آپ نے جلا دیگی انکو آگ پس انکا اوپر کا ہونٹ ایسا منقبض ہوگا کہ درمیان سر کو پہونچ جائیگا اور نیچے کا ہونٹ ایسا ڈھیلا ہوگا کہ ناف کو پہونچ جائیگا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ اور ابو الہیثم کا نام سلیمان بن عمرو بن عبد العتواری ہے اور یہ یتیم تھا ابی سعید کی گود میں **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ نے کہا خبر دی ہمکو سعید بن یزید نے ابی السمح سے اُسنے عیسیٰ بن ہلال صدفی سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر ٹکڑا رصاص کا مثل اسکے (اور اشارت کی آپنے طرف مثل پیالہ کے) آسمان سے زمین کی طرف بھیجا جاوے حالانکہ وہ پانسو برس کا راستہ ہے تو زمین پر رات سے پہلے پہونچ جاوے۔ اور اگر وہ زنجیر (جسکا ذکر قرآن مجید میں ہے) کے اوپر سے بھیجا جاوے تو رات دن چالیس برس چلتا رہے پہلے اس سے کہ اسکی جڑ اور قعر کو پہونچے۔ یہ ایسی حدیث ہے کہ اسناد اسکی حسن صحیح ہے **باب** اس بیان میں کہ دنیا کی آگ ستروان حصہ ہے دوزخ کی آگ سے **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن مبارک نے کہا خبر دی ہمکو معمر نے ہمام بن منبہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے تمھاری یہ آگ کہ جس سے بنی آدم جلاتے ہیں ستروان حصہ ہے دوزخ کی حرارت سے کہا لوگوں نے قسم ہے اللہ کی یہی کافی تھی یا رسول اللہ فرمایا آپ نے وہ تو نناوے حصے اسپر زیادہ کی گئی ہے ہر ایک حصہ اسکا مثل اسکی حرارت کے ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ہمام بن منبہ وہ بھائی وہب بن منبہ کا ہے اور اس سے وہب نے روایت کی ہے **باب** اُسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے عباس بن محمد دوری نے کہا خبر دی ہمکو

---

[1] غرض یہ کہ پیالہ کے برابر کوئی بوجھ والی چیز آسمان سے زمین کی طرف پھینکی جاوے تو زمین پر ایک رات میں پہونچ جاوے برخلاف اسکے کہ اگر وہ چیز زنجیر سے (جو دوزخ میں ہے جیسا کہ خدا نے فرمایا ہے فی سلسلة ذرعها سبعون ذراعا) نیچے کو پھینکی جاوے تو چالیس برس میں بھی دوزخ کے قعر کو نہ پہونچے ۱۲

وبهٰذا الاسناد عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لو ان دلوا من غساق یهراق فی الدنیا لانتن اهل الدنیا هٰذا حدیث انما نعرفه من حدیث رشدین بن سعد وفی رشدین بن سعد مقال **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو داؤد نا شعبة عن الاعمش عن مجاهد عن ابن عباس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرأ هٰذه الاٰية اتقوا اللہ حق تقاته ولا تموتن الا وانتم مسلمون قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو ان قطرة من الزقوم قطرت فی دار الدنیا لافسدت علی اهل الدنیا معایشهم فکیف بمن یکون طعامه هٰذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی صفة طعام اهل النار **حدثنا** عبد اللہ بن عبد الرحمٰن نا عاصم بن یوسف نا قطبة بن عبد العزیز عن الاعمش عن شمر بن عطیة عن شهر بن حوشب عن ام الدرداء عن ابی الدرداء قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یلقی علی اهل النار الجوع فیعدل ماهم فیه من العذاب فیستغیثون فیغاثون بطعام من ضریع لا یسمن ولا یغنی من جوع فیستغیثون بالطعام فیغاثون بطعام ذی غصة فیذکرون انهم کانوا یجیزون الغصص فی الدنیا بالشراب فیستغیثون بالشراب فیدفع الیهم الحمیم بکلالیب الحدید فاذا دنت من وجوههم شوت وجوههم فاذا دخلت بطونهم قطعت ما فی بطونهم فیقولون ادعوا خزنة جهنم فیقولون الم تک تاتیکم رسلکم بالبینات قالوا بلٰی قالوا فادعوا وما دعاء الکافرین الا فی ضلال قال فیقولون ادعوا مالکا فیقولون یا مالک لیقض علینا ربک قال فیجیبهم انکم ماکثون قال الاعمش نبئت ان بین دعائهم وبین اجابة مالک ایاهم الف عام قال فیقولون ادعوا ربکم فلا احد خیر من ربکم فیقولون ربنا غلبت علینا شقوتنا وکنا قوما ضالین

اور ساتھ اسی اسناد کے ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے اگر ایک ڈول دوزخیوں کی پیپ سے زمین میں گرایا جائے تو تمام دنیا والے بودار ہو جائیں۔ اس حدیث کو ہم فقط طریق رشدین بن سعد سے ہی پہچانتے ہیں۔ اور رشدین بن سعد کے حق میں کلام ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے اعمش سے اُسنے مجاہد سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی اتقوا اللہ حق تقاتہ ولا تموتن الا وانتم مسلمون یعنے ڈرو اللہ سے حق اسکے ڈرنیکا اور نہ مرو تم مگر تم مسلمان ہو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر بالفرض ایک قطرہ تھوہڑ سے مقام دنیا میں گر پڑے تو اہل دنیا کی معیشت کی چیزونکو خراب کر دے پس کسطرح حال ہے اُس شخص کا کہ جسکا یہ کھانا ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** دوزخیوں کے کھانے کی صفت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عبداللہ بن عبد الرحمٰن نے کہا حدیث کی ہمسے عاصم بن یوسف نے کہا حدیث کی ہمسے قطبہ بن عبد العزیز نے اعمش سے اُسنے شمر بن عطیہ سے اُسنے شہر بن حوشب سے اُسنے ام الدرداء سے اُسنے ابی الدرداء سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دوزخیوں پر اسقدر بھوک ڈالی جائیگی کہ وہ اُس عذاب کے برابر ہوگی جسمیں وہ ہونگے پھر وہ فریادرسی چاہینگے تو انکی فریادرسی ضریع کے کھانے سے کیجائیگی کہ نہ وہ کھانا موٹا کرتا ہے اور نہ کفایت کرتا ہے بھوک سے پھر وہ فریادرسی چاہینگے ساتھ کھانے کے سو وہ فریادرسی کئے جاوینگے ساتھ کھانے گلے میں پھندنے والے کے پھر وہ یاد کرینگے کہ دنیا میں ہم گلے میں پھندنے والی چیزونکو ساتھ پانی کے دفع کرتے تھے سو وہ پانی چاہینگے پس انکی طرف پانی گرم ساتھ لوہے کے کانٹونکے دفع کیا جائیگا سو جب وہ انکے منھونکے قریب ہوگا تو انکے منھونکو جلا دیگا اور جب وہ انکے پیٹوں میں داخل ہوگا تو کاٹ ڈالیگا اس چیز کو جو انکے پیٹ میں ہوگی پھر وہ آپسمیں کہیں گے پکارو دوزخ کے دربانونکو سو وہ کہیں گے کیا تمہارے پاس رسول دلائل نہ لائے کہیں گے کیوں نہیں کہیں گے فرشتے پس پکارو اور نہیں پکار کافرونکی مگر بیچ گمراہی کے یعنے تمہاری پکار کا اب کوئی فائدہ نہیں پھر وہ آپسمیں کہیں گے پکارو مالک کو (جو کہ تمام دربانونکا افسر ہے) سو وہ کہیں گے ای مالک چاہیے کہ ہمپر تیرا رب موت بھیجے فرمایا آپ نے سو وہ انکو جواب دیگا کہ تم اب یہاں ہی ٹھہرنے والے ہو کہا اعمش نے مجھے خبر ملی ہے کہ درمیان انکی پکار کے اور مالک کے جواب دینے میں ہزار برس ہے یعنے ہزار برس تک پکارتے رہینگے تو مالک انکو یہ جواب دیگا کہ تم یہاں ہی ٹھہرے رہوگے فرمایا آپ نے پھر کہیں گے اپنے رب کو پکارو سو کوئی شخص تمہارے رب سے بہتر نہیں سو وہ کہیں گے ای رب ہمارے غالب ہوئی ہمپر بدبختی ہماری اور ہم قوم گمراہ تھے

[1] پہلے پہل دوزخی تمام دربانونکو پکارینگے کہ شاید انکے وسیلے سے عذاب رفع ہو جب اُنسے ناامید ہونگے تو انکے افسر مالک کو پکارینگے جب اس سے بھی ناامید ہونگے تو پروردگار کو پکارینگے جب اس سے بھی ناامید ہونگے تو پھر

عن انس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یقول اللہ اخرجوا من النار من ذکرنی یوما او خافنی فی مقام ھذا حدیث حسن
غریب حدثنا ھناد نا ابو معویۃ عن الاعمش عن ابراھیم عن عبیدۃ السلمانی عن عبد اللہ بن مسعود
قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی لاعرف اخر اھل النار خروجا رجل یخرج منھا زحفا فیقول
یارب قد اخذ الناس المنازل قال فیقال لہ انطلق الی الجنۃ فادخل الجنۃ قال فیذھب لیدخل
فیجد الناس قد اخذوا المنازل فیرجع فیقول یارب قد اخذ الناس المنازل قال فیقال لہ اتذکر
الزمان الذی کنت فیہ فیقول نعم فیقال لہ تمن قال فیتمنی فیقال لہ فان لک الذی تمنیت وعشرۃ
اضعاف الدنیا قال فیقول اتسخر بی وانت الملک قال فلقد رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ضحک حتی بدت نواجذہ ھذا حدیث حسن صحیح حدثنا ھناد نا ابو معویۃ عن الاعمش عن
المعرور بن سوید عن ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی لاعرف اخر اھل النار خروجا
من النار واخر اھل الجنۃ دخولا الجنۃ یؤتی برجل فیقول سلوا عن صغار ذنوبہ واخبؤا کبارھا فیقال لہ عملت
کذا وکذا یوم کذا وکذا عملت کذا وکذا یوم کذا وکذا قال فیقال لہ فان لک مکان کل سیئۃ حسنۃ قال فیقول یارب
لقد عملت اشیاء ما اراھا ھھنا قال فلقد رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یضحک حتی بدت نواجذہ ھذا حدیث حسن
صحیح حدثنا ھناد نا ابو معویۃ عن الاعمش عن ابی سفیان عن جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعذب
ناس من اھل التوحید فی النار حتی یکونوا فیھا حمما ثم تدرکھم الرحمۃ فیخرجون ویطرحون علی ابواب الجنۃ قال

اسنے انس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے فرماویگا اللہ تعالیٰ نکالو آگ سے اسکو کہ جسنے مجھے ایکدن بھی یاد کیا ہو یا کسی جگہ
میں مجھسے ڈرا ہو یہ حدیث حسن غریب ہے حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے
عبیدہ سلمانی سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے البتہ میں پہچانتا ہوں دوزخیوں میں سے جو سب
سے پیچھے دوزخ سے نکلیگا وہ ایسا مرد ہوگا کہ گھٹنوں کے بل گھسٹتا ہوا نکلیگا پس کہے گا اے رب میرے لوگوں نے تو مقام لئے ہیں فرمایا
آپ نے سو اس سے کہا جائیگا بہشت کی طرف چل اور بہشت میں داخل ہو فرمایا آپ نے وہ داخل ہونیکے واسطے جائیگا پس پائیگا کہ
لوگوں نے تمام جگہ پکڑلی ہے سو وہ لوٹ آئیگا اور کہے گا اے رب میرے لوگوں نے تو تمام مقام لیلیا ہے فرمایا آپ نے پس اس سے کہا جائیگا
کیا تو یاد رکھتا ہے اس زمانے کو کہ جسمیں تو تھا سو وہ کہے گا کہ ہاں سو اس سے کہا جائیگا کہ مانگ فرمایا آپ نے سو وہ اپنی خواہش کے
موافق مانگے گا پھر اس سے کہا جائیگا پس تیرے واسطے ہے جو تو نے خواہش کی ہے اور دس گنے دنیا کے فرمایا آپ نے سو وہ کہے گا کیا تو
مجھسے ٹھٹھا کرتا ہے حالانکہ تو بادشاہ ہے کہا راوی نے سو میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ ہنس پڑے یہانتک کہ آپ کے دانت
مبارک ظاہر ہوگئے[1] یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے معرور بن سوید
سے اُسنے ابی ذر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے البتہ میں پہچانتا ہوں دوزخیوں میں سے جو سب سے پیچھے دوزخ سے
نکلیگا اور بہشتیوں میں سے جو سب سے پیچھے بہشت میں داخل ہوگا۔ ایک مرد لایا جائیگا سو پروردگار فرمائیگا سوال کرو اس سے
اسکے چھوٹے گناہوں کی بابت اور چھپا رکھو اسکے کبیرے گناہوں کو سو اس سے کہا جائیگا تو نے فلان فلان کام فلان فلان دن میں کیا ہے
اور فلان فلان کام فلان فلان دن میں فرمایا آپ نے پس اس سے کہا جائیگا سو تیرے واسطے ہر برائی کے بدلے نیکی ہے فرمایا آپ نے
سو وہ کہے گا اے رب میرے میں نے تو ایسے عمل کئے ہیں کہ میں انکو یہاں نہیں دیکھتا کہا راوی نے پس میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو
دیکھا کہ مسکرائے یہانتک کہ آپ کے دانت مبارک ظاہر ہوئے یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے
ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابی سفیان سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اہل توحید کو دوزخ میں عذاب
دیا جائیگا یہانتک کہ وہ اسمیں کوئلہ ہو جائینگے پھر انکو رحمت پہونچ جائیگی سو وہ نکالے جائینگے اور جنت کے دروازوں پر ڈالے جائینگے فرمایا آپنے

[1] اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگرچہ مسلمان گناہ کے سبب دوزخ میں پڑیگا لیکن آخر کو مکفوفات جوکی اور معلوم ہوا کہ جنت کی وسعت بیحد و بیحساب ہے آدمی کے خیال میں نہیں آسکتی ۱۲

عبید اللہ بن موسی انا شیبان عن فراس عن عطیۃ عن ابی سعید عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال نارکم ھذہ جزء من سبعین جزأ من نار جھنم لکل جزء منھا حرھا ھذا حدیث حسن غریب من حدیث ابی سعید **حدثنا** عباس بن محمد الدوری البغدادی نا یحیی بن ابی بکیر نا شریک عن عاصم عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اوقد علی النار الف سنۃ حتی احمرت ثم اوقد علیھا الف سنۃ حتی ابیضت ثم اوقد علیھا الف سنۃ حتی اسودت فھی سوداء مظلمۃ **حدثنا** سوید بن نصر انا عبد اللہ عن شریک عن عاصم عن ابی صالح او رجل اخر عن ابی ھریرۃ نحوہ ولم یرفعہ وحدیث ابی ھریرۃ فی ھذا موقوف اصح ولا اعلم احدا رفعہ غیر یحیی بن ابی بکیر عن شریک **باب** ماجاء ان للنار نفسین وماذکر من یخرج من النار من اھل التوحید **حدثنا** محمد بن عمر بن الولید الکندی الکوفی نا المفضل بن صالح عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشتکت النار الی ربھا وقالت اکل بعضی بعضا فجعل لھا نفسین نفسا فی الشتاء ونفسا فی الصیف فاما نفسھا فی الشتاء فزمھریر واما نفسھا فی الصیف فسموم ھذا حدیث حسن صحیح وقد روی عن ابی ھریرۃ من غیر وجہ والمفضل بن صالح لیس عند اھل الحدیث بذاک الحافظ **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابوداؤد نا شعبۃ وھشام عن قتادۃ عن انس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال قال ھشام یخرج من النار وقال شعبۃ اخرجوا من النار من قال لا الہ الا اللہ وکان فی قلبہ من الخیر ما یزن شعیرۃ اخرجوا من النار من قال لا الہ الا اللہ وکان فی قلبہ من الخیر ما یزن برۃ اخرجوا من النار من قال لا الہ الا اللہ وکان فی قلبہ ما یزن ذرۃ وقال شعبۃ ما یزن ذرۃ مخففۃ وفی الباب عن جابر وعمران بن حصین ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن رافع نا ابوداؤد عن مبارک بن فضالۃ عن عبید اللہ بن ابی بکر بن انس

عبید اللہ بن موسی نے کہا خبر دی ہمکو شیبان نے فراس سے اُسنے عطیہ سے اُسنے ابی سعید سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے تمھاری یہ آگ یعنے دنیا کی سترھواں حصہ ہے دوزخ کی آگ سے اسکے ہر ایک جزکے واسطے اسکی حرارت ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے طریق ابی سعید سے **حدیث** کی ہمسے عباس بن محمد دوری بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن ابی بکیر نے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے عاصم سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے دوزخ میں ہزار سال آگ جلائی گئی یہانتک کہ وہ سرخ ہوگئی پھر اسپر ہزار سال آگ جلائی گئی یہانتک کہ وہ سفید ہوگئی پھر اسپر ہزار سال آگ جلائی گئی یہانتک کہ وہ سیاہ ہوگئی سو وہ اب نہایت سیاہ ہے **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ نے شریک سے اُسنے عاصم سے اُسنے ابی صالح سے یا کسی اور مرد سے اُسنے ابی ہریرہ سے مثل اسکے اور اسکو مرفوع نہیں کیا۔ اور حدیث ابوہریرہ کی اس باب میں موقوف ہی صحیح ہے اور میں نہیں جانتا کہ کسی نے اسکو مرفوع کیا ہے سوائے یحیی بن ابی بکیر کے جو راوی ہے شریک سے۔ **باب** اس بیان میں کہ آگ کیواسطے دو سانس ہیں اور اس بیان میں کہ جو کوئی اہل توحید میں سے آگ سے نکالا جاویگا۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن عمر بن ولید کندی کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے مفضل بن صالح نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے کہا اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے آگ نے اپنے رب کے پاس شکوہ کیا اور کہا کہ میرے بعض نے بعض کو کھالیا ہے پس اللہ تعالی نے اسکے واسطے دو سانس مقرر کئے ایک سانس سرما میں اور دوسرا سانس گرمی میں پس اسکا وہ سانس جو سردی میں ہے وہ زمہریر ہے اور اسکا وہ سانس جو گرما میں ہے وہ گرمی ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ اور ابوہریرہ سے اور وجہ سے بھی مروی ہے۔ اور مفضل بن صالح محدثین کے نزدیک حافظ نہیں ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابوداؤد نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ اور ہشام نے انھوں نے قتادہ سے اُسنے انس سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہا ہشام نے نکلے گا آگ سے اور کہا شعبہ نے نکالو آگ سے اس شخص کو جو کہے لا الہ الا اللہ اور اسکے دل میں ایمان جو کے برابر ہو نکالو آگ سے اس شخص کو جو کہے لا الہ الا اللہ اور اسکے دل میں گیہوں کے برابر ایمان ہو۔ نکالو اس شخص کو جو کہے لا الہ الا اللہ اور اسکے دل میں ذرہ کے برابر ایمان ہو۔ اور کہا شعبہ نے اور اسکے دل میں جوار کے برابر ایمان ہو۔ اور اس باب میں روایت ہے جابر اور عمران بن حصین سے رضی اللہ عنہما یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن رافع نے کہا حدیث کی ہمسے ابوداؤد نے مبارک بن فضالہ سے اُسنے عبید اللہ بن ابی بکر بن انس سے

ما رأيت مثل النار نام هاربها ولا مثل الجنة نام طالبها هذا حديث انما نعرفه من حديث يحيى بن عبيد الله ويحيى بن عبيد الله ضعيف عند اهل الحديث تكلم فيه شعبة **باب** ما جاء ان اكثر اهل النار النساء **حدثنا** احمد بن منيع نا اسمعيل بن ابراهيم نا ايوب عن ابي رجاء العطاردي قال سمعت ابن عباس يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اطلعت في الجنة فرأيت اكثر اهلها الفقراء واطلعت في النار فرأيت اكثر اهلها النساء **حدثنا** محمد بن بشار نا ابن ابي عدي ومحمد بن جعفر وعبد الوهاب قالوا نا عوف عن ابي رجاء العطاردي عن عمران بن حصين قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اطلعت في النار فرأيت اكثر اهلها النساء واطلعت في الجنة فرأيت اكثر اهلها الفقراء هذا حديث حسن صحيح هكذا يقول عوف عن ابي رجاء عن عمران بن حصين ويقول ايوب عن ابي رجاء عن ابن عباس وكلا الاسنادين ليس فيهما مقال ويحتمل ان يكون ابو رجاء سمع منهما جميعا وقد روى غير عوف ايضا هذا الحديث عن ابي رجاء عن عمران بن حصين **باب حدثنا** محمود بن غيلان نا وهب بن جرير عن شعبة عن ابي اسحق عن النعمان بن بشير ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان اهون اهل النار عذابا رجل في اخمص قدميه جمرتان يغلي منهما دماغه هذا حديث حسن صحيح وفي الباب عن ابي هريرة وعباس بن عبد المطلب وابي سعيد **باب حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو نعيم نا سفيان عن معبد بن خالد قال سمعت حارثة بن وهب الخزاعي يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الا اخبركم باهل الجنة كل ضعيف متضعف لو اقسم على الله لابره الا اخبركم باهل النار كل عتل جواظ متكبر

ہین نے کوئی چیز مثل آگ کے نہین دیکھی کہ اس سے بھاگنے والا سو رہا ہو اور نہ مثل جنت کے کہ اسکا طالب سو رہا ہو۔ اس حدیث کو ہم فقط طریق یحیی بن عبید اللہ سے ہی پہچانتے ہین اور یحیی بن عبید اللہ محدثین کے نزدیک ضعیف ہے اسکے حق مین شعبہ نے کلام کیا ہے **باب** اس بیان مین کہ زیادہ دوزخ مین عورتین ہونگی **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابراہیم نے کہا حدیث کی ہمسے ایوب نے ابی رجاء عطاردی سے کہا سنا مین نے ابن عباس سے کہ کہتا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جھانکا مین نے جنت مین سو مین نے دیکھا اکثر اہل اسکے فقیر لوگ۔ اور جھانکا مین نے آگ مین سو دیکھا مین نے اکثر اہل اسکی عورتین **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی اور محمد بن جعفر اور عبد الوہاب نے کہا انھون نے حدیث کی ہمسے عوف نے ابی رجاء عطاردی سے اُسنے عمران بن حصین سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جھانکا مین نے دوزخ مین سو دیکھا مین نے اکثر اہل اسکی عورتین اور جھانکا مین نے جنت مین سو دیکھا مین نے اکثر اہل اسکے فقیر۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ایسا ہی کہتا ہے عوف بواسطہ ابی رجاء کے عمران بن حصین سے اور اسیطرح کہتا ہے ایوب بواسطہ ابی رجاء کے ابن عباس سے۔ اور ان دونون سندون مین کلام نہین ہے اور احتمال ہے کہ دونون سے اکٹھا سنا ہو۔ اور غیر عوف نے بھی یہ حدیث بواسطہ ابی رجاء کے عمران بن حصین سے روایت کی ہے **باب حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وہب بن جریر نے شعبہ سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے نعمان بن بشیر سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دوزخیون مین کمتر عذاب والا وہ مرد ہوگا کہ جسکے پانوؤن تلوون مین آگ کے دو چنگارے ہونگے جنسے اسکا بھیجا اُبلے گا ہانڈی کی طرح۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس باب مین روایت ہے ابی ہریرہ اور عباس بن عبد المطلب اور ابی سعید سے رضی اللہ عنہم۔ **باب حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو نعیم نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے معبد بن خالد سے کہا سنا مین نے حارثہ بن وہب خزاعی سے کہ کہتا سنا مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے ہان مین تمکو بہشتی لوگ بتلاؤن جو بیچارے غریب ہین لوگونکی نظرون مین حقیر اگر وہ خدا کے بھروسے پر قسم کھا بیٹھے تو خدا انکی قسم کو سچا کر دیوے۔ ہان مین تمکو بتلاؤن دوزخی لوگ جو سرکش حرام خور گھمنڈ والے ہین

۱؎ الٰہی تیری پناہ دوزخ کا کمتر اور ہلکا عذاب ایسا ہے کہ جس سے دماغ ہانڈی کیطرح جوش کریگا سخت عذاب کیسا ہوگا مراد اس حدیث سے یہ ہے کہ یہ شخص ابو طالب ہے جسنے آنحضرت کو پرورش کیا تھا جیسا کہ بخاری مین آیا ہے کہ لوگون نے آپ سے سوال کیا کہ ابو طالب نے آپکی پرورش کی ہے اسکو آپ سے کیا فائدہ پہونچیگا فرمایا آپ نے اگر وہ میری پرورش نہ کرتا تو دوزخ کے گڑھے مین ہوتا بالفعل اسکو آگ کی دو جوتیان پہنائی جائینگی جس سے اسکا دماغ ابلے گا ہانڈی کی طرح ۱۲ ۲؎ یعنے بہشت غریب عاجز و مسلمانون کا مقام ہے اور دوزخ بدخلق شکم پرور والدنیا کا مکان ہے جو بہشت کا طالب دوزخ سے ڈرتا ہے وہ غریبی اختیار کرے ظالم نہ بنے اور جو بہشت کی پرواہ نہ رکھے اور دوزخ سے

فیرش علیہما اہل الجنۃ الماء فینبتون کما ینبت الغثاء فی حمالۃ السیل ثم یدخلون الجنۃ ھذا حدیث حسن صحیح
قد روی من غیر وجہ عن جابر **حدثنا** سلمۃ بن شبیب نا عبد الرزاق نا معمر عن زید بن اسلم عن عطاء بن
یسار عن ابی سعید الخدری ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یخرج من النار من کان فی قلبہ مثقال ذرۃ من الایمان
قال ابو سعید فمن شک فلیقرأ ان اللہ لا یظلم مثقال ذرۃ ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** سوید بن نصر انا ابن
المبارک نا رشدین بن سعد قال ثنی ابن انعم عن ابی عثمن انہ حدثہ عن ابی ہریرۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
قال ان رجلین ممن دخلا النار اشتد صیاحہما فقال الرب تبارک وتعالی اخرجوھما فلما اخرجا قال لہما لای شئ اشتد
صیاحکما قالا فعلنا ذلک لترحمنا قال رحمتی لکما ان تنطلقا فتلقیا انفسکما حیث کنتما من النار فینطلقان فیلقی احدھما
نفسہ فیجعلہا علیہ بردا وسلاما ویقوم الآخر فلا یلقی نفسہ فیقول لہ الرب تبارک وتعالی ما منعک ان تلقی نفسک کما القی
صاحبک فیقول یا رب انی لارجو ان لا تعیدنی فیہا بعد ما اخرجتنی فیقول لہ الرب تبارک وتعالی لک رجاءک فیدخلان
الجنۃ جمیعا برحمۃ اللہ اسناد ھذا الحدیث ضعیف لانہ عن رشدین بن سعد ورشدین بن سعد ھو ضعیف
عند اہل الحدیث عن ابن انعم وھو الافریقی والافریقی ضعیف عند اہل الحدیث **حدثنا** محمد بن بشار نا یحیی
بن سعید نا الحسن بن ذکوان عن ابی رجاء العطاردی عن عمران بن حصین عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لیخرجن
قوم من امتی من النار بشفاعتی یسمون الجہنمیین ھذا حدیث حسن صحیح وابو رجاء العطاردی اسمہ عمران بن تیم
ویقال ابن ملحان **حدثنا** سوید بن نصر انا ابن المبارک عن یحیی بن عبید اللہ عن ابیہ عن ابی ہریرۃ
قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

پس اہل جنت انپر پانی ڈالینگے سو اُگینگے جیسا کہ اُگتا ہے دانہ کوڑے سے والا رو کے کوڑے سے پھر جنت میں داخل ہونگے یہ حدیث حسن
صحیح ہے کئی وجہ سے جابر سے مروی ہے **حدیث** کی ہمسے سلمہ بن شبیب نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے
معمر نے زید بن اسلم سے اُسنے عطاء بن یسار سے اُسنے ابی سعید خدری سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نکلیگا آگ سے وہ شخص کہ
جسکے دل میں ذرہ کے برابر ایمان ہوگا کہا ابو سعید نے سو جس کسی کو شک ہو تو چاہیے کہ یہ آیت پڑھے ان اللہ لا یظلم مثقال ذرۃ یعنے
اللہ تعالی ذرہ کے برابر بھی ظلم نہیں کرتا یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا خبر دی ہمکو ابن مبارک نے
کہا حدیث کی ہمسے رشدین بن سعد نے کہا حدیث کی مجھے ابن انعم نے ابی عثمان سے یہ کہ حدیث کی اُسنے اسکو ابی ہریرہ سے اُسنے رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے دو آدمیونکا رونا پیٹنا اُن لوگوں میں سے کہ دوزخ میں داخل ہونگے بہت سخت ہوگا پس رب تبارک وتعالی
فرمائیگا کہ نکالو ان دونونکو سو جب وہ نکالے جاوینگے تو اللہ تعالی اُنسے فرمائیگا کسلئے تمہارا رونا چلانا بہت سخت تھا وہ کہیں گے
ہمنے یہ کام اسلئے کیا ہے کہ تو ہمپر رحمت کرے فرمائیگا پروردگار رحمت میری تمہارے لئے اسوقت ہے کہ اگر تم چلو اور اپنی جانونکو ڈالدو جہانکہ تم
پہلے تھے آگ سے سو وہ چلیں گے پس ایک تو انمیں سے اپنی جان کو اسمیں ڈالدیگا سو اللہ تعالی اس آگ کو اسپر ٹھنڈک اور سلامت کردیگا
اور دوسرا کھڑا رہیگا اور وہ اپنی جان کو نہ ڈالیگا پس رب تبارک وتعالی اس سے کہے گا کس چیز نے تجھے اپنی جان کے ڈالنے سے منع کیا جیسا
کہ تیرے ساتھی نے ڈالی تھی وہ کہے گا اے رب میرے میں امید کرتا ہوں کہ تو مجھے بعد نکالنے کے پھر اسمیں واپس نہ کریگا پس رب تبارک وتعالی
اس سے کہے گا تیرے واسطے تیری امید ہے یعنے تیری امید کا پھل تجھے مل جائیگا پس وہ دونوں اللہ کی رحمت سے جنت میں اکٹھا داخل ہونگے
اسناد اس حدیث کی ضعیف ہے اسلئے کہ رشدین بن سعد سے ہے اور رشدین بن سعد محدثین کے نزدیک ضعیف ہے وہ روایت کرتا ہے ابن انعم سے اور وہ
افریقی ہے اور افریقی بھی محدثین کے نزدیک ضعیف ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے حسن
بن ذکوان نے ابی رجاء عطاردی سے اُسنے عمران بن حصین سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے البتہ ایک قوم میری امت میں سے
میری شفاعت سے نکلے گی نام انکا جہنمیین ہوگا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو رجاء عطاردی کا نام عمران بن تیم ہے اور کہا گیا ہے ابن ملحان **حدیث** کی
ہمسے سوید بن نصر نے کہا خبر دی ہمکو ابن مبارک نے یحیی بن عبید اللہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے

باب ماجاء امرت ان اقاتل الناس حتى يقولوا لا اله الا الله ويقيموا الصلوٰة **حدثنا** سعيد بن يعقوب الطالقاني نا ابن المبارك نا حميد الطويل عن انس بن مالك قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم امرت ان اقاتل الناس حتى يشهدوا ان لا اله الا الله وان محمدا عبده ورسوله وان يستقبلوا قبلتنا ويأكلوا ذبيحتنا وان يصلوا صلاتنا فاذا فعلوا ذلك حرمت علينا دماءهم واموالهم الا بحقها لهم ما للمسلمين وعليهم ما على المسلمين وفي الباب عن معاذ بن جبل وابي هريرة هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه وقد رواه يحيى بن ايوب عن حميد عن انس نحوه **باب** ماجاء بني الاسلام على خمس **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان بن عيينة عن سعير بن الخمس التميمي عن حبيب بن ابي ثابت عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بني الاسلام على خمس شهادة ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله واقام الصلوٰة وايتاء الزكوٰة وصوم رمضان وحج البيت وفي الباب عن جرير بن عبد الله هذا حديث حسن صحيح وقد روي من غير وجه عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم نحو هذا وسعير بن الخمس ثقة عند اهل الحديث **حدثنا** ابو كريب نا وكيع عن حنظلة بن ابي سفيان الجمحي عن عكرمة بن خالد المخزومي عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه هذا حديث حسن صحيح **باب** ماجاء في وصف جبرئيل للنبي صلى الله عليه وسلم الايمان والاسلام **حدثنا** ابو عمار الحسين بن حريث الخزاعي نا وكيع عن كهمس بن الحسن عن عبد الله بن بريدة عن يحيى بن يعمر قال اول من تكلم في القدر معبد الجهني قال فخرجت انا وحميد بن عبد الرحمن الحميري حتى اتينا المدينة فقلنا لو لقينا رجلا من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم فسألناه عما احدث هؤلاء القوم فلقيناه يعني عبد الله بن عمر وهو خارج من المسجد قال فاكتنفته انا وصاحبي فقلت يا ابا عبد الرحمن ان قوما يقرؤن القرآن

باب اس بیان میں کہ مجھے حکم ہوا ہے کہ لوگوں سے لڑوں یہاں تک کہ وہ لا الہ الا اللہ کہیں اور نماز کو قائم کریں **حدیث** کی ہم سے سعید بن یعقوب طالقانی نے کہا حدیث کی ہم سے ابن مبارک نے کہا حدیث کی ہم سے حمید طویل نے انس بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم ہوا ہے کہ لوگوں سے لڑوں یہانتک کہ گواہی دیں اس بات کی کہ نہیں کوئی لائق عبادت کے سوائے اللہ کے اور یہ کہ محمد اسکا بندہ ہے اور رسول اسکا اور یہ کہ قبلے کی طرف منھ کریں اور ہمارے ذبیحہ کو کھائیں اور یہ کہ ہماری طرح نماز پڑھیں سو جب اُنھوں نے یہ کر لیا تو ہم پر انکی جانیں اور مال حرام ہوگئے مگر ساتھ حق کے تلفی دیں گے۔ واسطے انکے وہ فائدہ ہے جو واسطے تمام مسلمانوں کے ہے اور انکے ذمے وہ حق ہے جو تمام مسلمانوں پر ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے معاذ بن جبل اور ابی ہریرہ سے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اس طریق سے۔ اور روایت کیا ہے اسکو یحییٰ بن ایوب نے حمید سے اُسنے انس سے مثل اسکے **باب** اس بیان میں کہ اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے **حدیث** کی ہم سے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان بن عیینہ نے سعیر بن خمس تیمی سے اُسنے حبیب بن ابی ثابت سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بنیاد اسلام کی پانچ چیزوں پر ہے شہادت اس بات پر کہ اللہ کے سوائے کوئی لائق عبادت کے نہیں اور یہ کہ محمد اللہ کا رسول ہے۔ اور نماز کے قائم کرنے پر اور زکوٰۃ کے دینے پر اور رمضان کے روزہ پر اور بیت اللہ کے حج پر۔ اور اس باب میں روایت ہے جریر بن عبد اللہ سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور غیر اس وجہ سے بھی بواسطہ ابن عمر کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے مروی ہے۔ اور سعیر بن خمس محدثین کے نزدیک ثقہ ہے۔ **حدیث** کی ہم سے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہم سے وکیع نے حنظلہ بن ابی سفیان جمحی سے اُسنے عکرمہ بن خالد مخزومی سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ جو جبرئیل علیہ السلام نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایمان اور اسلام کے وصف بیان کئے ہیں **حدیث** کی ہم سے ابو عمار یعنے حسین بن حریث خزاعی نے کہا حدیث کی ہم سے وکیع نے کہمس بن حسن سے اُسنے عبد اللہ بن بریدہ سے اُسنے یحییٰ بن یعمر سے کہا اُسنے سب سے پہلے جسنے تقدیر کے بارے میں کلام کیا ہے وہ معبد جہنی ہے کہا اُسنے میں اور حمید بن عبد الرحمن حمیری نکلے یہانتک کہ ہم مدینہ میں آئے پس ہم نے کہا کہ اگر ہم کسی ایسے مرد سے ملاقات کریں جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا صحابی ہو اور اُس سے اس بات کی بابت دریافت کریں کہ جو اس قوم نے نئی بات نکالی ہے تو بہتر ہو سو ہم عبد اللہ بن عمر سے ملے اس حالت میں کہ وہ مسجد کے باہر تھا۔ کہا اُسنے پس میں نے اور میرے ساتھی نے احاطہ کر لیا پھر میں نے کہا کہ اے ابا عبد الرحمن (کنیت عبد اللہ بن عمر کی ہے) یہ قوم قرآن پڑھتی ہے

هذا حدیث حسن صحیح

ابواب الایمان عن رسول الله صلی الله علیه وسلم

باب ماجاء امرت ان اقاتل الناس حتی یقولوا لا اله الا الله

حدثنا هناد نا ابومعٰویة عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم امرت ان اقاتل الناس حتی یقولوا لا اله الا الله فاذا قالوها عصموا منی دماءهم واموالهم الا بحقها وحسابهم علی الله وفی الباب عن جابر وابی سعید وابن عمر هذا حدیث حسن صحیح حدثنا قتیبة نا اللیث عن عقیل عن الزهری اخبرنی عبیدالله بن عبدالله بن عتبة بن مسعود عن ابی هریرة قال لما توفی رسول الله صلی الله علیه وسلم واستخلف ابوبکر بعده کفر من کفر من العرب فقال عمر بن الخطاب لابی بکر کیف تقاتل الناس وقد قال رسول الله صلی الله علیه وسلم امرت ان اقاتل الناس حتی یقولوا لا اله الا الله ومن قال لا اله الا الله عصم منی ماله ونفسه الا بحقه وحسابه علی الله فقال ابوبکر والله لاقاتلن من فرق بین الصلوٰة والزکوٰة فان الزکوٰة حق المال والله لو منعونی عقالا کانوا یؤدونه الی رسول الله صلی الله علیه وسلم لقاتلتهم علی منعه فقال عمر بن الخطاب فوالله ماهو الا ان رأیت ان الله قد شرح صدر ابی بکر للقتال فعرفت انه الحق هذا حدیث حسن صحیح وهکذا روی شعیب بن ابی حمزة عن الزهری عن عبیدالله بن عبدالله بن عتبة عن ابی هریرة وروی عمران القطان هذا الحدیث عن معمر عن الزهری عن انس بن مالک عن ابی بکر وهو حدیث خطاء وقد خولف عمران فی روایته عن معمر

یہ حدیث حسن صحیح ہی۔

ابواب ایمان کے جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہین

باب اس بیان مین کہ لوگون سے اسوقت تک جنگ کرون کہ وہ لا الہ الا اللہ کہین

حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابومعاویہ نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھکو لوگونسے لڑنیکا حکم ہوا ہی یہانتک کہ وہ لا الہ الا اللہ کہین سو جب انھون نے لا الہ الا اللہ کہا تو انھون نے مجھسے اپنی جان اور مال بچایا[1] مگر دین کے حق تلفی کا بدلہ باقی ہی اور اُنکا حساب اللہ کے ذمے ہی۔ اور اس باب مین روایت ہی جابر اور ابی سعید اور ابن عمر سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث صحیح ہی

حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے عقیل سے اُسنے زہری سے کہا خبر دی مجھے عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود نے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فوت ہوے اور حضرت ابوبکر صدیق آپکے بعد خلیفہ ہوے تو کافر ہوا جو کافر ہوا عرب سے[2] پس کہا حضرت عمر بن خطاب نے حضرت ابوبکر سے آپ کسطرح لوگونسے جنگ کر سکتے ہین حالانکہ فرمایا ہی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھکو لوگونسے لڑنیکا حکم ہوا ہی یہانتک کہ وہ لا الہ الا اللہ کہین سو جسنے کہ لا الہ الا اللہ کہا تو اُسنے اپنا مال اور جان بچایا مگر دین کی حق تلفی کا بدلہ باقی ہی اور اسکا حساب خدا کے ذمے ہی پس کہا ابوبکر صدیق نے قسم ہی اللہ کی البتہ مین جنگ کرونگا اُس شخص سے جو درمیان نماز اور زکوٰۃ کے فرق کرے اسلئے کہ زکوٰۃ حق مال کا ہی قسم ہی اللہ کی اگر مجھے منع کرینگے رسی سے بھی کہ اسکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف ادا کرتے تھے تو مین اُنسے اسکے منع کرنے پر لڑائی کرونگا پس کہا حضرت عمر بن خطاب نے سو قسم ہی اللہ کی دیکھا مین نے کہ اللہ تعالی نے حضرت ابوبکر صدیق کا سینہ لڑائی کے واسطے کھول دیا ہی پھر مجھے معلوم ہوا کہ وہی حق ہی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ اور ایسا ہی روایت کی ہی شعیب بن ابی حمزہ نے زہری سے اُسنے عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے! اور روایت کیا ہی عمران القطان نے اس حدیث کو معمر سے اُسنے زہری سے اُسنے انس بن مالک سے اُسنے ابی بکر سے۔ اور یہ حدیث خطا ہی اور خلاف کیا گیا ہی عمران اپنی روایت مین معمر سے

---

[1] یعنے جب آدمی مسلمان ہوا اور کلمہ پڑھا تو اسکی جان اور مال لینا حرام ہی لیکن اگر ناحق خون کریگا تو مارا جاویگا یا مال کا ضامن ہوگا تو اس سے مال لایا جاویگا اور اگر وہ خوف سے مسلمان ہوا اور دل مین کافر رہا تو اس سے خدا حساب کریگا دلوںکے حال دریافت کرنیکا حکم قاضی اور حاکم کو نہین ۱۲

[2] بعد آنحضرت کے دو آدمی کہ جنپر مرتد کا اطلاق آیا ہی دو قسم کے ہوگئے تھے ایک تو وہ تھے جو بالکل منکر ہو کر مسیلمہ کذاب وغیرہ سے مل گئے اور دوسرے وہ لوگ تھے جو ایمان سے تو مرتد نہوے تھے مگر انھوں نے فرضیت زکوٰۃ کا انکار کیا اور کہا کہ یہ خاص حق آنحضرت کا تھا جب وہ فوت ہوگئے تو یہ حق بھی جاتا رہا جب حضرت ابوبکر نے ان دونوں گروہ سے لڑائی کا ارادہ کیا تو حضرت عمر نے دوسری قسم کے گروہ کے بارے مین کہا کہ تمنے لڑنا کیونکر درست ہی حالانکہ یہ لا الہ الا اللہ کہتے مین حضرت ابوبکر نے فرمایا کہ جیسے نماز حق ہی بدنکا ویسا ہی زکوٰۃ حق ہی مال کا جیسا کہ نماز کے منکر سے لڑائی کرنی درست ہی ویسا ہی زکوٰۃ کے منکر سے پس اسی پر تمام صحابہ حضرت ابوبکر کی رائے کے متفق ہوے اس سے ثابت ہوا کہ اب جو کوئی کسی رکن ایمان کا منکر ہوگا تو وہ بالاجماع کافر ہی اور یہ جو حضرت ابوبکر نے فرمایا ہی کہ اگر مجھے منع کرینگے رسی سے بھی مراد اس سے یہ ہی کہ اگر دسفی

والصحیح هو عن ابن عمر عن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم **باب** ماجاء فی اضافة الفرائض الی الایمان **حدثنا** قتیبة نا عباد بن عباد المهلبی عن ابی جمرة عن ابن عباس قال قدم وفد عبد القیس علی رسول الله صلی الله علیه وسلم فقالوا انا هذا الحی من ربیعة ولسنا نصل الیك الا فی الشهر الحرام فمرنا بشیٔ ناخذه عنك وندعوا الیه من وراءنا فقال آمركم باربع الایمان بالله ثم فسرها لهم شهادة ان لا اله الا الله وانی رسول الله واقام الصلوٰة وایتاء الزکوٰة وان تؤدوا خمس ما غنمتم **حدثنا** قتیبة نا حماد بن زید عن ابی جمرة عن ابن عباس عن النبی صلی الله علیه وسلم مثله هذا حدیث حسن صحیح وابو جمرة الضبعی اسمه نصر بن عمران وقد روی شعبة عن ابی جمرة ایضا وزاد فیه اتدرون ما الایمان شهادة ان لا اله الا الله وانی رسول الله فذکر الحدیث سمعت قتیبة بن سعید یقول ما رأیت مثل هؤلاء الفقهاء الاشراف الاربعة مالك بن انس واللیث بن سعد وعباد بن عباد المهلبی وعبد الوهاب الثقفی قال قتیبة وکنا نرضی ان نرجع کل یوم من عند عباد بن عباد بحدیثین وعباد بن عباد هو من ولد المهلب ابن ابی صفرة **باب** فی استکمال الایمان والزیادة والنقصان **حدثنا** احمد بن منیع البغدادی نا اسمٰعیل بن علیة نا خالد الحذاء عن ابی قلابة عن عائشة قالت قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان من اکمل المؤمنین ایمانا احسنهم خلقا والطفهم باهله وفی الباب عن ابی هریرة وانس بن مالك هذا حدیث حسن ولا نعرف لابی قلابة سماعا من عائشة وقد روی ابو قلابة عن عبد الله بن یزید رضیع لعائشة عن عائشة غیر هذا الحدیث وابو قلابة اسمه عبد الله بن زید الجرمی **حدثنا**

اور صحیح یہ ہے کہ یہ حدیث ابن عمر سے بواسطہ حضرت عمر کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے **باب** بیان میں اضافت فرائض کی طرف ایمان کے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عباد بن عباد مہلبی نے ابی جمرہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے قبیلہ عبد القیس کے قاصد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہنے لگے ہم جو یہ گروہ ہیں قوم ربیعہ سے ہیں اور ہم آپ تک نہیں پہونچ سکتے مگر حرام کے مہینوں میں سو ہمکو آپ کوئی چیز بتلائیے کہ ہم اسکو آپ سے سیکھ لیں اور ہمارے پیچھے لوگ ہیں انکو اسکی طرف بلائیں یعنے انکو اسکی ہدایت کریں پس فرمایا آپ نے میں تمکو چار چیزوں کا حکم دیتا ہوں ایمان لانا ساتھ اللہ کے پھر آپ نے اسکی تفسیر کر کے انکو تعلیم کیا کہ ایمان یہ ہے کہ گواہی دینی اس بات کی کہ اللہ کے سوائے کوئی لائق پرستش کے نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں دوسرا حکم قائم کرنا نماز کا تیسرا دینا زکوٰۃ کا چوتھا غنیمت سے پانچواں حصہ ادا کرنا **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ابی جمرہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو جمرہ ضبعی کا نام نصر بن عمران ہے۔ اور روایت کیا ہے شعبہ نے بھی ابی جمرہ سے اور اُسنے اسمیں زیادہ کیا ہے کہ کیا تم جانتے ہو کہ ایمان کیا چیز ہے شہادت دینی اس بات کی کہ اللہ کے سوائے کوئی لائق پرستش کے نہیں اور یہ کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ پھر اُسنے اسطرح ذکر کیا۔ سنا میں نے قتیبہ بن سعید سے کہ کہتا ہیں نے کوئی شخص مثل ان چار فقیہوں اشراف کے نہیں دیکھا۔ مالک بن انس اور لیث بن سعد اور عباد بن عباد مہلبی اور عبد الوہاب ثقفی۔ کہا قتیبہ نے ہم راضی ہوتے تھے اس بات پر کہ ہر روز عباد بن عباد کے پاس سے دو حدیثیں پڑھکر واپس ہوں۔ اور عباد بن عباد وہ مہلب بن ابی صفرہ کی اولاد سے ہے۔ **باب** ایمان کے کامل کرنے میں اور زیادتی اور نقصان میں **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن علیہ نے کہا حدیث کی ہمسے خالد حذاء نے ابی قلابہ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کامل تر مومنوں سے ایمان میں وہ شخص ہے جو اچھا ہے خلق میں اور بہت مہربان ہے ساتھ اپنی عیال کے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور انس بن مالک سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن ہے اور ہم ابی قلابہ کا سماع عائشہ سے نہیں پہچانتے اور روایت کیا ہے ابو قلابہ نے عبد اللہ بن یزید سے جو رضاعی بھائی حضرت عائشہ کا ہے اُسنے عائشہ سے غیر اس حدیث کو۔ اور ابو قلابہ کا نام عبد اللہ بن زید جرمی ہے **حدیث** کی ہمسے

---

[1] حرام کے مہینے ذوالقعدہ اور ذوالحج اور محرم اور رجب ہیں ان مہینوں میں تمام ملک عرب کے کفار لڑنا مارنا حرام جانتے تھے اور ملک میں لوٹ سے امن رہتا تھا اسی واسطے یہ لوگ کہنے لگے کہ سوائے ان مہینوں کے ہم آپ تک نہیں پہونچ سکتے کیونکہ درمیان ہمارے اور آپ کے قوم مضر رہتی ہے اور وہ لوٹ لیتی ہے ۱۲ [2] غرض اس سے یہ ہے کہ ابو قلابہ کا سماع حضرت عائشہ سے ثابت نہیں ایک اور حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ابو قلابہ بواسطہ عبد اللہ بن یزید کے حضرت عائشہ سے روایت کرتا ہے بلا واسطہ ۱۲

ويتقفرون العلم ويزعمون ان لا قدر وان الامر انف قال فاذا لقيت اولئك فاخبرهم انى منهم برئ وانهم منى براء والذى يحلف به عبد الله لو ان احدهم انفق مثل احد ذهبا ما قبل ذلك منه حتى يؤمن بالقدر خيره وشره قال ثم انشاء يحدث فقال قال عمر بن الخطاب كنا عند رسول الله صلى الله عليه وسلم فجاء رجل شديد بياض الثياب شديد سواد الشعر لا يرى عليه اثر السفر ولا يعرفه منا احد حتى اتى النبى صلى الله عليه وسلم فالزق ركبته بركبته ثم قال يا محمد ما الايمان قال ان تؤمن بالله وملائكته وكتبه ورسله واليوم الاخر والقدر خيره وشره قال فما الاسلام قال شهادة ان لا اله الا الله وان محمدا عبده ورسوله واقام الصلوٰة وايتاء الزكوٰة وحج البيت وصوم رمضان قال فما الاحسان قال ان تعبد الله كانك تراه فان لم تكن تراه فانه يراك قال فى كل ذلك يقول له صدقت قال فتعجبنا منه يسأله ويصدقه قال فمتى الساعة قال ما المسئول عنها باعلم من السائل قال فما امارتها قال ان تلد الامة ربتها وان ترى الحفاة العراة العالة رعاء الشاء يتطاولون فى البنيان قال عمر فلقينى النبى صلى الله عليه وسلم بعد ذلك بثلاث فقال يا عمر هل تدرى من السائل ذلك جبرئيل اتاكم يعلمكم امر دينكم **حدثنا** احمد بن محمد نا ابن المبارك نا كهمس بن الحسن بهذا الاسناد نحوه بمعناه **حدثنا** محمد بن المثنى نا معاذ بن هشام عن كهمس بهذا الاسناد نحوه بمعناه وفى الباب عن طلحة بن عبيد الله وانس بن مالك وابى هريرة هذا حديث صحيح حسن وقد روى من غير وجه نحو هذا وقد روى هذا الحديث عن ابن عمر عن النبى صلى الله عليه وسلم

اور علم سیکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تقدیر کچھ نہیں ہے اور امر مستانف ہے یعنے پہلے تقدیر میں کچھ ہو نہیں چکا بلکہ بعد کام کرنے لوگوں کے لکھے جاتے ہیں۔ کہا عبد اللہ بن عمر نے سو جب تو اس قوم سے ملے تو انکو خبر دیدے کہ میں اُنسے بری ہوں اور وہ مجھسے بری ہیں۔ اور جسکے ساتھ عبد اللہ قسم کھاتا ہے وہ یہ ہے کہ اگر کوئی انہیں سے احد کے برابر سونا خرچ کرے تو اس سے قبول نہ ہوگا یہانتک کہ وہ ایمان لائے ساتھ تقدیر اچھی اور بری کے کہا اُسنے پھر عبد اللہ نے حدیث بیان کرنی شروع کی سو کہا عبد اللہ نے کہ کہا عمر بن خطاب نے کہ ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے کہ ایک مرد نمودار ہوا نہایت سفید کپڑے کمال سیاہ بال والا۔ کہ اسپر کچھ سفر کا اثر نہ معلوم ہوتا تھا اور نہ ہم میں سے کوئی اسکو پہچانتا تھا یہانتک کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اپنا زانو حضرت کے زانو سے ملایا پھر کہا اُسنے اے محمد ایمان کیا چیز ہے فرمایا آپ نے ایمان یہ ہے کہ تو مان لے اللہ کو اور اسکے فرشتوں کو اور اسکے رسولونکو اور دن پچھلے کو یعنے قیامت کو اور تقدیر کو بھلی اسکی کو اور بری اسکی کو کہا اُسنے اسلام کیا چیز ہے فرمایا آپ نے شہادت اس امر کی کہ اللہ کے سوائے کوئی لائق پرستش کے نہیں اور یہ کہ محمد اسکا بندہ ہے اور رسول اسکا اور قائم کرنا نماز کا اور دینا زکوٰۃ کا اور بیت اللہ کا حج کرنا اور رمضان کے روزے رکھنا۔ کہا اُسنے احسان کیا چیز ہے فرمایا آپ نے وہ یہ ہے کہ تو اللہ کی ایسی طرح عبادت کرے جیسے کہ اسکو دیکھ رہا ہو سو اگر اسطرح کا دیکھنا تجھسے نہ ہو سکے تو یوں جان کہ وہی تجھکو دیکھتا ہے۔ کہا راوی نے وہ شخص ہر بات میں کہتا تھا کہ آپ نے سچ کہا ہے کہا حضرت عمر نے پس ہم اس سے متعجب ہوے کہ خود ہی سوال کرتا ہے اور خود ہی اسکی تصدیق کرتا ہے یعنے خود ہی دریافت کرتا ہے اور خود جانتا بھی ہے۔ کہا اُسنے سو قیامت کب ہے فرمایا آپ نے جواب دینے والا پوچھنے والے سے اسکو زیادہ تر نہیں جانتا۔ کہا اُسنے اسکی علامتیں کیا ہیں فرمایا آپ نے یہ کہ لونڈی[1] اپنے مالک اور مربی کو جنے۔ اور یہ کہ دیکھے تو ننگے پانوں ننگے بدن محتاج بکریاں چرانے والونکو کہ بڑائیاں مارینگے عمارت میں یعنے کمینے اور بے حقیقت لوگ دولتمند ہوں بڑی بڑی عمارتیں بنا کر فخر کریں۔ کہا حضرت عمر نے پھر مجھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم بعد تین روز کے ملے اور فرمایا اے عمر تو جانتا ہے کہ وہ سائل کون تھا وہ جبرئیل علیہ السلام تھے وہ تمکو دین سکھلانے کے واسطے آئے تھے **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے کہمس بن حسن نے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے بالمعنے **حدیث** کی ہمسے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے معاذ بن ہشام نے کہمس سے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے بالمعنے۔ اور اس باب میں روایت ہے طلحہ بن عبید اللہ اور انس بن مالک اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہم یہ حدیث صحیح حسن ہے اور غیر وجہ سے بھی مثل اسکے مروی ہے اور یہ حدیث بواسطہ ابن عمر کے بھی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے۔

[1] مراد اس سے یہ ہے کہ لونڈیاں بہت ہونگی اور اولاد بمنزلہ مولی ہوگی کیونکہ اولاد حسب نسب میں مثل باپ کے ہے یا یہ کہ لونڈیاں بادشاہ سے جنینگی اور خود بمنزلہ رعایا کے ہونگی یا مراد یہ کہ زمانہ خراب ہو جائیگا کہ اولاد والدہ کے ساتھ معاملہ سرداری کا کریگی یعنے نافرمان ہوگی ۱۲

قال احمد بن منیع فی حدیثہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم سمع رجلا یعظ اخاہ هذا حدیث حسن صحیح وفی الباب
عن ابی ہریرۃ **باب** ماجاء فی حرمۃ الصلوٰۃ **حدثنا** ابن ابی عمر نا عبداللہ بن معاذ الصنعانی عن معمر عن عاصم بن
ابی النجود عن ابی وائل عن معاذ بن جبل قال کنت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی سفر فاصبحت یوما قریبا منہ ونحن نسیر
فقلت یارسول اللہ اخبرنی بعمل یدخلنی الجنۃ ویباعدنی عن النار قال لقد سالتنی عن عظیم وانہ لیسیر علی من یسرہ
اللہ علیہ تعبد اللہ ولا تشرک بہ شیئا وتقیم الصلوٰۃ وتؤتی الزکوٰۃ وتصوم رمضان وتحج البیت ثم قال الا ادلک
علی ابواب الخیر الصوم جنۃ والصدقۃ تطفی الخطیئۃ کما یطفی الماء النار وصلوٰۃ الرجل من جوف اللیل قال ثم تلا تتجافی
جنوبہم عن المضاجع یدعون ربہم حتی بلغ یعملون ثم قال الا اخبرک براس الامر کلہ وعمودہ وذروۃ سنامہ قلت بلی
یارسول اللہ قال راس الامر الاسلام وعمودہ الصلوٰۃ وذروۃ سنامہ الجہاد ثم قال الا اخبرک بملاک ذلک کلہ قلت
بلی یارسول اللہ قال فاخذ بلسانہ قال کف علیک هذا فقلت یانبی اللہ وانا لمؤاخذون بما نتکلم بہ فقال ثکلتک
امک یامعاذ وهل یکب الناس فی النار علی وجوہہم او علی مناخرہم الا حصائد السنتہم هذا حدیث حسن صحیح
حدثنا ابن ابی عمر نا عبداللہ بن وہب عن عمرو بن الحارث عن دراج ابی السمح عن ابی الہیثم عن ابی سعید قال
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رأیتم الرجل یتعاهد المسجد فاشہدوا لہ بالایمان فان اللہ یقول انما یعمر
مساجد اللہ من امن باللہ والیوم الاخر واقام الصلوٰۃ واتی الزکوٰۃ الآیۃ هذا حدیث حسن غریب

کہا احمد بن منیع نے اپنی حدیث میں ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد کو سنا کہ وہ اپنے بھائی کو نصیحت کر رہا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے **باب** نماز کی تعظیم کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن معاذ صنعانی نے معمر سے اُسنے عاصم بن ابی النجود سے اُسنے ابی وائل سے اُسنے معاذ بن جبل سے کہا اُسنے میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا سفر میں۔ سو ایکدن میں آپ کے قریب ہوا اس حالت میں کہ چل رہے تھے پس میں نے کہا یارسول اللہ مجھے کوئی عمل بتلائیے کہ جنت میں داخل کرے۔ اور دوزخ سے دور رکھے فرمایا آپ نے تو نے بڑے کام سے سوال کیا ہے حالانکہ وہ آسان ہے اس شخص پر کہ جسپر اللہ تعالیٰ آسان کرے۔ اللہ کی عبادت کر اور اسکے ساتھ کسی کو شریک مت بنا اور نماز کو قائم کر اور زکوٰۃ ادا کر اور رمضان کے روزے رکھ اور بیت اللہ کا حج کر پھر فرمایا آپ نے ہاں میں تجھے نیکی کے دروازے بتلاتا ہوں روزہ ڈھال ہے یعنے گناہوں سے بچاتا ہے۔ اور صدقہ بجھاتا ہے گناہوں کو جیسے پانی بجھاتا ہے آگ کو۔ اور آدمی کی نماز پڑھنی درمیان رات کے کہا راوی نے پھر آپ نے یہ آیت پڑھی تتجافی جنوبہم عن المضاجع یعنے دور رہتی ہیں کروٹیں انکی خوابگاہ سے پکارتے ہیں اپنے رب کو یہانتک کہ آپ نے یعملون تک پڑھی پھر فرمایا آپ نے ہاں میں بتلاتا ہوں تجھکو تمام عملوں کا سردار اور ستون انکا اور بلندی کوہان لشکے کی میں نے کہا ہاں بتلائیے یارسول اللہ فرمایا آپ نے تمام عملوں کا سردار اسلام ہے اور ستون انکا نماز ہے اور بلندی انکی کوہان کی جہاد ہے۔ پھر فرمایا آپ نے ہاں میں تمکو خبر دیتا ہوں ساتھ ایسی چیز کے کہ جس سے سبکا استحکام ہے میں نے کہا ہاں یارسول اللہ کہا راوی نے پھر آپ نے اپنی زبان مبارک کو پکڑ کر فرمایا اسکو اوپر اپنے بند رکھ پھر میں نے کہا ای نبی اللہ کے اور کیا ہمکو مواخذہ ہوگا ساتھ اسکے کہ ہم کلام کرتے ہیں پس فرمایا آپ نے پیٹے تجھے ماں تیری ای معاذ لوگوں کو منہ کے بل یا فرمایا آپ نے ناک کے بل آگ میں تو زبانوں کا کاٹنا ہی ڈالیگا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن وہب نے عمرو بن حارث سے اُسنے دراج یعنے ابی السمح سے اُسنے ابی الہیثم سے اُسنے ابی سعید سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب دیکھو تم کسی مرد کو کہ مسجد کی خدمت کرتا ہے تو اسکے واسطے ایمان کی شہادت دو اسلیے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے انما یعمر مساجد اللہ الخ یعنے بیشک اللہ تعالیٰ کی مسجدیں انکو وہی شخص آباد کرتا ہے جو ایمان لاتا ہے ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے اور قائم کرتا ہے نماز کو اور دیتا ہے زکوٰۃ کو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے

ف غرض آپ کی اس آیت سے یہ تھی کہ اس میری بات کی تصدیق کلام اللہ میں موجود ہے ۱۲ ف یعنے منہ سے جو لوگ عموما بکواس کرتے رہتے ہیں یعنے گالی گلوج شکوے شکایت کرتے رہتے ہیں انھیں سبب سے کتنے لوگ دوزخ میں گرینگے ۱۲

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر آنحضرت کے حجرے کے سوراخ سے جھانکا اور آنحضرت کے پاس لوہے کی کنگھی تھی اس سے اپنے سر مبارک
کو کنگھی کر رہے تھے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر میں جانتا کہ تو دیکھتا ہے تو میں یہی تیری آنکھ میں چبھو دیتا بیشک اذن مانگنا نظر کو
بچانے کے واسطے مقرر کیا گیا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اذن طلب کرنے سے
پہلے سلام کرنا۔ **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے روح بن عبادہ نے ابن جریج سے کہا خبر دی مجھے عمرو
بن ابی سفیان نے یہ کہ عمرو بن عبد اللہ بن صفوان نے اسکو خبر دی ہے یہ کہ کلدہ بن حنبل نے اسکو خبر دی ہے یہ کہ صفوان بن امیہ نے اسکو
دودھ اور پیوسی اور چھوٹے چھوٹے کھیرے دیکر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بھیجا۔ اور آنحضرت اسوقت اعلی وادی میں تھے کہا اُسنے سو میں
آپ پر داخل ہوا اور نہ اذن طلب کیا اور نہ سلام دیا پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لوٹ جا پھر کہہ السلام علیکم کیا میں داخل ہوجاؤں
اور یہ قصہ بعد اسلام لانے صفوان کے ہوا ہے۔ کہا عمرو نے خبر دی مجھے ساتھ اس حدیث کے امیہ بن صفوان نے اور نہیں کہا اُسنے سنا میں نے
اسکو کلدہ سے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق ابن جریج سے۔ اور نیز روایت کیا اسکو ابو عاصم نے ابن جریج سے
مثل اسکے۔ **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن مبارک نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے محمد بن منکدر سے اُسنے جابر
سے کہا اُسنے میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر قرض کے بارے میں جو میرے باپ پر تھا اذن طلب کیا پس فرمایا آپنے کون ہے یہ
میں نے کہا میں ہوں پس فرمایا آپنے میں میں[1] گویا آپنے اسکو مکروہ جانا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ مرد کا اپنے عیال کے پاس
رات کو آنا سفر سے مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے اسود بن قیس سے اُسنے نبیح عنزی سے اُسنے جابر سے

ف ۱ یعنے کلمہ میں عام ہے جیسا کہ تجھپر صادق آتا ہے ایسا ہی مجھپر صادق آتا ہے اس سے سائل کو کچھ فائدہ نہیں ہوتا کہ جس سے ابہام دور ہو
بلکہ لائق یہ ہے کہ اسکے جواب میں نام بتلانا چاہیے ۱۲

قال یسلم الراکب علی الماشی والماشی علی القاعد والقلیل علی الکثیر وزاد ابن المثنی فی حدیثہ ویسلم الصغیر علی الکبیر وفی الباب عن عبد الرحمٰن بن شبل وفضالۃ بن عبید وجابر ھٰذا حدیث قد روی من غیر وجہ عن ابی ھریرۃ وقال ایوب السختیانی ویونس بن عبید وعلی بن زید ان الحسن لم یسمع من ابی ھریرۃ **حدثنا** سوید بن نصر نا عبد اللہ نا حیوۃ بن شریح اخبرنی ابو ھانی الخولانی عن ابی علی الجنبی عن فضالۃ بن عبید ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال یسلم الفارس علی الماشی والماشی علی القائم والقلیل علی الکثیر ھٰذا حدیث حسن صحیح وابو علی الجنبی اسمہ عمرو بن مالک **حدثنا** سوید بن نصر نا عبد اللہ بن المبارک نا معمر عن ھمام بن منبہ عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یسلم الصغیر علی الکبیر والمار علی القاعد والقلیل علی الکثیر ھٰذا حدیث حسن صحیح **باب** التسلیم عند القیام والقعود **حدثنا** قتیبۃ نا اللیث عن ابن عجلان عن سعید المقبری عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا انتھی احدکم الی مجلس فلیسلم فان بدا لہ ان یجلس فلیجلس ثم اذا قام فلیسلم فلیست الاولی باحق من الاخرۃ ھٰذا حدیث حسن وقد روی ھٰذا الحدیث عن ابن عجلان ایضا عن سعید المقبری عن ابیہ عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **باب** الاستیذان قبالۃ البیت **حدثنا** قتیبۃ نا ابن لھیعۃ عن عبید اللہ بن ابی جعفر عن ابی عبد الرحمٰن الحبلی عن ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من کشف سترا فادخل بصرہ فی البیت قبل ان یؤذن لہ فرأی عورۃ اھلہ فقد اتی حدا لا یحل لہ ان یأتیہ لو انہ حین ادخل بصرہ استقبلہ رجل ففقأ عینیہ ما غیرت علیہ وان مر رجل علی باب لا ستر لہ غیر مغلق فنظر فلا خطیئۃ علیہ انما الخطیئۃ علی اھل البیت وفی الباب عن ابی ھریرۃ وابی امامۃ ھٰذا حدیث

کہ فرمایا آپ نے سوار پیادے پر سلام دے اور چلنے والا بیٹھنے والے پر۔ اور تھوڑے بہتوں پر۔ اور ابن مثنٰی نے اپنی حدیث میں زیادہ کیا ہے کہ چھوٹا بڑے پر۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد الرحمٰن بن شبل اور فضالہ بن عبید اور جابر سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث کئی وجہ سے ابی ہریرہ سے مروی ہو کر کہا ایوب سختیانی اور یونس بن عبید اور علی بن زید نے یہ کہ حسن نے ابی ہریرہ سے سنا نہیں ہے **حدیث** کی ہم سے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہم سے عبد اللہ نے کہا حدیث کی ہم سے حیوہ بن شریح نے کہا خبر دی مجھے ابو ہانی خولانی نے ابی علی جنبی سے اُنہوں نے فضالہ بن عبید سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوار پیادہ کو سلام دے اور پیادہ کھڑے ہونے والے کو اور تھوڑے بہتوں کو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو علی جنبی کا نام عمرو بن مالک ہے **حدیث** کی ہم سے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہم سے عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہم سے معمر نے ہمام بن منبہ سے اُنہوں نے ابی ہریرہ سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے چھوٹا بڑے کو سلام دے۔ اور چلنے والا بیٹھنے والے کو اور تھوڑے بہتوں کو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** کھڑا ہوتے اور بیٹھتے کے وقت سلام کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے لیث نے ابن عجلان سے اُنہوں نے سعید مقبری سے اُنہوں نے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی تم میں سے کسی مجلس میں پہونچے تو چاہیے کہ سلام دے۔ سو اگر وہاں اُسکے بیٹھنے کی مرضی ہو تو بیٹھے پھر اگر کھڑا ہو تو سلام کرے پس نہیں ہے پہلا زیادہ لائق پچھلے سے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور نیز یہ حدیث مروی ہے ابن عجلان سے اُنہوں نے روایت کی سعید مقبری سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے ابی ہریرہ سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے۔ **باب** اذن طلب نا سامنے گھر کے۔ **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے ابن لہیعہ نے عبید اللہ بن ابی جعفر سے اُنہوں نے ابی عبد الرحمٰن حبلی سے اُنہوں نے ابی ذر سے کہا اُنہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پردہ اُٹھائے اور اپنی نظر اذن لینے سے پہلے کسی کے گھر میں داخل کرے اور اسکے عیال کی جائے پردہ دیکھے تو وہ ایسی حد کا مستحق ہوا کہ اسکو اسکا مستحق ہونا حلال نہیں تھا اگر وہ شخص جبکہ اُسنے نظر داخل کی تھی اسکے سامنے آتا اور اسکی آنکھ کو پھوڑ دے تو میں اُسپر کچھ غیرت نہیں کرتا یعنی مجھے اسکی آنکھ پھوڑ دینے پر کچھ غیرت نہیں آتی کہ اُسنے یہ کام کیوں کیا بیشک وہ اسکے مستحق تھا۔ اور اگر کوئی آدمی کسی ایسے دروازے پر گذرا کہ اُسپر پردہ نہیں نہ وہ بند کیا ہوا ہے اور اُسنے نظر ڈالی تو اُسپر کچھ گناہ نہیں بلکہ گناہ گھر والوں پر ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور ابی امامہ سے رضی اللہ عنہما یہ حدیث

ف۔ یعنی جیسا کہ پہلا سلام اس بات کی خبر دیتا ہے کہ تم لوگ میری مجلس میں حاضر ہونے سے میری شرارت سے سلامت ہو یعنی میں تمہارے ساتھ اپنی موجودگی کے وقت بری کسی شرارت کا نہیں

باب فی مکاتبة المشرکین **حدثنا** یوسف بن حماد البصری نا عبد الاعلی عن سعید عن قتادة عن انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتب قبل موتہ الی کسری والی قیصر والی النجاشی والی کل جبار یدعوھم الی اللہ ولیس بالنجاشی الذی صلی علیہ ھذا حدیث حسن صحیح غریب **باب** کیف یکتب الی اھل الشرک **حدثنا** سوید بن نصر نا عبد اللہ بن المبارک نا یونس عن الزھری قال اخبرنی عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبة عن ابن عباس انہ اخبرہ ان اباسفیان بن حرب اخبرہ ان ھرقل ارسل الیہ فی نفر من قریش وکانوا تجارا بالشام فاتوہ فذکر الحدیث قال ثم دعا بکتاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقرئ فاذا فیہ بسم اللہ الرحمن الرحیم من محمد عبد اللہ ورسولہ الی ھرقل عظیم الروم السلام علی من اتبع الھدی اما بعد ھذا حدیث حسن صحیح وابوسفیان اسمہ صخر بن حرب **باب** ماجاء فی ختم الکتاب **حدثنا** اسحق بن منصور اخبرنا معاذ بن ھشام ثنی ابی عن قتادة عن انس بن مالک قال لما اراد نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یکتب الی العجم قیل لہ ان العجم لایقبلون الا کتابا علیہ خاتم فاصطنع خاتما قال فکانی انظر الی بیاضہ فی کفہ ھذا حدیث حسن صحیح **باب** کیف السلام **حدثنا** سوید انا عبد اللہ بن المبارک انا سلیمن بن المغیرة نا ثابت البنانی نا ابن ابی لیلی عن المقداد بن الاسود قال اقبلت انا وصاحبان لی قد ذھبت اسماعنا وابصارنا من الجھد فجعلنا نعرض انفسنا علی اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلیس احد یقبلنا فاتینا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاتی بنا اھلہ فاذا ثلاثة اعنز فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم احتلبوا ھذا اللبن وکنا نحتلبہ فیشرب کل انسان نصیبہ ویرفع لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نصیبہ فیجیٔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اللیل فیسلم تسلیما لایوقظ النائم ویسمع الیقظان ثم یاتی المسجد فیصلی ثم یاتی شرابہ فیشربہ

باب مشرکوں کی طرف خط لکھنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے یوسف بن حماد بصری نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الاعلی نے سعید سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس بن مالک سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فوت ہونے سے پہلے کسری اور قیصر اور نجاشی اور ہر ایک سرکش کی طرف خط لکھا آپنے اُنکو اللہ کی طرف بلایا۔ اور یہ نجاشی وہ نہیں کہ جسپر آپنے نماز جنازہ پڑھی تھی۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہی۔ **باب** مشرکوں کی طرف کسطرح لکھا جائے۔ **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے یونس نے زہری سے کہا خبر دی مجھے عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ نے ابن عباس سے یہ کہ خبر دی ہی اُسنے اسکو یہ کہ ابا سفیان بن حرب نے اسکو خبر دی ہی کہ ہرقل بادشاہ روم نے اسکی طرف قریش[1] کے لوگوں میں آدمی بھیجا اور وہ شام میں تاجر تھے سو وہ اسکے پاس آئے پھر اُسنے حدیث ذکر کی کہا اُسنے پھر اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خط منگوایا اور وہ اُسپر پڑھا گیا تو اُسمیں یہ لکھا تھا بسم اللہ الرحمن الرحیم یہ خط ہی محمد (صاحب) سے جو اللہ کا بندہ اور رسول اسکا ہی طرف ہرقل کے جو روم کا سردار ہی سلامتی ہو اُسپر جو تابعداری کرلے ہدایت کی پیچھے حمد کے واضح ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ اور ابوسفیان کا نام صخر بن حرب ہی۔ **باب** خط پر مُہر لگانے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن منصور نے کہا خبر دی ہمکو معاذ بن ہشام نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے قتادہ سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عجم کے بادشاہوں کی طرف خط لکھنے کا ارادہ کیا تو آپسے کہا گیا کہ عجمی لوگ نہیں قبول کرتے مگر اُس خط کو کہ جسپر مُہر لگی ہو پس آپنے مُہر بنوائی کہا راوی نے گویا میں اب اسکی سفیدی کی طرف آپکے ہاتھ میں دیکھ رہا ہوں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی **باب** سلام کسطرح ہی **حدیث** کی ہمسے سوید نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن مبارک نے کہا خبر دی ہمکو سلیمان بن مغیرہ نے کہا حدیث کی ہمسے ثابت بنانی نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی لیلی نے مقداد بن اسود سے کہا اُسنے میں اور دو میرے صاحب (مدینہ میں) آئے اُس حالت میں کہ ہمارے کان اور آنکھیں بھوکھ کی تکلیف سے جاتی رہیں تھیں پس ہم اپنی جانیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحابوں کے پیش کرتے تھے یعنی ہم اُنکو کہتے تھے کہ ہمکو کھانا دو سو کوئی ہمکو قبول نہیں کرتا تھا پھر ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے سو آپ ہمکو اپنے گھر میں لائے دیکھا تو وہاں تین بکریاں موجود ہیں پس فرمایا آپنے انکا دودھ دوہو۔ اور ہم انکا دودھ دوہتے تھے اور ہر ایک آدمی اپنا حصہ پی لیتا تھا اور آنحضرت کیواسطے انکا حصہ رکھ چھوڑتا تھا پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو آتے اور ایسی طرح سے سلام دیتے کہ سونے والا نہ جاگتا اور جاگنے والا سن لیتا پھر مسجد میں آتے اور نماز پڑھتے پھر اپنے دودھ کے لیے آتے اور اُسکو پیتے۔

---

[1] یہ حدیث بہت لمبی ہی بخاری کے ابتدا میں ہی چند لوگ قریش کے ملک شام میں تجارت کو گئے تھے اُنمیں سردار ابوسفیان تھا اُسی اثنا میں آنحضرت نے ہرقل کی طرف خط لکھا تھا ہرقل نے حکم دیا کہ اگر کوئی عرب کا آدمی آیا ہو تو اسکو حاضر کرو لوگوں نے ابوسفیان کو مع اسکے رفیقوں کے بادشاہ کے پاس حاضر کیا اُس وقت بادشاہ نے بہت سی باتیں ابوسفیان سے دریافت کیں پھر کی وجہ دی ہی ہیں آنحضرت کا خط پڑھا گیا اسمیں اس طرح سے لکھا تھا ۱۲

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نہاھم ان یطرقوا النساء لیلا وفی الباب عن انس وابن عمر وابن عباس ھٰذا حدیث حسن صحیح
وقد روی من غیر وجہ عن جابر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وقد روی عن ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نہاھم
ان یطرقوا النساء لیلا قال فطرق رجلان بعد نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فوجد کل واحد منہما مع امرأتہ رجلا

باب ماجاء فی تتریب الکتاب **حدثنا** محمود بن غیلان نا شبابۃ عن حمزۃ عن ابی الزبیر عن جابر ان رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا کتب احدکم کتابا فلیتربہ فانہ انجح للحاجۃ ھٰذا حدیث منکر لانعرفہ عن ابی الزبیر الا من ھٰذا
الوجہ وحمزۃ ھو ابن عمرو النصیبی وھو ضعیف فی الحدیث **باب حدثنا** قتیبۃ نا عبید اللہ بن الحارث عن عنبسۃ
عن محمد بن زاذان عن ام سعد عن زید بن ثابت قال دخلت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وبین یدیہ کاتب فسمعتہ
یقول ضع القلم علی اذنک فانہ اذکر للملی ھٰذا حدیث لانعرفہ الا من ھٰذا الوجہ وھو اسناد ضعیف محمد بن زاذان وعنبسۃ
بن عبد الرحمٰن یضعفان **باب** فی تعلیم السریانیۃ **حدثنا** علی بن حجر نا عبد الرحمٰن بن ابی الزناد عن ابیہ عن خارجۃ
بن زید بن ثابت عن ابیہ زید بن ثابت قال امرنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اتعلم لہ کلمات من کتاب یہود وقال
انی واللہ ما آمن یہود علی کتابی قال فما مربی نصف شہر حتی تعلمتہ لہ قال فلما تعلمتہ کان اذا کتب الی یہود کتبت الیہم
واذا کتبوا الیہ قرأت لہ کتابہم ھٰذا حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر ھٰذا الوجہ عن زید بن ثابت وقد رواہ الاعمش
عن ثابت بن عبید عن زید بن ثابت یقول امرنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اتعلم السریانیۃ

یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو منع کیا ہے اس بات سے کہ رات کے وقت اپنی عورتوں کے پاس آویں اور اس باب میں روایت ہے انس اور
ابن عمر اور ابن عباس سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور کئی وجہ سے بواسطہ جابر کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے اور مروی ہے
ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا انکو اس بات سے کہ عورتوں کے پاس رات کو جائیں کہا راوی نے سو دو مرد نبی صلی اللہ علیہ
وسلم کے منع کرنے کے بعد رات کو چلے آئے سو ہر ایک نے ان میں سے اپنی عورت کے ساتھ ایک ایک مرد پایا۔ غرض راوی کی اس سے یہ ہے
کہ آنحضرت کی نافرمانی کا یہ نتیجہ نکلا۔ **باب** خط کو مٹی لگانے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے شبابہ
نے حمزہ سے اُسنے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی تم میں سے خط لکھے تو چاہیے کہ اسکو مٹی لگائے[1]
اسلیے کہ یہ حاجت کو خوب پورا کرنے والی ہے۔ یہ حدیث منکر ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو ابی الزبیر سے مگر اسی طریق سے۔ اور حمزہ وہ ابن عمرو نصیبی ہے اور
حدیث میں وہ ضعیف ہے۔ **باب حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے عبید اللہ بن حارث نے عنبسہ سے اُسنے محمد بن زاذان سے
اُسنے ام سعد سے اُسنے زید بن ثابت سے کہا اُسنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر داخل ہوا اسحالت میں کہ آپکے آگے کاتب بیٹھا تھا پس
سنا میں نے آپ سے کہ فرماتے قلم کو اپنے کان میں رکھ دے اسلیے کہ یہ منشی کو یاد دلاتی ہے۔ اس حدیث کو نہیں پہچانتے ہم مگر اسی وجہ سے۔ اور یہ اسناد ضعیف
ہے۔ محمد بن زاذان اور عنبسہ بن عبد الرحمن دونوں ضعیف ہیں **باب** سریانی زبان کے سیکھنے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے
علی بن حجر نے کہا خبر دی ہمکو عبد الرحمن بن ابی زناد نے اپنے باپ سے اُسنے خارجہ بن زید بن ثابت سے اُسنے اپنے باپ زید بن ثابت سے
کہا اُسنے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے واسطے یہود کی کتاب سے چند کلمے سیکھنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ قسم ہے اللہ کی میں یہود کو
اپنی کتابت پر امین نہیں جانتا کہا زید بن ثابت نے ابھی مجھے نصف مہینہ نہیں گذرا تھا کہ میں نے اسکو سیکھ لیا کہا اُسنے سو جب میں نے اسکو سیکھ لیا
تو جب آنحضرت یہود کی طرف خط لکھتے تو میں انکی طرف لکھتا تھا اور جب وہ آپکی طرف لکھتے تو میں ہی انکا خط آپکو پڑھ کر سنا تا تھا
یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور یہ کئی وجہ سے زید بن ثابت سے مروی ہے۔ اور روایت کیا اسکو اعمش نے ثابت بن عبید سے اُسنے
زید بن ثابت سے کہ کہتا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سریانی زبان سیکھنے کا حکم دیا۔

[1] مٹی لگانیکا یہ فائدہ ہے کہ جو کوئی حرف خشک نہیں ہوتا وہ بسبب مٹی کے خشک ہو جاتا ہے پھر مٹتا نہیں جب نہ مٹا تو مطلب بھی پورا سمجھ میں آجاتا ہے بخلاف اسکے کہ اگر حرف مٹ گئے تو مطلب
میں خلل واقع ہوگا یا آپنے مٹی ڈالنے کو اسواسطے فرمایا کہ اس صورت میں تواضع ہے یعنی پروردگار پر بھروسہ کرکے مٹی پر ڈال دے کہ یا اللہ اسکو مقصود کی طرف پہونچا دے
[2] یعنی مجھے خوف رہتا ہے کہ اگر مجھے کوئی حاجت کسی کیطرف خط لکھوانے کی ہو تو جو کچھ میں لکھواؤں وہ نہ لکھیں یا زیادہ کر دیں یا کم یا جو کسی کا میری طرف خط آوے تو وہ مجکو ٹھیک ٹھیک نہ

هذا حديث حسن غريب صحيح **باب حدثنا** الانصاری نا معن نا مالک عن اسحق بن عبد الله بن ابی طلحة عن ابی مرة
عن ابی واقد اللیثی ان رسول الله صلی الله علیه وسلم بینما هو جالس فی المسجد والناس معه اذ اقبل ثلاثة نفر فاقبل اثنان الی
رسول الله صلی الله علیه وسلم وذهب واحد فلما وقفا علی رسول الله صلی الله علیه وسلم سلما فاما احدهما فرای فرجة
فی الحلقة فجلس فیها واما الآخر فجلس خلفهم واما الآخر فادبر ذاهبا فلما فرغ رسول الله صلی الله علیه وسلم قال الا اخبرکم عن
النفر الثلاثة اما احدهم فاوی الی الله فآواه الله واما الآخر فاستحیی فاستحیی الله منه واما الآخر فاعرض فاعرض الله عنه هذا حدیث
حسن صحیح وابو واقد اللیثی اسمه الحارث بن عوف وابو مرة مولی ام هانی بنت ابی طالب واسمه یزید ویقال مولی عقیل
بن ابی طالب **حدثنا** علی بن حجر نا شریک عن سماک بن حرب عن جابر بن سمرة قال کنا اذا اتینا النبی صلی الله علیه وسلم
جلس احدنا حیث ینتهی هذا حدیث حسن غریب وقد رواه زهیر بن معویة عن سماک **باب** ما جاء علی الجالس
فی الطریق **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو داود عن شعبة عن ابی اسحق عن البراء ولم یسمعه منه ان رسول الله صلی الله
علیه وسلم مر بناس من الانصار وهم جلوس فی الطریق فقال ان کنتم لابد فاعلین فردوا السلام واعینوا المظلوم واهدوا
السبیل وفی الباب عن ابی هریرة وابی شریح الخزاعی وهذا حدیث حسن **باب** ما جاء فی المصافحة **حدثنا**
سوید نا عبد الله نا حنظلة بن عبید الله عن انس بن مالک قال قال رجل یا رسول الله الرجل منا یلقی اخاه او صدیقه
اینحنی له قال لا قال افیلتزمه ویقبله قال لا قال فیأخذ بیده ویصافحه قال نعم هذا حدیث حسن **حدثنا** سوید نا عبد الله
نا همام عن قتادة قال قلت لانس بن مالک هل کانت المصافحة فی اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم قال نعم هذا حدیث حسن صحیح

یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے **باب** **حدیث** کی ہم سے انصاری نے کہا حدیث کی ہم سے معن نے کہا حدیث کی ہم سے مالک نے اسحاق بن عبد اللہ
بن ابی طلحہ سے اُسنے ابی مرہ سے اُسنے ابی واقد لیثی سے یہ کہ رسول اللہ صلعم اُسوقت ہیں کہ مسجد میں بیٹھے تھے اور اور لوگ بھی آپکے ساتھ تھے ناگاہ
تین آدمی آئے سو دو رسول اللہ صلعم کی طرف چلے آئے اور ایک چلا گیا پھر جب وہ دونوں آنحضرت کے پاس کھڑے ہوئے تو انھوں نے
سلام دیا پھر ایک نے تو اُن دونوں میں سے حلقے میں کشادگی دیکھی تو وہ اسمیں بیٹھ گیا اور دوسرا انکے پیچھے بیٹھ گیا اور تیسرا پیٹھ دیکر چلا گیا سو جب
رسول اللہ صلعم (وعظ) سے فارغ ہوئے تو فرمایا آپ نے خبردار میں تمکو ان تین آدمیوں کی خبر دیتا ہوں۔ ایک نے تو اُنمیں سے اللہ کی طرف
جگہ لی تو اللہ نے اسکو جگہ دی اور دوسرے نے شرم کی پس اللہ تعالی نے بھی اس سے شرم کی۔ اور تیسرے نے مُنہ موڑا پس اللہ تعالی
نے بھی اس سے اعراض کیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو واقد لیثی کا نام حارث بن عوف ہے اور ابو مرہ مولی ام ہانی بنت ابی طالب
کا ہے اور نام اسکا یزید ہے اور کہا گیا ہے مولی عقیل بن ابی طالب کا ہے **حدیث** کی ہم سے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہم سے شریک نے
سماک بن حرب سے اُسنے جابر بن سمرہ سے کہا اُسنے جب ہم نبی صلعم کے پاس آتے تھے تو بیٹھتا ہم میں سے جہاں کہیں کہ وہ
پہونچتا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت کیا ہے اسکو زہیر بن معاویہ نے سماک سے۔ **باب** اس بیان میں کہ راستہ میں بیٹھنے
والے پر کیا حق ہے **حدیث** کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے ابو داؤد نے شعبہ سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے براء سے
اور اُسنے اُس سے اُسکو سنا نہیں یہ کہ رسول اللہ صلعم انصاری لوگوں کے پاس گذرے اس حالت میں کہ وہ راستہ میں
بیٹھے ہوئے تھے پس فرمایا آپ نے اگر تمھیں ضرور ہی راستہ میں بیٹھنا ہے تو سلام کا جواب دو اور مظلوم کی مدد کرو اور بھولے
ہوئے کو راستہ بتلاؤ۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور ابی شریح خزاعی سے رضی اللہ عنہما۔ یہ حدیث حسن ہے۔
باب مصافحہ کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے سوید نے کہا حدیث کی ہم سے عبد اللہ نے کہا حدیث کی ہم سے حنظلہ بن
عبید اللہ نے انس بن مالک سے کہا اُسنے کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ کوئی مرد ہم میں سے اپنے بھائی یا دوست سے ملتا ہے کیا اسکے واسطے
(تعظیماً) کھڑا ہو جائے فرمایا آپ نے کہ نہیں کہا اُس مرد نے کیا گلے میں مل لے اور بوسہ لے لے فرمایا آپ نے کہ نہیں کہا اُس مرد نے اُسکا ہاتھ پکڑے
اور اُس سے مصافحہ کرے فرمایا آپ نے کہ ہاں یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہم سے سوید نے کہا حدیث کی ہم سے عبد اللہ نے کہا حدیث
کی ہم سے ہمام نے قتادہ سے کہا اُسنے میں نے انس بن مالک سے کہا کیا مصافحہ رسول اللہ صلعم کے اصحاب میں تھا کہا اُسنے ہاں یہ حدیث حسن صحیح ہے

هٰذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء في كراهية التسليم على من يبول **حدثنا** بندار ونصر بن علي قالا نا ابو احمد الزبيري
عن سفيان عن الضحاك بن عثمٰن عن نافع عن ابن عمر ان رجلا سلم على النبي صلى الله عليه وسلم وهو يبول فلم يرد عليه النبي صلى الله
عليه وسلم السلام **حدثنا** محمد بن يحيي النيسابوري نا محمد بن يوسف عن سفيان عن الضحاك بن عثمٰن بهٰذا الاسناد نحوه وفي الباب
عن علقمة بن الفغواء وجابر والبراء ومهاجر بن قنفذ هٰذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء في كراهية ان يقول عليك
السلام مبتديا **حدثنا** سويد نا عبد الله نا خالد الحذاء عن ابي تميمة الهجيمي عن رجل من قومه قال طلبت النبي صلى الله
عليه وسلم فلم اقدر عليه فجلست فاذا نفر هو فيهم ولا اعرفه وهو يصلح بينهم فلما فرغ قام معه بعضهم فقالوا يا رسول الله
فلما رأيت ذلك قلت عليك السلام يا رسول الله عليك السلام يا رسول الله عليك السلام يا رسول الله قال ان عليك السلام
تحية الميت ثم اقبل علي فقال اذا لقي الرجل اخاه المسلم فليقل السلام عليكم ورحمة الله وبركاته ثم رد على النبي صلى الله عليه وسلم
قال وعليك ورحمة الله وعليك ورحمة الله وقد روى هٰذا الحديث ابو غفار عن ابي تميمة الهجيمي عن ابي جري جابر بن سليم الهجيمي قال
اتيت النبي صلى الله عليه وسلم فذكر الحديث وابو تميمة اسمه طريف بن مجالد **حدثنا** بذلك الحسن بن علي نا ابو اسامة
عن ابي غفار المثنى بن سعيد الطائي عن ابي تميمة الهجيمي عن جابر بن سليم قال اتيت النبي صلى الله عليه وسلم فقلت عليك
السلام قال لا تقل عليك السلام ولكن قل السلام عليكم وذكر قصة طويلة هٰذا حديث حسن صحيح **حدثنا** اسحٰق بن
منصور نا عبد الصمد بن عبد الوارث نا عبد الله بن المثنى نا ثمامة بن عبد الله عن انس بن مالك ان رسول الله صلى الله عليه وسلم
كان اذا سلم سلم ثلاثا واذا تكلم بكلمة اعادها ثلاثا

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ جو کوئی پیشاب کرتا ہوا سپر سلام دینا مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے بندار اور نصر بن علی
نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے ابواحمد زبیری نے سفیان سے اُسنے ضحاک بن عثمان سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے یہ کہ ایک مرد
نے نبی صلعم پر سلام دیا اس حالت میں کہ آپ پیشاب کر رہے تھے پس آپ نے اُسکو سلام کا جواب نہ دیا **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی
نیشاپوری نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن یوسف نے سفیان سے اُسنے ضحاک بن عثمان سے ساتھ اسی اسناد کے مثل اسکے۔ اور اس باب
میں روایت ہے علقمہ بن فغواء اور جابر اور براء اور مہاجر بن قنفذ سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اس بیان میں کہ پہلے علیک السلام
کہنا مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے سوید نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ نے کہا حدیث کی ہمسے خالد حذاء نے ابی تمیمہ ہجیمی سے اُسنے اپنی قوم کے
ایک مرد سے کہا اُسنے میں نے نبی صلعم کو ڈھونڈا سو میں آپ پر قادر نہوا یعنے مجھے نہ ملے پس میں بیٹھ گیا دیکھا تو چند لوگ ہیں انہیں آپ بھی ہیں
اور میں آپکو پہچانتا نہ تھا اور آپ اُن لوگوں میں صلح کرا رہے تھے پس جب آپ فارغ ہوئے تو آپ کے ساتھ بعض لوگ انہیں سے کھڑے ہوئے
پس کہا اُنھوں نے یا رسول اللہ سو جب میں نے یہ بات دیکھی تو میں نے کہا علیک السلام یا رسول اللہ تین بار یعنے جب اُنھوں نے یا رسول اللہ
کہا تو میں آپکو پہچان گیا اور تین بار علیک السلام یا رسول اللہ کہا فرمایا آپنے علیک السلام یہ تحفہ میت کا ہے[1] پھر آپ میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ جب
کوئی مرد اپنے بھائی مسلمان سے ملے تو چاہیے کہ کہے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ پھر نبی صلعم نے مجھے سلام کا جواب دیا فرمایا وعلیک و
رحمۃ اللہ تین بار فرمایا۔ اور اس حدیث کو روایت کیا ہے ابو غفار نے ابی تمیمہ ہجیمی سے اُسنے ابی جری یعنے جابر بن سلیم ہجیمی سے کہا اُسنے
میں نبی صلعم کے پاس آیا پس اُسنے حدیث کو ذکر کیا۔ اور ابو تمیمہ کا نام طریف بن مجالد ہے **حدیث** کی ہمسے ساتھ اسکے حسن بن علی نے
کہا حدیث کی ہمسے ابو اسامہ نے ابی غفار یعنے مثنی بن سعید طائی سے اُسنے ابی تمیمہ ہجیمی سے اُسنے جابر بن سلیم سے کہا اُسنے میں نبی صلعم کے
پاس آیا اور میں نے کہا علیک السلام فرمایا آپنے علیک السلام مت کہ لیکن کہ السلام علیک اور اُسنے لمبا قصہ ذکر کیا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔
حدیث کی ہمسے اسحاق بن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالصمد بن عبدالوارث نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن مثنی نے کہا حدیث
کی ہمسے ثمامہ بن عبداللہ نے انس بن مالک سے یہ کہ رسول اللہ صلعم جب سلام دیتے[2] تو تین بار دیتے اور جب کلام کرتے تو تین بار اعادہ کرتے

[1] یعنے علیک السلام کہنا مُردوں میں عادت تھی اسلئے کہ زندہ آدمی سے تو جواب کی امید ہوتی ہے بخلاف مردہ کے اسلئے وہ پہلے ہی علیک السلام کہدیتے تھے آنحضرت نے فرمایا کہ اسطور سے سلام دینا نہیں چاہیے
بلکہ السلام علیک کہنا چاہیے اس سے یہ نہ سمجھ لینا چاہیے کہ اب میت کو اسطرح سے سلام دینا چاہیے کیونکہ سنت اسکے برخلاف قائم ہوگئی ہے سنت میں اسطرح وارد ہے سلام علیکم دار قوم مومنین الخ ۱۲ منہ

[2] [illegible]

هذا حديث حسن غريب لا نعرفه من حديث الزهري الا من هذا الوجه **باب** ماجاء في قبلة اليد والرجل **حدثنا** ابو كريب نا عبد الله بن ادريس وابو اسامة عن شعبة عن عمرو بن مرة عن عبد الله بن سلمة عن صفوان بن عسال قال قال يهودي لصاحبه اذهب بنا الى هذا النبي فقال صاحبه لا تقل نبي انه لو سمعك كان له اربعة اعين فاتيا رسول الله صلى الله عليه وسلم فسألاه عن تسع آيات بينات فقال لهم لا تشركوا بالله شيئا ولا تسرقوا ولا تزنوا ولا تقتلوا النفس التي حرم الله الا بالحق ولا تمشوا ببرئ الى ذي سلطان ليقتله ولا تسحروا ولا تاكلوا الربوا ولا تقذفوا المحصنة ولا تولوا الفرار يوم الزحف وعليكم خاصة اليهود ان لا تعتدوا في السبت قال فقبلوا يديه ورجليه وقالوا نشهد انك نبي قال فما يمنعكم ان تتبعوني قال قالوا ان داؤد دعا به ان لا يزال من ذريته نبي وانا نخاف ان تبعناك تقتلنا اليهود وفي الباب عن يزيد بن الاسود وابن عمر وكعب بن مالك وهذا حديث حسن صحيح **باب** ماجاء في مرحبا **حدثنا** اسحق بن موسى الانصاري نا معن نا مالك عن ابي النضر ان ابا مرة مولى ام هانئ بنت ابي طالب اخبره انه سمع ام هانئ تقول ذهبت الى رسول الله صلى الله عليه وسلم عام الفتح فوجدته يغتسل وفاطمة تستره بثوب قالت فسلمت فقال من هذه قلت انا ام هانئ قال مرحبا بام هانئ فذكر قصة في الحديث وهذا حديث صحيح **حدثنا** عبد بن حميد وغير واحد قالوا

یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور نہیں پہچانتے ہم اسکو طریق زہری سے مگر اسی وجہ سے **باب** ہاتھ اور پاؤن کے چومنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن ادریس اور ابو اسامہ نے شعبہ سے اُسنے عمرو بن مرہ سے اُسنے عبد اللہ بن سلمہ سے اُسنے صفوان بن عسال سے کہا اُسنے کہ کہا ایک یہودی نے اپنے صاحب سے ہمکو اس نبی کے پاس لے چل پس اُسنے اپنے دوست سے کہا نبی نہ کہ اگر وہ تجھسے سُن لیگا تو اُسکی چار آنکھیں ہو جاوینگی سو وہ دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ اور انھوں نے آپسے نو نشانیوں ظاہرہ سے سوال کیا پس فرمایا آپنے اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک مت بناؤ اور نہ اسراف کرو اور نہ زنا کرو اور نہ قتل کرو اُس جان کو کہ جسکو اللہ نے حرام کیا ہے مگر ساتھ حق کے یعنی بلا حکم شرعی کسی کو قتل نہ کرو اور نہ لیجاؤ اُس شخص کو جو بری ہو گناہ سے طرف حاکم کے کہ اسکو وہ قتل کرے اور نہ جادو کرو۔ اور سود نہ کھاؤ۔ اور پاک عورت کو تہمت مت لگاؤ اور جنگ کے دن پیٹھ مت پھیرو۔ اور خاص تمپر یہ حکم بھی ہے کہ شنبہ کے دن زیادتی نکرو۔ کہا راوی نے پس انھوں نے آنحضرت کے ہاتھ اور پاؤن چومے اور کہا کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ بیشک آپ نبی ہیں۔ فرمایا آپنے پھر کیا چیز تمکو میری تابعداری کرنے سے منع کرتی ہے کہا راوی نے سو کہا انھوں نے داؤد علیہ السلام نے اپنے رب سے دعا مانگی ہے کہ نبوت میری اُمت میں ہمیشہ رہے۔ اور ہم خوف کرتے ہیں کہ اگر ہم آپکی تابعداری کرلیں تو ہمکو یہود قتل کریں۔ اور اس باب میں روایت ہے یزید بن اسود اور ابن عمر اور کعب بن مالک سے۔ اور یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** مرحبا کہنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن موسیٰ انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے ابی النضر سے یہ کہ ابا مرہ مولی ام ہانی بنت ابی طالب نے اسکو خبر دی ہے یہ کہ سُنا اُسنے ام ہانی سے کہ کہتی ہیں فتح مکہ کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئی پس میں نے آپکو غسل کرتے ہوئے پایا اور فاطمہ کپڑے سے آپکو پردہ کر رہی تھی کہا ام ہانی نے سو میں نے آپکو سلام دیا پس فرمایا آپنے یہ کون ہے میں نے کہا میں ام ہانی ہوں فرمایا آپنے مرحبا ساتھ ام ہانی کے۔ پس اُسنے حدیث میں قصہ ذکر کیا۔ اور یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید اور کئی ایک نے کہا انھوں نے

ف۱ ظاہرا یہ معلوم ہوتا ہے کہ نو نشانیاں یعنی نو معجزے جو موسیٰ علیہ السلام کو ملے تھے جنکا ذکر قرآن مجید میں موجود ہے انکی بابت انھوں نے سوال کیا تھا پس ان صورتوں میں آگے کا کلام جو ہے متعلق نہیں ہے بلکہ نیا حکم ہے بعد اُس جواب کے ذکر کیا گیا اور چونکہ وہ نو معجزے ظاہر تھے اسلیے راوی نے انکو ذکر نہیں کیا اور جو کچھ آنحضرت نے علاوہ ان معجزوں کے بیان فرمایا تھا راوی نے انھیں ذکر کیا۔ اور ممکن ہے کہ مراد ان آیات سے یہی احکام مراد ہوں جو کہ تمام ملتوں میں برابر ہیں اسی واسطے آنحضرت نے پہلے وہ احکام بیان فرمائے جو کہ تمام ملتوں میں مستعمل تھے بعد اسکے دسواں حکم جو کہ خاص یہود سے متعلق تھا بیان فرمایا ہے ۱۲ **ف۲** آنحضرت نے جبکہ انکو جواب ایسے شافی و کافی دیے کہ جنسے انکی تسلی ہو گئی تب انھوں نے اقرار کیا کہ بیشک آپ اللہ کے نبی ہیں پھر آپنے انسے سوال کیا کہ جب تمکو یقین میری نبوت کا ہو گیا ہے تو پھر تم کیوں میری اطاعت نہیں کرتے انھوں نے جواب دیا ایک اس سبب سے کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے دعا کی ہے کہ نبوت میری اولاد میں ہمیشہ رہے اور آپ حضرت داؤد کی اولاد سے نہیں ہیں یہ انکا حضرت داؤد علیہ السلام پر بہتان تھا دوسرا عذر یہ بیان کیا کہ ہمکو خوف ہے کہ اگر ہم آپکی تابعداری کریں تو ہمکو یہود قتل کریں

حدثنا احمد بن عبدة الضبی نا یحیی بن سلیم الطائفی عن سفیان عن منصور عن خیثمة عن رجل عن ابن مسعود عن النبی صلی الله علیه وسلم قال من تمام التحیة الاخذ بالید وهذا حدیث غریب ولا نعرفه الا من حدیث یحیی بن سلیم عن سفیان وسألت محمد بن اسمعیل عن هذا الحدیث فلم یعده محفوظا وقال انما اراد عندی حدیث سفیان عن منصور عن خیثمة عمن سمع ابن مسعود عن النبی صلی الله علیه وسلم قال لا سمر الا لمصل او مسافر قال محمد وانما یروی عن منصور عن ابی اسحٰق عن عبد الرحمٰن بن یزید او غیره قال من تمام التحیة الاخذ بالید **حدثنا** سوید بن نصر نا عبد الله نا یحیی بن ایوب عن عبید الله بن زحر عن علی بن یزید عن القاسم ابی عبد الرحمٰن عن ابی امامة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال من تمام عیادة المریض ان یضع احدکم یده علی جبهته او قال علی یده فیسأله کیف هو وتمام تحیتکم بینکم المصافحة هذا اسناد لیس بالقوی قال محمد عبید الله بن زحر ثقة وعلی بن یزید ضعیف والقاسم هو ابن عبد الرحمٰن ویکنی ابا عبد الرحمٰن وهو ثقة وهو مولی عبد الرحمٰن بن خالد بن یزید بن معٰویة والقاسم شامی **حدثنا** سفیان بن وکیع واسحٰق بن منصور قالا نا عبد الله بن نمیر عن الاجلح عن ابی اسحٰق عن البراء بن عازب قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما من مسلمین یلتقیان فیتصافحان الا غفر لهما قبل ان یتفرقا وهذا حدیث حسن غریب من حدیث ابی اسحٰق عن البراء ویروی هذا الحدیث من غیر وجه عن البراء **باب** ما جاء فی المعانقة والقبلة **حدثنا** محمد بن اسمٰعیل نا ابراهیم بن یحیی بن محمد بن عباد المدینی ثنی ابی یحیی ابن محمد عن محمد بن اسحٰق عن محمد بن مسلم الزهری عن عروة بن الزبیر عن عائشة قالت قدم زید بن حارثة المدینة ورسول الله صلی الله علیه وسلم فی بیتی فاتاه فقرع الباب فقام الیه رسول الله صلی الله علیه وسلم عریانا یجر ثوبه والله ما رأیته عریانا قبله ولا بعده فاعتنقه وقبله

حدیث کی ہمسے احمد بن عبدہ ضبی نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن سلیم طائفی نے سفیان سے اُسنے منصور سے اُسنے خیثمہ سے اُسنے ایک مرد سے اُسنے ابن مسعود سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے تمام تحفہ سے ہی پکڑنا ساتھ ہاتھ کے[1]۔ اور یہ حدیث غریب ہی۔ اور نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق یحییٰ بن سلیم سے جو راوی ہی سفیان سے۔ اور میں نے محمد بن اسمعیل سے اس حدیث کی بابت سوال کیا سو اُنہنے اسکو محفوظ نہ شمار کیا اور کہا میرے نزدیک لمحدیث سفیان کی جو مروی ہی منصور سے اُسنے روایت کی خیثمہ سے اُسنے اُس شخص سے کہ جسنے ابن مسعودؓ سے سنا ہی اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے نہیں درست رات کی باتین کرنی مگر واسطے نمازی کے یا مسافر کے۔ کہا محمد نے بیشک مروی ہی منصور سے اُسنے روایت کی ابی اسحاق سے اُسنے عبد الرحمن بن یزید سے یا کسی اور سے کہا اُسنے تمام تحفہ سے ہی پکڑنا ساتھ ہاتھ کے۔ **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن ایوب نے عبید اللہ بن زحر سے اُسنے علی بن یزید سے اُسنے قاسم ابی عبد الرحمن سے اُسنے ابی امامہ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمام عیادت مریض سے یہ ہی کہ عیادت کرنے والا ہاتھ اپنا اسکی پیشانی پر رکھے یا فرمایا آپنے اسکے ہاتھ پر۔ اور اس سے اسکی کیفیت پوچھے اور پورا تحفہ درمیان تمہارے مصافحہ ہی۔ یہ اسناد قوی نہین۔ کہا محمد نے عبید اللہ بن زحر ثقہ ہی۔ اور علی بن یزید ضعیف ہی اور قاسم وہ عبد الرحمن کا بیٹا ہی اور کنیت اسکی ابا عبد الرحمن ہی اور وہ ثقہ ہی۔ اور وہ مولی عبد الرحمن بن خالد بن یزید بن معاویہ کا ہی اور قاسم شامی ہی **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع اور اسحاق بن منصور نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن نمیر نے اجلح سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے براء ابن عازب سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو دو مسلمان آپس میں ملیں اور مصافحہ کریں تو اللہ تعالی اُن دونوں کو بخش دیتا ہی پہلے اس سے کہ وہ جدا ہوں۔ اور یہ حدیث حسن غریب ہی طریق ابی اسحاق سے جو راوی ہی براء سے اور یہ حدیث کئی وجہ سے براء سے مروی ہی **باب** معانقہ اور بوسہ کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمعیل نے کہا حدیث کی ہمسے ابراہیم بن یحییٰ بن محمد بن عباد مدینی نے کہا حدیث کی مجھسے میرے باپ یحییٰ بن محمد نے محمد بن اسحاق سے اُسنے محمد بن مسلم زہری سے اُسنے عروہ بن زبیر سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے زید بن حارثہ مدینہ مین آیا اسحالت مین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر مین تھے سو وہ آپکے پاس آیا اور اُسنے دروازے پر دستک دی پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ننگے ہی کپڑا کھینچتے ہوئے اُسکی طرف کھڑے ہوئے قسم ہی اللہ کی مین نے آپکو پہلے اس سے اور پیچھے اسکے کبھی ننگا نہین دیکھا سو آپنے اس سے معانقہ کیا اور اسکا بوسہ لیا

---

[1] یعنی ہاتھ پکڑ لینا دست بابی یا بانی کے تحفہ کے واسطے یہی کافی اور وافی ہی زیادہ اس سے بڑھنے کی یعنی معانقہ وغیرہ کرنیکی ضرورت نہین اس سے آگے تجاوز کرنا تکلفات مین داخل ہی

حميد بن مسعدة نا زياد بن الربيع الحضرمي مولى آل الجارود عن نافع ان رجلا عطس الى جنب ابن عمر فقال الحمد لله والسلام
على رسول الله فقال ابن عمر وانا اقول الحمد لله والسلام على رسول الله وليس هكذا علمنا رسول الله صلى الله عليه وسلم علمنا
ان نقول الحمد لله على كل حال هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث زياد بن الربيع **باب** ما جاء كيف يشمت العاطس
حدثنا محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدي نا سفيان عن حكيم بن ديلم عن ابي بردة بن ابي موسى عن ابي موسى قال
كان اليهود يتعاطسون عند النبي صلى الله عليه وسلم يرجون ان يقول لهم يرحمكم الله فيقول يهديكم الله ويصلح بالكم وفي الباب
عن علي وابي ايوب وسالم بن عبيد وعبد الله بن جعفر وابي هريرة هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمود بن غيلان
نا ابو احمد نا سفيان عن منصور عن هلال بن يساف عن سالم بن عبيد انه كان مع القوم في سفر فعطس رجل من القوم فقال
السلام عليكم فقال عليك وعلى امك فكان الرجل وجد في نفسه فقال اما اني لم اقل الا ما قال النبي صلى الله عليه وسلم عطس
رجل عند النبي صلى الله عليه وسلم فقال السلام عليكم فقال النبي صلى الله عليه وسلم عليك وعلى امك اذا عطس احدكم فليقل
الحمد لله رب العالمين وليقل له من يرد عليه يرحمك الله وليقل يغفر الله لي ولكم هذا حديث اختلفوا في روايته عن منصور
وقد ادخلوا بين هلال بن يساف وبين سالم رجلا **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو داود نا شعبة اخبرني ابن ابي ليلى
عن اخيه عيسى عن عبد الرحمن بن ابي ليلى عن ابي ايوب ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اذا عطس احدكم

حمید بن مسعدہ نے کہا حدیث کی ہمسے زیاد بن ربیع نے کہا حدیث کی ہمسے حضرمی مولی آل جارود نے نافع سے یہ کہ ایک مرد نے ابن عمر کے پہلو کے پاس چھینک لی پھر کہا
اُسنے الحمد للہ والسلام علی رسول اللہ پس کہا ابن عمر نے اور مین کہتا ہون الحمد للہ والسلام علی رسول اللہ اور ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسطرح
نہین سکھلایا ہمکو سکھلایا ہی کہ یہ کہین الحمد للہ علی کل حال یعنی سب حمد واسطے اللہ کے ہی ہر حالت پر۔ یہ حدیث غریب ہی نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق زیاد
بن ربیع سے ۔ **باب** چھینک لینے والے کا کیونکر جواب دیا جاوے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے
کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے حکیم بن دیلم سے اُسنے ابی بردہ بن ابی موسی سے اُسنے ابی موسی سے کہا اُسنے یہودی لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چھینکیں لیا کر
لیتے تھے کہ ہمارے واسطے آپ یرحمکم اللہ کہین سو آپ کہا کرتے تھے یہدیکم اللہ ویصلح بالکم یعنی اللہ تعالی تمکو ہدایت کرے اور تمھارے
دل کی صلاحیت کرے۔ اور اس باب مین روایت ہی علی اور ابی ایوب اور سالم بن عبید اور عبد اللہ بن جعفر اور ابی ہریرہ سے رضی اللہ عنہم
یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد نے کہا حدیث ہمسے سفیان نے منصور سے اُسنے
ہلال بن یساف سے اُسنے سالم بن عبید سے یہ کہ وہ ایک قوم کے ساتھ سفر مین تھا پس ایک مرد نے قوم سے چھینک لی اور کہا السلام علیکم
پس کہا اُسنے علیک وعلی اُمک یعنی تجھپر سلام ہو اور تیری والدہ پر۔ سو گویا اُس مرد نے اس بات کو اپنے دل مین برا سمجھا پس کہا سالم نے خبردار مین نے
نہین کہا مگر وہ جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے۔ ایک مرد نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چھینک لی تھی پس کہا اُسنے السلام علیکم پھر فرمایا
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے علیک وعلی اُمک۔ جب کوئی تم مین سے چھینک لے تو چاہیے کہ کہے الحمد للہ رب العالمین اور چاہیے کہ کہے وہ شخص جو اسکو
جواب دیتا ہی یرحمک اللہ اور چاہیے کہ پھر وہ یہ کہے یغفر اللہ لی ولکم۔ لوگون نے اس حدیث کی منصور سے روایت کرنے مین اختلاف کیا ہی۔
اور داخل کیا انھون نے درمیان ہلال بن یساف اور سالم کے ایک اور مرد۔ **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے
ابو داؤد نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے کہا خبر دی مجھے ابن ابی لیلی نے اپنے بھائی عیسی سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی لیلی سے اُسنے
ابی ایوب سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبکہ کوئی تم مین چھینک لے

ف۱ یعنے جیسا کہ تم کہتے ہو مین بھی اسی طرح کہدیتا ہون یعنے مجھے اسکے کہنے سے انکار نہین مگر مسنون اس حالت مین یون نہین مسنون تو صرف
الحمد للہ علی کل حال کہنا ہی ہی آنحضرت پر سلام بھیجنے کی زیادتی جو تو نے کی بیہودہ نہین چاہیے خصوصا اذکار اور دعائین تو اسی قدر چاہیے جس قدر
کہ مروی ہوئی ہین انمین زیادتی کرنا گویا نقصان کرنا ہی جیسا کہ بعضے جاہل لوگ جب اذان یا تکبیر ختم کرتے ہین تو آہستہ محمد رسول اللہ بھی اسکے
بعد کہدیتے ہین یہ امر خلاف مسنون اور تعلیم آنحضرت کے ہی ایسی جگہ مین زیادتی کرنی ممنوع بلکہ حرام ہی جیسا کہ کسی نے کہا ہی ف

بزہد و ورع کوش علم و صفا ٭ ولیکن میفزای بر مصطفی ۱۲

نا موسی بن مسعود عن سفیان عن ابی اسحٰق عن مصعب بن سعد عن عکرمۃ بن ابی جہل قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم جئتہ مرحبا بالراکب المہاجر وفی الباب عن بریدۃ وابن عباس وابی جحیفۃ وھذا حدیث لیس اسنادہ بصحیح لانعرفہ مثل ھذا الا من حدیث موسی بن مسعود عن سفیان وموسی بن مسعود ضعیف فی الحدیث وروی عبد الرحمٰن بن مہدی عن سفیان عن ابی اسحٰق مرسلا ولم یذکر فیہ عن مصعب بن سعد وھذا اصح وسمعت محمد بن بشار یقول موسی بن مسعود ضعیف فی الحدیث قال محمد بن بشار وکتبت کثیرا عن موسی بن مسعود ثم ترکتہ **باب** ماجاء فی تشمیت العاطس **حدثنا** ھناد نا ابو الاحوص عن ابی اسحٰق عن الحارث عن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للمسلم علی المسلم ست بالمعروف یسلم علیہ اذا لقیہ ویجیبہ اذا دعاہ ویشمتہ اذا عطس ویعودہ اذا مرض ویتبع جنازتہ اذا مات ویحب لہ مایحب لنفسہ وفی الباب عن ابی ھریرۃ وابی ایوب والبراء وابی مسعود وھذا حدیث حسن قد روی من غیر وجہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وقد تکلم بعضھم فی الحارث الاعور **حدثنا** قتیبۃ بن سعید نا محمد بن موسی المخزومی المدینی عن سعید بن ابی سعید المقبری عن ابیہ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للمؤمن علی المؤمن ست خصال یعودہ اذا مرض ویشھدہ اذا مات ویجیبہ اذا دعاہ ویسلم علیہ اذا لقیہ ویشمتہ اذا عطس وینصح لہ اذا غاب او شھد ھذا حدیث صحیح ومحمد بن موسی المخزومی مدینی ثقۃ روی عنہ عبد العزیز بن محمد وابن ابی فدیک **باب** مایقول العاطس اذا عطس **حدثنا**

حدیث کی ہمسے موسیٰ بن مسعود نے سفیان سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے مصعب بن سعد سے اُسنے عکرمہ بن ابی جہل سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس دن کہ میں آپکے پاس آیا مرحبا ساتھ سوار مہاجر کے۔ اور اسباب میں روایت ہی بریدہ اور ابن عباس اور ابی جحیفہ سے۔ اور اس حدیث کی اسناد صحیح نہیں۔ نہیں پہچانتے ہم اسکو مثل اسکے مگر طریق موسیٰ بن مسعود سے جو راوی ہی سفیان سے۔ اور موسیٰ بن مسعود حدیث میں ضعیف ہی۔ اور روایت کیا ہی عبد الرحمٰن بن مہدی نے سفیان سے اُسنے ابی اسحاق سے مرسل۔ اور اُسنے اسمیں مصعب بن سعد کا ذکر نہیں کیا۔ اور یہ بہت صحیح ہی۔ اور سنا میں نے محمد بن بشار سے کہ کہتا موسیٰ بن مسعود حدیث میں ضعیف ہی۔ کہا محمد بن بشار نے اور میں نے بہت حدیثیں موسیٰ بن مسعود سے لکھیں بیقین پھر میں نے اسکو ترک کر دیا۔ **باب** چھینک مارنے والے کے جواب کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے ابی اسحاق سے اُسنے حارثؓ سے اُسنے علیؓ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلعم نے مسلمان کے مسلمان پر نیکی کے چھ حق ہیں سلام دے اسکو جب اسکو ملے۔ اور قبول کرے دعوت اسکی کو جب کہ اسکو دعوت کی طرف بلائے۔ اور یرحمک اللہ کہے جب وہ چھینک مارے اور عیادت کرے اسکی جب وہ بیمار ہو۔ اور اسکے جنازے کے پیچھے لگے جبکہ وہ مرے۔ اور دوست رکھے واسطے اسکے جو چیز کہ دوست رکھتا ہی واسطے جان اپنی کے اور اسباب میں روایت ہی ابی ہریرہ اور ابی ایوب اور برا اور ابی مسعود سے رضی اللہ عنہم۔ اور یہ حدیث حسن ہی یہ کئی وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہی اور بعض لوگوں نے حارث اعور کے حق میں کلام کیا ہی۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن موسیٰ مخزومی مدینی نے سعید بن ابی سعید مقبری سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مومن کے مومن پر چھ حق ہیں۔ عیادت کرے اسکی جبکہ وہ بیمار ہو اور اسکے جنازے پر حاضر ہو جبکہ وہ مرے اور اسکی دعوت قبول کرے جبکہ وہ دعوت کرے اور سلام دے اسکو جبکہ اس سے ملاقات کرے اور یرحمک اللہ کہے جبکہ وہ چھینکے اور خیر خواہی کرے جبکہ وہ غائب ہو یا حاضر۔ یہ حدیث صحیح ہی۔ اور محمد بن موسیٰ مخزومی مدینی ثقہ ہو روایت کی ہی اُسسے عبد العزیز بن محمد اور ابن ابی فدیک نے۔ **باب** چھینک لینے والا کیا کہے جبکہ وہ چھینکے **حدیث** کی ہمسے

ف اس مسئلہ میں اختلاف ہی صحیح مذہب حنفیہ کا یہ ہی کہ جواب دینا واجب کفایہ ہی اور ایک روایت میں ہی کہ مستحب ہی اور صاحب سفر السعادت نے کہا ہی کہ ظاہر احادیث صحیحہ اسی پہ دال ہیں کہ ہر ایک پہ جواب دینا فرض ہی۔ اور کہا اُسنے یہی مذہب ہی اکابر علماء کا۔ اور مذہب شافعیوں کا یہ ہی کہ سنت کفایہ ہی لیکن افضل یہ ہی کہ تمام لوگ جواب دیں اور مالکیہ کے بیچ اسمیں دو روایات ہیں اور لوگوں کا اتفاق ہی اُس امر پہ جواب دینا اسکا ثابت اسکی اسی حالت میں ہی کہ جب حمد چھینک مارنے والے کی سنی جائے اگر وہ حمد نہ کہے تو جواب کا مستحق نہیں ہوگا یا کہے مگر آہستہ تب بھی مستحق نہیں ہوگا اسی واسطے مستحب ہی کہ پکار کر الحمد کہے ۱۲ کذا فی اللمعات

حدثنا القاسم بن دينار الكوفي نا اسحق بن منصور السلولي الكوفي عن عبد السلام بن حرب عن يزيد بن عبد الرحمن ابي خالد الدالاني عن عمر بن اسحق بن ابي طلحة عن امه عن ابيها قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم شمت العاطس ثلاثا فان زاد فان شئت فشمته وان شئت فلا هذا حديث غريب واسناده مجهول **باب** ماجاء في خفض الصوت وتخمير الوجه عند العطاس **حدثنا** محمد بن وزير الواسطي نا يحيى بن سعيد عن محمد بن عجلان عن سمي عن ابي صالح عن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا عطس غطى وجهه بيده او بثوبه وغض بها صوته هذا حديث حسن صحيح **باب** ماجاء ان الله يحب العطاس ويكره التثاؤب **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان عن ابن عجلان عن المقبري عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال العطاس من الله والتثاؤب من الشيطان فاذا تثاوب احدكم فليضع يده على فيه واذا قال آه آه فان الشيطان يضحك من جوفه وان الله يحب العطاس ويكره التثاؤب فاذا قال الرجل آه آه اذا تثاءب فان الشيطان يضحك من جوفه هذا حديث حسن **حدثنا** الحسن بن علي الخلال نا يزيد بن هارون اخبرني ابن ابي ذئب عن سعيد بن ابي سعيد المقبري عن ابيه عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله يحب العطاس ويكره التثاؤب فاذا عطس احدكم فقال الحمد لله فحق على كل من سمعه ان يقول يرحمك الله واما التثاؤب فاذا تثاءب احدكم فليرده ما استطاع ولا يقول هاه هاه فانما ذلك من الشيطان يضحك منه هذا حديث صحيح وهذا اصح من حديث ابن عجلان وابن ابي ذئب احفظ لحديث سعيد المقبري واثبت من ابن عجلان وسمعت ابا بكر العطار البصري يذكر عن علي بن المديني عن يحيى بن سعيد

حدیث کی ہمسے قاسم بن دینار کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے اسحاق بن منصور سلولی کوفی نے عبد السلام بن حرب سے اُسنے یزید بن عبد الرحمن ابی خالد دالانی سے اُسنے عمر بن اسحاق بن ابی طلحہ سے اُسنے اپنی والدہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھینکنے والے کو تین بار جواب دے پس اگر وہ بڑھے تو پھر اگر تو چاہے تو جواب دے اور اگر تو چاہے تو نہ دے۔ یہ حدیث غریب ہے اور اسناد اسکی مجہول ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ چھینک کے وقت منہ ڈھانپنا اور آواز پست کرنا چاہیے **حدیث** کی ہمسے محمد بن وزیر واسطے نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن سعید نے محمد بن عجلان سے اُسنے سمی سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب چھینک لیتے تو ہاتھ مبارک سے یا کپڑے سے منہ مبارک ڈھانپ لیتے اور اسکے ساتھ آواز پست کرتے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند رکھتا ہے اور جمہائی کو برا جانتا ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابن عجلان سے اُسنے مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چھینک اللہ تعالیٰ سے ہے۔ اور جمہائی شیطان سے ہے سو جب کوئی تم میں سے جمہائی لے تو چاہیے کہ اپنا ہاتھ اپنے منہ پر رکھے اور جب وہ آہ کہتا ہے تو شیطان اسکے پیٹ سے ہنستا ہے اسلیے کہ وہ پیٹ میں بسبب منہ پر ہاتھ نہ رکھنے کے داخل ہو جاتا ہے تو پھر وہاں سے ہنستا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند رکھتا ہے اور جمہائی کو برا جانتا ہے اور جب مرد آہ آہ کہے جبکہ جمہائی لے تو شیطان اسکے پیٹ سے ہنستا ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی خلال نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا خبر دی مجھے ابن ابی ذئب نے سعید بن ابی سعید مقبری سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند رکھتا ہے اور جمہائی کو برا جانتا ہے سو جب کوئی تم میں سے چھینک لے اور الحمد للہ کہے تو جو مسلمان اسکو سنے اُسپر واجب ہے کہ اسکے حق میں دعا کرے یعنے یرحمک اللہ کہے۔ اور جمہائی کا یہ حال ہے کہ جب کوئی تم میں سے جمہائی لے تو چاہیے حتے المقدور اسکو دفع کرے اور ہاہ ہاہ نہ کہے اسلیے کہ یہ شیطان سے ہے اس سے ہنستا ہے یہ حدیث صحیح ہے۔ اور یہ بہت صحیح ہے حدیث ابن عجلان سے۔ اور ابن ابی ذئب زیادہ حافظ ہے واسطے حدیث سعید مقبری کے اور زیادہ مستحکم ہے ابن عجلان سے۔ اور سنا میں نے ابا بکر عطار بصری سے کہ ذکر کرتا تھا بواسطہ علی بن مدینی کے یحییٰ بن سعید سے

ف ظاہر اسکا سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ چھینکنے سے بدن ہلکا ہوتا ہے تو آدمی بندگی کر سکتا ہے وہ اسواسطے خدا کو پسند ہے اور جمہائی گرانی سے آتی ہے وہ غفلت اور سستی لاتی ہے اسواسطے خدا کو بری

فليقل الحمد لله على كل حال وليقل الذي يرد عليه يرحمك الله وليقل هو يهديكم الله ويصلح بالكم **حدثنا** محمد بن المثنى نا محمد بن
جعفر نا شعبة عن ابن ابي ليلى بهذا الاسناد نحوه وهكذا روى شعبة هذا الحديث عن ابن ابي ليلى وقال عن ابي ايوب عن النبي
صلى الله عليه وسلم وكان ابن ابي ليلى يضطرب في هذا الحديث يقول احيانا عن ابي ايوب عن النبي صلى الله عليه وسلم ويقول
احيانا عن علي عن النبي صلى الله عليه وسلم **حدثنا** محمد بن بشار ومحمد بن يحيى الثقفي المروزي قالا نا يحيى بن سعيد القطان
عن ابن ابي ليلى عن اخيه عيسى عن عبد الرحمن بن ابي ليلى عن علي عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه **باب** ما جاء في
ايجاب التشميت بحمد العاطس **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان عن سليمان التيمي عن انس بن مالك ان رجلين عطسا عند النبي
صلى الله عليه وسلم فشمت احدهما ولم يشمت الآخر فقال الذي لم يشمته يا رسول الله شمت هذا ولم تشمتني فقال رسول الله
صلى الله عليه وسلم انه حمد الله وانك لم تحمده هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء كم يشمت العاطس **حدثنا**
سويد نا عبد الله نا عكرمة بن عمار عن اياس بن سلمة عن ابيه قال عطس [illegible] عند رسول الله صلى الله عليه وسلم وانا شاهد
فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم يرحمك الله ثم عطس الثانية فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هذا الرجل مزكوم هذا
حديث حسن صحيح **حدثنا** محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد نا عكرمة بن عمار عن اياس بن سلمة عن ابيه عن النبي صلى الله
عليه وسلم نحوه الا انه قال في الثالثة انت مزكوم هذا اصح من حديث ابن المبارك وقد روى شعبة عن عكرمة بن عمار هذا
الحديث نحو رواية يحيى بن سعيد **حدثنا** بذلك احمد بن الحكم البصري نا محمد بن جعفر نا شعبة عن عكرمة بن عمار بهذا

تو چاہیے کہ کہے الحمد للہ علی کل حال اور چاہیے کہ کہے وہ شخص جو اسکو جواب دیتا ہے یرحمک اللہ یعنی اللہ تجھپر رحمت کرے اور چاہیے کہ کہے
پھر وہ یہدیکم اللہ ویصلح بالکم یعنی خدا تمکو نیک راہ بتلا دے اور تمھارے دل کو سنوارے **حدیث** کی ہمسے محمد بن مثنی نے
کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے ابن ابی لیلی سے ساتھ اس سناد کے مثل اسکے۔ اور ایسا ہی روایت کیا ہے
شعبہ نے اس حدیث کو ابن ابی لیلی سے اور کہا اُسنے یہ روایت ہے بواسطہ ابی ایوب کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے۔ اور ابن ابی لیلی
اس حدیث میں مضطرب ہوتا تھا کبھی کہتا تھا یہ روایت ہے بواسطہ ابی ایوب کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور کبھی کہتا تھا یہ روایت
ہے بواسطہ علی کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار اور محمد بن یحیی الثقفی مروزی نے کہا دونوں نے حدیث کی
ہمسے یحیی بن سعید قطان نے ابن ابی لیلی سے اُسنے اپنے بھائی عیسی سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی لیلی سے اُسنے علی سے اُسنے نبی صلی اللہ
علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ **باب** اس بیان میں کہ چھینکنے والے کے حمد کرنے سے جواب دینا اسکا واجب ہوتا ہے **حدیث** کی ہمسے
ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے سلیمان تیمی سے اُسنے انس بن مالک سے یہ کہ دو مردوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس
چھینک لی سو اُن دونوں میں سے ایک کا جواب تو آنحضرت نے دیا اور دوسرے کا جواب نہ دیا پس کہا اُس شخص نے کہ جسکو جواب
آنحضرت نے نہ دیا تھا یا رسول اللہ اسکو تو آپنے جواب دیا ہے اور مجھے آپنے جواب نہیں دیا پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسنے اللہ تعالی
کی حمد کی تھی اور تو نے اللہ تعالی کی حمد نہ کی تھی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** چھینک لینے والا کتنی بار جواب دیا جاوے **حدیث**
کی ہمسے سوید نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ نے کہا خبر دی ہمکو عکرمہ بن عمار نے ایاس بن سلمہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے ایک
مرد نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چھینک لی اور میں حاضر تھا پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یرحمک اللہ یعنی اللہ
تجھپر رحمت کرے پھر اُسنے دوسری بار چھینک لی پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ مرد مزکوم یعنی اسکو نزلہ ہے۔ یہ حدیث
حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے عکرمہ بن عمار نے ایاس بن سلمہ سے
اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے مگر فرق یہ ہے کہ آنحضرت نے تیسری بار فرمایا کہ یہ شخص نزلے والا ہے۔ یہ حدیث
بہت صحیح ہے حدیث ابن مبارک سے اور روایت کیا ہے شعبہ نے عکرمہ بن عمار سے اس حدیث کو مثل روایت یحیی بن سعید کے **حدیث**
کی ہمسے ساتھ اسکے احمد بن حکم بصری نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے عکرمہ بن عمار سے ساتھ اسکے

[۱] ابی ہریرہ۔ وسے بخاری میں تصریح روایت ہے کہ چھینکنے والے کا جواب دینا اسی وقت واجب ہوتا ہے جبکہ وہ اُسنے یہ روایت اسی کتاب میں آگے بھی موجود ہے۔۱۲

باب ما جاء فی کراھیة القعود وسط الحلقة **حدثنا** سوید انا عبد اللہ انا شعبة عن قتادة عن ابی مجلز ان رجلا قعد وسط الحلقة فقال حذیفة ملعون علی لسان محمد او لعن اللہ علی لسان محمد من قعد وسط الحلقة هذا حدیث حسن صحیح وابو مجلز اسمه لاحق بن حمید **باب** ما جاء فی کراھیة قیام الرجل للرجل **حدثنا** عبد اللہ بن عبد الرحمن نا عفان نا حماد بن سلمة عن حمید عن انس قال لم یکن شخص احب الیهم من رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم وکانوا اذا رأوہ لم یقوموا لما یعلمون من کراھیته لذلک هذا حدیث حسن صحیح غریب **حدثنا** محمود بن غیلان نا قبیصة نا سفیان عن حبیب بن الشهید عن ابی مجلز قال خرج معویة فقام عبد اللہ بن الزبیر وابن صفوان حین رأوہ فقال اجلسا سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یقول من سرہ ان یتمثل له الرجال قیاما فلیتبوأ مقعدہ من النار وفی الباب عن ابی امامة وهذا حدیث حسن **حدثنا** هناد نا ابو اسامة عن حبیب بن الشهید عن ابی مجلز عن معویة عن النبی صلی اللہ علیه وسلم نحوہ **باب** ما جاء فی تقلیم الاظفار **حدثنا** الحسن بن علی الخلوانی وغیر واحد قالوا انا عبد الرزاق انا معمر عن الزهری عن سعید بن المسیب عن ابی هریرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم خمس من الفطرة الاستحداد والختان وقص الشارب ونتف الابط وتقلیم الاظفار هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** قتیبة وهناد قالا نا وکیع عن زکریا بن ابی زائدة عن مصعب بن شیبة عن طلق بن حبیب عن عبد اللہ بن الزبیر عن عائشة

باب اس بیان میں کہ درمیان حلقہ کے بیٹھنا مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے سوید نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے قتادہ سے اُسنے ابی مجلز سے یہ ایک مرد درمیان حلقہ کے بیٹھ گیا پس کہا حذیفہ نے یہ شخص ملعون ہے محمد کی زبان پر یا کہا اُسنے لعنت کی ہے اللہ نے محمد کی زبان پر اُس شخص کو جو درمیان حلقہ کے بیٹھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو مجلز کا نام لاحق بن حمید ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ ایک مرد کا دوسرے مرد کے واسطے (تعظیما) کھڑا ہونا مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا حدیث کی ہمسے عفان نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے حمید سے اُسنے انس سے کہا اُسنے کوئی شخص صحابہ کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ محبوب نہیں تھا اور وہ جب آنحضرت کو دیکھتے تھے تو کھڑے نہوتے تھے اسواسطے کہ جانتے تھے کہ آپ اسبات کو مکروہ جانتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے قبیصہ نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے حبیب بن شہید سے اُسنے ابی مجلز سے کہا اُسنے حضرت معاویہ نکلے تو عبد اللہ بن زبیر اور ابن صفوان نے جبکہ انکو دیکھا تو کھڑے ہوئے پس کہا حضرت معاویہ نے بیٹھ جاؤ سُنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے جس شخص کو خوش لگے یہ بات کہ لوگ کھڑے ہوکر اسکے واسطے تصویر کی طرح ہو رہیں تو چاہیے کہ وہ جگہ اپنی آگ میں ڈھونڈھے۔ اور اسباب میں روایت ہے ابی امامہ سے اور یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسامہ نے حبیب بن شہید سے اُسنے ابی مجلز سے اُسنے معاویہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے **باب** ناخن کٹانے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی حلوانی اور کئی ایک نے کہا انھوں نے حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا خبر دی ہمکو معمر نے زہری سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانچ چیزیں پیدائشی سُنت ہیں اُسترا لینا یعنی زیر ناف کے بال مونڈنا اور ختنہ کرنا اور موچھ کترانا اور بغل کے بال اُکھاڑنا۔ اور ناخنوں کا کٹانا یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ اور ہناد نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے وکیع نے زکریا بن ابی زائدہ سے اُسنے مصعب بن شیبہ سے اُسنے طلق بن حبیب سے اُسنے عبد اللہ بن زبیر سے اُسنے حضرت عائشہ سے

ف اسلیے کہ درمیان میں بیٹھنا ایک کو دوسرے سے پردہ کرتا ہوتا ہے تو اس سے ایک دوسرے کو ایذا پہونچتی ہے ۱۲ **مترجم** طیبی نے کہا ہے شاید کراہت محبت اور اتحاد کے سبب سے ہے چونکہ آنحضرت کا اُن لوگوں سے زیادہ اتحاد تھا اسواسطے آپنے اس تکلیف کو بھی رفع کر دیا ہے جیسا کہ خود یہی حدیث اسپر دال ہے کہ انکو آنحضرت سے کوئی شخص زیادہ عزیز نہ تھا۔ اور ظاہر ہے کہ جس قدر اتحاد ہوگا اسی قدر تکلفات دور ہوتے جائیں گے۔ صاحب طیبی نے اس مسئلہ پر بحث کرکے آخر میں یہ نتیجہ نکالا ہے کہ تعظیما کھڑا ہونا یا نہ کھڑا ہونا زمانے اور حالت اور شخص پر موقوف ہے یعنی اگر اس زمانے میں عادت تعظیما ایک دوسرے کے واسطے کھڑا ہونے کی ہو یا وہ آدمی ذی عزت ہو تو اسکے واسطے کھڑا ہونا جائز ہے۔ مگر مولف یعنی ترمذی کی راے اسی طرف ہے جو کہ ظاہر احادیث سے سمجھ میں آتا ہے کہ جائز نہیں اور اکابر علماء کا عمل بھی اسی پر ہے ۱۲

قال قال محمد بن عجلان احادیث سعید المقبری روی بعضها سعید عن ابی هریرة وبعضها سعید عن رجل عن ابی هریرة فاختلطت علی فجعلتها عن سعید عن ابی هریرة **باب** ماجاء ان العطاس فی الصلوٰة من الشیطٰن **حدثنا** علی بن حجر نا شریک عن ابی الیقظان عن عدی وهو ابن ثابت عن ابیه عن جده رفعه قال العطاس والنعاس والتثاؤب فی الصلوٰة والحیض والقئ والرعاف من الشیطٰن هٰذا حدیث غریب لانعرفه الا من حدیث شریک عن ابی الیقظان وسألت محمد بن اسمٰعیل عن عدی بن ثابت عن ابیه عن جده قلت له ما اسم جد عدی قال لا ادری وذکر عن یحیی بن معین قال اسمه دینار **باب** ماجاء فی کراهیة ان یقام الرجل من مجلسه ثم یجلس فیه **حدثنا** قتیبة نا حماد بن زید عن ایوب عن نافع عن ابن عمر ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لا یقیم احدکم اخاه من مجلسه ثم یجلس فیه هٰذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** الحسن بن علی الخلال نا عبد الرزاق انا معمر عن الزهری عن سالم عن ابن عمر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یقیم احدکم اخاه من مجلسه ثم یجلس فیه قال وکان الرجل یقوم لابن عمر فما یجلس فیه **باب** ماجاء اذا قام الرجل من مجلسه ثم رجع فهو احق به **حدثنا** قتیبة نا خالد بن عبد الله الواسطی عن عمرو بن یحیی عن محمد بن یحیی بن حبان عن عمه واسع بن حبان عن وهب بن حذیفة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال الرجل احق بمجلسه وان خرج لحاجته ثم عاد فهو احق بمجلسه هٰذا حدیث صحیح غریب وفی الباب عن ابی بکرة وابی سعید وابی هریرة **باب** ماجاء فی کراهیة الجلوس بین الرجلین بغیر اذنهما **حدثنا** سوید انا عبد الله انا اسامة بن زید نی عمرو بن شعیب عن ابیه عن عبد الله بن عمرو ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لا یحل لرجل ان یفرق بین اثنین الا باذنهما هٰذا حدیث حسن وقد رواه عامر الاحول عن عمرو بن شعیب ایضا

کہا اُسنے کہا محمد بن عجلان نے حدیثیں سعید مقبری کی بعض کو سعید نے ابی ہریرہ سے روایت کیا ہی اور بعض کو سعید نے بواسطہ ایک مرد کے ابی ہریرہ سے روایت کیا ہی۔ سو وہ مجھپر خلط ملط ہوگئی ہین پس مین نے سبکو اسیطرح کر دیا ہی کہ یہ روایت ہی بواسطہ سعید کی ابی ہریرہ سے۔ **باب** اس بیان مین کہ چھینک نماز مین شیطان سے ہی **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے ابی الیقظان سے اُسنے عدی سے جو بیٹا ثابت کا ہی اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے اُسنے اسکو مرفوع کیا ہی کہ فرمایا آپنے چھینک اور سستی اور جمھائی نماز مین اور حیض اور قی اور نکسیر شیطان سے ہی۔ یہ حدیث غریب ہی نہین پہچانتے ہم اسکو مگر بواسطہ شریک کے ابی الیقظان سے۔ اور سوال کیا مین نے محمد بن اسمٰعیل سے کہ عدی بن ثابت جو بواسطہ اپنے باپ کے دادا سے روایت کرتا ہی اُسکے دادا کا کیا نام ہی کہا اُسنے مین نہین جانتا۔ اور یحیی بن معین سے ذکر کیا گیا ہی کہ کہا اُسنے نام اسکا دینار ہی۔ **باب** اس بیان مین کہ ایک مرد کو اسکی جگہ سے اٹھانا پھر اسکی جگہ مین بیٹھنا مکروہ ہی۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ایوب سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص تم مین سے اپنے بھائی کو اسکی جگہ سے نہ اٹھائے پھر خود اسمین بیٹھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی خلال نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا خبر دی ہمکو معمر نے زہری سے اُسنے سالم سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی شخص تم مین سے اپنے بھائی کو اسکی جگہ سے نہ اٹھائے پھر خود اسمین بیٹھے۔ اور کوئی شخص ابن عمر کے واسطے کھڑا ہوتا تو وہ اسمین نہ بیٹھتے۔ **باب** اس بیان مین کہ جب کوئی شخص اپنی جگہ سے کھڑا ہو تو وہ اسکے ساتھ زیادہ حقدار ہی۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن عبد اللہ واسطی نے عمرو بن یحیی سے اُسنے محمد بن یحیی ابن حبان سے اُسنے اپنے چچا واسع بن حبان سے اُسنے وہب بن حذیفہ سے یہ کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا مرد زیادہ حقدار ہی ساتھ مجلس اپنی کے۔ اور اگر وہ اپنی حاجت کے واسطے نکلا پھر وہ لوٹ آیا تو وہی زیادہ حقدار ہی ساتھ مجلس اپنی کے۔ یہ حدیث صحیح غریب ہی۔ اور اسباب مین روایت ہی ابی بکرہ اور ابی سعید اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہم سے **باب** اس بیان مین کہ درمیان دو مردوں کے بغیر انکے اذن کے بیٹھنا مکروہ ہی **حدیث** کی ہمسے سوید نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ نے کہا خبر دی ہمکو اسامہ بن زید نے کہا حدیث کی مجھے عمرو بن شعیب نے اپنے باپ سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہین حلال واسطے کسی آدمی کے کہ درمیان دو کے فرق کرے مگر ساتھ اذن انکے کے۔ یہ حدیث حسن ہی۔ اور روایت کیا اسکو عامر احول نے عمرو بن شعیب سے بھی۔

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یأخذ من لحیتہ من عرضھا وطولھا ھذا حدیث غریب وسمعت محمد بن اسمٰعیل یقول عمر بن
ھارون مقارب الحدیث لا اعرف لہ حدیثا لیس لہ اصل او قال ینفرد بہ الا ھذا الحدیث کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم
یأخذ من لحیتہ من عرضھا وطولھا ولا نعرفہ الا من حدیث عمر بن ھارون ورایتہ حسن الرای فی عمر بن ھارون وسمعت قتیبۃ
یقول عمر بن ھارون کان صاحب حدیث وکان یقول الایمان قول وعمل قال قتیبۃ نا وکیع بن الجراح عن رجل عن ثور بن یزید
ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نصب المنجنیق علی اھل الطائف قال قتیبۃ قلت لوکیع من ھذا قال صاحبکم عمر بن ھارون
باب ما جاء فی اعفاء اللحیۃ **حدثنا** الحسن بن علی الخلال نا عبد اللہ بن نمیر عن عبید اللہ بن عمر عن نافع عن ابن عمر
قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احفوا الشوارب واعفوا اللحی ھذا حدیث صحیح **حدثنا** الانصاری نا معن نا مالک
عن ابی بکر بن نافع عن ابیہ عن ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امر باحفاء الشوارب واعفاء اللحی ھذا حدیث حسن صحیح
وابو بکر بن نافع ھو مولی ابن عمر ثقۃ وعمر بن نافع ثقۃ وعبد اللہ بن نافع مولی ابن عمر یضعف **باب** ما جاء فی وضع احدی الرجلین
علی الاخری مستلقیا **حدثنا** سعید بن عبد الرحمٰن المخزومی وغیر واحد قالوا نا سفیان عن الزہری عن عباد بن تمیم عن عمہ

یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم اپنی ڈاڑھی مبارک سے اسکے عرض[1] اور طول سے پکڑتے تھے یہ حدیث غریب ہے۔ اور سنا میں نے محمد
بن اسمٰعیل سے کہ کہتا عمر بن ہارون مقارب الحدیث ہے میں اسکی کوئی حدیث نہیں پہچانتا اسکی کوئی اصل نہیں ہے یا کہا اُسنے
متفرد ہے ساتھ اسکے مگر یہ حدیث کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم پکڑتے تھے اپنی ڈاڑھی مبارک سے اسکے عرض اور طول سے۔ اور نہیں پہچانتے
ہم اسکو مگر طریق عمر بن ہارون سے اور دیکھا میں نے اسکو نیک گمان کرنیوالا عمر بن ہارون کے حق میں۔ اور سنا میں نے قتیبہ
سے کہ کہتا عمر بن ہارون محدث تھا اور کہتا تھا ایمان قول اور عمل کا نام ہے۔ کہا قتیبہ نے حدیث کی ہمسے وکیع بن جراح نے ایک مرد
سے اُسنے ثور بن یزید سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اہل طائف پر منجنیق لگائی تھی یعنے منجنیق گاڑ کر انکو اس سے مارا تھا
کہا قتیبہ نے میں نے وکیع سے کہا وہ مرد (کہ جس سے آپ روایت کرتے ہیں) وہ کون ہے کہا اُسنے صاحب تمہارا عمر بن ہارون
باب ڈاڑھی چھوڑنیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی خلال نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن نمیر نے عبید اللہ
بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے موچھونکو اچھی طرح سے صاف کرو اور
ڈاڑھی کو چھوڑ دو۔ یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے
ابی بکر بن نافع سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابن عمر سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حکم کئے گئے تھے ساتھ صاف کرنے موچھونکے
اور چھوڑنے ڈاڑھی کے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو بکر بن نافع وہ مولی ابن عمر کا ہے ثقہ ہے اور عمر بن نافع بھی ثقہ ہے۔ اور عبد اللہ بن نافع مولی
ابن عمر کا ضعیف ہے **باب** اس بیان میں کہ رکھنا ایک پانون کا دوسرے پانون پر لیٹنے کی حالت میں جائز ہے **حدیث** کی ہمسے
سعید بن عبد الرحمٰن مخزومی اور کئی ایک نے کہا انھون نے حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے عباد بن تمیم سے اُسنے اپنے چچا سے

[1] کہا ابن ہمام نے ظاہرا یہ حدیث جو صحیحین میں ابن عمر سے ہے اسکے معارض ہے کہ فرمایا آپ نے احفوا الشوارب واعفوا اللحی یعنے موچھیں اچھی طرح سے صاف کرو اور ڈاڑھی کو چھوڑ دو اسلئے کہ ظاہر اس سے
یہی مفہوم ہوتا ہے کہ ڈاڑھی کو بالکل نہ کترا ؤ اور حدیث متن کی اسپر دال ہے کہ آنحضرت طول اور عرض سے کترا تے تھے جواب اسکا یہ ہے ابن عمر سے جو راوی اس حدیث کا ہے بخاری میں مروی ہے ابن عمر قبضہ سے
جو زیادہ ہوتی تھی اسکو کترا تے تھے ایسا ہی محمد بن حسن نے کتاب الآثار میں لکھا ہے اخبرنا ابو حنیفۃ عن الہیثم بن ابی الہیثم عن ابن عمر انہ کان یقبض علی لحیتہ ثم یقص ما تحت القبضۃ رواہ ابو داؤد ونسائی نحوہ۔ پس
اب مطابقت کی وجہ ظاہر ہوگئی کہ صحیحین کی حدیث کی حد یہ ہے کہ چھوڑنا ایک قبضہ تک مسنون ہے اس سے لگے کترانا جائز ہے جیساکہ روایت متن کی اور فعل ابن عمر کا اسپر دال ہے مگر اولویت اسی صورت
میں ہے کہ بالکل نہ کترائے ایسا ہی شرنبلالیہ میں لکھا ہے ہذا خلاصۃ ما فی کتب الفقہ وغیرہ مترجم جو شخص عبد اللہ بن عمر کا حال جانتا ہوگا کہ یہ شخص آنحضرت کی پیروی اسقدر کرتا ہے اور اسقدر قدم
بقدم آنحضرت کے چلتا ہے کہ گویا جہاں آپ پاخانہ میں بیٹھے ہیں یہ وہاں پاخانہ میں بیٹھنے کو مسنون جانتا ہے علیٰ ہذا القیاس کوئی فعل اسکا آنحضرت کے خلاف پر دلالت نہیں کرتا وہ شخص یہ بات بھی
بیقین کرلیگا کہ یہ فعل ابن عمر کا بھی خلاف فعل آنحضرت کے نہیں ہوگا اگرچہ صریح نص ابن عمر سے اس بارے میں آنحضرت سے نہیں ۱۲ منہ غرض مولف کی اس کلام سے
یہ ہے کہ عمر بن ہارون جو راوی اس حدیث کا ہے اگرچہ بعض کا کلام اُسکے ضعف پر دال ہے مگر صحیح یہ ہے کہ یہ شخص قوی ہے جیساکہ قتیبہ وغیرہ کا کلام اسکی شہادت دیتا ہے اور مولف نے محمد بن اسمٰعیل بخاری
سے جو نقل کیا ہے وہ مشکوک ہے کیونکہ خود مولف اسکو تردید سے بیان کرتا ہے ۱۲

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال عشر من الفطرة قص الشارب واعفاء اللحیة والسواک والاستنشاق وقص الاظفار وغسل البراجم ونتف الابط وحلق العانة وانتقاص الماء قال زکریا قال مصعب ونسیت العاشرة الا ان تکون المضمضة وفی الباب عن عمار بن یاسر وابن عمر ھذا حدیث حسن **قال** ابو عیسی وانتقاص الماء ھو الاستنجاء بالماء **باب** ماجاء فی توقیت تقلیم الاظفار واخذ الشارب **حدثنا** اسحق بن منصور نا عبد الصمد نا صدقة بن موسی ابو محمد صاحب الدقیق نا ابو عمران الجونی عن انس بن مالک عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انه وقت لھم فی کل اربعین لیلة تقلیم الاظفار واخذ الشارب وحلق العانة **حدثنا** قتیبة نا جعفر بن سلیمان عن ابی عمران الجونی عن انس بن مالک قال وقت لنا فی قص الشارب وتقلیم الاظفار وحلق العانة ونتف الابط ان لا نترک اکثر من اربعین یوما ھذا اصح من الحدیث الاول وصدقة بن موسی لیس عندھم بالحافظ **باب** ماجاء فی قص الشارب **حدثنا** محمد بن عمر بن الولید الکوفی الکندی نا یحیی بن آدم عن اسرائیل عن سماک عن عکرمة عن ابن عباس قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقص او یأخذ من شاربه قال وکان خلیل الرحمن ابراھیم یفعله ھذا حدیث حسن غریب **حدثنا** احمد بن منیع نا عبیدة بن حمید عن یوسف بن صھیب عن حبیب بن یسار عن زید بن ارقم ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من لم یأخذ من شاربه فلیس منا وفی الباب عن مغیرة بن شعبة ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن بشار نا یحیی بن سعید عن یوسف بن صھیب بھذا الاسناد نحوه **باب** ماجاء فی الاخذ من اللحیة **حدثنا** ھناد نا عمر بن ھارون عن اسامة بن زید عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده

یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دس چیزیں پیدائشی سنت ہیں ایک تو خوب موچھ کترانا دوسرے ڈاڑھی چھوڑنا تیسرے مسواک کرنا چوتھے پانی سے ناک صاف کرنا پانچویں ناخن کاٹنا چھٹے انگلیوں کے جوڑوں کو دھونا تاکہ میل نہ جم رہے ساتویں بغل کے بال اکھاڑنا آٹھویں زیر ناف کے بال مونڈنا نویں پیشاب کے بعد پانی سے استنجا کرنا کہا زکریا نے کہ کہا مصعب نے اور میں دسویں سنت کو بھول گیا ہوں مگر یہ کہ کلی ہو یعنے خوب یاد نہیں لیکن قرینہ سے معلوم ہوتا ہے کہ دسویں چیز شاید کلی کرنا مراد ہو۔ اور اس باب میں روایت ہے عمار بن یاسر اور ابن عمر سے اور یہ حدیث حسن ہے کہا ابو عیسیٰ نے اور انتقاص الماء کے معنے پانی کے ساتھ استنجا کرنیکے ہیں **باب** اس بیان میں کہ ناخن کاٹنے اور موچھ کترانے کی کیا مدت ہے **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الصمد نے کہا حدیث کی ہمسے صدقہ بن موسیٰ یعنے ابو محمد صاحب دقیق نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عمران جونی نے انس بن مالک سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ آنحضرت نے صحابہ کے واسطے وقت مقرر کر دیا تھا کہ ہر چالیس رات میں ناخن کٹائیں اور موچھیں کتریں اور زیر ناف کے بال مونڈوائیں۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیمان نے ابی عمران جونی سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے وقت مقرر کیا گیا تھا ہمارے واسطے موچھ کترانے میں اور زیر ناف کے بال مونڈنے میں اور بغلوں کے بال اکھاڑنے میں یہ کہ چالیس[1] دن سے زیادہ نہ چھوڑیں۔ یہ حدیث صحیح ہے پہلی حدیث سے۔ اور صدقہ بن موسیٰ انکے یعنے محدثین کے نزدیک حافظ نہیں ہے **باب** موچھ کے کترانیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن عمر بن ولید کوفی کندی نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن آدم نے سماک سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کتراتے یا پکڑتے تھے (شک راوی معنے واحد) موچھ اپنی سے۔ فرمایا آنحضرت نے اور خلیل الرحمن یعنے ابراہیم علیہ السلام بھی یہ کام کرتے تھے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے عبیدہ بن حمید نے یوسف بن صہیب سے اُسنے حبیب بن یسار سے اُسنے زید بن ارقم سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی اپنی موچھ سے نہ پکڑے یعنے انکو نہ کترائے پس وہ ہمسے نہیں۔ اور اس باب میں روایت ہے مغیرہ بن شعبہ سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن سعید نے یوسف بن صہیب سے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے۔ **باب** ڈاڑھی سے پکڑنیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عمر بن ہارون نے اسامہ بن زید سے اُسنے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے

[1] غرض یہ ہے کہ چالیس دن سے زیادہ نہ بڑھنے پادیں اس سے پہلے ہی انکو درست کرانا چاہیے اگر ہر ہفتہ میں بال وغیرہ کتاتا رہے تو بہتر ہے جیسا کہ شرح السنہ میں مروی ہے کہ آنحضرت

او ما ملکت یمینک فقال الرجل یکون مع الرجل قال ان استطعت ان لا یراها احد فافعل قلت فالرجل یکون خالیا قال فالله احق ان یستحیی منه هذا حدیث حسن وجد بهز اسمه معٰویة بن حیدة القشیری وقد روی الجریری عن حکیم بن معٰویة وهو والد بهز **باب** ماجاء فی الاتکاء **حدثنا** عباس بن محمد الدوری البغدادی نا اسحٰق بن منصور نا اسرائیل عن سماك عن جابر بن سمرة قال رأیت رسول الله صلی الله علیه وسلم متکئا علی وسادة علی یساره هذا حدیث حسن غریب وروی غیر واحد هذا الحدیث عن اسرائیل عن سماك عن جابر بن سمرة قال رأیت النبی صلی الله علیه وسلم متکئا علی وسادة ولم یذکروا علی یساره **حدثنا** یوسف بن عیسی نا وکیع نا اسرائیل عن سماك بن حرب عن جابر بن سمرة قال رأیت النبی صلی الله علیه وسلم متکئا علی وسادة هذا حدیث صحیح **باب حدثنا** هناد نا ابو معٰویة عن الاعمش عن اسمٰعیل بن رجاء عن اوس بن ضمعج عن ابی مسعود ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لا یؤم الرجل فی سلطانه ولا یجلس علی تکرمته فی بیته الا باذنه هذا حدیث حسن **باب** ماجاء ان الرجل احق بصدر دابته **حدثنا** ابو عمار الحسین بن حریث نا علی بن الحسین بن واقد ثنی ابی ثنی عبد الله بن بریدة قال سمعت ابی بریدة یقول بینا النبی صلی الله علیه وسلم یمشی اذ جاءه رجل ومعه حمار فقال یا رسول الله ارکب وتاخر الرجل فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا انت احق بصدر دابتك الا ان تجعله لی قال قد جعلته لك قال فرکب هذا حدیث حسن غریب **باب** ماجاء فی الرخصة فی اتخاذ الانماط **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمٰن بن مهدی نا سفیان عن محمد بن المنکدر عن جابر

یا اس سے کہ مالک ہوئے داہنا ہاتھ تیرا پس کہا اس مرد نے مرد کبھی مرد کے ساتھ ہوتا ہے فرمایا آپ نے اگر تو طاقت رکھتا ہے اس بات کی کہ اسکو کوئی نہ دیکھے تو یہ کام کر مین نے کہا کبھی مرد تنہا ہوتا ہے فرمایا آپ نے اللہ تعالی بہت لائق ہے اس بات کے کہ اس سے شرم کیجائے۔ یہ حدیث حسن ہے اور بہز کے دادا کا نام معاویہ بن حیدہ قشیری ہے۔ اور روایت کی ہے جریری نے حکیم بن معاویہ سے اور وہ والد بہز کا ہے۔ **باب** تکیہ لگانے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے عباس بن محمد دوری بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے اسحاق بن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے اسرائیل نے سماک سے اُسنے جابر بن سمرہ سے کہا اُسنے مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو ایک تکیہ پر بائین کروٹ پر تکیہ لگائے ہوئے دیکھا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور روایت کیا ہے کئی ایک نے اس حدیث کو اسرائیل سے اُسنے سماک سے اُسنے جابر بن سمرہ سے کہا اُسنے دیکھا مین نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو تکیہ لگائے ہوئے ایک تکیہ پر۔ اور انھون نے علی یسارہ کا لفظ ذکر نہین کیا جسکے معنے بائین کروٹ پر تکیہ لگانے کے ہین۔ **حدیث** کی ہمسے یوسف بن عیسی نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے اسرائیل نے سماک بن حرب سے اُسنے جابر بن سمرہ سے کہا اُسنے دیکھا مین نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو تکیہ لگائے ہوئے تکیہ پر۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ **باب حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے اسمٰعیل بن رجاء سے اُسنے اوس بن ضمعج سے اُسنے ابی مسعود سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی مرد اسکی جگہ مین امامت[1] نہ کرایا جاوے اور نہ اسکی عزت کی جگہ پر اسکے گھر مین بیٹھایا جائے مگر ساتھ اسکے اذن کے یہ حدیث حسن ہے۔ **باب** اس بیان مین کہ آدمی اپنی سواری پر آگے بیٹھنے کے زیادہ لائق ہے **حدیث** کی ہمسے ابو عمار یعنے حسین بن حریث نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن حسین بن واقد نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے کہا حدیث کی مجھے عبد اللہ بن بریدہ نے کہا سنا مین نے ابی بریدہ سے کہ کہتا اسوقت مین کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم چلے جاتے تھے ناگاہ آپ کے پاس ایک مرد آیا اور اسکے ساتھ گدھا تھا پس کہا اُسنے یا رسول اللہ سوار ہو جیے اور وہ مرد پیچھے ہٹ گیا پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہین تو زیادہ حقدار ہے اپنی سواری پر آگے بیٹھنے کے مگر یہ کہ تو مجھے کر دے یعنے حق آگے بیٹھنے کا تیرا زیادہ ہے مگر اسوقت مین کہ تو مجھے اجازت دیدے تو مین آگے بیٹھ جاتا ہون۔ کہا اُسنے مین نے اُسکو آپ کے واسطے کر دیا کہا راوی نے پھر آپ سوار ہوئے یہ حدیث حسن غریب ہے۔ **باب** بچھاونے بنانے کی رخصت کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمٰن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے محمد بن منکدر سے اُسنے جابر سے

[1] یعنے کوئی شخص جس جگہ کا وہ مالک اور قابض اور متصرف ہو اسکی جگہ پر غیر آدمی کو بغیر اسکے اذن کے امامت کرانی نہین چاہئے اگرچہ دوسرا شخص اس سے زیادہ عالم اور فقیہ ہو اور نہ اسکی جگہ پر جو اُسنے خاص لیے

انه رای النبی صلی الله علیه وسلم مستلقیا فی المسجد واضعا احدی رجلیه علی الاخری هٰذا حدیث حسن صحیح وعم عباد بن تمیم هو عبد الله بن زید بن عاصم المازنی **باب** ماجاء فی کراهیة فی ذلک **حدثنا** عبید بن اسباط بن محمد القرشی نا ابی نا سلیمان التیمی عن خداش عن ابی الزبیر عن جابر ان رسول الله صلی الله علیه وسلم نهی عن اشتمال الصماء والاحتباء فی ثوب واحد وان یرفع الرجل احدی رجلیه علی الاخری وهو مستلق علی ظهره هٰذا حدیث رواه غیر واحد عن سلیمان التیمی ولا نعرف خداشا هٰذا من هو وقد روی له سلیمان التیمی غیر حدیث **حدثنا** قتیبة نا اللیث عن ابی الزبیر عن جابر ان رسول الله صلی الله علیه وسلم نهی عن اشتمال الصماء والاحتباء فی ثوب واحد وان یرفع الرجل احدی رجلیه علی الاخری وهو مستلق علی ظهره هٰذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی کراهیة الاضطجاع علی البطن **حدثنا** ابوکریب نا عبدة بن سلیمان وعبد الرحیم عن محمد بن عمرو نا ابو سلمة عن ابی هریرة قال رای رسول الله صلی الله علیه وسلم رجلا مضطجعا علی بطنه فقال ان هٰذه ضجعة لا یحبها الله وفی الباب عن طهفة وابن عمر وروی یحیی بن ابی کثیر هٰذا الحدیث عن ابی سلمة عن یعیش بن طهفة عن ابیه ویقال تخفة والصحیح طهفة ویقال طغفة وقال بعض الحفاظ الصحیح طخفة **باب** ماجاء فی حفظ العورة **حدثنا** محمد بن بشار نا یحیی بن سعید نا بهز بن حکیم ثنی ابی عن جدی قال قلت یا رسول الله عوراتنا ما نأتی منها وما نذر قال احفظ عورتک الا من زو(جتک)

یہ کہ دیکھا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو لیٹے ہوئے مسجد میں اس حالت میں کہ ایک پاؤں دوسرے پاؤں پر رکھنے والے تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عباد بن تمیم کا چچا عبد اللہ بن زید بن عاصم مازنی ہے **باب** اسکی کراہت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عبید بن اسباط بن محمد قرشی نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان تیمی نے خداش سے اُسنے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے اشتمال الصماء سے[1] اور ایک کپڑے میں احتبا کرنے سے اور اس بات سے کہ کھڑا کرے آدمی ایک پاؤں کو دوسرے پر اس حالت میں پیٹھ پر لیٹا ہوا ہو۔ اس حدیث کو کئی ایک نے سلیمان تیمی سے روایت کیا ہے اور ہم اس خداش کو نہیں پہچانتے کہ یہ کون ہے۔ اور اسکے واسطے سلیمان تیمی نے کئی حدیثیں روایت کی ہیں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے اشتمال الصماء سے اور ایک کپڑے میں احتبا کرنے سے اور اس بات سے کہ کھڑا کرے آدمی ایک پاؤں کو دوسرے پر اس حالت میں کہ پیٹھ پر لیٹا ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** پیٹ پر لیٹنے کی کراہت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ بن سلیمان اور عبد الرحیم نے محمد بن عمرو سے کہا حدیث کی ہمسے ابو سلمہ نے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد کو اپنے پیٹ پر لیٹا ہوا دیکھا پس فرمایا آپ نے یہ ایسا لیٹنا ہے کہ اسکو اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتا۔ اور اس باب میں روایت ہے طہفہ اور ابن عمر سے رضی اللہ عنہما۔ اور روایت کیا ہے یحیی بن ابی کثیر نے اس حدیث کو ابی سلمہ سے اُسنے یعیش بن طہفہ سے اُسنے اپنے باپ سے اور کہا گیا ہے طخفہ بالخاء المعجمہ اور صحیح طہفہ ہے اور کہا گیا طغفہ اور کہا بعض حفاظ نے صحیح طخفہ بالخاء ہے **باب** شرمگاہ کے ڈھانپنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے بہز بن حکیم نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے دادا میرے سے کہا اُسنے میں نے کہا یا رسول اللہ اپنی شرمگاہ سے کیا چیز ہم ظاہر کریں اور کیا چیز چھوڑیں یعنے ظاہر نہ کریں فرمایا آپ نے اپنی شرمگاہ کو نگاہ رکھ مگر اپنی بیوی سے

[1] اشتمال الصماء کے یہ معنے ہیں کہ آدمی ایسا کپڑا بدن پر لپیٹے کہ ہاتھ اور پاؤں کے نکالنے کی کوئی جگہ خالی نہ رہ جائے اور صماء سخت پتھر کو بولتے ہیں اُس سے اسلیے تشبیہ دی گئی کہ جیسا اسمیں کوئی سوراخ وغیرہ نہیں ہوتے ویسا اسمیں بھی کوئی نہیں اور فقہا اسکے یہ معنے کرتے ہیں کہ صرف ایک کپڑا ہی بدن پر ہو اور اسکو آدمی پہننے والا ایک جانب سے اُٹھا کر کاندھے پر رکھدے ایسی طرح سے کہ اس سے اسکی شرمگاہ ننگی ہو۔ اور وجہ ممانعت کی پہلی صورت پر یہ ہے کہ شاید انسان کو کوئی ایسی سخت حاجت پیش آئے کہ جس سے آدمی مثلاً سانپ وغیرہ دفع کرنا چاہے تو اسکو دشوار گذرے اور دوسری صورت پر ظاہر ہے فرج ننگا کرنا حرام ہے۔ اور احتبا کے یہ معنے ہیں کہ آدمی دونوں پاؤں اپنے پیٹ کے ساتھ ملا دے اور پیٹھ کے پیچھے سے ایک کپڑا ڈالکر پنڈلیوں پر کو اوپر باندھ دے اور کبھی دونوں ہاتھوں سے بھی اسطرح کیا جاتا ہے ممانعت اسکی اسوجہ سے ہے کہ جب انسان پر ایک کپڑا ہی ہوگا تو ظن غالب ہے کہ ہلنے کے وقت شرمگاہ اسکی ننگی ہوگی ۱۲

فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم افعمیا وان انتما الستما تبصرانه هذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء فی النهی عن
الدخول علی النساء الا باذن ازواجهن **حدثنا** سوید بن نصر نا عبد الله بن المبارك نا شعبة عن الحکم عن ذکوان عن مولی
عمرو بن العاص ان عمرو بن العاص ارسله الی علی یستأذنه علی اسماء ابنة عمیس فاذن له حتی اذا فرغ من حاجته سأل المولی
عمرو بن العاص عن ذلك فقال ان النبی صلی الله علیه وسلم نهانا او نهاها ان ندخل علی النساء بغیر اذن ازواجهن وفی الباب
عن عقبة بن عامر وعبد الله بن عمرو وجابر هذا حدیث حسن صحیح **باب** فی تحذیر فتنة النساء **حدثنا** محمد بن
عبد الاعلی الصنعانی نا معتمر بن سلیمٰن عن ابیه عن ابی عثمٰن عن اسامة بن زید وسعید بن زید بن عمرو بن نفیل عن النبی صلی
الله علیه وسلم قال ما ترکت بعدی فی الناس فتنة اضر علی الرجال من النساء هذا حدیث حسن صحیح وقد روی هذا الحدیث
غیر واحد من الثقات عن سلیمٰن التیمی عن ابی عثمٰن عن اسامة بن زید عن النبی صلی الله علیه وسلم ولم یذکروا فیه عن سعید
بن زید بن عمرو بن نفیل ولا نعلم احدا قال عن اسامة بن زید وسعید بن زید غیر المعتمر وفی الباب عن ابی سعید **باب**
ما جاء فی کراهیة اتخاذ القصة **حدثنا** سوید نا عبد الله نا یونس عن الزهری نا حمید بن عبد الرحمٰن انه سمع معویة خطب بالمدینة
یقول این علماء کم یا اهل المدینة سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم ینهی عن هذه القصة ویقول انما هلکت بنوا اسرائیل حین
اتخذها نساؤهم هذا حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر وجه عن معٰویة **باب** ما جاء فی الواصلة والمستوصلة والواشمة
والمستوشمة **حدثنا** احمد بن منیع نا عبیدة بن حمید عن منصور عن ابراهیم عن علقمة عن عبد الله ان النبی صلی الله علیه وسلم لعن الواشمات

سو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تم دونوں اندھی ہو گیا تم دونوں نہیں دیکھتی[1]۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ
عورتوں پر داخل ہونا منع ہے مگر ساتھ اذن انکے خاوندونکے **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن مبارک نے
کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے حکم سے اُسنے ذکوان سے اُسنے عمرو بن عاص کے مولی سے یہ کہ عمرو بن عاص نے اسکو علی کی طرف اسماء بنت
عمیس پر اذن طلب کرنیکے واسطے بھیجا پس اُسنے اسکو اذن دیا یہانتک کہ جب وہ اپنی حاجت سے فارغ ہوئے تو انھوں نے عمرو بن عاص
کے مولی سے اسکی بابت پوچھا پس کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمکو منع کیا ہے یا کہا اُسنے آنحضرت نے منع کیا ہے کہ ہم عورتوں پر بغیر اذن انکے خاوندونکے
داخل ہوں۔ اور اس باب میں روایت ہے عقبہ بن عامر اور عبداللہ بن عمرو اور جابر سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب**
عورتوں کے فتنے سے ڈرانیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد الاعلی صنعانی نے کہا حدیث کی ہمسے معتمر بن سلیمان نے اپنے
باپ سے اُسنے ابی عثمان سے اُسنے اسامہ بن زید اور سعید بن زید بن عمرو بن نفیل سے انھوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے
نہیں چھوڑا میں نے پیچھے اپنے لوگوں میں کوئی فتنہ جو زیادہ نقصان پہونچانیوالا ہو مردوں پر عورتوں سے یعنے عورتوں سے زیادہ نقصان پہونچانیوالا
فتنہ میرے پیچھے اور کوئی نہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس حدیث کو کئی ایک نے ثقوں سے سلیمان تیمی سے روایت کیا ہے اُسنے ابی عثمان
سے اُسنے اسامہ بن زید سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ اور انھوں نے اسمیں سعید بن زید بن عمرو بن نفیل کا ذکر نہیں کیا۔ اور ہم نہیں
جانتے کہ کسی نے کہا ہو کہ یہ روایت ہے اسامہ بن زید سے۔ اور سعید بن زید معتمر کے سوا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی سعید
سے۔ **باب** اس بیان میں کہ بالوں کا جوڑا بنانا منع ہے **حدیث** کی ہمسے سوید نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ نے کہا حدیث کی
ہمسے یونس نے زہری سے کہا حدیث کی ہمسے حمید بن عبدالرحمٰن نے یہ کہ سنا اُسنے معاویہ سے کہ انھوں نے مدینہ میں خطبہ پڑھکر فرمایا
اے اہل مدینہ کہاں گئے عالم تمہارے میں نے رسول اللہ صلعم سے سنا ہے کہ اس جوڑے سے منع کرتے تھے اور فرماتے تھے بیشک بنی اسرائیل
اسوقت ہلاک ہوئے جبکہ انکی عورتوں نے یہ بنایا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور یہ کئی وجہ سے معاویہ سے مروی ہے **باب** پیوند کرنیوالی اور
پیوند کرانیوالی اور داغ لگانیوالی اور لگوانیوالی کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے عبیدہ بن حمید
نے منصور سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے علقمہ سے اُسنے عبداللہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے لعنت کی ہے داغ لگانیوالی

---

[1] اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عورتوں کو غیر مرد کی طرف نظر کرنی درست نہیں۔ اور حدیث حبشیوں کی کھیلنے کی اسکے خلاف پر دال ہے اسلئے کہ حضرت عائشہ انکی طرف دیکھتی ہی
تھیں بعض لوگوں نے حدیث متن کو ورع اور پرہیزگاری پر حمل کیا ہے اور دوسرے کو رخصت پر یعنے دیکھنا جائز ہے اور نہ دیکھنا رخصت۔ اور بعض نے کہا ہے کہ عائشہ اسوقت میں بالغہ نہ تھی اور مختار

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ھل لکم انماط قلت وانی تکون لنا انماط قال اما انھا ستکون لکم انماط قال فانا اقول لامرأتی اخری عنی انماطک فتقول الم یقل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انھا ستکون لکم انماط قال فادعھا ھذا حدیث صحیح حسن **باب** ماجاء فی رکوب ثلاثۃ علی دابۃ **حدثنا** عباس بن عبد العظیم العنبری نا النضر بن محمد ثنا عکرمۃ بن عمار عن ایاس بن سلمۃ عن ابیہ قال لقد قدت نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والحسن والحسین علی بغلتہ الشھباء حتی ادخلتہ حجرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ھذا قدامہ وھذا خلفہ وفی الباب عن ابن عباس وعبد اللہ بن جعفر ھذا حدیث حسن صحیح غریب **باب** ماجاء فی نظرۃ الفجاءۃ **حدثنا** احمد بن منیع نا ھشیم نا یونس بن عبید عن عمرو بن سعید عن ابی زرعۃ بن عمرو بن جریر عن جریر بن عبد اللہ قال سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن نظرۃ الفجاءۃ فامرنی ان اصرف بصری ھذا حدیث حسن صحیح وابو زرعۃ اسمہ ھرم **حدثنا** علی بن حجر انا شریک عن ابی ربیعۃ عن ابن بریدۃ عن ابیہ رفعہ قال یا علی لاتتبع النظرۃ النظرۃ فان لک الاولی ولیست لک الآخرۃ ھذا حدیث حسن غریب لانعرفہ الا من حدیث شریک **باب** ماجاء فی احتجاب النساء من الرجال **حدثنا** سوید نا عبد اللہ نا یونس بن یزید عن ابن شہاب عن نبھان مولی ام سلمۃ انہ حدثہ ان ام سلمۃ حدثتہ انھا کانت عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ومیمونۃ قالت فبینا نحن عندہ اقبل ابن ام مکتوم فدخل علیہ وذلک بعد ما امرنا بالحجاب فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احتجبا منہ فقلت یا رسول اللہ الیس ھو اعمی لایبصرنا ولا یعرفنا

کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تمھارے پاس بچھاونے ہیں میں نے کہا ہمارے پاس بچھاونے کہاں ہیں فرمایا اپنے جلدی تمھارے پاس بھی بچھاونے ہو جاینگے۔ کہا اُسنے سو میں اپنی عورت سے کہتا ہوں کہ اپنا بچھاونا میرے پاس سے دور کر وہ کہتی ہے کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا کہ جلدی تمھارے پاس بچھاونے ہو جاوینگے کہا اُسنے سو میں نے انکو چھوڑ دیا۔ یہ حدیث صحیح حسن ہے **باب** ایک سواری پر تین آدمیوں کے سوار ہونے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عباس بن عبد العظیم عنبری نے کہا حدیث کی ہمسے نضر بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عکرمہ بن عمار نے ایاس بن سلمہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے چلایا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور حسن اور حسین علیہما السلام کو نہایت قوی خچر پر یہانتک کہ میں نے انکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے حجرے میں داخل کیا یہ آپ کے آگے تھا اور یہ آپ کے پیچھے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عباس اور عبد اللہ بن جعفر سے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **باب** ناگاہ دیکھنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن عبید نے عمرو بن سعید سے اُسنے ابی زرعہ بن عمرو بن جریر سے اُسنے جریر بن عبد اللہ سے کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ناگاہ دیکھنے کی بابت سوال کیا یعنے انحضرت سے سوال کیا کہ ناگاہ یعنے بغیر قصد کے اگر کسی غیر عورت پر نظر جا پڑے تو اسکا کیا حال ہے پس آپ نے حکم دیا کہ میں اپنی نظر کو پھیر لوں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو زرعہ کا نام ہرم ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا خبر دی ہمکو شریک نے ابی ربیعہ سے اُسنے ابن بریدہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اسکو مرفوع کیا ہے کہ فرمایا آپ نے اے علی پہلی نظر[1] کے پیچھے دوسری نظر مت لگا اسلئے کہ تیرے لئے پہلی درست ہے اور دوسری تیرے واسطے درست نہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق شریک سے **باب** اس بیان میں کہ عورتوں کو مردوں سے پردہ کرنا چاہئے **حدیث** کی ہمسے سوید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن یزید نے اُسنے ابن شہاب سے اُسنے ام سلمہ کے مولی نبہان سے یہ کہ اُسنے حدیث کی ہے اسکو یہ کہ ام سلمہ نے حدیث کی ہے اسکو یہ کہ وہ اور میمونہ دونوں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس تھیں کہا ام سلمہ نے پس اسوقت میں کہ ہم انحضرت کے پاس تھیں ابن ام مکتوم آیا اور آپ پر داخل ہوا اور یہ قصہ اسوقت کے پیچھے کا ہے کہ جب کہ ہمکو پردے کا حکم ہو چکا تھا پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تم دونوں اس سے پردہ کرو سو میں نے کہا یا رسول اللہ کیا یہ نابینا نہیں ہمکو دیکھتا نہیں اور نہ ہمکو پہچانتا ہے

[1] یعنے اگر بغیر قصد کے پہلی بار نظر جو کسی غیر عورت پر جا پڑے تو اسکے بعد دوسری بار قصداً اسکی طرف نظر مت کر اسلئے کہ پہلی نظر جو بلا قصد اسکے اوپر جا پڑی سو وہ تیرے لئے درست تھی کیونکہ تیرے اختیار میں نہ تھی اور دوسری بار نظر کرنی قصداً تجھے درست نہیں ہے ۱۲

عن الجریری عن ابی نضرة عن رجل عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم طیب الرجال ما ظهر ریحه وخفی لونه وطیب النساء ما ظهر لونه وخفی ریحه **حدثنا** علی بن حجر نا اسمعیل بن ابراهیم عن الجریری عن ابی نضرة عن الطفاوی عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه بمعناه وهذا حدیث حسن الا ان الطفاوی لا نعرفه الا فی هذا الحدیث ولا نعرف اسمه وحدیث اسمعیل بن ابراهیم اتم واطول وفی الباب عن عمران بن حصین **حدثنا** محمد بن بشار اخبرنا ابوبکر الحنفی ثنا سعید عن قتادة عن الحسن عن عمران بن حصین قال قال النبی صلی الله علیه وسلم ان خیر طیب الرجال ما ظهر ریحه وخفی لونه وخیر طیب النساء ما ظهر لونه وخفی ریحه ونهی عن میثرة الارجوان هذا حدیث حسن غریب من هذا الوجه **باب** ما جاء فی کراهیة رد الطیب **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدی نا عزرة بن ثابت عن ثمامة بن عبد الله قال کان انس لا یرد الطیب وقال انس ان النبی صلی الله علیه وسلم کان لا یرد الطیب وفی الباب عن ابی هریرة هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** قتیبة نا ابن ابی فدیک عن عبد الله بن مسلم عن ابیه عن ابن عمر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ثلاث لا ترد الوسائد والدهن واللبن هذا حدیث غریب وعبد الله بن مسلم هو ابن جندب وهو مدینی **حدثنا** عثمن بن مهدی نا محمد بن خلیفة نا یزید بن زریع عن حجاج الصواف عن حنان عن ابی عثمن النهدی قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا اعطی احدکم الریحان فلا یرده فانه خرج من الجنة هذا حدیث غریب حسن ولا نعرف لحنان غیر هذا الحدیث وابو عثمن النهدی اسمه عبد الرحمن بن مل وقد ادرک زمن النبی صلی الله علیه وسلم ولم یره ولم یسمع منه **باب** ماجاء فی کراهیة مباشرة الرجل الرجل والمرأة المرأة

اُسنے جریری سے اُسنے ابی نضرہ سے اُسنے ایک مرد سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مردوں کی خوشبو وہ ہے جسکی بو ظاہر ہو اور رنگ اسکا پوشیدہ ہو (مثلاً عطر) اور عورتوں کی خوشبو وہ ہے جسکا رنگ ظاہر ہو اور بو اسکی پوشیدہ ہو مثلاً زعفران **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابراہیم نے جریری سے اُسنے ابی نضرہ سے اُسنے طفاوی سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے بالمعنے۔ اور یہ حدیث حسن ہے مگر ہم طفاوی کو نہیں پہچانتے مگر اسی حدیث میں یعنے اس سے صرف یہی حدیث مروی ہے اور نہ ہم اسکا نام جانتے ہیں اور حدیث اسمٰعیل بن ابراہیم کی بہت پوری اور لمبی ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے عمران بن حصین سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا خبر دی ہمکو ابوبکر حنفی نے کہا حدیث کی ہمسے سعید نے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے عمران بن حصین سے کہا اُسنے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بہتر خوشبو مردوں کی وہ ہے جسکی بو ظاہر ہو اور رنگ اسکا پوشیدہ ہو۔ اور بہتر خوشبو عورتوں کی وہ ہے جسکا رنگ ظاہر ہو اور بو اسکی پوشیدہ ہو۔ اور منع کیا آپ نے چادر سرخ سے۔ یہ حدیث اس وجہ سے غریب ہے **باب** اس بیان میں کہ خوشبو کا رد کرنا مکروہ ہے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے عزرہ بن ثابت نے اُسنے ثمامہ بن عبد اللہ سے کہا اُسنے حضرت انس رضی اللہ عنہ خوشبوئی کو رد نہیں کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم خوشبوئی رد نہیں کرتے تھے اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی فدیک نے عبد اللہ بن مسلم سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تین چیزیں رد نہ کیجا دیں ایک تکیہ دوسرے خوشبوئی تیسرے دودھ۔ یہ حدیث غریب ہے۔ اور عبد اللہ بن مسلم وہ جندب کا بیٹا ہے اور وہ مدینی ہے **حدیث** کی ہمسے عثمان بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن خلیفہ نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن زریع نے حجاج صواف سے اُسنے حنان سے اُسنے ابی عثمان نہدی سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب کوئی تم میں ریحان دیا جاوے تو چاہیئے کہ اسکو رد نہ کرے اسلئے کہ وہ جنت سے نکلا ہے۔ یہ حدیث غریب حسن ہے۔ اور ہم نہیں پہچانتے واسطے حنان کے سوائے اس حدیث کے۔ اور ابو عثمان نہدی کا نام عبد الرحمن بن مل ہے اور اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا ہے اور آپکو اُسنے دیکھا نہیں اور نہ کچھ آپ سے سنا ہے **باب** اس بیان میں کہ ننگا بدن لگانا مرد کا مرد سے اور عورت کا عورت سے مکروہ ہے

والمستوشمات والمتنمصات مبتغیات للحسن مغیرات خلق الله هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** سوید نا عبد الله بن المبارک عن عبید الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم قال لعن الله الواصلة والمستوصلة والواشمة والمستوشمة وقال نافع الوشم فی اللثة هذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن عائشة ومعقل بن یسار واسماء بنت ابی بکر و ابن عباس **حدثنا** محمد بن بشار نا یحیی بن سعید نا عبید الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه ولم یذکروا فیه قول نافع هذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی المتشبهات بالرجال من النساء **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابوداؤد الطیالسی نا شعبة وهمام عن قتادة عن عکرمة عن ابن عباس قال لعن رسول الله صلی الله علیه وسلم المتشبهات بالرجال من النساء والمتشبهین بالنساء من الرجال هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** الحسن بن علی الخلال نا عبد الرزاق انا معمر عن یحیی بن ابی کثیر وایوب عن عکرمة عن ابن عباس قال لعن رسول الله صلی الله علیه وسلم المخنثین من الرجال والمترجلات من النساء هذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن عائشة **باب** ماجاء فی کراهیة خروج المرأة متعطرة **حدثنا** محمد بن بشار نا یحیی بن سعید القطان عن ثابت بن عمارة الحنفی عن غنیم بن قیس عن ابی موسی عن النبی صلی الله علیه وسلم قال کل عین زانیة والمرأة اذا استعطرت فمرت بالمجلس فهی کذا وکذا یعنی زانیة وفی الباب عن ابی هریرة وهذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی طیب الرجال والنساء **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابوداؤد الحفری عن سفیان

اور گودوانے والی کو۔ اور بال اکھاڑنے والی کو جو طلب کرنیوالی ہیں واسطے حسن کے تغیر دینے والی ہیں اللہ کی پیدائش کو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہم سے سوید نے کہا خبر دی ہمکو عبداللہ بن مبارک نے عبیداللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے لعنت کی اللہ نے پیوند کرنیوالی[ا] اور پیوند کرانیوالی کو اور داغ لگانیوالی اور داغ لگوانیوالی کو۔ اور کہا نافع نے مراد داغ لگانے سے جڑ دندانوں ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور معقل بن یسار اور اسماء بنت ابی بکر اور ابن عباس سے رضی اللہ عنہم **حدیث** کی ہم سے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہم سے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہم سے عبیداللہ بن عمر نے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلعم سے مثل اسکے۔ اور انھوں نے اسمین قول نافع کا ذکر نہیں کیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** اُن عورتونکے بیان میں جو مردوں سے مشابہت کریں **حدیث** کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے ابوداؤد طیالسی نے کہا حدیث کی ہم سے شعبہ اور ہمام نے قتادہ سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے لعنت کی ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اُن عورتونکو جو مردوں کیسی چال چلیں اور اُن مردونکو جو عورتوں کیسی چال چلیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہم سے حسن بن علی خلال نے کہا حدیث کی ہم سے عبدالرزاق نے کہا خبر دی ہمکو معمر نے یحیی بن ابی کثیر اور ایوب سے اُنھوں نے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے لعنت کی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اُن مردونکو جو مخنث[۲] بنتے ہیں اور اُن عورتونکو جو مردوں کیسی چال چلتی ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں روایت ہے حضرت عائشہ سے **باب** اس بیان میں کہ عورت کو عطر لگا کر نکلنا حرام ہے **حدیث** کی ہم سے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہم سے یحیی بن سعید قطان نے ثابت بن عمارہ حنفی سے اُسنے غنیم بن قیس سے اُسنے ابی موسی سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے ہر آنکھ زنا کرنیوالی ہے۔ اور عورت جب عطر لگائے اور کسی مجلس میں گذرے تو وہ ایسی ایسی ہے یعنے زانیہ ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ سے۔ اور یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** مردوں اور عورتوں کی خوشبو لی کے بیان میں

حدیث کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے ابوداؤد حفری نے سفیان سے

[۱] پیوند کرنے سے یہ مراد ہے کہ اپنے بالونکے ساتھ اور بال ملانے جاویں تا کہ زیادہ معلوم ہوں۔ اور داغ لگانا یہ ہوتا ہے کہ مثلاً سوئی سے بدن پر سوراخ کرکے اسمین سرمہ ڈال دیا جائے تا کہ تل معلوم ہو جیسا کہ عموماً عورات ہنود میں مروج ہے اور نافع نے جو داغ لگانیکے معنے دانتوں کی جڑ کے ساتھ خاص کئے ہیں یہ باعتبار عادت لوگونکے ہیں ورنہ ممانعت تو تمام بدن سے یکساں ہے اور یہ فعل کرنیوالی اور کرانیوالی دونونکو حرام ہے اور طیبی میں لکھا ہے کہ جس جگہ داغ لگایا جاوے وہ جگہ نجس ہوجاتی ہے اگر اس داغ کا دور کرنا علاج سے ممکن ہو تو اسکا دور کرنا واجب ہے اور اگر ممکن نہیں یعنے دور کرنے سے زخم ہوجاتا ہے تو اگر اس زخم سے ہلاکت کا خوف ہو یا کسی عضو کے ہلاک ہونیکا یا ظاہر عضو میں نقصان فاحش ہوجاتا ہے تو پھر اسکا دور کرنا واجب نہیں اور توبہ کرنے سے گناہ معاف ہوجائیگا اور اگر اسکے دور کرنے سے کسی عضو کا نقصان نہیں ہوتا تو تب بھی اسکا دور کرنا ہی واجب ہے اور تاخیر سے گنہگار رہیگا اور عورت کو بال اکھاڑنے منھ سے حرام ہیں مگر اس صورت میں کہ ڈاڑھی یا مونچھیں نکل آئیں انتہی ۱۲ [۲] مخنث کی دو قسم ہیں ایک یہ کہ انکی پیدائش چال لباس

عن عبد الله بن محمد بن عقيل عن عبد الله بن جرهد الاسلمي عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال الفخذ عورة هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه **حدثنا** واصل بن عبد الاعلى الكوفي نا يحيى بن آدم نا اسرائيل عن ابي يحيى عن مجاهد عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم قال الفخذ عورة وفي الباب عن علي ومحمد بن عبد الله بن جحش وهذا حديث حسن غريب ولعبد الله بن جحش ولابنه محمد صحبة **باب** ما جاء في النظافة **حدثنا** محمد بن بشار نا ابو عامر نا خالد بن الياس عن صالح بن ابي حسان قال سمعت سعيد بن المسيب يقول ان الله طيب يحب الطيب نظيف يحب النظافة كريم يحب الكرم جواد يحب الجود فنظفوا اراه قال افنيتكم ولا تشبهوا باليهود قال فذكرت ذلك لمهاجر بن مسمار فقال حدثنيه عامر بن سعد عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم مثله الا انه قال نظفوا افنيتكم هذا حديث غريب وخالد بن الياس يضعف ويقال ابن اياس **باب** ما جاء في الاستتار عند الجماع **حدثنا** احمد بن محمد بن نيزك البغدادي نا الاسود بن عامر نا ابو محياة عن ليث عن نافع عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اياكم والتعري فان معكم من لا يفارقكم الا عند الغائط وحين يفضي الرجل الى اهله فاستحيوهم واكرموهم هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه وابو محياة اسمه يحيى بن يعلى **باب** ماجاء في دخول الحمام **حدثنا** القاسم بن دينار الكوفي نا مصعب بن المقدام عن الحسن بن صالح عن ليث بن ابي سليم عن طاؤس عن جابر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يدخل حليلته الحمام ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يدخل الحمام بغير ازار ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يجلس على مائدة

اُسنے عبد اللہ بن محمد بن عقیل سے اُسنے عبد اللہ بن جرہد اسلمی سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے ران شرمگاہ ہے۔ یہ حدیث اس طریق سے حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے واصل بن عبد الاعلی کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن آدم نے کہا حدیث کی ہمسے اسرائیل نے ابی یحیی سے اُسنے مجاہد سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ران شرمگاہ ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے علی اور محمد بن عبد اللہ بن جحش سے۔ اور یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور عبد اللہ بن جحش اور اسکے بیٹے محمد کی صحبت ہے آنحضرت سے۔ **باب** نظافت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر نے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن الیاس نے صالح بن ابی حسان سے کہا سنا میں نے سعید بن مسیب سے کہ کہتا بیشک اللہ تعالی طیب ہے دوست رکھتا ہے طیب کو پاک ہے دوست رکھتا ہے پاکی کو کریم ہے دوست رکھتا ہے کرم کو سخی ہے دوست رکھتا ہے سخاوت کو پس پاک کرو۔ (راوی کہتا ہے کہ میں گمان کرتا ہوں کہ سعید نے اسکے آگے یہ کہا ہے) اپنے صحنوں کو اور یہود کے ساتھ مشابہت مت کرو۔ صالح کہتا ہے پس میں نے یہ حدیث مہاجر بن مسمار کے پاس ذکر کی پس کہا اُسنے مجھے یہ حدیث عامر بن سعد نے بواسطہ اپنے باپ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے کی ہے مگر اُسنے یہ کہا ہے کہ پاک کرو اپنے صحنوں کو یعنے اُسنے لفظ اراہ کا جسکے معنے ہیں کہ میں گمان کرتا ہوں نہیں ذکر کیا۔ یہ حدیث غریب ہے اور خالد بن الیاس ضعیف کیا گیا ہے۔ اور اسکو ابن ایاس بھی کہا جاتا ہے۔ **باب** جماع کرنے کے وقت پردہ کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد نیزک بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے اسود بن عامر نے کہا حدیث کی مجھے ابو محیاۃ نے لیث سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بچو تم ننگا ہونے سے اسلئے کہ ساتھ تمہارے ایسے شخص ہیں جو تمسے مفارقت نہیں کرتے مگر وقت پائخانہ کے اور اُسوقت میں کہ جب مرد اپنی عیال کے ساتھ جماع کرتا ہے پس تم اُنسے حیا کرو اور اُنکی عزت کرو۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم مگر اسی وجہ سے۔ اور ابو محیاۃ کا نام یحیی بن یعلی ہے۔ **باب** حمام میں داخل ہونیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قاسم بن دینار کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے مصعب بن مقدام نے حسن بن صالح سے اُسنے لیث بن ابی سلیم سے اُسنے طاؤس سے اُسنے جابر سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی ایمان لاتا ہو ساتھ اللہ اور دن پچھلے کے تو چاہیئے کہ نہ داخل کرے اپنی جورو کو حمام میں۔ اور جو کوئی ایمان لاتا ہو ساتھ اللہ اور دن پچھلے کے تو چاہیئے کہ نہ داخل ہو حمام میں بغیر تہبند کے پہنے لنگی کے۔ اور جو کوئی ایمان لاتا ہو ساتھ اللہ اور دن پچھلے کے تو چاہیئے کہ نہ بیٹھے اس مائدہ پر

حدثنا هناد نا ابو معٰوية عن الاعمش عن شقيق بن سلمة عن عبد الله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لاتباشر المراة المراة حتى تصفها لزوجها كانه ينظر اليها هٰذا حديث حسن صحيح حدثنا عبد الله بن ابي زياد نا زيد بن حباب اخبرني الضحاك يعني ابن عثمٰن اخبرني زيد بن اسلم عن عبد الرحمٰن بن ابي سعيد عن ابيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ينظر الرجل الى عورة الرجل ولا تنظر المراة الى عورة المراة ولا يفضي الرجل الى الرجل في الثوب الواحد ولا تفضي المراة الى المراة في الثوب الواحد هٰذا حديث حسن غريب **باب** ماجاء في حفظ العورة حدثنا احمد بن منيع نا معاذ بن معاذ ويزيد بن هارون قالا نا بهز بن حكيم عن ابيه عن جده قال قلت يا نبي الله عوراتنا ما نأتي منها وما نذر قال احفظ عورتك الا من زوجتك او ما ملكت يمينك قال قلت يا رسول الله اذا كان القوم بعضهم في بعض قال ان استطعت ان لا يراها احد فلا ترينها قال قلت يا نبي الله اذا كان احدنا خاليا قال فالله احق ان يستحيي من الناس هٰذا حديث حسن **باب** ماجاء ان الفخذ عورة حدثنا ابن ابي عمر نا سفيان عن ابي النضر مولى عمر بن عبيد الله عن زرعة بن مسلم بن جرهد الاسلمي عن جده جرهد قال مر النبي صلى الله عليه وسلم بجرهد في المسجد وقد انكشف فخذه فقال ان الفخذ عورة هٰذا حديث حسن ما ارى اسناده بمتصل حدثنا الحسن بن علي نا عبد الرزاق نا معمر عن ابي الزناد قال اخبرني ابن جرهد عن ابيه ان النبي صلى الله عليه وسلم مر به وهو كاشف عن فخذه فقال النبي صلى الله عليه وسلم غط فخذك فانها من العورة هٰذا حديث حسن حدثنا واصل بن عبد الاعلى نا يحيى بن ادم عن الحسن بن صالح

حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے شقیق بن سلمہ سے اُسنے عبد اللہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ ننگا بدن لگائے[1] عورت عورت سے تاکہ بیان کرے اُسکا واسطے اپنے خاوند کے گویا کہ وہ اسکی طرف دیکھ رہا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن ابی زیاد نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے کہا خبر دی مجھے ضحاک یعنے ابن عثمان نے کہا خبر دی مجھے زید بن اسلم نے عبد الرحمن بن ابی سعید سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی مرد کسی مرد کی شرمگاہ کی طرف نہ دیکھے اور نہ کوئی عورت کسی عورت کی شرمگاہ کی طرف دیکھے اور نہ کوئی مرد کسی مرد کی طرف ایک کپڑے میں پہونچے یعنے دو مرد ننگے بدن ملکر ایک کپڑے میں نہ سوئیں۔ اور نہ کوئی عورت کسی عورت کی طرف ایک کپڑے میں پہونچے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ **باب** شرمگاہ کے نگاہ رکھنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے معاذ بن معاذ اور یزید بن ہارون نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے بہز بن حکیم نے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہا اُسنے میں نے کہا اے نبی اللہ کے اپنی شرمگاہوں سے کیا ہم ظاہر کریں اور کیا چھوڑیں فرمایا آپ نے اپنی شرمگاہ کو نگاہ رکھ مگر اپنی بیوی سے یا اس سے کہ مالک ہوا داہنا ہاتھ تیرا۔ کہا اُسنے میں نے کہا یا رسول اللہ جب قوم بعض بعض میں ہو (تو کیا کیا جائے) فرمایا آپ نے اگر تو طاقت رکھے اس بات کی کہ اسکو کوئی نہ دیکھے تو مت دکھلا اسکو کہا اُسنے میں نے کہا اے نبی اللہ کے جب کوئی ہم میں سے تنہا ہو تو کیا حال ہے فرمایا آپ نے پس اللہ تعالی بہت لائق ہے اسکے کہ شرم کیجائے اس سے بہ نسبت لوگوں کے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ ران شرمگاہ ہے یعنے اسکا ڈھانپنا واجب ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی النضر یعنے عمر بن عبید اللہ کے مولیٰ سے اُسنے زرعہ بن مسلم بن جرہد اسلمی سے اُسنے اپنے دادا جرہد سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم جرہد کے پاس مسجد میں گذرے اس حالت میں کہ اسکی ران ننگی تھی فرمایا آپ نے بیشک ران شرمگاہ ہے یعنے جیسے فرج کا ڈھانپنا واجب ہے ویسا ہی اسکا واجب ہے۔ یہ حدیث حسن ہے میں اسکی سند کو متصل نہیں جانتا۔ **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے ابی الزناد سے کہا خبر دی مجھے ابن جرہد نے اپنے باپ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم اسکے پاس گذرے اس حالت میں کہ اُسنے اپنی ران ننگی کی ہوئی تھی پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی ران کو ڈھانپ لے اسلئے کہ یہ شرمگاہ سے ہے۔ یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے واصل بن عبد الاعلی نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن آدم نے حسن بن صالح سے

[1] یعنے عورت عورت سے مس نہ کرے اسلئے کہ جب مس کرے گی تو وہ اپنے خاوند کے پاس اسکے بدن کا حال بیان کریگی تو عموما ایسا ہوگا کہ اسکا خاوند اسکی طرف دیکھ رہا ہے ۱۲

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اتاني جبرئيل فقال اني كنت اتيتك البارحة فلم يمنعني ان اكون دخلت عليك البيت الذي كنت فيه الا انه كان في باب البيت تمثال الرجال وكان في البيت قرام ستر فيه تماثيل وكان في البيت كلب فمر براس التمثال الذي بالباب فليقطع فيصير كهيئة الشجرة ومر بالستر فليقطع ويجعل منه وسادتين منتبذتين توطئان ومر بالكلب فيخرج ففعل رسول الله صلى الله عليه وسلم وكان ذلك الكلب جروا للحسين او للحسن تحت نضد له فامر به فاخرج هذا حديث حسن صحيح وفي الباب عن عائشة **باب** ماجاء في كراهية لبس المعصفر للرجال **حدثنا** عباس بن محمد البغدادي نا اسحق بن منصور نا اسرائيل عن ابي يحيى عن مجاهد عن عبد الله بن عمرو قال مر رجل وعليه ثوبان احمران فسلم على النبي صلى الله عليه وسلم فلم يرد عليه النبي صلى الله عليه وسلم السلام هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه ومعنى هذا الحديث عند اهل العلم انه كره لبس المعصفر وراوا ان ما صبغ بالحمرة بالمدر او غير ذلك فلا باس به اذا لم يكن معصفرا **حدثنا** قتيبة نا ابو الاحوص عن ابي اسحق عن هبيرة بن يريم قال قال علي بن ابي طالب نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن خاتم الذهب وعن القسي وعن الميثرة وعن الجعة قال ابو الاحوص وهو شراب يتخذ بمصر من الشعير هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر وعبد الرحمن بن مهدي قالا نا شعبة عن الاشعث بن سليم عن معوية بن سويد بن مقرن عن البراء بن عازب قال امرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم بسبع ونهانا عن سبع امرنا باتباع الجنائز وعيادة المريض وتشميت العاطس واجابة الداعي ونصرة المظلوم وابرار القسم ورد السلام

کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے پاس جبرئیل علیہ السلام آئے سو فرمایا کہ میں آپ کے پاس رات کو آیا پس نہ مجھے آپ کے پاس اس گھر میں کہ جسمیں آپ تھے کسی چیز نے داخل ہونے سے منع نہیں کیا مگر اس گھر کے دروازے پر مردوں کی تصویریں تھیں اور اس گھر میں ایسا پردہ تھا کہ اسمیں تصویریں تھیں۔ اور اس گھر میں کتا تھا۔ پس آپ حکم دیجئے کہ تصویریں جو دروازے پر ہیں قطع کیجائیں سو وہ درخت کی طرح ہو جائیں[1]۔ اور حکم دیجئے پردے کی بابت کہ وہ بھی قطع کر دیا جاوے اور اسکے دو فرش بچھانے والے بنائے جاویں کہ پاؤں میں روندے جاویں اور کتے کے واسطے حکم دیجئے کہ گھر سے نکالدیا جاوے پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا۔ اور وہ کتے کا بچہ امام حسین کا تھا یا امام حسن رضی اللہ عنہما کا انکے تخت کے نیچے تھا پس آپ نے حکم دیا تو وہ بھی نکالدیا گیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے حضرت عائشہ سے۔ **باب** اس بیان میں کہ معصفر کا پہننا مردوں کے واسطے منع ہے **حدیث** کی ہمسے عباس بن محمد بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے اسحاق بن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے اسرائیل نے ابی یحیی سے اُسنے مجاہد سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہا اُسنے ایک مرد گذرا اور اسپر دو کپڑے سرخ تھے اور اُسنے آنحضرت پر سلام کیا پس آنحضرت نے اسکے سلام کا جواب نہ دیا۔ یہ حدیث اس طریق سے حسن غریب ہے۔ اور معنے اس حدیث کے اہل علم کے نزدیک یہ ہیں کہ آپ نے معصفر کا پہننا مکروہ جانا ہے۔ اور کہا اہل علم نے کہ جو چیز سرخی سے یعنے مثلا اینٹ سے رنگی جائے[2] یا غیر اس سے تو اسکا کچھ خوف نہیں جبکہ معصفر نہ ہو۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے ابی اسحاق سے اُسنے ہبیرہ بن یریم سے کہا اُسنے فرمایا علی بن ابی طالب نے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے سونے کی انگوٹھی سے اور قسی[3] سے اور میثرہ سے اور جعہ سے کہا ابو الاحوص نے یہ ایک شراب ہے جو مصر میں جَو سے بنائی جاتی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر اور عبد الرحمن بن مہدی نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے شعبہ نے اشعث بن سلیم سے اُسنے معاویہ بن سوید بن مقرن سے اُسنے براء بن عازب سے کہا اُسنے ہمکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سات چیزوں کا حکم دیا ہے اور سات چیزوں سے منع کیا ہے۔ حکم دیا ہے جنازے کے پیچھے چلنے کا۔ اور بیمار کی عیادت کا۔ اور چھینک کے جواب دینے کا۔ اور دعوت کے قبول کرنیکا۔ اور مظلوم کی مدد کرنیکا۔ اور قسم کرنیوالے کو سچا[4] کرنیکا اور سلام کا جواب دینا۔

[1] یعنے جیسے درخت ہوتا ہے کہ کوئی شاخ کسی طرف اور کوئی کسی طرف ایسے ہی وہ ہو جائیں کہ جب مثلاً انکے سر کاٹے جاوینگے تو وہ بھی ذی روح کی شکل نہ رہ جاوینگے پس درخت میں اور انمیں کوئی فرق نہ رہیگا ۱۲ [2] اسیطرح ایسا ہی در مختار اور مجتبی اور قہستانی وغیرہ کتب فقہ میں لکھا ہے ۱۲ [3] قس ایک شہر کا نام ہے وہاں پر کپڑا السی اور ریشم سے بنایا جاتا ہے اسلئے اسکی طرف منسوب ہوا۔ اور میثرہ زین پر سوار کے نیچے بچھایا جاتا ہے کراہت اسکی بھی اسی وجہ سے ہے کہ ریشم کا ہوتا ہے ۱۲ [4] سچا کرنا اس طور سے کہ اگر کسی نے تجھپر قسم کھائی کہ میں تجھے کہتا ہوں اسکو کر تو اسکی قسم کے موافق کرنا ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲

يدار عليهم الخمر هذا حديث حسن غريب لا نعرفه من حديث طاؤس عن جابر الا من هذا الوجه قال محمد بن اسمٰعيل ليث بن ابي سليم صدوق وربما يهم في الشيء وقال محمد قال احمد بن حنبل ليث لا يفرح بحديثه **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمٰن بن مهدي نا حماد بن سلمة عن عبد الله بن شداد الاعرج عن ابي عذرة وكان قد ادرك النبي صلى الله عليه وسلم عن عائشة ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى الرجال والنساء عن الحمامات ثم رخص للرجال في الميازر هذا حديث لا نعرفه الا من حديث حماد بن سلمة واسناده ليس بذاك القائم **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو داؤد انبانا شعبة عن منصور قال سمعت سالم بن ابي الجعد يحدث عن ابي المليح الهذلي ان نساء من اهل حمص او من اهل الشام دخلن على عائشة فقالت انتن اللاتي يدخلن نساءكم الحمامات سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ما من امرأة تضع ثيابها في غير بيت زوجها الا هتكت الستر بينها وبين ربها هذا حديث حسن **باب** ما جاء ان الملئكة لا تدخل بيتا فيه صورة ولا كلب **حدثنا** سلمة بن شبيب والحسن بن علي الخلال وعبد بن حميد وغير واحد واللفظ للحسن قالوا نا عبد الرزاق نا معمر عن الزهري عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة انه سمع ابن عباس يقول سمعت ابا طلحة يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا تدخل الملئكة بيتا فيه كلب ولا صورة تماثيل وهذا حديث حسن صحيح **حدثنا** احمد بن منيع نا روح بن عبادة نا مالك بن انس عن اسحٰق بن عبد الله بن ابي طلحة ان رافع بن اسحٰق اخبره قال دخلت انا وعبد الله بن ابي طلحة على ابي سعيد الخدري نعوده فقال ابو سعيد اخبرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الملئكة لا تدخل بيتا فيه تماثيل او صورة شك اسحٰق لا يدري ايهما قال هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** سويد نا عبد الله بن المبارك نا يونس بن ابي اسحٰق نا مجاهد نا ابو هريرة

کہ جسپر شراب کا دور چلتا ہو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو طریق طاؤس سے جو راوی ہے جابر سے مگر اسی وجہ سے۔ کہا محمد بن اسمٰعیل بخاری نے لیث بن ابی سلیم سچا آدمی ہے اور اکثر اوقات کسی چیز میں وہم کر جاتا ہے اور کہا محمد یعنے بخاری نے کہ کہا احمد بن حنبل نے لیث کی حدیث پر خوش نہ ہونا چاہیے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرحمٰن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے عبداللہ بن شداد اعرج سے اُنہوں نے ابی عذرہ سے اور اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو پایا ہے اُسنے روایت کی حضرت عائشہ صدیقہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے منع کیا مردوں اور عورتوں کو حماموں میں داخل ہونے سے۔ پھر مردوں کو چادر و نمیں رخصت دی کہ چادر اوڑھ کر داخل ہو جائیں۔ اس حدیث کو ہم نہیں پہچانتے مگر طریق حماد بن سلمہ سے اور اسناد اسکی درست نہیں ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے منصور سے کہا اُسنے سنا میں نے سالم بن ابی الجعد سے کہ حدیث کرتا تھا ابی الملیح ہذلی سے یہ کہ چند عورتیں اہل حمص سے یا اہل شام سے حضرت عائشہ پر داخل ہوئیں پس حضرت عائشہ نے کہا تم ایسی ہو کہ تمہاری عورتیں حماموں میں داخل ہوتی ہیں۔ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ فرماتے تھے جو عورت اپنے کپڑے اپنے خاوند کے غیر گھر میں رکھے یعنے اُتارے تو اُسنے پھاڑ ڈالا پردے کو جو اُسکے اور اُسکے رب کے درمیان تھا۔ یہ حدیث حسن ہے **باب** اس بیان میں کہ فرشتے نہیں داخل ہوتے اس گھر میں کہ جسمیں تصویر اور کتا ہو **حدیث** کی ہمسے سلمہ بن شبیب اور حسن بن علی خلال اور عبد بن حمید اور کئی ایک نے اور لفظ حسن کے ہیں کہا اُنھوں نے حدیث کی ہمسے عبدالرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے زہری سے اُسنے عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ سے یہ کہ سنا اُسنے ابن عباس سے کہ کہتا سنا میں نے ابا طلحہ سے کہ کہتا سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے نہیں داخل ہوتے فرشتے اُس گھر میں کہ جسمیں کتا اور تصویر ہو۔ اور یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے روح بن عبادہ نے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن انس نے اسحاق بن عبد اللہ بن ابی طلحہ سے یہ کہ رافع بن اسحاق نے خبر دی ہے اسکو کہ کہا اُسنے میں اور عبد اللہ بن ابی طلحہ ابی سعید خدری پر اسکی عیادت کے واسطے داخل ہوئے پس کہا ابو سعید نے خبر دی ہے ہمکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ فرشتے نہیں داخل ہوتے اُس گھر میں کہ جسمیں بت یا تصویر ہو شک کیا ہے اسحاق نے وہ نہیں جانتا کہ کونسا لفظ ان دونوں میں سے اسکے استاد نے کہا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے سوید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن ابی اسحاق نے کہا حدیث کی ہمسے مجاہد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو ہریرہ

هذا حديث حسن صحيح غريب **باب** ما جاء في الثوب الاصفر **حدثنا** عبد بن حميد نا عفان بن مسلم الصفار ابو عثمن نا عبد الله
بن حسان انه حدثته جدتاه صفية بنت علية ودحيبة بنت علية حدثتاه عن قيلة بنت مخرمة وكانتا ربيبتيها وقيلة جدة
ابيهما ام امه انها قالت قدمنا على رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكرت الحديث بطوله حتى جاء رجل وقد ارتفعت الشمس
فقال السلام عليك يا رسول الله فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم وعليك السلام ورحمة الله وعليه تعني النبي صلى الله عليه
وسلم اسمال مليتين كانتا بزعفران وقد نفضتا ومعه عسيب نخلة حديث قيلة لا نعرفه الا من حديث عبد الله بن حسان

باب ما جاء في كراهية التزعفر والخلوق للرجال **حدثنا** قتيبة نا حماد بن زيد **ح** وثنا اسحق بن منصور نا عبد الرحمن
بن مهدي عن حماد بن زيد عن عبد العزيز بن صهيب عن انس بن مالك قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن التزعفر
للرجال هذا حديث حسن صحيح وروى شعبة هذا الحديث عن اسمعيل بن علية عن عبد العزيز بن صهيب عن انس ان النبي
صلى الله عليه وسلم نهى عن التزعفر **حدثنا** بذلك عبد الله بن عبد الرحمن نا آدم عن شعبة قال ومعنى كراهية التزعفر
للرجال ان يتزعفر الرجل يعني ان يتطيب به **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو داود الطيالسي عن شعبة عن عطاء بن السائب
قال سمعت ابا حفص بن عمر يحدث عن يعلى بن مرة ان النبي صلى الله عليه وسلم ابصر رجلا متخلقا قال اذهب فاغسله ثم
اغسله ثم لا تعد هذا حديث حسن وقد اختلف بعضهم في هذا الاسناد عن عطاء بن السائب قال علي قال يحيى بن سعيد
من سمع من عطاء بن السائب قديما فسماعه صحيح وسماع شعبة وسفيان من عطاء بن السائب صحيح الا حديثين عن عطاء بن السائب

یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **باب** زرد کپڑے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عفان بن مسلم صفار
یعنے ابو عثمان نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن حسان نے یہ کہ حدیث کی ہے اسکو دونون دادی اسکی نے یعنے صفیہ بنت علیبہ اور دحیبہ
بنت علیبہ نے حدیث کی ہے ان دونون نے اسکو قیلہ بنت مخرمہ سے اور وہ دونون اسکی تربیت یافتہ تھین اور قیلہ ان دونون کے باپ
کی نانی ہے تحقیق اسنے کہا کہ ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئین سو اسنے لمبی حدیث ذکر کی۔ (آخر مین اسنے یہ بیان کیا) یہانتک کہ ایک
مرد آیا اس حالت مین کہ آفتاب بلند ہو گیا تھا پس کہا اسنے السلام علیک یا رسول اللہ پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے وعلیک السلام
ورحمۃ اللہ اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اوپر دو کپڑے زعفران سے رنگے ہوئے تھے اور ان دونون کپڑون نے اپنا رنگ چھوڑا ہوا تھا یعنے
انپر رنگ کا بہت تھوڑا اثر باقی رہا تھا۔ اور آپ کے پاس کھجور کی ٹہنی تھی۔ قیلہ کی حدیث کو ہم نہین پہچانتے مگر طریق عبداللہ بن حسان سے

باب اس بیان مین کہ زعفران اور خلوق۱؎ کا پہننا مردون کے واسطے منع ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید
نے **ح** اور حدیث کی ہمسے اسحاق بن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرحمن بن مہدی نے حماد بن زید سے اسنے عبدالعزیز بن صہیب
سے اسنے انس بن مالک سے کہا اسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مردون کو زعفرانی رنگ سے منع کیا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے
اور روایت کیا ہے شعبہ نے اس حدیث کو اسمٰعیل بن علیہ سے اسنے عبدالعزیز بن صہیب سے اسنے انس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے
زعفران سے منع کیا ہے **حدیث** کی ہمسے ساتھ اسکے عبداللہ بن عبدالرحمن نے کہا حدیث کی ہمسے آدم نے شعبہ سے کہا اسنے معنے
اسباب کے کہ مردون کے واسطے زعفران منع ہے یہ ہین کہ اسکے ساتھ خوشبو لگانی مردونکو منع ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے
کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد طیالسی نے شعبہ سے اسنے عطاء بن سائب سے کہا اسنے سنا مین نے ابا حفص بن عمر سے کہ حدیث کرتا تھا
یعلی بن مرہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد کو خلوق لگائے ہوئے دیکھا فرمایا آپ نے اسکو جا اور اسکو دھو ڈال پھر اسکو دھو ڈال
یعنے خوب طرح سے صاف کر پھر اسکا اعادہ نہ کر یعنے پھر نہ لگائیو۔ یہ حدیث حسن ہے اور بعض لوگون نے اسکی اسناد مین جو عطاء بن سائب سے ہے
اختلاف کیا ہے۔ کہا علی نے کہا یحیی بن سعید نے جس شخص نے عطاء بن سائب سے پہلے زمانہ مین سنا ہے تو سماع اسکا صحیح ہے یعنے جسنے عطاء سے پہلی عمر
مین حدیثین سنی ہین تو اسکی حدیثین ٹھیک ہین۔ اور سماع شعبہ اور سفیان کا عطاء بن سائب سے صحیح ہے مگر دو حدیثین جو مروی ہین عطاء بن سائب سے

۱؎ خلوق ایک قسم کی مرکب چیز خوشبو دار ہے جو زعفران وغیرہ اشیاء سے بنائی جاتی ہے اسپر سرخی غالب رہتی ہے زعفران کے حق مین جو حدیثین آئی ہین اگرچہ بعض انمین سے اسکے جواز پر بھی دال ہین
مگر اکثر حدیثین اسکے عدم جواز پر شاہد ہین پس اسکا ترک کرنا ہی بہتر ہے ۱۲

ونہانا عن سبع عن خاتم الذہب او حلقۃ الذہب وآنیۃ الفضۃ ولبس الحریر والدیباج والاستبرق والقسی ھذا حدیث حسن صحیح واشعث بن سلیم ھو اشعث بن ابی الشعثاء وابو الشعثاء اسمہ سلیم بن اسود **باب** ما جاء فی لبس البیاض

حدثنا محمد بن بشار نا عبد الرحمٰن بن مہدی نا سفیان عن حبیب بن ابی ثابت عن میمون بن ابی شبیب عن سمرۃ بن جندب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم البسوا البیاض فانہا اطہر واطیب وکفنوا فیہا موتاکم ھذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن ابن عباس وابن عمر **باب** ما جاء فی الرخصۃ فی لبس الحمرۃ للرجال **حدثنا** ھناد نا عبثر بن القاسم عن الاشعث وھو ابن سوار عن ابی اسحٰق عن جابر بن سمرۃ قال رأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی لیلۃ اضحیان فجعلت انظر الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والی القمر وعلیہ حلۃ حمراء فاذا ھو عندی احسن من القمر ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث الاشعث ورواہ شعبۃ والثوری عن ابی اسحٰق عن البراء بن عازب قال رأیت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حلۃ حمراء **حدثنا** بذلک محمود بن غیلان نا وکیع نا سفیان عن ابی اسحٰق ح وثنا محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبۃ عن ابی اسحٰق بہذا وفی الحدیث کلام اکثر من ھذا سألت محمدا قلت لہ حدیث ابی اسحٰق عن البراء اصح او حدیث جابر بن سمرۃ فرای کلا الحدیثین صحیحا وفی الباب عن البراء وابی جحیفۃ **باب** ما جاء فی الثوب الاخضر

حدثنا محمد بن بشار نا عبد الرحمٰن بن مہدی نا عبید اللہ بن ایاد بن لقیط عن ابیہ عن ابی رمثۃ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعلیہ بردان اخضران ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث عبید اللہ بن ایاد وابو رمثۃ التیمی اسمہ حبیب بن حیان ویقال اسمہ رفاعۃ بن یثربی **باب** فی الثوب الاسود **حدثنا** احمد بن منیع نا یحیی بن زکریا بن ابی زائدۃ اخبرنی ابی عن مصعب بن شیبۃ عن صفیۃ ابنۃ شیبۃ عن عائشۃ قالت خرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم ذات غداۃ وعلیہ مرط من شعر اسود

اور سات چیزوں سے منع کیا ہے سونے کی انگوٹھی سے یا سونے کے حلقے سے (شک راوی) اور چاندی کے برتن سے اور ریشم اور دیبا اور استبرق اور قسی کے پہننے سے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اشعث بن سلیم وہ اشعث بن ابی الشعثاء ہے اور ابو الشعثاء کا نام سلیم بن اسود ہے **باب** سفید کپڑے کے پہننے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمٰن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے حبیب بن ابی ثابت سے اُسنے میمون بن ابی شبیب سے اُسنے سمرہ بن جندب سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کپڑے سفید پہنو اسلئے کہ وہ اطہر اور اطیب ہے اور اسہی میں اپنے مردوں کو کفن پہناؤ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عباس اور ابن عمر سے

باب اس بیان میں کہ سرخ کپڑے کا پہننا مردوں کے واسطے رخصت ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبثر بن قاسم نے اشعث سے اور وہ سوار کا بیٹا ہے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے جابر بن سمرہ سے کہا اُسنے میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو چاندنی رات میں دیکھا سو میں نے آنحضرت اور چاند کی طرف دیکھنا شروع کیا اور آنحضرت پر سرخ لباس تھا۔ دیکھا تو آنحضرت ہی میرے نزدیک چاند سے زیادہ خوبصورت ہوئے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق اشعث سے۔ اور روایت کیا ہے اسکو شعبہ اور ثوری نے ابی اسحاق سے اُسنے براء بن عازب سے کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر سرخ لباس دیکھا۔ **حدیث** کی ہمسے ساتھ اسکے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی اسحاق سے ح اور حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے ابی اسحاق سے ساتھ اسکے۔ اور حدیث میں کلام اس سے بہت ہے۔ میں نے محمد سے سوال کیا سو میں نے اس سے کہا کہ کیا حدیث ابی اسحاق کی جو براء سے ہے زیادہ صحیح ہے یا حدیث جابر بن سمرہ کی۔ پس اُسنے دونوں حدیثوں کو صحیح کہا۔ اور اس باب میں روایت ہے براء اور ابی جحیفہ سے

باب سبز کپڑے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمٰن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن ایاد بن لقیط نے اپنے باپ سے اُسنے ابی رمثہ سے کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اس حالت میں کہ آپ پر دو چادریں سرخ تھیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق عبید اللہ بن ایاد سے اور ابو رمثہ تیمی کا نام حبیب بن حیان ہے اور کہا گیا ہے کہ نام اسکا رفاعہ بن یثربی تھا۔ **باب** سیاہ کپڑے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن زکریا بن ابی زائدہ نے کہا خبر دی مجھے میرے باپ نے مصعب بن شیبہ سے اُسنے صفیہ بنت شیبہ سے اُسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اُسنے ایک صبح کو نبی صلعم نکلے اور آپکے اوپر سیاہ بالوں کی یعنی پشم کی چادر تھی

عن دلهم **باب** ماجاء في النهي عن نتف الشيب **حدثنا** هارون بن اسحٰق الهمداني نا عبدة عن محمد بن اسحٰق عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن نتف الشيب وقال انه نور المسلم هٰذا حديث حسن وقد رواه عبد الرحمٰن بن الحارث وغير واحد عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده **باب** ماجاء ان المستشار مؤتمن **حدثنا** ابو كريب نا وكيع عن داؤد بن ابي عبد الله عن ابن جدعان عن جدته عن ام سلمة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم المستشار مؤتمن وفي الباب عن ابن مسعود وابي هريرة وابن عمر هٰذا حديث غريب من حديث ام سلمة **حدثنا** احمد بن منيع نا الحسن بن موسى نا شيبان عن عبد الملك بن عمير عن ابي سلمة بن عبد الرحمٰن عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم المستشار مؤتمن هٰذا حديث قد رواه غير واحد عن شيبان بن عبد الرحمٰن النحوي وشيبان هو صاحب كتاب وهو صحيح الحديث ويكنى ابا معوية **حدثنا** عبد الجبار بن العلاء العطار عن سفيان بن عيينة قال قال عبد الملك بن عمير اني لاحدث بالحديث فما اخرم منه حرفا **باب** ماجاء في الشوم **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان عن الزهري عن سالم وحمزة ابني عبد الله بن عمر عن ابيهما ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الشوم في ثلاثة في المرأة والمسكن والدابة هٰذا حديث حسن صحيح وبعض اصحاب الزهري لايذكرون فيه عن حمزة وانما يقولون عن سالم عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم وهٰكذا روى لنا ابن ابي عمر هٰذا الحديث عن سفيان بن عيينة عن الزهري عن سالم وحمزة ابني عبد الله بن عمر عن ابيهما عن النبي صلى الله عليه وسلم **حدثنا** سعيد بن عبد الرحمٰن المخزومي نا سفيان عن الزهري عن سالم عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه ولم يذكر فيه سعيد بن عبد الرحمٰن عن حمزة ورواية سعيد اصح لان علي بن المديني والحميدي

دلہم سے **باب** سفید بال اکھاڑنے کی ممانعت کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے ہارون بن اسحاق ہمدانی نے کہا حدیث کی ہم سے عبدہ نے محمد بن اسحاق سے اُسنے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے منع کیا سفید بال اکھاڑنے سے اور فرمایا کہ وہ مسلمان کا نور ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور روایت کیا ہے اسکو عبد الرحمٰن بن حارث وغیرہ نے عمرو بن شعیب سے **باب** اس بیان میں کہ جس سے مشورہ کیا جاوے وہ امین ہوتا ہے **حدیث** کی ہم سے ابوکریب نے کہا حدیث کی ہم سے وکیع نے داؤد بن ابی عبد اللہ سے اُسنے ابن جدعان سے اُسنے اپنی دادی سے اُسنے ام سلمہ سے کہ کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس سے مشورہ کیا جاوے وہ امین ہوتا ہے یعنے اسکو اس راز میں خیانت کرنی نہیں چاہیے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن مسعود اور ابی ہریرہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہم سے یہ حدیث غریب ہے طریق ام سلمہ سے **حدیث** کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے حسن بن موسیٰ نے کہا حدیث کی ہم سے شیبان نے عبد الملک بن عمیر سے اُسنے ابی سلمہ بن عبد الرحمٰن سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس سے مشورہ کیا جائے وہ امین ہے اس حدیث کو کئی ایک نے شیبان بن عبد الرحمٰن نحوی سے روایت کیا ہے اور شیبان وہ صاحب کتاب ہے اور وہ صحیح الحدیث ہے اور کنیت اسکی ابا معاویہ ہے **حدیث** کی ہم سے عبد الجبار بن علا عطار نے سفیان بن عیینہ سے کہا اُسنے کہ کہا عبد الملک بن عمیر نے میں حدیث بیان کرتا ہوں اور اس سے ایک حرف بھی کم نہیں کرتا **باب** شوم کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان نے زہری سے اُسنے سالم اور حمزہ سے جو دونوں بیٹے عبد اللہ بن عمر کے ہیں انھوں نے اپنے باپ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شومی تین چیزوں میں ہے عورت اور گھر اور چارپایہ میں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور بعض اصحاب زہری کے اس سند میں حمزہ کا ذکر نہیں کرتے اور کہتے ہیں مروی ہے سالم سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ اور ایسا ہی روایت کیا ہے ہمارے واسطے اس حدیث کو ابن ابی عمر نے سفیان بن عیینہ سے اُسنے زہری سے اُسنے سالم اور حمزہ سے جو دونوں بیٹے عبد اللہ بن عمر کے ہیں انھوں نے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے **حدیث** کی ہم سے سعید بن عبد الرحمٰن مخزومی نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان نے زہری سے اُسنے سالم سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے اور اسمیں یہ ذکر نہیں ہے کہ یہ روایت ہے بواسطہ سعید بن عبد الرحمٰن کے حمزہ سے۔ اور روایت سعید کی صحیح ہے اسلئے کہ علی بن مدینی اور حمیدی نے

عن زاذان قال شعبة سمعتهما منه باخره يقال ان عطاء بن السائب كان في آخر عمره قد ساء حفظه وفي الباب عن عمار وابي موسى وانس **باب** ماجاء في كراهية الحرير والديباج **حدثنا** احمد بن منيع نا اسحق بن يوسف الازرق ثني عبد الملك بن ابي سليمن ثني مولى اسماء عن ابن عمر قال سمعت عمر يذكر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال من لبس الحرير في الدنيا لم يلبسه في الاخرة وفي الباب عن علي وحذيفة وانس وغير واحد قد ذكرناه في كتاب اللباس هذا حديث حسن صحيح وقد روي من غير وجه عن عمر ومولى اسماء ابنة ابي بكر الصديق اسمه عبد الله ويكنى ابا عمر وقد روى عنه عطاء بن ابي رباح وعمرو بن دينار **باب حدثنا** قتيبة نا الليث عن ابن ابي مليكة عن المسور بن مخرمة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قسم اقبية ولم يعط مخرمة شيئا فقال مخرمة يا بني انطلق بنا الى رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فانطلقت معه قال ادخل فادعه لي فدعوته له فخرج النبي صلى الله عليه وسلم وعليه قباء منها فقال خبأت لك هذا قال فنظر اليه فقال رضي مخرمة هذا حديث حسن صحيح وابن ابي مليكة اسمه عبد الله بن عبيد الله بن ابي مليكة **باب** ماجاء ان الله يحب ان يرى اثر نعمته على عبده **حدثنا** الحسن بن محمد الزعفراني نا عفان بن مسلم نا همام عن قتادة عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله يحب ان يرى اثر نعمته على عبده وفي الباب عن ابي الاحوص عن ابيه وعمران بن حصين وابن مسعود هذا حديث حسن **باب** ماجاء في الخف الاسود **حدثنا** هناد نا وكيع عن دلهم بن صالح عن حجير بن عبد الله عن ابن بريدة عن ابيه ان النجاشي اهدى للنبي صلى الله عليه وسلم خفين اسودين ساذجين فلبسهما ثم توضأ ومسح عليهما هذا حديث حسن انما نعرفه من حديث دلهم ورواه محمد بن ربيعة

اُسنے روایت کی زاذان سے۔ کہا شعبہ نے میں نے ان دونوں کو اس سے آخر عمر میں سنا ہے۔ کہا گیا ہے کہ عطاء بن سائب کا حافظہ اسکی پچھلی عمر میں ناقص ہو گیا تھا۔ اور اس باب میں روایت ہے عمار اور ابو موسیٰ اور انس سے رضی اللہ عنہم۔ **باب** ریشم اور دیبا کی ممانعت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے اسحاق بن یوسف ازرق نے کہا حدیث کی مجھے عبدالملک بن ابی سلیمان نے کہا حدیث کی مجھے اسماء کے مولیٰ نے ابن عمر سے کہا اُسنے سنا ابن نے حضرت عمر سے کہ ذکر کرتے تھے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی دنیا میں ریشم پہنے گا وہ اسکو آخرت میں نہیں پہنے گا۔ اور اس باب میں روایت ہے علی اور حذیفہ اور انس اور کئی ایک سے رضی اللہ عنہم۔ اور ہمنے اسکو کتاب اللباس میں ذکر کیا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور یہ کئی وجہ سے حضرت عمر سے مروی ہے اور اسماء بنت ابی بکر صدیق کے غلام کا نام عبد اللہ ہے اور کنیت اسکی ابا عمر ہے۔ اور روایت کی ہے اس سے عطاء بن ابی رباح اور عمرو بن دینار نے۔ **باب حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے مسور بن مخرمہ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے چند قبائیں تقسیم کیں اور مخرمہ کو کچھ نہ دیا پس کہا مخرمہ نے اے میرے بیٹے مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لیچل کہا اُسنے سو میں اسکے ساتھ چلا کہا اُسنے داخل ہو اور آپ کو میرے پاس بلا لاسو میں نے آپکو اسکے پاس لے آیا پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم نکلے اس حالت میں کہ آپ کے پاس انہیں سے ایک قبا تھی سو فرمایا آپ نے میں نے یہ تیرے واسطے چھپا رکھی تھی کہا اُسنے پس مخرمہ نے اسکی طرف دیکھا پس فرمایا آپ نے راضی ہو گیا ہے مخرمہ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابن ابی ملیکہ کا نام عبد اللہ بن عبید اللہ بن ابی ملیکہ ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ اللہ تعالیٰ دوست رکھتا ہے کہ اپنے بندے پر اپنی نعمت کے آثار دیکھے **حدیث** کی ہمسے حسن بن محمد زعفرانی نے کہا حدیث کی ہمسے عفان بن مسلم نے کہا حدیث کی ہمسے ہمام نے قتادہ سے اُسنے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ تعالیٰ دوست رکھتا ہے کہ اپنے بندے پر اپنی نعمت کے آثار دیکھے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی الاحوص سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اور عمران بن حصین سے اور ابن مسعود سے یہ حدیث حسن ہے۔ **باب** سیاہ موزے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے دلہم بن صالح سے اُسنے حجیر بن عبداللہ سے اُسنے ابن بریدہ سے اُسنے اپنے باپ سے یہ کہ نجاشی نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس دو موزے سیاہ سادے (یعنے غیر منقش یا بیداغ) بھیجے سو آپ نے ان دونوں کو پہنا پھر وضو کیا اور ان پر مسح کیا۔ یہ حدیث حسن ہے۔ صرف ہم اسکو طریق دلہم سے پہچانتے ہیں اور روایت کیا ہے اسکو محمد بن ربیعہ نے

فامر لنا بها هذا حديث حسن وقد روى مروان بن معوية هذا الحديث باسناد له عن ابي جحيفة نحو هذا وقد روى
غير واحد عن اسمعيل بن ابي خالد عن ابي جحيفة قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم وكان الحسن بن علي يشبهه
ولم يزيدوا على هذا **حدثنا** محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد عن اسمعيل بن ابي خالد نا ابو جحيفة قال رأيت النبي
صلى الله عليه وسلم وكان الحسن بن علي يشبهه وهكذا روى غير واحد عن اسمعيل بن ابي خالد نحو هذا وفي الباب
عن جابر وابو جحيفة وهب السوائي **باب** ما جاء في فداك ابي وامي **حدثنا** ابراهيم بن سعيد الجوهري نا
سفيان بن عيينة عن يحيى بن سعيد عن سعيد بن المسيب عن علي قال ما سمعت النبي صلى الله عليه وسلم جمع ابويه
لاحد غير سعد بن ابي وقاص **اخبرنا** الحسن بن الصباح البزار نا سفيان عن ابن جدعان ويحيى بن سعيد سمعا سعيد
بن المسيب يقول قال علي ما جمع رسول الله صلى الله عليه وسلم اباه وامه لاحد الا لسعد بن ابي وقاص
قال له يوم احد ارم فداك ابي وامي وقال له ارم ايها الغلام الحزور وفي الباب عن الزبير وجابر هذا
حديث حسن صحيح وقد روي من غير وجه عن علي وقد روى غير واحد هذا الحديث عن يحيى بن سعيد
عن سعيد بن المسيب عن سعد بن ابي وقاص قال جمع لي رسول الله صلى الله عليه وسلم ابويه يوم احد
حدثنا بذلك قتيبة بن سعيد نا الليث بن سعد وعبد العزيز بن محمد عن يحيى بن سعيد عن سعيد
بن المسيب عن سعد بن ابي وقاص قال جمع لي رسول الله صلى الله عليه وسلم ابويه يوم احد هذا
حديث حسن صحيح وكلا الحديثين صحيح **باب** ما جاء في يا بني **حدثنا** محمد بن عبد الملك بن ابي الشوارب
نا ابو عوانة نا ابو عثمان شيخ له عن انس ان النبي صلى الله عليه وسلم قال له يا بني وفي الباب

اور انکو خبر دی پس ہمارے لئے انکا حکم دیا یہ حدیث حسن ہے۔ اور روایت کیا ہے مروان بن معاویہ نے اس حدیث کو ساتھ اپنی اسناد کے کہ روایت ہے
ابی جحیفہ سے مثل اسکے۔ اور کئی ایک نے روایت کی ہے اسمعیل بن ابی خالد سے اُسنے ابی جحیفہ سے کہ کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو
دیکھا ہے اور حضرت حسن بن علی آپ سے زیادہ مشابہت رکھتے تھے۔ اور انھوں نے اسپر زیادتی نہیں کی **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا
حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے اسمعیل بن ابی خالد سے کہا حدیث کی ہمسے ابو جحیفہ نے کہا اُسنے دیکھا ہے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو
اور حسن بن علی آپ سے زیادہ مشابہ تھے اور ایسا ہی کئی ایک نے روایت کیا ہے اسمعیل بن ابی خالد سے مثل اسکے۔ اور اس باب میں روایت
ہے جابر اور ابو جحیفہ یعنے وہب بن سوائی سے رضی اللہ عنہم۔ **باب** اس قول کے بیان میں فداک ابی وامی **حدیث** کی ہمسے ابراہیم بن
سعید جوہری نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے یحیی بن سعید سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے علی رضی اللہ عنہ سے کہا اُسنے میں
نے نہیں سنا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ سوائے سعد بن ابی وقاص کے کسی اور کے لئے والدین جمع کئے ہوں۔ **خبر دی** ہمکو حسن
بن صباح بزار نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابن جدعان اور یحیی بن سعید سے سنا اُن دونوں نے سعید بن مسیب سے کہ کہتا فرمایا
ہے حضرت علی نے نہیں جمع کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے واسطے کسی کے اپنے والدین کو مگر واسطے سعد بن ابی وقاص کے یعنے آنحضرت نے
کسی شخص کے واسطے نہیں کہا کہ میرے والدین تجھپر قربان ہوں سوائے سعد کے۔ آپ نے اسکے واسطے احد کے دن فرمایا تھا تیر اندازی کر
میری ماں اور باپ تجھپر قربان ہوں اور کہا اسکو تیر چلا اے زور آور لڑکے۔ اور اس باب میں روایت ہے زبیر اور جابر سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے
اور یہ حدیث کئی وجہ سے حضرت علی سے مروی ہے اور روایت کیا ہے کئی ایک نے اس حدیث کو یحیی بن سعید سے اُسنے سعید بن مسیب سے
اُسنے سعد بن ابی وقاص سے کہا اُسنے میرے واسطے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے والدین کو احد کے دن جمع کیا تھا یعنے فرمایا کہ میرے
والدین تجھپر قربان ہوں **حدیث** کی ہمسے ساتھ اسکے قتیبہ بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد اور عبد العزیز بن محمد نے یحیی بن سعید سے
اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے سعد بن ابی وقاص سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے واسطے احد کے دن اپنے ماں باپ کو جمع کیا
یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں۔ **باب** اس قول کے بیان میں اے بیٹے میرے **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد الملک بن ابی الشوارب
نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عثمان شیخ نے واسطے اسکے انس سے یہ کہ نبی صلعم نے فرمایا اسکو اے بیٹے میرے۔ اور اس باب میں روایت ہے

رویا عن سفیان ولم یرولنا الزهری هذا الحدیث الا عن سالم عن ابن عمر وروی مالك بن انس هذا الحدیث عن الزهری وقال عن سالم وحمزة ابنی عبدالله بن عمر عن ابیهما وفی الباب عن سهل بن سعد وعائشة وانس وقد روی عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال ان کان الشوم فی شئ ففی المرأة والدابة والمسکن وقد روی حکیم بن معٰویة قال سمعت النبی صلی الله علیه وسلم یقول لا شوم وقد یکون الیمن فی الدار والمرأة والفرس **حدثنا** بذلك علی بن حجر نا اسمٰعیل بن عیاش عن سلیمان بن سلیم عن یحیی بن جابر الطائی عن معٰویة بن حکیم عن عمه حکیم بن معٰویة عن النبی صلی الله علیه وسلم بهذا

باب ما جاء لا یتناجی اثنان دون الثالث **حدثنا** هناد نا ابو معٰویة عن الاعمش ح وثنا ابن ابی عمر نا سفیان عن الاعمش عن شقیق عن عبدالله قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا کنتم ثلاثة فلا یتناجی اثنان دون صاحبهما وقال سفیان فی حدیثه لا یتناجا اثنان دون الثالث فان ذلك یحزنه هذا حدیث حسن صحیح وقد روی عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال لا یتناجا اثنان دون واحد فان ذلك یوذی المؤمن والله یکره اذی المؤمن وفی الباب عن ابن عمر وابی هریرة وابن عباس

باب ما جاء فی العدة **حدثنا** واصل بن عبدالاعلی الکوفی نا محمد بن فضیل عن اسمٰعیل بن ابی خالد عن ابی جحیفة قال رأیت رسول الله صلی الله علیه وسلم ابیض قد شاب وکان الحسن بن علی یشبهه وامر لنا بثلثة عشر قلوصا فذهبنا نقبضها فاتانا موته فلم یعطونا شیئا فلما قام ابو بکر قال من کانت له عند رسول الله صلی الله علیه وسلم عدة فلیجئ فقمت الیه

روایت کیا ہے سفیان سے اور نہیں روایت کی ہمارے پاس زہری نے یہ حدیث مگر بواسطہ سالم کے ابن عمر سے۔ اور روایت کیا ہے مالک بن انس نے اس حدیث کو زہری سے اور کہا کہ یہ روایت ہے سالم اور حمزہ سے جو بیٹے ہیں عبداللہ بن عمر کے انھوں نے روایت کی اپنے باپ سے۔ اور اس باب میں روایت ہے سہل بن سعد اور عائشہ اور انس سے رضی اللہ عنہم۔ اور مروی ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے اگر نحوست کسی چیز میں ہے تو عورت اور چار پائے اور گھر میں ہے۔ اور روایت کی ہے حکیم بن معاویہ نے کہا اُسنے سنا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نحوست کوئی چیز نہیں ہے۔ اور ہوتی ہے برکت گھر اور عورت اور گھوڑے میں حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن عیاش نے سلیمان بن سلیم سے اُسنے یحییٰ بن جابر طائی سے اُسنے معاویہ بن حکیم سے اُسنے اپنے چچا حکیم بن معاویہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے ساتھ اسکے **باب**

اس بیان میں کہ نہ سرگوشی کریں دو آدمی سوائے تیسرے کے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے ح اور حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اعمش سے اُسنے شقیق سے اُسنے عبداللہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب تم تین آدمی ہو تو نہ سرگوشی کریں دو آدمی سوائے صاحب اپنے کے یعنی سوائے تیسرے کے۔ اور کہا سفیان نے اپنی حدیث میں نہ سرگوشی کریں دو آدمی سوائے تیسرے کے اسلئے کہ یہ اسکو غم میں ڈالتی ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور مروی ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے نہ سرگوشی کریں دو سوائے ایک کے اسلئے کہ یہ بات ایذا دیتی ہے مؤمن کو اور اللہ تعالیٰ مکروہ جانتا ہے مؤمن کی ایذا کو۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور ابی ہریرہ اور ابن عباس سے رضی اللہ عنہم۔

باب وعدہ[1] کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے واصل بن عبدالاعلیٰ کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے اسمٰعیل بن ابی خالد سے اُسنے ابی جحیفہ سے کہا اُسنے دیکھا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو سفید رنگ کہ بوڑھے ہوگئے تھے۔ اور حسن بن علی آپ سے زیادہ مشابہت رکھتے تھے۔ اور ہمارے لئے آنحضرتؐ نے تیرہ اونٹنیوں کا حکم دیا تھا پھر ہم انکے قبض کرنیکو گئے پھر ہمکو آپ کی موت کی خبر پہونچی پھر ہمکو انھوں نے (یعنے جنکے پاس اونٹنیاں تھیں) کوئی چیز نہ دی سو جب حضرت ابوبکر کھڑے ہوئے یعنے خلیفہ ہوئے تو فرمایا جس شخص کا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کوئی وعدہ ہو تو چاہئے کہ آوے سو میں بھی انکی طرف کھڑا ہوا

[1] وعدہ اگر خود کسی سے کیا ہو تو اسکا ایفا واجب ہے برخلاف وعدہ غیر کے یعنے اگر کسی غیر نے کسی کے ساتھ وعدہ کیا ہو تو اسکا ایفا غیر کے ذمے واجب نہیں ہاں اگر غیر کے وعدہ کو پورا کرے تو مستحب ہے جیسا کہ حضرت ابوبکر صدیق نے آنحضرت کے وعدہ کو پورا کیا تھا اسیواسطے اسکو کتاب الآداب میں لایا ہے ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲

رجل تسمی ملک الاملاک قال سفیان شاہان شاہ هٰذا حدیث حسن صحیح واخنع یعنی اقبح **باب** ماجاء فی تغییر
الاسماء **حدثنا** یعقوب بن ابراهیم الدورقی وابوبکر بندار وغیر واحد قالوا نا یحیی بن سعید القطان عن عبید الله
بن عمر عن نافع عن ابن عمر ان النبی صلی الله علیه وسلم غیر اسم عاصیة وقال انت جمیلة هٰذا حدیث حسن غریب وانما
اسنده یحیی بن سعید القطان عن عبید الله عن نافع عن ابن عمر وروی بعضهم هٰذا عن عبید الله عن نافع عن عمر مرسلا وفی الباب
عن عبد الرحمٰن بن عوف وعبد الله بن سلام وعبد الله بن مطیع وعائشة والحکم بن سعید ومسلم واسامة بن اخدری
وشریح بن هانی عن ابیه وخیثمة بن عبد الرحمٰن عن ابیه **حدثنا** ابوبکر بن نافع البصری نا عمر بن علی المقدمی عن هشام
بن عروة عن ابیه عن عائشة ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یغیر الاسم القبیح قال ابوبکر بن نافع وربما قال عمر بن علی فی
هٰذا الحدیث هشام بن عروة عن ابیه عن النبی صلی الله علیه وسلم مرسلا ولم یذکر فیه عن عائشة **باب** ماجاء
فی اسماء النبی صلی الله علیه وسلم **حدثنا** سعید بن عبد الرحمٰن المخزومی نا سفیان عن الزهری عن محمد بن جبیر بن مطعم
عن ابیه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان لی اسماء انا محمد وانا احمد وانا الماحی الذی یمحو الله بی الکفر وانا الحاشر الذی
یحشر الناس علی قدمی وانا العاقب الذی لیس بعده نبی هٰذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی کراهیة الجمع بین اسم
النبی صلی الله علیه وسلم وکنیته **حدثنا** قتیبة نا اللیث عن ابن عجلان عن ابیه عن ابی هریرة ان النبی صلی الله علیه وسلم
نهی ان یجمع احد بین اسمه وکنیته ویسمی محمدا ابا القاسم وفی الباب عن جابر هٰذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** الحسین بن حریث
نا الفضل بن موسی عن الحسین بن واقد عن ابی الزبیر عن جابر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا تسمیتم بی فلا تکتنوا بی

وہ مرد ہے جو نام رکھے ملک الاملاک کہا سفیان نے شاہان شاہ یعنے شہنشاہ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اخنع کے معنے قبیح تر کے ہیں
باب ناموں کے متغیر کرنیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے یعقوب بن ابراہیم دورقی اور ابوبکر بندار اور کئی ایک نے کہا انھوں
نے حدیث کی ہمسے یحییٰ بن سعید قطان نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے متغیر کیا
نام عاصیہ کو اور فرمایا تو جمیلہ ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور مسند کیا ہے اسکو یحییٰ بن سعید قطان نے عبید اللہ سے اُسنے نافع سے اُسنے
ابن عمر سے اور روایت کیا ہے بعض نے اسکو عبید اللہ سے اُسنے نافع سے اُسنے عمر سے مرسل۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد الرحمٰن
بن عوف اور عبد اللہ بن سلام اور عبد اللہ بن مطیع اور عائشہ اور حکم بن سعید اور مسلم اور اسامہ بن اخدری سے اور شریح بن ہانی
نے اپنے باپ سے اور خیثمہ بن عبد الرحمٰن نے اپنے باپ سے **حدیث** کی ہمسے ابوبکر بن نافع بصری نے کہا حدیث کی
ہمسے عمر بن علی مقدمی نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم قبیح نام کو متغیر کر دیتے
تھے یعنے اسکی جگہ اچھا نام رکھتے تھے۔ کہا ابوبکر بن نافع نے اور کبھی کہا ہے عمر بن علی نے اس حدیث میں ہشام بن عروہ روایت
کرتا ہے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسل اور اُسنے اسمیں حضرت عائشہ کا ذکر نہیں کیا۔ **باب** نبی
صلے اللہ علیہ وسلم کے ناموں کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے سعید بن عبد الرحمٰن مخزومی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے
زہری سے اُسنے محمد بن جبیر بن مطعم سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے کئی نام ہیں
میں محمد ہوں اور احمد اور ماحی[1] کہ اللہ تعالیٰ میرے ساتھ کفر کو دور کرتا ہے اور حاشر کہ لوگ میرے قدموں پر اٹھائے جاوینگے اور عاقب کہ جسکے
بعد کوئی نبی نہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اس بیان میں کہ جمع کرنا درمیان نام نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کی کنیت کے
مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن عجلان سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے
یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے اس بات سے کہ جمع کرے کوئی درمیان نام مبارک آپ کے اور کنیت آپکی کے اور نام رکھے محمد ابا القاسم
اور اس باب میں روایت ہے جابر سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے حسین بن حریث نے کہا حدیث کی ہمسے فضل بن موسیٰ نے
حسین بن واقد اُسنے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب تم میرا نام رکھو تو میری کنیت نہ رکھو

---

[1] آنحضرت نے ان ناموں کی وجہ تسمیہ بھی بیان فرمائی کہ ماحی کے معنے دور کرنیکے ہیں چونکہ اللہ تعالیٰ میرے ساتھ کفر کو دور کرتا ہے اسلئے میرا نام ماحی ہوا ہے وعلی ہذا القیاس وغیرہ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲ ۱۲

عن المغیرة وعمر بن ابی سلمة هذا حدیث حسن صحیح غریب من هذا الوجه وقد روی من غیر هذا الوجه عن انس وابو عثمان هذا شیخ ثقة وهو الجعد بن عثمان ویقال ابن دینار وهو بصری وقد روی عنه یونس بن عبید وشعبة وغیر واحد من الائمة **باب** ماجاء فی تعجیل اسم المولود **حدثنا** عبید الله بن سعد بن ابراهیم بن سعد بن ابراهیم بن عبد الرحمن بن عوف ثنی عمی یعقوب بن ابراهیم بن سعد نا شریک عن محمد بن اسحٰق عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده ان النبی صلی الله علیه وسلم امر بتسمیة المولود یوم سابعه ووضع الاذی عنه والعق هذا حدیث حسن غریب **باب** ما یستحب من الاسماء **حدثنا** عبد الرحمن بن الاسود ابو عمرو الوراق البصری نا معمر بن سلیمان الرقی عن علی بن صالح المکی عن عبد الله بن عثمان عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم قال احب الاسماء الی الله عبد الله وعبد الرحمٰن هذا حدیث حسن غریب من هذا الوجه **باب** ماجاء ما یکره من الاسماء **حدثنا** محمد بن بشار نا ابو احمد نا سفیان عن ابی الزبیر عن جابر عن عمر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لانهین ان یسمی رافع وبرکة ویسار هذا حدیث غریب هکذا رواه ابو احمد عن سفیان عن ابی الزبیر عن جابر عن عمر وابو احمد ثقة حافظ والمشهور عند الناس هذا الحدیث عن جابر عن النبی صلی الله علیه وسلم لیس فیه عن عمر **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو داؤد عن شعبة عن منصور عن هلال بن یساف عن الربیع بن عمیلة الفزاری عن سمرة بن جندب ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لا تسم غلامک رباح ولا افلح ولا یسار ولا نجیح یقال اثم هو فیقال لا هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن میمون المکی نا سفیان بن عیینة عن ابی الزناد عن الاعرج عن ابی هریرة یبلغ به النبی صلی الله علیه وسلم قال اخنع اسم عند الله یوم القیٰمة

مغیرہ اور عمر بن ابی سلمہ سے یہ حدیث اس وجہ سے حسن صحیح غریب ہے۔ اور کئی وجہ سے انس سے مروی ہے اور ابو عثمان یہ شیخ ثقہ ہے اور وہ جعد بن عثمان ہے۔ اور کہا گیا ہے ابن دینار اور یہ بصری ہے۔ اور روایت کی ہے اس سے یونس بن عبید اور شعبہ نے اور کئی ایک نے اماموں سے **باب** اس بیان میں کہ اولاد کا نام جلدی رکھنا چاہیے **حدیث** کی ہم سے عبید اللہ بن سعد بن ابراہیم بن سعد بن ابراہیم بن عبد الرحمٰن بن عوف نے کہا حدیث کی مجھ سے میرے چچا یعقوب بن ابراہیم بن سعد نے کہا حدیث کی ہم سے شریک نے محمد بن اسحاق سے اُسنے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اولاد کے نام رکھنے کا ساتوین دن حکم کیا ہے اور دور کرنے پلیدی کا اُس سے اور عقیقہ کرنیکا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے **باب** کیا مستحب ہے ناموں سے **حدیث** کی ہم سے عبد الرحمٰن بن اسود ابو عمرو وراق بصری نے کہا حدیث کی ہم سے معمر بن سلیمان رقی نے علی بن صالح مکی سے اُسنے عبد اللہ بن عثمان سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے بہت پسندیدہ نام اللہ تعالیٰ کو عبد اللہ اور عبد الرحمٰن ہے۔ یہ حدیث اس وجہ سے حسن غریب ہے **باب** جو مکروہ ہین ناموں سے **حدیث** کی ہم سے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہم سے ابو احمد نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان نے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے اُسنے عمر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مین البتہ منع کرتا ہون کہ یہ نام رکھا جاوے رافع[1] اور برکت اور یسار۔ یہ حدیث غریب ہے۔ ایسا ہی روایت کیا ہے اسکو ابو احمد نے سفیان سے اُسنے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے اُسنے عمر سے۔ اور ابو احمد ثقہ حافظ ہے۔ اور مشہور لوگون کے پاس یہ حدیث بواسطہ جابر کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے ہے اسمین عمر کا ذکر نہین ہے **حدیث** کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے ابو داؤد نے شعبہ سے اُسنے منصور سے اُسنے ہلال بن یساف سے اُسنے ربیع بن عمیلہ فزاری سے اُسنے سمرہ بن جندب سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ نام رکھ اپنے لڑکے کا رباح اور افلح اور یسار اور نجیح۔ کہا جاتا ہے کیا وہ اس جگہ ہے پس کہا جاویگا کہ نہین۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہم سے محمد بن میمون مکی نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان بن عیینہ نے ابی الزناد سے اُسنے اعرج سے اُسنے ابی ہریرہ سے وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم تک پہونچاتا ہے کہ فرمایا آپ نے ذلیل تر ناموں کا اللہ کے نزدیک دن قیامت کے

[1] ممانعت کی وجہ ظاہرا یوں معلوم ہوتی ہے کہ مثلاً اگر کوئی شخص کسی وقت دریافت کرے کہ برکت گھر مین ہے تو اسکے عدم موجودگی کے وقت یہی کہنا پڑیگا کہ برکت نہین ہے تو اس صورت مین فال بد ہوتا ہے ایسے اور نام ہین جنمین اس قسم کی بو آتی ہے چنانچہ رافع مین رفعت اور یسار مین یسر یعنے سرور آسانی کی نفی کرنی پڑتی ہے ۱۲

يضع لحسان منبرا في المسجد يقوم عليه قائما يفاخر عن رسول الله صلى الله عليه وسلم او قالت ينافح عن رسول الله صلى الله عليه وسلم ويقول رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله يؤيد حسان بروح القدس ما يفاخر او ينافح عن رسول الله صلى الله عليه وسلم **حدثنا** اسمعيل وعلي بن حجر قالا نا ابن ابي الزناد عن ابيه عن عروة عن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم مثله وفي الباب عن ابي هريرة والبراء هذا حديث حسن غريب صحيح وهو حديث ابن ابي الزناد **حدثنا** اسحق بن منصور نا عبد الرزاق نا جعفر بن سليمان نا ثابت عن انس ان النبي صلى الله عليه وسلم دخل مكة في عمرة القضاء وعبد الله بن رواحة بين يديه وهو يقول خلوا بني الكفار عن سبيله اليوم نضربكم على تنزيله ضربا يزيل الهام عن مقيله ويذهل الخليل عن خليله فقال له عمر يا ابن رواحة بين يدي رسول الله صلى الله عليه وسلم وفي حرم الله تقول الشعر فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم خل عنه يا عمر فلهي اسرع فيهم من نضح النبل هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه وقد روى عبد الرزاق هذا الحديث ايضا عن معمر عن الزهري عن انس نحو هذا وروي في غير هذا الحديث ان النبي صلى الله عليه وسلم دخل مكة في عمرة القضاء وكعب بن مالك بين يديه وهذا اصح عند بعض اهل الحديث لان عبد الله بن رواحة قتل يوم موتة وانما كانت عمرة القضاء بعد ذلك **حدثنا** علي بن حجر انا شريك عن المقدام بن شريح عن ابيه عن عائشة قال قيل لها هل كان النبي صلى الله عليه وسلم يتمثل بشيء من الشعر قالت كان يتمثل بشعر ابن رواحة ويقول ويأتيك بالاخبار من لم تزود وفي الباب عن ابن عباس هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** علي بن حجر نا شريك عن عبد الملك بن عمير عن ابي سلمة عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اشعر كلمة تكلمت بها العرب قول لبيد الا كل شيء ما خلا الله باطل هذا حديث حسن صحيح

حسان کے واسطے مسجد میں منبر رکھتے تھے وہ اُس پر کھڑے ہو کر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سے فخر کرتے تھے یا کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے دور کرتے تھے۔ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ حسان کی روح القدس یعنے جبرئیل علیہ السلام سے مدد کرتا ہے جبتک کہ وہ فخر کرتا ہے۔ یا آنحضرت سے دور کرتا ہے۔ **حدیث** کی ہمسے اسمٰعیل بن موسی اور علی بن حجر نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے ابن ابی الزناد نے اپنے باپ سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور براء سے۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔ اور یہ حدیث ابن ابی الزناد کی ہے **حدیث** کی ہمسے اسحٰق بن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیمان نے کہا حدیث کی ہمسے ثابت نے انس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم مکہ کو عمرۃ القضا میں داخل ہوے۔ اور عبد اللہ بن رواحہ آپ کے آگے چلتا تھا اور یہ کہتا تھا چھوڑ دو اے بنی کفار انکا راستہ آج کے دن ماریںگے ہم تمکو اوپر نازل ہونے قرآن مجید کے یعنے جسطرح قرآن میں تمھارے مارنیکا حکم نازل ہوگا ویسا ہی ہم تمکو ماریںگے۔ ایسا ماریںگے کہ دور کریگا کھوپری کو اسکے ٹھہرنے کی جگہ سے۔ اور دور کریگا دوست کو اسکے دوست سے پس کہا اسکو حضرت عمر نے اے رواحہ کے بیٹے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے آگے اور اللہ تعالیٰ کے حرم میں تو شعر کہتا ہے سو فرمایا آنحضرت نے اے عمر اس سے باز رہ سو یہ بہت جلدی اثر کرتی ہے انمیں تیر دینکے برسنے سے یعنے اُنکے دلونمیں تیرونکے اثرون سے انکا اثر زیادہ ہوتا ہے۔ یہ حدیث اس وجہ سے حسن غریب صحیح ہے۔ اور روایت کیا ہے عبد الرزاق نے اس حدیث کو بھی معمر سے اُسنے زہری سے اُسنے انس سے مثل اسکے۔ اور غیر اس حدیث میں مروی ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم مکہ کو عمرۃ القضا میں داخل ہوے۔ اور کعب بن مالک آپ کے آگے تھا۔ اور یہ بعض محدثین کے نزدیک زیادہ صحیح ہے اسلئے کہ عبد اللہ بن رواحہ موتہ کے دن قتل کیا گیا ہے اور عمرۃ القضا بعد اسکے ہوا ہے۔ **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا خبر دی ہمکو شریک نے مقدام بن شریح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے کہا راوی نے حضرت عائشہ سے کہا گیا کہ کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کوئی شعر پڑھتے تھے کہا اُسنے ابن رواحہ کا شعر پڑھتے تھے اور کہتے تھے۔ اور لاویگا تیرے پاس خبریں وہ شخص جسکو تو نے توشہ نہیں دیا۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عباس سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے عبد الملک بن عمیر سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلعم سے کہ فرمایا آپنے بہت اچھا کلمہ کہ جس سے عرب نے کلام کیا ہے قول لبید کا ہے خبردار ہر ایک چیز ما سوائے اللہ کے باطل ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح

هٰذا حديث حسن غريب وقد كره بعض اهل العلم ان يجمع الرجل بين اسم النبي صلى الله عليه وسلم وكنيته وقد فعل ذلك بعضهم وروى عن النبي صلى الله عليه وسلم انه سمع رجلا في السوق ينادي يا ابا القاسم فالتفت النبي صلى الله عليه وسلم فقال لم اعنك فقال النبي صلى الله عليه وسلم لا تكتنوا بكنيتي **حدثنا** بذلك الحسن بن علي الخلال نا يزيد بن هارون عن حميد عن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم بهذا وفي الحديث ما يدل على كراهية ان يكنى ابا القاسم **حدثنا** محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد القطان نا فطر بن خليفة ثنى منذر وهو الثوري عن محمد وهو ابن الحنفية عن علي بن ابي طالب انه قال يا رسول الله ارايت ان ولد لي بعدك اسميه محمدا واكنيه بكنيتك قال نعم قال فكانت رخصة لي هٰذا حديث حسن صحيح

باب ما جاء ان من الشعر حكمة **حدثنا** ابو سعيد الاشج نا يحيى بن عبد الملك بن ابي غنية ثنى ابي عن عاصم عن زر عن عبد الله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان من الشعر حكمة هٰذا حديث غريب من هذا الوجه انما رفعه ابو سعيد الاشج عن ابن ابي غنية وروى غيره عن ابن ابي غنية هذا الحديث موقوفا وقد روى هٰذا الحديث من غير وجه عن عبد الله بن مسعود عن النبي صلى الله عليه وسلم وفي الباب عن ابي بن كعب وابن عباس وعائشة وبريدة وكثير بن عبد الله عن ابيه عن جده **حدثنا** قتيبة نا ابو عوانة عن سماك بن حرب عن عكرمة عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان من الشعر حكما هٰذا حديث حسن صحيح

باب ما جاء في انشاد الشعر **حدثنا** اسمٰعيل بن موسى الفزاري وعلي بن حجر والمعنى واحد قال نا ابن ابي الزناد عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم

یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور بعض اہل علم نے مکروہ جانا ہے کہ درمیان نام آنحضرت اور کنیت آپکی کے جمع کیا جاوے۔ اور بعض نے اسکو کیا ہے یعنے نام اور کنیت کو جمع کیا ہے اور مروی ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ سنا آپ نے ایک مرد سے بازار میں کہ آواز دیتا تھا اے ابا القاسم پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے التفات کی پس کہا اس مرد نے میں نے آپکا ارادہ نہیں کیا پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے میری کنیت نہ رکھو **حدیث** کی ہمسے ساتھ اسکے حسن بن علی خلال نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے حمید سے اُسنے انس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے ساتھ اسکے۔ اور اس حدیث میں ایسی چیز ہے جو دلالت کرتی ہے اسپر کہ ابا القاسم کنیت رکھنی مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن سعید قطان نے کہا حدیث کی ہمسے فطر بن خلیفہ نے کہا حدیث کی مجھے منذر نے اور وہ ثوری ہے محمد سے اور وہ حنفیہ کا بیٹا ہے اُسنے علی بن ابی طالب سے یہ کہ کہا اُسنے یا رسول اللہ مجھے خبر دیجئے کہ اگر میرے ہاں بعد آپکے لڑکا پیدا ہو تو میں نام اسکا محمد رکھوں اور کنیت بھی آپکی رکھوں فرمایا آپ نے ہاں کہا حضرت علی نے یہ میرے لئے رخصت ہو گئی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے

باب اس بیان میں کہ بعض شعر حکمت ہیں **حدیث** کی ہمسے ابو سعید اشج نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن عبد الملک بن ابی غنیہ نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے عاصم سے اُسنے زر سے اُسنے عبد اللہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بعض شعر حکمت ہیں۔ یہ حدیث اس وجہ سے غریب ہے اسکو صرف ابو سعید اشج نے ابن ابی غنیہ سے مرفوع کیا ہے۔ اور غیر اسکے نے اس حدیث کو ابن ابی غنیہ سے موقوف روایت کیا ہے۔ اور یہ حدیث کئی وجہ سے بواسطہ عبد اللہ بن مسعود کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی بن کعب اور ابن عباس اور عائشہ اور بریدہ سے اور کثیر بن عبد اللہ سے جو راوی ہے اپنے باپ سے وہ اپنے دادا سے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے سماک بن حرب سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بعض شعر حکمت ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے

باب شعر پڑھنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے اسمٰعیل بن موسیٰ فزاری اور علی بن حجر نے معنے واحد ہیں کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے ابن ابی الزناد نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم

---

[1] ظاہرا ممانعت کی وجہ یہی مفہوم ہوتی ہے کہ عموماً پکارنے کے وقت آپکو تنگی پہونچتی تھی اور یہ وجہ آپکے زندگی کے ساتھ مختص تھی بعد اُسکے ممانعت کی کوئی وجہ نہیں جیسا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے کی کنیت آپکی کنیت ہی رکھی اور نام بھی وہی ۱۲

اذا سافرتم فی الخصب فاعطوا الابل حظها من الارض واذا سافرتم فی السنۃ فبادروا بها نقیها واذا عرستم فاجتنبوا الطریق فانها طرق الدواب ومأوی الھوام باللیل هٰذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن انس وجابر **باب حدثنا** اسحٰق بن موسیٰ الانصاری نا عبد اللہ بن وھب عن عبد الجبار بن عمر عن محمد بن المنکدر عن جابر قال نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان ینام الرجل علی سطح لیس بمحجور علیہ هٰذا حدیث غریب لا نعرفہ من حدیث محمد بن المنکدر عن جابر الا من هٰذا الوجہ وعبد الجبار بن عمر الایلی یضعف **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو احمد نا سفیان عن الاعمش عن ابی وائل عن عبد اللہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتخولنا بالموعظۃ فی الایام مخافۃ السامۃ علینا هٰذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن بشار نا یحیی بن سعید نا سلیمان الاعمش ثنی شقیق بن سلمۃ عن عبد اللہ بن مسعود نحوہ **باب حدثنا** ابو هشام الرفاعی نا ابن فضیل عن الاعمش عن ابی صالح قال سئلت عائشۃ وام سلمۃ ای العمل کان احب الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قالتا ما دیم علیہ وان قل هٰذا حدیث حسن صحیح غریب من هٰذا الوجہ وقد روی عن هشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ قالت کان احب العمل الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما دیم علیہ **حدثنا** هارون بن اسحٰق الھمدانی نا عبدۃ عن هشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ بمعناہ هٰذا حدیث صحیح بسم اللہ الرحمٰن الرحیم **ابواب الامثال** عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **باب** ما جاء فی مثل اللہ عز وجل لعبادہ **حدثنا** علی بن حجر السعدی نا بقیۃ بن الولید عن بحیر بن سعد عن خالد بن معدان عن جبیر بن نفیر عن النواس بن سمعان الکلابی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ ضرب مثلا صراطا مستقیما علی کنفی الصراط زوران لهما ابواب مفتحۃ علی الابواب ستور ودعٍ

جب تم فراخی میں سفر کرو تو اونٹوں کو انکا حق زمین سے دو یعنی انکو کھانے پینے دو اور جب تم قحط میں سفر کرو تو جلدی کرو لیکر ساتھ انکی چربی کو یعنی تنگی کے وقت جلدی سیر کرو جبتک کہ اسکی قوت باقی ہے ورنہ بسبب عدم دستیاب ہونے گھاس وغیرہ کے انکی چربی کم ہو جاویگی اور ضعف تمہیں پا لیگا۔ اور جب تم آخر رات میں اترو یعنی چلنے سے آرام کرو تو راستہ سے اجتناب کرو اسلیئے کہ وہ راستہ رات میں چارپایوں اور حشرات الارض کا ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں روایت ہے انس اور جابر رضی اللہ عنہما سے **باب حدیث** کی ہمسے اسحاق بن موسیٰ انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن وہب نے عبد الجبار بن عمر سے اُسنے محمد بن منکدر سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے منع کیا ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہ سووے آدمی ایسی چھت پر کہ جسپر احاطہ یعنے دیوار نہ بنائی گئی ہو یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو طریق محمد بن منکدر سے کہ وہ راوی ہے جابر سے مگر اسی وجہ سے اور عبد الجبار بن عمر ایلی ضعیف ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اعمش سے اُسنے ابی وائل سے اُسنے عبد اللہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عادت گیر ندہ کرتے تھے ہمکو ساتھ نصیحت کے بیچ دنوں کے واسطے خوف تنگی کے اوپر ہمارے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان اعمش نے کہا حدیث کی مجھے شقیق بن سلمہ نے عبد اللہ بن مسعود سے مثل اسکے **باب حدیث** کی ہمسے ابو ہشام رفاعی نے کہا حدیث کی ہمسے ابن فضیل نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے کہا اُسنے میں نے حضرت عائشہ اور ام سلمہ سے سوال کیا کونسا عمل رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو زیادہ پسند تھا کہا دونوں نے جسپر مداومت کیجائے اگرچہ قلیل ہو یہ حدیث اس وجہ سے حسن صحیح غریب ہے اور مروی ہے ہشام بن عروہ سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے پسندیدہ عمل رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو وہ تھا جسپر مداومت کیجائے **حدیث** کی ہمسے ہارون بن اسحاق ہمدانی نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے بالمعنے یہ حدیث صحیح ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم **ابواب امثال** کے جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں **باب** اس مثال کے بیان میں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے واسطے بیان فرمائی ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر سعدی نے کہا حدیث کی ہمسے بقیہ بن ولید نے بحیر بن سعد سے اُسنے خالد بن معدان سے اُسنے جبیر بن نفیر سے اُسنے نواس بن سمعان کلابی سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلعم نے اللہ تعالیٰ نے راہ مستقیم کی مثال بیان فرمائی ہے اور یہ ہر دونوں جانب راستہ کی دو دیواریں ہیں انکے دروازے کشادہ ہیں اور دروازوں پر پردے پڑے ہیں اور ایک بلانیوالا ہے

باب حٰم دخان کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے عمر بن ابی خثعم سے اُسنے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پڑھے حٰم دخان رات میں صبح کرتا ہے اس حالت میں کہ اسکے واسطے ستر ہزار فرشتے بخشش مانگتے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے عمر بن ابی خثعم ضعیف کیا گیا ہے۔ کہا محمد نے وہ منکر الحدیث ہے **حدیث** کی ہمسے نصر بن عبد الرحمٰن کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے ہشام ابی المقدام سے اُسنے حسن سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی حٰم دخان جمعہ کی رات میں پڑھے تو اسکے واسطے بخشش کیجاتی ہے۔ اس حدیث کو ہم نہیں پہچانتے مگر اسی وجہ سے۔ اور ہشام ابو مقدام ضعیف ہے۔ اور حسن نے ابی ہریرہ سے نہیں سنا۔ ایسا ہی کہا ہے ایوب اور یونس بن عبید اور علی بن زید نے رضی اللہ عنہم۔ **باب** سورۂ ملک کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد الملک بن ابی الشوارب نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن عمرو بن مالک نکری نے اپنے باپ سے اُسنے ابی الجوزا سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی نے اپنا خیمہ ایک قبر پر لگایا اور اسکو معلوم نہ تھا کہ وہ قبر ہے پس دیکھا کہ ایک قبر ہے اسمیں ایک آدمی سورہ ملک پڑھ رہا ہے یہانتک کہ اُسنے اسکو ختم کیا اور وہ صحابی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا یا رسول اللہ میں نے خیمہ قبر پر لگایا تھا اور میں گمان نہیں کرتا تھا کہ یہ قبر ہے پس دیکھا تو اسمیں ایک آدمی سورۂ بقرہ پڑھ رہا ہے یہانتک کہ اُسنے اسکو ختم کیا پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے وہ مانعہ ہے وہ منجیہ ہے یعنے نجات دینے والی ہے آگ سے۔ یہ حدیث اس وجہ سے غریب ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ سے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے قتادہ سے اُسنے عباس جشمی سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپ نے ایک سورہ ہے قرآن میں جسکی تیس آیتیں ہیں وہ شفاعت کریگی واسطے آدمی کے تاکہ وہ بخشا جاویگا اور وہ سورہ تبارک الذی بیدہ الملک ہے یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے ہریم بن مسعر نے کہا حدیث کی ہمسے فضیل بن عیاض نے لیث سے اُسنے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نہیں سوتے تھے یہانتک کہ پڑھتے الٓمٓ تنزیل اور تبارک الذی بیدہ الملک اس حدیث کو روایت کیا ہے کئی ایک نے لیث بن ابی سلیم سے مثل اسکے اور روایت کیا ہے اسکو

عن انس وقد روی ھذا الحدیث من غیر ھذا الوجہ ایضا عن ثابت حدثنا محمد بن بشار نا یحیی بن سعید نا یزید بن کیسان ثنی ابو حازم عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احشدوا فانی ساقرأ علیکم ثلث القرآن قال فحشد من حشد ثم خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقرأ قل ھو اللہ احد ثم دخل فقال بعضنا لبعض قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فانی ساقرأ علیکم ثلث القرآن انی لاری ھذا خبر جاءہ من السماء ثم خرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال انی قلت ساقرأ علیکم ثلث القرآن الا وانھا تعدل ثلث القرآن ھذا حدیث حسن صحیح غریب من ھذا الوجہ وابو حازم الاشجعی اسمہ سلمان حدثنا العباس بن محمد الدوری نا خالد بن مخلد نا سلیمن بن بلال ثنی سہیل بن ابی صالح عن ابیہ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قل ھو اللہ احد تعدل ثلث القرآن ھذا حدیث صحیح حدثنا محمد بن اسمعیل نا اسمعیل بن ابی اویس ثنی عبد العزیز بن محمد عن عبید اللہ بن عمر عن ثابت البنانی عن انس بن مالک قال کان رجل من الانصار یؤمھم فی مسجد قبا فکان کل ما افتتح سورۃ یقرأ لھم فی الصلوۃ یقرأ بھا افتتح بقل ھو اللہ احد حتی یفرغ منھا ثم یقرأ بسورۃ اخری معھا وکان یصنع ذلک فی کل رکعۃ فکلمہ اصحابہ فقالوا انک تقرأ بھذہ السورۃ ثم لا تری انھا تجزئک حتی تقرأ بسورۃ اخری فاما ان تقرأ بھا واما ان تدعھا وتقرأ بسورۃ اخری قال ما انا بتارکھا ان احببتم ان اؤمکم بھا فعلت وان کرھتم ترکتکم وکانوا یرونہ افضلھم وکرھوا ان یؤمھم غیرہ فلما اتاھم النبی صلی اللہ علیہ وسلم اخبروہ الخبر فقال یا فلان ما یمنعک مما یامرک بہ اصحابک وما یحملک ان تقرأ ھذہ السورۃ فی کل رکعۃ فقال یا رسول اللہ انی احبھا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

انس سے اور یہ حدیث غیر اس وجہ سے بھی ثابت سے مروی ہے حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن کیسان نے کہا حدیث کی مجھے ابو حازم نے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جمع ہو جیو اسلئے کہ مین تمپر تہائی قرآن کی پڑھنے والا ہون۔ کہا راوی نے سو جسے جمع ہونا تھا جمع ہوا پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نکلے اور قل ہو اللہ احد پڑھا پھر داخل ہوئے پھر بعض نے بعض سے کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ مین تمپر تہائی قرآن کی پڑھنے والا ہون مین گمان کرتا ہون کہ یہ ایسی خبر ہے کہ آسمان سے آئی ہے پھر نبی صلے اللہ علیہ وسلم نکلے اور یہ فرمایا کہ مین نے کہا تھا کہ مین تمپر تہائی قرآن کی پڑھتا ہون خبردار اور بیشک یہ تہائی قرآن کے برابر ہے[1] یہ حدیث اس وجہ سے حسن صحیح غریب ہے اور ابو حازم اشجعی کا نام سلمان ہے حدیث کی ہمسے عباس بن محمد دوری نے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن مخلد نے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان بن بلال نے کہا حدیث کی مجھے سہیل بن ابی صالح نے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قل ہو اللہ احد تہائی قرآن کے برابر ہوتی ہے یہ حدیث صحیح ہے حدیث کی ہمسے محمد بن اسمعیل نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن ابی اویس نے کہا حدیث کی مجھے عبد العزیز بن محمد نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے ثابت بنانی سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے ایک مرد انصار سے اُن لوگونکی مسجد قبا مین امامت کراتا تھا سو جب کوئی ایسی سورت شروع کرتا کہ جسکو پڑھتا ہوتا اس نماز مین کہ جسکو پڑھتا تو شروع کرتا ساتھ قل ہو اللہ احد کے تا کہ اس سے فارغ ہوتا پھر اسکے ساتھ دوسری سورت پڑھتا اور یہ طریق ہر ایک رکعت مین کرتا تھا پس ایک اسکے ساتھیون نے اس سے بات چیت کی اور کہا کہ تم اس سورت کو پڑھتے ہو پھر آپ یہ گمان نہین کرتے کہ یہ سورت آپکو کافی ہو جاوے یہانتک کہ دوسری سورت پڑھتے ہو سو یا تو اسی کو پڑھا کرو یا اسکو چھوڑ دو اور دوسری سورت پڑھ لیا کرو کہا اُسنے مین تو اسکو چھوڑنے والا نہین ہون اگر تم کو اسکے ساتھ امامت کرانی اچھی معلوم ہو تو مین امامت کراتا ہون اور اگر تم برا جانتے ہو تو مین تمکو چھوڑ دیتا ہون اور وہ لوگ اسکو اپنے سب مین سے افضل سمجھتے تھے اور انھون نے مکروہ جانا کہ اسکے سوا ہمارے کوئی اور شخص امامت کرائے پس جب انکے پاس نبی صلعم آئے تو اُن لوگون نے وہ خبر آنحضرت سے بیان کی سو فرمایا آپنے ای فلان کیا چیز تجھے منع کرتی ہے اس سے کہ جسکے ساتھ تجھے تیرے اصحاب امر کرتے ہین اور کیا چیز تجھے اس سورت کے ہر ایک رکعت مین پڑھنے پر برانگیختہ کرتی ہے پس کہا اُسنے یا رسول اللہ مین اسکو دوست رکھتا ہون پھر فرمایا رسول اللہ صلعم

[1] تہائی قرآن کے برابر ہونے کی وجہ یہ ہے کہ قرآن کی تین قسم ہین قصے اور احکام اور صفات الٰہی اور اس سورت مین صرف صفات الٰہی مذکور ہین اور کہا گیا ہے کہ ثواب اسکا تہائی قرآن کے برابر ہے۱۲

رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا زلزلت تعدل نصف القرآن وقل هو الله احد تعدل ثلث القرآن وقل يا ايها الكافرون تعدل ربع القرآن هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث يمان بن المغيرة **باب** ما جاء في سورة الاخلاص **حدثنا** بندار نا عبد الرحمن بن مهدي نا زائدة عن منصور عن هلال بن يساف عن ربيع بن خثيم عن عمرو بن ميمون عن عبد الرحمن بن ابي ليلى عن امرأة ابي ايوب عن ابي ايوب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ايعجز احدكم ان يقرأ في ليلة ثلث القرآن من قرأ الله الواحد الصمد فقد قرأ ثلث القرآن وفي الباب عن ابي الدرداء و ابي سعيد وقتادة بن النعمان وابي هريرة وانس وابن عمر وابي مسعود هذا حديث حسن ولا نعرف احدا روى هذا الحديث احسن من رواية زائدة وتابعه على روايته اسرائيل والفضيل بن عياض وقد روى شعبة وغير واحد من الثقات هذا الحديث عن منصور واضطربوا فيه **حدثنا** ابو كريب نا اسحق بن سليمن عن مالك بن انس عن عبيد الله بن عبد الرحمن عن ابي حنين مولى لآل زيد بن الخطاب او مولى زيد بن الخطاب عن ابي هريرة قال اقبلت مع النبي صلى الله عليه وسلم فسمع رجلا يقرأ قل هو الله احد فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم وجبت قلت ما وجبت قال الجنة هذا حديث حسن صحيح غريب لا نعرفه الا من حديث مالك بن انس وابو حنين هو عبيد بن حنين **حدثنا** محمد بن مرزوق البصري نا حاتم بن ميمون ابو سهل عن ثابت البناني عن انس بن مالك عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من قرأ كل يوم مائتي مرة قل هو الله احد محي عنه ذنوب خمسين سنة الا ان يكون عليه دين وبهذا الاسناد عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من اراد ان ينام على فراشه فنام على يمينه ثم قرأ قل هو الله احد مائة مرة فاذا كان يوم القيامة يقول له الرب تبارك وتعالى يا عبدي ادخل على يمينك الجنة هذا حديث غريب من حديث ثابت

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سورہ اذا زلزلت نصف قرآن کے برابر ہوتی ہے اور قل ہو اللہ احد تہائی قرآن کے برابر ہوتی ہے اور قل یا ایہا الکافرون چوتھائی قرآن کے برابر ہوتی ہے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق یمان بن مغیرہ سے

باب سورہ اخلاص کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے زائدہ نے منصور سے اُسنے ہلال بن یساف سے اُسنے ربیع بن خثیم سے اُسنے عمرو بن میمون سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی لیلی سے اُسنے ابی ایوب کی بیوی سے اُسنے ابی ایوب سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا عاجز ہوتا ہے کوئی تم میں سے کہ ایک رات میں تہائی قرآن کی پڑھے جو کوئی پڑھے اللہ الواحد الصمد اُسنے تہائی قرآن کی پڑھی اور اس باب میں روایت ہے ابی الدرداء اور ابی سعید اور قتادہ بن نعمان اور ابی ہریرہ اور انس ابن عمر اور ابی مسعود سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن ہے اور ہم نہیں پہچانتے کہ کسی نے اس حدیث کو زائدہ کی روایت سے اچھا بیان کیا ہو اور تابع ہوا ہے اسکا اُسکی روایت پر اسرائیل اور فضیل بن عیاض اور روایت کیا ہے اس حدیث کو شعبہ وغیرہ نے کئی ثقہ لوگوں سے اُنھوں نے منصور سے اور وہ اس روایت میں مضطرب ہوئے ہیں **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے اسحاق بن سلیمان نے مالک بن انس سے اُسنے عبید اللہ بن عبد الرحمن سے اُسنے ابی حنین سے جو غلام ہے آل زید بن خطاب کا یا غلام ہے زید بن خطاب کا اُسنے روایت کی ابی ہریرہ سے کہا اُسنے میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آیا تو آپ نے ایک آدمی کو قل ہو اللہ احد پڑھتے سنا تو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے واجب ہوگئی میں نے کہا کیا چیز واجب ہوئی فرمایا آپ نے جنت۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق مالک بن انس سے۔ اور ابو حنین وہ عبید اللہ بن حنین ہیں **حدیث** کی ہمسے محمد بن مرزوق بصری نے کہا حدیث کی ہمسے حاتم بن میمون یعنے ابو سہل نے ثابت بنانی سے اُسنے انس بن مالک سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جو کوئی ہر ایک دن میں دو سو بار قل ہو اللہ احد پڑھے تو اس سے پچاس برس کے گناہ دور ہوتے ہیں مگر یہ کہ اسپر قرض ہو اور ساتھ اسی اسناد کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ فرمایا آپ نے جو کوئی اپنے فرش پر سونیکا ارادہ کرے اور داہنی کروٹ پر سوئے پھر قل ہو اللہ احد سو بار پڑھے تو جب قیامت کا دن ہوگا تو اسکو پروردگار تبارک وتعالیٰ کہیگا اے میرے بندے اپنی داہنی طرف پر جنت میں داخل ہو یہ حدیث غریب ہے طریق ثابت بنانی سے جو روای ہے

قال مررت فی المسجد فاذا الناس یخوضون فی الاحادیث فدخلت علی علی فقلت یا امیر المؤمنین الا تری الناس
قد خاضوا فی الاحادیث قال او قد فعلوها قلت نعم قال اما انی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول
الا انہا ستکون فتنۃ فقلت ما المخرج منہا یا رسول اللہ قال کتاب اللہ فیہ نبأ ما قبلکم وخبر ما بعدکم وحکم ما بینکم
وہو الفصل لیس بالھزل من ترکہ من جبار قصمہ اللہ ومن ابتغی الھدی فی غیرہ اضلہ اللہ وہو حبل اللہ المتین وہو
الذکر الحکیم وہو الصراط المستقیم ہو الذی لا تزیغ بہ الاھواء ولا تلتبس بہ الالسنۃ ولا یشبع منہ العلماء ولا یخلق
عن کثرۃ الرد ولا تنقضی عجائبہ ہو الذی لم تنتہ الجن اذ سمعتہ حتی قالوا انا سمعنا قرانا عجبا یھدی الی الرشد فامنا بہ
من قال بہ صدق ومن عمل بہ اجر ومن حکم بہ عدل ومن دعی الیہ ھدی الی صراط مستقیم خذھا الیک یا اعور ھذا
حدیث غریب لا نعرفہ الا من حدیث حمزۃ الزیات واسنادہ مجہول وفی حدیث الحارث مقال **باب** ما جاء
فی تعلیم القرآن **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابوداؤد انبانا شعبۃ اخبرنی علقمۃ بن مرثد قال سمعت سعد بن عبیدۃ
یحدث عن ابی عبد الرحمٰن عن عثمٰن بن عفان ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال خیرکم من تعلم القرآن وعلمہ
قال ابو عبد الرحمٰن فذاک الذی اقعدنی مقعدی ھذا وعلم القرآن فی زمان عثمان حتی بلغ الحجاج بن یوسف ھذا
حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمود بن غیلان نا بشر بن السری نا سفیان عن علقمۃ بن مرثد عن ابی عبد الرحمٰن
عن عثمان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیرکم او افضلکم من تعلم القرآن وعلمہ ھذا حدیث حسن صحیح
وھکذا روی عبد الرحمٰن بن مھدی وغیر واحد عن سفیان الثوری

کہا اُسنے مین مسجد مین گذرا دیکھا تو کئی لوگ حدیثون مین خوض کر رہے ہین پھر مین حضرت علی رضی اللہ عنہ پر داخل ہوا اور مین نے کہا یا امیر المؤمنین کیا آپ نہین دیکھتے لوگونکو کہ حدیثونین خوض کر رہے ہین فرمایا حضرت علی نے کیا یہ کر رہے ہین مین نے کہا ہان کہا خبردار مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ فرماتے تھے خبردار جلدی ہے کہ فتنہ ہوگا مین نے کہا اس سے نکلنے کی کیا سبیل ہے یا رسول اللہ فرمایا آپ نے کتاب اللہ اسمین خبر پہلے لوگونکی ہے اور خبر پچھلے لوگونکی اور حکم درمیان تمھارے کا اور وہ کتاب فیصلہ کرنیوالی ہے نہین ہے ہزل۔ جو کوئی ترک کرے اُسکو سرکشی سے توڑیگا اسکو اللہ تعالیٰ اور جو کوئی اسکے غیر مین ہدایت طلب کرے تو اللہ تعالیٰ اسکو گمراہ کریگا۔ اور یہ کتاب اللہ کی رسی محکم ہے اور یہ نصیحت ہے حکمت والی اور یہ راستہ مستقیم ہے اور یہ ایسی ہے کہ اس سے خواہشین ٹیڑھی نہین ہوتین اور اسکے ساتھ زبانین ملتبس نہین ہوتین۔ اور اس سے عالم لوگ سیر نہین ہوتے اور بہت پڑھنے سے پرانی نہین ہوتی اور اسکے عجائبات منقضی نہین ہوتے۔ یہ ایسی ہے کہ جن اس سے نہ رُکے جبکہ انھون نے اسکو سنا حتےٰ کہ کہا انھون نے ہمنے سنا ہے قرآن عجیب راہ دکھلاتا ہے طرف ہدایت کے سو ہم اسکے ساتھ ایمان لائے ہین جس کسی نے اسکے ساتھ خبر دی تو اُسنے سچ کہا اور جس کسی نے اسکے ساتھ عمل کیا تو اُسنے اجر پایا اور جس کسی نے اسکے ساتھ حکم کیا تو اُسنے عدل کیا۔ اور جو کوئی اسکی طرف بلایا گیا تو اُسنے سیدھی راہ کی طرف ہدایت پائی۔ اسکو اے اعور اپنے ساتھ پکڑ لے۔ یہ حدیث غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق حمزہ زیات سے اور اسناد اسکی مجہول ہے اور حارث کی حدیث مین کلام ہے **باب** قرآن کی تعلیم کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابوداؤد نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے کہا خبر دی مجھے علقمہ بن مرثد نے کہا اُسنے سنا مین نے سعد بن عبیدہ سے کہ حدیث کرتا تھا ابی عبد الرحمٰن سے اُسنے روایت کی عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہتر تم مین سے وہ شخص ہے جو قرآن پڑھے اور اسکو پڑھائے۔ کہا ابو عبد الرحمٰن نے پس اسی سبب نے مجھے اس جگہ مین بٹھلایا ہے یعنے مین نے قرآن کی تعلیم اسی سبب سے اختیار کی ہے۔ اور اُسنے قرآن کی تعلیم حضرت عثمان کے زمانہ مین کی ہے یہانتک کہ حجاج بن یوسف کا زمانہ پہونچ گیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن سری نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اُسنے علقمہ بن مرثد سے اُسنے ابی عبد الرحمٰن سے اُسنے عثمان سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلعم نے بہتر اور افضل تم مین سے وہ شخص ہے جو قرآن پڑھے اور پڑھائے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ایسا ہی روایت کیا ہے عبد الرحمٰن بن مہدی وغیرہ نے سفیان ثوری

ان حبہا ادخلك الجنة هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه من حديث عبيد الله بن عمر عن ثابت البناني وقد روى مبارك بن فضالة عن ثابت البناني عن انس ان رجلا قال يا رسول الله اني احب هذه السورة قل هو الله احد قال ان حبك اياها يدخلك الجنة **باب** ماجاء في المعوذتين **حدثنا** بندار نا يحيى بن سعيد نا اسمعيل بن ابي خالد اخبرني قيس بن ابي حازم عن عقبة بن عامر الجهني عن النبي صلى الله عليه وسلم قال قد انزل الله على آيات لم ير مثلهن قل اعوذ برب الناس الى آخر السورة و قل اعوذ برب الفلق الى آخر السورة هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** قتيبة نا ابن لهيعة عن يزيد بن ابي حبيب عن علي بن رباح عن عقبة بن عامر قال امرني رسول الله صلى الله عليه وسلم ان اقرأ بالمعوذتين في دبر كل صلوة هذا حديث حسن غريب **باب** ماجاء في فضل قارئ القرآن **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابوداؤد الطيالسي نا شعبة وهشام عن قتادة عن زرارة بن اوفى عن سعد بن هشام عن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الذي يقرأ القرآن وهو ماهر به مع السفرة الكرام البررة والذي يقرأه قال هشام وهو شديد عليه قال شعبة وهو عليه شاق له اجران هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** علي بن حجر انا حفص بن سليمن عن كثير بن زاذان عن عاصم بن ضمرة عن علي بن ابي طالب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قرأ القرآن فاستظهره فاحل حلاله وحرم حرامه ادخله الله به الجنة وشفعه في عشرة من اهل بيته كلهم قد وجبت له النار هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه وليس له اسناد صحيح وحفص بن سليمن ابو عمر بزاز كوفي يضعف في الحديث **باب** ماجاء في فضل القرآن **حدثنا** عبد بن حميد نا حسين بن علي الجعفي نا حمزة الزيات عن ابي المختار الطائي عن ابن اخي الحارث الاعور عن الحارث الاعور

بیشک اسکی محبت تجھے جنت میں داخل کریگی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اس وجہ سے یعنے طریق عبیداللہ بن عمر سے جو راوی ہیں ثابت بنانی سے اور روایت کی ہے مبارک بن فضالہ نے ثابت بنانی سے اُسنے انس سے یہ کہ ایک مرد نے کہا یا رسول اللہ میں اس سورت یعنے قل ھو اللہ احد کو دوست رکھتا ہوں فرمایا آپ نے بیشک محبت تیری اسکو جنت میں داخل کریگی **باب** معوذتین کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابی خالد نے کہا خبر دی مجھے قیس بن ابی حازم نے عقبہ بن عامر جہنی سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے مجھپر چند آیتیں نازل ہوئی ہیں کہ انکی مثل دیکھی نہیں گئیں قل اعوذ برب الناس آخر سورت تک اور قل اعوذ برب الفلق آخر سورت تک۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے یزید بن ابی حبیب سے اُسنے علی بن رباح سے اُسنے عقبہ بن عامر سے کہا اُسنے مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے کہ معوذتین ہر نماز کے پیچھے پڑھوں یہ حدیث غریب ہے **باب** قرآن پڑھنے والے کی فضیلت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابوداؤد طیالسی نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ اور ہشام نے قتادہ سے اُسنے زرارہ بن اوفی سے اُسنے سعد بن ہشام سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی قرآن پڑھتا ہے اور وہ اسکے ساتھ ماہر ہو تو وہ ساتھ بزرگ نیکبخت پیغمبروں کے ہے اور جو کوئی اسکو پڑھتا ہے کہا ہشام نے اور وہ قرآن اسپر مشکل ہو کہا شعبہ نے اور وہ قرآن اسکو مشقت سے آتا ہو تو اسکے واسطے دو اجر ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے حفص بن سلیمان نے کثیر بن زاذان سے اُسنے عاصم بن ضمرہ سے اُسنے علی بن ابی طالب سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی قرآن پڑھے اور اسکو خوب یاد کرے اور اسکے حلال کو حلال جانے اور اسکے حرام کو حرام جانے۔ تو اللہ تعالی اسکو بسبب اسکے جنت میں داخل کریگا اور اسکی شفاعت دس ایسے گھر والوں کے حق میں قبول کریگا کہ جنکے سب سے واسطے آگ واجب ہو۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے اور اسکی اسناد صحیح نہیں۔ اور حفص بن سلیمان یعنے ابو عمر بزاز کوفی حدیث میں ضعیف کیا گیا ہے **باب** قرآن کی فضیلت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا ہمسے حدیث کی ہمسے حسین بن علی جعفی نے کہا حدیث کی ہمسے حمزہ زیات نے ابی المختار طائی سے اُسنے حارث اعور کے بھتیجے سے اُسنے حارث اعور سے

هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه سمعت قتيبة بن سعيد يقول بلغني ان محمد بن كعب القرظي ولد في حياة
النبي صلى الله عليه وسلم ويروى هذا الحديث من غير هذا الوجه عن ابن مسعود رواه ابو الاحوص عن عبد الله
بن مسعود فرفعه بعضهم ووقفه بعضهم عن ابن مسعود ومحمد بن كعب القرظي يكنى ابا حمزة **حدثنا** نصر بن علي
الجهضمي نا عبد الصمد بن عبد الوارث نا شعبة عن عاصم عن ابي صالح عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال يجيء
صاحب القرآن يوم القيامة فيقول يا رب حله فيلبس تاج الكرامة ثم يقول يا رب زده فيلبس حلة الكرامة ثم يقول يا رب
ارض عنه فيرضى عنه فيقال اقرأ وارق ويزاد بكل آية حسنة هذا حديث حسن **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر
نا شعبة عن عاصم بن بهدلة عن ابي صالح عن ابي هريرة نحوه ولم يرفعه وهذا اصح عندنا من حديث عبد الصمد عن
شعبة **باب حدثنا** احمد بن منيع نا ابو النضر نا بكر بن خنيس عن ليث بن ابي سليم عن زيد بن ارطاة عن
ابي امامة قال قال النبي صلى الله عليه وسلم ما اذن الله لعبد في شيء افضل من ركعتين يصليهما وان البر ليذر على رأس العبد
ما دام في صلاته وما تقرب العباد الى الله عز وجل بمثل ما خرج منه قال ابو النضر يعني القرآن هذا حديث غريب لا نعرفه الا
من هذا الوجه وبكر بن خنيس قد تكلم فيه ابن المبارك وتركه في آخر امره **باب حدثنا**
احمد بن منيع نا جرير عن قابوس بن ابي ظبيان عن ابيه عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى
الله عليه وسلم ان الذي ليس في جوفه شيء من القرآن كالبيت الخرب هذا حديث
حسن صحيح **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو داود الحفري وابو نعيم عن سفيان عن عاصم بن ابي النجود
عن زر عن عبد الله بن عمرو عن النبي صلى الله عليه وسلم قال يقال

یہ حدیث اس وجہ سے حسن صحیح غریب ہے سنا میں نے قتیبہ بن سعید سے کہتا تھا مجھے یہ خبر ہوئی کہ محمد بن کعب قرظی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی
حیات میں پیدا ہوا تھا اور یہ حدیث غیر اس وجہ سے بھی ابن مسعود سے مروی ہے روایت کیا ہے اسکو ابو الاحوص نے عبد اللہ بن مسعود
سے سو بعض نے اسکو مرفوع کیا ہے اور بعض نے اسکو ابن مسعود پر ہی موقوف کیا ہے اور محمد بن کعب قرظی کی کنیت ابا حمزہ ہے
حدیث کی ہمسے نصر بن علی جہضمی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الصمد بن عبد الوارث نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے عاصم سے
[illegible] سے اسنے ابی ہریرہ سے اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے قرآن قیامت کے دن اپنے صاحب کے
پاس آویگا اور کہیگا ای رب میرے اسکو عمدہ لباس پہنا تو اسکو عزت کا تاج پہنایا جاییگا پھر کہے گا ای رب میرے زیادہ دے اسکو پھر
لباس [illegible] پہنایا جاییگا پھر کہے گا ای رب میرے راضی ہو اس سے سو راضی ہوگا اس سے پھر اس سے کہا جاییگا پڑھ اور چڑھ یعنے
[illegible] پڑھتا جا اور بلند درجے پر چڑھتا جا اور ہر آیت کے بدلے نیکی زیادہ کیجائیگی - یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے محمد
بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے اسنے عاصم بن بہدلہ سے اسنے ابی صالح سے اسنے ابی ہریرہ
سے مثل اسکے اور اسکو اسنے مرفوع نہیں کیا اور یہ ہمارے نزدیک زیادہ صحیح ہے حدیث عبد الصمد کی سے جو راوی ہے شعبہ سے **باب حدیث**
کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ابو النضر نے کہا حدیث کی ہمسے بکر بن خنیس نے لیث بن ابی سلیم سے اسنے زید بن ارطاۃ سے
اسنے ابی امامہ سے کہا اسنے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں کان لگاتا اللہ تعالی واسطے کسی بندے کے کسی چیز میں زیادہ ان دو رکعتوں سے
کہ پڑھے انکو اور نیکی آدمی کے سر پر ڈالی جاتی ہے جبتک نماز میں ہے اور نہیں قریب ہوتے بندے اللہ تعالی کی طرف مثل اسکے کہ نکلا ہے اس سے کہا
ابو النضر نے یعنے قرآن یعنے جسقدر قرآن سے پروردگار کا قرب ہوتا ہے ویسا کسی اور چیز سے نہیں ہوتا یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو
مگر اسی وجہ سے اور بکر بن خنیس کے حق میں ابن مبارک نے کلام کیا ہے اور آخر امر میں اسکو ترک کر دیا ہے **باب حدیث** کی ہمسے احمد بن
منیع نے کہا حدیث کی ہمسے جریر نے قابوس بن ابی ظبیان سے اسنے اپنے باپ سے اسنے ابن عباس سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلعم نے وہ آدمی کہ جسکے
پیٹ میں کچھ بھی قرآن سے نہ ہو تو وہ مثل گھر خراب کے ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داود حفری
اور ابو نعیم نے سفیان سے اسنے عاصم بن ابی النجود سے اسنے زر سے اسنے عبد اللہ بن عمرو سے اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے کہا جائیگا

عن علقمة بن مرثد عن ابی عبد الرحمن عن عثمان عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وسفیان لایذکر فیہ عن سعد بن عبیدة
وقد روی یحیی بن سعید القطان ھذا الحدیث عن سفیان وشعبة عن علقمة بن مرثد عن سعد بن عبیدة عن
ابی عبد الرحمن عن عثمان عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم حدثنا بذلک محمد بن بشار نا یحیی بن سعید عن سفیان
وشعبة قال محمد بن بشار وھکذا ذکرہ یحیی بن سعید عن سفیان وشعبة غیر مرة عن علقمة بن مرثد عن سعد
بن عبیدة عن ابی عبد الرحمن عن عثمان عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال محمد بن بشار واصحاب سفیان لایذکرون
فیہ عن سفیان عن سعد بن عبیدة قال محمد بن بشار وھو اصح قال ابو عیسی وقد زاد شعبة فی اسناد ھذا الحدیث
سعد بن عبیدة وکان حدیث سفیان اشبہ قال علی بن عبد اللہ قال یحیی بن سعید ما احد یعدل عندی شعبة
واذا خالفہ سفیان اخذت بقول سفیان سمعت ابا عمار یذکر عن وکیع قال شعبة سفیان احفظ منی وما حدثنی
سفیان عن احد بشیء فسألتہ الا وجدتہ کما حدثنی وفی الباب عن علی وسعد حدثنا قتیبة اخبرنا عبد الواحد
بن زیاد عن عبد الرحمن بن اسحق عن النعمان بن سعد عن علی بن ابی طالب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
خیرکم من تعلم القرآن وعلمہ ھذا حدیث لانعرفہ من حدیث علی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم الا من حدیث
عبد الرحمن بن اسحق **باب** ماجاء فی من قرأ حرفا من القرآن مالہ من الاجر حدثنا محمد بن بشار نا ابوبکر الحنفی
نا الضحاک بن عثمان عن ایوب بن موسی قال سمعت محمد بن کعب القرظی یقول سمعت عبد اللہ بن مسعود یقول قال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قرأ حرفا من کتاب اللہ فلہ بہ حسنة والحسنة بعشر امثالھا لا اقول الم حرف
ولکن الف حرف ولام حرف ومیم حرف

اُسنے علقمہ بن مرثد سے اُسنے ابی عبد الرحمن سے اُسنے عثمان سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور سفیان نے اس روایت مین
سعد بن عبیدہ کا ذکر نہین کیا اور روایت کیا ہی یحیی بن سعید قطان نے اس حدیث کو سفیان اور شعبہ سے اُنھون نے
علقمہ بن مرثد سے اُسنے سعد بن عبیدہ سے اُسنے ابی عبد الرحمن سے اُسنے حضرت عثمان سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے
حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے سفیان اور شعبہ سے کہا محمد بن بشار نے
اور ایسا ہی ذکر کیا ہی اسکو یحیی بن سعید نے سفیان اور شعبہ سے کئی بار اُنھون نے روایت کی علقمہ بن مرثد سے اُسنے سعد بن
عبیدہ سے اُسنے ابی عبد الرحمن سے اُسنے حضرت عثمان سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا محمد بن بشار نے سفیان
کے شاگرد نہین ذکر کرتے اس روایت مین یہ بات کہ یہ روایت ہی سفیان سے اُسنے روایت کی سعد بن عبیدہ سے کہا محمد بن
بشار نے اور وہ صحیح ہی کہا ابو عیسی نے اور زیادتی کی ہی شعبہ نے اس حدیث کی اسناد مین سعد بن عبیدہ کی اور گویا حدیث
سفیان کی بہت اچھی ہی کہا علی بن عبد اللہ نے کہا یحیی بن سعید نے کوئی شخص میرے نزدیک شعبہ کے برابر نہین کہ جب اسکی
سفیان مخالفت کرے تو مین قول سفیان کا پکڑتا ہون سنا مین نے ابا عمار سے کہ ذکر کرتا تھا وکیع سے کہ کہا شعبہ نے سفیان مجھسے
حافظ مین زیادہ ہی اور جو حدیث مجھے سفیان نے کسی سے بیان کی ہی پھر مین نے اس سے اسکا سوال کیا تو اسیطرح ہی پایا
جیسا کہ اُسنے مجھے حدیث کی تھی اور اس باب مین روایت ہی حضرت علی اور سعد سے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا خبر دی
ہمکو عبد الواحد بن زیاد نے عبد الرحمن بن اسحاق سے اُسنے نعمان بن سعد سے اُسنے علی بن ابی طالب سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم نے بہتر تم مین سے وہ شخص ہی جو قرآن پڑھے اور پڑھائے اس حدیث کو نہین پہچانتے ہم بواسطہ علی کے نبی صلعم سے مگر طریق
عبد الرحمن بن اسحاق سے **باب** اس شخص کے بیان مین جو قرآن مجید سے ایک حرف پڑھے تو اسکے واسطے کیا اجر ہی حدیث کی
ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابوبکر حنفی نے کہا حدیث کی ہمسے ضحاک بن عثمان نے ایوب بن موسی سے کہا اُسنے سنا مین نے
محمد بن کعب قرظی سے کہتا سنا مین نے عبد اللہ بن مسعود سے کہتا فرمایا رسول اللہ صلعم نے جو کوئی ایک حرف کتاب اللہ سے پڑھے تو اسکے
واسطے بدلے اُسکے دس نیکیان ہین اور نیکی اسکی دس حصونکے برابر ہی مین نہین کہتا کہ الم ایک حرف ہی لیکن الف حرف ہی اور لام حرف ہی اور میم حرف ہی سے

قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما امن بالقرآن من استحل محارمه وقد روی محمد بن یزید بن سنان عن ابیه هذا الحدیث فزاد فی هذا الاسناد عن مجاهد عن سعید بن المسیب عن صهیب ولا یتابع محمد بن یزید علی روایته وهو ضعیف وابو المبارك رجل مجهول هذا حدیث لیس اسناده بذلك وقد خولف وکیع فی روایته وقال محمد ابو فروة یزید بن سنان الرهاوی لیس بحدیثه بأس الا روایة ابنه محمد عنه فانه یروی عنه مناکیر حدثنا الحسن بن عرفة نا اسمعیل بن عیاش عن بحیر بن سعد عن خالد بن معدان عن کثیر بن مرة الحضرمی عن عقبة بن عامر قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول الجاهر بالقرآن کالجاهر بالصدقة والمسر بالقرآن کالمسر بالصدقة هذا حدیث حسن غریب ومعنی هذا الحدیث ان الذی یسر بقرأة القرآن افضل من الذی یجهر بقرأة القرآن لان صدقة السر افضل عند اهل العلم من صدقة العلانیة وانما معنی هذا عند اهل العلم لکی یأمن الرجل من العجب لان الذی یسر بالعمل لا یخاف علیه العجب ما یخاف علیه فی العلانیة **باب** حدثنا صالح بن عبد الله نا حماد بن زید عن ابی لبابة قال قالت عائشة کان النبی صلی الله علیه وسلم لا ینام حتی یقرأ بنی اسرائیل والزمر هذا حدیث حسن غریب وابو لبابة هذا شیخ بصری قد روی عنه حماد بن زید غیر حدیث ویقال اسمه مروان حدثنا بذلك محمد بن اسمعیل فی کتاب التاریخ حدثنا علی بن حجر نا بقیة بن الولید عن بحیر بن سعد عن خالد بن معدان عن عبد الله بن ابی بلال عن عرباض بن ساریة انه حدثه ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یقرأ المسبحات قبل ان یرقد یقول ان فیهن

کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں ایمان لایا ساتھ قرآن کے وہ شخص کہ جسنے اسکے محارم کو حلال جانا۔ اور روایت کیا ہے محمد بن یزید بن سنان نے اپنے باپ سے اس حدیث کو اور اسکی اسناد میں یہ زیادتی کی ہے کہ یہ روایت ہے مجاہد سے اُسنے روایت کی سعید بن مسیب سے اُسنے صہیب سے۔ اور محمد بن یزید کا تابع کوئی اسکی روایت پر نہیں ہوا اور وہ ضعیف ہے۔ اور ابو مبارک مجہول آدمی ہے اس حدیث کی اسناد لائق نہیں ہے۔ اور وکیع اپنی روایت میں خلاف کیا گیا ہے۔ اور کہا محمد نے ابو فروہ یزید بن سنان رہاوی اسکی حدیث کے ساتھ کوئی خوف نہیں مگر اسکے بیٹے محمد کی روایت سے اسلئے کہ یہ اس سے منکر روایت بیان کرتا ہے **حدیث** کی ہمسے حسن بن عرفہ نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن عیاش نے بحیر بن سعد سے اُسنے خالد بن معدان سے اُسنے کثیر بن مرہ حضرمی سے اُسنے عقبہ بن عامر سے کہا اُسنے سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے بلند پڑھنے والا[1] قرآن کا مثل ظاہر دینے والے صدقہ کے ہے۔ اور پوشیدہ پڑھنے والا قرآن کا مثل پوشیدہ دینے والے صدقہ کے ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور معنے اس حدیث کے یہ ہیں کہ جو شخص قرأت قرآن کی آہستہ پڑھتا ہے وہ افضل ہے اس شخص سے جو قرأت قرآن کی بلند آواز سے پڑھتا ہے۔ اسلئے کہ پوشیدہ صدقہ دینا اہل علم کے نزدیک افضل ہے علانیۃً صدقہ دینے سے۔ اور یہ معنے اہل علم کے نزدیک اسواسطے ہیں کہ تا آدمی کبر اور ریا سے امن میں رہے اسلئے کہ جو شخص کوئی کام پوشیدہ کرتا ہے اسپر کبر کا اسقدر خوف نہیں جسقدر کہ علانیۃً کام کرنیوالے کے حق میں ہے۔ **باب** **حدیث** کی ہمسے صالح بن عبد اللہ نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ابی لبابہ سے کہا اُسنے کہ کہا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نہیں سوتے تھے یہانتک کہ سورت بنی اسرائیل اور زمر پڑھ لیتے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور ابو لبابہ یہ شیخ بصری ہے اور اس سے حماد بن زید نے کئی حدیثیں روایت کی ہیں۔ اور کہا گیا ہے کہ نام اسکا مروان ہے **حدیث** کی ہمسے ساتھ اسکے محمد بن اسمٰعیل نے کتاب التاریخ میں۔ **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے بقیہ بن ولید نے بحیر بن سعد سے اُسنے خالد بن معدان سے اُسنے عبد اللہ بن ابی بلال سے اُسنے عرباض بن ساریہ سے یہ کہ اُسنے حدیث کی ہے اسکو یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سونے سے پہلے سورتیں مسبحات[2] پڑھتے تھے۔ فرماتے کہ ان میں

[1] بلند آواز سے ممانعت اس شخص کے واسطے ہے جسکو ریا کا خوف ہو اور دوسرے کے واسطے مگر درمیان آواز سے پڑھنا سب سے افضل ہے جیسا کہ حدیث بخاری کی اسپر دال ہے کہ ایک روز آنحضرت رات کو سیر کرتے تھے کہ حضرت ابوبکر اور عمر کو اپنے اپنے گھروں میں قرآن پڑھتے دیکھا حضرت ابوبکر صدیق بہت آہستہ پڑھ رہے تھے اور حضرت عمر نہایت بلند آواز سے آنحضرت نے فرمایا کہ اے ابوبکر اسقدر آہستہ مت پڑھو کچھ آواز بلند کرو اور حضرت عمر سے کہا کہ تم اتنا پکار کر نہ پڑھو کچھ آواز آہستہ کرو ١٢ [2] مسبحات وہ سورتیں ہیں جو سبحان اور سبح اور یسبح کے صیغہ امر سے شروع ہوتے ہیں ١٢

یعنی لصاحب القرآن اقرأ وارق ورتل کما کنت ترتل فی الدنیا فان منزلتک عند اٰخر اٰیة تقرأ بها هٰذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمٰن بن مهدی عن سفیان عن عاصم بهٰذا الاسناد نحوه **باب**

حدثنا عبد الوهاب الوراق البغدادی نا عبد المجید بن عبد العزیز عن ابن جریج عن المطلب بن عبد الله بن حنطب عن انس بن مالک قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم عرضت علیّ اجور امتی حتی القذاة یخرجها الرجل من المسجد وعرضت علیّ ذنوب امتی فلم ار ذنبا اعظم من سورة من القراٰن او اٰیة اوتیها رجل ثم نسیها هٰذا حدیث غریب لا نعرفه الا من هٰذا الوجه وذاکرت به محمد بن اسمٰعیل فلم یعرفه واستغربه قال محمد ولا اعرف للمطلب بن عبد الله بن حنطب سماعا من احد من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم الا قوله حدثنی من شهد خطبة النبی صلی الله علیه وسلم وسمعت عبد الله بن عبد الرحمٰن یقول لا نعرف للمطلب سماعا من احد من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم قال عبد الله وانکر علی بن المدینی ان یکون المطلب سمع من انس **باب حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو احمد نا سفیان عن الاعمش عن خیثمة عن الحسن عن عمران بن حصین انه مرّ علی قاری یقرأ ثم سأل فاسترجع ثم قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول من قرأ القراٰن فلیسأل الله به فانه سیجئ اقوام یقرؤن القراٰن یسألون به الناس وقال محمود هٰذا خیثمة البصری الذی روی عنه جابر الجعفی ولیس هو خیثمة بن عبد الرحمٰن هٰذا حدیث حسن وخیثمة هٰذا شیخ بصری یکنی ابا نصر قد روی عن انس بن مالک احادیث وقد روی جابر الجعفی عن خیثمة هٰذا ایضا **حدثنا** محمد بن اسمٰعیل الواسطی نا وکیع نا ابو فروة یزید بن سنان عن ابی المبارک عن صهیب

واسطے صاحب قرآن کے کہ پڑھ اور چڑھ اور آہستگی سے پڑھ جیسا کہ تو دنیا میں آہستگی سے پڑھتا تھا اسلئے کہ تیری جگہ آخر آیت کے پاس ہے کہ تو جسکو پڑھتا تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمٰن بن مہدی نے سفیان سے اُسنے عاصم سے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے **باب حدیث** کی ہمسے عبد الوہاب وراق بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد المجید بن عبد العزیز نے ابن جریج سے اُسنے مطلب بن عبد اللہ بن حنطب سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میری امت کے نیک اعمال میرے آگے پیش کئے گئے حتےٰ کہ پلیدی کہ جسکو آدمی مسجد سے نکالے اور میری امت کے گناہ میرے پیش کئے گئے سو میں نے کوئی گناہ زیادہ تر اس سے نہیں دیکھا کہ کسی مرد کو کوئی سورت قرآن سے یا کوئی آیت اسمیں سے آئی ہو پھر اُسنے اسکو بھلا دیا ہو۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے اور میں نے اس حدیث کا مذاکرہ محمد بن اسمٰعیل سے کیا تو اُسنے اسکو نہ پہچانا اور اسکو غریب جانا۔ کہا محمد نے میں مطلب بن عبد اللہ بن حنطب کا سماع کسی شخص نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابی سے نہیں پہچانتا مگر اسکا یہ قول کہ حدیث کی مجھے اس شخص نے کہ حاضر ہوا خطبہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اور سنا میں نے عبد اللہ بن عبد الرحمٰن سے کہ کہتا نہیں پہچانتے ہم مطلب کا سماع نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے کسی صحابی سے۔ کہا عبد اللہ نے اور علی بن مدینی نے اس بات سے انکار کیا ہے کہ مطلب نے انس کسے سماع کیا ہو **باب حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اعمش سے اُسنے خیثمہ سے اُسنے حسن سے اُسنے عمران بن حصین سے کہ وہ ایک قاری پر گذرا کہ وہ پڑھتا تھا پھر اُسنے سوال کیا پھر اُسنے انا للہ وانا الیہ راجعون کہا[1] پھر کہا اُسنے سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے جو کوئی قرآن پڑھے اور اسکے ساتھ اللہ تعالیٰ سے سوال کرے تو وہ ایسے لوگوں کے ساتھ آئیگا جو قرآن پڑھتے ہیں اور اسکے ساتھ لوگوں سے سوال کرتے ہیں۔ اور کہا محمود نے یہ خیثمہ بصری وہ شخص ہے کہ جس سے جابر جعفی نے روایت کی ہے اور یہ خیثمہ بن عبد الرحمٰن نہیں ہے۔ یہ حدیث حسن ہے اور خیثمہ یہ شیخ بصری ہے کنیت اسکی ابا نصر ہے اور اُسنے انس بن مالک سے کئی حدیثیں روایت کی ہیں۔ اور جابر جعفی نے بھی اس خیثمہ سے روایت کی ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمٰعیل واسطی نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے ابو فروہ یعنے یزید بن سنان نے ابی المبارک سے اُسنے صہیب سے

[1] انا للہ اُسنے اس مصیبت پر کہا کہ لوگوں سے قرآن کے ساتھ سوال کرتا ہوں یا اس وجہ سے کہ عمران نے میری یہ بری حالت دیکھی ہے کہ قرآن سے حاجات دینی اور دنیوی طلب کرتا ہوں۔

قالت کل ذلک قد کان یفعل ربما اغتسل فنام وربما توضأ فنام قلت الحمد للہ الذی جعل فی الامر سعۃ ھذا
حدیث حسن غریب من ھذا الوجہ **حدثنا** محمد بن اسمعیل نا محمد بن کثیر انا اسرائیل انا عثمان بن المغیرۃ
عن سالم بن ابی الجعد عن جابر بن عبد اللہ قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قد یعرض نفسہ بالموقف
فقال الا رجل یحملنی الی قومہ فان قریشا قد منعونی ان ابلغ کلام ربی ھذا حدیث حسن صحیح غریب **باب**
حدثنا محمد بن اسمعیل نا شھاب بن عباد العبدی نا محمد بن الحسن بن ابی یزید الھمدانی عن عمرو بن قیس عن
عطیۃ عن ابی سعید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول الرب تبارک وتعالی من شغلہ القرآن عن
ذکری ومسألتی اعطیتہ افضل ما اعطی السائلین وفضل کلام اللہ علی سائر الکلام کفضل اللہ علی خلقہ ھذا
حدیث حسن غریب **ابواب** القراءات عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم **حدثنا**
علی بن حجر نا یحیی بن سعید الاموی عن ابن جریج عن ابن ابی ملیکۃ عن ام سلمۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم یقطع قرأتہ یقرأ الحمد للہ رب العٰلمین ثم یقف الرحمٰن الرحیم ثم یقف وکان یقرأھا ملک یوم الدین ھذا حدیث
غریب وبہ یقرأ ابو عبید ویختارہ ھکذا روی یحیی بن سعید الاموی وغیرہ عن ابن جریج عن ابن ابی ملیکۃ عن
ام سلمۃ ولیس اسنادہ بمتصل لان اللیث بن سعد روی ھذا الحدیث عن ابن ابی ملیکۃ عن یعلی بن مملک عن
ام سلمۃ انھا وصفت قرأۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم حرفا حرفا وحدیث اللیث اصح ولیس فی حدیث اللیث
وکان یقرء ملک یوم الدین **حدثنا** ابوبکر محمد بن ابان نا ایوب بن سوید الرملی عن یونس بن یزید عن الزھری

کہا حضرت عائشہ نے ہر ایک طرح کرتے تھے کبھی غسل کر کے سوتے اور کبھی صرف وضو کر کے سو رہتے میں نے کہا سب حمد
واسطے اللہ کے کہ جسنے دین میں فراخی کی ہے یہ حدیث اس وجہ سے حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمٰعیل نے کہا حدیث
کی ہمسے محمد بن کثیر نے کہا خبر دی ہمکو اسرائیل نے کہا خبر دی ہمکو عثمان بن مغیرہ نے سالم بن ابی الجعد سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے
کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم اپنے نفس کو موقف (یہ جگہ ہے مکہ معظمہ میں جہاں آدمی حج میں کھڑے ہوتے ہیں) میں پیش کرتے تھے
اور فرماتے تھے آیا کوئی آدمی ہے کہ مجھے اپنی قوم کی طرف لیجاے کیونکہ قریش نے مجھے اللہ تعالی کا کلام پہونچانے سے روک دیا ہے یہ حدیث
حسن صحیح غریب ہے **باب حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمٰعیل نے کہا حدیث کی ہمسے شہاب بن عباد عبدی نے کہا حدیث کی ہمسے
محمد بن حسن بن ابی یزید ہمدانی نے عمرو بن قیس سے اُسنے عطیہ سے اُسنے ابی سعید سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ
فرماتا ہے رب تبارک وتعالی جس شخص کو قرآن مجید میرے ذکر اور سوال سے مشغول رکھے دیتا ہوں میں اسکو زیادہ اس سے کہ دیتا ہوں سوال
کرنے والونکو اور فضیلت کلام الٰہی کی تمام کلاموں پر مثل فضیلت اللہ کے ہے اپنی پیدائش پر یہ حدیث حسن غریب ہے **ابواب** قراءتوں کے
بیان میں جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے
یحیی بن سعید اموی نے ابن جریج سے اُسنے ابن ملیکہ سے اُسنے ام سلمہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنی قرأت کو
علیحدہ علیحدہ کرتے تھے پڑھتے تھے الحمد للہ رب العالمین پھر ٹھہر جاتے الرحمٰن الرحیم پھر ٹھہر جاتے۔ اور پڑھتے تھے ملک
یوم الدین۔ یہ حدیث غریب ہے اور ساتھ اسی کے پڑھتا تھا ابو عبید اور اسیکو اختیار کرتا تھا۔ اور ایسا ہی روایت کیا ہے
یحیی بن سعید اموی وغیرہ نے ابن جریج سے اُسنے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے ام سلمہ سے اور اسکی اسناد متصل نہیں[1] کیونکہ لیث
بن سعد نے یہ حدیث روایت کی ہے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے یعلی بن مملک سے اُسنے ام سلمہ سے یہ کہ اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم
کی قرأت کی صفت کی کہ وہ ایک ایک حرف تھی۔ اور حدیث لیث کی صحیح ہے اور حدیث لیث میں یہ الفاظ نہیں کہ پڑھتے تھے ملک یوم الدین
حدیث کی ہمسے ابوبکر یعنے محمد بن ابان نے کہا حدیث کی ہمسے ایوب بن سوید رملی نے یونس بن یزید سے اُسنے زہری سے

[1] متصل نہیں کیونکہ یہ روایت لیث کی جو ام سلمہ سے روایت ہے وہ بواسطہ دو آدمی کے ہے یعنے ابن ابی ملیکہ اور یعلی بن مملک کے اور یہ روایت جو مذکور ہوئی ہے
اسمیں درمیان ابن ابی ملیکہ اور ام سلمہ کے کوئی راوی نہیں ہے۱۲

آية خير من الف آية هذا حديث حسن غريب **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو احمد الزبيري نا خالد بن طهمان ابو العلاء الخفاف ثني نافع بن ابي نافع عن معقل بن يسار عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من قال حين يصبح ثلاث مرات اعوذ بالله السميع العليم من الشيطان الرجيم وقرأ ثلاث آيات من آخر سورة الحشر وكل الله به سبعين الف ملك يصلون عليه حتى يمسي وان مات في ذلك اليوم مات شهيدا ومن قالها حين يمسي كان بتلك المنزلة هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه **باب** ما جاء كيف كانت قراءة النبي صلى الله عليه وسلم **حدثنا** قتيبة نا الليث عن عبد الله بن ابي مليكة عن يعلى بن مملك انه سال ام سلمة زوج النبي صلى الله عليه وسلم عن قراءة النبي صلى الله عليه وسلم وصلاته فقالت وما لكم وصلوته وكان يصلي ثم ينام قدر ما صلى ثم يصلي قدر ما نام ثم ينام قدر ما صلى حتى يصبح ثم نعتت قرأته فاذا هي تنعت قرأة مفسرة حرفا حرفا هذا حديث حسن صحيح غريب لا نعرفه الا من حديث ليث بن سعد عن ابن ابي مليكة عن يعلى بن مملك عن ام سلمة وقد روى ابن جريج هذا الحديث عن ابن ابي مليكة عن ام سلمة ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يقطع قرأته وحديث الليث اصح **حدثنا** قتيبة نا الليث عن معوية بن صالح عن عبد الله بن ابي قيس قال سالت عائشة عن وتر رسول الله صلى الله عليه وسلم كيف كان يوتر من اول الليل ام من آخره فقالت كل ذلك قد كان يصنع ربما اوتر من اول الليل وربما اوتر من آخره قلت الحمد لله الذي جعل في الامر سعة فقلت كيف كان قرأته اكان يسر بالقرأة ام يجهر قالت كل ذلك كان يفعل قد كان ربما اسر وربما جهر قال فقلت الحمد لله الذي جعل في الامر سعة قال قلت فكيف كان يصنع في الجنابة اكان يغتسل قبل ان ينام ام ينام قبل ان يغتسل

ایک آیت ہی کہ وہ بہتر ہی ہزار آیت سے یہ حدیث حسن غریب ہے **باب** **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد زبیری نے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن طہمان یعنے ابو العلاء خفاف نے کہا حدیث کی مجھے نافع بن ابی نافع نے معقل بن یسار سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جو کوئی صبح کے وقت تین بار یہ کہے اعوذ باللہ الخ یعنے میں پناہ مانگتا ہون ساتھ اللہ سننے والے جاننے والے کے شیطان مردود سے اور تین آیتیں آخر سورہ حشر سے پڑھے تو اللہ تعالی اسکے ساتھ ستر ہزار فرشتے مؤکل کر دیتا ہے کہ شام تک اسپر رحمت بھیجتے رہتے ہین اور اگر وہ اسدن مین مرا تو شہید ہو کر مریگا اور جو کوئی اسکو شام کے وقت کہے وہ بھی اسی مرتبہ پر ہوگا یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے **باب** اس بیان مین کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی قرارت کسطرح تھی **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے عبداللہ بن عبیداللہ بن ابی ملیکہ سے اُسنے یعلی بن مملک سے یہ کہ اُسنے حضرت ام سلمہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی بیوی سے آنحضرت کی قرارت اور نماز کی بابت سوال کیا سو کہا اُسنے کیا ہے تمکو اور نماز اسکی کو نماز پڑھتے پھر سو رہتے جسقدر کہ نماز پڑھی تھی پھر نماز پڑھتے اسقدر کہ سوئے پھر سوتے اسقدر کہ نماز پڑھتے یہانتک کہ صبح ہوتی۔ پھر حضرت ام سلمہ نے آنحضرت کی قرارت کی صفت بیان کی تو انھون نے بیان کیا کہ قرارت اُنکی تفسیر وار حرف حرف تھی یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق لیث بن سعد سے جو رادی ہے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے روایت کی یعلی بن مملک سے اُسنے ام سلمہ سے۔ اور روایت کیا ہے ابن جریج نے اس حدیث کو ابن ابی ملیکہ سے اُسنے ام سلمہ سے یہ کہ نبی صلعم اپنی قرارت کو ٹکڑے ٹکڑے کرتے تھے۔ اور حدیث لیث کی بہت صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے معاویہ بن صالح سے اُسنے عبداللہ بن ابی قیس سے کہا اُسنے مین نے حضرت عائشہ سے رسول اللہ صلعم کے وترون کی بابت سوال کیا کہ کسطرح وتر پڑھتے تھے کیا اول رات مین یا آخر رات مین تو حضرت عائشہ نے جواب دیا کہ ان دونوں وقتوں مین سے ہر ایک وقت میں پڑھتے تھے کبھی پہلی رات مین وتر پڑھتے تھے کبھی آخر رات مین مین نے کہا سب حمد ہے واسطے اللہ کے کہ جسنے دین مین فراخی کی ہے پھر مین نے کہا اُنکی قرارت کا کیا حال تھا کیا آہستہ قرارت پڑھتے تھے یا اونچی کہا اُسنے ہر ایک طرح پڑھتے تھے کبھی آہستہ پڑھتے تھے کبھی اونچی کہا اُسنے مین نے کہا سب حمد ہے واسطے اللہ کے کہ جسنے دین مین فراخی کی ہے کہا اُسنے مین نے کہا آنحضرت جنابت مین کسطرح کرتے تھے کیا سونے سے پہلے غسل کرتے تھے یا غسل کرنے سے پہلے سو رہتے تھے

کلا الحدیثین عندی واحد وقد روی شھر بن حوشب غیر حدیث عن ام سلمۃ الانصاریۃ وھی اسماء بنت یزید وقد روی عن عائشۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحو ھذا **حدثنا** ابوبکر بن نافع البصری نا امیۃ بن خالد نا ابو الجاریۃ العبدی عن شعبۃ عن ابی اسحٰق عن سعید بن جبیر عن ابن عباس عن ابی بن کعب عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قرأ قد بلغت من لدنی عذرا مثقلۃ ھذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من ھذا الوجہ وامیۃ بن خالد ثقۃ وابو الجاریۃ العبدی شیخ مجھول ولا نعرف اسمہ **حدثنا** یحیی بن موسی نا معلی بن منصور عن محمد بن دینار عن سعد بن اوس عن مصدع ابی یحیی عن ابن عباس عن ابی بن کعب ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قرأ فی عین حمئۃ ھذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من ھذا الوجہ والصحیح ما روی عن ابن عباس قرأتہ ویروی ان ابن عباس وعمرو بن العاص اختلفا فی قرأۃ ھذہ الآیۃ وارتفعا الی کعب الاحبار فی ذلک فلو کانت عندہ روایۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم لاستغنی بروایتہ ولم یحتج الی کعب **حدثنا** نصر بن علی الجھضمی نا المعتمر بن سلیمان عن ابیہ عن سلیمان الاعمش عن عطیۃ عن ابی سعید قال لما کان یوم بدر ظھرت الروم علی فارس فاعجب ذلک المؤمنین فنزلت الٓمّٓ غلبت الروم الی قولہ یفرح المؤمنون قال ففرح المؤمنون بظھور الروم علی فارس ھذا حدیث حسن غریب من ھذا الوجہ ویقرأ غلبت وغلبت یقول کانت غلبت ثم غلبت ھکذا قرأ نصر بن علی غلبت **حدثنا** محمد بن حمید الرازی نا نعیم بن میسرۃ النحوی عن فضیل بن مرزوق عن عطیۃ العوفی عن ابن عمر انہ قرأ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم خلقکم من ضعف فقال من ضعف **حدثنا** عبد بن حمید نا یزید بن ھارون عن فضیل بن مرزوق نحوہ ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث فضیل بن مرزوق **حدثنا** محمود بن غیلان نا احمد بن الزبیری نا سفیان عن ابی اسحٰق عن الاسود

یہ دونوں حدیثیں میرے نزدیک ایک ہی ہیں۔ اور شہر بن حوشب نے سوائے اس حدیث کے اور حدیث ام سلمہ انصاریہ سے روایت کی ہے اور یہ اسماء بنت یزید ہیں اور مروی ہے بواسطہ عائشہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ **حدیث** کی ہمسے ابوبکر بن نافع بصری نے کہا حدیث کی ہمسے امیہ بن خالد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الجاریہ عبدی نے شعبہ سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے ابی بن کعب سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ پڑھا آپ نے قد بلغت من لدنی عذرا یعنے بضم دال مثقلہ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے۔ اور امیہ بن خالد ثقہ ہیں۔ اور ابو الجاریہ عبدی ہیں شیخ مجہول ہیں اور ہم اسکے نام کو نہیں جانتے۔ **حدیث** کی ہمسے یحیی بن موسیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے معلی بن منصور نے محمد بن دینار سے اُسنے سعد بن اوس سے اُسنے مصدع ابی یحیی سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے ابی بن کعب سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پڑھا فی عین حمئۃ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے اور صحیح وہی ہے جو ابن عباس سے اُنکی قرأت مروی ہے اور مروی ہے کہ ابن عباس اور عمرو بن العاص نے اس آیت کی قرأت میں اختلاف کیا ہے اور اس جھگڑے میں کعب الاحبار کی طرف گئے۔ پس اگر اُسکے پاس کوئی روایت نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے ہوتی تو اپنی روایت کے ساتھ مستغنی ہوتا اور کعب کی طرف حاجت نہ پڑتی **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی جہضمی نے کہا حدیث کی ہمسے معتمر بن سلیمان نے اپنے باپ سے اُسنے سلیمان اعمش سے اُسنے عطیہ سے اُسنے ابی سعید سے کہا اُسنے جب بدر کا دن ہوا تو روم نے فارس پر غلبہ پایا تو اس بات نے مومنوں کو تعجب میں ڈالا پس یہ آیت نازل ہوئی الٓمّٓ غلبت الروم الی قولہ یفرح المؤمنون کہا راوی نے پس مومن بسبب غالب ہونے روم کے فارس پر بہت خوش ہوئے یہ حدیث اس وجہ سے حسن غریب ہے اور پڑھا جاتا ہے غلبت بالفتح وغلبت بالضم کہتا ہے پہلے تو روم مغلوب ہوا پھر غالب ہوا ایسا ہی پڑھا ہے نصر بن علی نے یعنے غلبت بالفتح **حدیث** کی ہمسے محمد بن حمید رازی نے کہا حدیث کی ہمسے نعیم بن میسرہ نحوی نے فضیل بن مرزوق سے اُسنے عطیہ عوفی سے اُسنے ابن عمر سے یہ کہ پڑھا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر خلقکم من ضعف یعنے بفتح ضاد سو فرمایا آپنے ضعف بضم ضاد **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے فضیل بن مرزوق سے مثل اسکے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق فضیل بن مرزوق سے۔ **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے احمد زبیری نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے اسود

عن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم وابابکر وعمر واراہ قال وعثمان کانوا یقرؤن مالک یوم الدین ھذا حدیث غریب لا نعرفہ من حدیث الزھری عن انس بن مالک الا من حدیث ھذا الشیخ ایوب بن سوید الرملی و قد روی بعض اصحاب الزھری ھذا الحدیث عن الزھری ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم وابابکر وعمر کانوا یقرؤن مالک یوم الدین وروی عبد الرزاق عن معمر عن الزھری عن سعید بن المسیب ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم وابابکر وعمر کانوا یقرؤن مالک یوم الدین **حدثنا** ابوکریب نا ابن المبارک عن یونس بن یزید عن ابی علی بن یزید عن الزھری عن انس بن مالک ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قرأ ان النفس بالنفس والعین بالعین قال سوید بن نصر نا ابن المبارک عن یونس بن یزید بھذا الاسناد نحوہ **حدثنا** سوید بن نصر نا ابن المبارک عن یونس بن یزید بھذا الاسناد نحوہ وابو علی بن یزید ھو اخو یونس بن یزید وھذا حدیث حسن غریب قال محمد تفرد ابن المبارک بھذا الحدیث عن یونس بن یزید وھکذا قرأ ابو عبید والعین بالعین اتباعا لھذا الحدیث **حدثنا** ابوکریب نا رشدین بن سعد عن عبد الرحمن بن زیاد بن انعم عن عتبۃ بن حمید عن عبادۃ بن نسی عن عبد الرحمن بن غنم عن معاذ بن جبل ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قرأ ھل تستطیع ربک ھذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من حدیث رشدین بن سعد ولیس اسنادہ بالقوی ورشدین بن سعد وعبد الرحمن بن زیاد بن انعم الافریقی یضعفان فی الحدیث **حدثنا** حسین بن محمد البصری نا عبد اللہ بن حفص نا ثابت البنانی عن شھر بن حوشب عن ام سلمۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یقرءھا انہ عمل غیر صالح ھذا حدیث قد رواہ غیر واحد عن ثابت البنانی نحو ھذا وھو حدیث ثابت البنانی وقد روی ھذا الحدیث ایضا عن شھر بن حوشب عن اسماء بنت یزید وسمعت عبد بن حمید یقول اسماء بنت یزید ھی ام سلمۃ الانصاریۃ

انس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور ابابکر اور عمر (راوی کہتا ہے) اور میں گمان کرتا ہوں کہ کہا ہو اور عثمان پڑھتے تھے مالک یوم الدین۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو طریق زہری سے جو راوی ہے انس بن مالک سے مگر طریق اسی شیخ سے جو ایوب بن سوید رملی ہے۔ اور بعض اصحاب زہری نے یہ حدیث زہری سے اسطرح روایت کی ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور ابابکر اور عمر رضی اللہ عنہما پڑھتے تھے مالک یوم الدین۔ اور روایت کی عبد الرزاق نے معمر سے اسنے زہری سے اسنے سعید بن مسیب سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابابکر اور عمر رضی اللہ عنہما پڑھتے تھے مالک یوم الدین **حدیث** کی ہمسے ابوکریب نے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے یونس بن یزید سے اسنے ابی علی بن یزید سے اسنے زہری سے اسنے انس بن مالک سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پڑھا ان النفس بالنفس والعین بالعین۔ کہا سوید بن نصر نے خبر دی ہمکو ابن مبارک نے یونس بن یزید سے ساتھ اسی اسناد کے مثل اسکے **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے یونس بن یزید سے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے۔ اور ابو علی بن یزید وہ بھائی یونس بن یزید کا ہے۔ اور یہ حدیث حسن غریب ہے۔ کہا محمد نے متفرد ہوا ہے ابن مبارک ساتھ اس حدیث کے یونس بن یزید سے۔ اور ایسا ہی پڑھا ہے ابو عبیدہ نے والعین بالعین واسطے اتباع اس حدیث کے **حدیث** کی ہمسے ابوکریب نے کہا حدیث کی ہمسے رشدین بن سعد نے اسنے عبد الرحمن بن زیاد بن انعم سے اسنے عتبہ بن حمید سے اسنے عبادہ بن نسی سے اسنے عبد الرحمن بن غنم سے اسنے معاذ بن جبل سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پڑھا ہل تستطیع ربک یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق رشدین بن سعد سے۔ اور اسکی اسناد قوی نہیں۔ اور رشدین بن سعد اور عبد الرحمن بن زیاد بن انعم افریقی دونوں حدیث میں ضعیف ہیں **حدیث** کی ہمسے حسین بن محمد بصری نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن حفص نے کہا حدیث کی ہمسے ثابت بنانی نے شہر بن حوشب سے اسنے ام سلمہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم اس آیت کو یوں پڑھتے تھے انہ عمل غیر صالح۔ اس حدیث کو کئی ایک لوگوں نے ثابت بنانی سے مثل اسکے روایت کیا ہے۔ اور یہ حدیث ثابت بنانی کی ہے اور مروی ہے یہ حدیث بھی بواسطہ شہر بن حوشب کے اسماء بنت یزید سے اور سنا میں نے عبد بن حمید سے کہ کہتا اسماء بنت یزید ہی ام سلمہ انصاریہ ہے

محمود بن غیلان نا ابوداؤد انبانا شعبة عن منصور قال سمعت اباوائل عن عبد الله عن النبی صلی الله علیه وسلم قال بئسما لاحدهم اولاحدکم ان یقول نسیت اٰیة کیت وکیت بل هو نسی فاستذکروا القراٰن فوالذی نفسی بیدہ لهو اشد تفصیا من صدور الرجال من النعم من عقله هٰذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء ان القراٰن انزل علی سبعة احرف **حدثنا** احمد بن منیع نا الحسن بن موسی نا شیبان عن عاصم عن زر بن حبیش عن ابی بن کعب قال لقی رسول الله صلی الله علیه وسلم جبرئیل فقال یا جبرائیل انی بعثت الی امة امیین منهم العجوز والشیخ الکبیر والغلام والجاریة والرجل الذی لم یقرأ کتابا قط قال یا محمد ان القراٰن انزل علی سبعة احرف وفی الباب عن عمر وحذیفة بن الیمان وابی هریرة وام ایوب وهی امرأة ابی ایوب الانصاری وسمرة وابن عباس وابی جهیم بن الحارث بن الصمة هٰذا حدیث حسن صحیح قد روی عن ابی بن کعب من غیر وجه **حدثنا** الحسن بن علی الخلال وغیر واحد قالوا نا عبد الرزاق انا معمر عن الزهری عن عروة بن الزبیر عن المسور بن مخرمة وعبد الرحمٰن بن عبد القاری اخبراه انهما سمعا عمر بن الخطاب یقول مررت بهشام بن حکیم بن حزام وهو یقرأ سورة الفرقان فی حیاة رسول الله صلی الله علیه وسلم فاستمعت قراءته فاذا هو یقرأ علی حروف کثیرة لم یقرئنیها رسول الله صلی الله علیه وسلم فکدت اساورہ فی الصلوٰة فنظرت حتی سلم فلما سلم لببته بردائه فقلت من اقرأک هٰذہ السورة التی سمعتک تقرؤها فقال اقرأنیها رسول الله صلی الله علیه وسلم قلت له.

وقال ربکم ادعونی استجب لکم قال الدعاء هو العبادة وقرأ وقال ربکم ادعونی استجب لکم الی قوله داخرین هٰذا حدیث حسن صحیح حدثنا احمد بن منیع نا هشیم انا حصین عن الشعبی نا عدی بن حاتم قال لما نزلت حتی یتبین لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود من الفجر قال لی النبی صلی الله علیه وسلم انما ذلك بیاض النهار من سواد اللیل هٰذا حدیث حسن صحیح حدثنا احمد بن منیع نا هشیم نا مجالد عن الشعبی عن عدی بن حاتم عن النبی صلی الله علیه وسلم مثل ذلك حدثنا ابن ابی عمر نا سفیان عن مجالد عن الشعبی عن عدی بن حاتم قال سألت رسول الله صلی الله علیه وسلم عن الصوم فقال حتی یتبین لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود قال فاخذت عقالین احدهما ابیض والاخر اسود فجعلت انظر الیهما فقال لی رسول الله صلی الله علیه وسلم شیئا لم یحفظه سفیان فقال انما هو اللیل والنهار هٰذا حدیث حسن صحیح حدثنا عبد بن حمید نا الضحاك بن مخلد ابو عاصم النبیل عن حیوة بن شریح عن یزید بن ابی حبیب عن اسلم ابی عمران قال کنا بمدینة الروم فاخرجوا الینا صفا عظیما من الروم فخرج الیهم من المسلمین مثلهم او اکثر وعلی اهل مصر عقبة بن عامر وعلی الجماعة فضالة بن عبید فحمل رجل من المسلمین علی صف الروم حتی دخل علیهم فصاح الناس وقالوا سبحان الله یلقی بیده الی التهلکة فقام ابو ایوب الانصاری فقال یا ایها الناس انکم لتأولون هٰذه الایة هٰذا التاویل وانما نزلت هٰذه الایة فینا معشر الانصار لما اعز الله الاسلام وکثر ناصروه فقال بعضنا لبعض سرا دون رسول الله صلی الله علیه وسلم ان اموالنا قد ضاعت وان الله قد اعز الاسلام وکثر ناصروه فلو اقمنا فی اموالنا فاصلحنا ما ضاع منها فانزل الله تبارك وتعالی علی نبیه صلی الله علیه وسلم یرد علینا ما قلنا وانفقوا فی سبیل الله ولا تلقوا بایدیکم الی التهلکة فکانت التهلکة الاقامة علی الاموال

ادعونی استجب لکم فرمایا آپ نے دعا یہ عبادت ہے اور پڑھی آپ نے یہ آیت اور فرمایا ہے تمھارے رب نے ادعونی استجب لکم الی قوله داخرین یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے کہا خبر دی ہمکو حصین نے شعبی سے اُسنے عدی بن حاتم سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے مجالد سے اُسنے شعبی سے اُسنے عدی بن حاتم سے کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے روزے کی بابت سوال کیا پس فرمایا آپ نے یہانتک کہ ظاہر ہو واسطے تمھارے تاگا سفید تاگے کالے سے کہا عدی نے سو میں نے دو تاگے بنائے ایک ان دونوں سے سفید تھا اور دوسرا سیاہ پس میں انکی طرف دیکھا کرتا تھا سو مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کچھ بات کہی سفیان کو وہ[1] یاد نہیں رہی پھر فرمایا آپ نے وہ رات اور دن ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے ضحاک بن مخلد یعنے ابو عاصم نبیل نے حیوہ بن شریح سے اُسنے یزید بن ابی حبیب سے اُسنے اسلم ابی عمران سے کہا اُسنے ہم شہر روم میں تھے تو انھوں نے روم سے ہماری طرف ایک بڑی صف نکالی پس انکی طرف مسلمان بھی انکے برابر یا اُنسے زیادہ نکلے اور شہر والوں پر عقبہ بن عامر حاکم تھا اور ایک جماعت پر فضالہ بن عبید پس ایک مرد نے مسلمانوں سے روم کی صف پر حملہ کیا تاکہ انمیں داخل ہو سو لوگوں نے واویلا کی اور کہا سبحان اللہ یہ اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالتا ہے پس ابو ایوب انصاری کھڑا ہوا اور کہنے لگا اے لوگو تم البتہ اس آیت کی یہ تاویل کرتے ہو اور یہ آیت تو ہم میں یعنے گروہ انصار کے حق میں نازل ہوئی ہے جبکہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کو عزت دی اور اسکے مددگار بہت ہوگئے سو بعض نے ہم میں سے بعض سے پوشیدہ کہا سوائے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ ہمارے مال ضائع ہوگئے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اسلام کو عزت دیدی ہے اور اسکے مددگار بہت ہوگئے ہیں سو اگر ہم اپنے مالوں میں ٹھہریں اور جو کچھ کہ اُنسے ضائع ہوگیا ہے اسکی صلاحیت کریں (تو بہتر ہو) پس اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل فرمائی جس سے اللہ تعالیٰ نے ہماری گفتگو کا رد کیا وانفقوا فی سبیل اللہ الخ یعنے خرچ کرو اللہ تعالیٰ کی راہ میں اور اپنے ہاتھوں کو ہلاکت کی طرف نہ ڈالو سو ہلاکت یہ ہے کہ اپنے مالوں پر قائم رہنا

[1] شاید یہ ہے جو بخاری میں ہے کہ میں نے دو تاگے بنا کر اپنے سرہانے رکھدیے تھے جب مجھے انکی سفیدی اور سیاہی میں تمیز ہوجاتا تو میں کھانا چھوڑ دیتا حضرت نے فرمایا کہ تیرا سرہانا البتہ بڑا چوڑا ہے پھر فرمایا آپ نے مراد اس سے یہ نہیں بلکہ مراد اس سے دن اور رات ہے یعنے جب رات سے دن نکل آوے تو کھانا چھوڑ دو ۱۲

بن عبد اللہ بن سابط الجمحی المکی وحفصۃ ھی بنت عبد الرحمٰن بن ابی بکر الصدیق ویروی فی سمام واحد **حدثنا** عبد بن حمید نا الحسن بن موسی نا یعقوب بن عبد اللہ الاشعری عن جعفر بن ابی المغیرۃ عن سعید بن جبیر عن ابن عباس قال جاء عمر الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یارسول اللہ ھلکت قال وما اھلکک قال حولت رحلی اللیلۃ قال فلم یرد علیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شیئا قال فانزلت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ھٰذہ الآیۃ نساؤکم حرث لکم فأتوا حرثکم انی شئتم اقبل وادبر واتق الدبر والحیضۃ ھٰذا حدیث حسن غریب ویعقوب بن عبد اللہ الاشعری ھو یعقوب القمی **حدثنا** عبد بن حمید نا ھاشم بن القاسم عن المبارک بن فضالۃ عن الحسن عن معقل بن یسار انہ زوج اختہ رجلا من المسلمین علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فکانت عندہ ماکانت ثم طلقھا تطلیقۃ لم یراجعھا حتی انقضت العدۃ فھویھا وھویتہ ثم خطبھا مع الخطاب فقال لہ یالکع اکرمتک بھا وزوجتکھا فطلقتھا واللہ لاترجع الیک ابدا اخر ما علیک قال فعلم اللہ حاجتہ الیھا وحاجتھا الی بعلھا فانزل اللہ تبارک وتعالی واذا طلقتم النساء فبلغن اجلھن الی قولہ وانتم لاتعلمون فلما سمعھا معقل قال سمع لربی وطاعۃ ثم دعاہ فقال ازوجک واکرمک ھٰذا حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر وجہ عن الحسن وفی ھٰذا الحدیث دلالۃ علی انہ لایجوز النکاح بغیر ولی لان اخت معقل بن یسار کانت ثیبا فلو کان الامر الیھا دون ولیھا لزوجت نفسھا ولم تحتج الی ولیھا معقل بن یسار وانما خاطب اللہ فی ھذہ الآیۃ الاولیاء فقال فلا تعضلوھن ان ینکحن ازواجھن

ففی ھٰذہ الآیۃ دلالۃ علی ان الامر الی الاولیاء فی التزویج مع رضاھن

بن عبد اللہ بن سابط جمحی مکی ہے اور حفصہ وہ بیٹی عبد الرحمٰن بن ابی بکر صدیق کی ہے۔ اور مروی ہے فی سمام واحد یعنے سین مہملہ سے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے حسن بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے یعقوب بن عبد اللہ اشعری نے جعفر بن ابی مغیرہ سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے حضرت عمر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہنے لگے یارسول اللہ میں ہلاک ہوگیا ہوں فرمایا آپ نے کس چیز نے تجھے ہلاک کیا ہے کہا حضرت عمرؓ نے پھیرا میں نے سواری اپنی کو آج کی رات[1] کہا راوی نے سو اسکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کچھ جواب نہ دیا کہا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل ہوئی نساؤکم الخ عورتیں تمہاری کھیتی ہیں واسطے تمہارے سو آؤ اپنی کھیتیوں کو جسطرح کہ چاہو تم آگے سے جماع کرو یا پیچھے سے آگے کی طرف میں جماع کرو اور دبر اور حیض سے بچ۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور یعقوب بن عبد اللہ اشعری وہ یعقوب قمی ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے ہاشم بن قاسم نے مبارک بن فضالہ سے اُسنے حسن سے اُسنے معقل بن یسار سے یہ کہ اُسنے ایک مرد کو مسلمانوں سے اپنی بہن کا نکاح رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں کر دیا سو وہ عورت کچھ مدت اسکے پاس ٹھہری رہی پھر اُسنے اسکو طلاق دی اور رجوع بھی اس سے نہ کیا یہاں تک کہ عدت گذر گئی پھر اس مرد نے اسکی خواہش کی اور اس عورت نے اسکی۔ پھر اُسنے اور خطبہ کرنیوالوں کے ساتھ خطبہ[2] کیا پس کہا معقل نے ای بیوقوف میں نے تو تجھے پہلے ہی اسکے ساتھ اکرام کر دیا تھا اور اسکا تجھسے نکاح کر دیا تھا اور تو نے اسکو طلاق دیدی قسم ہے اللہ کی تیری طرف کبھی یہ رجوع نہیں کریگی آخر تیری زندگی تک کہا معقل نے پس معلوم کیا اللہ نے حاجت اس مرد کی جو اس عورت کی طرف تھی اور حاجت اس عورت کی جو اسکو خاوند کے ساتھ تھی تو اللہ تبارک وتعالے نے یہ آیت نازل فرمائی واذا طلقتم النساء فبلغن اجلھن الی قولہ وانتم لاتعلمون سو جب اس آیت کو معقل نے سنا تو کہا سنا میں نے واسطے رب اپنے کے اور فرمانبرداری کی پھر معقل نے اسکو بلایا اور کہا میں تجھے وہ نکاح کر دیتا ہوں اور بخشش کر دیتا ہوں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور کئی وجہ سے حسن مروی ہے اور اس حدیث میں دلالت ہے اسپر کہ نکاح بغیر ولی کے جائز نہیں کیونکہ بہن معقل بن یسار کی بیوہ تھی پس اگر اختیار اسکی طرف ہوتا سوائے اسکے ولی کے تو خود نکاح کر لیتی اور اپنے ولی معقل بن یسار کی محتاج نہ ہوتی۔ اور اللہ نے بھی اس آیت میں والیوں کی طرف ہی خطاب کیا ہے سو فرمایا کہ ان عورتوں کو اپنے خاوندوں کے ساتھ نکاح کرنے سے منع نہ کرو پس اس آیت میں دلالت ہے اسپر کہ نکاح میں اختیار والیوں کی طرف ہے مع انکی رضا کے

[1] غرض حضرت عمر کی اس سے یہ ہے کہ میں نے اپنی عورت کے ساتھ جماع پیچھے سے آگے کی طرف میں کیا ہے چونکہ مرد عورت پر جماع کے وقت گویا سوار ہوتا ہے اسلئے اسکو سواری سے تعبیر کیا اور چونکہ اسمر تبہ دوسری طرح سے جماع کیا اسلئے تعبیر پھیرنے سے کی ہے [2] خطبہ بکسر الخا اس پیغام کو بولتے ہیں جو نکاح کی منگنی کے لئے جاتا ہے اور الکع کی لفظ کے استعمال حماقت اور مذمت میں ہوتی ہے اور اکثر یہ لفظ مذمت میں مستعمل ہوتا ہے اور بخیل کے معنوں میں بھی مستعمل ہوتا ہے اور چھوٹے پر اطلاق اسکا ہوتا ہے اور کبھی مراد اس سے صغیر فی العلم والعقل ہوتی ہے اس شیخ نے لمعات میں فرمایا ہے کہ حجت حنفیہ کی یہ حدیث ہے الایم احق بنفسھا من ولیھا و قول تعالیٰ حتی تنکح زوجا غیرہ فلا تعضلوھن ان ینکحن ازواجھن

فقد ادرك الحج قال ابن ابی عمر قال سفیان بن عیینة وهذا اجود حدیث رواه الثوری هذا حدیث حسن صحیح ورواه شعبة عن بکیر بن عطاء ولا نعرفه الا من حدیث بکیر بن عطاء **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان عن ابن جریج عن ابن ابی ملیکة عن عائشة قالت قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ابغض الرجال الی الله الالد الخصم هذا حدیث حسن **حدثنا** عبد بن حمید ثنی سلیمان بن حرب نا حماد بن سلمة عن ثابت عن انس قال کانت الیهود اذا حاضت امرأة منهم لم یواکلوها ولم یشاربوها ولم یجامعوها فی البیوت فسئل النبی صلی الله علیه وسلم عن ذلك فانزل الله تبارك وتعالی ویسالونك عن المحیض قل هو اذی فامرهم رسول الله صلی الله علیه وسلم ان یواکلوهن ویشاربوهن وان یکونوا معهن فی البیوت وان یفعلوا کل شئ ما خلا النکاح فقالت الیهود ما یرید ان یدع من امرنا شیئا الا خالفنا فیه قال فجاء عباد بن بشیر واسید بن حضیر الی رسول الله صلی الله علیه وسلم فاخبراه بذلك وقالا یا رسول الله افلا ننکحهن فی المحیض فتمعر وجه رسول الله صلی الله علیه وسلم حتی ظننا انه قد غضب علیهما فقاما فاستقبلتهما هدیة من لبن فارسل النبی صلی الله علیه وسلم فی آثارهما فسقاهما فعلمنا انه لم یغضب علیهما هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن عبد الاعلی نا عبد الرحمن بن مهدی عن حماد بن سلمة نحوه بمعناه **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان عن ابن المنکدر سمع جابرا یقول کانت الیهود تقول من اتی امرأته فی قبلها من دبرها کان الولد احول فنزلت نساءکم حرث لکم فأتوا حرثکم انی شئتم هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدی نا سفیان عن ابن خثیم عن ابن سابط عن حفصة بنت عبد الرحمن عن ام سلمة عن النبی صلی الله علیه وسلم فی قوله نساؤکم حرث لکم فأتوا حرثکم انی شئتم یعنی صماما واحدا هذا حدیث حسن صحیح وابن خثیم هو عبد الله بن عثمان بن خثیم وابن سابط هو عبد الرحمن

تو اُسنے حج کو پالیا۔ کہا ابن ابی عمر نے کہا سفیان بن عیینہ نے نہایت اچھی حدیث ہے اُنسے کہ جسکو ثوری نے روایت کیا ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کیا شعبہ نے بکیر بن عطار سے ۔ اور نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث بکیر بن عطار سے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابن جریج سے اُسنے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بہت غضبناک اللہ کے نزدیک وہ ہے جو بہت جھگڑالو ہو۔ یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی مجھے سلیمان بن حرب نے کہا حدیث کی مجھے حماد بن سلمہ نے ثابت سے اُسنے انس سے کہا اُسنے یہود کا حال یہ تھا کہ جب کوئی عورت اُنمیں سے حائض ہوتی تو اسکے ساتھ نہ کھاتے اور نہ پیتے اور گھر وں میں اسکے ساتھ نہ بیٹھتے سو نبی صلعم اسکی بابت پوچھے گئے پس اللہ تبارک وتعالی نے یہ آیت نازل فرمائی۔ ویسالونک عن المحیض یعنے اور سوال کرتے ہیں تجھے حیض سے کہ وہ پلیدی ہے پس آنکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ عورتوں کے ساتھ کھائیں اور پیئیں اور انکے ساتھ گھروں میں رہیں اور یہ کہ انکے ساتھ ہر ایک چیز کریں سوائے جماع کے سو کہا یہود نے انکا یہی ارادہ ہے کہ ہمارے دین کی کوئی بات نہ چھوڑیں کہ اسمیں اسکی مخالفت نہ کریں کہا اُسنے سو عباد بن بشیر اور اسید بن حضیر دونو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور آپکو اسکی خبر دی اور کہا اُنھوں نے یا رسول اللہ کیا حیض میں انکے ساتھ جماع نہ کیا کریں سو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک متغیر ہو گیا یہانتک کہ ہمکو گمان ہوا کہ آپ اُن دونوں پر غصے ہو گئے ہیں پس وہ دونوں کھڑے ہو گئے پس پیش آیا ان دونوں کے ہدیہ دودھ سے سو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے انکے پیچھے بھیجا اور انکو پلایا پھر ہمکو معلوم ہوا کہ اُنپر غصے نہیں ہوے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد الاعلی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے حماد بن سلمہ سے مثل اسکے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابن منکدر سے سنا اُسنے جابر سے کہ کہتا کہ یہود کہتے تھے جو کوئی اپنی عورت کے پاس اسکی فرج میں اسکی دبر کی طرف سے آئے تو اولاد احول ہوتی ہے پس یہ آیت نازل ہوئی نساءکم حرث لکم یعنے عورتیں تمہاری کھیتی ہیں واسطے تمہارے سو آؤ تم اپنی کھیتی کو جسطرح چاہو یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابن خثیم سے اُسنے ابن سابط سے اُسنے حفصہ بنت عبد الرحمن سے اُسنے ام سلمہ سے اُسنے نبی صلعم سے اس آیت کی تفسیر میں نساءکم حرث لکم یعنے عورتیں تمہاری کھیتی ہیں واسطے تمہارے سو آؤ تم اپنی کھیتی کو جسطرح چاہو یعنے ایک راستہ میں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابن خثیم کا نام عبد اللہ بن عثمان بن خثیم ہے اور ابن سابط وہ عبد الرحمن

ولا تیمموا الخبیث منہ تنفقون قال نزلت فینا معشر الانصار کنا اصحاب نخل فکان الرجل یأتی من نخلہ علی قدر کثرتہ وقلتہ وکان الرجل یأتی بالقنو والقنوین فیعلقہ فی المسجد وکان اھل الصفۃ لیس لھم طعام فکان احدھم اذا جاء الی القنو فضربہ بعصاہ فیسقط البسر والتمر فیاکل وکان ناس ممن لا یرغب فی الخیر یأتی الرجل بالقنو فیہ الشیص والحشف وبالقنو قد انکسر فیعلقہ فانزل اللہ تبارک وتعالی یا ایھا الذین اٰمنوا انفقوا من طیبات ما کسبتم ومما اخرجنا لکم من الارض ولا تیمموا الخبیث منہ تنفقون ولستم باٰخذیہ الا ان تغمضوا فیہ قال لو ان احدکم اھدی الیہ مثل ما اعطی لم یأخذہ الا علی اغماض وحیاء قال فکنا بعد ذلک یأتی احدنا بصالح ما عندہ ھذا حدیث حسن صحیح غریب وابو مالک ھو الغفاری ویقال اسمہ غزوان وقد روی الثوری عن السدی شیئا من ھذا **حدثنا** ھناد نا ابو الاحوص عن عطاء بن السائب عن مرۃ الھمدانی عن عبد اللہ بن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان للشیطان لمۃ بابن اٰدم وللملک لمۃ فاما لمۃ الشیطان فایعاد بالشر وتکذیب بالحق واما لمۃ الملک فایعاد بالخیر وتصدیق بالحق فمن وجد ذلک فلیعلم انہ من اللہ فلیحمد اللہ ومن وجد الاخری فلیتعوذ باللہ من الشیطان ثم قرأ الشیطان یعدکم الفقر ویامرکم بالفحشاء الاٰیۃ ھذا حدیث حسن غریب وھو حدیث ابی الاحوص لا نعرفہ مرفوعا الا من حدیث ابی الاحوص **حدثنا** عبد بن حمید نا ابو نعیم نا فضیل بن مرزوق عن عدی بن ثابت عن ابی حازم عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا ایھا الناس ان اللہ طیب ولا یقبل الا طیبا وان اللہ امر المؤمنین بما امر بہ المرسلین فقال یا ایھا الرسل کلوا من الطیبات واعملوا صالحا

کہا اُسنے یہ آیت ولا تیمموا الخبیث منہ تنفقون ہم گروہ انصار کے حق میں نازل ہوئی ہے ہم کھجوروں والے تھے سو ہر ایک آدمی اپنی کھجوروں سے موافق کثرت اور قلت کے لاتا تھا۔ اور کوئی آدمی ایک خوشہ یا دو خوشے لاتا اور اسکو مسجد میں لٹکاتا اور اہل صفہ کا یہ حال تھا کہ اُنکے پاس کھانا نہیں ہوتا تھا سو جب کوئی اُنہیں سے آتا تو خوشے کے پاس آکر اسکو عصا سے ایک ضرب لگاتا پس اس سے تر اور خشک کھجوریں گرتیں سو وہ کھاتا۔ اور بعض لوگ اُنہیں سے جو نیکی میں رغبت نہیں کرتے تھے وہ ایسے خوشے لاتے جنمیں کھجوریں ردی اور ناقص ہوتیں اور ایک ایسے خوشے جو ٹوٹے پھوٹے ہوتے اور انکو لٹکا جاتے پس اللہ تبارک وتعالی نے یہ آیت نازل فرمائی یا ایھا الذین اٰمنوا الخ ای ایمان والو خرچ کرو پاک اس چیز سے جو کماتے ہو تم اور اس چیز سے جو نکالا ہمنے واسطے تمہارے زمین سے اور نہ قصد کرو بری چیز کا اس سے جو خرچ کرتے ہو تم اور نہیں تم بلکہ لینوالے اسکو مگر یہ کہ چشم پوشی کرو تم اسمیں۔ فرمایا آپ نے اگر تم میں سے کسی طرف ایسا ہدیہ بھیجا جاوے جیسا کہ وہ خود دیتا ہو تو اسکو کبھی نہ لے مگر چشم پوشی سے یا حیا سے۔ کہا راوی نے پس بعد اسکے ہم میں سے ہر ایک اچھی کھجور لاتا جو اسکے پاس ہوتی۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ اور ابو مالک وہ غفاری ہے اور کہا گیا ہے کہ نام اسکا غزوان ہے اور روایت کی ہے ثوری نے سدی سے کچھ اس سے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے عطاء بن سائب سے اُسنے مرہ ہمدانی سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک واسطے شیطان کے قرب ہے ساتھ بیٹے آدم کے اور واسطے فرشتے کے بھی قرب ہے سو بہرحال قرب شیطان کا یہ ہے کہ وعدہ دیتا ہے ساتھ شرارت کے اور تکذیب حق کے اور بہرحال قرب فرشتے کا یہ ہے کہ وعدہ کرتا ہے ساتھ نیکی کے اور تصدیق حق کے سو جو کوئی یہ حالت پائے تو جان لے کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے پس چاہیے کہ اللہ تعالی کی حمد کرے اور جو کوئی دوسری حالت پائے تو چاہیے کہ پناہ مانگے ساتھ اللہ کے شیطان سے پھر آپ نے یہ آیت پڑھی الشیطان یعدکم الفقر الخ یعنے شیطان وعدہ کرتا ہے تمکو فقر کا اور امر کرتا ہے ساتھ بیحیائی کے الخ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور اس حدیث ابی الاحوص کو نہیں پہچانتے ہم اسکو مرفوع مگر حدیث ابی الاحوص سے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے ابو نعیم نے کہا حدیث کی ہمسے فضیل بن مرزوق نے عدی بن ثابت سے اُسنے ابی حازم سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ای لوگو اللہ تعالی پاک ہے نہیں قبول کرتا مگر پاک کو اور اللہ تعالی نے حکم دیا مومنوں کو ساتھ اس چیز کے جو حکم دیا ہے ساتھ اسکے پیغمبروں کو سو فرمایا ہے اللہ تعالی نے یا ایھا الرسل الخ ای رسولو کھاؤ پاک سے اور عمل کرو نیک

لمہ کے معنے قرب اور اصابت کے ہیں اور مراد اس جگہ یہ ہے کہ جو کچھ دل میں واقع ہو اگر شیطان کی جانب سے ہو تو اسکو وسوسہ بولتے ہیں اگر اللہ کی جانب سے ہو تو الہام کہتے ہیں شرارت سے مراد تمام برے کام مثلاً کفر اور فسق اور ظلم اور تکذیب حق کی یہ ہے کہ مثلاً توحید اور نبوت اور قیامت اور بہشت اور دوزخ وغیرہ کا انکار اور نیکی سے مراد تمام امور بھلائی کے ہیں مثلاً نماز روزہ وغیرہ اور تصدیق حق کی یہ ہے کہ کتب الٰہی اور اسکے رسولوں کو ماننا مطابقت

حدثنا قتيبة عن مالك بن انس ح وثنا الانصاری نا معن نا مالك عن زيد بن اسلم عن القعقاع بن حكيم عن ابی يونس مولی عائشة قال امرتنی عائشة ان اكتب لها مصحفا وقالت اذا بلغت هذه الآية فاذنی حافظوا علی الصلوات والصلوٰة الوسطی فلما بلغتها اذنتها فاملت علی حافظوا علی الصلوات والصلوٰة الوسطی وصلوٰة العصر وقوموا لله قانتين و قالت سمعتها من رسول الله صلی الله عليه وسلم وفی الباب عن حفصة هذا حديث حسن صحيح حدثنا حميد بن مسعدة نا يزيد بن زريع عن سعيد عن قتادة نا الحسن عن سمرة بن جندب ان نبی الله صلی الله عليه وسلم قال صلوٰة الوسطی صلوٰة العصر هذا حديث حسن صحيح حدثنا هناد نا عبدة عن سعيد بن ابی عروبة عن قتادة عن ابی حسان الاعرج عن عبيدة السلمانی ان عليا حدثه ان النبی صلی الله عليه وسلم قال يوم الاحزاب اللهم املأ قبورهم وبيوتهم نارا كما شغلونا عن صلوٰة الوسطی حتی غابت الشمس هذا حديث حسن صحيح وقد روی من غير وجه عن علی و ابو حسان الاعرج اسمه مسلم حدثنا محمود بن غيلان نا ابو النضر وابو داؤد عن محمد بن طلحة بن مصرف عن زبيد عن مرة عن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم صلوٰة الوسطی صلوٰة العصر وفی الباب عن زيد بن ثابت وابی هاشم بن عتبة وابی هريرة هذا حديث حسن صحيح حدثنا احمد بن منيع نا مروان بن معوية ويزيد بن هارون ومحمد بن عبيد عن اسمعيل بن ابی خالد عن الحارث بن شبيل عن ابی عمرو الشيبانی عن زيد بن ارقم قال كنا نتكلم علی عهد رسول الله صلی الله عليه وسلم فی الصلوٰة فنزلت وقوموا لله قانتين فامرنا بالسكوت حدثنا احمد بن منيع نا هشيم انا اسمعيل بن ابی خالد نحوه وزاد فيه ونهينا عن الكلام هذا حديث حسن صحيح وابو عمرو الشيبانی اسمه سعد بن اياس حدثنا عبد الله بن عبد الرحمن انا عبيد الله بن موسی عن اسرائيل عن السدی عن ابی مالك عن البراء

حدیث کی ہمسے قتیبہ نے مالک بن انس سے ح اور حدیث کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے مالک سے اُسنے زید بن اسلم سے اُسنے قعقاع بن حکیم سے اُسنے ابی یونس سے جو غلام عائشہ کا ہے کہا اُسنے مجھے حضرت عائشہ نے اپنے لیے کلام اللہ لکھنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ جب تو اس آیت پر پہونچے تو مجھے خبر دے حافظوا علی الصلوات والصلوٰة الوسطی سو جب میں اس آیت پر پہونچا تو مجھے حضرت عائشہ نے اسطرح لکھوائی حافظوا علی الصلوات والصلوٰة الوسطی وصلوٰة العصر وقوموا لله قانتین اور فرمایا حضرت عائشہ نے سنا میں نے اسکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ اور اس باب میں روایت ہے حفصہ سے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ حدیث کی ہمسے حمید بن مسعدہ نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن زریع نے سعید سے اُسنے قتادہ سے کہا حدیث کی ہمسے حسن نے سمرہ بن جندب سے یہ کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نماز وسطی عصر کی نماز ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے سعید بن ابی عروبہ سے اُسنے قتادہ سے اُسنے ابی حسان اعرج سے اُسنے عبیدہ سلمانی سے یہ کہ حضرت علی نے حدیث کی ہے اسکو یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے احزاب کے دن فرمایا اے اللہ انکی قبروں اور گھرونکو آگ سے پُر کر جیسا کہ انھوں نے ہمکو نماز وسطی سے شغل میں ڈال رکھا ہے یہاں تک کہ آفتاب غروب ہوگیا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہ حدیث کئی وجہ سے حضرت علی سے مروی ہے اور ابو حسان اعرج کا نام مسلم ہے حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو النضر اور ابو داؤد نے محمد بن طلحہ بن مصرف سے اُسنے زبید سے اُسنے مرہ سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نماز وسطی عصر کی نماز ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے زید بن ثابت اور ابی ہاشم بن عتبہ اور ابی ہریرہ سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے مروان بن معاویہ اور یزید بن ہارون اور محمد بن عبید نے اسمعیل بن ابی خالد سے اُسنے حارث بن شبیل سے اُسنے ابی عمرو شیبانی سے اُسنے زید بن ارقم سے کہا اُسنے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں نماز میں کلام کر لیا کرتے تھے پس یہ آیت نازل ہوئی وقوموا لله قانتین یعنے اللہ تعالی کے واسطے چپ کرکے کھڑے ہو جیو سو ہمکو چپ کرنیکا حکم دیا گیا حدیث کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے کہا خبر دی ہمکو اسمعیل بن ابی خالد نے مثل اسکے اور زیادہ کیا اُسنے اسمیں یہ کہ ہم کلام کرنے سے منع کیے گئے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو عمرو شیبانی کا نام سعد بن ایاس ہے حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا خبر دی ہمکو عبید اللہ بن موسی نے اسرائیل سے اُسنے سدی سے اُسنے ابی مالک سے اُسنے براء سے

ان تبدوا ما فی انفسکم او تخفوہ یحاسبکم بہ اللہ دخل قلوبہم منہ شیء لم یدخل من شیء فقالوا للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال قولوا سمعنا واطعنا فالقی اللہ الایمان فی قلوبہم فانزل اللہ تبارک وتعالی امن الرسول بما انزل الیہ من ربہ والمؤمنون الآیۃ لا یکلف اللہ نفسا الا وسعہا لہا ما کسبت وعلیہا ما اکتسبت ربنا لا تؤاخذنا ان نسینا او اخطانا قال قد فعلت ربنا ولا تحمل علینا اصرا کما حملتہ علی الذین من قبلنا قال قد فعلت ربنا ولا تحملنا ما لا طاقۃ لنا بہ واعف عنا واغفر لنا وارحمنا ایت الآیۃ قال قد فعلت ہذا حدیث حسن صحیح وقد روی ہذا من غیر ہذا الوجہ عن ابن عباس وفی الباب عن ابی ہریرۃ وادم بن سلیمان یقال ہو والد یحیی **ومن سورۃ ال عمران** بسم اللہ الرحمن الرحیم **حدثنا** عبد بن حمید انا ابو الولید نا یزید بن ابراہیم نا ابن ابی ملیکۃ عن القاسم بن محمد عن عائشۃ قالت سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن ہذہ الآیۃ ہو الذی انزل علیک الکتاب منہ ایات محکمات الی اخر الآیۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رایتم الذین یتبعون ما تشابہ منہ فاولئک الذین سماہم اللہ فاحذروہم ہذا حدیث حسن صحیح وقد روی عن ایوب عن ابن ابی ملیکۃ ہذا الحدیث عن عائشۃ **حدثنا** محمد بن بشار نا ابو داؤد الطیالسی نا ابو عامر وہو الخزاز ویزید بن ابراہیم کلاہما عن ابن ابی ملیکۃ قال یزید عن ابن ابی ملیکۃ عن القاسم بن محمد عن عائشۃ ولم یذکر ابو عامر القاسم قال سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن قولہ فاما الذین فی قلوبہم زیغ فیتبعون ما تشابہ منہ ابتغاء الفتنۃ وابتغاء تاویلہ قال فاذا رأیتم فاعرفیہم وقال یزید فاذا رایتموہم فاعرفوہم قالہا مرتین او ثلثا ہذا حدیث حسن صحیح ہکذا روی غیر واحد ہذا الحدیث عن ابن ابی ملیکۃ عن عائشۃ

(ان تبدوا ما فی انفسکم الخ یعنے اگر ظاہر کرو تم جو کچھ تمہارے دلونمین ہے یا پوشیدہ کرو اسکو حساب لیویگا تمہارا ساتھ اسکے اللہ) تو ان لوگونکے دلونمین اس سے کچھ شئی داخل ہوئی جو کسی چیز سے داخل نہوئی ہوا ور پس کہا انھون نے واسطے نبی صلعم کے سو فرمایا آپنے کہو تم سنا ہمنے اور اطاعت کی پس اللہ تعالی نے انکے دلونمین ایمان ڈالدیا پھر اللہ تبارک وتعالی نے یہ آیت نازل فرمائی آمن الرسول الخ ایمان لایا رسول ساتھ اس چیز کے کہ اُتاری گئی طرف اسکے رب اسکے سے اور مومن الآیۃ نہین تکلیف دیتا اللہ کسی نفس کو مگر طاقت اسکی پر واسطے اسکے ہے جو کمایا اُسنے اور اوپر اسکے ہے جو کمایا اُسنے ای رب ہمارے نہ پکڑ ہمکو اگر بھول گئے ہم یا خطا کی ہمنے۔ فرمایا اللہ تعالی نے مین نے اسیطرح کیا ہے ای رب ہمارے اور مت رکھ اوپر ہمارے بوجھ جیساکہ رکھا تونے اسکو اوپر ان لوگون کے جو پہلے سے تھے۔ فرمایا اللہ نے اسیطرح کیا ہے ای رب ہمارے اور مت اُٹھوا ہمسے وہ چیز کہ نہین طاقت واسطے ہمارے ساتھ اسکے اور معاف کر ہمسے اور بخش ہمکو اور رحم کر ہمکو تو ہی دوستدار ہمارا پس مدد دے ہمکو اوپر قوم کافرون کے۔ فرمایا اللہ نے مین نے اسیطرح کیا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہ حدیث غیر اس وجہ سے بھی ابن عباس سے مروی ہے۔ اور اس باب مین روایت ہے ابی ہریرہ اور آدم بن سلیمان سے کہا گیا ہے کہ وہ بیٹا یحیی کا ہے تفسیر بعض سورۂ آل عمران کی بسم اللہ الرحمن الرحیم **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا خبر دی ہمکو ابو الولید نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ابراہیم نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی ملیکہ نے قاسم بن محمد سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اس آیت کی بابت سوال کیے گئے ہو الذی انزل علیک الکتاب الخ یعنے وہی ہے جسنے اتاری اوپر تیرے کتاب بعضی اسکی آیتین محکم ہین الخ پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب دیکھو تم ان لوگونکو جو تابعداری کرتے ہین ان آیات کی جو متشابہ ہین اس سے پس یہ وہ لوگ ہین جنکا نام اللہ نے لیا ہے سو اُنسے خوف کرو یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کی گئی ہے یہ حدیث ایوب سے اُسنے روایت کی ابن ابی ملیکہ سے اُسنے عائشہ سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد طیالسی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر نے جو خزاز ہے اور یزید بن ابراہیم نے ان دونون نے ابن ابی ملیکہ سے کہا یزید نے یہ روایت ہے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے روایت کی قاسم بن محمد سے اُسنے عائشہ سے اور ابو عامر نے قاسم کا ذکر نہین کیا کہا حضرت عائشہ نے مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی بابت سوال کیا فاما الذین فی قلوبہم زیغ یعنے پس آنکہ وہ لوگ کہ بیچ دلون انکے کے کجی ہے پس پیروی کرتے ہین اس چیز کی کہ شبہ ڈالتے ہین اسمین سے واسطے چاہنے گمراہی کے اور واسطے چاہنے حقیقت اسکی کے فرمایا آپ نے سو جب تو انکو دیکھے تو انکو مشہور کر اور کہا یزید نے اور جب تم انکو دیکھو تو انکو مشہور کرو فرمایا آپ نے اس کلام کو دو بار یا تین بار یہ حدیث حسن صحیح ہے اسیطرح ہے یہ حدیث کئی ایک لوگون نے روایت کی ہے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے عائشہ سے

انی بما تعملون علیم وقال یاایها الذین امنوا کلوا من طیبات مارزقناکم قال وذکر الرجل یطیل السفر اشعث اغبر یمد یده الی السماء یارب یارب ومطعمه حرام ومشربه حرام وملبسه حرام وغذی بالحرام فانی یستجاب لذالک هٰذا حدیث حسن غریب وانما نعرفه من حدیث فضیل بن مرزوق وابو حازم هو الاشجعی اسمه سلمان مولی عزة الاشجعیة **حدثنا** عبد بن حمید نا عبید الله بن موسی عن اسرائیل عن السدی قال ثنی من سمع علیا یقول لما نزلت هٰذه الاٰیة ان تبدوا ما فی انفسکم او تخفوه یحاسبکم به الله فیغفر لمن یشاء ویعذب من یشاء الاٰیة اخزتنا قال قلنا یحدث احدنا نفسه فیحاسب به لا یدری ما یغفر منه وما لا یغفر منه فنزلت هٰذه الاٰیة بعدها فنسختها لا یکلف الله نفسا الا وسعها لها ما کسبت وعلیها ما اکتسبت **حدثنا** عبد بن حمید نا الحسن بن موسی وروح بن عبادة عن حماد بن سلمة عن علی بن زید عن امیة انها سالت عائشة عن قول الله تبارک وتعالی ان تبدوا ما فی انفسکم او تخفوه یحاسبکم به الله وعن قوله من یعمل سوء یجز به فقالت ماسالنی عنها احد منذ سالت رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال هٰذه معاتبة الله العبد بما یصیبه من الحمی والنکبة حتی البضاعة یضعها فی ید قمیصه فیفقدها فیفزع لها حتی ان العبد لیخرج من ذنوبه کما یخرج التبر الاحمر من الکیر هٰذا حدیث حسن غریب من حدیث عائشة لا نعرفه الا من حدیث حماد بن سلمة **حدثنا** محمود بن غیلان نا وکیع نا سفیان عن ادم بن سلیمان عن سعید بن جبیر عن ابن عباس قال لما نزلت هٰذه الاٰیة

میں اس چیز کو جو کرتے ہو تم جاننے والا ہوں اور فرمایا اللہ نے اے ایمان والو کھاؤ پاک اس چیز سے جو رزق دیا ہمنے تمکو. کہا راوی نے اور ذکر کیا آنحضرت نے ایک مرد کا جو لمبا کرتا ہے سفر کو (اللہ کی عبادت میں) اس حالت میں کہ پراگندہ بال ہے اور غبار آلودہ ہے دراز کرتا ہے اپنے ہاتھوں کو طرف آسمان کے اے رب میرے اے رب میرے حالانکہ کھانا اسکا حرام ہے اور پینا اسکا بھی حرام ہے اور پہننا اسکا بھی حرام ہے اور پرورش اسکی بھی حرام سے ہوئی ہے تو ایسے شخص کے لیے کسطرح دعا قبول ہو سکتی ہے. یہ حدیث حسن غریب ہے کیونکہ نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق فضیل بن مرزوق سے اور ابو حازم وہ اشجعی ہے نام اسکا سلمان ہے جو عزہ اشجعیہ کا غلام ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن موسی نے اسرائیل سے اُسنے سدی سے کہا حدیث کی مجھے اس شخص نے جو سنا اُسنے حضرت علی سے کہ کہتے جب یہ آیت نازل ہوئی (ان تبدوا ما فی انفسکم الخ اگر ظاہر کرو تم وہ چیز جو تمہارے دلوں میں ہے یا پوشیدہ کرو اسکو حساب لیویگا تمسے ساتھ اسکے اللہ پس بخشے گا جسکو چاہے اور عذاب کریگا جسکو چاہے) تو اُسنے ہمکو غم میں ڈالا کہا راوی نے کہا ہمنے ہر ایک ہم میں سے اپنے دل سے باتیں کرتا ہے پس حساب کیا گیا ساتھ اسکے نہیں جانتا کہ کیا اس سے بخشا جاویگا اور کیا نہ بخشا جاویگا پس بعد اسکے یہ آیت نازل ہوئی اور اسنے اسکو منسوخ کر دیا لا یکلف الله نفسا الخ یعنے نہیں تکلیف دیتا اللہ کسی جی کو مگر طاقت اسکی پر واسطے اسکے ہے جو کمایا اُسنے اور اوپر اسکے ہے جو کمایا اُسنے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے حسن بن موسی اور روح بن عبادہ نے حماد بن سلمہ سے اُسنے علی بن زید سے اُسنے امیہ سے یہ کہ اُسنے سوال کیا حضرت عائشہ سے اس آیت کی تفسیر سے ان تبدوا ما فی انفسکم او تخفوه یحاسبکم به الله اور اس آیت سے من یعمل سوء یجز به یعنے جو کوئی برا کام کریگا اسکا اسکو بدلہ دیا جاویگا پس فرمایا حضرت عائشہ نے مجھسے کسی نے سوال نہیں کیا اسوقت سے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا ہے پس فرمایا آنحضرت نے یہ مواخذہ ہے اللہ کا اپنے بندے کو ساتھ اس چیز کے کہ پہونچتی ہے اسکو بخار اور حوادث سے حتے کہ ٹکڑا مال کا کہ رکھتا ہے اسکو اپنے قمیص کے ہاتھ میں سو گم پاتا ہے اسکو پس بیقرار ہوتا ہے واسطے اسکے. تاکہ بندہ البتہ نکلتا ہے اپنے گناہوں سے جیسا کہ نکلتا ہے سونا سرخ بھٹی سے یہ حدیث حسن غریب ہے حدیث عائشہ سے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق حماد بن سلمہ سے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان سے اُسنے آدم بن سلیمان سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے جب یہ آیت نازل ہوئی

لہ یعنے اگر کوئی شخص تمام عمر اپنی خدا تعالی کی عبادت میں صرف کر دے اس حالت میں کھانا پینا وغیرہ کام اسکے حرام سے ہی ہوتے ہوں تو ایسے شخص کی دعا خواہ کسطرح سے گڑگڑا کر اسکے کسطرح قبول ہو سکتی ہے یعنے قبول نہیں ہوتی اسلئے تم سب مومنوں کو اللہ تعالی نے حلال کھانیکا حکم دیا ہے. ۱۲ عہ امیہ نے حضرت عائشہ سے سوال کیا کہ اللہ تعالی نے یہ دو حکم فرمائے ہیں اگر ظاہر کرو جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے یا پوشیدہ کرو اسکو حساب لیویگا ساتھ اسکے اللہ اور فرمایا ہے کہ جو کوئی عمل کریگا برا اسکی اسکو سزا ملیگی یعنے یہ دونوں حکم تو بہت سخت ہیں اول بات سے بچاؤ ممکن نہیں اگر سزا ملی تو بچاؤ کی کوئی صورت نہیں کہا حضرت عائشہ نے عجب ہے میں نے یہ مسئلہ آنحضرت سے پوچھا ہے تب سے آج تک سوائے تیرے کسی نے مجھسے نہیں پوچھا آپ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالی نے جو فرمایا ہے کہ جو کوئی کام کریگا برا اسکا بدلہ دیا جاویگا یعنے دنیا میں ایسے گناہ ہونگا بدلہ جو اسکو دل میں گذرنے میں دیا جاویگا اللہ بدلہ اسکا دنیا میں یہ ہے کہ اسکو

ولو استطعت ان اسرہ لم اعلنہ فقال اجعلہ فی قرابتک او اقربیک هٰذا حدیث حسن صحیح وقد رواہ مالک بن انس عن اسحٰق بن عبد الله بن ابی طلحة عن انس بن مالک **حدثنا** عبد بن حمید انا عبد الرزاق انا ابراهیم بن یزید قال سمعت محمد بن عباد بن جعفر یحدث عن ابن عمر قال قام رجل الی النبی صلی الله علیه وسلم فقال من الحاج یارسول الله قال الشعث التفل فقام رجل اٰخر فقال ای الحج افضل یارسول الله قال العج والثج فقام رجل اٰخر فقال ما السبیل یارسول الله قال الزاد والراحلة هٰذا حدیث لا نعرفه الا من حدیث ابراهیم بن یزید الخوزی المکی وقد تکلم بعض اهل العلم فی ابراهیم بن یزید من قبل حفظه **حدثنا** قتیبة نا حاتم بن اسمٰعیل عن بکیر بن مسمار عن عامر بن سعد عن ابیه قال لما نزلت هٰذه الاٰیة ندع ابناءنا وابناءکم ونساءنا ونساءکم الاٰیة دعا رسول الله صلی الله علیه وسلم علیا وفاطمة وحسنا وحسینا فقال اللهم هٰؤلاء اهلی هٰذا حدیث حسن غریب صحیح **حدثنا** ابو کریب نا وکیع عن ربیع وهو ابن صبیح وحماد بن سلمة عن ابی غالب قال رای ابو امامة رؤسا منصوبة علی درج دمشق فقال ابو امامة کلاب النار شر قتلی تحت ادیم السماء خیر قتلی من قتلوه ثم قرأ یوم تبیض وجوه وتسود وجوه الی اٰخر الاٰیة قلت لابی امامة انت سمعته من رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لو لم اسمعه الا مرة او مرتین او ثلاث او اربع حتی عد سبعا ما حدثتکموه هٰذا حدیث حسن وابو غالب اسمه حزور وابو امامة الباهلی اسمه صُدَیّ بن عجلان وهو سید باهلة **حدثنا** عبد بن حمید انا عبد الرزاق عن معمر عن بهز بن حکیم عن ابیه عن جده انه سمع النبی صلی الله علیه وسلم یقول فی قوله تعالٰی کنتم خیر امة اخرجت للناس

اور اگر میں طاقت اسکے[1] پوشیدہ کرنے کی رکھتا تو اسکو ظاہر نہ کرتا سو فرمایا آپ نے اسکو اپنے قریبوں میں تقسیم کردے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کیا اسکو مالک بن انس نے اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ سے اُسنے انس بن مالک سے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا خبر دی ہمکو عبدالرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے ابراہیم بن یزید نے کہا سنا میں نے محمد بن عباد بن جعفر سے کہ حدیث کرتا تھا ابن عمر سے کہا اُسنے ایک مرد نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف کھڑا ہوا اور کہنے لگا یارسول اللہ حاجی کون ہے فرمایا آپ نے جسکا سر غبار آلودہ ہو اور خوشبو ئی متغیر ہوئی ہو پھر ایک اور مرد کھڑا ہوا اُسنے کہا کونسا عمل حج کا افضل ہے یارسول اللہ فرمایا آپ نے تلبیہ کے ساتھ بلند آواز کرنی اور قربانی ذبح کرنی۔ پھر ایک اور مرد کھڑا ہوا اُسنے کہا یارسول اللہ راستے کے واسطے کیا چیز چاہیے فرمایا آپ نے خرچ اور سواری یہ حدیث ایسی ہے کہ نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق ابراہیم بن یزید خوزی مکی سے۔ اور بعض اہل علم نے ابراہیم بن یزید کے حق میں اسکے حافظہ کی وجہ سے کلام کیا ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے حاتم بن اسمٰعیل نے بکیر بن مسمار سے اُسنے عامر بن سعد سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے جب یہ آیت نازل ہوئی ندع ابناءنا وابناءکم ونساءنا ونساءکم الاٰیۃ تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی اور فاطمہ اور حسن اور حسین کو بلایا اور فرمایا اے اللہ یہ میرے اہل ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابوکریب نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے ربیع سے جو بیٹا صبیح کا ہے اور حماد بن سلمہ نے ابی غالب سے کہا اُسنے دیکھا ابوامامہ نے چند سروں کو جو دمشق کی سیڑھی پر کھڑے کیے گئے تھے سو کہا ابوامامہ نے یہ آگ کے کتے ہیں بدترین مقتول ہیں آسمان کی کھال کے نیچے۔ بہتر مقتول وہ ہیں جنھوں نے انکو قتل کیا ہے پھر اُسنے یہ آیت پڑھی یوم تبیض وجوہ وتسود وجوہ آخر تک[2] میں نے ابی امامہ سے کہا تو نے اسکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہا اُسنے اگر میں نے ایک بار یا دو بار یا تین یا چار بار حتے کہ سات بار تک شمار کیا سنی ہوتی تو تمسے بیان نہ کرتا۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور ابوغالب کا نام حزور ہے اور ابوامامہ باہلی کا نام صدی بن عجلان ہے اور یہ سردار ہے قبیلہ باہلہ کا **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا خبر دی ہمکو عبدالرزاق نے معمر سے اُسنے بہز بن حکیم سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے دادا سے یہ کہ سنا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے اس آیت کی تفسیر میں کنتم خیر امۃ اخرجت للناس

[1] یعنے میں بسبب اس حکم کے کہ انکو نیکی نہیں ملنی جبتک کہ تم عمدہ مال خرچ نہ کرو اس باغ کے چھپانے کی طاقت نہیں رکھتا اسلیے میں تمام باغ اللہ کے واسطے دیتا ہوں
[2] یہ حدیث یہاں مختصر بیان ہوئی ہے بخاری میں بہت طوالت سے مذکور ہے ۱۲ یعنے ابوامامہ نے خارجیوں کے سر دیکھے کہ کاٹ کر دمشق شہر کی سیڑھی پر لٹکائے ہوئے ہیں تو فرمایا کہ یہ لوگ تمام خلقت سے جو آسمان کے نیچے ہیں برے ہیں بہتر وہ لوگ ہیں جنھوں نے انکو قتل کیا ہے الخ ۱۲

ولم یذکروا فیہ القاسم بن محمد وانما ذکرہ یزید بن ابراھیم عن القاسم بن محمد فی ھذا الحدیث وابن ابی ملیکۃ ھو عبد اللہ
بن عبید اللہ بن ابی ملیکۃ وقد سمع من عائشۃ ایضا **حدثنا** محمود بن غیلان ثنا ابو احمد نا سفیان عن ابیہ عن
ابی الضحی عن مسروق عن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان لکل نبی ولاۃ من النبیین وان ولیی ابی وخلیل
ربی ثم قرأ ان اولی الناس بابراھیم للذین اتبعوہ وھذا النبی والذین امنوا واللہ ولی المؤمنین **حدثنا** محمود نا ابو نعیم نا سفیان
عن ابیہ عن ابی الضحی عن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثلہ ولم یقل فیہ مسروق ھذا اصح من حدیث ابی الضحی
عن مسروق وابو الضحی اسمہ مسلم بن صبیح **حدثنا** ابو کریب نا وکیع عن سفیان عن ابیہ عن ابی الضحی عن عبد اللہ
عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحو حدیث ابی نعیم ولیس فیہ مسروق **حدثنا** ھناد نا ابو معاویۃ عن الاعمش عن
شقیق بن سلمۃ عن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من حلف علی یمین وھو فیھا فاجر لیقتطع بھا مال امرئ
مسلم لقی اللہ وھو علیہ غضبان فقال الاشعث بن قیس فی واللہ کان ذلک کان بینی وبین رجل من الیھود ارض فجحدنی
فقدمتہ الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الک بینۃ قلت لا فقال للیھودی
احلف فقلت یا رسول اللہ اذن یحلف فیذھب بمالی فانزل اللہ تبارک وتعالی ان الذین یشترون بعھد اللہ
وایمانھم ثمنا قلیلا الی اخر الایۃ ھذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن ابن ابی اوفی **حدثنا** اسحق
بن منصور نا عبد اللہ بن بکر السھمی نا حمید عن انس قال لما نزلت ھذہ الایۃ لن تنالوا البر حتی تنفقوا مما تحبون او من ذا
الذی یقرض اللہ قرضا حسنا قال ابو طلحۃ وکان لہ حائط یا رسول اللہ حائطی للہ

اور انھوں نے اسمیں قاسم بن محمد کا ذکر نہیں کیا۔ اور ذکر تو انھوں نے یزید بن ابراہیم کا کیا ہے جو راوی ہے قاسم بن محمد سے اس حدیث
میں۔ اور ابن ابی ملیکہ وہ عبد اللہ بن عبید اللہ بن ابی ملیکہ ہے اور اُسنے حضرت عائشہ سے بھی سنا ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن
غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اپنے باپ سے اُسنے ابی الضحیٰ سے اُسنے مسروق سے
اُسنے عبد اللہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک ہر ایک نبی کے لئے والی ہیں نبیوں سے اور میرا والی میرا باپ
اور خلیل رب میرا ہے پھر پڑھا آپ نے ان اولی الناس الخ یعنے تحقیق نزدیکتر لوگوں کے ساتھ ابراہیم کے البتہ وہ شخص ہیں جو پیروی کرتے
ہیں اسکی اور یہ نبی اور وہ لوگ کہ ایمان لائے۔ اور اللہ دوست ہے ایمان والوں کا **حدیث** کی ہمسے محمود نے کہا حدیث کی ہمسے ابو نعیم نے
کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اپنے باپ سے اُسنے ابی الضحیٰ سے اُسنے عبد اللہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور
ابی الضحیٰ نے اس روایت میں مسروق کا ذکر نہیں کیا یہ روایت صحیح ہے حدیث ابی الضحیٰ سے جو مروی ہے مسروق سے اور ابو الضحیٰ کا
نام مسلم بن صبیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی الضحیٰ
سے اُسنے عبد اللہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل حدیث ابی نعیم کے اور اسمیں مسروق کا ذکر نہیں کیا **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث
کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے شقیق بن سلمہ سے اُسنے عبد اللہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو قسم کھا بیٹھا کسی بات پر
حالانکہ وہ اسمیں گنہگار ہو تاکہ لیوے بسبب اسکے مال کسی مرد مسلمان کا تو ملے گا اللہ تعالی سے اس حالت میں کہ وہ اسپر نہایت غضبناک
ہو گا پس کہا اشعث بن قیس نے میرے حق میں قسم ہے اللہ کی یہ حکم ہوا ہے۔ درمیان میرے اور ایک مرد یہودی کے کچھ زمین مشترک تھی اسنے میرے
حصے کا انکار کر دیا سو اسکو میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا پس فرمایا مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تیرے پاس شاہد ہیں میں نے
کہا کہ نہیں پھر فرمایا آپ نے واسطے یہودی کے قسم کر میں نے کہا یا رسول اللہ اسوقت تو یہ قسم کر لیگا۔ اور میرا مال لیجائیگا پس اللہ تبارک و تعالی نے
نے یہ آیت نازل فرمائی تحقیق جو لوگ خریدتے ہیں بدلے عہد اللہ کے اور قسموں اپنی کے مول تھوڑا الخ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب
میں روایت ہے ابن ابی اوفی سے **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن بکر سہمی نے کہا حدیث
کی ہمسے حمید نے انس سے کہا اُسنے جب یہ آیت نازل ہوئی لن تنالوا البر حتے تنفقوا مما تحبون الخ یا یہ آیت من ذا الذی یقرض اللہ قرضا
حسنا الخ کہا ابو طلحہ نے (اور اسکے لئے ایک باغ تھا) یا رسول اللہ میرا باغ واسطے اللہ کے ہے

او یتوب علیہما او یعذبہم فانہم ظالمون فہداہم اللہ للاسلام ھٰذا حدیث حسن غریب صحیح یستغرب من ھٰذا الوجہ من حدیث نافع عن ابن عمر ورواہ یحیی بن ایوب عن ابن عجلان **حدثنا** قتیبۃ نا ابوعوانۃ عن عثمٰن بن المغیرۃ عن علی بن ربیعۃ عن اسماء بن الحکم الفزاری قال سمعت علیا یقول انی کنت رجلا اذا سمعت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حدیثا نفعنی اللہ منہ بما شاء ان ینفعنی واذا حدثنی رجل من اصحابہ استحلفتہ فاذا حلف لی صدقتہ وانہ حدثنی ابوبکر وصدق ابوبکر قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ما من رجل یذنب ذنبا ثم یقوم فیتطہر ثم یصلی ثم یستغفر اللہ الا غفر لہ ثم قرأ ھٰذہ الاٰیۃ والذین اذا فعلوا فاحشۃ او ظلموا انفسہم ذکروا اللہ الی اٰخر الاٰیۃ ھٰذا حدیث قد رواہ شعبۃ وغیر واحد عن عثمٰن بن المغیرۃ فرفعوہ ورواہ مسعر وسفیان عن عثمٰن بن المغیرۃ فلم یرفعاہ ولا نعرف للاسماء الا ھٰذا الحدیث **حدثنا** عبد بن حمید نا روح بن عبادۃ عن حماد بن سلمۃ عن ثابت عن انس عن ابی طلحۃ قال رفعت رأسی یوم احد فجعلت انظر وما منہم یومئذ احد الا یمید تحت حجفتہ من النعاس فذلک قولہ تعالٰی ثم انزل علیکم من بعد الغم امنۃ نعاسا ھٰذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** عبد نا روح بن عبادۃ عن حماد بن سلمۃ عن ہشام بن عروۃ عن ابیہ عن ابی الزبیر مثلہ ھٰذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** یوسف بن حماد نا عبد الاعلی عن سعید عن قتادۃ عن انس ان اباطلحۃ قال غشینا ونحن فی مصافنا یوم احد حدث انہ کان فیمن غشیہ النعاس یومئذ قال فجعل سیفی یسقط من یدی واٰخذہ ویسقط من یدی واٰخذہ والطائفۃ الاخری المنافقون لیس لہم ھم الا انفسہم اجبن قوم وارعبہ واخذلہ للحق

او یتوب علیہم او یعذبہم فانہم ظالمون سو اللہ تعالیٰ نے انکو اسلام کی ہدایت کردی۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے غرابت اسکی بواسطہ نافع کے ہے جو ابن عمر سے راوی ہیں اور روایت کیا ہے اسکو یحییٰ بن ایوب نے ابن عجلان سے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابوعوانہ نے عثمان بن مغیرہ سے اُسنے علی بن ربیعہ سے اُسنے اسماء بن حکم فزاری سے کہا اُسنے سنا مین نے حضرت علی سے کہ فرماتے تھے میں ایسا مرد تھا کہ جب کوئی حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنتا تو اللہ تعالیٰ مجھے اسکے ساتھ جو اسکی مرضی ہوتی نفع دیتا اور جب کوئی اور مرد آنحضرت کے اصحاب سے مجھے حدیث بیان کرتا تو مین اس سے قسم لیتا سو جب وہ مجھے قسم دیدیتا تو مین اسکو سچا جانتا۔ اور مجھے حضرت ابوبکر نے حدیث کی ہے اور سچ بیان کیا ہے ابوبکر نے کہا انھون نے سنا مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جب کوئی مرد کوئی گناہ کرتا ہے پھر کھڑا ہوتا ہے اور پاک ہوتا ہے پھر نماز پڑھتا ہے پھر اللہ تعالیٰ سے بخشش مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکو بخشدیتا ہے پھر آپنے یہ آیت پڑھی والذین اذا فعلوا الخ یعنے وہ لوگ جب کوئی بیحیائی کرتے ہیں یا اپنے نفس پر ظلم کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں الآیۃ۔ روایت کیا ہے اس حدیث کو شعبہ نے اور کئی ایک نے عثمان بن مغیرہ سے پس اسکو مرفوع کیا ہے۔ اور روایت کیا ہے اسکو مسعر اور سفیان نے عثمان بن مغیرہ سے سو انھون نے اسکو مرفوع نہین کیا۔ اور اسماء سے سوائے اس حدیث کے ہم اور کوئی حدیث نہین پہچانتے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے روح بن عبادہ نے حماد بن سلمہ سے اُسنے ثابت سے اُسنے انس سے اُسنے ابی طلحہ سے کہا اُسنے مین احد کے دن اپنے سر کو بلند کرتا تھا اور دیکھتا تھا۔ اور کوئی اُنمین نہین تھا مگر کہ اپنا سر نیچے اپنی ڈھال کے نیند سے جھکاتا تھا پس یہی قول اللہ تعالیٰ کا ثم انزل علیکم الخ پھر اُتارا اوپر تمہارے پیچھے غم کے امن اونگھ تھی یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے عبد نے کہا حدیث کی ہمسے روح بن عبادہ نے حماد بن سلمہ سے اُسنے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی الزبیر سے مثل اسکے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے یوسف بن حماد نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الاعلیٰ نے سعید سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے یہ کہ ابا طلحہ نے کہا ہمکو غشی ہوئی اس حالت میں کہ ہم احد کے دن جنگ میں تھے حدیث کی اُسنے یہ کہ مین بھی اُن لوگو مین تھا کہ جنکو نیند نے اُسدن غشی مین ڈالا تھا کہا اُسنے میری تلوار میرے ہاتھ سے گرتی تھی اور مین اسکو پکڑتا تھا۔ اور دوسرے گروہ یعنے منافقونکو تو سوائے اپنی جانون کے اور کچھ غم نہ تھا وہ سب قوم سے بزدل ہونگے اور بہت خوفناک اور حق کے لئے بہت خوار کرنیوالے

ا؎ پہلے پہل اس لڑائی مین مسلمانونکو آثار فتح کے نظر آتے تھے حتیٰ کہ فتح بھی ہوگئی اور کافر بھاگ گئے لوگون نے آنحضرت کی حکم بے کے انکا تعاقب کیا اور غنیمت لینے کو دوڑے آنحضرت نے ہر چند اس سے منع کیا مگر باز نہ آئے اور ایک جگہ آنحضرت نے پچاس آدمی تیرانداز کھڑے کئے تھے وہ بھی اس جگہ کو چھوڑ کر غنیمت کے پیچھے دوڑے کافرون نے وہ جگہ خالی پاکے پیچھے آپڑے مسلمانون کو شکست ہوئی اور بزدل ہو گئے تب اللہ تعالیٰ نے انپر اونگھ اتاری اسکے بعد

قال انتم تتمون سبعین امۃ انتم خیرھا واکرمھا علی اللہ ھٰذا حدیث حسن وقد روی غیر واحد ھذا الحدیث
عن بھز بن حکیم نحو ھٰذا ولم یذکروا فیہ کنتم خیر امۃ اخرجت للناس **حدثنا** احمد بن منیع نا ھشیم انا حمید
عن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کسرت رباعیتہ یوم احد وشج وجھہ شجۃ فی جبھتہ حتی سال الدم علی وجھہ
فقال کیف یفلح قوم فعلوا ھٰذا بنبیھم وھو یدعوھم الی اللہ فنزلت لیس لک من الامر شیء او یتوب علیھم او یعذبھم
الی اٰخرھا ھٰذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** احمد بن منیع وعبد بن حمید قالا نا یزید بن ھارون انا حمید عن انس
ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شج فی وجھہ وکسرت رباعیتہ ورمی رمیۃ علی کتفہ فجعل الدم یسیل علی وجھہ
وھو یمسحہ ویقول کیف تفلح امۃ فعلوا ھٰذا بنبیھم وھو یدعوھم الی اللہ فانزل اللہ تبارک وتعالی لیس لک من الامر شیء
او یتوب علیھم او یعذبھم فانھم ظالمون ھٰذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** ابو السائب سلم بن جنادۃ بن سلم
الکوفی نا احمد بن بشر عن عمر بن حمزۃ عن سالم بن عبد اللہ بن عمر عن ابیہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم احد
اللھم العن ابا سفیان اللھم العن الحارث بن ھشام اللھم العن صفوان بن امیۃ قال فنزلت لیس لک من الامر شیء او
یتوب علیھم فتاب علیھم فاسلموا فحسن اسلامھم ھٰذا حدیث حسن غریب یستغرب من حدیث عمر بن حمزۃ
عن سالم وکذا رواہ الزھری عن سالم عن ابیہ **حدثنا** یحیی بن حبیب بن عربی البصری نا خالد بن الحارث عن محمد بن عجلان
عن نافع عن عبد اللہ بن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یدعو علی اربعۃ نفر فانزل اللہ تبارک وتعالی لیس لک من الامر شیء

تم ہو تمام کرنیوالے[1] ستر امتوں کے تم بہتر ہو انسے اور عزت والے او پر اللہ کے۔ یہ حدیث حسن ہے اور کئی ایک نے بھی یہ حدیث بہز بن حکیم سے مثل اسکے روایت کی ہے اور انہوں نے اسمیں کنتم خیر امۃ اخرجت للناس کا ذکر نہیں کیا **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے کہا خبر دی ہمکو حمید نے انس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے احد کے دن اگلے چار دانت مبارک شہید ہوگئے اور پیشانی مبارک سے چہرہ آپکا زخمی ہوا یہانتک کہ خون آپ کے چہرہ مبارک پر جاری ہوا پس فرمایا آپ نے کسطرح خلاصی پائیگی وہ قوم کہ جنہوں نے یہ اپنے نبی کے ساتھ کیا ہے حالانکہ وہ انکو اللہ تعالی کی طرف بلاتا ہے پس یہ آیت نازل ہوئی لیس[2] لک من الامر شیء او یتوب علیھم او یعذبھم الخ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع اور عبد بن حمید نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا خبر دی ہمکو حمید نے انس سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک میں زخم ہوا اور آپ کے چار دانت اگلے شہید ہوگئے اور آپ کے کاندھے مبارک پر پتھر پھینکا گیا سو خون کا جاری ہونا آپ کے چہرہ مبارک پر شروع ہوگیا۔ اور آپ اسکو پونچھتے تھے اور کہتے تھے کسطرح خلاصی پائیگی وہ امت کہ جسنے اپنے نبی کے ساتھ یہ کیا ہے حالانکہ وہ انکو اللہ تعالی کی طرف بلاتا ہے پس اللہ تبارک وتعالی نے یہ آیت نازل فرمائی لیس لک من الامر شیء او یتوب علیھم او یعذبھم فانھم ظالمون یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابو السائب یعنے سلم بن جنادہ بن سلم کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے احمد بن بشر نے عمر بن حمزہ سے اسنے سالم بن عبد اللہ بن عمر سے اسنے اپنے باپ سے کہا اسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے احد کے دن فرمایا اے اللہ ابا سفیان کو لعنت کر اے اللہ لعنت کر حارث بن ہشام کو اے اللہ لعنت کر صفوان بن امیہ کو کہا اسنے پھر یہ آیت نازل ہوئی لیس لک من الامر شیء او یتوب علیھم پس اللہ تعالی نے انپر رجوع کیا سو وہ اسلام لائے اور انکا اسلام اچھا ہوگیا یہ حدیث حسن غریب ہے غرابت اسکی بواسطہ عمر بن حمزہ کے ہے جو راوی سالم سے ہے اور ایسا ہی روایت کیا اسکو زہری نے سالم سے اسنے اپنے باپ سے **حدیث** کی ہمسے یحیی بن حبیب بن عربی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن حارث نے محمد بن عجلان سے اسنے نافع سے اسنے عبد اللہ بن عمر سے یہ کہ رسول اللہ صلعم چار شخصوں پر بد دعا کرتے تھے پس اللہ تبارک وتعالی نے یہ آیت نازل فرمائی لیس لک من الامر شیء

[1] مراد ستر سے کثرت ہے نہ تعداد معین اور مراد تمام سے ختم ہے یعنے جیسا کہ تمہارا نبی تمام نبیوں کا ختم کرنیوالا ہے اور تمام کمالات متفرقہ کا جامع ہے ایسا ہی تم ہو امتیں سابقہ سے اور احتمال ہے کہ امتیں ماضیہ ستر ہی ہوں اور یہ امت ستر ہوین ہو ۱۲ [2] یعنے اللہ تعالی انکے کام کا خود مالک ہے چاہے انکو ہلاک کرے یا انکی توبہ قبول کرے اگر وہ مسلمان ہوں یا انکو عذاب کرے اگر وہ کفر پر مضبوط رہیں انکو امر الٰہی میں دخل نہیں آپ ایسی بری دعاؤں سے باز رہیں ۱۲ ؎ یعنے نہیں ہے واسطے تیرے اس کام میں سے کچھ یا توفیق توبہ کی انکو دے یا عذاب کرے انکو پس تحقیق وہ ہیں ظالم حق تعالی نے پیغمبر کو تربیت فرمائی کہ بندوں کو اختیار نہیں اللہ تعالی جو چاہے سو کرے

ثم اطلع عليهم الثانية فقال هل تستزيدون شيئا فازيدكم فلما رأوا انهم لا يتركون قالوا تعيد أرواحنا في اجسادنا حتى نرجع الى الدنيا فنقتل في سبيلك مرة اخرى هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان عن عطاء بن السائب عن ابي عبيدة عن ابن مسعود مثله وزاد فيه وتقرئ نبينا السلام وتخبره أن قد رضينا ورضي عنا هذا حديث حسن **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان عن جامع وهو ابن ابي راشد وعبد الملك بن اعين عن ابي وائل عن عبد الله يبلغ به النبي صلى الله عليه وسلم قال ما من رجل لا يؤدي زكوة ماله الا جعل الله يوم القيمة في عنقه شجاعا ثم قرأ علينا مصداقه من كتاب الله لا تحسبن الذين يبخلون بما آتاهم الله من فضله الآية وقال مرة قرأ رسول الله صلى الله عليه وسلم مصداقه سيطوقون ما بخلوا به يوم القيمة ومن اقتطع مال اخيه المسلم بيمين لقي الله وهو عليه غضبان ثم قرأ رسول الله صلى الله عليه وسلم مصداقه من كتاب الله ان الذين يشترون بعهد الله الآية هذا حديث حسن صحيح ومعنى قوله شجاعا اقرع يعني حية **حدثنا** عبد بن حميد نا يزيد بن هارون وسعيد بن عامر عن محمد بن عمرو عن ابي سلمة عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان موضع سوط في الجنة خير من الدنيا وما فيها اقرؤا ان شئتم فمن زحزح عن النار وادخل الجنة فقد فاز وما الحيوة الدنيا الا متاع الغرور هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** حسن بن محمد الزعفراني نا حجاج بن محمد قال قال ابن جريج اخبرني ابن ابي مليكة ان حميد بن عبد الرحمن بن عوف اخبره ان مروان بن الحكم قال اذهب يا رافع لبوابه الى ابن عباس فقل له لئن كان كل امرئ فرح بما اوتي واحب ان يحمد بما لم يفعل معذبا لنعذبن اجمعون فقال ابن عباس مالكم ولهذه الآية انما انزلت هذه في اهل الكتاب

پھر دوسری بار انکی طرف پروردگار نے جھانکا اور فرمایا کیا کچھ اور چاہتے ہو تو میں تمکو دوں پس جب انھوں نے معلوم کیا کہ وہ چھوڑے نہیں جاتے (یعنے بار بار پرسش ہوتی ہے) تو کہا ہماری روحونکو ہمارے جسموں میں پھیر دے تاکہ ہم دنیا کی طرف لوٹ جائیں اور دوسری مرتبہ تیری راہ میں قتل ہووین۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عطاء بن سائب سے اُسنے ابی عبیدہ سے اُسنے ابن مسعود سے مثل اُسکے۔ اور زیادہ کیا اُسنے اسمین اور پڑھیں ہم اپنے نبی کو سلام اور خبر دیں انکو کہ ہم راضی ہوئے ہیں اور راضی ہوا ہے (رب ہمارا) ہمسے یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے جامع سے جو بیٹا ابی راشد کا ہے اور عبد اللہ بن اعین نے ابی وائل سے اُسنے عبد اللہ سے پہونچاتا ہے اسکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ فرمایا آپ نے جو کوئی مرد اپنے مال کی زکوٰۃ ادا نہیں کرتا اللہ تعالی قیامت کے دن اسکی گردن میں سانپ ڈالیگا پھر آپ نے ہمپر مصداق اسکا کتاب اللہ سے پڑھا لا تحسبن الذین یبخلون الخ نہ گمان کریں ان لوگونکو کہ بخل کرتے ہیں ساتھ اس چیز کے کہ دیا ہے انکو اللہ نے فضل اپنے سے الخ اور کہا اُسنے دوسری بار رسول اللہ صلعم نے مصداق کے واسطے یہ آیت پڑھی سیطوقون ما بخلوا بہ یوم القیامۃ۔ اور جو کوئی اپنے بھائی مسلمان کا مال قسم کھا کر لیلے تو ملیگا اللہ تعالی سے اس حالت میں کہ وہ اسپر غضبناک ہوگا۔ پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مصداق اسکا کتاب اللہ سے پڑھا ان الذین یشترون بعہد اللہ الآیۃ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور معنے قولہ شجاعا کے سانپ کے ہیں جسکے سر پر بسبب زہر کے کوئی بال نہو **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون اور سعید بن عامر نے محمد بن عمرو سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک[1] ایک چابک کی جگہ جنت میں بہتر ہے دنیا سے اور جو کچھ اسمیں ہے پڑھو اگر تم چاہتے ہو فمن زحزح عن النار یعنے جو کوئی دور رکھا گیا آگ سے اور داخل کیا گیا جنت میں تو مراد کو پہونچ گیا اور نہیں زندگی دنیا کی مگر اسباب دھوکے کا یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے حسن بن محمد زعفرانی نے کہا حدیث کی ہمسے حجاج بن محمد نے کہا اُسنے کہا ابن جریج نے خبر دی مجھے ابن ابی ملیکہ نے یہ کہ حمید بن عبد الرحمن بن عوف نے خبر دی ہے اسکو یہ کہ مروان بن حکم نے اپنے دربان سے کہا اے ابا رافع ابن عباس کی طرف جا اور اسکو کہہ اگر ہر ایک آدمی جو خوش ہوا ہے ساتھ اس چیز کے جو اسکو دی گئی ہے اور دوست رکھا اُسنے یہ کہ حمد کیا جاوے ساتھ اس چیز کے کہ نہیں کی اُسنے عذاب دیا گیا تو ہم سب عذاب دیے جائینگے کہا ابن عباس نے تمکو اور اس آیت کو کیا۔ یہ آیت تو اہل کتاب کے حق میں نازل ہوئی ہے

[1] یعنے ادنی مکان بھی جنت میں تمام دنیا سے بہتر ہے اور چابک سے اسلیے تعبیر کی کہ قاعدہ ہے کہ جب سوار اپنی جگہ پر قبضہ کرنیکا ارادہ کرتا ہے تو چابک کو سواری کی حالت میں بھی پھینک دیتا ہے اور اپنی جگہ پر علامت کرتا ہے

هٰذا حدیث حسن صحیح حدثنا قتیبة نا عبد الواحد بن زیاد عن خصیف نا مقسم قال قال ابن عباس نزلت هٰذه الآیة وما کان لنبی ان یغل فی قطیفة حمراء افتقدت یوم بدر فقال بعض الناس لعل رسول الله صلی الله علیه وسلم اخذها فانزل الله تبارك وتعالی ما کان لنبی ان یغل الی اٰخر الآیة هٰذا حدیث حسن غریب وقد روی عبد السلام بن حرب عن خصیف نحو هٰذا وروی بعضهم هٰذا الحدیث عن خصیف عن مقسم ولم یذکر فیه عن ابن عباس حدثنا یحیی بن حبیب بن عربی نا موسی بن ابراهیم بن کثیر الانصاری قال سمعت طلحة بن خراش قال سمعت جابر بن عبد الله یقول لقینی رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال لی یا جابر ما لی اراك منکسرا قلت یا رسول الله استشهد ابی وترك عیالا ودینا قال الا ابشرك بما لقی الله به اباك قال بلی یا رسول الله قال ما کلم الله احدا قط الا من وراء حجاب واحیی اباك فکلمه کفاحا وقال یا عبدی تمن علیّ اعطیك قال یا رب تحیینی فاقتل فیك ثانیة قال الرب تبارك وتعالی انه قد سبق منی انهم لا یرجعون قال وانزلت هٰذه الآیة ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل الله امواتا الآیة هٰذا حدیث حسن غریب من هٰذا الوجه ولا نعرفه الا من حدیث موسی بن ابراهیم ورواه علی بن عبد الله بن المدینی وغیر واحد من کبار اهل الحدیث هٰکذا عن موسی بن ابراهیم وقد روی عبد الله بن محمد بن عقیل عن جابر شیئا من هٰذا حدثنا ابن ابی عمر نا سفیان عن الاعمش عن عبد الله بن مرة عن مسروق عن عبد الله بن مسعود انه سئل عن قوله ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل الله امواتا بل احیاء عند ربهم فقال اما انا قد سألنا عن ذلك فاخبرنا ان ارواحهم فی طیر خضر تسرح فی الجنة حیث شاءت وتاوی الی قنادیل معلقة بالعرش فاطلع الیهم ربك اطلاعة فقال هل تستزیدون شیئا فازیدکم قالوا ربنا وما نستزید ونحن فی الجنة نسرح حیث شئنا

یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالواحد بن زیاد نے خصیف سے کہا حدیث کی ہمسے مقسم نے کہا اُسنے کہا ابن عباس نے نازل ہوئی ہے یہ آیت (وماکان لنبی ان یغل) ایک سرخ چادر کے حق میں جو بدر کے دن گم ہوگئی تھی سو بعض لوگوں نے کہا شاید اسکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے لیلی ہوگی پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی وماکان الخ یعنے نبی کو لائق نہیں کہ خیانت کرے الخ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور روایت کی ہے عبدالسلام بن حرب نے خصیف سے مثل اسکے۔ اور روایت کیا ہے بعض نے اس حدیث کو خصیف سے اُسنے مقسم سے اور اُسنے اسمین ابن عباس کا ذکر نہیں کیا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن حبیب بن عربی نے کہا حدیث کی ہمسے موسیٰ بن ابراہیم بن کثیر انصاری نے کہا اُسنے سنا مین نے طلحہ بن خراش سے کہا سنا مین نے جابر بن عبداللہ سے کہ کہتے تھے مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ملے پس مجھسے فرمایا اے جابر کیا ہے مجھے کہ مین تیرا اُترا ہوا حال دیکھتا ہوں مین نے کہا یارسول اللہ میرا باپ شہید ہوگیا ہے اور عیال اور قرض چھوڑ گیا ہے فرمایا آپ نے کیا مین تجھے خوشخبری نہ دوں اسکی کہ جسکے ساتھ تیرے باپ نے ملاقات کی ہے کہا اُسنے کیوں نہیں یارسول اللہ فرمایا آپ نے اللہ تعالیٰ نے کسی شخص سے کلام نہیں کیا مگر پیچھے پردے کے اور تیرے باپ کو اللہ تعالیٰ نے زندہ کیا اور اس سے سامنے گفتگو کی اور فرمایا اے میرے بندے مجھسے خواہش کر مین تجھے دونگا کہا اُسنے اے رب میرے مجھے زندہ کر کہ مین تیرے واسطے دوسری بار شہید ہوں فرمایا رب تبارک وتعالیٰ نے مجھسے یہ حکم سابق ہوچکا ہے کہ یہ لوگ دوسری بار لوٹ کر نہ آئینگے۔ کہا راوی نے اور نازل ہوئی یہ آیت ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا الآیۃ یہ حدیث اسوجہ سے حسن غریب ہے اور نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق موسیٰ بن ابراہیم سے اور روایت کیا ہے اسکو علی بن عبداللہ بن مدینی اور کئی ایک نے کبار اہل حدیث سے اسیطرح موسیٰ بن اسمٰعیل سے اور روایت کیا ہے عبداللہ بن محمد بن عقیل نے جابر سے کچھ حصہ اس سے حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اعمش سے اُسنے عبداللہ بن مرہ سے اُسنے مسروق سے اُسنے عبداللہ بن مسعود سے یہ کہ وہ اس آیت سے سوال کیا گیا ولا تحسبن الذین الخ اور نہ گمان کر ان لوگونکو جو قتل کیے گئے بیچ راہ اللہ کے مردے بلکہ زندہ ہیں نزدیک رب اپنے کے الخ پس کہا اُسنے ہمنے اسکی بابت سوال آنحضرت سے کیا سو ہمکو حضرت نے خبر دی کہ روح انکی سبز جانوروں میں ہے جنت میں چرتی ہیں جہاں چاہتی ہیں اور قندیلوں کی طرف جو عرش سے لٹکی ہوئی ہیں جگہ پکڑتی ہیں سو ایک مرتبہ انکی طرف تیرے رب نے جھانکا اور فرمایا کیا تم اور کچھ بھی چاہتے ہو تو میں تمکو دوں کہا انھوں نے اے رب ہمارے اور کیا ہم چاہیں حالانکہ ہم جنت میں چرتے ہیں جہاں چاہتے ہیں

ف۱ شہیدونکو مرنیکے بعد ایکطرح کی زندگی ہے کہ اور مردونکو نہیں۔ کھانا پینا اور عیش اور خوشی پوری ہے اور ونکو قیامت کے بعد ہوگی ۱۲

ذکر ایا علقمة فی هذا الحدیث الا ماذکرهمام عن قتادة وابو الخلیل اسمه صالح بن ابی مریم حدثنا محمد بن عبد الاعلی الصنعانی نا خالد بن الحارث عن شعبة نا عبید الله بن ابی بکر عن انس بن مالک عن النبی صلی الله علیه وسلم فی الکبائر قال الشرك بالله وعقوق الوالدین وقتل النفس وقول الزور هذا حدیث حسن غریب صحیح ورواه روح بن عبادة عن شعبة وقال عن عبید الله بن ابی بکر ولا یصح حدثنا حمید بن مسعدة نا بشر بن المفضل نا الجریری عن عبد الرحمن بن ابی بکرة عن ابیه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الا احدثکم باکبر الکبائر قالوا بلی یا رسول الله قال الاشراك بالله وعقوق الوالدین قال وجلس وکان متکئا قال وشهادة الزور او قول الزور قال فما زال رسول الله صلی الله علیه وسلم یقولها حتی قلنا لیته سکت هذا حدیث حسن صحیح غریب حدثنا عبد بن حمید نا یونس بن محمد نا اللیث بن سعد عن هشام بن سعد عن محمد بن زید بن مهاجر بن قنفذ التیمی عن ابی امامة الانصاری عن عبد الله بن انیس الجهنی قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان من اکبر الکبائر الشرك بالله وعقوق الوالدین والیمین الغموس وما حلف حالف بالله یمین صبر فادخل فیها مثل جناح بعوضة الا جعلت نکتة فی قلبه الی یوم القیمة هذا حدیث حسن غریب وابو امامة الانصاری هو ابن ثعلبة ولا نعرف اسمه وقد روی عن النبی صلی الله علیه وسلم احادیث حدثنا محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبة عن فراس عن الشعبی عن عبد الله بن عمرو عن النبی صلی الله علیه وسلم قال الکبائر الاشراك بالله وعقوق الوالدین او قال الیمین الغموس شك شعبة هذا حدیث حسن صحیح حدثنا ابن ابی عمر نا سفیان عن ابن ابی نجیح عن مجاهد عن ام سلمة انها قالت یغزو الرجال ولا تغزو النساء وانما لنا

ابا علقمہ کو اس حدیث میں ذکر کیا ہو سوا اسکے جو ہمام نے قتادہ سے ذکر کیا ہے۔ اور ابو الخلیل کا نام صالح بن ابی مریم ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد الاعلی صنعانی نے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن حارث نے شعبہ سے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن ابی بکر نے انس بن مالک سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کبیرہ گناہوں کے بیان میں کہ فرمایا آپ نے شرک کرنا ساتھ اللہ کے اور نافرمانی والدین کی اور قتل کرنا کسی نفس کا ناحق۔ اور گواہی جھوٹی دینی یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے اور روایت کیا ہے اسکو روح بن عبادہ نے شعبہ سے اور کہا اُسنے یہ مروی ہے عبد اللہ بن ابی بکر سے اور صحیح نہیں **حدیث** کی ہمسے حمید بن مسعدہ نے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن مفضل نے کہا حدیث کی ہمسے جریری نے عبد الرحمن بن ابی بکرہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا میں تمسے سب سے بڑے گناہ بیان کروں کہا لوگوں نے کیوں نہیں یا رسول اللہ فرمایا آپ نے شرک کرنا ساتھ اللہ کے اور نافرمانی والدین کی کہا راوی نے اور آنحضرتؐ تکیہ لگائے ہوئے تھے فرمایا آپ نے اور گواہی جھوٹی دینی یا فرمایا بات جھوٹی کرنی۔ کہا راوی نے پس بہت دیر تک اسکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کہتے رہے حتے کہ کہا ہمنے کاشکے آپ خاموش ہو جاتے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد نے ہشام بن سعد سے اُسنے محمد بن زید بن مہاجر بن قنفذ تیمی سے اُسنے ابی امامہ انصاری سے اُسنے عبد اللہ بن انیس جہنی سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کبیرہ گناہوں میں سے ہے شرک کرنا ساتھ اللہ کے اور نافرمانی والدین کی اور یمین[1] غموس اور جسنے اللہ کے نام سے یمین صبر کھائے اور اُسنے اسمیں مچھر کے پر کے برابر جھوٹ داخل کیا تو وہ قسم اسکے دل میں قیامت تک سیاہ نکتہ رہیگی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور ابو امامہ انصاری وہ ثعلبہ کا بیٹا ہے اور ہم اسکا نام نہیں جانتے اور اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کئی حدیثیں روایت کی ہیں **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے فراس سے اُسنے شعبی سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے کبیرہ گناہ یہ ہیں شرک کرنا ساتھ اللہ کے اور نافرمانی والدین کی یا فرمایا آپ نے یمین غموس یہ شک شعبہ کو ہوا ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابن ابی نجیح سے اُسنے مجاہد سے اُسنے ام سلمہ سے یہ کہ کہا اُسنے مرد جنگ کرتے ہیں اور عورتیں جنگ نہیں کرتیں اور ہمارے لیے

[1] قولہ یمین غموس کہا حنفیہ نے یمین غموس وہ ہے جو امر ماضی پر دیدہ و دانستہ جھوٹی قسم کھائی جائے اور حنفیہ کے نزدیک اسکا کچھ کفارہ بھی نہیں ہے مگر توبہ اور استغفار اور غموس اسیواسطے کہتے ہیں کہ اپنے صاحب کو اگر میں داخل کرتی ہے قولہ یمین صبر صبر کے معنے حبس اور لزوم کے ہیں اور اسکو صبر اسلیے کہتے ہیں کہ حلف اسپر موقوف اور محبوس ہوتا ہے اور کہا بعض نے صبر یہ ہے کہ قسم کہا مجبور الاجان بوجھ کر جھوٹی قسم اسلیے کھائے

ثم تلی ابن عباس واذ اخذ الله میثاق الذین اوتوا الکتاب لتبیننه للناس وتلی ولا تحسبن الذین یفرحون بما اتوا
ویحبون ان یحمدوا بما لم یفعلوا قال ابن عباس سألهم النبی صلی الله علیه وسلم عن شیء فکتموه واخبروه بغیره فخرجوا
وقد اروه ان قد اخبروه بما سألهم عنه واستحمدوا بذلك الیه وفرحوا بما اوتوا من کتابهم وما سألهم عنه هذا
حدیث حسن غریب صحیح **ومن** سورة النساء بسم الله الرحمن الرحیم **حدثنا** عبد بن حمید نا یحیی بن ادم نا
ابن عیینة عن محمد بن المنکدر قال سمعت جابر بن عبد الله یقول مرضت فاتانی رسول الله صلی الله علیه وسلم
یعودنی وقد اغمی علی فلما افقت قلت کیف اقضی فی مالی فسکت عنی حتی نزلت یوصیکم الله فی اولادکم للذکر مثل حظ
الانثیین هذا حدیث حسن صحیح وقد رواه غیر واحد عن محمد بن المنکدر **حدثنا** الفضل بن الصباح البغدادی
نا سفیان بن عیینة عن محمد بن المنکدر عن جابر بن عبد الله عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه وفی حدیث الفضل بن
صباح کلام اکثر من هذا **حدثنا** عبد بن حمید نا حبان بن هلال نا همام بن یحیی نا قتادة عن ابی الخلیل عن ابی علقمة الهاشمی
عن ابی سعید الخدری قال لما کان یوم اوطاس اصبنا نساء لهن ازواج فی المشرکین فکرههن رجال منهم فانزل الله تعالی
والمحصنات من النساء الا ما ملکت ایمانکم هذا حدیث حسن **حدثنا** احمد بن منیع نا هشیم نا
عثمان البتی عن ابی الخلیل عن ابی سعید الخدری قال اصبنا سبایا یوم اوطاس لهن ازواج فی قومهن
فذکروا ذلك لرسول الله صلی الله علیه وسلم فنزلت والمحصنات من النساء الا ما ملکت ایمانکم هذا
حدیث حسن وهکذا روی الثوری عن عثمان البتی عن ابی الخلیل عن ابی سعید الخدری عن النبی صلی الله
علیه وسلم نحوه ولیس فی الحدیث عن ابی علقمة ولا اعلم ان احدا

پھر ابن عباس نے یہ آیت پڑھی واذ اخذ الله میثاق الذین اوتوا الکتاب لتبیننه للناس اور یہ آیت بھی پڑھی ولا تحسبن الذین یفرحون
بما اتوا ویحبون ان یحمدوا بما لم یفعلوا کہا ابن عباس نے سوال کیا انکو یعنے یہود کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک چیز سے پس انھون نے اسکو
چھپا رکھا اور کچھ اور بتلا دیا سو وہ نکلے اور کہتے تھے کہ ہمنے وہ خبر آپکو دی ہی جو کہ آپ نے ہمسے پوچھی ہی اور بسبب اسکے انھون نے حمد کی
خواہش کی اور خوش ہوے ساتھ اُس چیز کے جو انکو اپنی کتاب سے ملا ہی اور خوش ہوے ساتھ اسکے جو آپ نے اُنسے پوچھا ہی یہ حدیث
حسن غریب صحیح ہی **تفسیر بعض** سورۂ نسا کی بسم اللہ الرحمن الرحیم **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن آدم
نے کہا حدیث کی ہمسے ابن عیینہ نے محمد بن منکدر سے کہا اُسنے سنا مین نے جابر بن عبد اللہ سے کہ کہتا مین بیمار ہوگیا پس رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم میری عیادت کے واسطے تشریف لائے اور مجھپر بیہوشی تھی سو جب مجھے کچھ افاقہ ہوا تو مین نے کہا مین اپنے مال مین کسطرح فیصلہ
کرون پس آپ میری طرف سے چپ رہے یہانتک کہ یہ آیت نازل ہوئی یوصیکم اللہ فی اولادکم یعنے وصیت کرتا ہی تمکو اللہ بیچ اولاد تمھاری کے
واسطے مرد کے مانند حصہ دو عورتون کے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی اور کئی ایک اور نے بھی اسکو محمد بن منکدر سے روایت کیا ہی **حدیث** کی
ہمسے فضل بن صباح بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے محمد بن منکدر سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم
سے مثل اسکے۔ اور فضل بن صباح کی حدیث مین اس سے بہت کلام ہی **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے حبان بن
ہلال نے کہا حدیث کی ہمسے ہمام بن یحیی نے کہا حدیث کی ہمسے قتادہ نے ابی الخلیل سے اُسنے ابی علقمہ ہاشمی سے اُسنے ابی سعید خدری سے
کہا اُسنے جب دن اوطاس کا ہوا تو ہمکو غنیمت مین ایسی عورتین ملین کہ جنکے مشرکین مین خاوند موجود تھے پس ہم مین سے کئی مردون نے انکو مکروہ
جانا پھر اللہ تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی والمحصنات من النساء الخ یعنے اور بیاہی ہوئی عورتین ہین سے مگر جنکے مالک ہوے ہین داہنے ہاتھ تمھارے
یہ حدیث حسن ہی **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا خبر دی ہمکو ہشیم نے کہا حدیث کی ہمسے عثمان بتی نے ابی الخلیل سے اُسنے ابی سعید خدری
سے کہا اُسنے ہمکو اوطاس کے دن غنیمت مین ایسی عورتین ملین کہ جنکے خاوند اپنی قوم مین موجود تھے سو لوگون نے یہ بات رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وسلم کے پاس ذکر کی پس یہ آیت نازل ہوئی والمحصنات من النساء الا ما ملکت ایمانکم یہ حدیث حسن ہی اور روایت کی ہی ثوری نے عثمان بتی سے اُسنے
ابی الخلیل سے اُسنے ابی سعید خدری سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور حدیث مین ابی علقمہ کا ذکر نہین ہی اور مین نہین جانتا کہ کسی نے

بن عوف طعاما فدعانا وسقانا من الخمر فاخذت الخمر منا وحضرت الصلوٰة فقدموني فقرأت قل یا ایها الکٰفرون لا اعبد ماتعبدون ونحن نعبد ماتعبدون فانزل الله یا ایها الذین اٰمنوا لاتقربوا الصلوٰة وانتم سکاری حتی تعلموا ماتقولون هٰذا حدیث حسن غریب صحیح **حدثنا** قتیبة نا اللیث عن ابن شهاب عن عروة بن الزبیر انه حدثه ان عبدالله بن الزبیر حدثه ان رجلا من الانصار خاصم الزبیر فی شراج الحرة التی یسقون بها النخل فقال الانصاری سرح الماء یمر فابی علیه فاختصموا الی رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم للزبیر اسق یا زبیر وارسل الماء الی جارك فغضب الانصاری وقال یا رسول الله ان کان ابن عمتك فتغیر وجه رسول الله صلی الله علیه وسلم ثم قال یا زبیر اسق واحبس الماء حتی یرجع الی الجدر فقال الزبیر والله انی لاحسب هٰذه الاٰیة نزلت فی ذلك فلا وربك لا یؤمنون حتی یحکموك فیما شجر بینهم سمعت محمدا یقول قد روی ابن وهب هٰذا الحدیث عن اللیث بن سعد ویونس عن الزهری عن عروة عن عبدالله بن الزبیر نحو هٰذا الحدیث وروی شعیب بن ابی حمزة عن الزهری عن عروة بن الزبیر ولم یذکر فیه عن عبدالله بن الزبیر **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبة عن عدی بن ثابت قال سمعت عبدالله بن یزید یحدث عن زید بن ثابت انه قال فی هٰذه الاٰیة فما لکم فی المنافقین فئتین قال رجع ناس من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم یوم احد فکان الناس فیهم فریقین فریق منهم یقول اقتلهم وفریق یقول لا فنزلت هٰذه الاٰیة فما لکم فی المنافقین فئتین فقال انها طیبة وقال انها تنفی الخبث کما تنفی النار خبث الحدید هٰذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** الحسن بن محمد الزعفرانی نا شبابة نا ورقاء بن عمر عن عمرو بن دینار

بن عوف نے کھانا تیار کیا پس ہمکو بلایا اور ہمکو شراب پلائی سو شراب نے ہماری عقلوں کو پکڑ لیا اور نماز کا وقت حاضر ہوگیا سو انھوں نے مجھے امام بنا دیا پس میں نے یہ سورت پڑھی قل یا ایہا الکافرون لا اعبد ماتعبدون ونحن نعبد ماتعبدون پس اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی یا ایہا الذین آمنوا لاتقربوا الصلوٰة الخ یعنے اے ایمان والو نماز کے قریب مت جاؤ اس حالت میں کہ تم مست ہو یہانتک کہ جان لو جو تم کہتے ہو یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن شہاب سے اُسنے عروہ بن زبیر سے یہ کہ اُسنے حدیث کی ہے اسکو یہ کہ عبداللہ بن زبیر نے اسکو حدیث کی ہے یہ کہ ایک مرد نے انصار[۱] سے زبیر کے ساتھ ایک نالی میں (جو سنگریلی زمین میں تھی جس سے کھجوروں کو پانی پلاتے تھے) جھگڑا کیا پس کہا انصاری نے چھوڑ دے پانی کو کہ گذر رہے سو اُسنے انکار کیا پس جھگڑالی گئے طرف رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے زبیر سے اے زبیر (موافق حاجت کے اپنی کھیتی کو) پانی دے اور اپنے ہمسایہ کی طرف پانی چھوڑ دے سو وہ انصاری غضبناک ہوا اور کہنے لگا یا رسول اللہ آپ نے اسلیئے فرمایا ہے کہ آپکا بھتیجا تھا سو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا منہ مبارک متغیر ہوگیا پھر فرمایا آپ نے اے زبیر اپنی کھیتی کو پانی پلا اور پانی کو بند رکھ تاکہ منڈیر تک پہونچ جائے پس کہا زبیر نے قسم ہے اللہ کی میں گمان کرتا ہوں کہ یہ آیت اسی باب میں نازل ہوئی ہے فلا وربک لایؤمنون الخ یعنے پس قسم ہے پروردگار تیرے کی نہیں ایمان لاوینگے یہانتک کہ حاکم بناویں تجھکو بیچ اس چیز کے کہ پڑے جھگڑا درمیان اُنکے۔ کہا ترمذی نے سنا میں نے محمد سے کہتا روایت کی ہے یہ حدیث ابن وہب نے لیث بن سعد سے اور یونس نے زہری سے اُسنے عروہ سے اُسنے عبداللہ بن زبیر سے مثل اس حدیث کے۔ اور روایت کی ہے شعیب بن ابی حمزہ نے زہری سے اُسنے عروہ بن زبیر سے اور اُسنے اسمین عبداللہ بن زبیر کا ذکر نہیں کیا **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے عدی بن ثابت سے کہا اُسنے سنا میں نے عبداللہ بن یزید سے کہ حدیث کرتا تھا زید بن ثابت سے یہ کہ کہا اُسنے اس آیت میں فما لکم فی المنافقین فئتین کہا اُسنے لوگ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے احد کے دن واپس آئے سو وہ لوگ آپسمیں دو گروہ ہوگئے ایک گروہ انمیں سے کہتا تھا کہ اُنسے لڑیں اور ایک گروہ کہتا تھا کہ نہیں پس یہ آیت نازل ہوئی فما لکم الخ یعنے پس کیا ہوا ہے تمکو کہ منافقوں کے حق میں دو گروہ ہوتے ہو پھر فرمایا آپ نے اس شہر کا نام طیبہ ہے اور فرمایا آپ نے یہ دور کریگا خبیثوں کو جیسا کہ دور کرتی ہے آگ میل لوہے کی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے حسن بن محمد زعفرانی نے کہا حدیث کی ہمسے شبابہ نے کہا حدیث کی ہمسے ورقاء بن عمر نے عمرو بن دینار سے

[۱] یہ مرد جھگڑالو کہتے ہیں منافق تھا اور انصاری اسلئے کہا کہ قبیلہ انصار سے تھا اور صحیح یہ ہے کہ یہ شخص بدری تھا جیسا کہ بخاری کی روایت سے معلوم ہوتا ہے آنحضرت نے پہلے پہل حکم بطور اصلاح کے دیا تھا کہ جس سے دونوں کا کام چل جائے یعنے پہلے فرمایا تھا کہ بقدر ضرورت کے اپنی کھیتی کو پانی دیکر پھر اسکی طرف پانی کو جانے دے جب اُسنے کہا آپ اسکی رعایت اسلیئے کرتے ہیں کہ یہ آپکا بھتیجا ہے اس سے آنحضرت کو غصہ آیا اور پورا حق جو زبیر کا تھا

نصف المیراث فانزل اللہ تبارک وتعالی ولا تتمنوا ما فضل اللہ بہ بعضکم علی بعض قال مجاھد وانزل فیھا ان المسلمین و المسلمات وکانت ام سلمۃ اول ظعینۃ قدمت المدینۃ مھاجرۃ ھذا حدیث مرسل ورواہ بعضھم عن ابن ابی نجیح عن مجاھد مرسلا ان ام سلمۃ قالت کذا وکذا **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان عن عمرو بن دینار عن رجل من ولد ام سلمۃ عن ام سلمۃ قالت یا رسول اللہ لا اسمع اللہ ذکر النساء فی الھجرۃ فانزل اللہ تبارک وتعالی انی لا اضیع عمل عامل منکم من ذکر او انثی بعضکم من بعض **حدثنا** ھناد نا ابو الاحوص عن الاعمش عن ابراھیم عن علقمۃ قال قال عبد اللہ امرنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اقرأ علیہ وھو علی المنبر فقرأت علیہ من سورۃ النساء حتی اذا بلغت فکیف اذا جئنا من کل امۃ بشھید وجئنا بک علی ھؤلاء شھیدا غمزنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیدہ فنظرت الیہ وعیناہ تدمعان ھکذا روی ابو الاحوص عن الاعمش عن ابراھیم عن علقمۃ عن عبد اللہ وانما ھو ابراھیم عن عبیدۃ عن عبد اللہ **حدثنا** محمود بن غیلان نا معویۃ بن ھشام نا سفیان عن الاعمش عن ابراھیم عن عبیدۃ عن عبد اللہ قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اقرأ علی فقلت یا رسول اللہ اقرأ علیک وعلیک انزل قال انی احب ان اسمعہ من غیری فقرأت سورۃ النساء حتی بلغت وجئنا بک علی ھؤلاء شھیدا قال فرأیت عینی النبی صلی اللہ علیہ وسلم تھملان ھذا اصح من حدیث ابی الاحوص **حدثنا** سوید بن نصر نا ابن المبارک عن سفیان عن الاعمش نحو حدیث معویۃ بن ھشام **حدثنا** عبد بن حمید نا عبد الرحمن بن سعد عن ابی جعفر الرازی عن عطاء بن السائب عن ابی عبد الرحمن السلمی عن علی بن ابی طالب قال صنع لنا عبد الرحمن

آدھا حصہ ہے مردوں سے پس اللہ تبارک وتعالی نے یہ آیت نازل فرمائی ولا تتمنوا ما فضل اللہ الخ اور نہ خواہش کرو اس چیز کو جو فضیلت دی ہے اللہ نے ساتھ اسکے بعض تمہارے کو اوپر بعض کے. کہا مجاہد نے اور نیز اللہ نے اس باب میں یہ آیت اُتاری ان المسلمین والمسلمات الخ اور ام سلمہ سب عورتوں سے پہلے مدینہ میں ہجرت کرکے آئی ہے یہ حدیث مرسل ہے اور روایت کیا ہے اسکو بعض نے ابن ابی نجیح سے اُسنے مجاہد سے مرسل یہ کہ ام سلمہ نے اسطرح اسطرح کہا ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عمرو بن دینار سے اُسنے ایک مرد سے جو ام سلمہ کی اولاد سے تھا اُسنے ام سلمہ سے کہ کہا اُسنے یا رسول اللہ میں نہیں سنتی کہ اللہ تعالی نے عورتوں کا ذکر بھی ہجرت میں کیا ہو پس اللہ تبارک وتعالی نے یہ آیت نازل فرمائی انی لا اضیع عمل عامل الخ یعنے میں تم میں سے کسی عمل کرنیوالے کا عمل ضائع نہیں کرتا خواہ مرد ہو یا عورت بعض تمہارا بعض سے ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے اعمش سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے علقمہ سے کہا اُسنے کہا عبد اللہ نے مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ میں آپ پر پڑھوں اس حالت میں کہ آپ منبر پر تھے سو میں نے سورۂ نساء سے آپ پر کچھ آیتیں پڑھیں یہانتک کہ جب میں اسپر پہونچا (فکیف اذا جئنا من کل امۃ الخ یعنے پس کیونکر ہوگا جس وقت لاوینگے ہم ہر امت سے گواہی دینے والا اور لاوینگے ہم تجھکو اوپر انکے گواہ) تو مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے ٹھوکر ماری سو میں نے آپکی طرف دیکھا اور آپ کی آنکھیں آنسو گرا رہی تھیں ایسا ہی روایت کی ہے ابو الاحوص نے اعمش سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے علقمہ سے اُسنے عبد اللہ سے اور سوائے اسکے نہیں کہ ابراہیم روایت کرتا ہے عبیدہ سے وہ عبد اللہ سے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے معاویہ بن ہشام نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اعمش سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے عبیدہ سے اُسنے عبد اللہ سے کہا اُسنے فرمایا مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مجھے کچھ سنا پس میں نے کہا یا رسول اللہ کیا آپ پر پڑھوں حالانکہ آپ پر ہی قرآن نازل ہوا ہے فرمایا آپ نے میں دوست رکھتا ہوں کہ اسکو غیر سے بھی سنوں پس میں نے سورۂ نساء پڑھی یہانتک کہ جب میں اسپر پہونچا وجئنا بک علے ھؤلاء شھیدا کہا اُسنے پس دیکھا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں کو کہ رو رہی ہیں یہ صحیح ہے حدیث ابی الاحوص سے **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا خبر دی ہمکو ابن مبارک نے سفیان سے اُسنے اعمش سے مثل حدیث معاویہ بن ہشام کے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن سعد نے ابی جعفر رازی سے اُسنے عطاء بن سائب سے اُسنے ابی عبد الرحمن سلمی سے اُسنے علی بن ابی طالب سے کہا اُسنے ہمارے لئے[1] عبد الرحمن

[1] یہ قصہ شراب کی حرمت سے پہلے کا ہے حاصل اسکا یہ ہے کہ عبد الرحمن بن عوف نے جو کہ عشرہ مبشرہ سے ہیں ہمارے لیے کھانا پکایا اور جب تیار ہو گیا تو اُسنے ہمکو بلایا اور کھانا کھلایا بعد اسکے ہمکو شراب بھی پلائی جب ہمنے پی لی تو اسنے ہماری عقل بگاڑ دی اور اس حالت میں نماز کا وقت بھی پہونچ گیا جب ہم نماز پڑھنے لگے تو اُنھوں نے مجھے امام بنایا جب سورت پڑھنے لگا الحمد اور سورت کا فرون شروع کی تو کچھ اور طرح ہی پڑھنے لگا تب پروردگار نے یہ آیت اتاری کہ

انه قال لا يستوى القاعدون من المؤمنين غير اولى الضرر عن بدر والخارجون الى بدر لما نزلت غزوة بدر قال عبد الله بن جحش وابن ام مكتوم انا اعميان يارسول الله فهل لنا رخصة فنزلت لا يستوى القاعدون من المؤمنين غير اولى الضرر وفضل الله المجاهدين على القاعدين درجة فهؤلاء القاعدون غير اولى الضرر وفضل الله المجاهدين على القاعدين اجرا عظيما درجات منه على القاعدين من المؤمنين غير اولى الضرر هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه من حديث ابن عباس ومقسم يقال مولى عبد الله بن الحارث ويقال مولى عبد الله بن عباس ومقسم يكنى ابا القاسم **حدثنا** عبد بن حميد ثنى يعقوب بن ابراهيم بن سعد عن ابيه عن صالح بن كيسان عن ابن شهاب قال ثنى سهل بن سعد الساعدى قال رأيت مروان بن الحكم جالسا فى المسجد فاقبلت حتى جلست الى جنبه فاخبرنا ان زيد بن ثابت اخبره ان النبى صلى الله عليه وسلم املا عليه لا يستوى القاعدون من المؤمنين والمجاهدون فى سبيل الله قال فجاءه ابن ام مكتوم وهو يملها على فقال يارسول الله والله لو استطيع الجهاد لجاهدت وكان رجلا اعمى فانزل الله على رسوله وفخذه على فخذى فثقلت حتى همت ترض فخذى ثم سرى عنه فانزل الله عليه غير اولى الضرر هذا حديث حسن صحيح وفى هذا الحديث رواية رجل من اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم عن رجل من التابعين روى سهل بن سعد الانصارى عن مروان بن الحكم ومروان لم يسمع من النبى صلى الله عليه وسلم وهو من التابعين **حدثنا** عبد بن حميد انا عبد الرزاق

یہ کہا اُسنے نہیں برابر بیٹھنے والے مؤمنوں میں سے سوائے ضرر والوں کے بدر سے اور نکلنے والے طرف بدر کے جب جنگ بدر کا حکم نازل ہوا تو عبد اللہ بن جحش اور ابن ام مکتوم نے کہا یارسول اللہ ہم دونوں تو اندھے ہیں کیا ہمارے لیے رخصت ہے (کہ جنگ میں حاضر نہ ہوں) پس یہ آیت نازل ہوئی لا یستوی القاعدون من المؤمنین غیر اولی الضرر وفضل اللہ المجاہدین علی القاعدین درجۃ پس یہ لوگ جو بیٹھنے والے ہیں سوا سے ضرر والوں کے ہیں فضیلت دی ہے اللہ نے مجاہدین کو اوپر بیٹھنے والوں کے ثواب بڑے درجے کا اپنی طرف سے اوپر بیٹھنے والوں کے مؤمنوں سے سوائے ضرر والوں کے۔ یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس وجہ سے حدیث ابن عباس سے اور مقسم کہا گیا ہے کہ غلام ہے عبد اللہ بن حارث کا اور کہا گیا ہے کہ غلام ہے عبد اللہ بن عباس کا اور مقسم کی کنیت ابا القاسم ہے **حدیث** کی ہم سے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی مجھے یعقوب بن ابراہیم بن سعد نے اپنے باپ سے اُسنے صالح بن کیسان سے اُسنے ابن شہاب سے کہا حدیث کی مجھے سہل بن سعد ساعدی نے کہا اُسنے میں نے مروان بن حکم کو مسجد میں بیٹھا ہوا دیکھا سو میں بھی آیا یہانتک کہ اسکے کنارے بیٹھ گیا پس اُسنے ہمکو خبر دی کہ زید بن ثابت نے مجھے یہ خبر دی ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھے لکھایا لا یستوی[1] القاعدون من المؤمنین والمجاہدون فی سبیل اللہ الخ کہا اُسنے پس آپ کے پاس ابن ام مکتوم آیا اس حالت میں کہ آپ وہ آیت مجھے لکھا رہے تھے سو کہا اُسنے یارسول اللہ اگر میں طاقت جہاد کی رکھتا تو ضرور جہاد کرتا اور وہ نابینا آدمی تھا پس اللہ تعالی نے اپنے رسول پر یہ آیت نازل فرمائی اس حالت میں کہ ران مبارک آپکی میری ران پر تھی سو وہ ران مجھپر بھاری ہوئی یہانتک کہ قریب ہوا کہ میری ران ٹوٹ جائے پھر یہ حالت آپ سے دور کی گئی پس اللہ نے آپ پر یہ آیت اُتاری غیر اولی الضرر۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس حدیث میں ایک مرد صحابی آنحضرت کا روایت کرتا ہے ایک مرد تابعی سے یعنے روایت کرتا ہے سہل بن سعد انصاری مروان بن حکم سے حالانکہ مروان کا سماع آنحضرت سے نہیں ہے اور وہ تابعین سے ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا خبر دی ہمکو عبد الرزاق نے

[1] یعنے جو لوگ مؤمنوں سے سوائے ضرر والوں کے جو گھر بیٹھ رہے ہیں بدر سے یعنے بدر میں نہیں گئے اور جو بدر کی طرف گئے ہیں برابر نہیں ہیں۔ عن بدر متعلق قاعدون کے ہے۔ قولہ پس یہ لوگ جو بیٹھنے والے ہیں سوائے ضرر والوں کے ہیں یعنے مجاہدین کو جو فضیلت ملی ہے بیٹھنے والوں پر وہ بیٹھنے والے وہ ہیں جو بیمار نہیں ہیں یا اندھے لنگڑے نہیں ہیں اور جو ظاہر عیب والا یا بیماری کی حالت میں بیٹھ رہے جنگ میں حاضر نہ ہوے اور اسکی نیت تندرستی کی حالت میں جنگ کرنے کی ہو تو اس پر جہاد کرنیوالوں کی فضیلت نہیں ہے وہ شخص بھی انکے برابر ہے غرضکہ بدن کے نقصان والے جہاد کے حکم سے معاف ہیں باقی لوگوں میں لڑنے والوں کو بڑے درجے ہیں کہ بیٹھنے والوں کو نہیں اگرچہ بیٹھنے والے بھی جنتی ہیں اس سے معلوم ہوا کہ جہاد فرض کفایہ ہے فرض عین نہیں یعنے اگر بعضے جہاد کرتے رہیں تو نہ کرنیوالے معاف ہیں اور جو سب موقوف کریں تو سب گنہگار ہیں ۱۲ اسلئے یعنے پہلے تو اسطرح یہ آیت نازل ہوئی تھی لا یستوی القاعدون من المؤمنین والمجاہدون فی سبیل اللہ جب یہ آیت آنحضرت لکھوانے لگے تو ابن ام مکتوم بھی اسوقت آپکے پاس آپہونچا سنکر کہنے لگا یارسول اللہ میں تو جہاد کرنے کو مستعد ہوں مگر معذور ہوں کیا ہم بھی جہاد کرنے والوں کے برابر نہیں ہونگے اسوقت آپ پر وحی نازل ہوئی تو یہ لفظ نازل ہوا غیر اولی الضرر یعنے یہ حکم ضرر والوں کے سوا اور لوگوں کے واسطے ہے جو تندرستی کی حالت میں بیٹھ رہیں اور جہاد کو نہ جائیں ۱۲

عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یجئ المقتول بالقاتل یوم القیمۃ ناصیتہ ورأسہ بیدہ واوداجہ تشخب دما یقول یارب قتلنی ھذا حتی یدنیہ من العرش قال فذکروا لابن عباس التوبۃ فتلا ھذہ الآیۃ ومن یقتل مؤمنا متعمدا فجزاءہ جھنم قال ما نسخت ھذہ الآیۃ ولا بدلت وانی لہ التوبۃ ھذا حدیث حسن وقد روی بعضھم ھذا الحدیث عن عمرو بن دینار عن ابن عباس نحوہ ولم یرفعہ **حدثنا** عبد بن حمید نا عبد العزیز بن ابی رزمۃ عن اسرائیل عن سماک بن حرب عن عکرمۃ عن ابن عباس قال مر رجل من بنی سلیم علی نفر من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ومعہ غنم لہ فسلم علیھم قالوا ما سلم علیکم الا لیتعوذ منکم فقاموا وقتلوہ واخذوا غنمہ فاتوا بھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فانزل اللہ تعالی یا ایھا الذین آمنوا اذا ضربتم فی سبیل اللہ فتبینوا ولا تقولوا لمن القی الیکم السلام لست مؤمنا ھذا حدیث حسن وفی الباب عن اسامۃ بن زید **حدثنا** محمود بن غیلان نا وکیع نا سفیان عن ابی اسحق عن البراء بن عازب قال لما نزلت لا یستوی القاعدون من المؤمنین الآیۃ جاء عمرو بن ام مکتوم الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وکان ضریر البصر فقال یا رسول اللہ ما تامرنی انی ضریر البصر فانزل اللہ ھذہ الآیۃ غیر اولی الضرر الآیۃ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ایتونی بالکتف والدواۃ او اللوح والدواۃ ھذا حدیث حسن صحیح ویقال عمرو بن ام مکتوم ویقال عبد اللہ ابن ام مکتوم وھو عبد اللہ بن زائدۃ وام مکتوم امہ **حدثنا** الحسن بن محمد الزعفرانی نا الحجاج بن محمد عن ابن جریج قال اخبرنی عبد الکریم سمع مقسما مولی عبد اللہ بن الحارث یحدث عن ابن عباس

اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے قیامت کے دن مقتول قاتل کو لائیگا اس حالت میں کہ پیشانی اسکی اور سر اسکا اسکے ہاتھ میں ہوگا اور آنتیں اسکی خون بہتی ہونگی کہیگا اے رب میرے اُسنے مجھے قتل کیا ہے حتے کہ اُسے عرش کے قریب کردیگا کہا راوی نے پس لوگوں نے ابن عباس کے پاس توبہ کا ذکر کیا (کیا توبہ اسکی منظور ہے یا نہیں) تو اُسنے یہ آیت پڑھی ومن یقتل مؤمنا الخ یعنے جو شخص مومن کو دیدہ و دانستہ قتل کر دے تو جزا اسکی جہنم ہے۔ کہا ابن عباس نے نہ یہ آیت منسوخ ہوئی ہے اور نہ بدل ہوئی ہے اور کسطرح اسکے لیے توبہ ہے[1]۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور روایت کیا ہے بعض نے اس حدیث کو عمرو بن دینار سے اُسنے ابن عباس سے مثل اسکے۔ اور اسکو مرفوع نہیں کیا **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن ابی رزمہ نے اسرائیل سے اُسنے سماک بن حرب سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے ایک مرد قبیلہ بنی سلیم سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے چند اصحاب پر گذرا اور اسکے پاس اپنی بکریاں تھیں پس اُسنے انکو سلام کیا کہا انھوں نے اُسنے تمکو اسلیے سلام کیا ہے کہ تاکہ تمسے پناہ لے سو وہ کھڑے ہوے اور اسکو قتل کیا اور اسکی بکریاں لے لیں اور انکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لائے پس اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی یا ایھا الذین آمنوا اذا ضربتم فی سبیل اللہ الخ یعنے اے ایمان والو جب تم اللہ تعالی کی راہ میں سفر کرو تو طلب کرو اور نہ کہو اس شخص کو جو ڈالے طرف تمھارے سلام تو مومن نہیں ہے۔ یہ حدیث حسن ہے اور اس باب میں اسامہ بن زید سے بھی روایت ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے براء بن عازب سے کہا اُسنے جب یہ آیت لا یستوی القاعدون من المؤمنین نازل ہوئی تو عمرو بن ام مکتوم نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور یہ نابینا تھا پس کہنے لگا یا رسول اللہ مجھے آپ کیا حکم کرتے ہیں کیونکہ میں نابینا ہوں پھر اللہ تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی غیر اولی الضرر پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے لاؤ میرے پاس ہڈی شانہ کی اور دوات یا فرمایا آپ نے تختی اور دوات۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور کہا گیا ہے عمرو بن ام مکتوم اور کہا گیا ہے عبد اللہ بن ام مکتوم اور یہ عبد اللہ بن زائدہ ہے اور ام مکتوم اسکی والدہ ہے **حدیث** کی ہمسے حسن بن محمد زعفرانی نے کہا حدیث کی ہمسے حجاج بن محمد نے ابن جریج سے کہا اُسنے خبر دی مجھے عبد الکریم نے سنا اُسنے مقسم سے جو غلام عبد اللہ بن حارث کا ہے حدیث کرتا تھا ابن عباس سے

[1] ابن عباس کا یہی مذہب تھا کہ ایسے قاتل کی توبہ منظور نہیں مگر جمہور کا مذہب اسکے برخلاف ہے کیونکہ اللہ تعالی نے فرمایا ہے ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ ویغفر ما دون ذلک لمن یشاء یعنے شرک کے سوا سے تمام گناہ اللہ تعالی جسکے واسطے چاہے بخشدیتا ہے اسمیں قتل بھی داخل ہے علاوہ ازیں القیاس اور بھی کئی دلائل ہیں جنسے ثابت ہوتا ہے کہ مسلمانوں کے گناہ معاف کیے جاوینگے اور مراد خلود سے بہت دیر تک ٹھہرنا ہے یا معنے یہ ہونگے کہ سزا ایسے شخص کی یہ ہے یعنے ایسا شخص لائق اسی سزا کے ہے کہ اسکو جہنم میں ہمیشہ رکھا جاوے کیونکہ اُسنے ایک بڑا بھاری گناہ کیا ہے مگر پروردگار ایسے شخص کو اس سزا سے اپنے فضل و کرم سے محفوظ

وکان الرجل اذا کان له یسار فقدمت ضافطة من الشام من الدرمك ابتاع الرجل منها فخص بها نفسه واما العیال فانما طعامهم التمر والشعیر فقدمت ضافطة من الشام فابتاع عمی رفاعة بن زید حملا من الدرمك فجعله فی مشربة له وفی المشربة سلاح درع وسیف فعدی علیه من تحت البیت فنقبت المشربة واخذ الطعام والسلاح فلما اصبح اتانی عمی رفاعة فقال یا ابن اخی انه قد عدی علینا فی لیلتنا هذه فنقبت مشربتنا وذهب بطعامنا وسلاحنا قال فتحسسنا فی الدار وسألنا فقیل لنا قد رأینا بنی ابیرق استوقدوا فی هذه اللیلة ولا نری فیما نری الا علی بعض طعامکم قال وکان بنو ابیرق قالوا ونحن نسأل فی الدار والله ما نری صاحبکم الا لبید بن سهل رجل منا له صلاح واسلام فلما سمع لبید اخترط سیفه وقال انا اسرق فوالله لیخالطنکم هذا السیف اولتبینن هذه السرقة قالوا الیك عنا ایها الرجل فما انت بصاحبها فسألنا فی الدار حتی لم نشك انهم اصحابها فقال لی عمی یا ابن اخ لو اتیت رسول الله صلی الله علیه وسلم فذکرت ذلك له قال قتادة فاتیت رسول الله صلی الله علیه وسلم فقلت ان اهل بیت منا اهل جفاء عمدوا الی عمی رفاعة بن زید فنقبوا مشربة له واخذوا سلاحه وطعامه فلیردوا علینا سلاحنا فاما الطعام فلا حاجة لنا فیه فقال النبی صلی الله علیه وسلم سآمر فی ذلك فلما سمع بنو ابیرق اتوا رجلا منهم یقال له اسیر بن عروة فکلموه فی ذلك واجتمع فی ذلك ناس من اهل الدار فقالوا یا رسول الله ان قتادة بن النعمان وعمه عمدا الی اهل بیت منا اهل اسلام وصلاح یرمونهم بالسرقة من غیر بینة ولا ثبت قال قتادة فاتیت رسول الله صلی الله علیه وسلم فکلمته فقال عمدت الی اهل بیت ذکر منهم اسلام وصلاح ترمیهم بالسرقة علی غیر ثبت ولا بینة قال فرجعت ولوددت انی خرجت من بعض مالی ولم اکلم رسول الله صلی الله علیه وسلم فی ذلك فاتانی عمی رفاعة فقال

اور جب کسی آدمی کے پاس کچھ مال ہوتا اور کوئی قافلہ شام سے آٹا لے آتا تو وہ آدمی اس سے خرید لیتا اور خاص اپنے نفس کے لئے رکھتا اور (باقی) عیال کا کھانا تو فقط کھجوریں اور جو ہی ہوتے پس (ایک مرتبہ) قافلہ شام سے آیا تو میرے چچا رفاعہ بن زید نے ایک بوجھ آٹے کا خرید لیا اور اسکو اپنے بالاخانہ میں رکھ دیا اور بالاخانہ میں ہتھیار یعنے ڈھال اور تلوار رکھی تھے پس گھر کے نیچے سے میرے چچا کے چوری کی گئی اور اس بالاخانہ کی نقب زنی کی گئی اور کھانا اور ہتھیار چرائے گئے سو جب اُسنے صبح کی تو میرے پاس میرا چچا رفاعہ آیا اور کہنے لگا ای میرے بھتیجے اس رات میں ہم پر بہت ظلم ہوا ہے یعنے ہمارے بالاخانہ کو نقب لگائی گئی ہے اور ہمارا طعام اور ہتھیار لے گئے ہیں کہا اُسنے سو ہمنے اپنے گھر میں بہت تلاش کی اور دریافت کیا سو ہمسے کہا گیا کہ ہمنے بنی ابیرق کو دیکھا ہے کہ انھوں نے اس رات میں آگ جلائی تھی اور ہمارے گمان میں تو یہی ہے کہ انھوں نے تمھارے طعام کے لئے جلائی تھی کہا راوی نے سو بنو ابیرق نے کہا اسحالت میں کہ ہم گھر میں اس امر کی بابت دریافت کر رہے تھے کہ قسم ہے اللہ کی ہمارا یہی گمان ہے کہ تمھارا صاحب یعنے چور لبید بن سہل ہے جو مرد ہم میں سے ہے اسکے واسطے بھلائی اور اسلام ہے یعنے جو نیک آدمی اور مسلمان ہے پس جب لبید نے یہ بات سنی تو اپنی تلوار کو کھینچ لیا اور کہا کیا میں چرانے والا ہوں پس قسم ہے اللہ کی ضرور یہ تلوار تم میں پہونچے گی جبتک کہ یہ چوری ظاہر ہو وہ کہنے لگے ای مرد تو ہمسے ہٹ جا تو اسکا صاحب نہیں ہے یعنے تم ہمارے درمیان تلوار نہ چلاؤ آپ نے یہ کام نہیں کیا سو ہمنے گھر میں سوال کیا یہاں تک کہ ہمکو یقین ہو گیا کہ وہی یعنے بنو ابیرق اسکے اصحاب ہیں یعنے وہی لوگ چور ہیں پھر مجھے میرے چچا نے کہا ای میرے بھتیجے کاشکے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس جاتا اور اس امر کا ذکر کرتا کہا قتادہ نے سو میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور میں نے کہا کہ ایک گھر ہم میں سے ظالم ہے انھوں نے میرے چچا رفاعہ بن زید کی طرف قصد کیا اور اسکے بالاخانہ کو نقب لگائی اور اسکے ہتیار اور طعام کو لے لیا سو چاہئے کہ ہمارے ہتیار تو ہمکو دیدیں اور طعام کی تو ہمکو حاجت نہیں پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے میں جلدی اس امر میں فیصلہ کر دونگا سو جب بنو ابیرق نے اس بات کو سنا تو وہ ایک مرد کے پاس جو انھیں سے تھا آئے اسکو اسیر بن عروہ کہا جاتا تھا پس اس سے اس بات میں کلام کیا اور اسمیں بہت لوگ گھر کے جمع ہوے اور انھوں نے کہا یا رسول اللہ قتادہ بن نعمان اور اسکے چچا نے ہمارے ایک گھر والوں کی طرف جو مسلمان اور نیکوکار ہیں قصد کر کے انکو چوری کی تہمت سوائے شہادت اور تحقیق کے لگائی ہے۔ کہا قتادہ نے پھر میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپ سے گفتگو کی پس فرمایا آپ نے تو نے ایسے گھر کی طرف قصد کیا ہے جسکا اسلام اور بھلائی ذکر کی گئی ہے تو انکو بغیر تحقیق اور بغیر شہادت کے چوری کی تہمت لگاتا ہے کہا قتادہ نے پھر میں واپس چلا آیا اور مجھے یہ بات پسند آئی تھی کہ اپنے میں کچھ حصہ مال سے نکل جاتا اور اس امر میں رسول اللہ صلعم سے کلام نہ کرتا پھر میرے پاس میرا چچا رفاعہ آیا اور کہنے لگا

نا ابن جریج قال سمعت عبد الرحمٰن بن عبد اللہ بن ابی عمار یحدث عن عبد اللہ بن باباہ عن یعلی بن امیۃ قال قلت لعمر انما قال اللہ ان تقصروا من الصلوٰۃ ان خفتم وقد امن الناس فقال عمر عجبت مما عجبت منہ فذکرت ذلک لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال صدقۃ تصدق اللہ بہا علیکم فاقبلوا صدقتہ ھٰذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمود بن غیلان نا عبد الصمد بن عبد الوارث نا سعید بن عبید الهنائی نا عبد اللہ بن شقیق قال نا ابو ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نزل بین ضجنان وعسفان فقال المشرکون ان لھٰؤلاء صلوٰۃ ھی احب الیھم من اٰبائھم وابنائھم وھی العصر فاجمعوا امرکم فمیلوا علیھم میلۃ واحدۃ وان جبرئیل اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فامرہ ان یقسم اصحابہ شطرین فیصلی بھم وتقوم طائفۃ اخریٰ وراءھم ولیاخذوا حذرھم واسلحتھم ثم یاتی الاٰخرون ویصلون معہ رکعۃ واحدۃ ثم یاخذ ھٰؤلاء حذرھم واسلحتھم فتکون لھم رکعۃ رکعۃ ولرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رکعتان ھٰذا حدیث حسن صحیح غریب من حدیث عبد اللہ بن شقیق عن ابی ہریرۃ وفی الباب عن عبد اللہ بن مسعود وزید بن ثابت وابن عباس وجابر وابی عیاش الزرقی وابن عمر وحذیفۃ وابی بکرۃ وسہل بن ابی حثمۃ وابو عیاش الزرقی اسمہ زید بن الصامت **حدثنا** الحسن بن احمد بن ابی شعیب ابو مسلم الحرانی نا محمد بن سلمۃ الحرانی نا محمد بن اسحٰق عن عاصم بن عمر بن قتادۃ عن ابیہ عن جدہ قتادۃ بن النعمان قال کان اھل بیت منا یقال لھم بنو ابیرق بشر وبشیر ومبشر فکان بشیر رجلا منافقا یقول الشعر یھجو بہ اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثم ینحلہ بعض العرب ثم یقول قال فلان کذا وکذا فاذا سمع اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذلک الشعر قالوا واللہ ما یقول ھٰذا الشعر الا ھٰذا الخبیث او کما قال الرجل وقالوا ابن الابیرق قالھا قال وکانوا اھل بیت حاجۃ وفاقۃ فی الجاھلیۃ والاسلام وکان الناس انما طعامھم بالمدینۃ التمر والشعیر

کہا حدیث کی ہم سے ابن جریج نے کہا سنا میں نے عبد الرحمن بن عبد اللہ بن ابی عمار سے کہ حدیث کرتا تھا عبد اللہ بن باباہ سے اُسنے یعلی بن امیہ سے کہا اُسنے کہا میں نے حضرت عمر سے کہ اللہ تعالیٰ نے تو یہ فرمایا ہے کہ نماز کو قصر کرو اگر تمکو خوف ہو اور اب تو آدمی بے خوف ہیں پس کہا حضرت عمر نے میں نے بھی تعجب کیا تھا جس سے تو نے تعجب کیا ہے سو میں نے اسکا ذکر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کیا پس فرمایا آپ نے یہ صدقہ ہے اللہ تعالیٰ نے اسکو تمپر صدقہ کیا ہے سو تم اسکے صدقے کو قبول کرو یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الصمد بن عبد الوارث نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن عبید ہنائی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن شقیق نے کہا حدیث کی ہمسے ابو ہریرہ نے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم درمیان ضجنان اور عسفان (ہر دو نام مقام) کے نازل ہوئی سو کہا مشرکوں نے کہا لوگوں کی ایک نماز ہے کہ انکو یہ نماز اپنے باپوں اور بیٹوں سے زیادہ پسند ہے اور وہ عصر ہے سو تم اپنے اسباب کو جمع کرو اور انپر یکدفعہ حملہ کرو اور جبرئیل علیہ السلام نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور آپ کو حکم دیا کہ اپنے اصحاب کے دو حصے کر دو اور انکو نماز پڑھاؤ اور دوسرا گروہ انکے مقابل میں کھڑا ہو اور اپنی ڈھالوں اور ہتیاروں کو پکڑ لیں پھر دوسرے آویں اور آپ کے ساتھ ایک رکعت پڑھیں پھر یہ لوگ اپنی ڈھالوں اور ہتیاروں کو پکڑ لیں پس انکے لئے (یعنے واسطے ہر ایک گروہ کے ایک ایک رکعت ہو جائے اور واسطے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے دو رکعتیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے طریق عبد اللہ بن شقیق سے جو راوی ہے ابی ہریرہ سے۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن مسعود اور زید بن ثابت اور ابن عباس اور جابر اور ابی عیاش زرقی اور ابن عمر اور حذیفہ اور ابی بکرہ اور سہل بن ابی حثمہ سے اور ابو عیاش زرقی کا نام زید بن صامت ہے **حدیث** کی ہمسے حسن بن احمد بن ابی شعیب یعنے ابو مسلم حرانی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن سلمہ حرانی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن اسحاق نے عاصم بن عمر بن قتادہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا قتادہ بن نعمان سے کہا اُسنے ہم میں سے ایک اہل بیت تھا انکو بنو ابیرق کہا جاتا تھا وہ بشر اور بشیر اور مبشر تھے اور بشیر منافق آدمی تھا شعر کہتا تھا انمیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کی ہجو کرتا تھا پھر انکو بعض عرب کی طرف منسوب کر دیتا پھر کہتا فلانے آدمی نے اسطرح اسطرح کہا ہے سو جب ان اشعار کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سنتے تو کہتے قسم ہے اللہ کی نہیں کہتا ان اشعار کو مگر یہی خبیث یا جسطرح کوئی کہتا اور کہتے کہ ابن الابیرق نے کہے ہیں کہا راوی نے اور لوگ زمانہ جاہلیت اور اسلام میں (عموما) بھوکے تھے اور لوگوں کا کھانا مدینہ میں تو فقط کھجوریں اور جو ہی تھے

سعد بن مالك بن سنان حدثنا خلاد بن اسلم البغدادی نا النضر بن شميل عن اسرائيل عن ثوير وهو ابن ابی فاختة عن ابيه عن علی بن ابی طالب قال ما فی القرآن اية احب الی من هذه الاية ان الله لا يغفر ان يشرك به ويغفر ما دون ذلك لمن يشاء وهذا حديث حسن غريب وابو فاختة اسمه سعيد بن علاقة وثوير يكنى ابا جهم وهو رجل كوفی وقد سمع من ابن عمر وابن الزبير وابن مهدی كان يغمزه قليلا حدثنا ابن ابی عمر وعبد الله بن ابی زياد المعنی واحد قالا نا سفيان بن عيينة عن ابن محيصن عن محمد بن قيس بن مخرمة عن ابی هريرة قال لما نزلت من يعمل سوءا يجز به شق ذلك علی المسلمين فشكوا ذلك الی النبی صلی الله عليه وسلم فقال قاربوا وسددوا وفی كل ما يصيب المؤمن كفارة حتی الشوكة يشاكها او النكبة ينكبها هذا حديث حسن غريب وابن محيصن اسمه عمر بن عبد الرحمن بن محيصن حدثنا يحيی بن موسی وعبد بن حميد قالا نا روح بن عبادة عن موسی بن عبيدة قال اخبرنی مولی ابن سباع قال سمعت عبد الله بن عمر يحدث عن ابی بكر الصديق قال كنت عند النبی صلی الله عليه وسلم فانزلت عليه هذه الاية من يعمل سوءا يجز به ولا يجد له من دون الله وليا ولا نصيرا فقال رسول الله صلی الله عليه وسلم يا ابا بكر الا اقرئك اية انزلت علی قلت بلی يا رسول الله قال فاقرانيها فلا اعلم الا انی وجدت فی ظهری اقتصاما فتمطات لها فقال رسول الله صلی الله عليه وسلم ما شانك يا ابا بكر فقلت يا رسول الله بابی انت وامی واينا لم يعمل سوءا وانا لمجزيون بما عملنا فقال رسول الله صلی الله عليه وسلم اما انت يا ابا بكر والمؤمنون فتجزون بذلك فی الدنيا حتی تلقوا الله وليس لكم ذنوب واما الاخرون فيجتمع ذلك لهم حتی يجزوا به يوم القيمة هذا حديث غريب

سعد بن مالک بن سنان ہیں۔ حدیث کی ہمسے خلاد بن اسلم بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے نضر بن شمیل نے اُنسے اسرائیل سے اُنسے ثویر سے جو بیٹا ابی فاختہ کا ہے اُنسے اپنے باپ سے اُنسے علی بن ابی طالب سے کہا اُنسے کوئی قرآن میں آیت نہیں جو مجھے اس آیت سے زیادہ محبوب ہو ان اللہ لا یغفر الخ تحقیق اللہ نہیں بخشتا یہ کہ شریک لایا جاوے ساتھ اسکے اور بخشتا ہے جو سوا اسکے ہے واسطے جسکے چاہے۔ اور یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور ابو فاختہ کا نام سعید بن علاقہ ہے اور ثویر کی کنیت ابا جہم ہے اور یہ مرد کوفی ہے اور سنا ہے اُسنے ابن عمر اور ابن زبیر سے اور ابن مہدی اسکو تھوڑا سا طعن کیا کرتا تھا۔ حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر اور عبد اللہ بن ابی زیاد نے (معنے واحد ہیں) کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے ابن محیصن سے اُسنے محمد بن قیس بن مخرمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے جب یہ آیت نازل ہوئی (من یعمل سوءا یجز بہ یعنے جو شخص عمل کرے برائی کا بدلہ دیا جاویگا اسکا) تو مسلمانوں پر بڑی مشقت گذری تو انھوں نے یہ شکوہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف کیا پس فرمایا آپ نے کہ میانہ روی اختیار کرو اور راہ راست چلو اور ہر چیز میں جو مومن کو پہونچتی ہے اسمیں اسکے لیے کفارہ ہے[1] یہانتک کہ کانٹا جو اسکو لگتا ہے اور سختی جو اسکو پہونچتی ہے یہ حدیث حسن غریب ہے اور ابن محیصن کا نام عمر بن عبد الرحمن بن محیصن ہے۔ حدیث کی ہمسے یحیی بن موسی اور عبد بن حمید نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے روح بن عبادہ نے موسی بن عبیدہ سے کہا خبر دی مجھے مولی بن سباع نے کہا سنا میں نے عبد اللہ بن عمر سے کہ حدیث کرتا تھا ابی بکر صدیق سے کہا اُسنے میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا پس آپ پر یہ آیت نازل ہوئی ومن یعمل سوءا الخ یعنے جو کوئی عمل کرے برا بدلہ دیا جاویگا ساتھ اسکے اور نہ پاوے واسطے اپنے سوائے اللہ کے دوست اور نہ مدد دینے والا پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ای ابا بکر کیا میں تجھے آیت جو مجھپر نازل ہوئی ہے نہ پڑھاؤں میں نے کہا کیوں نہیں یا رسول اللہ کہا حضرت ابو بکر نے سو آپ نے مجھے پڑھادی پس میں نہیں جانتا مگر یہ کہ میں نے اپنی پشت میں شکستگی پائی سو میں نے اسکے لیے انگڑائی لی سو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ای ابا بکر تیرا کیا حال ہے میں نے کہا یا رسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں اور کون شخص ہم میں سے برا عمل نہیں کرتا اور ہم بدلہ دیے جاویںگے ساتھ اس چیز کے جو ہم کرتے ہیں پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بہرحال تو ای ابا بکر اور تمام مومن تو اسکا بدلہ دنیا میں ہی دیے جاؤگے یہانتک کہ تم ملاقات کروگے اللہ سے اس حالت میں کہ تمہارا کوئی گناہ نہ ہوگا۔ اور بہرحال دوسرے لوگ تو یہ گناہ انکے لیے جمع رہیں گے تا کہ قیامت کے دن اسکا بدلہ دیے جاوینگے۔ یہ حدیث غریب ہے

[1] یعنے عبادت بلکہ ہر چیز میں افراط اور تفریط سے بچو عبادت میں ایسی کثرت بہتر جو افسردہ اور ملول کردے نہ ایسی قلت اچھی کہ دل پر اسکی کچھ تاثیر نہ ہو فرمایا آپ نے مومن کو جو کچھ تکلیف دنیا میں پہونچتی ہے وہ اسکے گناہوں کا کفارہ ہو جاتی ہے۔ اس کتاب والوں کو خیال تھا کہ ہم خاص بندے ہیں جن گناہوں پر خلق پکڑی جاویگی ہم نہ پکڑے جاوینگے ہمارے پیمبر حمایت کرینگے اور نادان مسلمان بھی اپنے حق میں یہی خیال رکھتے ہیں یہود و نصاری سے ۱۲

یا بن اخ ما صنعت فاخبرته بما قال لی رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال الله المستعان فلم نلبث ان نزل القرآن انا انزلنا الیك الكتاب بالحق لتحكم بین الناس بما اراك الله ولا تكن للخائنین خصیما بنی ابیرق واستغفر الله مما قلت لقتادة ان الله كان غفورا رحیما ولا تجادل عن الذین یختانون انفسهم ان الله لا یحب من كان خوانا اثیما یستخفون من الناس ولا یستخفون من الله وهو معهم الی قوله رحیما ای لو استغفر الله لغفر لهم ومن یكسب اثما فانما یكسبه علی نفسه الی قوله واثما مبینا قولهم للبید ولولا فضل الله علیك ورحمته الی قوله فسوف نؤتیه اجرا عظیما فلما نزل القرآن اتی رسول الله صلی الله علیه وسلم بالسلاح فرده الی رفاعة فقال قتادة لما اتیت عمی بالسلاح وكان شیخا قد عشا او عسا الشك من ابی عیسی فی الجاهلیة وكنت اری اسلامه مدخولا فلما اتیته بالسلاح قال یا بن اخی هی فی سبیل الله فعرفت ان اسلامه كان صحیحا فلما نزل القرآن لحق بشیر بالمشركین فنزل علی سلافة بنت سعد بن سمیة فانزل الله تعالی ومن یشاقق الرسول من بعد ما تبین له الهدی ویتبع غیر سبیل المؤمنین نوله ما تولی ونصله جهنم وساءت مصیرا ان الله لا یغفر ان یشرك به ویغفر ما دون ذلك لمن یشاء ومن یشرك بالله فقد ضل ضلالا بعیدا فلما نزل علی سلافة رماها حسان بن ثابت بابیات من شعر فاخذت رحله فوضعته علی راسها ثم خرجت به فرمت به فی الابطح ثم قالت اهدیت لی شعر حسان ما كنت تاتینی بخیر هذا حدیث غریب لا نعلم احدا اسنده غیر محمد بن سلمة الحرانی وروی یونس بن بكیر وغیر واحد هذا الحدیث عن محمد بن اسحق عن عاصم بن عمر بن قتادة مرسلا لم یذكروا فیه عن ابیه عن جده وقتادة بن النعمان هو اخو ابی سعید الخدری لامه وابو سعید اسمه

ای میرے بھتیجے تونے کیا کیا ہے سو میں نے اسکو اسکی خبر دی جو مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہا تھا اسنے کہا اللہ ہی ہے مددگار نہوالا پس ہم ٹھہرے کہ قرآن نازل ہوا انا انزلنا الیک الکتاب الخ یعنے تحقیق نازل کی ہمنے طرف تیرے کتاب ساتھ حق کے تو کہ حاکم کرے تو درمیان لوگوں کے ساتھ اس چیز کے کہ دکھاتا ہے تجھکو اللہ اور مت ہو خیانت کرنے والوں کی طرف سے جھگڑنیوالا یعنے بنی ابیرق سے اور بخشش مانگ اللہ سے اس سے جو تونے قتادہ سے کہا ہے تحقیق اللہ ہے بخشنے والا مہربان اور مت جھگڑ تو اُن لوگوں کی طرف سے کہ خیانت کرتے ہیں جانوں اپنے کو تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا اُس شخص کو جو ہے خیانت کرنیوالا گنہگار چھپتے ہیں لوگوں سے اور نہیں چھپ سکتے اللہ سے اور وہ ساتھ انکے ہے غفورا رحیما تک یعنے اگر اللہ تعالی سے بخشش مانگتے تو اُنپر بخشش کرتا۔ اور جو کوئی کماوے گناہ پس سوائے اُسکے نہیں کہ کماتا ہے اسکو اوپر جان اپنی کے اثما مبینا تک قول بنی ابیرق کا واسطے لبید کے اور اگر نہوتا فضل اللہ کا اوپر تیرے اور رحمت اسکی الی قولہ فسوف نؤتیہ اجرا عظیما پس جب قرآن نازل ہوا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ہتیار لائے گئے سو آپ نے وہ رفاعہ کو دیدیئے پس کہا قتادہ نے جب میں اپنے چچا کے پاس ہتیار لیکر آیا اور وہ بوڑھا تھا زمانہ جاہلیت میں ہی بڈھا یا کم نظر (شک ابی عیسے سے ہے) ہو گیا تھا اور میں اُسکے اسلام کی بابت گمان کرتا تھا کہ شر لرزل ہے پس جب میں اسکے پاس ہتیار لایا تو کہنے لگا ای میرے بھتیجے یہ اللہ کی راہ میں ہیں پھر میں نے معلوم کیا کہ اسلام اسکا درست تھا سو جب قرآن نازل ہوا تو بشیر مشرکوں کے ساتھ مل گیا اور سلافہ بنت سعد بن سمیہ کے گھر چلا گیا پھر اللہ تعالی نے یہ آیت اُتاری ومن یشاقق الرسول[1] الخ اور جو کوئی مخالفت کرے رسول کی پیچھے اسکے کہ ظاہر ہوئی واسطے اسکے ہدایت اور پیروی کرے سوائے راہ مسلمانوں کے متوجہ کرینگے ہم اسکو جدھر متوجہ ہوا ہے اور داخل کرینگے ہم اسکو دوزخ میں اور بری ہے جگہ پھر جانے کی تحقیق اللہ نہیں بخشتا یہ کہ شریک لایا جاوے ساتھ اسکے اور بخشتا ہے جو سوائے اسکے ہے واسطے جسکے چاہے اور جو کوئی شریک لاوے ساتھ اللہ کے پس تحقیق گمراہ ہوا گمراہی دور سو جب وہ سلافہ کے گھر جا بسا تو حسان بن ثابت نے چند اشعار میں اسکی ہجو کی سو سلافہ نے اپنا پالان پکڑا اور اسکو اپنے سر پر رکھا پھر وہ لیکر نکل گئی پھر اسکو ابطح میں ڈالدیا پھر کہا سلافہ نے تونے میری طرف حسان کے شعر بھیجے ہیں تو میرے پاس نیکی نہیں لایا یہ حدیث غریب ہے اور ہم نہیں جانتے کہ سوائے محمد بن سلمہ حرانی کے کسی نے اسکو مسند کیا ہو۔ اور روایت کیا یونس بن بکیر اور کئی ایک نے اس حدیث کو محمد بن اسحاق سے اُسنے عاصم بن عمر بن قتادہ سے مرسل انھوں نے اسمیں یہ ذکر نہیں کیا کہ باپ اسکا راوی ہے اسکے دادا سے۔ اور قتادہ بن نعمان ابو سعید خدری کا ماں کی طرف سے بھائی ہے اور ابو سعید کا نام

[1] اس آیت سے لوگوں نے اجماع پر دلیل پکڑی ہے کہ اجماع شرعی حکم ہے۔ رسول نے فرمایا کہ اللہ کا ہاتھ ہے مسلمانوں کی جماعت پر جسنے جدی راہ پکڑی وہ جا پڑا دوزخ میں پس جس بات پر امت کا اجماع ہوا

ورضيت لكم الاسلام دينا وعنده يهودي فقال لو انزلت هذه الاية علينا لاتخذنا يومها عيدا فقال ابن عباس
فانها نزلت في يوم عيدين في يوم الجمعة ويوم عرفة هذا حديث حسن غريب من حديث ابن عباس **حدثنا**
احمد بن منيع نا يزيد بن هارون انا محمد بن اسحق عن ابي الزناد عن الاعرج عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله
عليه وسلم يمين الرحمن ملائ سحاء لا يغيضها الليل والنهار قال ارأيتم ما انفق منذ خلق السموات فانه لم يغض
ما في يمينه وعرشه على الماء وبيده الاخرى الميزان يخفض ويرفع هذا حديث حسن صحيح وهذا الحديث في تفسير هذه
الاية وقالت اليهود يد الله مغلولة غلت ايديهم الاية وهذا الحديث قال الائمة يؤمن به كما جاء من غير ان يفسر
او يتوهم هكذا قال غير واحد من الائمة منهم سفيان الثوري ومالك بن انس وابن عيينة وابن المبارك انه تروى
هذه الاشياء ويؤمن بها ولا يقال كيف **حدثنا** عبد بن حميد نا مسلم بن ابراهيم نا الحارث بن عبيد عن سعيد
الجريري عن عبد الله بن شقيق عن عائشة قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم يحرس حتى نزلت هذه الاية والله يعصمك
من الناس فاخرج رسول الله صلى الله عليه وسلم رأسه من القبة فقال لهم يا ايها الناس انصرفوا عني فقد عصمني الله
هذا حديث غريب وروى بعضهم هذا الحديث عن الجريري عن عبد الله بن شقيق قال كان النبي صلى الله عليه وسلم
يحرس ولم يذكروا فيه عن عائشة **حدثنا** عبد الله بن عبد الرحمن انا يزيد بن هارون انا شريك
عن علي بن بذيمة عن ابي عبيدة عن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
لما وقعت بنو اسرائيل في المعاصي فنهتهم علماءهم فلم ينتهوا فجالسوهم في مجالسهم وواكلوهم وشاربوهم
فضرب الله قلوب بعضهم على بعض ولعنهم على لسان داؤد

اور پسند کیا واسطے تمہارے اسلام کو دین اور اس حالت میں نزدیک اسکے ایک یہودی تھا کہا اُسنے اگر یہ آیت ہمپر نازل ہوتی تو ہم اسدن
کو عید بناتے تو کہا ابن عباس نے یہ آیت دو عیدونمین نازل ہوئی ہی یعنے دن جمعہ مین اور عرفہ مین یہ حدیث حسن ہی غریب ہی
بواسطہ ابن عباس کے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا خبر دی ہمکو محمد بن اسحاق
نے ابی الزناد سے اُسنے اعرج سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ اللہ کا پُر ہی سخاوت
کرنے والا ہی نہین نقصان کرتا اسکو رات اور دن کہا اُسنے کیا دیکھا ہی تو نے اس چیز کو کہ خرچ کیا اللہ نے اسوقت سے کہ پیدا کیے گئے
ہین آسمان سو نہین کم ہوئی وہ چیز جو اسکے داہنے ہاتھ مین ہی اور عرش اسکا پانی پر تھا اور اسکے دوسرے ہاتھ مین ترازو ہی کسی کے
لیے پست کرتا ہی اور کسی کے لیے اونچا کرتا ہی یہ حدیث حسن صحیح ہی اور یہ حدیث اس آیت کی تفسیر مین ہی وقالت الیھود ید اللہ مغلولۃ
یعنے کہا یہود نے ہاتھ اللہ کے بند کیے گئے ہین بند کیے جاوین ہاتھ اُنکے الخ اور اس حدیث مین کہا اماموں نے اسکے ساتھ ایمان لایا جاوے
جیساکہ مروی ہی سوائے اسکے کہ تفسیر کیجاوے یا وہم کیا جاوے ایسا ہی کہا ہی کئی ایک نے اماموں سے انہین سے سفیان ثوری اور مالک بن
انس اور ابن عیینہ اور ابن مبارک ہین یہ کہ یہ حدیثین روایت کیجاوین اور انکے ساتھ ایمان لایا جاوے اور نہ کہا جاوے کہ کسطرح ہین **حدیث**
کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے مسلم بن ابراہیم نے کہا حدیث کی ہمسے حارث بن عبید نے سعید جریری سے اُسنے عبد اللہ بن شقیق
سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی حراست کیجاتی تھی یہانتک کہ یہ آیت نازل ہوئی واللہ یعصمک من الناس یعنے اللہ تعالی
تجھے لوگون سے نگاہ رکھے گا کہا راوی نے سو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے سر مبارک کو خیمہ سے باہر نکالا اور انکو کہا ای لوگو چلے جاؤ
کیونکہ اللہ تعالی میری نگہبانی کریگا اور روایت کی ہی بعض نے یہ حدیث جریری سے اُسنے عبد اللہ بن شقیق سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم
نے حراست کیے جاتے تھے اور انھون نے اس روایت مین حضرت عائشہ کا ذکر نہین کیا **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے
کہا خبر دی ہمکو یزید بن ہارون نے کہا خبر دی ہمکو شریک نے علی بن بذیمہ سے اُسنے ابی عبیدہ سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے کہا اُسنے فرمایا
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جبکہ بنی اسرائیل گناہ مین واقع ہوئے تو انکے عالمون نے انکو منع کیا سو وہ باز نہ آئے پس وہ بھی انکی مجلسونمین بیٹھے
اور انکے کھانا اور پینا شروع کیا پس اللہ تعالی نے انکے ہر ایک کے دلونکو آپسمین خلط ملط کر دیا اور لعنت کی انکو اوپر زبان حضرت داؤد

اور اللہ تعالیٰ نے انمین سے ہر ایک انسان کی آنکھوں کے درمیان چمکارا نور کا رکھدیا پھر انکو حضرت آدم کے پیش کیا تو کہا حضرت آدم نے ای میرے رب یہ کون ہیں فرمایا اللہ نے یہ اولاد تیری ہی سو حضرت آدم نے ایک مرد انمین سے دیکھا تو آپکو اسکی آنکھوں کے درمیان کا چمکارا بہت پسند آیا پس کہا ای میرے رب یہ کون ہی فرمایا اللہ نے یہ تیری اولاد میں سے آخری امتوں میں سے ایک مرد ہی اسکو داؤد کہا جاتا ہی کہا حضرت آدم نے ای میرے رب اور تو نے اسکی عمر کتنی بنائی ہی فرمایا اللہ نے ساٹھ برس کہا حضرت آدم نے ای رب میرے اسکی عمر میں میری عمر سے چالیس برس زیادہ کر دے سو جب حضرت آدم کی عمر منقضی ہو چکی تو انکے پاس ملک الموت آئے پس کہا حضرت آدم نے کیا میری عمر سے چالیس برس باقی نہیں رہے کہا انھوں نے کیا تمنے انکو اپنے بیٹے داؤد کو نہیں دیا کہا آنحضرت نے پس انکار کیا حضرت آدم نے تو انکی اولاد نے بھی انکار کیا اور بھول گئے آدم تو انکی اولاد بھی بھول گئی اور خطا کی آدم نے سو خطا کی انکی اولاد نے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی اور یہ کئی وجہ سے بواسطہ ابوہریرہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہی **حدیث** کی ہمسے محمد بن مثنیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الصمد بن عبد الوارث نے کہا حدیث کی ہمسے عمر بن ابراہیم نے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے سمرہ بن جندب سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جب حضرت حوا کو حمل ہوا تو شیطان انکے پاس آیا اور انکی اولاد زندہ نہ رہتی تھی تو اُسنے حضرت حوا سے کہا آپ اسکا نام عبد الحارث رکھئے سو حضرت حوا نے اسکا نام عبد الحارث[1] رکھا پس وہ زندہ رہا اور یہ شیطان کی وحی اور اسکے امر سے ہوا تھا۔ یہ حدیث حسن غریب ہی نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق عمر بن ابراہیم سے جو راوی ہی قتادہ سے۔ روایت کیا اسکو بعض نے عبد الصمد سے اور اسکو مرفوع نہیں کیا **بعض تفسیر سورۂ انفال** سے بسم اللہ الرحمن الرحیم **حدیث** کی ہمسے ابوکریب نے کہا حدیث کی ہمسے ابوبکر بن عیاش نے عاصم بن بہدلہ سے اُسنے مصعب بن سعد سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے جب بدر کا دن ہوا تو میں ایک تلوار لایا سو میں نے کہا یا رسول اللہ اللہ تعالیٰ نے میرے سینے کو مشرکون سے شفا دی ہی یا مثل اسکے کوئی اور کلمہ کہا تو آپ[2] مجھے یہ تلوار بخشدیجئے پس فرمایا آنحضرت نے

[1] بعضے کہتے ہیں حضرت آدم اور حوا پر یہ گذرا اول جو حمل ہوا ابلیس ایک نیک مرد کی صورت میں آیا اور ڈرایا کہ تیرے پیٹ میں شاید کچھ بلا ہی جب دونوں دعا کرنے لگے تب یہ کہا کہ میری دعا سے بلا دل کر بیٹا پیدا ہوگا اسکا نام رکھیو عبد الحارث حارث شیطان کا نام تھا دہی کیا مترجم اس حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ وہ اول بیٹا نہ تھا کیونکہ پہلے اس سے کئی مر چکے تھے اس قصے میں پیغمبر دونسے شرک ثابت ہوتا ہی یہ قصہ غلط ہی اس آیت میں مرد اور عورت کو فرمایا ہی آدم اور حوا کو نہیں گو اول ذکر انکا ہو چکا یا یون کہئے کہ جو کچھ انسا نو نہیں ہوا مقدر تھا وہ حضرت آدم میں الحق ظہور کر گیا اسمین وہ نمونہ تقدیر تھے اولاد کے گناہ انمین نظر آئے جیسے آئینہ میں صورت جیسا نفس کی خواہش اللہ اللہ کی بھکیں اور کر کر بھول جانا اور دیگر منکر ہونا یہ سب اولاد کی خوئیں انمین نظر آچکیں جیسا کہ پہلی حدیث سے معلوم ہوتا ہی ہمشاہ عبد القادر رحمہ اللہ محدث دہلوی

[2] یعنے میں ایک تلوار لڑائی سے لایا اور آپ سے کہا کہ یہ مجھے بخشدیجئے اور مجھسے اللہ تعالیٰ نے شرک کی بو دور کردی ہی آپ نے جواب دیا کہ یہ ابھی مال غنیمت ہی نہ تیرا ہی نہ میرا میں کول میں تھوڑا شاید آپ کسی ایسے آدمی کو دینگے جسپر میرے جیسے مصیبت نہ گذری ہو تھوڑی دیر کے بعد میرے پاس ایک آدمی آیا اور کہنے لگا کہ آنحضرت فرماتے ہیں کہ تو نے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما تقولون فی ھؤلاء الاساری فذکر فی الحدیث قصۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا ینفلتن احد منھم الا بفداء او ضرب عنق فقال عبد اللہ بن مسعود فقلت یا رسول اللہ الا سھیل بن بیضاء فانی سمعتہ یذکر الاسلام قال فسکت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فما رایتنی فی یوم اخوف ان تقع علی حجارۃ من السماء منی فی ذلک الیوم حتی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا سھیل بن البیضاء قال ونزل القراٰن بقول عمر ما کان لنبی ان یکون لہ اسری حتی یثخن فی الارض الی اٰخر الاٰیات ھٰذا حدیث حسن وابو عبیدۃ بن عبد اللہ لم یسمع من ابیہ **ومن سورۃ التوبۃ**

حدثنا محمد بن بشار نا یحیی بن سعید ومحمد بن جعفر وابن ابی عدی وسھل بن یوسف قالوا نا عوف بن ابی جمیلۃ نی یزید الفارسی نی ابن عباس قال قلت لعثمان بن عفان ما حملکم ان عمدتم الی الانفال وھی من المثانی والی براءۃ وھی من المئین فقرنتم بینھما ولم تکتبوا بینھما سطر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ووضعتموھا فی السبع الطول ما حملکم علی ذلک فقال عثمان کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مما یاتی علیہ الزمان وھو ینزل علیہ السور ذوات العدد فکان اذا نزل علیہ الشیء دعا بعض من کان یکتب فیقول ضعوا ھؤلاء الاٰیات فی السورۃ التی یذکر فیھا کذا وکذا فاذا انزلت علیہ الاٰیۃ فیقول ضعوا ھٰذہ الاٰیۃ فی السورۃ التی یذکر فیھا کذا وکذا وکانت الانفال من اوائل ما نزلت بالمدینۃ وکانت براءۃ من اٰخر القراٰن وکانت قصتھا شبیھۃ بقصتھا فظننت انھا منھا فقبض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولم یبین لنا انھا منھا فمن اجل ذلک قرنت بینھما ولم اکتب بینھما سطر

فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تم ان قیدیوں کے بارے میں کیا کہتے ہو (پس اس راوی نے حدیث میں لمبا قصہ ذکر کیا) پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ خلاصی پائے کوئی انمیں سے مگر ساتھ مال کے یا مارنے گردن کے سو کہا عبد اللہ بن مسعود نے پس میں نے کہا یا رسول اللہ مگر سہیل بن بیضاء کیونکہ میں نے اس سے سنا ہے کہ اسلام کا ذکر کرتا تھا کہا اُسنے پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم خاموش ہو گئے کہا عبد اللہ نے نہیں دیکھا میں نے اپنے آپکو کسی دن میں زیادہ خوفناک اس بات سے کہ گر پڑے مجھپر پتھر آسمان سے مجھسے اسدن میں تا آنکہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مگر سہیل بن بیضاء کہا اُسنے اور نازل ہوا قرآن موافق قول حضرت عمر کے ماکان لنبی یعنے نہیں تھا لائق واسطے نبی کے یہ کہ ہو ویں واسطے اسکے بندیوں یہانتک کہ خونریزی کرے بیچ زمین کے۔ الخ یہ حدیث حسن ہے اور ابو عبیدہ بن عبد اللہ نے اپنے باپ سے سنا نہیں ہے۔ **بعض تفسیر سورۂ توبہ سے حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید اور محمد بن جعفر اور ابن ابی عدی اور سہیل بن یوسف نے کہا اُنھوں نے حدیث کی ہمسے عوف بن ابی جمیلہ نے کہا حدیث کی مجھے یزید فارسی نے کہا حدیث کی مجھے ابن عباس نے کہا اُسنے میں نے حضرت عثمان بن عفان سے کہا کس چیز نے تمکو برانگیختہ کیا کہ قصد کیا تمنے سورۂ انفال کی طرف حالانکہ وہ مثانی سے ہے اور سورۂ برادت کی طرف حالانکہ وہ مئین سے ہے کہ تمنے ان دونوں کو ملا دیا ہے اور تمنے ان دونوں کے مابین سطر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی نہیں لکھی۔ اور تمنے اسکو سات لمبی سورتوں میں رکھدیا ہے کس چیز نے تمکو اسپر برانگیختہ کیا پس کہا حضرت عثمان نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر بہت زمانہ گذرتا تھا اس حالت میں کہ آپ پر کئی سورتیں نازل ہوتی رہتی تھیں سو جب آپ پر کوئی آیت نازل ہوتی تو کسی ایسے شخص کو بلاتے جو اسکو لکھتا ہوتا اور فرماتے ان آیتوں کو فلانی سورت میں جسمیں ایسا ایسا ذکر کیا گیا ہے رکھدو اور جب آپ پر کوئی آیت نازل ہوتی تو فرماتے اس آیت کو فلانی سورت میں جسمیں ایسا ایسا ذکر ہوا ہے رکھدو اور انفال پہلی سورتوں سے ہے جو مدینہ میں نازل ہوئی ہیں اور برارت آخر قرآن سے ہے اور اسکا قصہ اسکے قصہ سے ملتا ہے سو میں نے گمان کیا کہ یہ اسی سے ہے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فوت ہو گئے اور ہمارے لئے یہ بیان نہ فرمایا کہ یہ اس سے ہے اس سبب سے میں نے ان دونوں میں نزدیکی کی ہے اور انکے درمیان سطر

سلہ مئین وہ سورتیں ہیں جو قرآن کے اول ہیں اور مثانی جو انکے بعد ہیں کذا فی النہایۃ اور مجمع میں ہے جو اول قرآن کی سات سورتیں ہیں انکو سبع طوال بولتے ہیں اور جو انکے بعد ہیں انکو ذوات المئین یعنے ایک سو آیت والی انکے بعد مثانی انکے بعد مفصل۔ حاصل سوال کا یہ ہے کہ ابن عباس نے حضرت عثمان سے پوچھا کہ کیا باعث ہے کہ آپنے انفال کو باوجودیکہ وہ سات لمبی سورتوں سے نہیں ہے کیونکہ ستتر آیتیں ہیں انمیں شمار کیا اور برارت کو باوجودیکہ اس سے بڑی ہے اسکو اسمیں شمار کیا اور دوسرا یہ کہ پھر آپنے ان دونوں کے مابین بسم اللہ نہیں لکھا جیسا کہ اور سورتوں میں ہے آپ نے جواب دیا کہ آنحضرت کا یہ حال تھا کہ ایک زمانہ میں چند سورتیں نازل ہوتی رہتی تھیں جب کوئی آیت نازل ہوتی تو جس سورت کی ہوتی فرما دیتے کہ فلانی سورت میں اسکو رکھدو اور سورت انفال ان سورتوں سے ہے جو مدینہ میں پہلے نازل ہوئی ہیں اور برارت سب سے پیچھے چونکہ آنحضرت فوت ہو گئے اور بیان نہ فرمایا کہ یہ دونوں سورتیں علیحدہ علیحدہ ہیں یا ایک ہی ہیں پس میں نے اپنے گمان سے ان دونوں کو قریب رکھدیا اور چونکہ

بن مہاجر عن عباد بن یوسف عن ابی بردۃ بن ابی موسی عن ابیہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انزل اللہ علی امانین لامتی وما کان اللہ لیعذبہم وانت فیہم وما کان اللہ معذبہم وہم یستغفرون فاذا مضیت ترکت فیہم الاستغفار الی یوم القیٰمۃ ھٰذا حدیث غریب واسمٰعیل بن ابراھیم یضعف فی الحدیث **حدثنا** احمد بن منیع نا وکیع عن اسامۃ بن زید عن صالح بن کیسان عن رجل لم یسمہ عن عقبۃ بن عامر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرأ ھٰذہ الاٰیۃ علی المنبر واعدوا لہم ما استطعتم من قوۃ قال الا ان القوۃ الرمی ثلٰث مرات الا ان اللہ سیفتح لکم الارض وستکفون المؤنۃ فلا یعجزن احدکم ان یلہو باسہمہ وقد روی بعضہم ھٰذا الحدیث عن اسامۃ بن زید عن صالح بن کیسان عن عقبۃ بن عامر وحدیث وکیع اصح وصالح بن کیسان لم یدرک عقبۃ بن عامر وادرک ابن عمر **حدثنا** عبد بن حمید اخبرنی معٰویۃ بن عمرو عن زائدۃ عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لم تحل الغنائم لاحد سود الرؤس من قبلکم کانت تنزل نار من السماء فتاکلہا قال سلیمان الاعمش فمن یقول ھٰذا الا ابو ھریرۃ الاٰن فلما کان یوم بدر وقعوا فی الغنائم قبل ان تحل لہم فانزل اللہ لولا کتاب من اللہ سبق لمسکم فیما اخذتم عذاب عظیم ھٰذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** ھناد نا ابو معٰویۃ عن الاعمش عن عمرو بن مرۃ عن ابی عبیدۃ بن عبد اللہ عن عبد اللہ بن مسعود قال لما کان یوم بدر وجیء بالاساری

بن مہاجر سے اُسنے عباد بن یوسف سے اُسنے ابی بردہ بن ابی موسی سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی نے مجھپر میری امت کے لئے دو چیزیں موجب امان کا اتاری ہیں ایک یہ کہ وما کان اللہ الخ یعنے نہیں ہے اللہ کہ عذاب کرے اُنکو اسی حالت میں کہ آپ انمیں ہوں دوسرا یہ کہ وما کان اللہ معذبہم الخ یعنے نہیں ہے اللہ کہ عذاب دے اُنکو اس حالت میں کہ وہ بخشش مانگتے ہوں سو جب میں گذر جاؤں گا تو انمیں استغفار قیامت تک چھوڑ جاؤنگا۔ یہ حدیث غریب ہے اور اسمٰعیل بن ابراہیم حدیث میں ضعیف کیا گیا ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے اسامہ بن زید سے اُسنے صالح بن کیسان سے اُسنے ایک مرد سے اسکا نام اُسنے نہیں لیا اُسنے عقبہ بن عامر سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت منبر پر پڑھی واعدوا لہم ما استطعتم من قوۃ یعنے اور تیاری کرو واسطے اُنکے جو کچھ کہ طاقت رکھتے ہو تم قوت سے فرمایا آپ نے خبردار قوت سے مراد تیراندازی ہے تین بار فرمایا خبردار تحقیق اللہ تعالی جلدی ہی تمہارے لئے زمین کو فتح کردیگا اور تکلیف سے تمکو بچاؤ ہوگا سو تم میں سے کسی کو تیر دنکے ساتھ کھیلنا عاجز نہ کردے۔ اور روایت کیا بعض نے اس حدیث کو اسامہ بن زید سے اُسنے صالح بن کیسان سے اُسنے عقبہ بن عامر سے۔ اور حدیث وکیع کی صحیح ہے اور صالح بن کیسان نے عقبہ بن عامر سے ملاقات نہیں کی اور ابن عمر سے ملاقات کی ہے۔ **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا خبر دی مجھے معاویہ بن عمرو نے زائدہ سے اُسنے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے کسی بیٹے آدم کے لئے غنیمتیں حلال نہیں تمسے پہلے آگ آسمان سے نازل ہوتی تھی سو وہ اسکو کھا جاتی تھی کہا سلیمان اعمش نے سوا اب یہ بات سوائے ابو ہریرہ کے کوئی نہیں کہتا۔ پس جب دن بدر کا ہوا تو تمام لوگ غنیمت میں واقع ہوگئے پہلے اسکے کہ اُنکے لئے حلال ہوئے پس اللہ تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی لولا کتاب من اللہ سبق الخ یعنے اگر نہ ہوتا لکھا ہوا اللہ کی طرف سے کہ پہلے گذر ا ہے البتہ لگتا تمکو بیچ اُس چیز کے کرلیا تھا تمنے عذاب بڑا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے عمرو بن مرہ سے اُسنے ابی عبیدہ بن عبد اللہ سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے کہا اُسنے جب بدر کا دن ہوا تو قیدی لائے گئے

لہ وہ بات یہ لکھ چکا کہ ان قیدی لوگوں میں بہتوں کی قسمت تھی مسلمان ہونا یا یہ کہ مخطی کو اجتہاد میں عذاب نہیں ہوتا یا یہ کہ اہل بدر کو عذاب نہیں ہوگا یا ایسی قوم کو عذاب نہیں ہو جاتا کہ جسکی صراحۃً نہی غنیمت سے نہیں کی گئی یا یہ کہ غنیمت کا مال انکے لئے حلال ہونا ہے واسلہ بدر کی لڑائی میں ستر کافر پکڑ آئے حضرت نے مشورہ کیا کہ انکو کیا کریں اکثر مسلمانوں کی مرضی ہوئی کہ مال لیکر چھوڑ دیں اور بعضوں کی مرضی ہوئی کہ سبکو قتل کریں حضرت عمر اور سعد بن معاذ کی یہی مشورت تھی آخر مال لیکر چھوڑ دیا یہ آیت اُتری عتاب کی یعنے نبیوں کو چاہئے مال سمیٹنا منظور نہیں بلکہ کافروں کی ضد توڑنی وہ بات اسی میں ہے کہ قتل کرے تا اسکے خوف سے کفر کی ضد چھوڑیں جب درمیان میں قتل کا ذکر آیا تھا تب عبد اللہ بن مسعود نے سہیل بن بیضا کے لئے سفارش کی کہ یہ شخص پہلے سے ہی مسلمان ہے اسکو قتل کرنا نہیں چاہئے آخر آنحضرت نے بعد دیر کے حکم دیا کہ یہ مستثنٰی کیا جاوے۔ ابن عبد البر نے کہا ہے کہ سہیل بن بیضا مکہ میں مسلمان ہوا تھا مگر اسنے اسلام ظاہر نہیں کیا تھا آخر مشرک اسکو بدر میں لے آئے تب بھی یہ انکے ساتھ اسی حالت میں چھپا رہا جب

حدثنا عبد الوارث بن عبد الصمد بن عبد الوارث نا ابی عن ابیہ عن محمد بن اسحٰق عن ابی اسحٰق عن الحارث عن علی قال سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن یوم الحج الاکبر فقال یوم النحر **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان عن ابی اسحٰق عن الحارث عن علی قال یوم الحج الاکبر یوم النحر هذا اصح من حدیث محمد بن اسحٰق لانہ روی من غیر وجہ هذا الحدیث عن ابی اسحٰق عن الحارث عن علی موقوفا ولا نعلم احدا رفعه الا ما روی عن محمد بن اسحٰق **حدثنا** بندار نا عفان بن مسلم و عبد الصمد قالا نا حماد بن سلمة عن سماک بن حرب عن انس بن مالک قال بعث النبی صلی اللہ علیہ وسلم ببراءة مع ابی بکر ثم دعاہ فقال لا ینبغی لاحد ان یبلغ هذا الا رجل من اهلی فدعا علیا فاعطاہ ایاہ هذا حدیث حسن غریب من حدیث انس **حدثنا** محمد بن اسمٰعیل نا سعید بن سلیمان نا عباد بن العوام نا سفیان بن الحسین عن الحکم بن عتیبة عن مقسم عن ابن عباس قال بعث النبی صلی اللہ علیہ وسلم ابا بکر وامرہ ان ینادی بهؤلاء الکلمات ثم اتبعه علیا فبینا ابو بکر فی بعض الطریق اذ سمع رغاء ناقة رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم القصوی فخرج ابو بکر فزعا فظن انه رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاذا علی فدفع الیه کتاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وامر علیا ان ینادی بهؤلاء الکلمات فانطلقا فحجا فقام علی ایام التشریق فنادی ذمة اللہ ورسوله بریئة من کل مشرک فسیحوا فی الارض اربعة اشهر ولا یحجن بعد العام مشرک ولا یطوفن بالبیت عریان ولا یدخل الجنة الا مؤمن وکان علی ینادی فاذا عیی قام ابو بکر فنادی بها وهذا حدیث حسن غریب من هذا الوجه من حدیث ابن عباس **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان عن ابی اسحٰق عن زید بن یثیع قال سألنا علیا بای شیء بعثت فی الحجة قال

حدیث کی ہمسے عبدالوارث بن عبدالصمد بن عبدالوارث نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے اپنے باپ سے اُسنے محمد بن اسحاق سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے حارث سے اُسنے علی سے کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے حج اکبر کے دن کی بابت سوال کیا سو فرمایا آپ نے وہ قربانی کا دن ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے حارث سے اُسنے حضرت علی سے کہا اُسنے دن حج اکبر کا دن قربانی کا ہے یہ صحیح ہے حدیث محمد بن اسحاق سے کیونکہ یہ حدیث غیر اس وجہ سے بھی ابی اسحاق سے بواسطہ حارث کے علی سے موقوفاً مروی ہے اور ہم نہیں جانتے کہ کسی نے اسکو مرفوع کیا ہو سوائے اسکے کہ مروی ہے محمد بن اسحاق سے **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عفان بن مسلم اور عبدالصمد نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے سماک بن حرب سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے سورۂ براءۃ کے ساتھ حضرت ابوبکر کو مکہ میں بھیجا پھر حضرت ابوبکر کو بلالیا اور فرمایا کسی کو لائق نہیں کہ اسکی تبلیغ کرے سوائے اس مرد کے جو میرے اہل سے ہو پس بلایا حضرت علی کو تو اسکو وہ سورت دیدی یہ حدیث حسن ہے غریب ہے طریق انس سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمٰعیل نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن سلیمان نے کہا حدیث کی ہمسے عباد بن عوام نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن حسین نے حکم بن عتیبہ سے اُسنے مقسم سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر کو (مکہ کی طرف) بھیجا اور اسکو حکم دیا کہ ان کلموں کے ساتھ آواز دے پھر اسکے پیچھے حضرت علی کو بھیجا پس اسوقت میں کہ حضرت ابوبکر ابھی راستہ میں تھے کہ انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی قصوے کی آواز سنی تو ابوبکر صدیق خوفناک حالت میں نکلے اور گمان کیا کہ یہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہیں (جب دیکھا) تو حضرت علی تھے سو حضرت ابوبکر نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی کتاب حضرت علی کو دیدی اور حضرت علی کو ان کلموں کے ساتھ آواز دینے کا حکم دیا پس وہ دونوں چلے اور حج کیا سو حضرت علی تشریق کے دنوں میں کھڑے ہوئے اور آواز دی کہ ذمہ اللہ کا اور اسکے رسول کا بری ہے ہر مشرک سے سو تم چار مہینے زمین میں سیر کرلو اور اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہ کرے اور نہ کوئی ننگا کعبہ کا طواف کرے اور نہ کوئی جنت میں داخل ہوگا مگر مومن اور حضرت علی آواز دیتے تھے سو جب تھک جاتے تو حضرت ابوبکر کھڑے ہو جاتے اور اسکے ساتھ آواز دیتے اور یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس وجہ سے یعنے حدیث ابن عباس سے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے زید بن یثیع سے کہا اُسنے ہم نے حضرت علی سے سوال کیا کہ آپ کس حکم کے ساتھ حج میں بھیجے گئے تھے فرمایا

بسم الله الرحمن الرحيم ووضعتها في السبع الطول هٰذا حديث حسن لا نعرفه الا من حديث عوف عن يزيد الفارسي عن ابن عباس ويزيد الفارسي هو من التابعين من اهل البصرة ويزيد بن ابان الرقاشي هو من التابعين من اهل البصرة و هو اصغر من يزيد الفارسي ويزيد الرقاشي انما يروي عن انس بن مالك **حدثنا** الحسن بن علي الخلال نا حسين بن علي الجعفي عن زائدة عن شبيب بن غرقدة عن سليمان بن عمرو بن الاحوص قال ثني ابي انه شهد حجة الوداع مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فحمد الله واثنى عليه وذكر ووعظ ثم قال اي يوم احرم اي يوم احرم اي يوم احرم قال فقال الناس يوم الحج الاكبر يا رسول الله قال فان دماءكم واموالكم واعراضكم عليكم حرام كحرمة يومكم هٰذا في بلدكم هٰذا في شهركم هٰذا الا لا يجني جان الا على نفسه ولا يجني والد على ولده ولا ولد على والده الا ان المسلم اخو المسلم فليس يحل لمسلم من اخيه شيء الا ما احل من نفسه الا وان كل ربا في الجاهلية موضوع لكم رؤس اموالكم لا تظلمون ولا تظلمون غير ربا العباس بن عبد المطلب فانه موضوع كله الا وان كل دم كان في الجاهلية موضوع واول دم اضع من دم الجاهلية دم الحارث بن عبد المطلب كان مسترضعا في بني الليث فقتلته هذيل الا واستوصوا بالنساء خيرا فانما هن عوان عندكم ليس تملكون منهن شيئا غير ذلك الا ان ياتين بفاحشة مبينة فان فعلن فاهجروهن في المضاجع واضربوهن ضربا غير مبرح فان اطعنكم فلا تبغوا عليهن سبيلا الا وان لكم على نسائكم حقا ولنسائكم عليكم حقا فاما حقكم على نسائكم فلا يوطئن فرشكم من تكرهون ولا ياذن في بيوتكم لمن تكرهون الا وان حقهن عليكم ان تحسنوا اليهن في كسوتهن وطعامهن هٰذا حديث حسن صحيح ورواه ابو الاحوص عن شبيب بن غرقدة

بسم اللہ الرحمن الرحیم کی نہیں لکھی۔ اور رکھ دیا اسکو سات لمبی سورتوں میں۔ یہ حدیث حسن ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق عوف بن یزید فارسی کے سے جو راوی ہے ابن عباس سے۔ اور یزید فارسی وہ تابعین اہل بصرہ سے ہے۔ اور یزید بن ابان رقاشی وہ بھی تابعین اہل بصرہ سے ہے اور یہ یزید فارسی سے چھوٹا ہے اور یزید رقاشی انس بن مالک سے ہی روایت کرتا ہے **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی خلال نے کہا حدیث کی ہمسے حسین بن علی جعفی نے زائدہ سے اُسنے شبیب بن غرقدہ سے اُسنے سلیمان بن عمرو بن احوص سے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے یہ کہ وہ حجۃ الوداع میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حاضر ہوا ہے سو آپ نے اللہ کی حمد کی اور اُسپر ثنا کہی اور نصیحت کی اور وعظ کیا پھر فرمایا میں کسدن میں تلبیہ کہتا ہوں میں کسدن میں تلبیہ کہتا ہوں میں کسدن میں تلبیہ کہتا ہوں۔ کہا اُسنے پس کہا لوگوں نے حج اکبر کے دن میں یا رسول اللہ۔ فرمایا آپ نے سو بیشک تمھارے خون اور تمھارے مال اور تمھاری عزتیں تمپر حرام ہیں جیسے اس تمھارے دنکو حرمت ہے اس تمھاری بستی میں اس تمھارے مہینے میں خبردار کوئی جرم کرنیوالا جرم نہیں کرتا مگر اپنی جان پر اور نہ والد جرم کرتا ہے اپنے بیٹے پر اور نہ بیٹا والد پر۔ خبردار مسلمان مسلمان کا بھائی ہے سو کسی مسلمان کے لیے اپنے بھائی سے کوئی چیز حلال نہیں مگر جو خود حلال کرے اپنے نفس سے۔ خبردار تمام بیاج وقت کفر کا دبا گیا ہے۔ تمھارے اصل مال تمھارے ہیں نہ تم ظلم کرو اور نہ تم ظلم کیے جاؤ سوائے بیاج عباس بن عبد المطلب کے کہ یہ تمامہ دبا گیا ہے۔ خبردار تمام خون وقت کفر کے دبائے گئے ہیں اور پہلا خون وقت کفر کے خونوں سے جو میں دباتا ہوں حارث بن عبد المطلب کا خون ہے جو دودھ پیتا تھا بنی لیث کی قوم میں اور اُسکو مار ڈالا تھا ہذیل کی قوم نے۔ خبردار عورتوں کے حق میں اچھی خیر خواہی کرو کیونکہ وہ پاس تمھارے قید ہیں تم انہیں سے سوائے اسکے اور کسی چیز کے مالک نہیں ہو مگر یہ کہ لادیں بے حیائی ظاہر سو اگر وہ ایسا کریں تو انکو گھر میں بند رکھو اور انکو ایسی مار کرو جس سے وہ ہلاک نہ ہوں پس اگر وہ تمھاری اطاعت کرلیں تو پھر انپر کوئی راستہ طلب نہ کرو۔ خبردار بیشک تمھارا تمھاری عورتوں پر حق ہے اور تمھاری عورتوں کا بھی تمپر حق ہے بہرحال حق تمھارا تمھاری عورتوں پر یہ ہے کہ جسکو تم نہ چاہو تمھارے گھر میں نہ آنے دیں اور جسکو تم برا جانو اسکو تمھارے گھر میں آنیکا اذن نہ دیں خبردار حق انکا تمپر یہ ہے کہ تم انکے لباس اور طعام میں انکے حق میں نیکی کرو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کیا اسکو ابو الاحوص نے شبیب بن غرقدہ سے

ف عرب میں دستور تھا کہ باپ کے جرم میں بیٹے یا کسی اور اسکے قرابتی کو مار ڈالتے تھے انحضرت نے اس بات سے منع کر دیا کہ کوئی کسی کے جرم میں پکڑا نہیں جائیگا جیسا کہ قرآن مجید میں ہے لا تزر وازرۃ وزر اخری یہ خبر ہے معنے نہی ہے۔ ہجرت کے دسویں سال حضرت نے حج کیا عرب کے ہزاروں آدمی جمع تھے اُسوقت حضرت نے یہ خطبہ پڑھا ناحق خون اور پرائے مال لینے سے روکا اور کفر کی رسموں سے منع کیا

صلیب من ذهب فقال یا عدی اطرح عنك هذا الوثن وسمعته یقرأ فی سورة براءة اتخذوا احبارهم ورهبانهم اربابا من دون الله قال اما انهم لم یكونوا یعبدونهم ولكنهم كانوا اذا احلوا لهم شیئا استحلوه واذا حرموا علیهم شیئا حرموه هذا حدیث حسن غریب لا نعرفه الا من حدیث عبد السلام بن حرب وغطیف بن اعین لیس بمعروف فی الحدیث

حدثنا زیاد بن ایوب البغدادی نا عفان بن مسلم نا همام نا ثابت عن انس ان ابا بكر حدثه قال قلت للنبی صلی الله علیه وسلم ونحن فی الغار لو ان احدهم ینظر الی قدمیه لابصرنا تحت قدمیه فقال یا ابا بكر ما ظنك باثنین الله ثالثهما هذا حدیث حسن صحیح غریب انما یروی من حدیث همام وقد روی هذا الحدیث حبان بن هلال وغیر واحد عن همام نحو هذا **حدثنا** عبد بن حمید قال ثنی یعقوب بن ابراهیم بن سعد عن ابیه عن محمد بن اسحق عن الزهری عن عبید الله بن عبد الله بن عتبة عن ابن عباس قال سمعت عمر بن الخطاب یقول لما توفی عبد الله بن ابی دعی رسول الله صلی الله علیه وسلم للصلوة علیه فقام الیه فلما وقف علیه یرید الصلوة تحولت حتی قمت فی صدره فقلت یا رسول الله اعلی عدو الله عبد الله بن ابی القائل یوم كذا وكذا كذا وكذا یعد ایامه قال ورسول الله صلی الله علیه وسلم یتبسم حتی اذا اكثرت علیه قال اخر عنی یا عمر انی قد خیرت فاخترت قد قیل لی استغفر لهم او لا تستغفر لهم ان تستغفر لهم سبعین مرة فلن یغفر الله لهم لو اعلم انی لو زدت علی السبعین غفر له لزدت قال ثم صلی علیه ومشی معه فقام علی قبره حتی فرغ منه قال

سونے کی صلیب لٹکی ہوئی تھی پس فرمایا آپ نے ای عدی اس ا بت کو اپنے سے دور کر دے اور سنا میں نے آپکو کہ سورۂ برارت سے یہ آیت پڑھتے اتخذوا احبارہم ورہبانہم الخ یعنے پکڑا انھوں نے عالموں[1] انھوں اور درویشوں انھوں کو پروردگار سوا ے اللہ کے۔ فرمایا آپ نے بہرحال وہ تو انکی عبادت تو نہ کرتے تھے لیکن جب وہ کوئی چیز انکے لئے حلال کر دیتے تو حلال جانتے اور جب کسی چیز کو حرام کر دیتے تو حرام جانتے یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق عبد السلام بن حرب سے اور غطیف بن اعین حدیث میں مشہور نہیں ہیں۔ **حدیث** کی ہمسے زیاد بن ایوب بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے عفان بن مسلم نے کہا خبر دی ہمکو ہمام نے کہا خبر دی ہمکو ثابت نے انس سے یہ کہ حضرت ابو بکر نے اسکو حدیث کی ہے کہ کہا اُسنے میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا اس حالت میں کہ ہم غار میں تھے اگر کوئی انمیں سے اپنے پانوں کی طرف نظر کرے تو ہمکو اپنے پانوں کے نیچے دیکھ لیگا سو فرمایا آپ نے ای ابا بکر صدیق تیرا کیا گمان ہے ساتھ دو کے اللہ تیسرا[2] ہے انکا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے یہ تو ہمام کے طریق سے مروی ہے اور نیز روایت کیا اس حدیث کو حبان بن ہلال اور کئی ایک نے ہمام سے مثل اسکے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی مجھے یعقوب بن ابراہیم بن سعد نے اپنے باپ سے اُسنے محمد بن اسحاق سے اُسنے زہری سے اُسنے عبید اللہ بن عتبہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے سنا میں نے عمر بن خطاب سے کہ فرماتے جب عبد اللہ بن ابی مرگیا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اسکے جنازے کے لیے بلائے گئے سو آپ اسکے لیے کھڑے ہوئے پس جب اسپر نماز کے ارادے کے لیے کھڑے ہوئے تو میں پھرا یہانتک کہ آپ کے سینہ مبارک کے مقابل کھڑا ہوا اور میں نے کہا یا رسول اللہ کیا آپ اللہ کے دشمن عبد اللہ بن ابی پر جسنے فلاں فلاں دن میں فلاں فلاں بات کہی تھی نماز پڑھتے ہیں حضرت عمر اسکی برائی کے دن شمار کرتے تھے حضرت عمر کہتے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہنستے یہانتک کہ جب میں نے بہت باتیں کہیں تو فرمایا آپ نے ای عمر میرے پاس سے دور ہو جا کیونکہ میں اختیار دیا گیا ہوں سو میں نے اس بات کو اختیار کر لیا ہے مجھے کہا گیا ہے استغفر لہم اولا تستغفر لہم الخ یعنے بخشش مانگ واسطے انکے یا نہ بخشش مانگ واسطے انکے اگر بخشش مانگے واسطے انکے ستر بار[3] پس ہرگز نہ بخشیگا اللہ واسطے انکے۔ اگر میں جانوں گا یہ بات کہ اگر ستر بار سے زیادہ کرونگا تو اسکے لیے بخشش ہوگی تو ضرور زیادہ کرونگا۔ کہا حضرت عمر نے پھر آپ نے اسپر نماز پڑھی اور اسکے ساتھ چلے اور اسکی قبر پر کھڑے ہوئے یہانتک کہ جب اس سے فراغت ہوئی کہا حضرت عمر نے

[1] انکے درویش یا عالم جو اپنی عقل سے ٹھہرا دیتے وہ جانتے خدا کے ہاں ہمکو گنہگار ہو گیا اور ٹھہراتے خاطر کو یا طمع کو سو عالم کا قول عوام کو سند ہے جبتک وہ شرع سے سمجھکر کہے جب معلوم ہو کہ طمع سے کہا پھر وہ سند نہیں شاہ عبد القادر صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ [2] یعنے آپ یہ گمان نہ کریں کہ ہم دو شخص ہیں بلکہ ہم تین ہیں اور تیسرا ایسا ہے کہ اسنے انکو اندھا کر دیا ہے اس سبب سے وہ غار کے گرد اگرد پھر رہے ہیں اور

بعثت باربع ان لا یطوفن بالبیت عریان ومن کان بینه وبین النبی عهد فهو الی مدته ومن لم یکن له عهد فاجله اربعة اشهر ولا یدخل الجنة الا نفس مؤمنة ولا یجتمع المشرکون والمسلمون بعد عامهم هذا هذا حدیث حسن صحیح وهو حدیث ابن عیینة عن ابی اسحٰق ورواه سفیان الثوری عن ابی اسحٰق عن بعض اصحابه عن علی وفیه عن ابی هریرة **حدثنا** ابو کریب نا رشدین بن سعد عن عمرو بن الحارث عن دراج عن ابی الهیثم عن ابی سعید قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا رایتم الرجل یعتاد المسجد فاشهدوا له بالایمان قال الله تعالی انما یعمر مساجد الله من اٰمن بالله والیوم الاٰخر **حدثنا** ابن ابی عمر نا عبد الله بن وهب عن عمرو بن الحارث عن دراج عن ابی الهیثم عن ابی سعید عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه الا انه قال یتعاهد المسجد هذا حدیث حسن غریب وابو الهیثم اسمه سلیمن بن عمرو بن عبد العتواری وکان یتیما فی حجر ابی سعید الخدری **حدثنا** عبد بن حمید نا عبید الله بن موسی عن اسرائیل عن منصور عن سالم بن ابی الجعد عن ثوبان قال لما نزلت والذین یکنزون الذهب والفضة قال کنا مع رسول الله صلی الله علیه وسلم فی بعض اسفاره فقال بعض اصحابه انزلت فی الذهب والفضة لو علمنا ای المال خیر فنتخذه فقال افضله لسان ذاکر وقلب شاکر وزوجة مؤمنة تعینه علی ایمانه هذا حدیث حسن سألت محمد بن اسمٰعیل فقلت له سالم بن ابی الجعد سمع من ثوبان فقال لا قلت له ممن سمع من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم فقال سمع من جابر بن عبد الله وانس بن مالك وذکر غیر واحد من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم **حدثنا** حسین بن یزید الکوفی نا عبد السلام بن حرب عن غطیف بن اعین عن مصعب بن سعد عن عدی بن حاتم قال اتیت النبی صلی الله علیه وسلم وفی عنقی

چار حکموں کے ساتھ میں بھیجا گیا تھا یہ کہ کوئی ننگا خانہ کعبہ کا طواف نہ کرے اور جس کسی اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے درمیان عہد ہو تو وہ اُسکی مدت تک ہے اور جس کسی کے ساتھ عہد نہیں ہے تو مدت اسکی چار مہینے ہے اور جنت میں سوائے نفس مؤمن کے اور کوئی داخل نہیں ہوگا۔ اور اس سال کے پیچھے مسلم اور مشرک جمع نہیں ہونگے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہ حدیث ابن عیینہ کی ہے ابی اسحاق سے اور روایت کیا اسکو سفیان ثوری نے ابی اسحاق سے اُسنے اپنے بعض ساتھیوں سے اُسنے علی سے اور اسمیں روایت ہے ابی ہریرہ سے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے رشدین بن سعد نے عمرو بن حارث سے اُسنے دراج سے اُسنے ابی الہیثم سے اُسنے ابی سعید سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب کسی مرد کو دیکھو کہ مسجد کی عادت پکڑتا ہے تو اسکے لیے ایمان کی شہادت دو فرمایا ہے اللہ تعالی نے انما یعمر مساجد اللہ من اٰمن باللہ الخ یعنے سوائے اسکے نہیں کہ آباد کرتے ہیں مسجدیں اللہ کی وہ لوگ کہ ایمان لائے ہیں ساتھ اللہ کے اور دن آخرت کے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن وہب نے عمرو بن حارث سے اُسنے دراج سے اُسنے ابی الہیثم سے اُسنے ابی سعید سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ مگر یہ کہ کہا اُسنے کہ خدمت کرتا ہے مسجد کی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور ابو الہیثم کا نام سلیمان بن عمرو بن عبد العتواری ہے اور یہ یتیمی کی حالت میں ابی سعید خدری کی گود میں تھا۔ **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن موسیٰ نے اسرائیل سے اُسنے منصور سے اُسنے سالم بن ابی الجعد سے اُسنے ثوبان سے کہا اُسنے جب یہ آیت نازل ہوئی والذین یکنزون الذہب والفضۃ تو کہا اُسنے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بعض سفروں میں تھے سو بعض صحابیوں نے کہا کہ یہ آیت سونے اور چاندی کے حق میں نازل ہوئی ہے اگر ہم جانتے کہ کونسا مال بہتر ہے تو اسکو ہم اپنے قبضہ میں رکھتے پس فرمایا آپ نے افضل اسکی زبان ذکر کرنیوالی ہے اور دل شکر کرنیوالا اور عورت ایمان والی جو ایمان پر مدد کرے یہ حدیث حسن ہے میں نے محمد بن اسمٰعیل سے پوچھا سو میں نے اُس سے کہا کیا سالم بن ابی الجعد نے ثوبان سے سنا ہے تو کہا اُسنے کہ نہیں پھر میں نے اُس سے کہا کہ اُسنے کونسے اصحاب نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہا اُسنے جابر بن عبد اللہ اور انس بن مالک سے اور کئی اور اصحاب نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا بھی اُسنے ذکر کیا۔ **حدیث** کی ہمسے حسین بن یزید کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد السلام بن حرب نے غطیف بن اعین سے اُسنے مصعب بن سعد سے اُسنے عدی بن حاتم سے کہا اُسنے میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور میری گردن میں

قال کانوا یستنجون بالماء فنزلت ہذہ الآیۃ فیہم ہذا حدیث غریب من ہذا الوجہ وفی الباب عن ابی ایوب وانس بن مالک ومحمد بن عبد اللہ بن سلام **حدثنا** محمود بن غیلان نا وکیع نا سفیان عن ابی اسحٰق عن ابی الخلیل عن علی قال سمعت رجلا یستغفر لابویہ وہما مشرکان فقلت لہ اتستغفر لابویک وہما مشرکان فقال اولیس استغفر ابراہیم لابیہ وہو مشرک فذکرت ذلک للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فنزلت ماکان للنبی والذین اٰمنوا ان یستغفروا للمشرکین ہذا حدیث حسن وفی الباب عن سعید بن المسیب عن ابیہ **حدثنا** عبد بن حمید نا عبد الرزاق انا معمر عن الزہری عن عبد الرحمٰن بن کعب بن مالک عن ابیہ قال لم اتخلف عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی غزوۃ غزاہا حتی کانت غزوۃ تبوک الا بدرا ولم یعاتب النبی صلی اللہ علیہ وسلم احدا تخلف عن بدر انما خرج یرید العیر فخرجت قریش مغثین لعیرہم فالتقوا عن غیر موعد کما قال اللہ تعالٰی ولعمری ان اشرف مشاہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الناس لبدر وما احب انی کنت شہدتہا مکان بیعتی لیلۃ العقبۃ حیث تواثقنا علی الاسلام ثم لم اتخلف بعد عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم حتی کانت غزوۃ تبوک وہی اٰخر غزوۃ غزاہا واذن النبی صلی اللہ علیہ وسلم الناس بالرحیل فذکر الحدیث بطولہ قال فانطلقت الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاذا ہو جالس فی المسجد وحولہ المسلمون وہو یستنیر کاستنارۃ القمر وکان اذا سر بالامر استنار فجئت فجلست بین یدیہ فقال ابشر یا کعب بن مالک بخیر یوم اتی علیک منذ ولدتک امک فقلت یا نبی اللہ امن عند اللہ او من عندک فقال بل من عند اللہ ثم تلا ہؤلاء الاٰیات لقد تاب اللہ علی النبی والمہاجرین والانصار الذین اتبعوہ فی ساعۃ العسرۃ

کہا اُسنے وہ پانی کے ساتھ استنجا کرتے تھے پس یہ آیت انکے حق میں نازل ہوئی ہے یہ حدیث غریب ہے اس وجہ سے اور اس باب میں روایت ہے ابوایوب اور انس بن مالک اور محمد بن عبد اللہ بن سلام سے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے ابی الخلیل سے اُسنے حضرت علی سے کہا اُسنے سنا میں نے ایک مرد سے کہ اپنی ماں باپ کے لیئے جو مشرک تھے بخشش مانگتا تھا سو میں نے اس سے کہا کیا تو اپنی ماں باپ مشرکوں کے لئے بخشش مانگتا ہے پس کہا اُسنے کیا حضرت ابراہیم نے اپنے باپ کے لیے جو مشرک تھا بخشش نہ مانگی تھی سو میں نے یہ بات نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے ذکر کی پھر یہ آیت نازل ہوئی ماکان للنبی والذین اٰمنوا الخ یعنے نہیں تھا لائق واسطے نبی کے اور جو لوگ کہ ایمان لائے یہ کہ بخشش مانگیں واسطے مشرکوں کے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے سعید بن مسیب سے اُسنے اپنے باپ سے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا خبر دی ہمکو معمر نے زہری سے اُسنے عبد الرحمٰن بن کعب بن مالک سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے میں کسی جنگ سے جو آنحضرت نے جنگ کی ہیں پیچھے نہیں رہا مگر جنگ بدر میں حتے کہ جنگ تبوک کا وقت پہونچا اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کسی شخص کو جو جنگ بدر سے پیچھے رہا ہے تنبیہ نہیں فرمائی کیونکہ آپ قافلہ کے ارادے پر نکلے تھے سو قریش بھی اپنے قافلہ کی فریادرسی کے واسطے نکلے تھے سو اُن دونوں گروہ سے سوائے کسی وعدہ کے ملاقات ہوگئی جیساکہ اللہ تعالٰی نے فرمایا ہے اور قسم ہے میری عمر کی تحقیق بزرگ تر مقاموں سے جنمیں رسول اللہ صلعم حاضر ہوئے ہیں لوگوں کے نزدیک البتہ بدر ہے اور میں پسند نہیں کرتا کہ لیلۃ العقبہ کے بدلے (جس جگہ کہ ہمنے اسلام پر عہد کیا تھا) اسمیں حاضر ہوتا پھر بعد اسکے میں کسی جنگ میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے پیچھے نہیں رہا حتے کہ غزوہ تبوک کا پہونچا اور یہ سب سے آخر اُن جنگوں کا ہے جو کہ آپ نے جنگ کی ہیں اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو کوچ کی خبر دی پس اُسنے بہت لمبی حدیث ذکر کی۔ کہا کعب بن مالک نے پھر میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا پس دیکھا کہ آپ مسجد میں بیٹھے ہوئے ہیں اور گرد آپ کے مسلمان ہیں اور آپ چمک رہے ہیں مثل چمک چاند کے اور آنحضرت کا یہ حال تھا کہ جب کسی امر سے خوش ہوتے تو آپکا چہرہ مبارک چمکتا سو میں آیا اور آپ کے روبرو بیٹھ گیا پس فرمایا آپ نے اے کعب بن مالک تجھے بشارت ہو ساتھ بہتر اس دن کے کہ آیا ہے اوپر تیرے ابتدا اُس دن سے جو جنا ہے تجھکو ماں تیری نے پس میں نے کہا اے نبی اللہ کے کیا یہ بشارت اللہ سے ہے یا آپ سے فرمایا آپ نے بلکہ اللہ سے پھر آپ نے یہ آیتیں پڑھیں لقد تاب اللہ علی النبی الخ تحقیق ساتھ رحمت کے پھر آیا اللہ اوپر نبی کے اور وطن چھوڑنے والوں کے اور مدد دینے والوں کے جنھوں نے پیروی کی بیچ وقت سختی کے

فتعجب لی وجرأتی علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واللہ ورسولہ اعلم فواللہ ما کان الا یسیرا حتی نزلت ھاتان
الآیتان ولا تصل علی احد منھم مات ابدا ولا تقم علی قبرہ الی آخر الآیۃ قال فما صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
بعدہ علی منافق ولا قام علی قبرہ حتی قبضہ اللہ ھذا حدیث حسن غریب صحیح حدثنا بندار نا یحیی بن سعید
نا عبید اللہ انا نافع عن ابن عمر قال جاء عبد اللہ بن عبد اللہ بن ابی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین مات ابوہ
فقال اعطنی قمیصک اکفنہ وصل علیہ واستغفر لہ فاعطاہ قمیصہ وقال اذا فرغتم فاذنونی فلما اراد ان یصلی جذبہ عمر و
قال الیس قد نہی اللہ ان تصلی علی المنافقین فقال انا بین خیرتین استغفر لھم او لا تستغفر لھم فصلی علیہ فانزل اللہ ولا تصل
علی احد منھم مات ابدا ولا تقم علی قبرہ فترک الصلوۃ علیھم ھذا حدیث حسن صحیح حدثنا قتیبۃ نا اللیث
عن عمران بن ابی انس عن عبد الرحمن بن ابی سعید عن ابی سعید الخدری انہ قال تماری رجلان فی المسجد الذی اسس
علی التقوی من اول یوم فقال رجل ھو مسجد قباء وقال الآخر ھو مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ھو مسجدی ھذا ھذا حدیث حسن صحیح وقد روی ھذا عن ابی سعید من غیر ھذا الوجہ
رواہ انیس بن ابی یحیی عن ابیہ عن ابی سعید حدثنا ابو کریب نا معاویۃ بن ھشام نا یونس بن الحارث عن
ابراھیم بن ابی میمونۃ عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال نزلت ھذہ الآیۃ فی اھل قباء
فیہ رجال یحبون ان یتطھروا واللہ یحب المطھرین

سو مین اپنی جرأت سے جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر کی تھی متعجب ہوا اور اللہ اور رسول بہتر جانتا ہے پس قسم ہے اللہ کی تھوڑی
ہی دیر گذری کہ یہ دونون آیتین نازل ہوئین ولا تصل علی احد منھم الخ یعنے اور مت نماز پڑھ اوپر کسی کے انمین سے کہ مرجاوے کبھی اور
مت کھڑا ہو اوپر قبر اسکی کے الخ کہا حضرت عمر نے سو بعد اسکے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کسی منافق پر نماز نہین پڑھی اور نہ اسکی
قبر پر کھڑے ہوئے یہانتک کہ اللہ تعالی نے آپکو قبض کر لیا یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے حدیث کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے
یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ نے کہا خبر دی ہمکو نافع نے ابن عمر سے کہا اُسنے عبد اللہ بن عبد اللہ بن ابی رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم کے پاس آیا جبکہ اسکا باپ مرا اور کہا اُسنے آپ مجھے اپنا کرتا دیجئے کہ مین اسمین اسکو کفن دون اور آپ اُسپر نماز پڑھیے اور اسکیلئے
بخشش مانگیے سو آپ نے اُسکو کرتا دیدیا اور فرمایا جب تم فارغ ہو جاؤ گے تو مجھے خبر دینا سو جب آپ نے اُسپر نماز پڑھنے کا ارادہ کیا تو
حضرت عمر نے آپکو کھینچ لیا اور کہا کیا اللہ تعالی نے آپکو منافقون پر پڑھنے سے منع نہین کیا پس فرمایا آپ نے مین درمیان دو اختیارون کے
ہون یعنے بخشش مانگ واسطے انکے یا نہ بخشش مانگ واسطے اُنکے سو آپ نے اُسپر نماز پڑھی پس اللہ تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی
ولا تصل علی احد منھم الخ اور مت نماز پڑھ اوپر کسی کے انمین سے کہ مرجاوے کبھی اور مت کھڑا ہو اوپر قبر اسکی کے پھر آپ نے اُنپر نماز
پڑھنی ترک کردی یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے عمران بن ابی انس سے اُسنے عبد الرحمن
بن ابی سعید سے اُسنے ابی سعید خدری سے یہ کہ کہا اُسنے دو مردون نے اس مسجد کے حق مین کہ جسکی پہلے روز سے ہی پرہیزگاری پر بنا ہوئی
تھی جھگڑا کیا سو کہا ایک مرد نے وہ مسجد قبا ہے اور کہا دوسرے نے وہ مسجد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ہے پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وسلم نے وہ[1] میری یہ مسجد ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہ حدیث غیر اس وجہ سے بھی ابی سعید سے مروی ہے روایت کیا اسکو انیس بن ابی یحیی
نے اپنے باپ سے اُسنے ابی سعید سے حدیث کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے معاویہ بن ہشام نے کہا حدیث کی ہمسے یونس
بن حارث نے ابراہیم بن ابی میمونہ سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے یہ آیت قبا والون کے
حق مین نازل ہوئی ہے فیہ رجال یحبون الخ یعنے بیچ اسکے مرد ہین کہ دوست رکھتے ہین یہ کہ پاکی کرین اور اللہ دوست رکھتا ہے پاکی کرنے والونکو

[1] ظاہر قرآن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ مسجد قبا ہے کیونکہ دوسری آیت یعنے فیہ رجال ان یتطہروا الخ بالاتفاق قبا والون کے حق مین نازل ہوئی ہے مگر ممکن ہے کہ پہلی آیت تمام ہو یعنے دونو پر نازل ہوئی ہو اور حدیث مین لفظ ایک فرد کامل کا بیان ہے واسطے حضرت کے سے ہجرت کر کے آئے تو مدینے سے باہر اترے ایک محلہ تھا عمرو بن عوف کا یہ چند روز سے شہر مین جگہ پکڑی اور مسجد نبوی تعمیر کی اسی محلہ مین جہان نماز پڑھتے تھے وہان کے لوگون نے مسجد تیار کی اور جماعت قائم رہی مسجد قبا مشہور ہے حضرت اکثر ہفتے کے روز اکثر وہان جاتے اور نماز پڑھتے اس محلہ مین بعض منافقون نے چاہا کہ اور مسجد بناوین پہلو نکے ضرار اپنی جماعت جدا ٹھہراوین

لو کلفونی نقل جبل من الجبال ما کان اثقل علی من ذلک قلت کیف تفعلون شیئا لم یفعله رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ابوبکر ھو واللہ خیر فلم یزل یراجعنی فی ذلک ابوبکر و عمر حتی شرح اللہ صدری للذی شرح لہ صدرھا صدر ابی بکر و عمر فتتبعت القرآن اجمعہ من الرقاع والعسب واللخاف یعنی الحجارۃ وصدور الرجال فوجدت اٰخر سورۃ براءۃ مع خزیمۃ بن ثابت لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمؤمنین رءوف رحیم فان تولوا فقل حسبی اللہ لا الٰہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم ھٰذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمٰن بن مھدی نا ابراھیم بن سعد عن الزھری عن انس ان حذیفۃ قدم علی عثمٰن بن عفان و کان یغازی اھل الشام فی فتح ارمینیۃ واٰذربیجان مع اھل العراق فرای حذیفۃ اختلافھم فی القرآن فقال لعثمٰن بن عفان یا امیر المؤمنین ادرک ھٰذہ الامۃ قبل ان یختلفوا فی الکتاب کما اختلف الیھود والنصاری فارسل الی حفصۃ ان ارسلی الینا بالصحف ننسخھا فی المصاحف ثم نردھا الیک فارسلت حفصۃ الی عثمٰن بن عفان بالصحف فارسل عثمٰن الی زید بن ثابت وسعید بن العاص وعبد الرحمٰن بن الحارث بن ھشام وعبد اللہ بن الزبیر ان انسخوا الصحف فی المصاحف وقال للرھط القرشیین الثلاثۃ ما اختلفتم انتم وزید بن ثابت فاکتبوہ بلسان قریش فانما نزل بلسانھم حتی نسخوا الصحف فی المصاحف بعث عثمٰن الی کل افق بمصحف من تلک المصاحف التی نسخوا قال الزھری وحدثنی خارجۃ بن زید ان زید بن ثابت قال فقدت اٰیۃ من سورۃ الاحزاب کنت اسمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ من المؤمنین رجال صدقوا ما عاھدوا اللہ علیہ فمنھم من قضی نحبہ ومنھم من ینتظر فالتمستھا فوجدتھا مع خزیمۃ بن ثابت او ابی خزیمۃ فالحقتھا فی سورتھا قال الزھری فاختلفوا یومئذ فی التابوت والتابوہ

اگر مجھے کسی پہاڑ کے اٹھانیکا حکم دیتے تو مجھپر اس بات سے زیادہ ثقیل نہیں تھا میں نے کہا تم کسطرح وہ بات کرتے ہو جسکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا کہا حضرت ابوبکر نے قسم ہے اللہ کی یہ بات نیک ہے پس حضرت ابوبکر اور حضرت عمر اس بات میں میرے ساتھ ہمیشہ ہی جھگڑا کرتے رہے یہانتک کہ اللہ تعالیٰ نے میرا سینہ بھی کشادہ کردیا جسکے لئے اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کا یعنے حضرت ابوبکر اور عمر کا سینہ کشادہ کیا ہے سو میں قرآن کے پیچھے لگا جمع کرتا تھا میں اسکو چمڑوں اور پتے کھجوروں اور پتھروں اور لوگوں کے سینوں سے پس میں نے آخر سورت برات کا خزیمہ انصاری کے پاس پایا لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمؤمنین رءوف رحیم فان تولوا فقل حسبی اللہ لا الٰہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث**[۱] کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمٰن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے ابراہیم بن سعد نے زہری سے اُسنے انس سے یہ کہ حذیفہ عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور اُسوقت حذیفہ اہل شام کو ارمینیہ اور آذربیجان کے فتح کرنے میں اہل عراق کے ساتھ تیار کر رہا تھا سو حذیفہ نے انکا اختلاف قرآن کے بارے میں دیکھا تو کہا اُسنے حضرت عثمان سے اے امیر المؤمنین آپ اس امت کی دستگیری کریئے کتاب میں اختلاف کرنے سے پہلے ہی جیساکہ یہود اور نصاریٰ نے اختلاف کیا ہے پس حضرت عثمان نے حفصہ کی طرف ایک آدمی بھیجا کہ ہماری طرف صحیفے بھیجدے کہ انکو ہم اور صحیفوں میں لکھوا دیں پھر ہم اسکو تیری طرف پھیر دینگے سو حضرت حفصہ نے حضرت عثمان بن عفان کی طرف صحیفے بھیجدیے اور حضرت عثمان نے زید بن ثابت اور سعید بن عاص اور عبد الرحمٰن بن حارث بن ہشام اور عبد اللہ بن زبیر کی طرف انکو بھیجا کہ انکو صحیفوں میں لکھو۔ اور حضرت عثمان نے ان تینوں آدمی قریشیوں سے کہا کہ جسمیں تم اور زید بن ثابت اختلاف کرو تو اس لفظ کو قریش کی زبان میں لکھو کیونکہ قرآن انھیں کی زبان میں نازل ہوا ہے یہانتک کہ جب انھوں نے ان صحیفوں کو قرآن میں لکھ لیا تو حضرت عثمان نے ہر ایک طرف ان قرآنوں میں سے جو کہ انھوں نے لکھے تھے ایک ایک قرآن بھیجدیا۔ کہا زہری نے اور حدیث کی ہے مجھے خارجہ بن زید نے کہ زید بن ثابت نے کہا میں نے نہ پائی آیت سورۂ احزاب سے جسکو میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنتا تھا کہ اسکو پڑھتے تھے۔ من المؤمنین رجال صدقوا ما عاھدوا اللہ علیہ فمنھم من قضی نحبہ ومنھم من ینتظر۔ سو میں نے اسکو خزیمہ بن ثابت یا ابی خزیمہ کے پاس پایا پھر میں نے اسکو اس سورت میں لاحق کردیا۔ کہا زہری نے سو ان لوگوں نے ان دنوں میں لفظ تابوت اور تابوہ میں اختلاف کیا

[۱] اسلئے یہ معنے ہیں کہ میں نے اسکو لکھا ہوا کسی اور شخص کے پاس نہ پایا سوائے اسکے ورنہ یاد تو سبکو ہر ایک کو تھی ۱۲

من بعد ما كاد يزيغ قلوب فريق منهم ثم تاب عليهم انه بهم رؤف رحيم قال وفينا انزلت ايضا اتقوا الله وكونوا
مع الصادقين قال قلت يا نبي الله ان من توبتي ان لا احدث الا صدقا وان انخلع من مالي كله صدقة الى الله
والى رسوله فقال النبي صلى الله عليه وسلم امسك عليك بعض مالك فهو خير لك فقلت فاني امسك سهمي الذي
بخيبر قال فما انعم الله علي نعمة بعد الاسلام اعظم في نفسي من صدقي رسول الله صلى الله عليه وسلم حين صدقته
انا وصاحباي ولا نكون كذبنا فهلكنا كما هلكوا واني لارجوا ان لا يكون الله ابلى احدا في الصدق مثل الذي ابلاني
ما تعمدت لكذبة بعد واني لارجوا ان يحفظني الله فيما بقي وقد روي عن الزهري هذا الحديث بخلاف هذا الاسناد
قد قيل عن عبد الرحمن بن عبد الله بن كعب بن مالك عن ابيه عن كعب وقد قيل غير هذا وروى يونس بن يزيد
هذا الحديث عن الزهري عن عبد الرحمن بن عبد الله بن مالك ان اباه حدثه عن كعب بن مالك **حدثنا**
محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدي نا ابراهيم بن سعد عن الزهري عن عبيد بن السباق ان زيد بن ثابت حدثه
قال بعث الي ابو بكر الصديق مقتل اهل اليمامة فاذا عمر بن الخطاب عنده فقال ان عمر قد اتاني فقال ان القتل قد استحر
بقراء القرآن يوم اليمامة واني لاخشى ان يستحر القتل بالقراء في المواطن كلها فيذهب قرآن كثير واني ارى ان تأمر بجمع القرآن
قال ابو بكر لعمر كيف افعل شيئا لم يفعله رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال عمر هو والله خير فلم يزل يراجعني في ذلك
حتى شرح الله صدري للذي شرح له صدر عمر ورأيت فيه الذي راى قال زيد قال ابو بكر انك شاب عاقل لا نتهمك قد كنت
تكتب لرسول الله صلى الله عليه وسلم الوحي فتتبع القرآن قال فوالله

پیچھے اسکے کہ نزدیک تھا کہ کج ہو جاویں دل ایک جماعت کے انمین سے پھر آیا اوپر انکے تحقیق وہ ساتھ انکے مشفق کرنیوالا مہربان ہے۔ کہا اسنے
اور ہمارے حق مین ہی یہ آیت بھی نازل ہوئی ہے اتقوا اللہ وکونوا مع الصادقین۔ کہا کعب نے مین نے کہا اے نبی اللہ کے میری توبہ سے ہے
یہ کہ نہ بات کرونگا مگر سچی اور مین اپنے تمام مال سے نکل آتا ہون واسطے صدقہ کے طرف اللہ کے اور اسکے رسول کے پس فرمایا نبی صلے اللہ
علیہ وسلم نے کچھ مال اپنا اپنے لیے بند رکھ سو یہ بہتر ہے تیرے لیے پس مین نے کہا مین اپنے لیے وہ حصہ جو خیبر مین ہے بند رکھتا ہون کہا اسنے
پس نہین کوئی انعام کیا اللہ نے مجھپر بعد اسلام کے عظیم تر میرے نزدیک سچ بولنے میرے سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس
جبکہ مین نے اور میرے دونون ساتھیون نے آپکے پاس سچ بولا۔ اور نہ ہمنے جھوٹ بولا پس ہلاک ہوتے ہم جیسا کہ اور ہلاک ہوئے
اور مین امید رکھتا ہون کہ اللہ تعالی نے کسی کو صدق مین نہ آزمایا ہوگا جیسا کہ مجھے اللہ نے آزمایا ہے بعد اسکے مین نے کبھی جھوٹ کا قصد
نہین کیا اور مین امید رکھتا ہون کہ اللہ تعالی مجھے بقیہ عمر مین بھی محفوظ رکھے گا۔ اور مروی ہے یہ حدیث زہری سے بخلاف اس اسناد کے
کہا گیا ہے مروی ہے عبد الرحمن بن عبد اللہ بن کعب بن مالک سے اسنے روایت کی اپنے باپ سے اسنے کعب سے اور غیر اسکا بھی کہا گیا
ہے اور روایت کی ہے یونس بن یزید نے یہ حدیث زہری سے اسنے عبد الرحمن بن عبد اللہ بن مالک سے یہ کہ باپ اسکے نے حدیث کی ہے
اسکو کعب بن مالک سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے ابراہیم
بن سعد نے زہری سے اسنے عبید بن سباق سے یہ کہ زید بن ثابت نے حدیث کی ہے اسکو کہا اسنے میری طرف حضرت ابوبکر صدیق نے
(ایک آدمی میرے بلانیکے لیے) وقت جنگ اہل یمامہ کے بھیجا پس دیکھا کہ آپ کے پاس حضرت عمر بن خطاب ہین سو کہا حضرت ابوبکر نے
میرے پاس عمر آئے اور کہنے لگے کہ یمامہ کے دن قاری قرآن کے بہت شہید ہوگئے ہین اور مین ڈرتا ہون کہ قاری سب جگہو نمین بہت
شہید ہونگے تو قرآن بہت جاتا رہیگا اور میری یہ رائے ہے کہ آپ قرآن کے جمع کرنیکا حکم دیجیے حضرت ابوبکر نے حضرت عمر سے کہا مین کسطرح
وہ بات کرون کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکو نہین کیا کہا حضرت عمر نے قسم ہے اللہ کی یہ بات نیک ہے (کہا حضرت ابوبکر نے) پس
ہمیشہ حضرت عمر اس بات مین میرے ساتھ جھگڑا کرتے رہے یہانتک اللہ تعالی نے میرا سینہ کشادہ کر دیا جسکے لیے اللہ نے حضرت عمر کا سینہ
کشادہ کیا ہے اور میری رائے مین بھی وہی آیا جو انکی رائے مین آیا تھا۔ کہا حضرت ابوبکر نے (زید بن ثابت سے) تو جوان عقلمند آدمی ہے ہم تجھپر کسیطرح
کی تہمت نہین رکھتے تو ہی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین وحی لکھتا تھا سو تو ہی قرآن کے پیچھے شروع ہو کہا زید نے پس قسم ہے اللہ کی

او ترى له حدثنا ابن ابی عمر نا سفیان عن عبد العزیز بن رفیع عن ابی صالح السمان عن عطاء بن یسار عن رجل من اهل مصر عن ابی الدرداء فذکر نحوه حدثنا احمد بن عبدة الضبی نا حماد بن زید عن عاصم بن بهدلة عن ابی صالح عن ابی الدرداء عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه ولیس فیه عن عطاء بن یسار وفی الباب عن عبادة بن الصامت حدثنا عبد بن حمید نا حجاج بن منهال نا حماد بن سلمة عن علی بن زید عن یوسف بن مهران عن ابن عباس ان النبی صلی الله علیه وسلم قال لما اغرق الله فرعون قال آمنت انه لا اله الا الذی آمنت به بنو اسرائیل فقال جبرئیل یا محمد لو رأیتنی وانا آخذ من حال البحر وادسه فی فیه مخافة ان تدرکه الرحمة هذا حدیث حسن حدثنا محمد بن عبد الاعلی الصنعانی نا خالد بن الحارث نا شعبة قال اخبرنی عدی بن ثابت وعطاء بن السائب عن سعید بن جبیر عن ابن عباس ذکر احدهما عن النبی صلی الله علیه وسلم انه ذکر ان جبرئیل جعل یدس فی فی فرعون الطین خشیة ان یقول لا اله الا الله فیرحمه الله او خشیة ان یرحمه هذا حدیث حسن غریب صحیح ومن سورة هود بسم الله الرحمن الرحیم حدثنا احمد بن منیع نا یزید بن هارون نا حماد بن سلمة عن یعلی بن عطاء عن وکیع بن حدس عن عمه ابی رزین قال قلت یا رسول الله این کان ربنا قبل ان یخلق خلقه قال کان فی عماء ما تحته هواء وما فوقه هواء وخلق عرشه علی الماء قال احمد قال یزید العماء ای لیس معه شیء هکذا یقول حماد بن سلمة وکیع بن حدس ویقول شعبة وابو عوانة وکیع بن عدس هذا حدیث حسن حدثنا ابو کریب نا ابو معویة عن برید بن عبد الله عن ابی بردة عن ابی موسی ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ان الله تبارک وتعالی یملی وربما قال یمهل الظالم حتی اذا اخذه لم یفلته ثم قرأ وکذلک اخذ ربک اذا اخذ القری وهی ظالمة الآیة هذا حدیث حسن صحیح غریب وقد روی ابو اسامة

یا اسکے لئے دکھائی جاتی ہے حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عبد العزیز بن رفیع سے اُسنے ابی صالح سمان سے اُسنے عطاء بن یسار سے اُسنے ایک مرد سے جو اہل مصر سے تھا اُسنے ابی الدرداء سے پس اُسنے اسکے مثل ذکر کیا۔ حدیث کی ہمسے احمد بن عبدہ ضبی نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے عاصم بن بہدلہ سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی الدرداء سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے اور اس روایت میں عطاء بن یسار کا ذکر نہیں ہے اور اس باب میں روایت ہے عبادہ بن صامت سے بھی حدیث کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے حجاج بن منہال نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے علی بن زید سے اُسنے یوسف بن مہران سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبکہ غرق کیا اللہ نے فرعون کو تو کہا اُسنے آمنت انہ لا الہ الخ یعنے ایمان لایا میں یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر وہ جو ایمان لائے ہیں ساتھ اُسکے بنی اسرائیل پس کہا جبرئیل نے کاشکے آپ مجھے دیکھتے اس حالت میں کہ میں دریا کی کیچڑ لیتا تھا اور اسکے منہ میں غصے سے داخل کرتا تھا اس خوف سے کہ اسکو رحمت نہ گھیر لے یہ حدیث حسن ہے حدیث کی ہمسے محمد بن عبد الاعلی صنعانی نے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن حارث نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے کہا خبر دی مجھے عدی بن ثابت اور عطاء بن سائب نے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے ذکر کیا ایک اُن دونوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ ذکر کیا آپ نے یہ کہ جبرئیل علیہ السلام فرعون کے منہ میں کیچڑ ڈالتے تھے اس خوف سے کہ کہے لا الہ الا اللہ اور اسپر اللہ رحمت کردے یا کہا اُسنے اس خوف سے کہ اُسپر رحمت کردے (شک راوی الفاظ میں) یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔ اور بعض تفسیر سورہ ہود سے بسم اللہ الرحمن الرحیم حدیث کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے یعلی بن عطاء سے اُسنے وکیع بن حدس سے اُسنے اپنے چچا ابی رزین سے کہا اُسنے میں نے کہا یا رسول اللہ ہمارا رب خلقت کے پیدا کرنے سے پہلے کہاں تھا فرمایا آپ نے ایک بادل میں تھا کہ اسکے نیچے بھی ہوا تھی اور اسکے اوپر بھی ہوا تھی اور پیدا کیا اللہ نے عرش اپنے کو پانی پہ کہا احمد نے بادل یعنے اسکے ساتھ کوئی شئی نہ تھی۔ حماد بن سلمہ اسیطرح وکیع بن حدس کہتا ہے اور شعبہ اور ابو عوانہ وکیع بن عدس کہتے ہیں یہ حدیث حسن ہے حدیث کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے برید بن عبد اللہ سے اُسنے ابی بردہ سے اُسنے ابی موسی سے یہ کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ کہا اللہ تبارک وتعالی نے یملی اور کبھی کہا یمہل یعنے مہلت دیتا ہے ظالم کو یہانتک کہ جب اسکو پکڑتا ہے تو نہیں چھوڑتا اسکو پھر پڑھا آپ نے وکذلک اخذ ربک الخ اور ایسا ہی ہے پکڑنا رب تیرے کا جبکہ پکڑتا ہے گانؤں کو اور وہ ظالم ہوں الخ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور روایت کی ہے ابو اسامہ نے

فقال القرشيون التابوت وقال زيد التابوه فرفع اختلافهم الى عثمان فقال اكتبوه التابوت فانه نزل بلسان قريش
قال الزهري فاخبرني عبيد الله بن عبد الله بن عتبة ان عبد الله بن مسعود كره لزيد بن ثابت نسخ المصاحف
وقال يا معشر المسلمين اعزل عن نسخ كتابة المصاحف ويتولاها رجل والله لقد اسلمت وانه لفي صلب رجل كافر
يريد زيد بن ثابت ولذلك قال عبد الله بن مسعود يا اهل العراق اكتموا المصاحف التي عندكم وغلوها فان الله
يقول ومن يغلل يأت بما غل يوم القيامة فالقوا الله بالمصاحف قال الزهري فبلغني ان ذلك كره من مقالة ابن مسعود
رجال من افاضل اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم هذا حديث حسن صحيح وهو حديث الزهري ولا نعرفه الا من حديثه

ومن سورة يونس بسم الله الرحمن الرحيم **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدي نا حماد بن سلمة عن
ثابت البناني عن عبد الرحمن بن ابي ليلى عن صهيب عن النبي صلى الله عليه وسلم في قوله تعالى للذين احسنوا الحسنى
وزيادة قال اذا دخل اهل الجنة الجنة نادى مناد ان لكم عند الله موعدا ويريد ان ينجزكموه قالوا الم يبيض وجوهنا
وينجينا من النار ويدخلنا الجنة قال فيكشف الحجاب قال فوالله ما اعطاهم شيئا احب اليهم من النظر اليه حديث
حماد بن سلمة هكذا رواه غير واحد عن حماد بن سلمة مرفوعا وروى سليمن بن المغيرة هذا الحديث عن ثابت عن عبد الرحمن
بن ابي ليلى قوله ولم يذكر فيه عن صهيب عن النبي صلى الله عليه وسلم **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان عن ابن المنكدر عن
عطاء بن يسار عن رجل من اهل مصر قال سألت ابا الدرداء عن هذه الآية لهم البشرى في الحيوة الدنيا قال ما سألني
عنها احد منذ سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم عنها فقال ما سألني عنها احد غيرك منذ انزلت هي الرؤيا الصالحة يراها المسلم

پس کہا قرشیوں نے تابوت ہے اور کہا زید نے تابوہ ہے پس انکا اختلاف حضرت عثمان کی طرف اٹھایا گیا سو فرمایا حضرت عثمان نے اسکو تابوت
لکھو کیونکہ یہ قرآن قریش کی زبان پر نازل ہوا ہے کہا زہری نے پس خبر دی مجھے عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ نے یہ کہ عبد اللہ بن مسعود نے زید
بن ثابت کے قرآن کے لکھنے کو برا جانا اور کہا اے گروہ مسلمانوں کے میں قرآن کے نسخوں کے لکھنے سے معزول کیا جاؤں اور ایک مرد اسکا
والی ہو قسم ہے اللہ کی میں اسلام لایا تھا اس حالت میں کہ وہ ابھی ایک مرد کافر کی پیٹھ میں ہی تھا ارادہ اسکا اس سے زید بن ثابت کا تھا اور
اسی واسطے کہا عبد اللہ بن مسعود نے اے اہل عراق تم ان صحیفوں کو جو تمہارے پاس ہیں چھپا رکھو اور انکو بند رکھو[1] کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہے ومن یغلل
یات بما غل یوم القیامۃ یعنے جو شخص بند رکھے گا لاویگا ساتھ اس چیز کے جو اسنے بند رکھی ہے قیامت کے دن سو تم اللہ کو صحیفوں کے ساتھ ملوگے
کہا زہری نے مجھے پہونچا ہے کہ ابن مسعود کے کلام کو کئی مردوں فاضلوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے مکروہ جانا ہے یہ حدیث حسن
صحیح ہے اور یہ حدیث زہری کی ہے اور نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے۔ اور بعض تفسیر سورۂ یونس سے بسم اللہ الرحمن الرحیم **حدیث** کی
ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے ثابت بنانی سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی لیلی
سے اُسنے صہیب سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر میں۔ للذین احسنوا الحسنی وزیادۃ[2] فرمایا آپ نے جب جنتی جنت میں داخل
ہونگے تو ایک آواز دینے والا آواز دیگا کہ تمہارے لیے اللہ کے پاس ایک وعدہ ہے اور اللہ ارادہ کرتا ہے کہ اسکو تمہارے لیے پورا کر دے وہ کہیں گے
کیا اللہ نے ہمارے چہروں کو سفید نہیں کیا اور ہمکو آگ سے نجات نہیں دی اور جنت میں داخل نہیں کیا فرمایا آپ نے پس اللہ حجاب کو اٹھائیگا فرمایا
آپ نے پس قسم ہے اللہ کی کوئی شے اُسنے انکو ایسی نہیں دی جو انکو اُسکی طرف نظر کرنے سے زیادہ محبوب ہو حدیث حماد بن سلمہ کو ایسا ہی کئی ایک
لوگوں نے حماد بن سلمہ سے مرفوعا روایت کیا ہے۔ اور سلیمان بن مغیرہ نے اس حدیث کو ثابت سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی لیلی سے قول اسکا
روایت کیا ہے اور نہیں ذکر کیا اُسنے بواسطہ صہیب کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے
ابن منکدر سے اُسنے عطاء بن یسار سے اُسنے ایک مرد سے جو اہل مصر سے تھا۔ کہا اُسنے میں نے ابی الدرداء سے اس آیت کی بابت سوال کیا لھم البشری
فی الحیوۃ الدنیا یعنے واسطے انکے بشارت ہے زندگی دنیا میں۔ کہا اُسنے مجھسے کسی نے سوال نہیں کیا ابتدا اُسوقت سے جو سوال کیا میں نے اُس سے
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سو فرمایا آپ نے مجھسے سوائے تیرے کسی نے سوال نہیں کیا ابتدا اسوقت سے کہ نازل ہوئی ہے یہ نیک خواب ہے جسکو مسلمان دیکھتا[3]

[1] اسکے یہ معنے ہیں کہ جو تمہارے پاس صحیفے چلے آتے ہیں انکو بند کر رکھو یہ معنے نہیں کہ جو قرآن حضرت عثمان نے لکھوا کر تمہاری طرف بھیجا ہے اسکو بند رکھو جیسا کہ بعض لوگوں نے خیال کیا ہے کیونکہ اگر یہ معنے ہوتے تو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اس بات کو مکروہ نہ جانتے ۱۲ [2] یعنے مراد زیادتی سے جو نص میں واقع ہوئی ہے یہ ہے کہ اللہ تعالی کا دیدار حاصل ہوگا ۱۲ [3] یعنے مراد اس بشارت سے جو دنیا میں حاصل ہوتی ہے خواب نیک ہے جو خود مومن اسکو دیکھتا ہے یا کوئی اور شخص اسکے لیے دیکھتا ہے ۱۲

عن عبد الله عن النبي صلى الله عليه وسلم مثله ورواية هؤلاء اصح من رواية الثوري **حدثنا** محمد بن يحيى النيسابوري نا محمد بن يوسف عن سفيان الثوري عن الاعمش وسماك عن ابراهيم عن عبد الرحمن بن يزيد عن عبد الله عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه بمعناه **حدثنا** محمود بن غيلان نا الفضل بن موسى عن سفيان عن سماك عن ابراهيم عن عبد الرحمن بن يزيد عن عبد الله بن مسعود عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه بمعناه ولم يذكر فيه عن الاعمش وقد روى سليمن التيمي هذا الحديث عن ابي عثمن النهدي عن ابن مسعود عن النبي صلى الله عليه وسلم **حدثنا** محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد عن سليمن التيمي عن ابي عثمن عن ابن مسعود ان رجلا اصاب من امرأة قبلة حرام فاتى النبي صلى الله عليه وسلم فسأله عن كفارتها فنزلت اقم الصلوٰة طرفي النهار وزلفا من الليل الاية فقال الرجل الي هذه يا رسول الله فقال لك ولمن عمل بها من امتي هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** عبد بن حميد نا حسين بن علي الجعفي عن زائدة عن عبد الملك بن عمير عن عبد الرحمن بن ابي ليلى عن معاذ بن جبل قال اتى النبي صلى الله عليه وسلم رجل فقال يا رسول الله ارأيت رجلا لقي امرأة وليس بينهما معرفة فليس يأتي الرجل الى امرأته شيئا الا قد اتى هو اليها الا انه لم يجامعها قال فانزل الله اقم الصلوٰة طرفي النهار وزلفا من الليل ان الحسنات يذهبن السيئات ذلك ذكرى للذاكرين فامره ان يتوضأ ويصلي قال معاذ فقلت يا رسول الله اهي له خاصة ام للمؤمنين عامة قال بل للمؤمنين عامة هذا حديث ليس اسناده بمتصل عبد الرحمن بن ابي ليلى لم يسمع من معاذ بن جبل ومعاذ بن جبل مات في خلافة عمر وقتل عمر وعبد الرحمن بن ابي ليلى غلام صغير ابن ست سنين وقد روى عن عمر ورآه وروى شعبة هذا الحديث عن عبد الملك

اُسنے عبداللہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور روایت انکی زیادہ صحیح ہے روایت ثوری سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی نیشاپوری نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن یوسف نے اُسنے سفیان ثوری سے اُسنے اعمش اور سماک سے انھوں نے ابراہیم سے اُسنے عبدالرحمن بن یزید سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے بالمعنے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے فضل بن موسیٰ نے سفیان سے اُسنے سماک سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے عبدالرحمن بن یزید سے اُسنے عبداللہ بن مسعود سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے بالمعنی اور اُسنے اسمین اعمش کا ذکر نہین کیا۔ اور کبھی روایت کیا ہے سلیمان تیمی نے اس حدیث کو ابی عثمان نہدی سے اُسنے ابن مسعود سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے سلیمان تیمی سے اُسنے ابی عثمان سے اُسنے ابن مسعود سے یہ کہ ایک مرد نے ایک عورت سے بوسہ حرام کا لیا پھر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپ سے اسکے کفارے کی بابت سوال کیا سو یہ آیت نازل ہوئی اقم الصلوٰۃ طرفی النہار وزلفا من اللیل پس کہا اس مرد نے کیا میرے لیے ہی ہے یہ حکم یا رسول اللہ سو فرمایا آپ نے تیرے لیے بھی اور اُس شخص کے لئے بھی جو میری[1] امت سے یہ عمل کرے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے حسین بن علی جعفی نے زائدہ سے اُسنے عبدالملک بن عمیر سے اُسنے عبدالرحمن بن ابی لیلی سے اُسنے معاذ بن جبل سے کہا اُسنے ایک مرد نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا اُسنے یا رسول اللہ مجھے خبر دو ایک مرد کی کہ ایک ایسی عورت سے ملا ہے کہ اسکے ساتھ اسکا تعارف نہین ہے اور وہ مرد اپنی عورت کے پاس بالکل نہین آیا مگر وہ ایسکے پاس آیا ہے سوا اسکے کہ اُسنے اسکے ساتھ جماع نہین کیا کہا اُسنے پس اللہ نے یہ آیت نازل کی اقم الصلوٰۃ الخ یعنے اور قائم کر نماز دونون طرف دن کے اور کچھ ٹکڑون مین رات سے تحقیق نیکیان لیجاتی ہین برائیونکو یہ نصیحت ہے واسطے ذکر کرنے والونکے۔ پھر آنحضرت نے اسکو وضو کرنیکا اور نماز پڑھنے کا حکم دیا۔ کہا معاذ نے مین نے کہا یا رسول اللہ کیا یہ حکم اُسی کے لئے خاص ہے یا تمام مؤمنون کے سلئے فرمایا آپ نے بلکہ تمام مؤمنون کے لئے۔ یہ ایسی حدیث ہے کہ اسناد اسکی متصل نہین ہے (کیونکہ) عبدالرحمن بن ابی لیلی نے معاذ بن جبل سے سنا نہین ہے اور معاذ بن جبل حضرت عمر کی خلافت مین مر گیا تھا۔ اور حضرت عمر شہید ہوے تھے اس حالت مین کہ عبدالرحمن بن ابی لیلی چھوٹا لڑکا چھ برس کا تھا اور اُسنے روایت کی ہے حضرت عمر سے اور دیکھا ہے انکو۔ اور روایت کی ہے شعبہ نے یہ حدیث عبدالملک

[1] یعنے جو شخص میری امت سے گناہ صغیرہ کرنے کے بعد نیکی کریگا تو اللہ تعالی اپنے فضل و کرم سے اسکے گناہ کو معاف کردیگا کیونکہ نیکیوں سے برائیونکو دور کرنا اسطرح ہوتا ہے کہ نیکی بعد برائی کے صادر ہو۔

عن برید نحوه وقال یعلی حدثنا ابراهیم بن سعید الجوهری عن ابی اسامة عن برید بن عبد الله عن جده ابی بردة
عن ابی موسی عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه وقال یعلی ولم یشك فیه حدثنا محمد بن بشار نا ابو عامر العقدی هو
عبد الملك بن عمرو قال نا سلیمن بن سفیان عن عبد الله بن دینار عن ابن عمر عن عمر بن الخطاب قال لما نزلت هذه الآیة
فمنهم شقی وسعید سألت رسول الله صلی الله علیه وسلم فقلت یا نبی الله فعلی ما نعمل علی شیء قد فرغ منه او علی شیء
لم یفرغ منه قال بل علی شیء قد فرغ منه وجرت به الاقلام یا عمر لکن کل میسر لما خلق له هذا حدیث حسن غریب من
هذا الوجه لا نعرفه الا من حدیث عبد الملك بن عمرو حدثنا قتیبة نا ابو الاحوص عن سماك بن حرب عن ابراهیم
عن علقمة والاسود عن عبد الله قال جاء رجل الی النبی صلی الله علیه وسلم فقال انی عالجت امرأة فی اقصی المدینة وانی
اصبت منها ما دون ان امسها وانا هذا فاقض فی ما شئت فقال له عمر لقد سترك الله لو سترت علی نفسك فلم یرد
علیه رسول الله صلی الله علیه وسلم شیئا فانطلق الرجل فاتبعه رسول الله صلی الله علیه وسلم رجلا فدعاه فتلا
علیه اقم الصلوة طرفی النهار وزلفا من اللیل ان الحسنات یذهبن السیئات ذلك ذکری للذاکرین الی آخر الآیة فقال
رجل من القوم هذا له خاصة قال بل للناس کافة هذا حدیث حسن صحیح وهکذا روی اسرائیل عن سماك عن ابراهیم
عن علقمة والاسود عن عبد الله عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه وروی شعبة عن سماك عن ابراهیم عن الاسود عن عبد الله
عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه وروی سفیان الثوری عن سماك عن ابراهیم عن عبد الرحمن بن یزید

برید سے مثل اسکے اور کہا یعلی حدیث کی ہمسے ابراہیم بن سعید جوہری نے ابی اسامہ سے اُسنے برید بن عبد اللہ سے اُسنے اپنے
دادا ابی بردہ سے اُسنے ابی موسی سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے اور کہا یعلی اور اُسنے اسمین شک نہین کیا حدیث
کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر عقدی نے جو عبد الملک بن عمرو ہے کہا اُسنے حدیث کی ہمسے سلیمان بن سفیان نے
عبد اللہ بن دینار سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے عمر بن خطاب سے کہا اُسنے جب یہ آیت نازل ہوئی فمنہم شقی وسعید تو سوال کیا مین نے رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم سے سو مین نے کہا اے نبی اللہ کے ہم کس چیز پر عمل کرتے ہین کیا اس سے فراغت[1] ہو گئی ہے یا ایسی چیز پر عمل کرتے ہین کہ اس
سے ابھی فراغت نہین ہوئی فرمایا آپ نے بلکہ ایسی چیز پر کہ اس سے فراغت ہو چکی ہے اور قلمین اسکے ساتھ جاری ہو چکی ہین اے عمر لیکن
ہر ایک کے لئے وہی آسان ہے جسکے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے یہ حدیث حسن ہے غریب اس طریق سے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق عبد الملک بن
عمرو سے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے سماک بن حرب سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے علقمہ اور اسود سے
انھون نے عبد اللہ سے کہا اُسنے ایک مرد نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا اُسنے مین نے ایک عورت کو مدینہ کے باہر اطراف
مین ہاتھ لگایا ہے اور مین اس سے پہونچ گیا ہون سوائے جماع کرنیکے۔ اور مین یہ کھڑا ہون سو آپ میرے حق مین جو چاہتے ہون حکم کرین پس
اس سے حضرت عمر نے کہا اللہ نے تو تجھپر پردہ ڈالا تھا اگر تو بھی اپنے نفس پر پردہ ڈالتا پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکو کچھ
جواب نہ دیا سو وہ مرد چلا گیا پھر اسکے پیچھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد بھیجا پس اُسنے اُسکو بلا لیا پھر آپ نے
اُسپر یہ آیت پڑھی اقم الصلوة طرفی النهار الخ یعنے قائم کر نماز دونون طرف دن کے اور کچھ ٹکڑون مین رات سے تحقیق نیکیان لیجاتی ہین
برائیونکو یہ نصیحت[2] ہے واسطے ذکر کرنے والون کے الخ پس کہا ایک مرد نے قوم سے کیا یہ حکم اُسیکے لیے خاص ہے فرمایا آپ نے بلکہ تمام
لوگون کے لئے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ایسا ہی روایت کی ہے اسرائیل نے سماک سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے علقمہ اور اسود سے انھون نے
عبد اللہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور روایت کیا شعبہ نے سماک سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے اسود سے اُسنے عبد اللہ
سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور روایت کیا سفیان ثوری نے سماک سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے عبد الرحمن بن یزید سے

[1] یعنے ہم جو عمل کر رہے ہین کیا یہ تمام لکھے گئے ہین یا جب ہم کرتے ہین اُسوقت لکھے جاتے ہین فرمایا آپ نے بلکہ تمام امور پروردگار لکھ چکا ہے اور قلم اُسکے ساتھ جاری ہو چکا ہے مگر ہر ایک کے وہی عمل
آسان ہوتے ہین جسکے لیے وہ پیدا کیے گئے ہین [2] یعنے نیکیان دور کرتی ہین برائیونکو یعنی جس طرح جو نیکیان کرے اسکی برائیان معاف ہون اور جو نیکیان پکڑے اس سے خو برائیون کی چھوٹے اور جس ملک
مین نیکیون کا رواج ہو وہان ہدایت آوے اور گمراہی مٹے لیکن تینون جگہ وزن غالب چاہیے جتنا میل اُتنا صابون ۱۲ شاہ عبد القادر محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالے

الا فی ذروۃ من قومه حدثنا ابو کریب نا عبدۃ وعبد الرحیم عن محمد بن عمرو نحو حدیث الفضل بن موسیٰ الا انه قال ما بعث الله بعده نبیا الا فی ثروۃ من قومه قال محمد بن عمرو الثروۃ الکثرۃ والمنعة وهذا اصح من روایة الفضل بن موسیٰ وهذا حدیث حسن **ومن سورۃ الرعد** بسم الله الرحمٰن الرحیم حدثنا عبد الله بن عبد الرحمٰن انا ابو نعیم عن عبد الله بن الولید وکان یکون فی بنی عجل عن بکیر بن شهاب عن سعید بن جبیر عن ابن عباس قال اقبلت یهود الی النبی صلی الله علیه وسلم فقالوا یا ابا القاسم اخبرنا عن الرعد ما هو قال ملك من الملئکة موکل بالسحاب معه مخاریق من نار یسوق بها السحاب حیث شاء الله فقالوا فما هذا الصوت الذی نسمع قال زجرۃ بالسحاب اذا زجره حتی ینتهی الی حیث امر قالوا صدقت فقالوا فاخبرنا عما حرم اسرائیل علی نفسه قال اشتکی عرق النساء فلم یجد شیئا یلائمه الا لحوم الابل والبانها فلذلك حرمها قالوا صدقت هذا حدیث حسن صحیح غریب حدثنا محمود بن خداش البغدادی نا سیف بن محمد الثوری عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی هریرۃ عن النبی صلی الله علیه وسلم فی قوله تعالیٰ ونفضل بعضها علی بعض فی الاکل قال الدقل والفارسی والحلو والحامض هذا حدیث حسن غریب وقد رواه زید بن ابی انیسة عن الاعمش نحو هذا وسیف بن محمد هو اخو عمار بن محمد وعمار اثبت منه وهو ابن اخت سفیان الثوری **سورۃ ابراهیم** بسم الله الرحمٰن الرحیم حدثنا عبد بن حمید نا ابو الولید نا حماد بن سلمة عن شعیب بن الحبحاب عن انس بن مالك قال اتی رسول الله صلی الله علیه وسلم بقناع علیه رطب فقال مثل کلمة طیبة کشجرۃ طیبة اصلها ثابت وفرعها فی السماء تؤتی اکلها کل حین باذن ربها قال هی النخلة ومثل کلمة خبیثة کشجرۃ خبیثة

مگر اس قوم کے اعلیٰ نسب میں حدیث کی ہم سے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہم سے عبدہ اور عبد الرحیم نے محمد بن عمرو سے مثل حدیث فضل بن موسیٰ کے مگر یہ کہ کہا اُسنے نہیں بھیجا اللہ نے کوئی نبی مگر اسکی قوم کی جماعت کثیر میں۔ کہا محمد بن عمرو نے ثروہ کے معنے جماعت کثیر اور لشکر کے ہیں اور یہ روایت زیادہ صحیح ہے روایت فضل بن موسیٰ سے اور یہ حدیث حسن ہے **بعض تفسیر سورۂ رعد سے** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم حدیث کی ہم سے عبد اللہ بن عبد الرحمٰن نے کہا خبر دی ہمکو ابو نعیم نے عبد اللہ بن ولید سے اور یہ شخص بنی عجل میں رہتا تھا وہ راوی ہے بکیر بن شہاب سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے چند یہود نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہنے لگے اے ابا القاسم ہمکو رعد کی خبر دو کہ کیا ہے فرمایا آپ نے ایک فرشتہ ہے فرشتوں سے جو بادل پر موکل ہے اسکے ساتھ آگ کا ایک چابک ہے جو اسکے ساتھ بادلونکو چلاتا ہے جہاں اللہ کی مرضی ہو پھر کہا اُنھوں نے یہ کیا آواز ہے جو ہم سنتے ہیں فرمایا آپ نے یہ زجر ہے جبکہ وہ بادلونکو زجر کرتا ہے یہانتک کہ وہ بادل پہونچتا ہے جہاں وہ امر کرتا ہے کہا اُنھوں نے سچ کہا آپ نے پھر کہا اُنھوں نے ہمکو خبر دو اُس چیز کی جو حضرت یعقوب نے اپنے نفس پر حرام کی تھی فرمایا آپنے عرق النسا (نام رگ) اُنکی بیمار ہو گئی سو اُنھوں نے کوئی چیز نہ پائی جو اُنکو مرغوب ہو مگر گوشت اونٹونکا اور دودھ اُنکا پس اسی لئے اُنھوں نے اسکو حرام کیا تھا کہا اُنھوں نے سچ کہا آپنے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے حدیث کی ہم سے محمود بن خداش بغدادی نے کہا حدیث کی ہم سے سیف بن محمد ثوری نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر میں ونفضل بعضها علی بعض فی الاکل یعنے بزرگی دیتے ہیں ہم بعض انکے کو اوپر بعضوں کے بیچ میوے کے[1] فرمایا آپ نے ردی کھجوریں اور فارسی ہیں اور میٹھے اور کڑوے ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور روایت کیا اسکو زید بن ابی انیسہ نے اعمش سے مثل اسکے۔ اور سیف بن محمد وہ بھائی عمار بن محمد کا ہے اور عمار اس سے ثقہ ہے اور یہ بھانجا سفیان ثوری کا ہے۔ **تفسیر سورہ ابراہیم** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم حدیث کی ہم سے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہم سے ابو الولید نے کہا حدیث کی ہم سے حماد بن سلمہ نے شعیب بن حبحاب سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک تھال کھجوروں کا لایا گیا پس فرمایا آپ نے مثال[2] بات پاکیزہ کی مانند درخت پاکیزہ کے ہے جڑ اسکی محکم ہے اور ڈالیاں اسکی بیچ آسمان کے دیتا ہے میوہ اپنا ہر وقت ساتھ حکم پروردگار اپنے کے فرمایا آپ نے وہ درخت کھجور ہے اور مثال بات ناپاک کی مانند درخت ناپاک کے ہے

[1] فضیلت میوے کی ایک دوسرے پر یہ ہے کہ باوجودیکہ ایک شکل اور قسم کے ہوتے ہیں پھر بعض کا مزا عمدہ اور بعض کا برا ایک ہی ہوا ہے کہ بعض اس سے میٹھا ہے اور بعض اس سے کڑوا یہ کمال قدرت پروردگار کی ہے ۱۲

[2] مسلمانوں کا دعوے درست ہے جسکی دلیل صحیح ہے اور دل میں اثر رکھتا ہے اور روز بروز بڑھتا ہے اور کافروں کا دعوے جڑ نہیں رکھتا تھوڑا دھیان کرنے سے غلط معلوم ہونے لگے اور دل میں اس سے کچھ نور نہیں ۱۲

بن عمير عن عبد الرحمن بن ابي ليلى عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا **حدثنا** عبد الله بن عبد الرحمن انا يزيد
بن هارون انا قيس بن الربيع عن عثمن بن عبد الله بن موهب عن موسى بن طلحة عن ابي اليسر قال اتتني امرأة تبتاع
تمرا فقلت ان في البيت تمرا اطيب منه فدخلت معي في البيت فاهويت اليها فقبلتها فاتيت ابا بكر فذكرت ذلك له
فقال استر على نفسك وتب ولا تخبر احدا فلم اصبر فاتيت عمر فذكرت ذلك له فقال استر على نفسك وتب ولا تخبر
احدا فلم اصبر فاتيت النبي صلى الله عليه وسلم فذكرت ذلك له فقال له اخلفت غازيا في سبيل الله في اهله
بمثل هذا حتى تمنى انه لم يكن اسلم الا تلك الساعة حتى ظن انه من اهل النار قال واطرق رسول الله صلى الله
عليه وسلم طويلا حتى اوحى اليه اقم الصلوة طرفي النهار وزلفا من الليل ان الحسنات يذهبن السيئات
ذلك ذكرى للذاكرين قال ابو اليسر فاتيته فقرأها علي رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال اصحابه يا رسول الله
الهذا خاصة ام للناس عامة قال بل للناس عامة هذا حديث حسن صحيح غريب وقيس بن الربيع ضعفه وكيع
وغيره وروى شريك عن عثمن بن عبد الله هذا الحديث مثل رواية قيس بن الربيع وفي الباب عن ابي امامة وواثلة بن
الاسقع وانس بن مالك وابو اليسر اسمه كعب بن عمرو **ومن سورة يوسف** بسم الله الرحمن الرحيم **حدثنا** الحسين بن حريث
الخزاعي نا الفضل بن موسى عن محمد بن عمرو عن ابي سلمة عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الكريم بن الكريم بن الكريم
بن الكريم يوسف بن يعقوب بن اسحق بن ابراهيم قال ولو لبثت في السجن ما لبث يوسف ثم جاءني الرسول اجبت ثم قرأ فلما جاءه الرسول قال
ارجع الى ربك فسأله ما بال النسوة اللاتي قطعن ايديهن قال ورحمة الله على لوط ان كان ليأوي الى ركن شديد فما بعث الله من بعده نبيا

بن عمیر سے اُسنے عبدالرحمن بن ابی لیلی سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسل **حدیث** کی ہمسے عبداللہ بن عبدالرحمن نے کہا خبر دی ہمکو یزید
بن ہارون نے کہا خبر دی ہمکو قیس بن ربیع نے عثمان بن عبداللہ بن موہب سے اُسنے موسی بن طلحہ سے اُسنے ابی الیسر سے کہا اُسنے میرے
پاس ایک عورت آئی بیچ کھجوریں خریدنی تھی سو میں نے اس سے کہا کہ میرے گھر میں کھجوریں اس سے بہتر ہیں سو وہ میرے ساتھ گھر میں داخل ہوئی پس
میں اسکی طرف جھک گیا اور اسکا بوسہ لے لیا پھر حضرت ابوبکر صدیق کے پاس آیا اور اُنکے پاس یہ قصہ ذکر کیا تو انھوں نے کہا اپنے نفس پر پردہ
ڈال اور توبہ کر اور کسی کو خبر نہ کر سو میں صبر نہ کر سکا اور حضرت عمر کے پاس آیا پھر اسکے پاس یہ قصہ ذکر کیا پس اُنھوں نے کہا اپنے نفس پر پردہ ڈال اور
توبہ کر اور کسی کو خبر نہ کر پھر میں صبر نہ کر سکا اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اُنکے پاس یہ قصہ ذکر کیا پس آپ نے اس سے کہا کیا تو نے
خلافت کی ہے ایسے شخص کی جو اللہ کی راہ میں جنگ کرتا ہے بیچ اسکے اہل کے ساتھ ایسے فعل کے یہانتک کہ اُسنے خواہش کی کہ میں مسلمان ہی
نہ ہوتا مگر اس گھڑی میں اور اُسنے گمان کیا کہ میں اہل نار سے ہوں۔ کہا اُسنے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بہت دیر تک سرنگوں رہے یہانتک
کہ آپکی طرف وحی ہوئی اقم الصلوٰۃ الخ یعنے قائم کر نماز دونوں طرف دن کے اور کچھ ٹکڑوں رات سے تحقیق نیکیاں لیجاتی ہیں برائیوں کو یہ نصیحت
ہے واسطے ذکر کرنے والوں کے۔ کہا ابوالیسر نے پھر میں آپ کے پاس آیا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے وہ آیت مجھپر پڑھی اور کہا آپکے صحابہ
نے یا رسول اللہ کیا یہ حکم اسی کے لیے خاص ہے یا تمام لوگوں کے لیے فرمایا آپ نے بلکہ تمام لوگوں کے لیے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور قیس
بن ربیع کو وکیع وغیرہ نے ضعیف کیا ہے اور روایت کی یہ حدیث شریک نے عثمان بن عبداللہ سے مثل روایت قیس بن ربیع کے اور
اس باب میں روایت ہے ابی امامہ اور واثلہ بن اسقع اور انس بن مالک سے اور ابوالیسر کا نام کعب بن عمرو ہے **بعض تفسیر سورۂ یوسف** سے
بسم اللہ الرحمن الرحیم **حدیث** کی ہمسے حسین بن حریث خزاعی نے کہا حدیث کی ہمسے فضل بن موسی نے محمد بن عمرو سے اُسنے ابی سلمہ سے
اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کریم بن کریم بن کریم بن کریم یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم ہیں فرمایا آپ نے اگر
میں قیدخانہ میں ٹھہرتا جیسے کہ یوسف علیہ السلام ٹھہرے میں پھر میرے پاس قاصد ذبلانیکو آتا تو میں اسکے بلانے کو قبول کر لیتا پھر آپ نے پڑھا فلما جاءہ
الرسول الخ یعنے پس جب آیا اسکے پاس ایلچی کہا پھر جا طرف خاوند اپنے کے پس پوچھ اس سے کیا حال ہے ان عورتوں کا کہ کاٹے ہاتھ اپنے فرمایا آپ نے
اور رحمت اللہ کی لوط علیہ السلام پر کہ تحقیق تھے وہ جگہ پکڑتے طرف قلعہ مضبوط کے۔ پھر بعد اسکے اللہ نے کوئی نبی نہیں بھیجا

سلہ قلعہ مضبوط سے مراد قبیلہ ہے اور کہا بعض نے مراد اس سے اللہ تعالیٰ ہے مگر اس مراد کو اس حدیث کے آخر کے لفظ رد کرتے ہیں حضرت نے فرمایا کہ جس مدت تک حضرت یوسف علیہ السلام قیدخانہ میں قید رہے ہیں اور صبر کیا ہے

وهذا اشبه ان يكون اصح من حديث نوح **حدثنا** عبد بن حميد نا عثمن بن عمر عن مالك بن مغول عن جنيد عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لجهنم سبعة ابواب باب منها لمن سل السيف على امتي او قال على امة محمد هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث مالك بن مغول **حدثنا** عبد بن حميد نا ابو علي الحنفي عن ابن ابي ذئب عن المقبري عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الحمد لله ام القرآن وام الكتاب والسبع المثاني هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** الحسين بن حريث نا الفضل بن موسى عن عبد الحميد بن جعفر عن العلاء بن عبد الرحمن عن ابيه عن ابي هريرة عن ابي بن كعب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما انزل الله في التوراة ولا الانجيل مثل ام القرآن وهي السبع المثاني وهي مقسومة بيني وبين عبدي ولعبدي ما سال **حدثنا** قتيبة نا عبد العزيز بن محمد عن العلاء بن عبد الرحمن عن ابيه عن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم خرج على ابي وهو يصلي فذكر نحوه بمعناه حديث عبد العزيز بن محمد اطول واتم وهذا اصح من حديث عبد الحميد بن جعفر وهكذا روى غير واحد عن العلاء بن عبد الرحمن **حدثنا** محمد بن اسمعيل نا احمد بن ابي الطيب نا مصعب بن سلام عن عمرو بن قيس عن عطية عن ابي سعيد الخدري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اتقوا فراسة المؤمن فانه ينظر بنور الله ثم قرأ ان في ذلك لايت للمتوسمين هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه وقد روي عن بعض اهل العلم في تفسير هذه الاية ان في ذلك لايات للمتوسمين قال للمتفرسين **حدثنا** احمد بن عبدة الضبي نا المعتمر عن ليث بن ابي سليم عن بشر عن انس بن مالك عن النبي صلى الله عليه وسلم

اور یہ مشابہت رکھتی ہے اس بات سے کہ زیادہ صحیح ہو حدیث نوح سے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عثمان بن عمر نے مالک بن مغول سے اُسنے جنید سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے دوزخ کے سات دروازے ہیں ایک دروازہ اسکا اُن لوگوں کے لیے ہے جو میری امت پر تلوار اٹھاوینگے یا فرمایا آپ نے امت محمد پر۔ یہ حدیث غریب ہے۔ اور نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث مالک بن مغول سے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے ابو علی حنفی نے ابن ابی ذئب سے اُسنے مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے الحمد للہ ام القرآن اور ام الکتاب ہے اور سات آیتیں[1] کہ دوہرائی جاتی ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے حسین بن حریث نے کہا حدیث کی ہمسے فضل بن موسی نے عبد الحمید بن جعفر سے اُسنے علاء بن عبد الرحمن سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے ابی بن کعب سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں نازل کی اللہ نے توریت اور انجیل میں کوئی سورت مثل الحمد کے اور یہ سات آیتیں ہیں کہ دوہرائی جاتی ہیں۔ اور یہ تقسیم کی گئی ہے درمیان میرے اور میرے بندے کے اور واسطے بندے میرے کے ہے وہ چیز کہ سوال کرے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے علاء بن عبد الرحمن سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم ابی کے پاس گئے اس حالت میں کہ وہ نماز پڑھ رہا تھا سو اُسنے مثل اسکے بالمعنے ذکر کی۔ حدیث عبد العزیز بن محمد کی لمبی اور پوری ہے اور یہ صحیح ہے حدیث عبد الحمید بن جعفر سے اور ایسا ہی کئی ایک نے علاء بن عبد الرحمن سے روایت کی ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمعیل نے کہا حدیث کی ہمسے احمد بن ابی الطیب نے کہا حدیث کی ہمسے مصعب بن سلام نے عمرو بن قیس سے اُسنے عطیہ سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بچو مومن کی فراست سے کیونکہ وہ دیکھتا ہے ساتھ نور اللہ کے پھر آپ نے یہ آیت پڑھی ان فی ذلک لآیات للمتوسمین یعنے تحقیق بیچ اسکے البتہ نشانیاں ہیں واسطے چہرہ پہچاننے والوں کے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اس وجہ سے اور مروی ہے بعض اہل علم سے اس آیت کی تفسیر میں ان فی ذلک لآیات للمتوسمین کہا اُسنے واسطے فراست والوں کے **حدیث** کی ہمسے احمد بن عبدہ ضبی نے کہا حدیث کی ہمسے معتمر نے لیث بن ابی سلیم سے اُسنے بشر سے اُسنے انس بن مالک سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے

[1] سات آیتیں کہ دوہرائی جاتی ہیں وجہ تسمیہ اسکی یہ ہے کہ یہ سات آیتیں ہر ایک رکعت میں پڑھی جاتی ہیں یہ اسواسطے کہ مشتق تثنیہ سے ہے اگر مشتق ثنا سے ہو تو معنے اسکے یہ ہونگے کہ سات آیتیں ایسی

اجتثت من فوق الارض مالها من قرار قال هي الحنظلة قال فاخبرت بذلك ابا العالية فقال صدق واحسن حدثنا
قتيبة نا ابوبكر بن شعيب بن الحبحاب عن ابيه عن انس بن مالك نحوه بمعناه ولم يرفعه ولم يذكر قول ابي العالية وهذا اصح
من حديث حماد بن سلمة وروى غير واحد مثل هذا موقوفا ولا نعلم احدا رفعه غير حماد بن سلمة ورواه معمر وحماد
بن زيد وغير واحد ولم يرفعوه حدثنا احمد بن عبدة الضبي نا حماد بن زيد عن شعيب بن الحبحاب عن
انس بن مالك نحو حديث عبد الله ابي بكر بن شعيب بن الحبحاب ولم يرفعه حدثنا محمود بن غيلان نا ابو داؤد نا
شعبة قال اخبرني علقمة بن مرثد قال سمعت سعد بن عبيدة يحدث عن البراء عن النبي صلى الله عليه وسلم
في قوله يثبت الله الذين امنوا بالقول الثابت في الحيوة الدنيا وفي الاخرة قال في القبر اذا قيل له من ربك وما دينك
ومن نبيك هذا حديث حسن صحيح حدثنا ابن ابي عمر نا سفيان عن داؤد بن ابي هند عن الشعبي عن مسروق
قال تلت عائشة هذه الاية يوم تبدل الارض غير الارض قالت يارسول الله فاين يكون الناس قال على الصراط
هذا حديث حسن صحيح وقد روي من غير هذا الوجه عن عائشة سورة الحجر بسم الله الرحمن الرحيم حدثنا
قتيبة نا نوح بن قيس الحداني عن عمرو بن مالك عن ابي الجوزاء عن ابن عباس قال كانت امرأة تصلي خلف رسول الله صلى الله
عليه وسلم حسناء من احسن الناس وكان بعض القوم يتقدم حتى يكون في الصف الاول لان لا يراها ويستأخر بعضهم
حتى يكون في الصف المؤخر فاذا ركع نظر من تحت ابطيه فانزل الله تعالى ولقد علمنا المستقدمين منكم ولقد علمنا
المستأخرين وروى جعفر بن سليمان هذا الحديث عن عمرو بن مالك عن ابي الجوزاء نحوه ولم يذكر فيه عن ابن عباس

کہ جسم پکڑ گیا ہو اوپر سے زمین کے نہیں واسطے اسکے قرار فرمایا آپ نے وہ حنظل ہے کہا اُسنے پس اسکی خبر دی میں نے ابا العالیہ کو سو کہا
اُسنے کہ سچ کہا آپ نے اور اچھا کہا حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابوبکر بن شعیب بن حبحاب نے اپنے باپ سے
اُسنے انس بن مالک سے مثل اسکے بالمعنے اور اسنے قول ابا العالیہ کا ذکر نہیں کیا اور یہ روایت حماد بن سلمہ کی روایت سے زیادہ صحیح ہے
اور کئی ایک نے مثل اسکے موقوف روایت کی ہے اور ہم نہیں جانتے کہ کسی نے اسکو مرفوع کیا ہو سوائے حماد بن سلمہ کے اور روایت
کیا اسکو معمر اور حماد بن زید نے اور کئی ایک نے اور انھوں نے اسکو مرفوع نہیں کیا حدیث کی ہمسے احمد بن عبدہ ضبی نے کہا حدیث
کی ہمسے حماد بن زید نے شعیب بن حبحاب سے اُسنے انس بن مالک سے مثل حدیث عبد اللہ ابی بکر بن شعیب بن حبحاب کے اور اسکو
مرفوع نہیں کیا حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے کہا خبر دی مجھے علقمہ بن مرثد
نے کہا سنا میں نے سعد بن عبیدہ سے کہ حدیث کرتا تھا براء سے اُسنے روایت کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر میں یثبت الله الذین
امنوا الخ یعنے ثابت رکھتا ہے اللہ اُن لوگوں کو کہ ایمان لائے ہیں ساتھ بات محکم کے بیچ زندگانی دنیا کے اور بیچ آخرت کے فرمایا آپ نے یہ ثابت
رکھنا قبر میں ہے کہ جب کہا جاتا ہے اُس سے کون ہے رب تیرا اور کیا ہے دین تیرا اور کون ہے نبی تیرا یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر
نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے داؤد بن ابی ہند سے اُسنے شعبی سے اُسنے مسروق سے کہا اُسنے حضرت عائشہ نے یہ آیت پڑھی یوم تبدل الارض
غیر الارض کہا حضرت عائشہ نے یارسول اللہ پس اسوقت آدمی کہاں ہونگے فرمایا آپ نے پل صراط پر یہ حدیث حسن صحیح ہے اور غیر اس وجہ سے
بھی حضرت عائشہ سے مروی ہے تفسیر سورہ حجر بسم اللہ الرحمن الرحیم حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے نوح بن
قیس حدانی نے عمرو بن مالک سے اُسنے ابی الجوزاء سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے ایک عورت بہت خوبصورت تمام لوگوں سے
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھتی تھی اور بعضے لوگ آگے ہو جاتے تھے حتے کہ پہلی صف میں تا کہ اسکو نہ دیکھیں اور بعضے پیچھے
ہٹ رہتے تھے حتے کہ پچھلی صف میں ہو جاتے پس جب رکوع کرتے تو اپنی بغلوں کے نیچے سے اسکو دیکھتے پس اللہ تعالی نے یہ آیت نازل کی
ولقد علمنا المستقدمین منکم الخ یعنے البتہ تحقیق ہم جانتے ہیں آگے بڑھ جانے والوں کو تم میں سے اور البتہ تحقیق ہم جانتے ہیں پیچھے رہنے والوں کو اور
روایت کیا جعفر بن سلیمان نے اس حدیث کو عمرو بن مالک سے اُسنے ابی الجوزاء سے مثل اسکے اور اُسنے اسمیں ابن عباس کا ذکر نہیں کیا

[1] قبر میں جو کوئی مضبوط بات کہے گا جو اس سے پوچھی گئی ہے تو ٹھکانا نیک پاویگا اور جو کوئی ہلکی ہولی بات کہے گا خراب ہوگا ۱۲

قال ربعة احمر كانه خرج من ديماس يعني الحمام ورأيت ابراهيم قال وانا اشبه ولده به قال واتيت باناءين احدهما
لبن والاخر فيه خمر فقيل لي خذ ايهما شئت فاخذت اللبن فشربته فقيل لي هديت للفطرة او اصبت الفطرة
اما انك لو اخذت الخمر غوت امتك هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** اسحق بن منصور انا عبد الرزاق نا معمر
عن قتادة عن انس ان النبي صلى الله عليه وسلم اتي بالبراق ليلة اسري به ملجما مسرجا فاستصعب عليه فقال له جبرئيل
ابمحمد تفعل هذا فما ركبك احد اكرم على الله منه قال فارفض عرقا هذا حديث حسن غريب ولا نعرفه الا من حديث
عبد الرزاق **حدثنا** يعقوب بن ابراهيم الدورقي نا ابو تميلة عن الزبير بن جنادة عن ابن بريدة عن ابيه قال قال
رسول الله صلى الله عليه وسلم لما انتهينا الى بيت المقدس قال جبرئيل باصبعه فخرق به الحجر وشد به البراق
هذا حديث حسن غريب **حدثنا** قتيبة نا الليث عن عقيل عن الزهري عن ابي سلمة عن جابر بن عبد الله ان
رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لما كذبتني قريش قمت في الحجر فجلى الله لي بيت المقدس فطفقت اخبرهم عن اياته
وانا انظر اليه هذا حديث حسن صحيح وفي الباب عن مالك بن صعصعة وابي سعيد وابن عباس وابي ذر وابن مسعود
حدثنا ابن ابي عمر نا سفيان عن عمرو بن دينار عن عكرمة عن ابن عباس في قوله تعالى وما جعلنا الرؤيا التي اريناك الا
فتنة للناس قال هي رؤيا عين اريها النبي صلى الله عليه وسلم ليلة اسري به الى بيت المقدس قال والشجرة الملعونة في القران قال هي
شجرة الزقوم هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** عبيد بن اسباط بن محمد القرشي الكوفي نا ابي عن الاعمش عن ابي صالح
عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم في قوله تعالى

کہ فرمایا آپ نے کہ درمیانہ قد ہیں سرخ رنگ گویا وہ نکلا ہے حمام سے اور دیکھا میں نے حضرت ابراہیم کو فرمایا آپ نے میں اسکے ساتھ اسکی
اولاد سے زیادہ مشابہت رکھتا ہوں فرمایا آپ نے میرے پاس دو برتن لائے گئے ایک میں دودھ ہے اور دوسرے میں شراب پھر مجھے
کہا گیا پکڑ لے جونسا ان میں تو چاہتا ہے سو میں نے دودھ پکڑ لیا اور اسکو پی لیا پھر مجھے کہا گیا آپ دین اسلام کی ہدایت کیے گئے ہو یا پہونچے ہو
دین اسلام کو (شک راوی) بہر حال اگر آپ شراب کو پکڑتے تو آپکی امت گمراہ ہوتی یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن
منصور نے کہا خبر دی ہمکو عبدالرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے قتادہ سے اُسنے انس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس براق
لگام دیکر اور کاٹھی ڈالکر لایا گیا اس رات میں کہ آپکو سیر کرائی گئی سو اس گھوڑے نے آپ پر سختی کی پس اس سے جبرئیل علیہ السلام نے کہا
کیا تو حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اسطرح کرتا ہے سو تجھ پر کوئی شخص جو اللہ کے نزدیک اس سے زیادہ بزرگ ہو سوار نہیں ہوا فرمایا آپ نے
پس اسکا پسینہ جاری ہوا یہ حدیث حسن غریب ہے اور نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق عبدالرزاق سے **حدیث** کی ہمسے یعقوب بن ابراہیم
دورقی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو تمیلہ نے زبیر بن جنادہ سے اُسنے ابن بریدہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وسلم نے جب ہم بیت المقدس کے پاس پہونچے تو جبرئیل علیہ السلام نے اپنی انگلی سے اشارت کی۔ تو اسکے ساتھ پتھر کو پھاڑ ڈالا اور اسکے
ساتھ براق کو باندھ دیا یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے عقیل سے اُسنے زہری سے اُسنے ابی سلمہ
سے اُسنے جابر بن عبداللہ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبکہ مجھے قریش نے جھٹلایا تھا تو میں حطیم میں کھڑا ہو گیا پس اللہ تعالی نے میرے
لیے بیت المقدس کھول دیا سو میں نے انکو اسکی نشانیوں سے خبر دینی شروع کر دی اس حالت میں کہ میں اسکی طرف دیکھ رہا ہوں۔ یہ حدیث حسن
صحیح ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے مالک بن صعصعہ اور ابی سعید اور ابن عباس اور ابی ذر اور ابن مسعود سے رضی اللہ عنہم **حدیث**
کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عمرو بن دینار سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے اس آیت کی تفسیر میں وما جعلنا
الرؤیا الخ اور نہیں کیا ہمنے وہ نمود جو دکھائے تجھکو مگر آزمائش واسطے لوگوں کے کہا اُسنے مراد اس سے دیکھنا آنکھوں کا ہے دکھلائے گئے اسکو
نبی صلے اللہ علیہ وسلم اس رات میں کہ آپکو بیت المقدس کی سیر کرائی گئی اور درخت جو قرآن میں لعنت کیا گیا ہے کہا اُسنے وہ درخت
زقوم کا ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے عبید بن اسباط بن محمد قرشی کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے اعمش
سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر میں

فی قوله لنسألنهم اجمعين عما كانوا يعملون قال عن قول لا اله الا الله هذا حديث غريب انما نعرفه من حديث ليث بن ابي سليم وقد رواه عبد الله بن ادريس عن ليث بن ابي سليم عن بشر عن انس بن مالك نحوه ولم يرفعه **ومن** سورة النحل بسم الله الرحمن الرحيم **حدثنا** عبد بن حميد نا علي بن عاصم عن يحيى البكاء ثني عبد الله بن عمر قال سمعت عمر بن الخطاب يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اربع قبل الظهر بعد الزوال تحسب بمثلهن من صلوة السحر قال رسول الله صلى الله عليه وسلم وليس من شئ الا وهو يسبح الله تلك الساعة ثم قرا يتفيؤ ظلاله عن اليمين والشمائل سجدا لله وهم داخرون الاية كلها هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث علي بن عاصم **حدثنا** ابو عمار الحسين بن حريث نا الفضل بن موسى عن عيسى بن عبيد عن الربيع بن انس عن ابي العالية قال ثني ابي بن كعب قال لما كان يوم احد اصيب من الانصار اربعة وستون رجلا ومن المهاجرين ستة منهم حمزة فمثلوا بهم فقالت الانصار لئن اصبنا منهم يوما مثل هذا لنربين عليهم قال فلما كان يوم فتح مكة فانزل الله تعالى وان عاقبتم فعاقبوا بمثل ما عوقبتم به ولئن صبرتم لهو خير للصابرين فقال رجل لا قريش بعد اليوم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم كفوا عن القوم الا اربعة هذا حديث حسن غريب من حديث ابي بن كعب **ومن** سورة بني اسرائيل بسم الله الرحمن الرحيم **حدثنا** محمود بن غيلان نا عبد الرزاق نا معمر عن الزهري قال اخبرني سعيد بن المسيب عن ابي هريرة قال قال النبي صلى الله عليه وسلم حين اسري بي لقيت موسى قال فنعته فاذا رجل قال حسبته قال مضطرب الرجل الرأس كانه من رجال شنوءة قال ولقيت عيسى قال فنعته

اس آیت کی تفسیر میں لنسألنهم اجمعين عما كانوا يعملون یعنے البتہ سوال کرینگے ہم ان سب سے اس چیز سے کہ تھے عمل کرتے فرمایا آپ نے قول لا اله الا الله سے۔ یہ حدیث غریب ہے ہم اسکو فقط طریق لیث بن ابی سلیم سے ہی پہچانتے ہیں۔ اور روایت کیا اسکو عبد اللہ بن ادریس نے لیث بن ابی سلیم سے اُسنے بشر سے اُسنے انس بن مالک سے مثل اسکے اور اسکو مرفوع نہیں کیا **بعض تفسیر سورہ نحل سے** بسم اللہ الرحمن الرحیم **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن عاصم نے یحییٰ بن بکار سے کہا حدیث کی مجھے عبد اللہ بن عمر نے کہا سنا میں نے عمر بن خطاب سے کہ کہتے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے چار رکعت ہیں قبل ظہر کے بعد زوال کے جو کہ تہجد کی اتنی ہی رکعتوں سے ثواب میں برابر ہوتی ہیں فرمایا ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو چیز ہے وہ اس ساعت میں اللہ کی تسبیح کہتی ہے پھر پڑھا آپ نے يتفيؤ ظلاله الخ یعنے پھرتے ہیں سائے اسکے داہنے سے اور بائیں سے سجدہ کرتے ہوئے واسطے اللہ کے اور وہ ذلیل ہیں الخ یہ حدیث غریب ہی نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق علی بن عاصم سے **حدیث** کی ہمسے ابو عمار حسین بن حریث نے کہا حدیث کی ہمسے فضل بن موسیٰ نے عیسیٰ بن عبید سے اُسنے ربیع بن انس سے اُسنے ابی العالیہ سے کہا حدیث کی مجھے ابی بن کعب نے کہا اُسنے جب جنگ احد کا دن ہوا تو انصار سے چونسٹھ آدمی شہید ہوئے اور مہاجرین سے چھ انہیں سے حضرت حمزہ بھی تھے سو اُنھوں نے انکو مثلہ کر دیا تھا پس کہا انصار نے اگر ہم بھی کسی دن اسطرح انسے پہونچے تو ہم بھی اُنپر تنگی کرینگے کہا راوی نے پس جب فتح مکہ ہوا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اُتاری وان عاقبتم فعاقبوا الخ اور اگر بدلا لو تم پس بدلہ لو برابر اس چیز کے کہ ایذا دیے گئے ہو تم ساتھ اسکے اور البتہ اگر صبر کرو تم البتہ وہ بہتر ہے واسطے صبر کرنیوالوں کے۔ پس کہا ایک مرد نے آج کے دن کے بعد کوئی قریشی باقی نہیں رہیگا سو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بند رہو قوم سے مگر چار سے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے طریق ابی بن کعب سے **بعض تفسیر سورہ بنی اسرائیل** بسم اللہ الرحمن الرحیم **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے زہری سے کہا خبر دی مجھے سعید بن مسیب نے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جب مجھے سیر کرائی گئی یعنے معراج ہوئی تو میں حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ملا کہا راوی نے پس آنحضرت نے انکی صفت بیان فرمائی کہ وہ مرد ہیں کہا راوی نے میں گمان کرتا ہوں کہ آپ نے فرمایا ہے میانہ قد بال انکے سیدھے گویا وہ شنوءہ (نام قبیلہ) کے مردوں سے ہیں فرمایا آپ نے اور میں ملا حضرت عیسیٰ سے کہا راوی نے پس آنحضرت نے انکی صفت کی

[1] ہر چیز ٹھیک دوپہر میں کھڑی ہے اسکا سایہ بھی کھڑا ہے جب دن ڈھلا سایہ جھکا پھر جھکتے جھکتے شام تک زمین پر پڑ گیا جیسے نماز میں کھڑے سے رکوع رکوع سے سجدہ اسیطرح ہر چیز آپ کھڑی ہے اپنے سائے سے نماز

جاء الحق وما یبدئ الباطل وما یعید عثنا ۱۔ حدیث حسن صحیح وفیہ عن ابن عمر **حدثنا** احمد بن منیع نا جریر عن قابوس بن ابی ظبیان عن ابیہ عن ابن عباس قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم بمکۃ ثم امر بالھجرۃ فنزلت علیہ وقل رب ادخلنی مدخل صدق واخرجنی مخرج صدق واجعل لی من لدنک سلطانا نصیرا ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** قتیبۃ نا یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدۃ عن داؤد بن ابی ھند عن عکرمۃ عن ابن عباس قال قالت قریش لیھود اعطونا شیئا نسأل عنہ ھذا الرجل فقال سلوہ عن الروح فسالوہ عن الروح فانزل اللہ تعالی ویسألونک عن الروح قل الروح من امر ربی وما اوتیتم من العلم الا قلیلا قالوا اوتینا علما کثیرا اوتینا التوراۃ ومن اوتی التوراۃ فقد اوتی خیرا کثیرا فانزلت قل لوکان البحر مدادا لکلمات ربی الی اخر الایۃ ھذا حدیث حسن صحیح غریب من ھذا الوجہ **حدثنا** علی بن خشرم نا عیسی بن یونس عن الاعمش عن ابراھیم عن علقمۃ عن عبد اللہ قال کنت امشی مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی حرث بالمدینۃ وھو یتوکأ علی عسیب فمر بنفر من الیھود فقال بعضھم لو سألتموہ فقال بعضھم لا تسألوہ فانہ یسمعکم ما تکرھون فقالوا یا ابا القاسم حدثنا عن الروح فقام النبی صلی اللہ علیہ وسلم ساعۃ ورفع رأسہ الی السماء فعرفت انہ یوحی الیہ حتی صعد الوحی ثم قال الروح من امر ربی وما اوتیتم من العلم الا قلیلا ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** عبد بن حمید نا الحسن بن موسی وسلیمن بن حرب قالا نا حماد بن سلمۃ عن علی بن زید عن اوس بن خالد عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحشر الناس یوم القیمۃ ثلاثۃ اصناف صنفا مشاۃ وصنفا رکبانا وصنفا علی وجوھھم قیل یا رسول اللہ

آیا حق اور نہ ظاہر ہوگا باطل اور نہ لوٹے گا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسمیں روایت ہے ابن عمر سے۔ حدیث کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے جریر نے قابوس بن ابی ظبیان سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم مکہ میں تھے پھر آپ نے ہجرت کا حکم دیا پس آپ پر یہ آیت نازل ہوئی وقل رب ادخلنی مدخل صدق الخ اور کہہ اے رب میرے داخل کر مجھکو داخل کرنا سچا اور نکال مجھکو نکالنا سچا اور کر واسطے میرے نزدیک اپنے سے غلبہ مدد دینے والا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدہ نے داؤد بن ابی ہند سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے کہا قریش نے یہود سے ہمکو تم کوئی چیز دو کہ ہم اسکی بابت اس مرد سے سوال کریں پس کہا اُنھوں نے اس سے روح کی بابت سوال کرو تو اُنھوں نے آپ سے روح کی بابت سوال کیا پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ویسألونک عن الروح الخ اور سوال کرتے ہیں تجھکو روح سے کہ روح حکم پروردگار میرے کے سے ہے اور نہیں دیے گئے تم علم سے مگر تھوڑا۔ کہا اُنھوں نے ہم بہت علم دیے گئے ہیں ہمکو تورات ملی ہے اور جو کوئی تورات دیا گیا تو وہ بہت علم دیا گیا پھر یہ آیت نازل ہوئی قل لوکان البحر مدادا لکلمات ربی الخ یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے اس طریق سے۔ حدیث کی ہمسے علی بن خشرم نے کہا حدیث کی ہمسے عیسیٰ بن یونس نے اعمش سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے علقمہ سے اُسنے عبد اللہ سے کہا اُسنے میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدینہ کی کھیتیوں میں چلتا پھرتا تھا اور آنحضرت کھجور کی لکڑی پر تکیہ لگائے ہوئے تھے سو آنحضرت یہود کی ایک جماعت پر گذرے پس بعض نے انہیں سے کہا اگر تم اس سے پوچھتے پس بعض نے کہا اس سے کچھ سوال نہ کرو کیونکہ یہ تمکو ایسا جواب سناویگا جسکو تم برا جانوگے سو کہا اُنھوں نے اے ابا القاسم ہمکو روح کی بابت بیان کرو پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم ایک ساعت کھڑے رہے اور آسمان کی طرف سر مبارک بلند کیا سو میں نے معلوم کیا کہ آپکی طرف وحی ہو رہی ہے یہانتک کہ وحی اوپر چلی گئی پھر فرمایا آپ نے الروح من امر ربی الخ روح حکم پروردگار میرے کے سے ہے اور نہیں دیے گئے تم علم سے مگر تھوڑا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ حدیث کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے حسن بن موسیٰ اور سلیمان بن حرب نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے علی بن زید سے اُسنے اوس بن خالد سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلعم نے قیامت کے روز آدمی تین قسموں کے اُٹھائے جاوینگے ایک قسم تو پیادہ ہوگی دوسری قسم سوار اور ایک قسم اپنے مُنھوں کے بل ہوگی کہا گیا یا رسول اللہ

۱؎ یعنے غلبہ دین کا آیا اور کفر بھاگ گیا اور تمام عرب سے اب پھر دوبارہ اسمیں کفر عائد نہیں ہوگا ۱۲ ۲؎ یعنے اس شہر سے نکال آبرو سے کہ اور شہر میں بھلا آبرو سے داخل کر اللہ تعالیٰ نے مدینہ میں بٹھایا اور وہاں کے لوگ مددگار دیے جنسے دین کو مدد ہوئی ۱۲ ۳؎ اللہ تعالیٰ نے جواب میں فرمایا کہ انکو سمجھنے کا حوصلہ نہیں ہے آگے بھی پیغمبروں نے خلقت سے ایسی باتیں نہیں بتائیں اتنا جاننا کافی ہے کہ اللہ کے حکم سے ایک چیز بدن میں آپڑی وہ جی اُٹھا جب نکل گئی وہ مرگیا جب اُنھوں نے کہا کہ ہمکو بہت علم ملا ہے تو جواب میں فرمایا کہ اگر تمام دریا سیاہی ہو جاویں اور اُنسے پروردگار کی صفت بیان کیجاۓ تو صفت کے تمام ہونے سے پہلے ہی تمام دریا خشک ہو جاویں

وقرآن الفجر ان قرآن الفجر کان مشهوداً تشهده ملائکة اللیل وملائکة النهار هذا حدیث حسن صحیح ورواه علی بن مسهر عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی هریرة وابی سعید عن النبی صلی الله علیه وسلم حدثنا بذلك علی بن حجر نا علی بن مسهر عن الاعمش فذکر نحوه حدثنا عبد الله بن عبد الرحمن نا عبید الله بن موسی عن اسرائیل عن السدی عن ابیه عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم فی قوله تعالی یوم ندعوا کل اناس بامامهم قال یدعی احدهم فیعطی کتابه بیمینه ویمد له فی جسمه ستون ذراعا ویبیض وجهه ویجعل علی رأسه تاج من لؤلؤ یتلألأ فینطلق الی اصحابه فیرونه من بعد فیقولون اللهم ائتنا بهذا وبارك لنا فی هذا حتی یأتیهم فیقول لهم ابشروا لکل رجل منکم مثل هذا قال واما الکافر فیسود وجهه ویمد له فی جسمه ستون ذراعا علی صورة آدم ویلبس تاجا فیراه اصحابه فیقولون نعوذ بالله من شر هذا اللهم لا تأتنا بهذا قال فیأتیهم فیقولون اللهم اخزه فیقول ابعدکم الله فان لکل رجل منکم مثل هذا هذا حدیث حسن غریب والسدی اسمه اسمٰعیل بن عبد الرحمن حدثنا ابو کریب نا وکیع عن داؤد بن یزید الزعافری عن ابیه عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی قوله عسی ان یبعثك ربك مقاما محمودا وسئل عنها قال هی الشفاعة هذا حدیث حسن وداؤد الزعافری هو داؤد الاودی وهو عم عبد الله بن ادریس حدثنا ابن ابی عمر نا سفیان عن ابن ابی نجیح عن مجاهد عن ابی معمر عن ابن مسعود قال دخل رسول الله صلی الله علیه وسلم مکة عام الفتح وحول الکعبة ثلثمائة وستون نصبا فجعل النبی صلی الله علیه وسلم یطعنها بمخصرة فی یده وربما قال بعود ویقول جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل کان زهوقا

وقرآن الفجر ان قرآن الفجر الخ اور قرآن پڑھ فجر کو تحقیق قرآن پڑھنا فجر کا ہے حاضر کیا گیا یعنے حاضر ہوتے ہیں اسکو فرشتے رات کے اور فرشتے[1] دن کے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کیا اسکو علی بن مسہر نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ اور ابی سعید سے اُنھوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن مسہر نے اعمش سے پس اُسنے اسکے مثل ذکر کی حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن موسی نے اسرائیل سے اُسنے سدی سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر میں یوم ندعو کل اناس بامامهم یعنے جسروز بلاوینگے ہر ایک آدمی کو ساتھ پیشوا انکے کے۔ فرمایا آپ نے ایک انمیں سے بلایا جاویگا تو اسکی کتاب اسکے داہنے ہاتھ میں دیا جاویگا اور اسکے جسم میں ساٹھ گز کی درازی کیجاویگی اور اسکا چہرہ سفید کیا جاویگا اور اسکے سر پر موتیوں کا تاج رکھا جاویگا جو چمکے گا پس اسکے ساتھ اپنے ساتھیوں کی طرف جاویگا تو وہ اسکو دور سے دیکھکر کہیں گے اے اللہ ہمکو بھی ایسا دے اور ہمارے لیے اسمیں برکت کر یہانتک کہ وہ انکے پاس آویگا تو اُنسے کہے گا تمکو بشارت ہے تم میں سے ہر ایک کے لیے مثل اسکے ہے اور کافر کا تو منہ سیاہ کیا جاویگا اور اسکے جسم میں بھی ساٹھ گز کی حضرت آدم علیہ السلام کی صورت پر درازی کیجاویگی اور تاج پہنایا جاویگا سو اسکو اسکے ساتھی دیکھیں گے اور کہیں گے ہم اللہ کے ساتھ اسکی برائی سے پناہ مانگتے ہیں اے اللہ ہمکو یہ نہ دے فرمایا آپ نے سو وہ انکے پاس آویگا تو وہ کہیں گے اے اللہ اسکو خوار کر اور وہ کہے گا دور کرے اللہ تعالی تمکو سو ہر ایک مرد کے لئے تم میں سے مثل اسکے ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور سدی کا نام اسمٰعیل بن عبد الرحمن ہے حدیث کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے داؤد بن یزید زعافری سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کی تفسیر میں عسی ان یبعثك ربك الخ شتاب اٹھائیگا تجھے رب تیرا مقام محمود میں اور آنحضرت سے سوال اسکی بابت کیے گئے فرمایا آپ نے وہ شفاعت ہے یہ حدیث حسن ہے۔ اور داؤد زعافری وہ داؤد اودی ہے اور یہ چچا عبد اللہ بن ادریس کا ہے حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابن ابی نجیح سے اُسنے مجاہد سے اُسنے ابی معمر سے اُسنے ابن مسعود سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے سال مکہ میں داخل ہوئے اور گرد کعبہ کے تین سو ساٹھ بت رکھے ہوئے تھے تو نبی صلے اللہ علیہ وسلم انکو اپنی چھڑی کے ساتھ کہ دست مبارک میں تھی ٹھکراتے اور کبھی راوی نے مخصر کی جگہ عود کا لفظ ذکر کیا ہے یعنے دونوں کے چھڑی کے ہیں۔ اور فرماتے جاء الحق وزہق الباطل الخ آیا حق اور گم ہوا باطل تحقیق باطل تھا گم ہو جانیوالا

[1] یعنے جب صبح کی نماز کا وقت ہوتا ہے تو اسوقت رات کے فرشتے جو اعمال لکھنے کے لیے مقرر ہوتے ہیں جانیکو ہوتے ہیں اور دن کے فرشتے اعمال لکھنے والے آتے ہیں تو اسوقت میں دونوں جمع ہو جاتے ہیں۔

ولا تجهر بصلاتك فيسب القرآن ومن انزله ومن جاء به ولا تخافت بها عن اصحابك بان تسمعهم حتى ياخذوا منك القرآن

هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** احمد بن منيع نا هشيم نا ابو بشر عن سعيد بن جبير عن ابن عباس في قوله ولا تجهر بصلاتك

ولا تخافت بها وابتغ بين ذلك سبيلا قال نزلت ورسول الله صلى الله عليه وسلم مختف بمكة وكان اذا صلى باصحابه رفع صوته بالقرآن فكان

المشركون اذا سمعوا شتموا القرآن ومن انزله ومن جاء به فقال الله تعالى لنبيه ولا تجهر بصلاتك اى بقراتك فيسمع المشركون

فيسبوا القرآن ولا تخافت بها عن اصحابك وابتغ بين ذلك سبيلا هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان

عن مسعر عن عاصم بن ابي النجود عن زر بن حبيش قال قلت لحذيفة بن اليمان اصلى رسول الله صلى الله عليه وسلم في بيت المقدس

قال لا قلت بلى قال انت تقول ذلك يا اصلع بم تقول ذلك قلت بالقرآن بيني وبينك القرآن فقال حذيفة من احتج بالقرآن

فقد افلح قال سفيان يقول قد احتج وربما قال قد افلح فقال سبحان الذى اسرى بعبده ليلا من المسجد الحرام الى المسجد الاقصى

قال افتراه صلى فيه قلت لا قال لو صلى فيه لكتبت عليكم الصلوة فيه كما كتبت الصلوة في المسجد الحرام قال حذيفة قد اتى

رسول الله صلى الله عليه وسلم بدابة طويلة الظهر ممدودة هكذا خطوه مد بصره فما زايلا ظهر البراق حتى رأيا الجنة

والنار ووعد الآخرة اجمع ثم رجعا عودهما على بدئهما قال ويتحدثون انه ربطه لم ليفر منه انما سخره له عالم الغيب والشهادة

کہ اپنی نماز میں آواز بلند نہ کر کہ قرآن کو گالیاں دی جاتی ہیں اور اسکو جسنے اسکو نازل کیا ہے اور اسکو جو اسکو لایا ہے۔ اور نہ بہت آہستہ کر ساتھ اسکے اپنے اصحاب سے اسطور سے کہ انکو سناؤ تاکہ آپ سے قرآن سیکھیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے کہا حدیث کی ہمسے ابو بشر نے سعید بن جبیر سے اسنے ابن عباس سے اس آیت کی تفسیر میں ولا تجہر بصلاتک الخ یعنے اور مت آواز بلند کر ساتھ نماز اپنی کے اور نہ بہت آہستہ کر ساتھ اسکے اور ڈھونڈھ درمیان اسکے راہ۔ کہا اسنے نازل ہوئی اس حالت میں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مکہ میں چھپے ہوئے تھے اور جب اپنے اصحاب کے ساتھ نماز پڑھتے تھے تو قرآن کے ساتھ اپنی آواز کو بلند کرتے تھے پس مشرکین جب سنتے تھے قرآن کو گالیاں دیتے اور اسکو جسنے اسکو نازل کیا ہے اور اسکو جو اسکو لایا ہے سو اللہ تعالی نے اپنے نبی سے فرمایا ولا تجہر بصلوتک یعنے قرأت اونچی نہ پڑھ کیونکہ مشرکین سنتے ہیں اور قرآن کو گالیاں دیتے ہیں اور اپنے اصحاب سے اسکو چھپاؤ بھی نہیں اور ڈھونڈھ درمیان اسکے راہ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے مسعر سے اسنے عاصم بن ابی النجود سے اسنے زر بن حبیش سے کہا اسنے میں نے حذیفہ بن الیمان سے کہا کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیت المقدس میں نماز پڑھی ہے کہا اسنے نہیں میں نے کہا کیوں نہیں کہا اسنے یہ تو کہتا ہے اے گنجے ساتھ کس دلیل کے تو یہ کہتا ہے میں نے کہا ساتھ قرآن کے درمیان میرے اور تیرے قرآن ہے پس کہا حذیفہ نے جو کوئی دلیل پکڑے ساتھ قرآن کے وہ خلاصی پا گیا (کہا سفیان نے فقد افلح کی جگہ قد احتج کا لفظ کہا ہے اور کبھی کہا اسنے قد افلح) پس کہا زر نے سبحان الذی اسری الخ یعنے پاک ہے وہ شخص کہ لیگیا بندے اپنے کو ایک رات مسجد حرام سے طرف مسجد اقصی کے۔ کہا حذیفہ نے کیا تو گمان کرتا ہے کہ آنحضرت نے اسمیں نماز پڑھی ہے میں نے کہا کہ نہیں کہا اسنے اگر آپ اسمیں نماز پڑھتے تو ضرور تم پر بھی نماز اسمیں لکھی جاتی جیسا کہ مسجد حرام میں لکھی گئی ہے کہا حذیفہ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک چارپایہ لمبی پیٹھ والا لایا گیا ایسا لمبا تھا اسکا قدم درازی نظر کی تھی یعنے پاؤں اسکے انتہاء نظر پر پہونچتے تھے سو آنحضرت اور جبرئیل علیہ السلام براق کی پیٹھ سے ابھی اترے نہ تھے کہ دیکھا انھوں نے جنت اور دوزخ اور آخرت کے تمام وعدوں کو پھر دونوں شروع پر لوٹ آئے کہا حذیفہ نے اور لوگ باتیں کرتے ہیں کہ آنحضرت نے براق کو باندھا کہ تاکہ مبادا بھاگ جائے اسکو تو فقط جاننے والے غیب اور ظاہر کے نے مسخر کیا تھا

ملہ حاصل اسکا یہ ہے کہ زر بن حبیش نے حذیفہ سے کہا کہ آنحضرت نے بیت المقدس میں نماز پڑھی ہے کہا حذیفہ نے کہ نہیں کہا اسنے بلکہ پڑھی ہے کہا حذیفہ نے کیا تو یہ کہتا ہے سو تیرے پاس کون سی دلیل ہے کہا اسنے قرآن مجید کہا حذیفہ نے بیشک جو شخص قرآن سے دلیل پکڑے وہ نور پائی پاسکتا ہے کہا زر نے اللہ تعالی نے فرمایا ہے سبحان الذی اسری بعبدہ الخ کہا حذیفہ نے کیا اس سے مفہوم ہوتا ہے کہ آنحضرت نے بیت المقدس میں نماز پڑھی ہے کہا اسنے کہ نہیں پھر کہا حذیفہ نے اگر آنحضرت اسمیں نماز پڑھتے تو ضرور تم پر بھی لکھی جاتی جیسا کہ مسجد حرام کی نماز تم پر لکھی گئی ہے کہا حذیفہ نے قصہ تو یہ ہے کہ آنحضرت کے پاس براق لایا گیا آپ اسپر سوار ہوے اور وہ بہت جلد آسمان پر لیگیا ابھی اس سے اترے نہیں تھے کہ جنت اور دوزخ کو اور جو اللہ تعالی نے آپ سے وعدے آخرت کے کیے ہیں دیکھ لیے پھر جہاں سے شروع ہوئی تھی وہاں چلے آئے پھر کہا حذیفہ نے لوگ باتیں کرتے ہیں کہ آپ نے براق کو وہاں باندھا پھر کسلیے آپ نے باندھا پھر بطور انکار کے کہا کہ تا بھاگ جائے یعنے اسلیے باندھا ہے پھر کہا اسنے بھاگنا اس سے تو ممکن نہیں کیونکہ اسکو اللہ تعالی نے مسخر کر رکھا ہے حذیفہ نے دو باتوں کا انکار کیا ہے ایک بیت المقدس میں نماز پڑھنے کا دوسرے وہاں براق کے باندھنے کا کہا صاحب فتح نے

وكيف يمشون على وجوههم قال ان الذي امشاهم على اقدامهم قادر على ان يمشيهم على وجوههم اما انهم يتقون بوجوههم كل حدب وشوكة هذا حديث حسن وقد روى وهيب عن ابن طاؤس عن ابيه عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم شيئا من هذا **حدثنا** احمد بن منيع نا يزيد بن هارون نا بهز بن حكيم عن ابيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انكم محشورون رجالا وركبانا وتجرون على وجوهكم هذا حديث حسن **حدثنا** محمود بن غيلان نا يزيد بن هارون وابو داؤد وابو الوليد اللفظ ليزيد والمعنى واحد عن شعبة عن عمرو بن مرة عن عبد الله بن سلمة عن صفوان بن عسال المرادي ان يهوديين قال احدهما لصاحبه اذهب بنا الى هذا النبي نسأله قال لا تقل له نبي فانه ان يسمعها تقول نبي كانت له اربعة اعين فاتيا النبي فسألاه عن قول الله تعالى ولقد اتينا موسى تسع ايات بينات فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تشركوا بالله شيئا ولا تزنوا ولا تقتلوا النفس التي حرم الله الا بالحق ولا تسرقوا ولا تسحروا ولا تمشوا ببري الى سلطان فيقتله ولا تاكلوا الربوا ولا تقذفوا محصنة ولا تفروا من الزحف شك شعبة وعليكم اليهود خاصة ان لا تعتدوا في السبت فقبلا يديه ورجليه وقالا نشهد انك نبي قال فما يمنعكما ان تسلما قالا ان داؤد دعا الله ان لا يزال في ذريته نبي وانا نخاف ان اسلمنا ان تقتلنا اليهود هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** عبد بن حميد نا سليمان بن داؤد عن شعبة عن ابي بشر عن سعيد بن جبير ولم يذكر عن ابن عباس وهشيم عن ابي بشر عن سعيد بن جبير عن ابن عباس ولا تجهر بصلاتك ولا تخافت بها قال نزلت بمكة كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا رفع صوته بالقرآن سبه المشركون ومن انزله ومن جاء به فانزل الله

حدثنا سفیان بن وکیع نا ابی و اسحٰق بن یوسف الازرق عن سفیان الثوری عن الاعمش عن مسلم البطین عن سعید بن جبیر عن ابن عباس قال لما اخرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم من مکۃ قال ابوبکر اخرجوا نبیھم لیھلکن فانزل اللہ تعالٰی اذن للذین یقاتلون بانھم ظلموا وان اللہ علی نصرھم لقدیر الآیۃ فقال ابوبکر لقد علمت انہ سیکون قتال ھذا حدیث حسن وقد رواہ غیر واحد عن سفیان عن الاعمش عن مسلم البطین عن سعید بن جبیر مرسلا ولیس فیہ عن ابن عباس **ومن سورۃ المؤمنین** بسم اللہ الرحمن الرحیم حدثنا یحیی بن موسی وعبد بن حمید وغیر واحد المعنی واحد قالوا انا عبد الرزاق عن یونس بن سلیم عن الزھری عن عروۃ بن الزبیر عن عبد الرحمن بن عبد القاری قال سمعت عمر بن الخطاب یقول کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا انزل علیہ الوحی سمع عند وجھہ کدوی النحل فانزل علیہ یوما فمکثنا ساعۃ فسری عنہ فاستقبل القبلۃ ورفع یدیہ وقال اللھم زدنا ولا تنقصنا واکرمنا ولا تھنا واعطنا ولا تحرمنا واثرنا ولا تؤثر علینا وارضنا وارض عنا ثم قال انزل علی عشر آیات من اقامھن دخل الجنۃ ثم قرأ قد افلح المؤمنون حتی ختم عشر آیات حدثنا محمد بن ابان نا عبد الرزاق عن یونس بن سلیم عن یونس بن یزید عن الزھری بھذا الاسناد نحوہ بمعناہ وھذا اصح من الحدیث الاول سمعت اسحٰق بن منصور یقول روی احمد بن حنبل وعلی بن المدینی واسحٰق بن ابراھیم عن عبد الرزاق عن یونس بن سلیم عن یونس بن یزید عن الزھری ھذا الحدیث ومن سمع من عبد الرزاق قدیما فانھم انما یذکرون فیہ عن یونس بن یزید وبعضھم لا یذکر فیہ عن یونس بن یزید ومن ذکر فیہ عن یونس بن یزید فھو اصح وکان عبد الرزاق

حدیث کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے اور اسحاق بن یوسف ارزق نے سفیان ثوری سے اُسنے اعمش سے اُسنے مسلم البطین سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم مکہ سے نکالے گئے تو حضرت ابوبکر صدیق نے کہا نکالا انھون نے نبی اپنے کو تاکہ ہلاک ہون پس اللہ تعالٰی نے یہ آیت نازل فرمائی اذن للذین الخ اذن دیا گیا ہے واسطے ان لوگون کے کہ لڑائی کیے جاتے ہین وہ بسبب اسکے کہ وہ ظلم کیے گئے ہین اور تحقیق اللہ البتہ اوپر مدد انکی کے قادر ہے پس کہا حضرت ابوبکر نے مین البتہ جانتا تھا کہ جلدی ہی لڑائی ہوگی یہ حدیث حسن ہے۔ اور روایت کیا اسکو کئی ایک نے سفیان سے اُسنے اعمش سے اُسنے مسلم بطین سے اُسنے سعید بن جبیر سے مرسل اور اسمین ابن عباس کا ذکر نہین ہے **بعض تفسیر سورۂ مؤمنین** سے بسم اللہ الرحمن الرحیم حدیث کی ہمسے یحیی بن موسی اور عبد بن حمید اور کئی ایک نے معنے سبکے ایک ہین کہا انھون نے حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے یونس بن سلیم سے اُسنے زہری سے اُسنے عروہ بن زبیر سے اُسنے عبد الرحمن بن عبد القاری سے کہا سنا مین نے عمر بن خطاب سے کہ فرماتے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر جب وحی نازل ہوتی تھی تو آپ کے دہن مبارک کے پاس مکھیون کی آواز کے مثل آواز سنائی دیتی تھی سو ایک روز آپ پر وحی نازل ہوئی پس ایک ساعت ٹھہری رہی پھر دور ہوگئی پس آپ قبلہ کی طرف متوجہ ہوئے اور دونون ہاتھ اُٹھائے اور کہا الٰہی ہمکو زیادہ کر اور ہمکو کم نہ کر اور ہماری عزت کر اور ہماری اہانت نہ کر اور ہمکو بخشش کر اور ہمکو محروم نہ کر اور ہمکو اختیار کر اور ہمپر کسیکو اختیار نہ کر اور ہمکو راضی کر اور خود بھی ہمسے راضی ہو پھر فرمایا آپ نے مجھپر دس آیتین نازل ہوئی ہین جو کوئی اُنپر محافظت کریگا وہ جنت مین داخل ہوگا پھر پڑھی آپ نے یہ آیت قد افلح المؤمنون یہانتک آپ نے دس آیتین ختم کین حدیث کی ہمسے محمد بن ابان نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے یونس بن سلیم سے اُسنے یونس بن یزید سے اُسنے زہری سے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے بالمعنی۔ اور یہ صحیح ہے اول حدیث سے۔ سنا مین نے اسحاق بن منصور سے کہتا روایت کی احمد بن حنبل اور علی بن مدینی اور اسحاق بن ابراہیم نے عبد الرزاق سے اُسنے یونس بن سلیم سے اُسنے یونس بن یزید سے اُسنے زہری سے یہ حدیث۔ اور جسنے پہلے عبد الرزاق سے سنا ہے وہ تو اسمین یونس بن یزید کا ذکر کرتے ہین اور بعض اسمین یونس بن یزید کا ذکر نہین کرتے۔ اور جسنے یونس بن یزید کا ذکر کیا ہے وہ صحیح ہے۔ اور عبد الرزاق

فکبروا قال ولا ادری قال الثلثین ام لا هذا حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر وجه عن الحسن عن عمران بن حصین عن النبی صلی الله علیه وسلم حدثنا محمد بن بشار نا یحیی بن سعید نا هشام بن ابی عبد الله عن قتادة عن الحسن عن عمران بن حصین قال کنا مع النبی صلی الله علیه وسلم فی سفر فتفاوت بین اصحابه فی السیر فرفع رسول الله صلی الله علیه وسلم صوته بهاتین الآیتین یا ایها الناس اتقوا ربکم ان زلزلة الساعة شیء عظیم الی قوله ولکن عذاب الله شدید فلما سمع ذلك اصحابه حثوا المطی وعرفوا انه عند قول یقوله فقال هل تدرون ای یوم ذلك قالوا الله ورسوله اعلم قال ذلك یوم ینادی الله فیه آدم فینادیه ربه فیقول یا آدم ابعث بعث النار فیقول ای رب وما بعث النار فیقول من کل الف تسعمائة وتسعة وتسعون الی النار وواحد الی الجنة فیئس القوم حتی ما ابدوا بضاحکة فلما رای رسول الله صلی الله علیه وسلم الذی باصحابه قال اعملوا وابشروا فوالذی نفس محمد بیده انکم لمع خلیقتین ما کانتا مع شیء الا کثرتاه یاجوج وماجوج ومن مات من بنی آدم وبنی ابلیس قال فسری عن القوم بعض الذی یجدون قال اعملوا وابشروا فوالذی نفس محمد بیده ما انتم فی الناس الا کالشامة فی جنب البعیر او کالرقمة فی ذراع الدابة هذا حدیث حسن صحیح حدثنا محمد بن اسمعیل وغیر واحد قالوا نا عبد الله بن صالح قال ثنی اللیث عن عبد الرحمن بن خالد عن ابن شهاب عن محمد بن عروة بن الزبیر عن عبد الله بن الزبیر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم انما سمی البیت العتیق لانه لم یظهر علیه جبار هذا حدیث حسن غریب وقد روی عن الزهری عن النبی صلی الله علیه وسلم مرسلا حدثنا قتیبة نا اللیث عن عقیل عن الزهری عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه

پھر لوگوں نے تکبیر کہی کہا راوی نے میں نہیں جانتا کہ دو تہائیوں کا ذکر بھی آپ نے کیا یا نہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی وجہ سے بواسطہ حسن کے عمران بن حصین سے مروی ہے حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے ہشام بن ابی عبد اللہ نے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے عمران بن حصین سے کہا اُسنے ہم سفر میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے سو آنحضرت سے درمیان صحابہ کے چلنے میں تفاوت پایا سو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی آواز کو ساتھ ان دو آیتوں کے بلند کیا یا ایہا الناس اتقوا ربکم ان زلزلة الساعة شیء عظیم الی قولہ ولکن عذاب اللہ شدید جبکہ یہ آواز آنحضرت کی صحابہ نے سنی تو سواریونکو برانگیختہ کیا اور پہچانا کہ اس قول سے آنحضرت ہی بلاتے ہیں پس فرمایا آپ نے کیا تم جانتے ہو کہ یہ کونسا دن ہے کہا لوگوں نے اللہ اور رسول اسکا بہتر جانتا ہے فرمایا آپ نے یہ وہ دن ہے کہ جسمیں اللہ تعالے حضرت آدم کو آواز دیگا سو انکو انکا رب آواز دیگا اور کہے گا کہ اے آدم آگ میں جانیوالے تیار کر پس حضرت آدم کہیں گے اے رب اور کسقدر ہیں آگ میں جانیوالے پس فرمائیگا اللہ تعالی ہر ایک ہزار سے نو سو ننانوے آگ کی طرف جائینگے اور ایک جنت کی طرف سو قوم ناامید ہوگئی حتیٰ کہ اُنھوں نے ہنسی ظاہر نہ کی پس جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کا یہ حال دیکھا تو فرمایا عمل کرو اور بشارت پاؤ پس قسم ہے اس ذات کی کہ جسکے ہاتھ میں محمد کی جان ہے البتہ تم مقابل دو پیدائشوں کے ہو وہ کسی پیدائش کے مقابل نہیں ہوتیں مگر کہ وہ بڑھ جاتی ہیں یعنے یاجوج اور ماجوج اور نیز اُنکے مقابل جو بنی آدم اور بنی ابلیس سے مر چکے ہیں۔ پھر قوم کا کچھ غم دور ہوا فرمایا آپ نے اور عمل کرو اور بشارت پاؤ پس قسم ہے اسکی جو جان محمد کی اسکے ہاتھ میں ہے نہیں ہو تم لوگوں میں مگر مثل خال کے جو اونٹ کے پہلو میں ہو یا مثل داغ کے جو چارپائے کے بازو میں ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے محمد بن اسمعیل اور کئی ایک نے کہا اُنھوں نے حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن صالح نے کہا حدیث کی مجھے لیث نے عبد الرحمن بن خالد سے اُسنے ابن شہاب سے اُسنے محمد بن عروہ بن زبیر سے اُسنے عبد اللہ بن زبیر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خانہ کعبہ کا نام عتیق[1] اسلیے رکھا گیا ہے کہ اسپر کوئی حاکم سرکش غالب نہیں ہوا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور مروی ہے بواسطہ زہری کے نبی صلعم سے مرسل حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے عقیل سے اُسنے زہری سے اُسنے نبی صلعم سے مثل اسکے

[1] عتیق کے معنے آزاد کردہ شدہ چونکہ یہ بھی تمام حاکمان سرکشوں سے محفوظ رہا ہے اسلیے اسکو عاتق کہتے ہیں ۱۲

وكان رجلا يحمل الاسرى من مكة حتى يأتي بهم المدينة قال وكانت امرأة بغي بمكة يقال لها عناق وكانت صديقة له وانه كان وعد رجلا من اسارى مكة يحمله قال فجئت حتى انتهيت الى ظل حائط من حوائط مكة في ليلة مقمرة قال فجاءت عناق فابصرت سواد ظلي بجنب الحائط فلما انتهت الي عرفت فقالت مرثد فقلت مرثد فقالت مرحبا واهلا هلم فبت عندنا الليلة قال قلت يا عناق حرم الله الزنا قالت يا اهل الخيام هذا الرجل يحمل اسراكم قال فتبعني ثمانية وسلكت الخندمة فانتهيت الى غار او كهف فدخلت فجاؤا حتى قاموا على رأسي فبالوا فظل بولهم على رأسي وعماهم الله عني قال ثم رجعوا ورجعت الى صاحبي فحملته وكان رجلا ثقيلا حتى انتهيت الى الاذخر ففككت عنه اكبله فجعلت احمله ويعييني حتى قدمت المدينة فاتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله انكح عناقا فامسك رسول الله صلى الله عليه وسلم ولم يرد علي شيئا حتى نزلت الزاني لا ينكح الا زانية او مشركة والزانية لا ينكحها الا زان او مشرك فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا مرثد الزاني لا ينكح الا زانية او مشركة والزانية لا ينكحها الا زان او مشرك فلا تنكحها هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه حدثنا هناد نا عبدة بن سليمن عن عبد الملك بن ابي سليمن عن سعيد بن جبير قال سئلت عن المتلاعنين في امارة مصعب بن الزبير ايفرق بينهما فما دريت ما اقول فقمت من مكاني الى منزل عبد الله بن عمر فاستاذنت عليه فقيل لي انه قائل فسمع كلامي فقال لي ابن جبير ادخل ما جاء بك الا حاجة قال فدخلت فاذا هو مفترش بردعة رحل له

اور یہ وہ مرد تھا جو مکہ سے قیدیوں کو اٹھا کر لاتا تھا یہانتک کہ انکو مدینہ میں لے آتا کہا اُسنے اور ایک عورت زانیہ مکہ میں رہتی تھی اسکا نام عناق تھا اور یہ عورت اسکی دوست تھی اور اس شخص نے ایک مکہ کے قیدی مرد سے اسکے اُٹھا لانیکا وعدہ کیا تھا۔ کہا مرثد نے پس میں آیا یہانتک کہ چاندنی رات میں مکہ کی دیوار وںمیں سے ایک دیوار کے سایہ کی طرف پہونچ گیا کہا مرثد نے سو عناق آئی اور اُسنے میرے سایہ کی سیاہی دیوار کے پہلو میں دیکھی پس جب وہ میرے پاس پہونچی تو مجھے پہچان گئی سو کہا اُسنے تو مرثد ہے میں نے کہا میں مرثد ہوں پھر کہا اس عورت نے مرحبا و اہلا تو آ اور آج کی رات ہمارے پاس گذار کہا مرثد نے میں نے کہا ای عناق اللہ تعالی نے زنا کو حرام کر دیا ہے کہا اُسنے ای خیمہ والو یہ مرد تمھارے قیدیوں کو اٹھا لیجاتا ہے کہا مرثد نے پھر میرے پیچھے آٹھ آدمی لگے اور میں خندمہ (نام پہاڑ مکہ) کی طرف چلا اور ایک چھوٹے غار یا بڑے میں (شک راوی) پہونچ گیا اور اسمیں داخل ہو گیا سو وہ آئے یہانتک کہ میرے سر پر کھڑے ہو گئے اور انھوں نے پیشاب کیا پس پیشاب انکا میرے سر پر پڑا اور انکو اللہ تعالی نے مجھسے اندھا کر دیا کہا مرثد نے پھر واپس ہو گئے اور میں اپنے دوست کے پاس چلا آیا یعنے جس سے وعدہ اُٹھا لانیکا کیا تھا پس اسکو اٹھا لیا اور وہ مرد ثقیل تھا یہانتک کہ میں اذخر (نام جگہ) کے پاس پہونچا اور اس سے اسکی قید کھولی پھر میں اسکو پیٹھ پر اٹھاتا اور وہ مجھے تھکا دیتا یہانتک کہ میں مدینہ میں آیا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ملا پس میں نے کہا یارسول اللہ عناق کا نکاح کر دیجیے سو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم چپ رہے اور مجھکو کچھ جواب نہ دیا یہانتک کہ یہ آیت نازل ہوئی الزانی لاینکح الخ زنا کرنیوالا نہیں نکاح کرتا مگر زنا کرنیوالی کو یا بت پرست کو۔ اور زنا کرنیوالی نہیں نکاح کرتا اسکو مگر زنا کرنیوالا یا بت پرست پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ای مرثد زنا کرنیوالا نہیں نکاح کرتا مگر زنا کرنیوالی یا بت پرست کو اور زنا کرنیوالی نہیں نکاح کرتا اسکو مگر زنا کرنیوالا یا بت پرست سو تو اس سے نکاح نہ کر یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ بن سلیمان نے عبد الملک بن ابی سلیمان سے اُسنے سعید بن جبیر سے کہا اُسنے مجھسے مصعب بن زبیر کی حکومت میں دو لعان کرنیوالوں کی بابت سوال کیا گیا کیا ان دونوں میں تفریق کیجائے پس مجھے معلوم نہ ہوا کہ کیا جواب دوں پس میں اپنے مکان سے اُٹھکر عبد اللہ بن عمر کے گھر کی طرف آیا سو اس سے میں نے اذن مانگا سو مجھے کہا گیا کہ وہ سوئے ہوئے ہیں پس انھوں نے میرا کلام سن لیا اور کہا مجھے ای ابن جبیر داخل ہو تو ضرور تو کسی کام کے لیے آیا ہے کہا اُسنے پس میں داخل ہوا تو دیکھا کہ وہ اپنے کجاوے کی چادر بچھائے ہوئے ہیں

ربما ذکر فی ھذا الحدیث یونس بن یزید وربما لم یذکرہ **حدثنا** عبد بن حمید نا روح بن عبادۃ عن سعید
عن قتادۃ عن انس بن مالک ان الربیع بنت النضر اتت النبی صلی اللہ علیہ وسلم وکان ابنہا حارثۃ بن سراقۃ کان
اصیب یوم بدر اصابہ سہم غرب فاتت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالت اخبرنی عن حارثۃ لئن کان
اصاب خیرا احتسبت وصبرت وان لم یصب الخیر اجتہدت فی الدعاء فقال نبی اللہ یا ام حارثۃ انہا جنان
فی جنۃ وان ابنک اصاب الفردوس الاعلی والفردوس ربوۃ الجنۃ واوسطہا وافضلہا ھذا حدیث حسن صحیح غریب
من حدیث انس **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان نا مالک بن مغول عن عبد الرحمٰن بن وہب الہمدانی ان عائشۃ
زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم قالت سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن ھذہ الآیۃ والذین یؤتون ما اتوا
وقلوبہم وجلۃ قالت عائشۃ اھم الذین یشربون الخمر ویسرقون قال لا یا بنت الصدیق ولکنہم الذین یصومون
ویصلون ویتصدقون وھم یخافون ان لا تقبل منہم اولئک الذین یسارعون فی الخیرات وھم لہا سابقون وروی
ھذا الحدیث عن عبد الرحمٰن بن سعید عن ابی حازم عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحو ھذا **حدثنا**
سوید بن نصر نا عبد اللہ عن سعید بن یزید ابی شجاع عن ابی السمح عن ابی الہیثم عن ابی سعید الخدری عن النبی صلی اللہ
علیہ وسلم قال وھم فیہا کالحون قال تشویہ النار فتقلص شفتہ العلیا حتی تبلغ وسط رأسہ وتسترخی شفتہ السفلی
حتی تضرب سرتہ ھذا حدیث حسن غریب صحیح **سورۃ النور** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم **حدثنا** عبد بن حمید
نا روح بن عبادۃ عن عبید اللہ بن الاخنس قال اخبرنی عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ قال کان رجل یقال لہ مرثد بن ابی مرثد

کبھی تو اس حدیث میں یونس بن یزید کا ذکر کرتا تھا اور کبھی اسکو ذکر نہیں کرتا تھا **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا
حدیث کی ہمسے روح بن عبادہ نے سعید سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس بن مالک سے یہ کہ ربیع بنت نضر نبی صلے اللہ
علیہ وسلم کے پاس آئی اور اسکا بیٹا حارثہ بن سراقہ بدر کے دن شہید ہوا تھا لگا تھا کہ تیر اسکو آپہونچا تھا سو وہ رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم کے پاس آئی اور کہنے لگی کہ مجھے حارثہ کی خبر دو اگر وہ نیکی کو پہونچ گیا ہو تو میں ثواب جانوں اور صبر کروں اور اگر
وہ نیکی کو نہیں پہونچا تو دعا میں کوشش کروں پس فرمایا اللہ کے نبی نے اے ام حارثہ جنت میں کئی درجے ہیں اور تیرا بیٹا فردوس
اعلےٰ میں پہونچ گیا ہے۔ اور فردوس جنت کا ٹیلہ ہے اور اسکے اوسط میں ہے اور اس سے افضل ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے
طریق انس سے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن مغول نے
عبد الرحمٰن بن وہب ہمدانی سے کہ حضرت عائشہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی بیوی نے کہا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
سے اس آیت کی بابت سوال کیا والذین یؤتون ما اتوا الخ اور وہ لوگ کہ دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں اور دل انکے ڈرتے ہیں کہا
حضرت عائشہ نے کیا یہ وہی لوگ ہیں جو شراب پیتے ہیں اور چوری کرتے ہیں فرمایا آپ نے نہیں اے بیٹی صدیق کی۔ لیکن یہ وہ لوگ
ہیں جو روزے رکھتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں اور صدقہ دیتے ہیں اور خوف رکھتے ہیں کہ ہمسے یہ قبول نہیں ہوتا یہ لوگ
جلدی کرتے ہیں بیچ بھلائیوں کے اور وہ واسطے انکے آگے نکل جانیوالے ہیں۔ اور مروی ہے یہ حدیث عبد الرحمٰن بن سعید
سے اُسنے روایت کی ابی حازم سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے **حدیث** کی ہمسے
سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ نے سعید بن یزید ابی شجاع سے اُسنے ابی السمح سے اُسنے ابی الہیثم سے
اُسنے ابی سعید خدری سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے وھم فیہا کالحون یعنے اور وہ بیچ اسکے تیوری
چڑھانے میں فرمایا آپ نے بھونے گی اسکو آگ پس ہونٹھ اسکا اوپر کا منقبض ہوگا یہانتک کہ وسط سر کو پہونچے گا اور نیچے کا
ہونٹھ نیچے جائیگا یہانتک کہ اسکی ناف کو پہونچے گا۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔ **تفسیر سورۂ نور** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
حدیث کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے روح بن عبادہ نے عبید اللہ بن اخنس سے کہا اُسنے خبر دی مجھے
عمرو بن شعیب نے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہا اُسنے ایک مرد تھا اسکو مرثد بن ابی مرثد کہا جاتا تھا

ولينزلن في امري ما يبرئ ظهري من الحد فنزل والذين يرمون ازواجهم ولم يكن لهم شهداء الا انفسهم فشهادة احدهم اربع شهادات بالله انه لمن الصادقين فقرأ الى ان بلغ والخامسة ان غضب الله عليها ان كان من الصادقين قال فانصرف النبي صلى الله عليه وسلم فارسل اليهما فجاءا فقام هلال فشهد والنبي صلى الله عليه وسلم يقول ان الله يعلم ان احدكما كاذب فهل منكما تائب ثم قامت فشهدت فلما كانت عند الخامسة ان غضب الله عليها ان كان من الصادقين قالوا لها انها موجبة فقال ابن عباس فتلكأت ونكست حتى ظننا ان سترجع فقالت لا افضح قومي سائر اليوم فقال النبي صلى الله عليه وسلم ابصروها فان جاءت به اكحل العينين سابغ الاليتين خدلج الساقين فهو لشريك بن سحماء فجاءت به كذلك فقال النبي صلى الله عليه وسلم لولا ما مضى من كتاب الله لكان لنا ولها شان هذا حديث حسن غريب وهكذا روى عباد بن منصور هذا الحديث عن عكرمة عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم ورواه ايوب عن عكرمة مرسلا ولم يذكر فيه عن ابن عباس **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو اسامة عن هشام بن عروة قال اخبرني ابي عن عائشة قالت لما ذكر من شاني الذي ذكر وما علمت به قام رسول الله صلى الله عليه وسلم في خطيبا فتشهد فحمد الله واثنى عليه بما هو اهله ثم قال اما بعد اشيروا علي في اناس ابنوا اهلي والله ما علمت على اهلي من سوء قط وابنوا بمن والله ما علمت عليه من سوء قط ولا دخل بيتي قط الا وانا حاضر ولا غبت في سفر الا غاب معي فقام سعد بن معاذ فقال ائذن لي يا رسول الله

اور ضرور میرے امر میں کوئی ایسا حکم نازل ہوگا جو حد سے میری پیٹھ کو بری کرے پس یہ آیت نازل ہوئی والذین یرمون ازواجہم ولم یکن لہم شہداء الا انفسہم فشہادۃ احدہم اربع شہادات باللہ انہ لمن الصادقین پس آپ نے یہانتک پڑھی والخامسۃ ان غضب اللہ علیہا ان کان من الصادقین کہا راوی نے پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم فارغ ہوے اور اُن دونوں کی طرف آدمی بھیجا سو وہ دونوں آئے اور ہلال کھڑا ہوا سو اُسنے گواہی دی اس حالت میں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے رہے اللہ تعالی جانتا ہے کہ ایک تم میں سے تو ضرور جھوٹا ہے سو ہے کوئی تم میں سے توبہ کرنیوالا پھر وہ عورت کھڑی ہوئی اور اُسنے بھی گواہی دی پس جب پانچویں شہادت کا وقت پہونچا کہ اللہ کا غضب ہے اس عورت پر اگر ہو وہ مرد سچوں سے تو کہا لوگوں نے یہ ہے واجب کرنیوالی ہے (عذاب کو) پس کہا ابن عباس نے سو وہ عورت تھم گئی اور سر جھکایا یہانتک کہ ہمنے گمان کیا کہ پلٹ جاویگی پھر کہا اُسنے میں اپنی قوم کو ہمیشہ کو فضیحت نہ کرونگی سو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکو دیکھتے رہو اگر اسکا لڑکا سیاہ آنکھ والا اور موٹے سرین والا اور پتلی پنڈلیوں کا پیدا ہوا تو وہ حقیقت میں شریک بن سحمار کا (نطفہ) ہے سو اسکا لڑکا اسیطرح کا پیدا ہوا تو حضرت نے فرمایا کہ اگر قرآن کا حکم پیشتر نہ اتر چکا ہوتا تو ہمارا اور اس عورت کا ایک حال ہوتا یعنے اسکو حد مارتا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور ایسا ہی عباد بن منصور نے اس حدیث کو عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے۔ اور روایت کیا اسکو ایوب نے عکرمہ سے مرسل۔ اور اُسنے ابن عباس کا ذکر نہیں کیا **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسامہ نے ہشام بن عروہ سے کہا اُسنے خبر دی مجھے میرے باپ نے عائشہ سے کہ کہا اُسنے جبکہ میرا حال جو مشہور ہے ذکر کیا گیا اور میں اسکو جانتی نہ تھی تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میری بابت خطبہ پڑھنے کے لیے کھڑے ہوے پس تشہد پڑھی اور اللہ کی حمد کی اور اسکی صفت بیان کی جسکے وہ لائق ہے پھر فرمایا آپ نے مجھے اُن لوگوں کی بابت مشورہ دو جنھوں نے میری بیوی کو تہمت لگائی ہے قسم ہے اللہ کی میں اپنی بیوی پر کچھ برائی نہیں معلوم کرتا اور اس شخص کے ساتھ تہمت لگائی ہے کہ قسم ہے اللہ کی میں اسپر بھی کچھ برائی نہیں معلوم کرتا اور وہ میرے گھر میں کبھی داخل نہیں ہوا مگر اس حالت میں کہ میں حاضر ہوتا تھا اور میں کسی سفر میں غائب[1] نہیں ہوتا مگر کہ وہ میرے ساتھ غائب ہوتا ہے پس سعد بن معاذ کھڑا ہوا اور کہنے لگا یا رسول اللہ مجھے حکم دیجئے

[1] یہ کلام آپ نے اسلیے فرمایا ہے کہ رتنا آدمی اسکے ساتھ کرتا ہے جسکے ساتھ سابق میں کچھ گفتگو ہوئی ہے اور جسکے ساتھ الفت نہ ہو تو ظاہر ہے کہ کوئی شخص اسقدر جلدی دلیری نہیں کرسکتا۔

فقلت یا ابا عبد الرحمن المتلاعنان أیفرق بینھما فقال سبحان اللہ نعم ان اول من سأل عن ذلک فلان بن فلان اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ ارأیت لو ان احدنا رأی امرأتہ علی فاحشۃ کیف یصنع ان تکلم تکلم بامر عظیم وان سکت سکت علی امر عظیم فسکت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلم یجبہ فلما کان بعد ذلک اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ان الذی سألتک عنہ قد ابتلیت بہ فانزل اللہ الآیات فی سورۃ النور والذین یرمون ازواجھم ولم یکن لھم شھداء الا انفسھم فشھادۃ احدھم اربع شھادات باللہ حتی ختم الآیات قال فدعا الرجل فتلاھن علیہ ووعظہ وذکرہ واخبرہ ان عذاب الدنیا اھون من عذاب الآخرۃ فقال لا والذی بعثک بالحق ما کذبت علیھا ثم ثنی بالمرأۃ ووعظھا وذکرھا واخبرھا ان عذاب الدنیا اھون من عذاب الآخرۃ فقالت لا والذی بعثک بالحق ما صدق فبدأ بالرجل فشھد اربع شھادات باللہ انہ لمن الصادقین والخامسۃ ان لعنۃ اللہ علیہ ان کان من الکاذبین ثم ثنی بالمرأۃ فشھدت اربع شھادات باللہ انہ لمن الکاذبین والخامسۃ ان غضب اللہ علیھا ان کان من الصادقین ثم فرق بینھما وفی الباب عن سھل بن سعد وھذا حدیث حسن صحیح حدثنا بندار نا محمد بن ابی عدی نا ھشام بن حسان قال ثنی عکرمۃ عن ابن عباس ان ھلال بن امیۃ قذف امرأتہ عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم بشریک بن سحماء فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم البینۃ والا حد فی ظھرک قال فقال ھلال یا رسول اللہ اذا رأی احدنا رجلا علی امرأتہ ایلتمس البینۃ فجعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول البینۃ والا حد فی ظھرک قال فقال ھلال والذی بعثک بالحق انہ لصادق

پس میں نے کہا اے اباعبدالرحمٰن (کنیت ابن عمرؓ) کیا دو لعان کرنیوالوں میں تفریق کیجائے کہا انہوں نے سبحان اللہ ہاں سب سے پہلے سوال اس بات کی بابت فلاں بن فلاں نے کیا ہے وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا سو کہنے لگا یارسول اللہ مجھے خبر دیجئے اگر کوئی شخص اپنی عورت کو بیحیائی پر دیکھے تو کیا کرے اگر کلام کرے تو بڑے امر پر کلام کریگا اور اگر چپ رہے تو بھی بڑے امر پر چپ رہیگا پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم چپ رہے اور اسکو کچھ جواب نہ دیا پس جب دوسرا دن ہوا تو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا جس مسئلہ کی بابت آپ سے سوال کیا تھا میں اسمیں مبتلا ہوگیا ہوں پس اللہ تعالیٰ نے آیتیں جو سورۂ نور میں ہیں نازل فرمائیں والذین یرمون ازواجھم الخ یعنے اور جو لوگ تہمت لگاتے ہیں جوروؤں اپنی کو اور نہیں ہیں واسطے انکے شاہد مگر جانیں انکی پس گواہی ایک کی انہیں سے چار بار گواہیاں ہیں ساتھ قسم اللہ کے الخ یہانتک کہ آپ نے آیتیں ختم کیں کہا ابن عمرؓ نے پھر بلایا آپ نے اس مرد کو اور وہ آیتیں اسپر پڑھیں اور اسکو وعظ اور نصیحت کی اور اسکو خبر دی کہ دنیا کا عذاب بہت آسان ہے آخرت کے عذاب سے سو کہا اس مرد نے قسم ہے اس ذات کی کہ جسنے آپکو ساتھ حق کے بھیجا ہے میں اسپر جھوٹ نہیں بولتا پھر آپ نے عورت کی طرف توجہ فرمائی اور اسکو بھی وعظ اور نصیحت کی اور اسکو بھی خبر دی کہ عذاب دنیا کا بہت آسان ہے آخرت کے عذاب سے پس کہا اس عورت نے قسم ہے اس ذات کی کہ جسنے آپکو ساتھ حق کے بھیجا ہے اس مرد نے سچ نہیں کہا پس آپ پہلے مرد سے شروع ہوئے سو گواہی دی اس مرد نے چار بار گواہیاں ساتھ قسم اللہ کے کہ میں ضرور سچا ہوں۔ اور پانچویں بار یہ کہ لعنت ہو اللہ کی اسپر اگر ہو جھوٹوں سے پھر آپ عورت کی طرف متوجہ ہوئے سو اسنے بھی چار بار گواہی دی ساتھ قسم اللہ کے کہ یہ مرد ضرور جھوٹوں سے ہے اور پانچویں بار یہ کہ لعنت ہو اللہ کی مجھپر اگر یہ سچوں سے ہو پھر آپ نے ان دونوں میں تفریق کی۔ اور اس باب میں روایت ہے سہل بن سعد سے۔ اور یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ حدیث کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن ابی عدی نے کہا حدیث کی ہمسے ہشام بن حسان نے کہا حدیث کی مجھے عکرمہ نے ابن عباس سے کہ ہلال بن امیہ نے اپنی عورت کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس شریک بن سحماء کی تہمت لگائی پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے گواہ لا ورنہ تیری پشت پہ حد لگے گی کہا راوی نے پس کہا ہلال نے یارسول اللہ جب کوئی شخص ہم میں سے کسی مرد کو اپنی عورت پر دیکھے کیا گواہوں کی تلاش کرتا ہے سو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یہی کہتے رہے گواہ لا ورنہ تیری پیٹھ پر حد ہے کہا راوی نے پس کہا ہلال نے قسم ہے اس ذات کی کہ جسنے آپکو ساتھ حق کے بھیجا ہے میں تو البتہ سچا ہوں

الا انها كانت ترقد حتى تدخل الشاة فتأكل خميرتها او عجينتها وانتهرها بعض اصحابه فقال اصدقي رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى اسقطوا لها به فقالت سبحان الله والله ما علمت عليها الا ما يعلم الصائغ على تبر الذهب الاحمر فبلغ الامر ذلك الرجل الذي قيل له فقال سبحان الله والله ما كشفت كنف انثى قط قالت عائشة فقتل شهيدا في سبيل الله قالت واصبح ابواي عندي فلم يزالا عندي حتى دخل على رسول الله صلى الله عليه وسلم وقد صلى العصر ثم دخل وقد اكتنفني ابواي عن يميني وشمالي فتشهد النبي صلى الله عليه وسلم وحمد الله واثنى عليه بما هو اهله ثم قال اما بعد يا عائشة ان كنت قارفت سوءا او ظلمت فتوبي الى الله فان الله يقبل التوبة عن عباده قالت وقد جاءت امراة من الانصار وهي جالسة بالباب فقلت الا تستحيي من هذه المراة ان تذكر شيئا ووعظ رسول الله صلى الله عليه وسلم فالتفت الى ابي فقلت اجبه قال فماذا اقول فالتفت الى امي فقلت اجيبيه قالت اقول ماذا قالت فلما لم يجيبا تشهدت فحمدت الله واثنيت عليه بما هو اهله ثم قلت اما والله لئن قلت لكم اني لم افعل والله يشهد اني لصادقة ما ذاك بنافعي عندكم لي لقد تكلمتم واشربت قلوبكم ولئن قلت لكم اني قد فعلت والله يعلم اني لم افعل لتقولن انها قد باءت به على نفسها واني والله ما اجد لي ولكم مثلا قالت والتمست اسم يعقوب فلم اقدر عليه الا ابا يوسف حين قال فصبر جميل والله المستعان على ما تصفون قالت وانزل على رسول الله صلى الله عليه وسلم من ساعته فسكتنا فرفع عنه واني لاتبين السرور في وجهه وهو يمسح جبينه ويقول البشرى يا عائشة فقد انزل الله براءتك قالت

مگر یہ کہ سو جاتی ہے یہاں تک کہ بکری گھر میں داخل ہوتی ہے تو اسکے خمیر یا آٹے کو (شک راوی) کھا جاتی ہے اور اسکو آپ کے بعض صحابہ نے بھی جھڑکا اور کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سچ کہنا تا آنکہ ان لوگوں نے اسکو بسبب اس قصہ کے ساقط کر دیا پس کہا اُسنے سبحان اللہ میں اسپر کوئی عیب نہیں جانتی مگر وہ کہ سنار سرخ سونے کی اینٹ پر جانتا ہے اور یہ خبر اس مرد کو بھی پہنچی جسکی بابت یہ کہا گیا ہے تو اُسنے کہا سبحان اللہ قسم ہے اللہ کی میں نے کبھی کسی عورت کا پردہ نہیں کھولا کہا حضرت عائشہ نے سو وہ آدمی اللہ کی راہ میں شہید ہوگیا کہا حضرت عائشہ نے ماں باپ میرے صبح تک میرے پاس رہے سو بہت دیر تک میرے پاس رہے یہاں تک کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مجھپر داخل ہوے اور عصر کی نماز پڑھ چکے پھر داخل ہوے اور میرے ماں باپ میرے داہنے بائیں بیٹھے تھے پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے تشہد پڑھی اور اللہ کی حمد کی اور اسکی صفت کی جسکے وہ لائق ہے پھر فرمایا آپ نے بعد حمد اور صلوٰۃ کے یہ بات ہے اے عائشہ اگر تو برائی کے قریب پہونچی ہے یا تو نے ظلم کیا ہے تو اللہ تعالی کی طرف توبہ کر کیونکہ اللہ تعالی توبہ اپنے بندوں سے قبول کرتا ہے۔ کہا حضرت عائشہ نے اور ایک عورت انصار سے آئی اور وہ دروازے پر بیٹھی ہوئی تھی سو میں نے کہا کیا آپ اس عورت سے حیا نہیں کرتے کہ اس چیز کا ذکر کرتے ہو۔ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے وعظ کیا پھر میں نے اپنے والد کی طرف توجہ کی اور کہا آنحضرت کو جواب دیجیے کہا اُسنے میں کیا کہوں۔ پھر میں نے اپنی والدہ کی طرف توجہ کی اور کہا کہ آنحضرت کو جواب دے کہا اُسنے میں کیا کہوں کہا حضرت عائشہ نے پس جب ان دونوں نے کوئی جواب نہ دیا تو میں نے تشہد پڑھی اور اللہ کی حمد کی اور اسکی صفت کی جسکے وہ لائق ہے پھر میں نے کہا خبردار قسم ہے اللہ کی اگر میں تمسے یہ کہوں کہ میں نے یہ گناہ نہیں کیا (اور اللہ گواہ ہے کہ میں سچی ہوں) تو یہ بات تمہارے پاس میرے لیے نفع دینے والی نہیں ہے کیونکہ تم یہ کلام سن چکے ہو اور تمہارے دلوں میں جم گئی ہے اور اگر میں یہ کہوں کہ میں نے یہ گناہ کیا ہے اور اللہ جانتا ہے کہ میں نے نہیں کیا تو تم ضرور یہ کہوگے کہ اُسنے خود اپنے نفس پر اسکا اقرار کرلیا ہے قسم ہے اللہ کی میں کوئی مثال اپنے لیے اور تمہارے لیے نہیں پاتی (کہا حضرت عائشہ نے میں نے حضرت یعقوب کا نام تلاش کیا سو میں اسپر قادر نہ ہوسکی) مگر حضرت یوسف کے باپ کی جبکہ کہا انھوں نے فصبر جمیل الخ یعنے اب صبر بہتر ہے اور تمہاری اس گفتگو پر خدا ہی کی مدد درکار ہے۔ کہا حضرت عائشہ نے اور اسی ساعت میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہوئی سو ہم خاموش ہوے پھر آپ سے اٹھائی گئی اور میں آپ کے چہرۂ مبارک پر خوشی کو معلوم کرتی تھی اس حالت میں کہ آپ پیشانی مبارک پونچھ رہے تھے اور فرماتے آپ بشارت ہو تجھے اے عائشہ اللہ تعالی نے تیری برارت نازل فرمائی ہے کہا حضرت عائشہ نے

ان نضرب اعناقهم وقام رجل من الخزرج وكانت ام حسان بن ثابت من رهط ذلك الرجل فقال كذبت اما والله ان لو كانوا من الاوس ما احببت ان نضرب اعناقهم حتى كاد ان يكون بين الاوس والخزرج شر فى المسجد وما علمت به فلما كان مساء ذلك اليوم خرجت لبعض حاجتى ومعى ام مسطح فعثرت فقالت تعس مسطح فقلت لها اى ام تسبين ابنك فسكتت ثم عثرت الثانية فقالت تعس مسطح فقلت لها اى ام تسبين ابنك فسكتت ثم عثرت الثالثة فقالت تعس مسطح فانتهرتها فقلت لها اى ام تسبين ابنك فقالت والله ما اسبه الا فيك فقلت فى اى شأنى فقالت فبقرت لى الحديث قلت وقد كان هذا قالت نعم والله لقد رجعت الى بيتى وكان الذى خرجت له لم اخرج لا اجد منه قليلا ولا كثيرا ووعكت فقلت لرسول الله صلى الله عليه وسلم ارسلنى الى بيت ابى فارسل معى الغلام فدخلت الدار فوجدت ام رومان فى السفل وابو بكر فوق البيت يقرأ فقالت امى ما جاء بك يا بنية قالت فاخبرتها وذكرت لها الحديث فاذا هو لم يبلغ منها ما بلغ منى فقالت يا بنية خففى عليك الشأن فانه والله لقلما كانت امرأة حسناء عند رجل يحبها لها ضرائر الا حسدنها وقيل فيها فاذا هى لم يبلغ منها ما بلغ منى قالت قلت وقد علم به ابى قالت نعم قلت و رسول الله قالت نعم واستعبرت وبكيت فسمع ابو بكر صوتى وهو فوق البيت يقرأ فنزل فقال لامى ما شأنها قالت بلغها الذى ذكر من شأنها ففاضت عيناه فقال اقسمت عليك يا بنية الا رجعت الى بيتك فرجعت ولقد جاء رسول الله صلى الله عليه وسلم الى بيتى وسأل عنى خادمتى فقالت لا والله ما علمت عليها عيبا

کہ ہم انکی گردنیں ماردیں اور ایک مرد قوم خزرج سے کھڑا ہوا۔ اور حسان بن ثابت کی والدہ اُسی مرد کے گروہ سے تھی سو کہا اس مرد نے سعد سے جھوٹ بولا تو سنے خبردار قسم ہے اللہ کی اگر وہ لوگ قبیلہ اوس سے ہوتے تو تو کبھی انکی گردنیں مارنیکو دوست نہ رکھتا یہانتک کہ قریب ہوا کہ مسجد میں ہی اوس اور خزرج کے درمیان شرارت ہوجاوے عائشہؓ کہتی ہیں اور میں اسکو بھی نہ جانتی تھی پس جب اس دن کی شام ہوئی تو میں کسی[1] حاجت کے واسطے باہر نکلی اور میرے ساتھ ام مسطح بھی تھی سو وہ پھسل گئی اور کہا اُسنے ہلاک ہوجیوای مسطح پس میں نے اس سے کہا ای ماں کیا اپنے بیٹے کو گالیں دیتی ہے سو وہ چپ رہی پھر دوسری بار اسکا پانوں پھسل پڑا پھر کہا اُسنے ہلاک ہوجیوای مسطح پھر میں نے اس سے کہا ای ماں کیا اپنے بیٹے کو گالیں دیتی ہے پھر وہ چپ رہی پھر تیسری بار اسکا پانوں پھسل گیا پھر کہا اُسنے ہلاک ہوجیوای مسطح پھر میں نے اسکو جھڑکا اور کہا ای ماں کیا تو اپنے بیٹے کو گالیں دیتی ہے پس کہا اُسنے قسم ہے اللہ کی میں اسکو تیرے باعث سے ہی گالیں نکالتی ہوں میں نے کہا میری کس شان میں کہا حضرت عائشہؓ نے پھر اُسنے میرے پاس وہ تمام بات ذکر کی میں نے کہا کیا یہ ضرور بات ہوئی ہے کہا اُسنے ہاں قسم ہے اللہ کی میں اپنے گھر کی طرف واپس چلی آئی اور گویا جسکے لیے میں نکلی تھی نکلی ہی نہیں نہ میں اس سے تھوڑا اور نہ زیادہ معلوم کرتی تھی۔ اور مجھے بخار ہوگیا سو میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اپنے والد کے گھر کی طرف (جانیکے لیے) کہا پس آپ نے میرے ساتھ غلام کو بھیجا اور میں گھر میں چلی آئی۔ اور میری والدہ ام رومان نیچے تھیں اور حضرت ابوبکر اوپر گھر کے پڑھ رہے تھے پس میری ماں نے کہا ای بیٹی تجھے کون چیز لائی ہے کہا حضرت عائشہ نے سو میں نے انکو خبر دی اور انکے آگے وہ بات بیان کی پس انکو اسقدر بھی نہ پہونچی تھی پس کہا اُنھوں نے ای بیٹی یہ حال اپنے سے دور کر کیونکہ قسم ہے اللہ کی جو عورت خوبصورت اپنے خاوند کی پیاری ہوتی ہے اور اسکی سوتیں بھی ہوں تو وہ ضرور اسکا حسد کرتے ہیں اور اور لوگ بھی اسکے حق میں باتیں کرتے ہیں سو انکو تو اسقدر بھی نہ پہونچا تھا جسقدر کہ تجھے پہونچا ہے۔ کہا حضرت عائشہ نے میں نے کہا اسکو میرا باپ بھی جانتا ہے کہا اُسنے ہاں میں نے کہا اور رسول اللہ بھی کہا اُسنے ہاں اور میرے آنسو جاری ہوے اور میں روئی سو حضرت ابوبکر نے میری آواز سن لی اس حالت میں کہ گھر کے اوپر پڑھ رہے تھے پھر آپ اترے اور میری ماں سے کہا اسکا کیا حال ہے کہا اُسنے اسکو بھی یہ خبر جو اسکے حال کی ذکر کیجاتی ہے پہونچی ہے سو انکے آنسو جاری ہوے اور کہا ای بیٹی میں تجھے قسم دیتا ہوں کہ تو اپنے گھر کی طرف چلی جا سو میں لوٹ آئی اور رسول اللہ صلعم بھی میرے گھر میں آئے اور میری بابت میری لونڈی سے پوچھا سو اُسنے کہا قسم ہے اللہ کی میں اسپر کوئی عیب[2] نہیں جانتی

[1] قولہ کسی حاجت کے لیے باہر نکلی بخاری وغیرہ کی روایت اور اسماء رضی اللہ عنہا کی روایت سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ جنگل میں پاخانہ کے لیے گئیں تھیں قولہ ہلاک ہوجیوای مسطح یعنے اُسنے اپنے بیٹے مسطح کو بد دعا دی۔ اور بار بار پانوں پھسلنے کی وجہ یہ معلوم ہوتی

قال قلت ثم ماذا قال ان تقتل ولدك خشية ان يطعم معك قال قلت ثم ماذا قال ان تزنی بحليلة جارك هذا حديث
حسن حدثنا بندار نا عبد الرحمن نا سفيان عن منصور والاعمش عن ابی وائل عن عمرو بن شرحبيل عن عبد الله
عن النبی صلی الله عليه وسلم بمثله هذا حديث حسن صحيح حدثنا عبد بن حميد نا سعيد بن الربيع ابو زيد
نا شعبة عن واصل الاحدب عن ابی وائل عن عبد الله قال سألت رسول الله صلی الله عليه وسلم ای الذنب اعظم
قال ان تجعل لله ندا وهو خلقك وان تقتل ولدك من اجل ان يأكل معك او من طعامك وان تزنی بحليلة جارك
قال وتلی هذه الاية والذين لا يدعون مع الله الها اخر ولا يقتلون النفس التی حرم الله الا بالحق ولا يزنون ومن يفعل
ذلك يلق اثاما يضاعف له العذاب يوم القيمة ويخلد فيه مهانا حديث سفيان عن منصور والاعمش اصح
من حديث شعبة عن واصل لانه زاد فی اسناده رجلا حدثنا محمد بن المثنی نا محمد بن جعفر عن شعبة
عن واصل عن ابی وائل عن عبد الله عن النبی صلی الله عليه وسلم نحوه وهكذا روی شعبة عن واصل عن ابی وائل
عن عبد الله ولم يذكر فيه عن عمرو بن شرحبيل **سورة الشعرا** بسم الله الرحمن الرحيم حدثنا ابو الاشعث
احمد بن المقدام العجلی نا محمد بن عبد الرحمن الطفاوی نا هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة قالت لما نزلت هذه الاية
وانذر عشيرتك الاقربين قال رسول الله صلی الله عليه وسلم يا صفية بنت عبد المطلب يا فاطمة بنت محمد يا بنی عبد المطلب
انی لا املك لكم من الله شيئا سلونی من مالی ما شئتم هذا حديث حسن صحيح وهكذا روی وكيع وغير واحد هذا الحديث
عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة نحو حديث محمد بن عبد الرحمن الطفاوی وروی بعضهم عن هشام بن عروة عن ابيه
عن النبی صلی الله عليه وسلم مرسلا ولم يذكر فيه عن عائشة وفی الباب عن علی وابن عباس

کہا اُسنے میں نے کہا پھر کونسا فرمایا آپ نے یہ کہ تو اپنی اولاد کو اس خوف سے قتل کرے کہ تیرے ساتھ کھا ئینگے کہا اُسنے میں نے کہا پھر کونسا فرمایا آپ نے یہ کہ تو اپنے ہمسائے کی عورت سے زنا کرے۔ یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے منصور اور اعمش سے انھوں نے ابی وائل سے اُسنے عمرو بن شرحبیل سے اُسنے عبد اللہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن ربیع یعنے ابو زید نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے واصل احدب سے اُسنے ابی وائل سے اُسنے عبد اللہ سے کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ کونسا گناہ سب سے بڑا ہے فرمایا آپ نے یہ کہ تو اللہ تعالی کے لیے شریک بنائے حالانکہ اُسنے پیدا کیا ہے تجھے اور اپنی اولاد کو اس سبب سے قتل کرے کہ تیرا کھانا کھا ئیگی یا تو اپنے ہمسائیکی عورت کے ساتھ زنا کرے کہا راوی نے اور آپ نے یہ آیت پڑھی والذین لا یدعون الخ یعنے اور جو لوگ کہ نہیں پکارتے ساتھ اللہ کے معبود اور کو اور نہیں مار ڈالتے کسی جان کو کہ حرام کیا ہے خدا نے مگر ساتھ حق کے اور نہیں زنا کرتے اور جو کوئی کرے یہ کام لیگا بڑے وبال سے دوگنا کیا جاویگا واسطے اسکے عذاب دن قیامت کے اور پڑا رہیگا بیچ اسکے رسوا۔ حدیث سفیان کی جو منصور اور اعمش سے ہے زیادہ صحیح ہے حدیث شعبہ سے جو واصل سے ہے اسلیے کہ اسنے اپنی اسناد میں ایک مرد زیادہ کیا ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے اُسنے واصل سے اُسنے ابی وائل سے اُسنے عبد اللہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ ایسا ہی روایت کی ہے شعبہ نے واصل سے اُسنے ابی وائل سے اُسنے عبد اللہ سے۔ اور اُسنے اسمیں عمرو بن شرحبیل کا ذکر نہیں کیا **تفسیر سورہ الشعرا** بسم اللہ الرحمن الرحیم **حدیث** کی ہمسے ابو الاشعث یعنے احمد بن مقدام عجلی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن عبد الرحمن طفاوی نے کہا حدیث کی ہمسے ہشام بن عروہ نے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا انھوں نے جب یہ آیت نازل ہوئی وانذر عشیرتک الاقربین یعنے اور ڈرا قبیلہ اپنے نزدیک والونکو تو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ای صفیہ بنت عبد المطلب ای فاطمہ بنت محمد ای بنی عبد المطلب میں تمھارے لیے اللہ تعالی سے کسی چیز کا مالک نہیں ہوں میرے مال سے جو تم چاہتے ہو مانگ لو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ایسا ہی روایت کی ہے وکیع اور کئی ایک نے یہ حدیث ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے مثل حدیث محمد بن عبد الرحمن طفاوی کے۔ اور روایت کی ہے بعض نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلعم سے مرسل اور اسنے اسمیں حضرت عائشہ کا ذکر نہیں کیا۔ اور اس باب میں روایت ہے علی اور ابن عباس رضی اللہ عنہم سے

فكنت اشد ما كنت غضبا فقال لي ابواي قومي اليه فقلت لا والله لا اقوم اليه ولا احمده ولا احمدكما ولكن احمد الله الذي انزل براءتي لقد سمعتموه فما انكرتموه ولا غيرتموه وكانت عائشة تقول اما زينب ابنة جحش فعصمها الله بدينها فلم تقل الا خيرا واما اختها حمنة فهلكت فيمن هلك وكان الذي يتكلم فيه مسطح وحسان بن ثابت والمنافق عبد الله بن ابي وكان يستوشيه ويجمعه وهو الذي تولى كبره منهم هو وحمنة قالت فحلف ابو بكر ان لا ينفع مسطحا بنافعة ابدا فانزل الله تعالى هذه الآية ولا يأتل اولوا الفضل منكم والسعة يعني ابا بكر ان يؤتوا اولي القربى والمساكين والمهاجرين في سبيل الله يعني مسطحا الى قوله الا تحبون ان يغفر الله لكم والله غفور رحيم قال ابو بكر بلى والله يا ربنا انا لنحب ان تغفر لنا وعاد له بما كان يصنع هذا حديث حسن صحيح غريب من حديث هشام بن عروة وقد روى يونس بن يزيد ومعمر وغير واحد عن الزهري عن عروة بن الزبير وسعيد بن المسيب وعلقمة بن وقاص الليثي وعبيد الله بن عبد الله عن عائشة هذا الحديث اطول من حديث هشام بن عروة واتم **حدثنا** بندار نا ابن ابي عدي عن محمد بن اسحق عن عبد الله بن ابي بكر عن عمرة عن عائشة قالت لما نزل عذري قام رسول الله صلى الله عليه وسلم على المنبر فذكر ذلك وتلى القرآن فلما نزل امر برجلين وامرأة فضربوا حدهم هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من حديث محمد بن اسحق **و من سورة الفرقان** بسم الله الرحمن الرحيم **حدثنا** بندار نا عبد الرحمن بن مهدي نا سفيان عن واصل عن ابي وائل عن عمرو بن شرحبيل عن عبد الله قال قلت يا رسول الله اي الذنب اعظم قال ان تجعل لله ندا وهو خلقك

پھر مجھے پہلی حالت سے زیادہ غصہ چڑھ گیا پس مجھے میری ماں باپ نے کہا آنحضرت کی طرف کھڑی ہو میں نے کہا میں نے قسم ہے اللہ کی میں آپکی طرف کبھی کھڑی نہیں ہونگی اور نہ آپکی حمد کرونگی اور نہ تم دونوں کی حمد کرونگی لیکن اللہ تعالیٰ کی حمد کرونگی جسنے میری برارت نازل کی ہے تم اسکو سن چکے تھے اور انکار نہ کیا تھا اور نہ تمنے غیرت کی تھی۔ اور حضرت عائشہ کہتی ہیں کہ بہرحال زینب بنت جحش کو تو اللہ تعالیٰ نے ساتھ اسکے دین کے محفوظ رکھا سو نہ کہی اسنے کوئی بات مگر بہتر اور بہن اسکی حمنہ تو ہلاک ہوئی ان لوگوں میں جو ہلاک ہوئے۔ اور وہ جو اس بارے میں کلام کرتے تھے مسطح اور حسان بن ثابت اور منافق عبداللہ بن ابی تھے اور یہ اسکو اکٹھا کرتا اور جمع رکھتا تھا اور یہی ہے جو متولی ہوا تھا بڑی بات کا انہیں سے یہ اور حمنہ ہے کہا حضرت عائشہ نے سو حضرت ابو بکر نے قسم کھائی تھی کہ کبھی کوئی چیز نافع مسطح کو نہ دونگا پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ولا یاتل اولوا الفضل الخ یعنے اور نہ قسم کھادیں صاحب بزرگی کے تم میں سے اور کشائش کے یعنے ابو بکر یہ کہ دیویں صاحب قرابت کو اور فقیروں کو اور وطن چھوڑنے والوں کو بیچ راہ اللہ کے یعنے مسطح کو یہاں تک کہ نازل ہوئی الا تحبون ان یغفر اللہ لکم واللہ غفور رحیم کہا حضرت ابو بکر نے کیوں نہیں قسم ہے اللہ کی اے رب ہمارے ہم دوست رکھتے ہیں کہ تو ہمیں بخشش کرے اور حضرت ابو بکر اسکے لیے رجوع کرنے لگے ساتھ اس چیز کے جو کرتے تھے یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے بطریق ہشام بن عروہ سے اور روایت کیا ہے یونس بن یزید اور معمر اور کئی ایک نے زہری سے اسنے عروہ بن زبیر اور سعید بن مسیب اور علقمہ بن وقاص لیثی اور عبید اللہ بن عبداللہ سے انھوں نے حضرت عائشہ سے۔ یہ حدیث بہت لمبی ہے حدیث ہشام بن عروہ سے اور بہت کامل **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی نے محمد بن اسحاق سے اسنے عبداللہ بن ابی بکر سے اسنے عمرہ سے اسنے حضرت عائشہ سے کہا انھوں نے جب میری برارت نازل ہوئی تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم منبر پر کھڑے ہوئے اور اسکا ذکر کیا اور قرآن پڑھا پس جب منبر سے اترے تو دو[1] مردوں اور ایک عورت کے بارے میں حکم دیا تو انکو حد ماری گئی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر بطریق محمد بن اسحاق سے۔ **اور بعض تفسیر سورۂ فرقان** سے بسم اللہ الرحمن الرحیم **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے واصل سے اسنے ابی وائل سے اسنے عمرو بن شرحبیل سے اسنے عبداللہ سے کہا اسنے میں نے کہا یا رسول اللہ کونسا گناہ سب سے بڑا ہے فرمایا آپنے یہ کہ تو اللہ کے ساتھ شریک بنائے حالانکہ اسنے تجھے پیدا کیا

[1] ایک مرد مسطح اور دوسرا حسان بن ثابت اور تیسری عورت وہ حمنہ حضرت کی سالی تھی یہ لوگ تینوں مسلمان تھے اصل قصہ میں تو شریک نہ تھے مگر ہاں جی ہاں جی کہنے والے تھے یعنے جسطرح کسی نے کہا مان لیا اور اسکا کچھ جواب نہ دیا چونکہ یہ تینوں اپنے دین محمدی پر مستقل تھے اور انھوں نے یہ گناہ کیا تھا اسلیئے انکو حد ماری گئی اور باقی تمام منافقین کو جو کہ اس قصہ کے بانی تھے انکو بالکل حد نہ ماری گئی ۱۲

من غیر ھذا الوجه فی دابة الارض وفی الباب عن ابی امامة **سورة القصص حدثنا** بندار نا یحیی بن سعید عن یزید بن کیسان قال ثنی ابو حازم الاشجعی عن ابی ھریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لعمه قل لا اله الا الله اشهد لك بها یوم القیمة قال لولا ان تعیرنی قریش انما یحمله علیه الجزع لاقررت بها عینك فانزل الله انك لا تهدی من احببت ولکن الله یهدی من یشاء ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفه الا من حدیث یزید بن کیسان **سورة العنکبوت حدثنا** محمد بن بشار ومحمد بن المثنی قالا نا محمد بن جعفر نا شعبة عن سماك بن حرب قال سمعت مصعب بن سعد یحدث عن ابیه سعد قال انزلت فی اربع آیات فذکر قصة وقالت ام سعد الیس قد امر الله بالبر والله لا اطعم طعاما ولا اشرب شرابا حتی اموت او تکفر قال فکانوا اذا ارادوا ان یطعموها شجروا فاها فنزلت ھذه الآیة ووصینا الانسان بوالدیه حسنا وان جاھداك لتشرك بی الآیة ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو اسامة وعبد الله بن بکر السهمی عن حاتم بن ابی صغیرة عن سماك عن ابی صالح عن ام ھانی عن النبی صلی الله علیه وسلم فی قوله وتاتون فی نادیکم المنکر قال کانوا یخذفون اھل الارض ویسخرون منهم ھذا حدیث حسن انما نعرفه من حدیث حاتم بن ابی صغیرة عن سماك **سورة الروم حدثنا** نصر بن علی الجهضمی نا المعتمر بن سلیمٰن عن ابیه عن سلیمٰن الاعمش عن عطیة عن ابی سعید قال لما کان یوم بدر ظهرت الروم علی فارس فاعجب ذلك المؤمنین فنزلت الٓمٓ غلبت الروم الی قوله یفرح المؤمنون بنصر الله ففرح المؤمنون بظهور الروم علی فارس ھذا حدیث غریب من ھذا الوجه ھکذا قرأ

غیر اس طریق سے بھی دابۃ الارض کے حق میں۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی امامہ سے **تفسیر سورۂ قصص حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے یزید بن کیسان سے کہا حدیث کی مجھے ابو حازم اشجعی نے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا سے کہ لا الٰہ الا اللہ کہیں قیامت کے دن تیرے لیے یہ گواہی دونگا کہا اُسنے اگر مجھے اس بات کا خوف نہ ہو کہ قریش مجھے عیب لگا دینگے کہ اسکو اس بات پر بیقراری نے برانگیختہ کیا ہے تو ضرور تیرے سامنے اسکا اقرار کر لیتا پس اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی انک لا تہدی من احببت الخ تو نہیں ہدایت کر سکتا جسکو تو دوست رکھتا ہے لیکن اللہ تعالی ہدایت کرتا ہے جسکو چاہتا ہے یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق یزید بن کیسان سے **تفسیر سورۂ عنکبوت حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار اور محمد بن مثنی نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے سماک بن حرب سے کہا اُسنے سنا میں نے مصعب بن سعد سے کہ حدیث کرتا تھا اپنے باپ سعد سے کہا اُسنے میرے حق میں چار آیتیں نازل ہوئی ہیں سو اُسنے قصہ بیان کیا اور کہا اُم[1] سعد نے کیا اللہ تعالی نے نیکی کا حکم نہیں دیا قسم ہے اللہ کی نہیں کچھ کھاؤنگی اور نہ پیونگی یہانتک کہ میں مر جاؤں یا تو کفر کرے کہا اُسنے سو جب وہ اسکے کھلانے کا ارادہ کرتے تھے تو اُسکے مُنہ کو کھول دیتے تھے پس یہ آیت نازل ہوئی ووصینا الانسان الخ اور حکم کیا ہمنے انسان کو ساتھ ماں باپ کے بھلائی کرنا اور اگر جھگڑا کریں تجھسے دونوں یہ کہ شریک لاوے تو ساتھ میرے الخ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسامہ اور عبد اللہ بن بکر سہمی نے حاتم بن ابی صغیرہ سے اُسنے سماک سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ام ہانی سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر میں وتاتون فی نادیکم المنکر یعنے اور کرتے ہو بیچ مجلس اپنی کے بیحیائی فرمایا آپ نے وہ زمین والوں کی طرف کنکر پھینکتے تھے اور اُنسے تمسخر کرتے تھے یہ حدیث حسن ہے ہم تو اسکو فقط طریق حاتم بن ابی صغیرہ سے ہی پہچانتے ہیں جو راوی ہے سماک سے **تفسیر سورۂ روم حدیث** کی ہمسے نصر بن علی جہضمی نے کہا حدیث کی ہمسے معتمر بن سلیمان نے اپنے باپ سے اُسنے سلیمان اعمش سے اُسنے عطیہ سے اُسنے ابی سعید سے کہا اُسنے جب جنگ بدر کا دن ہوا تو روم فارس پر غالب ہو گیا سو مسلمانوں کو یہ بات بہت پسند ہوئی پس یہ آیت نازل ہوئی الٓم غلبت الروم یہانتک یفرح المؤمنون بنصر اللہ کہا راوی نے سو تمام مؤمن بباعث غالب ہونے روم کے فارس پر خوش ہوئے یہ حدیث غریب ہے اس طریق سے اسطرح پڑھا ہے

[1] سعد نے جو کہا ہے کہ میرے حق میں چار آیتیں نازل ہوئی ہیں مؤلف نے یا کسی اور راوی نے اس حدیث کو مختصر کرکے ایک آیت کا ذکر ہی بیان کیا ہے وہ یہ کہ ہمنے انسان کو وصیت کی ہے کہ والدین سے بھلائی کرے مگر جب

حدثنا عبد بن حمید قال اخبرنی زکریا بن عدی نا عبید اللہ بن عمرو الرقی عن عبد الملک بن عمیر عن موسی بن طلحۃ عن ابی ہریرۃ قال لما نزلت وانذر عشیرتک الاقربین جمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قریشا فخص وعم فقال یا معشر قریش انقذوا انفسکم من النار فانی لا املک لکم من اللہ ضرا ولا نفعا یا معشر بنی عبد مناف انقذوا انفسکم من النار فانی لا املک لکم من اللہ ضرا ولا نفعا یا معشر بنی قصی انقذوا انفسکم من النار فانی لا املک لکم ضرا ولا نفعا یا معشر بنی عبد المطلب انقذوا انفسکم من النار فانی لا املک لکم ضرا ولا نفعا یا فاطمۃ بنت محمد انقذی نفسک من النار فانی لا املک لک ضرا ولا نفعا ان لک رحما وسابلها ببلالها ھذا حدیث غریب من ھذا الوجہ **حدثنا** علی بن حجر نا شعیب بن صفوان عن عبد الملک بن عمیر عن موسی بن طلحۃ عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم بمعناہ **حدثنا** عبد اللہ بن ابی زیاد نا ابو زید عن عوف عن قسامۃ بن زہیر قال ثنی الاشعری قال لما نزل وانذر عشیرتک الاقربین وضع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اصبعیہ فی اذنیہ فرفع صوتہ فقال یا بنی عبد مناف یا صباحاہ ھذا حدیث غریب من ھذا الوجہ وقد رواہ بعضہم عن عوف بن قسامۃ بن زہیر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مرسلا وھو اصح ولم یذکر فیہ عن ابی موسی **سورۃ النمل**

حدثنا عبد بن حمید نا روح بن عبادۃ عن حماد بن سلمۃ عن علی بن زید عن اوس بن خالد عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال تخرج الدابۃ معہا خاتم سلیمن وعصی موسی فتجلو وجہ المؤمن وتختم انف الکافر بالخاتم حتی ان اھل الخوان لیجتمعون فیقول ھذا یا مؤمن ویقول ھذا یا کافر ھذا حدیث حسن وقد روی ھذا الحدیث عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا خبر دی مجھے زکریا بن عدی نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن عمرو رقی نے عبد الملک بن عمیر سے اُسنے موسی بن طلحہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے جب یہ آیت نازل ہوئی وانذر عشیرتک الاقربین[1] تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قریش کو جمع کیا سو انکو خاص کیا اور عام کیا اور فرمایا اے گروہ قریش کے اپنی جانونکو آگ سے نکالو کیونکہ مین تمھارے واسطے اللہ سے نقصان اور نفع کا مالک نہین ہون اے گروہ بنی عبد مناف کے اپنی جانونکو آگ سے نکالو کیونکہ مین تمھارے لیے اللہ سے نقصان اور نفع کا مالک نہین ہون۔ اے گروہ بنی قصی کے اپنی جانونکو آگ سے نکالو کیونکہ مین تمھارے نقصان اور نفع کا مالک نہین ہون۔ اے گروہ بنی عبد المطلب کے اپنی جانونکو آگ سے نکالو کیونکہ مین تمھارے لیے نقصان اور نفع کا مالک نہین ہون اے فاطمہ بنت محمد اپنی جان کو آگ سے نکال کیونکہ مین تیرے لیے نقصان اور نفع کا مالک نہین ہون بیشک تیری قرابت ہے اور مین اسکو ساتھ اُسکی تری کے تر رکھونگا یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس طریق سے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے شعیب بن صفوان نے عبد الملک بن عمیر سے اُسنے موسی بن طلحہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے بالمعنے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن ابی زیاد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو زید نے عوف سے اُسنے قسامہ بن زہیر سے کہا حدیث کی مجھے اشعری نے کہا اُسنے جب یہ آیت نازل ہوئی وانذر عشیرتک الاقربین تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی دونون انگلیون کو دونون کانون مین رکھا اور اپنی آواز کو بلند کیا اور کہا اے بنی عبد مناف لوٹے گئے۔ یہ حدیث غریب ہے اس طریق سے اور روایت کیا اسکو بعض نے عوف سے اُسنے قسامہ بن زہیر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسل۔ اور یہ صحیح ہے اور اسمین اُسنے ابی موسی کا ذکر نہین کیا۔ **تفسیر سورۂ نمل حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے روح بن عبادہ نے حماد بن سلمہ سے اُسنے علی بن زید سے اُسنے اوس بن خالد سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک جانور نکلیگا پاس اسکے انگوٹھی حضرت سلیمان کی ہوگی اور عصا حضرت موسی کا سو مومن کے منھ کو روشن کریگا اور کافر کی ناک پر انگوٹھی کے ساتھ مہر کریگا تاکہ اہل ایک گھر کے جمع ہونگے اور کہیگا یہ اے مومن اور کہیگا یہ اے کافر یعنے کافر اور مومن علیحدہ ہو جاوینگے۔ یہ حدیث حسن ہے اور مروی ہے یہ حدیث بواسطہ ابی ہریرہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے

---

[1] یعنے ڈرا اپنے قبیلے تر دیک والونکو۔ خطاب ہے آنحضرت کو اور سنانا ہے اور ونکو یس ہر ایک کو لازم ہے کہ اپنے قبیلے کے لوگونکو عذاب الٰہی سے ڈراوے جیسا فرمایا ہے اللہ تعالی نے یاایہا الذین آمنوا قوا انفسکم واہلیکم نارا یعنے اے ایمان والو بچاؤ اپنی جانونکو اور اپنی عیال کو آگ سے قولہ خاص کیا اور عام کیا یعنے اولا تو ہر ایک کا خاص خاص نام لیکر بلایا پھر تمام قبیلہ کو اکٹھا بلایا جیسا کہ کہا اے گروہ قریش یہ خطاب ہے تمام قریش کو اسمین قریبی وغیرہ تمام داخل ہین جب یہ آیت اتری کہ اے پیغمبر اپنے برادری والونکو عذاب الٰہی سے ڈرا دے تب حضرت نے اپنی بیٹی اور پھوپھی اور دادی کی اولاد سے یہ حدیث فرمائی تاکہ ریہ عادت

قوله تعالى ويومئذ يفرح المؤمنون بنصر الله ينصر من يشاء وهو العزيز الرحيم وكانت قريش تحب ظهور فارس لانهم واياهم ليسوا باهل كتاب ولا ايمان بيعث فلما انزل الله هذه الاية خرج ابوبكر الصديق يصيح فى نواحى مكة الم غلبت الروم فى ادنى الارض وهم من بعد غلبهم سيغلبون فى بضع سنين قال ناس من قريش لابى بكر فذلك بيننا وبينكم زعم صاحبك ان الروم ستغلب فارسا فى بضع سنين افلا نراهنك على ذلك قال بلى وذلك قبل تحريم الرهان فارتهن ابوبكر والمشركون وتواضعوا الرهان وقالوا لابى بكر كم تجعل البضع ثلاث سنين الى تسع سنين فسم بيننا وبينك وسطا تنتهى اليه قال فسموا بينهم ست سنين قال فمضت الست سنين قبل ان يظهروا فاخذ المشركون رهن ابى بكر فلما دخلت السنة السابعة ظهرت الروم على فارس فعاب المسلمون على ابى بكر تسمية ست سنين قال لان الله تعالى قال فى بضع سنين قال واسلم عند ذلك ناس كثير هذا حديث حسن صحيح غريب لا نعرفه الا من حديث عبد الرحمن بن ابى الزناد

سورة لقمان حدثنا قتيبة نا بكر بن مضر عن عبيد الله بن زحر عن على بن يزيد عن القاسم ابى عبد الرحمن عن ابى امامة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا تبيعوا القينات ولا تشتروهن ولا تعلموهن ولا خير فى تجارة فيهن وثمنهن حرام وفى مثل هذا انزلت هذه الاية ومن الناس من يشترى لهو الحديث ليضل عن سبيل الله الى اخر الاية هذا حديث غريب انما يروى من حديث القاسم عن ابى امامة والقاسم ثقة وعلى بن يزيد يضعف فى الحديث قاله محمد بن اسمعيل

سورة السجدة حدثنا عبد الله بن ابى زياد نا عبد العزيز بن عبد الله الاويسى عن سليمن بن بلال عن يحيى بن سعيد عن انس بن مالك ان هذه الاية تتجافى جنوبهم عن المضاجع نزلت فى انتظار الصلوة التى تدعى العتمة

یہ قول اللہ تعالیٰ کا ویومئذ یفرح المؤمنون یعنے اور اُسدن خوش ہونگے مسلمان ساتھ مدد خدا کے مدد کرتا ہے جسکو چاہتا ہے اور وہی ہے غالب مہربان۔ اور قریش غلبہ فارس کا دوست رکھتے تھے کیونکہ یہ اور وہ اہل کتاب نہ تھے اور نہ ایمان رکھتے تھے ساتھ حشر کے پس جب اللہ نے یہ آیت نازل کی تو حضرت ابو بکر صدیق مکہ کی نواحی میں یہ پکارتے ہوئے نکلے الم غلبت الروم فی ادنی الارض وہم من بعد غلبہم سیغلبون فی بضع سنین۔ قریش کے چند لوگوں نے حضرت ابو بکر سے کہا کہ یہی شرط ہے درمیان ہمارے اور تمہارے تمہارا صاحب کہتا ہے کہ رومی فارس پر چند برسوں میں غالب ہونگے کیا پس ہم اس شرط پر تیرے ساتھ رہن نہ رکھیں کہا حضرت ابو بکر نے کیوں نہ اور یہ شرط رہن[لہ] کے حرام ہونے سے پہلے کی ہے پس حضرت ابو بکر اور مشرکین نے رہن کا ارادہ کیا اور رہن رکھا۔ اور کہا مشرکین نے حضرت ابو بکر سے بضع کا اطلاق تین سے نو تک ہوتا ہے سو آپ اپنے لیے اور ہمارے لیے وسط حد مقرر کر دیجیے جس پر وہ حد ہو چکے کہا راوی نے سو انہوں نے چھ سال مقرر کیے کہا راوی نے پس چھ سال تو رومیوں کے غالب ہونے سے پہلے ہی گذر گئے سو مشرکین نے حضرت ابو بکر کا رہن لے لیا اور جب ساتواں برس داخل ہوا تو رومی فارس پر غالب ہوئے پھر مسلمانوں نے حضرت ابو بکر کو چھ سال کے مقرر کرنے پر عیب لگایا کہا راوی نے اسواسطے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے فی بضع سنین (اور بضع کا اطلاق تین سے نو تک ہوتا ہے) کہا راوی نے اور بہت لوگ اُسوقت مسلمان ہوئے یہ حدیث صحیح غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق عبد الرحمن بن ابی الزناد سے **تفسیر سورۂ لقمان حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے بکر بن مضر نے عبید اللہ بن زحر سے اُسنے علی بن یزید سے اُسنے قاسم ابی عبد الرحمن سے اُسنے ابی امامہ سے اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے نہ گانے والیونکو بیچو اور نہ انکو خریدو اور نہ انکو یہ کام سکھلاؤ اور انکی تجارت میں فائدہ نہیں اور قیمت انکی حرام ہے اور ایسے احکام میں یہ آیت نازل ہوئی ہے ومن الناس من یشتری الخ اور بعضے لوگوں میں سے وہ شخص ہے کہ مول لیتا ہے غافل کرنیوالی بات کو تو کہ گمراہ کرے راہ خدا کی سے الخ یہ حدیث غریب ہے یہ تو فقط بواسطہ قاسم کے ابی امامہ سے مروی ہے اور علی بن یزید حدیث میں ضعیف کیا گیا ہے کہا ہے یہ محمد بن اسمٰعیل نے **تفسیر سورہ سجدہ حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن ابی زیاد نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن عبد اللہ اویسی نے سلیمان بن بلال سے اُسنے یحییٰ بن سعید سے اُسنے انس بن مالک سے یہ آیت تتجافی جنوبہم عن المضاجع (یعنے دور ہوتی ہیں کروٹیں انکی بچھونوں سے) عشا کی نماز کی انتظاری کے حق میں نازل ہوئی ہے

[لہ] رہن حرام یہ ہے کہ دونوں طرف سے شرط مقرر کیجاوے کہ جو دونوں میں سے جیت جائے وہ اس چیز مرہونہ کو لے لے ۱۲

نصر بن علی غلبت الروم **حدثنا** الحسین بن حریث نا معٰویۃ بن عمرو عن ابی اسحٰق الفزاری عن سفیان عن حبیب بن ابی عمرۃ عن سعید بن جبیر عن ابن عباس فی قولہ تعالٰی الٓمٓ غلبت الروم فی ادنی الارض قال غُلبت و غَلبت قال کان المشرکون یحبون ان یظھر اھل فارس علی الروم لانھم وایاھم اھل الاوثان وکان المسلمون یحبون ان یظھر الروم علی فارس لانھم اھل کتاب فذکروہ لابی بکر فذکرہ ابوبکر لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال اما انھم سیغلبون فذکرہ ابوبکر لھم فقالوا اجعل بیننا وبینک اجلا فان ظھرنا کان لنا کذا وکذا وان ظھرتم کان لکم کذا وکذا فجعل اجل خمس سنین فلم یظھروا فذکروا ذلک للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال الا جعلتہ الی دون قال اراہ العشر قال قال سعید والبضع مادون العشر قال ثم ظھرت الروم بعد قال فذلک قولہ تعالٰی الٓمٓ غلبت الروم الی قولہ ویومئذ یفرح المؤمنون بنصر اللہ قال سفیان سمعت انھم ظھروا علیھم یوم بدر ھٰذا حدیث حسن صحیح غریب انما نعرفہ من حدیث سفیان الثوری عن حبیب بن ابی عمرۃ **اخبرنا** ابو موسٰی محمد بن المثنی نا محمد بن خالد بن عثمۃ ثنی عبد اللہ بن عبد الرحمٰن الجمحی ثنی ابن شھاب الزھری عن عبید اللہ بن عبد اللہ عن ابن عباس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لابی بکر فی مناحبۃ الٓمٓ غلبت الروم الا احتطت یا ابا بکر فان البضع ما بین ثلث الی تسع ھٰذا حدیث غریب حسن من ھٰذا الوجہ من حدیث الزھری عن عبید اللہ عن ابن عباس **حدثنا** محمد بن اسمٰعیل نا اسمٰعیل بن ابی اویس ثنا ابن ابی الزناد عن ابی الزناد عن عروۃ بن الزبیر عن نیار بن مکرم الاسلمی قال لما نزلت الٓمٓ غلبت الروم فی ادنی الارض وھم من بعد غلبھم سیغلبون فی بضع سنین فکانت فارس یوم نزلت ھٰذہ الاٰیۃ قاھرین للروم وکان المسلمون یحبون ظھور الروم علیھم لانھم وایاھم اھل کتاب وفی ذلک

نصر بن علی نے غلبت الروم بصیغہ معلوم **حدیث** کی ہمسے حسین بن حریث نے کہا حدیث کی ہمسے معاویہ بن عمرو نے ابی اسحاق فزاری سے انہوں نے سفیان سے اُسنے حبیب بن ابی عمرہ سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے اس آیت کی تفسیر میں الم غلبت الروم فی ادنی الارض کہا اُسنے غلبت بصیغہ مجہول و معلوم دونوں ہیں کہا اُسنے مشرک دوست رکھتے تھے کہ اہل فارس روم پر غالب ہوں اسلیے کہ دونوں بت پرست تھے اور مسلمان دوست رکھتے تھے کہ روم فارس پر غالب ہو کیونکہ وہ اہل کتاب تھے سو انھوں نے یہ حضرت ابوبکر سے ذکر کیا حضرت ابوبکر نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا پس فرمایا آپ نے وہ ضرور غالب ہونگے سو حضرت ابوبکر نے یہ بات مشرکین سے ذکر کی پس انھوں نے کہا درمیان اپنے اور ہمارے ایک مدت مقرر کر سو اگر ہم غالب ہوں تو ہمارے لیے یہ مال ہو اور اگر تم غالب ہو تو تمہارے لیے یہ مال ہو سو حضرت ابوبکر نے پانچ سال کی مدت مقرر کی اور وہ انپر غالب نہ آئے پس یہ بات صحابہ نے آنحضرت سے بیان کی پس فرمایا آپ نے کیوں نہ تو نے یہ مدت دس برس سے کم کی کہا راوی نے کہا سعید نے اور لفظ بضع کا دس سے کم پر بولتے ہیں کہا اُسنے پھر روم بعد اسکے غالب ہوئے کہا اُسنے پس یہی تفسیر اس آیت کی الم غلبت الروم الی قولہ ویومئذ یفرح المومنون بنصر اللہ کہا سفیان نے سنا ہیں نے کہ روم انپر جنگ بدر کے دن غالب ہوئے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے ہم تو اسکو فقط طریق سفیان ثوری سے پہچانتے ہیں جو راوی ہیں حبیب بن ابی عمرہ سے **خبر دی** ہمکو ابوموسیٰ یعنے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن خالد بن عثمہ نے کہا حدیث کی مجھے عبداللہ بن عبدالرحمٰن جمحی نے کہا حدیث کی مجھے ابن شہاب زہری نے عبیداللہ بن عبداللہ سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر سے الم غلبت الروم کے رہن کے بارے میں کہا اے ابابکر کیوں نہ تو نے احتیاط کی کیونکہ بضع درمیان تین کے نو تک ہے یہ حدیث غریب حسن ہے اس طریق سے طریق زہری سے جو راوی ہیں عبیداللہ سے وہ ابن عباس سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمٰعیل نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابی اویس نے کہا حدیث کی مجھے ابن ابی الزناد نے عروہ بن زبیر سے اُسنے نیار بن مکرم اسلمی سے جب یہ آیت نازل ہوئی الم غلبت الروم یعنے مغلوب ہوگئے رومی نیچ نزدیک زمین کے یعنے عراق کے اور وہ پیچھے مغلوب ہونے اپنے کے شتاب غالب ہونگے بیچ کئی ایک برس کے سو فارس جس دن کہ یہ آیت نازل ہوئی تھی روم پر غالب تھے اور مسلمان دوست رکھتے تھے کہ رومی انپر غالب ہوں کیونکہ یہ اور وہ اہل کتاب تھے اور اسی میں یہ

سلہ روم اور فارس کے بادشاہ ملک کی سرحد پر لڑتے تھے عرب سے لگتی زمین پر یعنے عراق پر کافر کہے کے چاہتے کہ فارس جیتیں مسلمان چاہتے کہ روم، واسطے اہل کتاب کے خبریں جھوٹ اڑاتے

حدثنا عبد بن حميد ثنی احمد بن يونس نا زهير نحوه هٰذا حديث حسن صحيح حدثنا احمد بن محمد نا عبد الله
بن المبارك انا سليمان بن المغيرة عن ثابت عن انس قال قال عمي انس بن النضر سميت به لم يشهد بدرا مع رسول الله
صلى الله عليه وسلم فكبر عليه فقال اول مشهد قد شهده رسول الله صلى الله عليه وسلم غبت عنه اما والله لئن
اراني الله مشهدا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم ليرين الله ما اصنع قال فهاب ان يقول غيرها فشهد مع رسول الله
صلى الله عليه وسلم يوم احد من العام القابل فاستقبله سعد بن معاذ فقال يا ابا عمرو اين قال واها لريح الجنة اجدها دون
احد فقاتل حتى قتل فوجد في جسده بضع وثمانون من بين ضربة وطعنة ورمية قالت عمتي الربيع بنت النضر فما عرفت
اخي الا ببنانه ونزلت هٰذه الاٰية رجال صدقوا ما عاهدوا الله عليه فمنهم من قضى نحبه ومنهم من ينتظر وما بدلوا
تبديلا هٰذا حديث حسن صحيح حدثنا عبد بن حميد نا يزيد بن هارون نا حميد الطويل عن انس بن مالك
ان عمه غاب من قتال بدر فقال غبت عن اول قتال قاتله رسول الله صلى الله عليه وسلم المشركين لئن الله اشهدني
قتالا للمشركين ليرين الله كيف اصنع فلما كان يوم احد انكشف المسلمون فقال اللهم اني ابرأ اليك مما جاء به هؤلاء
يعني المشركين واعتذر اليك مما صنع هؤلاء يعني اصحابه ثم تقدم فلقيه سعد فقال يا اخي ما فعلت انا معك فلم استطع
ان اصنع ما صنع فوجد فيه بضعا وثمانين بين ضربة بسيف وطعنة برمح ورمية بسهم وكنا نقول فيه وفي اصحابه نزلت فمنهم
من قضى نحبه ومنهم من ينتظر قال يزيد يعني الاٰية هٰذا حديث حسن صحيح واسم عمه انس بن النضر

حدیث کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی مجھے احمد بن یونس نے کہا حدیث کی ہمسے زہیر نے مثل اسکے یہ حدیث حسن ہی **حدیث**
کی ہمسے احمد بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن مبارک نے کہا خبر دی ہمکو سلیمان بن مغیرہ نے ثابت سے اُسنے انس سے کہا اُسنے
کہا میرے چچا انس بن نضر نے مجھے سنایا جاتا ہی کہ یہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ بدر مین حاضر نہین ہوا سو یہ بات اسپر دشوار
گذری پس کہا اُسنے پہلی ہی جنگ ہی جسمین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حاضر ہوے ہین مین آپ سے غائب رہا ہون خبردار قسم ہی
اللہ کی اگر مجھے اللہ تعالی نے کوئی جنگ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دکھلایا تو اللہ دیکھے گا جو مین کرونگا کہا راوی نے اور
اسکو خوف تھا کہ کوئی اور شخص بھی یہ بات کہدے پس دوسرے سال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ احد کے دن حاضر ہوا پس
اسکو سعد بن معاذ ملا اور کہا ای ابا عمرو تو کہان جاتا ہی کہا اُسنے خوشخبری ہی واسطے بو جنت کے کہ اُسکو مین احد کے ورے پاتا ہون پس اُسنے
جنگ کی یہانتک کہ شہید ہوا اور اُسکے جسم مین اسی پر چند زخم پائے گئے بعض تلوار کے بعض نیزے کے بعض تیر کے کہا میری پھوپھی ربیع بنت
نضر نے مین نے اپنے بھائی کو اُسکی پورون سے پہچانا تھا اور یہ آیت نازل ہوئی رجال صدقوا الخ یعنے بعضے مسلمانون سے وہ مرد ہین کہ سچ کہا
اُنھون نے اُس چیز کو کہ عہد باندھا تھا اللہ سے اوپر اسکے پس بعض انہین سے وہ ہی کہ پورا کر چکا کام اپنا اور بعض انہین سے وہ شخص ہی کہ انتظار کرتا
ہی اور نہین بدل ڈالا انھون نے کچھ بدل ڈالنا یہ حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون
نے کہا حدیث کی ہمسے حمید طویل نے انس بن مالک سے کہ چچا اُسکا بدر کی لڑائی سے غائب رہا پس کہا اُسنے مین پہلی ہی جنگ مین غائب
رہا ہون جسکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مشرکون سے کیا ہی البتہ اگر مجھے اللہ تعالی نے کسی جنگ مین مشرکون کے ساتھ حاضر کیا تو اللہ
دیکھ لیگا کہ مین کسطرح کرونگا پس جب احد کا دن ہوا تو مسلمان بھاگ گئے پس فرمایا آنحضرت نے ای اللہ مین تیری طرف مشرکین کی لڑائی سے
بیزار ہوتا ہون اور اپنے صحابہ کی طرف سے جو وہ بھاگ گئے ہین عذر کرتا ہون پھر وہ آگے ہوا اور اسکو سعد ملا سو کہا اُسنے ای بھائی تو نے کیا
کیا ہی مین بھی تیرے ساتھ ہون پس مین نہ کر سکا جو اُسنے کیا پس اسپر اسی پر چند زخم پائے گئے انمین مین کچھ زخم تلوار کے تھے اور نیزے کے
اور تیر کے اور ہم کہتے تھے کہ اسمین اور اسکے اصحاب کے حق مین یہ آیت نازل ہوئی ہی فمنھم من قضی الخ یعنے پس بعض انہین سے وہ ہی جو پورا کر چکا
کام اپنا اور بعض انہین سے وہ شخص کہ انتظار کر رہا ہی کہا یزید نے یعنے یہ آیت یہ حدیث حسن صحیح ہی اور اسکے چچا کا نام انس بن نضر ہے

ف انس بن نضر جنگ بدر مین حاضر نہین ہوا تھا اور آنحضرت کی یہ پہلی لڑائی تھی جب یہ بات لوگون مین مشہور ہوئی کہ انس بن نضر لڑائی مین حاضر نہین ہوا تو اسنے کہا اگر پروردگار نے مجھے آنحضرت کے ساتھ جنگ مین
حاضر کیا تو خدا دیکھ لیگا کہ کیا کرتا ہون اور یہ بھی اسکے دل مین خطرہ تھا کہ شاید کوئی اور شخص بھی یہ عہد اللہ سے نہ کرے جب دوسرے سال جنگ احد ہوئی اور اسمین لوگ جمع ہوے تو نضر کو سعد بن معاذ نے کہا تو

هذا حديث حسن صحيح غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه حدثنا ابن ابي عمر نا سفيان عن ابي الزناد عن الاعرج عن ابي هريرة يبلغ به النبي صلى الله عليه وسلم قال قال الله تعالى اعددت لعبادي الصالحين ما لا عين رأت ولا اذن سمعت ولا خطر على قلب بشر وتصديق ذالك في كتاب الله فلا تعلم نفس ما اخفي لهم من قرة اعين جزاء بما كانوا يعملون هذا حديث حسن صحيح حدثنا ابن ابي عمر نا سفيان عن مطرف بن طريف وعبد الملك هو ابن ابجر سمعا الشعبي يقول سمعت المغيرة بن شعبة على المنبر يرفعه الى النبي صلى الله عليه وسلم يقول ان موسى سأل ربه فقال اي رب اي اهل الجنة ادنى منزلة قال رجل يأتي بعد ما يدخل اهل الجنة الجنة فيقال له ادخل فيقول كيف ادخل الجنة وقد نزلوا منازلهم واخذوا اخذاتهم قال فيقال له اترضى ان يكون لك ما كان لملك من ملوك الدنيا فيقول نعم اي رب قد رضيت فيقال له فان لك هذا ومثله ومثله ومثله فيقول قد رضيت اي رب فيقال له فان لك هذا وعشرة امثاله فيقول رضيت اي رب فيقال له فان لك مع هذا ما اشتهت نفسك ولذت عينك هذا حديث حسن صحيح وروى بعضهم هذا الحديث عن الشعبي عن المغيرة ولم يرفعه والمرفوع اصح **سورة الاحزاب** حدثنا عبد الله بن عبد الرحمن نا صاعد الحراني نا زهير نا قابوس بن ابي ظبيان ان اباه حدثه قال قلنا لابن عباس ارأيت قول الله عز وجل ما جعل الله لرجل من قلبين في جوفه ما عنى بذلك قال قام نبي الله صلى الله عليه وسلم يوما يصلي فخطر خطرة فقال المنافقون الذين يصلون معه الا ترى ان له قلبين قلبا معكم وقلبا معهم فانزل الله ما جعل الله لرجل من قلبين في جوفه

یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی الزناد سے اُسنے اعرج سے اُسنے ابی ہریرہ سے وہ اسکو آنحضرت تک پہونچاتا ہے کہا اُسنے فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے تیار کیا ہمنے واسطے بندوں اپنے صالحین کے ایسی چیز کو کہ نہ آنکھوں نے دیکھی ہے اور نہ کانوں نے سنی ہے اور نہ کسی آدمی کے دل پر گذری ہے اور تصدیق اسکی کتاب اللہ میں ہے فلا تعلم نفس الخ یعنی نہیں جانتا کوئی جی کیا چھپایا گیا ہے واسطے اُنکے ٹھنڈک آنکھوں سے بدلہ اُس چیز کا کہ تھے کرتے ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے مطرف بن طریف اور عبد الملک سے جو بیٹا ابجر کا ہے سنا دونوں نے شعبی سے کہ کہتا سنا میں نے مغیرہ بن شعبہ سے منبر پر کہ وہ اسکو آنحضرت تک پہونچاتا تھا کہ فرمایا آپ نے حضرت موسیٰ نے اپنے رب سے سوال کیا اے میرے رب کونسا شخص اہل جنت سے ادنیٰ مرتبہ کا ہے فرمایا اللہ نے ایک مرد لایا جاویگا بعد اسکے کہ جنتی جنت میں داخل ہوچکینگے پس اُسسے کہا جائیگا داخل ہو جنت سو وہ کہے گا میں کسطرح داخل ہوسکتا ہوں حالانکہ سب لوگ اپنی اپنی جگہوں پر اُتر چکے ہیں اور اپنے حصوں کو پکڑ چکے ہیں فرمایا آپ نے پس اُسکو کہا جائیگا کیا تو اسپر راضی ہوتا ہے کہ تیرے لیے اسقدر ملک ہو جسقدر دنیا کے بادشاہوں سے ایک بادشاہ کے لیے ہوتا ہے وہ کہے گا ہاں اے رب میں راضی ہونگا پھر اُسے کہا جائیگا سو تیرے لیے اسقدر ملک ہوگیا اور مثل اسکے اور مثل اسکے اور مثل اسکے اور سو وہ کہے گا میں راضی ہوا ہوں اے رب پھر اُسے کہا جائیگا تیرے لیے یہ ہے اور دس مثلیں اسکی وہ کہے گا میں راضی ہوا اے رب پھر اُسے کہا جائیگا یہ تیرے لیے ہے مع اسکے کہ دل تیرا چاہے اور آنکھیں تیری لذت پکڑیں ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کی بعض نے یہ حدیث شعبی سے اُسنے مغیرہ سے اور اسنے اسکو مرفوع نہیں کیا ۔ اور مرفوع صحیح ہے **تفسیر سورۂ احزاب** **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمٰن نے کہا حدیث کی ہمسے صاعد حرانی نے کہا حدیث کی ہمسے زہیر نے کہا حدیث کی ہمسے قابوس بن ابی ظبیان نے کہ اسکے باپ نے اسکو حدیث کی ہے کہا اُسنے ہمنے ابن عباس سے کہا اس آیت کی خبر دیجیے (ما جعل اللہ لرجل من قلبین الخ یعنے نہیں کیا اللہ نے واسطے کسی شخص کے دو دل بیچ پیٹ اسکے کے) کہ اس سے اللہ نے کیا مراد لی ہے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم ایک دن نماز پڑھنے کے لیے کھڑے ہوئے سو آپ کے دل میں وسواس گذرا[1] پس کہا ان منافقوں نے جو آپ کے ساتھ نماز پڑھتے تھے کیا تم نہیں دیکھتے کہ اسکے یعنے آنحضرت کے دو دل ہیں ایک دل تمہارے ساتھ اور ایک دل اُنکے ساتھ پس اللہ نے یہ آیت نازل کی ما جعل اللہ لرجل من قلبین فی جوفہ

[1] آنحضرت کو منافقین کی طرف سے کوئی وسواس گذرا جب منافقین کو خبر ہوئی کہ پیغمبر کے دو دل ہیں ایک تمہاری طرف رکھتا ہے اور ایک انکی طرف یعنے مسلمانوں کی طرف اللہ نے فرمایا کہ اللہ

عن عطاء بن ابی رباح عن عمر بن ابی سلمة ربیب النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لما نزلت ھٰذہ الاٰیة علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا فی بیت ام سلمة فدعا فاطمة وحسنا و حسینا فجللھم بکساء وعلی خلف ظھرہ فجللہ بکساء ثم قال اللھم ھٰؤلاء اھل بیتی فاذھب عنھم الرجس وطھرھم تطھیرا قالت ام سلمة وانا معھم یا نبی اللہ قال انت علی مکانک وانت علی خیر ھٰذا حدیث غریب من ھٰذا الوجہ من حدیث عطاء عن عمر بن ابی سلمة **حدثنا** عبد بن حمید نا عفان بن مسلم نا حماد بن سلمة نا علی بن زید عن انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یمر بباب فاطمة ستة اشھر اذا خرج الی صلوٰة الفجر یقول الصلوٰة یا اھل البیت انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا ھٰذا حدیث حسن غریب من ھٰذا الوجہ انما نعرفہ من حدیث حماد بن سلمة وفی الباب عن ابی الحمراء ومعقل بن یسار وام سلمة **حدثنا** علی بن حجر نا داؤد بن الزبرقان عن داؤد بن ابی ھند عن الشعبی عن عائشة قالت لو کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کاتما شیئا من الوحی لکتم ھٰذہ الاٰیة واذ تقول للذی انعم اللہ علیہ یعنی بالاسلام وانعمت علیہ یعنی بالعتق فاعتقہ امسک علیک زوجک واتق اللہ وتخفی فی نفسک ما اللہ مبدیہ وتخشی الناس واللہ احق ان تخشاہ الی قولہ وکان امر اللہ مفعولا وان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما تزوجھا قالوا تزوج حلیلة ابنہ فانزل اللہ ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین وکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تبناہ وھو صغیر فلبث حتی صار رجلا

اُسنے عطاء بن ابی رباح سے اُسنے عمر بن ابی سلمہ سے جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا پرورش کردہ ہے کہا اُسنے جب یہ آیت نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر ام سلمہ کے گھر میں نازل ہوئی انما یرید اللہ لیذہب عنکم[1] الخ یعنے سوائے اسکے نہیں کہ ارادہ کرتا ہے اللہ تو کہ دور کرے تمسے پلیدی اے گھر والو اور پاک کرے تمکو خوب پاک کرنا۔ تو آنحضرت نے حضرت فاطمہ اور حسن اور حسینؓ کو بلایا اور انکو ایک چادر میں ڈھانپ لیا اور حضرت علی آپ کی پشت کے پیچھے تھے سو انکو بھی اس چادر میں ڈھانپ لیا پھر فرمایا اے اللہ یہ میرے اہل بیت ہیں انسے پلیدی دور کر اور انکو خوب طرح سے پاک کر۔ کہا ام سلمہ نے اور میں بھی انسے ہوں اے نبی اللہ کے فرمایا آپ نے تو اپنی جگہ پر ہے اور تو بہتری پر ہے۔ یہ حدیث غریب ہے اسوجہ سے طریق عطاء سے جو راوی ہے عمر بن ابی سلمہ سے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عفان بن مسلم نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن زید نے انس بن مالک سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حضرت فاطمہ کے دروازے پر چھ ماہ تک گذرتے رہے جبکہ فجر کی نماز کے لیے نکلتے اور فرماتے نماز پڑھو اے اہل بیت سوائے اسکے نہیں کہ ارادہ کرتا ہے اللہ تو کہ دور کرے تمسے پلیدی اے گھر والو اور پاک کرے تمکو خوب پاک کرنا۔ یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس طریق سے ہم تو فقط اسکو طریق حماد بن سلمہ سے ہی پہچانتے ہیں۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی حمراء اور معقل بن یسار اور ام سلمہ سے رضی اللہ عنہم **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے داؤد بن زبرقان نے داؤد بن ابی ہند سے اُسنے شعبی سے اُسنے حضرت عائشہ سے کہا انھوں نے اگر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کوئی حکم وحی سے چھپانے والے ہوتے تو ضرور اس آیت کو چھپاتے واذ تقول للذی انعم اللہ علیہ اور جسوقت کہ کہتا تھا تو واسطے اس شخص کے کہ نعمت کی ہے اللہ نے اوپر اسکے یعنے نعمت اسلام کی اور نعمت کی ہے تو نے اوپر اسکے یعنے نعمت آزادی کی آپ نے اسکو آزاد کیا تھام رکھ اوپر اپنے بی بی اپنی کو اور ڈر خدا سے اور چھپاتا تھا تو بیچ جی اپنے کے جو کچھ کہ اللہ ظاہر کرنیوالا ہے اسکا اور ڈرتا تھا تو لوگوں سے اور اللہ بہت لائق ہے اسکا کہ ڈرے تو اس سے یہانتک وکان امر اللہ مفعولا اور جبکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکو نکاح کیا کہا لوگوں نے آنحضرت نے اپنے بیٹے کی بیوی کو نکاح کیا ہے پھر اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی ما کان محمد ابا احد الخ نہیں ہے محمد باپ کسی کا تم مردوں میں سے لیکن رسول اللہ کا ہے اور ختم کرنیوالا نبیوں کا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکو لڑکپن کی حالت میں اپنا متبنی بنایا ہوا تھا سو وہ بعد مدت کے مرد ہو گیا یعنے بڑا ہو گیا

[1] یہ خطاب ہے ازواج مطہرات کو اور آنحضرت نے اپنی دعا سے چار حضرات یعنے حضرت فاطمہ اور علی اور حسن اور حسین کو بھی انہیں داخل فرمایا ہے قولہ تو اپنی جگہ پر ہے یعنے تجھے اسمیں داخل ہونیکی ضرورت کیا تجھے تو اللہ تعالی نے خود اہل بیت میں داخل کر دیا ہے میرے داخل کرنیکی کچھ ضرورت نہیں ۱۲

حدثنا عبد القدوس بن محمد العطار البصری نا عمرو بن عاصم عن اسحٰق بن یحیی بن طلحة عن موسی بن طلحة قال دخلت علی معٰویة فقال الا ابشرك قلت بلی قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول طلحة ممن قضی نحبه هٰذا حدیث غریب لا نعرفه من حدیث معٰویة الا من هٰذا الوجه وانما روی هٰذا عن موسی بن طلحة عن ابیه **حدثنا** ابو کریب نا یونس بن بکیر عن طلحة بن یحیی عن موسی وعیسی ابنی طلحة عن ابیهما طلحة ان اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم قالوا لاعرابی جاهل سله عن من قضی نحبه من هو وکانوا لا یجترؤن علی مسئلته یوقرونه ویهابونه فساله الاعرابی فاعرض عنه ثم ساله فاعرض عنه ثم انی اطلعت من باب المسجد وعلی ثیاب خضر فلما رأنی النبی صلی الله علیه وسلم قال این السائل عن قضی نحبه قال الاعرابی انا یا رسول الله فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم هٰذا ممن قضی نحبه هٰذا حدیث حسن غریب لا نعرفه الا من حدیث یونس بن بکیر **حدثنا** عبد بن حمید نا عثمٰن بن عمر عن یونس بن یزید عن الزهری عن ابی سلمة عن عائشة قالت لما امر رسول الله صلی الله علیه وسلم بتخییر ازواجه بدأ بی فقال یا عائشة انی ذاکر لك امرا فلا علیك ان لا تستعجلی حتی تستأمری ابویك قالت وقد علم ان ابوای لم یکونا لیامرانی بفراقه قالت ثم قال ان الله یقول یا ایها النبی قل لازواجك ان کنتن تردن الحیٰوة الدنیا وزینتها فتعالین حتی بلغ للمحسنات منکن اجرا عظیما قلت فی ای هٰذا استامر ابوی فانی ارید الله ورسوله والدار الاٰخرة وفعل ازواج النبی صلی الله علیه وسلم مثل ما فعلت هٰذا حدیث حسن صحیح وقد روی هٰذا ایضا عن الزهری عن عروة عن عائشة **حدثنا** قتیبة نا محمد بن سلیمٰن بن الاصبهانی عن یحیی بن عبید

حدیث کی ہمسے عبد القدوس بن محمد عطار بصری نے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن عاصم نے اسحاق بن یحیی بن طلحہ سے اُسنے موسیٰ بن طلحہ سے کہا اُسنے مین معاویہ پر داخل ہوا تو اُسنے کہا کیا مین سبتجھے بشارت نہ دون مین نے کہا کیون نہین کہا اُسنے سنا مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے طلحہ ان لوگون سے ہے جو اپنا کام پورا کر چکے ہین یہ حدیث غریب ہے ہم نہین پہچانتے اسکو طریق معاویہ سے مگر اسی طریق سے یہ تو فقط مروی ہے موسی بن طلحہ سے جو راوی ہے اپنے باپ سے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن بکیر نے طلحہ بن یحیی سے اُسنے موسی اور عیسی طلحہ کے بیٹون سے اُنھون نے اپنے باپ طلحہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے ایک اعرابی جاہل سے کہا آپ سے سوال کر کہ جو شخص اپنا کام پورا کر چکا ہے وہ کون ہے اور خود آنحضرت سے سوال کرنے پر دلیری نہ کر سکتے تھے آپ سے امید بھی رکھتے تھے اور خوف بھی کرتے تھے سو اس اعرابی نے آنحضرت سے پوچھا پس آپنے اس سے منھ پھیر لیا پھر اُسنے سوال کیا پھر آپنے اس سے منھ پھیر لیا پھر اُسنے سوال کیا پھر آپنے منھ پھیر لیا پھر مین نے مسجد کے دروازے سے جھانکا اور مجھپر سبز کپڑے تھے پس جب مجھے آپ نے دیکھا تو کہا کہان ہے سوالی اپنا کام پورا کرنیوالون کا حال پوچھنے والا کہا اعرابی نے مین حاضر ہون یا رسول اللہ سو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ شخص ہے ان لوگون سے جنھون نے اپنا کام پورا کر لیا ہے یہ حدیث حسن غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق یونس بن بکیر سے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عثمان بن عمر نے یونس بن یزید سے اُسنے زہری سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنی بی بیون کو اختیار دینے کا حکم ہوا تو اپنی ابتدا میرے سے کیا اور کہا اے عائشہ مین تیرے ساتھ ایک بات کرتا ہون سو اسکی جلدی نہ کرنے مین تجھپر کچھ خوف نہین یہانتک کہ تو اپنے والدین سے مشورہ کر لے کہا حضرت عائشہ نے آنحضرت جانتے تھے کہ مان باپ میرے آپ کے چھوڑ دینے کا کبھی حکم نہین کرینگے کہا حضرت عائشہ نے پھر فرمایا آپ نے اللہ تعالی فرماتا ہے یا ایہا النبی قل لازواجک الخ یعنے اے نبی کہ واسطے بی بیون اپنی کے اگر تم ہو ارادہ کرتین زندگانی دنیا کا اور بناؤ اسکا پس آؤ کچھ فائدہ دون مین تمکو یہانتک کہ آپ نے پڑھی للمحسنات منکن اجرا عظیما مین نے کہا مین کس بات مین اپنے والدین سے مشورہ کرون مین تو ارادہ کرتی ہون اللہ اور اسکے رسول کا اور گھر آخرت کا اور اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی بی بیون نے بھی اسیطرح کیا جسطرح کہ مین نے کیا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور نیز مروی ہے زہری سے اُسنے روایت کی عروہ سے اُسنے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن سلیمان بن اصبہانی نے یحیی بن عبید سے

تقول زوجكن اهلوكن وزوجنی الله من فوق سبع سموات هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** عبد بن حميد نا
عبيد الله بن موسى عن اسرائيل عن السدی عن ابی صالح عن ام هانی بنت ابی طالب قالت خطبنی رسول الله صلی الله
عليه وسلم فاعتذرت اليه فعذرنی ثم انزل الله انا احللنا لك ازواجك اللاتی اتيت اجورهن وما ملكت يمينك
مما افاء الله عليك وبنات عمك وبنات عماتك وبنات خالك وبنات خالاتك اللاتی هاجرن معك الآية قالت
فلم اكن احل له لانی لم اهاجر كنت من الطلقاء هذا حديث حسن لا نعرفه الا من هذا الوجه من حديث السدی
حدثنا احمد بن عبدة الضبی نا حماد بن زيد عن ثابت عن انس قال لما نزلت هذه الآية وتخفی فی نفسك ما الله
مبديه فی شان زينب بنت جحش جاء زيد يشكو فهم بطلاقها فاستامر النبی صلی الله عليه وسلم فقال النبی صلی الله
عليه وسلم امسك عليك زوجك واتق الله هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** عبد نا روح عن عبد الحميد بن بهرام
عن شهر بن حوشب قال قال ابن عباس نهی رسول الله صلی الله عليه وسلم عن اصناف النساء الا ما كان من المؤمنات
المهاجرات قال لا يحل لك النساء من بعد ولا ان تبدل بهن من ازواج ولو اعجبك حسنهن الا ما ملكت يمينك
واحل الله فتياتكم المؤمنات وامراة مؤمنة ان وهبت نفسها للنبی وحرم كل ذات دين غير الاسلام ثم قال ومن
يكفر بالايمان فقد حبط عمله وهو فی الآخرة من الخاسرين وقال يا ايها النبی انا احللنا لك ازواجك اللاتی اتيت اجورهن
وما ملكت يمينك مما افاء الله عليك الی قوله خالصة لك من دون المؤمنين وحرم ما سوی ذلك من اصناف النساء

کہتی تھی تمکو تمہارے گھر والوں نے نکاح کر دیا ہے اور مجھے اللہ تعالیٰ نے سات آسمانوں کے اوپر سے نکاح کر دیا ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے
حدیث کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن موسیٰ نے اسرائیل سے اُسنے سدی سے اُسنے ابی صالح سے اسنے ام ہانی
بنت ابی طالب سے کہا اُسنے بھیجے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منگنی کا پیغام بھیجا میں نے آپ کی طرف عذر کیا پس آپ نے میرا
عذر قبول کیا پھر اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی انا احللنا لک ازواجک الخ یعنے تحقیق ہمنے حلال کین واسطے تیرے بیبیاں تیری وہ جو دیا ہے
تو نے مہر انکا اور جنکا کہ مالک ہوا ہے داہنا ہاتھ تیرا اس چیز سے کہ پھیر لایا ہے اللہ اوپر تیرے یعنے طرف تیرے مال کفار سے اور بیٹیاں چچاؤں
تیرے کی اور بیٹیاں پھوپھیوں تیرے کی اور بیٹیاں ماموں تیرے کی اور بیٹیاں خالاؤں تیرے کی وہ جنھوں نے وطن چھوڑا ہے ساتھ تیرے
کہا ام ہانی نے سو میں آپ کے لیے حلال نہ تھی اسلیے کہ میں نے آپ کے ساتھ ہجرت نہ کی تھی میں طلقاء[1] سے تھی۔ یہ حدیث حسن ہے نہیں پہچانتے ہم
اسکو مگر اس طریق سدی سے **حدیث** کی ہمسے احمد بن عبدہ ضبی نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ثابت سے اُسنے انس سے کہا
اُسنے جب یہ آیت زینب بنت جحش کے حال میں نازل ہوئی وتخفی فی نفسک ما اللہ مبدیہ تو زید شکوہ کرتا ہوا آیا سو اُسنے اسکی طلاق کا قصد کیا
اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مشورہ پوچھا سو فرمایا آپ نے تھام رکھ اوپر اپنے بی بی اپنی کو اور ڈر اللہ سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث**
کی ہمسے عبد نے کہا حدیث کی ہمسے روح نے عبد الحمید بن بہرام سے اُسنے شہر بن حوشب سے کہا اُسنے کہا ابن عباس نے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم بہت قسم کی عورتوں سے منع کیے گئے تھے مگر وہ جو ہوا ایمان والیوں ہجرت کرنیوالیوں سے فرمایا اللہ نے لا یحل لک
النساء الخ یعنے نہیں حلال واسطے تیرے عورتیں پیچھے اسکے اور نہ یہ کہ بدل ڈالے تو اُنسے اور بیبیاں اور اگرچہ خوش لگے تجھکو حسن انکا
مگر جنکے مالک ہوئے ہیں داہنے ہاتھ تیرے اور حلال کین اللہ نے لونڈیاں تمہاری مؤمنہ اور عورت ایمان والی اگر بخشدے
نفس اپنا واسطے نبی کے اور حرام کی اللہ نے سوائے اسلام کے اور کسی دین والی پھر کہا اللہ نے ومن یکفر یعنے اور جو کوئی کفر کرے
ساتھ ایمان کے تو نابود ہو گئے عمل اسکے اور وہ بیچ آخرت کے ٹوٹا پانے والوں سے ہے اور فرمایا اللہ نے یا ایہا النبی انا احللنا لک الخ اے نبی تحقیق
ہمنے حلال کین واسطے تیرے بیبیاں تیری وہ جو دیا ہے تو نے مہر انکا اور جنکا کہ مالک ہوا ہے داہنا ہاتھ تیرا اس چیز سے کہ پھیر لایا ہے اوپر تیرے سے
یہانتک خالصۃ لک من دون المؤمنین اور ماسوائے اسکے اور قسم کی عورتیں حرام کی گئیں ہیں

---

[1] طلقاء وہ شخص ہیں جو فتح مکہ میں اسلام لائے ہیں اور انپر احسان کرکے چھوڑ دیا گیا اور یہ جو عوام الناس میں مشہور ہے کہ ام ہانی آنحضرت کی پھوپھی تھی غلط ہے بلکہ وہ آپ کی چچازاد بہن
تھی اسلیے کہ وہ ابی طالب کی بیٹی تھی اور ابو طالب آپ کے چچا تھے ۱۲

يقال له زيد بن محمد فانزل الله ادعوهم لآبائهم هو اقسط عند الله فان لم تعلموا اٰبائهم فاخوانكم في الدين ومواليكم
فلان مولى فلان وفلان اخو فلان هو اقسط عند الله يعني اعدل عند الله هذا حديث قد روي عن داؤد بن
ابي هند عن الشعبي عن مسروق عن عائشة قالت لو كان النبي صلى الله عليه وسلم كاتما شيئا من الوحي لكتم
هذه الاٰية واذ تقول للذي انعم الله عليه وانعمت عليه هذا الحرف لم يرو بطوله **حدثنا** بذلك عبد الله
بن وضاح الكوفي نا عبد الله بن ادريس عن داؤد بن ابي هند ح وانا محمد بن ابان نا ابن ابي عدي عن داؤد بن ابي هند
عن الشعبي عن مسروق عن عائشة قالت لو كان النبي صلى الله عليه وسلم كاتما شيئا من الوحي لكتم هذه الاٰية
واذ تقول للذي انعم الله عليه وانعمت عليه الاٰية هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** قتيبة نا يعقوب بن عبد الرحمٰن
عن موسى بن عقبة عن سالم عن ابن عمر قال ما كنا ندعو زيد بن حارثة الا زيد بن محمد حتى نزل القراٰن ادعوهم
لاٰبائهم هو اقسط عند الله هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** الحسن بن قزعة البصري نا مسلمة بن علقمة عن
داؤد بن ابي هند عن عامر الشعبي في قول الله ما كان محمد ابا احد من رجالكم قال ما كان ليعيش له فيكم ولد ذكر
حدثنا عبد بن حميد ثنا محمد بن كثير نا سليمٰن بن كثير عن حصين عن عكرمة عن ام عمارة الانصارية انها
اتت النبي صلى الله عليه وسلم فقالت ما ارى كل شيء الا للرجال وما ارى النساء يذكرن بشيء فنزلت هذه الاٰية
ان المسلمين والمسلمات والمؤمنين والمؤمنات الاٰية هذا حديث حسن غريب وانما نعرف هذا الحديث من هذا
الوجه **حدثنا** عبد بن حميد نا محمد بن الفضل نا حماد بن زيد عن ثابت عن انس قال لما نزلت هذه الاٰية في زينب
بنت جحش فلما قضى زيد منها وطرا زوجناكها قال فكانت تفتخر على نساء النبي صلى الله عليه وسلم

اسکو زید بن محمد کہا جاتا تھا پس اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی ادعوہم لآبائہم الخ پکارو انکو واسطے باپوں انکے کے یہ بہت بہتر ہے نزدیک
اللہ کے پس اگر تم انکے باپوں کو نہ جانو تو تمہارے بھائی ہیں دین میں اور غلام تمہارے فلاں غلام فلاں کا ہے اور فلاں بھائی فلاں کا
ہے ہو اقسط عند اللہ یعنے بہت بہتر ہے نزدیک اللہ کے یہ حدیث مروی ہے داؤد بن ابی ہند سے اسنے روایت کی شعبی سے اسنے
مسروق سے اُسنے حضرت عائشہ سے کہا انھوں نے اگر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کوئی حکم وحی سے چھپانیوالے ہوتے تو ضرور یہ آیت
چھپاتے واذ تقول للذی انعم اللہ علیہ وانعمت علیہ یہ حرف بطولہ مروی نہیں ہیں **حدیث** کی ہمسے ساتھ اسکے عبد اللہ بن وضاح
کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن ادریس نے داؤد بن ابی ہند سے ح اور خبر دی ہمکو محمد بن ابان نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی
نے داؤد بن ابی ہند سے اُسنے شعبی سے اُسنے مسروق سے اُسنے حضرت عائشہ سے اگر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کوئی حکم وحی سے
چھپانیوالے ہوتے تو ضرور یہ آیت چھپاتے واذ تقول للذی انعم اللہ علیہ وانعمت علیہ الخ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے
قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے یعقوب بن عبد الرحمٰن نے موسیٰ بن عقبہ سے اُسنے سالم سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے ہم زید بن حارثہ کو زید
بن محمد کہا کرتے تھے یہاں تک کہ قرآن (اس بارے میں) نازل ہوا ادعوہم لآبائہم الخ پکارو انکو واسطے باپوں انکے کے یہ بہتر ہے نزدیک اللہ
کے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے حسن بن قزعہ بصری نے کہا حدیث کی ہمسے مسلمہ بن علقمہ نے داؤد بن ابی ہند سے اُسنے
عامر شعبی سے اس آیت کی تفسیر میں ما کان محمد ابا احد من رجالکم کہا اُسنے نہیں تھا کہ آنحضرت کے لیئے تم میں لڑکا زندہ رہے **حدیث**
کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن کثیر نے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان بن کثیر نے حصین سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے
ام عمارہ انصاریہ سے یہ کہ وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی پس کہا اُسنے میں جو چیز (قرآن میں) دیکھتی ہوں وہ مردوں کے لیے ہی
ہے اور میں نہیں دیکھتی کہ عورتیں کسی حکم کے ساتھ ذکر کی گئی ہوں سو یہ آیت نازل ہوئی ان المسلمین والمسلمات والمؤمنین والمؤمنات الخ۔ یہ
حدیث حسن غریب ہے اور ہمنو فقط اس حدیث کو اسی طریق سے پہچانتے ہیں **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضل نے
کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ثابت سے اُسنے انس سے کہا اُسنے جب یہ آیت زینب بنت جحش کے حق میں نازل ہوئی فلما قضی زید الخ پس جب
زید اس سے اپنی حاجت پوری کر چکا تو ہمنے اسکا تیرے ساتھ (اے محمد) نکاح کر دیا کہا اُسنے پس زینب اس بات سے فخر کرتی تھی آنحضرت کی اور بیویوں پر

وتقول ان هٰذا لك منا قليل يا رسول الله قال فذهبت به الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت ان امى تقرئك السلام وتقول ان هٰذا منا لك قليل فقال ضعه ثم قال اذهب فادع لى فلانا وفلانا وفلانا ومن لقيت فسمى رجالا قال فدعوت من سمى ومن لقيت قال قلت لانس عدد كم كانوا قال زهاء ثلاثمائة قال وقال لى رسول الله صلى الله عليه وسلم يا انس هات بالتور قال فدخلوا حتى امتلأت الصفة والحجرة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليتحلق عشرة عشرة وليأكل كل انسان مما يليه قال فاكلوا حتى شبعوا قال فخرجت طائفة ودخلت طائفة حتى اكلوا كلهم قال فقال لى يا انس ارفع قال فرفعت فما ادرى حين وضعت كان اكثر ام حين رفعت قال وجلس طوائف منهم يتحدثون فى بيت رسول الله صلى الله عليه وسلم ورسول الله صلى الله عليه وسلم جالس وزوجته مولية وجهها الى الحائط فثقلوا على رسول الله صلى الله عليه وسلم فخرج رسول الله صلى الله عليه وسلم فسلم على نسائه ثم رجع فلما رأوا رسول الله صلى الله عليه وسلم قد رجع ظنوا انهم قد ثقلوا عليه فابتدروا الباب فخرجوا كلهم وجاء رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى ارخى الستر ودخل وانا جالس فى الحجرة فلم يلبث الا يسيرا حتى خرج على وانزلت هٰذه الآيات فخرج رسول الله صلى الله عليه وسلم فقرأهن على الناس يا ايها الذين اٰمنوا لا تدخلوا بيوت النبى الا ان يؤذن لكم الى طعام غير ناظرين اناه ولكن اذا دعيتم فادخلوا فاذا طعمتم فانتشروا ولا مستأنسين لحديث ان ذٰلكم كان يؤذى النبى الى اٰخر الآية قال الجعد قال انس انا احدث الناس عهدا بهٰذه الآيات وحجبن نساء النبى صلى الله عليه وسلم هٰذا حديث حسن صحيح والجعد هو ابن عثمٰن ويقال هو ابن دينار ويكنى ابا عثمٰن بصرى وهو ثقة عند اهل الحديث روى عنه يونس بن عبيد وشعبة وحماد بن زيد حدثنا اسحٰق بن موسى الانصارى نا معن

اور کہتی ہے کہ یا رسول اللہ یہ کھانا تو آپ کے لیے ہماری طرف سے بہت کم ہے کہا انس نے سو اسکو میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لیگیا اور میں نے کہا میری ماں آپ کو سلام کہتی ہے اور کہتی ہے کہ یہ کھانا آپ کے لیے ہماری طرف سے بہت کم ہے پس فرمایا آپ نے اسکو رکھدے پھر فرمایا آپ نے جا اور میرے پاس فلان اور فلان اور فلان کو اور جسکو تو ملے بلا لا سو آپ نے کئی مردون کا نام لیا کہا انس نے سو میں نے بلایا اس شخص کو کہ جسکا آپ نے نام لیا تھا اور جسکو کہ میں ملا کہا جعد نے میں نے انس سے کہا کسقدر تعداد میں تھے کہا اُسنے قریب تین سو کے کہا اُسنے اور کہا مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اے انس لگن کو لا کہا انس نے سو لوگ داخل ہوئے یہانتک کہ میدان اور حجرہ پر ہو گیا پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے چاہیے کہ دس دس حلقہ بنائیں اور ہر ایک انسان اپنے آگے سے کھائے کہا انس نے سو انھون نے کھایا یہانتک کہ سیر ہو گئے کہا اُسنے ایک گروہ نکلتا تھا اور ایک گروہ داخل ہوتا تھا یہانتک کہ کل نے کھالیا کہا اُسنے پھر مجھے آپ نے کہا اے انس (لگن کو) اٹھالے کہا اُسنے سو میں نے اٹھالیا سو میں نہیں جانتا کہ جب میں نے رکھا تھا اُسوقت زیادہ تھا یا جب میں نے اٹھایا کہا انس نے اور کچھ گروہ انمین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے گھر میں بیٹھکر باتین کرتے رہے اس حالت میں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے اور بی بی آپ کی دیوار کی طرف منھ پھیرے ہوئے تھین سو وہ لوگ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر گران گذرے پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نکل گئے اور اپنی بی بیون پر سلام کیا پھر واپس آئے سو جب اُنھون نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ واپس آئے ہین تو گمان کیا انھون نے کہ ہم آپ پر گران گذرے ہین پھر انھون نے دروازے کی جلدی کی اور تمام نکل گئے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آئے یہانتک کہ پردہ ڈالدیا اور داخل ہوئے اس حالت مین کہ مین حجرہ میں بیٹھا ہوا تھا پھر تھوڑی ہی دیر ٹھہرے یہانتک کہ مجھپر نکلے اور یہ آیتین نازل ہوئین سو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نکلے اور انکو لوگون پر پڑھا یا ایہا الذین اٰمنوا لا تدخلوا الخ یعنے اے ایمان والو مت داخل ہو گھرون میں پیغمبر کے مگر یہ کہ اذن دیا جاوے واسطے تمہارے طرف کھانے کے نہ انتظار کرنیوالے پکنے اسکے کے ولیکن جب بلائے جاؤ تم پس داخل ہو پس جب کھا چکو تو متفرق ہو جاؤ اور مت بیٹھے رہو جی لگا بیٹھنے والے واسطے باتون کے تحقیق یہ کام ہے ایذا دیتا نبی کو الخ کہا جعد نے کہا انس نے میں کچھ زمانہ لوگون سے یہ آیتین بیان کرتا رہا اور نبی صلعم کی عورتین پردہ کی گئین یہ حدیث حسن صحیح ہے اور جعد وہ بیٹا عثمان کا ہے اور کہا گیا ہے کہ وہ بیٹا دینار کا ہے اور کنیت اسکی ابا عثمان بصری ہے اور وہ اہل حدیث کے نزدیک ثقہ ہے روایت کی ہے اس سے یونس بن عبید اور شعبہ اور حماد بن زید نے حدیث کی ہمسے اسحاق بن موسی انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے

هٰذا حديث حسن انما نعرفه من حديث عبد الحميد بن بهرام سمعت احمد بن الحسن يذكر عن احمد بن حنبل قال لا بأس بحديث عبد الحميد بن بهرام عن شهر بن حوشب **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفيان عن عمرو عن عطاء قال قالت عائشة ما مات رسول الله صلی الله عليه وسلم حتی احل له النساء هٰذا حديث حسن صحيح **حدثنا** عمر بن اسمٰعيل بن مجالد بن سعيد نا ابی عن بيان عن انس بن مالك قال بنی رسول الله صلی الله عليه وسلم بامرأة من نسائه فارسلنی فدعوت قوما الی الطعام فلما اكلوا وخرجوا قام رسول الله صلی الله عليه وسلم منطلقا قبل بيت عائشة فرأی رجلين جالسين فانصرف راجعا فقام الرجلان فخرجا فانزل الله يا ايها الذين اٰمنوا لا تدخلوا بيوت النبی الا ان يؤذن لكم الی طعام غير ناظرين اناه وفی الحديث قصة هٰذا حديث حسن غريب من حديث بيان وروی ثابت عن انس هٰذا الحديث بطوله **حدثنا** محمد بن المثنی نا اشهل بن حاتم قال ابن عون حدثناه عن عمرو بن سعيد عن انس بن مالك قال كنت مع النبی صلی الله عليه وسلم فاتی باب امرأة عرس بها فاذا عندها قوم فانطلق فقضی حاجته فاحتبس ثم رجع وعندها قوم فانطلق فقضی حاجته فرجع وقد خرجوا قال فدخل وارخی بينی وبينه سترا قال فذكرته لابی طلحة قال فقال لئن كان كما تقول لينزلن فی هٰذا شیء قال فنزلت اٰية الحجاب هٰذا حديث حسن غريب من هٰذا الوجه وعمرو بن سعيد يقال له الاصلع **حدثنا** قتيبة بن سعيد نا جعفر بن سليمٰن الضبعی عن الجعد ابی عثمٰن عن انس بن مالك قال تزوج رسول الله صلی الله عليه وسلم فدخل باهله فصنعت امی ام سليم حيسا فجعلته فی تور فقالت يا انس اذهب بهذا الی النبی صلی الله عليه وسلم فقل له بعثت بهذا اليك امی وهو تقرئك السلام

یہ حدیث حسن ہے ہم تو اسکو فقط طریق عبد الحمید بن بہرام سے ہی پہچانتے ہیں سنا میں نے احمد بن حسن سے کہ ذکر کرتا تھا احمد بن حنبل سے کہ کہا اُسنے کچھ خوف نہیں ہے ساتھ حدیث عبد الحمید بن بہرام کے جو راوی ہے شہر بن حوشب سے حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عمرو سے اُسنے عطا سے کہا اُسنے کہا حضرت عائشہ نے نہیں فوت ہوے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یہانتک کہ حلال کی گئیں واسطے آپ کے عورتیں یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے عمر بن اسمٰعیل بن مجالد بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے بیان سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی عورتوں میں سے ایک عورت کے ساتھ بنا[1] کی سو مجھکو آپ نے بھیجا سو میں نے قوم کو کھانیکے لیے بلایا پس جب وہ کھا چکے اور نکل گئے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ کے گھر کی طرف چلنے کے لیے کھڑے ہوے پھر آپ نے دیکھا کہ وہ مرد بیٹھے ہوے ہیں تو واپس آ گئے پھر وہ دونوں مرد کھڑے ہوے اور چلے گئے پس اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی یاایہا الذین اٰمنوا لا تدخلوا الخ یعنے اے ایمان والو مت داخل ہو گھروں میں پیغمبر کے مگر یہ کہ اذن دیا جاوے واسطے تمھارے طرف کھانیکے نہ انتظار کرنیوالے پکنے اُسکے کے اور اس حدیث میں قصہ ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے طریق بیان سے اور روایت کی ہے یہ حدیث ثابت نے انس سے بطولہ حدیث کی ہمسے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے اشہل بن حاتم نے کہا ابن عون نے حدیث کی ہمنے اسکو عمرو بن سعید سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا سو آپ ایک عورت کے دروازے پر آئے جسکے ساتھ آپ نے نئی شادی کی تھی دیکھا تو اسکے پاس بہت لوگ ہیں پس آپ گئے اور اپنی حاجت پوری کی پس وہاں ٹھہرے رہے پھر واپس آئے اور ابھی اسکے پاس لوگ تھے پھر آپ گئے اور اپنی حاجت کو پورا کیا اور واپس آئے اور وہ لوگ نکل گئے کہا انس نے پس آپ داخل ہوے اور درمیان میرے اور اپنے پردہ ڈالدیا کہا انس نے سو میں نے یہ قصہ ابی طلحہ سے ذکر کیا کہا انس نے پس کہا اُسنے اگر اسیطرح ہے جسطرح کہ تو کہتا ہے تو ضرور اس بارے میں کوئی حکم نازل ہوگا کہا انس نے پس آیت پردہ کی نازل ہوئی یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس طریق سے اور عمرو بن سعید کو اصلع کہا جاتا ہے حدیث کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیمان ضبعی نے اُسنے جعد ابی عثمان سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا اور اپنے اہل کے پاس داخل ہوے تو میری ماں ام سلیم نے حلیم تیار کیا اور اسکو ایک لگن میں ڈالا پس کہا اُسنے اے انس اسکو نبی صلعم کے پاس لیجا اور اپسے کہہ یہ کھانا آپ کی طرف میری ماں نے بھیجا ہے اور وہ آپ کو سلام کہتی ہے

[1] بنا بولتے ہیں عورت کے پاس پہلی رات کے جانیکو جسکو پنجابی میں مکلاوا کہتے ہیں ۱۲ اور حلیم اُس کھانیکو بولتے ہیں جو مختلف چیزوں سے بنایا جاوے ۱۲

سورۃ سبا **حدثنا** ابو کریب وعبد بن حمید قالا نا ابو اسامة عن الحسن بن الحکم النخعی قال ثنی ابو سبرۃ النخعی عن فروۃ بن مُسَیک المرادی قال اتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقلت یارسول اللہ الا اقاتل من ادبر من قومی بمن اقبل منھم فاذن لی فی قتالھم وامرنی فلما خرجت من عندہ سأل عنی ما فعل الغطیفی فاخبرانی قد سرت قال فارسل فی اثری فردنی فاتیتہ وھو فی نفر من اصحابہ فقال ادع القوم فمن اسلم منھم فاقبل منہ ومن لم یسلم فلا تعجل حتی احدث الیك قال وانزل فی سبا ما انزل فقال رجل یارسول اللہ وما سبا ارض او امرأۃ قال لیس بارض ولا امرأۃ ولکنہ رجل ولد عشرۃ من العرب فتیامن منھم ستة وتشاءم منھم اربعة فاما الذین تشاءموا فلخم وجذام وغسان وعاملة واما الذین تیامنوا فالازد والاشعرون وحمیر وکندۃ ومذحج وانمار فقال رجل یارسول اللہ وما انمار قال الذین منھم خثعم وبجیلة ھذا حدیث غریب حسن **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان عن عمرو عن عکرمة عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا قضی اللہ فی السماء امرا ضربت الملئکة باجنحتھا خضعانا لقولہ کانھا سلسلة علی صفوان فاذا فزع عن قلوبھم قالوا ماذا قال ربکم قالوا الحق وھو العلی الکبیر قال والشیاطین بعضھم فوق بعض ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** نصر بن علی الجھضمی نا عبد الاعلی نا معمر عن الزھری عن علی بن حسین عن ابن عباس قال بینما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جالس فی نفر من اصحابہ اذ رمی بنجم فاستنار

تفسیر سورۂ سبا **حدیث** کی ہمسے ابو کریب اور عبد بن حمید نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے ابو اسامہ نے حسن بن حکم نخعی سے کہا حدیث کی مجھے ابو سبرہ نخعی نے فروہ بن مسیک مرادی سے کہا اُسنے میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا میں نے یارسول اللہ کیا میں نہ جنگ کروں ان شخصوں سے جو میری قوم سے پھر گئے ہیں مع ان لوگوں کے جو انمیں سے (اس دین میں) آگئے ہیں پس آپ نے مجھے انسے جنگ کرنے میں اذن دیا اور مجھے امیر بنایا پس جب میں آپ کے پاس سے نکلا تو آپ نے میری بابت سوال کیا کہ غطیفی نے کیا کیا سو آنحضرت میرے خبر دیے گئے کہ میں چلا گیا ہوں کہا اُسنے پھر آپ نے میرے پیچھے ایک آدمی بھیجا سو وہ مجھے پھیر لایا میں آپکے پاس آیا اس حالت میں کہ آپ اپنے صحابہ سے چند لوگوں میں تھے سو فرمایا آپ نے اس قوم کو (اسلام کی طرف) بلا پھر جو کوئی انمیں سے اسلام لائے تو اسکا اسلام قبول کر اور جو کوئی اسلام نہ لائے تو تو جلدی نہ کر یہانتک کہ میں تیری طرف کچھ ذکر بھیجوں کہا اُسنے اور نازل ہو گیا سبا کے حق میں جو نازل ہو گیا اور کہا ایک مرد نے یارسول اللہ اور سبا کیا چیز ہے زمین ہے یا کوئی عورت ہے فرمایا آپ نے نہ وہ زمین ہے اور نہ عورت ہے لیکن وہ عربی آدمی ہے اس سے دس آدمی پیدا ہوئے ہیں سو چھ تو انمیں سے یمنی ہوئے اور چار انمیں سے شامی سو وہ لوگ جو شامی ہوئے وہ لخم اور جذام اور غسان اور عاملہ ہیں اور وہ جو یمنی ہوئے وہ ازد اور اشعری اور حمیر اور کندہ اور مذحج اور انمار ہیں سو کہا ایک مرد نے یارسول اللہ اور انمار کون ہیں فرمایا آپ نے وہ لوگ کہ جنمیں سے خثعم اور بجیلہ ہیں۔ یہ حدیث غریب حسن ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عمرو سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جب اللہ تعالیٰ آسمان میں کوئی حکم بھیجتا ہے تو فرشتے پر اپنے عاجزی سے اس قول کے واسطے منتشر کرتے ہیں گویا وہ زنجیر ہے ایک سخت پتھر پر پس جب انکے دلوں سے خوف دور ہوتا ہے تو کہتے ہیں کیا کہا ہے تمھارے رب نے کہتے ہیں حق اور وہ بلند ہے بڑا فرمایا آپ نے اور شیطان ایک دوسرے پر ہوتے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی جہضمی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الاعلیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے زہری سے اُسنے علی بن حسین سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے اسوقت میں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے چند نفر میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک ستارہ ٹوٹ پڑا اور روشن ہوئے

[1] یعنے جب اللہ تعالیٰ آسمان پر کوئی حکم بھیجتا ہے تو زنجیر کی طرح جو سخت پتھر پر بڑے آواز نکلتی ہے جس سے تمام فرشتے ذلت سے پر منتشر کرکے بیہوش ہو جاتے ہیں تو پھر اپنی اپنی قدر کے مطابق ہوش میں آتے ہیں جو نسا زیادہ قریبی ہوتا ہے وہ جلدی ہوش میں آتا ہے اور جو نسا کم وہ پیچھے علے ہذا القیاس سبکا حال ہے پھر جسکو بعد کو ہوش آتا ہے اور خوف دور ہوتا ہے تو وہ پہلوں سے دریافت کرتے ہیں کہ پروردگار نے کیا فرمایا ہے تو وہ کہتے ہیں حق یعنے اسکا کلام حق ہے نہ باطل یعنے بعضوں کے لیے خوشی کا حکم ہوا ہے اور بعض کے لیے غمی کا اور کسی کے لیے زیادتی رزق کا کسی کے لیے تنگی کا علے ہذا القیاس اور اس حکم کے سننے کے واسطے شیطان بھی ایک دوسرے پر چڑھکر اور ایک قطار باندھکر چوری سے ان احکام کو سنتے ہیں تو فرشتے انکو دفع کرنے کے واسطے آگ انکو مارتے ہیں الغرض کوئی حکم سن بھی لیں تو اسمیں کئی جھوٹ ملا کر اپنے کاہنوں کو بتاتے ہیں

نا مالك بن انس عن نعيم بن عبد الله المجمر ان محمد بن عبد الله بن زيد الانصاري وعبد الله بن زيد الذي كان اري
النداء بالصلوة اخبره عن ابي مسعود الانصاري انه قال اتانا رسول الله صلى الله عليه وسلم ونحن في مجلس سعد بن
عبادة فقال له بشير بن سعد امرنا الله ان نصلي عليك فكيف نصلي عليك قال فسكت رسول الله صلى الله عليه وسلم
حتى ظننا انه لم يسأله ثم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قولوا اللهم صل على محمد وعلى ال محمد كما صليت على ال
ابراهيم وبارك على محمد وعلى ال محمد كما باركت على ال ابراهيم في العلمين انك حميد مجيد والسلام كما قد علمتم
وفي الباب عن علي وابي حميد وكعب بن عجرة وطلحة بن عبيد الله وابي سعيد وزيد بن خارجة ويقال ابن جارية
وبريدة هذا حديث حسن صحيح حدثنا عبد بن حميد نا روح بن عبادة عن عوف عن الحسن ومحمد وخلاس
عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم ان موسى عليه السلام كان رجلا حييا ستيرا ما يرى من جلده شيء استحياء
منه فاذاه من اذاه من بني اسرائيل فقالوا ما يستتر هذا التستر الا من عيب بجلده اما برص واما ادرة واما افة وان الله
اراد ان يبرئه مما قالوا وان موسى خلا يوما وحده فوضع ثيابه على حجر ثم اغتسل فلما فرغ اقبل الى ثيابه لياخذها وان
الحجر عدا بثوبه فاخذ موسى عصاه فطلب الحجر فجعل يقول ثوبي حجر ثوبي حجر حتى انتهى الى ملاء من بني اسرائيل فراوه
عريانا احسن الناس خلقا وابراه مما كانوا يقولون قال وقام الحجر فاخذ ثوبه فلبسه وطفق بالحجر ضربا بعصاه
فوالله ان بالحجر لندبا من اثر عصاه ثلاثا او اربعا او خمسا فذلك قوله يايها الذين امنوا لا تكونوا كالذين
اذوا موسى فبرأه الله مما قالوا وكان عند الله وجيها هذا حديث حسن صحيح وقد روي من غير وجه عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم

کہا حدیث کی ہمسے مالک بن انس نے نعیم بن عبد اللہ مجمر سے یہ کہ محمد بن عبد اللہ بن زید انصاری اور عبد اللہ بن زید جو نماز کے لیے
اذان خواب میں دکھلایا گیا تھا اُسنے خبر دی ہے اسکو ابی مسعود انصاری سے یہ کہ کہا اُسنے ہمارے پاس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آئے
اس حالت میں کہ ہم سعد بن عبادہ کی مجلس میں تھے پس آپ سے بشیر بن سعد نے کہا ہمکو اللہ تعالی نے امر کیا ہے کہ آپ پر درود بھیجیں
سو آپ پر کسطرح درود بھیجیں کہا اُسنے سو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم چپ رہے یہانتک کہ ہمنے گمان کیا کہ آپ سے اُسنے سوال کیا
ہی نہیں پھر فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہو تم اللہم صل علی محمد الخ یعنے الٰہی رحمت بھیج محمد پر اور آل محمد پر جیسا کہ رحمت بھیجی تو نے آل
ابراہیم پر اور برکت کر محمد پر اور آل محمد پر جیسا کہ برکت کی تو نے آل ابراہیم پر جہانوں میں بیشک تو ستودہ اور بزرگ ہے اور سلام اسیطرح ہے
جیسا کہ تم سکھلائے گئے ہو۔ اور اس باب میں روایت ہے علی اور ابی حمید اور کعب بن عجرہ اور طلحہ بن عبید اللہ اور ابی سعید اور زید بن
خارجہ سے اور کہا جاتا ہے زید بن جاریہ اور روایت ہے بریدہ سے یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی
ہمسے روح بن عبادہ نے عوف سے اُسنے حسن اور محمد اور خلاس سے اُنھوں نے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ
کہ حضرت موسی علیہ السلام حیادار اور پردہ دار آدمی تھے بسبب انکی حیا کے انکے بدن کی کوئی چیز دیکھی نہ جاتی تھی سو انکو ایذا دی جسنے کہ
ایذا دی بنی اسرائیل سے سو کہا اُنھوں نے یہ پردہ اسی لیے کرتا ہے کہ اسکے بدن میں کوئی عیب ہے یا تو برص ہے یا اسکے خصیوں میں بیماری ہے یا کوئی
اور آفت ہے۔ اور اللہ تعالی نے ارادہ کیا کہ حضرت موسیٰ کو اس عیب سے جو اُنھوں نے لگایا ہے بری کرے۔ سو ایک دن حضرت موسی اکیلے
خلوت میں ہوے اور اپنے کپڑوں کو ایک پتھر پر رکھا پھر غسل کیا پس جب فارغ ہوے تو کپڑوں کو پکڑنے کے لیے آئے اور پتھر کپڑے
لیکر دوڑا پس موسی علیہ السلام نے اپنا عصا پکڑا اور پتھر کو طلب کیا اور یہ کہتے رہے اے پتھر میرے کپڑے دے اے پتھر میرے کپڑے دے
یہانتک کہ وہ پتھر بنی اسرائیل کے سرداروں کی طرف پہونچ گیا پس ان لوگوں نے انکو ننگا اس حالت میں دیکھا کہ تمام لوگوں سے پیدائش میں
حسین ہیں اور پاک کیا انکو اللہ نے کہ وہ کہتے تھے کہا راوی نے پھر پتھر کھڑا ہو گیا اور حضرت موسی نے اپنے کپڑے پکڑ لیے اور انکو پہن لیا اور پتھر کو
عصا سے مارنا شروع کیا پس قسم ہے اللہ کی البتہ پتھر پر عصا کے نشان تین یا چار یا پانچ باقی ہیں سو یہی ہے قول اللہ تعالی کا یا ایہا الذین اٰمنوا لا تکونوا
کالذین اٰذوا موسی الخ یعنی اے ایمان والو مت ہو مانند ان لوگوں کے کہ ایذا دی انھوں نے موسی کو پس پاک کیا انکو اللہ نے اُس چیز سے کہ
کہتے تھے اور تھا وہ نزدیک اللہ کے آبرو والا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہ مروی ہے کئی وجہ سے بواسطہ ابی ہریرہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے

هٰذا حديث حسن غريب من حديث الثوری وابو سفيان هو طريف السعدی **حدثنا** هناد نا ابو معوية عن الاعمش عن ابراهيم عن ابيه عن ابی ذر قال دخلت المسجد حين غابت الشمس والنبی صلی الله عليه وسلم جالس فقال النبی صلی الله عليه وسلم يا اباذر اتدری اين تذهب هٰذه قال قلت الله ورسوله اعلم قال فانها تذهب فتستاذن فی السجود فيوذن لها وكانها قد قيل لها اطلعی من حيث جئت فتطلع من مغربها قال ثم قرأ وذلك مستقر لها قال وذلك فی قرأة عبدالله هٰذا حديث حسن صحيح **سورة والصافات حدثنا** احمد بن عبدة الضبی نا المعتمر بن سليمٰن نا ليث بن ابی سليم عن بشر عن انس بن مالك قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم ما من داع دعا الی شیء الا كان موقوفا يوم القيٰمة لازما له لايفارقه وان دعا رجل رجلا ثم قرأ قول الله عزوجل وقفوهم انهم مسئولون مالكم لا تناصرون هٰذا حديث غريب **حدثنا** علی بن حجر انا الوليد بن مسلم عن زهير بن محمد عن رجل عن ابی العالية عن ابی بن كعب قال سألت رسول الله صلی الله عليه وسلم عن قول الله تعالی وارسلناه الی مائة الف اويزيدون قال عشرون الفا هٰذا حديث غريب **حدثنا** محمد بن المثنی نا محمد بن خالد بن عثمة نا سعيد بن بشير عن قتادة عن الحسن عن سمرة عن النبی صلی الله عليه وسلم فی قول الله تعالی وجعلنا ذريته هم الباقين قال حام وسام ويافث بالثاء **قال** ابو عيسی ويقال يافت ويافث بالتاء والثاء ويقال يفث هٰذا حديث حسن غريب لانعرفه الا من حديث سعيد بن بشير **حدثنا** بشر بن معاذ العقدی نا يزيد بن زريع عن سعيد بن ابی عروبة عن قتادة عن الحسن عن سمرة عن النبی صلی الله عليه وسلم قال سام ابو العرب

یہ حدیث حسن ہے غریب ہے طریق ثوری سے اور ابو سفیان وہ طریف سعدی ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ذر سے کہا اُسنے مین مسجد مین داخل ہوا وقتیکہ آفتاب غائب ہوا اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اے اباذر کیا تو جانتا ہے کہ یہ یعنے آفتاب کہان جاتا ہے مین نے کہا اللہ اور رسول اسکا بہتر جانتا ہے فرمایا آپ نے یہ جاتا ہے اور سجدہ مین اذن مانگتا ہے سو اسکو اذن دیا جاتا ہے گویا اسکو کہا جاتا ہے طلوع کر اس جگہ سے جہان سے تو آیا ہے پھر وہ مغرب سے طلوع کریگا کہا اُسنے پھر پڑھا آپ نے وذلک مستقر لہا[1] الخ اور یہ ہے قرار گاہ اسکی۔ اور یہی عبداللہ کی قرارت مین۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **تفسیر سورۃ والصافات حدیث** کی ہمسے احمد بن عبدہ ضبی نے کہا حدیث کی ہمسے معتمر بن سلیمان نے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن ابی سلیم نے بشر سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کسی چیز کو پکارتا ہے وہ قیامت کے دن کھڑی رہیگی اسکے ساتھ چمٹی رہیگی جدا نہ ہوگی اگرچہ کسی مرد نے کسی مرد کو پکارا ہو پھر آپ نے یہ آیت پڑھی وقفوہم انہم مسئولون الخ یعنے اور کھڑا کرو انکو تحقیق اُنسے پوچھنا ہے کیا ہے تمکو نہین مدد کرتے تم ایک دوسرے کی۔ یہ حدیث غریب ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا خبر دی ہمکو ولید بن مسلم نے زہیر بن محمد سے اُسنے ایک مرد سے اُسنے ابی العالیہ سے اُسنے ابی بن کعب سے کہا اُسنے مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر پوچھی وارسلناہ الی مائۃ الف الخ اور بھیجا ہمنے اسکو طرف لاکھ آدمی کے بلکہ زیادہ کے فرمایا آپ نے بیس ہزار[2]۔ یہ حدیث غریب ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن خالد بن عثمہ نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن بشیر نے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے سمرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر مین وجعلنا ذریتہ ہم الباقین یعنے اور کیا ہمنے اولاد اسکی کو وہی ہوئے باقی رہنے والے فرمایا آپ نے حام اور سام اور یافث ساتھ ثا کے ہے کہا ابو عیسیٰ نے اور کہا جاتا ہے یافت اور یافث تا سے اور ثا سے اور کہا جاتا ہے یفث ساتھ دور کرنے الف کے یہ حدیث حسن غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق سعید بن بشیر سے **حدیث** کی ہمسے بشر بن معاذ عقدی نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن زریع نے سعید بن ابی عروبہ سے اُسنے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے سمرہ سے اُسنے نبی صلعم سے فرمایا آپنے سام باپ عرب کا ہے

[1] عبداللہ کی قرأت کی یہی سوا اور قرأتون مین تو یون ہے والشمس تجری لمستقر لہا ذلک تقدیر العزیز العلیم ۱۲ [2] یعنے اگر عاقل بالغ گنتے تو لاکھ تھے اور اگر سبکو شامل کرین تو بیس ہزار اوپر تھے جیسا کہ پیغمبر نے فرمایا ہے اور اللہ کو لفظ او سے بیان کرنے مین شک نہین ۱۲

فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما کنتم تقولون لمثل ھذا فی الجاھلیۃ اذا رأیتموہ قالوا کنا نقول یموت عظیم او یولد عظیم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فانہ لا یرمی بہ لموت احد ولا لحیاتہ ولکن ربنا تبارک اسمہ وتعالی اذا قضی امرا سبح حملۃ العرش ثم سبح اھل السماء الذین یلونھم ثم الذین یلونھم حتی یبلغ التسبیح الی ھذہ السماء ثم سال اھل السماء السادسۃ اھل السماء السابعۃ ماذا قال ربکم قال فیخبرونھم ثم یستخبر اھل کل سماء حتی یبلغ الخبر الی اھل السماء الدنیا ویختطف الشیاطین السمع فیرمون فیقذفونہ الی اولیائھم فما جاؤا بہ علی وجھہ فھو حق لکنھم یحرفونہ ویزیدون ھذا حدیث حسن صحیح وقد روی ھذا الحدیث عن الزھری عن علی بن حسین عن ابن عباس عن رجال من الانصار قالوا کنا عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم **سورۃ الملائکۃ حدثنا** ابو موسی محمد بن المثنی ومحمد بن بشار قالا نا محمد بن جعفر نا شعبۃ عن الولید بن العیزار انہ سمع رجلا من ثقیف یحدث عن رجل من کنانۃ عن ابی سعید الخدری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال فی ھذہ الآیۃ ثم اورثنا الکتاب الذین اصطفینا من عبادنا فمنھم ظالم لنفسہ ومنھم مقتصد ومنھم سابق بالخیرات باذن اللہ قال ھؤلاء کلھم بمنزلۃ واحدۃ وکلھم فی الجنۃ ھذا حدیث غریب حسن **سورۃ یٰسٓ حدثنا** محمد بن وزیر الواسطی نا اسحٰق بن یوسف الازرق عن سفیان الثوری عن ابی سفیان عن ابی نضرۃ عن ابی سعید الخدری قال کانت بنو سلمۃ فی ناحیۃ المدینۃ فارادوا النقلۃ الی قرب المسجد فنزلت ھذہ الآیۃ انا نحن نحی الموتی ونکتب ما قدموا واٰثارھم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اٰثارکم تکتب فلا تنتقلوا

اللهم انی لم اٰتك لمريض فاداويه ولا لاسير فافاديه فاسق عبدك ما كنت مستقيه واسق معه بكر بن معٰوية يشكر له الخمر الذی سقاه فرفع له سحابات فقيل له اختر احدٰهن فاختار السوداء منهن فقيل له خذها رمادا رمددا لا تذر من عاد احدا وذكر انه لم يرسل عليهم من الريح الا قدر هٰذه الحلقة يعنی حلقة الخاتم ثم قرأ اذ ارسلنا عليهم الريح العقيم ما تذر من شیء اتت عليه الاٰية وقد روی هٰذا الحديث غير واحد عن سلام ابی المنذر عن عاصم بن ابی النجود عن ابی وائل عن الحارث بن حسان ويقال الحارث بن يزيد **حدثنا** عبد بن حميد نا زيد بن حباب نا سلام بن سليمٰن النحوی ابو المنذر نا عاصم بن ابی النجود عن ابی وائل عن الحارث بن يزيد البكری قال قدمت المدينة فدخلت المسجد فاذا هو غاص بالناس واذا رايات سود تخفق واذا بلال متقلد السيف بين يدی رسول الله صلی الله عليه وسلم قلت ما شان الناس قالوا يريد ان يبعث عمرو بن العاص وجها فذكر الحديث بطوله نحوا من حديث سفيان بن عيينة بمعناه ويقال له الحارث بن حسان **سورة الطور حدثنا** ابو هشام الرفاعی نا ابن فضيل عن رشدين بن كريب عن ابيه عن ابن عباس عن النبی صلی الله عليه وسلم قال ادبار النجوم الركعتين قبل الفجر وادبار السجود الركعتين بعد المغرب هٰذا حديث غريب لا نعرفه مرفوعا الا من هٰذا الوجه من حديث محمد بن الفضيل عن رشدين بن كريب سألت محمد بن اسمٰعيل عن محمد ورشدين ابنی كريب ايهما اوثق فقال ما اقربهما ومحمد عندی ارجح وسألت عبد الله بن عبد الرحمٰن عن هٰذا فقال ما اقربهما ورشدين بن كريب ارجحهما عندی **سورة النجم حدثنا** ابن ابی عمر نا سفيان عن مالك بن مغول عن طلحة بن مصرف

اے اللہ میں تیرے پاس کسی بیمار کے واسطے نہیں آیا کہ اسکے لیے دوا کراؤں اور نہ کسی قیدی کے لیے کہ اسکا فدیہ دوں پس اپنے بندے کو پانی پلا کہ جو تو اسکو پلانیوالا ہے اور اسکے ساتھ بکر بن معاویہ کو بھی پلا اسکی اس شراب کا شکریہ کرتا تھا جو کہ اُسنے اسکو پلایا تھا سو اسکے واسطے کئی بادل اٹھائے گئے اور اس سے کہا گیا کہ ایک انمیں سے اختیار کرلے تو اُسنے سیاہ بادل کو انمیں سے اختیار کیا سو اس سے کہا گیا کہ پکڑ اسکو اس حالت میں کہ یہ ہلاک کرنیوالا اور جلانیوالا ہے نہ چھوڑیگا عاد میں سے کسیکو اور ذکر کیا آنحضرت نے کہ انپر ہوا اس حلقہ کے برابر بھیجی گئی تھی یعنے انگوٹھی کے حلقہ کے برابر پھر آپ نے یہ آیت پڑھی اذ ارسلنا عليهم الريح الخ یعنے جسوقت کہ بھیجی ہمنے اوپر انکے باد بانجھ یعنے بے نفع نہیں چھوڑتی تھی کوئی چیز کہ آتی تھی اوپر اسکے الخ. اور روایت کیا ہے اس حدیث کو کئی ایک نے سلام ابی المنذر سے اُسنے عاصم بن ابی النجود سے اُسنے ابی وائل سے اُسنے حارث بن حسان سے اور کہا گیا ہے حارث بن یزید **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے کہا حدیث کی ہمسے سلام بن سلیمان نحوی یعنے ابو المنذر نے کہا حدیث کی ہمسے عاصم بن ابی النجود نے ابی وائل سے اُسنے حارث بن یزید بکری سے کہا اُسنے میں مدینہ میں آیا اور مسجد میں داخل ہوا دیکھا تو وہ مسجد لوگوں سے پر ہے اور نیزے سیاہ حرکت کر رہے ہیں اور بلال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے تلوار کھینچے ہوئے ہیں میں نے کہا کیا حال ہے لوگوں کا کہا انھوں نے آنحضرت ارادہ کر رہے ہیں کہ عمرو بن عاص کو کسی طرف (جنگ کے لیے) بھیجیں اور اُسنے لمبی حدیث ذکر کی مثل حدیث سفیان بن عیینہ کے بالمعنے اور کہا جاتا ہے اسکو حارث بن حسان **تفسیر سورۂ طور حدیث** کی ہمسے ابو ہشام رفاعی نے کہا حدیث کی ہمسے ابن فضیل نے رشدین بن کریب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے بعد جانے ستاروں کے دو رکعت ہیں قبل فجر کے اور پیچھے سجدے کے دو رکعت ہیں بعد مغرب کے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مرفوع مگر اسی طرق محمد بن فضیل سے جو راوی ہے رشدین بن کریب سے سوال کیا میں نے محمد بن اسمٰعیل سے محمد اور رشدین سے جو دونوں بیٹے ہیں کریب کے کہ کون ان دونوں میں سے معتبر ہے پس کہا اُسنے میں ان دونوں کے ساتھ اقرار نہیں کرتا اور محمد کو میرے نزدیک ترجیح ہے اور سوال کیا میں نے عبد اللہ بن عبد الرحمن سے اسکی بابت تو کہا اُسنے میں ان دونوں سے تو اقرار نہیں کرتا اور رشدین بن کریب میرے نزدیک ان دونوں سے ارجح ہے **تفسیر سورۂ نجم حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے مالک بن مغول سے اُسنے طلحہ بن مصرف سے

ان رسول الله صلى الله عليه وسلم خطب الناس يوم فتح مكة فقال يا ايها الناس ان الله قد اذهب عنكم عبية الجاهلية وتعاظمها بآبائها فالناس رجلان رجل بر تقي كريم على الله وفاجر شقي هين على الله والناس بنو آدم وخلق الله آدم من التراب قال الله يا ايها الناس انا خلقناكم من ذكر وانثى وجعلناكم شعوبا وقبائل لتعارفوا ان اكرمكم عند الله اتقاكم ان الله عليم خبير هذا حديث غريب لا نعرفه من حديث عبد الله بن دينار عن ابن عمر الا من هذا الوجه وعبد الله بن جعفر يضعف ضعفه يحيى بن معين وغيره وهو والد علي بن المديني وفي الباب عن ابي هريرة وعبد الله بن عباس **حدثنا** الفضل بن سهل البغدادي الاعرج وغير واحد قالوا نا يونس بن محمد عن سلام بن ابي مطيع عن قتادة عن الحسن عن سمرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال الحسب المال والكرم التقوى هذا حديث حسن غريب صحيح من حديث سمرة لا نعرفه الا من حديث سلام بن ابي مطيع **سورة ق حدثنا** عبد بن حميد نا يونس بن محمد نا شيبان عن قتادة نا انس بن مالك ان النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تزال جهنم تقول هل من مزيد حتى يضع فيها رب العزة قدمه فتقول قط قط وعزتك ويزوى بعضها الى بعض هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه **سورة الذاريات حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان عن سلام عن عاصم بن ابي النجود عن ابي وائل عن رجل من ربيعة قال قدمت المدينة فدخلت على رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكرت عنده وافد عاد فقلت اعوذ بالله ان اكون مثل وافد عاد فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم وما وافد عاد قال فقلت على الخبير بها سقطت ان عادا لما اقحطت بعثت قيلا فنزل على بكر بن معوية فسقاه الخمر وغنته الجرادتان ثم خرج يريد جبال مهرة فقال

یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو فتح مکہ کے دن خطبہ پڑھا اور فرمایا ای لوگو اللہ تعالی نے تم میں سے تکبری جاہلیت کی اور فخر کرنا اس جاہلیت کا ساتھ اپنے باپوں کے دور کیا ہی پس آدمی دو قسم کے ہیں ایک تو لوگ نیکو کار پرہیز گار اللہ کے نزدیک عزت والے اور دوسرے بدکردار بدبخت اللہ کے نزدیک ذلیل ۔ اور تمام لوگ بیٹے آدم کے ہیں اور آدم کو اللہ تعالی نے مٹی سے پیدا کیا ہی فرمایا ہی اللہ تعالی نے یا ایہا الناس انا خلقناکم من ذکر الخ یعنے ای لوگو تحقیق ہمنے پیدا کیا ہی تمکو ایک مرد سے اور عورت سے اور کیا ہی ہمنے تمکو کنبے اور قبیلے تو کہ ایک دوسرے کو پہچانو تحقیق بہت بزرگ تمہارا نزدیک اللہ کے پرہیزگار[1] تمہارا ہی تحقیق اللہ جاننے والا اخبردار ہی یہ حدیث غریب ہی نہیں پہچانتے ہم اسکو طریق عبد اللہ بن دینار سے جو راوی ہی ابن عمر سے مگر اسی طریق سے اور عبد اللہ بن جعفر ضعیف کیا گیا ہی ضعیف کیا ہی اسکو یحیی بن معین وغیرہ نے اور یہ والد ہی علی بن مدینی کا اور اس باب میں روایت ہی ابوہریرہ اور عبد اللہ بن عباس سے **حدیث** کی ہمسے فضل بن سہل بغدادی اعرج اور کئی ایک نے کہا انھوں نے حدیث کی ہمسے یونس بن محمد نے سلام بن ابی مطیع سے اُسنے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے سمرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے حسب مال ہی اور کرم تقوے یہ حدیث حسن غریب صحیح ہی طریق سمرہ سے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق سلام بن ابی مطیع سے **تفسیر سورۂ ق حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے شیبان نے قتادہ سے کہا حدیث کی ہمسے انس بن مالک نے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمیشہ ہی دوزخ یہ کہتا رہیگا ہل من مزید یہاں تک کہ رب العزت اسمیں اپنا قدم رکھے گا پھر کہیگا بس بس قسم ہی عزت تیری کی اور آپسمیں سمٹ جائیگا یہ حدیث حسن صحیح ہی غریب ہی اس طریق سے **تفسیر سورۂ ذاریات حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عاصم بن ابی نجود سے اُسنے ابی وائل سے اُسنے ایک مرد ربیعہ سے کہا اُسنے میں مدینہ میں آیا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر داخل ہوا سو آپ کے پاس قوم عاد کے قاصد کا ذکر ہوا میں نے کہا میں اللہ کے ساتھ پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ میں مثل قاصد قوم عاد کے ہوں پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قاصد عاد کا کیا حال ہی کہا اُسنے میں نے کہا آپ اسکے واقف کار کے پاس پہونچے عاد پر جب قحط پڑا تو انھوں نے قیل (نام آدمی) بھیجا پس وہ بکر بن معاویہ کے گھر اترا سو اُسنے اسکو شراب پلائی اور دو کنیزیں اسکو سرود سناتی رہیں پھر وہ مہرہ کے پہاڑ کا ارادہ کرکے نکلا پھر کہا اُسنے

[1] یعنے برائیاں ذات کی اور قوم کی عبث ہیں آدمی کو ذاتی کمال انسانی حاصل کرنا چاہیئے نفس قرابت کا فائدہ دیتی ہی حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کی طرف اور رکتے اللہ ابو لہب کو ...

من حديث مجالد حدثنا محمد بن عمرو بن نبهان بن صفوان الثقفي نا يحيى بن كثير العنبري نا سالم بن جعفر عن الحكم بن ابان عن عكرمة عن ابن عباس قال رأى محمد ربه قلت اليس الله يقول لا تدركه الابصار وهو يدرك الابصار قال ويحك ذاك اذا تجلى بنوره الذي هو نوره وقد راى محمد ربه مرتين هذا حديث حسن غريب حدثنا سعيد بن يحيى بن سعيد الاموي نا ابي نا محمد بن عمرو عن ابي سلمة عن ابن عباس في قول الله ولقد راٰه نزلة اخرى عند سدرة المنتهى فاوحى الى عبده ما اوحى فكان قاب قوسين او ادنى قال ابن عباس قد راٰه صلى الله عليه وسلم هذا حديث حسن حدثنا عبد بن حميد نا عبد الرزاق وابن ابي رزمة وابو نعيم عن اسرائيل عن سماك بن حرب عن عكرمة عن ابن عباس قال ما كذب الفؤاد ما راى قال راٰه بقلبه هذا حديث حسن حدثنا محمود بن غيلان نا وكيع ويزيد بن هارون عن يزيد بن ابراهيم التستري عن قتادة عن عبد الله بن شقيق قال قلت لابي ذر لو ادركت النبي صلى الله عليه وسلم لسألته فقال عما كنت تسأله قلت اسأله هل رأى محمد ربه فقال قد سألته فقال نور انى اراه هذا حديث حسن حدثنا عبد بن حميد نا عبيد الله بن ابي رزمة عن اسرائيل عن ابي اسحٰق عن عبد الرحمٰن بن يزيد عن عبد الله ما كذب الفؤاد ما راى قال رأى رسول الله صلى الله عليه وسلم جبرئيل في حلة من رفرف قد ملأ ما بين السماء والارض هذا حديث حسن صحيح حدثنا احمد بن عثمٰن ابو عثمٰن البصري نا ابو عاصم عن زكريا بن اسحٰق عن عمرو بن دينار عن عطاء عن ابن عباس

حدیث مجالد سے حدیث کی ہمسے محمد بن عمرو بن نبہان بن صفوان ثقفی نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن کثیر عنبری نے کہا حدیث کی ہمسے سالم بن جعفر نے حکم بن ابان سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے محمد رسول اللہ نے اپنے رب کو دیکھا ہے مین نے کہا کیا اللہ تعالیٰ یہ نہین فرماتا لاتدرکہ الابصار الخ یعنے نہین پاتی اسکو آنکھین اور پاتا ہے آنکھون کو کہا اُسنے افسوس ہے تجھے یہ اُسوقت ہے کہ جب وہ اپنے نور سے تجلی ڈالے جو اُسکا نور ہے اور آنحضرت نے رب کو دو بار دیکھا ہے یہ حدیث حسن غریب ہے حدیث کی ہمسے سعید بن یحییٰ بن سعید اموی نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن عمرو نے ابی سلمہ سے اُسنے ابن عباس سے اس آیت کی تفسیر مین ولقد راٰہ نزلۃ اخری الخ یعنے اور البتہ دیکھا ہے اُسنے اسکو دوسری بار نزدیک سدرۃ المنتہیٰ کے فاوحی الی عبدہ الخ یعنے پس وحی پہونچائی طرف بندے اپنے کے جو پہونچائی فکان قاب قوسین الخ یعنے پس تھا قدر دو کمان کے یا زیادہ نزدیک کہا ابن عباس نے البتہ دیکھا ہے اسکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے۔ یہ حدیث حسن ہے حدیث کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق اور ابن ابی رزمہ اور ابو نعیم نے اسرائیل سے اُسنے سماک بن حرب سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے ماکذب الفؤاد ما راٰی یعنے نہین جھوٹ جانا دل نے جو کچھ کہ دیکھا کہا اُسنے دیکھا آپ نے اسکو ساتھ دل اپنے کے یہ حدیث حسن ہے حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع اور یزید بن ہارون نے یزید بن ابراہیم تستری سے اُسنے قتادہ سے اُسنے عبد اللہ بن شقیق سے کہا اُسنے مین نے ابی ذر سے کہا اگر مین نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو پاتا تو آپ سے ضرور سوال کرتا پس کہا اُسنے کس چیز سے تو سوال کرتا مین نے کہا مین آپ سے سوال کرتا کہ کیا محمد (یعنے آپ نے) اپنے رب کو دیکھا ہے پس کہا اُسنے مین نے آپ سے سوال کیا ہے سو فرمایا ہے آپنے وہ نور ہے مین کسطرح اُسکو دیکھ سکتا ہون۔ یہ حدیث حسن ہے حدیث کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن ابی رزمہ نے اسرائیل سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے عبد الرحمٰن بن یزید سے اُسنے عبد اللہ سے اس آیت کی تفسیر مین ماکذب الفؤاد ما راٰی کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل علیہ السلام کو رفرف کے لباس مین دیکھا کہ اُسنے آسمان اور زمین کا درمیان پر کیا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے احمد بن عثمان یعنے ابو عثمان بصری نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عاصم نے زکریا بن اسحاق سے اُسنے عمرو بن دینار سے اُسنے عطا سے اُسنے ابن عباس سے اس آیت کی تفسیر مین

[1] علما سلف اور خلف سے اسی بات مین اختلاف چلا آیا ہے کہ کیا آنحضرت نے اللہ کو معراج کی رات مین دیکھا ہے یا نہین حضرت عائشہ وغیرہ کا یہی مذہب ہے کہ آنحضرت نے جناب باری کو نہین دیکھا دلیل اُنکی یہ ہے کہ لاتدرکہ الابصار وھو یدرک الابصار وھو اللطیف الخبیر اور ابن عباس سے خلاف اسکے مروی ہے اور ایسا ہی کہا ہے ابی ذر اور کعب احبار اور حسن اور ابی ہریرہ اور احمد بن حنبل نے ۱۲ کذا فی الطیبی عنہ کہا ابن عباس نے ان آیات سے مراد پروردگار ہے یعنے اُنھون نے جناب باری کو دیکھا ہے حضرت عائشہ فرماتی ہین کہ مراد اس سے جبرئیل علیہ السلام ہین معنے یہ ہونگے کہ آنحضرت نے جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا عمو لوگ اسی طرف ہین ۱۲

عن مرة عن ابن مسعود قال لما بلغ رسول الله صلى الله عليه وسلم سدرة المنتهى قال انتهى اليها ما يعرج من الارض وما ينزل من فوق فاعطاه الله عندها ثلاثا لم يعطهن نبيا كان قبله فرضت عليه الصلوٰة خمسا واعطى خواتيم سورة البقرة وغفر لامته المقحمات ما لم يشركوا بالله شيئا قال ابن مسعود اذ يغشى السدرة ما يغشى قال السدرة فى السماء السادسة قال سفيان فراش من ذهب واشار سفيان بيده فارعدها وقال غير مالك بن مغول اليها ينتهى علم الخلق لا علم لهم بما فوق ذلك هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** احمد بن منيع نا عباد بن العوام نا الشيبانى قال سألت زر بن حبيش عن قوله عز وجل فكان قاب قوسين او ادنى فقال اخبرنى ابن مسعود ان النبى صلى الله عليه وسلم رأى جبرئيل وله ستمائة جناح هذا حديث حسن صحيح غريب **حدثنا** ابن ابى عمر نا سفيان عن مجالد عن الشعبى قال لقى ابن عباس كعبا بعرفة فسأله عن شئ فكبر حتى جاوبته الجبال فقال ابن عباس انا بنو هاشم فقال كعب ان الله قسم رؤيته وكلامه بين محمد وموسى فكلم موسى مرتين ورأه محمد مرتين فقال مسروق فدخلت على عائشة فقلت هل رأى محمد ربه فقالت لقد تكلمت بشئ قف له شعرى قلت رويدا ثم قرأت لقد رأى من ايات ربه الكبرى فقالت اين يذهب بك انما هو جبرئيل من اخبرك ان محمدا راى ربه او كتم شيئا مما امر به او يعلم الخمس التى قال الله ان الله عنده علم الساعة وينزل الغيث فقد اعظم الفرية ولكنه راى جبرئيل لم يره فى صورته الا مرتين مرة عند سدرة المنتهى ومرة فى اجياد له ستمائة جناح قد سد الافق وقد روى داؤد بن ابى هند عن الشعبى عن مسروق عن عائشة عن النبى صلى الله عليه وسلم نحو هذا الحديث وحديث داؤد اقصر

اُسنے مرہ سے اُسنے ابن مسعود سے کہا اُسنے جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سدرۃ المنتہی پر پہونچے فرمایا آپ نے جو چیزیں کہ زمین سے اوپر چڑھتی ہیں اور جو چیز کہ اوپر سے اترتی ہے اسجگہ تک پہونچتی ہے تو انکو اللہ تعالیٰ نے اسکے پاس تین چیزیں عطا فرمائیں وہ کسی اور نبی کو جو آپ سے پہلے گذرے ہیں نہیں دی گئیں آپ پر پانچ نمازیں فرض کی گئیں اور خاتمہ سورۂ بقرہ کا دیے گئے اور انکی امت کے لیے کبیرہ گناہ معاف کیے گئے جبتک کہ اللہ کے ساتھ کوئی شریک نہ کریں۔ کہا ابن مسعود نے جبکہ ڈھانپ لیا سدرہ کو اس چیز نے کہ ڈھانپ لیا کہا اُسنے سدرہ چھٹے آسمان میں ہے کہا سفیان نے فراش سونے سے اور اشارہ کیا سفیان نے اپنے ہاتھ سے اور اسکو ہلایا۔ اور کہا غیر مالک بن مغول نے اسکے پاس علم خلقت کا ختم ہوتا ہے اور پر اسکے انکا علم نہیں ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے عباد بن عوام نے کہا حدیث کی ہمسے شیبانی نے کہا سوال کیا میں نے زر بن حبیش سے اس آیت کی تفسیر سے فکان قاب قوسین او ادنیٰ یعنے پس تھا قدر دو کمان کے یا زیادہ نزدیک پس کہا اُسنے خبر دی مجھے ابن مسعود نے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا اس حالت میں کہ اسکے چھ سو پر تھے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے مجالد سے اُسنے شعبی سے کہا اُسنے ابن عباس کعب کو عرفہ میں ملا اور اس سے ایک چیز کے بابت سوال کیا پس اُسنے تکبیر کہی یہانتک کہ جواب دیا اسکو پہاڑوں نے سو کہا ابن عباس نے ہم بنو ہاشم ہیں پس کہا کعب نے اللہ نے اپنے دیدار اور کلام کو درمیان حضرت محمد رسول اللہ اور حضرت موسی علیہما السلام کے تقسیم کیا ہے سو اللہ سے حضرت موسی علیہ السلام نے دو بار بات چیت کی ہے اور آنحضرت نے اسکو دو بار دیکھا ہے پس کہا مسروق نے پھر میں حضرت عائشہ پر داخل ہوا اور میں نے کہا کیا محمد نے اپنے رب کو دیکھا ہے کہا انھوں نے تو نے ایسی بات کی ہے جس سے میرے رونگٹے کھڑے ہوگئے ہیں میں نے کہا ٹھہر جا پھر میں نے یہ آیت پڑھی لقد رای من ایات ربہ الکبری یعنے تحقیق دیکھا اُسنے نشانیوں پروردگار اپنے کی سے بڑی کو پس کہا حضرت عائشہ نے تیری کہاں فکر جاتی ہے یہ تو جبرئیل ہیں جس کسی نے تجھے خبر دی ہے کہ محمد نے اپنے رب کو دیکھا ہے یا کسی حکم کو جسکا انکو حکم ہوا ہے چھپایا ہے یا ان پانچ چیزوں کو جانتا ہے کہ کہا ہے اللہ نے ان اللہ عندہ علم الساعۃ وینزل الغیث تو اسنے بڑا افترا کیا لیکن آپ نے جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا ہے نہیں دیکھا آپ نے اسکو اپنی اصلی صورت میں مگر دو بار ایک بار جیاد (نام موضع مکہ ہے) میں اسکے چھ سو پر تھے کہ اُسنے کنارے کو پر کیا ہوا ہے۔ اور روایت کیا داؤد بن ابی ہند نے شعبی سے اُسنے مسروق سے اُسنے حضرت عائشہ سے انھوں نے نبی صلعم سے مثل اس حدیث کے اور حدیث داؤد کی چھوٹی ہے

[1] ابن عباس نے کعب سے کوئی بات پوچھی شاید اُسنے اللہ کے دیدار کی بابت سوال کیا ہوگا تو اسنے اس بات کو ایک بڑی بات سمجھ کر تکبیر کہی اسقدر بلند آواز کی کہ دور دور جو پہاڑ تھے انکی بڑائی بیساکر گئی ہین

بن مطعم نحوه حدثنا ابوكريب وابوبكر بندار قالا ثنا وكيع عن سفيان عن زياد بن اسمعيل عن محمد بن عباد بن جعفر المخزومي عن ابي هريرة قال جاء مشركو قريش يخاصمون رسول الله صلى الله عليه وسلم في القدر فنزلت يوم يسحبون في النار على وجوههم ذوقوا مس سقر انا كل شئ خلقناه بقدر هذا حديث حسن صحيح **سورة الرحمن** حدثنا عبد الرحمن بن واقد ابو مسلم نا الوليد بن مسلم عن زهير بن محمد عن محمد بن المنكدر عن جابر قال خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم على اصحابه فقرأ عليهم سورة الرحمن من اولها الى اخرها فسكتوا فقال لقد قرأتها على الجن ليلة الجن فكانوا احسن مردودا منكم كنت كلما اتيت على قوله فبای الاء ربكما تكذبان قالوا لا بشئ من نعمك ربنا نكذب فلك الحمد هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث الوليد بن مسلم عن زهير بن محمد قال احمد بن حنبل كان زهير بن محمد الذى وقع بالشام ليس هو الذى يروى عنه بالعراق كانه رجل اخر قلبوا اسمه يعنى لما يروون عنه من المناكير وسمعت محمد بن اسمعيل يقول اهل الشام يروون عن زهير بن محمد مناكير واهل العراق يروون عنه احاديث مقاربة **سورة الواقعة** حدثنا ابوكريب نا عبدة بن سليمن وعبد الرحيم بن سليمن عن محمد بن عمرو قال نا ابو سلمة عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الله اعددت لعبادي الصالحين ما لا عين رأت ولا اذن سمعت ولا خطر على قلب بشر فاقرؤا ان شئتم فلا تعلم نفس ما اخفي لهم من قرة اعين جزاء بما كانوا يعملون وفي الجنة شجرة يسير الراكب في ظلها مائة عام لا يقطعها واقرؤا ان شئتم وظل ممدود وموضع سوط في الجنة خير من الدنيا وما فيها واقرؤا ان شئتم فمن زحزح عن النار وادخل الجنة فقد فاز وما الحيوة الدنيا الا متاع الغرور هذا حديث حسن صحيح

بن مطعم سے مثل اسکے **حدیث** کی ہمسے ابوکریب اور ابوبکر بندار نے کہا دونون نے حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان سے اُسنے زیاد بن اسمٰعیل سے اُسنے محمد بن عباد بن جعفر مخزومی سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے مشرک قریش کے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس قدر مین جھگڑتے ہوے آئے پس یہ آیت نازل ہوئی یوم یسحبون فی النار الخ یعنے اُس دن کہ گھسیٹے جاوینگے بیچ آگ کے اوپر مُنھون اپنے کے چکھو لگنا آگ دوزخ کا تحقیق ہمنے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اسکو ساتھ اندازے کے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **تفسیر سورہ الرحمن** **حدیث** کی ہمسے عبد الرحمن بن واقد یعنے ابو مسلم نے کہا حدیث کی ہمسے ولید بن مسلم نے زہیر بن محمد سے اُسنے محمد بن منکدر سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ پر نکلے سو آپ نے انپر سورہ الرحمن اول سے آخر تک پڑھی اور وہ چپ رہے پس فرمایا آپ نے مین نے یہ سورت جنون کی رات مین جنون پر پڑھی تھی سو اُنھون نے تم سے اچھا جواب دیا جب مین اس آیت فبای الاء ربکما تکذبان پر آتا تھا تو وہ یہ کہتے تھے لا بشئ من نعمک ربنا نکذب فلک الحمد۔ یہ حدیث غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق ولید بن مسلم سے جو راوی ہے زہیر بن محمد سے کہا احمد بن حنبل نے زہیر بن محمد جو شام مین تھا یہ وہ نہین ہے جس سے عراق مین روایت کیجاتی ہے گویا وہ اور مرد ہے اُنھون نے اسکے نام کو بدل دیا جبکہ اُس سے مناکیر حدیثین مروی ہوئین۔ اور سنا مین نے محمد بن اسمٰعیل سے کہ کہتا اہل شام زہیر بن محمد سے مناکیر حدیثین روایت کرتے ہین اور اہل عراق اس سے احادیث متقاربہ روایت کرتے ہین۔ **تفسیر سورہ واقعہ** **حدیث** کی ہمسے ابوکریب نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ بن سلیمان اور عبد الرحیم بن سلیمان نے محمد بن عمرو سے کہا حدیث کی ہمسے ابو سلمہ نے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے مین نے اپنے بندون نیکوکارون کے لیے وہ چیز تیار کی ہے جسکو نہ آنکھون نے دیکھا ہے اور نہ کانون نے سنا ہے اور نہ کسی آدمی کے دل پر وہ گذری ہے پس پڑھ لو اگر تم (تصدیق اسکی) چاہتے ہو فلا تعلم نفس ما اخفی لہم الخ یعنے پس نہین جانتا کوئی جی کیا چھپائی گئی ہے واسطے انکے ٹھنڈک آنکھون سے بدلا اُس چیز کا کہ تھے کرتے۔ اور جنت مین ایک درخت ہے کہ سوار اسکے سایہ مین سو برس چلے تو اسکو قطع نہین کرتا اور پڑھ لو (تصدیق اسکی) اگر تم چاہتے ہو وظل ممدود یعنے سایہ ہے دراز۔ اور جگہ چابک کی جنت مین بہتر ہے دنیا سے اور اس چیز سے کہ اسمین ہے اور پڑھ لو (تصدیق اسکی) اگر تم چاہتے ہو فمن زحزح عن النار الخ یعنے جو کوئی دور رکھا گیا آگ سے اور داخل کیا گیا جنت مین تو وہ مراد کو پہونچ گیا اور نہین حیات دنیا کی مگر اسباب فریب کا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے

ف یعنے ہمنے تمام اشیا کو اول روز سے پیدا کردیا ہے کوئی نئی بات نہین یہ جھگڑا کرینگے تو وبال اسکا انھین کی گردن پر ہوگا ۱۲

الذین یجتنبون کبائر الاثم والفواحش الا اللمم قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان تغفر اللھم تغفر جما وای عبد لک لا الما
ھذا حدیث حسن صحیح غریب لا نعرفہ الا من حدیث زکریا بن اسحٰق **سورۃ القمر حدثنا** علی بن حجر نا علی بن
مسھر عن الاعمش عن ابراھیم عن ابی معمر عن ابن مسعود قال بینما نحن مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بمنی فانشق القمر
فلقتین فلقۃ من وراء الجبل وفلقۃ دونہ فقال لنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشھدوا یعنی اقتربت الساعۃ وانشق
القمر ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** عبد بن حمید نا عبد الرزاق عن معمر عن قتادۃ عن انس قال سأل اھل مکۃ
النبی صلی اللہ علیہ وسلم آیۃ فانشق القمر بمکۃ مرتین فنزلت اقتربت الساعۃ وانشق القمر الی قولہ سحر مستمر یقول
ذاھب ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان عن ابن ابی نجیح عن مجاھد عن ابی معمر عن ابن مسعود
قال انشق القمر علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال لنا النبی صلی اللہ علیہ وسلم اشھدوا ھذا حدیث
حسن صحیح **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابوداؤد عن شعبۃ عن الاعمش عن مجاھد عن ابن عمر قال انفلق القمر علی عھد
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشھدوا ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا**
عبد بن حمید نا محمد بن کثیر نا سلیمٰن بن کثیر عن حصین عن محمد بن جبیر بن مطعم عن ابیہ قال انشق القمر علی عھد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم حتی صار فرقتین علی ھذا الجبل وعلی ھذا الجبل فقالوا سحرنا محمد فقال بعضھم لئن کان سحرنا فما یستطیع
ان یسحر الناس کلھم وقد روی بعضھم ھذا الحدیث عن حصین عن جبیر بن محمد بن جبیر بن مطعم عن ابیہ عن جدہ جبیر

الذین یجتنبون کبائر الاثم یعنے وہ لوگ کہ بچتے ہیں بڑے گناہوں سے اور بےحیائیوں سے مگر چھوٹے گناہوں سے۔ کہا اُسنے فرمایا نبی صلے اللہ
علیہ وسلم نے ای اللہ اگر تو بخشے تو بخش سکتا ہے تمام کو اور کونسا تیرا بندہ ہے کہ جسنے گناہ نہ کیا ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے نہیں
پہچانتے ہم اسکو مگر طریق زکریا بن اسحاق سے **تفسیر سورۂ قمر حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے
علی بن مسہر نے اعمش سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے ابی معمر سے اُسنے ابن مسعود سے کہا اُسنے اسوقت ہیں کہ ہم ساتھ
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے منیٰ میں تھے کہ چاند دو ٹکڑے ہو گیا ایک ٹکڑا پیچھے پہاڑ کے تھا اور ایک ٹکڑا آگے
اُسکے سو فرمایا ہمکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے گواہ رہو تم یعنے اقتربت الساعۃ وانشق القمر نزدیک آئی قیامت اور
پھٹ گیا چاند۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے معمر سے
اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے کہا اُسنے اہل مکہ نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مکہ میں دو بار آیت فانشق القمر کا سوال کیا
سو یہ آیت نازل ہوئی اقتربت الساعۃ وانشق القمر سحر مستمر تک معنے اسکے جانیوالا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث**
کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابن ابی نجیح سے اُسنے مجاہد سے اُسنے ابی معمر سے اُسنے ابن مسعود
سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں چاند پھٹ گیا سو فرمایا ہمکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے گواہ رہو تم۔ یہ
حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابوداؤد نے شعبہ سے اُسنے اعمش سے
اُسنے مجاہد سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں چاند پھٹ گیا پس فرمایا رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم نے گواہ رہو تم۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن کثیر نے
کہا حدیث کی ہمسے سلیمان بن کثیر نے حصین سے اُسنے محمد بن جبیر بن مطعم سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں چاند پھٹ گیا یہانتک کہ دو ٹکڑے ہو گیا اس پہاڑ پر اور اُس پہاڑ پر پس کہا انھوں نے ہمکو محمد نے سحر کر لیا
سو کہا بعض نے اُنہیں سے اگر ہمکو اُسنے سحر کر لیا ہے تو اسکو یہ طاقت تو نہیں کہ تمام لوگوں کو سحر کرلے۔ اور روایت کیا ہے بعض نے اس حدیث کو
حصین سے اُسنے جبیر بن محمد بن جبیر بن مطعم سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا جبیر

[1] یہ بیت امیہ بن صلت کی ہے جسکو آنحضرت نے پڑھا ہے یعنے ای اللہ تیری شان سے یہی ہے تمام گناہ کبیرہ معاف کرتا۔ اور کسی کا یہ کام نہیں اور صغیرہ گناہ جو نکو تو ہم تیری طرف منسوب ہی نہیں کرتے
کیونکہ اُنسے کوئی بشر خالی نہیں اور ایسے گناہ جو صغیرہ ہوتے ہیں کبائر سے اجتناب کرنے سے بھی معاف ہو جاتے ہیں اور شرط جو ہے شک کے واسطے نہیں بلکہ واسطے تعلیل کے ہے۱۲

هٰذا حديث حسن غريب لا نعرفه من حديث ابن عباس الا من هٰذا الوجه وروى على بن صالح هٰذا الحديث عن ابى اسحٰق عن ابى جحيفة نحو هٰذا وقد روى عن ابى اسحٰق عن ابى ميسرة شئ من هٰذا مرسلا

سورة الحديد

حدثنا عبد بن حميد وغير واحد المعنى واحد قالوا انا يونس بن محمد نا شيبان بن عبد الرحمٰن عن قتادة قال حدث الحسن عن ابى هريرة قال بينما نبى الله صلى الله عليه وسلم جالس واصحابه اذ اتى عليهم سحاب فقال نبى الله صلى الله عليه وسلم هل تدرون ما هٰذا قالوا الله ورسوله اعلم قال هٰذا العنان هٰذه روايا الارض يسوقه الله الى قوم لا يشكرونه ولا يدعونه ثم قال هل تدرون ما فوقكم قالوا الله ورسوله اعلم قال فانها الرقيع سقف محفوظ وموج مكفوف ثم قال هل تدرون كم بينكم وبينها قالوا الله ورسوله اعلم قال بينكم وبينها خمسمائة سنة ثم قال هل تدرون ما فوق ذلك قالوا الله ورسوله اعلم قال فان فوق ذلك سمائين ما بينهما مسيرة خمسمائة عام حتى عد سبع سموات ما بين كل سمائين ما بين السماء والارض ثم قال هل تدرون ما فوق ذلك قالوا الله ورسوله اعلم قال فان فوق ذلك العرش وبينه وبين السماء بعد ما بين السمائين ثم قال هل تدرون ما الذى تحتكم قالوا الله ورسوله اعلم قال فانها الارض ثم قال هل تدرون ما الذى تحت ذلك قالوا الله ورسوله اعلم قال فان تحتها ارضا اخرى بينهما مسيرة خمسمائة سنة حتى عد سبع ارضين بين كل ارضين مسيرة خمسمائة سنة ثم قال والذى نفس محمد بيده لو انكم دليتم بحبل الى الارض السفلى لهبط على الله ثم قرء هو الاول والاٰخر والظاهر والباطن وهو بكل شئ عليم هٰذا حديث غريب من هٰذا الوجه ويروى عن ايوب ويونس بن عبيد وعلى بن زيد قالوا لم يسمع الحسن عن ابى هريرة

یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو طریق ابن عباس سے مگر اسی وجہ سے۔ اور روایت کی ہے علی بن صالح نے اس حدیث کو ابی اسحاق سے اُسنے ابی جحیفہ سے مثل اسکے۔ اور مروی ہے بواسطہ ابی اسحاق کے ابی میسرہ سے کچھ حصہ اس سے مرسل

تفسیر سورۂ حدید

حدیث کی ہمسے عبد بن حمید اور کئی ایک نے (معنے سب کے واحد ہیں) کہا انھون نے حدیث کی ہمسے یونس بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے شیبان بن عبد الرحمٰن نے قتادہ سے کہا اُسنے حدیث کی حسن نے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے اس وقت مین کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے اور اصحاب آپ کے کہ اُنپر بادل آیا پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تم جانتے ہو کہ یہ کیا ہے کہا اُنھون نے اللہ اور رسول اسکا بہتر جانتا ہے فرمایا آپ نے یہ بادل پیاسی زمین کا ہے اسکو اللہ تعالی اس قوم کی طرف چلا رہا ہے جو اسکا شکر نہین کرتے اور نہ اس سے مانگتے ہین پھر فرمایا آپ نے کیا تم جانتے ہو کہ اوپر تمھارے کیا ہے کہا انھون نے اللہ اور رسول اسکا بہتر جانتا ہے فرمایا آپ نے وہ آسمان ہے چھت ہے محفوظ اور موج ہے بند کی گئی پھر فرمایا آپ نے کیا تم جانتے ہو کہ کسقدر مسافت ہے درمیان تمھارے اور اسکے۔ کہا انھون نے اللہ اور رسول اسکا بہتر جانتا ہے فرمایا آپ نے درمیان تمھارے اور اسکے پانچ سو برس کا راستہ ہے پھر فرمایا آپ نے کیا تم جانتے ہو کہ اسکے اوپر کیا ہے کہا انھون نے اللہ اور رسول اسکا بہتر جانتا ہے فرمایا آپ نے اوپر اسکے دو اور آسمان ہین درمیان ان دونون کے پانچ سو برس کی سیر ہے یہانتک کہ آپ نے سات آسمان گنے درمیان ہر دو آسمانون کے اسقدر (مسافت) ہے جسقدر کہ درمیان آسمان اور زمین کے ہے پھر فرمایا آپ نے کیا تم جانتے ہو کہ اسکے اوپر کیا ہے کہا انھون نے اللہ اور رسول اسکا بہتر جانتا ہے فرمایا آپنے اوپر اسکے عرش ہے درمیان اسکے اور ہر آسمان کے مسافت اسقدر ہے کہ جو درمیان دو آسمانون کے ہے پھر فرمایا آپ نے کیا تم جانتے ہو اسکو جو نیچے تمھارے ہے کہا انھون نے اللہ اور رسول اسکا بہتر جانتا ہے فرمایا آپ نے وہ زمین ہے پھر فرمایا آپ نے کیا تم جانتے ہو اسکو جو نیچے اسکے ہے کہا انھون نے اللہ اور رسول اسکا بہتر جانتا ہے فرمایا آپنے نیچے اسکے ایک اور زمین ہے درمیان ان دونون کے پانچ سو برس کی مسافت ہے یہانتک کہ آپ نے سات زمینین شمار کین درمیان ہر دو زمینون کے پانچ سو برس کی سیر ہے پھر فرمایا آپ نے قسم ہے اس ذات کی کہ جان محمد کی اسکے ہاتھ مین ہے اگر تم کوئی رسی نیچے کی زمین کی طرف ڈالو تو ضرور اللہ پر گرے پھر پڑھا آپ نے ہو الاول والآخر الخ یعنے وہ اول ہے اور آخر ہے اور ظاہر ہے اور باطن ہے اور وہ ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ہے یہ حدیث غریب ہے اس طریق سے اور مروی ہے ایوب اور یونس بن عبید اور علی بن زید سے کہا انھون نے حسن نے ابی ہریرہ سے سنا نہین ہے

حدثنا عبد بن حمید نا عبد الرزاق عن معمر عن قتادة عن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان فی الجنة لشجرة یسیر الراکب فی ظلها مائة عام لا یقطعها واقرؤا ان شئتم وظل ممدود وماء مسکوب ھذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن ابی سعید **حدثنا** ابو کریب نا رشدین بن سعد عن عمرو بن الحارث عن دراج عن ابی الھیثم عن ابی سعید عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی قولہ وفرش مرفوعة قال ارتفاعها کما بین السماء والارض ومسیرة ما بینهما خمسمائة عام ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفه الا من حدیث رشدین وقال بعض اھل العلم معنی ھذا الحدیث وارتفاعها کما بین السماء والارض قال ارتفاع الفرش المرفوعة فی الدرجات ما بین کل درجتین کما بین السماء والارض **حدثنا** احمد بن منیع نا الحسین بن محمد نا اسرائیل عن عبد الاعلی عن ابی عبد الرحمٰن عن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتجعلون رزقکم انکم تکذبون قال شکرکم تقولون مطرنا بنوء کذا وکذا وبنجم کذا وکذا ھذا حدیث حسن غریب وروی سفیان عن عبد الاعلی ھذا الحدیث بھذا الاسناد ولم یرفعه **حدثنا** ابو عمار الحسین بن حریث الخزاعی المروزی نا وکیع عن موسی بن عبیدة عن یزید بن ابان عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی قوله انا انشانا ھن انشاء قال ان من المنشأت اللاتی کن فی الدنیا عجائز عمشا رمصا ھذا حدیث غریب لا نعرفه مرفوعا الا من حدیث موسی بن عبیدة وموسی بن عبیدة ویزید بن ابان الرقاشی یضعفان فی الحدیث **حدثنا** ابو کریب نا معٰویة بن ھشام عن شیبان عن ابی اسحٰق عن عکرمة عن ابن عباس قال قال ابو بکر یا رسول اللہ قد شبت قال شیبتنی ھود والواقعة والمرسلات وعم یتساءلون واذا الشمس کورت

حدیث کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے معمر سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے یہ کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ جنت میں ایک درخت ہے سوار اسکے سایہ میں ایک سو سال چلے تو اسکو قطع نہیں کرتا اور پڑھ لو (تصدیق اسکی) اگر تم چاہتے ہو وظل ممدود وماء مسکوب یعنے اور سایہ لمبا اور پانی گرتا ہوا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں روایت ہے ابی سعید سے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے رشدین بن سعد نے اُسنے عمرو بن حارث سے اُسنے دراج سے اُسنے ابی الہیثم سے اُسنے ابی سعید سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر میں وفرش مرفوعة فرمایا آپ نے بلندی انکی اتنی ہے جسقدر کہ درمیان آسمان اور زمین کے ہے اور مسافت درمیان ان دونوں کے پانچ سو سال کی ہے یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق رشدین سے۔ اور کہا بعض اہل علم نے معنے اس حدیث کے کہ بلندی انکی اتنی ہے جسقدر کہ درمیان آسمان اور زمین کے ہے یہ ہیں کہ کہا اُسنے بلندی بچھونوں کی جو بلند ہیں درجات میں اور ہر ایک درجے کے درمیان اسقدر فاصلہ کہ جسقدر درمیان آسمان اور زمین کے ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے حسین بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے اسرائیل نے عبد الاعلی سے اُسنے ابی عبد الرحمٰن سے اُسنے علی سے کہا انھوں نے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے وتجعلون رزقکم الخ یعنے اور کرتے ہو حصہ رزق اپنے کا یہ کہ تم جھٹلاتے ہو فرمایا آپ نے اور کرتے ہو شکر رزق کا یہ کہ جھٹلاتے ہو کہتے ہو ہم[1] فلاں فلاں ستارے اور فلاں فلاں ستارے سے مینھ برسائے گئے ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت کی سفیان نے عبد الاعلی سے یہ حدیث ساتھ اس اسناد کے اور اسکو مرفوع نہیں کیا **حدیث** کی ہمسے ابو عمار یعنے حسین بن حریث خزاعی مروزی نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے موسی بن عبیدہ سے اُسنے یزید بن ابان سے اُسنے انس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کی تفسیر میں انا انشاناھن انشاء یعنے تحقیق ہمنے پیدا کیا ہے عورتوں کو ایک طرح پیدا کرنا۔ فرمایا آپ نے منشأت وہ عورتیں ہیں جو دنیا میں بوڑھیں کم نظر تھیں یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مرفوع مگر طریق موسی بن عبیدہ سے اور موسی بن عبیدہ اور یزید بن ابان دونوں حدیث میں ضعیف ہیں **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے معاویہ بن ہشام نے شیبان سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے کہا حضرت ابو بکر صدیق نے یا رسول اللہ آپ تو بوڑھے ہو گئے ہیں فرمایا آپ نے مجھے سورہ ہود اور واقعہ اور مرسلات اور عم یتساءلون اور اذا الشمس کورت نے بوڑھا کر دیا ہے[2]

[1] یعنے تم شکر رزق کا جو بواسطہ بارش کے تمکو ملتا ہے یوں کرتے ہو کہ اسکی تکذیب کرتے ہو اس طور سے کہ یہ بارش اللہ کی جانب سے نہیں بلکہ فلاں ستارے کے باعث سے ہے اگر کوئی شخص ان ستاروں کو بارش کے ہونے سے موثر بالذات جانے تو کفر ہے ورنہ کفر نہیں یعنے یوں جانے کہ جیسے اور اسباب بارش کے لیے ہوتے ہیں ان اسباب سے یہ بھی ایک سبب ہے [2] اسلئے کہ ان سورتوں میں قیامت اور امور آخرت ماضیہ کے حوادثات کا ذکر ہے اور نیز بعض

ووجدت عند رسول الله صلى الله عليه وسلم السعة والبركة امرني بصدقتكم فادفعوها الى فدفعوها الى هذا حديث حسن قال محمد سليمن بن يسار لم يسمع عندي من سلمة بن صخر قال ويقال سلمة بن صخر ويقال سلمن بن صخر وفي الباب عن خولة بنت ثعلبة **حدثنا** عبد بن حميد نا يونس عن شيبان عن قتادة نا انس بن مالك ان يهوديا اتى على نبي الله صلى الله عليه وسلم واصحابه فقال السام عليكم فرد عليه القوم فقال نبي الله صلى الله عليه وسلم هل تدرون ما قال هذا قالوا الله ورسوله اعلم سلم يا نبي الله قال لا ولكنه قال كذا وكذا ردوه على فردوه فقال قلت السام عليكم قال نعم قال نبي الله صلى الله عليه وسلم عند ذلك اذا سلم عليكم احد من اهل الكتاب فقولوا عليك ما قلت قال واذا جاؤك حيوك بما لم يحيك به الله هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** سفيان بن وكيع نا يحيى بن آدم نا عبيد الله الاشجعي عن سفيان الثوري عن عثمن بن المغيرة الثقفي عن سالم بن ابي الجعد عن علي بن علقمة الانماري عن علي بن ابي طالب قال لما نزلت يا ايها الذين امنوا اذا ناجيتم الرسول فقدموا بين يدي نجوٰكم صدقة قال لي النبي صلى الله عليه وسلم ما ترى دينار قلت لا يطيقونه قال فنصف دينار قلت لا يطيقونه قال فكم قلت شعيرة قال انك لزهيد قال فنزلت أأشفقتم ان تقدموا بين يدي نجوٰكم صدقات الاية قال فبي خفف الله عن هذه الامة هذا حديث حسن غريب انما نعرفه من هذا الوجه ومعنى قوله شعيرة يعني وزن شعيرة من ذهب **سورة الحشر حدثنا** قتيبة نا الليث عن نافع عن ابن عمر قال حرق رسول الله صلى الله عليه وسلم نخل بني النضير

اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس مین نے کشادگی اور برکت پائی ہو مجھے آپ نے تمھارے صدقے کا حکم دیا ہے سو وہ صدقہ مجھے دیدو پس انھون نے مجھے وہ صدقہ دیدیا۔ یہ حدیث حسن ہے کہا محمد نے میرے نزدیک سلیمان بن یسار نے سلمہ بن صخر سے سنا نہین ہے کہا اُسنے اور کہا جاتا ہے سلمہ بن صخر اور کہا جاتا ہے سلمان بن صخر۔ اور اس باب مین روایت ہے خولہ بن ثعلبہ سے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے یونس نے شیبان سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس بن مالک سے یہ کہ ایک یہودی پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور انکے اصحاب کے آیا سو کہا اُسنے السام علیکم (جسکے معنے ہین موت ہو تمپر) سو قوم نے اسکا جواب دیا یعنے وعلیکم السلام) سو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تم جانتے ہو کہ اسنے کیا کہا ہے کہا انھون نے اللہ اور رسول اسکا بہتر جانتا ہے اُسنے تو اے نبی اللہ کے سلام دیا ہے فرمایا آپ نے کہ نہین لیکن اسنے تو یون کہا ہے اسکو میرے پاس لے آؤ پس اسکو آپ کے پاس لائے سو فرمایا آپ نے تو نے کہا ہے السام علیکم کہا اُسنے ہان فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اسوقت یہی کہ جب کوئی اہل کتاب سے تمکو سلام دے تو تم اسکے جواب مین کہو تجھپر ہو جو تو نے کہا ہے فرمایا آپ نے واذا جاؤک الخ یعنے اور جب آتے ہین تیرے پاس تحفہ دیتے ہین تجھکو ساتھ اس چیز کے کہ نہین تحفہ دیا تجھکو ساتھ اسکے اللہ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن آدم نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ اشجعی نے سفیان ثوری سے اُسنے عثمان بن مغیرہ ثقفی سے اُسنے سالم بن ابی الجعد سے اُسنے علی بن علقمہ انماری سے اُسنے علی بن ابی طالب سے کہا انھون نے جب یہ آیت نازل ہوئی یا ایہا الذین آمنوا اذا ناجیتم الخ یعنے اے ایمان والو جسوقت مصلحت کرنیکو آؤ تم پیغمبر سے پس کرلو آگے مصلحت کرنے سے کچھ خیرات تو مجھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیری کیا راے ہے کیا ایک دینار مین نے کہا لوگ اسکی طاقت نہین رکھین گے فرمایا آپ نے نصف دینار مین نے کہا لوگ اسکی طاقت نہین رکھین گے فرمایا پس کسقدر مین نے کہا ایک شعیر فرمایا آپ نے تو تو بہت تنگدست ہے کہا حضرت علی نے پس یہ آیت نازل ہوئی أأشفقتم ان تقدموا الخ یعنے کیا ڈر گئے تم یہ کہ آگے بھیجو تم پہلے مصلحت کرنے اپنی سے خیرات الخ کہا حضرت علی نے سو میرے باعث اللہ تعالی نے اس امت سے تخفیف فرمائی ہے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اسی طرق سے۔ اور معنے قول شعیرہ کے یعنے وزن شعیرہ کا سونے سے **تفسیر سورہ حشر حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے بنی نضیر کی کھجورون کو جلادیا

ف منافق بیفائدہ باتین حضرت سے کان مین کرنے کہ لوگون کو برا ہی برا جتاوین حضرت خلق کے سبب منع نہ کرتے یہ حکم اترا جب بخل کے مارے منافقون نے وہ عادت چھوڑی پیچھے یہ حکم سوقوف ہوا مردی ہے کہ جب صدقے کی آیت اتری تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ایک بات کے پوچھنے کی ضرورت ہوئی تو صدقہ دیکر آپ سے آکر پوچھی اسیطرح ایک اور بار بھی دو بار حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ہی اس آیت پر عمل کیا ہو

وفسر بعض اهل العلم هٰذا الحديث فقالوا انما هبط على علم الله وقدرته وسلطانه وعلم الله وقدرته وسلطانه فى كل مكان وهو على العرش كما وصف فى كتابه **سورة المجادلة** حدثنا عبد بن حميد والحسن بن على الحلوانى المعنى واحد قالا انا يزيد بن هارون انا محمد بن اسحٰق عن محمد بن عمرو بن عطاء عن سليمٰن بن يسار عن سلمة بن صخر الانصارى قال كنت رجلا قد اوتيت من جماع النساء مالم يوت غيرى فلما دخل رمضان تظاهرت من امرأتى حتى ينسلخ رمضان فرقا من ان اصيب منها فى ليلى فاتتابع فى ذلك الى ان يدركنى النهار وانا لا اقدر ان انزع فبينما هى تخدمنى ذات ليلة اذ تكشف لى منها شئ فوثبت عليها فلما اصبحت غدوت على قومى فاخبرتهم خبرى فقلت انطلقوا معى الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فاخبره بامرى فقالوا لا والله لا نفعل نتخوف ان ينزل فينا قرآن او يقول فينا رسول الله صلى الله عليه وسلم مقالة يبقى علينا عارها ولكن اذهب انت فاصنع ما بدا لك قال فخرجت فاتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فاخبرته خبرى فقال انت بذاك قلت انا بذاك قال انت بذاك قلت انا بذاك قال انت بذاك قلت انا بذاك وها انا ذا فامض فى حكم الله فانى صابر لذلك قال اعتق رقبة قال فضربت صفحة عنقى بيدى فقلت لا والذى بعثك بالحق ما اصبحت املك غيرها قال فصم شهرين قلت يارسول الله وهل اصابنى ما اصابنى الا فى الصيام قال فاطعم ستين مسكينا قلت والذى بعثك بالحق لقد بتنا ليلتنا هذه وحشى مالنا عشاء قال اذهب الى صاحب صدقة بنى زريق فقل له فليدفعها اليك فاطعم عنك منها وسقا ستين مسكينا ثم استعن بسائره عليك وعلى عيالك قال فرجعت الى قومى فقلت وجدت عندكم الضيق وسوء الرای

اور بعض اہل علم نے اس حدیث کی تفسیر کی ہے کہ کہا انھوں نے کہ بیشک وہ رسی اللہ کے علم پر اور اسکی قدرت پر اور اسکے غلبہ پر ہے اور اللہ کا علم اور قدرت اور غلبہ ہر مکان میں ہے اور وہ خود عرش پر ہے جیسا کہ اسنے اپنی کتاب میں بیان کیا ہے۔ **تفسیر سورہ مجادلہ** حدیث کی ہمسے عبد بن حمید اور حسن بن علی حلوانی نے معنے واحد ہیں کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا خبر دی ہمکو محمد بن اسحاق نے محمد بن عمرو بن عطاء سے اُسنے سلیمان بن یسار سے اُسنے سلمہ بن صخر انصاری سے کہا اُسنے مجھے عورتوں سے جماع کرنیکی اسقدر طاقت دی گئی تھی کہ میرے سوا اور کسیکو نہ تھی پس جب مہینہ رمضان کا آیا تو مین نے اپنی عورت سے ظہار کر دیا تاکہ رمضان گذر جائے اس خوف سے کہ مین شاید اسکے ساتھ کسی رات مین جماع کرون اور مین اسقدر اسمین مشغول ہون کہ صبح ہو جائے اس حالت مین کہ مین علیحدہ نہو سکون پس ایک رات مین وہ میری خدمت کر رہی تھی کہ ناگاہ اسکا کچھ بدن ننگا ہو گیا سو مین اسپر کود پڑا پھر جب صبح ہوئی تو مین اپنی قوم کے پاس آیا اور انکو اپنی خبر دی اور مین نے کہا میرے ساتھ تم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس چلو تاکہ مین آپکو اپنے حال کی خبر دون انھون نے کہا قسم ہے اللہ کی ہمتو یہ نہین کرینگے ہم خوف کرتے ہین کہ ہم مین قران نازل ہو یا رسول اللہ صلعم ہمارے حق مین کوئی ایسی بات کرین جسکی عار ہمپر باقی رہے لیکن خود تو جا اور کر جو تجھے ظاہر ہو کہا اُسنے پس مین نکلا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور انکو اپنی خبر دی سو فرمایا آپ نے تو اسی لائق تھا مین نے کہا مین اسی لائق تھا فرمایا آپ نے تو اسی لائق تھا مین نے کہا مین اسی لائق تھا فرمایا آپ نے تو اسی لائق تھا مین نے کہا مین اسی لائق تھا اور مین اس جگہ بیٹھا ہون سو میرے حق مین حکم اللہ کا جاری کیجیے اسلیے کہ مین اسپر صبر کرنیوالا ہون فرمایا آپ نے ایک غلام آزاد کر کہا اُسنے مین نے اپنی گردن پر اپنا ہاتھ مارا اور کہا قسم ہے اس ذات کی کہ جسنے آپکو ساتھ حق کے بھیجا ہے مین تو سوا اسکے اور کسی چیز کا مالک نہین ہون فرمایا آپ نے سو دو مہینے کے روزے رکھ مین نے کہا یا رسول اللہ اور نہین پہونچا مجھے جو کچھ پہونچا ہے مگر روزہ سے فرمایا آپ نے ساٹھ مسکینون کو کھانا کھلا مین نے کہا قسم ہے اس ذات کی کہ جسنے آپکو ساتھ حق کے بھیجا ہے ہمنے یہ رات بھوکھ مین ہی گذاری ہے ہمارے پاس کچھ کھانا نہین تھا فرمایا آپ نے بنی زریق کے صدقہ کے صاحب کی طرف جا اور اسکو کہہ کہ وہ صدقہ تجھے دیدے پس تو اس سے ساٹھ مسکینون کو کھانا دیدے پھر باقی سے اپنی اور اپنی عیال کی مدد کر کہا اُسنے پھر مین اپنی قوم کے پاس آیا اور کہا مین نے تو تمسے تنگی اور بری رائے پائی تھی

عن عمرو بن دینار عن الحسن بن محمد هو ابن الحنفیة عن عبید الله بن ابی رافع قال سمعت علی بن ابی طالب یقول بعثنا رسول الله صلی الله علیه وسلم انا والزبیر والمقداد بن الاسود فقال انطلقوا حتی تاتوا روضة خاخ فان بها ظعینة معها کتاب فخذوه منها فأتونی به فخرجنا تعادی بنا خیلنا حتی اتینا الروضة فاذا نحن بالظعینة فقلنا اخرجی الکتاب فقالت ما معی من کتاب قلنا لتخرجن الکتاب او لتلقین الثیاب قال فاخرجته من عقاصها قال فاتینا به رسول الله صلی الله علیه وسلم فاذا هو من حاطب بن ابی بلتعة الی اناس من المشرکین بمکة یخبرهم ببعض امر النبی صلی الله علیه وسلم فقال ما هذا یا حاطب قال لا تعجل علی یا رسول الله انی کنت امرأ ملصقا فی قریش ولم اکن من انفسها وکان من معك من المهاجرین لهم قرابات یحمون بها اهلیهم واموالهم بمکة فاحببت اذ فاتنی ذلك من نسب فیهم ان اتخذ فیهم یدا یحمون بها قرابتی وما فعلت ذلك کفرا وارتدادا عن دینی ولا رضی بالکفر فقال النبی صلی الله علیه وسلم صدق فقال عمر بن الخطاب دعنی یا رسول الله اضرب عنق هذا المنافق فقال النبی صلی الله علیه وسلم انه قد شهد بدرا فما یدریك لعل الله اطلع علی اهل بدر فقال اعملوا ما شئتم فقد غفرت لکم قال وفیه انزلت هذه السورة یا ایها الذین اٰمنوا لا تتخذوا عدوی وعدوکم اولیاء تلقون الیهم بالمودة السورة قال عمرو قد رأیت ابن ابی رافع وکان کاتبا لعلی هذا حدیث حسن صحیح وفیه عن عمر وجابر بن عبد الله وروی غیر واحد عن سفیان بن عیینة هذا الحدیث نحو هذا وذکروا هذا الحرف فقالوا لتخرجن الکتاب او لتلقین الثیاب هذا حدیث قد روی ایضا عن ابی عبد الرحمٰن السلمی عن علی بن ابی طالب نحو هذا الحدیث وذکر بعضهم فیه لتخرجن الکتاب او لنجردنك **حدثنا** عبد بن حمید نا عبد الرزاق عن معمر عن الزهری

عمرو بن دینار سے اُسنے حسن بن محمد سے جو بیٹا حنفیہ کا ہے اُسنے عبید اللہ بن ابی رافع سے کہا اُسنے سنا مین نے علی بن ابی طالب سے کہ فرماتے تھے مجھے اور زبیر اور مقداد بن اسود کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بھیجا اور کہا جاؤ اور روضہ خاخ مین پہونچو اسلیے کہ اسمین ایک عورت ہے اسکے پاس ایک خط ہے سو اس خط کو اس سے چھین لو اور میرے پاس لے آؤ پس ہم گھوڑون کو دوڑاتے ہوئے نکلے حتے کہ ہم اس روضہ مین آئے دیکھا تو وہ عورت موجود ہے سو ہمنے اس سے کہا خط کو نکال اُسنے کہا میرے پاس تو خط کوئی نہین ہمنے کہا خط کو نکال یا تو کپڑونکو ڈالے گی کہا حضرت علی نے سو اُسنے اس خط کو اپنے بالون سے نکال دیا کہا حضرت علی نے پس ہم اسکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لائے دیکھا تو وہ خط حاطب بن ابی بلتعہ کی طرف سے مکہ کے مشرکین کی طرف تھا انکو بعض امور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی خبر دیتا تھا سو فرمایا آنحضرت نے اے حاطب اسکا کیا باعث ہے کہا اُسنے یارسول اللہ آپ مجھپر جلدی نکریے مین قریش مین ملا جلا تھا اور انکے نسب سے نہ تھا اور جو لوگ آپ کے ساتھ مہاجرین سے ہین انکی انکے ساتھ قرابت ہے وہ بباعث اس قرابت کے انکے بال بچون اور مالونکی مکہ مین حفاظت کرتے ہین سو مین نے چاہا اس سبب سے کہ میرے قرابت انکے ساتھ نتھے کہ مین انکے ساتھ راہ رسم پیدا کرون کہ اسکے سبب میرے بال بچون کی حفاظت کرین اور مین نے یہ کام اسلیے نہین کیا کہ مین کافر دین سے پھر گیا ہون اور نہ کفر سے راضی ہون پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے سچ کہا اُسنے سو کہا حضرت عمر بن خطاب نے مجھے چھوڑ دیجئے یارسول اللہ کہ اس منافق کی گردن مارون سو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ تو بدر کی لڑائی مین موجود تھا اور کس چیز نے تجھے معلوم کرایا ہے امید ہے کہ خدا بدر والونکے ایمان کو خوب جان چکا ہے سو کہا ہے خدا نے انسے کہ کرو جو تمھارا جی چاہے مین تو تمکو بخش چکا کہا حضرت علی نے اور اسی مین یہ سورت نازل ہوئی ہے یا ایہا الذین اٰمنوا لا تتخذوا عدوی وعدوکم اولیاء تلقون الیہم بالمودۃ الخ۔ کہا عمرو نے مین نے ابن ابی رافع کو دیکھا ہے اور وہ حضرت علی کا کاتب تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسمین روایت ہے عمر اور جابر بن عبد اللہ سے اور کئی ایک نے سفیان بن عیینہ سے اس حدیث کو مثل اسکے روایت کیا ہے اور ذکر کیا انھون نے اس حرف کو کہ کہا انھون نے نکال کتاب کو یا ڈال کپڑونکو۔ اور نیز یہ حدیث بواسطہ ابی عبد الرحمٰن سلمی کے علی بن ابی طالب سے مثل اسکے مروی ہے اور بعض نے اسمین یون ذکر کیا ہے نکال خط کو یا تجھے ہم ننگا کرینگے۔ **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے معمر سے اُسنے زہری سے

۱؎ ایک بار حضرت نے ارادہ کیا کہ مکہ مین اچانک جا پہونچین اور کافرونکو غافل پاکر مارلین حاطب نے یہ حال مکے والون کو خط مین لکھ بھیجا حضرت کو یہ حال وحی سے معلوم ہوا حضرت نے علی مرتضے

وقطع وهي البويرة فانزل الله ما قطعتم من لينة او تركتموها قائمة على اصولها فباذن الله وليخزي الفاسقين هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** الحسن بن محمد الزعفراني نا عفان نا حفص بن غياث نا حبيب بن ابي عمرة عن سعيد بن جبير عن ابن عباس في قول الله عز وجل ما قطعتم من لينة او تركتموها قائمة على اصولها قال اللينة النخلة وليخزي الفاسقين قال استنزلوهم من حصونهم قال وامروا بقطع النخل فحك في صدورهم فقال المسلمون قد قطعنا بعضا وتركنا بعضا فلنسألن رسول الله صلى الله عليه وسلم هل لنا فيما قطعنا من اجر وهل علينا فيما تركنا من وزر فانزل الله ما قطعتم من لينة او تركتموها قائمة على اصولها الآية هذا حديث حسن غريب وروى بعضهم هذا الحديث عن حفص بن غياث عن حبيب بن ابي عمرة عن سعيد بن جبير مرسلا ولم يذكر فيه عن ابن عباس **حدثنا** بذلك عبد الله بن عبد الرحمن عن هارون بن معوية عن حفص بن غياث عن حبيب بن ابي عمرة عن سعيد بن جبير عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا **قال** ابو عيسى سمع مني محمد بن اسمعيل هذا الحديث **حدثنا** ابو كريب نا وكيع عن فضيل بن غزوان عن ابي حازم عن ابي هريرة ان رجلا من الانصار بات به ضيف فلم يكن عنده الا قوته وقوت صبيانه فقال لامرأته نومي الصبية واطفي السراج وقربي للضيف ما عندك فنزلت هذه الآية ويوثرون على انفسهم ولو كان بهم خصاصة هذا حديث حسن صحيح **سورة الممتحنة** **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان

اور قطع کر دیا[1] اور وہ بویرہ ہیں پس اللہ تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی ما قطعتم من لینۃ الخ یعنے جو کچھ کہ کاٹ ڈالا تمنے کوئی تنہ درخت کا یا چھوڑ دیا ہے تمنے اسکو کھڑا اوپر جڑون اسکی کے پس ساتھ حکم خدا کے اور تو کہ رسوا ہوں فاسق یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے حسن بن محمد زعفرانی نے کہا حدیث کی ہمسے عفان نے کہا حدیث کی ہمسے حفص بن غیاث نے کہا حدیث کی ہمسے حبیب بن ابی عمرہ نے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے اس آیت کی تفسیر میں ما قطعتم من لینۃ الخ یعنے جو کچھ کہ کاٹ ڈالا تمنے کوئی تنہ درخت کا یا چھوڑ دیا ہے تمنے اسکو کھڑا اوپر جڑ دن اسکی کے کہا اُسنے لینہ کے معنے کھجور کے ہیں اور تو کہ خوار کرے فاسقوں کو کہا اُسنے اس قوم سے قلعہ سے اترنیکے واسطے کہا گیا کہا اُسنے اور انکی کھجورین کاٹنے کا حکم دیا گیا سو انکے دلمیں کھٹکا گذرا پس کہا مسلمانوں نے ہمنے بعض کو قطع کر دیا ہے اور بعض کو چھوڑ دیا ہے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سوال کریں کہ کیا ہمارے لیے اس چیز میں کہ جسکو ہمنے کاٹا ہے کچھ اجر ہے اور کیا ہمپر اس چیز میں کہ جسکو ہمنے چھوڑ دیا ہے کچھ گناہ ہے پس اللہ تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی ما قطعتم من لینۃ او ترکتموہا قائمۃ علی اصولہا الآیۃ یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت کیا ہے بعض نے اس حدیث کو حفص بن غیاث سے اُسنے حبیب بن ابی عمرہ سے اُسنے سعید بن جبیر سے مرسل اور اُسنے اسمیں ابن عباس کا ذکر نہیں کیا **حدیث** کی ہمسے ساتھ اسکے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے ہارون بن معاویہ سے اُسنے حفص بن غیاث سے اُسنے حبیب بن ابی عمرہ سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسل۔ کہا ابو عیسی نے یہ حدیث مجھسے محمد بن اسمٰعیل نے سنی ہے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے فضیل بن غزوان سے اُسنے ابی حازم سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ ایک مرد انصاری کے گھر میں ایک مہمان نے رات گذاری اور اسکے پاس سوائے اپنے قوت اور قوت لڑکون کے اور کچھ نہ تھا پس اُسنے اپنی عورت سے کہا بچون کو سلا دے اور چراغ کو گل کر اور مہمان کے آگے جو کچھ تیرے[2] پاس ہے رکھدے پس یہ آیت نازل ہوئی ویؤثرون علی انفسہم الخ یعنے اور اختیار کرتے ہیں اوپر جانون اپنی کے اگرچہ ہو انکو تنگی یہ حدیث حسن صحیح ہے **تفسیر سورہ ممتحنہ**

حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے

[1] جب یہ قوم قلعہ میں بند ہوئی حضرت نے حکم دیا کہ اُنکے باغ کاٹو اور کھیت اجاڑو تا کہ اسکے ڈر سے باہر نکلکر لڑیں پھر کاٹنے لگے وہ لگے طعن کرنے کہ تو کافر کہتے ہو اس سے مارتے ہو کیا درخت کی کافر ہیں جو کاٹتے ہو بعضے مسلمانوں کو شبہ آنے لگا تب یہ آیت اتری ۱۲ [2] چراغ کے گل کرنے کی وجہ یہ تھی کہ مہمان جب کھانا کھانے لگے تو معلوم نہ کرے کہ اسکے پاس اور کچھ نہیں ہے اگر یہ معلوم کریگا تو کھانا نہیں کھائیگا اور روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ ہم بھی اندھیرے میں ہونٹ ہلاتے رہینگے تا اسکو معلوم ہو کہ یہ بھی کھانا کھا رہے ہیں اس عورت نے بموجب کہنے اپنے خاوند کے اسیطرح ہی کیا جیسا کہ اُسنے کہا تھا پھر اسکے حق میں یہ آیت اتری ویؤثرون علی انفسہم الخ یعنے یہ لوگ ایسے ہیں کہ اپنی جانو پر اور لوگونکو اختیار کرتے ہیں اپنے نفس کو کچھ نہیں سمجھتے ۱۲

نحو روایة محمد بن کثیر **سورة الجمعة حدثنا** علی بن حجر انا عبد اللہ بن جعفر نی ثور بن زید الدیلی عن ابی الغیث عن ابی ہریرة قال کنا عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین انزلت سورة الجمعة فتلاھا فلما بلغ وآخرین منھم لما یلحقوا بھم قال لہ رجل یا رسول اللہ من ھؤلاء الذین لم یلحقوا بنا فلم یکلمہ قال وسلمان فینا قال فوضع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدہ علی سلمان فقال والذی نفسی بیدہ لو کان الایمان بالثریا لتناولہ رجال من ھؤلاء ھذا حدیث غریب وعبد اللہ بن جعفر ھو والد علی بن المدینی ضعفہ یحیی بن معین وقد روی ھذا الحدیث عن ابی ہریرة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من غیر ھذا الوجہ وابو الغیث اسمہ سالم مولی عبد اللہ بن مطیع وثور بن زید مدنی وثور بن یزید شامی **حدثنا** احمد بن منیع نا ھشیم نا حصین عن ابی سفیان عن جابر قال بینما النبی صلی اللہ علیہ وسلم یخطب یوم الجمعة قائما اذ قدمت عیر المدینة فابتدرھا اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی لم یبق منھم الا اثنا عشر رجلا فیھم ابو بکر وعمر ونزلت ھذہ الآیة واذا راوا تجارة او لھوا انفضوا الیھا ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** احمد بن منیع نا ھشیم نا حصین عن سالم بن ابی الجعد عن جابر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم بنحوہ ھذا حدیث حسن صحیح

ومن سورة المنافقین حدثنا عبد بن حمید نا عبید اللہ بن موسی عن اسرائیل عن ابی اسحٰق عن زید بن ارقم قال کنت مع عمی فسمعت عبد اللہ بن ابی بن سلول یقول لاصحابہ لا تنفقوا علی من عند رسول اللہ حتی ینفضوا ولئن رجعنا الی المدینة لیخرجن الاعز منھا الاذل فذکرت ذلک لعمی فذکر ذلک عمی للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فدعانی النبی صلی اللہ علیہ وسلم

مثل روایت محمد بن کثیر کے۔ **تفسیر سورۂ جمعہ حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن جعفر نے کہا حدیث کی مجھے ثور بن زید دیلی نے ابی الغیث سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے جبکہ سورۂ جمعہ نازل ہوئی تھی سو آپ نے اسکو پڑھا پس جب آپ اس آیت پر پہونچے وَآخَرِیْنَ مِنْھُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِھِمْ تو ایک مرد نے کہا یا رسول اللہ کون ہیں یہ لوگ جو ابھی ہمکو نہیں ملے پس آپ نے اس سے کچھ بات نہ کی کہا راوی نے اور سلمان فارسی بھی ہم میں موجود تھا کہا راوی نے سو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک سلمان پر رکھا اور کہا قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری اسکے ہاتھ میں ہے اگر ایمان ثریا پر ہوتا تو ان لوگوں سے کئی مرد اسکو حاصل کر لیتے۔ یہ حدیث غریب ہے اور عبد اللہ بن جعفر وہ والد علی بن مدینی کا ہے اسکو یحیی بن معین نے ضعیف کیا ہے۔ اور مروی ہے بواسطہ ابی ہریرہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے غیر اس طریق سے بھی۔ اور ابو اللیث کا نام سالم ہے جو غلام عبد اللہ بن مطیع کا ہے اور ثور بن زید مدنی ہے۔ اور ثور بن یزید شامی ہے۔ **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے کہا حدیث کی ہمسے حصین نے ابی سفیان سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے اسوقت ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن کھڑے ہوکر خطبہ پڑھ رہے تھے کہ ناگاہ مدینہ کا قافلہ آیا[1] پس اسکی طرف رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے جلدی کی یہانتک کہ نہ باقی رہے اُنمیں مگر بارہ مرد انہیں حضرت ابو بکر اور حضرت عمر تھے اور نازل ہوئی یہ آیت وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَھْوًا انْفَضُّوْا اِلَیْھَا یعنے اور جس وقت کہ دیکھتے ہیں سوداگری یا تماشا دوڑے جاتے ہیں طرف اسکے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے کہا حدیث کی ہمسے حصین نے سالم بن ابی الجعد سے اُسنے جابر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **تفسیر سورۂ منافقین حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن موسی نے اسرائیل سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے زید بن ارقم سے کہا اُسنے میں اپنے چچا کے ساتھ تھا سو میں نے عبد اللہ بن ابی بن سلول سے سنا کہ اپنے دوستوں سے کہتا تھا خرچ کرو اوپر اس شخص کے جو نزدیک رسول خدا کے ہیں یہانتک کہ بھاگ جاویں اور اگر ہم پھر جاویں طرف مدینہ کے البتہ نکالدینگے عزت والے انہیں سے ذلت والوں کو سو میں نے یہ بات اپنے چچا سے ذکر کی اور میرے چچا نے نبی صلعم سے ذکر کی پھر آنحضرت نے مجھے بلایا

[1] ایک بار جمعہ میں حضرت خطبہ فرماتے تھے اسی وقت قافلہ آیا اسکے ساتھ نقارا بجتا چلے سے شہر میں اناج کی کمی تھی لوگ دوڑے کہ اسکو ٹھہرا دیں نماز پھر پڑھ لیں گے حضرت کے ساتھ بارہ آدمی رہ گئے جنمیں حضرت ابو بکر اور حضرت عمر بھی تھے انھیں سے آپ نے نماز ادا کی اس سے معلوم ہوا کہ چالیس آدمیوں کی شرط جو امام شافعی نے جمعہ کی صحت کے لیے لگائی ہے درست نہیں ۱۲

عن عروة عن عائشة قالت ما كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يمتحن الا بالآية التي قال الله اذا جاءك المؤمنات يبايعنك الآية قال معمر فاخبرني ابن طاؤس عن ابيه قال مامست يد رسول الله صلى الله عليه وسلم يد امرأة الا امرأة يملكها هٰذا حديث حسن صحيح **حدثنا** عبد بن حميد نا ابو نعيم نا يزيد بن عبد الله الشيباني قال سمعت شهر بن حوشب قال حدثتنا ام سلمة الانصارية قالت قالت امرأة من النسوة ما هٰذا المعروف الذي لا ينبغي لنا ان نعصيك فيه قال لا تنحن قلت يا رسول الله ان بني فلان قد اسعدوني على عمي ولا بد لي من قضائهم فابى علي فأتيته مرارا فاذن لي في قضائهن فلم انح بعد قضائهن ولا غيره حتى الساعة ولم يبق من النسوة امرأة الا وقد ناحت غيري هٰذا حديث حسن غريب وفيه عن ام عطية قال عبد بن حميد ام سلمة الانصارية هي اسماء بنت يزيد بن السكن **ومن سورة الصف حدثنا** عبد الله بن عبد الرحمٰن نا محمد بن كثير عن الاوزاعي عن يحيى بن ابي كثير عن ابي سلمة عن عبد الله بن سلام قال قعدنا نفر من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم فتذاكرنا فقلنا لو نعلم اي الاعمال احب الى الله لعملناه فانزل الله سبح لله ما في السمٰوات وما في الارض وهو العزيز الحكيم يا ايها الذين آمنوا لم تقولون ما لا تفعلون قال عبد الله بن سلام فقرأها علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ابو سلمة فقرأها علينا ابن سلام قال يحيى فقرأها علينا ابو سلمة قال ابن كثير فقرأها علينا الاوزاعي قال عبد الله فقرأها علينا ابن كثير وقد خولف محمد بن كثير في اسناد هٰذا الحديث عن الاوزاعي فروى ابن المبارك عن الاوزاعي عن يحيى بن ابي كثير عن هلال بن ابي ميمونة عن عطاء بن يسار عن عبد الله بن سلام او عن ابي سلمة عن عبد الله بن سلام وروى الوليد بن مسلم هٰذا الحديث عن الاوزاعي

اسنے عروہ سے اُسنے حضرت عائشہ سے کہا انھون نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم (نومسلم عورتون کا) امتحان نہین کرتے تھے مگر ساتھ اس آیت کے اذا جاءک المؤمنات یبایعنک الآیۃ۔ کہا معمر نے پس خبر دی مجھے ابن طاؤس نے اپنے باپ سے کہ کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک نے کسی عورت کے ہاتھ کو مس نہین کیا مگر اس عورت کو کہ جسکے آپ مالک تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے ابو نعیم نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن عبد اللہ شیبانی نے کہا سنا مین نے شہر بن حوشب سے کہا اُسنے حدیث کی ہمسے ام سلمہ انصاریہ نے کہ کہا اُسنے کہا ایک عورت نے عورتون سے کیا ہے وہ نیکی کہ جسمین ہمکو آپکی نافرمانی کرنی لائق نہین فرمایا آپ نے نوحہ نہ کیا کرو مین نے کہا یا رسول اللہ بنی فلان نے میرے چچا پر میری مدد کی ہوئی ہے اور مجھے بھی انکا بدلہ ادا کرنا ضروری ہے سو آنحضرت نے مجھپر انکار کیا اور مین نے آپ سے کئی بار مراجعت کی پھر آپ نے مجھے اُنکے بدلہ ادا کرنے مین اذن دیدیا سو مین نے آج تک بعد پورا کرنے بدلہ کے نوحہ نہین کیا اور نہ غیر پر اور نہین باقی رہی کوئی عورت اُن عورتون سے مگر کہ اُسنے سوائے میرے نوحہ کیا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور اسمین روایت ہے ام عطیہ سے کہا عبد بن حمید نے ام سلمہ انصاریہ وہ اسماء بنت یزید بن سکن ہے اور **بعض تفسیر سورۂ صف** سے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمٰن نے کہا خبر دی ہمکو محمد بن کثیر نے اوزاعی سے اُسنے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے عبد اللہ بن سلام سے کہا اُسنے ہم چند نفر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے بیٹھے ہوئے کچھ مذاکرہ کر رہے تھے سو ہمنے کہا کونسا عمل اللہ تعالیٰ کو پسند ہے کہ ہم وہ کرین پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی سبح للہ ما فی السمٰوات وما فی الارض الخ یعنے پاکی بیان کرتی ہے واسطے اللہ کے جو کچھ کہ بیچ آسمانون کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور وہ ہے غالب حکمت والا اے ایمان والو کیون کہتے ہو جو کچھ نہین کرتے[1]۔ کہا عبد اللہ بن سلام نے پس ہمپر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ سورت پڑھی۔ کہا ابو سلمہ نے ہمپر ابن سلام نے پڑھی کہا یحیی نے ہمپر ابو سلمہ نے پڑھی۔ کہا ابن کثیر نے ہمپر اوزاعی نے پڑھی کہا عبد اللہ نے ہمپر ابن کثیر نے پڑھی۔ اور محمد بن کثیر اس حدیث کی اسناد مین اوزاعی سے روایت کرنے مین مخالفت کیا گیا ہے پس روایت کی ہے ابن مبارک نے اوزاعی سے اُسنے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے ہلال بن ابی میمونہ سے اُسنے عطاء بن یسار سے اُسنے عبد اللہ بن سلام سے یا ابی سلمہ سے اُسنے عبد اللہ بن سلام سے۔ اور روایت کیا ہے ولید بن مسلم نے اس حدیث کو اوزاعی سے

[1] آدمی کو مناسب ہے کہ دعوے کی بات نہ کرے اور اس سے ڈرتا رہے کیونکہ اسپر ہمیشہ سے قائم رہنا بڑا مشکل امر ہے اللہ تعالیٰ نے اس آیت مین اشارہ فرما دیا کہ یہ جو تم دعوے کر رہے ہو کہ اگر ہمکو

قال فوقع علی من الھم مالم یقع علی احد قال فبینا انا اسیر مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی سفر قد خفقت برأسی
من الھم اذ اتانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فعرک اذنی وضحک فی وجھی فما کان یسرنی ان لی بھا الخلد فی الدنیا
ثم ان ابا بکر لحقنی فقال ما قال لک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قلت ما قال لی شیئاً الا انہ عرک اذنی و
ضحک فی وجھی فقال ابشر ثم لحقنی عمر فقلت لہ مثل قولی لابی بکر فلما اصبحنا قرأ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
سورۃ المنافقین ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن ابی عدی قال انبانا شعبۃ عن الحکم بن
عتیبۃ قال سمعت محمد بن کعب القرظی منذ اربعین سنۃ یحدث عن زید بن ارقم ان عبد اللہ بن ابی قال فی غزوۃ
تبوک لئن رجعنا الی المدینۃ لیخرجن الاعز منھا الاذل قال فاتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فذکرت ذلک لہ
فحلف ما قالہ فلامنی قومی فقالوا ما اردت الی ھذہ فاتیت البیت ونمت کئیبا حزینا فاتانی النبی صلی اللہ علیہ وسلم
او اتیتہ فقال ان اللہ قد صدقک قال فنزلت ھذہ الآیۃ ھم الذین یقولون لا تنفقوا علی من عند رسول اللہ حتی ینفضوا
ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان عن عمرو بن دینار سمع جابر بن عبد اللہ یقول کنا فی غزاۃ قال
سفیان یرون انھا غزوۃ بنی المصطلق فکسع رجل من المھاجرین رجلا من الانصار فقال المھاجری یا للمھاجرین وقال
الانصاری یا للانصار فسمع ذلک النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ما بال دعوی الجاھلیۃ قالوا رجل من المھاجرین کسع رجلا
من الانصار فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم دعوھا فانھا منتنۃ فسمع ذلک عبد اللہ بن ابی بن سلول فقال او قد فعلوھا
واللہ لئن رجعنا الی المدینۃ لیخرجن الاعز منھا الاذل فقال عمر یا رسول اللہ دعنی اضرب عنق ھذا المنافق فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم

کہا اُسنے پس مجھپر اسقدر غم واقع ہوا کہ اسقدر اور کسی پر نہیں پڑا تھا کہا اُسنے سو اُسوقت میں کہ میں آنحضرت کے ساتھ ایک سفر میں
چل رہا تھا کہ میں نے اپنا سر غم کے مارے نیچے جھکا لیا ناگاہ میرے پاس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آئے اور میرے کانوں کو
مالش کی اور میرے مُنھ پر ہنس پڑے اور مجھے اسکے بدلے دنیا میں ہمیشہ رہنا بھی پسند نہیں تھا پھر مجھے حضرت ابو بکر ملے اور کہا
تجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا کہا ہے میں نے کہا مجھے آپ نے کچھ نہیں کہا مگر آپ نے میرے کانوں کو مالش دی ہے
اور میرے مُنھ پر ہنس پڑے ہیں پس کہا اُنھوں نے بشارت ہو تجھے پھر مجھے حضرت عمر ملے سو میں نے اُنسے بھی وہی کہا جو کہ
میں نے حضرت ابو بکر صدیق سے کہا تھا پس جب ہمنے صبح کی تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سورۂ منافقین پڑھی یہ حدیث
حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن ابی عدی نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے حکم بن عتیبہ سے
کہا سنا میں نے محمد بن کعب قرظی سے ابتدا چالیس برس سے کہ حدیث کرتا تھا زید بن ارقم سے یہ کہ عبد اللہ بن ابی نے جنگ تبوک
میں کہا اگر ہم پھر جائیں طرف مدینہ کے البتہ نکالدینگے عزت والے انمیں سے ذلت والونکو کہا اُسنے پس میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس
آیا اور آپکو اس امر کی خبر دی تو وہ اپنی بات سے قسم کھا گیا پھر میری قوم نے مجھے ملامت کی اور کہا تو نے اس بات میں کیا ارادہ کیا تھا
سو میں گھر میں آیا اور حالت غم اور اندوہ میں سو گیا پس میرے پاس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آئے یا میں آپکے پاس آیا اور کہا
آپ نے بیشک اللہ تعالی نے تیری تصدیق کی ہے کہا اُسنے پس یہ آیت نازل ہوئی ھم الذین یقولون الخ یعنے یہ وہ لوگ ہیں جو کہتے ہیں
مت خرچ کرو اوپر اس شخص کے کہ نزدیک رسول خدا کے ہیں یہانتک کہ بھاگ جاویں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے
ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عمرو بن دینار سے سنا اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہ کہتا ہم ایک جنگ میں تھے کہا سفیان
نے لوگ کہتے ہیں کہ وہ جنگ بنی مصطلق کی تھی پس ایک مرد مہاجر نے ایک مرد انصار کی دبر پر تھپڑ مارا سو کہا مہاجر نے اے مہاجرین
فریاد کو پہونچو اور کہا انصاری نے اے انصار مدد کو پہونچو پس یہ بات آنحضرت نے سن لی اور کہا کیا حال کفر کی بانو نکا کہا انھوں نے
ایک مرد مہاجر نے انصاری کی دبر پر تھپڑ مارا ہے پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے چھوڑ دو اس بات کو اسلیے کہ یہ بری ہے پس عبد اللہ
بن ابی ابن سلول نے یہ بات سنی اور کہنے لگا کیا انھوں نے یہ کیا ہے قسم ہے اللہ کی البتہ اگر ہم پھر جاویں طرف مدینہ کے البتہ نکالدینگے عزت والے
انمیں سے ذلت والونکو سو کہا حضرت عمر نے یا رسول اللہ مجھے اذن دیجئے کہ اس منافق کی گردن ماروں سو فرمایا نبی صلعم نے

فحدثته فارسل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی عبد اللہ بن ابی واصحابہ فحلفوا ما قالوا فکذبنی رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم وصدقہ فاصابنی شیء لم یصبنی شیء قط مثلہ فجلست فی البیت فقال عمی ما اردت الا ان کذبک
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ومقتک فانزل اللہ اذا جاءک المنافقون فبعث الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
فقرأها ثم قال ان اللہ قد صدقک هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** عبد بن حمید نا عبید اللہ بن موسی عن
اسرائیل عن السدی عن ابی سعید الازدی نا زید بن ارقم قال غزونا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکان معنا
ناس من الاعراب فکنا نبتدر الماء وکان الاعراب یسبقونا الیہ فسبق اعرابی اصحابہ فیسبق الاعرابی
فیملأ الحوض ویجعل حولہ حجارة ویجعل النطع علیہ حتی یجیء اصحابہ قال فاتی رجل من الانصار اعرابیا
فارخی زمام ناقتہ لتشرب فابی ان یدعہ فانتزع قباض الماء فرفع الاعرابی خشبة فضرب بها
رأس الانصاری فشجہ فاتی عبد اللہ بن ابی رأس المنافقین فاخبرہ وکان من اصحابہ فغضب
عبد اللہ بن ابی ثم قال لا تنفقوا علی من عند رسول اللہ حتی ینفضوا من حولہ یعنی الاعراب وکانوا
یحضرون رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عند الطعام فقال عبد اللہ اذا انفضوا من عند محمد فائتوا محمدا بالطعام
فلیأکل هو ومن عندہ ثم قال لاصحابہ لئن رجعنا الی المدینة فلیخرج الاعز منکم الاذل قال زید وانا ردف رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم فسمعت عبد اللہ فاخبرت عمی فانطلق فاخبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فارسل الیہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فحلف وجحد قال فصدقہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکذبنی قال فجاء عمی
الی فقال ما اردت الی ان مقتک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکذبک والمسلمون

اور میں نے وہ بات ایسے بیان کردی تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن ابی اور اسکے دوستوں کی طرف ایک آدمی بھیجا
سو وہ اپنی بات سے قسم کھا گئے پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھے جھوٹا بنایا اور اسکی تصدیق کی پھر مجھے اسقدر غم پہونچا کہ
آگے کبھی مجھے ایسا غم نہیں پہونچا تھا پس میں گھر میں بیٹھ رہا سو میرے چچا نے مجھے کہا سوائے اسکے اور تیرا کچھ ارادہ نہیں کہ تجھے
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جھٹلایا ہے اور غصے ہوئے ہیں پس اللہ نے یہ آیت اتاری اذا جاءک المنافقون سو رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم نے میری طرف ایک آدمی بھیجا پھر آپ نے اسکو پڑھا پھر فرمایا آپ نے بیشک اللہ نے تیری تصدیق کی ہے یہ حدیث
حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن موسی نے اسرائیل سے اسنے سدی سے اسنے
ابی سعید ازدی سے کہا حدیث کی ہمسے زید بن ارقم نے کہا اسنے ہمنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ملکر جنگ کیا اور ہمارے
ساتھ بہت لوگ اعرابی تھے سو ہم پانی پر جانیکی جلدی کرتے اور اعرابی ہمسے جلدی اسپر پہونچ جاتے سو کوئی اعرابی اپنے دوستوں سے
جلدی کرنیکا ارادہ کرتا تو سبقت لیجاتا پس حوض کو پر کرتا اور اسکے گرد پتھر رکھتا اور اسپر دسترخوان رکھدیتا تاآنکہ اسکے اصحاب
آجاتے کہا اسنے سو ایک مرد انصاری اعرابی کے پاس آیا اور اپنی اونٹنی کی باگ کو ڈھیلا کردیا تاکہ پانی پلائے پس اسنے اسکے
چھوڑنے سے انکار کیا اور اسنے اسکے پانی کے قبضہ والی چیز کو کھینچ لیا سو اعرابی نے لکڑی اٹھائی اور انصاری کے سر پر ماری
اور اسکو زخمی کردیا پس وہ عبداللہ بن ابی کے پاس جو منافقون کا سردار تھا آیا اور اسکو خبر دی اور وہ اسکے دوستوں سے تھا پس
عبداللہ بن ابی غضبناک ہوا پھر کہنے لگا نہ خرچ کرو ان لوگوں پر جو نزدیک رسول اللہ کے ہیں یہانتک کہ آپکے پاس سے بھاگ جاویں یعنے اعرابی اور وہ
اعرابی رسول اللہ صلعم کے پاس کھانیکے وقت حاضر رہتے تھے پس کہا عبداللہ نے جب وہ محمد کے پاس سے بھاگ جاویں تو محمد کے پاس
کھانا لاؤ سو وہ خود اور جو آپکے پاس ہوں کھاویں پھر اسنے اپنے دوستوں سے کہا البتہ اگر پھر جاویں مدینہ کی طرف تو البتہ نکالدینگے عزت والے انہیں سے
ذلت والونکو کہا زید نے اور میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پیچھے سوار تھا سو میں نے عبداللہ سے (یہ بات) سنی اور اپنے چچا کو خبر دی پس
اسنے جاکر رسول اللہ صلعم کو خبر دی اور آنحضرت نے اسکی طرف آدمی بھیجا سو اسنے قسم کھائی اور انکار کیا پس رسول اللہ صلعم نے اسکی تصدیق کی اور
مجھے جھٹلایا کہا اسنے پھر میرا چچا میرے پاس آیا اور کہنے لگا نہیں ہے ارادہ تیرا مگر یہ رسول اللہ صلعم تجھسے غصے ہوئے ہیں اور تجھے اور اور مسلمانوں نے جھٹلایا

فلما اتوا رسول الله صلی الله علیه وسلم راوا الناس قد فقهوا فی الدین هموا ان یعاقبوهم فانزل الله یا ایها الذین اٰمنوا ان من ازواجکم واولادکم عدوا لکم فاحذروهم الاٰیة هذا حدیث حسن صحیح **ومن سورة التحریم** **حدثنا** عبد بن حمید انا عبد الرزاق عن معمر عن الزهری عن عبید الله بن عبد الله بن ابی ثور قال سمعت ابن عباس یقول لم ازل حریصا ان اسأل عمر عن المرأتین من ازواج النبی صلی الله علیه وسلم اللتین قال الله ان تتوبا الی الله فقد صغت قلوبکما حتی حج عمر وحججت معه فصببت علیه من الاداوة فتوضأ فقلت یا امیر المؤمنین من المرأتان من ازواج النبی صلی الله علیه وسلم اللتان قال الله ان تتوبا الی الله فقد صغت قلوبکما فقال لی واعجبا لك یا ابن عباس قال الزهری وکره والله ما سأله عنه ولم یکتمه فقال لی هی عائشة وحفصة وقال ثم انشأ یحدثنی الحدیث فقال کنا معشر قریش نغلب النساء فلما قدمنا المدینة وجدنا قوما تغلبهم نساءهم فطفق نساءنا یتعلمن من نساءهم فتغضبت یوما علی امرأتی فاذا هی تراجعنی فانکرت ان تراجعنی فقالت ما تنکر من ذلك فوالله ان ازواج النبی صلی الله علیه وسلم لیراجعنه وتهجره احداهن الیوم الی اللیل قال فقلت فی نفسی قد خابت من فعل ذلك منهن وخسرت قال وکان منزلی بالعوالی فی بنی امیة وکان لی جار من الانصار کنا نتناوب النزول الی رسول الله صلی الله علیه وسلم قال فینزل یوما ویأتینی بخبر الوحی وغیره وانزل یوما فاٰتیه بمثل ذلك قال فکنا نحدث ان غسان تنعل الخیل لتغزونا قال فجاءنی یوما عشاء فضرب علی الباب فخرجت الیه فقال حدث امر عظیم قلت اجاءت غسان قال اعظم من ذلك

پس جب وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور انھوں نے لوگوں کو دیکھا کہ دین میں سمجھ دار ہوگئے ہیں تو انکو یعنے اولاد وغیرہ کو تنگ کرنیکا قصد کیا پس اللہ نے یہ آیت اتاری یا ایہا الذین آمنوا الخ یعنے ای ایمان والو تحقیق بعض بیبیاں تمہاری اور اولاد تمہاری دشمن ہیں واسطے تمہارے پس بچو اُنسے اور اگر معاف کرو الخ یہ حدیث حسن صحیح ہے **بعض تفسیر سورۂ تحریم** **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے معمر سے اُسنے زہری سے اُسنے عبید اللہ بن عبد اللہ بن ابی ثور سے کہا اُسنے سنا میں نے ابن عباس سے کہ کہتا مجھے بہت مدت تک اسکی خواہش رہی کہ حضرت عمر سے سوال کروں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ازواج مطہرات میں سے ان دو عورتوں کی بابت کہ جنکے حق میں اللہ تعالی نے فرمایا ہے ان تتوبا الی اللہ فقد صغت قلوبکما یہانتک کہ حضرت عمر نے حج کا قصد کیا اور میں نے بھی آپ کے ساتھ حج کا ارادہ کیا پس میں نے حضرت عمر پر برتن سے پانی ڈالا اور آپ نے وضو کیا اور میں نے کہا ای امیر المؤمنین کون ہیں وہ دونوں عورتیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ازواج مطہرات سے کہ جنکے حق میں اللہ تعالی نے فرمایا ہے ان تتوبا الی اللہ فقد صغت قلوبکما سو انھوں نے کہا تعجب ہے واسطے تیرے ای ابن عباس۔ کہا زہری نے اور بکرہ جانا حضرت عمر نے قسم ہے اللہ کی اسکے سوال کرنیکو اور اسکو چھپایا نہ پس کہا مجھے وہ حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ ہیں کہا ابن عباس نے پھر انھوں نے مجھے حدیث بیان کرنی شروع کی پس کہا ہم گروہ قریش کا عورتوں پر غالب رہا کرتے پس جب ہم مدینہ میں آئے تو پایا ہمنے اس قوم کو کہ انپر انکی عورتیں غالب ہوتی ہیں سو ہماری عورتوں نے بھی انکی عورتوں سے سیکھنا شروع کردیا پس ایک روز میں اپنی بیوی پر غصے ہوا تو اُسنے مجھے جواب دینا شروع کیا اور میں نے اسکے جواب دینے کو انکار کیا پس اُسنے کہا تو اس سے کیا انکار کرتا ہے پس قسم ہے اللہ کی کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی عورتیں تو آپکو جواب دیتی ہیں اور کوئی انمیں سے آپکے ساتھ صبح سے رات تک بولتی ہی نہیں کہا حضرت عمر نے سو میں نے اپنے دل میں کہا کہ ٹوٹا اور خسارہ پایا انمیں سے اُسنے کہ جسنے یہ کیا کہا حضرت عمر نے اور میرا گھر عوالی میں تھا بنی امیہ میں اور میرا ایک ہمسایہ انصاری تھا ہم دونوں نوبت بنوبت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آتے جاتے تھے کہا حضرت عمر نے ایک دن وہ جاتا اور وحی وغیرہ کی خبر لاتا۔ اور ایک دن میں جاتا اور اسکے پاس مثل اسکے لاتا کہا حضرت عمر نے ہم بیان کیے جاتے تھے کہ بادشاہ غسان اپنے گھوڑوں کو ہمارے ساتھ جنگ کرنیکے واسطے نعل پہنا رہا ہے کہا حضرت عمر نے سو وہ ایک روز عشا کے وقت میرے پاس آیا اور دروازے پر کچھ مارا پس میں اسکی طرف نکلا اور اُسنے کہا ایک بڑا امر حادث ہوا ہے میں نے کہا کیا غسان آگیا ہے کہا اس سے بھی بڑا ہے

دعه لا يتحدث الناس ان محمدا يقتل اصحابه وقال غير عمرو فقال له ابنه عبد الله بن عبد الله والله لا تنقلب حتى تقر انك الذليل ورسول الله العزيز ففعل هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** عبد بن حميد نا جعفر بن عون انا ابو خباب الكلبي عن الضحاك بن مزاحم عن ابن عباس قال من كان له مال يبلغه حج بيت ربه او يجب عليه فيه زكوة فلم يفعل يسأل الرجعة عند الموت فقال رجل يا ابن عباس اتق الله فانما يسأل الرجعة الكفار فقال سأتلو عليك قرانا يا ايها الذين امنوا لا تلهكم اموالكم ولا اولادكم عن ذكر الله ومن يفعل ذلك فاولئك هم الخاسرون وانفقوا مما رزقناكم من قبل ان يأتي احدكم الموت فيقول رب لولا اخرتني الى اجل قريب فاصدق الى قوله والله خبير بما تعملون قال فما يوجب الزكوة قال اذا بلغ المال مائتين فصاعدا قال فما يوجب الحج قال الزاد والبعير **حدثنا** عبد بن حميد نا عبد الرزاق عن الثوري عن يحيى بن ابي حية عن الضحاك عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم بنحوه هكذا روى ابن عيينة وغير واحد هذا الحديث عن ابي خباب عن الضحاك عن ابن عباس قوله ولم يرفعه وهذا اصح من رواية عبد الرزاق وابو خباب القصاب اسمه يحيى بن ابي حية وليس هو بالقوي في الحديث **ومن** سورة التغابن **حدثنا** محمد بن يحيى نا محمد بن يوسف نا اسرائيل نا سماك بن حرب عن عكرمة عن ابن عباس وسأله رجل عن هذه الاية يا ايها الذين امنوا ان من ازواجكم واولادكم عدوا لكم فاحذروهم قال هؤلاء رجال اسلموا من اهل مكة وارادوا ان ياتوا النبي صلى الله عليه وسلم فابى ازواجهم واولادهم ان يدعوهم ان ياتوا رسول الله صلى الله عليه وسلم

چھوڑ دے اسکو تاکہ لوگ باتیں نہ کریں کہ محمد اپنے اصحابوں کو قتل کرتا ہے اور کہا غیر عمرو نے اسکو اسکے بیٹے عبد اللہ بن عبد اللہ نے کہا قسم ہے اللہ کی نہ پھریگا تو (یعنے مدینہ میں داخل نہ ہوگا) یہاں تک کہ تو اقرار کرے کہ میں ذلیل ہوں اور رسول اللہ عزیز ہیں تو اُسنے ایسا ہی کیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن عون نے کہا خبر دی ہمکو ابو خباب کلبی نے ضحاک بن مزاحم سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے جس کسی کے پاس اسقدر مال ہو کہ اسکو وہ بیت اللہ تک پہونچا سکتا ہے۔ یا اُسپر اسمیں زکوٰۃ واجب ہو سکتی ہے اور وہ نہ کرے تو وہ شخص موت کے وقت پھر دنیا میں آنیکا سوال کریگا سو کہا ایک مرد نے اے ابن عباس اللہ سے ڈر کیا کافر ہی پھر آنیکا سوال کرینگے پس کہا اُسنے میں تجھکو قرآن سنا دیتا ہوں یا ایہا الذین آمنوا لا تلہکم اموالکم یعنے اے ایمان والو نہ غافل کریں تمکو مال تمہارے اور نہ اولاد تمہاری خدا کی یاد سے اور جو کوئی کرے یہ کام پس یہ لوگ وہ ہیں ٹوٹا پانی والے اور خرچ کرو اس چیز سے کہ دیا ہے ہمنے تمکو پہلے اس سے کہ آوے کسی کو تم میں سے موت پس کہے اے رب میرے کیوں نہ ڈھیل دی تونے مجھکو ایک وقت نزدیک تک پس خیرات دیتا میں یہاں تک اُسنے پڑھی واللہ خبیر بما تعملون۔ کہا اُسنے پس کیا چیز زکوٰۃ واجب کرتی ہے کہا ابن عباس نے جب مال دو سو درم یا زیادہ کو پہونچ جاوے کہا اُسنے اور حج کو کیا چیز واجب کرتی ہے کہا ابن عباس نے سفر خرچ اور سواری **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے ثوری سے اُسنے یحیی بن ابی حیہ سے اُسنے ضحاک سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ ایسا ہی روایت کیا ہے ابن عیینہ اور کئی ایک نے اس حدیث کو ابی خباب سے اُسنے ضحاک سے اُسنے ابن عباس سے قول اسکا اور اسکو مرفوع نہیں کیا اور یہ صحیح ہے روایت عبد الرزاق سے۔ اور ابو خباب قصاب کا نام یحیی بن ابی حیہ ہے اور یہ حدیث میں قوی نہیں ہے **بعض تفسیر سورۂ تغابن** **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن یوسف نے کہا حدیث کی ہمسے اسرائیل نے کہا حدیث کی ہمسے سماک بن حرب نے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے اور سوال کیا اسکو ایک مرد نے اس آیت سے یا ایہا الذین آمنوا ان من ازواجکم الخ یعنے اے ایمان والو تحقیق بعض بیبیاں تمہاری اور اولاد تمہاری دشمن ہیں واسطے تمہارے پس بچو اُنسے۔ کہا اُسنے یہ وہ لوگ ہیں جو کہ میں اسلام لائے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آنیکا ارادہ کیا تو انکی بیبیوں اور اولاد نے انکار کیا اس بات سے کہ انکو یعنے ہمکو چھوڑ کر آنحضرت کے پاس جائیں

---

[1] تفسیر بغوی میں لکھا ہے کہ عبد اللہ بن عبد اللہ نے اپنے باپ عبد اللہ بن ابی سے کہا جبکہ اُسنے مدینہ میں داخل ہونیکا قصد کیا قسم ہے اسکی میں تجھے کبھی مدینہ میں داخل نہیں ہونے دونگا جبتک کہ آنحضرت حکم نہ ہو اور تجھے آج کے دن معلوم ہو جائیگا کہ ذلیل کون ہے اور عزیز کون ہے پس عبد اللہ بن ابی نے اپنے بیٹے کی شکایت آنحضرت کے پاس کی کہ اُسنے میرے ساتھ یہ حال کر رکھا ہے پھر آپ نے اسکی طرف

قال فقلت لحفصة لا تراجعی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا تسألیہ شیئا وسلینی ما بدا لک ولا یغرنک ان کانت صاحبتک اوسم منک واحب الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فتبسم اخری فقلت یا رسول اللہ استأنس قال نعم قال فرفعت رأسی فما رأیت فی البیت الا اھبة ثلاثة فقلت یا رسول اللہ ادع اللہ ان یوسع علی امتک فقد وسع علی فارس والروم وھم لا یعبدونہ فاستوی جالسا فقال اوفی شک انت یا ابن الخطاب اولئک قوم عجلت لھم طیباتھم فی الحیوة الدنیا قال وکان اقسم ان لا یدخل علی نسائہ شھرا فعاتبہ اللہ فی ذلک فجعل لہ کفارة الیمین قال الزھری فاخبرنی عروة عن عائشة قالت فلما مضت تسع وعشرون دخل علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بدأ بی قال یا عائشة انی ذاکر لک شیئا فلا تعجلی حتی تستأمری ابویک قالت ثم قرأ ھذہ الآیة یا ایھا النبی قل لازواجک الآیة قالت علم واللہ ان ابوی لم یکونا یأمرانی بفراقہ قالت فقلت افی ھذا استأمر ابوی فانی ارید اللہ ورسولہ والدار الاخرة قال معمر فاخبرنی ایوب ان عائشة قالت لہ یا رسول اللہ لا تخبر ازواجک انی اخترتک فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم انما بعثنی اللہ مبلغا ولم یبعثنی متعنتا ھذا حدیث حسن صحیح غریب وقد روی من غیر وجہ عن ابن عباس

من سورة ن والقلم حدثنا یحیی بن موسی نا ابوداود الطیالسی نا عبد الواحد بن سلیم قال قدمت مکة فلقیت عطاء بن ابی رباح فقلت لہ یا ابا محمد ان ناسا عندنا یقولون فی القدر فقال عطاء لقیت الولید بن عبادة

کہا حضرت عمر نے میں نے حفصہ سے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بات کا جواب نہ دیا کر اور نہ آپ سے کوئی چیز مانگا کر اور مجھ سے مانگ جو تجھے حاجت ہو اور تجھے یہ بات دھوکے میں نہ ڈالے کہ تیری مصاحبہ تجھ سے حسین ہے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو زیادہ محبوب ہے کہا حضرت عمر نے پھر آنحضرت دوسری بار ہنس پڑے پھر میں نے کہا یا رسول اللہ کیا میں بیٹھ جاؤں فرمایا آپ نے ہاں کہا حضرت عمر نے میں نے اپنا سر بلند کیا اور گھر میں سوائے تین چمڑوں کے نہ دیکھا سو میں نے کہا یا رسول اللہ آپ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیے کہ آپکی امت پر فراخی کرے اور فارس اور روم پر فراخی کی گئی ہے حالانکہ وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت نہیں کرتے پس آنحضرت سیدھے ہو کر بیٹھ گئے سو فرمایا آپ نے کیا تو شک میں ہے اے ابن خطاب اس قوم کے واسطے تو پاکیزہ دنیا کی زندگی میں ہی دیدیے گئے ہیں کہا حضرت عمر نے اور آپ نے قسم کھائی تھی کہ اپنی عورتوں پر ایک مہینہ داخل نہ ہونگا سو اللہ تعالیٰ نے آپکو اس بات میں تنبیہ فرمائی اور اسکے واسطے کفارہ قسم کا مقرر کیا۔ کہا زہری نے اور مجھے عروہ نے حضرت عائشہ سے خبر دی ہے کہ کہا اُسنے جب انتیس دن گذرے تو پہلے پہل میرے پاس آنحضرت تشریف لائے فرمایا اے عائشہ میں تیرے ساتھ ایک بات کرتا ہوں سو تو جلدی مت کر یہانتک کہ اپنے والدین سے مشورت کر کہا حضرت عائشہ نے پھر آپ نے یہ آیت پڑھی یا ایھا النبی قل لازواجک الخ کہا حضرت عائشہ نے آپ جانتے تھے قسم اللہ کی کہ میرے والدین کبھی آپکی جدائی کا امر نہیں کرینگے کہا حضرت عائشہ نے میں نے کہا کیا اس بات میں اپنے والدین سے مشورہ لوں میں تو اللہ اور رسول اور گھر آخرت کو ہی اختیار کرتی ہوں۔ کہا معمر نے مجھے ایوب نے خبر دی ہے کہ حضرت عائشہ نے اس سے کہا یا رسول اللہ آپ اپنی بیبیوں سے یہ خبر نہ دیجئے کہ میں نے آپکو اختیار کیا ہے پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھے تو اللہ تعالیٰ نے پہونچانیوالا کر کے بھیجا ہے اور مجھے فساد پر برانگیختہ کرنیوالا کر کے نہیں بھیجا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ اور غیر اس طریق سے ابن عباس سے مروی ہے

بعض تفسیر سورہ نون والقلم سے

حدیث کی ہمسے یحیی بن موسیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد طیالسی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الواحد بن سلیم نے کہا اُسنے میں مکہ میں آیا اور عطاء بن ابی رباح سے ملاقات کی اور میں نے اس سے کہا اے ابا محمد لوگ ہمارے پاس قدر کے باب میں گفتگو کرتے ہیں پس کہا عطاء نے ملاقات کی میں نے ولید بن عبادہ

ؔلہ اس حدیث سے کئی مسائل مستنبط ہوتے ہیں ایک یہ کہ ایک مسئلہ میں اگرچہ بہت دیر ہو جائے تو بھی حل کرنا چاہیے۔ دوسرے یہ کہ وضو کرنیوالے کی مدد کرنی جائز ہے یعنی ایک آدمی مثلاً وضو کرے اور دوسرا اسپر پانی ڈالے تیسرے یہ کہ مسئلہ شرعی چھپانا نہیں چاہیے اگرچہ اپنا دل اسکے اظہار کو نہ چاہے چوتھے یہ کہ عورتوں کو معاملات دنیاوی پر غصے ہونا جائز ہے پانچویں یہ کہ ایک شخص کی شہادت معتبر ہے چھٹے یہ کہ خدمتگار اپنی خدمت کے لیے رکھنا جائز ہے ساتویں یہ کہ کسی کے گھر جانیکے وقت گھر والوں سے اذن لے لینا چاہیے آٹھویں یہ کہ کام میں عجلت نہیں چاہیے نویں یہ کہ کام میں مشورت کر لینی چاہیے دسویں یہ کہ نیک کام میں مشورہ لینے کی کچھ حاجت نہیں گیارھویں یہ کہ ولی کو خواہ کسی مرتبہ کا ہو دنیا کا مال و متاع کی طرف خیال آہی جاتا ہے کوئی ولی اور فقیر دنیا سے بالکلیہ خیال دفع نہیں کر سکتا ان پیغمبر

طلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نساءہ قال فقلت فی نفسی قد خابت حفصۃ وخسرت قد کنت اظن ھذا کائنا قال فلما صلیت الصبح شددت علی ثیابی ثم انطلقت حتی دخلت علی حفصۃ فاذا ھی تبکی فقلت اطلقکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قالت لا ادری ھو ذا معتزل فی ھذہ المشربۃ قال فانطلقت فاتیت غلاما اسود فقلت استأذن لعمر قال فدخل ثم خرج الی قال قد ذکرتک لہ فلم یقل شیئا قال فانطلقت الی المسجد فاذا حول المنبر نفر یبکون فجلست الیھم ثم غلبنی ما اجد فاتیت الغلام فقلت استأذن لعمر فدخل ثم خرج الی قال قد ذکرتک لہ فلم یقل شیئا فانطلقت الی المسجد ایضا فجلست ثم غلبنی ما اجد فاتیت الغلام فقلت استأذن لعمر فدخل ثم خرج الی فقال قد ذکرتک لہ فلم یقل شیئا قال فولیت منطلقا فاذا الغلام یدعونی فقال ادخل فقد اذن لک قال فدخلت فاذا النبی صلی اللہ علیہ وسلم متکیٔ علی رمل حصیر فرأیت اثرہ فی جنبیہ فقلت یا رسول اللہ اطلقت نساءک قال لا قلت اللہ اکبر لو رأیتنا یا رسول اللہ وکنا معشر قریش تغلب النساء فلما قدمنا المدینۃ وجدنا قوما تغلبھم نساؤھم فطفق نساؤنا یتعلمن من نساءھم فتغضبت یوما علی امرأتی فاذا ھی تراجعنی فانکرت ذلک فقالت ما تنکر فواللہ ان ازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم لیراجعنہ وتھجرہ احداھن الیوم الی اللیل قال فقلت لحفصۃ اتراجعین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قالت نعم وتھجرہ احدانا الیوم الی اللیل قال فقلت قد خابت من فعل ذلک منکن وخسرت اتامن احداکن ان یغضب اللہ علیھا لغضب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاذا ھی قد ھلکت فتبسم النبی صلی اللہ علیہ وسلم

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی عورتوں کو طلاق دیدیا ہے سو میں نے اپنے دل میں کہا تحقیق ٹوٹا پایا حفصہ نے اور خسارہ میں پہلے ہی یہ گمان کرتا تھا کہا حضرت عمر نے جب میں نے صبح کی نماز پڑھ لی اور اپنے کپڑے مضبوط کر لیے پھر میں چلا یہاں تک کہ میں حفصہ پر داخل ہوا دیکھا تو وہ رو رہی ہے میں نے کہا کیا تمکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے طلاق دیدیا ہے اُسنے کہا میں نہیں جانتی وہ آپ اس بالاخانہ میں تنہا بیٹھے ہوئے ہیں کہا حضرت عمر نے پس میں چلا اور سیاہ غلام کے پاس آیا اور اس سے کہا عمر کے واسطے اذن طلب کر کہا حضرت عمر نے سو وہ اندر داخل ہوا پھر میری طرف نکل آیا کہنے لگا میں نے تیرا ذکر آنحضرت سے کیا آپ نے مجھے کچھ جواب نہیں دیا کہا حضرت عمر نے پھر میں مسجد کی طرف چلا دیکھا تو گرد منبر کے چند لوگ رو رہے ہیں سو میں بھی انکے ساتھ بیٹھ گیا پس مجھ پر غلبہ کیا اُسنے جو میرے دل میں تھی پھر میں اس غلام کے پاس آیا اور اس سے کہا عمر کے لیے اذن طلب کر پس وہ داخل ہوا پھر میری طرف نکل کر کہنے لگا میں نے آپ کے آگے تیرا ذکر کیا سو آپ نے مجھے کچھ جواب نہیں دیا پھر میں مسجد کی طرف چلا اور بیٹھ گیا پھر مجھپر میرے دل کی بات نے غلبہ کیا اور اس غلام کے پاس آیا سو میں نے اس سے کہا عمر کے واسطے اذن طلب کر سو وہ داخل ہوا پھر میری طرف نکل آیا اور کہنے لگا میں نے آنحضرت کے آگے آپکا ذکر کیا سو آپ نے کچھ جواب نہیں دیا کہا حضرت عمر نے پھر میں نے پیٹھ پھیری دیکھا تو وہ غلام مجھے بلا رہا ہے سو کہا اُسنے داخل ہو تجھے آپ نے اذن دیا ہے کہا حضرت عمر نے پس میں داخل ہوا دیکھا تو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کھجور کی چٹائی پر تکیہ لگائے ہوئے ہیں سو میں نے اسکے نشان آپ کے دونوں پہلوؤں میں دیکھے سو میں نے کہا یا رسول اللہ کیا آپ نے اپنی عورتوں کو طلاق دیدیا ہے فرمایا آپ نے کہ نہیں میں نے کہا اللہ اکبر کاش آپ ہمکو دیکھتے یا رسول اللہ اور ہم گروہ قریش کا عورتوں پر غالب ہوتے تھے پس جب ہم مدینہ میں آئے تو ہمنے اس قوم کو دیکھا کہ انپر انکی عورتیں غالب ہیں سو ہماری عورتوں نے بھی انکی عورتوں سے سیکھنا شروع کر دیا میں ایک دن اپنی عورت پر غصے ہوا تو ناگاہ وہ مجھے جواب دینے لگی سو میں نے اسکا انکار کیا اُسنے کہا تو کیا انکار کرتا ہے پس قسم ہے اللہ کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی عورتیں آپ سے بات چیت کرتی ہیں اور کوئی انمیں سے آپ کے ساتھ صبح سے رات تک بولتی ہی نہیں کہا حضرت عمر نے میں نے حفصہ سے کہا کیا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے بات چیت کرتی ہے کہا اُسنے ہاں اور بعضے ہم میں سے آپکے ساتھ صبح سے رات تک ہی نہیں بولتیں کہا حضرت عمر نے میں نے کہا تحقیق ٹوٹا اور خسارہ پایا تم میں سے جس کسی نے یہ کام کیا کیا ایک تمھارے بے غم ہے اس سے کہ اسپر اللہ تعالیٰ بسبب غضب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے غضبناک ہو تو پھر وہ ہلاک ہو جائے پھر نبی صلعم ہنسے

وعلیہ عمامۃ سوداء یقول کسانیہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **ومن سورۃ سأل سائل** **حدثنا** ابوکریب نا رشدین بن سعد عن عمرو بن الحارث عن دراج ابی السمح عن ابی الہیثم عن ابی سعید عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی قولہ کالمہل قال کعکر الزیت فاذا قربہ الی وجہہ سقطت فروۃ وجہہ فیہ ہذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من حدیث رشدین **ومن سورۃ الجن** **حدثنا** عبد بن حمید ثنی ابوالولید نا ابوعوانۃ عن ابی بشر عن سعید بن جبیر عن ابن عباس قال ما قرأ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی الجن ولا راٰہم انطلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی طائفۃ من اصحابہ عامدین الی سوق عکاظ وقد حیل بین الشیاطین وبین خبر السماء وارسلت علیہم الشہب فرجعت الشیاطین الی قومہم فقالوا ما لکم قالوا حیل بیننا وبین خبر السماء وارسلت علینا الشہب فقالوا ما حال بیننا وبین خبر السماء الا من حدث فاضربوا مشارق الارض ومغاربہا فانظروا ما ہذا الذی حال بینکم وبین خبر السماء قال فانطلقوا یضربون مشارق الارض ومغاربہا یبتغون ما ہذا الذی حال بینہم وبین خبر السماء فانصرف اولئک النفر الذین توجہوا نحو تہامۃ الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہو بنخلۃ عامد الی سوق عکاظ وہو یصلی باصحابہ صلوۃ الفجر فلما سمعوا القراٰن استمعوا لہ فقالوا ہذا واللہ الذی حال بینکم وبین خبر السماء قال فہنالک رجعوا الی قومہم فقالوا یا قومنا انا سمعنا قراٰنا عجبا یہدی الی الرشد فاٰمنا بہ ولن نشرک بربنا احدا فانزل اللہ تبارک وتعالی علی نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم قل اوحی الی انہ استمع نفر من الجن وانما اوحی الیہ قول الجن وبہذا الاسناد عن ابن عباس قال قول الجن لقومہم لما قام عبد اللہ یدعوہ کادوا یکونون

اور اسپر سیاہ پگڑی تھی وہ کہتا تھا مجھے یہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پہنائی ہے **بعض تفسیر سورۂ سأل سائل سے** **حدیث** کی ہمسے ابوکریب نے کہا حدیث کی ہمسے رشدین بن سعد نے عمرو بن حارث سے اُسنے دراج ابی السمح سے اُسنے ابی الہیثم سے اُسنے ابی سعید سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر میں کالمہل فرمایا آپ نے مثل میل تیل کے پس جب وہ اسکو اپنے منہ کے نزدیک کریگا تو اسکے منہ کا چمڑا اسمین گر پڑیگا۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق رشدین سے **بعض تفسیر سورۂ جن سے** **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی مجھے ابوالولید نے کہا حدیث کی ہمسے ابوعوانہ نے ابی بشر سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ جنوں پر کچھ پڑھا ہے اور نہ انکو دیکھا ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک گروہ میں اپنے صحابہ سے بازار عکاظ کی طرف قصد کرکے چلے اس حالت میں کہ درمیان شیطانوں اور آسمان کی خبر کے پردہ ڈالا گیا تھا اور انپر شعلے بھیجے گئے سو شیطان اپنی قوم کی طرف پھر آئے اور کہنے لگے کیا ہے تمہارے سبلیے کہا انھوں نے درمیان ہمارے اور خبر آسمان کے پردہ ڈالا گیا ہے اور ہمپر شعلے بھیجے گئے ہیں کہا اُنھوں نے درمیان ہمارے اور خبر آسمان کے کوئی نو پیدا چیز حائل ہوئی ہے سو تم زمین کے مشرقوں اور مغربوں میں سیر کرو اور دیکھو کہ کیا چیز درمیان تمھارے اور خبر آسمان کے حائل ہوئی ہے کہا اُسنے سو وہ زمین کے مشرقوں اور مغربوں میں سفر کرتے ہوے چلے اس تلاش میں کہ کیا وہ چیز ہے جو درمیان ہمارے اور خبر آسمان کے حائل ہوئی ہے پس وہ گروہ جو تہامہ کی طرف متوجہ ہوا تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف چلا آیا اس حالت میں کہ وہ گروہ کھجوروں میں بازار عکاظ کی طرف قصد کرنیوالا تھا اور آنحضرت اپنے صحابہ کے ساتھ فجر کی نماز پڑھ رہے تھے پس جب جنوں نے قرآن سنا تو انھوں نے اسکی طرف کان لگائے اور کہنے لگے یہ ہے قسم اللہ کی وہ چیز جو درمیان تمھارے اور خبر آسمان کے حائل ہوئی ہے کہا اُسنے پس اسی جگہ سے وہ اپنی قوم کی طرف پھر آئے اور کہنے لگے ای قوم ہماری تحقیق سنا ہمنے قرآن عجب کہ راہ دکھاتا ہے طرف بھلائی کے پس ایمان لائے ہم ساتھ اسکے اور ہرگز نہ شریک لاوینگے ہم ساتھ رب اپنے کے کسیکو پس اللہ تبارک وتعالی نے اپنے نبی پر یہ سورت اُتاری قل اوحی الی انہ استمع نفر من الجن۔ اور سوا اسکے نہیں کہ آنحضرت کی طرف جنوں کا قول وحی ہوا ہے۔ اور ساتھ اسی اسناد کے ہے ابن عباس سے کہا اُسنے قول جنوں کا اپنی قوم سے یہ تھا لما قام عبد اللہ یدعوہ الخ یعنے جب کھڑا ہوا بندہ خدا کا پکارتا ہے اسکو نزدیک ہے کہ ہوجاویں

بن الصامت فقال ثنی ابی قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول ان اول ما خلق الله القلم فقال له اکتب فجری بما هو کائن الی الابد وفی الحدیث قصة هذا حدیث حسن صحیح غریب وفیه عن ابن عباس **ومن** سورة الحاقة

حدثنا عبد بن حمید نا عبد الرحمٰن بن سعد عن عمرو بن ابی قیس عن سماک بن حرب عن عبد الله بن عمیرة عن الاحنف بن قیس عن العباس بن عبد المطلب زعم انه کان جالسا فی البطحاء فی عصابة ورسول الله صلی الله علیه وسلم جالس فیهم اذ مرت علیهم سحابة فنظروا الیها فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم هل تدرون ما اسم هذه قالوا نعم هذا السحاب فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم والمزن قالوا والمزن قال رسول الله صلی الله علیه وسلم والعنان قالوا والعنان ثم قال لهم رسول الله صلی الله علیه وسلم هل تدرون کم بعد ما بین السماء والارض قالوا لا والله ما ندری قال فان بعد ما بینهما اما واحدة واما اثنتان او ثلث وسبعون سنة والسماء التی فوقها کذلک حتی عدهن سبع سموات کذلک ثم قال فوق السماء السابعة بحر بین اعلاه واسفله کما بین السماء الی السماء وفوق ذلک ثمانیة اوعال بین اظلافهن ورکبهن مثل ما بین سماء الی سماء ثم فوق ظهورهن العرش بین اسفله واعلاه مثل ما بین السماء الی السماء والله فوق ذلک قال عبد بن حمید سمعت یحیی بن معین یقول الا یرید عبد الرحمٰن بن سعد ان یحج حتی یسمع منه هذا الحدیث هذا حدیث حسن غریب وروی الولید بن ابی ثور عن سماک نحوه ورفعه وروی شریک عن سماک بعض هذا الحدیث ووقفه ولم یرفعه وعبد الرحمٰن هو ابن عبد الله بن سعد الرازی

حدثنا یحیی بن موسی نا عبد الرحمٰن بن عبد الله بن سعد الرازی ان اباه اخبره قال رأیت رجلا ببخاری علی بغلة

بن صامت سے سو کہا اسنے حدیث کی مجھے میرے باپ نے کہا سنا مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے سب سے پہلے اللہ تعالی نے قلم کو پیدا کیا اور اس سے کہا لکھ سو وہ جاری ہوا ساتھ اس چیز کے جو ابد تک ہونیوالی ہے۔ اور اس حدیث مین قصہ ہے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور اسمین روایت ہے ابن عباس سے **بعض تفسیر** سورۃ الحاقہ سے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمٰن بن سعد نے عمرو بن ابی قیس سے اُسنے سماک بن حرب سے اُسنے عبد اللہ بن عمیرہ سے اُسنے احنف بن قیس سے اُسنے عباس بن عبد المطلب سے کہ کہا اُسنے مین بطحا مکہ مین ایک جماعت مین بیٹھا ہوا تھا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بھی انہین بیٹھے ہوئے تھے دیکھا تو اُنکے اوپر سے بادل گذرا سو لوگون نے اسکی طرف دیکھا پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تم جانتے ہو اسکا نام کیا ہے کہا لوگون نے ہان یہ بادل ہے پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اور مزن بھی کہا لوگون نے اور مزن بھی نام ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اور عنان بھی کہا لوگون نے اور عنان بھی پھر آنحضرت نے اُنسے کہا کیا تم جانتے ہو کہ کسقدر مسافت ہے درمیان آسمان اور زمین کے کہا لوگون نے قسم ہے اللہ کی ہم نہین جانتے فرمایا آپ نے مسافت درمیان ان دونون کے اکہتر یا بہتر یا تہتر برس کی ہے اور وہ آسمان کہ اسکے اوپر ہے وہ بھی ویسا ہی ہے یہانتک کہ آپ نے سات آسمان ایسی ہی شمار کیے پھر فرمایا آپ نے ساتوین آسمان کے اوپر ایک دریا ہے اسکے اعلے اور اسفل مین اسقدر فاصلہ ہے جیسا کہ ایک آسمان سے دوسرے آسمان تک ہے اور اسکے اوپر آٹھ فرشتے بشکل بز کوہی ہین انکے کھرون اور گھٹنون مین اسقدر فاصلہ ہے جیسا کہ ایک آسمان سے دوسرے آسمان مین ہے پھر انکی پشتون پر عرش ہے اسکے اسفل اور اعلے مین مثل اس مسافت کے ہے جو دو آسمان مین ہے اور اللہ تعالی اوپر اسکے ہے۔ کہا عبد بن حمید نے سنا مین نے یحیی بن معین سے کہ کہتا عبد الرحمٰن بن سعد کیون نہین حج کر نیکا ارادہ کرتا تاکہ اس سے یہ حدیث سنے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور روایت کی ولید بن ابی ثور نے سماک سے مثل اسکے اور مرفوع کیا اسکو۔ اور روایت کی شریک نے سماک سے بعض اس حدیث کا اور موقوف کیا اور اسکو مرفوع نہین کیا۔ اور عبد الرحمٰن وہ ابن عبد اللہ بن سعد رازی ہے **حدیث** کی ہمسے یحیی بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمٰن بن عبد اللہ بن سعد رازی نے یہ کہ اسکے باپ نے اسکو خبر دی ہے کہ کہا اُسنے مین نے ایک مرد بخارا مین خچر پر دیکھا

لہ شاید مولف اس حدیث کو اس غرض سے اس جگہ لایا ہے کہ عبد الرحمٰن مذکور جو اول حدیث مین ہے وہ تبع تابعین سے ہے ۱۲

يتصعد فيه سبعين خريفا ثم يهوي به كذلك ابدا هذا حديث غريب انما نعرفه مرفوعا من حديث ابن لهيعة وقد روي شيء من هذا عن عطية عن ابي سعيد موقوفا **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان عن مجالد عن الشعبي عن جابر قال قال ناس من اليهود لاناس من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم هل يعلم نبيكم كم عدد خزنة جهنم قالوا لا ندري حتى نسأله فجاء رجل الى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا محمد غلب اصحابك اليوم قال وبما غلبوا قال سألهم يهود هل يعلم نبيكم كم عدد خزنة جهنم قال فما قالوا قال قالوا لا ندري حتى نسأل نبينا قال افغلب قوم سئلوا عما لا يعلمون فقالوا لا نعلم حتى نسأل نبينا لكنهم قد سألوا نبيهم فقالوا ارنا الله جهرة علي باعداء الله اني سائلهم عن تربة الجنة وهي الدرمك فلما جاؤا قالوا يا ابا القاسم كم عدد خزنة جهنم قال هكذا وهكذا في مرة عشرة وفي مرة تسع قالوا نعم قال لهم النبي صلى الله عليه وسلم ما تربة الجنة قال فسكتوا هنيئة ثم قالوا اخبزة يا ابا القاسم فقال النبي صلى الله عليه وسلم الخبز من الدرمك هذا حديث انما نعرفه من هذا الوجه من حديث مجالد **حدثنا** الحسن بن الصباح البزار نا زيد بن حباب انا سهيل بن عبد الله القطعي وهو اخو حزم بن ابي حزم القطعي عن ثابت عن انس بن مالك عن رسول الله صلى الله عليه وسلم انه قال في هذه الآية هو اهل التقوى واهل المغفرة قال قال الله تبارك وتعالى انا اهل ان اتقى فمن اتقاني فلم يجعل معي الها فانا اهل ان اغفر له هذا حديث حسن غريب وسهيل ليس بالقوي في الحديث وقد تفرد سهيل بهذا الحديث عن ثابت **ومن سورة القيمة حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان عن موسى بن ابي عائشة

اسمیں آدمی ستر خریف چڑھایا جاویگا پھر اسیطرح نیچے اتارا جاویگا ہمیشہ۔ یہ حدیث غریب ہی ہمتو فقط مرفوع اسکو ابن لہیعہ کے طریق سے ہی پہچانتے ہین اور کچھ حصہ اسکا عطیہ سے مروی ہی جو راوی ہی ابی سعید سے موقوف **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے مجالد سے اُسنے شعبی سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے کہا چند لوگون نے یہود سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے چند صحابہ سے کہ کیا تمہارا نبی جانتا ہی کہ دوزخ کے خزانچی کتنے ہین کہا انھون نے ہم نہین جانتے یہانتک کہ آپ سے پوچھ لین پس ایک مرد نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا اے محمد آپ کے اصحاب آج کے دن مغلوب ہوگئے فرمایا آپ نے اور کس چیز سے مغلوب ہوے ہین کہا اُسنے اُنسے یہودیون نے پوچھا ہی کہ تمہارا نبی جانتا ہی کہ دوزخ کے خزانچی کتنے ہین فرمایا آپ نے پس انھون نے کیا کہا ہی کہا اُسنے انھون نے کہا ہی کہ ہم نہین جانتے یہانتک کہ اپنے نبی سے سوال کرلین فرمایا آپ نے کیا مغلوب ہوجاتی ہی وہ قوم جو سوال کیجائے اس چیز سے کہ وہ نہ جانتی ہو سو کہا انھون نے کہ ہم نہین جانتے تا آنکہ اپنے نبی سے سوال کرین لیکن انھون نے یعنے یہود نے تو اپنے نبی سے سوال کیا اور کہا ہمکو اللہ تعالی ظاہر دکھلائے[1] میرے پاس لاؤ اللہ کے دشمنون کو مین انسے جنت کی مٹی کی بابت سوال کرتا ہون اور وہ آٹا سفید ہی پس جب وہ آئے تو کہا انھون نے اے ابا القاسم دوزخ کے خزانچی کتنے ہین فرمایا آپ نے اسطرح اور اسطرح ایک بار دس فرمایا اور ایک بار نو کہا انھون نے ہان اُنسے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہا جنت کی مٹی کیا ہی کہا اُسنے سو وہ تھوڑی دیر چپ رہے پھر کہا انھون نے اے ابا القاسم روٹی ہی پس فرمایا آنحضرت نے روٹی آٹے سفید سے ہی اس حدیث کو تو ہم فقط اسی طریق مجاہد سے پہچانتے ہین **حدیث** کی ہمسے حسن بن صباح بزار نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے کہا خبر دی ہمکو سہیل بن عبد اللہ قطعی نے اور یہ حزم بن ابی حزم قطعی کا بھائی ہی ثابت سے اُسنے انس بن مالک سے اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے اس آیت کی تفسیر مین ہو اہل التقوی واہل المغفرۃ فرمایا آنحضرت نے فرمایا اللہ تبارک وتعالی نے مین ہون لائق اسکے کہ مجھسے ڈرین سو جو کوئی مجھسے ڈرا اور میرے ساتھ اُسنے دوسرا معبود نہ بنایا تو مین لائق اسکے ہون کہ اسکو بخشدون یہ حدیث حسن غریب ہی۔ اور سہیل حدیث مین قوی نہین۔ اور متفرد ہوا ہی سہیل ساتھ اس حدیث کے ثابت سے **بعض تفسیر سورہ قیامت** سے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے موسی بن ابی عائشہ سے

[1] آنحضرت نے فرمایا کہ نہ بتلانے سے قوم مغلوب نہین ہوتی جیسا کہ انھون نے اپنے نبی سے اللہ کی رویت کا سوال کیا اور پھر انکو اسکا جواب دملا یعنے اللہ تعالی کا دیدار نہ دیکھ سکے کیا نبی انکا مغلوب ہوگیا جب انھون نے دوزخ کے فرشتون کی بابت سوال کیا تو آپنے پہلی بار دونون ہاتھونکی دس انگلیون سے بتلایا دوسری بار ایک انگلی ایک ہاتھ کی اکٹھی کرلی یعنے نو انگلیون سے اشارت کی یعنے انیس

علیه لبدا قال لما راوه یصلی واصحابه یصلون بصلوته ویسجدون بسجوده قال تعجبوا من طواعیة اصحابه له قالوا لقومهم لما قام عبد الله یدعوه کادوا یکونون علیه لبدا هٰذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن یحیی نا محمد بن یوسف نا اسرائیل نا ابو اسحٰق عن سعید بن جبیر عن ابن عباس قال کان الجن یصعدون الی السماء یستمعون الوحی فاذا سمعوا الکلمة زادوا فیها تسعا فاما الکلمة فتکون حقا واما ما زادوه فیکون باطلا فلما بعث رسول الله صلی الله علیه وسلم منعوا مقاعدهم فذکروا ذلك لابلیس ولم تکن النجوم یرمی بها قبل ذلك فقال لهم ابلیس ما هٰذا الا من امر قد حدث فی الارض فبعث جنوده فوجدوا رسول الله صلی الله علیه وسلم قائما یصلی بین جبلین اراه قال بمکة فلقوه فاخبروه فقال هٰذا الحدث الذی حدث فی الارض هٰذا حدیث حسن صحیح **ومن سورة المدثر حدثنا** عبد بن حمید نا عبد الرزاق عن معمر عن الزهری عن ابی سلمة عن جابر بن عبد الله قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم وهو یحدث عن فترة الوحی فقال فی حدیثه بینما انا امشی سمعت صوتا من السماء فرفعت رأسی فاذا الملك الذی جاءنی بحراء جالس علی کرسی بین السماء والارض فجئثت منه رعبا فرجعت فقلت زملونی زملونی فدثرونی فانزل الله تعالی یا ایها المدثر قم فانذر الی قوله والرجز فاهجر قبل ان تفرض الصلوٰة هٰذا حدیث حسن صحیح وقد رواه یحیی بن ابی کثیر عن ابی سلمة بن عبد الرحمٰن ایضا **حدثنا** عبد بن حمید نا الحسن بن موسی عن ابن لهیعة عن دراج عن ابی الهیثم عن ابی سعید عن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال الصعود جبل من نار

اوپر اسکے حلقہ حلقہ کہا ابن عباس نے یہ اسواسطے کہ دیکھا انھون نے آپکو نماز پڑھتے اور صحابہ آپ کے نماز پڑھتے تھے ساتھ نماز آپکی کے اور سجدہ کرتے تھے ساتھ سجود آپ کے کہا اُسنے وہ آپ کے صحابہ کی اطاعت جو وہ آنحضرت کی کرتے تھے دیکھکر متعجب ہوے کہا اُنھون نے اپنی قوم سے جسوقت کہ کھڑا ہوتا ہے بندہ خدا کا پکارتا ہے اسکو نزدیک ہے کہ ہو وین اوپر اسکے حلقہ حلقہ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن یوسف نے کہا حدیث کی ہمسے اسرائیل نے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسحاق نے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے جن آسمان کی طرف وحی سننے کے لیے چڑھتے تھے پس جب کوئی ایک بات سنتے تو اسمین نو باتین زائد کرتے بہرحال وہ بات تو حق ہوتی تھی اور وہ باتین جو اسمین زائد کرتے وہ باطل ہوتی تھین پس جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم بھیجے گئے تو اپنے بیٹھنے کی جگھو نسے منع کیے گئے پھر انھون نے یہ بات ابلیس سے ذکر کی اور پہلے اس سے ستارے ٹوٹا نہین کرتے تھے تو اُسنے ابلیس نے کہا نہین یہ بات مگر کسی امر سے جو زمین مین پیدا ہوا ہے پس اُسنے اپنے لشکر کو بھیجا تو انھون نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو درمیان دو پہاڑ کے کھڑا ہو کر نماز پڑھتے ہوے پایا راوی کہتا ہے مین گمان کرتا ہون کہ کہا اُسنے مکہ مین پھر وہ ابلیس سے ملے اور اسکو خبر دی پس کہا اُسنے یہی ہے نو پیدا چیز جو زمین مین پیدا ہوئی ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **بعض تفسیر** سورۂ مدثر سے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا خبر دی ہمکو عبد الرزاق نے معمر سے اُسنے زہری سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہا اُسنے سنا مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اس حالت مین کہ آپ وحی کے سست ہو جانے کی حدیث کر رہے تھے سو آپ نے اپنی حدیث مین فرمایا کہ جبکہ مین چلا جاتا تھا کہ اچانک مین نے آسمان سے ایک آواز سنی تو مین نے سر کو اٹھایا تو ناگہان وہی فرشتہ جو میرے پاس حراء کے پہاڑ مین آیا تھا آسمان اور زمین کے درمیان کرسی پر بیٹھا ہوا ہے سو مین اس سے کانپا خوف کے مارے پھر مین پلٹ آیا یعنے گھر کی طرف تو مین نے کہا کہ مجھکو کمل اوڑھاؤ سو لوگون نے مجھکو اوڑھایا پھر خدا نے یہ آیت نماز کے فرض ہونے سے پہلے اُتاری یا ایہا المدثر قم فانذر یہانتک والرجز فاہجر یہ حدیث حسن صحیح ہے اور نیز روایت کیا اسکو یحیی بن ابی کثیر نے ابی سلمہ بن عبد الرحمٰن سے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے حسن بن موسی نے ابن لہیعہ سے اُسنے دراج سے اُسنے ابی الہیثم سے اُسنے ابی سعید سے اُسنے نبی صلعم سے کہ فرمایا آپ نے صعود ایک آگ کا پہاڑ ہے

[1] یہ غرض نہین کہ بالکلیہ ستارے نہین ٹوٹا کرتے تھے کیونکہ انکا ٹوٹنا تو قدیم سے چلا آتا ہے بلکہ اسکے یہ معنے مین کہ اس کثرت سے پہلے اس سے نہین ٹوٹا کرتے تھے [12] سب سے پہلے سورت اقرأ کی پہلی پانچ آیتین نازل ہوئین پھر تین سال تک وحی نہین آئی آنحضرت کو نہایت جذبہ الٰہی کا شوق ہوتا تھا کہ اپنے آپ کو ہلاک کرین بعد تین سال کے سورت یا ایہا المدثر نازل ہوئی تب حضرت نے کافرون سے

ولم یذکر فیه عائشة حدثنا عبد بن حمید نا محمد بن الفضل نا ثابت بن یزید عن هلال بن خباب عن عکرمة عن ابن عباس عن النبی صلی الله علیه وسلم قال تحشرون حفاة عراة غرلا فقالت امرأة ایبصر او یری بعضنا عورة بعض قال یا فلانة لکل امرئ منهم یومئذ شان یغنیه هذا حدیث حسن صحیح قد روی من غیر وجه عن ابن عباس **ومن** سورة اذا الشمس کورت **حدثنا** عباس بن عبد العظیم العنبری نا عبد الرزاق نا عبد الله بن بحیر عن عبد الرحمن وهو ابن یزید الصنعانی قال سمعت ابن عمر یقول قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من سره ان ینظر الی یوم القیمة کانه رأی عین فلیقرأ اذا الشمس کورت واذا السماء انفطرت واذا السماء انشقت **ومن** سورة ویل للمطففین **حدثنا** قتیبة نا اللیث عن ابن عجلان عن القعقاع بن حکیم عن ابی صالح عن ابی هریرة عن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ان العبد اذا اخطأ خطیئة نکتت فی قلبه نکتة سوداء فاذا هو نزع واستغفر وتاب سقل قلبه وان عاد زید فیها حتی یعلو قلبه وهو الران الذی ذکر الله کلا بل ران علی قلوبهم ما کانوا یکسبون هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** یحیی بن درست البصری نا حماد بن زید عن ایوب عن نافع عن ابن عمر قال حماد هو عندنا مرفوع یوم یقوم الناس لرب العالمین قال یقومون فی الرشح الی انصاف اذانهم **حدثنا** هناد نا عیسی بن یونس عن ابن عون عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم یوم یقوم الناس لرب العالمین قال یقوم احدهم فی الرشح الی انصاف اذنیه هذا حدیث صحیح وفیه عن ابی هریرة **ومن** سورة اذا السماء انشقت **حدثنا** عبد بن حمید انا عبد الله بن موسی عن عثمن بن

اور اُسنے اسمیں حضرت عائشہ کا ذکر نہیں کیا **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضل نے کہا حدیث کی ہمسے ثابت بن یزید نے ہلال بن خباب سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے اٹھائے جائیں گے لوگ اس حالت میں کہ ننگے پانوں ننگے بدن نہ ختنہ کیے ہوئے ہونگے پس کہا ایک عورت نے کیا بعض ہم میں سے بعض کی شرمگاہ دیکھینگے فرمایا آپ نے ای فلانی واسطے ہر ایک مرد کے انمیں سے اس دن ایک حالت ہوگی[1] کفایت کرتی ہو اسکو یہ حدیث حسن صحیح ہو اور کئی وجہ سے ابن عباس سے مروی ہو۔ **اور بعض تفسیر** سورہ اذا الشمس کورت سے **حدیث** کی ہمسے عباس بن عبد العظیم عنبری نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن بحیر نے عبد الرحمن سے جو یزید صنعانی کا بیٹا ہو کہا اُسنے سنا میں نے ابن عمر سے کہ کہتا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس کسی کو قیامت کا دیکھنا آنکھون کے سامنے خوش لگے تو چاہئے کہ یہ سورتیں پڑھے اذا الشمس کورت واذا السماء انفطرت واذا السماء انشقت۔ **اور بعض تفسیر** سورہ ویل للمطففین سے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن عجلان سے اُسنے قعقاع بن حکیم سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے کہ بندہ جب کوئی گناہ کرتا ہے تو اسکے دل میں سیاہ نکتہ لگا یا جاتا ہے پس جب اسنے اپنے نفس کو ارتکاب گناہ سے دور کیا اور استغفار اور توبہ کی تو اسکا دل صیقل کیا جاتا ہے اور اگر پھر عود کرے تو اسمیں زیادتی کیجاتی ہے یہانتک کہ اسکے دل پر وہ سیاہی چڑھ جاتی ہے اور یہی زنگ ہے جسکا اللہ تعالی نے ذکر کیا ہے کلا بل ران الخ یعنے ہرگز نہیں بلکہ زنگ باندھا ہے اوپر دلون انکے کے اس چیز نے کہ تھے کماتے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے یحیی بن درست بصری نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ایوب سے اُسنے نافع سے اسنے ابن عمر سے کہا حماد نے یہ حدیث ہمارے نزدیک مرفوع ہے یوم یقوم الناس الخ یعنے اس دن کہ کھڑے ہونگے لوگ واسطے رب عالمون کے فرمایا آپ نے کھڑے ہونگے پسینے میں نصف کانون تک **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عیسی بن یونس نے ابن عون سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یوم یقوم الناس الخ یعنے اس دن کہ کھڑے ہونگے لوگ واسطے رب عالمون کے فرمایا آپ نے کھڑے ہونگے **بعضے** انمیں سے پسینے میں نصف کانون تک۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسمیں روایت ہے ابی ہریرہ سے۔ **بعض تفسیر** سورۂ اذا السماء انشقت سے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن موسی نے عثمان بن

[1] یعنے ہر ایک آدمی اپنی ایک حالت میں سرگردان ہوگا وہ حالت اسکو اور کسی طرف متوجہ نہیں ہونے دیگی پس کوئی کسیکی شرمگاہ کی طرف ہرگز خیال نہیں کریگا ۱۲

عن سعید بن جبیر عن ابن عباس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا انزل علیہ القرآن یحرک بہ لسانہ
یرید ان یحفظہ فانزل اللہ تبارک وتعالی لا تحرک بہ لسانک لتعجل بہ قال فکان یحرک بہ شفتیہ وحرک سفیان شفتیہ
ھذا حدیث حسن صحیح قال علی بن المدینی قال یحیی بن سعید القطان کان سفیان الثوری یحسن الثناء علی موسی
بن ابی عائشۃ خیرا **حدثنا** عبد بن حمید قال ثنی شبابۃ عن اسرائیل عن ثویر قال سمعت ابن عمر یقول قال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان ادنی اھل الجنۃ منزلۃ لمن ینظر الی جنانہ وازواجہ وخدمہ وسررہ مسیرۃ
الف سنۃ واکرمھم علی اللہ عزوجل من ینظر الی وجھہ غدوۃ وعشیۃ ثم قرأ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وجوہ
یومئذ ناضرۃ الی ربھا ناظرۃ ھذا حدیث غریب وقد روی غیر واحد عن اسرائیل مثل ھذا مرفوعا وروی عبد الملک
بن ابجر عن ثویر عن ابن عمر قولہ ولم یرفعہ وروی الاشجعی عن سفیان عن ثویر عن مجاھد عن ابن عمر قولہ ولم یرفعہ ولا نعلم
احدا ذکر فیہ عن مجاھد غیر الثوری **ومن** سورۃ عبس **حدثنا** سعید بن یحیی بن سعید الاموی ثنی ابی قال
ھذا ما عرضنا علی ھشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ قالت انزل عبس وتولی فی ابن ام مکتوم الاعمی اتی رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم فجعل یقول یا رسول اللہ ارشدنی وعند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رجل من عظماء المشرکین
فجعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعرض عنہ ویقبل علی الاخر ویقول اتری بما اقول باسا فیقول لا ففی ھذا انزل
ھذا حدیث حسن غریب وروی بعضھم ھذا الحدیث عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ قال انزل عبس وتولی فی ابن ام مکتوم

اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے کہ کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ حال تھا کہ جب آپ پر وحی نازل ہوتی تو
اپنی زبان مبارک کو ہلاتے ارادہ اسکے یاد رکھنے کا کرتے پس اللہ تبارک وتعالی نے یہ آیت نازل فرمائی لاتحرک بہ لسانک یعنے مت ہلا
ساتھ قرآن مجید کے زبان اپنی کو تو کہ جلدی کرے ساتھ اسکے کہا اُسنے سو آنحضرت ساتھ اسکے ہونٹوں کو ہلاتے تھے۔ اور سفیان نے
بھی ہونٹ ہلائے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے کہا علی بن مدینی نے کہ کہا یحیی بن سعید قطان نے کہ سفیان ثوری موسی بن ابی عائشہ کی
نکوئی کی صفت کرتا تھا **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی مجھے شبابہ نے اسرائیل سے اُسنے ثویر سے کہا سنا مین نے
ابن عمر سے کہ کہتا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ادنی اہل جنت سے مرتبہ مین الجنۃ وہ شخص ہے جو اپنے باغون اور بی بیون اور خادمون
اور تختون کی طرف سو برس کی مسافت سے دیکھے۔ اور بزرگتر اللہ تعالی کے نزدیک وہ ہے جو اسکے منہ کی طرف صبح اور شام کو
دیکھے پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی وجوہ یومئذ ناضرہ الخ یعنے کتنے منہ اس دن تر و تازہ ہونگے طرف رب
اپنے کے دیکھنے والے۔ یہ حدیث غریب ہے اور کئی ایک نے اسرائیل سے مثل اسکے مرفوع روایت کی ہے۔ اور روایت کیا عبد الملک
بن ابجر نے ثویر سے اُسنے ابن عمر سے قول اسکا اور اسکو مرفوع نہین کیا۔ اور روایت کیا اشجعی نے سفیان سے اُسنے ثویر سے اُسنے
مجاہد سے اُسنے ابن عمر سے قول اسکا اور اسکو مرفوع نہین کیا۔ اور ہم نہین جانتے کہ سوائے ثوری کے کسی نے اس حدیث مین
مجاہد کا ذکر کیا ہو۔ **بعض تفسیر** سورۂ عبس سے **حدیث** کی ہمسے سعید بن یحیی بن سعید اموی نے کہا حدیث کی مجھے
میرے باپ نے کہا اُسنے یہ وہ چیز ہے جو ہمنے ہشام بن عروہ پر پیش کی تھی جو روایت کی اُسنے اپنے باپ سے اُسنے حضرت عائشہ
سے کہا انھون نے سورت عبس وتولی ابن ام مکتوم اندھے کے حق مین نازل ہوئی ہے کہ وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا
اور کہنے لگا یا رسول اللہ مجھے ہدایت کیجیے اور اسوقت آنحضرت کے پاس ایک سردار مشرکین مین سے تھا سو رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وسلم اس سے منہ پھیرتے اور دوسرے پر متوجہ ہوتے اور فرماتے کیا تو دیکھتا ہے اس بات مین جسکو مین کہتا ہون کچھ خوف وہ کہتا کہ
نہین پس اس بارے مین یہ سورت نازل ہوئی ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور روایت کیا بعض نے اس حدیث کو ہشام بن عروہ سے
اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے سورت عبس وتولی ابن ام مکتوم مین نازل ہوئی ہے

سلہ جسوقت جبرئیل علیہ السلام قرآن لاتے انکے پڑھنے کے ساتھ حضرت بھی جی مین پڑھتے تو جو ہر ایک پہلا لفظ کہین آگلا سننے مین نہ آوے تو گھبراتے اللہ نے فرمایا کہ اسوقت پڑھنے کی حاجت نہین سننا
ہی چاہئے پھر جی مین یاد رکھوانا اور پھر زبان سے پڑھوانا لوگون پاس ہمارا ذمہ ہے اور معنے تحقیق کر دینے کی بھی حاجت نہین یہ بھی ہمارا ذمہ ہے وقت بہ وقت بیان سمجھانا جبرئیل کے پڑھنے کو انجام پڑھنا فرمایا

وعبد بن حميد المعنى واحد قالا انا عبد الرزاق عن معمر عن ثابت البنانى عن عبد الرحمن بن ابى ليلى عن صهيب قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا صلى العصر همس والهمس فى قول بعضهم تحرك شفتيه كانه يتكلم فقيل له انك يارسول الله اذا صليت العصر همست قال ان نبيا من الانبياء كان اعجب بامته فقال من يقوم لهؤلاء فاوحى الله اليه ان خيرهم بين ان انتقم منهم وبين ان اسلط عليهم عدوهم فاختاروا النقمة فسلط عليهم الموت فمات منهم فى يوم سبعون الفا قال وكان اذا حدث بهذا الحديث حدث بهذا الحديث الآخر قال كان ملك من الملوك وكان لذلك الملك كاهن يكهن له فقال الكاهن انظروا لى غلاما فهما او قال فطنا لقنا فاعلمه علمى هذا فانى اخاف ان اموت فينقطع منكم هذا العلم ولا يكون فيكم من يعلمه قال فنظروا له على ما وصف فامروه ان يحضر ذلك الكاهن وان يختلف اليه فجعل يختلف اليه وكان على طريق الغلام راهب فى صومعة قال معمر احسب ان اصحاب الصوامع كانوا يومئذ مسلمين قال فجعل الغلام يسأل ذلك الراهب كلما مر به فلم يزل به حتى اخبره فقال انما اعبد الله قال فجعل الغلام يمكث عند الراهب ويبطى عن الكاهن فارسل الكاهن الى اهل الغلام انه لا يكاد يحضرنى فاخبر الغلام الراهب بذلك فقال له الراهب اذا قال لك الكاهن اين كنت فقل عند اهلى واذا قال لك اهلك اين كنت فاخبرهم انك كنت عند الكاهن قال فبينما الغلام على ذلك اذ مر بجماعة من الناس كثير قد حبستهم دابة فقال بعضهم ان تلك الدابة كانت اسدا قال فاخذ الغلام حجرا فقال اللهم ان كان ما يقول الراهب حقا فاسألك ان اقتله ثم رمى فقتل الدابة فقال الناس من قتلها قالوا

اور عبد بن حمید نے معنے واحد ہیں کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے معمر سے اُسنے ثابت بنانی سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی لیلی سے اسنے صہیب سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب عصر کی نماز پڑھ لیتے آہستہ بولتے اور ہمس بعضوں کے قول میں بولتے ہیں ہونٹ ہلانے کو گویا کہ وہ کلام کرتا ہے سو آپ سے کہا گیا یا رسول اللہ جب آپ عصر کی نماز پڑھ لیتے ہیں تو ہونٹ ہلاتے ہیں فرمایا آپ نے ایک نبی کو نبیوں سے اپنی است بہت پسند تھی سو اُسنے کہا کون انکا مقابلہ کر سکتا ہے پس اللہ تعالی نے اسکی طرف وحی بھیجی میں انکو اختیار دیتا ہوں درمیان اسکے کہ انسے خود بدلہ لیتا ہوں اور درمیان اسکے کہ انپر انکے دشمن کو غالب کرتا ہوں سو انھوں نے بدلہ دینا اختیار کیا تو اللہ نے انپر موت بھیجی پس انمیں سے ایک دن میں ستر ہزار مر گئے کہا اُسنے اور جب آپ یہ حدیث بیان کرتے تو یہ دوسری حدیث بھی بیان کرتے فرمایا آپ نے بادشاہوں سے ایک بادشاہ تھا اور اس بادشاہ کا ایک کاہن تھا جو اسکی کہانت کرتا تھا سو کاہن نے کہا میرے لیے ایک لڑکا تمیز یا کہا اُسنے حاذق سریع الفہم دیکھو کہ اسکو میں اپنا یہ علم سکھلاؤں اس لیے کہ میں خوف کرتا ہوں کہ میں مروں تو تم سے یہ علم منقطع ہو جائے اور کوئی شخص تم میں ایسا نہ رہیگا جو اسکو جانتا ہو فرمایا آپ نے سو انھوں نے اسکے لیے جیسا کہ اُسنے بیان کیا تھا (ایک لڑکا) دیکھا اور اسکو انھوں نے حکم دیا کہ اس کاہن کے پاس حاضر ہوا کرے اور اسکی طرف آمد و رفت اختیار کرے سو اُسنے اسکی طرف آنا جانا شروع کیا۔ اور اس لڑکے کے رستہ پر عبادت خانہ میں ایک راہب تھا۔ کہا معمر نے میں گمان کرتا ہوں کہ اصحاب عبادت خانوں کے اسوقت مسلمان تھے فرمایا آپ نے سو وہ لڑکا اس راہب سے کوئی سوال کیا کرتا جبکہ اسکے پاس سے گذرتا سو وہ بہت مدت تک اس سے پوچھتا رہا یہانتک کہ اسنے اسکو خبر دی اور کہا کہ میں تو اللہ تعالی کی عبادت کرتا ہوں فرمایا آپ نے سو اس غلام نے اسکے پاس ٹھہرنا شروع کر دیا اور کاہن سے دیر کرنی پس کاہن نے لڑکے کے والیوں کی طرف پیغام بھیجا کہ یہ میرے پاس تھوڑی مدت تک حاضر رہتا ہے سو یہ خبر لڑکے نے راہب کو بتلادی پس اسکو راہب نے کہا جب تجھے کاہن کہے کہ تو کہاں تھا تو تو کہ میں اپنے گھر میں تھا اور جب تیرے گھر والے پوچھیں کہ تو کہاں تھا تو انکو خبر دے کہ میں کاہن کے پاس تھا۔ فرمایا آپ نے سو اس اثناء میں کہ لڑکا اسی حالت پر تھا کہ ایک لوگوں کی بڑی جماعت سے گذرا انکو ایک چارپائے نے گھیر رکھا تھا بعض نے کہا ہے کہ وہ چارپایہ شیر تھا فرمایا آپ نے سو اس لڑکے نے ایک پتھر پکڑا اور کہا اے اللہ اگر وہ چیز جو راہب کہتا ہے حق ہے تو میں تجھسے (اسکے وسیلہ سے) سوال کرتا ہوں کہ میں اسکو قتل کروں پھر اسنے پتھر مارا اور اس چارپائے کو قتل کیا پس کہا لوگوں نے کسنے اسکو قتل کیا ہے کہا انھوں نے

الاسود عن ابن ابی ملیکة عن عائشة قالت سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول من نوقش الحساب هلك قلت یارسول اللہ ان اللہ تبارك وتعالی یقول فاما من اوتی کتابه بیمینه الی قوله یسیرا قال ذلك العرض هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن ابان وغیر واحد قالوا نا عبد الوهاب الثقفی عن ایوب عن ابن ابی ملیکة عن عائشة عن النبی صلی اللہ علیه وسلم نحوه **حدثنا** محمد بن عبید الهمدانی نا علی بن ابی بکر عن همام عن قتادة عن انس عن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال من حوسب عذب هذا حدیث غریب من حدیث قتادة عن انس لا نعرفه من حدیث قتادة عن انس عن النبی صلی اللہ علیه وسلم الا من هذا الوجه **ومن سورة البروج** **حدثنا** عبد بن حمید نا روح بن عبادة وعبید اللہ بن موسی عن موسی بن عبیدة عن ایوب بن خالد عن عبد اللہ بن رافع عن ابی هریرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم الیوم الموعود یوم القیامة والیوم المشهود یوم عرفة والشاهد یوم الجمعة قال وما طلعت الشمس ولا غربت علی یوم افضل منه فیه ساعة لا یوافقها عبد مؤمن یدعو اللہ بخیر الا استجاب اللہ له ولا یستعیذ من شیء الا اعاذه اللہ منه هذا حدیث لا نعرفه الا من حدیث موسی بن عبیدة وموسی بن عبیدة یضعف فی الحدیث ضعفه یحیی بن سعید وغیره من قبل حفظه وقد روی شعبة وسفیان الثوری وغیر واحد من الائمة عن موسی بن عبیدة **حدثنا** علی بن حجر نا قران بن تمام الاسدی عن موسی بن عبیدة بهذا الاسناد نحوه وموسی بن عبیدة الربذی یکنی ابا عبد العزیز وقد تکلم فیه یحیی بن سعید القطان وغیره من قبل حفظه **حدثنا** محمود بن غیلان

اسود سے اُسنے ابن ابی ملیکہ سے اسنے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا اُسنے سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے جس شخص کے حساب میں جھگڑا پڑا تو وہ ہلاک ہوا میں نے کہا یا رسول اللہ اللہ تبارک وتعالی فرماتا ہے فاما من اوتی کتابہ بیمینہ الی قولہ یسیرا فرمایا آپ نے یہ پیش کرنا اعمال کا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن ابان اور کئی ایک نے کہا اُنھوں نے حدیث کی ہمسے عبد الوہاب ثقفی نے ایوب سے اُسنے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبید ہمدانی نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن ابی بکر نے ہمام سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جس شخص کا حساب ہوا وہ عذاب دیا گیا یہ حدیث غریب ہے طریق قتادہ سے جو راوی ہیں انس سے نہیں پہچانتے ہم اسکو طریق قتادہ سے جو راوی ہیں انس سے وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مگر اسی طریق سے **بعض تفسیر سورۂ بروج** سے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے روح بن عبادہ اور عبید اللہ بن موسی نے موسی بن عبیدہ سے اُسنے ایوب بن خالد سے اُسنے عبد اللہ بن رافع سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یوم موعود قیامت کا دن ہے اور دن مشہود عرفہ کا دن ہے اور شاہد جمعہ کا دن ہے۔ فرمایا آپ نے نہیں طلوع ہوا آفتاب اور نہ غروب ہوا کسی دن پر جو افضل ہو اس سے۔ اسمیں ایک ایسی گھڑی ہے کہ جو کوئی بندہ مؤمن اللہ تعالی سے نیکی کی دعا کرے تو اللہ تعالی اسکی دعا قبول کر لیتا ہے اور جس چیز سے پناہ مانگے اس سے اللہ تعالی اسکو پناہ دیتا ہے۔ اس حدیث کو نہیں پہچانتے ہم مگر طریق موسی بن عبیدہ سے۔ اور موسی بن عبیدہ حدیث میں ضعیف کیا گیا ہے اسکو یحیی بن سعید وغیرہ نے حافظہ کی وجہ سے ضعیف کیا ہے۔ اور روایت کی ہے شعبہ اور سفیان ثوری اور اور کئی ایک نے اماموں نے موسی بن عبیدہ سے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے قران بن تمام اسدی نے موسی بن عبیدہ سے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے۔ اور موسی بن عبیدہ ربذی کی کنیت ابا عبد العزیز ہے اور یحیی بن سعید قطان وغیرہ نے اسکے حق میں حافظہ کی وجہ سے کلام کیا ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان

---

[1] حضرت نے ایکبار فرمایا کہ خدا سے جس بندے سے حساب کیا وہ عذاب میں گرفتار رہا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ خدا تو قرآن میں فرماتا ہے کہ جن نیک لوگوں کے نامہ اعمال داہنے ہاتھ میں ہونگے اُنسے بھی حساب ہوگا اور آپ فرماتے ہیں کہ جسکا حساب ہوا وہ عذاب میں رہا آپ حضرت نے فرمایا کہ نیکوں کو اسکے نامہ اعمال فقط دکھلا دینگے یعنے اللہ تعالی کے روبرو پیش کیے جا وینگے کہ اسکے واسطے کیا حکم ہے اُنسے حساب کچھ نہیں ہوگا تو انکے واسطے یہی حکم ہوگا کہ فادخلوا بالسلام یعنے سلامتی سے تم جنت میں داخل ہو جاؤ۔ اور جسکے حساب میں جھگڑا پڑا یعنے فلانا کام تو نے کیوں کیا اور فلانا کام کیوں نہیں کیا

واصبعه على صدغه كما وضعها حين قتل هذا حديث حسن غريب **ومن** سورة الغاشية **حدثنا** محمد بن
بشار نا عبد الرحمن بن مهدي نا سفيان عن ابي الزبير عن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم امرت
ان اقاتل الناس حتى يقولوا لا اله الا الله فاذا قالوها عصموا مني دماءهم واموالهم الا بحقها وحسابهم على الله ثم قرأ
انما انت مذكر لست عليهم بمصيطر هذا حديث حسن صحيح **ومن** سورة الفجر **حدثنا** ابو حفص عمرو بن علي
نا عبد الرحمن بن مهدي وابو داؤد قالا نا همام عن قتادة عن عمران بن عصام عن رجل من اهل البصرة عن عمران بن
حصين ان النبي صلى الله عليه وسلم سئل عن الشفع والوتر قال هي الصلوة بعضها شفع وبعضها وتر هذا حديث
غريب لا نعرفه الا من حديث قتادة وقد رواه خالد بن قيس ايضا عن قتادة **ومن** سورة والشمس وضحها
حدثنا هارون بن اسحق الهمداني نا عبدة بن سليمن عن هشام بن عروة عن ابيه عن عبد الله بن زمعة
قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يوما يذكر الناقة والذي عقرها فقال اذ انبعث اشقاها انبعث لها رجل عارم
عزيز منيع في رهطه مثل ابي زمعة ثم سمعته يذكر النساء فقال الى ما يعمد احدكم فيجلد امرأته جلد العبد ولعله
ان يضاجعها من اخر يومه قال ثم وعظهم في ضحكهم من الضرطة فقال الى ما يضحك احدكم مما يفعل هذا حديث
حسن صحيح **ومن** سورة والليل اذا يغشى **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدي نا زائدة بن قدامة
عن منصور بن المعتمر عن سعد بن عبيدة عن ابي عبد الرحمن السلمي عن علي قال كنا في جنازة في البقيع فاتى النبي صلى الله عليه وسلم

حالانکہ انگلی اسکی اسکے کان پر ہی تھی جیسا کہ اُسنے اسکو قتل ہونیکے وقت رکھا تھا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ **اور بعض تفسیر** سورۃ الغاشیہ
سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی الزبیر سے
اُسنے جابر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم ہوا ہے کہ لوگوں سے جنگ کروں یہانتک کہ وہ لا الہ الا اللہ کہیں
سو جسنے کہ یہ کلمہ کہا اُسنے اپنا مال اور جان بچایا مگر دین کی حق تلفی کا بدلہ ہے اور اسکا حساب خدا کے ذمے پر ہے پھر آپ نے یہ آیت پڑھی انما انت
مذکر لست علیہم بمصیطر یعنے اے محمد آپ تو فقط نصیحت کرنیوالے ہو انپر داروغہ نہیں ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **اور بعض تفسیر**
سورت فجر سے **حدیث** کی ہمسے ابو حفص یعنے عمرو بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی اور ابو داؤد نے کہا
دونوں نے حدیث کی ہمسے ہمام نے قتادہ سے اُسنے عمران بن عصام سے اُسنے ایک مرد سے جو بصرہ والونسے تھا اُسنے
عمران بن حصین سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم شفع اور وتر سے پوچھے گئے فرمایا آپ نے وہ نماز ہے کوئی تو شفع ہے اور کوئی وتر
یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق قتادہ سے۔ اور نیز روایت کیا اسکو خالد بن قیس نے قتادہ سے اور
بعض تفسیر سورۂ والشمس وضحٰہا سے **حدیث** کی ہمسے ہارون بن اسحاق ہمدانی نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ بن سلیمان
نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عبد اللہ بن زمعہ سے کہا اُسنے سنا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے
ایک دن کہ ذکر کرتے تھے اونٹنی کا اور اس شخص کا کہ جسنے اسکو زخمی کیا تھا پس فرمایا آپ نے جب اٹھا بڑا بدبخت انکا اٹھا واسطے
اسکے ایک مرد خبیث شریر سردار اپنے قبیلہ میں مثل ابی زمعہ کے پھر میں نے آپسے سنا کہ عورتوں کا ذکر کرتے تھے سو فرمایا
آپ نے بعض تم میں سے کس چیز کا قصد کرتا ہے کہ اپنی عورت کو غلاموں کیسی مار کرتا ہے اور شاید کہ اسی دن کے آخر میں اس سے
صحبت کرے کہا راوی نے پھر آپ نے انکو ہنسنے کے باب میں نصیحت کی سو فرمایا آپ نے کیوں کوئی ہنستا ہے اس سے کہ
اسکو خود کرتا ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **اور بعض تفسیر** سورۃ واللیل اذا یغشےٰ سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے
عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے زائدہ بن قدامہ نے منصور بن معتمر سے اُسنے سعد بن عبیدہ سے اُسنے ابی عبد الرحمن سلمی
سے اُسنے علی سے کہا اُسنے ہم بقیع (نام قبور اہل مدینہ) میں جنازہ میں تھے سو نبی صلے اللہ علیہ وسلم آئے

ف یعنے جب آدمی مسلمان ہوا اور کلمہ پڑھا تو اسکا جان اور مال لینا حرام ہے لیکن اگر ناحق خون کریگا تو مارا جاویگا یا مال ضامن ہوگا تو اس سے مال دلایا جاویگا اور اگر وہ خوف سے ظاہر میں مسلمان
ہوا اور دل میں کافر رہا تو اس سے خدا حساب کریگا۔ دلوں کے حال دریافت کرنیکا حاکم اور قاضی کو حکم نہیں ۱۲

الغلام ففزع الناس فقالوا قد علم هذا الغلام علما لم يعلمه احد قال فسمع به اعمى فقال له ان انت رددت بصری فلك كذا وكذا قال لا اريد منك هذا ولكن ارأيت ان رجع اليك بصرك اتؤمن بالذی رده عليك قال نعم قال فدعا الله فرد عليه بصره فامن الاعمى فبلغ الملك امرهم فبعث اليهم فاتی بهم فقال لاقتلن كل واحد منكم قتلة لا اقتل بها صاحبه فامر بالراهب والرجل الذی كان اعمى فوضع المنشار على مفرق احدهما فقتله وقتل الاخر بقتلة اخرى ثم امر بالغلام فقال انطلقوا به الى جبل كذا وكذا فالقوه من رأسه فانطلقوا به الى ذلك الجبل فلما انتهوا الى ذلك المكان الذی ارادوا ان يلقوه منه جعلوا يتهافتون من ذلك الجبل ويتردون حتى لم يبق منهم الا الغلام قال ثم رجع فامر به الملك ان ينطلقوا به الى البحر فيلقونه فيه فانطلق به الى البحر فغرق الله الذين كانوا معه وانجاه فقال الغلام للملك انك لا تقتلنی حتى تصلبنی وترمينی وتقول اذا رميتنی بسم الله رب هذا الغلام قال فامر به فصلب ثم رماه فقال بسم الله رب هذا الغلام قال فوضع الغلام يده على صدغه حين رمی ثم مات فقال اناس لقد علم هذا الغلام علما ما علمه احد فانا نؤمن برب هذا الغلام قال فقيل للملك اجزعت ان خالفك ثلثة فهذا العالم كلهم قد خالفوك قال فخد اخدودا ثم القی فيها الحطب والنار ثم جمع الناس فقال من رجع عن دينه تركناه ومن لم يرجع القيناه فی هذه النار فجعل يلقيهم فی تلك الاخدود قال يقول الله تبارك وتعالى فيه قتل اصحاب الاخدود النار ذات الوقود حتى بلغ العزيز الحميد قال فاما الغلام فانه دفن قال فيذكر انه اخرج فی زمن عمر بن الخطاب

اس لڑکے سے سو لوگ گھبرا اٹھے اور کہنے لگے اس لڑکے نے ایسا علم سیکھ لیا ہے کہ اسکو کوئی نہیں جانتا فرمایا آپ نے سو یہ بات ایک اندھے نے سن لی پس اسنے اس سے کہا اگر تو میری آنکھیں درست کر دے تو تیرے لیے یہ مال ہے اسنے کہا میں تجھسے یہ نہیں خواہش کرتا لیکن مجھے بتلا کہ اگر تیری نظر درست ہوگئی کیا تو ایمان لائیگا اسکے ساتھ جسنے تیری نظر کو درست کیا ہے کہا اسنے ہاں فرمایا آپ نے پس اس لڑکے نے اللہ تعالی سے دعا کی اور اللہ نے اسکی نظر درست کر دی اور وہ اندھا ایمان لے آیا سو بادشاہ کو انکا حال پہونچ گیا سو بادشاہ نے انکی طرف آدمی بھیجا سو وہ آدمی انکے پاس آیا اور کہنے لگا میں ہر ایک کو تم میں سے ایسے طور سے قتل کرونگا کہ اسطرح اسکے ساتھی کو قتل نہ کرونگا پس بادشاہ نے اس راہب اور اس مرد اندھے کی بابت حکم دیا سو ایک کی مانگ پر آرہ رکھا اور اسکو قتل کیا اور دوسرے کو اور طرح سے قتل کیا پھر اس لڑکے کی بابت حکم دیا اور کہا کہ اسکو فلانے پہاڑ کی طرف لیجاؤ اور اسکے سر سے اسکو گرا دو سو لوگ اسکو اس پہاڑ کی طرف لیچلے پس جب وہ اس مکان کے پاس پہونچے جس سے انکا ارادہ اسکے گرانیکا تھا تو وہ خود ہی اس پہاڑ سے گر کر ہلاک ہونے لگے یہانتک کہ انمیں سے سوائے اس لڑکے کے کوئی باقی نہ رہا پھر وہ لڑکا پھر آیا پھر بادشاہ نے اسکی بابت دریا کی طرف لیجانیکا حکم دیا کہ اسکو اسمیں گرائیں سو اسکو دریا کی طرف لیگئے پس اللہ تعالی نے ان لوگوں کو جو اسکے ساتھ تھے غرق کیا اور اسکو نجات دی پھر لڑکے نے بادشاہ سے کہا تو مجھے قتل نہیں کر سکتا یہانتک کہ مجھے تو سولی دے اور تیر مارے اور جب مجھے تیر مارے تو یہ کہے بسم اللہ رب ہذا الغلام یعنے شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو رب اس لڑکے کا ہے فرمایا آپ نے سو اسکی بابت حکم دیا گیا پھر وہ سولی دیا گیا پھر اسنے اسکو تیر مارا اور کہا بسم اللہ رب ہذا الغلام۔ فرمایا آپ نے اور اس لڑکے نے اپنے ہاتھ کان پر رکھے ہوئے تھے جبکہ وہ تیر مارا گیا پھر وہ مر گیا سو کہا لوگوں نے البتہ اس لڑکے نے ایسا علم سیکھا تھا کہ کسی نے اسکو نہیں سیکھا سو ہم اس لڑکے کے رب کے ساتھ ایمان لاتے ہیں فرمایا آپ نے پھر اس بادشاہ سے کہا گیا کیا تو بیقرار ہوا تھا اس سبب سے کہ تیری تین شخصوں نے مخالفت کی ہے سو اب یہ تمام جہان تیرے مخالف ہوا ہے فرمایا آپ نے پس اسنے ایک کھائی کھود والی پھر اسمیں لکڑیاں اور آگ ڈالی پھر لوگوں کو جمع کیا اور کہا جو کوئی اپنے دین سے پھریگا اسکو ہم چھوڑ دینگے اور جو کوئی نہ پھریگا اسکو اس آگ میں ڈالدینگے سو اسنے انکو اس کھائی میں ڈالنا شروع کیا فرمایا آپ نے اللہ تعالی اس بارے میں فرماتا ہے قتل اصحاب الاخدود النار ذات الوقود تاکہ آپ یہانتک پہونچے العزیز الحمید فرمایا آپ نے لیکن وہ لڑکا تو دفن کیا گیا کہا راوی نے ذکر کیا گیا ہے کہ وہ لڑکا عمر بن خطاب کے زمانہ میں نکالا گیا

ومن سورة والتين **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان عن اسمعيل بن امية قال سمعت رجلا بدويا اعرابيا يقول سمعت
ابا هريرة يرويه يقول من قرأ سورة والتين والزيتون فقرأ اليس الله باحكم الحاكمين فليقل بلى وانا على ذلك من الشاهدين هذا
حديث انما يروى بهذا الاسناد عن هذا الاعرابي عن ابي هريرة ولا يسمى **سورة اقرأ باسم ربك** **حدثنا** عبد بن حميد نا
عبد الرزاق عن معمر عن عبد الكريم الجزري عن عكرمة عن ابن عباس سندع الزبانية قال قال ابو جهل لئن رأيت محمدا يصلي لاطأن
على عنقه فقال النبي صلى الله عليه وسلم لو فعل لاخذته الملائكة عيانا هذا حديث حسن غريب صحيح **حدثنا** عبد الله
بن سعيد الاشج نا ابو خالد الاحمر عن داود بن ابي هند عن عكرمة عن ابن عباس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يصلي فجاء
ابو جهل فقال الم انهك عن هذا الم انهك عن هذا الم انهك عن هذا فانصرف النبي صلى الله عليه وسلم فزبره فقال
ابو جهل انك لتعلم ما بها ناد اكثر مني فانزل الله تبارك وتعالى فليدع ناديه سندع الزبانية قال ابن عباس والله لو دعا
ناديه لاخذته زبانية الله هذا حديث حسن غريب صحيح وفيه عن ابي هريرة **ومن سورة ليلة القدر** **حدثنا**
محمود بن غيلان نا ابو داود الطيالسي نا القاسم بن الفضل الحداني عن يوسف بن سعد قال قام رجل الى الحسن بن علي
بعد ما بايع معوية فقال سودت وجوه المؤمنين او يا مسود وجوه المؤمنين فقال لا تؤنبني رحمك الله فان النبي صلى الله
عليه وسلم اري بني امية على منبره فساءه ذلك فنزلت انا اعطيناك الكوثر يا محمد يعني نهرا في الجنة ونزلت انا انزلناه في ليلة القدر
وما ادراك ما ليلة القدر ليلة القدر خير من الف شهر يملكها بعدك بنو امية يا محمد قال القاسم

اور بعض تفسیر سورۂ والتین سے حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اسمعیل بن امیہ سے کہا سنا مین نے
ایک مرد بدوا اعرابی سے کہ کہا سنا مین نے ابا ہریرہ سے کہ روایت کرتا تھا اسکو کہتا جو کوئی سورۂ والتین والزیتون پڑھے اور پڑھے
الیس اللہ باحکم الحاکمین تو چاہئے کہ کہے بلی وانا علی ذلک من الشاہدین یہ حدیث مروی ہی ساتھ اس اسناد کے بواسطہ اس اعرابی کے
ابی ہریرہ سے اور اس اعرابی کا نام نہین ذکر کیا گیا **تفسیر سورۂ اقرأ باسم ربک حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا خبر دی ہمکو
عبد الرزاق نے معمر سے اُسنے عبد الکریم جزری سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے اس آیت کی تفسیر مین سندع الزبانیہ یعنے
ہم بلاوینگے فرشتے دوزخ کو کہا اُسنے کہا ابو جہل نے اگر مین نے محمد کو نماز پڑھتے دیکھا تو اسکی گردن کو روندونگا پس فرمایا نبی صلے
اللہ علیہ وسلم نے اگر وہ یون کریگا تو اسکو فرشتے ظاہرا پکڑ لینگے یہ حدیث حسن غریب صحیح ہی **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن سعید
اشج نے کہا حدیث کی ہمسے ابو خالد احمر نے داؤد بن ابی ہند سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم
نماز پڑھ رہے تھے اور ابو جہل آیا اور کہنے لگا کیا مین نے تجھے اس سے منع نہین کیا کیا مین نے تجھکو اس سے منع نہین کیا کیا مین نے تجھکو
اس سے منع نہین کیا پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم فارغ ہوئے اور اسکو زجر کی سو کہا ابو جہل نے آپ جانتے ہین کہ کوئی شخص اس شہر مین
مجھسے زیادہ صاحب مجلس نہین سو اللہ تبارک وتعالی نے یہ آیت نازل فرمائی فلیدع نادیہ سندع الزبانیہ یعنے پس چاہئے کہ بلاوے مجلس اپنی کو
ہم بلاوینگے فرشتے دوزخ کو کہا ابن عباس نے قسم ہی اللہ کی اگر وہ اپنی مجلس کو بلاتا تو ضرور اسکو فرشتے اللہ کے پکڑ لیتے یہ حدیث حسن
غریب صحیح ہی اور اسمین روایت ہی ابی ہریرہ سے **تفسیر سورۂ لیلۃ القدر سے حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد
طیالسی نے کہا حدیث کی ہمسے قاسم بن فضل حدانی نے یوسف بن سعد سے کہا اُسنے ایک مرد حسن بن علی کی طرف کھڑا ہوا بعد اسکے کہ
انھون نے معاویہ کے ساتھ بیعت کی تھی پس کہا اس مرد نے اپنے مؤمنون کے منھون کو سیاہ کر دیا ہی پس فرمایا امام حسن نے مجھے اسقدر زجر
مت کر اللہ تعالی تجھپر رحم کرے اسلیے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے بنی امیہ کو منبر پر دیکھا اور آپکو برا معلوم ہوا سو یہ آیت نازل ہوئی انا اعطینک
الکوثر یعنے ای محمد دی ہمنے تجھکو نہر کوثر یعنے نہر جنت مین اور نازل ہوئی یہ آیت انا انزلناہ فی لیلۃ القدر یعنے تحقیق نازل کیا ہمنے قرآن کو بیچ رات
قدر کے اور کیا جانے تو کیا ہی رات قدر کی رات قدر کی بہتر ہی ہزار مہینے سے ای محمد بعد آپ کے بنی امیہ ہزار مہینے مالک ہونگے کہا قاسم نے

۱؎ احادیث سے ثابت ہوتا ہی کہ بنی امیہ کی خلافت بعد وفات آنحضرت کے تیس برس سے شروع ہوگی یعنے سن ہجری چالیس پر اور ختم امارت انکی ایک سو بتیس سن پر ہوئی ہی تو اس حساب سے بانوے سال رہی
اور درمیان مین خلافت عبد اللہ بن زبیر کی آٹھ سال اور آٹھ مہینے رہی ہی جب اسکی خلافت ان ایام سے ساقط کیجائے تو باقی بیاسی برس [illegible] مہینے رہتے ہین اور یہ ہزار مہینے ہین [illegible] قرآن لیلۃ القدر مین نازل

فجلس وجلسنا معه ومعه عود ينكت به في الارض فرفع رأسه الى السماء فقال ما من نفس منفوسة الا قد كتب مدخلها فقال القوم يارسول الله افلا نتكل على كتابنا فمن كان من اهل السعادة فهو يعمل للسعادة ومن كان من اهل الشقاء فانه يعمل للشقاء قال بل اعملوا فكل ميسر اما من كان من اهل السعادة فانه ميسر لعمل السعادة واما من كان من اهل الشقاء فانه ميسر لعمل الشقاء ثم قرأ فاما من اعطى واتقى وصدق بالحسنى فسنيسره لليسرى واما من بخل واستغنى وكذب بالحسنى فسنيسره للعسرى هذا حديث حسن صحيح **ومن سورة والضحى** **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان بن عيينة عن الاسود بن قيس عن جندب البجلي قال كنت مع النبي صلى الله عليه وسلم في غار فدميت اصبعه فقال النبي صلى الله عليه وسلم هل انت الا اصبع دميت وفي سبيل الله ما لقيت قال وابطأ عليه جبرئيل فقال المشركون قد ودع محمد فانزل الله تبارك وتعالى ما ودعك ربك وما قلى هذا حديث حسن صحيح وقد رواه شعبة والثوري عن الاسود بن قيس **ومن سورة الم نشرح** **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر وابن ابي عدي عن سعيد عن قتادة عن انس بن مالك عن مالك بن صعصعة عن رجل من قومه ان نبي الله صلى الله عليه وسلم قال بينما انا عند البيت بين النائم واليقظان اذ سمعت قائلا يقول احد بين الثلاثة فاتيت بطست من ذهب فيها ماء زمزم فشرح صدري الى كذا وكذا قال قتادة قلت ما يعني قال الى اسفل بطني قال فاستخرج قلبي فغسل قلبي بماء زمزم ثم اعيد مكانه ثم حشي ايمانا وحكمة وفي الحديث قصة طويلة هذا حديث حسن صحيح وفيه عن ابي ذر

اور بیٹھے اور ہم بھی آپ کے ساتھ بیٹھ گئے اور آپ کے پاس ایک لکڑی تھی اسکو زمین پر مارتے تھے سو آپ نے آسمان کی طرف سر مبارک اٹھایا اور فرمایا کوئی نفس سانس لینے والا نہیں ہے مگر کہ اسکی جگہ داخل ہونیکی لکھی گئی ہے پس کہا قوم نے کیا ہم اپنی کتاب پر توکل نہ کرلیں سو جو کوئی اہل سعادت سے ہوگا وہ سعادت کے کام کریگا اور جو کوئی اہل شقاوت سے ہوگا وہ شقاوت کے کام کریگا۔ فرمایا آپ نے بلکہ عمل کرو پس ہر ایک آسان کیا گیا ہے بہرحال جو کوئی اہل سعادت سے ہوگا پس اسکے لیے عمل سعادت کے آسان کیے گئے ہیں اور جو کوئی اہل شقاوت سے ہوگا تو اسکے لیے عمل بدبختی کے آسان کیے گئے ہیں پھر آپ نے یہ آیت پڑھی فاما من اعطے۔ یعنے پس جسنے دیا اور پرہیزگاری کی اور سچ مانا اچھی بات کو پس البتہ آسان کرینگے ہم اسکو واسطے گھر آسانی کے۔ اور جسنے بخیلی کی اور بے پروائی کی اور جھٹلایا اچھی بات کو پس البتہ آسان کرینگے ہم اسکو واسطے سختی کے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **اور بعض تفسیر سورۂ والضحی سے** **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے اسود بن قیس سے اسنے جندب بجلی سے کہا اسنے میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غار میں تھا کہ آپکی انگلی مبارک خون آلودہ ہوئی پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے تو انگلی ہے جو خون آلودہ ہوئی ہے اور اللہ تعالی کے راستہ میں ہے جو کچھ تجھے پہونچا ہے۔ کہا راوی نے اور جبرئیل علیہ السلام نے آپکے پاس آنیمیں کچھ دیر لگائی تو کہا مشرکوں نے محمد چھوڑا گیا ہے پس اللہ تبارک وتعالی نے یہ آیت نازل فرمائی[1] ما ودعک ربک وما قلی یعنے نہیں چھوڑ دیا تجھکو رب تیرے نے اور نہ ناخوش رکھا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کیا اسکو شعبہ اور ثوری نے اسود بن قیس سے **اور بعض تفسیر سورۂ الم نشرح سے** **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر اور ابن ابی عدی نے سعید سے اسنے قتادہ سے اسنے انس بن مالک سے اسنے مالک بن صعصعہ سے یہ مرد ہے اسکی قوم سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسوقت میں کہ میں خانہ کعبہ کے پاس نیم خوابی میں تھا کہ ناگاہ سنا میں نے ایک قائل سے کہ کہتا ایک[2] تینوں میں کا پھر میرے پاس ایک سونیکا تھال لایا گیا اسمیں پانی زمزم کا تھا پھر میرا سینہ یہانتک کشادہ کیا گیا کہا قتادہ نے میں نے انس سے کہا آپکی اس سے کیا مراد تھی کہا اسنے نیچے پیٹ تک کشادہ کیا گیا فرمایا آپ نے پھر میرا دل نکالا گیا اور زمزم کے پانی سے دھویا گیا پھر اپنی جگہ پر رکھا گیا پھر وہ حکمت اور ایمان سے پر کیا گیا۔ اور اس حدیث میں قصہ طویل ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسمیں روایت ہے ابی ذر سے

---

[1] حضرت کو کئی دن وحی نہ آئی دل مکدر رہا تہجد کو نہ اٹھے کافروں نے کہا اسکو چھوڑ دیا اسکے رب نے پھر یہ نازل ہوا پہلے قسم فرمائی دھوپ روشن کی اور رات اندھیری کی یعنے ظاہر میں بھی اللہ

مالی مالی وهل لك من مالك الا ما تصدقت فامضیت او اكلت فافنیت او لبست فابلیت هذا احدیث حسن صحیح حدثنا ابوكریب نا حكام بن سلم الرازی عن عمرو بن ابی قیس عن الحجاج عن المنهال بن عمرو عن زر بن حبیش عن علی قال ما زلنا نشك فی عذاب القبر حتی نزلت الهكم التكاثر قال ابوكریب مرة عن عمرو بن ابی قیس عن ابن ابی لیلی عن المنهال هذا حدیث غریب حدثنا ابن ابی عمر نا سفیان عن محمد بن عمرو بن علقمة عن یحیی بن عبد الرحمن بن حاطب عن عبد الله بن الزبیر بن العوام عن ابیه قال لما نزلت ثم لتسألن یومئذ عن النعیم قال الزبیر یا رسول الله وای النعیم نسأل عنه وانما هو الاسودان التمر والماء قال اما انه سیكون هذا حدیث حسن حدثنا عبد بن حمید نا احمد بن یونس عن ابی بكر بن عیاش عن محمد بن عمرو عن ابی سلمة عن ابی هریرة قال لما نزلت هذه الایة ثم لتسألن یومئذ عن النعیم قال الناس یا رسول الله عن ای النعیم نسأل وانما هو الاسودان والعدو حاضر وسیوفنا علی عواتقنا قال ان ذلك سیكون وحدیث ابن عیینة عن محمد بن عمرو عندی اصح من هذا سفیان بن عیینة احفظ واصح حدیثا من ابی بكر بن عیاش حدثنا عبد بن حمید نا شبابة عن عبد الله بن علاء عن الضحاك بن عبد الرحمن بن عرزم الاشعری قال سمعت ابا هریرة یقول قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان اول ما یسأل عنه یوم القیمة یعنی العبد من النعیمات یقال له الم نصح لك جسمك ونرویك من الماء البارد هذا حدیث غریب والضحاك هو ابن عبد الرحمن بن عرزب ویقال عرزم **ومن** سورة الكوثر حدثنا عبد بن حمید انا عبد الرزاق عن معمر عن قتادة عن انس انا اعطیناك الكوثر ان النبی صلی الله علیه وسلم قال

کہ میرا مال میرا مال ہے حالانکہ نہیں ہے حصہ تجھے مال تیرے سے مگر جو تو نے صدقہ دیا ہے اور گذار چکا ہے یا جو تو نے کھایا ہے اور فنا کیا ہے یا جو پہنا ہے اور بوده کر دیا ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے حکام بن سلم رازی نے عمرو بن ابی قیس سے اُسنے حجاج سے اُسنے منہال بن عمرو سے اُسنے زر بن حبیش سے اُسنے علی سے کہا اُسنے ہم بہت مدت تک قبر کے عذاب میں شک کرتے رہے یہانتک کہ یہ آیت نازل ہوئی الہٰكم التكاثر۔ کہا ابو کریب نے ایک بار یہ روایت ہے عمرو بن ابی قیس سے اُسنے ابن ابی لیلی سے اُسنے منہال سے۔ یہ حدیث غریب ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے محمد بن عمرو بن علقمہ سے اُسنے یحیی بن عبد الرحمن بن حاطب سے اُسنے عبد اللہ بن زبیر بن عوام سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے جب یہ آیت نازل ہوئی ثم لتسألن یومئذ عن النعیم یعنے پھر البتہ سوال کیے جاؤ گے اس دن نعمتوں سے کہا زبیر نے یا رسول اللہ اور کونسی نعمتوں سے ہم سوال کیے جاوینگے اور وہ نعمتیں تو دونوں اسود ہیں یعنے کھجوریں اور پانی فرمایا آپ نے قریب ہے کہ ہوگا یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے احمد بن یونس نے ابی بکر بن عیاش سے اُسنے محمد بن عمرو سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے جب یہ آیت نازل ہوئی ثم لتسألن یومئذ عن النعیم کہا لوگوں نے یا رسول اللہ کونسی نعمتوں سے ہم سوال کیے جاوینگے وہ تو دونوں اسود ہیں اور دشمن حاضر ہے اور ہماری تلواریں ہماری گردنوں پر ہیں فرمایا آپ نے یہ جلدی ہی ہوگا۔ اور حدیث ابن عیینہ کی جو محمد بن عمرو سے ہے میرے نزدیک اس سے صحیح ہے اور سفیان بن عیینہ احفظ اور اصح ہے حدیث میں ابی بکر بن عیاش سے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے شبابہ نے عبد اللہ بن علا سے اُسنے ضحاک بن عبد الرحمن بن عرزم اشعری سے کہا اُسنے سنا میں نے ابا ہریرہ سے کہ کہتا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے قیامت کے دن آدمی سے نعمتوں کی بابت سوال کیا جائیگا اس سے کہا جائیگا کیا ہمنے تیرا جسم صحیح اور سالم نہیں بنایا اور تجھے پانی سرد نہیں پلایا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ اور ضحاک بیٹا ابن عبد الرحمن بن عرزب ہے اور کہا جاتا ہے عرزم **بعض تفسیر سورت کوثر** سے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا خبر دی ہمکو عبد الرزاق نے معمر سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے اس آیت کی تفسیر میں انا اعطیناك الكوثر یہ کہ نبی صلعم نے فرمایا

[1] اسکے دو معنے ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ جن نعمتوں کا تم سوال کرتے ہو وہ ہو جاوینگے دوسرے یہ کہ باوجود اس حالت کے کہ جسپر تم ہو پھر بھی سوال ہوگا جیسا کہ دوسری حدیث اسپر دال ہے۔ قولہ یہ دونوں اسود ہیں یعنے کھجوریں اور پانی سیاہ ہیں کھجور مدینہ کی عموماً سیاہ ہوتی ہے اور پانی کو بطور غلبہ کے صفت سیاہی کی لگائی گئی کہنے لگے ہمسے کیا سوال ہوگا کہ یہ دو ادنیٰ سی چیزیں ہمارے پاس ہیں ۱۲

فعد دناها فاذا هی الف شهر لا تزید یوما ولا تنقص هذا حدیث غریب لا نعرفه الا من هذا الوجه من حدیث القاسم بن الفضل وقد قیل عن القاسم بن الفضل عن یوسف بن مازن والقاسم بن الفضل الحدانی هو ثقة وثقه یحیی بن سعید وعبد الرحمن بن مهدی ویوسف بن سعد رجل مجهول ولا نعرف هذا الحدیث علی هذا اللفظ الا من هذا الوجه **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان عن عبدة بن ابی لبابة وعاصم سمعا زر بن حبیش یقول قلت لابی بن کعب ان اخاك عبد الله بن مسعود یقول من یقم الحول یصب لیلة القدر فقال یغفر الله لابی عبد الرحمن لقد علم انها فی العشر الاواخر من رمضان وانها لیلة سبع وعشرین ولکنه اراد ان لا یتکل الناس ثم حلف لا یستثنی انها لیلة سبع وعشرین قال قلت له بای شیء تقول ذلك یا ابا المنذر قال بالایة التی اخبرنا رسول الله صلی الله علیه وسلم او بالعلامة ان الشمس تطلع یومئذ لا شعاع لها هذا حدیث حسن صحیح **سورة** لم یکن **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدی نا سفیان عن المختار بن فلفل قال سمعت انس بن مالك یقول قال رجل للنبی صلی الله علیه وسلم یا خیر البریة قال ذاك ابراهیم هذا حدیث حسن صحیح **سورة** اذا زلزلت **حدثنا** سوید بن نصر انا عبد الله بن المبارك نا سعید بن ابی ایوب عن یحیی بن ابی سلیمن عن سعید المقبری عن ابی هریرة قال قرأ رسول الله صلی الله علیه وسلم هذه الایة یومئذ تحدث اخبارها قال اتدرون ما اخبارها قالوا الله ورسوله اعلم قال فان اخبارها ان تشهد علی کل عبد او امة بما عمل علی ظهرها تقول عمل یوم کذا کذا وکذا فهذه اخبارها هذا حدیث حسن صحیح غریب **ومن** سورة الهکم التکاثر **حدثنا** محمود بن غیلان نا وهب بن جریر نا شعبة عن قتادة عن مطرف بن عبد الله بن الشخیر عن ابیه انه انتهی الی النبی صلی الله علیه وسلم وهو یقرأ الهکم التکاثر قال یقول ابن ادم

سو ہمنے انکی خلافت کا اندازہ کیا تو وہ ہزار مہینہ ہی تھے نہ ایک دن زائد تھے اور نہ کم یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق قاسم بن فضل سے۔ اور کہا گیا ہے قاسم بن فضل سے وہ راوی ہے یوسف بن مازن سے۔ اور قاسم بن فضل حدانی ثقہ ہے یحیی بن سعید اور عبد الرحمن بن مہدی نے اسکی توثیق کی ہے اور یوسف بن سعد مجہول آدمی ہے۔ اور نہیں پہچانتے ہم اس حدیث کو ان الفاظ سے اس وجہ سے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عبدہ بن ابی لبابہ اور عاصم سے سنا ان دونوں نے زر بن حبیش سے کہ کہتا ہیں نے ابی بن کعب سے کہا کہ بھائی تیرا عبد اللہ بن مسعود کہتا ہے جو کوئی ایک سال کھڑا ہو تو لیلۃ القدر کو حاصل کر لیتا ہے کہا ابی بن کعب نے اللہ ابی عبد الرحمن (کنیت عبد اللہ) پر بخشش کرے کہ وہ جانتا ہے کہ وہ رات رمضان کے عشرہ آخر میں ہے اور وہ رات ستائیسویں ہے لیکن اسنے یہ ارادہ کیا ہے کہ لوگ توکل نہ کر بیٹھیں پھر اسنے قسم کھائی اور استثناء نہ کیا کہ وہ رات ستائیسویں ہے کہا اسنے میں نے اس سے کہا یا ابا منذر آپ یہ کیونکر کہتے ہیں کہا اسنے ساتھ اس علامت یا نشان (شک راوی) کے کہ جسکی خبر ہمکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دی ہے کہ آفتاب اس روز اسطرح نکلتا ہے کہ اسکا شعاع نہیں ہوتا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **تفسیر** سورت لم یکن **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے مختار بن فلفل سے کہا سنا میں نے انس بن مالک سے کہ کہتا کہا ایک مرد نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے ای بہتر تمام خلقت کے فرمایا آپ نے یہ ابراہیم ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **تفسیر** سورۂ اذا زلزلت **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن ابی ایوب نے یحیی بن ابی سلیمان سے اسنے سعید مقبری سے اسنے ابی ہریرہ سے کہا اسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی یومئذ تحدث اخبارہا یعنے اس دن بیان کریگی خبریں اپنی۔ فرمایا آپ نے کیا تم جانتے ہو اسکی کیا خبریں ہیں کہا لوگوں نے اللہ اور رسول اسکا بہتر جانتا ہے فرمایا آپ نے خبریں اسکی یہ ہیں کہ ہر ایک مرد اور عورت کے اعمال کی گواہی دیگی کہیگی فلاں دن اسنے فلاں فلاں کام کیا ہے سو یہ ہیں خبریں اسکی۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **تفسیر** سورۂ الہٰکم التکاثر **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وہب بن جریر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے قتادہ سے اسنے مطرف بن عبد اللہ بن شخیر سے اسنے اپنے باپ سے کہ وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا اس حالت میں کہ آپ الہٰکم التکاثر پڑھ رہے تھے فرمایا آپ نے آدم کا بیٹا کہتا ہے

عن ابن عباس قال صعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذات یوم علی الصفا فنادی یا صباحاہ فاجتمعت الیہ قریش فقال انی نذیر لکم بین یدی عذاب شدید ارأیتم لو انی اخبرتکم ان العدو ممسیکم او مصبحکم اکنتم تصدقونی فقال ابو لھب الھذا جمعتنا تبالک فانزل اللہ تبارک وتعالی تبت یدا ابی لھب وتب ھذا حدیث حسن صحیح **ومن سورۃ الاخلاص**

حدثنا احمد بن منیع نا ابو سعد ھو الصغانی عن ابی جعفر الرازی عن الربیع بن انس عن ابی العالیۃ عن ابی بن کعب ان المشرکین قالوا لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انسب لنا ربک فانزل اللہ تعالی قل ھو اللہ احد اللہ الصمد والصمد الذی لم یلد ولم یولد لانہ لیس شیٔ یولد الا سیموت ولیس شیٔ یموت الا سیورث وان اللہ لا یموت ولا یورث ولم یکن لہ کفوا احد قال لم یکن لہ شبیہ ولا عدل ولیس کمثلہ شیٔ **حدثنا** عبد بن حمید انا عبید اللہ بن موسی عن ابی جعفر الرازی عن الربیع عن ابی العالیۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم ذکر الھتھم فقالوا انسب لنا ربک قال فاتاہ جبرئیل علیہ السلام بھذہ السورۃ قل ھو اللہ احد فذکر نحوہ ولم یذکر فیہ عن ابی بن کعب وھذا اصح من حدیث ابی سعد وابو سعد اسمہ محمد بن میسر **ومن سورۃ المعوذتین** **حدثنا** محمد بن المثنی نا عبد الملک بن عمرو عن ابن ابی ذئب عن الحارث بن عبد الرحمن عن ابی سلمۃ عن عائشۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نظر الی القمر فقال یا عائشۃ استعیذی باللہ من شر ھذا فان ھذا ھو الغاسق اذا وقب ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن بشار نا یحیی بن سعید عن اسمٰعیل بن ابی خالد نا قیس وھو ابن ابی حازم عن عقبۃ بن عامر الجھنی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال قد انزل اللہ علی آیات لم یر مثلھن قل اعوذ برب الناس الی آخر السورۃ وقل اعوذ برب الفلق الی آخر السورۃ ھذا حدیث حسن صحیح **باب حدثنا** محمد بن بشار

اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک دن پہاڑ صفا پر چڑھے اور آواز دی یا صباحاہ[1] پس قریش آپکے پاس جمع ہوئے سو فرمایا آپ نے مین تمکو ڈراتا ہون عذاب شدید سے جو سامنے آنیوالا ہے بتلاؤ مجھکو اگر مین تمکو خبر دون کہ دشمن شام کو یا صبح کو تمپر پہونچنے والا ہے تو کیا تم مجھے سچا جانو گے پس کہا ابو لہب نے کیا تُنے ہمکو اسی لیے جمع کیا تھا ہلاکت ہو تجھکو پس اللہ تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی تبت یدا ابی لھب وتب یعنے ہلاک ہوجیو ہاتھ ابی لہب کے اور ہلاک ہو وہ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **تفسیر سورۂ اخلاص حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ابو سعد نے جو صغانی ہیں ابی جعفر رازی سے اُسنے ربیع بن انس سے اُسنے ابی العالیہ سے اُسنے ابی بن کعب سے یہ کہ مشرکین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا اپنے رب کا ہمسے نسب بیان کرو سو اللہ تعالی نے یہ آیت اتاری قل ھو اللہ احد اللہ الصمد اور صمد وہ ہے جو نہ جنے اور نہ جنا گیا ہو اسلیے کہ جو چیز پیدا ہوتی ہے اُسے مرنا ہے اور جو چیز مرتی ہے وہ وارث چھوڑتی ہے اور اللہ تعالی کو نہ مرنا ہے اور نہ وارث چھوڑنا ہے اور نہ کوئی اسکے واسطے برابری کرنیوالا ہے فرمایا آپ نے نہ اسکی کوئی شبیہ ہے اور نہ کوئی برابر اور نہ مثل اسکے کوئی شئے ہے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا خبر دی ہمکو عبید اللہ بن موسی نے ابی جعفر رازی سے اُسنے ربیع سے اُسنے ابی العالیہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے انکے معبودون کا ذکر کیا پس انھون نے کہا ہمارے پاس اپنے رب کا نسب بیان کر کہا اُسنے سو آپ کے پاس جبرئیل علیہ السلام یہ سورہ لائے قل ھو اللہ احد پس اُسنے مثل اسکے بیان کیا اور اُسنے اسمین ابی بن کعب کا ذکر نہین کیا اور یہ صحیح ہے روایت ابی سعد سے اور ابو سعد کا نام محمد بن میسر ہے **تفسیر سورہ معوذتین حدیث** کی ہمسے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الملک بن عمرو نے ابن ابی ذئب سے اُسنے حارث بن عبد الرحمن سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے چاند کی طرف دیکھا اور کہا اے عائشہ اللہ تعالی سے اسکی برائی سے پناہ مانگ اسلیے کہ یہ اندھیرا کرنیوالا ہے جب چھپ جاوے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے اسمٰعیل بن ابی خالد سے کہا حدیث کی ہمسے قیس بن ابی حازم نے عقبہ بن عامر جہنی سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے مجھپر اللہ تعالی نے چند آیتین اتاری ہین کہ انکے برابر دیکھی نہین گئین قل اعوذ برب الناس آخر سورہ تک اور قل اعوذ برب الفلق آخر سورہ تک۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے

[1] یہ کلمہ مستغیث بولتا ہے جبکہ دشمن غارت کے لیے سر پر آپہونچے تو لوگ اسکو جمع ہوجاتے ہین یعنے صبح کے وقت دشمن لوٹنے کو آپہونچا ۱۲

هو نهر في الجنة قال فقال النبي صلى الله عليه وسلم رأيت نهرا في الجنة حافتيه قباب اللؤلؤ قلت ما هذا يا جبرئيل قال هذا الكوثر الذي اعطاكه الله هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** احمد بن منيع نا سريج بن النعمان نا الحكم بن عبد الملك عن قتادة عن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بينا انا اسير في الجنة اذ عرض لي نهر حافتاه قباب اللؤلؤ قلت للملك ما هذا قال هذا الكوثر الذي اعطاكه الله قال ثم ضرب بيده الى طينه فاستخرج مسكا ثم رفعت لي سدرة المنتهى فرأيت عندها نورا عظيما هذا حديث حسن صحيح وقد روي من غير وجه عن انس **حدثنا** هناد نا محمد بن فضيل عن عطاء بن السائب عن محارب بن دثار عن عبد الله بن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكوثر نهر في الجنة حافتاه من ذهب ومجراه على الدر والياقوت تربته اطيب من المسك وماؤه احلى من العسل وابيض من الثلج هذا حديث حسن صحيح **سورة الفتح حدثنا** عبد بن حميد نا سليمان بن داود عن شعبة عن ابي بشر عن سعيد بن جبير عن ابن عباس قال كان عمر يسألني مع اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم فقال له عبد الرحمن بن عوف اتسأله ولنا بنون مثله قال فقال له عمر انه من حيث تعلم فسأله عن هذه الاية اذا جاء نصر الله والفتح فقلت انما هو اجل رسول الله صلى الله عليه وسلم اعلمه اياه وقرأ السورة الى اخرها فقال له عمر والله ما اعلم منها الا ما تعلم هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبة عن ابي بشر بهذا الاسناد نحوه الا انه قال فقال له عبد الرحمن بن عوف اتسأله ولنا ابن مثله هذا حديث حسن صحيح **ومن سورة تبت حدثنا** هناد واحمد بن منيع قالا نا ابو معوية نا الاعمش عن عمرو بن مرة عن سعيد بن جبير

وہ نہر ہے جنت میں کہا اُسنے سو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے میں نے نہر جنت میں دیکھی ہے اسکے دونوں کنارے جیسے موتیوں کے ہیں میں نے کہا کیا ہے یہ اے جبرئیل کہا اُسنے یہ کوثر ہے جو آپکو اللہ تعالیٰ نے دی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے سریج بن نعمان نے کہا حدیث کی ہمسے حکم بن عبد الملک نے قتادہ سے اُسنے انس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس اثنا میں کہ میں جنت میں سیر کر رہا تھا ناگاہ میرے سامنے نہر ظاہر ہوئی دونوں کنارے اسکے خیمے موتیوں کے ہیں میں نے فرشتے سے کہا یہ کیا ہے کہا اسنے یہ کوثر ہے جو آپکو اللہ تعالیٰ نے عنایت کی ہے فرمایا آپنے پھر فرشتے نے اپنا ہاتھ اسکی مٹی کی طرف مارا تو اُسنے مشک نکالا پھر میں سدرۃ المنتہیٰ کی طرف اٹھایا گیا پس اسکے پاس میں نے بہت نور دیکھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہ کئی وجہ سے انس سے مروی ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے عطاء بن سائب سے اُسنے محارب بن دثار سے اُسنے عبد اللہ بن عمر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کوثر جنت میں ایک نہر ہے دونوں کنارے اسکے سونے سے ہیں اور جگہ جاری ہونے پانی اسکے کی موتیوں اور یاقوت پر ہے مٹی اسکی بہت خوشبودار ہے مشک سے۔ اور پانی اسکا بہت میٹھا ہے شہد سے اور سفید ہے برف سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **بعض تفسیر سورت فتح سے حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان بن داؤد نے شعبہ سے اُسنے ابی بشر سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے حضرت عمر مجھسے اور صحابہ کے ساتھ مسائل پوچھا کرتے تھے سو انکو عبد الرحمن بن عوف نے کہا آپ اس سے سوال کرتے ہیں حالانکہ ہمارے لڑکے بھی مثل اسکے ہیں کہا عبد اللہ نے پس اسکو حضرت عمر نے کہا یہ اسلیے کہ تو جانتا ہے سو انھوں نے مجھسے اس آیت کی بابت سوال کیا اذا جاء نصر اللہ والفتح میں نے کہا یہ تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی موت کی خبر ہے اللہ تعالیٰ نے آپکو اس سے بتلا دیا تھا اور آخر تک سورت کو پڑھا پھر مجھسے حضرت عمر نے کہا قسم ہے اللہ کی میں اس سے یہی جانتا ہوں جو تو اس سے جانتا ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے ابی بشر سے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے مگر اسنے کہا ہے کہ کہا حضرت عمر سے عبد الرحمن بن عوف نے کیا آپ اس سے سوال کرتے ہیں اور ہمارے بھی لڑکے مثل اسکے ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **تفسیر سورہ تبت حدیث** کی ہمسے ہناد اور احمد بن منیع نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے کہا حدیث کی ہمسے اعمش نے عمرو بن مرہ سے اُسنے سعید بن جبیر سے

فقالوا یارب هل من خلقك شیء اشد من الجبال قال نعم الحدید فقالوا یارب فهل من خلقك شیء اشد من الحدید قال نعم النار قالوا یارب فهل من خلقك شیء اشد من النار قال نعم الماء قالوا یارب فهل من خلقك شیء اشد من الماء قال نعم الریح قالوا یارب فهل من خلقك شیء اشد من الریح قال نعم ابن آدم تصدق بصدقة بیمینه یخفیها من شماله هذا حدیث غریب لا نعرفه مرفوعا الا من هذا الوجه آخر التفسیر **ابواب الدعوات** عن رسول الله صلی الله علیه وسلم **باب** ما جاء فی فضل الدعاء **حدثنا** عباس بن عبد العظیم العنبری نا ابو داؤد الطیالسی نا عمران القطان عن قتادة عن سعید بن ابی الحسن عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال لیس شیء اکرم علی الله من الدعاء هذا حدیث غریب لا نعرفه مرفوعا الا من حدیث عمران القطان **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدی عن عمران القطان بنحوه وعمران القطان هو ابن داور ویکنی ابا العوام **باب** منه **حدثنا** علی بن حجر نا الولید بن مسلم عن ابن لهیعة عن عبید الله بن ابی جعفر عن ابان بن صالح عن انس بن مالك عن النبی صلی الله علیه وسلم قال الدعاء مخ العبادة هذا حدیث غریب من هذا الوجه لا نعرفه الا من حدیث ابن لهیعة **حدثنا** احمد بن منیع نا مروان بن معویة عن الاعمش عن ذر عن یسیع عن النعمان بن بشیر عن النبی صلی الله علیه وسلم قال الدعاء هو العبادة ثم قرأ وقال ربکم ادعونی استجب لکم ان الذین یستکبرون عن عبادتی سیدخلون جهنم داخرین هذا حدیث حسن صحیح وقد رواه منصور والاعمش عن ذر ولا نعرفه الا من حدیث ذر **باب** منه **حدثنا** قتیبة نا حاتم بن اسمعیل عن ابی الملیح عن ابی صالح عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم انه من لم یسأل الله یغضب علیه

اور کہا ای رب کیا تیری پیدائش سے کوئی چیز پہاڑون سے زیادہ بھی سخت ہے کہا فرمایا اللہ نے ہان لوہا پھر کہا اُنھون نے ای رب کیا تیری پیدائش سے کوئی چیز لوہے سے بھی زیادہ سخت ہے فرمایا اللہ نے ہان آگ کہا انھون نے ای رب کیا تیری پیدائش سے کوئی چیز آگ سے بھی زیادہ سخت ہے فرمایا اللہ نے ہان پانی کہا انھون نے ای رب کیا تیری پیدائش سے کوئی چیز پانی سے بھی زیادہ سخت ہے فرمایا اللہ نے ہان ہوا کہا اُنھون نے ای رب کیا تیری پیدائش سے کوئی چیز ہوا سے بھی زیادہ سخت ہے فرمایا اللہ نے ہان بیٹا آدم کا جو اپنے داہنے ہاتھ سے اس طور[1] سے صدقہ کرے کہ اپنے بائین ہاتھ سے پوشیدہ رکھے یہ حدیث غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مرفوع مگر اسی طریق سے یہ آخر تفسیر کا ہے **ابواب** دعاؤن کے بیانمین جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہین **باب** دعا کی فضیلت کے بیانمین **حدیث** کی ہمسے عباس بن عبد العظیم عنبری نے کہا خبر دی ہمکو ابو داؤد طیالسی نے کہا حدیث کی ہمسے عمران قطان نے قتادہ سے اُسنے سعید بن ابی الحسن سے اُسنے ابو ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے کوئی چیز بزرگ تر اللہ کے نزدیک دعا سے زیادہ نہین ہے یہ حدیث غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مرفوع مگر طریق عمران القطان سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے عمران القطان سے مثل اسکے **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا خبر دی ہمکو ولید بن مسلم نے ابن لہیعہ سے اُسنے عبد اللہ بن ابی جعفر سے اُسنے ابان بن صالح سے اُسنے انس بن مالک سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے دعا مغز عبادت کا ہے یہ حدیث غریب ہے اس وجہ سے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق ابن لہیعہ سے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے مروان بن معاویہ نے اعمش سے اُسنے ذر سے اُسنے یسیع سے اُسنے نعمان بن بشیر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے دعا عبادت ہے پھر پڑھا آپ نے وقال ربکم ادعونی استجب لکم الخ یعنے فرمایا تمھارے رب نے مجھسے دعا مانگو مین تمھاری دعا قبول کرون تحقیق وہ لوگ جو تکبر کرتے ہین میری عبادت سے جلدی داخل ہونگے دوزخ مین خوار ہوکر یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کیا اسکو منصور اور اعمش نے ذر سے اور نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق ذر سے **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے حاتم بن اسمٰعیل نے ابی الملیح سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ جو کوئی اللہ تعالیٰ سے سوال نہین کرتا تو اللہ اسپر غضبناک ہوتا ہے

[1] صدقہ کرنا تمام مال کا کرے سخت ہے اسلیے کہ اسمین مخالفت نفس کی ہے اور طبیعت اور شیطان پر قہر کرنا ہے اور یہ کام تمام ملائکہ سے ممکن نہین یا اسکے مطالب ہونیکی وجہ یہ ہے کہ صدقہ اللہ تعالیٰ کا غصہ دور کرتا ہے

نا صفوان بن عیسیٰ نا الحارث بن عبد الرحمٰن بن ابی ذباب عن سعید بن ابی سعید المقبری عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما خلق اللہ اٰدم ونفخ فیہ الروح عطس فقال الحمد للہ فحمد اللہ باذنہ فقال لہ ربہ یرحمک اللہ یا اٰدم اذھب الی اولئک الملائکۃ الی ملاء منھم جلوس فقل السلام علیکم قالوا وعلیک السلام ورحمۃ اللہ ثم رجع الی ربہ قال ان ھذہ تحیتک وتحیۃ بنیک بینھم فقال اللہ لہ ویداہ مقبوضتان اختر ایھما شئت قال اخترت یمین ربی وکلتا یدی ربی یمین مبارکۃ ثم بسطھا فاذا فیھا اٰدم وذریتہ فقال ای رب ما ھؤلاء قال ھؤلاء ذریتک فاذا کل انسان مکتوب عمرہ بین عینیہ فاذا فیھم رجل اضوؤھم او من اضوئھم قال یارب من ھذا قال ھذا ابنک داؤد وقد کتبت لہ عمر اربعین سنۃ قال یارب زدہ فی عمرہ قال ذاک الذی کتب لہ قال ای رب فانی قد جعلت لہ من عمری ستین سنۃ قال انت وذاک قال ثم اسکن الجنۃ ماشاء اللہ ثم اھبط منھا فکان اٰدم یعد لنفسہ قال فاتاہ ملک الموت فقال لہ اٰدم قد عجلت قد کتب لی الف سنۃ قال بلی ولکنک جعلت لابنک داؤد ستین سنۃ فجحد فجحدت ذریتہ ونسی فنسیت ذریتہ قال فمن یومئذ امر بالکتاب والشھود ھذا حدیث حسن غریب من ھذا الوجہ وقد روی من غیر وجہ عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **باب حدثنا** محمد بن بشار نا یزید بن ھرون انا العوام بن حوشب عن سلیمٰن بن ابی سلیمان عن انس بن مالک عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لما خلق اللہ الارض جعلت تمید فخلق الجبال فقال بھا علیھا فاستقرت فعجبت الملائکۃ من شدۃ الجبال

کہا حدیث کی ہمسے صفوان بن عیسیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے حارث بن عبد الرحمٰن بن ابی ذباب نے سعید بن ابی سعید مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جبکہ اللہ تعالیٰ نے آدم کو پیدا کیا اور اسمین روح پھونکی تو حضرت آدم نے چھینک لی اور کہا الحمد للہ سو انھون نے اللہ کی حمد سا تھ اُسکے اذن کے کی پس اسکو اُسکے رب نے کہا یرحمک اللہ ای آدم ان فرشتون کی طرف جو ایک جماعت بیٹھی ہوئی ہی جا اور کہہ السلام علیکم۔ کہا اُنھون نے وعلیک السلام ورحمۃ اللہ پھر آدم اپنے رب کی طرف پھر آئے فرمایا اللہ نے یہ تیرا تحفہ ہی اور تیری اولاد کا آپسمین پھر اللہ تعالیٰ نے اس سے کہا اس حالت مین کہ اسکے دونون ہاتھ بند کیے ہوے تھے جونسا تو ان دونون سے چاہتا ہی اختیار کر کہا اُنھون نے مین اپنے رب کا داہنا ہاتھ اختیار کرتا ہون اور دونون ہاتھ اللہ تعالیٰ کے داہنے ہاتھ برکت والے ہین۔ پھر اللہ نے اسکو کھولا دیکھا تو اسمین آدم اور اولاد اسکی ہی پھر کہا حضرت آدم نے ای رب یہ کیا چیزین ہین فرمایا آپ نے یہ اولاد تیری ہی اور دیکھا تو ہر ایک انسان کی عمر اسکی آنکھون کے درمیان لکھی ہوئی ہی اور اُنمین ایک مرد سب سے چمکدار ہی یا (کہا راوی نے) انمین سے چمکدار ہی کہا حضرت آدم نے ای رب یہ کون ہی فرمایا اللہ نے یہ تیرا بیٹا داؤد ہی اور مین نے اسکی عمر چالیس برس لکھی ہی کہا آدم نے ای رب اسکی عمر مین زیادتی کر فرمایا اللہ نے یہی ہی جو لکھی گئی ہی کہا حضرت آدم نے ای رب مین نے اپنی عمر سے اسکے لیے ساٹھ برس مقرر کر دیے ہین فرمایا اللہ نے تم جانو اور یہ جانے فرمایا آنحضرت نے پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو جنت مین بسایا جبتک کہ چاہا پھر اس سے گرا دیا سو حضرت آدم اپنی عمر گنتے رہے فرمایا آنحضرت نے سو آپکے پاس ملک الموت آئے پس انکو حضرت آدم نے کہا تو نے تو جلدی کی ہی حالانکہ میری عمر ہزار سال لکھی گئی ہی کہا فرشتے نے ہان لکن تمنے اپنے بیٹے داؤد کو ساٹھ برس دیدیے ہین پس حضرت آدم نے انکار کیا اور انکی اولاد نے بھی انکار کیا اور بھول گیا اور انکی اولاد بھی بھول گئی فرمایا آنحضرت نے پس اسی دن سے لکھنے اور گواہ ہونے کا امر کیا گیا۔ یہ حدیث حسن ہی غریب ہی اس طریق سے اور غیر اس وجہ سے بھی مروی ہی بواسطہ ابو ہریرہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا خبر دی ہمکو عوام بن حوشب نے سلیمان بن ابی سلیمان سے اُسنے انس بن مالک سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جبکہ اللہ تعالیٰ نے زمین کو پیدا کیا تو وہ ہلنے لگی پھر اللہ تعالیٰ نے پہاڑونکو پیدا کیا اور انکو اسپر گاڑ دیا تو وہ ٹھہر گئی پھر فرشتون نے پہاڑونکی شدت سے تعجب کیا

[1] اختار سورہ اعراف مین گذر چکا ہی کہ ثم جعلت عمرہ قال ستین سنۃ قال ای رب زدہ من عمری اربعین سنۃ فقال بذا حدیث حسن صحیح یعنے اس روایت سے معلوم ہوتا ہی کہ حضرت آدم نے اسکی عمر مین چالیس برس اپنی عمر سے دیے تھے اور مستقل عمر حضرت داؤد کی ساٹھ سال تھی اور اس جگہ اسکا عکس ہی جواب اسکا یہ ہی کہ سابق اقوی ہی اس حدیث سے اور بخاری وغیرہ کی روایت بھی سابق روایت کی تائید کرتی ہی

شهد على ابي هريرة وابي سعيد الخدري انهما شهدا على رسول الله صلى الله عليه وسلم انه قال ما من قوم يذكرون
الله الا حفت بهم الملئكة وغشيتهم الرحمة ونزلت عليهم السكينة وذكرهم الله فيمن عنده هذا حديث حسن صحيح
حدثنا محمد بن بشار نا مرحوم بن عبد العزيز العطار نا ابو نعامة عن ابي عثمن عن ابي سعيد الخدري قال خرج
معوية الى المسجد فقال ما يجلسكم قالوا جلسنا نذكر الله قال الله ما اجلسكم الا ذاك قالوا والله ما اجلسنا الا ذاك
قال اما اني لم استحلفكم تهمة لكم وما كان احد بمنزلتي من رسول الله صلى الله عليه وسلم اقل حديثا عنه مني ان
رسول الله صلى الله عليه وسلم خرج على حلقة من اصحابه فقال ما يجلسكم قالوا جلسنا نذكر الله ونحمده لما هدانا للاسلام
ومن علينا به فقال الله ما اجلسكم الا ذاك قالوا والله ما اجلسنا الا ذاك قال اما اني لم استحلفكم لتهمة لكم انه اتاني
جبرئيل واخبرني ان الله يباهي بكم الملئكة هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه وابو نعامة السعدي
اسمه عمرو بن عيسى وابو عثمن النهدي اسمه عبد الرحمن بن مل **باب** ما جاء في القوم يجلسون ولا يذكرون الله
حدثنا محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدي نا سفيان عن صالح مولى التوامة عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه
وسلم قال ما جلس قوم مجلسا لم يذكروا الله فيه ولم يصلوا على نبيهم الا كان عليهم ترة فان شاء عذبهم وان شاء
غفر لهم هذا حديث حسن وقد روي عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم من غير وجه **باب** ما جاء
ان دعوة المسلم مستجابة **حدثنا** قتيبة نا ابن لهيعة عن ابي الزبير عن جابر قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم

ابی ہریرہ اور ابی سعید خدری کے پاس حاضر ہوا وہ دونوں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے کہ فرمایا آپ نے
جو قوم کہ اللہ کی یاد کرتی ہے فرشتے انپر آمد و رفت کرتے ہیں اور رحمت انکو ڈھانپ لیتی ہے اور سکینہ انپر نازل ہوتا ہے اور ذکر کرتا ہے اللہ
انکا ان لوگوں میں جو اسکے پاس ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے مرحوم بن عبد العزیز
عطار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو نعامہ نے ابی عثمان سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا اُسنے معاویہ مسجد کی طرف نکلا پس کہا اُسنے
کس چیز نے تمکو بٹھلایا ہے کہا انہوں نے ہم اللہ کی یاد کے لیے بیٹھے ہیں کہا اُسنے قسم ہے اللہ کی تم اسی لیے بیٹھے ہو کہا انہوں نے
قسم ہے اللہ کی ہم اسی لیے بیٹھے ہیں کہا معاویہ نے خبردار میں نے تمسے بدگمان ہو کر تمکو قسم نہیں دلائی اور نہیں کوئی باوجود میرے
مرتبہ کے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کمتر حدیث بیان کرنیوالا مجھسے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے حلقہ
پر نکلے اور فرمایا کس چیز نے تمکو بٹھلایا ہے کہا انھوں نے ہم بیٹھے ہیں اللہ کی یاد کرتے ہیں اور اسکی صفت کرتے ہیں اس سبب
سے کہ اُسنے ہمکو اسلام کی راہ دکھلائی ہے اور ہم پر اُسنے احسان کیا ہے پس فرمایا آپ نے قسم ہے اللہ کی تم اسی لیے بیٹھے ہو کہا انھوں نے
قسم ہے اللہ کی ہم اسی لیے بیٹھے ہیں فرمایا آپ نے خبردار ہیں نے تمسے بدگمان ہو کر تمکو قسم نہیں دلائی[1]۔ میرے پاس جبرئیل
آئے اور مجھے انھوں نے خبر دی کہ خدا تمہارے سبب سے فرشتوں سے فخر کرتا ہے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے
اور ابو نعامہ سعدی کا نام عمرو بن عیسی ہے اور ابو عثمان نہدی کا نام عبد الرحمن بن مل ہے **باب** اس قوم کے بیان میں جو بیٹھتی ہیں اور اللہ کی
یاد نہیں کرتی **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے صالح
سے جو غلام توامہ کا ہے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جس کسی قوم نے کسی مجلس میں بیٹھکر اسمیں
اللہ کی یاد نہیں کی اور نہ اپنے نبی پر درود بھیجا تو اسپر ندامت ہوتی ہے پس اگر چاہے تو انکو عذاب دے اور اگر چاہے تو انپر بخشش کرے
یہ حدیث حسن ہے۔ اور مروی ہے بواسطہ ابی ہریرہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے غیر اس وجہ سے بھی **باب** اس بیان میں کہ دعا مسلمان کی
قبول ہوتی ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے سنا میں نے رسول اللہ صلعم

[1] معمول ہے کہ کمال خوشی میں کبھی اپنے دوست سے یقینی بات کو قسم دلا کر پوچھتے ہیں تاکہ دوبارہ خوشی حاصل ہو اسی قسم کی حضرت نے اصحاب کو قسم دلائی پھر کمال شفقت سے فرما بھی دیا کہ میرا قسم دلانا بدگمانی کے سبب سے نہیں کہ اصحاب کو رنج ہوا اور یہ جو فرمایا کہ ذاکرون سے فرشتوں میں خدا فخر کرتا ہے یعنے انکی خوبی اور کثرت ثواب بیان کرتا ہے کہ باوجود دیکہ بنی آدم شہوت اور غضب کے حال میں گرفتار ہیں پھر بھی میری یاد سے غافل نہیں ہوتے اس حدیث سے ذکر کی بڑی فضیلت ثابت ہوتی ہے ۱۲

وقد روی وکیع عن غیر واحد عن ابی الملیح ھذا الحدیث ولا نعرفہ الا من ھذا الوجہ **حدثنا** اسحٰق بن منصور نا ابو عاصم عن حمید ابی الملیح عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ **باب** ما جاء فی فضل الذکر **حدثنا** ابوکریب نا زید بن حباب عن معٰویۃ بن صالح عن عمرو بن قیس عن عبد اللہ بن بسران رجلا قال یارسول اللہ ان شرائع الاسلام قد کثرت علی فاخبرنی بشیء اتشبث بہ قال لا یزال لسانک رطبا من ذکر اللہ ھذا حدیث حسن غریب **باب** منہ **حدثنا** قتیبۃ نا ابن لھیعۃ عن دراج عن ابی الھیثم عن ابی سعید الخدری ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سئل ای العباد افضل درجۃ عند اللہ یوم القیٰمۃ قال الذاکرین اللہ کثیرا قال قلت یارسول اللہ ومن الغازی فی سبیل اللہ قال لو ضرب بسیفہ فی الکفار والمشرکین حتی ینکسر ویختضب دما لکان الذاکرین اللہ کثیرا افضل منہ درجۃ ھذا حدیث غریب انما نعرفہ من حدیث دراج **باب** منہ **حدثنا** الحسین بن حریث انا الفضل بن موسی عن عبد اللہ بن سعید ھو ابن ابی ھند عن زیاد مولی ابن عیاش عن ابی بحریۃ عن ابی الدرداء قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم الا انبئکم بخیر اعمالکم وازکٰھا عند ملیککم وارفعھا فی درجاتکم وخیر لکم من انفاق الذھب والورق وخیر لکم من ان تلقوا عدوکم فتضربوا اعناقھم ویضربوا اعناقکم قالوا بلی قال ذکر اللہ قال معاذ بن جبل ما شیء انجی من عذاب اللہ من ذکر اللہ وقد روی بعضھم ھذا الحدیث عن عبد اللہ بن سعید مثل ھذا بھٰذا الاسناد وروی بعضھم عنہ فارسلہ **باب** ما جاء فی القوم یجلسون فیذکرون اللہ ما لھم من الفضل **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمٰن بن مھدی نا سفیان عن ابی اسحٰق عن الاغر ابی مسلم انہ

اور روایت کی ہے یہ حدیث وکیع نے کئی ایک سے انھوں نے ابی الملیح سے۔ اور نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عاصم نے حمید ابی الملیح سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے **باب** ذکر کی فضیلت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابوکریب نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے معاویہ بن صالح سے اُسنے عمرو بن قیس سے اسنے عبداللہ بن بسر سے یہ کہ ایک مرد نے کہا یارسول اللہ حکم اسلام کے مجھپر غالب ہوگئے ہیں سو آپ مجھے کوئی ایسی چیز بتلائیے کہ جسکے ساتھ متمسک رہوں فرمایا آپ نے چاہیے کہ ہمیشہ تیری زبان اللہ کی یاد سے تر رہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے دراج سے اُسنے ابی الہیثم سے اُسنے ابی سعید خدری سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پوچھے گئے کہ کس شخص کا درجہ اللہ تعالی کے نزدیک قیامت کے دن بڑا ہے فرمایا آپ نے جو اللہ تعالی کی بہت یاد کرتے ہیں کہا اُسنے میں نے کہا اور غازی فی سبیل اللہ سے بھی فرمایا آپ نے اگر کوئی شخص اپنی تلوار کفار اور مشرکین میں مارے یہانتک کہ وہ ٹوٹ جائے اور خون سے رنگدار ہو جائے تو بہت اللہ کا ذکر کرنے والے اس سے درجے میں افضل ہونگے۔ یہ حدیث غریب ہے ہم تو فقط اسکو طریق دراج سے ہی پہچانتے ہیں **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے حسین بن حریث نے کہا خبر دی ہمکو فضل بن موسی نے عبداللہ بن سعید سے جو بیٹا ابی ہند کا ہے اُسنے زیاد سے جو مولی ابن عیاش کا ہے اسنے ابی بحریہ سے اُسنے ابی الدرداء سے کہ کہا اُسنے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا میں تمکو خبر نہ دوں ساتھ تمہارے اچھے عملونکے اور ساتھ پاکیزگی انکی کے نزدیک مالک تمہارے کے اور بلند کرنیوالے بیچ درجات تمہارے کے اور بہتر ہے تمہارے لیے خرچ کرنے سونے اور چاندی سے اور بہتر ہے تمہارے لیے ملاقات کرنے دشمن سے سو تم انکی گردنیں مارو اور وہ تمہاری گردنیں ماریں۔ کہا انھوں نے ہاں فرمایا آپ نے ذکر کرنا اللہ کا کہا معاذ بن جبل نے کوئی چیز نجات دینے والی عذاب الٰہی سے اللہ کی یاد سے زیادہ نہیں ہے اور روایت کیا ہے بعض اسکے نے اس حدیث کو عبداللہ بن سعید سے مثل اسکے ساتھ اس اسناد کے اور روایت کیا ہے بعض نے اس سے اور مرسل روایت ہے **باب** اس بیان میں کہ قوم بیٹھکر اللہ کی یاد کرے انکی کیا فضیلت ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرحمٰن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے اغر ابی مسلم سے یہ کہ وہ

قال محمد بن المثنى في حديثه لم يردهما حتى يمسح بهما وجهه هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث حماد بن عيسى و
تفرد به وهو قليل الحديث وقد حدث عنه الناس وحنظلة بن ابي سفيان الجمحي ثقة وثقه يحيى بن سعيد القطان
باب ما جاء فيمن يستعجل في دعائه **حدثنا** الانصاري نا معن نا مالك عن ابن شهاب عن ابي عبيد مولى
ابن ازهر عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال يستجاب لاحدكم ما لم يعجل يقول دعوت فلم يستجب لي هذا
حديث حسن صحيح وابو عبيد اسمه سعد وهو مولى عبد الرحمن بن ازهر ويقال مولى عبد الرحمن بن عوف وفي الباب
عن انس **باب** ما جاء في الدعاء اذا اصبح واذا امسى **حدثنا** محمد بن بشار نا ابو داؤد وهو الطيالسي نا عبد الرحمن
بن ابي الزناد عن ابيه عن ابان بن عثمن قال سمعت عثمن بن عفان يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من عبد
يقول في صباح كل يوم ومساء كل ليلة بسم الله الذي لا يضر مع اسمه شئ في الارض ولا في السماء وهو السميع العليم ثلث مرات
فيضره شئ وكان ابان قد اصابه طرف فالج فجعل الرجل ينظر اليه فقال له ابان ما تنظر اما ان الحديث كما حدثتك ولكني
لم اقله يومئذ ليمضي الله علي قدره هذا حديث حسن غريب صحيح **حدثنا** ابو سعيد الاشج نا عقبة بن خالد عن ابي سعد
سعيد بن المرزبان عن ابي سلمة عن ثوبان قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قال حين يمسي رضيت بالله ربا و
بالاسلام دينا وبمحمد نبيا كان حقا على الله ان يرضيه هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه **حدثنا** سفيان بن وكيع
نا جرير عن الحسن بن عبيد الله عن ابراهيم بن سويد عن عبد الرحمن بن يزيد عن عبد الله قال كان النبي صلى الله عليه وسلم

کہا محمد بن مثنی نے اپنی حدیث میں نہ رد کرتے دونوں ہاتھوں کو یہاں تک کہ مسح کرتے ساتھ ان دونوں کے منہ اپنے کو یہ حدیث غریب ہے
نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق حماد بن عیسی سے اور یہی اسکے ساتھ منفرد ہوا ہے اور یہ کم حدیث بیان کرنیوالا ہے اور اس سے کئی لوگوں نے
روایت کی ہے۔ اور حنظلہ بن ابی سفیان جمحی ثقہ ہے یحیی بن سعید القطان نے اسکی توثیق کی ہے **باب** اس شخص کے بیان میں جو اپنی دعا میں
جلدی کرتا ہے **حدیث** کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے ابن شہاب سے اُسنے
ابی عبید سے جو غلام ابن ازہر کا ہے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے تم میں سے ہر ایک کی دعا
قبول ہو جاتی ہے جبتک کہ جلدی نہ کرے کہے کہ دعا[1] کی میں نے سو وہ میرے لیے قبول نہیں ہوئی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابو عبیدہ کا
نام سعد ہے اور یہ غلام عبد الرحمن بن ازہر کا ہے اور کہا گیا ہے کہ غلام عبد الرحمن بن عوف کا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے انس سے
باب اس دعا کے بیان میں جو صبح اور شام کو پڑھے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد طیالسی نے
کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن ابی الزناد نے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابان بن عثمان سے کہا سنا میں نے عثمان بن عفان سے
کہتا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی ایسا بندہ نہیں جو ہر دن کی صبح اور ہر رات کی شام کو تین بار یہ دعا پڑھے تو اسکو کوئی
شے ضرر دے بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شئ فی الارض ولا فی السماء وہو السمیع العلیم۔ اور ابان کو بعض اعضا پر فالج ہو گیا تھا اور ایک آدمی
اسکی طرف (بطور تعجب) دیکھنے لگا تو اسکو ابان نے کہا تو کیا دیکھتا ہے بہر حال حدیث تو یوں ہی ہے جیسے کہ میں نے تجھسے بیان کی ہے لیکن
میں نے اُسدن اس دعا کو پڑھا نہیں تھا تاکہ اللہ تعالی اپنی تقدیر مجھپر جاری کرے۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے
ابو سعید اشج نے کہا حدیث کی ہمسے عقبہ بن خالد نے ابی سعد یعنے سعید بن مرزبان سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ثوبان سے کہا اُسنے
فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی رات کے وقت یہ کہے رضیت باللہ ربا وبالاسلام دینا وبمحمد نبیا تو اللہ پر حق ہوتا ہے کہ اسکو
راضی کرے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس طریق سے **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے جریر نے حسن بن
عبید اللہ سے اُسنے ابراہیم بن سوید سے اُسنے عبد الرحمن بن یزید سے اُسنے عبد اللہ سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم

[1] یہ تفسیر ہے عجلت کی اور مسلم میں ہے کہ دعا کرکے ملول ہو کر چھوڑ دے تو بھی قبول نہیں ہوتی دعا مانگنے میں جلدی نہیں چاہیے ہر وقت اللہ تعالی سے مانگتا رہے تو قبول ہو جاتی ہے جیسا کہ جب لڑکا
والدہ سے کوئی چیز مانگتا ہے اور وہ بعض اوقات میں دینے سے انکار کرتی رہے اور جب لڑکا اس پر اصرار کرتا ہے تو خواہ مخواہ رحم کھا کر اسکو دیدیتی ہے ایسا ہی پروردگار کا حال ہے اول تو جلدی ہی عنایت
کر دیتا ہے ورنہ اصرار سے تو ضرور ہی قبول کرتا ہے جیسا کہ مثنوی میں ہے تا نہ نالد کودک حلوا فروش × شیر مادر کے ہمی آید بجوش ۱۲

ل مامن احد یدعو بدعاء الا اٰتاہ اللہ ما سأل او کف عنہ من السوء مثلہ ما لم یدع باثم او قطیعۃ رحم وفی الباب
ن ابی سعید وعبادۃ بن الصامت **حدثنا** محمد بن مرزوق نا عبید بن واقد نا سعید بن عطیۃ اللیثی عن شھر بن
شب عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من سرہ ان یستجیب اللہ لہ عند الشدائد والکرب
فلیکثر الدعاء فی الرخاء ھذا حدیث غریب **حدثنا** یحیی بن حبیب بن عربی نا موسی بن ابراھیم بن کثیر الانصاری
قال سمعت طلحۃ بن خراش قال سمعت جابر بن عبد اللہ یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول افضل الذکر
لا الہ الا اللہ وافضل الدعاء الحمد للہ ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث موسی بن ابراھیم وقد روی
علی بن المدینی وغیر واحد عن موسی بن ابراھیم ھذا الحدیث **حدثنا** ابو کریب ومحمد بن عبید المحاربی قالا نا یحیی
بن ذکریا بن ابی زائدۃ عن ابیہ عن خالد بن سلمۃ عن البھی عن عروۃ عن عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یذکر اللہ علی کل احیانہ ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث یحیی بن زکریا بن ابی زائدۃ والبھی اسمہ عبد اللہ

باب ما جاء ان الداعی یبدأ بنفسہ **حدثنا** نصر بن علی الکوفی نا ابو قطن عن حمزۃ الزیات عن ابی اسحٰق عن
سعید بن جبیر عن ابن عباس عن ابی بن کعب ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا ذکر احدا فدعا لہ بدأ بنفسہ
ھذا حدیث حسن غریب صحیح وابو قطن اسمہ عمرو بن الھیثم **باب** ما جاء فی رفع الایدی عند الدعاء **حدثنا** ابو موسی
محمد بن المثنی وابراھیم بن یعقوب وغیر واحد قالوا نا حماد بن عیسی الجھنی عن حنظلۃ بن ابی سفیان الجمحی عن سالم بن عبد اللہ
عن ابیہ عن عمر بن الخطاب قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رفع یدیہ فی الدعاء لم یحطھما حتی یمسح بھما وجھہ

کہ فرمایا جو کوئی شخص دعا مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکو جو وہ سوال کرے دیتا ہے یا اس سے اسکی برابر برائی دور کرتا ہے جبتک نہ دعا کرے[1]
گناہ کی یا قطع رحم کی۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی سعید اور عبادہ بن صامت سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن مرزوق نے
کہا حدیث کی ہمسے عبید بن واقد نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن عطیہ لیثی نے شہر بن حوشب سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اسنے فرمایا
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جسکو یہ بات خوش لگے کہ اللہ تعالیٰ میری دعا سختی اور تکلیف کے وقت قبول کرے تو چاہیے کہ حالت
فراغت وتندرستی مین بہت دعا مانگے۔ یہ حدیث غریب ہے **حدیث** کی ہمسے یحیی بن حبیب بن عربی نے کہا حدیث کی ہمسے موسی
بن ابراہیم بن کثیر انصاری نے کہا سنا مین نے طلحہ بن خراش سے کہا سنا مین نے جابر بن عبد اللہ سے کہ کہتا سنا مین نے رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے سب سے افضل ذکر لا الہ الا اللہ ہے اور افضل دعا الحمد للہ ہے یہ حدیث حسن غریب ہے نہین پہچانتے ہم
اسکو مگر طریق موسی بن ابراہیم سے اور روایت کیا ہے علی بن مدینی اور کئی ایک نے موسی بن ابراہیم سے اس حدیث کو **حدیث**
کی ہمسے ابو کریب اور محمد بن عبید محاربی نے کہا دونون نے حدیث کی ہمسے یحیی بن زکریا بن ابی زائدہ نے اپنے باپ سے اُسنے
خالد بن سلمہ سے اُسنے بہی سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اُنھون نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہر وقت
مین اللہ تعالیٰ کی یاد کرتے تھے یہ حدیث حسن غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق یحیی بن زکریا بن ابی زائدہ سے۔ اور بہی کا نام عبد اللہ ہے

باب اس بیان مین کہ دعا کرنیوالا ابتدا اپنے نفس سے کرے **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو قطن
نے حمزہ زیات سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے ابی بن کعب سے یہ کہ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم جب کسی کا ذکر کرتے اور اسکے لیے دعا کرنیکا ارادہ کرتے تو اپنے نفس سے ابتدا کرتے۔ یہ حدیث
حسن غریب صحیح ہے۔ اور ابو قطن کا نام عمرو بن ہیثم ہے **باب** دعا کے وقت ہاتھونکے اٹھانیکے بیان مین **حدیث** کی ہمسے
ابو موسی یعنے محمد بن مثنی اور ابراہیم بن یعقوب اور اور کئی ایک نے کہا اُنھون نے حدیث کی ہمسے حماد بن عیسی جہنی نے
حنظلہ بن ابی سفیان جمحی سے اُسنے سالم بن عبد اللہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عمر بن خطاب سے کہا اسنے رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم جب دعا مین ہاتھ اٹھاتے نہ ڈالتے انکو جبتک ہاتھون کو اپنے منہ پہ مسح کر لیتے

[1] مسلمان کی کوئی دعا رد نہین ہوتی یعنے یا تو وہ سوال ہی جو طلب کرتا ہے پورا ہو جاتا ہے یا اسکے برابر کوئی برائی جو اسپر آنیوالی ہو دعا مانگنے سے رد ہو جاتی ہے بشرطیکہ گناہ کی یا قطع رحم کی دعا نہ کرے ۱۲ ۱۲

لانه لا يغفر الذنوب الا انت لا يقولها احدكم حين يمسى فيأتى عليه قدر قبل ان يصبح الا وجبت له الجنة ولا يقولها حين يصبح فيأتى عليه قدر قبل ان يمسى الا وجبت له الجنة وفى الباب عن ابى هريرة وابن عمر وابن مسعود وابن ابزى وبريدة هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه وعبد العزيز بن ابى حازم هو ابن ابى حازم الزاهد **باب** ما جاء فى الدعاء اذا اوى الى فراشه **حدثنا** ابن ابى عمر نا سفيان بن عيينة عن ابى اسحٰق الهمدانى عن البراء بن عازب ان النبى صلى الله عليه وسلم قال له الا اعلمك كلمات تقولها اذا اويت الى فراشك فان مت من ليلتك مت على الفطرة وان اصبحت اصبحت وقد اصبت خيرا تقول اللهم اسلمت نفسى اليك ووجهت وجهى اليك وفوضت امرى اليك رغبة ورهبة اليك والجأت ظهرى اليك لا ملجأ ولا منجا منك الا اليك آمنت بكتابك الذى انزلت ونبيك الذى ارسلت قال البراء فقلت وبرسولك الذى ارسلت قال فطعن بيده فى صدرى ثم قال ونبيك الذى ارسلت هذا حديث حسن صحيح غريب وفى الباب عن رافع بن خديج وقد روى من غير وجه عن البراء ورواه منصور بن المعتمر عن سعد بن عبيدة عن البراء عن النبى صلى الله عليه وسلم نحوه الا انه قال اذا اويت الى فراشك وانت على وضوء **حدثنا** محمد بن بشار نا عثمٰن بن عمر انا على بن المبارك عن يحيى بن ابى كثير عن يحيى بن اسحٰق بن اخى رافع بن خديج عن رافع بن خديج ان النبى صلى الله عليه وسلم قال اذا اضطجع احدكم على جنبه الايمن ثم قال اللهم اسلمت نفسى اليك ووجهت وجهى اليك والجأت ظهرى اليك وفوضت امرى اليك لا ملجأ منك الا اليك اومن بكتابك وبرسولك فان مات من ليلته دخل الجنة هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه من حديث رافع بن خديج

اسلیے کہ سوائے تیرے کوئی گناہ نہیں بخشتا جو کوئی تم میں سے اسکو شام کے وقت کہے اور اسپر صبح ہونے سے پہلے موت آجائے تو اسکے لیے جنت واجب ہوجاتی ہے اور جو کوئی اسکو صبح کو کہے اور شام ہونے سے پہلے اسپر موت آجائے تو اسکے لیے جنت واجب ہوجاتی ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور ابن عمر اور ابن مسعود اور ابن ابزی اور بریدہ سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس وجہ سے اور عبدالعزیز بن ابی حازم وہ ابن ابی حازم زاہد ہے **باب** اس دعا کے بیان میں کہ جب اپنے فرش کی طرف جگہ پکڑے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے ابی اسحاق ہمدانی سے اُسنے براء بن عازب سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہا کیا میں تجھے وہ کلمے نہ سکھلاؤں جنکو تو فرش کی طرف جگہ پکڑنیکے وقت کہا کرے پس اگر تو اس رات میں مریگا تو اسلام پر مریگا اور اگر صبح کریگا تو ایسی حالت میں صبح کریگا کہ بھلائی کو پہونچا ہوگا یہ کہا کر اللھم اسلمت نفسی الیک الخ یعنے اے اللہ میں نے اپنی جان تجھکو سونپی اور منھ کو تیرے سامنے کیا اور اپنا سب کام تیرے حوالے کیا اور اپنی پیٹھ تیری طرف جمائی تیرے شوق اور تیرے خوف سے تجھسے نہ کوئی بھاگنے کی جگہ ہے نہ بچاؤ کا مکان ہے مگر تیرے ہی طرف الٰہی میں تیری کتاب پر ایمان لایا جو تو نے اتاری اور تیرے پیغمبر پر ایمان لایا جسکو تو نے بھیجا۔ کہا براء[1] نے پھر میں نے کہا اور ساتھ رسول تیرے کے جسکو تو نے بھیجا کہا راوی نے سو آنحضرت نے اپنا دست مبارک میرے سینے میں مار کر پھر کہا اور ساتھ نبی تیرے کے جسکو تو نے بھیجا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور اس باب میں روایت ہے رافع بن خدیج سے۔ اور کئی وجہ سے براء سے مروی ہے اور روایت کیا اسکو منصور بن معتمر نے سعد بن عبیدہ سے اُسنے براء سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے مگر اُسنے یہ کہا ہے جبکہ تو اپنے فرش کی طرف جگہ پکڑے اس حالت میں کہ تو وضو پر ہو **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عثمان بن عمر نے کہا خبر دی ہمکو علی بن مبارک نے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے یحیی بن اسحاق سے جو بھتیجا رافع بن خدیج کا ہے اُسنے رافع بن خدیج سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی تم میں سے داہنی جانب پر لیٹے پھر یہ کہے اللھم اسلمت نفسی الیک الخ اے اللہ میں نے اپنی جان تیرے سپرد کی ہے اور تیری طرف متوجہ ہوا ہوں اور اپنی پیٹھ تیری طرف جمائی اور اپنے کام تیرے سپرد کیے تجھسے کوئی بھاگنے کا مکان نہیں مگر تیرے ہی طرف ایمان لایا میں ساتھ کتاب تیری کے اور رسول تیرے کے سو اگر وہ اسی رات میں مرا تو جنت میں داخل ہوگا یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس طریق یعنے طریق رافع بن خدیج سے

[1] کہا براء نے جب دوسری بار میں نے یہ دعا پڑھکر آپکو سنائی تو میں نے نبیک کی جگہ رسولک کہا تو آپنے مجھے جھڑک کر کہا کہ نبیک ہی کہہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ الفاظ حدیث میں تغیر کرنا نہیں چاہیے اور رسول اور نبی میں یہ فرق کرنا کہ رسول اسکو کہتے ہیں جسکے پاس نئی کتاب اور نیا دین ہو برخلاف نبی کے اسکو یہ آیت جو حضرت اسمٰعیل کے حق میں ہے وارد ہوتی ہے رد کرتی ہے وکان رسولا نبیا ۱۲ ۱۲ ۱۲

اذا امسى قال امسينا وامسى الملك لله والحمد لله لا اله الا الله وحده لا شريك له اراه قال له الملك وله الحمد وهو
على كل شيء قدير اسالك خير ما في هذه الليلة وخير ما بعدها واعوذ بك من شر هذه الليلة وشر ما بعدها واعوذ بك
من الكسل وسوء الكبر واعوذ بك من عذاب النار وعذاب القبر واذا اصبح قال ذلك ايضا اصبحنا واصبح الملك لله
والحمد لله هذا حديث حسن صحيح وقد رواه شعبة بهذا الاسناد عن ابن مسعود ولم يرفعه **حدثنا** علي بن حجر
نا عبد الله بن جعفر انا سهيل بن ابي صالح عن ابيه عن ابي هريرة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعلم اصحابه يقول
اذا اصبح احدكم فليقل اللهم بك اصبحنا وبك امسينا وبك نحيى وبك نموت واليك المصير واذا امسى فليقل اللهم بك
امسينا وبك اصبحنا وبك نحيى وبك نموت واليك النشور هذا حديث حسن **باب** منه **حدثنا** محمود بن غيلان نا
ابو داؤد قال انبانا شعبة عن يعلى بن عطاء قال سمعت عمرو بن عاصم الثقفي يحدث عن ابي هريرة قال قال ابوبكر يا رسول الله
مرني بشيء اقوله اذا اصبحت واذا امسيت قال قل اللهم عالم الغيب والشهادة فاطر السموات والارض رب كل شيء ومليكه
اشهد ان لا اله الا انت اعوذ بك من شر نفسي ومن شر الشيطان وشركه قال قله اذا اصبحت واذا امسيت واذا اخذت
مضجعك هذا حديث حسن صحيح **باب** منه **حدثنا** الحسين بن حريث نا عبد العزيز بن ابي حازم عن كثير
بن زيد عن عثمن بن ربيعة عن شداد بن اوس ان النبي صلى الله عليه وسلم قال له الا ادلك على سيد الاستغفار اللهم
انت ربي لا اله الا انت خلقتني وانا عبدك وانا على عهدك ووعدك ما استطعت اعوذ بك من شر ما صنعت وابوء لك
بنعمتك علي واعترف بذنوبي فاغفر لي ذنوبي

جب شام کرتے تو یہ دعا پڑھتے امسینا الخ رات کی ہم نے اور رات کی تمام ملک نے واسطے اللہ کے اور سب حمد واسطے اللہ کے ہے نہیں کوئی معبود
مگر اللہ جو اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں (راوی کہتا ہے) میں گمان کرتا ہوں کہ آپ نے یہ الفاظ بھی کہے ہیں واسطے اسکے ملک ہے اور واسطے اسکے حمد
ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے سوال کرتا ہوں میں تجھسے اس چیز کی بہتری کا جو اس رات میں ہے اور بہتری اس چیز کی جو بعد اسکے ہے اور پناہ مانگتا ہوں
برائی اس رات سے اور برائی ما بعد اسکے سے اور پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے سستی اور برے کبر سے اور پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے آگ کے
عذاب سے اور قبر کے عذاب سے اور جب صبح کرتے تو بھی یہی کہتے اصبحنا واصبح الملک للہ والحمد للہ الخ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کیا
اسکو شعبہ نے ساتھ اس اسناد کے ابن مسعود سے اور اسکو مرفوع نہیں کیا **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن جعفر
کہا خبر دی ہمکو سہیل بن ابی صالح نے اپنے باپ سے اسنے ابی ہریرہ سے کہا اسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کو سکھلاتے تھے فرماتے کہ
جب کوئی تم میں سے صبح کرے تو یہ کہے اللہم بک الخ یعنے اے اللہ ساتھ نام تیرے کے صبح کی ہمنے اور ساتھ نام تیرے کے شام کی ہمنے اور ساتھ نام تیرے کے
زندہ ہوے ہم اور ساتھ نام تیرے کے مرینگے اور تیری طرف پھر جانا ہے اور جب شام کرے تو یہ پڑھے اللہم بک امسینا الخ اے اللہ ساتھ نام تیرے کے
شام کی ہمنے اور ساتھ نام تیرے کے صبح کی ہمنے اور ساتھ نام تیرے کے زندہ ہوے ہم اور ساتھ نام تیرے کے مرینگے اور طرف تیرے ہے کھڑا ہونا
یہ حدیث حسن ہے **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابوداؤد نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے
یعلی بن عطاء سے کہا سنا میں نے عمرو بن عاصم ثقفی سے کہ حدیث کرتا تھا ابی ہریرہ سے کہا اسنے کہا ابوبکر صدیق نے یا رسول اللہ مجھے کوئی
چیز بتلائیے کہ میں اسکو صبح اور شام پڑھا کروں فرمایا آپ نے کہ اللہم عالم الغیب الخ یعنے اے اللہ جاننے والے غیب اور ظاہر کے پیدا کرنیوالے
آسمانوں اور زمین کے رب ہر چیز کے اور مالک اسکے میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود مگر تو پناہ مانگتا ہوں میں ساتھ تیرے برائی اپنے نفس
کی سے اور شرک اسکے سے فرمایا آپ نے اسکو صبح اور شام کہا کر اور جب تو سونے لگے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی
ہمسے حسین بن حریث نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالعزیز بن ابی حازم نے کثیر بن زید سے اسنے عثمان بن ربیعہ سے اسنے شداد بن اوس سے یہ کہ نبی صلے اللہ
علیہ وسلم نے اس سے کہا کیا میں تجھکو سردار استغفار دوں کا نہ بتلا دوں اللہم انت ربی الخ یعنے اے اللہ تو میرا رب ہے نہیں کوئی معبود مگر تو تو نے
مجھے پیدا کیا ہے اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے اقرار اور وعدے پر ہوں جسقدر کہ طاقت رکھتا ہوں میں پناہ مانگتا ہوں اس چیز کی بدی سے
جو میں نے کی ہے اور رجوع ہوتا ہوں طرف تیرے ساتھ تیری نعمتوں کے جو مجھپر ہیں اور اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں سو تو میرے گناہ بخش دے

يامرنا اذا اخذ احدنا مضجعه ان يقول اللهم رب السموات ورب الارضين وربنا ورب كل شيء فالق الحب والنوى ومنزل التوراة والانجيل والقران اعوذ بك من كل ذي شر انت اخذ بناصيته انت الاول فليس قبلك شيء والاخر فليس بعدك شيء والظاهر فليس فوقك شيء والباطن فليس دونك شيء اقض عني الدين واغنني من الفقر هذا حديث حسن صحيح **باب** منه **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان عن ابن عجلان عن سعيد المقبري عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اذا قام احدكم عن فراشه ثم رجع اليه فلينفضه بصنفة ازاره ثلاث مرات فانه لا يدري ما خلفه عليه بعده فاذا اضطجع فليقل باسمك ربي وضعت جنبي وبك ارفعه فان امسكت نفسي فارحمها وان ارسلتها فاحفظها بما تحفظ به عبادك الصالحين فاذا استيقظ فليقل الحمد لله الذي عافاني في جسدي ورد علي روحي واذن لي بذكره وفي الباب عن جابر وعائشة وحديث ابي هريرة حديث حسن **باب** ما جاء فيمن يقرأ من القران عند المنام **حدثنا** قتيبة نا المفضل بن فضالة عن عقيل عن ابن شهاب عن عروة عن عائشة ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا اوى الى فراشه كل ليلة جمع كفيه ثم نفث فيهما فقرأ فيهما قل هو الله احد وقل اعوذ برب الفلق وقل اعوذ برب الناس ثم يمسح بهما ما استطاع من جسده يبدأ بهما على رأسه ووجهه وما اقبل من جسده يفعل ذلك ثلاث مرات هذا حديث حسن غريب صحيح **باب** منه **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو داود قال انبانا شعبة عن ابي اسحق عن رجل عن فروة بن نوفل انه اتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله علمني شيئا اقوله اذا اويت الى فراشي فقال اقرأ قل يا ايها الكافرون فانها براءة من الشرك قال شعبة احيانا يقول مرة واحيانا لا يقولها

حدثنا موسى بن حزام انا يحيى بن ادم عن اسرائيل عن ابي اسحق

ہمکو حکم کرتے تھے کہ جب کوئی ہم میں سے سونے لگے تو یہ کہے اللھم رب السموات الخ یعنے اے اللہ رب آسمانوں کے اور رب زمینوں کے اور رب ہمارے اور رب ہر چیز کے پھاڑنیوالے دانے اور گٹھلی کے اور اتارنیوالے توریت اور انجیل اور قرآن کے پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے ہر صاحب شرارت سے تو پکڑنیوالا ہے ساتھ پیشانی اُسکی کے تو اول ہے سو نہیں ہے پہلے تیرے کوئی چیز اور تو آخر ہے سو نہیں بعد تیرے کوئی چیز اور ظاہر ہے سو نہیں ہے اوپر تیرے کوئی چیز اور باطن ہے سو نہیں ہے سوا تیرے کوئی چیز میرا قرض ادا کر اور مجھے فقر سے بے پرواہ کر یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابن عجلان سے اُسنے سعید مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی تم میں سے اپنے فرش سے کھڑا ہو کر پھر اُسکی طرف لوٹنے کا ارادہ کرے تو چاہیئے کہ اسکو ازار کے دامن سے تین بار صاف کرے کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ کیا چیز اسکے پیچھے اسپر آئی ہے اور جب لیٹے تو کہے باسمک الخ یعنے تیرے نام کے ساتھ میں نے اپنا پہلو رکھا ہے اور تیرے نام سے ہی اسکو اٹھاؤنگا سو اگر تو میری جان کو بند رکھے تو اسپر رحمت کر اور اگر اسکو چھوڑے تو اسکو ساتھ اس چیز کے نگاہ رکھ جسکے ساتھ اپنے بندوں صالحین کو نگاہ رکھتا ہے۔ اور جب جاگے تو یہ کہے الحمد للہ الذی عافانی الخ یعنے سب حمد واسطے اللہ کے جسنے میرے جسم میں عافیت دی ہے اور مجھپر میری روح واپس کی ہے اور اپنی یاد کے ساتھ مجھے اذن دیا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے جابر اور عائشہ سے اور حدیث ابی ہریرہ کی حسن ہے **باب** اس شخص کے بیان میں جو سوتے وقت قرآن پڑھے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے مفضل بن فضالہ نے عقیل سے اُسنے ابن شہاب سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم ہر ایک رات میں جب اپنے فرش کی طرف جگہ پکڑتے تو دونوں ہاتھونکو جمع کرتے پھر ان دونوں میں پھونک مارتے اور ان دونوں میں پڑھتے قل ہو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پھر اپنے جسم پر ان دونوں کے ساتھ جہانتک کہ طاقت رکھتے مسح کرتے اپنے سر اور منہ اور جسم کے آگے کی طرف سے شروع کرتے تین بار اسیطرح کرتے یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داود نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے ابی اسحاق سے اُسنے ایک مرد سے اُسنے فروہ بن نوفل سے یہ کہ وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا یا رسول اللہ مجھے کوئی ایسی چیز سکھلایئے کہ میں اسکو جب فرش کی طرف جگہ پکڑوں تو کہا کروں پس فرمایا آپ نے پڑھا کر قل یا ایہا الکافرون اسلیے کہ اسمیں شرک سے بیزاری ہے کہا شعبہ نے کبھی میرا استاد لفظ مرۃ جسکے معنے بار کے میں کہتا ہے اور کبھی نہیں کہتا ہے **حدیث** کی ہمسے موسی بن حزام نے کہا خبر دی ہمکو یحیی بن آدم نے اسرائیل سے اُسنے ابی اسحاق سے

حدثنا اسحق بن منصور انا عفان بن مسلم نا حماد عن ثابت عن انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا اوی الی فراشہ قال الحمد للہ الذی اطعمنا وسقانا وکفانا وآوانا فکم ممن لا کافی لہ ولا مووی ھذا حدیث حسن غریب صحیح **باب** منہ **حدثنا** صالح بن عبد اللہ نا ابو معویۃ عن الوصافی عن عطیۃ عن ابی سعید عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من قال حین یاوی الی فراشہ استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ ثلث مرات غفر اللہ لہ ذنوبہ وان کانت مثل زبد البحر وان کانت عدد ورق الشجر وان کانت عدد رمل عالج وان کانت عدد ایام الدنیا ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من ھذا الوجہ من حدیث عبید اللہ بن الولید الوصافی **باب** منہ **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان عن عبد الملک بن عمیر عن ربعی بن حراش عن حذیفۃ بن الیمان ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا اراد ان ینام وضع یدہ تحت راسہ ثم قال اللھم رب قنی عذابک یوم تجمع او تبعث عبادک ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** ابو کریب نا اسحق بن منصور عن ابراھیم بن یوسف بن ابی اسحق عن ابیہ عن ابی اسحق عن ابی بردۃ عن البراء بن عازب قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتوسد یمینہ عند المنام ثم یقول رب قنی عذابک یوم تبعث عبادک ھذا حدیث حسن غریب من ھذا الوجہ وروی الثوری ھذا الحدیث عن ابی اسحق عن البراء لم یذکر بینھما احدا ورواہ شعبۃ عن ابی اسحق عن ابی عبیدۃ ورجل آخر عن البراء ورواہ اسرائیل عن ابی اسحق عن عبد اللہ بن یزید عن البراء وعن ابی اسحق عن ابی عبیدۃ عن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثلہ **باب** منہ **حدثنا** عبد اللہ بن عبد الرحمن نا عمرو بن عون انا خالد بن عبد اللہ عن سھیل عن ابیہ عن ابی ھریرۃ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث کی ہمسے اسحاق بن منصور نے کہا خبر دی ہمکو عفان بن مسلم نے کہا حدیث کی ہمسے حماد نے ثابت سے اسنے انس بن مالک سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب اپنے فرش کی طرف جگہ پکڑتے تو یہ کہتے الحمد للہ الذی اطعمنا الخ یعنے سب حمد واسطے اللہ کے جسنے ہمکو کھلایا ہے اور پلایا ہے اور کافی ہوا ہے اور جگہ دی ہے ہمکو سو بہت ایسے لوگ ہیں کہ انکے لیے کوئی کفایت کرنیوالا نہیں ۔ اور نہ کوئی جگہ دینے والا ۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے ۔ **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے صالح بن عبد اللہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے وصافی سے اسنے عطیہ سے اسنے ابی سعید سے اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جس شخص نے اپنے فرش کی طرف جگہ پکڑنیکے وقت تین بار یہ کہا استغفر اللہ الذی لا الہ الا ہو الحی القیوم واتوب الیہ تو اللہ تعالی اسکے گناہ بخش دیتا ہے اگرچہ مثل کف دریا کے ہوں اگرچہ درخت کے پتوں کے برابر ہوں ۔ اگرچہ ریگ کے ٹیلہ کے برابر ہوں ۔ اگرچہ ایام دنیا کے برابر ہوں ۔ یہ حدیث حسن ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق یعنے طریق عبید اللہ بن ولید وصافی سے **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عبد الملک بن عمیر سے اسنے ربعی بن حراش سے اسنے حذیفہ بن یمان سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب سونیکا ارادہ کرتے تو اپنا دست مبارک سر کے نیچے رکھتے پھر کہتے اللھم قنی الخ اے اللہ نگاہ رکھ مجھے عذاب اپنا اس دن کہ جمع کریگا تو یا اٹھائیگا تو اپنے بندوں کو ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے اسحاق بن منصور نے ابراہیم بن یوسف بن ابی اسحاق سے اسنے اپنے باپ سے اسنے ابی اسحاق سے اسنے ابی بردہ سے اسنے براء بن عازب سے کہا اسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنے داہنے ہاتھ کا سونیکے وقت تکیہ کرتے تھے پھر کہتے نگاہ رکھ مجھے اپنے عذاب سے اس دن کہ اٹھائے تو بندوں اپنوں کو ۔ یہ حدیث غریب ہے اس طریق سے ۔ اور روایت کی ثوری نے یہ حدیث ابی اسحاق سے اسنے براء سے ۔ اسنے درمیان ان دونوں کے اور کسی راوی کا ذکر نہیں کیا ۔ اور روایت کیا اسکو شعبہ نے ابی اسحاق سے اسنے ابی عبیدہ سے اور ایک اور مرد سے انھوں نے براء سے ۔ اور روایت کیا اسکو اسرائیل نے ابی اسحاق سے اسنے عبد اللہ بن یزید سے اسنے براء سے ۔ اور مروی ہے ابی عبیدہ سے اسنے روایت کی عبد اللہ سے اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن عون نے کہا خبر دی ہمکو خالد بن عبد اللہ نے سہیل سے اسنے اپنے باپ سے اسنے ابی ہریرہ سے کہا اسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

الثبات فی الامر واسالك عزيمة الرشد واسالك شكر نعمتك وحسن عبادتك واسالك لسانا صادقا وقلبا سليما واعوذ بك من شر ما تعلم واسالك من خير ما تعلم واستغفرك مما تعلم انك انت علام الغيوب قال وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من مسلم يأخذ مضجعه يقرأ سورة من كتاب الله الا وكل الله به ملكا فلا يقربه شئ يؤذيه حتى يهب متى هب هذا الحديث انما نعرفه من هذا الوجه وابو العلاء اسمه يزيد بن عبد الله بن الشخير **باب** ما جاء فی التسبيح والتكبير والتحميد عند المنام **حدثنا** ابو الخطاب زياد بن يحيى البصری نا ازهر السمان عن ابن عون عن ابن سيرين عن عبيدة عن علی قال شكت الی فاطمة مجل يديها من الطحين فقلت لو اتيت اباك فسألتيه خادما فقال الا ادلكما على ما هو خير لكما من الخادم اذا اخذتما مضجعكما تقولان ثلاثا وثلاثين وثلاثا وثلاثين واربعا وثلاثين من تحميد وتسبيح وتكبير وفی الحديث قصة هذا حديث حسن غريب من حديث ابن عون وقد روی هذا الحديث من غير وجه عن علی **حدثنا** محمد بن يحيى نا ازهر السمان عن ابن عون عن محمد عن عبيدة عن علی قال جاءت فاطمة الی النبی صلى الله عليه وسلم تشكو مجل يديها فامرها بالتسبيح والتكبير والتحميد **باب** منه **حدثنا** احمد بن منيع نا اسمعيل بن علية نا عطاء بن السائب عن ابيه عن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خلتان لا يحصيهما رجل مسلم الا دخل الجنة الا وهما يسير ومن يعمل بهما قليل يسبح الله فی دبر كل صلوة عشرا ويحمده عشرا ويكبره عشرا قال فانا رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يعقدها بيده قال فتلك خمسون ومائة باللسان والف وخمس مائة فی الميزان واذا اخذت مضجعك تسبحه وتكبره وتحمده مائة فتلك مائة باللسان والف فی الميزان فايكم يعمل فی اليوم والليلة الفين وخمسمائة سيئة قالوا فكيف لا يحصيها قال يأتی احدكم الشيطان وهو فی صلوته

ثابت رہنے کا امر میں اور سوال کرتا ہوں ہدایت کی عزیمت کا اور سوال کرتا ہوں شکر نعمت تیری کا اور اچھی عبادت تیری کا اور سوال کرتا ہوں زبان سچی کا اور دل سلیم کا۔ اور پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے برائی اس چیز سے کہ تو اسکو جانتا ہے اور سوال کرتا ہوں تجھسے بھلائی اس چیز کہ تو اسکو جانتا ہے۔ اور بخشش مانگتا ہوں تجھسے اس چیز سے کہ تو جانتا ہے تحقیق تو ہی جاننے والا چھپی باتوں کا ہے۔ کہا راوی نے اور فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی مسلمان سونیکے وقت کوئی سورہ کتاب اللہ سے پڑھے تو اللہ تعالی ایک فرشتہ اسپر موکل کرتا ہے پھر اسکو کوئی چیز قریب نہیں ہوتی کہ اسکو ایذا دے یہانتک کہ وہ بیدار ہو خواہ کسوقت ہو۔ اس حدیث کو تو ہم فقط اسی طریق سے پہچانتے ہیں۔ اور ابو العلاء کا نام یزید بن عبد اللہ بن شخیر ہے **باب** سونیکے وقت تسبیح اور تکبیر اور حمد کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابو الخطاب یعنی زیاد بن یحیی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے ازہر سمان نے ابن عون سے اُسنے ابن سیرین سے اُسنے عبیدہ سے اُسنے علی سے کہا اُسنے فاطمہ نے میرے پاس اپنے ہاتھوں کے آبلوں کا جو کہ بسبب آٹا پیسنے کے تھے شکوہ کیا میں نے کہا اگر تو اپنے باپ کے پاس جا کر اُنسے خادم کا سوال کرے (تو بہتر ہو) پس فرمایا آنحضرت نے کیا میں تم دونوں کو اس سے عمدہ چیز نہ بتلاؤں جب تم دونوں سونے لگو تو تینتیس ۳۳ بار اور تینتیس بار اور چونتیس ۳۴ بار تحمید اور تسبیح اور تکبیر کہا کرو۔ اور حدیث میں قصہ ہے۔ یہ حدیث حسن ہے غریب ہے طریق ابن عون سے اور کئی وجہ سے یہ حدیث علی سے مروی ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی نے کہا حدیث کی ہمسے ازہر سمان نے ابن عون سے اُسنے محمد سے اُسنے عبیدہ سے اُسنے علی سے کہا اُسنے فاطمہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اپنے ہاتھوں کے آبلوں کی شکایت کرنیکو آئی پس آپ نے اسکو تسبیح اور تکبیر اور تحمید کا حکم کیا **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن علیہ نے کہا حدیث کی ہمسے عطا بن سائب نے اپنے باپ سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دو خصلتیں ہیں جو کوئی مسلمان انکو شمار کریگا جنت میں داخل ہوگا خبردار او وہ دونوں آسان ہیں اور عمل کرنیوالے انکے ساتھ کم ہیں تسبیح کرے اللہ کی ہر نماز کے بعد دس بار اور تحمید دس بار اور تکبیر دس بار۔ کہا اُسنے دیکھا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ انکو اپنے ہاتھوں سے شمار کرتے فرمایا آپ نے یہ ایک سو پچاس ہیں ساتھ زبان کے اور ترازو میں پانچسو ہیں اور جب تو سونے لگے تو تسبیح کر اسکی اور تکبیر اور تحمید سو بار سو یہ ایک سو ہی ساتھ زبان کے۔ اور ہزار ہے میزان میں۔ اور کون ہے تم میں سے کہ ایک رات اور دن میں دو ہزار اور پانچسو برائی کرے کہا لوگوں نے کیونکر اسکو شمار نہ کر سکتا فرمایا آپ نے تم میں ہر ایک کے پاس شیطان آتا ہے اس حالت میں کہ وہ نماز میں ہوتا ہے

عن فروة بن نوفل عن ابيه انه اتى النبي صلى الله عليه وسلم فذكر نحوه بمعناه وهذا اصح وروى زهير هذا الحديث عن ابي اسحٰق عن فروة بن نوفل عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه وهذا اشبه واصح من حديث شعبة وقد اضطرب اصحاب ابي اسحٰق في هذا الحديث وقد روي هذا الحديث من غير هذا الوجه قد رواه عبد الرحمٰن بن نوفل عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم وعبد الرحمٰن هو اخو فروة بن نوفل **حدثنا** هشام بن يونس الكوفي نا المحاربي عن ليث عن ابي الزبير عن جابر قال كان النبي صلى الله عليه وسلم لا ينام حتى يقرأ تنزيل السجدة وتبارك وهٰكذا روى الثوري وغير واحد هٰذا الحديث عن ليث عن ابي الزبير عن جابر عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه وروى زهير هٰذا الحديث عن ابي الزبير قال قلت له سمعته من جابر قال لم اسمعه من جابر انما سمعته من صفوان او ابن صفوان وقد روى شبابة عن مغيرة بن مسلم عن ابي الزبير عن جابر نحو حديث ليث **حدثنا** صالح بن عبد الله نا حماد بن زيد عن ابي لبابة قال قالت عائشة كان النبي صلى الله عليه وسلم لا ينام حتى يقرأ الزمر وبني اسرائيل **اخبرني** محمد بن اسمٰعيل قال ابو لبابة هٰذا اسمه مروان مولى عبد الرحمٰن بن زياد وسمع من عائشة سمع منه حماد بن زيد، **حدثنا** علي بن حجر نا بقية بن الوليد عن بحير بن سعد عن خالد بن معدان عن عبد الرحمٰن بن ابي بلال عن العرباض بن سارية ان النبي صلى الله عليه وسلم كان لا ينام حتى يقرأ المسبحات ويقول فيها اية خير من الف اية هذا حديث حسن غريب **باب** منه **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو احمد الزبيري نا سفيان عن الجريري عن ابي العلاء بن الشخير عن رجل من بني حنظلة قال صحبت شداد بن اوس في سفر فقال الا اعلمك ما كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعلمنا ان نقول اللهم اني اسألك

اسنے فروہ بن نوفل سے اُسنے اپنے باپ سے یہ کہ وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا پھر اُسنے اسیطرح بالمعنے ذکر کیا۔ اور یہ روایت صحیح ہے۔ اور روایت کی زہیر نے یہ حدیث ابی اسحاق سے اُسنے فروہ بن نوفل سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور یہ روایت اچھی اور صحیح ہے شعبہ کی روایت سے۔ اور ابی اسحاق کے اصحاب اس حدیث میں مضطرب ہوئے ہیں۔ اور مروی ہے یہ حدیث غیر اس وجہ سے بھی۔ اور روایت کیا اسکو عبدالرحمن بن نوفل نے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ اور عبدالرحمن وہ بھائی فروہ بن نوفل کا ہے **حدیث** کی ہمسے ہشام بن یونس کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے محاربی نے لیث سے اُسنے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نہ سوتے یہانتک کہ پڑھتے تنزیل السجدہ اور تبارک۔ اور ایسا ہی روایت کیا ہے ثوری اور کئی ایک نے اس حدیث کو لیث سے اُسنے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور روایت کیا زہیر نے اس حدیث کو ابی الزبیر سے کہا زہیر نے میں نے ابی الزبیر سے کہا کیا تو نے اسکو جابر سے سنا ہے کہا اُسنے میں نے جابر سے تو اسکو نہیں سنا مگر صفوان سے یا ابن صفوان سے سنا ہے۔ اور روایت کیا شبابہ نے مغیرہ بن مسلم سے اُسنے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے مثل حدیث لیث کے **حدیث** کی ہمسے صالح بن عبداللہ نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ابی لبابہ سے کہا اُسنے کہا حضرت عائشہ نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نہ سوتے یہانتک کہ سورۂ زمر اور بنی اسرائیل پڑھتے۔ خبر دی ہے مجھے محمد بن اسمٰعیل نے کہ کہا اُسنے اس ابولبابہ کا نام مروان ہے جو غلام عبدالرحمن بن زیاد کا ہے اور سنا اُسنے حضرت عائشہ سے سنا اس سے حماد بن زید نے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا خبر دی ہمکو بقیہ بن ولید نے بحیر بن سعد سے اُسنے خالد بن معدان سے اُسنے عبدالرحمن بن بلال سے اُسنے عرباض بن ساریہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نہ سوتے یہانتک کہ مسبحات[۵] پڑھتے اور فرماتے انمین ایک آیت ہے وہ ہزار آیت سے بہتر ہے یہ حدیث حسن غریب ہے **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد زبیری نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے جریری سے اُسنے ابی العلاء بن شخیر سے اُسنے ایک مرد سے جو بنی حنظلہ سے تھا کہا اُسنے میں شداد بن اوس کے ساتھ ایک سفر میں مصاحب ہوا سو کہا اُسنے کیا میں تمکو وہ نہ سکھلاؤں جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہمکو سکھلاتے تھے کہ یہ کہا کریں۔ اللھم انی اسالک الثبات الخ یعنے ای اللہ میں تجھسے سوال کرتا ہوں

[۵] مسبحات وہ سورتیں ہیں جنکی ابتدا میں سبح اور یسبح اور سبحان کا لفظ آتا ہے ۱۲

قال ثنی ربیعة بن کعب الاسلمی قال کنت ابیت عند باب النبی صلی الله علیه وسلم فاعطیه وضوءه فاسمعه الهوی من اللیل یقول سمع الله
لمن حمده واسمعه الهوی من اللیل یقول الحمد لله رب العلمین هذا حدیث حسن صحیح **باب منه حدثنا** عمرو بن اسمعیل
بن مجالد بن سعید الهمدانی ثنا ابی عن عبد الملک بن عمیر عن ربعی عن حذیفة بن الیمان ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کان
اذا اراد ان ینام قال اللهم باسمک اموت واحیی واذا استیقظ قال الحمد لله الذی احیا نفسی بعد ما اماتها والیه النشور هذا
حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء ما یقول اذا قام من اللیل الی الصلوة **حدثنا** الانصاری نا معن نا مالک بن انس
عن ابی الزبیر عن طاؤس الیمانی عن عبد الله بن عباس ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کان اذا قام الی الصلوة من جوف
اللیل یقول اللهم لک الحمد انت نور السموات والارض ولک الحمد انت قیام السموات والارض ولک الحمد انت رب السموات
والارض ومن فیهن انت الحق ووعدک الحق ولقاءک حق والجنة حق والنار حق والساعة حق اللهم لک اسلمت وبک امنت
وعلیک توکلت والیک انبت وبک خاصمت والیک حاکمت فاغفرلی ما قدمت وما اخرت وما اسررت وما اعلنت
انت الهی لا اله الا انت هذا حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر وجه عن ابن عباس عن النبی صلی الله علیه وسلم
باب منه حدثنا عبد الله بن عبد الرحمن انا محمد بن عمران بن ابی لیلی قال ثنی ابی ثنی ابن ابی لیلی عن داؤد بن علی هو ابن عبد الله
بن عباس عن ابیه عن جده ابن عباس قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول لیلة حین فرغ من صلوته اللهم انی
اسألک رحمة من عندک تهدی بها قلبی وتجمع بها امری وتلم بها شعثی وتصلح بها غائبی وترفع بها شاهدی وتزکی بها عملی

کہا حدیث کی مجھے ربیعہ بن کعب اسلمی نے کہا اسنے میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے دروازے کے پاس رات گذارتا تھا سو آپکو پانی دیا کرتا تھا
اور میں بہت دیر تک رات سے سنتا تھا کہ کہتے تھے سمع اللہ لمن حمدہ اور بہت دیر تک رات میں سنتا تھا کہ کہتے تھے الحمد للہ رب العالمین
یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے عمرو بن اسمٰعیل بن مجالد بن سعید ہمدانی نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ
نے عبد الملک بن عمیر سے اسنے ربعی سے اسنے حذیفہ بن یمان سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب سونیکا ارادہ کرتے تھے تو کہتے
اللهم باسمک اموت واحیی اور جب جاگتے تو کہتے الحمد للہ الذی احیا نفسی بعد ما اماتہا والیہ النشور یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اس
بیان میں کہ کیا کہے جب رات کو نماز کے لیے کھڑا ہو **حدیث** کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے
مالک بن انس نے ابی الزبیر سے اسنے طاؤس یمانی سے اسنے عبد اللہ بن عباس سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آدھی رات سے
جب نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو کہتے اللهم لک الحمد الخ یعنے اے اللہ واسطے تیرے حمد ہے تو نور آسمانوں اور زمین کا ہے اور واسطے تیرے حمد ہے
تو ہی ہے قائم کرنیوالا آسمانوں اور زمین کا اور واسطے تیرے حمد ہے تو ہی ہے رب آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ انمیں ہے تو حق ہے اور
وعدہ تیرا حق ہے اور دیدار تیرا حق ہے اور جنت حق ہے اور دوزخ حق ہے اور قیامت حق ہے اے اللہ واسطے تیرے مسلمان ہوا
ہوں اور ساتھ تیرے ایمان لایا ہوں اور تجھپر توکل کیا میں نے اور طرف تیرے رجوع ہوا ہوں اور ساتھ مدد تیری کے جھگڑتا
ہوں اور تیری طرف محاکمہ کرتا ہوں سو بخشدے میرے وہ گناہ جو میں نے پہلے کیے ہیں اور جو پیچھے کیے ہیں اور جو پوشیدہ
کیے ہیں اور جو ظاہر کیے ہیں تو میرا معبود ہے نہیں کوئی معبود سوائے تیرے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی وجہ سے بواسطہ
ابن عباس کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا
خبر دی ہمکو محمد بن عمران بن ابی لیلی نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے کہا حدیث کی مجھے ابن ابی لیلی نے داؤد بن علی سے جو ابن
عبد اللہ بن عباس ہیں اسنے اپنے باپ سے اسنے اپنے دادا ابن عباس سے کہا اسنے سنا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے
ایک رات میں جبکہ نماز سے فارغ ہوئے اللهم انی اسالک الخ یعنے اے اللہ میں تیری رحمت کا تجھسے سوال کرتا ہوں اور اسکے ساتھ میرے دل کو ہدایت
کر اور میرے امر کو جمع کر اور میری پراگندگی کو اکٹھا کر اور اسکے ساتھ میرے غائب کی صلاحیت کر اور اسکے ساتھ میرے شاہد کو بلند کر اور میرے عمل کو پاک کر

ف یعنے وضو کرنیکے لیے پانی آنحضرت کو دیا کرتا تھا اور کبھی رات میں بہت دیر تک سمع اللہ لمن حمدہ کہتے رہتے یعنے سنتا ہے اللہ واسطے اسکے جو اسکی حمد کرے اور کبھی بہت دیر تک الحمد للہ
رب العالمین کہتے رہتے یعنے جو سورۃ الحمد شروع کرتے اسکو بار بار بہت دیر تک کہتے رہتے ۱۲

فیقول اذکر کذا اذکر کذا حتی ینفتل فلعلہ ان لا یفعل ویاتیہ وھو فی مضجعہ فلا یزال ینومہ حتی ینام ھذا حدیث حسن صحیح وقد روی شعبۃ والثوری عن عطاء بن السائب ھذا الحدیث وروی الاعمش ھذا الحدیث عن عطاء بن السائب مختصرا وفی الباب عن زید بن ثابت وانس وابن عباس **حدثنا** محمد بن عبد الاعلی الصنعانی نا عثام بن علی عن الاعمش عن عطاء بن السائب عن ابیہ عن عبد اللہ بن عمرو قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعقد التسبیح ھذا حدیث حسن غریب من حدیث الاعمش **حدثنا** محمد بن اسمعیل بن سمرۃ الاحمسی الکوفی نا اسباط بن محمد نا عمرو بن قیس الملائی عن الحکم بن عتیبۃ عن عبد الرحمن بن ابی لیلی عن کعب بن عجرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال معقبات لا یخیب قائلھن تسبح اللہ فی دبر کل صلوۃ ثلاثا وثلثین وتحمدہ ثلاثا وثلثین وتکبرہ اربعا وثلثین ھذا حدیث حسن وعمرو بن قیس الملائی ثقۃ حافظ وروی شعبۃ ھذا الحدیث عن الحکم ولم یرفعہ ورواہ منصور بن المعتمر عن الحکم فرفعہ **باب** ماجاء فی الدعاء اذا انتبہ من اللیل **حدثنا** محمد بن عبد العزیز بن ابی رزمۃ نا الولید بن مسلم نا الاوزاعی ثنی عمیر بن ھانی قال ثنی جنادۃ بن ابی امیۃ قال ثنی عبادۃ بن الصامت عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من تعار من اللیل فقال لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر وسبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ ثم قال رب اغفر لی او قال ثم دعا استجیب لہ فان عزم وتوضأ ثم صلی قبلت صلوتہ ھذا حدیث حسن صحیح غریب **حدثنا** علی بن حجر انا مسلمۃ بن عمرو قال کان عمیر بن ھانی یصلی کل یوم الف سجدۃ ویسبح مائۃ الف تسبیحۃ **باب** منہ **حدثنا** اسحق بن منصور نا النضر بن شمیل ووھب بن جریر وابو عامر العقدی وعبد الصمد بن عبد الوارث قالوا نا ھشام الدستوائی عن یحیی بن ابی کثیر عن ابی سلمۃ

پس کہتا ہے یاد کر فلان چیز اور یاد کر فلان چیز یہاں تک کہ وہ نماز سے فارغ ہوتا ہے شاید کہ وہ نہ کرے۔ اور سونیکے وقت بھی اسکے پاس آتا ہے پس دیر تک اسکو سلاتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ سو جاتا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کیا شعبہ اور ثوری نے عطاء بن سائب سے اس حدیث کو۔ اور روایت کیا اعمش نے اس حدیث کو عطاء بن سائب سے مختصراً۔ اور اس باب میں روایت ہے زید بن ثابت اور انس اور ابن عباس سے **حدیث** کی ہمسے عبد الاعلی صنعانی نے کہا حدیث کی ہمسے عثام بن علی نے اُسنے اعمش سے اُسنے عطاء بن سائب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہا اُسنے دیکھا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ عقد کرتے تھے تسبیح کا۔ یہ حدیث حسن ہے غریب ہے طریق اعمش سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمعیل بن سمرہ احمسی کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے اسباط بن محمد نے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن قیس ملائی نے حکم بن عتیبہ سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی لیلی سے اُسنے کعب بن عجرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے معقبات ہیں کہ قائل خسارہ نہیں کھاتا۔ تسبیح کر اسکی پیچھے ہر نماز کے تینتیس بار اور حمد کر اسکی تینتیس بار اور تکبیر کر اسکی چونتیس بار۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور عمرو بن قیس ملائی ثقہ حافظ ہے۔ اور روایت کیا شعبہ نے اس حدیث کو حکم سے اور مرفوع نہیں کیا اسکو۔ اور روایت کیا اسکو منصور بن معتمر نے حکم سے اور اُسنے اسکو مرفوع کیا ہے **باب** اس دعا کے بیان میں جب رات کو بیدار ہو **حدیث** کی ہمسے محمد بن عزیز بن ابی رزمہ نے کہا حدیث کی ہمسے ولید بن مسلم نے کہا حدیث کی ہمسے اوزاعی نے کہا حدیث کی مجھے عمیر بن ہانی نے کہا حدیث کی مجھے جنادہ بن ابی امیہ نے کہا حدیث کی مجھے عبادہ بن صامت نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جو کوئی رات کو جاگے اور کہے لا الہ الا اللہ الخ یعنے نہیں کوئی معبود مگر اللہ جو اکیلا ہے نہیں کوئی شریک واسطے اسکے۔ واسطے اسکے بادشاہی ہے اور واسطے اسکے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے اور پاک ہے اللہ اور سب حمد واسطے اللہ کے ہے اور نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور اللہ بزرگ ہے اور نہیں پھرنا گناہ سے اور نہیں قوت طرف نیکی کے مگر ساتھ مدد اللہ کے پھر کہے ای رب بخش مجھے یا فرمایا آپ نے پھر دعا کرے تو اسکی دعا قبول ہو جاتی ہے سو اگر اُسنے عزم کیا اور وضو کیا پھر نماز پڑھی اُسنے تو نماز اسکی قبول ہو جاتی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا خبر دی ہمکو مسلمہ بن عمرو نے کہا اُسنے عمیر بن ہانی ہر ایک دن میں ہزار سجدہ کرتا تھا اور لاکھ بار تسبیح کہتا تھا **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے نضر بن شمیل اور وہب بن جریر اور ابو عامر عقدی اور عبد الصمد بن عبد الوارث نے کہا انھوں نے حدیث کی ہمسے ہشام دستوائی نے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے ابی سلمہ سے

وغير واحد قالوا نا عمر بن يونس نا عكرمة بن عمار نا يحيى بن ابي كثير قال ثني ابو سلمة قال سألت عائشة باى شئ كان نبي
صلى الله عليه وسلم يفتتح صلوته اذا قام من الليل قالت كان اذا قام من الليل افتتح صلوته فقال اللهم رب جبرئيل وميكائيل
واسرافيل فاطر السموات والارض عالم الغيب والشهادة انت تحكم بين عبادك فيما كانوا فيه يختلفون اهدني لما اختلف
فيه من الحق باذنك انك على صراط مستقيم هذا حديث حسن غريب **باب** منه **حدثنا** محمد بن عبد الملك بن
ابي الشوارب نا يوسف بن الماجشون اخبرني ابي عبد الرحمن الاعرج عن عبيد الله بن ابي رافع عن علي بن ابي طالب ان رسول
صلى الله عليه وسلم كان اذا قام في الصلوة قال وجهت وجهي للذي فطر السموات والارض حنيفا وما انا من المشركين ان صلوتي
ونسكي ومحياي ومماتي لله رب العالمين لا شريك له وبذلك امرت وانا من المسلمين اللهم انت الملك لا اله الا انت انت ربي
وانا عبدك ظلمت نفسي واعترفت بذنبي فاغفر لي ذنوبي جميعا انه لا يغفر الذنوب الا انت واهدني لاحسن الاخلاق لا يهدي
لاحسنها الا انت واصرف عني سيئها لا يصرف عني سيئها الا انت امنت بك تباركت وتعاليت استغفرك واتوب اليك فاذا ركع
قال اللهم لك ركعت وبك امنت ولك اسلمت خشع لك سمعي وبصري ومخي وعظمي وعصبي فاذا رفع رأسه قال اللهم ربنا لك
الحمد ملء السموات والارضين وما بينهما وملء ما شئت من شئ فاذا سجد قال اللهم لك سجدت وبك امنت ولك اسلمت سجد
وجهي للذي خلقه فصوره وشق سمعه وبصره فتبارك الله احسن الخالقين ثم يكون اخر ما يقول بين التشهد والسلام اللهم
اغفر لي ما قدمت وما اخرت وما اسررت وما اعلنت وما انت اعلم به مني انت المقدم وانت المؤخر لا اله الا انت هذا حديث حسن
صحيح **حدثنا** الحسن بن علي الخلال نا ابو الوليد الطيالسي

اور کئی ایک نے کہا انھوں نے حدیث کی ہم سے عمر بن یونس نے کہا حدیث کی ہم سے عکرمہ بن عمار نے کہا حدیث کی ہم سے یحیی بن ابی کثیر نے کہا حدیث کی مجھ سے ابوسلمہ
نے کہا اُسنے حضرت عائشہ سے سوال ہوا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کس چیز کے ساتھ نماز شروع کرتے تھے جبکہ رات کو کھڑے ہوتے کہا اُسنے آنحضرت جب رات کو
کھڑے ہوتے تھے تو نماز اپنی کو شروع کرتے تھے اور کہتے تھے ای اللہ رب جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل کے پیدا کرنیوالے آسمانوں اور زمین کے جاننے
والے غیب اور ظاہر کے تو ہی حکم کریگا درمیان اپنے بندوں کے اس چیز میں کہ تھے وہ اختلاف کرتے ہدایت کر مجھے اسکی جسمیں اختلاف کیا گیا ہے
حق سے ساتھ اذن اپنے کے تو ہی رستے سیدھے پر ہے یہ حدیث غریب ہے **باب** اُسی قسم سے **حدیث** کی ہم سے محمد بن عبد الملک بن ابی الشوارب
نے کہا حدیث کی ہم سے یوسف بن ماجشون نے کہا خبر دی مجھے میرے باپ نے عبد الرحمن اعرج سے اُسنے عبید اللہ بن ابی رافع سے اُسنے علی بن ابی طالب
سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب نماز میں کھڑے ہوتے تو کہتے وجہت وجہی الخ یعنے توجہ کیا میں نے منہ اپنا ایک طرف ہو کر واسطے اس ذات کے
جسنے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو اور نہیں میں مشرکوں سے تحقیق نماز میری اور قربانی اور زندگانی اور مرنا واسطے اللہ کے ہے جو رب ہے جہانیوں کا نہیں کوئی
شریک واسطے اسکے اور ساتھ اسی کے حکم ہوا ہے مجھے اور میں مسلمانوں سے ہوں۔ ای اللہ تو بادشاہ ہے نہیں کوئی معبود سوائے تیرے تو میرا رب ہے اور میں تیرا بندہ
ہوں میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا ہے اور اپنے گناہ کا اقرار کرتا ہوں سو تو میرے تمام گناہ بخشدے اسلیے کہ سوائے تیرے کوئی گناہ نہیں بخشتا۔ اور مجھے اچھے اخلاق
کا راستہ دکھلا سوائے تیرے کوئی بہتر راستہ نہیں دکھلا سکتا مجھسے اسکی برائی دور کر سوائے تیرے کوئی مجھسے برائی دور نہیں کرتا میں تیرے ساتھ ایمان لایا
ہوں تو برکت والا ہے اور بلند ہے میں تجھسے بخشش مانگتا ہوں اور تیری طرف رجوع ہوتا ہوں۔ اور جب آنحضرت رکوع کرتے تو کہتے اللہم لک الخ یعنے ای اللہ
واسطے تیرے رکوع کیا میں نے اور ساتھ تیرے ایمان لایا ہوں اور واسطے تیرے مسلمان ہوا ہوں خشوع کیا ہے واسطے تیرے میرے کانوں اور آنکھوں اور
مغز اور ہڈیوں اور پٹھوں نے۔ اور جب سر اٹھاتے تو کہتے اللہم الخ یعنے ای اللہ رب ہمارے واسطے تیرے ہے حمد برابر آسمانوں اور زمینوں کے اور اسکے جو درمیان
ان دونوں کے ہے اور برابر اسکے کہ جو تیری مرضی ہے۔ اور جب سجدہ کرتے تو کہتے اللہم لک الخ یعنے ای اللہ واسطے تیرے سجدہ کیا میں نے اور ساتھ تیرے ایمان
لایا ہوں اور واسطے تیرے مسلمان ہوا ہوں سجدہ کیا ہے میرے منہ نے اسکے واسطے جسنے اسکو پیدا کیا ہے اور اچھی صورت بنائی ہے اور اسکے کانوں
اور آنکھوں کو پھاڑا ہے سو برکت والا ہے اللہ بہتر پیدا کرنیوالوں کا پھر سب سے آخر درمیان تشہد اور سلام کے کہتے اللہم اغفر لی الخ یعنے ای اللہ بخش واسطے
میرے اس چیز کو جو میں نے پہلے کی ہے اور جو پیچھے کی ہے اور پوشیدہ کی ہے اور ظاہر کی ہے اور جس چیز کو کہ تو مجھسے بہتر جانتا ہے تو ہی پہلے ہے اور تو ہی پیچھے ہے
نہیں کوئی معبود سوائے تیرے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہم سے حسن بن علی خلال نے کہا حدیث کی ہم سے ابو الولید طیالسی نے

وتلمني بها رشدی وترد بها الفتي وتعصمني بها من كل سوء اللهم اعطني ايمانا ويقينا ليس بعده كفر ورحمة انال بها شرف كرامتك
في الدنيا والاخرة اللهم اني اسالك الفوز في القضاء ونزل الشهداء وعيش السعداء والنصر على الاعداء اللهم اني انزل بك حاجتي و
ان قصر رائي وضعف عملي افتقرت الى رحمتك فاسئلك يا قاضي الامور ويا شافي الصدور كما تجير بين البحور ان تجيرني من عذاب
السعير ومن دعوة الثبور ومن فتنة القبور اللهم ما قصر عنه رائي ولم تبلغه نيتي ولم تبلغه مسئلتي من خير وعدته احدا من خلقك
او خير انت معطيه احدا من عبادك فاني ارغب اليك فيه واسألكه برحمتك رب العلمين اللهم ذا الحبل الشديد والامر الرشيد
اسألك الامن يوم الوعيد والجنة يوم الخلود مع المقربين الشهود الركع السجود الموفين بالعهود انك رحيم ودود وانك تفعل ما تريد
اللهم اجعلنا هادين مهتدين غير ضالين ولا مضلين سلما لاوليائك وعدوا لاعدائك نحب بحبك من احبك ونعادي بعداوتك
من خالفك اللهم هذا الدعاء وعليك الاجابة وهذا الجهد وعليك التكلان اللهم اجعل لي نورا في قلبي ونورا في قبري ونورا
من بين يدي ونورا من خلفي ونورا عن يميني ونورا عن شمالي ونورا من فوقي ونورا من تحتي ونورا في سمعي ونورا في بصري ونورا
في شعري ونورا في بشري ونورا في لحمي ونورا في دمي ونورا في عظامي اللهم اعظم لي نورا واعطني نورا واجعل لي نورا سبحان الذي
تعطف العز وقال به سبحان الذي لبس المجد وتكرم به سبحان الذي لا ينبغي التسبيح الا له سبحان ذي الفضل والنعم سبحان ذي المجد
والكرم سبحان ذي الجلال والاكرام هذا حديث غريب لا نعرفه مثل هذا من حديث ابن ابي ليلى الا من هذا الوجه وقد روى
شعبة وسفيان الثوري عن سلمة بن كهيل عن كريب عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم بعض هذا الحديث
ولم يذكره بطوله **باب** ما جاء في الدعاء عند افتتاح الصلوة بالليل **حدثنا** يحيى بن موسى

اور میری ہدایت مجھے سکھلا دے اور میری الفت کو رد کر اور برائی سے مجھے نگاہ رکھ۔ ای اللہ مجھے ایسا ایمان اور یقین دے کہ بعد اسکے کفر نہ ہو
اور رحمت کر اسکے ساتھ تیری بخشش کی شرافت دنیا اور آخرت میں حاصل کروں۔ ای اللہ میں تجھسے سوال کرتا ہوں قضا میں پہونچنے کا اور حاضر
ہونیوالوں کی مہمانی کا اور نیکوں کی عیش کا اور دشمنوں پر مدد کا ای اللہ میں اپنی حاجت تیرے آگے پیش کرتا ہوں اگرچہ میری رائے ناقص ہے اور
میرا عمل ضعیف ہے تو بھی میں تیری رحمت کا محتاج ہوں میں سوال کرتا ہوں تجھسے ای فیصلہ کرنیوالے کاموں کے اور شفا دینے والے سینوں کے
جیسا کہ تو دریاؤں کے درمیان فصل رکھتا ہے ایسا ہی مجھے عذاب دوزخ سے پناہ دے اور دعا ہلاک کرنیوالی سے اور قبروں کے فتنوں سے
ای اللہ جس سے میری فکر قصور کرے اور اسکو میری نیت نہ پہونچے اور جس نیکی کو میرا سوال نہ پہونچے جسکا تو نے اپنی خلقت سے کسی سے
وعدہ کیا ہے یا وہ جو تو اپنے بندوں سے کسی کو دینے والا ہے میں تیری طرف اسکی رغبت کرنیوالا ہوں اور سوال کرتا ہوں تجھسے اس نیکی کا ساتھ رحمت
تیری کے ای رب جہانوں کے ای اللہ صاحب رسی مضبوط کے اور امر رشید کے سوال کرتا ہوں تجھسے امن کا دن قیامت کے اور جنت کا دن
خلود کے ساتھ ان مقربین کے جو رکوع سجود میں حاضر ہونیوالے ہیں عہدوں کو پورا کرنیوالے ہیں تو ہی ہے رحمت کرنیوالا مہربان تو ہی کر سکتا ہے جو
ارادہ کرتا ہے۔ ای اللہ کر ہمکو ہادی ہدایت پانیوالے نہ گمراہ اور نہ گمراہ کرنیوالے صلح کرنیوالے واسطے تیرے دوستوں کے اور دشمنی کرنیوالے واسطے
تیرے دشمنوں کے دوست رکھتے ہیں ساتھ محبت تیری کے اسکو جو تجھے دوست رکھتا ہے اور دشمنی کرتے ہیں ساتھ عداوت تیری کے اسکو جو تیری مخالفت
کرے۔ ای اللہ یہ دعا ہے اور تیرے ذمے قبول کرنا ہے۔ اور یہ کوشش ہے اور تجھپر توکل ہے۔ ای اللہ کر میرے لیے نور میرے دل میں اور نور میری قبر میں اور آگے
میرے نور اور پیچھے میرے نور اور میرے داہنی طرف نور اور میرے بائیں طرف نور اور اوپر میرے نور اور نیچے میرے نور اور میرے کانوں میں نور
اور میری آنکھوں میں نور اور میرے بالوں میں نور اور میرے چمڑے میں نور اور میرے گوشت میں نور اور میرے خون میں نور اور میری ہڈیوں میں نور
ای اللہ میرے لیے بہت نور کر اور مجھے نور دے اور کر میرے لیے نور۔ پاک ہے وہ ذات جسنے چادر پہنی ہے عزت کی اور قائل ہوا ہے ساتھ اسکے۔ پاک ہے
وہ ذات جسنے پہنا ہے شرافت کو اور بزرگ ہوا ہے ساتھ اسکے پاک ہے وہ ذات کہ نہیں لائق تسبیح مگر واسطے اسکے پاک ہے صاحب فضل اور نعمت کا پاک ہے صاحب
عزت اور بخشش کا پاک ہے صاحب بزرگی اور اکرام کا یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مثل اسکے طریق ابی لیلی سے مگر اسی طریق سے اور روایت کیا
اسکو شعبہ اور سفیان ثوری نے سلمہ بن کہیل سے اُسنے کریب سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے بعض اس حدیث کا اور
بطولہ اسکو ذکر نہیں کیا۔ **باب** اس دعا کے بیان میں جو رات کو نماز شروع کرتے وقت پڑھی جاتی ہے حدیث کی ہمسے یحیی بن موسی

ويصنع ذلك اذا قضى قرأته واراد ان يركع ويصنعه اذا رفع رأسه من الركوع ولا يرفع يديه في شئ من صلوته وهو قاعد
فاذا قام من سجدتين رفع يديه كذلك فكبر ويقول حين يفتتح الصلوة بعد التكبير وجهت وجهي للذي فطر السموات
والارض حنيفا وما انا من المشركين ان صلوتي ونسكي ومحياي ومماتي لله رب العلمين لا شريك له وبذلك امرت وانا
من المسلمين اللهم انت الملك لا اله الا انت سبحانك انت ربي وانا عبدك ظلمت نفسي واعترفت بذنبي فاغفرلي ذنبي
جميعا انه لا يغفر الذنوب الا انت واهدني لاحسن الاخلاق لا يهدي لاحسنها الا انت واصرف عني سيئها لا يصرف
عني سيئها الا انت لبيك وسعديك وانا بك واليك لا منجا منك ولا ملجأ الا اليك استغفرك واتوب اليك ثم يقرء فاذا ركع
كان كلامه في ركوعه ان يقول اللهم لك ركعت وبك امنت ولك اسلمت وانت ربي خشع سمعي وبصري ومخي وعظمي لله
رب العلمين فاذا رفع رأسه من الركوع قال سمع الله لمن حمده ثم يتبعها اللهم ربنا لك الحمد ملأ السموات والارض ملأ ما شئت
من شئ بعد فاذا سجد قال في سجوده اللهم لك سجدت وبك امنت ولك اسلمت وانت ربي سجد وجهي للذي خلقه
وشق سمعه وبصره تبارك الله احسن الخالقين ويقول عند انصرافه من الصلوة اللهم اغفرلي ما قدمت وما اخرت
وما اسررت وما اعلنت وانت الهي لا اله الا انت هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا الحديث عند الشافعي و
بعض اصحابنا وقال بعض اهل العلم من اهل الكوفة وغيرهم يقول هذا في صلوة التطوع ولا يقوله في المكتوبة سمعت
ابا اسمعيل يعني الترمذي يقول سمعت سليمن بن داؤد الهاشمي يقول وذكر هذا الحديث فقال هذا عندنا مثل حديث

اور کرتے یہ اسوقت کہ جب قرأت ختم کرتے اور رکوع کرنیکا ارادہ کرتے۔ اور کرتے اسوقت کہ جب رکوع سے سر مبارک اٹھاتے
اور بیٹھنے کی حالت میں نماز کے کسی رکن میں رفع یدین نہ کرتے۔ اور جب دو رکعتوں سے کھڑے ہوتے تو اسیطرح رفع یدین کرتے
اور تکبیر کہتے اور بعد تکبیر کے جب نماز شروع کرتے تو کہتے وجہت وجہی الخ یعنے توجہ کیا میں نے منہ اپنا یکطرف ہو کر واسطے اسکے
جسنے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو اور میں مشرکوں سے نہیں ہوں تحقیق میری نماز اور قربانی اور زندگی اور مرنا واسطے اللہ کے ہے جو رب
ہے جہانیوں کا نہیں کوئی شریک واسطے اسکے اور ساتھ اسی کے مجھے حکم ہوا ہے اور میں مسلمانوں سے ہوں۔ اے اللہ تو بادشاہ ہے سوا
تیرے کوئی معبود نہیں ہے تو پاک ہے تو میرا رب ہے اور میں تیرا بندہ ہوں۔ میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا ہے اور میں اپنے گناہ کا اقرار کرتا ہوں
سو تو میرے تمام گناہ بخشدے کیونکہ سوائے تیرے کوئی گناہ نہیں بخشتا او۔ مجھے اچھے اخلاق کا راستہ دکھلا سوائے تیرے کوئی اچھے اخلاق
کا راستہ نہیں دکھلا سکتا اور مجھسے برے اخلاق دور کر سوائے تیرے مجھسے کوئی برے اخلاق دور نہیں کر سکتا میں تیری خدمت میں حاضر
ہوں اور ہمیشہ تیرے دین کی مدد کرتا ہوں اور میں تیرے ساتھ پناہ مانگتا ہوں اور طرف تیرے متوجہ ہوتا ہوں نہیں خلاصی تجھسے اور نہیں
بھاگنا مگر طرف تیرے میں تجھسے بخشش مانگتا ہوں اور طرف تیرے رجوع ہوتا ہوں پھر آنحضرت قرأت پڑھتے اور جب رکوع کرتے
تو آپکا رکوع میں یہ کلام ہوتا تھا اللہم لک الخ یعنے اے اللہ واسطے تیرے رکوع کیا میں نے اور ساتھ تیرے ایمان لایا ہوں اور واسطے
تیرے مسلمان ہوا ہوں اور تو میرا رب ہے خشوع کیا میرے کانوں اور آنکھوں اور مغز اور ہڈیوں نے واسطے اللہ کے جو رب ہے
جہانیوں کا۔ اور جب رکوع سے سر اٹھاتے تو کہتے سمع اللہ لمن حمدہ پھر اسکے بعد یہ کہتے اللہم الخ یعنے اے اللہ واسطے تیرے حمد ہے
برابر آسمانوں اور زمین کے اور برابر اسکے جو تو چاہتا ہے کسی چیز سے بعد اسکے اور جب سجدہ کرتے تو سجدہ میں کہتے اللہم لک الخ
یعنے اے اللہ واسطے تیرے سجدہ کیا میں نے اور ساتھ تیرے ایمان لایا میں اور واسطے تیرے مسلمان ہوا میں اور تو میرا رب ہے سجدہ کیا
منہ میرے نے واسطے اسکے جسنے اسکو پیدا کیا ہے اور اسکے کانوں اور آنکھوں کو پھاڑا ہے برکت والا ہے اللہ جو بہتر ہے پیدا کرنے
والوں کا اور نماز سے فارغ ہونیکے وقت یہ کہتے اللہم الخ یعنے اے اللہ بخشدے گناہ میرے پہلے اور پچھلے اور جو میں نے پوشیدہ کیے
ہیں اور جو ظاہر اور تو میرا اللہ ہے نہیں کوئی معبود سوائے تیرے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ امام شافعی اور بعض ہمارے اصحاب کے نزدیک
عمل اسی پر ہے۔ اور کہا بعض اہل علم نے کوفیوں وغیرہ سے یہ نماز نفلی میں ہے اور فرضیہ میں نہ کہے۔ سنا میں نے ابا اسمعیل یعنے ترمذی سے
کہ کہتا سنا میں نے سلیمان بن داؤد ہاشمی سے کہ کہتا اور ذکر کیا اسنے اس حدیث کو پس کہا اسنے یہ ہمارے نزدیک مثل حدیث

نا عبد العزیز بن ابی سلمة ویوسف بن الماجشون قال عبد العزیز ثنی عمی وقال یوسف اخبرنی ابی قال ثنی الاعرج عن عبید الله بن ابی رافع عن علی بن ابی طالب ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کان اذا قام الی الصلوٰة قال وجهت وجهی للذی فطر السمٰوٰت والارض حنیفا وما انا من المشرکین ان صلاتی ونسکی ومحیای ومماتی لله رب العٰلمین لا شریک له وبذلک امرت وانا من المسلمین اللهم انت الملک لا اله الا انت انت ربی وانا عبدک ظلمت نفسی واعترفت بذنبی فاغفرلی ذنبی جمیعا انه لا یغفر الذنوب الا انت واهدنی لاحسن الاخلاق لا یهدی لاحسنها الا انت واصرف عنی سیئها لا یصرف عنی سیئها الا انت لبیک وسعدیک والخیر کله فی یدیک والشر لیس الیک انا بک والیک تبارکت وتعالیت استغفرک واتوب الیک فاذا رکع قال اللهم لک رکعت وبک اٰمنت ولک اسلمت خشع لک سمعی وبصری وعظامی وعصبی واذا رفع قال اللهم ربنا لک الحمد ملأ السماء وملأ الارض وملأ ما بینهما وملأ ما شئت من شیء بعد فاذا سجد قال اللهم لک سجدت وبک اٰمنت ولک اسلمت سجد وجهی للذی خلقه وصوره وشق سمعه وبصره تبارک الله احسن الخالقین ثم یقول من اٰخر ما یقول بین التشهد والتسلیم اللهم اغفرلی ما قدمت وما اخرت وما اسررت وما اعلنت وما اسرفت وما انت اعلم به منی انت المقدم وانت المؤخر لا اله الا انت هٰذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** الحسن بن علی الخلال نا سلیمن بن داؤد الهاشمی نا عبد الرحمٰن بن ابی الزناد عن موسی بن عقبة عن عبد الله بن الفضل عن عبد الرحمٰن الاعرج عن عبید الله بن ابی رافع عن علی بن ابی طالب عن رسول الله صلی الله علیه وسلم انه کان اذا قام الی الصلوٰة المکتوبة رفع یدیه حذو منکبیه

کہا حدیث کی ہمسے عبدالعزیز بن ابی سلمہ اور یوسف بن ماجشون نے کہا عبدالعزیز نے حدیث کی مجھے میرے چچا نے اور کہا یوسف نے خبر دی مجھے میرے باپ نے کہا حدیث کی مجھے اعرج نے عبید اللہ بن ابی رافع سے اُسنے علی بن ابی طالب سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب نماز کی طرف کھڑے ہوتے تو کہتے وجہت وجہی الخ یعنے توجہ کیا مین نے منھ اپنا ایک طرف ہو کر واسطے اسکے جسنے پیدا کیا آسمانون اور زمین کو اور نہین ہون مین مشرکون سے تحقیق نماز میری اور قربانی اور زندگی اور مرنا واسطے اللہ کے ہے جو رب ہے جہانون کا نہین کوئی شریک واسطے اسکے اور ساتھ اسی کے حکم ہوا ہے مجھے اور مین مسلمانون سے ہون۔ ای اللہ تو بادشاہ ہے نہین کوئی معبود سوائے تیرے تو رب میرا ہے اور مین تیرا بندہ ہون مین نے اپنے نفس پر ظلم کیا ہے اور اپنے گناہ کا اقرار کرتا ہون سو تو میرے تمام گناہ بخش دے کیونکہ سوائے تیرے کوئی گناہ نہین بخشتا اور مجھے اچھے اخلاق کا راستہ دکھلا سوائے تیرے کوئی اچھے اخلاق کا راستہ نہین دکھلا سکتا اور برے اخلاق مجھسے دور کر سوائے تیرے مجھسے کوئی برے اخلاق دور نہین کر سکتا حاضر ہوا ہون تیری خدمت مین اور ہمیشہ تیرے دین کی مدد کرتا ہون اور تمام خیر تیری قدرت مین ہے اور برائی تیری طرف منسوب نہین ہوتی مین پناہ مانگتا ہون ساتھ تیرے اور طرف تیرے متوجہ ہوتا ہون تو برکت والا ہے اور بلند ہے تجھے بخشش مانگتا ہون اور طرف تیرے رجوع ہوتا ہون۔ اور جب رکوع کرتے تو کہتے اللہم الخ یعنے ای اللہ واسطے تیرے رکوع کیا مین نے اور ساتھ تیرے ایمان لایا اور واسطے تیرے مسلمان ہوا مین خشوع کیا واسطے تیرے میرے کانون اور آنکھوں اور ہڈیون اور پٹھون نے اور جب اٹھاتے سر مبارک کو تو کہتے اللہم الخ یعنے ای اللہ رب ہمارے واسطے تیرے حمد ہے برابر آسمانون کے اور برابر زمین کے اور برابر اسکے جو درمیان انکے ہے اور برابر اسکے جو بعد اسکے چاہتا ہے۔ اور جب سجدہ کرتے تو کہتے اللہم الخ یعنے ای اللہ واسطے تیرے سجدہ کیا مین نے اور ساتھ تیرے ایمان لایا مین اور واسطے تیرے مسلمان ہوا مین۔ سجدہ کیا منھ میرے نے واسطے اسکے جسنے اسکو پیدا کیا اور صورت بنائی اور اسکے کانون اور آنکھ کو پھاڑا برکت والا ہے اللہ اچھا پیدا کرنیوالون کا پھر سب سے آخر درمیان تشہد اور سلام کے کہتے اللہم الخ یعنے ای اللہ بخش واسطے میرے ان گناہون کو جو مین نے پہلے کیے ہین اور جو پیچھے اور جو پوشیدہ اور جو ظاہر اور جو اسراف کیا ہے اور اس چیز کو کہ جسکو تو مجھسے بہتر جانتا ہے تو ہی مقدم ہے اور تو ہی مؤخر نہین کوئی معبود سوائے تیرے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی خلال نے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان بن داؤد ہاشمی نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرحمٰن بن ابی الزناد نے موسیٰ بن عقبہ سے اُسنے عبداللہ بن فضل سے اُسنے عبدالرحمٰن اعرج سے اُسنے عبید اللہ بن ابی رافع سے اُسنے علی بن ابی طالب سے اُسنے رسول اللہ صلعم سے کہ جب آپ نماز فرض کی طرف کھڑے ہوتے تو کاندھون کے برابر ہاتھونکو اٹھاتے

حسن صحیح **باب** ما یقول اذا دخل السوق **حدثنا** احمد بن منیع نا یزید بن ھارون قال نا ازھر بن سنان نا محمد بن واسع قال قدمت مکۃ فلقینی اخی سالم بن عبد اللہ بن عمر فحدثنی عن ابیہ عن جدہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من دخل السوق فقال لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد یحیی ویمیت وھو حی لا یموت بیدہ الخیر وھو علی کل شیء قدیر کتب اللہ لہ الف الف حسنۃ ومحی عنہ الف الف سیئۃ ورفع لہ الف الف درجۃ ھذا حدیث غریب وقد رواہ عمرو بن دینار قھرمان اٰل الزبیر عن سالم بن عبد اللہ ھذا الحدیث نحوہ **حدثنا** بذلک احمد بن عبدۃ الضبی نا حماد بن زید والمعتمر بن سلیمٰن قالا نا عمرو بن دینار وھو قھرمان اٰل الزبیر عن سالم بن عبد اللہ بن عمر عن ابیہ عن جدہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من قال فی السوق لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد یحیی ویمیت وھو حی لا یموت بیدہ الخیر وھو علی کل شیء قدیر کتب اللہ لہ الف الف حسنۃ ومحی عنہ الف الف سیئۃ وبنی لہ بیتا فی الجنۃ **باب** ما جاء ما یقول العبد اذا مرض **حدثنا** سفیان بن وکیع نا اسمٰعیل بن محمد بن جحادۃ نا عبد الجبار بن عباس عن ابی اسحٰق عن الاغر ابی مسلم قال اشھد علی ابی سعید وابی ھریرۃ انھما شھدا علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من قال لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر صدقہ ربہ وقال لا الٰہ الا انا وانا اکبر واذا قال لا الٰہ الا اللہ وحدہ قال یقول اللہ لا الٰہ الا انا وانا وحدی واذا قال لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ قال اللہ لا الٰہ الا انا وحدی لا شریک لی واذا قال لا الٰہ الا اللہ لہ الملک ولہ الحمد قال اللہ لا الٰہ الا انا لی الملک ولی الحمد واذا قال لا الٰہ الا اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ قال اللہ لا الٰہ الا انا ولا حول ولا قوۃ الا بی وکان یقول من قالھا فی مرضہ ثم مات لم تطعمہ النار ھذا حدیث حسن

حسن صحیح ہے **باب** اس بیان میں کہ کیا کہے جبکہ بازار میں داخل ہو **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے ازہر بن سنان نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن واسع نے کہا اُسنے میں مکہ میں آیا اور مجھے میرا بھائی سالم بن عبد اللہ بن عمر ملا سو اُسنے حدیث کی اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بازار میں داخل ہوا اور کہا اُسنے لا الٰہ الا اللہ وحدہ الخ یعنے نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے جو اکیلا ہے نہیں کوئی شریک واسطے اسکے واسطے اسکے بادشاہی ہے اور واسطے اسکے حمد ہے زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے نہیں مرتا اسکے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے تو اللہ تعالیٰ اسکے واسطے دس لکھ نیکی لکھتا ہے اور دس لکھ برائی اس سے دور کرتا ہے اور دس لکھ درجہ اسکا بلند کرتا ہے۔ یہ حدیث غریب ہے اور روایت کیا اسکو عمرو بن دینار نے جو وکیل آل زبیر کا ہے سالم بن عبد اللہ سے اس حدیث کو مثل اسکے **حدیث** کی ہمسے ساتھ اسکے احمد بن عبدہ ضبی نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید اور معتمر بن سلیمان نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے عمرو بن دینار نے اور یہ وکیل آل زبیر کا ہے سالم بن عبد اللہ بن عمر سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے بازار میں کہا لا الٰہ الا اللہ الخ یعنے نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے جو اکیلا ہے نہیں کوئی شریک واسطے اسکے واسطے اسکے بادشاہی ہے اور واسطے اسکے حمد ہے زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے اسکے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے تو اللہ تعالیٰ واسطے اسکے دس ہزار نیکی لکھتا ہے اور دس ہزار برائی اس سے دور کرتا ہے اور جنت میں اسکے لیے گھر تیار کرتا ہے **باب** کیا کہے بندہ جب بیمار ہو **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن محمد بن جحادہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الجبار بن عباس نے ابی اسحاق سے اُسنے اغر ابی مسلم سے کہا اُسنے میں گواہی دیتا ہوں ابی سعید اور ابی ہریرہ کی کہ ان دونوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر شہادت دی کہ فرمایا آپ نے جسنے کہا لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر تو رب اسکا اسکی تصدیق کرتا ہے اور کہتا ہے لا الٰہ الا انا وانا اکبر اور جب کہتا ہے لا الٰہ الا اللہ وحدہ فرمایا آپ نے اللہ تعالیٰ کہتا ہے لا الٰہ الا انا وانا وحدی اور جب کہتا ہے لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ فرماتا ہے اللہ لا الٰہ الا انا وحدی لا شریک لی اور جب کہتا ہے لا الٰہ الا اللہ لہ الملک ولہ الحمد فرماتا ہے اللہ لا الٰہ الا انا لی الملک ولی الحمد اور جب کہتا ہے لا الٰہ الا اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ فرماتا ہے اللہ لا الٰہ الا انا ولا حول ولا قوۃ الا بی اور آنحضرت فرماتے تھے جو کوئی اسکو اپنی بیماری میں کہے پھر مرجائے تو اسکو آگ نہیں کھاتی۔ یہ حدیث حسن ہے

ف بازار کی وجہ خصوصیت کی یہ ہے کہ یہ مکان غفلت کا ہے اور لا یعنے باتیں وہاں کثرت سے ہوتی ہیں پس اس ذکر سے پروردگار ثواب عطا فرماتا ہے اور شیطانی لشکر کے وسواس سے محفوظ رکھتا ہے ۱۲

الزهري عن سالم عن ابيه **باب** ماجاء ما يقول في سجود القرآن **حدثنا** قتيبة نا محمد بن يزيد بن خنيس نا الحسن
بن محمد بن عبيد الله بن ابي يزيد قال قال لي ابن جريج اخبرني عبيد الله بن ابي يزيد عن ابن عباس قال جاء رجل الى رسول الله
صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله رأيتني الليلة وانا نائم كاني اصلي خلف شجرة فسجدت فسجدت الشجرة لسجودي فسمعتها
وهي تقول اللهم اكتب لي بها عندك اجرا وضع عني بها وزرا واجعلها لي عندك ذخرا وتقبلها مني كما تقبلتها من عبدك
داؤد قال ابن جريج قال لي جدك قال ابن عباس فقرأ النبي صلى الله عليه وسلم سجدة ثم سجد قال ابن عباس فسمعته وهو يقول
مثل ما اخبره الرجل عن قول الشجرة هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه وفي الباب عن ابي سعيد **حدثنا**
محمد بن بشار نا عبد الوهاب الثقفي نا خالد الحذاء عن ابي العالية عن عائشة قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم يقول في سجود
القرآن بالليل سجد وجهي للذي خلقه وشق سمعه وبصره بحوله وقوته هذا حديث حسن صحيح **باب** ماجاء ما يقول
اذا خرج من بيته **حدثنا** سعيد بن يحيى بن سعيد الاموي انا ابي نا ابن جريج عن اسحق بن عبد الله بن ابي طلحة عن
انس بن مالك قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قال يعني اذا خرج من بيته بسم الله توكلت على الله لا حول
ولا قوة الا بالله يقال له كفيت ووقيت وتنحى عنه الشيطان هذا حديث حسن صحيح غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه
باب منه **حدثنا** محمود بن غيلان نا وكيع نا سفيان عن منصور عن عامر الشعبي عن ام سلمة ان النبي صلى الله عليه وسلم
كان اذا خرج من بيته قال بسم الله توكلت على الله اللهم انا نعوذ بك من ان نزل او نضل او نظلم او نظلم او نجهل او يجهل علينا هذا حديث

زہری سے بھی جو مروی ہے بواسطہ سالم کے اسکے باپ سے **باب** اس بیان میں کہ سجود قرآن میں کیا کہے **حدیث**
کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن یزید بن خنیس نے کہا حدیث کی ہمسے حسن بن محمد بن عبید اللہ بن ابی یزید نے کہا
اُسنے کہا مجھے ابن جریج نے خبر دی مجھے عبید اللہ بن ابی یزید نے ابن عباس سے کہا اُسنے ایک مرد رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم کے پاس آیا سو کہا اُسنے یا رسول اللہ میں نے آج کی رات اپنے آپ کو دیکھا ہے اس حالت میں کہ میں سویا ہوا تھا کہ ایک
درخت کے پیچھے نماز پڑھ رہا ہوں پس میں نے سجدہ کیا اور درخت نے میرے سجدے سے سجدہ کیا پھر میں نے سنا اس سے
کہ یہ کہتا تھا اللہم اکتب الخ یعنے اے اللہ میرے واسطے اپنے پاس اسکے بدلے ثواب لکھ اور اسکے بدلے گناہ مجھسے دور کر
اور اسکو میرے واسطے اپنے پاس ذخیرہ بنا اور اسکو مجھسے قبول کر جیسا کہ تو نے اسکو اپنے بندے داؤد سے قبول کیا ہے کہا ابن
جریج نے کہا مجھے تیرے دادا نے کہ کہا ابن عباس نے پس نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے سورۂ سجدہ پڑھی پھر سجدہ کیا کہا ابن عباس نے
پھر سنا میں نے آپ سے اس حالت میں کہ کہتے تھے مثل اسکے کہ خبر دی آپ کو اس مرد نے قول درخت سے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں
پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے اور اس باب میں روایت ہے ابی سعید سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار اور عبد الوہاب ثقفی
نے کہا حدیث کی ہمسے خالد حذاء نے ابی العالیہ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم رات میں قرآن کے سجود
میں یہ کہتے تھے سجد وجہی الخ یعنے سجدہ کیا مُنہ میرے نے واسطے اسکے جسنے اسکو پیدا کیا ہے اور اسکے کان اور آنکھ کو پھاڑا ہے ساتھ حول
اور قوت اپنے کے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ کیا کہے جب اپنے گھر سے نکلے **حدیث** کی ہمسے سعید بن یحییٰ بن سعید
اموی نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے کہا حدیث کی ہمسے ابن جریج نے اسحاق بن عبد اللہ بن ابی طلحہ سے اُسنے انس
بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جسنے کہا جبکہ اپنے گھر سے نکلا بسم اللہ الخ یعنے شروع کیا میں نے
ساتھ نام اللہ کے توکل کیا میں نے اللہ پر نہیں پھرنا گناہ سے اور نہیں قوت نیکی کی مگر ساتھ مدد اللہ کے۔ تو اسکو فرشتہ کہتا ہے کفایت ہو گئی
تجھے اور بچا پایا گیا تو اور شیطان اس سے دور ہو جاتا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے۔ **باب** اُسی قسم سے
حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے منصور سے اُسنے عامر شعبی سے اُسنے ام سلمہ
سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب اپنے گھر سے نکلتے تو کہتے بسم اللہ الخ یعنے شروع کیا میں نے ساتھ نام اللہ کے توکل کیا میں نے اللہ پر اے اللہ ہم
پناہ مانگتے ہیں ساتھ تیرے اس سے کہ پھسلیں یا گمراہ ہوں یا ظلم کریں یا ظلم کیے جائیں یا جہالت کریں یا ہم پر جہالت کیجا دے۔ یہ حدیث

الا من هذا الوجه حدثنا نصر بن عبد الرحمن الكوفي نا المحاربي عن مالك بن مغول عن محمد بن سوقة عن نافع عن ابن عمر قال كان تعد لرسول الله صلى الله عليه وسلم في المجلس الواحد مائة مرة من قبل ان يقوم رب اغفرلي وتب علي انك انت التواب الغفور هذا حديث حسن صحيح غريب باب مايقول عند الكرب حدثنا محمد بن بشار نا معاذ بن هشام قال ثني ابي عن قتادة عن ابي العالية عن ابن عباس ان نبي الله صلى الله عليه وسلم كان يدعو عند الكرب لا اله الا الله الحليم الحكيم لا اله الا الله رب العرش العظيم لا اله الا الله رب السموات والارض ورب العرش الكريم حدثنا محمد بن بشار نا ابن ابي عدي عن هشام عن قتادة عن ابي العالية عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم بمثله وفي الباب عن علي هذا حديث حسن صحيح حدثنا ابو سلمة يحيى بن المغيرة المخزومي المديني وغير واحد قالوا نا ابن ابي فديك عن ابراهيم بن الفضل عن المقبري عن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا اهمه الامر رفع رأسه الى السماء فقال سبحان الله العظيم واذا اجتهد في الدعاء قال يا حي يا قيوم هذا حديث غريب باب ماجاء مايقول اذا انزل منزلا حدثنا قتيبة نا الليث عن يزيد بن ابي حبيب عن الحارث بن يعقوب عن يعقوب بن عبد الله بن الاشج عن بسر بن سعيد عن سعد بن ابي وقاص عن خولة بنت الحكيم السلمية عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من نزل منزلا ثم قال اعوذ بكلمات الله التامات من شر ما خلق لم يضره شيء حتى يرتحل من منزله ذلك هذا حديث حسن غريب صحيح وروى مالك بن انس هذا الحديث انه بلغه عن يعقوب بن الاشج فذكر نحو هذا الحديث وروي عن ابن عجلان هذا الحديث عن يعقوب بن عبد الله بن الاشج ويقول عن سعيد بن المسيب عن خولة وحديث الليث اصح من رواية ابن عجلان

مگر اسی طریق سے **حدیث** کی ہمسے نصر بن عبدالرحمٰن کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے محاربی نے مالک بن مغول سے اُسنے محمد بن سوقہ سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے واسطے ایک مجلس میں اُنکے کھڑے ہونے سے پہلے سو بار یہ دعا شمار کیجاتی تھی رب اغفرلی الخ یعنے اے رب مجھے بخشدے اور مجھپر رجوع کر بیشک تو ہی ہے رجوع کرنیوالا بخشنے والا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **باب** سختی کے وقت کیا کہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے معاذ بن ہشام نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے قتادہ سے اُسنے ابی العالیہ سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سختی کے وقت یہ دعا پڑھتے تھے لا الہ الا اللہ الخ یعنے نہیں کوئی معبود سواے اللہ کے جو حلم والا ہے حکمت والا نہیں کوئی معبود سواے اللہ کے جو رب ہے عرش بڑے کا نہیں کوئی معبود سواے اللہ کے جو رب ہے آسمانوں اور زمین کا اور رب ہے عرش بزرگ کا **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی نے ہشام سے اُسنے قتادہ سے اُسنے ابی العالیہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور اس باب میں روایت ہے علی سے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابو سلمہ یعنے یحییٰ بن مغیرہ مخزومی مدینی اور کئی ایک نے کہا انھوں نے حدیث کی ہمسے ابن ابی فدیک نے ابراہیم بن فضل سے اُسنے مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی کام غم میں ڈالتا تو سر مبارک آسمان کی طرف اٹھاتے اور کہتے سبحان اللہ العظیم اور جب دعا میں بہت لگتے تو کہتے یا حی یا قیوم۔ یہ حدیث غریب ہے **باب** اس بیان میں کہ کیا کہے جب کسی منزل میں اترے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے یزید بن ابی حبیب سے اُسنے حارث بن یعقوب سے اُسنے یعقوب بن عبداللہ بن اشج سے اُسنے بسر بن سعید سے اُسنے سعد بن ابی وقاص سے اُسنے خولہ بنت حکیم سلمیہ سے اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جو کوئی کسی منزل میں اترا پھر کہا اُسنے اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق تو اسکو کوئی چیز ضرر نہیں دیگی جبتک وہ اس منزل سے رحلت کرے۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔ اور روایت کی مالک بن انس نے یہ حدیث کہ پہونچی اسکو یعقوب بن اشج سے پھر ذکر کیا اسے مثل اس حدیث کے۔ اور مروی ہے یہ حدیث ابن عجلان سے اُسنے روایت کی یعقوب بن عبداللہ بن اشج سے اور کہتا ہے روایت ہے سعید بن المسیب سے اُسنے روایت کی خولہ سے۔ اور حدیث لیث کی صحیح ہے روایت ابن عجلان سے

وقد رواہ شعبۃ عن ابی اسحٰق عن الاغر ابی مسلم عن ابی ھریرۃ وابی سعید نحو ھذا الحدیث بمعناہ ولم یرفعہ شعبۃ **حدثنا** بذلک محمد بن بشار قال نا محمد بن جعفر عن شعبۃ بھذا **باب** ماجاء ما یقول اذا رأی مبتلی **حدثنا** محمد بن عبد اللہ بن بزیع قال نا عبد الوارث بن سعید عن عمرو بن دینار مولیٰ اٰل الزبیر عن سالم بن عبد اللہ بن عمر عن ابن عمر عن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من رأی صاحب بلاء فقال الحمد للہ الذی عافانی مما ابتلاک بہ وفضلنی علی کثیر ممن خلق تفضیلا الا عوفی من ذلک البلاء کائنا ما کان ما عاش ھذا حدیث غریب وفی الباب عن ابی ھریرۃ وعمرو بن دینار قہرمان اٰل الزبیر ھو شیخ بصری ولیس بالقوی فی الحدیث وقد تفرد باحادیث عن سالم بن عبد اللہ بن عمر وقد روی عن ابی جعفر محمد بن علی انہ قال اذا رأی صاحب بلاء یتعوذ یقول ذلک فی نفسہ ولا یسمع صاحب البلاء **حدثنا** ابو جعفر السمنانی وغیر واحد قالوا نا مطرف بن عبد اللہ المدینی نا عبد اللہ بن عمر العمری عن سھیل بن ابی صالح عن ابیہ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من رأی مبتلی فقال الحمد للہ الذی عافانی مما ابتلاک بہ وفضلنی علی کثیر ممن خلق تفضیلا لم یصبہ ذلک البلاء ھذا حدیث حسن غریب من ھذا الوجہ **باب** ما یقول اذا قام من مجلسہ **حدثنا** ابو عبیدۃ بن ابی السفر الکوفی واسمہ احمد بن عبد اللہ الھمدانی نا الحجاج بن محمد قال قال ابن جریج اخبرنی موسی بن عقبۃ عن سھیل بن ابی صالح عن ابیہ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من جلس فی مجلس فکثر فیہ لغطہ فقال قبل ان یقوم من مجلسہ ذلک سبحانک اللھم وبحمدک اشھد ان لا الہ الا انت استغفرک واتوب الیک الا غفر لہ ما کان فی مجلسہ ذلک وفی الباب عن ابی برزۃ وعائشۃ ھذا حدیث حسن صحیح غریب من ھذا الوجہ لا نعرفہ من حدیث سھیل

اور روایت کیا اسکو شعبہ نے ابی اسحاق سے اُسنے اغر ابی مسلم سے اُسنے ابی ہریرہ اور ابی سعید سے مثل اس حدیث کے بالمعنے اور شعبہ نے اسکو مرفوع نہیں کیا **حدیث** کی ہمسے ساتھ اسکے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے شعبہ سے ساتھ اسکے **باب** اس بیان میں کہ کیا کہے جب کسی مصیبت زدہ کو دیکھے **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد اللہ بن بزیع نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الوارث بن سعید نے عمرو بن دینار سے جو خدمتگار آل زبیر کا ہی سالم بن عبد اللہ بن عمر سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے عمر سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کسی مصیبت زدہ کو دیکھے اور کہے الحمد للہ الخ یعنے سب حمد واسطے اللہ کے جسنے مجھے عافیت دی ہی اس چیز سے کہ جس سے تجھکو اُسنے آزمایا ہی اور مجھے اُسنے اپنی بہت پیدائش پر فضیلت دی ہی تو وہ اس مصیبت سے جبتک زندہ رہے عافیت مین رہتا ہی یہ حدیث غریب ہی۔ اور اس باب مین روایت ہی ابی ہریرہ سے اور عمرو بن دینار خدمتگار آل زبیر کا ہی یہ شیخ بصرہ کا ہی اور یہ حدیث مین قوی نہین ہی۔ اور یہ متفرد ہوا ہی ساتھ کئی احادیث کے سالم بن عبد اللہ بن عمر سے۔ اور محمد بن علی نے ابی جعفر سے روایت کی ہی کہ کہا اُسنے جب کوئی کسی مصیبت زدہ کو دیکھے تو پناہ مانگے اپنے دل مین کہے یعنے دل مین پناہ مانگے اور مصیبت زدہ کو نہ سناوے۔ **حدیث** کی ہمسے ابو جعفر سمنانی اور کئی ایک نے کہا انھون نے حدیث کی ہمسے مطرف بن عبد اللہ مدینی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن عمر عمری نے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی دیکھے کسی مصیبت زدہ کو اور کہے الحمد للہ الخ یعنے سب حمد واسطے اللہ کے ہی جسنے مجھے عافیت دی ہی اس چیز سے کہ جس سے تجھکو اُسنے آزمایا ہی اور مجھے اُسنے اپنی بہت پیدائش پر فضیلت دی ہی تو اسکو وہ مصیبت نہین پہونچتی۔ یہ حدیث حسن ہی غریب ہی اس طریق سے **باب** اس بیان مین کہ کیا کہے جب مجلس سے کھڑا ہو **حدیث** کی ہمسے ابو عبیدہ بن ابی السفر کوفی نے اور نام اسکا احمد بن عبد اللہ ہمدانی ہی کہا حدیث کی ہمسے حجاج بن محمد نے کہا اُسنے کہا ابن جریج نے خبر دی مجھے موسی بن عقبہ نے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کسی مجلس مین بیٹھا اور اُسنے اسمین لغویات بہت سے کہے پھر اپنی مجلس سے کھڑے ہونے سے پہلے اُسنے یہ کہا سبحانک اللھم الخ یعنے پاک ہی تو اے اللہ اور ساتھ حمد تیری کے گواہی دیتا ہون مین یہ کہ نہین کوئی معبود سوائے تیرے مین تجھسے بخشش مانگتا ہون اور طرف تیرے رجوع ہوتا ہون تو اسکے لیے بخشش ہوجاتی ہی اسکی جو اُسنے اس مجلس مین کیا ہو اور اس باب مین روایت ہی ابی برزہ اور عائشہ سے یہ حدیث حسن صحیح ہی غریب ہی اس طریق سے نہین پہچانتے ہم اسکو حدیث سہیل سے

عن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا قدم من سفر فنظر الی جدران المدینۃ اوضع راحلتہ وان کان علی دابۃ حرکہا من حبہا ہذا حدیث حسن صحیح غریب **باب** ماجاء ما یقول اذا ودع انسانا **حدثنا** احمد بن عبید اللہ السلیمی البصری نا ابو قتیبۃ سلم بن قتیبۃ عن ابراہیم بن عبد الرحمن بن یزید بن امیۃ عن نافع عن ابن عمر قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا ودع رجلا اخذ بیدہ فلا یدعہا حتی یکون الرجل ہو یدع ید النبی صلی اللہ علیہ وسلم ویقول استودع اللہ دینک وامانتک وآخر عملک ہذا حدیث غریب من ہذا الوجہ وقد روی ہذا الحدیث من غیر وجہ عن ابن عمر **حدثنا** اسمعیل بن موسی الفزاری نا سعید بن خثیم عن حنظلۃ عن سالم ان ابن عمر کان یقول للرجل اذا اراد سفرا ادن منی اودعک کما کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یودعنا فیقول استودع اللہ دینک وامانتک وخواتیم عملک ہذا حدیث حسن صحیح غریب من ہذا الوجہ من حدیث سالم بن عبد اللہ **باب** منہ **حدثنا** عبد اللہ بن ابی زیاد نا سیار نا جعفر بن سلیمن عن ثابت عن انس قال جاء رجل الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ انی ارید سفرا فزودنی قال زودک اللہ التقوی قال زدنی قال وغفر ذنبک قال زدنی بابی انت وامی قال ویسر لک الخیر حیث ما کنت ہذا حدیث حسن غریب **باب** منہ **حدثنا** موسی بن عبد الرحمن الکندی الکوفی نا زید بن حباب اخبرنی اسامۃ بن زید عن سعید المقبری عن ابی ہریرۃ ان رجلا قال یا رسول اللہ انی ارید ان اسافر فاوصنی قال علیک بتقوی اللہ والتکبیر علی کل شرف فلما ان ولی الرجل قال اللہم اطولہ البعد وہون علیہ السفر ہذا حدیث حسن **باب** ما ذکر فی دعوۃ المسافر **حدثنا** محمد بن بشار نا ابو عاصم نا الحجاج الصواف عن یحیی بن ابی کثیر عن ابی جعفر عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

انس سے ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر سے آتے اور مدینہ کی دیواروں کی طرف نظر کرتے تو اپنی سواری کو تیز چلاتے اور اگر کسی چارپائے پر ہوتے تو مدینہ کی محبت سے اسکو حرکت دیتے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **باب** اس بیان میں کہ کیا کہے جب کسی انسان کو رخصت کرے **حدیث** کی ہمسے احمد بن عبید اللہ سلیمی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے ابو قتیبہ سلم بن قتیبہ نے ابراہیم بن عبد الرحمن بن یزید بن امیہ سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی مرد کو رخصت کرنیکا ارادہ کرتے تو اسکے ہاتھ کو پکڑ لیتے پھر اسکو نہ چھوڑتے یہانتک کہ وہ مرد خود ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ چھوڑتا اور آنحضرت فرماتے میں تیرا دین اور امانت اور پچھلا عمل اللہ کے سپرد کرتا ہوں یہ حدیث غریب ہے اس طریق سے اور یہ حدیث کئی وجہ سے ابن عمر سے مروی ہے **حدیث** کی ہمسے اسمعیل بن موسی فزاری نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن خثیم نے حنظلہ سے اُسنے سالم سے ہے کہ ابن عمر اس مرد کے واسطے جو سفر کا ارادہ کرتا یہ کہتے میرے قریب ہو میں تجھے رخصت کروں جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمکو رخصت کرتے تھے پھر کہتے میں تیرا دین اور امانت اور خاتمہ عملوں کا اللہ کے سپرد کرتا ہوں یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے اس وجہ یعنے طریق سالم بن عبد اللہ سے **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن ابی زیاد نے کہا حدیث کی ہمسے سیار نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیمان نے ثابت سے اُسنے انس سے کہا اُسنے ایک مرد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا یا رسول اللہ میں سفر کا ارادہ کرتا ہوں سو مجھے خرچ راہ دیجئے فرمایا آپ نے خرچ دے تجھے اللہ تقوے کا کہا اس مرد نے میرے لیے زیادہ دعا کریے فرمایا آپ نے اور اللہ تیرے گناہ بخشدے کہا اُسنے میرے لیے زیادہ دعا کریے میرے والدین آپ پر قربان ہوں فرمایا آپ نے اور آسان کرے اللہ تعالی واسطے تیرے بھلائی کو جہاں کہ تو ہو یہ حدیث حسن غریب ہے **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے موسی بن عبد الرحمن کندی کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے کہا خبر دی مجھے اسامہ بن زید نے سعید مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ ایک مرد نے کہا یا رسول اللہ میں سفر کا ارادہ رکھتا ہوں سو مجھے کوئی وصیت فرمایئے فرمایا آپ نے لازم پکڑ اللہ کے ڈر کو۔ اور ہر بلندی پر تکبیر کہو پس جب مرد نے پیٹھ پھیری تو فرمایا آپ نے اسکی مسافت لپیٹ اور اسپر سفر آسان کر یہ حدیث حسن ہے **باب** مسافر کی دعا کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عاصم نے کہا حدیث کی ہمسے حجاج صواف نے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے ابی جعفر سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلعم نے

باب مایقول اذا خرج مسافرا حدثنا محمد بن عمر بن علی المقدمی نا ابن ابی عدی عن شعبة عن عبد الله بن بشر الخثعمی عن ابی زرعة عن ابی هريرة قال كان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا سافر فركب راحلته قال باصبعه ومد شعبة باصبعه اللهم انت الصاحب فی السفر والخليفة فی الاهل اللهم اصحبنا بنصحك واقلبنا بذمة اللهم ازولنا الارض وهون علينا السفر اللهم انی اعوذ بك من وعثاء السفر وكآبة المنقلب حدثنا سوید بن نصر نا عبد الله بن المبارك انا شعبة بهذا الاسناد نحوه بمعناه هذا حديث حسن غريب من حديث ابی هريرة لا نعرفه الا من حديث ابن ابی عدی عن شعبة حدثنا احمد بن عبدة نا حماد بن زيد عن عاصم الاحول عن عبد الله بن سرجس قال كان النبی صلی الله علیه وسلم اذا سافر يقول اللهم انت الصاحب فی السفر والخليفة فی الاهل اللهم اصحبنا فی سفرنا واخلفنا فی اهلنا اللهم انی اعوذ بك من وعثاء السفر وكآبة المنقلب ومن الحور بعد الكور ومن دعوة المظلوم ومن سوء المنظر فی الاهل والمال هذا حديث حسن صحيح ويروی الحور بعد الكون ايضا ومعنی قوله الحور بعد الكون او الكور وكلاهما له وجه ويقال انما هو الرجوع من الايمان الی الكفر او من الطاعة الی المعصية انما يعنی من رجوع شیء الی شیء من الشر باب ماجاء ما يقول اذا رجع من سفره حدثنا محمود بن غيلان نا ابو داؤد قال انبانا شعبة عن ابی اسحق قال سمعت الربيع بن البراء بن عازب يحدث عن ابيه ان النبی صلی الله علیه وسلم كان اذا قدم من سفر قال آئبون تائبون عابدون لربنا حامدون هذا حديث حسن صحيح وروی الثوری هذا الحديث عن ابی اسحق عن البراء ولم يذكر فيه عن الربيع بن البراء ورواية شعبة اصح وفی الباب عن ابن عمر وانس وجابر بن عبد الله

باب منه حدثنا علی بن حجر انا اسمعيل بن جعفر عن حميد

باب اس بیان میں کہ کیا کہے جب سفر کو نکلے حدیث کی ہمسے محمد بن عمر بن علی مقدمی نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی نے شعبہ سے اُسنے عبداللہ بن بشر خثعمی سے اُسنے ابی زرعہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب سفر کرتے اور اپنی اونٹنی پر سوار ہوتے تو اپنی انگلی سے اشارت کرتے۔ اور شعبہ نے اپنی انگلی شاگردونکے دکھلانیکے واسطے دراز کیا فرماتے آنحضرت اللھم انت الصاحب الخ یعنے ای اللہ تو ہی ہے حافظ سفر میں اور خلیفہ اہل میں ای اللہ ہمارا مصاحب ہو ساتھ خیر خواہی اپنی کے اور اپنی پناہ میں ہمکو پھیرے۔ ای اللہ زمین کو ہمارے لیے لپیٹ اور ہمپر سفر کو آسان کر۔ ای اللہ میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے سفر کی مشقت اور واپس ہونیکے غم سے[1] حدیث کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا خبر دی ہمکو عبداللہ بن مبارک نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے بالمعنے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے طریق ابی ہریرہ سے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق ابن عدی سے جو راوی ہے شعبہ سے حدیث کی ہمسے احمد بن عبدہ نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے عاصم احول سے اُسنے عبداللہ بن سرجس سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب سفر کرتے تو کہتے اللھم الخ یعنے ای اللہ تو ہی حافظ ہے سفر میں اور خلیفہ اہل میں ای اللہ تو ہی ہمارے اس سفر میں ہمارا مصاحب ہو جیو اور ہمارے اہل میں خلیفہ۔ ای اللہ میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے سفر کی مشقت اور واپس ہونیکے غم سے اور کمی سے بعد زیادتی اور مظلوم کی دعا سے اور بری نظر سے اہل اور مال میں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور مروی ہے الحور بعد الکون بھی اور معنے اس قول یعنے الحور بعد الکون او الکور کے یہ ہیں اور ان دونوں کی وجہ ہے اور کہا گیا ہے معنے اسکے یہ ہیں رجوع کرنا ایمان سے طرف کفر کے یا طاعت سے طرف معصیت کے مراد اس سے رجوع کرنا ایک چیز سے طرف دوسری چیز بری کے باب اس بیان میں کہ کیا کہے جبکہ سفر سے رجوع کرے حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے ابی اسحاق سے کہا سنا میں نے ربیع بن براء بن عازب سے کہ حدیث کرتا تھا اپنے باپ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب سفر سے آتے تو کہتے آئبون الخ یعنے ہم رجوع کرنیوالے ہیں توبہ کرنیوالے عبادت کرنیوالے واسطے رب اپنے کے حمد کرنیوالے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کیا ثوری نے اس حدیث کو ابی اسحاق سے اُسنے براء سے۔ اور اُسنے اسمیں ربیع بن براء کا ذکر نہیں کیا اور روایت شعبہ کی صحیح ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور انس اور جابر بن عبداللہ سے۔ باب اُسی قسم سے حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے کہا خبر دی ہمکو اسمعیل بن جعفر نے حمید سے

[1] یعنے اس سے پناہ مانگتا ہوں کہ سفر سے واپس ہونے وقت کوئی سخت غم اور اندوہ عارض نہ ہو جائے ۱۲

عن عطاء عن عائشۃ قالت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا رای الریح قال اللھم انی اسألک من خیرھا وخیر ما فیھا وخیر ما ارسلت بہ واعوذ بک من شرھا وشر ما فیھا وشر ما ارسلت بہ وفی الباب عن ابی بن کعب ھذا حدیث حسن **باب** ما یقول اذا سمع الرعد **حدثنا** قتیبۃ نا عبد الواحد بن زیاد عن حجاج بن ارطاۃ عن ابی مطر عن سالم بن عبد اللہ بن عمر عن ابیہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا سمع صوت الرعد والصواعق قال اللھم لا تقتلنا بغضبک ولا تھلکنا بعذابک وعافنا قبل ذلک ھذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من ھذا الوجہ **باب** ما یقول عند رویۃ الھلال **حدثنا** محمد بن بشار نا ابو عامر العقدی نا سلیمان بن سفیان المدینی قال اثنی بلال بن یحیی بن طلحۃ بن عبید اللہ عن ابیہ عن جدہ طلحۃ بن عبید اللہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا رای الھلال قال اللھم اھللہ علینا بالیمن والایمان والسلامۃ والاسلام ربی وربک اللہ ھذا حدیث حسن غریب **باب** ما یقول عند الغضب **حدثنا** محمود بن غیلان نا قبیصۃ نا سفیان عن عبد الملک بن عمیر عن عبد الرحمن بن ابی لیلی عن معاذ بن جبل قال استب رجلان عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم حتی عرف الغضب فی وجہ احدھما فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم انی لاعلم کلمۃ لو قالھا لذھب غضبہ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم وفی الباب عن سلیمان بن صرد **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن عن سفیان نحوہ وھذا حدیث مرسل عبد الرحمن بن ابی لیلی لم یسمع من معاذ بن جبل ومات معاذ فی خلافۃ عمر بن الخطاب وقتل عمر بن الخطاب وعبد الرحمن بن ابی لیلی غلام ابن ست سنین ھکذا روی شعبۃ عن الحکم عن عبد الرحمن بن ابی لیلی وقد روی عبد الرحمن بن ابی لیلی عن عمر بن الخطاب ورآہ وعبد الرحمن بن ابی لیلی یکنی ابا عیسی

اُسنے عطاء سے اُسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب آندھی دیکھتے تو کہتے اللھم انی الخ یعنے ای اللہ مین تجھسے اسکی بھلائی اور اسکے اندر کی بھلائی اور جسکے واسطے یہ آندھی بھیجی گئی ہے اسکی بھلائی مانگتا ہون۔ اور اسکی برائی اور اسکے اندر کی برائی اور جسکے واسطے بھیجی گئی ہے اسکی برائی سے پناہ مانگتا ہون۔ اور اس باب مین روایت ہے ابی بن کعب سے۔ اور یہ حدیث حسن ہے **باب** اس بیان مین کہ جب رعد کی آواز سنے تو کیا کہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الواحد بن زیاد نے حجاج بن ارطاۃ سے اُسنے ابی مطر سے اُسنے سالم بن عبد اللہ بن عمر سے اُسنے اپنے باپ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب رعد اور بجلی کی آواز سنتے تو کہتے اللھم الخ یعنے ای اللہ ہمکو اپنے غضب سے قتل مت کر اور اپنے عذاب سے ہلاک مت کر اور پہلے اس سے ہمکو آرام دے۔ یہ حدیث غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے **باب** چاند کے دیکھنے کے وقت کیا کہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر عقدی نے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان بن سفیان مدینی نے کہا حدیث کی مجھے بلال بن یحیی بن طلحہ بن عبید اللہ نے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا طلحہ بن عبید اللہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب چاند دیکھتے تھے تو کہتے اللھم الخ یعنے ای اللہ اسکا ہمپر طلوع کر ساتھ یمن اور ایمان کے اور سلامتی اور اسلام کے۔ رب میرا اور رب تیرا اللہ ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے **باب** غضب کے وقت کیا کہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے قبیصہ نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عبد الملک بن عمیر سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی لیلی سے اُسنے معاذ بن جبل سے کہا اُسنے دو مرد نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لڑ پڑے تھے کہ ان دونوں مین سے ایک کے چہرہ پر غضب پہچانا جاتا تھا پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے البتہ مین وہ بات جانتا ہون کہ اگر وہ اسکو کہے تو اسکا غصہ جاتا رہے (وہ یہ ہے) اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم یعنے اللہ کی پناہ مانگتا ہون شیطان مردود سے۔ اس باب مین روایت ہے سلیمان بن صرد سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن نے سفیان سے مثل اسکے۔ یہ حدیث مرسل ہے۔ عبد الرحمن بن ابی لیلی کا معاذ بن جبل سے سماع نہین ہے۔ اور معاذ حضرت عمر بن الخطاب کی خلافت مین مر گیا تھا۔ اور حضرت عمر بن الخطاب اس حالت مین شہید ہوے تھے کہ عبد الرحمن بن ابی لیلی چھ برس کا لڑکا تھا ایسا ہی روایت کی ہے شعبہ نے حکم سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی لیلی سے۔ اور روایت کی ہے عبد الرحمن بن ابی لیلی نے عمر بن خطاب سے اور اسکو دیکھا ہے اور عبد الرحمن بن ابی لیلی کی کنیت ابا عیسیٰ ہے

ثلاث دعوات مستجابات دعوة المظلوم ودعوة المسافر ودعوة الوالد على ولده **حدثنا** علي بن حجر نا اسمعيل بن ابراهيم
عن هشام الدستوائي عن يحيى بن ابي كثير بهذا الاسناد نحوه وزاد فيه مستجابات لا شك فيهن هذا حديث حسن
وابو جعفر هو الذي روى عنه يحيى بن ابي كثير يقال له ابو جعفر المؤذن ولا نعرف اسمه **باب** ما جاء ما يقول اذا ركب
دابة **حدثنا** قتيبة نا ابو الاحوص عن ابي اسحق عن علي بن ربيعة قال شهدت عليا اتي بدابة ليركبها فلما وضع رجله
في الركاب قال بسم الله فلما استوى على ظهرها قال الحمد لله ثم قال سبحان الذي سخر لنا هذا وما كنا له مقرنين وانا الى ربنا
لمنقلبون ثم قال الحمد لله ثلاثا والله اكبر ثلاثا سبحانك اني قد ظلمت نفسي فاغفر لي فانه لا يغفر الذنوب الا انت ثم ضحك
فقلت من اي شيء ضحكت يا امير المؤمنين قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم صنع كما صنعت ثم ضحك فقلت
من اي شيء ضحكت يا رسول الله قال ان ربك ليعجب من عبده اذا قال رب اغفر لي ذنوبي انه لا يغفر الذنوب غيرك وفي الباب
عن ابن عمر هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** سويد بن نصر انا عبد الله بن المبارك انا حماد بن سلمة عن ابي الزبير عن علي
بن عبد الله البارقي عن ابن عمر ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا سافر فركب راحلته كبر ثلاثا وقال سبحان الذي سخر لنا
هذا وما كنا له مقرنين وانا الى ربنا لمنقلبون ثم يقول اللهم اني اسألك في سفري هذا من البر والتقوى ومن العمل ما ترضى اللهم
هون علينا المسير واطو عنا بعد الارض اللهم انت الصاحب في السفر والخليفة في الاهل اللهم اصحبنا في سفرنا واخلفنا
في اهلنا وكان يقول اذا رجع الى اهله آيبون ان شاء الله تائبون عابدون لربنا حامدون هذا حديث حسن
باب ما جاء ما يقول اذا هاجت الريح **حدثنا** عبد الرحمن بن الاسود ابو عمرو البصري نا محمد بن ربيعة عن ابن جريج

تین دعائیں ہیں قبول ہونیوالی دعا مظلوم کی اور دعا مسافر کی اور دعا والد کی اپنے ولد کے لیے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر
نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابراہیم نے ہشام دستوائی سے اُسنے یحیی بن ابی کثیر سے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے اور
زیادہ کیا اُسنے اسمیں قبول ہونیوالی ہیں انمیں شک نہیں ہے یہ حدیث حسن ہے اور ابو جعفر یہ وہ ہے جس سے یحیی بن ابی کثیر نے روایت
کی ہے اسکو ابو جعفر موذن کہا جاتا ہے اور ہم اسکا نام نہیں جانتے **باب** اس بیان میں کہ کیا کہے جب کسی چہار پائے پر سوار ہو
حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے ابی اسحاق سے اُسنے علی بن ربیعہ سے کہا اُسنے میں حضرت
علی کے پاس حاضر ہوا اس حالت میں کہ اُنکے پاس چہار پایہ سواری کے لیے لایا گیا پس جب انھوں نے پانوں اپنا رکاب میں
رکھا تو کہا بسم اللہ اور جب اسکی پیٹھ پر برابر ہو کر بیٹھ گئے تو کہا الحمد للہ پھر فرمایا پاک ہے تو میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا ہے سو مجھے
بخشدے کیونکہ سوائے تیرے کوئی گناہ کو نہیں بخشتا پھر حضرت علی ہنس پڑے میں نے کہا آپ یا امیر المؤمنین کس چیز سے ہنسے
ہیں کہا حضرت علی نے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اسطرح کرتے دیکھا پھر آنحضرت ہنس پڑے میں نے کہا آپ یا رسول اللہ
کس چیز سے ہنسے ہیں فرمایا آپ نے رب تیرا تعجب کرتا ہے اپنے بندے سے جبکہ وہ کہتا ہے اے رب میرے گناہ بخشدے کیونکہ سوائے
تیرے کوئی گناہوں کو نہیں بخشتا۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر سے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے
کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن مبارک نے کہا خبر دی ہمکو حماد بن سلمہ نے ابی الزبیر سے اُسنے علی بن عبد اللہ بارقی سے اُسنے ابن عمر سے
یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب سفر کرتے اور اپنی اونٹنی پر سوار ہوتے تو تین بار تکبیر کہتے اور کہتے سبحان الذی سے منقلبون تک یعنے
پاک ہے وہ جسنے اسکو ہمارا فرمانبردار کیا ہے اور ہم اسکو قابو میں نہیں کر سکتے تھے اور ہم طرف اپنے رب کے پھر جانیوالے ہیں پھر کہتے
اے اللہ میں تجھسے اس سفر میں نیکی اور تقوے کا سوال کرتا ہوں اور اس عمل کا جس سے تو راضی ہو اے اللہ ہمپر سفر آسان کر اور ہمسے
مسافت زمین کی لپیٹ۔ اے اللہ تو ہی ہے حافظ سفر میں اور خلیفہ اہل میں اے اللہ تو ہی ہمارا ساتھی ہو سفر میں اور خلیفہ اہل میں اور جب
اہل کی طرف رجوع کرتے تو کہتے تھے آئبون آخر تک یعنے ہم پھرنیوالے ہیں سفر سے انشاء اللہ تعالی توبہ کرنیوالے ہیں عبادت
کرنیوالے ہیں واسطے رب اپنے کے حمد کرنیوالے ہیں یہ حدیث حسن ہے **باب** اس بیان میں کہ جب آندھی چلے تو کیا کہے **حدیث**
کی ہمسے عبد الرحمن بن اسود بیٹے ابو عمرو بصری نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن ربیعہ نے ابن جریج سے

وانا عن يمينه وخالد عن شماله فقال لى الشربة لك فان شئت اثرت بها خالدا فقلت ما كنت اوثر على سورك احدا ثم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اطعمه الله طعاما فليقل اللهم بارك لنا فيه واطعمنا خيرا منه ومن سقاه الله لبنا فليقل اللهم بارك لنا فيه وزدنا منه وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس شیء يجزئ مكان الطعام والشراب غير اللبن هذا حديث حسن وقد روى بعضهم هذا الحديث عن على بن زيد فقال عن عمر بن حرملة وقال بعضهم عمرو بن حرملة ولا يصح **باب** ما يقول اذا فرغ من الطعام **حدثنا** محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد نا ثور بن يزيد نا خالد بن معدان عن ابى امامة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا رفعت المائدة من بين يديه يقول الحمد لله حمدا كثيرا طيبا مباركا فيه غير مودع ولا مستغنى عنه ربنا هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** ابو سعيد الاشج نا حفص بن غياث وابو خالد الاحمر عن حجاج بن ارطاة عن رياح بن عبيدة قال حفص عن ابن اخى ابى سعيد وقال ابو خالد عن مولى لابى سعيد عن ابى سعيد قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اكل او شرب قال الحمد لله الذى اطعمنا وسقانا وجعلنا مسلمين **حدثنا** محمد بن اسمعيل نا عبد الله بن يزيد المقرئ نا سعيد بن ابى ايوب قال ثنى ابو مرحوم عن سهل بن معاذ بن انس عن ابيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اكل طعاما فقال الحمد لله الذى اطعمنى هذا ورزقنيه من غير حول منى ولا قوة غفر له ما تقدم من ذنبه هذا حديث حسن غريب وابو مرحوم اسمه عبد الرحيم بن ميمون **باب** ما يقول اذا سمع نهيق الحمار **حدثنا** قتيبة بن سعيد نا الليث عن جعفر بن ربيعة عن الاعرج عن ابى هريرة ان النبى صلى الله عليه وسلم قال اذا سمعتم صياح الديكة فاسألوا الله من فضله فانها رأت ملكا واذا سمعتم نهيق الحمار فتعوذوا بالله

اس حالت میں کہ میں آپکی داہنی جانب تھا اور خالد آپکی بائیں طرف سو فرمایا آپ نے پینے کا حق تو تیرا ہی اگر تیری مرضی ہو تو خالد کو اسکے ساتھ اختیار کریں میں نے کہا میں کبھی کسی کو آپ کے جھوٹے پر اختیار نہیں کرونگا۔ پھر فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس کسی کو اللہ تعالیٰ کھانا کھلائے تو چاہیئے کہ یہ کہے اللھم بارک لنا الخ یعنے اے اللہ برکت دے ہمکو اسمیں اور اس سے بہتر کھانا کھلا۔ اور جسکو اللہ تعالیٰ دودھ پلائے تو چاہیئے کہ وہ یہ کہے اللھم الخ یعنے اے اللہ برکت دے ہمکو اسمیں اور ہمکو اس سے زیادہ دے۔ اور فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سوائے دودھ کے اور کوئی چیز کھانے اور پینے کی جگہ کافی نہیں ہو سکتی۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور روایت کیا ہے بعض نے اس حدیث کو علی بن زید سے سو کہا اُسنے یہ راوی ہے عمر بن حرملہ سے اور کہا بعض نے وہ راوی ہے عمرو بن حرملہ سے ساتھ واو کے اور یہ صحیح نہیں۔ **باب** کیا کہے جب کھانے سے فارغ ہو **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے ثور بن یزید نے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن معدان نے ابی امامہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ حال تھا کہ جب دستر خوان آپ کے آگے سے اٹھایا جاتا تو کہتے الحمد للہ الخ یعنے سب حمد واسطے اللہ کے حمد بہت پاکیزہ کہ اسمیں برکت ہو نہ ہم اسکو رخصت کرتے ہیں اور نہ اس سے مستغنی ہیں[1] اے رب ہمارے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابو سعید اشج نے کہا حدیث کی ہمسے حفص بن غیاث اور ابو خالد احمر نے حجاج بن ارطاۃ سے اُسنے ریاح بن عبیدہ سے کہا حفص نے مروی ہے ابی سعید کے بھتیجے سے اور کہا ابو خالد نے مروی ہے ابی سعید کے غلام سے اُسنے روایت کی ابی سعید سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب کھاتے یا پیتے تھے تو کہتے الحمد للہ الخ یعنے سب حمد واسطے اللہ کے جسنے ہمکو کھلایا اور پلایا ہے اور ہمکو مسلمان بنایا ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمعیل نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن یزید مقری نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن ابی ایوب نے کہا حدیث کی مجھسے ابو مرحوم نے سہل بن معاذ بن انس سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کھانا کھائے اور کہے الحمد للہ الذی اطعمنی الخ یعنے سب حمد واسطے اللہ کے جسنے مجھے یہ کھانا دیا اور کھلایا بغیر میرے حیلے اور قوت کے تو اُسکے پچھلے گناہ بخشے جاتے ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور ابو مرحوم کا نام عبد الرحیم بن میمون ہے **باب** اس بیان میں کہ کیا کہے جب گدھے کی آواز سنے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے جعفر بن ربیعہ سے اُسنے اعرج سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جب تم مرغ کی آواز سنو تو اللہ سے اسکا فضل مانگو کہ اُسنے فرشتے کو دیکھا ہے اور جب تم گدھے کی آواز سنو تو خدا کی پناہ مانگو

[1] یعنے نہ تو ہم اس سے اعراض کرتے ہیں اور نہ اس سے مستغنی ہیں کہ اب اسکی حاجت نہیں رہی بلکہ حاجت اسکی ہر وقت انسان کو لگی رہتی ہے۔

وابو لیلی اسمه یسار و روی عن عبد الرحمن بن ابی لیلی قال ادرکت عشرین ومائة من الانصار من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم **باب** مایقول اذا رأی رؤیا یکرهها **حدثنا** قتیبة بن سعید نا بکر بن مضر عن ابن الهاد عن عبد الله بن خباب عن ابی سعید الخدری انه سمع النبی صلی الله علیه وسلم یقول اذا رأی احدکم الرؤیا یحبها فانما هی من الله فلیحمد الله علیها ولیحدث بما رأی واذا رأی غیر ذلک مما یکرهه فانما هی من الشیطان فلیستعذ بالله من شرها ولا یذکرها لاحد فانها لا تضره وفی الباب عن ابی قتادة هذا حدیث حسن غریب صحیح من هذا الوجه وابن الهاد اسمه یزید بن عبد الله بن اسامة بن الهاد المدینی وهو ثقة عند اهل الحدیث روی عنه مالک والناس **باب** مایقول اذا رأی الباکورة من الثمر **حدثنا** الانصاری نا معن نا مالک ونا قتیبة عن مالک عن سهیل بن ابی صالح عن ابیه عن ابی هریرة قال کان الناس اذا رأوا اول الثمر جاؤا به الی رسول الله صلی الله علیه وسلم فاذا اخذه رسول الله صلی الله علیه وسلم قال اللهم بارک لنا فی ثمارنا وبارک لنا فی مدینتنا وبارک لنا فی صاعنا ومدنا اللهم ان ابراهیم عبدک وخلیلک ونبیک وانی عبدک ونبیک وانه دعاک لمکة وانا ادعوک للمدینة بمثل ما دعاک به لمکة ومثله معه قال ثم یدعو اصغر ولید یراه فیعطیه ذلک الثمر هذا حدیث حسن صحیح **باب** مایقول اذا اکل طعاما **حدثنا** احمد بن منیع نا اسمعیل بن ابراهیم نا علی بن زید عن عمر وهو ابن ابی حرملة عن ابن عباس قال دخلت مع رسول الله صلی الله علیه وسلم انا وخالد بن الولید علی میمونة فجاءتنا باناء من لبن فشرب رسول الله صلی الله علیه وسلم

اور ابو لیلی کا نام یسار ہے۔ اور مروی ہے عبد الرحمن بن ابی لیلی سے کہ کہا اُسنے مین نے ایک سو بیس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ انصار یوں سے ملاقات کی ہے **باب** کیا کہے جب کوئی بُرے خواب دیکھے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے بکر بن مضر نے ابن الہاد سے اُسنے عبد اللہ بن خباب سے اُسنے ابی سعید خدری سے یہ کہ اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ فرماتے جب تم مین سے کوئی خواب دیکھے جو اسکو اچھا معلوم ہو تو وہ اللہ تعالیٰ سے ہے پس چاہیئے کہ اسپر اللہ تعالیٰ کی حمد کرے اور جو اُسنے دیکھا ہے اسکو بیان کرے اور جب غیر اسکے دیکھے جو اسکو بُرا معلوم ہو تو وہ شیطان[1] سے ہے پس چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اسکی برائی سے پناہ مانگے اور اسکو کسی کے آگے ذکر نہ کرے تو وہ اسکو ضرر نہین دیتا۔ اور اس باب مین روایت ہے ابی قتادہ سے یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے اس طریق سے ۔ اور ابن الہاد کا نام یزید بن عبد اللہ بن اسامہ بن الہاد مدینی ہے اور یہ اہل حدیث کے نزدیک ثقہ ہے اس سے امام مالک اور اور لوگون نے روایت کی ہے **باب** اس بیان مین کہ کیا کہے جب نئے میوے کو دیکھے **حدیث** کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے۔ اور حدیث کی ہمسے قتیبہ نے مالک سے اُسنے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے لوگ جب پہلا پھل دیکھتے تو اسکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لاتے پس جب اسکو آنحضرت پکڑتے تو کہتے اللّٰہم بارک لنا الخ یعنے ای اللہ برکت دے ہمارے پھل مین اور برکت دے ہمارے مدینے مین۔ اور برکت دے ہمارے صاع[2] اور مد مین ای اللہ بیشک ابراہیم علیہ السلام تیرا بندہ اور تیرا دوست اور تیرا پیغمبر ہے اور مین تیرا بندہ اور نبی ہون اور اُسنے تجھسے مکے کے واسطے دعا کی تھی۔ اور مین تجھسے مدینے کے واسطے دعا کرتا ہون مثل اسکے جو ابراہیم نے مکے کے واسطے دعا کی تھی اور اسکے برابر ساتھ اسکے اور بھی۔ یعنے مکے سے دونی برکت مدینے مین چاہتا ہون۔ کہا راوی نے پھر آنحضرت جس کسی چھوٹے لڑکے کو دیکھتے تو اسکو بلا کر وہ پھل دیدیتے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** کیا کہے جب کھانا کھائے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابراہیم نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن زید نے عمر سے جو ابی حرملہ کا بیٹا ہے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے مین اور خالد بن ولید رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میمونہ پر داخل ہوے سو وہ ہمارے پاس دودھ کا ایک برتن لائی پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے پیا ۔

---

[1] یعنے خواب مکروہ اور غمگین شیطان کی طرف سے ہے اس حدیث کے موافق عمل کرنا اسکے وسوسہ کو دور کرتا ہے یعنے اگر خواب برا دیکھے اور دل مین اسکا کھٹکا پیدا ہو تو اسکے دفع کی یہ تدبیر ہے جو بخاری مین ہے کہ نماز پڑھے اور خدا سے خیر مانگے اسواسطے کہ کوئی بات بدون مرضی خدا کے نہین ہوتی اور مکروہ خواب کا کہنا اسواسطے منع فرمایا کہ نادان لوگ اسکی بنسبت خدا جانے کیا وسوسہ ڈالین بلکہ بعض اوقات عدم فہم کے باعث اسکی تعبیر برعکس دل مین جم جاتی ہے اور اس سے آدمی کو رنجش ہوتی ہے ۱۲ [2] صاع اور مد کی برکت سے مراد اناج کی برکت ہے حضرت ابراہیم نے مکے کے پھلونکی برکت کی دعا کی تھی اسواسطے کہ وہان

وفی الباب عن ابی ایوب هذا حدیث حسن غریب من هذا الوجه من حدیث ابن مسعود **حدثنا** محمد بن بشار نا
یحیی بن سعید نا موسی الجهنی قال ثنی مصعب بن سعد عن ابیه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لجلسائه ایعجز احدکم
ان یکسب الف حسنة فسأله سائل من جلسائه کیف یکسب احدنا الف حسنة قال یسبح احدکم مائة تسبیحة تکتب له
الف حسنة وتحط عنه الف سیئة هذا حدیث حسن صحیح **باب حدثنا** احمد بن منیع وغیر واحد قالوا نا روح بن
عبادة عن حجاج الصواف عن ابی الزبیر عن جابر عن النبی صلی الله علیه وسلم قال من قال سبحان الله العظیم وبحمده غرست له
نخلة فی الجنة هذا حدیث حسن غریب صحیح لا نعرفه الا من حدیث ابی الزبیر عن جابر **حدثنا** محمد بن رافع نا مؤمل عن
حماد بن سلمة عن ابی الزبیر عن جابر عن النبی صلی الله علیه وسلم قال من قال سبحان الله العظیم وبحمده غرست له نخلة فی الجنة
هذا حدیث حسن غریب **حدثنا** نصر بن عبد الرحمن الکوفی نا المحاربی عن مالک بن انس عن سمی عن ابی صالح عن ابی هریرة
ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال من قال سبحان الله وبحمده مائة مرة غفرت له ذنوبه وان کانت مثل زبد البحر هذا حدیث
حسن صحیح **حدثنا** یوسف بن عیسی نا محمد بن فضیل عن عمارة بن القعقاع عن ابی زرعة عن ابی هریرة قال قال رسول الله
صلی الله علیه وسلم کلمتان خفیفتان علی اللسان ثقیلتان فی المیزان حبیبتان الی الرحمن سبحان الله العظیم سبحان الله وبحمده
هذا حدیث حسن صحیح غریب **حدثنا** اسحق بن موسی الانصاری نا معن نا مالک عن سمی عن ابی صالح عن ابی هریرة ان
رسول الله صلی الله علیه وسلم قال من قال لا اله الا الله وحده لا شریک له له الملک وله الحمد یحیی ویمیت وهو علی کل شیء قدیر فی یوم
مائة مرة کان له عدل عشر رقاب وکتبت له مائة حسنة ومحیت عنه مائة سیئة وکان له حرزا من الشیطان یومه ذلک
حتی یمسی ولم یأت احد بافضل مما جاء به الا احد عمل اکثر من ذلک وبهذا الاسناد عن النبی صلی الله علیه وسلم

اور اس باب میں روایت ہے ابی ایوب سے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس وجہ سے یعنی طریق ابن مسعود سے **حدیث** کی ہم سے محمد بن بشار
نے کہا حدیث کی ہم سے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہم سے موسی جہنی نے کہا حدیث کی مجھ سے مصعب بن سعد نے اپنے باپ سے یہ کہ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہم جلیسوں سے فرمایا کیا کوئی تم میں سے عاجز ہے اس سے کہ ہزار نیکی حاصل کرے تو ایک نے ہم جلیسوں سے آپ سے
سوال کیا کسطرح کوئی ہزار نیکی حاصل کر سکتا ہے فرمایا آپ نے ایک سو تسبیح کوئی کہے تو اسکے لیے ہزار نیکی لکھی جاتی ہے اور ہزار برائی اس سے
دور کیجاتی ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب حدیث** کی ہم سے احمد بن منیع اور کئی ایک نے کہا انھوں نے حدیث کی ہم سے روح بن عبادہ
نے حجاج صواف سے اُسنے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جو کوئی کہے سبحان اللہ العظیم وبحمدہ تو
اسکے لیے جنت میں ایک درخت لگایا جاتا ہے یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق ابی الزبیر سے جو راوی ہے جابر سے
حدیث کی ہم سے محمد بن رافع نے کہا حدیث کی ہم سے مؤمل نے حماد بن سلمہ سے اُسنے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم
سے کہ فرمایا آپ نے جسنے کہا سبحان اللہ العظیم وبحمدہ تو اسکے لیے جنت میں ایک درخت لگایا جاتا ہے یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی
ہم سے نصر بن عبد الرحمن کوفی نے کہا حدیث کی ہم سے محاربی نے مالک بن انس سے اُسنے سمی سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے کہا سبحان اللہ وبحمدہ سو بار تو اسکے گناہ بخشے جاتے ہیں اگرچہ دریا کی جھاگ کے برابر ہوں یہ حدیث حسن
صحیح ہے **حدیث** کی ہم سے یوسف بن عیسی نے کہا حدیث کی ہم سے محمد بن فضیل نے عمارہ بن قعقاع سے اُسنے ابی زرعہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے
فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دو کلمے ہیں ہلکے ہیں زبان پر بوجھل ہیں میزان میں پسند ہیں اللہ کو سبحان اللہ العظیم اور سبحان اللہ وبحمدہ
یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہم سے اسحاق بن موسی انصاری نے کہا حدیث کی ہم سے معن نے کہا حدیث کی ہم سے مالک نے
سمی سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے کہا لا الہ الا اللہ الخ یعنے نہیں کوئی معبود سوائے
اللہ کے جو اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں اسی کا ملک ہے اور اسی کے لیے حمد ہے زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ایک دن میں سو بار
تو اسکے لیے دس غلاموں کے آزاد کرنیکے برابر ثواب ملتا ہے اور سو نیکی اسکے لیے لکھی جاتی ہے اور سو برائی اس سے دور کیجاتی ہے اور اس دن
اسکے لیے شیطان سے شام تک پناہ رہیگی اور اس سے بہتر کوئی نہیں مگر جسنے کہ اس سے زیادہ پڑھا اور اسی اسناد سے ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے

من الشيطان فانه رأى شيطانا هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء في فضل التسبيح والتكبير والتهليل والتحميد **حدثنا** عبد الله بن ابي زياد نا عبد الله بن بكر السهمي عن حاتم بن ابي صغيرة عن ابي بلج عن عمرو بن ميمون عن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما على الارض احد يقول لا اله الا الله والله اكبر ولا حول ولا قوة الا بالله الا كفرت عنه خطاياه ولو كانت مثل زبد البحر هذا حديث حسن غريب وروى شعبة هذا الحديث عن ابي بلج بهذا الاسناد نحوه ولم يرفعه وابو بلج اسمه يحيى بن ابي سليم ويقال ابن سليم ايضا **حدثنا** محمد بن بشار نا ابن ابي عدي عن حاتم بن ابي صغيرة عن ابي بلج عن عمرو بن ميمون عن عبد الله بن عمرو عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر عن شعبة عن ابي بلج نحوه ولم يرفعه **حدثنا** محمد بن بشار نا مرحوم بن عبد العزيز العطار نا ابو نعامة السعدي عن ابي عثمان النهدي عن ابي موسى الاشعري قال كنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم في غزاة فلما قفلنا اشرفنا على المدينة فكبر الناس تكبيرة ورفعوا بها اصواتهم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان ربكم ليس باصم ولا غائب هو بينكم وبين رؤس رحالكم ثم قال يا عبد الله بن قيس الا اعلمك كنزا من كنوز الجنة لا حول ولا قوة الا بالله هذا حديث حسن صحيح وابو عثمان النهدي اسمه عبد الرحمن بن مل وابو نعامة اسمه عمرو بن عيسى ومعنى قوله هو بينكم وبين رؤس رحالكم انما يعني علمه وقدرته **باب حدثنا** عبد الله بن ابي زياد نا سيار نا عبد الواحد بن زياد عن عبد الرحمن بن اسحق عن القاسم بن عبد الرحمن عن ابيه عن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لقيت ابراهيم ليلة اسري بي فقال يا محمد اقرأ امتك مني السلام واخبرهم ان الجنة طيبة التربة عذبة الماء وانها قيعان وان غراسها سبحان الله والحمد لله ولا اله الا الله والله اكبر

شیطان سے اسواسطے کہ اُسنے شیطان کو دیکھا ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** تسبیح اور تکبیر اور تہلیل اور تحمید کی فضیلت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عبداللہ بن ابی زیاد نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن بکر سہمی نے حاتم بن ابی صغیرہ سے اُسنے ابی بلج سے اُسنے عمرو بن میمون سے اُسنے عبداللہ بن عمرو سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی آدمی زمین پر جو کہے لا الٰہ الا اللہ الخ یعنے نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور اللہ بڑا ہے اور نہیں حرکت اور نہیں قوت مگر ساتھ اللہ کے۔ مگر کہ اس سے گناہ اسکے دور ہوجاتے ہیں اگرچہ دریا کی جھاگ کے برابر ہوں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور روایت کیا شعبہ نے اس حدیث کو ابی بلج سے ساتھ اس اسناد مثل اسکے اور اسکو مرفوع نہیں کیا۔ اور ابو بلج کا نام یحیی بن ابی سلیم ہے اور اسکو ابن سلیم بھی کہا جاتا ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی نے حاتم بن ابی صغیرہ سے اُسنے ابی بلج سے اُسنے عمرو بن میمون سے اُسنے عبداللہ بن عمرو سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے ابی بلج سے مثل اسکے اور اسکو مرفوع نہیں کیا **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے مرحوم بن عبدالعزیز عطار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو نعامہ سعدی نے ابی عثمان نہدی سے اُسنے ابی موسی اشعری سے کہا اُسنے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک جنگ میں تھے سو جب ہم واپس آئے مدینہ کی بلندی پر چڑھے اور لوگوں نے تکبیر کہی اور اسکے ساتھ اپنی آوازوں کو بلند کیا پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تمہارا رب نہ بہرا ہے اور نہ غائب ہے وہ درمیان تمہارے ہے اور درمیان سروں سواریوں تمہاری کے پھر فرمایا آپ نے اے عبداللہ بن قیس کیا میں تجھکو ایک خزانہ جنت کے خزانوں سے نہ بتلاؤں (وہ یہ ہے) لاحول ولا قوۃ الا باللہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو عثمان نہدی کا نام عبدالرحمن بن مل ہے اور ابی نعامہ کا نام عمرو بن عیسی ہے اور معنی قول اسکے وہ درمیان تمہارے ہے اور درمیان سروں سواریوں تمہاری کے یہ ہیں یعنے علم[1] اسکا اور قدرت اسکی **باب حدیث** کی ہمسے عبداللہ بن ابی زیاد نے کہا حدیث کی ہمسے سیار نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالواحد بن زیاد نے عبدالرحمن بن اسحاق سے اُسنے قاسم بن عبدالرحمن سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابن مسعود سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میں معراج کی رات میں ابراہیم علیہ السلام سے ملا سو کہا انہوں نے اے محمد اپنی امت کو میرا سلام کہو اور انکو خبر دے کہ جنت کی مٹی طیب ہے اور پانی اسکا میٹھا ہے اور وہ صاف میدان ہے اور درخت اسکے سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر ہیں

---

[1] غرض اس سے یہ ہے کہ اللہ تعالی بذاتہ تم میں موجود نہیں بلکہ اپنے علم اور قدرت سے تم میں ہے [illegible] یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ عمل کرینگے جنت اسکے مناسب تیار کیا جاتا ہے

جواب اسکا یہ ہے کہ دخول بہشت کا تو بیشک رحمت الٰہی پر مدار ہے اعمال کو اسمیں کچھ دخل نہیں مگر درجات بہشت کے موقوف اعمال کے ہیں [illegible] اللہ تعالی نے پہلے جنت کو صاف میدان

عشر مرات كتب الله له اربعين الف الف حسنة هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه والخليل بن مرة ليس بالقوى عند اصحاب الحديث قال محمد بن اسمعيل هو منكر الحديث **حدثنا** اسحق بن منصور انا على بن معبد نا عبيد الله بن عمرو الرقى عن زيد بن ابى انيسة عن شهر بن حوشب عن عبد الرحمن بن غنم عن ابى ذر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من قال فى دبر صلوة الفجر وهو ثان رجليه قبل ان يتكلم لا اله الا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد يحيى ويميت وهو على كل شيء قدير عشر مرات كتبت له عشر حسنات ومحى عنه عشر سيئات ورفع له عشر درجات وكان يومه ذلك كله فى حرز من كل مكروه وحرس من الشيطان ولم ينبغ لذنب ان يدركه فى ذلك اليوم الا الشرك بالله هذا حديث حسن صحيح غريب **باب** ماجاء فى جامع الدعوات عن رسول الله صلى الله عليه وسلم **حدثنا** جعفر بن محمد بن عمران الثعلبى الكوفى نا زيد بن حباب عن مالك بن مغول عن عبد الله بن بريدة الاسلمى عن ابيه قال سمع النبى صلى الله عليه وسلم رجلا يدعو وهو يقول اللهم انى اسألك بانى اشهد انك انت الله لا اله الا انت الاحد الصمد الذى لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفوا احد قال فقال والذى نفسى بيده لقد سال الله باسمه الاعظم الذى اذا دعى به اجاب واذا سئل به اعطى قال زيد فذكرته لزهير بن معوية بعد ذلك بسنين فقال حدثنى ابو اسحق عن مالك بن مغول قال زيد ثم ذكرته لسفيان فحدثنى عن مالك هذا حديث حسن غريب وروى شريك هذا الحديث عن ابى اسحق عن ابن بريدة عن ابيه وانما اخذه ابو اسحق عن مالك بن مغول **حدثنا** على بن خشرم نا عيسى بن يونس عن عبيد الله بن ابى زياد القداح عن شهر بن حوشب عن اسماء بنت يزيد ان النبى صلى الله عليه وسلم قال اسم الله الاعظم فى هاتين الايتين والهكم اله واحد لا اله الا هو الرحمن الرحيم وفاتحة ال عمران الم الله لا اله الا هو الحى القيوم هذا حديث حسن صحيح

باب حدثنا قتيبة نا رشدين بن سعد عن ابى هانى الخولانى

دس بار تو اللہ تعالی اسکے لیے چالیس لاکھ نیکی لکھتا ہے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے اور خلیل بن مرہ محدثین کے نزدیک قوی نہیں ہے کہا محمد بن اسمعیل نے یہ منکر الحدیث ہے **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن منصور نے کہا خبر دی ہمکو علی بن معبد نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن عمرو رقی نے زید بن ابی انیسہ سے اُسنے شہر بن حوشب سے اُسنے عبد الرحمن بن غنم سے اُسنے ابی ذر سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے بعد صبح کی نماز کے کلام کرنے سے پہلے اس حالت میں کہ ابھی اُسنے پانوں نہ بدلے ہوئے ہیں یہ کہا لا الہ الا اللہ الخ یعنے نہیں کوئی لائق عبادت کے سوائے اللہ کے جو اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں اسی کا ملک ہے اسی کے واسطے حمد ہے زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے دس بار تو اسکے لیے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور دس برائیاں اس سے دور کیجاتی ہیں اور اسکے دس درجے بلند کیے جاتے ہیں اور اسکو تمام دن تمام تکلیف سے پناہ اور شیطان سے حراست رہتی ہے اور اس دن میں سوائے شرک کے کوئی گناہ اسکو نہیں پہونچتا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **باب** جامع الدعوات میں جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں **حدیث** کی ہمسے جعفر بن محمد بن عمران ثعلبی کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے مالک بن مغول سے اُسنے عبد اللہ بن بریدہ اسلمی سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد سے سنا کہ دعا کرتا تھا اور وہ کہتا تھا اللہم انی الخ یعنے اے اللہ میں تجھسے سوال کرتا ہوں ساتھ اسکے کہ تو ہی اللہ ہے نہیں کوئی معبود سوائے تیرے جو اکیلا ہے بے احتیاج جو کہ نہیں جنا اور نہ کسی سے جنا گیا اور نہ اسکا کوئی قبیلہ ہے کہا راوی نے پس فرمایا آنحضرت نے قسم ہے اس ذات کی کہ میری جان اسکے ہاتھ میں ہے البتہ اسنے اللہ سے ساتھ ایسے اسم اعظم کے سوال کیا ہے کہ جب اسکے ساتھ دعا کی جائے تو قبول کر لیتا ہے اور جب اسکے ساتھ سوال کیا جائے تو دیتا ہے کہا زید نے پھر میں نے بعد دو سال کے یہ حدیث زہیر بن معاویہ سے ذکر کی پس کہا اُسنے حدیث کی مجھے ابو اسحاق نے مالک بن مغول سے کہا زید نے پھر میں نے اسکو سفیان سے ذکر کیا پس اُسنے مجھے حدیث کی مالک سے یہ حدیث حسن غریب ہے اور روایت کیا ہے شریک نے اس حدیث کو ابی اسحاق سے اُسنے ابن بریدہ سے اُسنے اپنے باپ سے اور ابو اسحاق نے تو اسکو مالک بن مغول سے لیا ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن خشرم نے کہا حدیث کی ہمسے عیسی بن یونس نے عبید اللہ بن ابی زیاد قداح سے اُسنے شہر بن حوشب سے اُسنے اسماء بنت یزید سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی کا اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے والہکم الہ واحد لا الہ الا ہو الرحمن الرحیم اور سورہ آل عمران کی ابتدا میں الم اللہ لا الہ الا ہو الحی القیوم یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے رشدین بن سعد نے ابی ہانی خولانی سے

من قال سبحان الله وبحمده مائة مرة حطت خطاياه وان كانت اكثر من زبد البحر هذا حديث حسن صحيح **باب حدثنا** محمد بن عبد الملك بن ابي الشوارب نا عبد العزيز بن المختار عن سهيل بن ابي صالح عن سمى عن ابي صالح عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من قال حين يصبح وحين يمسي سبحان الله وبحمده مائة مرة لم يأت احد يوم القيمة بافضل مما جاء به الا احد قال مثل ما قال او زاد عليه هذا حديث حسن صحيح غريب **حدثنا** اسمعيل بن موسى نا داؤد بن الزبرقان عن مطر الوراق عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات يوم لاصحابه قولوا سبحان الله وبحمده مائة مرة من قال مرة كتبت له عشرا ومن قالها عشرا كتبت له مائة ومن قالها مائة كتبت له الفا ومن زاد زاده الله ومن استغفر الله غفر له هذا حديث حسن غريب **باب حدثنا** محمد بن وزير الواسطي نا ابو سفيان الحميري عن الضحاك بن حمزة عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من سبح الله مائة بالغداة ومائة بالعشي كان كمن حج مائة حجة ومن حمد الله مائة بالغداة ومائة بالعشي كان كمن حمل على مائة فرس في سبيل الله او قال غزا مائة غزوة ومن هلل الله مائة بالغداة ومائة بالعشي كان كمن اعتق مائة رقبة من ولد اسمعيل ومن كبر الله مائة بالغداة ومائة بالعشي لم يأت في ذلك اليوم احد باكثر مما اتى به الا من قال مثل ما قال او زاد على ما قال هذا حديث حسن غريب **حدثنا** الحسين بن الاسود العجلي البغدادي نا يحيى بن ادم عن الحسن بن صالح عن ابي بشر عن الزهري قال تسبيحة في رمضان افضل من الف تسبيحة في غيره **باب حدثنا** قتيبة بن سعيد نا الليث عن الخليل بن مرة عن ازهر بن عبد الله عن تميم الداري عن رسول الله صلى الله عليه وسلم انه قال من قال اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له الها واحدا احدا صمدا لم يتخذ صاحبة ولا ولدا ولم يكن له كفوا احد

کہ جسنے کہا سبحان اللہ وبحمدہ سو بار اسکے گناہ دور کیے جاوینگے اگرچہ سمندر کے پھینن برابر ہوں یعنے اگرچہ بہت ہوں معاف ہونگے **باب حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد الملک بن ابی الشوارب نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن مختار نے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے سمی سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے جسنے صبح اور شام کو کہا سبحان اللہ وبحمدہ سو بار تو اس سے بہتر قیامت کے دن کوئی نہیں ہوگا مگر وہ کہ جسنے کہ اسکے برابر پڑھا یا اسپر زیادتی کی یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے اسمٰعیل بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے داؤد بن زبرقان نے مطر الوراق سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک دن اپنے صحابہ سے فرمایا کہ سبحان اللہ وبحمدہ سو بار کہا کرو جسنے ایک بار کہا تو اسکے لیے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور جسنے دس بار کہا تو اسکے لیے سو نیکی لکھی جاتی ہے اور جسنے سو بار کہا تو اسکے لیے ہزار نیکی لکھی جاتی ہے اور جو کوئی زیادہ کرے اللہ بھی اسکو زیادہ کرتا ہے اور جو کوئی اللہ سے بخشش مانگے اللہ اسکو بخشتا ہے یہ حدیث حسن غریب ہے **باب حدیث** کی ہمسے محمد بن وزیر واسطی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو سفیان حمیری نے ضحاک بن حمزہ سے اُسنے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی صبح کو سو بار اللہ کی تسبیح کہے اور سو بار شام کو گویا وہ اس شخص کے مثل ہوا جسنے سو حج[1] کیے ہیں اور جسنے صبح کو سو بار اللہ کی حمد کی اور سو بار شام کو گویا وہ اس شخص کے مثل ہے کہ جسنے سو آدمی سو گھوڑے پر اللہ تعالی کی راہ میں بھیجے ہیں یا فرمایا آپ نے وہ اسکے مثل ہوا کہ جسنے سو جنگ کیے ہیں (شک راوی) اور جسنے صبح کو سو بار اللہ کی تہلیل کہی اور سو بار شام کو گویا وہ اس شخص کے مثل ہے کہ جسنے سو غلام حضرت اسمٰعیل کی اولاد سے آزاد کیے ہیں اور جسنے صبح کو سو بار اللہ کی تکبیر کہی اور سو بار شام کو تو کوئی شخص اس دن میں اکثر اس سے نہیں لایا مگر جسنے کہ اسکے برابر کہا یا اسکے پڑھنے سے زیادہ پڑھا یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے حسین بن اسود عجلی البغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن آدم نے حسن بن صالح سے اُسنے ابی بشر سے اُسنے زہری سے کہا اُسنے رمضان میں ایک تسبیح غیر رمضان کی ہزار تسبیح سے افضل ہے **باب حدیث** کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے خلیل بن مرہ سے اُسنے ازہر بن عبد اللہ سے اُسنے تمیم داری سے اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جسنے گواہی دی اس بات کی کہ سوائے اللہ کے کوئی لائق عبادت کے نہیں جو اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں جو معبود ایک ہے اکیلا بے نیاز نہ اسکی کوئی بیوی ہے اور نہ اولاد اور نہ کوئی اسکا قبیلہ ہے

[1] ان سب کی جو آنحضرت نے فضیلت بیان فرمائی ہے یہ قبیلہ الحاق ناقص سا تحد کامل کے ہے جیسے کہ آپ نے فرمایا ہے انا وکافل الیتیم کہاتین اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد بھی غلام ہو سکتی ہے

اللّٰهم رب السموات السبع ورب العرش العظيم ربنا ورب كل شيء منزل التوراة والانجيل والقرآن فالق الحب والنوى اعوذ بك
من شر كل شيء انت آخذ بناصيته انت الاول فليس قبلك شيء وانت الآخر فليس بعدك شيء وانت الظاهر فليس فوقك شيء
وانت الباطن فليس دونك شيء اقض عني الدين واغنني من الفقر هذا حديث حسن غريب وهكذا روى بعض اصحاب الاعمش
عن الاعمش نحو هذا ورواه بعضهم عن الاعمش عن ابي صالح مرسلا ولم يذكر فيه عن ابي هريرة **باب حدثنا** ابو كريب نا
يحيى بن آدم عن ابي بكر بن عياش عن الاعمش عن عمرو بن مرة عن عبد الله بن الحارث عن زهير بن اقمر عن عبد الله بن عمرو قال كان
رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اللّٰهم اني اعوذ بك من قلب لا يخشع ومن دعاء لا يسمع ومن نفس لا تشبع ومن علم لا ينفع اعوذ بك
من هؤلاء الاربع وفي الباب عن جابر وابي هريرة وابن مسعود هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه **باب حدثنا**
احمد بن منيع نا ابو معوية عن شبيب بن شيبة عن الحسن البصري عن عمران بن حصين قال قال النبي صلى الله عليه وسلم لابي يا حصين
كم تعبد اليوم الها قال ابي سبعة ستة في الارض وواحدا في السماء قال فايهم تعد لرغبتك ورهبتك قال الذي في السماء قال يا حصين
اما انك لو اسلمت علمتك كلمتين تنفعانك قال فلما اسلم حصين قال يا رسول الله علمني الكلمتين اللتين وعدتني فقال قل اللّٰهم الهمني
رشدي واعذني من شر نفسي هذا حديث حسن غريب قد روى هذا الحديث عن عمران بن حصين من غير هذا الوجه **باب
حدثنا** محمد بن بشار نا ابو عامر نا ابو مصعب عن عمرو بن ابي عمرو مولى المطلب عن انس بن مالك قال كثيرا ما كنت اسمع النبي صلى الله
عليه وسلم يدعو بهؤلاء الكلمات اللّٰهم اني اعوذ بك من الهم والحزن والعجز والكسل والبخل وضلع الدين وقهر الرجال هذا حديث
حسن غريب من هذا الوجه من حديث عمرو بن ابي عمرو

اللّٰهم الخ یعنے اے اللہ رب آسمانوں سات کے اور رب عرش بزرگ کے اے رب ہمارے اور رب ہر چیز کے اتارنیوالے توریت اور انجیل اور
قرآن کے پھاڑنیوالے دانے اور گٹھلی کے پناہ مانگتا ہوں تجھسے ہر چیز کی شرارت سے کہ تو ہی پکڑنیوالا ساتھ پیشانی اسکی کے تو اول ہے
سو تجھسے پہلے کوئی چیز نہیں اور تو آخر ہے سو بعد تیرے کوئی چیز نہیں اور تو ظاہر ہے سو تیرے اوپر کوئی چیز نہیں اور تو باطن ہے سو سوائے تیرے
کوئی چیز نہیں میرا قرض ادا کر اور فقر سے غنی کر یہ حدیث حسن غریب ہے اور ایسا ہی اعمش کے بعض ساتھیوں نے اعمش سے مثل اسکے روایت
کی ہے اور روایت کیا اسکو بعض نے اعمش سے اسنے ابی صالح سے مرسل اور اسنے اسمیں ابی ہریرہ کا ذکر نہیں کیا **باب حدیث** کی ہمسے
ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن آدم نے ابی بکر بن عیاش سے اسنے اعمش سے اسنے عمرو بن مرہ سے اسنے عبد اللہ بن حارث سے اسنے
زہیر بن اقمر سے اسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہا اسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یہ کہتے تھے اللّٰهم انی الخ یعنے اے اللہ میں تجھسے ایسے دل سے پناہ
مانگتا ہوں جو نہیں ڈرتا اور اس دعا سے جو سنی نہ جائے اور اس نفس سے جو سیر نہ ہو اور اس علم سے جو نفع نہ دے ہیں ان چار دنسے تیرے ساتھ
پناہ چاہتا ہوں اور اس باب میں روایت ہے جابر اور ابی ہریرہ اور ابن مسعود سے یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے اس وجہ سے **باب حدیث**
کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے شبیب بن شیبہ سے اسنے حسن بصری سے اسنے عمران بن حصین سے کہا اسنے نبی
صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے باپ سے فرمایا اے حصین تو کتنے معبودوں کی ایک دن میں عبادت کرتا ہے کہا میرے باپ نے سات کی چھ تو
زمین میں ہیں اور ایک آسمان میں فرمایا آپ نے پس انمیں سے کسکو ترغیب اور ترہیب کے لیے شمار کرتا ہے کہا اسنے اسکو جو آسمان میں ہے فرمایا
آپ نے اے حصین خبردار اگر تو مسلمان ہوتا تو میں تجھے دو کلمے سکھلاتا جو تجھے نفع دیتے کہا راوی نے پس جب حصین مسلمان ہوا تو کہا اسنے یا رسول اللہ
مجھے وہ دو کلمے سکھلائیے جو آپ نے میرے ساتھ وعدہ کیے تھے فرمایا آپ نے کہ اللّٰهم الخ یعنے اے اللہ مجھے ہدایت سکھلا اور اپنے نفس کی برائی سے
پناہ دے یہ حدیث حسن غریب ہے اور غیر اس وجہ سے بھی یہ حدیث عمران بن حصین سے مروی ہے **باب حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے
کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر نے کہا حدیث کی ہمسے ابو مصعب نے عمرو بن ابی عمرو سے جو مطلب کا غلام ہے اسنے انس بن مالک سے میں بہت دفعہ نبی
صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا کرتا تھا کہ ان کلمات کے ساتھ دعا کرتے تھے اللّٰهم انی الخ یعنے اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں تشویش اور غم سے اور جان کی ماندگی
اور بدن کی کاہلی سے اور بخیلی سے اور قرض کے بوجھ سے اور مردوں کے غلبہ[1] سے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اس طریق سے یعنے طریق عمرو بن ابی عمرو سے

[1] مردوں کا غلبہ کہ باد شاہ ظالم ہو یا جاہلوں نے سابقہ پڑے یا کہ شہوت پرستی مردوں پر غالب ہو ۱۲

عن ابی علی الجنبی عن فضالة بن عبید قال بینا رسول الله صلی الله علیه وسلم قاعد اذ دخل رجل فصلی فقال اللهم اغفرلی وارحمنی فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم عجلت ایها المصلی اذا صلیت فقعدت فاحمد الله بما هو اهله وصل علی ثم ادعه قال ثم صلی رجل اٰخر بعد ذلک فحمد الله وصلی علی النبی صلی الله علیه وسلم فقال له النبی صلی الله علیه وسلم ایها المصلی ادع تجب هذا حدیث حسن وقد رواه حیوة بن شریح عن ابی هانئ الخولانی وابو هانئ اسمه حمید بن هانئ وابو علی الجنبی اسمه عمرو بن مالک **حدثنا** عبد الله بن معویة الجمحی نا صالح المری عن هشام بن حسان عن محمد بن سیرین عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ادعوا الله وانتم موقنون بالاجابة واعلموا ان الله لا یستجیب دعاء من قلب غافل لاه هذا حدیث غریب لا نعرفه الا من هذا الوجه **حدثنا** محمود بن غیلان نا المقری نا حیوة قال ثنی ابو هانئ ان عمرو بن مالک الجنبی اخبره انه سمع فضالة بن عبید یقول سمع النبی صلی الله علیه وسلم رجلا یدعو فی صلوته فلم یصل علی النبی صلی الله علیه وسلم فقال النبی صلی الله علیه وسلم عجل هذا ثم دعاه فقال له او لغیره اذا صلی احدکم فلیبدأ بتحمید الله والثناء علیه ثم یصل علی النبی صلی الله علیه وسلم ثم لیدع بعد ما شاء هذا حدیث حسن صحیح **باب حدثنا** ابو کریب نا معویة بن هشام عن حمزة الزیات عن حبیب بن ابی ثابت عن عروة عن عائشة قالت کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول اللهم عافنی فی جسدی وعافنی فی بصری واجعله الوارث منی لا اله الا الله الحلیم الکریم سبحان الله رب العرش العظیم والحمد لله رب العلمین هذا حدیث حسن غریب سمعت محمدا یقول حبیب بن ابی ثابت لم یسمع من عروة بن الزبیر شیئا **باب حدثنا** ابو کریب نا ابو اسامة عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی هریرة قال جاءت فاطمة الی النبی صلی الله علیه وسلم تسأله خادما فقال لها قولی

ترجمہ اُسنے ابی علی جنبی سے اُسنے فضالہ بن عبید سے کہا اُسنے اسوقت ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم درمیان ہمارے بیٹھے ہوئے کہ ایک مرد داخل ہوا اور اُسنے نماز پڑھی پس کہا اُسنے اللھم اغفرلی الخ یعنے ای اللہ بخش مجھے اور رحم کر مجھپر پس فرمایا رسول اللہ صلعم نے ای نمازی تو نے تو جلدی کی ہی جب تو نماز پڑھا کرے اور بیٹھے تو اللہ تعالی کی حمد کر جسکے وہ لائق ہی اور مجھپر درود بھیج پھر دعا کر کہا راوی نے پھر بعد اسکے ایک اور مرد نے نماز پڑھی اور اللہ کی حمد کی اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا پس فرمایا اسکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ای نمازی دعا کر تیری دعا قبول ہوگی یہ حدیث حسن ہی اور روایت کیا اسکو حیوہ بن شریح نے ابی ہانی خولانی سے اور ابو ہانی کا نام حمید بن ہانی ہی اور ابو علی جنبی کا نام عمرو بن مالک ہی **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن معاویہ جمحی نے کہا حدیث کی مجھے صالح مری نے ہشام بن حسان سے اُسنے محمد بن سیرین سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دعا کرو اللہ سے اس حالت ہیں کہ تم اسکے قبول ہونیکا یقین کرتے ہو اور جان لو یہ کہ اللہ تعالی دل غافل کھیلنے والے سے دعا قبول نہیں کرتا یہ حدیث حسن غریب ہی نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے مقری نے کہا حدیث کی ہمسے حیوہ نے کہا حدیث کی مجھے ابو ہانی نے یہ کہ عمرو بن مالک جنبی نے اسکو خبر دی ہی یہ کہ سنا اُسنے فضالہ بن عبید سے کہ کہتا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد سے سنا کہ اپنی نماز ہیں دعا کرتا تھا اور اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجا پس فرمایا آنحضرت نے اُسنے جلدی کی ہی پھر آنحضرت نے اسکو بلایا اور اسکو یا کسی اور کو کہا جب کوئی تم ہیں سے نماز پڑھے تو چاہیے کہ شروع کرے ساتھ حمد اللہ اور صفت اسکی کے پھر نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے پھر بعد اسکے جو چاہے دعا کرے یہ حدیث حسن صحیح ہی **باب حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے معاویہ بن ہشام نے حمزہ زیات سے اُسنے حبیب بن ابی ثابت سے اُسنے عروہ سے اُسنے حضرت عائشہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یہ کہتے تھے اللھم عافنی الخ یعنے ای اللہ مجھے میرے جسم ہیں آرام دے اور میری نظر ہیں آرام دے اور میرا وارث مجھی سے کر نہیں کوئی معبود سواے اللہ کے جو حلیم والاکریم ہی پاک ہی اللہ رب عرش بڑے کا اور سب حمد واسطے اللہ کے جو پالنے والا جہانوں کا ہی یہ حدیث غریب ہی ہیں نے محمد سے سنا ہی کہ کہتا حبیب بن ابی ثابت نے عروہ بن زبیر سے کچھ بھی نہیں سنا **باب حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسامہ نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فاطمہ رضی اللہ عنہا نبی صلعم کے پاس خدمتگار کا سوال کرنے کو آئی پس فرمایا اسکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ

اذا ذکر داؤد یحدث عنه قال کان اعبد البشر هذا حدیث حسن غریب **باب حدثنا** سفیان بن وکیع نا ابن ابی عدی عن حماد بن سلمة عن ابی جعفر الخطمی عن محمد بن کعب القرظی عن عبد الله بن یزید الخطمی الانصاری عن رسول الله صلی الله علیه وسلم انه کان یقول فی دعائه اللهم ارزقنی حبك وحب من ینفعنی حبه عندك اللهم ما رزقتنی مما احب فاجعله قوة لی فیما تحب اللهم وما زویت عنی مما احب فاجعله فراغا لی فیما تحب هذا حدیث حسن غریب وابو جعفر الخطمی اسمه عمیر بن یزید بن خماشة **باب حدثنا** احمد بن منیع نا ابو احمد الزبیری قال ثنی سعد بن اوس عن بلال بن یحیی العبسی عن شتیر بن شکل عن ابیه شکل بن حمید قال اتیت النبی صلی الله علیه وسلم فقلت یا رسول الله علمنی تعوذا اتعوذ به قال فاخذ بکفی فقال قل اللهم انی اعوذ بك من شر سمعی ومن شر بصری ومن شر لسانی ومن شر قلبی ومن شر منیی یعنی فرجه هذا حدیث حسن غریب لا نعرفه الا من هذا الوجه من حدیث سعد بن اوس عن بلال بن یحیی **باب حدثنا** الانصاری نا معن نا مالك عن ابی الزبیر المکی عن طاؤس الیمانی عن عبد الله بن عباس ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کان یعلمهم هذا الدعاء کما یعلمهم السورة من القرآن اللهم انی اعوذ بك من عذاب جهنم ومن عذاب القبر واعوذ بك من فتنة المسیح الدجال واعوذ بك من فتنة المحیا والممات هذا حدیث حسن صحیح غریب **حدثنا** هارون بن اسحٰق الهمدانی نا عبدة بن سلیمان عن هشام بن عروة عن ابیه عن عائشة قالت کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یدعوا بهؤلاء الکلمات اللهم انی اعوذ بك من فتنة النار وعذاب النار وعذاب القبر وفتنة القبر ومن شر فتنة الغنی ومن شر فتنة الفقر

جب حضرت داؤد علیہ السلام کا ذکر کرتے تھے تو انسے حدیث کرتے تھے فرمایا آپ نے وہ اپنے زمانہ مین تمام آدمیون سے زیادہ عابد تھے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے **باب حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی نے حماد بن سلمہ سے اُسنے ابی جعفر خطمی سے اُسنے محمد بن کعب قرظی سے اُسنے عبد اللہ بن یزید خطمی انصاری سے اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ آنحضرت اپنی دعا مین کہتے تھے اللہم ارزقنی الخ یعنے اے اللہ مجھے اپنی محبت نصیب کر اور اس شخص کی محبت کہ جسکی محبت مجھے نفع دے اے اللہ جو کچھ تو نے میرے نصیب کیا ہے اس چیز سے کہ مین اسکو پسند رکھتا ہون اسکو میرے حق مین وہ قوت[1] بنا جسکو تو پسند رکھتا ہے اے اللہ اور جو کچھ تو نے مجھسے بند رکھا ہے اس چیز سے کہ مین اسکو پسند رکھتا ہون تو اسکو میرے لیے فراغت کر اس کہ تو پسند رکھتا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور ابو جعفر خطمی کا نام عمیر بن یزید بن خماشہ ہے **باب حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد زبیری نے کہا حدیث کی مجھے سعد بن اوس نے بلال بن یحیی عبسی سے اُسنے شتیر بن شکل سے اُسنے اپنے باپ شکل بن حمید سے کہا اُسنے مین نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور مین نے کہا یا رسول اللہ مجھے کوئی تعویذ سکھلایئے کہ مین اسکو تعویذ بناؤن فرمایا آپ نے کہ اللہم الخ یعنے اے اللہ مین تیری پناہ چاہتا ہون کانون کی برائی سے اور آنکھ کی برائی سے اور زبان کی برائی سے اور دل کی برائی سے اور منی کی برائی سے یعنے فرج کی برائی سے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق یعنے طریق سعد بن اوس سے جو راوی ہے بلال بن یحیی سے **باب حدیث** کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے ابی الزبیر مکی سے اُسنے طاؤس یمانی سے اُسنے عبد اللہ بن عباس سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم صحابہ کو یہ دعا سکھلاتے تھے جیسا کہ انکو قرآن کی سورۃ سکھلاتے تھے اللہم الخ یعنے اے اللہ مین تیری پناہ چاہتا ہون دوزخ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے اور تیری پناہ چاہتا ہون مسیح دجال کے فتنہ سے اور تیری پناہ چاہتا ہون زندگی اور موت کے فتنہ سے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے ہارون بن اسحاق ہمدانی نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ بن سلیمان نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان کلمات کے ساتھ دعا کرتے تھے اللہم الخ یعنے اے اللہ مین تیری پناہ چاہتا ہون آگ کے فتنہ اور آگ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے اور قبر کے فتنہ سے اور مال کے فتنہ کی برائی سے اور فقر کے فتنہ کی برائی سے

[1] یعنے جو کچھ تو نے مجھے دیا ہے انعامات سے انکو میرے لیے ایسی قوت بنا کہ اسکو مین تیری راہ مین صرف کرون اور اس قوت کو تیری رضا مین خرچ کرون اور جو نعمت کہ تو نے مجھسے دور رکھی باوجودیکہ میرا دل اسکو چاہتا ہے اس دور رکھنے کو میرے حق مین موجب فراغت کی بنا کہ اسکے اشتغال سے دل فارغ ہو کر تیری اطاعت مین مصروف ہو۱۲

حدثنا علی بن حجر نا اسمٰعیل بن جعفر عن حمید عن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یدعو یقول اللھم انی اعوذ بک من الکسل والھرم والجبن والبخل وفتنۃ المسیح وعذاب القبر ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی عقد التسبیح بالید **حدثنا** محمد بن عبد الاعلی نا عثام بن علی عن الاعمش عن عطاء بن السائب عن ابیہ عن عبد اللہ بن عمرو قال رأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعقد التسبیح بیدہ ھذا حدیث حسن غریب من ھذا الوجہ من حدیث الاعمش عن عطاء بن السائب وروی شعبۃ والثوری ھذا الحدیث عن عطاء بن السائب بطولہ وفی الباب عن یسیرۃ بنت یاسر **حدثنا** محمد بن بشار نا سھل بن یوسف نا حمید عن ثابت البنانی عن انس بن مالک ونا محمد بن المثنی نا خالد بن الحارث عن حمید عن ثابت عن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم عاد رجلا قد جھد حتی صار مثل فرخ فقال لہ اما کنت تدعو اما کنت تسأل ربک العافیۃ قال کنت اقول اللھم ما کنت معاقبی بہ فی الاخرۃ فعجلہ لی فی الدنیا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم سبحان اللہ انک لا تطیقہ ولا تستطیعہ افلا کنت تقول اللھم اٰتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار ھذا حدیث حسن صحیح غریب من ھذا الوجہ وقد روی من غیر وجہ عن انس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **باب** **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو داؤد قال انبانا شعبۃ عن ابی اسحٰق قال سمعت ابا الاحوص یحدث عن عبد اللہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یدعو اللھم انی اسالک الھدی والتقی والعفاف والغنی ھذا حدیث حسن صحیح **باب** **حدثنا** ابو کریب نا محمد بن فضیل عن محمد بن سعد الانصاری عن عبد اللہ بن ربیعۃ الدمشقی قال ثنی عائذ اللہ ابو ادریس الخولانی عن ابی الدرداء قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان من دعاء داؤد یقول اللھم انی اسالک حبک وحب من یحبک والعمل الذی یبلغنی حبک اللھم اجعل حبک احب الی من نفسی واھلی ومن الماء البارد قال وکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن جعفر نے حمید سے اُسنے انس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگتے تھے اللھم انی الخ یعنے ای اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں بدن کی سستی اور بوڑھاپے سے اور نامردی اور بخیلی سے اور مسیح دجال کے فتنہ سے اور قبر کے عذاب سے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** ہاتھوں کے ساتھ تسبیح کے شمار کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد الاعلی نے کہا حدیث کی ہمسے عثام بن علی نے اعمش سے اُسنے عطاء بن سائب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہا اُسنے دیکھا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ ہاتھ کے ساتھ تسبیح شمار کرتے تھے یہ حدیث حسن ہے غریب ہے طریق اعمش سے جو راوی ہے عطاء بن سائب سے اور روایت کیا شعبہ اور ثوری نے اس حدیث کو عطاء بن سائب سے بطولہ اور اس باب میں روایت ہے یسیرہ بنت یاسر سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے سہل بن یوسف نے کہا حدیث کی ہمسے حمید نے ثابت بنانی سے اُسنے انس بن مالک سے اور حدیث کی ہمسے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن حارث نے حمید سے اُسنے ثابت سے اُسنے انس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد کی عیادت کی جو لاغر ہو گیا تھا یہانتک کہ وہ مثل چوزہ کے ہو گیا تھا پس آپ نے اس سے کہا تو کیا دعا کرتا تھا کیا تو اپنے رب سے عافیت کا سوال نہیں کیا کرتا تھا کہا اُسنے میں یہ کہا کرتا تھا اللھم الخ یعنے ای اللہ جو تجھکو مجھے آخرت میں عذاب دینا ہو وہ مجھے دنیا میں ہی دیدے پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے سبحان اللہ تو اسکی طاقت نہیں رکھتا اور نہ اسکی قوت رکھ سکتا ہے تو کیوں نہ کہا کیا اللھم آتنا الخ یعنے ای اللہ دے ہمکو دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی اور آگ کے عذاب سے نگاہ رکھ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اس طریق سے اور کئی وجہ سے بواسطہ انس کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے **باب** **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے ابی اسحاق سے کہا سنا میں نے ابا الاحوص سے کہ حدیث کرتا تھا عبد اللہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے اللھم الخ یعنے ای اللہ میں تجھسے سوال کرتا ہوں ہدایت اور پرہیزگاری اور حرام سے بچنے اور غنی کا یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے محمد بن سعد انصاری سے اُسنے عبد اللہ بن ربیعہ دمشقی سے کہا حدیث کی مجھے عائذ اللہ ابو ادریس خولانی نے ابی الدرداء سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلعم نے حضرت داؤد یہ دعا پڑھا کرتے تھے اللھم انی الخ یعنے ای اللہ میں تجھسے تیری محبت کا سوال کرتا ہوں اور اس شخص کی محبت کا جو تجھسے محبت رکھتا ہے اور اس عمل کا جو مجھے تیری محبت تک پہونچائے ای اللہ مجھے اپنی محبت میری جان اور مال اور پانی سرد سے زیادہ نصیب کر کہا راوی نے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

وجبیر بن مطعم ورفاعة الجهنی وابی الدرداء وعثمان بن ابی العاص **حدثنا** محمد بن یحیی الثقفی المروزی نا حفص بن غیاث عن ابن جریج عن عبد الرحمن بن سابط عن ابی امامة قال قیل یا رسول الله ای الدعاء اسمع قال جوف اللیل الآخر ودبر الصلوات المکتوبات هذا حدیث حسن وقد روی عن ابی ذر وابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال جوف اللیل الآخر الدعاء فیه افضل وارجی ونحو هذا **باب حدثنا** عبد الله بن عبد الرحمن انا حیوة بن شریح الحمصی عن بقیة بن الولید عن مسلم بن زیاد قال سمعت انسا یقول ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال من قال حین یصبح اللهم اصبحنا نشهدک ونشهد حملة عرشک وملائکتک وجمیع خلقک بانک الله لا اله الا انت وحدک لا شریک لک وان محمدا عبدک ورسولک الا غفر الله له ما اصاب فی یومه ذلک وان قالها حین یمسی غفر الله له ما اصاب فی تلک اللیلة من ذنب هذا حدیث غریب **باب حدثنا** علی بن حجر نا عبد الحمید بن عمر الهلالی عن سعید بن ایاس الجریری عن ابی السلیل عن ابی هریرة ان رجلا قال یا رسول الله سمعت دعاءک اللیلة فکان الذی وصل الی منه انک تقول اللهم اغفر لی ذنبی ووسع لی فی داری وبارک لی فیما رزقتنی قال فهل تراهن ترکن شیئا وابو السلیل اسمه ضریب بن نقیر ویقال نفیر وهذا حدیث غریب **باب حدثنا** علی بن حجر نا ابن المبارک نا یحیی بن ایوب عن عبید الله بن زحر عن خالد بن ابی عمران ان ابن عمر قال قل ما کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یقوم من مجلس حتی یدعو بهؤلاء الکلمات لاصحابه اللهم اقسم لنا من خشیتک ما یحول بیننا وبین معاصیک ومن طاعتک ما تبلغنا به جنتک ومن الیقین ما تهون به علینا مصیبات الدنیا ومتعنا باسماعنا وابصارنا وقوتنا ما احییتنا واجعله الوارث منا واجعل ثارنا علی من ظلمنا وانصرنا علی من عادانا ولا تجعل مصیبتنا فی دیننا ولا تجعل الدنیا اکبر همنا ولا مبلغ علمنا

اور جبیر بن مطعم اور رفاعہ جہنی اور ابی الدرداء اور عثمان بن ابی العاص سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی ثقفی مروزی نے کہا حدیث کی ہمسے حفص بن غیاث نے ابن جریج سے اُسنے عبد الرحمن بن سابط سے اُسنے ابی امامہ سے کہا اُسنے کسی نے کہا یا رسول اللہ کونسی دعا زیادہ سنی جاتی ہی فرمایا آپ نے آخر رات کے جوف مین اور فرضی نماز دن کے بعد یہ حدیث حسن ہی۔ اور مروی ہی بواسطہ ابی ذر اور ابن عمر کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے آخر رات کے جوف مین دعا کرنی افضل اور لائق قبولیت کے ہی اور مثل اسکے آپ نے اور بھی فرمائے **باب حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا خبر دی ہمکو حیوہ بن شریح حمصی نے بقیہ بن ولید سے اُسنے مسلم بن زیاد سے کہا اُسنے سنا مین نے انس سے کہ کہتا یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی صبح کے وقت کہے اے اللہ ہمنے صبح کی اس حالت مین کہ تیری گواہی دیتے ہین اور تیرے عرش کے اُٹھانیوالون کی گواہی دیتے ہین اور تیرے فرشتون کی اور تمام تیری پیدائش کی یہ کہ تو اللہ ہی نہین کوئی معبود سوائے تیرے جو اکیلا ہی نہین کوئی شریک واسطے تیرے اور بیشک محمد تیرا بندہ اور تیرا رسول ہی تو اللہ تعالی اسکے گناہ کو جو اُسنے اس دن مین کیا ہی بخشدیتا ہی اور اگر رات کے وقت کہے تو اللہ تعالی اسکے گناہ کو جو اُسنے اس رات مین کیا ہی بخشدیتا ہی یہ حدیث غریب ہی **باب حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الحمید بن عمر ہلالی نے سعید بن ایاس جریری سے اُسنے ابی السلیل سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ ایک مرد نے کہا یا رسول اللہ مین نے آپکی دعا آج کی رات مین سنی ہی سو مجھے جو کچھ اس دعا سے پہونچا ہی یہ ہی کہ آپ کہتے تھے اللھم الخ یعنے اے اللہ میرے گناہ بخش اور میری رائے مین فراخی کر اور جو کچھ تو نے مجھے دیا ہی اسمین برکت دے فرمایا آپ نے پس کیا تو دیکھتا ہی کہ ان کلمات نے کوئی چیز چھوڑ دی ہی اور ابو السلیل کا نام ضریب بن نقیر ہی اور کہا گیا ہی نفیر اسے اور یہ حدیث غریب ہی **باب حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا خبر دی ہمکو ابن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن ایوب نے عبید اللہ بن زحر سے اُسنے خالد بن ابی عمران سے یہ کہ ابن عمر نے کہا کم تھی یہ بات کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کسی مجلس سے کھڑے ہوتے کہ ان کلمات کے ساتھ اپنے صحابہ کے حق مین دعا نہ کر لیتے اللھم الخ یعنے اے اللہ تقسیم کر ہمارے لیے اپنا خوف اسقدر کہ حائل ہو درمیان ہمارے اور نافرمانی تیری کے اور طاعت اپنی سے اسقدر کہ اسکے سبب ہمکو تو اپنی جنت مین پہونچائے اور یقین سے اسقدر کہ اسکے سبب ہمپر دنیا کی مصیبتین آسان ہون اور نفع دے ہمکو ساتھ ہمارے کانون اور آنکھون اور قوت کے جبتک ہمکو تو زندہ رکھے اور میری نسل سے میراوارث کر اور کینہ ہمارا اسپر کر جو ہمپر ظلم کرے اور ہمکو مدد دے اسپر جو ہمارے ساتھ دشمنی کرے اور ہمارے دین مین مصیبت نہ ڈال اور نہ کر دنیا کو ہمارا بڑا غم[1] اور نہ غایت علم ہمارے کی

---

[1] یعنے دنیا کا حاصل کرنا ہی ہمارا اصلی مقصود نہ کر اور نہ ہمارے علم کی اس دنیا کا حاصل کرنا علت غائی بنا یعنے ایسا نہ ہو کہ ہم دنیا کو حاصل کرنا ہی اپنا مقصود تصور کرلیں اور دین کو بھول جائین ۱۲

ومن شر المسیح الدجال اللهم اغسل خطایای بماء الثلج والبرد وانق قلبي من الخطایا کما انقیت الثوب الابیض من الدنس و باعد
بيني وبين خطایای کما باعدت بين المشرق والمغرب اللهم انی اعوذ بك من الکسل والهرم والمأثم والمغرم هذا حدیث حسن
صحیح حدثنا هارون نا عبدة عن هشام بن عروة عن عباد بن عبد الله بن الزبیر عن عائشة قالت سمعت رسول الله صلی الله
علیه وسلم یقول عند وفاته اللهم اغفر لي وارحمني والحقني بالرفیق الاعلی هذا حدیث حسن صحیح **باب حدثنا**
الانصاری نا معن نا مالك عن یحیی بن سعید عن محمد بن ابراهیم التیمي ان عائشة قالت کنت نائمة الی جنب رسول الله صلی الله
علیه وسلم ففقدته من اللیل فلمسته فوقع یدی علی قدمیه وهو ساجد وهو یقول اعوذ برضاك من سخطك وبمعافاتك من عقوبتك
لا احصی ثناء علیك انت کما اثنیت علی نفسك هذا حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر وجه عن عائشة **حدثنا**
قتیبة نا اللیث عن یحیی بن سعید بهذا الاسناد نحوه وزاد فیه واعوذ بك منك لا احصی ثناء علیك **باب حدثنا**
الانصاری نا معن نا مالك عن ابي الزناد عن الاعرج عن ابي هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لا یقول احدکم
اللهم اغفر لي ان شئت اللهم ارحمني ان شئت لیعزم المسألة فانه لا مکره له هذا حدیث حسن صحیح **باب حدثنا**
الانصاری نا معن نا مالك عن ابن شهاب عن ابي عبد الله الاغر وعن ابي سلمة بن عبد الرحمن عن ابي هریرة ان رسول الله صلی الله
علیه وسلم قال ینزل ربنا کل لیلة الی السماء الدنیا حتی یبقی ثلث اللیل الاخر فیقول من یدعوني فاستجیب له من یسألني فاعطیه
ومن یستغفرني فاغفر له هذا حدیث حسن صحیح وابو عبد الله الاغر اسمه سلمان وفي الباب عن علي وعبد الله بن مسعود وابي سعید

اور مسیح دجال کی برائی سے اے اللہ میرے گناہوں کو دھو برف اور اولے کے پانی سے اور میرے دل کو گناہوں سے صاف کر جیسا کہ کپڑا سفید
میل سے صاف کیا جاتا ہے اور دوری ڈال درمیان میرے اور میرے گناہوں کے جیسا کہ تو نے مشرق اور مغرب کے درمیان دوری
ڈالی ہے اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں سستی اور بڑھاپے سے اور گناہ اور قرض سے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **حدیث** کی ہم سے ہارون نے
کہا حدیث کی ہم سے عبدہ نے ہشام بن عروہ سے انہوں نے عباد بن عبداللہ بن زبیر سے انہوں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا انہوں نے سنا میں نے
رسول اللہ صلعم سے کہ اپنی وفات کے وقت فرماتے اللہم الخ یعنے اے اللہ بخش مجھکو اور رحم کر مجھپر اور ملا دے مجھکو بلند رتبہ رفیقوں[1] میں
باب حدیث کی ہم سے انصاری نے کہا حدیث کی ہم سے معن نے کہا حدیث کی ہم سے مالک نے یحیی بن سعید سے انہوں نے محمد بن ابراہیم
تیمی سے یہ کہ حضرت عائشہ نے کہا میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں سوئی ہوئی تھی سو میں نے رات کے وقت آپکو نہ پایا اور انکو
ٹٹولا پس میرا ہاتھ آپکے قدموں مبارک پر جا پڑا اس حالت میں کہ آپ سجدہ میں تھے اور یہ کہہ رہے تھے اعوذ الخ یعنے میں تیری رضا کی
پناہ چاہتا ہوں تیرے غصہ سے اور تیری معافی کی تیرے عذاب سے میں تجھپر صفت شمار نہیں کر سکتا جیسا کہ تو نے اپنے نفس کی ثنا کی ہے یہ
حدیث حسن صحیح ہے اور یہ کئی وجہ سے حضرت عائشہ سے مروی ہے **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے لیث نے یحیی بن سعید سے
ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے۔ اور اسمیں یہ زیادہ کیا ہے اور تیری پناہ چاہتا ہوں تجھسے میں تجھپر ثنا نہیں شمار کر سکتا **باب حدیث**
کی ہم سے انصاری نے کہا حدیث کی ہم سے معن نے کہا حدیث کی ہم سے مالک نے ابی الزناد سے انہوں نے اعرج سے انہوں نے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی یوں دعا نہ کرے اے اللہ بخش مجھے اگر تیری مرضی ہو اے اللہ مجھپر رحم کر اگر تیری مرضی ہو چاہیے کہ سوال کرے یقین
کرکے کیونکہ کوئی اسپر جبر کرنیوالا نہیں ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب حدیث** کی ہم سے انصاری نے کہا حدیث کی ہم سے معن
نے کہا حدیث کی ہم سے مالک نے ابن شہاب سے انہوں نے ابی عبداللہ اغر سے اور ابی سلمہ بن عبدالرحمن سے انہوں نے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رب ہمارا ہر رات میں آسمان سے دنیا کی طرف اترتا ہے جب کہ رات کی آخر تہائی باقی رہتی ہے اور فرماتا ہے کون شخص
مجھسے دعا مانگتا ہے کہ اسکی دعا قبول کروں کون مجھسے سوال کرتا ہے کہ اسکو دوں کون مجھسے بخشش مانگتا ہے کہ اسے بخشش کروں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے
اور ابو عبداللہ اغر کا نام سلمان ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے علی اور عبداللہ بن مسعود اور ابی سعید

[1] رفیق اعلی سے مراد فرشتے اور مقرب انبیا علیہم السلام ہیں یعنے اے اللہ مجھے انکے ساتھ ملا اور بعضوں نے کہا ہے مراد اس سے اللہ تعالی ہے حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت حالت صحت میں فرماتے تھے کہ بغیر رضامندی
کسی پیغمبر کو موت نہیں آتی جب حضرت کو مرض الموت میں غش سے ہوش آیا تو حضرت نے آنکھ کھول کے یہ دعا کی اسوقت میں نے جانا کہ حضرت نے ہمکو چھوڑا اور موت کو اختیار کیا یہ اخیر کلام حضرت کا تھا اسکے بعد حضرت

ثنا یوسف و نا عبد الاعلی عن هشام بن حسان عن محمد بن سیرین عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم بمثله هذا حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر وجه عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم **باب حدثنا** ابراهیم بن یعقوب نا صفوان بن صالح نا الولید بن مسلم نا شعیب بن ابی حمزة عن ابی الزناد عن الاعرج عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان لله تسعة وتسعین اسما مائة غیر واحدة من احصاها دخل الجنة هو الله الذی لا اله الا هو الرحمن الرحیم الملك القدوس السلام المؤمن المهیمن العزیز الجبار المتکبر الخالق الباری المصور الغفار القهار الوهاب الرزاق الفتاح العلیم القابض الباسط الخافض الرافع المعز المذل السمیع البصیر الحکم العدل اللطیف الخبیر الحلیم العظیم الغفور الشکور العلی الکبیر الحفیظ المقیت الحسیب الجلیل الکریم الرقیب المجیب الواسع الحکیم الودود المجید الباعث الشهید الحق الوکیل القوی المتین الولی الحمید المحصی المبدئ المعید المحیی الممیت الحی القیوم الواجد الماجد الواحد الصمد القادر المقتدر المقدم المؤخر الاول الاخر الظاهر الباطن الوالی المتعالی البر التواب المنتقم العفو الرؤف مالك الملك ذو الجلال والاکرام المقسط الجامع الغنی المغنی المانع الضار النافع النور الهادی البدیع الباقی الوارث الرشید الصبور هذا حدیث غریب حدثنا به غیر واحد عن صفوان بن صالح ولا نعرفه الا من حدیث صفوان بن صالح وهو ثقة عند اهل الحدیث وقد روی هذا الحدیث من غیر وجه عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم لا نعلم فی کبیر شیء من الروایات ذکر الاسماء الا فی هذا الحدیث وقد روی آدم بن ابی ایاس هذا الحدیث باسناد غیر هذا عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم وذکر فیه الاسماء ولیس له اسناد صحیح **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان عن ابی الزناد عن الاعرج عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال ان لله تسعة وتسعین اسما من احصاها دخل الجنة ولیس فی هذا الحدیث ذکر الاسماء وهو حدیث حسن صحیح ورواه ابو الیمان عن شعیب بن

کہا یوسف نے اور حدیث کی ہمسے عبد الاعلی نے ہشام بن حسان سے اُسنے محمد بن سیرین سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلعم سے مثل اسکے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی وجہ سے بواسطہ ابوہریرہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے **باب حدیث** کی ہمسے ابراہیم بن یعقوب نے کہا حدیث کی ہمسے صفوان بن صالح نے کہا حدیث کی ہمسے ولید بن مسلم نے کہا حدیث کی ہمسے شعیب بن ابی حمزہ نے ابی الزناد سے اُسنے اعرج سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالی کے ننانوے نام ہیں یعنے ایک کم سو جو کوئی انکو یاد کرے وہ جنت میں داخل ہوگا ہو اللہ الذی الخ یعنے وہ ہے اللہ جو نہیں کوئی معبود سوائے اسکے جو بخشنے والا ہے مہربان بادشاہ بہت پاک سلامت سب عیب سے امن دینے والا نگہبان غالب زبردست تکبر والا پیدا کرنیوالا درست کرنیوالا صورتیں بنانیوالا بخشش کرنیوالا قہر کرنیوالا داتا رزق دینے والا کھولنے والا جاننے والا بند کرنیوالا فراخی کرنیوالا نیچا کرنیوالا بلند کرنیوالا عزت دینے والا ذلت دینے والا سننے والا دیکھنے والا حکم کرنیوالا عدل کرنیوالا باریک بین خبر رکھنے والا حلم والا عظمت والا گناہ بخشنے والا شکر قبول کرنیوالا بلند کبیر حافظ تقدیر بنانیوالا کفایت کرنیوالا جلیل کریم نگہبان قبول کرنیوالا فراخی دینے والا حکمت والا دوست رکھنے والا بزرگ قیامت لانیوالا حاضر حق کارساز زور آور بہت قدرت والا دوست ستودہ شدہ شمار کرنیوالا ابتدا بنانیوالا دوبارہ پیدا کرنیوالا زندہ کرنیوالا مارنیوالا زندہ قائم پانیوالا بزرگ واحد بے احتیاج قادر مقتدر مقدم موخر اول آخر ظاہر باطن والی علو والا احسان کرنیوالا رجوع کرنیوالا بدلہ لینے والا معاف کرنیوالا شفقت کرنیوالا مالک ملک کا صاحب بزرگی اور بخشش کا انصاف کرنیوالا جامع کرنیوالا بے نیاز غنی کرنیوالا منع کرنیوالا ضرر دینے والا نفع دینے والا نور ہدایت کرنیوالا پیدا کرنیوالا باقی رہنے والا وارث رشید صبر کرنیوالا یہ حدیث غریب ہے حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے کئی ایک نے صفوان بن صالح سے اور نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق صفوان بن صالح سے اور یہ اہل حدیث کے نزدیک ثقہ ہے اور یہ حدیث کئی وجہ سے بواسطہ ابی ہریرہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے ہم سوائے اس حدیث کے اور بڑی بڑی روایتوں میں بھی اللہ تعالی کے ناموں کا مذکور نہیں پاتے اور آدم بن ابی ایاس نے اس حدیث کو سوائے اس اسناد کے بواسطہ ابی ہریرہ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے اور اُسنے اسمیں نام الٰہی ذکر کیے ہیں اور اسکی سند صحیح نہیں حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی الزناد سے اُسنے اعرج سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلعم سے کہ فرمایا آپ نے اللہ تعالی کے ننانوے نام ہیں جو کوئی انکو یاد کرے جنت میں داخل ہوگا اور اس حدیث میں ان اسموں کا ذکر نہیں ہے اور یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کیا اسکو ابو الیمان نے شعیب بن

ولا تسلط علينا من لا يرحمنا هذا حديث حسن غريب وقد روى بعضهم هذا الحديث عن خالد بن ابي عمران عن نافع
عن ابن عمر **حدثنا** محمد بن بشار نا ابو عاصم نا عثمان الشحام ثنا مسلم بن ابي بكرة قال سمعني ابي وانا اقول اللهم اني
اعوذ بك من الهم والكسل وعذاب القبر قال يا بني ممن سمعت هذا قال قلت سمعتك تقولهن قال الزمهن فاني سمعت
رسول الله صلى الله عليه وسلم يقولهن هذا حديث حسن غريب **باب حدثنا** علي بن خشرم نا الفضل بن موسى
عن الحسين بن واقد عن ابي اسحق عن الحارث عن علي قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم الا اعلمك كلمات
اذا قلتهن غفر الله لك وان كنت مغفورا لك قال قل لا اله الا الله العلي العظيم لا اله الا الله الحليم الكريم لا اله الا الله
سبحان الله رب العرش العظيم قال علي بن خشرم واخبرنا علي بن الحسين بن واقد عن ابيه بمثل ذلك الا انه قال في
آخرها الحمد لله رب العالمين هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه من حديث ابي اسحق عن الحارث عن
علي **باب حدثنا** محمد بن يحيى نا محمد بن يوسف نا يونس بن ابي اسحق عن ابراهيم بن محمد بن سعد عن ابيه
عن سعد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم دعوة ذي النون اذ دعا وهو في بطن الحوت لا اله الا انت سبحانك
اني كنت من الظالمين فانه لم يدع بها رجل مسلم في شيء قط الا استجاب الله له وقال محمد بن يوسف مرة عن ابراهيم بن محمد بن
سعد عن سعد وقد روى غير واحد هذا الحديث عن يونس بن ابي اسحق عن ابراهيم بن محمد بن سعد عن سعد ولم يذكروا فيه عن ابيه وروى
بعضهم وهو ابو احمد الزبيري عن يونس فقالوا عن ابراهيم بن محمد بن سعد عن ابيه عن سعد نحو رواية محمد بن يوسف
باب حدثنا يوسف بن حماد البصري نا عبد الاعلى عن سعيد عن قتادة عن ابي رافع عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم
قال ان لله تسعة وتسعين اسما مائة غير واحدة من احصاها دخل الجنة

اور ہم پر ایسا حاکم مسلط نہ کر جو ہم پر رحم نہ کرے یہ حدیث حسن ہے اور روایت کیا ہے بعض نے اس حدیث کو خالد بن ابی عمران سے اُسنے نافع
اُسنے ابن عمر سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عاصم نے کہا حدیث کی ہمسے عثمان شحام نے کہا حدیث کی
ہمسے مسلم بن ابی بکرہ نے کہا اُسنے مجھے میرے باپ نے سنا کہ میں یہ کہتا ہوں اللهم انی الخ یعنے اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں غم اور سستی سے
وقد روی عن ابی ھریرۃ من غیر ھذا الوجہ حدثنا ابو کریب نا ابو خالد الاحمر عن ھشام بن الغاز عن مکحول عن ابی ھریرۃ قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر من قول لاحول ولاقوۃ الا باللہ فانھا من کنز الجنۃ قال مکحول فمن قال لاحول ولاقوۃ الا باللہ ولا منجأ من اللہ الا الیہ کشف عنہ سبعین بابا من الضر ادناھن الفقر ھذا حدیث اسنادہ لیس بمتصل مکحول لم یسمع من ابی ھریرۃ حدثنا ابو کریب نا ابو معویۃ عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکل نبی دعوۃ مستجابۃ وانی اختبأت دعوتی شفاعۃ لامتی وھی نائلۃ ان شاء اللہ من مات منھم لا یشرک باللہ شیئا ھذا حدیث صحیح حدثنا ابو کریب نا ابو معویۃ وابن نمیر عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اللہ تعالی انا عند ظن عبدی بی وانا معہ حین یذکرنی فان ذکرنی فی نفسہ ذکرتہ فی نفسی وان ذکرنی فی ملأ ذکرتہ فی ملأ خیر منھم وان اقترب الی شبرا اقتربت منہ ذراعا وان اقترب الی ذراعا اقتربت الیہ باعا وان اتانی یمشی اتیتہ ھرولۃ ھذا حدیث صحیح ویروی عن الاعمش فی تفسیر ھذا الحدیث من تقرب منی شبرا تقربت منہ ذراعا یعنی بالمغفرۃ والرحمۃ وھکذا فسر بعض اھل العلم ھذا الحدیث قالوا انما معناہ یقول اذا تقرب الی العبد بطاعتی وبما امرت تسارع الیہ مغفرتی ورحمتی حدثنا ابو کریب نا ابو معویۃ عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استعیذوا باللہ من عذاب جہنم استعیذوا باللہ من عذاب القبر استعیذوا باللہ من فتنۃ المسیح الدجال

اور ابی ہریرہ سے غیر اس وجہ سے بھی مروی ہے حدیث کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے ابو خالد احمر نے ہشام بن غاز سے اُنسے مکحول سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے لاحول ولاقوۃ الا باللہ کا ذکر بہت کیا کر کیونکہ وہ جنت کے خزانہ سے ہے۔ کہا مکحول نے اور جسنے کہا لاحول ولاقوۃ الا باللہ ولا منجا من اللہ الا الیہ تو اس سے مصیبت کے ستر باب کھل جاتے ہیں ادنی اُنسے فقر ہے یہ ایسی حدیث ہے کہ اسکی اسناد متصل نہیں مکحول کا ابی ہریرہ سے سماع نہیں ہے حدیث کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہر ایک پیغمبر کی ایک مقبول دعا ہوتی ہے[1] اور مین نے اپنی مقبول دعا کو اپنی امت کی شفاعت کے واسطے ذخیرہ کر چھوڑا ہے۔ اور وہ مقبول دعا انشاء اللہ وہ شخص پاویگا جو مرا اس حالت مین کہ اللہ کے ساتھ اُسنے شرک نہین کیا۔ یہ حدیث صحیح ہے حدیث کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ اور ابن نمیر نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی فرماتا ہے مین ساتھ[2] گمان بندے اپنے کے ہون ساتھ میرے۔ اور مین اسکے ساتھ ہون جبکہ وہ مجھے یاد کرے سو اگر وہ مجھے دل مین یاد کرے مین بھی اسکو دل مین یاد کرتا ہون اور اگر وہ مجھے مجلس مین یاد کرے تو مین اسکو ایسی مجلس مین یاد کرتا ہون جو وہ اُسنے بہتر ہے اور اگر وہ میری طرف ایک بالشت قریب ہووے تو مین اسکی طرف ایک ہاتھ قریب ہوتا ہون اور اگر وہ میری طرف ایک ہاتھ قریب ہو تو مین اسکی طرف ایک کلاوہ قریب ہون اور اگر وہ میری طرف چلکر آوے تو مین اسکی طرف دوڑ کر آتا ہون۔ یہ حدیث صحیح ہے اور اعمش سے اسکی تفسیر مین مروی ہے کہ جو کوئی میری طرف ایک بالشت قریب ہو تو مین اسکی طرف ایک ہاتھ قریب ہوتا ہون یعنے ساتھ بخشش اور رحمت کے اور ایسا ہی بعض اہل علم نے اس حدیث کو تفسیر کیا ہے کہا اُنھوں نے معنے اسکے یہ ہین فرماتا ہے اللہ کہ جب کوئی بندہ میری طرف عبادت کے ساتھ قریب ہوتا ہے اور جسکے ساتھ مین نے امر کیا ہے تو اسکی طرف میری بخشش اور رحمت جلدی کرتی ہے حدیث کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی کی پناہ چاہو دوزخ کے عذاب سے اور اللہ کی پناہ چاہو قبر کے عذاب سے اور اللہ کی پناہ چاہو مسیح دجال کے فتنہ سے

[1] ہر چند پیغمبر کی بہت دعائین مقبول ہوتی ہین لیکن اُنکے نزدیک یقینی مقبول دعا جسکے لیے گویا اللہ تعالی کا وعدہ ہوتا ہے ایک ہی ہوتی ہے باقی مین امید ہوتی ہے یقین نہین ہوتا سو حضرت نے فرمایا کہ مینے اپنی یقینی مقبول دعا کو اپنی امت کے واسطے رکھ چھوڑا کہ قیامت کی کٹھن مین اُنکے کام آوے برخلاف اور نبیون کے کہ اُنھون نے اس دعا کو دنیا ہی مین اللہ تعالی سے قبول کرا لیا۔ اس حدیث سے حضرت کی یہ شفقت اپنی امت پر ظاہر ہوتی ہے اے مسلمانو شکر خدا کرو تمنے پایا ایسا نبی ساپیشوا دیکھو کیا ہے تمپر تمہارا رحم مصطفا ہول محشر کا بھی سامان کر گیا تھا اب لازم ہے اسکی پیروی جو ورد کرنا ہے نجات کی گر چاہ

[2] یعنے جسطرح کوئی شخص میرے ساتھ گمان رکھتا ہے مین اسکے ساتھ اسیطرح سے معاملہ کرونگا یعنے اگر اسکا گمان میرے ساتھ بخشش کا ہوگا کہ پروردگار غفور رحیم کریم ہے تو مین اسکے ساتھ اچھے صفات کا معاملہ کرونگا

بن یونس وابو عاصم وغیر واحد من کبار اہل الحدیث وابو مجاہد ہو سعد الطائی وابو مدلۃ ہو مولی ام المؤمنین عائشۃ وانما نعرفہ بہذا الحدیث ویروی عنہ ہذا الحدیث اطول من ہذا واتم **حدثنا** ابو کریب نا عبد اللہ بن نمیر عن موسی بن عبیدۃ عن محمد بن ثابت عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہم انفعنی بما علمتنی وعلمنی ما ینفعنی وزدنی علما الحمد للہ علی کل حال واعوذ باللہ من حال اہل النار ہذا حدیث غریب من ہذا الوجہ **حدثنا** ابو کریب نا ابو معویۃ عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ او عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان للہ ملٰئکۃ سیاحین فی الارض فضلا عن کتاب الناس فاذا وجدوا اقواما یذکرون اللہ تنادوا ہلموا الی بغیتکم فیجیئون فیحفون بہم الی السماء الدنیا فیقول اللہ ای شیء ترکتم عبادی یصنعون فیقولون ترکناہم یحمدونک ویمجدونک ویذکرونک قال فیقول ہل راونی قال فیقولون لا قال فیقول فکیف لو راونی قال فیقولون لو راوک لکانوا اشد تحمیدا واشد تمجیدا واشد لک ذکرا قال فیقول وای شیء یطلبون قال فیقولون یطلبون الجنۃ قال فیقول فہل راوہا قال فیقولون لا قال فیقول فکیف لو راوہا قال فیقولون لو راوہا لکانوا اشد لہا طلبا واشد علیہا حرصا قال فیقول فمن ای شیء یتعوذون قالوا یتعوذون من النار قال فیقول وہل راوہا فیقولون لا قال فیقول فکیف لو راوہا فیقولون لو راوہا لکانوا اشد منہا ہربا واشد منہا خوفا واشد منہا تعوذا قال فیقول فانی اشہدکم انی قد غفرت لہم فیقولون ان فیہم فلانا الخطاء لم یردہم انما جاءہم لحاجۃ فیقول ہم القوم لا یشقی لہم جلیس ہذا حدیث حسن صحیح

بن یونس اور ابو عاصم اور کئی ایک نے بڑے بڑے جلیل القدر محدثین سے۔ اور ابو مجاہد وہ سعد طائی ہے۔ اور ابو مدلہ وہ حضرت عائشہ ام المومنین کا غلام ہے اور ہم اسکو فقط اسی طریق سے پہچانتے ہیں۔ اور اس سے یہ حدیث اس سے بڑی اور پوری مروی ہے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن نمیر نے موسی بن عبیدہ سے اُسنے محمد بن ثابت سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ای اللہ مجھے نفع دے اس چیز سے کہ جو تونے مجھے سکھلائی ہے اور مجھے وہ چیز سکھلا جو مجھے نفع دے اور مجھے علم[1] زیادہ کر حمد ہے اللہ کی ہر حال پر اور پناہ چاہتا ہوں اللہ کی دوزخ والوں کے حال سے یہ حدیث غریب ہے اس وجہ سے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ یا ابی سعید خدری سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مقرر خدا کے فرشتے ہیں سوائے کراما کاتبین کے زمین میں گھومتے پھرتے ہیں پھر جب پاتے ہیں اس گروہ کو جو خدا کی یاد کرتے ہیں تو آپس میں آواز دیتے ہیں جلد آؤ اپنے مطلب کو سو وہ آتے ہیں اور انکو چھا لیتے ہیں پہلے آسمان تک پس انکو اللہ کہتا ہے میرے بندوں کو تمنے کیا کرتے چھوڑا ہے وہ کہتے ہیں چھوڑا ہے ہمنے انکو اس حالت میں کہ تیری حمد کرتے ہیں اور تیری بزرگی بیان کرتے ہیں اور تیری یاد کرتے ہیں فرمایا آنحضرت نے پھر اللہ فرماتا ہے کیا انھوں نے مجھکو دیکھا ہے حضرت نے فرمایا پھر فرشتے کہتے ہیں نہیں دیکھا حضرت نے فرمایا پھر خدا فرماتا ہے کیا انکا حال ہو جو مجھکو دیکھیں فرمایا حضرت نے پھر فرشتے کہتے ہیں اگر وہ تجھکو دیکھ لیں تو تیری بہت حمد کریں اور نہایت تیری بڑائی بیان کریں اور بہت تیری یاد کریں فرمایا حضرت نے پھر اللہ فرماتا ہے سو وہ کیا مانگتے ہیں فرمایا حضرت نے پھر فرشتے کہتے ہیں وہ بہشت مانگتے ہیں حضرت نے فرمایا پھر خدا فرماتا ہے کیا انھوں نے بہشت کو دیکھا ہے حضرت نے فرمایا پھر فرشتے کہتے ہیں کہ نہیں دیکھا حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے سو انکا کیا حال ہو جو اسکو دیکھیں حضرت نے فرمایا فرشتے کہتے ہیں اگر وہ اسکو دیکھ پاویں تو اسکے بہت لالچی بنجاویں اور نہایت اسکی خواہش کریں حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے پھر کس سے پناہ مانگتے ہیں فرشتے کہتے ہیں دوزخ سے پناہ مانگتے ہیں حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ کیا انھوں نے دوزخ کو دیکھا ہے فرشتے کہتے ہیں کہ نہیں دیکھا پھر خدا فرماتا ہے پس کیا حال ہو انکا اگر وہ اسکو دیکھیں فرشتے کہتے ہیں اگر وہ اسکو دیکھ پاویں تو اُس سے زیادہ خوف کریں اور زیادہ پناہ مانگیں پھر خدا فرماتا ہے میں تمکو گواہ کرتا ہوں کہ میں نے انکو بخشدیا فرشتے کہتے ہیں انمیں تو فلانا آدمی بڑا گناہگار تھا وہ انکے پاس اس ارادہ سے نہیں آیا تھا وہ تو انکے پاس کسی اپنی حاجت کے لیے آیا تھا فرماتا ہے اللہ یہ ایسی قوم ہے کہ انکے ساتھ بیٹھنے والا بدبخت نہیں ہوتا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے

[1] علم کے برابر کوئی چیز دنیا میں اللہ تعالی نے نہیں بنائی علم کے وسیلہ سے ہی آدمی اپنے نیک و بد کو معلوم کرتا ہے علم سے ہی آدمی خدا اور رسول کو پہچانتا ہے جسقدر جہالت ہوگی اسیقدر آدمی خدا سے دور ہوگا پردہ گام

ما لم يعجل يقول دعوت فلم يستجب لي **باب** حدثنا يحيى بن موسى نا ابو داود نا صدقة بن موسى نا محمد بن واسع عن سمير بن نهار العبدي عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان حسن الظن بالله من حسن عبادة الله هذا حديث غريب من هذا الوجه **باب** حدثنا يحيى بن موسى نا عمرو بن عون نا ابو عوانة عن عمر بن ابي سلمة عن ابيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لينظرن احدكم ما الذي يتمنى فانه لا يدري ما يكتب له من امنيته هذا حديث حسن **باب** حدثنا يحيى بن موسى نا جابر بن نوح قال نا محمد بن عمرو بن ابي سلمة عن ابي هريرة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يدعو فيقول اللهم متعني بسمعي وبصري واجعلهما الوارث مني وانصرني على من يظلمني وخذ منه بثاري هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه **باب** حدثنا ابو داود سليمان بن الاشعث السجزي ثنا قطن البصري نا جعفر بن سليمان عن ثابت عن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليسال احدكم ربه حاجته كلها حتى يسال شسع نعله اذا انقطع هذا حديث غريب وروى غير واحد هذا الحديث عن جعفر بن سليمان عن ثابت البناني عن النبي صلى الله عليه وسلم ولم يذكروا فيه عن انس **حدثنا** صالح بن عبد الله نا جعفر بن سليمان عن ثابت البناني ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ليسال احدكم ربه حاجته حتى يساله الملح وحتى يساله شسع نعله اذا انقطع وهذا اصح من حديث قطن عن جعفر بن سليمان **ابواب** المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وسلم **باب** ما جاء في فضل النبي صلى الله عليه وسلم **حدثنا** خلاد بن اسلم البغدادي نا محمد بن مصعب نا الاوزاعي عن ابي عمار عن واثلة بن الاسقع قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله اصطفى من ولد ابراهيم اسمعيل واصطفى من ولد اسمعيل بني كنانة واصطفى من بني كنانة قريشا واصطفى من قريش بني هاشم واصطفاني من بني هاشم

جبتک کہ جلدی نہ کرے کہے کہ میں نے دعا کی اور میری دعا قبول نہیں ہوئی **باب** **حدیث** کی ہمسے یحیی بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا حدیث کی ہمسے صدقہ بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن واسع نے سمیر بن نہار عبدی سے اسنے ابی ہریرہ سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اچھا گمان رکھنا ساتھ اللہ کے اللہ کی بہتر عبادت سے ہے۔ یہ حدیث غریب ہے اس طریق سے **باب** **حدیث** کی ہمسے یحیی بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن عون نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے عمر بن ابی سلمہ سے اسنے اپنے باپ سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے چاہیے کہ دیکھے ہر ایک تم میں سے اس چیز کو کہ خواہش کرتا ہے کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ اسکے لیے کیا لکھا گیا ہے اسکی خواہش سے یہ حدیث حسن ہے **باب** **حدیث** کی ہمسے یحیی بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے جابر بن نوح نے کہا اسنے حدیث کی ہمسے محمد بن عمرو نے ابی سلمہ سے اسنے ابی ہریرہ سے کہا اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم دعا کرتے اور کہتے اللھم الخ یعنے اے اللہ مجھے ساتھ میرے کانوں اور آنکھوں کے نفع دے اور ان دونوں کو میرے ساتھ باقی رکھو اور مدد دے مجھے اسپر کہ مجھپر ظلم کرے اور میرا خون اس سے پکڑ۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اس طریق سے **باب** **حدیث** کی ہمسے ابو داؤد یعنے سلیمان بن اشعث سجزی نے کہا حدیث کی ہمسے قطن بصری نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیمان نے ثابت سے اسنے انس سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے چاہیے کہ ہر ایک تم میں سے اپنی تمام حاجتیں رب سے مانگے یہانتک کہ اپنے جوتے کا تسمہ بھی جب ٹوٹ جائے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت کیا ہے کئی ایک نے اس حدیث کو جعفر بن سلیمان سے اسنے ثابت بنانی سے اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور انھوں نے اسمیں انس کا ذکر نہیں کیا **حدیث** کی ہمسے صالح بن عبد اللہ نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیمان نے ثابت بنانی سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چاہیے کہ ہر ایک تم میں سے اپنی حاجت اپنے رب سے مانگے یہانتک کہ نمک بھی اسی سے مانگے اور یہانتک کہ جوتے کا تسمہ بھی اسی سے مانگے جب ٹوٹ جائے۔ اور یہ اصح ہے حدیث قطن سے جو روای ہے جعفر بن سلیمان سے **ابواب** مناقبوں کے بیان میں جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں **باب** نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی فضیلت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے خلاد بن اسلم بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن مصعب نے کہا حدیث کی ہمسے اوزاعی نے ابی عمار سے اسنے واثلہ بن اسقع سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی نے حضرت ابراہیم کی اولاد سے حضرت اسمعیل کو برگزیدہ کیا اور حضرت اسمعیل کی اولاد سے بنی کنانہ کو برگزیدہ کیا اور بنی کنانہ سے قریش کو برگزیدہ کیا اور قریش سے بنی ہاشم کو برگزیدہ کیا اور بنی ہاشم سے مجھے برگزیدہ کیا

فاستعيذوا بالله من فتنة المحيا والممات هذا حديث صحيح **باب حدثنا** يحيى بن موسى نا يزيد بن هارون انا هشام بن
حسان عن سهيل بن ابي صالح عن ابيه عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من قال حين يمسي ثلاث مرات اعوذ
بكلمات الله التامات من شر ما خلق لم يضره حمة تلك الليلة قال سهيل فكان اهلنا تعلموها فكانوا يقولونها كل ليلة فلدغت
جارية منهم فلم تجد لها وجعا هذا حديث حسن وروى مالك بن انس هذا الحديث عن سهيل بن ابي صالح عن ابيه
عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم وروى عبيد الله بن عمر وغير واحد هذا الحديث عن سهيل ولم يذكروا فيه
عن ابي هريرة **باب حدثنا** يحيى بن موسى نا وكيع نا ابو فضالة الفرج بن فضالة عن ابي سعيد المقبري ان ابا هريرة
قال دعاء حفظته من رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ادعه اللهم اجعلني اعظم شكرك واكثر ذكرك واتبع نصيحتك
واحفظ وصيتك هذا حديث غريب **باب حدثنا** يحيى بن موسى نا ابو معوية نا الليث هو ابن ابي سليم عن زياد
عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من رجل يدعو الله بدعاء الا استجيب له فاما ان يعجل له في الدنيا
واما ان يدخر له في الاخرة واما ان يكفر عنه من ذنوبه بقدر ما دعا ما لم يدع باثم او قطيعة رحم او يستعجل قالوا يا رسول الله
وكيف يستعجل قال يقول دعوت ربي فما استجاب لي هذا حديث غريب من هذا الوجه **حدثنا** يحيى نا يعلى بن عبيد
قال نا يحيى بن عبيد الله عن ابيه عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من عبد يرفع يديه حتى يبدو ابطه
يسأل الله مسألة الا اتاها اياه ما لم يعجل قالوا يا رسول الله وكيف عجلته قال يقول قد سألت وسألت فلم اعط شيئا وروى
هذا الحديث الزهري عن ابي عبيد مولى بن ازهر عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال يستجاب لاحدكم

اور اللہ کی پناہ چاہو زندگی اور مرنے کے فتنہ سے یہ حدیث صحیح ہے **باب حدیث** کی ہمسے یحیی بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے
یزید بن ہارون نے کہا خبر دی ہمکو ہشام بن حسان نے سہیل بن ابی صالح سے اُنسے اپنے باپ سے اُنسے ابی ہریرہ سے اُنسے نبی
صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے کہ جسنے شام کے وقت تین بار کہا اعوذ بکلمات اللہ الخ یعنے میں پناہ چاہتا ہوں ساتھ
کلمات اللہ کے جو پورے ہیں اسکی برائی سے جو اُسنے پیدا کی ہے تو اسکو اس رات میں کاٹنا کسی چیز کا ضرر نہیں دیتا۔ کہا سہیل نے
ہمارے گھر والے اسکو سیکھتے تھے اور ہر رات میں اسکو پڑھا کرتے تھے پس ایک لڑکی کو انہیں سے بچھو نے کاٹا تو اسکو کچھ درد
معلوم نہوا۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور روایت کیا ہے مالک بن انس نے اس حدیث کو سہیل بن ابی صالح سے اُنسے اپنے باپ سے
اُنسے ابی ہریرہ سے اُنسے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ اور روایت کیا ہے عبید اللہ بن عمر اور کئی ایک نے اس حدیث کو سہیل سے اور
اُنھوں نے اسمیں ابی ہریرہ کا ذکر نہیں کیا **باب حدیث** کی ہمسے یحیی بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے
ابو فضالہ یعنے فرج بن فضالہ نے ابی سعید مقبری سے یہ کہ ابو ہریرہ نے کہا ایک دعا ہے میں نے وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سیکھی ہے
میں اسکو چھوڑتا نہیں ہوں اللھم اجعلنی الخ یعنے ای اللہ کر مجھے کہ تیرا بہت شکر کروں اور تیری بہت یاد کروں اور تیری نصیحت کے تابع
ہوں اور تیرے عہد کو یاد رکھوں۔ یہ حدیث غریب ہے۔ **باب حدیث** کی ہمسے یحیی بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے
کہا حدیث کی ہمسے لیث نے اور وہ ابن ابی سلیم ہے زیاد سے اُنسے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی
مرد اللہ تعالی سے کوئی دعا مانگے تو اسکی وہ دعا قبول ہوتی ہے پس یا تو وہ اسکو دنیا میں ہی جلدی ملجاتی ہے یا آخرت میں اسکے لیے ذخیرہ رکھی
جاتی ہے یا اس سے اسکے گناہ دور کیے جاتے ہیں بقدر اسکے کہ دعا کرے بشرطیکہ گناہ اور قطع رحم کی دعا نہ کرے اور جلدی نہ کرے کہا لوگوں نے
یا رسول اللہ اور جلدی کسطرح ہوتی ہے فرمایا آپ نے یہ کہے کہ میں نے رب سے دعا کی اور اُسنے میری دعا قبول نہیں کی یہ حدیث غریب ہے اس طریق سے
حدیث کی ہمسے یحیی نے کہا حدیث کی ہمسے یعلی بن عبید نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن عبید اللہ نے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی بندہ یہانتک ہاتھ اُٹھا کر کہ اسکی بغلیں ظاہر ہوں اللہ تعالی سے سوال کرے تو اللہ تعالی اسکو دیتا ہے جبتک جلدی نہ کرے
کہا لوگوں نے یا رسول اللہ اور جلدی کرنی اسکی کیونکر ہے فرمایا آپ نے یہ کہے میں نے سوال کیا اور سوال کیا اور مجھے کوئی چیز نہیں ملی۔ اور روایت
کیا ہے اس حدیث کو زہری نے ابی عبید سے جو ابن ازہر کا غلام ہے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلعم سے کہ فرمایا آپنے تم میں سے ہر ایک کی دعا قبول ہوتی ہے

هذا حديث حسن صحيح غريب من حديث ابي هريرة لا نعرفه الا من هذا الوجه **باب** حدثنا الحسين بن يزيد الكوفي ثنا عبد السلام بن حرب عن ليث عن الربيع بن انس عن انس بن مالك قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انا اول الناس خروجا اذا بعثوا وانا خطيبهم اذا وفدوا وانا مبشرهم اذا ايسوا لواء الحمد يومئذ بيدي وانا اكرم ولد آدم على ربي ولا فخر هذا حديث حسن غريب حدثنا الحسين بن يزيد نا عبد السلام بن حرب عن يزيد بن ابي خالد عن المنهال بن عمرو عن عبد الله بن الحارث عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انا اول من تنشق عنه الارض فاكسى الحلة من حلل الجنة ثم اقوم عن يمين العرش ليس احد من الخلائق يقوم ذلك المقام غيري هذا حديث حسن غريب صحيح **باب** حدثنا محمد بن بشار نا ابو عاصم نا سفيان وهو الثوري عن ليث وهو ابن ابي سليم قال ثني كعب ثني ابو هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم سلوا الله لي الوسيلة قالوا يا رسول الله وما الوسيلة قال اعلى درجة في الجنة لا ينالها الا رجل واحد ارجو ان اكون انا هو هذا حديث غريب وكعب ليس هو بمعروف ولا نعلم احدا روى عنه غير ليث بن ابي سليم حدثنا محمد بن بشار نا ابو عامر العقدي نا زهير بن محمد عن عبد الله بن محمد بن عقيل عن الطفيل بن ابي بن كعب عن ابيه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال مثلي في النبيين كمثل رجل بنى دارا فاحسنها واكملها واجملها وترك منها موضع لبنة فجعل الناس يطوفون بالبناء ويعجبون منه ويقولون لو تم موضع تلك اللبنة وانا في النبيين موضع تلك اللبنة وبهذا الاسناد عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا كان يوم القيمة كنت امام النبيين وخطيبهم وصاحب شفاعتهم

یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے طریق ابی ہریرہ سے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے **باب** حدیث کی ہمسے حسین بن یزید کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد السلام بن حرب نے لیث سے اُسنے ربیع بن انس سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میں سب سے پہلے نکلونگا جب لوگ قبروں سے اٹھائے جائینگے اور میں کلام کرنیوالا ہوں جب اللہ کے پاس آئینگے اور میں انکو بشارت دینے والا ہوں جب وہ ناامید ہوں اس دن علم حمد کا میرے ہاتھ میں ہوگا۔ اور حضرت آدم کی تمام اولاد سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک مکرم ہوں اور میں فخر[1] سے نہیں کہتا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے حسین بن یزید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد السلام بن حرب نے یزید بن ابی خالد سے اُسنے منہال بن عمرو سے اُسنے عبد اللہ بن حارث سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے لیے سب سے پہلے زمین پھاڑی جائیگی سو میں لباس جنت کے لباسوں سے پہنونگا پھر میں عرش کی داہنی جانب کھڑا ہونگا سوائے میرے کوئی شخص نہیں جو اس مقام میں کھڑا ہو۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے **باب** **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عاصم نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان ثوری نے لیث بن ابی سلیم سے کہا حدیث کی مجھے کعب نے کہا حدیث کی مجھے ابو ہریرہ نے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے واسطے اللہ تعالیٰ سے وسیلہ طلب کرو کہا لوگوں نے یا رسول اللہ وسیلہ کیا چیز ہے فرمایا آپنے اعلیٰ درجہ ہے جنت میں سوائے ایک مرد کے اور کوئی اسکو نہیں پائیگا میں امید رکھتا ہوں کہ وہ میں ہی ہونگا۔ یہ حدیث غریب ہے اور کعب معروف نہیں ہے اور ہم نہیں جانتے کہ سوائے لیث بن ابی سلیم کے اور کسی نے اس سے روایت کی ہو **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر عقدی نے کہا حدیث کی ہمسے زہیر بن محمد نے عبد اللہ بن محمد بن عقیل سے اُسنے طفیل بن ابی بن کعب سے اُسنے اپنے باپ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری مثال نبیوں میں اس شخص کی مانند ہے کہ جسنے ایک گھر بنایا اور اسکو بہت اچھا بنایا اور کامل کیا اور زینت ناک کیا اور ایک اینٹ کی جگہ اسمیں سے چھوڑ دی سو لوگوں نے اس بنا کے گرد پھرنا شروع کیا اور اس سے متعجب ہوتے رہے اور کہتے کہ اگر اس اینٹ کی جگہ پوری ہو جائے (تو بہتر ہو) اور میں[2] نبیوں میں اس اینٹ کی جگہ ہوں۔ اور اسی اسناد سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے ہے کہ فرمایا آپنے جب قیامت کا دن ہوگا تو میں نبیوں کا امام اور انکا خطبہ پڑھنے والا اور صاحب شفاعت ہونگا

[1] بلکہ اللہ تعالیٰ کی نعمت کا بیان کرتا ہوں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے واما بنعمة ربك فحدث یعنے اسکی نعمت بیان کر اور نیز اس سبب سے کہ مجھے تبلیغ کا حکم ہے اس امر کی بھی تبلیغ کر دیتا ہوں اور علم حمد کا ہے الحمد میں ہوگا غرض اس کی یہ ہے کہ خصوصیت حمد الٰہی کی اسدن میرے ساتھ ہی ہوگی یعنے اسکی حمد میں ہی کرونگا ۱۲ [2] یعنے رسالت کا گھر میرے ساتھ پورا مکمل ہوا ہے میرے آنے سے پہلے ابھی مکمل نہیں ہوا تھا اگرچہ ہر ایک نبی نے اپنی رسالت کا پورا حق ادا کیا مگر بقیہ نقصان کو آنحضرت نے ہی ختم کیا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آنحضرت خاتم النبیین ہیں ۱۲

هذا حديث صحيح حدثنا يوسف بن موسى القطان البغدادي نا عبيد الله بن موسى عن اسمعيل بن ابي خالد عن يزيد بن ابي زياد عن عبد الله بن الحارث عن العباس بن عبد المطلب قال قلت يا رسول الله ان قريشا جلسوا فتذاكروا احسابهم بينهم فجعلوا مثلك مثل نخلة في كبوة من الارض فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان الله خلق الخلق فجعلني من خير فرقهم وخير الفريقين ثم خير القبائل فجعلني من خير القبيلة ثم خير البيوت فجعلني من خير بيوتهم فانا خيرهم نفسا وخيرهم بيتا هذا حديث حسن وعبد الله بن الحارث هو ابن نوفل حدثنا محمود بن غيلان نا ابو احمد نا سفيان عن يزيد بن ابي زياد عن عبد الله بن الحارث عن المطلب بن ابي وداعة قال جاء العباس الى رسول الله صلى الله عليه وسلم وكانه سمع شيئا فقام النبي صلى الله عليه وسلم على المنبر فقال من انا فقالوا انت رسول الله عليك السلام قال انا محمد بن عبد الله بن عبد المطلب ان الله خلق الخلق فجعلني في خيرهم ثم جعلهم فرقتين فجعلني في خيرهم فرقة ثم جعلهم قبائل فجعلني في خيرهم قبيلة ثم جعلهم بيوتا فجعلني في خيرهم بيتا وخيرهم نفسا هذا حديث حسن وقد روى عن سفيان الثوري عن يزيد بن ابي زياد نحو حديث اسمعيل بن ابي خالد عن يزيد بن ابي زياد عن عبد الله بن الحارث عن العباس بن عبد المطلب حدثنا محمد بن اسمعيل نا سليمان بن عبد الرحمن الدمشقي نا الوليد بن مسلم نا الاوزاعي نا شداد ابو عمار ثني واثلة بن الاسقع قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله اصطفى كنانة من ولد اسمعيل واصطفى قريشا من كنانة واصطفى هاشما من قريش واصطفاني من بني هاشم هذا حديث حسن غريب صحيح حدثنا ابو همام الوليد بن شجاع بن الوليد البغدادي نا الوليد بن مسلم عن الاوزاعي عن يحيى بن ابي كثير عن ابي سلمة عن ابي هريرة قال قالوا يا رسول الله صلى الله عليه وسلم متى وجبت لك النبوة قال وآدم بين الروح والجسد۔

یہ حدیث صحیح ہے حدیث کی ہمسے یوسف بن موسی قطان بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن موسی نے اسمعیل بن ابی خالد سے اسنے یزید بن ابی زیاد سے اسنے عبد اللہ بن حارث سے اسنے عباس بن عبد المطلب سے کہا اسنے میں نے کہا یا رسول اللہ قریش بیٹھکر آپسمیں حسب نسب کا ذکر رہے ہیں سو انھوں نے آپکی مثال کھجور کے مانند بنائی ہے جو زمین کے ایک ٹیلے پر ہو پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی نے خلقت کو پیدا کیا اور مجھے سب سے بہتر فرقے سے کیا اور دونوں فریق کو بہتر بنایا پھر تمام قبیلوں کو بہتر بنایا اور مجھے سب سے بہتر قبیلے میں کیا پھر بہتر بنایا تمام گھروں کو اور مجھے سب سے بہتر گھر میں کیا سو میں سب سے بہتر ہوں اپنے نفس میں اور سب سے بہتر ہوں گھر میں۔ یہ حدیث حسن ہے۔ اور عبد اللہ بن حارث وہ ابن نوفل ہے حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے یزید بن ابی زیاد سے اسنے عبد اللہ بن حارث سے اسنے مطلب بن ابی وداعہ سے کہا اسنے حضرت عباس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور گویا انھوں نے کوئی بات سنی تھی پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم منبر پر کھڑے ہوئے اور پوچھا میں کون ہوں کہا لوگوں نے آپ اللہ تعالی کے رسول ہیں آپ پر سلام ہو فرمایا آپنے میں محمد ہوں بیٹا عبد اللہ بن عبد المطلب کا اللہ تعالی نے خلقت کو پیدا کیا اور مجھے انہیں سے بہتر میں کیا پھر انکو دو فرقے بنایا اور مجھے انہیں سے بہتر فرقے میں کیا پھر انکے کئی قبیلے بنائے اور مجھے سب سے بہتر قبیلے میں کیا پھر انکے گھر بنائے اور مجھے سب سے بہتر گھر اور بہتر نفس میں کیا یہ حدیث حسن ہے۔ اور روایت کی گئی سفیان ثوری سے اسنے یزید بن ابی زیاد سے مثل حدیث اسمعیل بن ابی خالد کی جو مروی ہے یزید بن ابی زیاد سے اسنے روایت کی عبد اللہ بن حارث سے اسنے عباس بن عبد المطلب سے حدیث کی ہمسے محمد بن اسمعیل نے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان بن عبد الرحمن دمشقی نے کہا حدیث کی ہمسے ولید بن مسلم نے کہا حدیث کی ہمسے اوزاعی نے کہا حدیث کی ہمسے شداد ابو عمار نے کہا حدیث کی مجھے واثلہ بن اسقع نے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی نے حضرت اسمعیل علیہ السلام کی اولاد سے کنانہ کو برگزیدہ کیا اور کنانہ سے قریش کو برگزیدہ کیا اور قریش سے ہاشم کو برگزیدہ کیا اور بنی ہاشم سے مجھے برگزیدہ کیا یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے حدیث کی ہمسے ابو ہمام یعنے ولید بن شجاع بن ولید بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے ولید بن مسلم نے اوزاعی سے اسنے یحیی بن ابی کثیر سے اسنے ابی سلمہ سے اسنے ابی ہریرہ سے کہا اسنے کہا لوگوں نے یا رسول اللہ کب آپ کے لیے نبوت حاصل ہوئی تھی فرمایا آپ نے اس حالت میں کہ حضرت آدم درمیان روح اور جسم کے تھے

واول مشفع یوم القیمة ولا فخر وانا اول من یحرك حلق الجنة فیفتح الله لی فیدخلنیها ومعی فقراء المؤمنین ولا فخر وانا اکرم الاولین والاخرین ولا فخر هذا حدیث غریب **حدثنا** زید بن اخزم الطائی البصری ثنا ابو قتیبة سلم بن قتیبة قال ثنی ابو مودود المدنی نا عثمٰن بن الضحاك عن محمد بن یوسف بن عبد الله بن سلام عن ابیه عن جده قال مكتوب فی التوراة صفة محمد و عیسی بن مریم یدفن معه قال فقال ابو مودود قد بقی فی البیت موضع قبر هذا حدیث حسن غریب هكذا قال عثمٰن بن الضحاك والمعروف الضحاك بن عثمان المدینی **حدثنا** بشر بن هلال الصواف البصری نا جعفر بن سلیمان الضبعی عن ثابت عن انس بن مالك قال لما كان الیوم الذی دخل فیه رسول الله صلی الله علیه وسلم المدینة اضاء منها كل شیء فلما كان الیوم الذی مات فیه اظلم منها كل شیء وما نفضنا عن رسول الله صلی الله علیه وسلم الایدی وانا لفی دفنه حتی انكرنا قلوبنا هذا حدیث صحیح غریب **باب** ما جاء فی میلاد النبی صلی الله علیه وسلم **حدثنا** محمد بن بشار العبدی نا وهب بن جریر نا ابی قال سمعت محمد بن اسحٰق یحدث عن المطلب بن عبد الله بن قیس بن مخرمة عن ابیه عن جده قال ولدت انا ورسول الله صلی الله علیه وسلم عام الفیل قال وسأل عثمان بن عفان قباث بن اشیم اخا بنی یعمر بن لیث انت اكبر ام رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم اكبر منی وانا اقدم منه فی المیلاد قال ورأیت خذق الطیر اخضر محیلا هذا حدیث حسن غریب لا نعرفه الا من حدیث محمد بن اسحاق **باب** ما جاء فی بدء نبوة النبی صلی الله علیه وسلم **حدثنا** الفضل بن سهل ابو العباس الاعرج البغدادی نا عبد الرحمٰن بن غزوان نا یونس بن ابی اسحٰق عن ابی بكر بن ابی موسی الاشعری عن ابیه قال

اور سب سے پہلے جسکی شفاعت قبول ہوگی اور فخر سے نہیں کہتا۔ اور میں ہی سب سے پہلے جنت کے حلقے کو ہلاؤنگا سو اللہ تعالیٰ اسکو میرے لیے کھولیگا اور مجھکو اسمیں داخل کریگا اور میرے ساتھ فقراء مؤمنین کو بھی اور میں فخر سے نہیں کہتا اور تمام پہلوں اور پچھلوں کا مکرم ہوں اور فخر سے نہیں کہتا۔ یہ حدیث غریب ہے **حدیث** کی ہمسے زید بن اخزم طائی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے ابو قتیبہ سلم بن قتیبہ نے کہا حدیث کی مجھسے ابو مودود مدنی نے کہا حدیث کی مجھے عثمان بن ضحاک نے محمد بن یوسف بن عبد اللہ بن سلام سے اسنے اپنے باپ سے اسنے اپنے دادا سے کہا اسنے توریت میں صفت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی لکھی ہوئی ہے اور حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام آنحضرت کے ساتھ ہی دفن کیے جائینگے۔ کہا راوی نے پس کہا ابو مودود نے اسکی گھر میں ایک قبر کی جگہ باقی ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ایسا ہی کہا ہے عثمان بن ضحاک نے اور معروف ضحاک بن عثمان مدنی ہے **حدیث** کی ہمسے بشر بن ہلال صواف بصری نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیمان ضبعی نے ثابت سے اسنے انس بن مالک سے کہا اسنے جسدن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مدینہ میں داخل ہوے تو ہر ایک چیز اُسنے روشن ہوگئی اور جسدن میں کہ آنحضرت فوت ہوے تو ہر ایک چیز اُس سے سیاہ ہوگئی۔ اور ابھی ہمنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے دفن کرنے سے ہاتھ صاف نہیں کیے تھے اور آپ کے دفن میں ہی تھے کہ ہمنے اپنے دلونکو منکر پایا[1]۔ یہ حدیث صحیح غریب ہے۔ **باب** نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی ولادت کے بیانمیں **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار عبدی نے کہا حدیث کی ہمسے وہب بن جریر نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے کہا سنا میں نے محمد بن اسحاق سے کہ حدیث کرتا تھا مطلب بن عبد اللہ بن قیس بن مخرمہ سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہا اُسنے میں اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہاتھیوں والے سال میں پیدا ہوے ہیں کہا محمد نے عثمان بن عفان نے قباث بن اشیم یعنے یعمر بن لیث کے بھائی سے سوال کیا کہ تو بڑا ہے یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پس کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مجھسے قدر میں بڑے ہیں اور میں پیدائش میں آپ سے بڑا ہوں کہا اسنے اور میں نے ہاتھی کی لید سبز متغیر اللون دیکھی ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق محمد بن اسحاق سے **باب** نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی ابتدا کے بیانمیں **حدیث** کی ہمسے فضل بن سہل یعنے ابو العباس اعرج بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن غزوان نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن ابی اسحاق نے ابی بکر بن ابی موسی اشعری سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے

[1] یعنے نورانیت جو آپ کے حضور اور مشاہدہ سے حاصل تھی جاتی رہی ۱۲ منہ مراد اس سے وہ قصہ ہے جو سورہ الم ترکیف میں مذکور ہے یعنے جس سال میں کہ وہ لوگ کعبہ کو گرانے کے قصد پر آئے تھے اس سال میں

غير فخر هذا حديث حسن صحيح غريب حدثنا ابن ابي عمر نا سفيان عن ابن جدعان عن ابي نضرة عن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انا سيد ولد ادم يوم القيمة ولا فخر وبيدي لواء الحمد ولا فخر وما من نبي يومئذ ادم فمن سواه الا تحت لوائي وانا اول من تنشق عنه الارض ولا فخر وفي الحديث قصة وهذا حديث حسن حدثنا محمد بن اسمعيل اخبرنا عبد الله بن يزيد المقرى نا حيوة انا كعب بن علقمة سمع عبد الرحمن بن جبير انه سمع عبد الله بن عمرو انه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اذا سمعتم المؤذن فقولوا مثل ما يقول ثم صلوا على فانه من صلى على صلوة صلى الله عليه بها عشرا ثم سلوا لى الوسيلة فانها منزلة في الجنة لا تنبغي الا لعبد من عباد الله وارجو ان اكون انا هو ومن سال لى الوسيلة حلت عليه الشفاعة هذا حديث حسن صحيح قال محمد عبد الرحمن بن جبير هذا قرشي وهو مصري وعبد الرحمن بن جبير بن نفير شامي حدثنا على بن نصر بن على الجهضمي نا عبيد الله بن عبد المجيد نا زمعة بن صالح عن سلمة بن وهرام عن عكرمة عن ابن عباس قال جلس ناس من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم ينتظرونه قال فخرج حتى اذا دنا منهم سمعهم يتذاكرون فسمع حديثهم فقال بعضهم عجبا ان الله اتخذ من خلقه خليلا اتخذ ابراهيم خليلا وقال اخر ماذا باعجب من كلام موسى كلمه تكليما وقال اخر فعيسى كلمة الله وروحه وقال اخر ادم اصطفاه الله فخرج عليهم فسلم وقال قد سمعت كلامكم وعجبكم ان ابراهيم خليل الله وهو كذلك وموسى نجي الله وهو كذلك وعيسى روحه وكلمته وهو كذلك وادم اصطفاه الله وهو كذلك الا وانا حبيب الله ولا فخر وانا حامل لواء الحمد يوم القيمة ولا فخر وانا اول شافع

سوائے فخر کے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابن جدعان سے اُسنے ابی نضرہ سے اُسنے ابی سعیدؓ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میں قیامت کے دن حضرت آدم کی اولاد کا سردار ہونگا اور فخر سے نہیں کہتا اور میرے ہاتھ میں علم حمد کا ہوگا اور فخر سے نہیں کہتا کوئی اسدن نبی حضرت آدم اور اسکے ماسوا نہیں ہوگا مگر کہ میرے علم کے نیچے ہوگا۔ اور میرے لیے ہی سب سے پہلے زمین پھاڑی جاویگی اور فخر سے نہیں کہتا۔ اور اس حدیث میں قصہ ہے اور یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمعیل نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن یزید مقری نے کہا حدیث کی ہمسے حیوہ نے کہا خبر دی ہمکو کعب بن علقمہ نے سنا اُسنے عبد الرحمن بن جبیر سے سنا اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے سنا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے جب تم اذان دینے والے کی اذان سنو تو کہتے جاؤ جسطرح کہ مؤذن کہتا ہے پھر مجھپر درود پڑھو اسواسطے کہ جو میرے اوپر ایک بار درود پڑھیگا خدا اسکے سبب سے دس بار اسپر رحمت کریگا پھر میرے واسطے وسیلہ مانگو سو البتہ وسیلہ بہشت میں ایک بڑے عمدہ مقام کا نام ہے نہیں لائق ہے وہ مقام مگر ایک بندے کے واسطے خدا کے بندوں سے اور امیدوار ہوں کہ وہ بندہ میں ہی ہونگا سو جو شخص خدا سے میرے واسطے وہ وسیلہ مانگا کریگا یعنے اذان کے بعد تو اسپر میری شفاعت[1] ضرور ہوگی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ کہا محمد نے عبد الرحمن بن جبیر یہ قریشی اور مصری ہے اور عبد الرحمن بن جبیر بن نفیر شامی ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن نصر بن علی جہضمی نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن عبد المجید نے کہا حدیث کی ہمسے زمعہ بن صالح نے سلمہ بن وہرام سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ انکی انتظاری کے لیے بیٹھے یہانتک کہ جب آنحضرت انکے نزدیک پہونچے تو آپنے انکا آپس کا مذاکرہ سنا اور انکی باتیں سنیں پس کوئی تو متعجب ہوکر یہ کہتا کہ اللہ تعالی نے اپنی پیدائش سے خلیل بنایا ہے یعنے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنا خلیل مقرر کیا اور کوئی کہتا یہ بات حضرت موسی کے ساتھ کلام کرنے سے عمدہ نہیں اللہ تعالی نے اُنسے کلام کیا ہے اور کوئی کہتا عیسی اللہ کا کلمہ اور روح اسکی ہے اور کوئی کہتا حضرت آدم کو اللہ تعالی نے برگزیدہ کیا ہے پس آنحضرت آنہر نکلے اور سلام دیا اور فرمایا میں نے تمھاری باتیں اور تمھارے تعجب کی یہ وجہ سنی ہے کہ ابراہیم اللہ کا خلیل ہے اور وہ ایسے ہی ہیں اور موسی اللہ سے ہم کلام ہوا ہے اور یہ ایسا ہی ہے اور عیسی روح اور کلمہ اللہ کا ہے اور یہ ایسا ہی ہے اور آدم کو اللہ تعالی نے برگزیدہ کیا ہے اور یہ ایسا ہی ہے خبردار اور میں اللہ کا حبیب ہوں اور فخر سے نہیں کہتا اور میں قیامت کے دن حمد کا علم اٹھانیوالا ہوں اور فخر سے نہیں کہتا اور میں ہوں قیامت کے دن سب سے پہلے شفاعت کرنیوالا

[1] اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ بعد اذان کے اول حضرت پر درود پڑھے پھر وہ دعا پڑھے جسمیں وسیلہ کا ذکر ہے تاکہ حضرت کی شفاعت اُسکے گناہ بخشوا دے اور درود کی بڑی فضیلت اس حدیث

فاقام بمكة ثلثة عشر وبالمدينة عشرا وتوفي وهو ابن ثلاث وستين هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمد بن بشار نا
ابن ابي عدي عن هشام عن عكرمة عن ابن عباس قال قبض النبي صلى الله عليه وسلم وهو ابن خمس وستين سنة هكذا ثنا
محمد بن بشار وروى عنه محمد بن اسمعيل مثل ذلك **حدثنا** قتيبة عن مالك بن انس ح وثنا الانصاري نا معن نا مالك
بن انس عن ربيعة بن ابي عبد الرحمن انه سمع انس بن مالك يقول لم يكن رسول الله صلى الله عليه وسلم بالطويل البائن
ولا بالقصير ولا بالابيض الامهق ولا بالآدم وليس بالجعد القطط ولا بالسبط بعثه الله على رأس اربعين سنة فاقام بمكة
عشر سنين وبالمدينة عشر سنين وتوفاه الله على رأس ستين سنة وليس في رأسه ولحيته عشرون شعرة بيضاء هذا حديث
حسن صحيح **باب** ماجاء في آيات نبوة النبي صلى الله عليه وسلم وما قد خصه الله به **حدثنا** محمد بن بشار ومحمود بن
غيلان قالا نا ابو داود الطيالسي نا سليمان بن معاذ الضبي عن سماك بن حرب عن جابر بن سمرة قال قال رسول الله صلى الله
عليه وسلم ان بمكة حجرا كان يسلم علي ليالي بعثت اني لاعرفه الآن هذا حديث حسن غريب **حدثنا** محمد بن بشار نا
يزيد بن هارون نا سليمان التيمي عن ابي العلاء عن سمرة بن جندب قال كنا مع النبي صلى الله عليه وسلم نتداول من قصعة
من غدوة حتى الليل تقوم عشرة وتقعد عشرة قلنا فمما كانت تمد قال من اي شيء تعجب ما كانت تمد الا من ههنا واشار بيده
الى السماء هذا حديث حسن صحيح وابو العلاء اسمه يزيد بن عبد الله بن الشخير **باب** **حدثنا** عباد بن يعقوب الكوفي نا الوليد
بن ابي ثور عن السدي عن عباد بن ابي يزيد عن علي بن ابي طالب قال كنت مع النبي صلى الله عليه وسلم بمكة فخرجنا في بعض نواحيها

سو مکہ میں تیرہ سال ٹھہرے رہے اور مدینہ میں دس اور فوت ہوئے اس حالت میں کہ ترسٹھ[۱] سال کے تھے یہ حدیث حسن صحیح ہے
حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی نے ہشام سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے
نبی صلے اللہ علیہ وسلم فوت ہوئے اس حالت میں کہ پینسٹھ[۱] سال کے تھے۔ ایسا ہی حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے اور روایت کی
اُس سے محمد بن اسمٰعیل نے مثل اسکے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے مالک بن انس سے ح اور حدیث کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث
کی ہمسے معن نے مالک بن انس سے اُسنے ربیعہ بن ابی عبد الرحمن سے یہ کہ سنا اُسنے انس بن مالک سے کہ کہتا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
نہ تو بہت لمبے تھے اور نہ چھوٹے اور نہ بہت سفید اور نہ سرخ اور نہ بہت گھونگھر والے بال تھے اور نہ دراز اللہ تعالی نے چالیس[۱] برس کی عمر پر
آپکو مبعوث کیا سو مکہ میں دس سال رہے اور مدینہ میں بھی دس سال اور ساٹھ[۱] سال کے سر پر آپکو اللہ تعالی نے فوت کیا اور آپکی
ریش مبارک میں بیس بال سفید بھی نہ تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی علامات کے بیان میں
اور جس چیز سے کہ آپکو اللہ تعالی نے خاص کیا ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار اور محمود بن غیلان نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے
ابو داؤد طیالسی نے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان بن معاذ ضبی نے سماک بن حرب سے اُسنے جابر بن سمرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے مکہ میں ایک پتھر ہے وہ مجھے ان راتوں میں کہ میں مبعوث ہوا ہوں سلام کیا کرتا تھا میں اب بھی اسکو پہچانتا ہوں
یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان تیمی نے
ابی العلاء سے اُسنے سمرہ بن جندب سے کہا اُسنے ہم نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صبح سے شام تک نوبت بنوبت ایک پیالہ
سے کھاتے رہے دس آدمی چلے جاتے اور دس بیٹھ جاتے کہا ہمنے وہ پیالہ کس چیز سے مدد دیا جاتا تھا کہا جابر نے تم کس چیز سے
متعجب ہوتے ہو نہ مدد ملتی تھی مگر اس طرف سے اور اُسنے ہاتھ سے آسمان کی طرف اشارت کی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور
ابو العلاء کا نام یزید بن عبد اللہ بن شخیر ہے **باب** **حدیث** کی ہمسے عباد بن یعقوب کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے ولید بن ابی ثور
نے سدی سے اُسنے عباد بن ابی یزید سے اُسنے علی بن ابی طالب سے کہا اُسنے میں مکہ میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے
ساتھ تھا سو ہم ایک راستہ میں نکلے

[۱] یہ حدیث ماسبق کے مخالف ہے کیونکہ اسمیں ذکر ہے کہ آپ مکہ میں تیرہ سال مقیم رہے اور نیز کسی میں ذکر ہے کہ اپکی عمر ساٹھ سال کی تھی اور کسی میں ترسٹھ اور چونسٹھ اور کسی میں پینسٹھ کہا بخاری نے ترسٹھ کی روایت
اکثر ہے اور وجہ اختلاف کی یہ ہے کہ کسی نے تو کسر یعنے سال سے اوپر کے مہینوں کو شمار کرکے زیادہ عمر بیان کر دی اور کسی نے اسکو چھوڑ کر کم ذکر کر دی ہے اور راوی نے یہ صفات محمودہ و بیان کی ہیں اُنسے غرض اسکی یہ ہے کہ آنحضرت [illegible]

خرج ابو طالب الی الشام وخرج معہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی اشیاخ من قریش فلما اشرفوا علی الراھب ھبطوا فحلوا رحالھم فخرج الیھم الراھب وکانوا قبل ذلک یمرون بہ فلا یخرج الیھم ولا یلتفت قال فھم یحلون رحالھم فجعل یتخللھم الراھب حتی جاء فاخذ بید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ھذا سید العالمین ھذا رسول رب العالمین یبعثہ اللہ رحمۃ للعالمین فقال لہ اشیاخ من قریش ما علمک فقال انکم حین اشرفتم من العقبۃ لم یبق حجر ولا شجر الا خر ساجدا ولا یسجدان الا لنبی وانی اعرفہ بخاتم النبوۃ اسفل من غضروف کتفہ مثل التفاحۃ ثم رجع فصنع لھم طعاما فلما اتاھم بہ فکان ھو فی رعیۃ الابل فقال ارسلوا الیہ فاقبل وعلیہ غمامۃ تظلہ فلما دنا من القوم وجدھم قد سبقوہ الی فیء الشجرۃ فلما جلس مال فیء الشجرۃ علیہ فقال انظروا الی فیء الشجرۃ مال علیہ قال فبینما ھو قائم علیھم وھو یناشدھم ان لا یذھبوا بہ الی الروم فان الروم ان رأوہ عرفوہ بالصفۃ فیقتلونہ فالتفت فاذا بسبعۃ قد اقبلوا من الروم فاستقبلھم فقال ما جاء بکم قالوا جئنا ان ھذا النبی خارج فی ھذا الشھر فلم یبق طریق الا بعث الیہ باناس وانا قد اخبرنا خبرہ بعثنا الی طریقک ھذا فقال ھل خلفکم احد ھو خیر منکم قالوا انما اخبرنا خبرہ بطریقک قال افرأیتم امرا اراد اللہ ان یقضیہ ھل یستطیع احد من الناس ردہ قالوا لا قال فبایعوہ واقاموا معہ قال انشدکم باللہ ایکم ولیہ قالوا ابو طالب فلم یزل یناشدہ حتی ردہ ابو طالب وبعث معہ ابو بکر بلالا وزودہ الراھب من الکعک والزیت ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من ھذا الوجہ **باب** ما جاء فی مبعث النبی صلی اللہ علیہ وسلم وابن کم کان حین بعث **حدثنا** محمد بن اسمعیل نا محمد بن بشار نا ابن ابی عدی عن ھشام بن حسان عن عکرمۃ عن ابن عباس قال انزل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو ابن اربعین

ابوطالب شام کی طرف (تجارت کے لیے) نکلا اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم بھی اسکے ساتھ معہ چند شیخوں قریش سے کے نکلے پس جب راہب کے پاس پہونچے تو اترے اور اپنے کجاوے انکو کھولا اور راہب انکی طرف نکلا اور اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ پکڑ لیا اور کہنے لگا یہ سردار ہے تمام جہانیوں کا یہ رسول ہے رب العالمین کا اسکو اللہ تعالیٰ تمام جہان کی رحمت کے لیے بھیجیگا پس اسکو قریشی بوڑھوں نے کہا کسنے تجھے بتلایا ہے کہا اُسنے جب تم اس وادی سے اترے ہو تو کوئی پتھر اور درخت باقی نہیں رہا مگر کہ سجدہ میں گر پڑا اور یہ سوائے نبی کے اور کسی کے لیے سجدہ نہیں کرتے اور میں اسکو مہر نبوت سے پہچانتا ہوں جو کاندھے کی غضروف سے نیچے ہے مثل سیب کے پھر وہ راہب واپس گیا اور انکے لیے کھانا تیار کیا پس جب کھانا لیکر انکے پاس آیا اور آنحضرت اونٹوں کی نگاہبانی میں تھے پس کہا راہب نے آنحضرت کی طرف کوئی آدمی بھیجو سو آنحضرت آئے اس حالت میں کہ آپ پر بادل سایہ کیے ہوئے تھا پھر جب آنحضرت قوم کے پاس پہونچے تو دیکھا آپ نے انکو کہ وہ درخت کے سایہ کی طرف سبقت لیگئے ہیں پھر جب آنحضرت بیٹھ گئے تو درخت کا سایہ آپ پر جھک گیا پس کہا راہب نے دیکھو درخت کے سایہ کی طرف کہ اُنپر جھک گیا ہے کہا راوی نے اسوقت میں کہ راہب انکے پاس ابھی کھڑا ہی تھا اور انکو قسم دے رہا تھا کہ انکو روم کی طرف نہ لیجاؤ کیونکہ جب رومی انکو دیکھ لینگے تو انکو صفتوں کے ساتھ پہچان جائینگے اور قتل کرینگے پس دیکھا تو سات آدمی روم کی طرف سے آرہے ہیں پس اس راہب نے انکا استقبال کیا اور کہا کون چیز تمکو ادھر لائی ہے کہا انھوں نے آئے ہیں اسلیے کہ یہ نبی اس مہینہ میں نکلنے والا ہے سو ہر ایک راستہ کی طرف آدمی بھیجے گئے ہیں اور ہمکو انکی خبر ملی ہے ہم تیرے اس راستہ کی طرف بھیجے گئے ہیں پس کہا اس راہب نے کیا تمھارے پیچھے کوئی ہے جو تمسے بہتر ہو کہا انھوں نے ہمکو انکی خبر تیرے اس راستہ کی ملی ہے کہا راہب نے مجھے بتلاؤ تو سہی کہ اگر اللہ تعالیٰ کسی کام کے کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو کوئی آدمی لوگوں سے اسکو روک سکتا ہے کہا انھوں نے کہ نہیں کہا راوی نے پس انھوں نے آنحضرت کی بیعت کرلی اور آپکے ساتھ ٹھہر رہے کہا راہب نے (قریشیوں سے) میں تمکو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کون تم میں سے اسکا والی ہے کہا انھوں نے ابوطالب پس بہت دیر تک انکو قسم دیتا رہا یہانتک کہ ابوطالب نے آپکو واپس کردیا اور ابوبکر نے آپکے ساتھ بلال کو بھیجا اور راہب نے آپکو ٹکیاں اور روغن دیا یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے **باب** نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے مبعوث ہونیکے بیان میں اور جب مبعوث ہوے تو کس عمر کے تھے **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمعیل نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی نے ہشام بن حسان سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے رسول اللہ صلعم پر وحی نازل ہوئی اس حالت میں کہ چالیس سال کے

فوجدت رسول الله صلى الله عليه وسلم جالسا في المسجد ومعه الناس قال فقمت عليهم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم
ارسلك ابو طلحة فقلت نعم قال بطعام فقلت نعم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لمن معه قوموا قال فانطلقوا وانطلقت
بين ايديهم حتى جئت ابا طلحة فاخبرته فقال ابو طلحة يا ام سليم قد جاء رسول الله صلى الله عليه وسلم بالناس وليس عندنا
ما نطعمهم قالت ام سليم الله ورسوله اعلم قال فانطلق ابو طلحة حتى لقي رسول الله صلى الله عليه وسلم فاقبل رسول الله صلى الله
عليه وسلم وابو طلحة معه حتى دخلا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هلمي يا ام سليم ما عندك فاتته بذلك الخبز فامر به
رسول الله صلى الله عليه وسلم ففت وعصرت ام سليم بعكة لها فادمته ثم قال فيه رسول الله صلى الله عليه وسلم ما شاء الله
ان يقول ثم قال ائذن لعشرة فاذن لهم فاكلوا حتى شبعوا ثم خرجوا ثم قال ائذن لعشرة فاذن لهم فاكلوا حتى شبعوا ثم خرجوا ثم
قال ائذن لعشرة فاذن لهم فاكلوا حتى شبعوا ثم خرجوا فاكل القوم كلهم وشبعوا والقوم سبعون او ثمانون رجلا هذا حديث
حسن صحيح **باب حدثنا** اسحق بن موسى الانصاري نا معن نا مالك بن انس عن اسحق بن عبد الله بن ابي طلحة عن انس
بن مالك قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم وحانت صلوة العصر والتمس الناس الوضوء فلم يجدوا فاتي رسول الله صلى الله
عليه وسلم بوضوء فوضع رسول الله صلى الله عليه وسلم يده في ذلك الاناء وامر الناس ان يتوضأوا منه قال فرأيت الماء ينبع
من تحت اصابعه فتوضأ الناس حتى توضؤا من عند اخرهم وفي الباب عن عمران بن حصين وابن مسعود وجابر حديث انس
حديث حسن صحيح **باب حدثنا** اسحق بن موسى الانصاري نا يونس بن بكير نا محمد بن اسحق قال ثني الزهري عن عروة
عن عائشة انها قالت اول ما ابتدئ به رسول الله صلى الله عليه وسلم من النبوة حين اراد الله كرامته ورحمة العباد بيه

پس میں نے آپکو مسجد میں بیٹھے ہوئے پایا اور آپ کے ساتھ کئی آدمی تھے کہا انس نے سو میں انکے پاس جا کھڑا ہوا سو فرمایا
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تجھے ابو طلحہ نے بھیجا ہے میں نے کہا ہاں فرمایا آپ نے ساتھ طعام کے میں نے کہا کہ ہاں
پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو جو آپ کے پاس تھے فرمایا کہ کھڑے ہو جاؤ کہا انس نے سو وہ چلے اور میں انکے
آگے چلا یہاں تک کہ میں ابا طلحہ کے پاس آیا اور اسکو خبر دی سو کہا ابو طلحہ نے اے ام سلیم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مع لوگوں کے
تشریف لائے ہیں اور ہمارے پاس اسقدر کھانا نہیں کہ انکو کھلائیں کہا ام سلیم نے اللہ اور رسول اسکا بہتر جانتا ہے کہا اسنے
پھر ابو طلحہ استقبال کو چلا یہاں تک کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آئے اور ابو طلحہ بھی
آپ کے ساتھ تھا یہاں تک کہ دونوں گھر میں داخل ہوئے پھر فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اے ام سلیم جو کچھ تیرے پاس ہے اسکو
لا سو وہ آپکے پاس وہی روٹیاں لائی پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا تو وہ ٹکڑے ٹکڑے کی گئیں اور ام سلیم نے اسمیں گھی کا
کپہ نچوڑ کر انکو تر کر دیا پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو چاہا اسمیں پڑھا پھر فرمایا دس کو اذن دو سو اسنے انکو اذن دیا تو انہوں نے
کھا لیا یہاں تک کہ سیر ہو گئے پھر نکل گئے پھر فرمایا آپ نے دس کو اذن دو سو اسنے انکو اذن دیا تو انھوں نے بھی کھایا یہاں تک کہ سیر ہو گئے
پھر نکل گئے پھر فرمایا آپ نے دس کو اذن دو سو اسنے انکو اذن دیا پھر انھوں نے کھایا یہاں تک کہ سیر ہو گئے پھر نکل گئے سو تمام قوم نے کھا لیا
اور سیر ہو گئی اور اس قوم کے ستر یا اسی آدمی تھے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب حدیث** کی ہمسے اسحاق بن موسی انصاری نے کہا حدیث
کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن انس نے اسحاق بن عبد اللہ بن ابی طلحہ سے اسنے انس بن مالک سے کہا اسنے میں نے رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اس حالت میں کہ نماز عصر کا وقت قریب ہو گیا اور لوگوں نے پانی کی تلاش کی اور نہ پایا پس رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم کے پاس برتن پانی کا لایا گیا اور آپ نے اس برتن میں اپنا دست مبارک رکھدیا اور لوگوں کو اس سے وضو کرنیکا حکم دیا کہا راوی نے
میں نے دیکھا کہ آپکی انگلیوں کے نیچے سے پانی جوش مارتا ہے سو لوگوں نے وضو کیا یہاں تک کہ سب نے وضو کر لیا۔ اور اس باب میں روایت
ہے عمران بن حصین اور ابن مسعود اور جابر سے رضی اللہ عنہم حدیث انس کی حدیث حسن صحیح ہے **باب حدیث** کی ہمسے اسحاق بن موسی
انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن بکیر نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن اسحاق نے کہا حدیث کی مجھے زہری نے عروہ سے اسنے عائشہ
رضی اللہ عنہا سے یہ کہ کہا اسنے نبوت سے پہلے پہل جسکے ساتھ رسول اللہ صلعم شروع ہوئے جبکہ اللہ تعالی نے آپکی عزت اور بندوں کے لیے رحمت کا ارادہ کیا

فما استقبله جبل ولا شجر الا وهو يقول السلام عليك يا رسول الله هذا حديث حسن غريب وقد روى غير واحد عن الوليد بن ابي ثور وقالوا عن عباد بن ابي يزيد منهم فروة بن ابي المغراء **باب** حدثنا محمود بن غيلان نا عمر بن يونس عن عكرمة بن عمار عن اسحق بن عبد الله بن ابي طلحة عن انس بن مالك ان رسول الله صلى الله عليه وسلم خطب الى لزق جذع واتخذوا له منبرا فخطب عليه فحن الجذع حنين الناقة فنزل النبي صلى الله عليه وسلم فمسه فسكت وفي الباب عن ابي وجابر وابن عمر و سهل بن سعد وابن عباس وام سلمة حديث انس هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه حدثنا محمد بن اسمعيل نا محمد بن سعيد نا شريك عن سماك عن ابي ظبيان عن ابن عباس قال جاء اعرابي الى رسول الله صلى الله عليه وسلم قال بما اعرف انك نبي قال ان دعوت هذا العذق من هذه النخلة تشهد اني رسول الله فدعاه رسول الله صلى الله عليه وسلم فجعل ينزل من النخلة حتى سقط الى النبي صلى الله عليه وسلم ثم قال ارجع فعاد فاسلم الاعرابي هذا حديث حسن غريب صحيح **باب** حدثنا محمد بن بشار نا ابو عاصم نا عزرة بن ثابت نا علباء بن احمر نا ابو زيد بن اخطب قال مسح رسول الله صلى الله عليه وسلم يده على وجهي ودعا لي قال عزرة انه عاش مائة وعشرين سنة وليس في رأسه الا شعيرات بيض هذا حديث حسن غريب وابو زيد اسمه عمرو بن اخطب **باب** حدثنا اسحق بن موسى الانصاري نا معن قال عرضت على مالك بن انس عن اسحق بن عبد الله بن ابي طلحة انه سمع انس بن مالك يقول قال ابو طلحة لام سليم لقد سمعت صوت رسول الله صلى الله عليه وسلم ضعيفا اعرف فيه الجوع فهل عندك من شيء فقالت نعم فاخرجت اقراصا من شعير ثم اخرجت خمارا لها فلفت الخبز ببعضه ثم دسته في يدي وردتني ببعضه ثم ارسلتني الى رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فذهبت به اليه

پس جو کوئی پہاڑ اور درخت آپکو ملتا وہ یہی کہتا السلام علیک یا رسول اللہ یہ حدیث حسن غریب ہے اور کئی ایک نے ولید بن ابی ثور سے روایت کی ہے اور کہا انھوں نے یہ روایت ہے عباد بن ابی ثور سے انہیں سے فروہ بن ابی المغرا ہے **باب** حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے عمر بن یونس نے عکرمہ بن عمار سے اُسنے اسحاق بن عبد اللہ بن ابی طلحہ سے اُسنے انس بن مالک سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تنہ کھجور کے متصل (کچھ مدت) خطبہ پڑھا اور آپ کے لیے منبر بنایا گیا پھر آپ نے اسپر خطبہ پڑھا تو وہ تنہ درخت کا اونٹنی کے رونے کی طرح رویا پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم (منبر سے) اترے اور اسکو مس کیا پس وہ خاموش ہوا۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی اور جابر اور ابن عمر اور سہل بن سعد اور ابن عباس اور ام سلمہ سے رضی اللہ عنہم حدیث انس کی جو یہ ہے حسن صحیح غریب ہے اس طریق سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمٰعیل نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے سماک سے اُسنے ابی ظبیان سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے ایک اعرابی رسول اللہ صلعم کے پاس آیا کہنے لگا میں کس وجہ سے معلوم کروں کہ آپ نبی ہیں فرمایا آپ نے اگر میں اس کھجور کی اس شاخ کو بلاؤں وہ گواہی دے کہ میں اللہ کا رسول ہوں پس اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلایا سو اُسنے کھجور سے اترنا شروع کیا یہانتک کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے گر پڑی پھر فرمایا آپ نے واپس چلی جا سو وہ لوٹ گئی اور وہ اعرابی مسلمان ہو گیا۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔ **باب** حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عاصم نے کہا حدیث کی ہمسے عزرہ بن ثابت نے کہا حدیث کی ہمسے علباء بن احمر نے کہا حدیث کی ہمسے ابو زید بن اخطب نے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک کو میرے منھ پر ملا اور میرے حق میں دعا کی کہا عزرہ نے وہ شخص ایک سو بیس برس تک زندہ رہا اور اسکے سر میں کچھ تھوڑے ہی بال سفید تھے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور ابو زید کا نام عمرو بن اخطب ہے **باب** حدیث کی ہمسے اسحاق بن موسی انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا اُسنے میں نے مالک بن انس کے آگے پیش کیا اُسنے روایت کی اسحاق بن عبد اللہ بن ابی طلحہ سے یہ کہ سنا اُسنے انس بن مالک سے کہ یہ کہتا ابو طلحہ نے ام سلیم سے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز سنی ہے کہ بہت ضعیف تھی میں اس سے معلوم کرتا ہوں کہ آپکو بھوک ہے سو کیا تیرے پاس کچھ کھانا ہے کہا اُسنے ہاں پھر اُسنے جو کی کئی روٹیاں نکالیں پھر اُسنے اپنی اوڑھنی نکالی سو بعض میں تو وہ روٹیاں لپیٹ دیں پھر اسکو میری بغل میں چھپا دیا اور بعض اوڑھنی مجھے اُڑھا دی پھر مجھے اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بھیجا کہا انس نے سو میں انکو آنحضرت کے پاس لیگیا

ولا بالطويل هذا حديث حسن صحيح **باب** حدثنا سفيان بن وكيع نا حميد بن عبد الرحمن نا زهير عن ابي اسحق قال
سأل رجل البراء اكان وجه رسول الله صلى الله عليه وسلم مثل السيف قال لا مثل القمر هذا حديث حسن صحيح **باب**
حدثنا محمد بن اسمعيل نا ابو نعيم نا المسعودي عن عثمان بن مسلم بن هرمز عن نافع بن جبير بن مطعم عن علي قال لم يكن
النبي صلى الله عليه وسلم بالطويل ولا بالقصير شثن الكفين والقدمين ضخم الراس ضخم الكراديس طويل المسربة اذا مشى تكفأ
تكفيا كانما ينحط من صبب لم ار قبله ولا بعده مثله صلى الله عليه وسلم هذا حديث حسن صحيح حدثنا سفيان بن وكيع
نا ابي عن المسعودي بهذا الاسناد نحوه **باب** حدثنا ابو جعفر محمد بن الحسين بن ابي حليمة من قصر الاحنف واحمد بن
عبدة الضبي وعلي بن حجر قالوا نا عيسى بن يونس نا عمر بن عبد الله مولى غفرة ثني ابراهيم بن محمد من ولد علي بن ابي طالب قال
كان علي اذا وصف النبي صلى الله عليه وسلم قال ليس بالطويل الممغط ولا بالقصير المتردد وكان ربعة من القوم ولم يكن بالجعد
القطط ولا بالسبط كان جعدا رجلا ولم يكن بالمطهم ولا بالمكلثم وكان في الوجه تدوير ابيض مشرب ادعج العينين اهدب الاشفار
جليل المشاش والكتد اجرد ذو مسربة شثن الكفين والقدمين اذا مشى تقلع كانما يمشي في صبب واذا التفت التفت معا
بين كتفيه خاتم النبوة وهو خاتم النبيين اجود الناس صدرا واصدق الناس لهجة والينهم عريكة واكرمهم عشرة من رآه بديهة
هابه ومن خالطه معرفة احبه يقول ناعته لم ار قبله ولا بعده مثله صلى الله عليه وسلم هذا حديث ليس اسناده بمتصل
قال ابو جعفر سمعت الاصمعي يقول في تفسير صفة النبي صلى الله عليه وسلم يقول الممغط الذاهب طولا قال وسمعت اعرابيا

اور نہ دراز قد۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے حمید بن عبدالرحمن نے کہا
حدیث کی ہمسے زہیر نے ابی اسحاق سے کہا اُسنے ایک مرد نے براء سے سوال کیا کہ کیا چہرہ مبارک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا مثل تلوار
کے تھا کہا اُسنے نہیں بلکہ[۵۵] مثل چاند کے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمٰعیل نے کہا حدیث کی ہمسے
ابو نعیم نے کہا حدیث کی ہمسے مسعودی نے عثمان بن مسلم بن ہرمز سے اُسنے نافع بن جبیر بن مطعم سے اُسنے حضرت علی سے کہا اُسنے
نبی صلے اللہ علیہ وسلم نہ لمبے تھے اور نہ چھوٹے ہاتھ اور پاؤں قوی بزرگ سر درشت جوڑ سینے کے بالوں کی دھار لمبی جب چلتے تو
آگے کی طرف مائل ہوتے گویا اونچے سے نیچی طرف اترتے ہیں میں نے آنحضرت سے پہلے اور پیچھے مثل انکے نہیں دیکھا
یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے مسعودی سے ساتھ اس اسناد
کے مثل اسکے **باب حدیث** کی ہمسے ابو جعفر یعنے محمد بن حسین بن ابی حلیمہ نے جو احنف بن قیس کے محل سے ہے اور احمد بن
عبدۃ ضبی اور علی بن حجر نے کہا انہوں نے حدیث کی ہمسے عیسیٰ بن یونس نے کہا حدیث کی ہمسے عمر بن عبداللہ نے جو غفرہ کا غلام
ہے کہا حدیث کی مجھے ابراہیم بن محمد نے جو علی بن ابی طالب کی اولاد سے ہے کہا اُسنے جب حضرت علی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی صفت
بیان کرتے تو کہتے نہ آنحضرت بہت دراز قد تھے اور نہ بہت چھوٹے اور قوم سے درمیانہ قد تھے اور آپ کے نہ بہت گھونگھر والے
بال تھے اور نہ محض سیدھے اور سر کے بالوں کے سرے لٹے ہوئے کنگھی کیے ہوئے تھے اور نہ آپکا چہرہ تھوڑی گولائی کے ساتھ نہ بالکل
سولوان نہ پُر گوشت تھا گندمی رنگ بہت سیاہ آنکھیں دراز پلکیں قوی جوڑ زبردست شانے بدن پر کم بال سینے سے ناف تک
سیدھی لکیر بالوں کی۔ ہاتھ اور پاؤں قوی جب چلتے تو قوت سے چلتے گویا ڈھالوں زمین پر چلتے ہیں۔ اور جب مڑ کر دیکھتے پھر نظر دیکھتے
درمیان کاندھوں کے مہر نبوت تھی اور وہ خاتم النبیین ہیں لوگوں سے زیادہ دل سخی رکھتے تھے اور قول میں سب سے
سچے اور زیادہ سب سے رقیق القلب اور اصحاب کے ساتھ سب سے کرم اور جو شخص آپکو دفعۃً دیکھتا اسپر رعب
چھا جاتا۔ اور جو کوئی آپ سے ہم کلام ہوتا اسکے دل میں محبت پیدا ہو جاتی صفت بیان کرنیوالا کہتا ہے کہ میں نے نہ آنحضرت سے
پہلے اور نہ پیچھے کوئی آپ کے مثل نہیں دیکھا۔ اس حدیث کی اسناد متصل نہیں ہے کہا ابو جعفر نے سنا میں نے اصمعی سے کہتے تھے نبی
صلے اللہ علیہ وسلم کی صفت کی تفسیر میں کہتا ممغط کے معنے جسکا قد لمبا ہو اور سنا میں نے ایک اعرابی سے

[۵۵] نسخ موجودہ میں لفظ بل کا نہیں شمائل ترمذی اور مسلم میں لفظ بل کا ہے جسکے معنے بلکہ کے ہیں اسی لحاظ سے ترجمہ میں بلکہ کا لفظ ذکر کیا گیا ۱۲

ان لا یری شیئا الا جاءت کفلق الصبح فمکث علی ذلک ما شاء اللہ ان یمکث وحبب الیہ الخلوۃ فلم یکن شیء احب الیہ
من ان یخلو ھذا حدیث حسن صحیح غریب **باب** **حدثنا** محمد بن بشار قال نا ابو احمد الزبیری نا اسرائیل عن منصور
عن ابراھیم عن علقمۃ عن عبد اللہ قال انکم تعدون الآیات عذابا وانا کنا نعدھا علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
برکۃ لقد کنا ناکل الطعام مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم ونحن نسمع تسبیح الطعام قال واتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم باناء
فوضع یدہ فیہ فجعل الماء ینبع من بین اصابعہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم حی علی الوضوء المبارک والبرکۃ من السماء
حتی توضأنا کلنا ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء کیف کان ینزل الوحی علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا**
اسحق بن موسی الانصاری نا معن ھو ابن عیسی نا مالک عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ ان الحارث بن ھشام
سال النبی صلی اللہ علیہ وسلم کیف یاتیک الوحی فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احیانا یاتینی مثل صلصلۃ الجرس
وھو اشدہ علی واحیانا یتمثل لی الملک رجلا فیکلمنی فاعی ما یقول قالت عائشۃ فلقد رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ینزل علیہ الوحی فی الیوم الشدید البرد فیفصم عنہ وان جبینہ لیتفصد عرقا ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء
فی صفۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** محمود بن غیلان نا وکیع نا سفیان عن ابی اسحق عن البراء قال ما رایت
من ذی لمۃ فی حلۃ حمراء احسن من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لہ شعر یضرب منکبیہ بعید ما بین المنکبین لم یکن بالقصیر

یہ تھا کہ جو خواب دیکھتے تھے صبح کے نور کی طرح ظاہر ہوتے تھے سو جسقدر اللہ کی مرضی ٹھہرانے کی تھی ٹھہرے رہے اور آپکو خلوت پسند ہوئی سو آپکو خلوت سے زیادہ کوئی چیز پسند نہ تھی یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **باب** **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد زبیری نے کہا حدیث کی ہمسے اسرائیل نے منصور سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے علقمہ سے اُسنے عبد اللہ سے کہا اُسنے تم تو آیتوں[1] کو عذاب شمار کرتے ہو اور ہم اُنکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں برکت شمار کرتے تھے۔ ہم نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کھانا کھاتے تھے اور کھانے کی تسبیح سنتے تھے کہا اُسنے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک برتن لایا گیا سو آپ نے اسمین دست مبارک رکھا پس آپکی انگلیوں سے پانی نے جوش مارنا شروع کر دیا پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے آؤ پانی مبارک اور برکت پر جو آسمان سے نازل ہوئی ہے یہانتک کہ ہم سب نے وضو کیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر وحی کسطرح نازل ہوتی تھی **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن موسی انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن بن عیسی نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے کہ حارث بن ہشام نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ آپکو وحی کیونکر آتی ہے پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کبھی تو مجھے گھنٹے کی آواز کی طرح آتی ہے اور یہ سب سے مجھپر سخت ہے[2] اور کبھی فرشتہ میرے پاس مرد کی شکل بنکر آتا ہے اور مجھسے کلام کرتا ہے سو میں نگاہ رکھتا ہوں جو وہ کہتا ہے۔ کہا عائشہ رضی اللہ عنہا نے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر سخت سردی کے دنوں میں وحی اترتے دیکھا ہے سو وہ وحی آپ سے جدا ہوتی اس حالت میں کہ آپکی پیشانی پسینہ بہاتی تھی یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی صفت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے براء سے کہا اُسنے میں نے کوئی شخص لمبے بالوں والا سرخ لباس میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے خوبصورت نہیں دیکھا آپ کے بال تھے جو کاندھوں کے قریب پہونچتے تھے آپکا سینہ چوڑا تھا نہ آپ پست قد تھے

[1] آیات سے مراد معجزات ہیں یا قرآن کی آیتیں یہ دونوں مؤمن کے لیئے برکت ہیں اور اسکے ایمان کے لیے زیادتی کا باعث ہیں اور کافر کے لیے تخویف ہیں بقولہ تعالی وما نرسل بالآیات الا تخویفا اور حق یہ ہے کہ بعض آیتیں تخویف ہیں اور بعض برکت ہیں اور کہا گیا ہے معنے اسکے یہ ہیں ہمکو تو آیات سے برکت اور دیدار برکات حاصل ہوتی ہے اور تمکو سوائے تخویف کے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا کیونکہ وقیقہ اعتبارات کو نہیں پہونچ سکتے ظاہر حدیث سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ مراد آیات سے وہ اشیاء مراد ہیں جو خلاف عادت ہوں مثلاً معجزات کیونکہ مثال یہ پانی کے زیادہ ہونے کی ہے اسی پر دال ہے ابن عباس کی غرض یہ ہے کہ تم لوگ جو نئی چیز خلاف عادت الٰہی کے دیکھتے ہو تو گمان کرتے ہو کہ یہ نزول کوئی ہمارے حق میں عذاب کا باعث ہے جیسا کہ ان دنوں عام لوگوں کا خیال ہوتا ہے اور ہمارا یہ حال تھا کہ ہم ایسی چیز کو برکت خیال کرتے تھے کیونکہ ضرور ہی اس سے کوئی نیا فائدہ حاصل ہوگا ۱۲ [2] آنحضرت کو علوم تین طرح پر وحی آتی تھی ایک دحیہ کلبی کی شکل پر دوسرے خواب میں۔ تیسرے یہ کہ آپ پر ایسی حالت ہوتی تھی کہ سردی کے دنوں میں بھی آپ پسینے میں تر ہو جاتے تھے اور آپکا بڑا بوجھ ہو جاتا تھا یعنے آپ انسانی حالت سے ملکی حالت میں ہو جاتے تھے یہ حالت آپ پر سخت گذرتی تھی ۱۲

لا نعرفه من حديث ليث بن سعد الا من هذا الوجه **باب** ما جاء فی خاتم النبوة **حدثنا** قتيبة نا حاتم بن اسمٰعيل عن الجعد بن عبد الرحمٰن قال سمعت السائب بن يزيد يقول ذهبت بی خالتی الی النبی صلی الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله ان ابن اختی وجع فمسح برأسی و دعا لی بالبركة وتوضأ فشربت من وضوئه فقمت خلف ظهره فنظرت الی الخاتم بين كتفيه فاذا هو مثل زر الحجلة وفی الباب عن سلمان وقرة بن اياس المزنی وجابر بن سمرة وابی رمثة وبريدة الاسلمی وعبد الله بن سرجس وعمرو بن اخطب وابی سعيد هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه **حدثنا** سعيد بن يعقوب الطالقانی نا ايوب بن جابر عن سماك بن حرب عن جابر بن سمرة قال كان خاتم رسول الله صلی الله عليه وسلم يعنی الذی بين كتفيه غدة حمراء مثل بيضة الحمامة هذا حديث حسن صحيح **باب** **حدثنا** احمد بن منيع نا عباد بن العوام انا الحجاج هو ابن ارطاة عن سماك بن حرب عن جابر بن سمرة قال كان فی ساق رسول الله صلی الله عليه وسلم حموشة وكان لا يضحك الا تبسما وكنت اذا نظرت اليه قلت اكحل العينين وليس باكحل صلی الله عليه وسلم هذا حديث حسن صحيح غريب **باب** **حدثنا** احمد بن منيع نا ابو قطن نا شعبة عن سماك بن حرب عن جابر بن سمرة قال كان رسول الله صلی الله عليه وسلم ضليع الفم اشكل العينين منهوس العقب هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** ابو موسی محمد بن المثنی نا محمد بن جعفر نا شعبة عن سماك بن حرب عن جابر بن سمرة قال كان رسول الله صلی الله عليه وسلم ضليع الفم اشكل العينين منهوس العقب قال شعبة قلت لسماك ما ضليع الفم قال واسع الفم قلت ما اشكل العينين قال طويل شق العين قلت ما منهوس العقب قال قليل اللحم هذا حديث حسن صحيح **باب** **حدثنا** قتيبة نا ابن لهيعة عن ابی يونس عن ابی هريرة قال

نہیں پہچانتے ہم اسکو لیث بن سعد سے مگر اسی طریق سے **باب** مہر نبوت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے حاتم بن اسمٰعیل نے جعد بن عبدالرحمٰن سے کہا اُسنے سنا میں نے سائب بن یزید سے کہ کہتا مجھے میری خالہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لیگئی اور کہا اُسنے یا رسول اللہ میرا بھانجا بیمار ہے پس آپ نے میرے سر پہ ہاتھ پھیرا اور میرے لیے برکت کی دعا کی اور آپ نے وضو کیا سو میں نے آپکا بچا ہوا پانی پیا پھر میں پشت مبارک کے پیچھے کھڑا ہو گیا اور مہر نبوت کی طرف جو درمیان دونوں کاندھوں کے تھی دیکھا تو وہ مثل تکمہ ڈولی کے تھی۔ اور اس باب میں روایت ہے سلیمان اور قرہ بن ایاس مزنی اور جابر بن سمرہ اور ابی رمثہ اور بریدہ اسلمی اور عبداللہ بن سرجس اور عمرو بن اخطب اور ابی سعید سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اس طریق سے **حدیث** کی ہمسے سعید بن یعقوب طالقانی نے کہا حدیث کی ہمسے ایوب بن جابر نے سماک بن حرب سے اُسنے جابر بن سمرہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر نبوت جو درمیان دونوں کاندھوں کے تھی گرہ گوشت سرخ کی تھی مثل کبوتر کے انڈے کے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے عباد بن عوام نے کہا خبر دی ہمکو حجاج بن ارطاۃ نے سماک بن حرب سے اُسنے جابر بن سمرہ سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پنڈلیاں نازک تھیں اور سوائے تبسم کے اور قسم ہنسی کی نہ کرتے تھے اور جب میں آنحضرت کو دیکھتا تو کہتا کہ آپ نے سرمہ لگایا ہوا ہے حالانکہ آپ نے سرمہ لگایا نہیں ہوتا تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **باب** **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ابو قطن نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے سماک بن حرب سے اُسنے جابر بن سمرہ سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فراخ منہ گندمی آنکھیں خفیف الجثہ تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے ابو موسیٰ یعنے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے سماک بن حرب سے اُسنے جابر بن سمرہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فراخ منہ گندمی آنکھیں خفیف الجثہ تھے کہا شعبہ نے میں نے سماک سے کہا ضلیع الفم کے کیا معنے ہیں کہا اُسنے فراخ منہ میں نے کہا اشکل العینین کے کیا معنے کہا اُسنے آنکھوں کے کنارے لمبے[1] میں نے کہا منہوس العقب کے کیا معنے کہا اُسنے کم گوشت۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے ابی یونس سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے

---

[1] یہ تفسیر جو ذکر کی گئی ہے راوی کا وہم ہے بلکہ بہتر تفسیر وہ ہے جو اوپر ترجمہ میں گذر چکی یعنے معنے اشکل العینین کے سفیدی سرخی مائل آنکھیں معنونکو تمام مفسرین اور لغت والوں نے لکھا ہے یہی صواب ہیں

يقول فى كلامه تمغط فى نشابة اى مدها مدا شديدا واما المتردد فالداخل بعضه فى بعض قصرا واما القطط فالشديد الجعودة والرجل الذى فى شعره حجونة اى ينحنى قليلا واما المطهم فالبادن الكثير اللحم واما المكلثم المدور الوجه واما المشرب فهو الذى فى بياضه حمرة والادعج الشديد سواد العين والاهدب الطويل الاشفار والكتد مجتمع الكتفين وهو الكاهل والمسربة هو الشعر الدقيق الذى هو كانه قضيب من الصدر الى السرة والشثن الغليظ الاصابع من الكفين والقدمين والتقلع ان يمشى بقوة والصبب الحدور تقول انحدرنا من صبوب وصبب وقوله جليل المشاش يريد رؤس المناكب والعشرة الصحبة والعشير الصاحب والبديهة المفاجاة يقول بدهته بامر اى فجئته

باب حدثنا حميد بن مسعدة نا حميد بن الاسود عن اسامة بن زيد عن الزهرى عن عروة عن عائشة قالت ماكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يسرد سردكم هذا ولكنه كان يتكلم بكلام بينه فصل يحفظه من جلس اليه هذا حديث صحيح لا نعرفه الا من حديث الزهرى وقد رواه يونس بن يزيد عن الزهرى

باب حدثنا محمد بن يحيى نا ابو قتيبة سلم بن قتيبة عن عبد الله بن المثنى عن ثمامة عن انس بن مالك قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعيد الكلمة ثلاثا لتعقل عنه هذا حديث حسن صحيح غريب انما نعرفه من حديث عبد الله بن المثنى

باب حدثنا قتيبة نا ابن لهيعة عن عبيد الله بن المغيرة عن عبد الله بن الحارث بن جزء قال ما رأيت احدا اكثر تبسما من رسول الله صلى الله عليه وسلم هذا حديث غريب وقد روى عن يزيد بن ابى حبيب عن عبد الله بن الحارث بن جزء مثل هذا حدثنا بذلك احمد بن خالد الخلال نا يحيى بن اسحق نا الليث بن سعد عن يزيد بن ابى حبيب عن عبد الله بن الحارث بن جزء قال ماكان ضحك رسول الله صلى الله عليه وسلم الا تبسما هذا حديث صحيح غريب

کہ اپنے کلام میں کہنا تمغط فى نشابة یعنے اُسنے اسکو بہت لمبا کھینچا اور متردد جو چھوٹا ہو اور بعض بعض میں داخل ہو یعنے فربہ ہو اور قطط جسکے بہت گھونگھر والے بال ہوں اور رجل جسکے بالوں میں قدرے ٹیڑھائی ہو یعنے تھوڑے سے منحنی ہوں اور مطہم جو پُر گوشت ہو اور مکلثم جو مدور چہرہ ہو اور مشرب وہ ہے جسکی سفیدی میں سرخی ہو اور ادعج جسکی آنکھیں بہت سیاہ ہوں اور اہدب جسکی دراز پلکیں ہوں۔ اور کتد جسکے کاندھے زبردست ہوں۔ اور مسربہ وہ باریک بال گویا وہ شاخ ہے سینے سے ناف تک اور شثن جسکی ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیاں فربہ ہوں۔ اور تقلع قوت سے چلنا اور صبب نشیب کو اُترنا کہتے ہیں انحدرنا من صبوب وصبب اور قوله جليل المشاش سے مراد یہ ہے کہ کاندھوں کے سرے قوی تھے اور عشرہ کے معنے اصحاب کے ہیں اور عشیر صاحب اور بدیہۃ کے معنے مفاجات کے ہیں کہتے ہیں بدہته بامر اى فجئته

باب حدیث کی ہمسے حمید بن مسعدہ نے کہا حدیث کی ہمسے حمید بن اسود نے اسامہ بن زید سے اُسنے زہری سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تمہاری طرح جلدی نہیں کرتے تھے لیکن ایسا کلام فیصل اور واضح طور پر بیان کرتے کہ پاس بیٹھنے والا اسکو یاد کر لیتا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق زہری سے۔ اور روایت کیا اسکو یونس بن یزید نے زہری سے

باب حدیث کی ہمسے محمد بن یحیی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو قتیبہ یعنے سلم بن قتیبہ نے عبد اللہ بن مثنی سے اُسنے ثمامہ سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک کلمہ کو تین بار اعادہ کرتے تھے تاکہ سمجھ میں آجاوے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے ہم تو فقط اسکو طریق عبد اللہ بن مثنی سے ہی پہچانتے ہیں

باب حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے عبید اللہ بن مغیرہ سے اُسنے عبد اللہ بن حارث بن جزء سے کہا اُسنے میں نے کوئی شخص تبسم میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے زیادہ نہیں دیکھا۔ یہ حدیث غریب ہے اور مروی ہے بواسطہ یزید بن ابی حبیب کے عبد اللہ بن حارث بن جزء سے مثل اُسکے حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے احمد بن خالد خلال نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن اسحاق نے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد نے یزید بن ابی حبیب سے اُسنے عبد اللہ بن حارث بن جزء سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا ہنسنا سوا تبسم[1] کے اور کچھ نہ تھا۔ یہ حدیث صحیح غریب ہے

---

[1] تبسم کے معنے صراح میں لب شیرین کردن کے ہیں یعنے منھ ہنسی کا بنانا دانت نہ نکالنا ۱۲

باب حدثنا العباس العنبری والحسین بن مهدی البصری قال نا عبد الرزاق عن ابن جریج قال اخبرت عن ابن شهاب الزهری عن عروة عن عائشة وقال الحسین بن مهدی فی حدیث ابن جریج عن الزهری عن عروة عن عائشة ان النبی صلی الله علیه وسلم مات وهو ابن ثلاث وستین هذا حدیث حسن صحیح وقد رواه ابن اخی الزهری عن الزهری عن عروة عن عائشة مثل هذا **مناقب ابی بکر الصدیق** رضی الله عنه واسمه عبد الله بن عثمان ولقبه عتیق حدثنا محمود بن غیلان نا عبد الرزاق نا الثوری عن ابی اسحٰق عن ابی الاحوص عن عبد الله قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ابرأ الی کل خلیل من خله ولو کنت متخذا خلیلا لاتخذت ابن ابی قحافة خلیلا وان صاحبکم لخلیل الله هذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن ابی سعید وابی هریرة وابن عباس وابن الزبیر حدثنا ابراهیم بن سعید الجوهری نا اسمٰعیل بن ابی اویس عن سلیمان بن بلال عن هشام بن عروة عن ابیه عن عائشة عن عمر بن الخطاب قال ابوبکر سیدنا وخیرنا واحبنا الی رسول الله صلی الله علیه وسلم هذا حدیث صحیح غریب حدثنا احمد بن ابراهیم الدورقی نا اسمٰعیل بن ابراهیم عن الجریری عن عبد الله بن شقیق قال قلت لعائشة ای اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم کان احب الی رسول الله صلی الله علیه وسلم قالت ابوبکر قلت ثم من قالت عمر قلت ثم من قالت ثم ابو عبیدة بن الجراح قال قلت ثم من قال فسکتت هذا حدیث حسن صحیح حدثنا قتیبة نا محمد بن فضیل عن سالم بن ابی حفصة والاعمش وعبد الله بن صهبان وابن ابی لیلی وکثیر النواء کلهم عن عطیة عن ابی سعید قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان اهل الدرجات العلی لیراهم من تحتهم کما ترون النجم الطالع فی افق السماء وان ابابکر وعمر منهم وانعما

باب حدیث کی ہمسے عباس عنبری اور حسین بن مہدی بصری نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے ابن جریج سے کہا اُسنے مجھے ابن شہاب زہری سے خبر ملی ہے اُسنے روایت کی عروہ سے اُسنے عائشہ سے اور کہا حسین بن مہدی نے اپنی حدیث میں یہ روایت ہے زہری سے اُسنے روایت کی عروہ سے اُسنے عائشہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم فوت ہوے اس حالت میں کہ تریسٹھ سال کے تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کیا اسکو زہری کے بھتیجے نے زہری سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے مثل اسکے **مناقب حضرت ابو بکر صدیق** کے رضی اللہ عنہ نام انکا عبد اللہ بن عثمان ہے اور لقب انکا عتیق ہے حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے ثوری نے ابی اسحاق سے اُسنے ابی الاحوص سے اُسنے عبد اللہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میں ہر ایک دوست کی دوستی سے بری ہوں اگر میں نے کسی کو خلیل بنانا ہوتا تو ابی قحافہ کے بیٹے کو خلیل[۱] بناتا اور تمہارا صاحب اللہ کا خلیل ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی سعید اور ابی ہریرہ اور ابن عباس اور ابن زبیر سے رضی اللہ عنہم حدیث کی ہمسے ابراہیم بن سعید جوہری نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابی اویس نے سلیمان بن بلال سے اُسنے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے اُسنے عمر بن خطاب سے کہا اسنے ابو بکر صدیق ہمارے سردار اور ہمسے بہتر اور زیادہ پیارے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو تھے۔ یہ حدیث صحیح غریب ہے حدیث کی ہمسے احمد بن ابراہیم دورقی نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابراہیم نے جریری سے اُسنے عبد اللہ بن شقیق سے کہا اُسنے میں نے حضرت عائشہ سے کہا کونسا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا اصحاب آنحضرت کو زیادہ محبوب تھا کہا اُسنے ابو بکر صدیق۔ میں نے کہا بعد انکے کون کہا اُسنے عمر رضی اللہ عنہ میں نے کہا بعد انکے کون کہا اُسنے ابو عبیدہ بن جراح۔ کہا اُسنے میں نے کہا بعد اسکے کون کہا اُسنے پھر حضرت عائشہ خاموش ہو گئیں یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے سالم بن ابی حفصہ اور اعمش اور عبد اللہ بن صہبان اور ابن ابی لیلی اور کثیر النواء سے ان سب نے عطیہ سے اُسنے ابی سعید سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بلند درجے والے البتہ انکو اپنے نیچے سے ایسا دیکھیں گے جیسا کہ تم اس ستارے کو دیکھتے ہو جو آسمان کے کنارے پر چڑھا ہوا ہو۔ اور ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہما انھیں میں سے ہیں بلکہ اسنے زیادہ انعام میں

۱؎ خلت بالضم بمعنے صداقت و محبت جو دل میں گھر کر گئی ہو یعنے اگر میں نے ایسی دوستی کسی سے بنائی ہوتی تو ابو بکر صدیق سے بناتا وہی اس امر کے لائق ہے لیکن ایسی محبت اُنکی صرف جناب باری سے ہی ہے کسی غیر کو اسمیں شرکت کی گنجائش نہیں قولہ تمہارا صاحب مراد اس سے آنحضرت ہیں ابی قحافہ حضرت ابو بکر صدیق کے والد کی کنیت ہے ۱۲

ما رأيت شيئا احسن من رسول الله صلى الله عليه وسلم كان الشمس تجري في وجهه وما رأيت احدا اسرع في مشيه من رسول الله صلى الله عليه وسلم كانما الارض تطوى له انا لنجهد انفسنا وانه لغير مكترث هذا حديث غريب **باب** **حدثنا** قتيبة نا الليث عن ابي الزبير عن جابر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال عرض علي الانبياء فاذا موسى ضرب من الرجال كانه من رجال شنوءة ورأيت عيسى بن مريم فاذا اقرب الناس من رأيت به شبها عروة بن مسعود ورأيت ابراهيم فاذا اقرب من رأيت شبها صاحبكم يعني نفسه ورأيت جبرئيل فاذا اقرب من رأيت شبها دحية هذا حديث حسن صحيح غريب **باب** ما جاء في سن النبي صلى الله عليه وسلم وابن كم كان حين مات **حدثنا** احمد بن منيع ويعقوب بن ابراهيم الدورقي قالا نا اسمعيل بن علية عن خالد الحذاء قال ثني عمار مولى بني هاشم قال سمعت ابن عباس يقول توفي النبي صلى الله عليه وسلم وهو ابن خمس وستين **حدثنا** نصر بن علي الجهضمي نا بشر بن المفضل نا خالد الحذاء نا عمار مولى بني هاشم انا ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم توفي وهو ابن خمس وستين هذا حديث حسن الاسناد صحيح **باب** **حدثنا** احمد بن منيع نا روح بن عبادة نا زكريا بن اسحق نا عمرو بن دينار عن ابن عباس قال مكث النبي صلى الله عليه وسلم بمكة ثلث عشرة يعني يوحى اليه وتوفي وهو ابن ثلاث وستين وفي الباب عن عائشة وانس بن مالك ودغفل بن حنظلة ولا يصح لدغفل سماع من النبي صلى الله عليه وسلم وحديث ابن عباس حديث حسن غريب من حديث عمرو بن دينار **باب** **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبة عن ابي اسحق عن عامر بن سعيد عن جرير عن معوية بن ابي سفيان انه قال سمعته يخطب يقول مات رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو ابن ثلاث وستين وابوبكر وعمر وهما ابن ثلاث وستين هذا حديث حسن صحيح

میں نے کوئی چیز رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے خوبصورت نہیں دیکھی گویا آفتاب آپ کے منہ مبارک میں چلتا ہے۔ اور کوئی شخص میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے چلنے میں جلدی چلتا نہیں دیکھا گویا آپ کے لیے زمین طے کیجاتی تھی ہم تو اپنے نفسوں کو مشقت میں ڈالتے اور آنحضرت کچھ پرواہ نہ کرتے یہ حدیث غریب ہے **باب** **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے اوپر پیغمبر پیش کیے گئے ہیں دیکھا تو موسی علیہ السلام ایک قسم ہیں مردوں سے گویا شنوءہ (نام قبیلہ) کے مرد ہیں اور عیسی بیٹے مریم کو دیکھا تو میرے دیکھنے میں جسقدر آدمی آئے ہیں سب سے مشابہ انکے ساتھ عروہ بن مسعود ہے اور ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا تو میرے دیکھے ہوئے لوگوں سے مشابہ انکے ساتھ تمھارا صاحب ہے یعنے میں اور جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا تو میرے دیکھے ہوئے لوگوں سے مشابہ انکے ساتھ دحیہ کلبی ہے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **باب** نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی عمر کے بیان میں اور جب آنحضرت فوت ہوئے تو کتنی عمر کے تھے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع اور یعقوب بن ابراہیم دورقی نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن علیہ نے خالد الحذاء سے کہا حدیث کی مجھے عمار نے جو بنی ہاشم کا غلام ہے کہا سنا میں نے ابن عباس سے کہ کہتا نبی صلے اللہ علیہ وسلم فوت ہوئے اس حالت میں کہ آپ پینسٹھ برس کے تھے **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی جہضمی نے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن مفضل نے کہا حدیث کی ہمسے خالد حذاء نے کہا حدیث کی ہمسے عمار نے جو بنی ہاشم کا غلام ہے کہا خبر دی مجھے ابن عباس نے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم فوت ہوئے اس حالت میں کہ پینسٹھ سال کے تھے یہ حدیث حسن الاسناد صحیح ہے **باب** **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے روح بن عبادہ نے کہا حدیث کی ہمسے زکریا بن اسحاق نے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن دینار نے ابن عباس سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم مکہ میں تیرہ سال ٹھہرے رہے یعنے آپکی طرف تیرہ سال وحی آتی رہی اور فوت ہوئے اس حالت میں کہ تریسٹھ سال کے تھے۔ اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور انس بن مالک اور دغفل بن حنظلہ سے اور دغفل کا سماع نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے صحیح نہیں ہوا اور حدیث ابن عباس کی حسن غریب ہے حدیث عمرو بن دینار سے **باب** **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے ابی اسحاق سے اُسنے عامر بن سعد سے اُسنے جریر سے اُسنے معاویہ بن ابی سفیان سے یہ کہ کہا اُسنے سنا میں نے معاویہ سے خطبہ پڑھتے ہوئے کہ کہتا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہما فوت ہوئے اس حالت میں کہ تریسٹھ سال کے تھے اور میں بھی تریسٹھ سال کا ہوں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے

ھو المخیر و کان ابو بکر ھو اعلمنا بہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان من امن الناس علی فی صحبتہ ومالہ ابو بکر ولو کنت متخذا خلیلا لاتخذت ابا بکر خلیلا ولکن اخوۃ الاسلام لا تبقین فی المسجد خوخۃ الا خوخۃ ابی بکر ھذا حدیث حسن صحیح **باب حدثنا** علی بن الحسن الکوفی نا محبوب بن محرز القواریری عن داؤد بن یزید الاودی عن ابیہ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما لاحد عندنا ید الا وقد کافیناہ ما خلا ابا بکر فان لہ عندنا یدا یکافیہ اللہ بھا یوم القیمۃ وما نفعنی مال احد قط ما نفعنی مال ابی بکر ولو کنت متخذا خلیلا لاتخذت ابا بکر خلیلا الا وان صاحبکم خلیل اللہ ھذا حدیث حسن غریب من ھذا الوجہ **حدثنا** الحسن بن الصباح البزاز نا سفیان بن عیینۃ عن زائدۃ عن عبد الملک بن عمیر عن ربعی ھو ابن حراش عن حذیفۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اقتدوا باللذین من بعدی ابی بکر و عمر وفی الباب عن ابن مسعود ھذا حدیث حسن وروی سفیان الثوری ھذا الحدیث عن عبد الملک بن عمیر عن مولی لربعی عن حذیفۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** احمد بن منیع وغیر واحد قالوا نا سفیان بن عیینۃ عن عبد الملک بن عمیر نحوہ وکان سفیان بن عیینۃ یدلس فی ھذا الحدیث فربما ذکرہ عن زائدۃ عن عبد الملک بن عمیر وربما لم یذکر فیہ عن زائدۃ وروی ھذا الحدیث ابراھیم بن سعد عن سفیان الثوری عن عبد الملک بن عمیر عن ھلال مولی ربعی عن ربعی عن حذیفۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وقد روی ھذا الحدیث من غیر ھذا الوجہ ایضا عن ربعی عن حذیفۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** سعید بن یحیی بن سعید الاموی نا وکیع عن سالم ابی العلاء المرادی عن عمرو بن ھرم عن ربعی بن حراش عن حذیفۃ قال کنا جلوسا عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال انی لا ادری ما بقائی فیکم

تو اختیار ملا تھا اور حضرت ابوبکر اس بات کو ہم سے بہتر جانتے تھے پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے سب سے زیادہ احسان کرنے والا مجھ پر صحبت اور مال سے ابوبکر صدیق ہے اگر میں نے کسی کو مخلص دوست بنایا ہوتا تو ابوبکر کو مخلص دوست بناتا لیکن اخوت اسلام کی ہے ہے مسجد میں سوا دروازے ابوبکر کے اور کوئی دروازہ[1] باقی نہ رکھا جاوے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب حدیث** کی ہم سے علی بن حسین کوفی نے کہا حدیث کی ہم سے محبوب بن محرز قواریری نے داؤد بن یزید اودی سے اُنھے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس کسی کا ہم پر احسان تھا ہمنے اُسکا بدلہ اسکو دیدیا ہے سواے ابی بکر کے بیشک اسکا ہم پر احسان ہے اسکو بدلہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن دیگا۔ اور مجھے کسی کے مال نے کبھی اسقدر نفع نہیں دیا جسقدر کہ حضرت ابی بکر کے مال نے نفع دیا ہے اگر میں نے کسی کو خلیل بنانا ہوتا تو ابوبکر کو خلیل بناتا خبردار تمھارا صاحب اللہ کا خلیل ہے یہ حدیث حسن غریب ہے اس طریق سے۔ **حدیث** کی ہمسے حسن بن صباح بزاز نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے زائدہ سے اُسنے عبد الملک بن عمیر سے اُسنے ربعی بن حراش سے اُسنے حذیفہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اقتدا کرو ساتھ اُن لوگوں کے جو میرے پیچھے ہیں یعنے ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما اور اس باب میں روایت ہے ابن مسعود سے یہ حدیث حسن ہے۔ اور روایت کی سفیان ثوری نے یہ حدیث عبد الملک بن عمیر سے اُسنے ربعی کے غلام سے اُسنے ربعی سے اُسنے حذیفہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے۔ **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع اور کئی ایک نے کہا اُنہوں نے حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے عبد الملک بن عمیر سے مثل اسکے۔ اور سفیان بن عیینہ اس حدیث میں تدلیس کرتا تھا کبھی تو وہ اسکو ذکر کرتا تھا زائدہ سے وہ عبد الملک بن عمیر سے اور کبھی اسمیں زائدہ کا ذکر نہیں کرتا تھا۔ اور روایت کیا ہے اس حدیث کی ابراہیم بن سعد نے سفیان ثوری سے اُسنے عبد الملک بن عمیر سے اُسنے ربعی کے غلام سے اُسنے ربعی سے اُسنے حذیفہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ اور غیر اس وجہ سے بھی یہ حدیث بواسطہ ربعی کے حذیفہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے **حدیث** کی ہمسے سعید بن یحیٰ بن سعید اموی نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے سالم ابی العلاء مرادی سے اُسنے عمرو بن ہرم سے اُسنے ربعی بن حراش سے اُسنے حذیفہ سے کہا اُسنے ہم نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوے تھے پس فرمایا آپنے میں نہیں جانتا کہ مجھکو کبتک تم میں زندہ رہنا ہے۔

---

[1] مسجد نبوی کے متصل جو گھر تھے اُنکا ایک ایک چھوٹا دروازہ مسجد کی طرف بھی تھا اُسی سے نکل کر مسجد میں نماز وغیرہ کے لیے آجاتے حضرت نے فرمایا کہ سواے دروازۂ ابوبکر صدیق کے اور تمام دروازے جو مسجد کی طرف ہیں بند کر دیے جاویں یہ حدیث حضرت ابوبکر کی خلافت پر دلیل واضح ہے ۱۲۔

هذا حديث حسن وقد روي من غير وجه عن عطية عن ابي سعيد باب حدثنا محمد بن عبد الملك بن ابي الشوارب
نا ابو عوانة عن عبد الملك بن عمير عن ابن ابي المعلى عن ابيه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم خطب يوما فقال ان رجلا
خيره ربه بين ان يعيش في الدنيا ما شاء ان يعيش ويأكل في الدنيا ما شاء ان يأكل وبين لقاء ربه فاختار لقاء ربه قال
فبكى ابو بكر فقال اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم الا تعجبون من هذا الشيخ اذ ذكر رسول الله صلى الله عليه وسلم رجلا
صالحا خيره ربه بين الدنيا ولقاء ربه فاختار لقاء ربه قال فكان ابو بكر اعلمهم بما قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
فقال ابو بكر بل نفديك بآبائنا واموالنا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من الناس احد امن الينا في صحبته
وذات يده من ابن ابي قحافة ولو كنت متخذا خليلا لاتخذت ابن ابي قحافة خليلا ولكن ود واخاء ايمان مرتين او ثلاثا
الا وان صاحبكم خليل الله وفي الباب عن ابي سعيد هذا حديث غريب وقد روي هذا الحديث عن ابي عوانة
عن عبد الملك بن عمير باسناد غير هذا ومعنى قوله امن الينا يعني امن علينا حدثنا احمد بن الحسن نا عبد الله بن مسلمة
عن مالك بن انس عن ابي النضر عن عبيد بن حنين عن ابي سعيد الخدري ان رسول الله صلى الله عليه وسلم جلس
على المنبر فقال ان عبدا خيره الله بين ان يؤتيه من زهرة الدنيا ما شاء وبين ما عنده فاختار ما عنده فقال ابو بكر فديناك
يا رسول الله بآبائنا وامهاتنا قال فعجبنا فقال الناس انظروا الى هذا الشيخ يخبر رسول الله صلى الله عليه وسلم عن عبد
خيره الله بين ان يؤتيه من زهرة الدنيا ما شاء وبين ما عند الله وهو يقول فديناك بآبائنا وامهاتنا فكان رسول الله صلى الله عليه وسلم

یہ حدیث حسن ہے۔ اور یہ کسی وجہ سے بواسطہ عطیہ کے ابی سعید سے مروی ہے باب حدیث کی ہمسے محمد بن عبد الملک بن ابی الشوارب
نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے عبد الملک بن عمیر سے اُسنے ابن ابی المعلے سے اُسنے اپنے باپ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے ایک دن خطبہ پڑھا اور فرمایا کہ ایک مرد ہے اسکو اُسکے مالک نے اختیار دیا ہے درمیان اسکے کہ دنیا میں جبتک وہ چاہے عیش کرے
اور دنیا میں جب تک چاہے کھائے اور درمیان اپنے مالک کی ملاقات کے کہا راوی نے پھر حضرت ابو بکر صدیق رو پڑے پس کہا نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کے صحابہ نے کیا ہم اس شیخ سے متعجب نہیں ہوتے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک صالح مرد کا ذکر کیا ہے کہ اللہ تعالے
نے اسکو دنیا میں رہنے کا اور اپنی ملاقات کا اختیار دیا ہے سو اُسنے اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو اختیار کیا ہے۔ کہا راوی نے حضرت
ابو بکر سب سے زیادہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بات کو سمجھتے تھے پس کہا ابو بکر نے بلکہ ہم اپنے آبا اور مال آپ پر قربان کرتے
ہیں پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی لوگوں سے کہ جسنے ہمپر اپنی صحبت اور مال سے ابن ابی قحافہ سے زیادہ احسان کیا ہو
اگر میں نے کسی کو دوست مخلص بنایا ہوتا تو ابن ابی قحافہ کو دوست مخلص بناتا لیکن دوستی اور اخوت ایمان کی ہے۔ دو بار یا تین بار فرمایا اور تمھارا
صاحب اللہ کا خلیل ہے اور اس باب میں روایت ہے ابی سعید سے یہ حدیث غریب ہے۔ اور مروی ہے یہ حدیث بواسطہ ابی عوانہ کے عبد الملک
بن عمیر سے غیر اس اسناد سے ہے۔ اور معنی قولہ امن الینا کے یہ ہیں کہ ہمپر احسان کیا۔ حدیث کی ہمسے احمد بن حسن نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ
بن مسلمہ نے مالک بن انس سے اسنے ابی النضر سے اُسنے عبید بن حنین سے اُسنے ابی سعید خدری سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم منبر
پر بیٹھے اور یہ فرمایا کہ ایک بندہ کو اللہ نے اختیار دیا ہے خواہ دنیا کی آرائش سے جو چاہے لے خواہ جو اللہ کے پاس ہے وہ لے پس
اُسنے اُس چیز کو اختیار کیا ہے جو اللہ کے پاس ہے پس کہا ابو بکر صدیق نے ہم اپنے والدین آپ پر قربان کرتے ہیں کہا راوی نے
پس ہم متعجب ہوئے سو کہا لوگوں نے اس شیخ کی طرف دیکھو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کی خبر دی ہے کہ اسکو اللہ تعالے نے اختیار دیا ہے کہ خواہ
دنیا کی آرائش جو چاہے لے خواہ جو اللہ کے پاس ہے وہ لے اور ابو بکر صدیق یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم اپنے والدین آپ پر قربان
کرتے ہیں سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

ف جب آنحضرت نے یہ حدیث فرمائی کہ اللہ تعالے نے ایک آدمی کو اختیار دیا ہے کہ اگر تیری مرضی ہو تو دنیا میں جبتک تیرا دل چاہتا ہے عیش کر یا اللہ تعالیٰ کی ملاقات کر پس
اُس آدمی نے اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو اختیار کیا ہے اور دنیا کی زندگانی کو چھوڑ دیا ہے یہ حدیث سنکر حضرت ابو بکر رونے لگے لوگوں نے آپس میں کہا کہ بڑے تعجب کی بات
ہے کہ حضرت نے تو ایک صالح مرد کا ذکر کیا ہے اور انہوں نے رونا شروع کر دیا ہے۔

ويتبسم اليهما هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث الحكم بن عطية وقد تكلم بعضهم في الحكم بن عطية **باب**
حدثنا عمر بن اسمعيل بن مجالد بن سعيد نا سعيد بن مسلمة عن اسمعيل بن امية عن نافع عن ابن عمر ان رسول الله
صلى الله عليه وسلم خرج ذات يوم فدخل المسجد وابو بكر وعمر احدهما عن يمينه والاخر عن شماله وهو اخذ بايديهما
وقال هكذا نبعث يوم القيمة هذا حديث غريب وسعيد بن مسلمة ليس عندهم بالقوي وقد روى هذا الحديث
ايضا من غير هذا الوجه عن نافع عن ابن عمر **حدثنا** يوسف بن موسى القطان البغدادي نا مالك بن اسمعيل عن
منصور بن ابي الاسود قال ثني كثير ابو اسمعيل عن جميع بن عمير التيمي عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لابي بكر
انت صاحبي على الحوض وصاحبي في الغار هذا حديث حسن غريب صحيح **باب** **حدثنا** قتيبة نا ابن ابي فديك
عن عبد العزيز بن المطلب عن ابيه عن جده عن عبد الله بن حنطب ان النبي صلى الله عليه وسلم راى ابو بكر وعمر فقال
هذان السمع والبصر وفي الباب عن عبد الله بن عمر وهذا حديث مرسل وعبد الله بن حنطب لم يدرك النبي صلى الله
عليه وسلم **باب** **حدثنا** ابو موسى اسحق بن موسى الانصاري نا معن هو ابن عيسى نا مالك بن انس عن هشام
بن عروة عن ابيه عن عائشة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال مروا ابا بكر فليصل بالناس فقالت عائشة يا رسول الله ان ابا بكر
اذا قام مقامك لم يسمع الناس من البكاء فأمر عمر فليصل بالناس قالت فقال مروا ابا بكر فليصل بالناس قالت عائشة فقلت
لحفصة قولي له ان ابا بكر اذا قام في مقامك لم يسمع الناس من البكاء فامر عمر فليصل بالناس ففعلت حفصة فقال رسول الله
صلى الله عليه وسلم انكن لانتن صواحب يوسف مروا ابا بكر فليصل بالناس فقالت حفصة لعائشة ما كنت لاصيب منك خيرا

اور آنحضرت انکے طرف (منہ کرکے) تبسم کرتے۔ یہ حدیث غریب ہی نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق حکم بن عطیہ سے اور حکم بن عطیہ کے حق میں بعض نے کلام کیا ہی۔ **باب**
حدیث کی ہمسے عمر بن اسمعیل بن مجالد بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن مسلمہ نے اسمعیل بن اُمیہ سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے یہ
کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک دن نکلکر مسجد میں داخل ہوئے۔ اور حضرت ابوبکر اور عمر ایک اُن دونوں سے دائیں آپکے تھا اور دوسرا بائیں
آپکے اور آنحضرت اُن دونوں کے ہاتھ پکڑے ہوئے تھے اور فرمایا آپنے قیامت کے دن ہم اسی طرح اُٹھائے جائینگے۔ یہ حدیث غریب ہی۔ اور سعید
بن مسلمہ انکے نزدیک قوی نہیں ہو۔ اور یہ حدیث غیر اس وجہ سے بھی بواسطہ نافع کے ابن عمر سے مروی ہی **حدیث** کی ہمسے یوسف بن موسی
قطان بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن اسمعیل نے منصور بن ابی الاسود سے کہا اُسنے حدیث کی مجھے کثیر یعنے ابو اسمعیل نے جمیع بن عمیر
تیمی سے اُسنے ابن عمر سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ابی بکر سے فرمایا تو میرا صاحب ہی حوض پر اور صاحب ہی غار میں۔ یہ حدیث حسن
صحیح ہی۔ **باب** **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی فدیک نے عبد العزیز بن مطلب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے دادا
سے اُسنے عبد اللہ بن حنطب سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا اور فرمایا یہ دونوں کان اور نظر ہیں[۱] اور اس
باب میں روایت ہی عبد اللہ بن عمر سے اور یہ حدیث مرسل ہی اور عبد اللہ بن حنطب نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو نہیں پایا **باب** **حدیث** کی ہمسے
ابو موسی یعنے اسحاق بن موسی انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن بن عیسی نے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن انس نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے
باپ سے اُسنے عائشہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابابکر صدیق کو حکم کرو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں پس کہا عائشہ نے یا رسول اللہ حضرت ابا بکر صدیق
جب آپکی جگہ میں کھڑے ہونگے تو لوگونکو بسبب رونے کے قرآن نہ سنا سکینگے سو آپ حضرت عمر کو حکم دیجے کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں کہا عائشہ نے میں نے حفصہ
سے کہا تو بھی آنحضرت سے کہہ کہ حضرت ابوبکر جب آپکی جگہ میں کھڑے ہونگے تو لوگوں کو بسبب رونے کے قرآن نہ سنا سکینگے سو آپ حضرت عمر سے
حکم دیجے کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں سو حفصہ نے اسی طرح کیا پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک تم یوسف علیہ السلام کی مصاحبوں[۲]
ہو۔ ابوبکر صدیق کو ہی حکم کرو کہ نماز پڑھائے پھر حفصہ نے عائشہ سے کہا مجھے کبھی تیری طرف سے نیکی نہیں پہونچی

[۱] یعنی یہ دونوں مسلمانوں میں ایسے ہیں جیسے کہ بدن میں کان اور نظر بہ نسبت اور اعضا کے ہیں یا یہ کہ شرافت ان دونوں کی دین میں بمنزلہ کان اور نظر کے ہی یا میرے لیے کان اور نظر ہیں کہ میں اُنسے دیکھتا ہوں یعنے بمنزلہ وزیر کے ہیں یا یہ کہ اُنکو حق کے سیکھنے کی حرص بہت ہی۔ [۲] حضرت کا یہ فرمانا کہ تم یوسف علیہ السلام کی مصاحبوں سے ہو معنی اسکے یہ ہیں کہ تم اُن عورتوں کی مثل ہو جو یوسف علیہ السلام کی مصاحب تھیں یعنے ظاہر میں تو زلیخا کا یہ ارادہ تھا کہ شہر کی عورتوں کو کھانا کھلائے اور دل میں یہ تھا کہ دوسری عورتیں بھی انکا حسن دیکھکر مجھے انکی محبت سے معذور جانیں

فاقتدوا باللذين من بعدي واشار الى ابي بكر وعمر **حدثنا** علي بن حجر انا الوليد بن محمد الموقري عن الزهري عن علي بن الحسين عن علي بن ابي طالب قال كنت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم اذ طلع ابو بكر وعمر فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هذان سيدا كهول اهل الجنة من الاولين والآخرين الا النبيين والمرسلين يا علي لا تخبرهما هذا حديث غريب من هذا الوجه والوليد بن محمد الموقري يضعف في الحديث وقد روي هذا الحديث عن علي من غير هذا الوجه وفي الباب عن انس وابن عباس **حدثنا** الحسن بن الصباح البزار نا محمد بن كثير عن الاوزاعي عن قتادة عن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لابي بكر وعمر هذان سيدا كهول اهل الجنة من الاولين والآخرين الا النبيين والمرسلين لا تخبرهما يا علي هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه **حدثنا** يعقوب بن ابراهيم الدورقي نا سفيان بن عيينة قال ذكره داؤد عن الشعبي عن الحارث عن علي عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ابو بكر وعمر سيدا كهول اهل الجنة من الاولين والآخرين ما خلا النبيين والمرسلين لا تخبرهما يا علي **باب** **حدثنا** ابو سعيد الاشج نا عقبة بن خالد نا شعبة عن الجريري عن ابي نضرة عن ابي سعيد الخدري قال قال ابو بكر الست احق الناس بها الست اول من اسلم الست صاحب كذا هذا حديث قد رواه بعضهم عن شعبة عن الجريري عن ابي نضرة قال قال ابو بكر وهذا اصح **حدثنا** بذلك محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدي عن شعبة عن الجريري عن ابي نضرة قال قال ابو بكر فذكر نحوه بمعناه ولم يذكر فيه عن ابي سعيد وهذا اصح **باب** **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو داؤد نا الحكم بن عطية عن ثابت عن انس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يخرج على اصحابه من المهاجرين والانصار وهم جلوس وفيهم ابو بكر وعمر فلا يرفع اليه احد منهم بصره الا ابو بكر وعمر فانهما كانا ينظران اليه وينظر اليهما ويتبسمان اليه

سو تم اُن لوگوں کا اقتدا کرو جو میرے پیچھے ہیں اور اشارت کی آپنے حضرت ابوبکر اور عمر کی طرف **باب** **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا خبر دی ہمکو ولید بن محمد موقری نے زہری سے اُسنے علی بن حسین سے اُسنے علی بن ابیطالب سے کہا اُسنے میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا کہ ناگاہ حضرت ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما آئے پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ دونوں تمام جنتیوں کے بوڑھوں کے سردار ہیں جو پہلے اور پیچھے ہیں مگر نبیوں اور مرسلین کے۔ اے علی ان دونوں کو خبر مت کر۔ یہ حدیث غریب ہے اس وجہ سے۔ اور ولید بن محمد موقری حدیث میں ضعیف ہے۔ اور یہ حدیث حضرت علی سے غیر اس وجہ سے بھی مروی ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے انس اور ابن عباس سے۔ **حدیث** کی ہمسے حسن بن صباح بزار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن کثیر نے اوزاعی سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر اور عمر کے حق میں کہ یہ دونوں تمام جنتیوں کے بوڑھوں کے سردار ہیں اولین اور آخرین سے مگر نبیوں اور رسولوں سے اے علی ان دونوں کو خبر مت کرو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اس طریق سے **حدیث** کی ہمسے یعقوب بن ابراہیم دورقی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے کہا اُسنے ذکر کیا اسکو داؤد نے شعبی سے اُسنے حارث سے اُسنے علی سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے ابوبکر و عمر تمام جنتیوں کے بوڑھوں کے سردار ہیں اولین اور آخرین سے سوائے نبیوں اور رسولوں کے اے علی انکو خبر مت کرو **باب** **حدیث** کی ہمسے ابوسعید اشج نے کہا حدیث کی ہمسے عقبہ بن خالد نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے جریری سے اُسنے ابی نضرہ سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا اُسنے کیا ابوبکر نے کیا میں تمام لوگوں سے زیادہ حقدار اسکا نہیں ہوں کیا میں اُنسے نہیں ہوں جو پہلے مسلمان ہوئے ہیں کیا میں فلاں شخص نہیں ہوں اور فلاں شخص نہیں ہوں۔ اس حدیث کو بعض نے شعبہ سے اُسنے جریری سے اُسنے ابی نضرہ سے روایت کیا ہے کہا اُسنے کہا ابوبکر نے الخ اور یہ صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے ساتھ اسکے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرحمن بن مہدی نے شعبہ سے اُسنے جریری سے اُسنے ابی نضرہ سے کہا اُسنے کہا ابوبکر نے مثل اسکے بالمعنی اور ابی سعید کا اُسنے اسمیں ذکر نہیں کیا۔ اور یہ صحیح ہے۔ **باب** **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابوداؤد نے کہا حدیث کی ہمسے حکم بن عطیہ نے ثابت سے اُسنے انس سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ مہاجرین اور انصار پر آتے اس حالت میں کہ وہ بیٹھے ہوئے ہوتے اور اُنمیں ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما بھی ہوتے تو کوئی شخص اُنمیں سے آپکی طرف نظر نہ اُٹھا سکتا سوائے حضرت ابوبکر اور عمر کے یہ دونوں حضرت کی طرف دیکھا کرتے تھے اور آنحضرت انکی طرف دیکھتے اور یہ دونوں آپکی طرف منھ کرکے تبسم کرتے

فکلمہ فی شیء فامرھا بامر فقالت ارأیت یا رسول اللہ ان لم اجدک قال ان لم تجدینی فاتی ابا بکر ھذا حدیث صحیح **باب** **حدثنا** محمد بن حمید نا ابراھیم بن المختار عن اسحق بن راشد عن الزھری عن عروۃ عن عائشۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم امر بسد الابواب الا باب ابی بکر وفی الباب عن ابی سعید ھذا حدیث غریب من ھذا الوجہ **باب** **حدثنا** الانصاری نا معن نا اسحق بن یحیی بن طلحۃ عن عمہ اسحق بن طلحۃ عن عائشۃ ان ابا بکر دخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال انت عتیق اللہ من النار فیومئذ سمی عتیقا ھذا حدیث غریب وروی بعضھم ھذا الحدیث عن معن وقال عن موسی بن طلحۃ عن عائشۃ **باب** **حدثنا** ابو سعید الاشج نا تلید بن سلیمن عن ابی الجحاف عن عطیۃ عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من نبی الا ولہ وزیران من اھل السماء ووزیران من اھل الارض فاما وزیرای من اھل السماء فجبرئیل ومیکائیل واما وزیرای من اھل الارض فابوبکر وعمر ھذا حدیث حسن غریب وابو الجحاف اسمہ داؤد بن ابی عوف ویروی عن سفیان الثوری قال نا ابو الجحاف وکان مرضیا **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو داود انا شعبۃ عن سعد بن ابراھیم قال سمعت ابا سلمۃ بن عبد الرحمن یحدث عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بینما رجل راکب بقرۃ اذ قالت لم اخلق لھذا انما خلقت للحرث فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امنت بذلک انا وابوبکر وعمر قال ابو سلمۃ وما ھما فی القوم یومئذ **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبۃ بھذا الاسناد نحوہ ھذا حدیث حسن صحیح **مناقب** ابی حفص عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ **حدثنا** محمد بن بشار

سو اُسنے آپ سے کسی بات میں گفتگو کی پس اسکو آپنے کچھ حکم دیا پھر اُسنے کہا یا رسول اللہ اگر میں آپکو نہ پاؤں (تو کیا کروں) فرمایا آپنے اگر تو مجھے نہ پایا تو ابوبکر صدیق کے پاس آئیو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ **باب** حدیث کی ہمسے محمد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے ابراہیم بن مختار نے اسحاق بن راشد سے اُسنے زہری سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سوا دروازے ابوبکر صدیق کے اور تمام دروازوں کے بند کرنے کا حکم دیا۔ اور اس باب میں روایت ہی ابی سعید سے رضی اللہ عنہ یہ حدیث غریب ہی اس وجہ سے۔ **باب** حدیث کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے اسحاق بن یحیی بن طلحہ نے اپنے چچا اسحاق بن طلحہ سے اُسنے حضرت عائشہ سے یہ کہ حضرت ابوبکر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر داخل ہوئے پس فرمایا آنحضرت نے تم اللہ کے آزاد کردہ ہو آگ سے پس اُسی روز سے انکا نام عتیق ہو گیا۔ یہ حدیث غریب ہی۔ اور روایت کیا ہی بعض نے اس حدیث کو معن سے اور کہا اُسنے یہ روایت ہی بواسطہ موسی بن طلحہ کے عائشہ سے۔ **باب** حدیث کی ہمسے ابو سعید اشج نے کہا حدیث کی ہمسے تلید بن سلیمان نے ابی الجحاف سے اُسنے عطیہ سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہر ایک نبی کے دو وزیر ہیں اہل آسمان سے اور دو وزیر ہیں اہل زمین سے پس بہرحال میرے دونوں وزیر اہل آسمان سے جبرئیل اور میکائیل علیہما السلام ہیں اور دونوں وزیر اہل زمین سے حضرت ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہی۔ اور ابو الجحاف کا نام داؤد بن ابی عوف ہی اور مروی ہی سفیان ثوری سے کہ کہا اُسنے حدیث کی ہمسے ابو الجحاف نے اور یہ شخص پسندیدہ تھا۔ حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے سعد بن ابراہیم سے کہا سنا میں نے ابا سلمہ بن عبد الرحمن سے کہ حدیث کرتا تھا ابی ہریرہ سے کہ کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اسوقت میں کہ ایک مرد بیل پر سوار تھا کہ کہا اُسنے میں اسلیے پیدا نہیں کیا گیا میں تو صرف کھیتی کے لیے پیدا ہوا ہوں پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایمان لایا میں ساتھ اسکے میں اور ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما۔ کہا ابو سلمہ نے اور وہ دونوں اس دن قوم میں نہ تھے۔ حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے ساتھ اس اُستاد کے مثل اسکے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ **مناقب** ابی حفص یعنے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بیان میں حدیث کی ہمسے محمد بن بشار

ف ابوبکر کے پاس آئیو کیونکہ میرے بعد وہ میرا خلیفہ ہی یا خاص اس امر میں میرا وصی ہی مگر پہلے معنی ظاہر ہیں اور انہیں معنی کو حدیث ابن عساکر کی جو عباس سے ہی تائید کرتی ہی وہ یہ ہی جاءت امرأۃ الی النبی صلے اللہ علیہ وسلم تسالہ شیئاً فقال لھا تعودین فقالت یا رسول اللہ ان عدت فلم اجدک تعرض بالموت قال ان جئت فلم تجدینی فاتی ابا بکر فانہ الخلیفۃ من بعدی ۱۲

ھذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن عبداللہ بن مسعود وابی موسیٰ وابن عباس وسالم بن عبید **باب حدثنا** نصر بن عبدالرحمٰن الکوفی نا احمد بن بشیر عن عیسیٰ بن میمون الانصاری عن القاسم بن محمد عن عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا ینبغی لقوم فیہم ابوبکر ان یؤمہم غیرہ ھذا حدیث غریب **باب حدثنا** اسحٰق بن موسیٰ الانصاری نا معن نا مالک بن انس عن الزہری عن حمید بن عبدالرحمٰن عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من انفق زوجین فی سبیل اللہ نودی فی الجنۃ یا عبداللہ ھذا خیر فمن کان من اہل الصلوٰۃ دعی من باب الصلوٰۃ ومن کان من اہل الجہاد دعی من باب الجہاد ومن کان من اہل الصدقۃ دعی من باب الصدقۃ ومن کان من اہل الصیام دعی من باب الریان فقال ابوبکر بابی انت وامی ما علی من دعی من ہذہ الابواب من ضرورۃ فہل یدعی احد من تلک الابواب کلہا قال نعم وارجوان تکون منہم ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** ہارون بن عبداللہ البزاز البغدادی انا الفضل بن دکین نا ہشام بن سعد عن زید بن اسلم عن ابیہ قال سمعت عمر بن الخطاب یقول امرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان نتصدق ووافق ذلک عندی مالا فقلت الیوم اسبق ابابکر ان سبقتہ یوما قال فجئت بنصف مالی فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما ابقیت لاہلک قلت مثلہ واتی ابوبکر بکل ما عندہ فقال یا ابابکر ما ابقیت لاہلک فقال ابقیت لہم اللہ ورسولہ قلت لا اسبقہ الی شیٔ ابدا ھذا حدیث حسن صحیح **باب حدثنا** عبد بن حمید اخبرنی یعقوب بن ابراہیم بن سعد نا ابی عن ابیہ قال اخبرنی محمد بن جبیر بن مطعم ان اباہ جبیر بن مطعم اخبرہ ان امرأۃ اتت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں روایت ہے عبداللہ بن مسعود اور ابی موسیٰ اور ابن عباس اور سالم بن عبید سے رضی اللہ عنہم **باب** حدیث کی ہمسے نصر بن عبدالرحمٰن کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے احمد بن بشیر نے عیسیٰ بن میمون انصاری سے اُسنے قاسم بن محمد سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں لائق کسی قوم کو جنمین ابوبکر ہوں تو سوائے اسکے کوئی اور امامت کرائے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ **باب** حدیث کی ہمسے اسحاق بن موسیٰ انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن انس نے زہری سے اُسنے حمید بن عبدالرحمٰن سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جوڑا کسی چیز کا خدا کی راہ میں دیگا تو جنت میں آواز دیا جائیگا اے اللہ کے بندے یہ جگہ بہتر ہے۔ سو جو کوئی نمازیوں سے ہوگا وہ نماز کے دروازے سے پکارا جائیگا اور جو کوئی جہاد کرنے والوں سے ہوگا وہ جہاد کے دروازے سے پکارا جاویگا اور جو کوئی صدقہ کرنے والوں سے ہوگا وہ صدقہ کے دروازہ سے پکارا جاویگا اور جو کوئی روزہ داروں سے ہوگا وہ باب الریان سے پکارا جاویگا پس کہا حضرت ابوبکر نے میرے والدین آپ پر قربان ہوں ان تمام دروازوں سے پکارا جانے کی کسی کو ضرورت تو نہیں سو کیا کوئی ہے جو ان تمام دروازوں سے پکارا جاوے فرمایا آپنے ہاں میں گمان کرتا ہوں کہ تو انہیں سے ہوگا یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ہارون بن عبداللہ بزار بغدادی نے کہا خبر دی ہمکو فضل بن دکین نے کہا حدیث کی ہمسے ہشام بن سعد نے زید بن اسلم سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے سنا میں نے عمر بن خطاب سے کہ فرماتے تھے ہمکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے صدقہ کرنے کا حکم دیا پس اتفاقاً یہ حکم آپنے اسوقت دیا کہ میرے پاس مال تھا میں نے کہا آج کے دن میں ابوبکر سے سبقت لے جاؤنگا اگر مجھکو کسی دن اس سے سبقت لے جانی ہے کہا حضرت عمر نے سو میں نصف مال لایا پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تم اپنے گھر والوں کے لیے کیا چھوڑ آئے ہو میں نے کہا اسی قدر اور حضرت ابوبکر اپنا تمام مال جو انکے پاس تھا لائے سو فرمایا آنحضرت نے تم اپنے گھر والوں کے لیے کیا چھوڑ آئے ہو کہا اُسنے میں اُنکے لیے اللہ اور اُسکے رسول کو چھوڑ آیا ہوں۔ میں نے کہا میں کبھی اس سے کسی چیز میں سبقت نہیں لے جا سکتا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا خبر دی مجھے یعقوب بن ابراہیم بن سعد نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے اپنے باپ سے کہا خبر دی مجھے محمد بن جبیر بن مطعم نے یہ کہ باپ اسکے جبیر بن مطعم نے اسکو خبر دی ہے کہ ایک عورت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی

۱ حضرت ابوبکر صدیق نے سوال کیا کہ بیشک تمام دروازوں سے پکارے جانے کی کچھ ضرورت تو نہیں کیونکہ مقصود تو جنت میں داخل ہونا ہی ہے اور یہ ایک دروازے سے داخل ہونے سے حاصل ہو جاتا ہے مگر تاہم بھی کوئی ایسا شخص ہے جو تمام دروازوں سے پکارا جاوے فرمایا تو انہیں لوگوں سے ہے جو تمام دروازوں سے پکارے جاوینگے اور ایک ایک دروازے سے جو کوئی پکارا جاویگا تو اُس دروازے سے پکارا جاویگا جس چیز کی اُسکو اور کاموں سے زیادہ رغبت ہو یہ معنی نہیں کہ اور کام بالکل کرتا ہی نہیں مثلاً صرف صدقہ ہی کرتا ہے اور امور الٰہی بجا نہیں لاتا یا صرف روزے ہی رکھتا ہے

هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من حديث مشرح بن هاعان **باب حدثنا** قتيبة نا الليث عن عقيل عن الزهري عن حمزة بن عبد الله بن عمر عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رأيت كاني اتيت بقدح لبن فشربت منه فاعطيت فضلي عمر بن الخطاب قالوا فما اولته يا رسول الله قال العلم هذا حديث حسن غريب صحيح **حدثنا** علي بن حجر نا اسمعيل بن جعفر عن حميد عن انس ان النبي صلى الله عليه وسلم قال دخلت الجنة فاذا انا بقصر من ذهب فقلت لمن هذا القصر قالوا الشاب من قريش فظننت اني انا هو فقلت ومن هو فقالوا عمر بن الخطاب هذا حديث حسن صحيح **باب حدثنا** الحسين بن حريث ابو عمار المروزي نا علي بن الحسين بن واقد قال ثني ابي قال ثني عبد الله بن بريدة قال ثني ابي بريدة قال اصبح رسول الله صلى الله عليه وسلم فدعا بلالا فقال يا بلال بم سبقتني الى الجنة ما دخلت الجنة قط الا سمعت خشخشتك امامي دخلت البارحة الجنة فسمعت خشخشتك امامي فاتيت على قصر مربع مشرف من ذهب فقلت لمن هذا القصر قالوا لرجل من العرب فقلت انا عربي لمن هذا القصر قالوا لرجل من قريش فقلت انا قرشي لمن هذا القصر قالوا لرجل من امة محمد صلى الله عليه وسلم فقلت انا محمد لمن هذا القصر قالوا لعمر بن الخطاب فقال بلال يا رسول الله ما اذنت قط الا صليت ركعتين وما اصابني حدث قط الا توضأت عندها ورأيت ان لله علي ركعتين فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم بهما وفي الباب عن جابر ومعاذ وانس وابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال رأيت في الجنة قصرا من ذهب فقلت لمن هذا فقيل لعمر بن الخطاب هذا حديث حسن صحيح غريب ومعنى هذا الحديث اني دخلت البارحة الجنة يعني رأيت في المنام كاني دخلت الجنة هكذا روي في بعض الحديث ويروى عن ابن عباس انه قال رؤيا الانبياء وحي **باب حدثنا** الحسين بن حريث نا علي بن الحسين بن واقد ثني ابي قال حدثني عبد الله بن بريدة قال

یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق مشرح بن ہاعان سے **باب حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے عقیل سے اُسنے زہری سے اُسنے حمزہ بن عبد اللہ بن عمر سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میں نے خواب دیکھا ہے کہ میرے پاس دودھ کا پیالہ لایا گیا اور میں نے اُس سے پیا اور اپنا بچا ہوا عمر بن خطاب کو دیا کہا لوگوں نے پس آپنے اسکی کیا تعبیر کی ہے یا رسول اللہ فرمایا آپنے علم۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن جعفر نے حمید سے اُسنے انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں جنت میں داخل ہوا دیکھا کہ میں ایک سونے کے محل کے پاس کھڑا ہوں میں نے کہا یہ محل کسکا ہے کہا اُنھوں نے ایک قریشی جوان کا ہے سو میں نے گمان کیا کہ میں ہی وہ ہوں میں نے کہا اور وہ جوان کون ہے کہا اُنھوں نے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ **باب حدیث** کی ہمسے حسین بن حریث یعنی ابو عمار مروزی نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن حسین بن واقد نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے کہا حدیث کی مجھے عبد اللہ بن بریدہ نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ بریدہ نے کہا اُسنے صبح کی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تو بلال کو بلایا اور کہا اے بلال کس سبب سے تو جنت میں مجھسے سبقت لیگیا میں کبھی جنت میں داخل نہیں ہوا کہ تیری آہٹ اپنے آگے ہی سنی ہے آج رات میں جنت میں داخل ہوا سو تیری آہٹ اپنے آگے سنی اور میں ایک محل عظیم الشان مربع پر جو سونے کا تھا لایا گیا میں نے کہا یہ کسکا محل ہے کہا اُنھوں نے ایک عربی مرد کا میں نے کہا میں عربی ہوں یہ کسکا محل ہے کہا اُنھوں نے ایک مرد قریشی کا میں نے کہا میں قریشی ہوں یہ کسکا محل ہے کہا اُنھوں نے ایک مرد کا جو اُمت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے میں نے کہا میں محمد ہوں یہ کسکا محل ہے کہا اُنھوں نے عمر بن خطاب کا پس کہا بلال نے میں نے کبھی اذان نہیں دی مگر کہ دو رکعتیں پڑھی ہیں اور میں جب کبھی بے وضو ہوا ہوں تو اُسی وقت وضو کر لیا ہے اور اپنے ذمے اللہ تعالے کیواسطے دو رکعتیں لازم کرلیں پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں دونوں کے سبب سے۔ اور اس باب میں روایت ہے جابر اور معاذ اور انس اور ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے جنت میں ایک محل سونے کا دیکھا ہے میں نے کہا یہ کسکا ہے پس کہا گیا کہ عمر بن خطاب کا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور معنی اس حدیث کے کہ میں آج رات جنت میں داخل ہوا یہ ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا میں جنت میں داخل ہوا۔ ایسا ہی بعض حدیثوں میں مروی ہے اور ابن عباس سے مروی ہے کہ کہا اُسنے خواب نبیوں کا وحی ہے **باب حدیث** کی ہمسے حسین بن حریث نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن حسین بن واقد نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے کہا حدیث کی مجھے عبد اللہ بن بریدہ نے کہا

ومحمد بن رافع قالا نا ابو عامر العقدي نا خارجة بن عبد الله الانصاري عن نافع عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم
قال اللهم اعز الاسلام باحب هذين الرجلين اليك بابي جهل او بعمر بن الخطاب قال وكان احبهما اليه عمر هذا حديث حسن
صحيح غريب من حديث ابن عمر **باب حدثنا** محمد بن بشار نا ابو عامر هو العقدي نا خارجة بن عبد الله هو الانصاري عن نافع
عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان الله جعل الحق على لسان عمر وقلبه قال وقال ابن عمر ما نزل بالناس امر قط
فقالوا فيه وقال فيه عمر او قال ابن الخطاب فيه شك خارجة الا نزل فيه القران على نحو ما قال عمر وفي الباب عن الفضل بن عباس
وابي ذر وابي هريرة هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه **باب حدثنا** ابو كريب نا يونس بن بكير عن النضر
ابي عمر عن عكرمة عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم قال اللهم اعز الاسلام بابي جهل بن هشام او بعمر بن الخطاب
قال فاصبح فغدا عمر على رسول الله صلى الله عليه وسلم فاسلم هذا حديث غريب من هذا الوجه وقد تكلم بعضهم في النضر
ابي عمر وهو يروي مناكير **باب حدثنا** محمد بن المثنى نا عبد الله بن داود الواسطي ابو محمد ثني عبد الرحمن بن اخي محمد
بن المنكدر عن محمد بن المنكدر عن جابر بن عبد الله قال قال عمر لابي بكر يا خير الناس بعد رسول الله صلى الله عليه وسلم
فقال ابو بكر اما انك ان قلت ذاك فلقد سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ما طلعت الشمس على رجل خير من عمر
هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه وليس اسناده بذاك وفي الباب عن ابي الدرداء **حدثنا** محمد بن المثنى
نا عبد الله بن داود عن حماد بن زيد عن ايوب عن محمد بن سيرين قال ما اظن رجلا ينتقص ابا بكر وعمر يحب النبي صلى الله
عليه وسلم هذا حديث غريب حسن **باب حدثنا** سلمة بن شبيب نا المقرئ عن حيوة بن شريح عن بكر بن عمرو
عن مشرح بن هاعان عن عقبة بن عامر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو كان نبي بعدي لكان عمر بن الخطاب

اور محمد بن رافع نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے ابو عامر عقدی نے کہا حدیث کی ہمسے خارجہ بن عبد اللہ انصاری نے نافع سے اُسنے ابن
عمر سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اللہ اسلام کو عزت دے ساتھ ایک کے ان دو مردوں سے جو تجھے زیادہ پیارا
ہو یعنے ابوجہل یا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کہا اُسنے اور محبوب تر اُن دونوں سے اللہ تعالے کی طرف حضرت عمر تھے۔ یہ حدیث حسن
صحیح غریب ہو طریق ابن عمر سے۔ **باب** حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر عقدی نے کہا حدیث کی ہمسے
خارجہ بن عبد اللہ انصاری نے نافع سے اُسنے ابن عمر سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالے نے حق حضرت عمر کی زبان
اور دل پر رکھا ہو کہا راوی نے اور کہا ابن عمر نے کوئی ایسا حادثہ لوگوں پر نازل نہیں ہوا کہ جس میں انہوں نے کچھ کہا ہو اور عمر نے بھی
اسمیں کہا ہو یا کہا کہ ابن خطاب نے اسمیں کہا ہو یہ شک خارجہ کو ہوا ہو مگر یہ اسمیں قرآن حضرت عمر کے قول کے مثل نازل ہوا ہو اور
اس باب میں روایت ہو فضل بن عباس اور ابی ذر اور ابی ہریرہ سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث حسن صحیح غریب ہو اس طریق سے **باب**
حدیث کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی یونس بن بکیر نے نضر ابی عمر سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ
وسلم نے کہا اے اللہ اسلام کو عزت دے بسبب ابی جہل بن ہشام یا عمر بن خطاب کے کہا راوی نے پس صبح ہوئی تو حضرت عمر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے پاس آکر اسلام لائے۔ یہ حدیث غریب ہو اس طریق سے۔ اور نضر ابی عمر کے حق میں کلام کیا گیا ہو اور یہ منکر حدیثیں روایت کرتا ہو۔ **باب** حدیث کی
ہمسے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن داؤد واسطی یعنے ابو محمد نے کہا حدیث کی مجھے عبد الرحمن یعنے محمد بن منکدر کے بھانجے نے جابر بن
عبد اللہ سے کہا اُسنے کہا عمر نے ابوبکر سے اے بہتر سب آدمیوں سے بعد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے۔ پس کہا ابوبکر نے آپنے اگر یہ بات کہی ہو
تو میں نے بھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہو کہ فرماتے تھے آفتاب نے کسی مرد پر جو عمر سے بہتر ہو طلوع نہیں کیا۔ یہ حدیث غریب ہو نہیں
پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے اور اسناد اسکی اچھی نہیں۔ اور اس باب میں روایت ہو ابی الدرداء سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن مثنی نے کہا حدیث
کی ہمسے عبد اللہ بن داؤد نے حماد بن زید سے اُسنے ایوب سے اُسنے محمد بن سیرین سے کہا اُسنے میں یقین نہیں کرتا کسی ایسے مرد کا کہ دشمنی کرے حضرت ابوبکر
اور عمر رضی اللہ عنہما سے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دوست رکھتا ہو۔ یہ حدیث غریب حسن ہو **باب حدیث** کی ہمسے سلمہ بن شبیب نے کہا حدیث کی ہمسے مقری نے
حیوہ بن شریح سے اُسنے بکر بن عمر سے اُسنے مشرح بن ہاعان سے اُسنے عقبہ بن عامر سے کہا اُسنے فرمایا آنحضرت نے کہ اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو ضرور عمر بن خطاب ہوتا

من هذا الوجه **باب** حدثنا سلمة بن شبيب نا عبد الله بن نافع الصائغ نا عاصم بن عمر العمري عن عبد الله بن دينار عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انا اول من تنشق عنه الارض ثم ابو بكر ثم عمر ثم اتي اهل البقيع فيحشرون معي ثم انتظر اهل مكة حتى احشر بين الحرمين هذا حديث حسن غريب وعاصم بن عمر العمري ليس عندي بالحافظ عند اهل الحديث **باب** حدثنا قتيبة نا الليث عن ابن عجلان عن سعد بن ابراهيم عن ابي سلمة عن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قد كان يكون في الامم محدثون فان يك في امتي احد فعمر بن الخطاب هذا حديث حسن صحيح واخبرني بعض اصحاب ابن عيينة عن سفيان بن عيينة قال محدثون يعني مفهمون **باب** حدثنا محمد بن حميد الرازي نا عبد الله بن عبد القدوس نا الاعمش عن عمرو بن مرة عن عبد الله بن سلمة عن عبيدة السلماني عن عبد الله بن مسعود ان النبي صلى الله عليه وسلم قال يطلع عليكم رجل من اهل الجنة فاطلع ابو بكر ثم قال يطلع عليكم رجل من اهل الجنة فاطلع عمر وفي الباب عن ابي موسى وجابر هذا حديث غريب من حديث ابن مسعود حدثنا محمود بن غيلان نا ابو داود الطيالسي عن شعبة عن سعد بن ابراهيم عن ابي سلمة عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال بينما رجل يرعى غنما له اذ جاء الذئب فاخذ شاة فجاء صاحبها فانتزعها منه فقال الذئب كيف تصنع بها يوم السبع يوم لا راعي لها غيري قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فامنت بذلك انا وابو بكر وعمر قال ابو سلمة وما هما في القوم يومئذ حدثنا محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبة عن سعد نحوه هذا حديث حسن صحيح حدثنا محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد عن سعيد بن ابي عروبة عن قتادة ان انس بن مالك حدثهم ان رسول الله صلى الله عليه وسلم صعد احدا وابو بكر وعمر وعثمن فرجف بهم فقال نبي الله صلى الله عليه وسلم اثبت احد فانما عليك نبي وصديق وشهيدان هذا حديث حسن صحيح

اس طریق سے۔ **باب** حدیث کی ہمسے سلمہ بن شبیب نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن نافع زرگر نے کہا حدیث کی ہمسے عاصم بن عمر عمری نے عبداللہ بن دینار سے اُنہنے ابن عمر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میں پہلا ہوں اُن شخصوں کا کہ جنکے لیے زمین پھاڑی جاویگی پھر ابوبکر پھر عمر پھر میں بقیع (نام مدینہ کی قبروں کا) والوں میں آونگا سو وہ میرے ساتھ اُٹھائے جاوینگے پھر میں اہل مکہ کی انتظاری کرونگا یہانتک کہ درمیان حرمین کے اُنکے ساتھ چلایا جاؤنگا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور عاصم بن عمر عمری محدثین کے نزدیک حافظ نہیں ہے۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن عجلان سے اُسنے سعد بن ابراہیم سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلی اُمتوں میں فراست والے لوگ تھے اگر میری اُمت میں کوئی ہے تو عمر بن خطاب ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور خبر دی مجھے ابن عیینہ کے بعض ساتھیوں نے سفیان بن عیینہ سے کہا اُسنے محدث وہ ہیں جنکے دل میں بطور الہام کے آجاوے **باب** **حدیث** کی ہمسے محمد بن حمید رازی نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن عبدالقدوس نے کہا حدیث کی ہمسے اعمش نے عمرو بن مرہ سے اُسنے عبداللہ بن سلمہ سے اُسنے عبیدہ سلمانی سے اُسنے عبداللہ بن مسعود سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمھارے پاس ایک مرد اہل جنت سے آتا ہی پس ابوبکر صدیق آگئے پھر فرمایا آپنے تمھارے پاس ایک مرد اہل جنت سے آتا ہی تو حضرت عمر آگئے۔ اور اس باب میں روایت ہی ابی موسیٰ اور جابر سے۔ یہ حدیث غریب ہی طریق ابن مسعود سے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابوداؤد طیالسی نے شعبہ سے اُسنے سعد بن ابراہیم سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے اسوقت میں کہ ایک مرد اپنی بکریاں چرا رہا تھا کہ ناگاہ ایک بھیڑیا آیا اور اُسنے بکری کو پکڑ لیا پھر اُسکا مالک آیا اور اُسنے اُس بکری کو اُس سے چھین لیا پس کہا اُس بھیڑیے نے قیامت کے دن تو انکو کیا کریگا جس دن کہ سوائے میرے کوئی اُنکا چرانے والا نہیں ہوگا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میں اس بات پر ایمان لاتا ہوں اور ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما اور وہ دونوں اُس دن مجلس میں نہ تھے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے سعد سے مثل اسکے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن سعید نے سعید بن ابی عروبہ سے اُسنے قتادہ سے یہ کہ انس بن مالک نے اُنکو حدیث کی ہی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر اور عمر اور عثمان احد پہاڑ پر چڑھے سو وہ اُنکے ساتھ کانپا پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اے احد قایم رہ کہ تجھپر ایک نبی اور صدیق اور دو شہید ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی۔

سمعت بريدة يقول خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم في بعض مغازيه فلما انصرف جاءت جارية سوداء فقالت يا رسول الله اني كنت نذرت ان ردك الله سالما ان اضرب بين يديك بالدف واتغنى فقال لها رسول الله صلى الله عليه وسلم ان كنت نذرت فاضربي والا فلا فجعلت تضرب فدخل ابو بكر وهي تضرب ثم دخل علي وهي تضرب ثم دخل عثمان وهي تضرب ثم دخل عمر فالقت الدف تحت استها ثم قعدت عليه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الشيطان ليخاف منك يا عمر اني كنت جالسا وهي تضرب فدخل ابو بكر وهي تضرب ثم دخل علي وهي تضرب ثم دخل عثمان وهي تضرب فلما دخلت انت يا عمر القت الدف هذا حديث حسن صحيح غريب من حديث بريدة وفي الباب عن عمر وعائشة **حدثنا** الحسن بن الصباح البزار نا زيد بن الحباب عن خارجة بن عبد الله بن سليمن بن زيد بن ثابت قال انا يزيد بن رومان عن عروة عن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم جالسا فسمعنا لغطا وصوت صبيان فقام رسول الله صلى الله عليه وسلم فاذا حبشية تزفن والصبيان حولها فقال يا عائشة تعالي فانظري فجئت فوضعت لحيي على منكب رسول الله صلى الله عليه وسلم فجعلت انظر اليها ما بين المنكب الى رأسه فقال لي اما شبعت اما شبعت قالت فجعلت اقول لا لانظر منزلتي عنده اذ طلع عمر قالت فارفض الناس عنها قالت فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اني لانظر الى شياطين الجن والانس قد فروا من عمر قالت فرجعت هذا حديث حسن صحيح غريب

سنا میں نے بریدہ سے کہ کہتا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی جنگ کے لیے نکلے پس جب واپس آئے تو آپکے پاس ایک لڑکی سیاہ رنگ آئی اور کہنے لگی یا رسول اللہ میں نے نذر مانی تھی اگر اللہ تعالے آپکو سلامتی سے واپس لائیگا تو آپکے آگے دف بجاؤنگی اور گاؤنگی پس اُسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تو نے نذر مانی ہی ہے تو دف بجا ورنہ نہیں سو اُسنے دف بجانی شروع کی پس حضرت ابو بکر داخل ہوئے اس حالت میں کہ وہ دف بجا رہی تھی پھر حضرت علی داخل ہوئے اور وہ دف بجا رہی تھی پھر حضرت عثمان داخل ہوئے اور وہ دف بجا رہی تھی پھر حضرت عمر داخل ہوئے تو اُسنے دف کو سرین کے نیچے ڈالدیا پھر اُسپر بیٹھ گئی پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے عمر بیشک شیطان تجھ سے خوف کرتا ہے میں بیٹھا ہوا تھا اور یہ دف بجاتی رہی پھر ابو بکر داخل ہوا اور یہ دف بجاتی رہی پھر علی داخل ہوا اور یہ دف بجاتی رہی پھر عثمان داخل ہوا اور یہ دف بجاتی رہی اور پھر تم داخل ہوئے اے عمر تو اُسنے دف کو ڈالدیا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے طریق بریدہ سے اور اس باب میں روایت ہے عمر اور عائشہ سے رضی اللہ عنہما۔ حدیث کی ہمسے حسن بن صباح بزار نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے اُنسے خارجہ بن عبد اللہ بن سلیمان بن زید بن ثابت نے کہا خبر دی ہمکو یزید بن رومان نے عروہ سے اُنسے عائشہ سے کہ کہا اُنہنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے کہ ہمنے ایک شور اور لڑکوں کی آواز سنی پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے تو دیکھا ایک حبشن عورت کھیلتی ہے اور لڑکے اُسکے گرد ہیں سو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اے عائشہ آ اور دیکھ پس میں آئی اور اپنا جبڑہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے کاندھے مبارک پر رکھدیا اور اُسکی طرف دیکھنا شروع کیا درمیان کاندھے سے سر تک پس فرمایا آپنے کیا تو سیر نہیں ہوئی کیا تو سیر نہیں ہوئی کہا عائشہ نے سو میں کہتی رہی کہ نہیں تاکہ میں اپنی قدر آپکے پاس دیکھوں ناگاہ حضرت عمر ظاہر ہوئے کہا عائشہ نے تو لوگ اسکی طرف سے متفرق ہو گئے پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میں دیکھتا ہوں شیطان جنوں اور انسانوں کی طرف کہ عمر سے بھاگ گئے ہیں کہا عائشہ نے اور میں واپس آگئی یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

ؔشیخ عبد الحق محدث دہلوی نے لمعات میں لکھا ہے کہ اس حدیث سے دف کا بجانا مباح معلوم ہوتا ہے خصوص ایسے وقت میں مستحب اور یہ بھی اس سے ثابت ہوا کہ عورتوں سے راگ سننا بھی مباح ہے بشرطیکہ فتنہ کا خوف نہو انتہی اس حدیث کی تائید وہ حدیث بھی کرتی ہے جو عیدین کے باب میں گذر چکی ہے کہ انصار کی لڑکیاں آنحضرت کے روبرو دف بجاتی تھیں اور گاتی تھیں۔ اور نیز حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ نکاح کرنے کے وقت دف کا بجانا جائز ہے۔ غرض کہ خوشی کے موقع میں اظہار خوشی کا کرنا اس طور سے درست ہے تاکہ اس امر کی اطلاع عام و خاص کو ہو جائے مگر ضرور ہے کہ حد اعتدال سے نہ بڑھنے پائے کہ کراہت کو پہونچ جائے ۱۲ ؔحضرت نے شیطان کا اطلاق انپر اس لحاظ سے کیا کہ وہ صورت لہو و لعب کی تھی اور ظاہر ہے کہ اگرچہ لہو حرام نہو مگر اچھی تو کسی طرح سے نہیں ہوتی لیکن یہ کھیل حرام نہ تھے ورنہ آنحضرت کبھی اسکو نہ دیکھتے اور نہ عائشہ کو دکھلاتے کذا فی اللمعات

فقام عثمٰن بن عفان فقال یا رسول الله علی مائة بعیر باحلاسها واقتابها فی سبیل الله ثم حض علی الجیش فقام عثمٰن فقال یا رسول الله علی مائتا بعیر باحلاسها واقتابها فی سبیل الله ثم حض علی الجیش فقام عثمٰن فقال علی ثلث مائة بعیر باحلاسها واقتابها فی سبیل الله فانا رأیت رسول الله صلی الله علیه وسلم ینزل عن المنبر وهو یقول ما علی عثمٰن ما عمل بعد هذه ما علی عثمٰن ما عمل بعد هذه ۔ هذا حدیث غریب من هذا الوجه وفی الباب عن عبد الرحمٰن بن سمرة حدثنا محمد بن اسمٰعیل نا الحسن بن واقع الرملی نا ضمرة عن ابن شوذب عن عبد الله بن القاسم عن کثیر مولی عبد الرحمٰن بن سمرة عن عبد الرحمٰن بن سمرة قال جاء عثمان الی النبی صلی الله علیه وسلم بالف دینار قال الحسن بن واقع وفی موضع اخر من کتابی فی کمه حین جهز جیش العسرة فنثرها فی حجره قال عبد الرحمٰن فرایت النبی صلی الله علیه وسلم یقلبها فی حجره ویقول ما ضر عثمٰن ما عمل بعد الیوم مرتین هذا حدیث حسن غریب من هذا الوجه حدثنا ابو زرعة نا الحسن بن بشر نا الحکم بن عبد الملك عن قتادة عن انس بن مالك قال لما امر رسول الله صلی الله علیه وسلم ببیعة الرضوان کان عثمٰن بن عفان رسول رسول الله صلی الله علیه وسلم الی اهل مکة قال فبایع الناس فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان عثمٰن فی حاجة الله وحاجة رسوله فضرب باحدی یدیه علی الاخری فکانت ید رسول الله صلی الله علیه وسلم لعثمٰن خیرا من ایدیهم لانفسهم هذا حدیث حسن صحیح غریب حدثنا عبد الله بن عبد الرحمٰن وعباس بن محمد الدوری وغیر واحد المعنی واحد قالوا ثنا سعید بن عامر قال عبد الله انا سعید بن عامر عن یحیی بن ابی الحجاج المقری عن ابی مسعود الجریری عن ثمامة بن حزن القشیری قال شهدت الدار حین اشرف علیهم عثمٰن فقال ائتونی بصاحبکما اللذین البّاکم علی قال فجیئ بهما کانهما جملان

پس حضرت عثمان بن عفان کھڑے ہوئے اور کہا یا رسول اللہ میرے ذمے اللہ تعالےٰ کے راستہ میں سو اونٹ ہیں مع اُنکے کملیوں اور پالانوں کے۔ پھر آپ نے اُس لشکر پر برانگیختہ کیا پھر حضرت عثمان کھڑے ہوئے اور کہا یا رسول اللہ مجھپر اللہ تعالےٰ کے راستہ میں دو سو اونٹ ہیں مع اُنکے کملیوں اور پالانوں کے۔ پھر آنحضرت نے اُسی لشکر پر برانگیختہ کیا پھر حضرت عثمان کھڑے ہوئے اور کہا مجھپر اللہ تعالےٰ کے راستے میں تین سو اونٹ ہیں مع اُنکے کملیوں اور پالانوں کے۔ سو میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ ممبر سے اُترتے ہوئے یہ کہتے تھے نہیں ہے عثمان پر کہ بعد اسکے کوئی عمل کرے نہیں ہے عثمان پر کہ بعد اسکے کوئی عمل کرے یہ حدیث غریب ہے اس طریق سے اور اس باب میں روایت ہے عبد الرحمن بن سمرہ سے حدیث بیان کی ہمسے محمد بن اسمٰعیل نے کہا حدیث کی ہمسے حسن بن واقع رملی نے کہا حدیث کی ہمسے ضمرہ نے ابن شوذب سے اُسنے عبد اللہ بن قاسم سے اُسنے کثیر سے جو عبد الرحمن بن سمرہ کا غلام ہے اُسنے عبد الرحمن بن سمرہ سے کہا اُسنے حضرت عثمان نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ہزار دینار لائے کہا حسن بن واقع نے اور جگہ دوسری میں میری کتاب میں ہے کہ اُنکے ہاتھ میں تھی جبکہ آپنے لشکر عسرہ کی تیاری کی۔ اور اُنکو حضرت عثمان نے کپڑے میں منتشر کیا پس کہا عبد الرحمن نے سو دیکھا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ اپنے کپڑے میں اُلٹ پلٹ کرتے اور کہتے کوئی عمل عثمان کو بعد آج کے دن کے ضرر نہیں دیگا۔ دو بار فرمایا یہ حدیث حسن غریب ہے اس طریق سے حدیث کی ہمسے ابو زرعہ نے حدیث کی ہمسے ابو زرعہ نے کہا حدیث کی ہمسے حسن بن بشر نے کہا حدیث کی ہمسے حکم بن عبد الملک نے قتادہ سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے جبکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیعت رضوان کا حکم دیا تو حضرت عثمان بن عفان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے رسول اہل مکہ کی طرف تھے کہا راوی نے سو لوگوں نے بیعت کی پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عثمان اللہ اور اسکے رسول کی حاجت میں ہے سو آپنے ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر مارا پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ جو عثمان کے لئے تھا لوگوں کے ہاتھ سے جو اپنی جانوں کے لئے تھا بہتر ہو گیا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن اور عباس بن محمد دوری اور اور کئی ایک نے معنی واحد میں کہا انہوں نے حدیث کی ہمسے سعید بن عامر نے کہا عبد اللہ نے خبر دی ہمکو سعید بن عامر نے یحیی بن ابی الحجاج مقری سے اُسنے ابی مسعود جریری سے اُسنے ثمامہ بن حزن قشیری سے کہا اُسنے میں گھر میں حاضر ہوا جبکہ حضرت عثمان نے انپر جھانکا تھا اور کہا میرے پاس اپنے دونوں صاحبوں کو لاؤ جنہوں نے تمکو مجھپر برانگیختہ کیا ہے کہا اُسنے سو اُن دونوں کو لایا گیا گویا وہ دونوں اونٹ تھے

مناقب عثمٰن بن عفان رضی اللہ عنہ ولہ کنیتان یقال ابو عمرو وابو عبد اللہ **حدثنا** قتیبۃ نا عبد العزیز بن محمد عن سھیل بن ابی صالح عن ابیہ عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان علی حراء ھو وابو بکر وعمر وعثمٰن وعلی وطلحۃ والزبیر فتحرکت الصخرۃ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اھدأ فما علیک الا نبی او صدیق او شھید وفی الباب عن عثمٰن وسعید بن زید وابن عباس وسھل بن سعد وانس بن مالک وبریدۃ الاسلمی وھذا حدیث صحیح **باب حدثنا** ابو ھشام الرفاعی نا یحیی بن الیمان عن شیخ من بنی زھرۃ عن الحارث بن عبد الرحمٰن بن ابی ذباب عن طلحۃ بن عبید اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکل نبی رفیق ورفیقی یعنی فی الجنۃ عثمٰن ھذا حدیث غریب ولیس اسنادہ بالقوی وھو منقطع **باب حدثنا** عبد اللہ بن عبد الرحمٰن انا عبد اللہ بن جعفر الرقی نا عبید اللہ بن عمرو عن زید ھو ابن ابی انیسۃ عن ابی اسحٰق عن ابی عبد الرحمٰن السلمی قال لما حصر عثمٰن اشرف علیھم فوق دارہ ثم قال اذکرکم باللہ ھل تعلمون ان حراء حین انتفض قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اثبت حراء فلیس علیک الا نبی او صدیق او شھید قالوا نعم قال اذکرکم باللہ ھل تعلمون ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فی جیش العسرۃ من ینفق نفقۃ متقبلۃ والناس مجھدون معسرون فجھزت ذلک الجیش قالوا نعم ثم قال اذکرکم باللہ ھل تعلمون ان رومۃ لم یکن یشرب منھا احد الا بثمن فابتعتھا فجعلتھا للغنی والفقیر وابن السبیل قالوا اللھم نعم واشیاء عددھا ھذا حدیث حسن صحیح غریب من ھذا الوجہ من حدیث ابی عبد الرحمٰن السلمی عن عثمٰن **حدثنا** محمد بن بشار نا ابو داؤد نا السکن بن المغیرۃ ویکنی ابا محمد مولی لاٰل عثمٰن قال انا الولید بن ابی ھشام عن فرقد ابی طلحۃ عن عبد الرحمٰن بن خباب قال شھدت النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو یحث علی جیش العسرۃ

مناقب حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے اور اُنکی دو کنیتین ہین کہا جاتا ہی اُنکو ابو عمرو اور ابو عبد اللہ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور ابو بکر اور عمر اور عثمان اور علی اور طلحہ اور زبیر کوہ حراء پر تھے کہ ایک پتھر ہلا پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹھہر سو نہین ہی تجھپر مگر نبی یا صدیق یا شہید۔ اور اس باب مین روایت ہی عثمان اور سعید بن زید اور ابن عباس اور سہل بن سعد اور انس بن مالک اور بریدہ اسلمی سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث صحیح ہی۔ **باب حدیث** کی ہمسے ابو ہشام رفاعی نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن یمان نے اُسنے ایک شیخ سے جو بنی زہرہ سے تھا اُسنے حارث بن عبد الرحمن بن ابی ذباب سے اُسنے طلحہ بن عبید اللہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر ایک نبی کا ایک رفیق ہی اور میرا رفیق جنت مین عثمان ہی۔ یہ حدیث غریب ہی اور اسناد اسکی قوی نہین اور یہ منقطع ہی **باب حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن جعفر رقی نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن عمرو نے زید بن ابی انیسہ سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے ابی عبد الرحمن سلمی سے کہا اُسنے جب حضرت عثمان محصور ہوے تو اُنہون نے گھر کے اوپر سے اُن لوگون کیطرف جھانکا پھر کہا مین تمکو اللہ کی قسم دیکر یاد دلاتا ہون کہ کیا تم جانتے ہو کہ پہاڑ حراء جب ہلا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے حراء قایم رہ پس نہین ہی تجھپر مگر نبی یا صدیق یا شہید کہا لوگون نے ہان۔ کہا حضرت عثمان نے مین تمکو اللہ کی قسم دیکر یاد دلاتا ہون کہ کیا تم جانتے ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لشکر عسرہ مین فرمایا تھا کون شخص نفقہ قبول کیا ہوا خرچ کرتا ہی اس حالت مین کہ لوگ مشقت اور تنگی مین پڑے ہوے ہین سو مین نے اُس لشکر کو تیار کیا کہا لوگون نے ہان۔ پھر کہا حضرت عثمان نے مین تمکو اللہ کی قسم دیکر یاد دلاتا ہون کہ کیا تم جانتے ہو کہ کوئی رومہ سے کوئی شخص سواے قیمت کے پانی نہین پیتا تھا سو مین نے اُسکو خرید کیا اور غنی اور فقیر اور مسافرون کے لیے وقف کر دیا کہا لوگون نے یا اللہ[1] ہان اور اور چیزین حضرت عثمان نے شمار کین۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہی اس طریق سے یعنی طریق عبد الرحمن سلمی سے جو راوی ہی عثمان سے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داود نے کہا حدیث کی ہمسے سکن بن مغیرہ نے اور کنیت اسکی ابا محمد ہی جو آل عثمان کا غلام ہی کہا اُسنے خبر دی ہمکو ولید بن ابی ہشام نے فرقد ابی طلحہ سے اُسنے عبد الرحمن بن خباب سے کہا اُسنے مین نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا اُس حالت مین کہ لشکر عسرہ[2] پر برانگیختہ کر رہے تھے

[1] لفظ اللہم کا جیسے معنی یا اللہ کے ہین جمہو اعرابی لوگ اسکو تبرک کے لیے استعمال کرتے ہین ۱۲۔ [2] عسرہ کے معنی سختی اور مشقت کے ہین اور یہ جنگ تبوک کا نام ہی چونکہ اُسوقت مین سخت گرمی اور تنگی ہر قسم کی تھی لہذا اس نام سے موسوم ہوا ۱۲۔

عن النعمان بن بشير عن عائشة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال يا عثمان انه لعل الله يقمصك قميصا فان ارادوك على خلعه فلا تخلعه لهم وفي الحديث قصة طويلة وهذا حديث حسن غريب **باب حدثنا** احمد بن ابراهيم الدورقي نا العلاء بن عبد الجبار العطار نا الحارث بن عمير عن عبيد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر قال كنا نقول ورسول الله صلى الله عليه وسلم حي ابوبكر وعمر وعثمن هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه يستغرب من حديث عبيد الله بن عمر وقد روى هذا الحديث من غير وجه عن ابن عمر **حدثنا** ابراهيم بن سعيد الجوهري نا شاذان الاسود بن عامر عن سنان بن هارون عن كليب بن وائل عن ابن عمر قال ذكر رسول الله صلى الله عليه وسلم فتنة فقال يقتل هذا فيها مظلوما لعثمن هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه **باب حدثنا** صالح بن عبد الله نا ابو عوانة عن عثمن بن عبد الله بن موهب ان رجلا من اهل مصر حج البيت فرأى قوما جلوسا فقال من هؤلاء قالوا قريش قال فمن هذا الشيخ قالوا ابن عمر فاتاه فقال اني سائلك عن شيء فحدثني انشدك بحرمة هذا البيت اتعلم ان عثمن فر يوم احد قال نعم قال اتعلم انه تغيب عن بيعة الرضوان فلم يشهدها قال نعم قال اتعلم انه تغيب يوم بدر فلم يشهده قال نعم فقال الله اكبر فقال له ابن عمر تعال حتى ابين لك ما سألت عنه اما فراره يوم احد فاشهد ان الله قد عفا عنه وغفر له واما تغيبه يوم بدر فانه كانت عنده او تحته ابنة رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم لك اجر رجل شهد بدرا وسهمه

اُسنے نعمان بن بشیر سے اُسنے عائشہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عثمان امید ہے کہ اللہ تعالیٰ تجھے کرتا پہنائیگا پس لوگ اگر اسکے اتارنے کا قصد کریں تو تم اُنکے لیے مت اُتارلو۔ اور اس حدیث میں قصہ طویل ہے۔ اور یہ حدیث حسن غریب ہے۔ **باب حدیث** کی ہمسے احمد بن ابراہیم دورقی نے کہا حدیث کی ہمسے علاء بن عبد الجبار عطار نے کہا حدیث کی ہمسے حارث بن عمیر نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگانی کے وقت میں کہا کرتے تھے ابوبکرؓ اور عمرؓ اور عثمان رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اس طریق سے غرابت اسکی عبید اللہ بن عمر کے طریق سے ہے۔ اور کئی وجہ سے یہ حدیث ابن عمر سے مروی ہے۔ **حدیث** کی ہمسے ابراہیم بن سعید جوہری نے کہا حدیث کی ہمسے شاذان یعنی اسود بن عامر نے سنان بن ہارون سے اُسنے کلیب بن وائل سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک فتنے کا ذکر کیا اور کہا یہ شخص یعنی عثمان بن عفان اُسمیں مظلوم ہو کر مقتول ہوگا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اس وجہ سے۔ **باب حدیث** کی ہمسے صالح بن عبد اللہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے عثمان بن عبد اللہ بن موہب سے کہ ایک مرد نے اہل مصر سے بیت اللہ کا حج کیا اور اُسنے ایک قوم کو بیٹھے ہوئے دیکھا اور کہا یہ کون ہیں کہا لوگوں نے قریش۔ کہا اُسنے اور یہ شیخ کون ہے کہا اُنہوں نے ابن عمر سو وہ شخص اُنکے پاس آیا اور کہنے لگا میں آپ سے ایک چیز پوچھتا ہوں سو مجھے آپ بتلائیے میں آپکو اس گھر کی عزت کی قسم دیتا ہوں کیا آپ جانتے ہیں کہ عثمان جنگ احد کے دن بھاگ گیا تھا کہا اُسنے ہاں۔ کہا اُسنے کیا تم جانتے ہو کہ بیعت رضوان سے بھی غائب رہے اور اُسمیں حاضر نہیں ہوئے کہا ابن عمر نے ہاں کہا اُسنے کیا تم جانتے ہو کہ بدر کے دن بھی غائب رہے اور اُسمیں حاضر نہیں ہوئے کہا ابن عمر نے ہاں پھر کہا اُس شخص نے اللہ اکبر پس کہا ابن عمر نے آ ادھر کہ میں تجھے بتلاؤں جس چیز کی بابت تو نے سوال کیا ہے۔ بہرحال بھاگنا اسکا احد کے دن تو میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے اس سے معاف کر دیا ہے اور اسکو بخش دیا ہے اور غائب ہونا انکا بدر کے دن وہ اس لیے تھا کہ آپکے پاس یا آپکے نکاح میں شک راوی ہے یعنی واحد ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی تھی سو آنحضرت نے ہی اسکو فرما دیا تھا تجھے اُس مرد کے برابر اجر ملیگا جو بدر میں حاضر ہوا ہے اور حصہ بھی

لہ یعنی اسی ترتیب پر انکے نام لیا کرتے تھے اولاً حضرت ابوبکر صدیقؓ کا بعدہٗ حضرت عمرؓ کا بعدہٗ حضرت عثمانؓ کا کہ اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو اور یہی تینوں آنحضرت کو پیارے ہیں یہی آپکے صلاح کار ہیں۔ ۲ بیعت رضوان کا نام اس وجہ سے مقرر ہوا ہے کہ اُنکے حق میں یہ آیت نازل ہوئی تھی جسمیں اللہ کی رضا کا ذکر ہے۔ لقد رضی اللہ عن المؤمنین اذ یبایعونک تحت الشجرۃ۔ قولہ اللہ تعالیٰ نے معاف کر دیا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انکے حق میں فرمایا ہے۔ ولقد عفا اللہ عنھم۔ قولہ اللہ اکبر ایسے موقع میں یہ کلمہ الزام خصم کے لیے مستعمل ہوتا ہے گویا اُسنے یہ جانا کہ جب عثمان ایسے ایسے بڑے دین کے کاموں سے برطرف رہا ہے تو اسکی قدر ہی کیا ہے حضرت ابن عمر نے جواب دیا کہ انکا غایب ہونا ایسے موقع سے عموماً آنحضرت کے حکم سے تھا اور جسمیں خود غائب رہے وہ اللہ تعالیٰ نے معاف کر دیا ہے تو پھر الزام انکے حق میں کوئی عائد ہوا اگر محض غائب ہونا ہی الزام ہوتا تو نعوذ باللہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ پر بھی الزام آتا جبکہ جنگ تبوک سے آنحضرت انکو اپنے گھر بار کی خبرگیری کے لیے چھوڑ گئے تھے۔

او کانھما حماران قال فاشرف علیھم عثمٰن فقال انشدکم باللہ والاسلام ھل تعلمون ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قدم المدینۃ ولیس بھا ماء یستعذب غیر بئر رومۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من یشتری بئر رومۃ فیجعل دلوہ مع دلاء المسلمین بخیر لہ منھا فی الجنۃ فاشتریتھا من صلب مالی فانتم الیوم تمنعونی ان اشرب منھا حتی اشرب من ماء البحر قالوا اللھم نعم فقال انشدکم باللہ والاسلام ھل تعلمون ان المسجد ضاق باھلہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من یشتری بقعۃ آل فلان فیزیدھا فی المسجد بخیر لہ منھا فی الجنۃ فاشتریتھا من صلب مالی وانتم الیوم تمنعونی ان اصلی فیھا رکعتین قالوا اللھم نعم قال انشدکم باللہ وبالاسلام ھل تعلمون انی جھزت جیش العسرۃ من مالی قالوا اللھم نعم قال انشدکم باللہ والاسلام ھل تعلمون ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان علی ثبیر مکۃ ومعہ ابوبکر وعمر وانا فتحرک الجبل حتی تساقطت حجارتہ بالحضیض قال فرکضہ برجلہ فقال اسکن ثبیر فانما علیک نبی وصدیق وشھیدان قالوا اللھم نعم قال اللہ اکبر شھدوا لی ورب الکعبۃ انی شھید ثلاثا ھذا حدیث حسن قد روی من غیر وجہ عن عثمٰن **حدثنا** محمد بن بشار نا عبدالوھاب الثقفی نا ایوب عن ابی قلابۃ عن ابی الاشعث الصنعانی ان خطباء قامت بالشام وفیھم رجال من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقام آخرھم رجل یقال لہ مرۃ بن کعب فقال لولا حدیث سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما قمت وذکر الفتن فقربھا فمر رجل مقنع فی ثوب فقال ھذا یومئذ علی الھدی فقمت الیہ فاذا ھو عثمٰن بن عفان فاقبلت علیہ بوجہہ فقلت ھذا قال نعم ھذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن ابن عمر وعبداللہ بن حوالۃ وکعب بن عجرۃ **باب**

حدثنا محمود بن غیلان نا حجین بن المثنی نا اللیث بن سعد عن معٰویۃ بن صالح عن ربیعۃ بن یزید عن عبداللہ بن عامر

یا وہ دونوں گدھے تھے کہا راوی نے سو حضرت عثمان نے انپر جھانکا اور کہا میں تمکو اللہ اور دین اسلام کی قسم دیتا ہوں کہ کیا تم جانتے ہو کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مدینہ میں آئے تھے اس حالت میں کہ اسمیں میٹھا پانی نہیں ملتا تھا سوائے کنوئیں رومہ کے پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کنواں رومہ کو خریدے اور اپنا ڈول مسلمانوں کے ڈول کے ساتھ کردے تو اسکے لیے جنت میں اس سے بہتر ہوگا پس میں نے اسکو اپنے اصل مال سے خریدا سو تم آجکے دن مجھے اس سے پانی پینے کو منع کرتے ہو یہاں تک کہ میں دریا کا پانی پیتا ہوں کہا انہوں نے ہاں اے اللہ ہاں۔ پھر کہا حضرت عثمان نے میں تمکو اللہ اور دین اسلام کی قسم دیتا ہوں کہ کیا تم جانتے ہو کہ مسجد نبوی لوگوں کے ساتھ تنگ ہوگئی پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی آل فلاں کا میدان خریدے اور اسکو مسجد میں زیادہ کردے تو اسکے لیے جنت میں اس سے بہتر ہو سو میں نے اسکو اپنے اصل مال سے خریدا اور تم آجکے دن مجھے اسمیں دو رکعتیں پڑھنے سے منع کرتے ہو کہا لوگوں نے اے اللہ ہاں۔ کہا حضرت عثمان نے میں تمکو اللہ اور دین اسلام کی قسم دیتا ہوں کہ کیا تم جانتے ہو کہ میں نے اپنے مال سے لشکر عسرہ کو تیار کیا کہا انہوں نے اے اللہ ہاں کہا حضرت عثمان نے میں تمکو اللہ اور دین اسلام کی قسم دیتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کی ثبیر (نام پہاڑ) پر تھے اور آپکے ساتھ حضرت ابوبکر اور عمر اور میں بھی تھا پس وہ پہاڑ ہلا یہانتک کہ اسکے پتھر نیچے گر پڑے کہا اسنے سو آپنے اسپر اپنا پاؤں مارا اور کہا ٹھہر اے ثبیر تجھپر تو فقط نبی اور صدیق اور دو شہید ہیں۔ کہا انہوں نے اے اللہ ہاں کہا حضرت عثمان نے اللہ اکبر میرے تم گواہ رہو قسم ہے رب کعبہ کی کہ میں شہید ہوں۔ تین بار فرمایا۔ یہ حدیث حسن ہے اور غیر وجہ سے بھی عثمان سے مروی ہے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالوہاب ثقفی نے کہا حدیث کی ہمسے ایوب نے ابی قلابہ سے انہوں نے ابی الاشعث صنعانی سے یہ کہ خطیب شام میں کھڑے ہوئے اور انمیں کئی مرد نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے بھی تھے سو سب سے پیچھے ایک مرد کھڑا ہوا کہ اسکو مرہ بن کعب کہا جاتا تھا اور کہا اسنے اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث نہ سنی ہوتی تو میں کبھی کھڑا نہوتا اور ذکر کیا آنحضرت نے کئی فتنوں کا اور انکی نزدیکی بیان فرمائی پھر ایک مرد سر ڈھانپے ہوئے گذرا پس فرمایا آپنے یہ اس دن ہدایت پر ہوگا سو میں اسکی طرف کھڑا ہوا تو وہ حضرت عثمان بن عفان تھے پھر میں انکی طرف متوجہ ہوا اور کہا وہ یہ شخص ہے فرمایا آپنے ہاں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور عبداللہ بن حوالہ اور کعب بن عجرہ سے۔ **باب**

حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے حجین بن مثنے سے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد نے معاویہ بن صالح سے اسنے ربیعہ بن یزید سے اسنے عبداللہ بن عامر سے

عن جابر وابن عمر حدثنا سفيان بن وكيع نا ابي ويحيى بن سعيد عن اسمعيل بن ابي خالد عن قيس ثني ابو سهلة قال
قال لي عثمان يوم الدار ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قد عهد الي عهدا فانا صابر عليه هذا حديث حسن صحيح لا نعرفه الا
من حديث اسمعيل بن ابي خالد **مناقب** علي بن ابي طالب رضي الله عنه يقال وله كنيتان ابو تراب وابو الحسن
حدثنا قتيبة بن سعيد نا جعفر بن سليمن الضبعي عن يزيد الرشك عن مطرف بن عبد الله عن عمران بن حصين
قال بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم جيشا واستعمل عليهم علي بن ابي طالب فمضى في السرية فاصاب جارية
فانكروا عليه وتعاقد اربعة من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالوا اذا لقينا رسول الله صلى الله عليه وسلم
اخبرناه بما صنع علي وكان المسلمون اذا رجعوا من سفر بدؤا برسول الله صلى الله عليه وسلم فسلموا عليه ثم انصرفوا
الى رحالهم فلما قدمت السرية سلموا على النبي صلى الله عليه وسلم فقام احد الاربعة فقال يا رسول الله الم تر الى علي بن
ابي طالب صنع كذا وكذا فاعرض عنه رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم قام الثاني فقال مثل مقالته فاعرض عنه ثم قام
اليه الثالث فقال مثل مقالته فاعرض عنه ثم قام الرابع فقال مثل ما قالوا فاقبل اليهم رسول الله صلى الله عليه وسلم
والغضب يعرف في وجهه فقال ما تريدون من علي ما تريدون من علي ما تريدون من علي ان عليا مني وانا منه وهو ولي كل مؤمن
من بعدي هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من حديث جعفر بن سليمن **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر
نا شعبة عن سلمة بن كهيل قال سمعت ابا الطفيل يحدث عن ابي سريحة او زيد بن ارقم شك شعبة عن النبي صلى الله
عليه وسلم قال من كنت مولاه فعلي مولاه هذا حديث حسن غريب وروى شعبة هذا الحديث عن ميمون ابي عبد الله

جابر اور ابن عمر سے **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے اور یحیی بن سعید نے اسمعیل بن ابی خالد سے
اُنے قیس سے کہا حدیث کی مجھسے ابو سہلہ نے کہا اونسے مجھسے عثمان نے گھر کے دن[1] یہہ کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے ساتھ عہد کیا ہے
اور میں اُسپر صابر ہوں یہ حدیث حسن صحیح ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر طریق اسمعیل بن ابی خالد سے ۔ **مناقب** حضرت علی بن ابیطالب
رضی اللہ عنہ کے اور اُنکی دو کنیتیں ہیں ابو تراب اور ابو الحسن **حدیث** کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیمان ضبعی نے
یزید الرشک سے اُنے مطرف بن عبد اللہ سے اُنے عمران بن حصین سے کہا اُنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر بھیجا اور اُنپر علی
بن ابیطالب کو حاکم بنایا پس حضرت علی لشکر میں گئے اور اُنہوں نے ایک لونڈی سے جماع کیا پس لوگوں نے اُنپر انکار کیا اور چار آدمیوں نے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے عہد کر لیا اور کہا کہ جب ہم آنحضرت سے ملاقات کرینگے تو آپکو جو کچھ علی نے کیا ہے اُسکی خبر دینگے ۔ اور مسلمانوں کا یہ
طریق تھا کہ جب سفر سے پھرتے تھے تو پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آتے اور آپکو سلام دیتے پھر اپنے گھروں کی طرف جاتے پس جب
یہ لشکر آیا تو اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام دیا پس ایک اُن چاروں میں سے کھڑا ہوا اور کہنے لگا یا رسول اللہ کیا آپ علی بن ابیطالب کی
طرف خیال نہیں کرتے کہ اُسنے فلاں کام کیا ہے پس آنحضرت نے اُس سے منھ پھیر لیا پھر دوسرا آدمی کھڑا ہوا اور اسی طرح اُسنے بھی کہا پس
آپنے اس سے بھی منھ پھیر لیا پھر آپکی طرف تیسرا آدمی کھڑا ہوا اور اُسنے بھی اسی طرح کہا پس آپنے اُس سے بھی منھ پھیر لیا پھر چوتھا آدمی کھڑا
ہوا سو اُسنے بھی اُنکی طرح کہا پس اُسکی طرف آنحضرت نے منھ کیا اور غصہ آپکے چہرہ مبارک پر پہچانا جاتا تھا
پس آپنے فرمایا تم علی سے کیا ارادہ کرتے ہو تین بار فرمایا بیشک علی مجھسے ہے اور میں علی سے ہوں اور وہ میرے
بعد ہر مومن کا ولی ہے ۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق جعفر بن سلیمان سے ۔ **حدیث** کی ہمسے محمد
بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے سلمہ بن کہیل سے کہا اُسنے سنا میں نے ابا الطفیل
سے کہ حدیث کرتا تھا ابی سریحہ سے یا زید بن ارقم سے (شک کیا شعبہ نے) نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے
میں جسکا ولی ہوں پس علی بھی اُسکا ولی ہے یہ حدیث حسن غریب ہے ۔ اور روایت کیا شعبہ نے اس حدیث
کو میمون ابی عبد اللہ سے ۔

[1] اس گھر سے مراد حضرت عثمان کا گھر ہے کہ جہاں آپ محصور رہے تھے ۱۲۔

واما تغيبه عن بيعة الرضوان فلو كان احد اعز ببطن مكة من عثمن لبعثه رسول الله صلى الله عليه وسلم مكان عثمن بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم عثمن وكانت بيعة الرضوان بعد ما ذهب عثمن الى مكة قال فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم بيده اليمنى هذه يد عثمن وضرب بها على يده وقال هذه لعثمن قال له اذهب بهذا الآن معك۔ هذا حديث حسن صحيح **باب حدثنا** الفضل بن ابى طالب البغدادى وغير واحد قالوا انا عثمن بن زفر نا محمد بن زياد عن محمد بن عجلان عن ابى الزبير عن جابر قال اتى النبى صلى الله عليه وسلم بجنازة رجل ليصلى عليه فلم يصل عليه فقيل يا رسول الله ما رأيناك تركت الصلوة على احد قبل هذا قال انه كان يبغض عثمن فابغضه الله هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه ومحمد بن زياد هذا هو صاحب ميمون بن مهران ضعيف فى الحديث جدا ومحمد بن زياد صاحب ابى هريرة وهو ثقة ويكنى ابا الحارث ومحمد بن زياد الالهانى صاحب ابى امامة ثقة شامى يكنى ابا سفيان **باب حدثنا** احمد بن عبدة الضبى نا حماد بن زيد عن ايوب عن ابى عثمن النهدى عن ابى موسى الاشعرى قال انطلقت مع النبى صلى الله عليه وسلم فدخل حائطا للانصار فقضى حاجته فقال لى يا ابا موسى املك على الباب فلا يدخلن على احد الا باذن فجاء رجل فضرب الباب فقلت من هذا قال ابو بكر فقلت يا رسول الله هذا ابو بكر يستاذن قال ائذن له وبشره بالجنة فدخل وجاء رجل آخر فضرب الباب فقلت من هذا فقال عمر فقلت يا رسول الله هذا عمر يستاذن قال افتح له وبشره بالجنة ففتحت ودخل وبشرته بالجنة فجاء رجل آخر فضرب الباب فقلت من هذا فقال عثمن قلت يا رسول الله هذا عثمن يستاذن قال افتح له وبشره بالجنة على بلوى تصيبه هذا حديث حسن صحيح وقد روى من غير وجه عن ابى عثمن النهدى وفى الباب

اور غائب ہونا انکا بیعت رضوان سے اس لیے تھا کہ اگر کسی شخص کا مکہ میں حضرت عثمان سے زیادہ قبیلہ ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عثمان کی جگہ اسکو بھیجتے۔ آنحضرت نے عثمان کو بھیجا اور بیعت رضوان حضرت عثمان کے مکہ میں جانے کے بعد ہوئی تھی پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دائیں ہاتھ کی طرف اشارہ کرکے فرمایا یہ ہاتھ عثمان کا ہے اور اسکو اپنے دوسرے ہاتھ پر مارا اور فرمایا یہ عثمان کے لیے ہے۔ کہا ابن عمر نے اس شخص سے اب یہ اپنے ساتھ لیکر جا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب حدیث** کی ہمسے فضل بن ابی طالب بغدادی اور کئی ایک نے کہا انہوں نے حدیث کی ہمسے عثمان بن زفر نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن زیاد نے محمد بن عجلان سے اُنسے ابی الزبیر سے اُنسے جابر سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک مردہ نماز جنازہ پڑھنے کے لیے لایا گیا پس آپنے اُسپر نماز نہ پڑھی پھر آپ سے کسی نے کہا یا رسول اللہ ہمنے آپکو نہیں دیکھا کہ پہلے اس سے کسی پر نماز ترک کی ہو فرمایا آپنے یہ شخص عثمان سے عداوت رکھتا تھا پس اللہ نے اس سے عداوت رکھی ہے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے اور یہ محمد بن زیاد جو ساتھی میمون بن مہران کا ہے حدیث میں بہت ضعیف ہے۔ اور محمد بن زیاد صاحب ابی ہریرہ کا جو بصری ہے ثقہ ہے اور کنیت اسکی ابا الحارث ہے۔ اور محمد بن زیاد الہانی صاحب ابی امامہ کا ثقہ شامی ہے کنیت اسکی ابا سفیان ہے۔ **باب حدیث** کی ہمسے احمد بن عبدہ ضبی نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ایوب سے اُنسے ابی عثمان نہدی سے اُنسے ابی موسیٰ اشعری سے کہا اُسنے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چلا پس آنحضرت ایک انصار کے باغ میں داخل ہوئے اور اپنی حاجت کو پورا کیا اور مجھسے کہا اے ابا موسیٰ دروازے پر ٹھہرا رہ اور کوئی شخص مجھ تک سوائے اذن کے داخل ہونے نہ پائے پھر ایک مرد آیا اور دروازے کو کھٹکھٹایا میں نے کہا کون ہے کہا اُسنے ابو بکر ہوں میں نے کہا یا رسول اللہ یہ ابو بکر ہے اذن مانگتا ہے فرمایا آپنے اسکو اذن دے اور جنت کی بشارت دے پس وہ داخل ہوا۔ اور ایک اور مرد آیا اور دروازے کو کھٹکھٹایا سو میں نے کہا یہ کون ہے پس کہا اُسنے میں عمر ہوں میں نے کہا یا رسول اللہ یہ عمر ہے اذن مانگتا ہے فرمایا آپنے اسکے واسطے دروازہ کھولدے اور جنت کی اسکو بشارت دے پس میں نے دروازہ کھولا اور وہ داخل ہوا اور اسکو میں نے جنت کی بشارت دی پھر ایک اور مرد آیا اور اُسنے دروازے کو کھٹکھٹایا سو میں نے کہا یہ کون ہے کہا اُسنے میں عثمان ہوں میں نے کہا یا رسول اللہ یہ عثمان اذن مانگتا ہے فرمایا آپنے اسکے واسطے بھی دروازہ کھولدے اور اسکو جنت کی بشارت دے اوپر ایک مصیبت کے جو اسکو پہونچیگی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور بغیر اس وجہ سے بھی ابی عثمان نہدی سے مروی ہے اور اس باب میں روایت ہے

واصل بن عبد الاعلی نا محمد بن فضیل عن عبد اللہ بن عبد الرحمن ابی نصر عن المساور الحمیری عن امہ قالت دخلت علی ام سلمۃ فسمعتہا تقول کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا یحب علیا منافق ولا یبغضہ مؤمن وفی الباب عن علی ھذا حدیث حسن غریب من ھذا الوجہ **باب حدثنا** اسمعیل بن موسی الفزاری ابن بنت السدی نا شریک عن ابی ربیعۃ عن ابن بریدۃ عن ابیہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ امرنی بحب اربعۃ واخبرنی انہ یحبہم قیل یا رسول اللہ سمہم لنا قال علی منہم یقول ذلک ثلاثا وابو ذر والمقداد وسلمان وامرنی بحبہم واخبرنی انہ یحبہم ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث شریک **باب حدثنا** اسمعیل بن موسی نا شریک عن ابی اسحق عن حبشی بن جنادۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی منی وانا من علی ولا یؤدی عنی الا انا او علی ھذا حدیث حسن غریب صحیح **حدثنا** یوسف بن موسی القطان البغدادی نا علی بن قادم نا علی بن صالح بن حی عن حکیم بن جبیر عن جمیع بن عمیر التیمی عن ابن عمر قال اٰخی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بین اصحابہ فجاء علی تدمع عیناہ فقال یا رسول اللہ اٰخیت بین اصحابک ولم تؤاخ بینی وبین احد فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انت اخی فی الدنیا والاٰخرۃ ھذا حدیث حسن غریب وفیہ عن زید بن ابی اوفی **باب حدثنا** سفیان بن وکیع نا عبید اللہ بن موسی عن عیسی بن عمر عن السدی عن انس بن مالک قال کان عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم طیر فقال اللہم ائتنی باحب خلقک الیک یاکل معی ھذا الطیر فجاء علی فاکل معہ ھذا حدیث غریب لا نعرفہ من حدیث السدی الا من ھذا الوجہ وقد روی ھذا الحدیث من غیر وجہ عن انس والسدی اسمہ اسمعیل بن عبد الرحمن وقد ادرک انس بن مالک ورای الحسین بن علی **حدثنا** خلاد بن اسلم البغدادی نا النضر بن شمیل

واصل بن عبد الاعلی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے عبد اللہ بن عبد الرحمن ابی نصر سے اُسنے مساور حمیری سے اُسنے اپنی والدہ سے کہا اُسنے مین ام سلمہ پر داخل ہوئی اور مین نے اُس سے سنا کہتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہتے تھے منافق آدمی علی کو دوست نہین رکھتا اور مومن انسے دشمنی نہین کرتا ـ اور اس باب مین روایت ہی علی سے یہ حدیث حسن غریب ہی اس طریق سے ـ **باب حدیث** کی ہمسے اسمعیل بن موسی فزاری سدی کے نواسہ نے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے ابی ربیعہ سے اُسنے ابن بریدہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالے نے مجھے چار شخصون کی محبت کرنے کا حکم دیا ہی اور مجھے خبر دی ہی کہ مین بھی انکو دوست رکھتا ہون کسی نے آپ سے کہا یا رسول اللہ انکا نام ہمکو بتلائیے فرمایا آپنے علی اُنسے ہی آپنے یہ تین بار فرمایا اور ابو ذر اور مقداد اور سلمان اور آنحضرت نے مجھے انکی محبت کا حکم دیا ہی اور خبر دی ہی کہ مین بھی اُنکو دوست رکھتا ہون ـ یہ حدیث حسن غریب ہی نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق شریک سے **باب حدیث** کی ہمسے اسمعیل بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے ابی اسحاق سے اُسنے حبشی بن جنادہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علی مجھسے ہی اور مین علی سے ہون اور نہین ادا کرتا مجھسے مگر مین خود ہی یا علی ـ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہی **حدیث** کی ہمسے یوسف بن موسی قطان بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن قادم نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن صالح بن حی نے حکیم بن جبیر سے اُسنے جمیع بن عمیر تیمی سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ مین برادری بنادی پس حضرت علی روتے ہوے آئے اور کہنے لگے یا رسول اللہ آپنے اپنے صحابہ مین برادری بنادی ہی اور درمیان میرے اور کسی اور کے برادری نہین بنائی پس اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو میرا بھائی ہی دنیا و آخرت مین یہ حدیث حسن غریب ہی ـ اور اسمین روایت ہی زید بن ابی اوفی سے **باب حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن موسی نے عیسی بن عمر سے اُسنے سدی سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک جانور تھا پس کہا آپنے اے اللہ اپنی پیدائش سے میرے پاس وہ آدمی لا جو تجھے سب سے زیادہ محبوب ہو کہ میرے ساتھ اس جانور کو کھالے پس حضرت علی آئے اور اُنھون نے آپکے ساتھ کھایا ـ یہ حدیث غریب ہی نہین پہچانتے ہم اسکو طریق سدی سے مگر اسی وجہ سے اور کئی وجہ سے یہ حدیث انس سے مروی ہی اور سدی کا نام اسمعیل بن عبد الرحمن ہی اور اُسنے انس بن مالک کو پایا ہی اور حسین بن علی کو دیکھا ہی **حدیث** کی ہمسے خلاد بن اسلم بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے نضر بن شمیل نے کہا

لہ تورپشتی نے کہا ہی کہ عرب کا دستور ہی کہ جب انکا آپسمین کوئی جھگڑا یا عہد یا صلح وغیرہ کا کوئی امر ہو تو اسمین وہ خود آدمی مالک یا کوئی قریبی جواب دینے کے لیے مسلم ہوتا ہی اور غیر سے قبول

عن زيد بن ارقم عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه وابو سريحة هو حذيفة بن اسيد صاحب النبي صلى الله عليه وسلم حدثنا ابو الخطاب زياد بن يحيى البصري نا ابو عتاب سهل بن حماد نا المختار بن نافع نا ابو حيان التيمي عن ابيه عن علي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رحم الله ابا بكر زوجني ابنته وحملني الى دار الهجرة واعتق بلالا من ماله رحم الله عمر يقول الحق وان كان مرا تركه الحق وماله صديق رحم الله عثمن تستحييه الملائكة رحم الله عليا اللهم ادر الحق معه حيث دار هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه حدثنا سفيان بن وكيع نا ابي عن شريك عن منصور عن ربعي بن حراش قال نا علي بن ابي طالب بالرحبة فقال لما كان يوم الحديبية خرج الينا ناس من المشركين فيهم سهيل بن عمرو واناس من رؤسا المشركين فقالوا يا رسول الله خرج اليك ناس من ابناءنا واخواننا وارقائنا وليس لهم فقه في الدين وانما خرجوا فرارا من اموالنا وضياعنا فارددهم الينا فان لم يكن لهم فقه في الدين سنفقههم فقال النبي صلى الله عليه وسلم يا معشر قريش لتنتهن او ليبعثن الله عليكم من يضرب رقابكم بالسيف على الدين قد امتحن الله قلوبهم على الايمان قالوا من هو يا رسول الله فقال له ابو بكر من هو يا رسول الله وقال عمر من هو يا رسول الله قال هو خاصف النعل وكان اعطى عليا نعله يخصفها قال ثم التفت الينا علي فقال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من كذب علي متعمدا فليتبوأ مقعده من النار هذا حديث حسن صحيح غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه من حديث ربعي عن علي **باب** حدثنا قتيبة نا جعفر بن سليمن عن ابي هارون العبدي عن ابي سعيد الخدري قال انا كنا لنعرف المنافقين نحن معشر الانصار ببغضهم علي بن ابي طالب هذا حديث غريب وقد تكلم شعبة في ابي هارون العبدي وقد روى هذا عن الاعمش عن ابي صالح عن ابي سعيد **باب** حدثنا

اُسنے زید بن ارقم سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور ابوسریحہ وہ حذیفہ بن اسید ہیں جو صاحب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی۔ **حدیث** کی ہمسے ابو الخطاب یعنی زیاد بن یحیی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے ابوعتاب یعنی سہل بن حماد نے کہا حدیث کی ہمسے مختار بن نافع نے کہا حدیث کی ہمسے ابوحیان تیمی نے اپنے باپ سے اُسنے علی سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی ابوبکر صدیق پر رحم کرے کہ اُسنے اپنی بیٹی مجھے نکاح کر دی اور ہجرت کے گھر کی طرف اُٹھایا اور اپنے مال سے بلال کو آزاد کر دیا۔ اللہ تعالی عمر پر رحم کرے کہ وہ حق بات کہتا ہی اگرچہ کڑوا ہو حق بات کہنے نے اسکو اس حالت پر کر دیا ہی کہ اسکا کوئی دوست نہین رہا۔ اللہ تعالی عثمان پر رحم کرے کہ اس سے فرشتے حیا کرتے ہین۔ اللہ تعالے علی پر رحم کرے ای اللہ اسکے ساتھ حق کو پھیر جس طرف یہ پھرے یہ حدیث غریب ہی نہین پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے شریک سے اُسنے منصور سے اُسنے ربعی بن حراش سے کہا حدیث کی ہمسے علی بن ابیطالب نے رحبہ مین پس کہا اُسنے جب حدیبیہ کا دن ہوا تو لوگ مشرکین ہماری طرف نکلے۔ انمین سہیل بن عمرو اور کئی لوگ مشرکین کے سرداروں سے تھے پس کہا انہون نے یا رسول اللہ آپکی طرف ہمارے بیٹے اور بھائی اور غلام چلے آئے ہین اور انکو دین کی کچھ سمجھ نہین بلکہ وہ ہمارے مالون اور زمینون سے بھاگ کر نکلے ہین سو انکو آپ ہماری طرف پھیر دیجیے پس اگر انکو دین مین سمجھ نہوگی تو ہم انکو سمجھا دینگے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ای گروہ قریش چاہیے کہ ہٹ جاؤ یا اللہ تعالی تمپر وہ شخص بھیجیگا جو تمہاری گردنون کو تلوار کے ساتھ دین پر ماریگا اللہ تعالے نے انکے دلونکو ایمان پر جانچ لیا ہی کہا لوگون نے وہ کون شخص ہی یا رسول اللہ اور آپ سے ابوبکر نے بھی کہا کہ وہ شخص کون ہی یا رسول اللہ اور عمر نے بھی کہا کہ وہ شخص کون ہی یا رسول اللہ فرمایا آپنے وہ جوتون کا سینے والا ہی اور آنحضرت نے حضرت علی کو اپنا جوتا سینے کے لیے دیا تھا کہا اُسنے پھر ہماری طرف علی نے التفات کی پس کہا بیشک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی کہ جو کوئی مجھپر دیدہ دانستہ جھوٹ بولے تو چاہیے کہ وہ جگہ اپنی آگ مین بنائے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہی نہین پہچانتے ہم اسکو مگر اس طریق سے یعنی طریق ربعی سے جو راوی علی سے ہی۔ **باب** **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیمان نے ابی ہارون عبدی سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا اُسنے ہم گروہ انصار کا پہچانتے تھے منافقون کو بسبب انکے دشمنی رکھنے کے علی بن ابیطالب سے۔ یہ حدیث غریب ہی اور شعبہ نے ابی ہارون عبدی کے حق مین کلام کیا ہی اور مروی ہی یہ اعمش سے اُسنے روایت کی ابی صالح سے اُسنے ابی سعید سے۔ **باب** **حدیث** کی ہمسے

عن ابی اسحٰق عن البراء قال بعث النبی صلی اللہ علیہ وسلم جیشین وامر علی احدہما علی بن ابی طالب وعلی الآخر خالد بن الولید وقال اذا کان القتال فعلی قال فافتتح علی حصنا فاخذ منہ جاریۃ فکتب معی خالد کتابا الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم یشی بہ قال فقدمت علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقرأ الکتاب فتغیر لونہ ثم قال ما تری فی رجل یحب اللہ ورسولہ ویحبہ اللہ ورسولہ قال قلت اعوذ باللہ من غضب اللہ ومن غضب رسولہ وانما انا رسول فسکت ہذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من ہذا الوجہ **باب** حدثنا علی بن المنذر الکوفی نا محمد بن فضیل عن الاجلح عن ابی الزبیر عن جابر قال دعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علیا یوم الطائف فانتجاہ فقال الناس لقد طال نجواہ مع ابن عمہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما انتجیتہ ولکن اللہ انتجاہ ہذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث الاجلح وقد رواہ غیر ابن فضیل عن الاجلح ومعنی قولہ ولکن اللہ انتجاہ یقول ان اللہ امرنی ان انتجی معہ **باب** حدثنا علی بن المنذر نا ابن فضیل عن سالم بن ابی حفصۃ عن عطیۃ عن ابی سعید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعلی یا علی لا یحل لاحد ان یجنب فی ہذا المسجد غیری وغیرک قال علی بن المنذر قلت لضرار بن صرد ما معنی ہذا الحدیث قال لا یحل لاحد یستطرقہ جنبا غیری وغیرک ہذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من ہذا الوجہ وقد سمع محمد بن اسمعیل منی ہذا الحدیث واستغربہ **باب** حدثنا اسمعیل بن موسیٰ نا علی بن عابس عن مسلم الملائی عن انس بن مالک قال بعث النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوم الاثنین وصلی علی یوم الثلاثا ہذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من حدیث مسلم الاعور ومسلم الاعور لیس عندہم بذلک القوی وقد روی ہذا الحدیث عن مسلم عن حبۃ عن علی نحو ہذا

اُنسے ابی اسحاق سے اُنسے براء سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دو لشکر بھیجے اور ایک پر علی بن ابیطالب کو حاکم کیا اور دوسرے پر خالد بن ولید کو۔ اور فرمایا کہ جب جنگ ہو تو علی حاکم اعلےٰ ہی کہا راوی نے پس علی نے قلعہ کو فتح کیا اور اُس سے ایک لونڈی پکڑ لی پس خالد نے مجھے خط نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف علی کی شکایت کی باب مین لکھ دیا کہا اُسنے پھر مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپنے اُس خط کو پڑھا پس آپکا رنگ متغیر ہو گیا پھر فرمایا تو کیا چاہتا ہی اُس مرد کے حق مین جو اللہ اور اُسکے رسول کو دوست رکھتا ہی اور اُسکو بھی اللہ اور اُسکا رسول دوست رکھتا ہی کہا اُسنے مین نے کہا مین اللہ کی پناہ چاہتا ہون اللہ کے غضب سے اور اُسکے رسول کے غضب سے اور مین تو صرف قاصد ہی ہون۔ پس آپ خاموش ہو گئے یہ حدیث حسن غریب ہی نہین پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے۔ **باب** حدیث کی ہمسے علی بن منذر کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے اجلح سے اُسنے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کو طائف کے روز بلایا اور اُسکے ساتھ سرگوشی کی پس کہا لوگون نے کہ آپنے اپنے بھتیجے کے ساتھ بہت دیر تک سرگوشی کی ہی سو کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مین نے اسکو سرگوشی کے لیے خاص نہین کیا لیکن اللہ تعالیٰ نے اسکو سرگوشی کے لیے خاص کیا ہی یہ حدیث حسن غریب ہی نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق اجلح سے اور ابن فضیل کے سوا اور لوگون نے بھی اس حدیث کو اجلح سے روایت کیا ہی اور معنی قول (لیکن اللہ تعالےٰ نے اسکو سرگوشی کے لیے خاص کیا ہی) کے یہ ہین کہ اللہ تعالیٰ نے مجھکو انکے ساتھ سرگوشی کرنے کا حکم دیا ہی۔ **باب** حدیث کی ہمسے علی بن منذر نے کہا حدیث کی ہمسے ابن فضیل نے سالم بن ابی حفصہ سے اُسنے علیہ سے اُسنے ابی سعید سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کو اے علی سواے تیرے اور میرے اور کسی شخص کے لیے اس مسجد مین جنبی بیٹھنا حلال نہین ہی کہا علی بن منذر نے مین نے ضرار بن صرد سے کہا اس حدیث کے کیا معنی ہین کہا اُسنے کہ سواے میرے اور تیرے کسی جنبی کو اس مسجد مین رات گذارنا حلال نہین یہ حدیث حسن غریب ہی نہین پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے اور محمد بن اسمعیل نے مجھسے یہ حدیث سنی اور اسکو غریب جانا **باب** حدیث کی ہمسے اسمعیل بن موسیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن عابس نے مسلم ملائی سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دوشنبہ کے روز نبوت ظاہر ہوئی اور علی نے سہ شنبہ کے روز نماز پڑھی یہ حدیث غریب ہی نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق مسلم اعور سے اور مسلم اعور انکے نزدیک قوی نہین ہی اور مروی ہی یہ حدیث مسلم سے بواسطہ حبہ کے علی سے مثل اسکے۔

انا عوف عن عبد الله بن عمرو بن هند الجملي قال قال علي كنت اذا سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم اعطاني واذا سكت ابتدأني هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه **باب** حدثنا اسمعيل بن موسى نا محمد بن عمر الرومي نا شريك عن سلمة بن كهيل عن سويد بن غفلة عن الصنابحي عن علي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم انا دار الحكمة وعلي بابها هذا حديث غريب منكر روى بعضهم هذا الحديث عن شريك ولم يذكروا فيه عن الصنابحي ولا نعرف هذا الحديث عن احد من الثقات غير شريك وفي الباب عن ابن عباس حدثنا قتيبة نا حاتم بن اسمعيل عن بكير بن مسمار عن عامر بن سعد بن ابي وقاص عن ابيه قال امر معوية بن ابي سفيان سعدا فقال ما منعك ان تسب ابا تراب قال اما ما ذكرت ثلاثا قالهن رسول الله صلى الله عليه وسلم فلن اسبه لان تكون لي واحدة منهن احب الي من حمر النعم سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لعلي وخلفه في بعض مغازيه فقال له علي يا رسول الله تخلفني مع النساء والصبيان فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم اما ترضى ان تكون مني بمنزلة هارون من موسى الا انه لا نبوة بعدي وسمعته يقول يوم خيبر لاعطين الراية رجلا يحب الله ورسوله ويحبه الله ورسوله قال فتطاولنا لها فقال ادعوا لي عليا قال فاتاه وبه رمد فبصق في عينه فدفع الراية اليه ففتح الله عليه وانزلت هذه الاية ندع ابناءنا وابناءكم ونساءنا ونساءكم الاية دعا رسول الله صلى الله عليه وسلم عليا وفاطمة وحسنا وحسينا فقال اللهم هؤلاء اهلي هذا حديث حسن غريب صحيح من هذا الوجه **باب** حدثنا عبد الله بن ابي زياد نا الاحوص بن جواب عن يونس بن ابي اسحق

صلى الله عليه وسلم من الحسن بن علي هذا حديث حسن صحيح حدثنا محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد نا اسمعيل بن
ابي خالد عن ابي جحيفة قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فكان الحسن بن علي يشبهه هذا حديث حسن صحيح
وفي الباب عن ابي بكر الصديق وابن عباس وابن الزبير حدثنا خلاد بن اسلم البغدادي نا النضر بن شميل نا هشام
بن حسان عن حفصة بنت سيرين قالت ثني انس بن مالك قال كنت عند ابن زياد فجيء براس الحسين فجعل يقول بقضيب
في انفه ويقول ما رأيت مثل هذا حسنا لم يذكر قال قلت اما انه كان من اشبههم برسول الله صلى الله عليه وسلم هذا
حديث حسن صحيح غريب حدثنا عبد الله بن عبد الرحمن انا عبيد الله بن موسى عن اسرائيل عن ابي اسحق عن هانئ
بن هانئ عن علي قال الحسن اشبه برسول الله صلى الله عليه وسلم ما بين الصدر الى الراس والحسين اشبه برسول الله
صلى الله عليه وسلم ما كان اسفل من ذلك هذا حديث حسن غريب حدثنا واصل بن عبد الاعلى نا ابو معوية
عن الاعمش عن عمارة بن عمير قال لما جيء براس عبيد الله بن زياد واصحابه نضدت في المسجد في الرحبة فانتهيت اليهم
وهم يقولون قد جاءت قد جاءت فاذا حية قد جاءت تخلل الرؤس حتى دخلت في منخري عبيد الله بن زياد فمكثت هنيهة

اور اپنے آگے رکھدیا پھر فرمایا آپنے سچ کہا اللہ تعالیٰ نے انما اموالکم الخ یعنے بیشک تمھارے مال اور تمھاری اولاد فتنہ ہے میں نے ان دونوں لڑکوں کی طرف دیکھا
کہ یہ چلتے ہیں اور پھسلتے ہیں بس میں صبر نہیں کر سکا حتیٰ کہ میں نے اپنا کلام قطع کر دیا اور ان دونوں کو اُٹھا لیا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے ہم تو اسکو فقط طریق حسین
بن واقد سے ہی پہچانتے ہیں۔ حدیث کی ہمسے حسن بن عرفہ نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن عیاش نے عبد اللہ بن عثمان بن خثیم سے اسنے سعید بن
راشد سے اُسنے یعلی بن مرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسین مجھسے ہے اور میں حسین سے ہوں دوست رکھتا ہے اللہ اُسکو جو حسین کو
دوست رکھتا ہے حسین فرزندوں سے ایک فرزند ہے۔ یہ حدیث حسن ہے حدیث کی ہمسے محمد بن یحیی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے معمر سے اُسنے
زہری سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے کوئی شخص اُن میں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مشابہت رکھنے والا زیادہ حسن بن علی رضی اللہ
عنہما سے نہیں تھا یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن خالد نے ابی جحیفہ سے
کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے سو حسن بن علی آپسے زیادہ مشابہت رکھتے تھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب میں روایت
ہے ابی بکر صدیق اور ابن عباس اور ابن زبیر سے رضی اللہ عنہم۔ حدیث کی ہمسے خلاد بن سلم بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے نضر بن شمیل نے کہا
حدیث کی ہمسے ہشام بن حسان نے حفصہ بنت سیرین سے کہا اُسنے حدیث کی مجھے انس بن مالک نے کہا اُسنے میں ابن زیاد کے پاس تھا سو اُسکے پاس
امام حسین کا سر مبارک لایا گیا سو وہ ایک چھڑی کے ساتھ امام حسین کی ناک میں اشارت کرنے لگا اور کہتا تھا میں نے اس جیسا تو کوئی حسن نہیں دیکھا کیوں اسکا ذکر کیا جاتا ہے[1]
کہا اُسنے میں نے کہا ہر حال یہ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سب سے زیادہ مشابہت رکھتا تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے حدیث کی ہمسے عبد اللہ
بن عبد الرحمن نے کہا خبر دی ہمکو عبید اللہ بن موسیٰ نے اسرائیل سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے ہانی بن ہانی سے اُسنے علی سے کہا اُسنے حسن تو رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کے ساتھ سینے سے سر تک بہت مشابہ ہے اور حسین اس سے نیچے آنحضرت سے بہت مشابہ ہے یہ حدیث حسن غریب ہے حدیث کی ہمسے واصل بن
عبد الاعلیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے عمارہ بن عمیر سے کہا اُسنے جب عبید اللہ بن زیاد اور اُسکے دوستوں کے سر لائے گئے
تو مسجد کے میدان میں ایک دوسرے پر رکھے گئے اور میں اُنکے پاس پہونچا اس حالت میں کہ لوگ کہ رہے تھے وہ آگیا وہ آگیا دیکھا تو سانپ سروں
کے درمیان داخل ہو گیا حتیٰ کہ عبید اللہ بن زیاد کے نتھنوں میں داخل ہو گیا اور تھوڑی سی دیر ٹھہر کر

[1] یعنی ایسا آدمی کوئی خوبصورت تو نہیں ہوتا کیونکہ لوگ اسکی خوبصورتی کا چرچا کرتے ہیں یہ کہتا اور امام کی ناک میں چھڑی لگا کر لوگوں کو جتلاتا ۱۲ - ت ف

من السماء الی الارض وعترتی اھل بیتی ولن یتفرقا حتی یردا علی الحوض فانظروا کیف تخلفونی فیھما ھذا حدیث حسن
غریب حدثنا ابن ابی عمر نا سفیان عن کثیر النواء عن ابی ادریس عن المسیب بن نجبة قال قال علی بن ابی طالب
قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کل نبی اعطی سبعة نجباء رفقاء او قال رقباء واعطیت انا اربعة عشر قلنا من ھم قال
انا وابنای وجعفر وحمزة وابوبکر وعمر ومصعب بن عمیر وبلال وسلمان وعمار والمقداد وحذیفة وعبد اللہ بن مسعود
ھذا حدیث حسن غریب من ھذا الوجہ وقد روی ھذا الحدیث عن علی موقوفا حدثنا ابوداود سلیمان بن
الاشعث نا یحیی بن معین نا ھشام بن یوسف عن عبد اللہ بن سلیمن النوفلی عن محمد بن علی بن عبد اللہ بن عباس عن
ابیہ عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احبوا اللہ لما یغذوکم من نعمہ واحبونی بحب اللہ واحبوا اھل بیتی بحبی ھذا
حدیث حسن غریب انما نعرفہ من ھذا الوجہ **مناقب** معاذ بن جبل وزید بن ثابت وابی بن کعب وابی عبیدة
بن الجراح حدثنا سفیان بن وکیع نا حمید بن عبد الرحمن عن داود العطار عن معمر عن قتادة عن انس بن مالک قال
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارحم امتی بامتی ابوبکر واشدھم فی امر اللہ عمر واصدقھم حیاء عثمن بن عفان واعلمھم
بالحلال والحرام معاذ بن جبل وافرضھم زید بن ثابت واقرؤھم ابی بن کعب ولکل امة امین وامین ھذہ الامة ابو عبیدة
بن الجراح ھذا حدیث غریب لا نعرفہ من حدیث قتادة الا من ھذا الوجہ وقد رواہ ابو قلابة عن انس عن النبی
صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ حدثنا محمد بن بشار نا عبد الوھاب بن عبد المجید الثقفی نا خالد الحذاء عن ابی قلابة عن
انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لابی بن کعب ان اللہ امرنی ان اقرأ علیک لم یکن الذین کفروا قال وسمانی
قال نعم فبکی ھذا حدیث حسن صحیح وقد روی ھذا الحدیث عن ابی بن کعب عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم حدثنا محمد بن

جو آسمان سے زمین تک ہے یعنے ترقی کے قابل ہے اور عترت یعنی میرے اہلبیت اور یہ دونوں متفرق نہیں ہونگے یہانتک کہ حوض پر میرے پاس آئینگے پس دیکھو کہ
میرے بعد ان دونوں کے ساتھ کیونکر متمسک ہوتے ہو یہ حدیث حسن غریب ہے۔ حدیث کی ہے ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے کثیر نواء
سے اُسنے ابی ادریس سے اُسنے مسیّب بن نجبہ سے کہا اُسنے کہا ہے علی بن ابیطالب نے کہ فرمایا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق ہر ایک نبی سات
افضل دوست یا محافظ (شک راوی) دیا گیا ہے اور مجھے چودہ دوست ملے ہیں پوچھا ہمنے وہ کون ہیں فرمایا آپنے میں (یعنی علی) اور اسکے دونوں
بیٹے اور جعفر اور حمزہ اور ابوبکر اور عمر اور مصعب بن عمیر اور بلال اور سلمان اور عمار اور مقداد اور حذیفہ اور عبداللہ بن مسعود یہ حدیث اس
طریق سے حسن غریب ہے اور یہ حدیث حضرت علی سے موقوف مروی ہے حدیث کی ہمسے ابوداؤد سلیمان بن اشعث نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن معین
نے کہا حدیث کی ہمسے ہشام بن یوسف نے عبداللہ بن سلیمان نوفلی سے اُسنے محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابن عباس
سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی کو دوست رکھو اسلیے کہ تمکو اپنی نعمتوں سے کھانا دیتا ہے اور مجھے اللہ کی محبت کے
باعث دوست رکھو اور میرے اہلبیت کو بسبب میری محبت کے دوست رکھو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے ہم تو اسکو فقط اسی طریق سے پہچانتے ہیں **مناقب**
معاذ بن جبل اور زید بن ثابت اور ابی بن کعب اور ابی عبیدہ بن جراح کے رضی اللہ عنہم۔ حدیث کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث
کی ہمسے حمید بن عبدالرحمن نے داؤد عطار سے اُسنے معمر سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری
اُمت سے زیادہ رحم کرنے والا میری اُمت پر ابوبکر ہے۔ اور بہت سخت اُنمیں سے اللہ کے امر میں عمر ہے اور بہت صادق اُنمیں سے حیا میں عثمان بن
عفان ہے اور بہت جاننے والا اُنمیں سے حلال اور حرام کو معاذ بن جبل ہے اور اُنمیں سے زیادہ علم و فرائض جاننے والا زید بن ثابت ہے اور بہت
قاری اُنمیں سے ابی بن کعب ہے۔ اور ہر ایک اُمت کا ایک امین ہے اور امین اس اُمت کا ابو عبیدہ بن جراح ہے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے
ہم اسکو طریق قتادہ سے مگر اسی طریق سے اور روایت کیا اسکو ابو قلابہ نے انس سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے حدیث کی
ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالوہاب بن عبدالمجید ثقفی نے کہا حدیث کی ہمسے خالد حذاء نے ابی قلابہ سے اُسنے انس بن مالک سے
کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی بن کعب سے کہا مجھے اللہ تعالی نے یہ حکم دیا ہے کہ تجھے یہ سورت سناؤں لم یکن الذین کفروا کہا ابی نے اور اللہ
نے میرا نام لیا ہے فرمایا آپنے ہاں سو وہ رو پڑا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور مروی ہے یہ حدیث بواسطہ ابی بن کعب کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث کی ہمسے محمد بن

مناقب اهل بيت النبي صلى الله عليه وسلم **حدثنا** نصر بن عبد الرحمن الكوفي نا زيد بن الحسن عن جعفر بن محمد عن ابيه عن جابر بن عبد الله قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم في حجته يوم عرفة وهو على ناقته القصواء يخطب فسمعته يقول يا ايها الناس اني تركت فيكم من ان اخذتم به لن تضلوا كتاب الله وعترتي اهل بيتي وفي الباب عن ابي ذر وابي سعيد وزيد بن ارقم وحذيفة بن اسيد هذا حديث غريب حسن من هذا الوجه وزيد بن الحسن قد روى عنه سعيد بن سليمن وغير واحد من اهل العلم **حدثنا** قتيبة بن سعيد نا محمد بن سليمن الاصبهاني عن يحيى بن عبيد عن عطاء عن عمر بن ابي سلمة ربيب النبي صلى الله عليه وسلم قال نزلت هذه الاية على النبي صلى الله عليه وسلم انما يريد الله ليذهب عنكم الرجس اهل البيت ويطهركم تطهيرا في بيت ام سلمة فدعا النبي صلى الله عليه وسلم فاطمة وحسنا وحسينا فجللهم بكساء وعلي خلف ظهره فجلله بكساء ثم قال اللهم هؤلاء اهل بيتي فاذهب عنهم الرجس وطهرهم تطهيرا قالت ام سلمة وانا معهم يا رسول الله قال انت على مكانك وانت على خير وفي الباب عن ام سلمة ومعقل بن يسار وابي الحمراء وانس بن مالك هذا حديث غريب من هذا الوجه **حدثنا** علي بن المنذر الكوفي نا محمد بن فضيل نا الاعمش عن عطية عن ابي سعيد والاعمش عن حبيب بن ابي ثابت عن زيد بن ارقم قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اني تارك فيكم ما ان تمسكتم به لن تضلوا بعدي احدهما اعظم من الاخر كتاب الله حبل ممدود

مناقب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت کے۔ **حدیث** کی ہمسے نصر بن عبد الرحمن کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حسن نے حفص بن محمد سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہا اُسنے مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو عرفہ کے دن حج مین اپنی اونٹنی قصواء پر خطبہ پڑھتے دیکھا سو مین نے آپسے سنا کہ فرماتے تھے ای لوگو مین نے تم مین ایسی چیز چھوڑی ہی کہ اگر تم اسکو پکڑو گے تو گمراہ نہوگے ایک تو کتاب اللہ دوسری عترت یعنی اہلبیت اور اس باب مین روایت ہی ابی ذر اور ابی سعید اور زید بن ارقم اور حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہم سے۔ یہ حدیث غریب حسن ہی اس طریق سے۔ اور زید بن حسن سے سعید بن سلیمان اور کئی ایک اور اہل علم نے روایت کی ہی۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن سلیمان اصبہانی نے یحیی بن عبید سے اُسنے عطاء سے اُسنے عمر بن ابی سلمہ سے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا پروردہ ہی کہا اُسنے یہ آیت۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ام سلمہ کے گھر مین نازل ہوئی انما یرید اللہ لیذہب عنکم الرجس الخ پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فاطمہ اور حسن اور حسین کو بلایا اور ایک چادر مین ڈھانپ لیا اور حضرت علی آپکے پیچھے تھے پس اُنکو بھی آپنے چادر مین ڈھانپ لیا پھر اُنکے حق مین فرمایا ای اللہ یہ میرے اہلبیت ہین سو اُنسے پلیدی دور کر اور اچھی طرح سے پاک کر کہا اُم سلمہ نے اور مین بھی اُنکے ساتھ ہون یا رسول اللہ فرمایا آپنے تو اپنی جگہ ہی اور تُو بہتری کی طرف ہی۔ اور اس باب مین روایت ہی اُم سلمہ اور معقل بن یسار اور ابی الحمراء اور انس بن مالک سے رضی اللہ عنہم یہ حدیث غریب ہی اس طریق سے۔ **حدیث** کی ہمسے علی بن منذر کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے کہا حدیث کی ہمسے اعمش نے عطیہ سے اُسنے ابی سعید سے اور نیز اعمش نے حبیب بن ابی ثابت سے اُسنے زید بن ارقم سے کہا اُسنے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مین تم مین ایسی چیز چھوڑتا ہون کہ اگر تم اسکے ساتھ تمسک کروگے تو میرے بعد گمراہ نہوگے ایک دوسرے سے بڑا ہی کتاب اللہ تو ایک لمبی رسی ہی

[1] اہلبیت کا لفظ تو اُسپر بولا جاتا ہی جسکو صدقہ کھانا حرام ہی اور وہ بنو ہاشم ہین جنمین آل عباس اور آل علی اور آل جعفر اور آل عقیل داخل ہین کیونکہ ان تمام پر صدقہ حرام ہی اور کبھی اطلاق اسکا آنحضرت کے قبیلے پر ہوتا ہی جنمین ازواج مطہرات بھی شامل ہین۔ اور قرآن مجید مین جو ویطہرکم تطہیرا کا خطاب وارد ہوا ہی اگرچہ ظاہر الفاظ کے اقتضا کرتے ہین کہ صرف مردون کو ہی شامل ہو مگر اگر غور سے دیکھا جاوے تو امام رازی کی بات ہی ٹھیک ہی اور وہ یہ ہی کہ سیاق آیۃ کا غائبر دلالت کرتا ہی کہ ازواج مطہرات اسمین داخل ہین انکا اس آیت سے خارج کرنا صحیح نہین مترجم بلکہ ما بعد اور ما قبل آیت کا تو صرف انہین کی خواہش کرتا ہی اور ما سوا اے انکے اور کو نکالتا ہی آنحضرت نے امام حسن اور امام حسین اور علی اور فاطمہ رضی اللہ عنہم کو خود اس آیت مین دعا کرکے داخل کیا ہی اسی واسطے آپنے ام سلمہ کو فرمایا جب کہ اُسنے انہین شریک ہونے کا سوال کیا کہ انت علی مکانک انت علی خیر یعنی تو اپنی حالت پر ہی اور تو اُنسے بہتری کی طرف ہی یعنی مجھے تو خود اللہ تعالی نے داخل کیا ہی میرے داخل کرنے کی کیا حاجت ہی۔ باقی رہا یہ امر کہ لیذہب عنکم ویطہرکم مین ضمیر مذکر کی کیا وجہ ہی تو وہ بہ اعتبار اہل کے ہی۔ اور ضمیر مذکر کے لانے کی وجہ یہ ہی کہ اگر اس جگہ ضمیر مونث کی ہوتی تو صرف آنحضرت کی بیبیون کو ہی شامل ہوتا اور کوئی دوسرا اسمین داخل ہی ہوتا مذکر کی ضمیر ہونے سے آنحضرت کو بھی یہ دلیری ہو گئی کہ ان لوگون کے بھی حق مین دعا کرون کہ خدا انکو بھی اسمین داخل کرے چنانچہ آپنے دعا کی اگر یہ نہ کہا جاوے تو فاطمہ رضی اللہ عنہا بھی اس سے خارج ہو جائیگی باوجودیکہ وہ بالاتفاق اسمین داخل ہی یا یہ کہا جاوے کہ ضمیر باعتبار تغلیب کے ہی یا یہ کہا جاوے بعض اوقات ضمیر مذکر مونث کی طرف آجاتی ہی جیسا کہ مجارہی مین ہی کہ حضرت نے حضرت عائشہ کو جبکہ وہ بیمار تھین اور اُسکو تہمت زنا کی لگی تھی فرمایا کیف تیکم یعنی تمھارا کیا حال ہی اس جگہ آپنے اسکے واسطے ایک تو مذکر کی ضمیر دوسری جمع کی بولی۔ علی ہذا القیاس کئی جگہ کلام عرب مین مذکر کی ضمیر مونث کی طرف آتی ہی جو شخص کہ ماہر حدیث کا ہی اُسپر یہ امر پوشیدہ نہین ۱۲

حدثنا القاسم بن دینار الکوفی ثنا عبید الله بن موسیٰ عن عبد العزیز بن سیاہ عن حبیب بن ابی ثابت عن عطاء بن یسار عن عائشة قالت قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما خیر عمار بین امرین الا اختار اشدهما هذا حدیث حسن غریب لا نعرفه الا من هذا الوجه من حدیث عبد العزیز بن سیاہ وهو شیخ کوفی وقد روی عنه الناس وله ابن یقال له یزید بن عبد العزیز ثقة روی عنه یحیی بن آدم **حدثنا** محمود بن غیلان نا وکیع نا سفیان عن عبد الملک بن عمیر عن مولی لربعی عن ربعی بن حراش عن حذیفة قال کنا جلوسا عند النبی صلی الله علیه وسلم فقال انی لا ادری ما قدر بقائی فیکم فاقتدوا بالذین من بعدی واشار الی ابی بکر وعمر واهتدوا بهدی عمار وما حدثکم ابن مسعود فصدقوه هذا حدیث حسن وروی ابراهیم بن سعد هذا الحدیث عن سفیان الثوری عن عبد الملک بن عمیر عن هلال مولی ربعی عن ربعی عن حذیفة عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه وقد روی سالم المرادی الکوفی عن عمرو بن هرم عن ربعی بن حراش عن حذیفة عن النبی صلی الله علیه وسلم نحو هذا **حدثنا** ابو مصعب المدینی نا عبد العزیز بن محمد عن العلاء بن عبد الرحمٰن عن ابیه عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ابشر یا عمار تقتلك الفئة الباغیة وفی الباب عن ام سلمة وعبد الله بن عمرو وابی الیسر وحذیفة هذا حدیث حسن صحیح غریب من حدیث العلاء بن عبد الرحمٰن **مناقب ابی ذر الغفاری رضی الله عنه** **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابن نمیر عن الاعمش عن عثمان بن عمیر هو ابو الیقظان عن ابی حرب بن ابی الاسود الدیلی عن عبد الله بن عمرو قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول ما اظلت الخضراء ولا اقلت الغبراء اصدق من ابی ذر وفی الباب عن ابی الدرداء وابی ذر هذا حدیث حسن **حدثنا** العباس العنبری نا النضر بن

حدیث کی ہمسے قاسم بن دینار کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن موسیٰ نے عبد العزیز بن سیاہ سے اسنے حبیب بن ابی ثابت سے اُسنے عطاء بن یسار سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں اختیار دیا گیا عمار کو درمیان دو امروں کے مگر اُسنے بہتر اُن دونوں میں سے اختیار کیا ہی یہ حدیث حسن غریب ہی نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے یعنی طریق عبد العزیز بن سیاہ سے اور یہ شیخ کوفی ہی اور اس سے کئی لوگوں نے روایت کی ہی اور اسکا ایک بیٹا ہی اُسکا نام یزید بن عبد العزیز ہی وہ ثقہ ہی اُس سے یحییٰ بن آدم نے روایت کی ہی **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عبد الملک بن عمیر سے اُسنے ربعی کے غلام سے اُسنے ربعی بن حراش سے اُسنے حذیفہ سے کہا اُسنے ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوے تھے سو فرمایا آپنے میں نہیں جانتا کہ میری زندگی تم میں کبتک باقی ہی سو تم اُن لوگوں کا اقتدا کرو جو میرے پیچھے ہیں اور اشارت کی آپنے طرف ابو بکر اور عمر کے۔ اور عمار کے طریق کی راہ چلو اور جو حدیث تمکو ابن مسعود بیان کرے تو اُسکی تصدیق کرو۔ یہ حدیث حسن ہی۔ اور روایت کی ابراہیم بن سعد نے یہ حدیث سفیان ثوری سے اُسنے عبد الملک بن عمیر سے اُسنے ہلال سے جو ربعی کا غلام ہی اُسنے ربعی سے اُسنے حذیفہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور روایت کی سالم مرادی کوفی نے عمرو بن ہرم سے اُسنے ربعی بن حراش سے اُسنے حذیفہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ **حدیث** کی ہمسے ابو مصعب مدینی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے علاء بن عبد الرحمٰن سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے عمار تجھے بشارت ہو کہ تجھے باغی گروہ قتل کریگا اور اس باب میں روایت ہی ام سلمہ اور عبد اللہ بن عمرو اور ابی الیسر اور حذیفہ سے رضی اللہ عنہم۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہی طریق علاء بن عبد الرحمٰن سے **مناقب ابی ذر غفاری کے رضی اللہ عنہ** **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابن نمیر نے اعمش سے اُسنے عثمان بن عمیر سے جو ابو الیقظان ہی اُسنے ابی حرب بن ابی الاسود دیلی سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ فرماتے تھے نہیں سایہ ڈالا آسمان نے اور نہیں اُٹھایا زمین نے کوئی آدمی سچا ابی ذر سے۔ اور اس باب میں روایت ہی ابو الدرداء اور ابو ذر سے۔ یہ حدیث حسن ہی **حدیث** کی ہمسے عباس عنبری نے کہا حدیث کی ہمسے نضر بن

ف یعنی آسمان کے نیچے اور زمین کے اوپر کوئی آدمی سچا ابو ذر سے نہیں ہی یہ کلام آپکا علی سبیل المبالغہ ہی کیونکہ بالاجماع ثابت ہی کہ کوئی آدمی سچا ابی بکر رضی اللہ عنہ سے نہیں ہی یا یہ صفت ابی ذر میں سب سے زائد ہو اور حضرت ابو بکر وغیرہ کی فضیلت کلیتہً ہی نہ جزئیتہً کما حققہ اہل العلم اصل بات یہ ہی کہ ابو بکر علیہ الرحمہ کا لقب صدیق اسوجہ سے تھا کہ انہوں نے کلام پیغمبر کو بلا دلیل و بلا عذر و حیلہ تسلیم کیا چنانچہ جب آنحضرت نے اپنا معراج پر جانا بیان فرمایا تو سب سے پہلے حضرت ابو بکر صدیق نے ہی اس امر کو تسلیم کیا بخلاف دیگروں کے اور ابو ذر کی فوقیت صرف صداقت میں ہی

بشار نا یحیی بن سعید نا شعبة عن قتادة عن انس بن مالک قال جمع القرآن علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم اربعة کلهم من الانصار ابی بن کعب ومعاذ بن جبل وزید بن ثابت وابو زید قال قلت لانس من ابو زید قال احد عمومتی هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** قتیبة نا عبد العزیز بن محمد عن سهیل بن ابی صالح عن ابیه عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم نعم الرجل ابو بکر نعم الرجل عمر نعم الرجل ابو عبیدة بن الجراح نعم الرجل اسید بن حضیر نعم الرجل ثابت بن قیس بن شماس نعم الرجل معاذ بن جبل نعم الرجل معاذ بن عمرو بن الجموح هذا حدیث حسن انما نعرفه من حدیث سهیل **حدثنا** محمود بن غیلان نا وکیع نا سفیان عن ابی اسحق عن صلة بن زفر عن حذیفة بن الیمان قال جاء العاقب والسید الی النبی صلی الله علیه وسلم فقالا ابعث معنا امینک قال فانی سابعث معکم امینا حق امین فاشرف لها الناس فبعث ابا عبیدة قال وکان ابو اسحق اذا حدث بهذا الحدیث عن صلة قال سمعته منذ ستین سنة هذا حدیث حسن صحیح وقد روی عن عمر وانس عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال لکل امة امین وامین هذه الامة ابو عبیدة بن الجراح **مناقب** سلمان الفارسی رضی الله عنه **حدثنا** سفیان بن وکیع نا ابی عن الحسن بن صالح عن ابی ربیعة الایادی عن انس بن مالک قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الجنة تشتاق الی ثلثة علی وعمار وسلمان هذا حدیث حسن غریب لا نعرفه الا من حدیث الحسن بن صالح **مناقب** عمار بن یاسر وکنیته ابو الیقظان رضی الله عنه **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدی نا سفیان عن ابی اسحق عن هانی بن هانی عن علی قال جاء عمار بن یاسر یستاذن علی النبی صلی الله علیه وسلم فقال ائذنوا له مرحبا بالطیب المطیب هذا حدیث حسن صحیح

بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے قتادہ سے اُنسے انس بن مالک سے کہا اُسنے چار شخصوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں قرآن جمع کیا ہی سب کے سب قبیلۂ انصار سے تھے ابی بن کعب اور معاذ بن جبل اور زید بن ثابت اور ابو زید کہا راوی نے میں نے انس سے کہا ابو زید کون ہی کہا اُسنے ایک میرا چچا ہی یہ حدیث حسن ہی۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے سہیل بن ابی صالح سے اُنسے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ اچھا مرد ابو بکر ہی اچھا مرد عمر ہی اچھا مرد ابو عبیدہ بن جراح ہی اچھا مرد اسید بن حضیر ہی اچھا مرد ثابت بن قیس بن شماس ہی۔ اچھا مرد معاذ بن جبل ہی اچھا مرد معاذ بن عمرو بن جموح ہی یہ حدیث حسن ہی ہم تو اسکو فقط طریق سہیل سے ہی پہچانتے ہیں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے صلہ بن زفر سے اُسنے حذیفہ بن یمان سے کہا اُسنے عاقب اور ایک سردار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے پس کہا اُن دونوں نے ہمارے ساتھ کوئی اپنا امین بھیجیے فرمایا آپنے میں جلد ہی تمھارے ساتھ ایک امین جو لائق امین کہلانے کے ہی بھیجونگا پس لوگوں نے اسکے لیے گردنیں بلند کیں سو آپنے ابا عبیدہ کو بھیجدیا کہا راوی نے اور ابو اسحاق جب یہ حدیث صلہ سے روایت کرتا تو کہتا میں نے یہ حدیث قریب ساٹھ سال سے سنی ہوئی ہی یہ حدیث حسن صحیح ہی اور مروی ہی بواسطۂ عمر[1] اور انس کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ فرمایا آپنے ہر ایک نبی کے لیے ایک امین ہی اور امین اس اُمت کا ابو عبیدہ بن جراح ہی۔ **مناقب** سلمان فارسی کے رضی اللہ عنہ **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے حسن بن صالح سے اُسنے ابی ربیعہ ایادی سے اُسنے حسن سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنت تین شخصوں کی طرف مشتاق ہی علی اور عمار اور سلمان یہ حدیث حسن غریب ہی نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق حسن بن صالح سے **مناقب** عمار بن یاسر کے اور کنیت اسکی ابو الیقظان ہی رضی اللہ عنہ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اُسنے ابی اسحاق سے اسنے ہانی بن ہانی سے اُسنے علی سے کہا عمار بن یاسر آکر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اذن مانگنے لگا فرمایا آپنے اسکو اذن دو مبارک ہو شاباش طیب مطیب کے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی۔

[1] ابو عبیدہ بن جراح کے مناقب میں عمر کی جگہ ابن عمر ہی ظاہرا تو یہ غلطی کسی نساخ کی ہی مگر احتمال ہی کہ دونوں سے مروی ہو اور عاقب وہ شخص ہی جو سردار کے بعد اُسکی مدد کے لیے آوے یعنی پہلے کوئی سردار ایک کام کر جاوے بعد اسکے اسکے پیچھے ایک اور آدمی اُسی کام کے لیے سردار کی مدد کو بھیجا جاوے ۱۲ منہ [2] معنی اسکے یہ ہیں کہ اولا تو خود ذات اسکی ظاہر ہی پھر اُسنے اعمال صالحہ سے اپنے وجود کو نور علی نور بنا دیا ہی ۱۲

عن عويمر ابي الدرداء وعن سلمان الفارسي وعن عبد الله بن مسعود وعن عبد الله بن سلام الذي كان يهوديا فاسلم فاني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول انه عاشر عشرة في الجنة وفي الباب عن سعد هذا حديث حسن غريب **مناقب** عبد الله بن مسعود رضي الله عنه **حدثنا** ابراهيم بن اسمعيل بن يحيى بن سلمة بن كهيل ثني ابي عن ابيه عن سلمة بن كهيل عن ابي الزعراء عن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اقتدوا بالذين من بعدي من اصحابي ابي بكر وعمر واهتدوا بهدي عمار وتمسكوا بعهد ابن مسعود هذا حديث غريب من هذا الوجه من حديث ابن مسعود لا نعرفه الا من حديث يحيى بن سلمة بن كهيل ويحيى بن سلمة يضعف في الحديث وابو الزعراء اسمه عبد الله بن هانئ وابو الزعراء الذي روى عنه شعبة والثوري وابن عيينة اسمه عمرو بن عمرو وهو ابن اخي ابي الاحوص صاحب ابن مسعود **حدثنا** ابو كريب نا ابراهيم بن يوسف بن ابي اسحق عن ابيه عن ابي اسحق عن الاسود بن يزيد انه سمع ابا موسى يقول لقد قدمت انا واخي من اليمن وما نرى حينا الا ان عبد الله بن مسعود رجل من اهل بيت النبي صلى الله عليه وسلم لما نرى من دخوله ودخول امه على النبي صلى الله عليه وسلم هذا حديث حسن صحيح وقد رواه سفيان الثوري عن ابي اسحق **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدي نا اسرائيل عن ابي اسحق عن عبد الرحمن بن يزيد قال اتينا حذيفة فقلنا حدثنا باقرب الناس من رسول الله صلى الله عليه وسلم هديا ودلا فنأخذ عنه ونسمع منه قال كان اقرب الناس هديا ودلا وسمتا برسول الله صلى الله عليه وسلم ابن مسعود حتى يتوارى منا في بيته ولقد علم المحفوظون من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم ان ابن ام عبد هو من اقربهم الى الله زلفا هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** عبد الله بن عبد الرحمن

عویمر یعنی ابی درداء سے اور سلمان فارسی سے اور عبد اللہ بن مسعود سے اور اُس عبد اللہ بن سلام سے جو کہ یہودی تھا پھر مسلمان ہوا اس لیے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ فرماتے تھے یہ دسواں ہے دس کا جنت میں۔ اور اس باب میں روایت ہے سعد سے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے **مناقب** عبد اللہ بن مسعود کے رضی اللہ عنہ **حدیث** کی ہم سے ابراہیم بن اسمٰعیل بن یحیی بن سلمہ بن کہیل نے کہا حدیث کی مجھ سے میرے باپ نے اپنے باپ سے اُنہوں نے سلمہ بن کہیل سے انہوں نے ابی الزعراء سے اُنہوں نے ابن مسعود سے کہا اُنہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیروی کرو اُن لوگوں کی جو میرے بعد میرے صحابہ سے ہیں یعنی ابی بکر اور عمر اور عمار کے طریق کی راہ چلو۔ اور ابن مسعود کے امور دین کے ساتھ تمسک کرو یہ حدیث غریب ہے اس وجہ سے یعنی طریق ابن مسعود سے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق یحیی بن سلمہ بن کہیل سے اور یحیی بن سلمہ حدیث میں ضعیف ہے۔ اور ابو الزعراء کا نام عبد اللہ بن ہانی ہے۔ اور وہ ابو الزعراء کہ جن سے شعبہ اور ثوری اور ابن عیینہ روایت کرتے ہیں نام اسکا عمرو بن عمرو ہے اور وہ بھتیجا ابو الاحوص کا ہے جو شاگرد ابن مسعود کا ہے۔ **حدیث** کی ہم سے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہم سے ابراہیم بن یوسف بن ابی اسحاق نے اپنے باپ سے اُنہوں نے ابی اسحاق سے اُنہوں نے اسود بن یزید سے کہ سنا اُنہوں نے ابا موسی سے کہ کہتا تھا میں اور میرا بھائی یمن سے آئے اور اُس وقت ہم سوائے عبد اللہ بن مسعود کے اور کسی مرد کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اہلبیت سے نہیں گمان کرتے تھے کیونکہ اسکا اور اسکی والدہ کا آنا جانا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کیا اسکو سفیان ثوری نے ابی اسحاق سے **حدیث** کی ہم سے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہم سے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہم سے اسرائیل نے ابی اسحاق سے اُنہوں نے عبد الرحمن بن یزید سے کہا اُنہوں نے ہم حذیفہ کے پاس آئے پس ہم نے اس سے کہا ہم کو وہ آدمی بتلاؤ جو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہدایت اور طریق میں زیادہ قریب ہوتا کہ ہم اس سے علم سیکھیں اور اس سے سنیں۔ کہا اُنہوں نے عبد اللہ بن مسعود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہدایت اور طریق اور سیرت کے زیادہ مناسب ہے یہاں تک کہ وہ ہم سے اپنے گھر میں چھپ گیا ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ جو محفوظ ہیں وہ جانتے ہیں کہ ابن ام عبد یعنی عبد اللہ بن مسعود سب سے زیادہ اللہ تعالے سے قریب ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہم سے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے

ل یہ شخص عشرہ مبشرہ سے تو نہیں جنکی خبر آنحضرت نے احد یہ دی ہے کہ یہ جنتی ہیں مگر یہ مثل اُنکے ہے جیسا کہ بولتے ہیں ابو یوسف ابو حنیفہ یعنی ابو یوسف مثل ابو حنیفہ رضی اللہ عنہما کے ہے ۱۲ ۔ ۲ یعنی ہم اسکے ظاہر حال کی خبر دیتے ہیں کہ وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے بہت ہی بہت قریب ہے باطن کا حال ہم نہیں جانتے ۱۲۔

محمد نا عكرمة بن عمار ثني ابو زميل عن مالك بن مرثد عن ابيه عن ابي ذر قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم ما اظلت الخضراء ولا اقلت الغبراء من ذي لهجة اصدق ولا اوفى من ابي ذر شبه عيسى بن مريم فقال عمر بن الخطاب كالحاسد يا رسول الله فنعرف ذلك له قال نعم فاعرفوه هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه وقد روى بعضهم هذا الحديث فقال ابو ذر يمشي في الارض بزهد عيسى بن مريم عليه السلام **مناقب** عبد الله بن سلام رضي الله عنه **حدثنا** علي بن سعيد الكندي نا ابو محياة يحيى بن يعلى عن عبد الملك بن عمير عن ابن اخي عبد الله بن سلام قال لما اريد قتل عثمن جاء عبد الله بن سلام فقال له عثمن ما جاء بك قال جئت في نصرك قال اخرج الى الناس فاطردهم عني فانك خارجا خير لي منك داخلا فخرج عبد الله الى الناس فقال ايها الناس انه كان اسمي في الجاهلية فلان فسماني رسول الله صلى الله عليه وسلم عبد الله ونزلت في آيات من كتاب الله نزلت في وشهد شاهد من بني اسرائيل على مثله فآمن واستكبرتم ان الله لا يهدي القوم الظالمين ونزل قل كفى بالله شهيدا بيني وبينكم ومن عنده علم الكتاب ان لله سيفا مغمودا عنكم وان الملائكة قد جاورتكم في بلدكم هذا الذي نزل فيه رسول الله صلى الله عليه وسلم فالله الله في هذا الرجل ان تقتلوه فوالله لئن قتلتموه لتطردن جيرانكم الملائكة ولتسلن سيف الله المغمود عنكم فلا يغمد الى يوم القيمة قالوا اقتلوا اليهودي واقتلوا عثمن هذا حديث غريب انما نعرفه من حديث عبد الملك بن عمير وقد روى شعيب بن صفوان هذا الحديث عن عبد الملك بن عمير فقال عمر بن محمد بن عبد الله بن سلام عن جده عبد الله بن سلام **حدثنا** قتيبة نا الليث عن معوية بن صالح عن ربيعة بن يزيد عن ابي ادريس الخولاني عن يزيد بن عميرة قال لما حضر معاذ بن جبل الموت قيل له يا ابا عبد الرحمن اوصنا قال اجلسوني فقال ان العلم والايمان مكانهما من ابتغاهما وجدهما يقول ذلك ثلاث مرات والتمسوا العلم عند اربعة رهط

محمد نے کہا حدیث کی ہے عکرمہ بن عمار نے کہا حدیث کی مجھے ابو زمیل نے مالک بن مرثد سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ذر سے کہا اُسنے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں سایہ ڈالا آسمان نے اور نہیں اُٹھایا زمین نے کوئی ذی لہجہ سچا اور وفادار ابی ذر سے مانند عیسیٰ بن مریم کے پس عمر بن خطاب نے غبطہ سے کہا یا رسول اللہ کیا آپ اُسکی ایسی تعریف کرتے ہیں جواب دیا آپنے ہاں تم بھی اُسکی تعریف کرو یہ حدیث حسن غریب ہے اس طریق سے اور بعض نے اس روایت کو اسطرح بیان کیا ہے پس کہا اُسنے کہ ابو ذر روے زمین پر زاہد ہیں ایسا ہی جیسے عیسیٰ بن مریم **مناقب** عبد اللہ بن سلام کے رضی اللہ عنہ **حدیث** کی ہمسے علی بن سعید کندی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو محیات یعنی یحیٰ بن یعلی نے عبد الملک بن عمیر سے اُسنے عبد اللہ بن سلام کے بھتیجے سے کہا اُسنے جب حضرت عثمان کا قتل ٹھان لیا گیا تو عبد اللہ بن سلام آیا پس کہا اُس سے حضرت عثمان نے کون چیز لائی ہے تجھکو جواب دیا اُسنے کہ تیری مدد کہا حضرت عثمان نے کہ لوگوں کی طرف جا اور اُنکو مجھسے ہٹا پس تحقیق باہر نکلنا تیرا اچھا ہے میرے لیے اندر داخل ہونے تیرے سے پس عبد اللہ لوگوں کی طرف نکلا پس کہا اُسنے اے لوگو میرا نام جاہلیت میں یہ تھا (اپنا نام بیان کیا ہوگا) پس حضرت نے میرا نام عبد اللہ رکھدیا اور میرے حق میں قرآن کی کئی آیتیں نازل ہوئی ہیں میرے حق میں نازل ہوئی یہ آیت وشھد شاھد من بنی اسرائیل علی مثلہ فامن واستکبرتم ان اللہ لا یھدی القوم الظالمین ۔ اور یہ بھی نازل ہوئی ۔ قل کفی باللہ شہیدا بینی وبینکم ومن عندہ علم الکتاب ۔ تحقیق اللہ کی ایک تلوار ہے نیام میں ڈالی ہوئی تمسے اور یہ کہ فرشتے اُس شہر میں تمہارے پڑوسی ہیں جسمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وارد ہوئے ہیں پس ڈرو اللہ سے اس مرد کے قتل کرنے میں قسم بخدا اگر تمنے اسے قتل کیا تو اپنے پڑوسیوں فرشتوں کو ہٹا دوگے اور سوت لوگے اللہ کی تلوار کو جو تمسے ڈھانپی گئی ہے پھر قیامت تک وہ ڈھانپی نہیں جائیگی کہا اُنہوں نے مار دو اس یہودی کو بھی یعنی عبد اللہ کو اور عثمان کو یہ حدیث غریب ہے ہم اُسکو فقط طریق عبد الملک بن عمیر سے ہی پہچانتے ہیں اور روایت کیا ہے شعیب بن صفوان نے اس حدیث کو عبد الملک بن عمیر سے پس کہا اُسنے یہ روایت ہے عمر بن محمد بن عبد اللہ بن سلام سے اُسنے روایت کی اپنے دادا عبد اللہ بن سلام سے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے معاویہ بن صالح سے اُسنے ربیعہ بن یزید سے اُسنے ابی ادریس خولانی سے اُسنے یزید بن عمیرہ سے کہا اُسنے جب معاذ بن جبل کی موت کا وقت پہونچا تو اُس سے کہا گیا اے ابا عبد الرحمن (کنیت معاذ) ہمکو کوئی وصیت کرو کہا اُسنے مجھے بٹھاؤ پھر کہا علم اور ایمان اپنی جگہ پر ہیں جو کوئی اُنکو طلب کریگا پاویگا اُنکو ۔ تین بار اُسنے یہ کہا اور علم چار شخصوں سے طلب کرو

وهو حديث شريك **مناقب** زيد بن حارثة رضي الله عنه **حدثنا** سفيان بن وكيع نا محمد بن بكر عن ابن جريج عن
زيد بن اسلم عن ابيه عن عمر انه فرض لاسامة في ثلاثة آلاف و خمسمائة وفرض لعبد الله بن عمر في ثلاثة آلاف فقال عبد الله بن
عمر لابيه لم فضلت اسامة علي فوالله ما سبقني الى مشهد قال لان زيدا كان احب الى رسول الله صلى الله عليه وسلم من ابيك
وكان اسامة احب الى رسول الله صلى الله عليه وسلم منك فآثرت حب رسول الله صلى الله عليه وسلم على حبي هذا حديث
حسن غريب **حدثنا** قتيبة نا يعقوب بن عبد الرحمن عن موسى بن عقبة عن سالم بن عبد الله بن عمر عن ابيه قال ما كنا
ندعو زيد بن حارثة الا زيد بن محمد حتى نزلت ادعوهم لآبائهم هو اقسط عند الله هذا حديث صحيح **حدثنا** الجراح بن مخلد
وغير واحد قالوا انا محمد بن عمر بن الرومي نا علي بن مسهر عن اسمعيل بن ابي خالد عن ابي عمرو الشيباني قال اخبرني جبلة بن حارثة
قال قدمت على رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت له يا رسول الله ابعث معي اخي زيدا قال هو ذا فان انطلق معك لم امنعه
قال زيد يا رسول الله والله لا اختار عليك احدا قال فرأيت رأي اخي افضل من رأيي هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من حديث
ابن الرومي عن علي بن مسهر **حدثنا** احمد بن الحسن نا عبد الله بن مسلمة عن مالك بن انس عن عبد الله بن دينار عن ابن عمر ان
رسول الله صلى الله عليه وسلم بعث بعثا وامر عليهم اسامة بن زيد فطعن الناس في امرته فقال ان تطعنوا في امرته فقد كنتم تطعنون
في امرة ابيه من قبل وايم الله ان كان لخليقا للامارة وان كان من احب الناس الي وان هذا من احب الناس الي بعده هذا حديث
حسن صحيح **حدثنا** علي بن حجر نا اسمعيل بن جعفر عن عبد الله بن دينار عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم نحو حديث مالك بن انس
مناقب اسامة بن زيد رضي الله عنه **حدثنا** ابو كريب نا يونس بن بكير عن محمد بن اسحق عن سعيد بن عبيد بن السباق
عن محمد بن اسامة بن زيد عن ابيه قال لما ثقل رسول الله صلى الله عليه وسلم هبطت وهبط الناس المدينة

اور یہ حدیث شریک کی ہے **مناقب** زید بن حارثہ کے رضی اللہ عنہ **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن بکر نے ابن جریج سے
اُسنے زید بن اسلم سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عمر سے یہ کہ انہوں نے اسامہ کے لیے تین ہزار پانچسو تنخواہ مقرر کر دی تھی اور عبداللہ بن عمر کے لیے تین ہزار
مقرر کی تھی پس کہا عبداللہ بن عمر نے اپنے باپ سے کیوں آپنے اسامہ کو مجھپر فضیلت دی ہے سو قسم ہے اللہ کی مجھسے کسی جنگ مین سبقت نہین لے گیا
فرمایا حضرت عمر نے اس لیے کہ زید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تیرے باپ سے زیادہ پیارا تھا اور اسامہ تجھسے آنحضرت کو بہت پیارا تھا سو مین نے
آنحضرت کے محبوب کو اپنی محبت پر پسند کیا ہے یہ حدیث حسن غریب ہے۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے یعقوب بن عبد الرحمن نے
موسی بن عقبہ سے اُسنے سالم بن عبداللہ بن عمر سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے ہم زید بن حارثہ کو زید بن محمد کے نام سے بلاتے تھے یہانتک کہ آیت
نازل ہوئی اُدْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ الخ یعنے انکو اپنے باپوں سے پکارا کرو یہ اللہ کے نزدیک بہت پسندیدہ ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے
جراح بن مخلد اور کئی ایک نے کہا انہوں نے حدیث کی ہمسے محمد بن عمر بن رومی نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن مسہر نے اسمعیل بن ابی خالد سے اُسنے
ابی عمرو شیبانی سے کہا اُسنے خبر دی مجھے جبلہ بن حارثہ نے کہا اُسنے مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپسے کہا یا رسول اللہ میرے ساتھ
میرے بھائی زید کو بھیجو فرمایا آپنے وہ یہ ہے پس اگر وہ تیرے ساتھ جاوے تو مین اسکو منع نہین کرتا کہا زید نے یا رسول اللہ قسم ہے اللہ کی مین آپکے اوپر کسی کو
ترجیح نہین دیتا کہا اُسنے سو مین نے اپنے بھائی کی رائے اپنی رائے سے بہتر دیکھی۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق ابن رومی سے جو راوی ہے
علی بن مسہر سے۔ **حدیث** کی ہمسے احمد بن حسن نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن مسلمہ نے مالک بن انس سے اُسنے عبداللہ بن دینار سے اُسنے ابن عمر سے
یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر بھیجا اور اسامہ بن زید کو اُسپر حاکم بنایا سو لوگون نے اسکی حکومت مین طعن کیا پس فرمایا آپنے اگر تم اسکی حکومت مین
طعن کرتے ہو تو تم اسکے باپ کی حکومت مین بھی پہلے اس سے طعن کیا تھا حالانکہ قسم ہے اللہ کی تحقیق وہ لایق حکومت کے تھا اور وہ مجھے سب لوگون سے زیادہ
پیارا ہے اور یہ بعد اسکے سب لوگون سے مجھے زیادہ پیارا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن جعفر
نے عبداللہ بن دینار سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل حدیث مالک بن انس کے۔ **مناقب** اسامہ بن زید کے
رضی اللہ عنہ **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن بکیر نے محمد بن اسحاق سے اُسنے سعید بن عبید بن سباق سے اُسنے
محمد بن اسامہ بن زید سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بیمار ہوئے تو مین اور اور لوگ بھی مدینہ مین داخل ہوئے

نا صاعد الحرانی نا زہیر نا منصور عن ابی اسحق عن الحارث عن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو کنت مؤمرا احدا
منہم من غیر مشورۃ لامرت ابن ام عبد ہذا حدیث انما نعرفہ من حدیث الحارث عن علی **حدثنا** سفیان بن
وکیع نا ابی عن سفیان الثوری عن ابی اسحق عن الحارث عن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو کنت مؤمرا احدا
من غیر مشورۃ لامرت ابن ام عبد **حدثنا** ہناد نا ابو معویۃ عن الاعمش عن شقیق بن سلمۃ عن مسروق عن عبد اللہ
بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خذوا القران من اربعۃ من ابن مسعود و ابی بن کعب و معاذ بن جبل و سالم
مولی ابی حذیفۃ ہذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** الجراح بن مخلد البصری نا معاذ بن ہشام ثنی ابی عن قتادۃ عن
خیثمۃ بن ابی سبرۃ قال اتیت المدینۃ فسألت اللہ ان ییسر لی جلیسا صالحا فیسر لی ابا ہریرۃ فجلست الیہ فقلت لہ انی
سألت اللہ ان ییسر لی جلیسا صالحا فوفقت لی فقال من این انت قلت من اہل الکوفۃ جئت التمس الخیر واطلبہ فقال
الیس فیکم سعد بن مالک مجاب الدعوۃ وابن مسعود صاحب طہور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ونعلیہ وحذیفۃ
صاحب سر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعمار الذی اجارہ اللہ من الشیطان علی لسان نبیہ وسلمان صاحب الکتابین
قال قتادۃ والکتابان الانجیل والقران ہذا حدیث حسن غریب صحیح وخیثمۃ ہو ابن عبد الرحمن بن ابی سبرۃ نسب الی جدہ
مناقب حذیفۃ بن الیمان رضی اللہ عنہ **حدثنا** عبد اللہ بن عبد الرحمن انا اسحق بن عیسی عن شریک عن ابی الیقظان
عن زاذان عن حذیفۃ قال قالوا یا رسول اللہ لو استخلفت قال ان استخلفت علیکم فعصیتموہ عذبتم ولکن ما حدثکم حذیفۃ فصدقوہ وما اقرأکم
عبد اللہ فاقرؤہ قال عبد اللہ فقلت لاسحق بن عیسی یقولون ہذا عن ابی وائل قال لا عن زاذان انشاء اللہ ہذا حدیث حسن

کہا حدیث کی ہمسے صاعد حرانی نے کہا حدیث کی ہمسے زہیر نے کہا حدیث کی ہمسے منصور نے ابی اسحاق سے اُنہوں نے حارث سے اُنہوں نے علی سے کہا اُنہوں نے فرمایا نبی
صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر مجھکو کسی کو بغیر مشورہ کے حاکم بنانا ہوتا تو ابن ام عبد یعنی عبد اللہ بن مسعود کو حاکم بناتا اس حدیث کو ہم فقط طریق حارث
سے ہی پہچانتے ہین جو راوی ہی علی سے **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے سفیان ثوری سے اُنہوں نے ابی اسحاق سے اُنہوں نے
حارث سے اُنہوں نے علی سے کہا اُنہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر مجھکو کسی کو بغیر مشورہ کے حاکم بنانا ہوتا تو ابن ام عبد کو حاکم بناتا - **حدیث** کی ہمسے
ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُنہوں نے شقیق بن سلمہ سے اُنہوں نے مسروق سے اُنہوں نے عبد اللہ بن عمرو سے کہا اُنہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے چار شخصوں سے قرآن سیکھو ابن مسعود اور ابی بن کعب اور معاذ بن جبل اور سالم مولی ابی حذیفہ سے - یہ حدیث حسن صحیح ہی - **حدیث** کی ہمسے
جراح بن مخلد بصری نے کہا حدیث کی ہمسے معاذ بن ہشام نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے قتادہ سے اُنہوں نے خیثمہ بن ابی سبرہ سے کہا اُسنے مین مدینہ مین
آیا اور اللہ تعالے سے سوال کیا کہ میرے واسطے کوئی جلیس صالح آسان کرے پس اللہ تعالی نے میرے لیے ابو ہریرہ کو آسان کر دیا سو مین اُنکے پاس
بیٹھا اور مین نے اُس سے کہا مین نے اللہ تعالی سے جلیس صالح کے آسان کرنے کا سوال کیا تھا سو آپ میرے لیے توفیق دیے گئے پس ابو ہریرہ نے کہا
تم کہان سے ہو مین نے کہا اہل کوفہ سے ہون علم کی تلاش اور طلب کے واسطے آیا ہون پھر کہا اُنہوں نے کیا تم مین سعد بن مالک نہین ہین جسکی دعا قبول ہوتی ہی
اور ابن مسعود جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وضو کرانے والا اور جوتی رکھنے والا - اور حذیفہ جو صاحب بھید آنحضرت کا ہی اور وہ عمار جسکو اللہ تعالی نے
اپنے نبی کی زبان پر شیطان سے پناہ دی ہی اور وہ سلمان جو صاحب دو کتابون کا ہی کہا قتادہ نے دونون کتابین انجیل اور قرآن ہی - یہ حدیث حسن غریب صحیح ہی
اور خیثمہ وہ ابن عبد الرحمن بن ابی سبرہ ہی اپنے دادا کی طرف منسوب ہی - **مناقب** حذیفہ بن یمان کے رضی اللہ عنہ **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ
بن عبد الرحمن نے کہا خبر دی ہمکو اسحاق بن عیسی نے شریک سے اُنہوں نے ابی الیقظان سے اُنہوں نے زاذان سے اُنہوں نے حذیفہ سے کہا اُنہوں نے کہا
لوگون نے یا رسول اللہ کاشکے آپ کوئی خلیفہ مقرر کرتے - فرمایا آپنے اگر مین تمپر کوئی خلیفہ مقرر کرتا اور تم اسکی نافرمانی کرتے تو
تم عذاب دیے جاتے - لیکن جو تمکو حذیفہ بیان کرے تو اُسکی تصدیق کرو اور جو تمکو عبد اللہ پڑھاوے اُسکو پڑھو
کہا عبد اللہ نے مین نے اسحاق بن عیسی سے کہا لوگ کہتے ہین یہ روایت ابی وائل سے ہی کہا نہین زاذان سے
ہی انشاء اللہ[1] تعالی یہ حدیث حسن ہی -

[1] یہ کلمہ تبرک کے لیے ایسی جگہون مین استعمال کرتے ہین ۱۲

عن ليث عن ابي جهضم عن ابن عباس انه رأى جبرئيل مرتين ودعا له النبي صلى الله عليه وسلم مرتين هذا حديث مرسل ابو جهضم لم يدرك ابن عباس واسمه موسى بن سالم **حدثنا** محمد بن حاتم المؤدب نا قاسم بن مالك المزني عن عبد الملك بن ابي سليمن عن عطاء عن ابن عباس قال دعا لي رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يؤتيني الله الحكمة مرتين هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه من حديث عطاء وقد رواه عكرمة عن ابن عباس **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الوهاب الثقفي نا خالد الحذاء عن عكرمة عن ابن عباس قال ضمني اليه رسول الله صلى الله عليه وسلم وقال اللهم علمه الحكمة هذا حديث حسن صحيح **مناقب** عبد الله بن عمر رضي الله عنهما **حدثنا** احمد بن منيع نا اسمعيل بن ابراهيم عن ايوب عن نافع عن ابن عمر قال رأيت في المنام كانما بيدي قطعة استبرق ولا اشير بها الى موضع من الجنة الا طارت بي اليه فقصصتها على حفصة فقصتها حفصة على النبي صلى الله عليه وسلم فقال ان اخاك رجل صالح او ان عبد الله رجل صالح هذا حديث حسن صحيح **مناقب** عبد الله بن الزبير رضي الله عنهما **حدثنا** عبد الله بن اسحق الجوهري انا ابو عاصم عن عبد الله بن المؤمل عن ابن ابي مليكة عن عائشة ان النبي صلى الله عليه وسلم رأى في بيت الزبير مصباحا فقال يا عائشة ما ارى اسماء الا قد نفست فلا تسموه حتى اسميه فسماه عبد الله وحنكه بتمرة هذا حديث حسن غريب **مناقب** انس بن مالك رضي الله عنه **حدثنا** قتيبة انا جعفر بن سليمن عن الجعد ابي عثمن عن انس بن مالك قال مر رسول الله صلى الله عليه وسلم فسمعت امي ام سليم صوته فقالت بابي وامي يا رسول الله انيس قال فدعا لي رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاث دعوات قد رأيت منهن اثنتين في الدنيا وانا ارجو الثالثة في الآخرة هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه وقد روي هذا الحديث من غير وجه عن انس بن مالك عن النبي صلى الله عليه وسلم **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبة قال سمعت قتادة يحدث

اُسنے لیث سے اُسنے ابی جہضم سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ اُسنے جبرئیل علیہ السلام کو دو بار دیکھا اور اسکے لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دو بار دعا کی یہ حدیث مرسل ہے اور ابو جہضم نے ابن عباس کو نہیں پایا اور نام اسکا موسیٰ بن سالم ہے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن حاتم مودب نے کہا حدیث کی ہمسے قاسم بن مالک مزنی نے عبد الملک بن ابی سلیمان سے اُسنے عطاء سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے کہ میرے حق میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو بار دعا کی کہ اللہ مجھے حکمت دے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اس طریق سے یعنی طریق عطاء سے اور روایت کیا اسکو عکرمہ نے ابن عباس سے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الوہاب ثقفی نے کہا حدیث کی ہمسے خالد حذاء نے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھ ملایا اور کہا اے اللہ اسکو حکمت سکھلا یہ حدیث حسن صحیح ہے **مناقب** عبد اللہ بن عمر کے رضی اللہ عنہما **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابراہیم نے ایوب سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے ہاتھ میں ٹکڑا استبرق کا ہے اور میں جنت میں جسطرف اشارت کرتا ہوں وہ مجھے اسی طرف لے اڑتا ہے سو میں نے یہ بات حفصہ کے پاس بیان کی اور حفصہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیان کیا۔ پس فرمایا آپنے بیشک تیرا بھائی مرد صالح ہے یا فرمایا بیشک اری عبد اللہ مرد صالح ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **مناقب** عبد اللہ بن زبیر کے رضی اللہ عنہ **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن اسحاق جوہری نے کہا خبر دی ہمکو ابو عاصم نے عبد اللہ بن مومل سے اُسنے ابی ملیکہ سے اُسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے زبیر کے گھر میں چراغ دیکھا پس فرمایا آپنے اے عائشہ میں گمان کرتا ہوں کہ اسماء نفاس والی ہو گئی ہے سو تم اُس (لڑکے کا) نام نہیں رکھنا یہانتک کہ میں اسکا نام نہ رکھوں سو آپنے اسکا نام عبد اللہ رکھا اور اسکے تالو میں کھجوریں لگائیں یہ حدیث حسن غریب ہے **مناقب** انس بن مالک کے رضی اللہ عنہ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیمان نے جعد ابی عثمان سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گذرے اور میری والدہ ام سلیم نے آپکی آواز سنی اور کہا میرے والدین آپ پر قربان ہوں یا رسول اللہ یہ انیس حاضر ہے کہا انس نے پس میرے حق میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دعائیں کیں سو دو تو میں نے اُنمیں سے دنیا میں ہی دیکھ لی ہیں اور تیسری کی اُمید آخرت میں رکھتا ہوں یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اس طریق سے۔ اور یہ حدیث کئی وجہ سے بواسطہ انس بن مالک کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے کہا سنا میں نے قتادہ سے کہ حدیث کرتا تھا

فدخلت على رسول الله صلى الله عليه وسلم وقد اصمت فلم يتكلم فجعل رسول الله صلى الله عليه وسلم يضع يديه علیّ و
يرفعهما فاعرف انه يدعو لي هذا حديث حسن غريب **حدثنا** الحسين بن حريث نا الفضل بن موسى عن طلحة
بن يحيى عن عائشة بنت طلحة عن عائشة ام المؤمنين قالت اراد النبي صلى الله عليه وسلم ان ينحي مخاط اسامة قالت
عائشة دعني حتى اكون انا الذي افعل قال يا عائشة احبيه فاني احبه هذا حديث حسن غريب **اخبرنا** احمد بن الحسن
نا موسى بن اسمعيل نا ابو عوانة قال حدثني عمر بن ابي سلمة بن عبد الرحمن عن ابيه قال اخبرني اسامة بن زيد قال كنت
جالسا اذ جاء علي والعباس يستاذنان فقالا يا اسامة استاذن لنا على رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله
علي والعباس يستاذنان قال اتدري ما جاء بهما قلت لا فقال لكني ادري ائذن لهما فدخلا فقالا يا رسول الله جئناك نسألك
اي اهلك احب اليك قال فاطمة بنت محمد قالا ما جئناك نسألك عن اهلك قال احب اهلي الي من قد انعم الله عليه وانعمت
عليه اسامة بن زيد قالا ثم من قال ثم علي بن ابي طالب فقال العباس يا رسول الله جعلت عمك آخرهم قال ان عليا سبقك
بالهجرة هذا حديث حسن وكان شعبة يضعف عمر بن ابي سلمة **مناقب** جرير بن عبد الله البجلي رضي الله عنه **حدثنا**
احمد بن منيع نا معوية بن عمرو الازدي نا زائدة عن بيان عن قيس بن ابي حازم عن جرير بن عبد الله قال ما حجبني رسول الله صلى الله
عليه وسلم منذ اسلمت ولا رآني الا ضحك هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** احمد بن منيع نا معوية بن عمرو نا زائدة عن
اسمعيل بن ابي خالد عن قيس عن جرير قال ما حجبني رسول الله صلى الله عليه وسلم منذ اسلمت ولا رآني الا تبسم هذا حديث
حسن صحيح **مناقب** عبد الله بن العباس رضي الله عنه **حدثنا** بندار ومحمود بن غيلان قالا نا ابو احمد عن سفيان

کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس حالت میں کہ آپ خاموش تھے اور بات نہ کرتے تھے پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم مجھ پر دست مبارک رکھتے تھے اور اٹھاتے
تھے سو میں نے معلوم کیا کہ آپ میرے لیے دعا کرتے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے۔ **حدیث** کی ہم سے حسین بن حریث نے کہا حدیث کی ہم سے فضل بن موسیٰ نے طلحہ بن یحییٰ سے
اُنہوں نے عائشہ بنت طلحہ سے اُنہوں نے عائشہ ام المومنین سے کہا اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسامہ کی ناک سے رینٹ کے دور کرنے کا ارادہ کیا کہا عائشہ
رضی اللہ عنہا نے مجھے چھوڑ دیجیے کہ میں یہ کام کروں فرمایا آپ نے اے عائشہ اسکو دوست رکھ کیونکہ میں اسکو دوست رکھتا ہوں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔ خبر دی
ہمکو احمد بن حسن نے کہا حدیث کی ہم سے موسیٰ بن اسمعیل نے کہا حدیث کی ہم سے ابو عوانہ نے کہا اُن سے عمر بن ابی سلمہ بن عبد الرحمن نے اپنے باپ سے حدیث کی ہے کہ کہا
اُنہوں نے خبر دی مجھے اسامہ بن زید نے کہا اُنہوں نے میں بیٹھا ہوا تھا کہ حضرت علی اور عباس آکر اذن مانگنے لگے سو کہا اُن دونوں نے اے اسامہ ہمارے لیے نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کے پاس جانے کیواسطے اذن طلب کر پس میں نے کہا یا رسول اللہ علی اور عباس اذن مانگتے ہیں فرمایا آپ نے کیا تو جانتا ہے کیا چیز اُنکو لائی ہے میں نے
کہا کہ نہیں پس فرمایا آنحضرت نے لیکن میں تو جانتا ہوں۔ اُنکو اذن دے پس وہ داخل ہوئے اور کہنے لگے یا رسول اللہ ہم آپ سے ایک بات پوچھنے کیواسطے
آئے ہیں کہ کونسا اہل آپکا آپکو زیادہ پیارا ہے فرمایا آپ نے فاطمہ بنت محمد۔ کہا اُن دونوں نے ہم آپکے خاص اہل کی بابت سوال کرنے کو نہیں آئے فرمایا
آپ نے پیارا اہل میرا میرے نزدیک وہ شخص ہے کہ جس پر اللہ نے انعام کیا ہے اور میں نے بھی انعام کیا ہے[1] یعنی اسامہ بن زید۔ کہا اُن دونوں نے بعد اسکے کون
فرمایا آپ نے علی بن ابی طالب سو کہا عباس نے یا رسول اللہ آپ نے اپنے چچا کو سب سے پیچھے کر دیا ہے فرمایا آپ نے اسلیے کہ علی تم سے ہجرت میں سبقت لیگیا ہے یہ حدیث
حسن ہے اور شعبہ عمر بن ابی سلمہ کو ضعیف کرتا تھا **مناقب** جریر بن عبد اللہ بجلی کے رضی اللہ عنہ **حدیث** کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے
معاویہ بن عمرو ازدی نے کہا حدیث کی ہم سے زائدہ نے بیان سے اُنہوں نے قیس بن ابی حازم سے اُنہوں نے جریر بن عبد اللہ سے کہا اُنہوں نے نہیں منع[2] کیا مجھے نبی
صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سے کہ میں مسلمان ہوا ہوں اور نہیں دیکھا مجھے مگر آپ ہنس پڑے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا
حدیث کی مجھے معاویہ بن عمرو نے کہا حدیث کی ہم سے زائدہ نے اسمعیل بن ابی خالد سے اُنہوں نے قیس سے اُنہوں نے جریر سے کہا اُنہوں نے نہیں منع کیا مجھے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم جب سے کہ میں مسلمان ہوا ہوں اور نہیں دیکھا مجھے مگر آپ ہنس پڑے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **مناقب** عبد اللہ بن عباس کے رضی اللہ عنہما
حدیث کی ہم سے بندار اور محمود بن غیلان نے کہا دونوں نے حدیث کی ہم سے ابو احمد نے سفیان سے

---

[1] یعنی اللہ تعالیٰ نے اُس پر یہ انعام کیا ہے کہ مسلمان کیا اور ہدایت کی اور میرا انعام اُس پر یہ ہے کہ آزاد کر کے اسکو اپنا متبنیٰ کر لیا اور پرورش کی ۱۲ [2] یعنی جو کچھ میں نے اُن سے مانگا ہے کبھی منع نہیں کیا یا بڑے لوگوں کی مجلس میں حاضر ہونے سے منع نہیں کیا ۱۲

وقد روی من غیر وجہ عن ابی ہریرۃ **حدثنا** محمد بن عمر بن علی المقدمی نا ابن ابی عدی عن شعبۃ عن سماک عن ابی الربیع
عن ابی ہریرۃ قال اتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فبسطت ثوبی عندہ ثم اخذہ فجمعہ علی قلبی قال فما نسیت بعدہ ہذا حدیث
حسن غریب من ہذا الوجہ **حدثنا** احمد بن منیع نا ہشیم نا یعلی بن عطاء عن الولید بن عبد الرحمن عن ابن عمر انہ
قال لابی ہریرۃ یا ابا ہریرۃ انت کنت الزمنا لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واحفظنا لحدیثہ ہذا حدیث حسن **حدثنا**
عبد اللہ بن عبد الرحمن نا احمد بن سعید الحرانی انا محمد بن سلمۃ عن محمد بن اسحق عن محمد بن ابراہیم عن مالک بن ابی عامر
قال جاء رجل الی طلحۃ بن عبید اللہ فقال یا ابا محمد ارأیت ہذا الیمانی یعنی ابا ہریرۃ اہو اعلم بحدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم منکم نسمع منہ ما لا نسمع منکم او یقول علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما لم یقل قال اما ان یکون سمع من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ما لم نسمع عنہ وذلک انہ کان مسکینا لا شیء لہ ضیفا لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدہ مع ید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکنا نحن اہل بیوتات
وغنا وکنا نأتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طرفی النہار لا اشک الا انہ سمع من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما لم نسمع ولا تجد احدا فیہ
خیرا یقول علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما لم یقل ہذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث محمد بن اسحق و
قد رواہ یونس بن بکیر وغیرہ عن محمد بن اسحق **حدثنا** بشر بن آدم بن ابنۃ ازہر السمان نا عبد الصمد بن عبد الوارث
نا ابو خلدۃ نا ابو العالیۃ عن ابی ہریرۃ قال قال لی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ممن انت قلت من دوس قال ما کنت اری ان فی
دوس احدا فیہ خیر ہذا حدیث غریب صحیح وابو خلدۃ اسمہ خالد بن دینار وابو العالیۃ اسمہ رفیع **حدثنا** عمران بن
موسی القزاز نا حماد بن زید نا المہاجر عن ابی العالیۃ الریاحی عن ابی ہریرۃ قال اتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم بتمرات
فقلت یا رسول اللہ ادع اللہ فیہن بالبرکۃ فضمہن ثم دعا لی فیہن بالبرکۃ فقال لی خذہن فاجعلہن فی مزودک ہذا او فی ہذا المزود

اور یہ کئی وجہ سے ابی ہریرہ سے مروی ہے۔ **حدیث** کی ہم سے محمد بن عمر بن علی مقدمی نے کہا حدیث کی ہم سے ابن عدی نے شعبہ سے اُنہوں نے سماک سے انہوں نے
ابی الربیع سے انہوں نے ابی ہریرہ سے کہا اُنہوں نے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپکے پاس اپنا کپڑا بچھایا پھر آپنے اُسکو پکڑ لیا اور میرے دل پر رکھ دیا
سو بعد اسکے میں کوئی چیز نہیں بھولا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اس طریق سے۔ **حدیث** کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے ہشیم نے کہا حدیث کی ہم سے
یعلی بن عطاء نے ولید بن عبد الرحمن سے اُنہوں نے ابن عمر سے یہ کہ اُنہوں نے ابو ہریرہ سے کہا اے ابو ہریرہ تو ہم سے زیادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت چمٹا رہتا
تھا اور تو ہم سے زیادہ حدیث بہت یاد رکھتا ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔ **حدیث** کی ہم سے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا حدیث کی ہم سے احمد بن سعید حرانی نے
کہا خبر دی ہمکو محمد بن سلمہ نے محمد بن اسحاق سے اُنہوں نے محمد بن ابراہیم سے اُنہوں نے مالک بن ابی عامر سے کہا اُنہوں نے ایک مرد طلحہ بن عبید اللہ کے پاس آیا
اور کہنے لگا اے ابا محمد کیا تو جانتا ہے اس یمنی کو یعنی ابو ہریرہ کو کیا وہ تم سے آنحضرت کی حدیث بہت جانتا ہے ہم اُس سے وہ باتیں سنتے ہیں جو تم سے نہیں
سنتے یا وہ آنحضرت پر وہ باتیں لگاتا ہے جو آپنے نہیں کہیں کہا اُنہوں نے بہرحال اُسنے تو آنحضرت سے وہ باتیں سنی ہیں جو ہمنے آپسے نہیں سنیں اور سبب اسکا یہ
ہے کہ یہ شخص مسکین تھا اسکے پاس کوئی چیز نہ تھی آنحضرت کا مہمان تھا اسکا ہاتھ آنحضرت کے ہاتھ کے ساتھ تھا۔ اور ہم لوگ گھروں والے او
دولتمند تھے اور ہم آنحضرت کے پاس دونوں وقت دن کے آتے تھے میرا تو یہی گمان ہے کہ اسنے آنحضرت سے ہی وہ باتیں سنی ہیں
جو ہمنے نہیں سنی ہیں۔ اور تو کسی شخص کو نہ پائیگا کہ جسمیں نیکی ہو کہ وہ آنحضرت کے ذمے وہ باتیں لگائے جو آپنے نہیں کہیں یہ حدیث حسن
غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق محمد بن اسحاق سے اور روایت کیا اسکو یونس بن بکیر وغیرہ نے بھی محمد بن اسحاق سے۔ **حدیث** کی ہم سے
بشر بن آدم نے جو نواسہ ازہر سمان کا ہے کہا حدیث کی ہم سے عبد الصمد بن عبد الوارث نے کہا حدیث کی ہم سے ابو خلدہ نے کہا حدیث کی ہم سے
ابی ہریرہ سے کہا اُنہوں نے مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا تو کس سے ہے میں نے کہا قبیلہ دوس سے۔ فرمایا آپنے میں دوس میں کوئی شخص نہیں جانتا کہ جسمیں نیکی ہو
یہ حدیث غریب صحیح ہے اور ابو خلدہ کا نام خالد بن دینار ہے اور ابو العالیہ کا نام رفیع ہے۔ **حدیث** کی ہم سے عمران بن موسی قزاز نے کہا حدیث کی ہم سے
زید نے کہا حدیث کی ہم سے مہاجر نے ابی العالیہ ریاحی سے اُنہوں نے ابی ہریرہ سے کہا اُنہوں نے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چند کھجوریں لایا سو
کہا یا رسول اللہ اللہ تعالی سے اُنمیں برکت کی دعا کر سو آنحضرت نے انکو جمع کیا پھر آپنے میرے واسطے اُنمیں برکت کی دعا کی اور
فرمایا انکو پکڑ لے اور انکو اپنے اس توشہ دان میں ڈالدے یا فرمایا آپنے اس توشہ دان میں (شک راوی)

عن انس بن مالك عن ام سليم انها قالت يا رسول الله انس بن مالك خادمك ادع الله له قال اللهم اكثر ماله وولده وبارك له فيما اعطيته هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** زيد بن اخزم الطائي نا ابو داؤد عن شعبة عن جابر عن ابي نصر عن انس قال كناني رسول الله صلى الله عليه وسلم ببقلة كنت اجتنيها هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه من حديث جابر الجعفي عن ابي نصر وابو نصر هو خيثمة بن ابي خيثمة البصري يروي عن انس احاديث **حدثنا** ابراهيم بن يعقوب نا زيد بن الحباب نا ميمون ابو عبد الله نا ثابت البناني قال قال لي انس بن مالك يا ثابت خذ عني فانك لن تاخذ عن احد اوثق مني اني اخذته عن رسول الله صلى الله عليه وسلم واخذه رسول الله صلى الله عليه وسلم عن جبرئيل واخذه جبرئيل عن الله عز وجل **حدثنا** ابو كريب نا زيد بن الحباب عن ميمون ابي عبد الله عن ثابت عن انس بن مالك نحو حديث ابراهيم بن يعقوب ولم يذكر فيه واخذه النبي صلى الله عليه وسلم عن جبرئيل هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث زيد بن حباب **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو اسامة عن شريك عن عاصم الاحول عن انس قال ربما قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم يا ذا الاذنين قال ابو اسامة يعني يمازحه هذا حديث حسن غريب صحيح **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو داؤد عن ابي خلدة قال قلت لابي العالية سمع انس من النبي صلى الله عليه وسلم قال خدمه عشر سنين ودعا له النبي صلى الله عليه وسلم وكان له بستان يحمل في السنة الفاكهة مرتين وكان فيها ريحان يجد منه ريح المسك هذا حديث حسن غريب وابو خلدة اسمه خالد بن دينار وهو ثقة عند اهل الحديث وقد ادرك انس بن مالك وروى عنه **مناقب** ابي هريرة رضي الله عنه **حدثنا** ابو موسى محمد بن المثنى نا عثمن بن عمر نا ابن ابي ذئب عن سعيد المقبري عن ابي هريرة قال قلت يا رسول الله اسمع منك اشياء فلا احفظها قال ابسط رداءك فبسطته فحدث حديثا كثيرا فما نسيت شيئا حدثني به هذا حديث حسن صحيح

انس بن مالک سے روایت کی ام سلیم سے کہ اُسنے آنحضرت سے کہا یہ انس بن مالک آپکا خادم حاضر ہی اسکے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیے۔ فرمایا آپنے اے اللہ اسکا مال اور اولاد بہت کر اور جو کچھ تو اسکو دے اسمین اسکے لیے برکت کر۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** کی ہمسے زید بن اخزم طائی نے کہا حدیث کی ہمسے ابوداؤد نے شعبہ سے اُنسے جابر سے اُسنے ابی نصر سے اُسنے انس سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری کنیت بقلہ رکھی ہیں اسکو پسند کرتا تھا یہ حدیث غریب ہی نہین پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق یعنی طریق جابر جعفی سے جو راوی ہی ابی نصر سے اور ابو نصر وہ خیثمہ بن ابی خیثمہ بصری ہی یہ انس سے کئی حدیثین روایت کرتا ہی۔ **حدیث** کی ہمسے ابراہیم بن یعقوب نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے کہا حدیث کی ہمسے میمون بن عبداللہ نے کہا حدیث کی ہمسے ثابت بنانی نے کہا اُسنے مجھے انس بن مالک نے کہا اے ثابت مجھے پکڑ لو اسلیے کہ تو کسی سے بہت معتبر مجھسے نہین پکڑیگا کیونکہ میں نے اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پکڑا ہی اور آنحضرت نے اسکو جبرئیل علیہ السلام سے پکڑا ہی اور جبرئیل نے اسکو اللہ تعالے سے لیا ہی **حدیث** کی ہمسے ابوکریب نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے میمون ابی عبداللہ سے اُسنے ثابت سے اُسنے انس بن مالک سے مثل حدیث ابراہیم بن یعقوب کے اور اُسنے اسمین یہ ذکر نہین کیا کہ اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل سے پکڑا ہی۔ یہ حدیث غریب ہی نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق زید بن حباب سے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسامہ نے شریک سے اُسنے عاصم احول سے اُسنے انس سے کہا اُسنے بہت وقت مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا اے دو کانون والے کہا ابو اسامہ نے یعنے آپ اُس سے مزاح کرتے تھے۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہی **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابوداؤد نے ابی خلدہ سے کہا اُسنے مین نے ابی العالیہ سے کہا کیا انس کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سماع ہی کہا اُسنے انس نے آنحضرت کی دس سال خدمت کی ہی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے حق مین دعا کی ہی اور اسکا ایک باغ تھا سال مین دو بار میوہ دیتا تھا اور اُس باغ مین ریحان تھا اُس سے بو مشک کی آتی تھی یہ حدیث حسن غریب ہی۔ اور ابو خلدہ کا نام خالد بن دینار ہی اور محدثین کے نزدیک یہ ثقہ ہی اور اُسنے انس بن مالک کو پایا ہی اور اُس سے روایت کرتا ہی **مناقب** ابی ہریرہ کے رضی اللہ عنہ **حدیث** کی ہمسے ابو موسیٰ یعنی محمد بن مثنیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے عثمان بن عمر نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی ذئب نے سعید مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے مین نے کہا یا رسول اللہ مین آپ سے کئی باتین سنتا ہون اور مین اُنکو یاد نہین رکھتا یعنی بھول جاتی ہین فرمایا آپنے اپنی چادر بچھا بس مین نے اُسکو بچھایا سو آپنے اُسپر بہت کچھ پڑھا پھر مین نے کوئی بات جو آپنے بیان کی ہو نہین بھلائی یہ حدیث حسن صحیح ہی۔

اسلم الناس وآمن عمرو بن العاص هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث ابن لهيعة عن مشرح وليس اسناده
بالقوى حدثنا اسحق بن منصور نا ابو اسامة عن نافع بن عمر الجمحى عن ابن ابى مليكة قال قال طلحة بن عبيد الله سمعت
رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ان عمرو بن العاص من صالحى قريش هذا حديث انما نعرفه من حديث نافع بن عمر
الجمحى ونافع ثقة وليس اسناده بمتصل ابن ابى مليكة لم يدرك طلحة **مناقب خالد بن الوليد رضى الله عنه** حدثنا
قتيبة نا الليث عن هشام بن سعد عن زيد بن اسلم عن ابى هريرة قال نزلنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم منزلا
فجعل الناس يمرون فيقول رسول الله صلى الله عليه وسلم من هذا يا ابا هريرة فاقول فلان فيقول نعم عبد الله هذا ويقول
من هذا فاقول فلان فيقول بئس عبد الله هذا حتى مر خالد بن الوليد فقال من هذا قلت خالد بن الوليد قال نعم
عبد الله خالد بن الوليد سيف من سيوف الله هذا حديث غريب ولا نعرف لزيد بن اسلم سماعا من ابى هريرة وهو
حديث مرسل عندى وفى الباب عن ابى بكر الصديق رضى الله عنه **مناقب سعد بن معاذ رضى الله عنه** حدثنا
محمود بن غيلان نا وكيع عن سفيان عن ابى اسحق عن البراء قال اهدى لرسول الله صلى الله عليه وسلم ثوب حرير فجعلوا يعجبون
من لينه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اتعجبون من هذا لمناديل سعد بن معاذ فى الجنة احسن من هذا وفى الباب
عن انس هذا حديث حسن صحيح حدثنا محمود بن غيلان نا عبد الرزاق انا ابن جريج اخبرنى ابو الزبير انه سمع جابر
بن عبد الله يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول وجنازة سعد بن معاذ بين ايديهم اهتز له عرش الرحمن

سب[1] لوگوں سے زیادہ مسلمان اور ایمان دار ہی عمرو بن عاص ہی یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق ابن لہیعہ سے جو راوی ہی مشرح سے اور
اسناد اسکی قوی نہیں ہیں۔ حدیث کی ہمسے اسحاق بن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسامہ نے نافع بن عمر جمحی سے اُسنے ابن ابی ملیکہ سے
کہا اُسنے کہا طلحہ بن عبید اللہ نے کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے عمرو بن عاص قریش کے نیک بخت لوگوں سے ہی اس حدیث
کو ہم فقط طریق نافع بن عمرو جمحی سے پہچانتے ہیں اور نافع ثقہ ہی اور اسناد اسکی متصل نہیں کیونکہ ابن ابی ملیکہ نے طلحہ کو نہیں پایا۔ **مناقب**
خالد بن ولید کے رضی اللہ عنہ۔ حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ہشام بن سعد سے اُسنے زید بن اسلم سے اُسنے ابی ہریرہ
سے کہا اُسنے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک منزل میں اُترے اور لوگوں نے وہاں سے گذرنا شروع کیا پس رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے کہ یہ کون ہی اے ابا ہریرہ سو میں کہتا کہ یہ فلاں ہی پس آپ کہتے اچھا ہی بندہ اللہ کا یہ اور فرماتے کہ یہ کون ہی
میں کہتا فلاں ہی آپ فرماتے یہ اللہ کا بندہ بُرا ہی حتی کہ خالد بن ولید گذرا پس فرمایا آپنے یہ کون ہی میں نے کہا خالد بن ولید ہی
فرمایا آپنے اچھا ہی اللہ کا بندہ خالد بن ولید تلوار ہی اللہ کی تلواروں سے۔ یہ حدیث غریب ہی اور زید بن اسلم کا سماع
ابی ہریرہ سے ہم نہیں پہچانتے اور یہ حدیث مرسل ہی۔ اور اس باب میں روایت ہی ابی بکر صدیق سے رضی اللہ عنہ **مناقب**
سعد بن معاذ کے رضی اللہ عنہ۔ حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان سے اُسنے ابی اسحاق
سے اُسنے براء سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے ریشم کا کپڑا ہدیہ بھیجا گیا پس لوگ اُسکی نرمی سے متعجب ہونے لگے۔
پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تم اس سے متعجب ہوتے ہو البتہ رومال سعد بن معاذ کا جو جنت میں ہی وہ اس سے بہت
بہتر ہی اور اس باب میں روایت ہی انس سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی
ہمسے عبد الرزاق نے کہا خبر دی ہمکو ابن جریج نے کہا خبر دی مجھے ابو الزبیر نے یہ کہ سنا اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہ کہتا سنا میں نے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے اس حالت میں کہ جنازہ سعد بن معاذ کا انکے آگے تھا اُنکے واسطے اللہ تعالیٰ کا عرش کانپ گیا

---

[1] وجہ خصوصیت اسکے ایمان کی یہ ہی کہ یہ شخص اپنی رغبت سے ایمان لایا ہی نہ کسی کی دعوت سے جبکہ نجاشی نے آنحضرت کی نبوت کا اقرار کیا تھا تو اسکے دل میں
بھی حبشہ میں ہی اسلام داخل ہو گیا تھا پھر یہ ایمان کی حالت میں آنحضرت کے پاس آیا اور اسلام سے پہلے آنحضرت کا بہت دشمن تھا۔ اور لوگوں سے مراد وہ لوگ
ہیں جو فتح مکہ میں مسلمان ہوئے ہیں کیونکہ جبر اور قہر سے اسلام لائے تھے بعدہ اسلام انکا اللہ کی مرضی سے بہتر ہو گیا ۱۲ منہ یعنی کافروں اور مشرکوں کے لیے
اللہ کی تلوار ہی یعنی آپکے ساتھ اللہ تعالیٰ کے راستے میں بہت جنگ کرتا ہی ۱۲

کلما اردت ان تاخذ منه شیئا فادخل یدك فیه فخذه ولا تنثره نثرا فقد حملت من ذلك التمر کذا وکذا من وسق فی سبیل الله وکنا ناکل منه ونطعم وکان لا یفارق حقوی حتی کان یوم قتل عثمٰن فانه انقطع هذا حدیث حسن غریب من هذا الوجه وقد روی هذا الحدیث من غیر هذا الوجه عن ابی هریرة حدثنا احمد بن سعید المرابطی نا روح بن عبادة نا اسامة بن زید عن عبد الله بن رافع قال قلت لابی هریرة لم کنیت ابا هریرة قال اما تفرق منی قلت بلی والله انی لاهابك قال کنت ارعی غنم اهلی وکانت لی هریرة صغیرة فکنت اضعها باللیل فی شجرة فاذا کان النهار ذهبت بها معی فلعبت بها فکنونی ابا هریرة هذا حدیث حسن غریب **حدثنا** قتیبة نا سفیان بن عیینة عن عمرو بن دینار عن وهب بن منبه عن اخیه همام بن منبه عن ابی هریرة قال لیس احد اکثر حدیثا عن رسول الله صلی الله علیه وسلم منی الا عبد الله بن عمرو فانه کان یکتب وکنت لا اکتب **مناقب** معٰویة بن ابی سفیان رضی الله عنه **حدثنا** محمد بن یحیی نا ابو مسهر عن سعید بن عبد العزیز عن ربیعة بن یزید عن عبد الرحمٰن بن ابی عمیرة وکان من اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال لمعٰویة اللهم اجعله هادیا مهدیا واهد به هذا حدیث حسن غریب **حدثنا** محمد بن یحیی نا عبد الله بن محمد النفیلی نا عمرو بن واقد عن یونس بن حلبس عن ابی ادریس الخولانی قال لما عزل عمر بن الخطاب عمیر بن سعد عن حمص ولی معاویة فقال الناس عزل عمیرا وولی معٰویة فقال عمیر لا تذکروا معٰویة الا بخیر فانی سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول اللهم اهد به **مناقب** عمرو بن العاص رضی الله عنه **حدثنا** قتیبة نا ابن لهیعة عن مشرح بن هاعان عن عقبة بن عامر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم

جب تو اس سے لینے کا ارادہ کیا کرے تو اپنا ہاتھ اسمین داخل کر اور اس سے پکڑ لے اور انکو منتشر نہ کر (ابوہریرہ کہتا ہی) سو مین نے اس سے کئی قدر وسق[1] کھجوروں کے اللہ تعالیٰ کے راستہ مین دیے اور ہم اس سے کھاتے اور کھلاتے تھے اور وہ توشہ دان میری ازار سے جدا نہوتا تھا یہانتک کہ حضرت عثمان کے قتل کا دن آیا سو وہ ٹوٹ گیا۔ یہ حدیث حسن غریب ہی اس طریق سے اور یہ حدیث غیر اس وجہ سے بھی ابوہریرہ سے مروی ہی **حدیث** کی ہمسے احمد بن سعید مرابطی نے کہا حدیث کی ہمسے روح بن عبادہ نے کہا حدیث کی ہمسے اسامہ بن زید نے عبد اللہ بن رافع سے کہا اُسنے مین نے ابوہریرہ سے کہا آپکی کنیت ابوہریرہ کس لیے ہوئی کہا اُسنے کیا تو مجھسے نہین ڈرتا مین نے کہا کیون نہین قسم ہی اللہ کی مین ضرور آپسے ڈرتا ہون کہا ابوہریرہ نے مین اپنے اہل کی بکریان چرایا کرتا تھا اور میرے پاس ایک چھوٹی سی بلی تھی اور مین رات کو اُسکو ایک درخت پر رکھدیتا تھا پھر جب دن ہوتا تو مین اسکو اپنے ساتھ لے جاتا اور اُسکے ساتھ کھیلتا سو لوگون نے اس سبب سے میری کنیت ابوہریرہ رکھدی ہی۔ یہ حدیث حسن غریب ہی۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے عمرو بن دینار سے اُسنے وہب بن منبہ سے اُسنے اپنے بھائی ہمام بن منبہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے سوائے عبد اللہ بن عمرو کے کوئی شخص مجھسے زیادہ حدیث آنحضرت سے بیان نہین کرتا اس لیے کہ وہ لکھتا تھا اور مین نہین لکھتا تھا۔ **مناقب** معاویہ بن ابی سفیان کے رضی اللہ عنہ **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو مسہر نے سعید بن عبد العزیز سے اُسنے ربیعہ بن یزید سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی عمیرہ سے اور یہ شخص آنحضرت کے اصحاب سے تھا یہ روایت کرتا ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپنے (معاویہ کے حق مین) فرمایا اے اللہ کر اسکو ہدایت دینے والا اور ہدایت پانے والا اور اسکو ہدایت کر۔ یہ حدیث حسن غریب ہی۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن محمد نفیلی نے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن واقد نے یونس بن حلبس سے اُسنے ابی ادریس خولانی سے کہا اُسنے جب حضرت عمر بن خطاب نے عمیر بن سعد کو حمص سے معزول کرکے معاویہ کو حاکم بنایا تو لوگون نے کہا حضرت عمر نے عمیر کو معزول کردیا ہی اور معاویہ کو حاکم کردیا ہی پس کہا عمیر نے نہ ذکر کرو معاویہ کا مگر ساتھ نیکی کے کیونکہ مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہی کہ فرماتے تھے اے اللہ اسکو ہدایت کر۔ **مناقب** عمرو بن عاص کے رضی اللہ عنہ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے مشرح بن ہاعان سے اُسنے عقبہ بن عامر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

[1] وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہی یہ آنحضرت کا معجزہ تھا کہ کتنی مدت تک اُس سے کھجورین نکال کر کھاتے رہے اور وہ کم نہوئین باوجودیکہ اسمین پہلے تھوڑی ہی ڈالی گئی تھین اس توشہ دان کے گم ہونے کے وقت ابوہریرہ نے یہ شعر کہا۔ للناس ہم ولی فی الیوم ہمان۔ فقد الجراب وقتل الشیخ عثمان۔ یعنی لوگون کو آج دن ایک غم ہی اور مجھے دو غم ایک توشہ دان کا گم ہونا اور دوسرے

نا سفیان عن الاعمش عن ابی وائل عن خباب قال هاجرنا مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم نبتغی وجہ اللہ فوقع اجرنا علی اللہ
فمنا من مات لم یاکل من اجرہ شیئا و منا من اینعت لہ ثمرتہ فھو یھدبھا وان مصعب بن عمیر مات ولم یترک الا ثوبا کانوا
اذا غطوا بہ رأسہ خرجت رجلاہ واذا غطوا بہ رجلیہ خرج رأسہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غطوا رأسہ
واجعلوا علی رجلیہ الاذخر ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** ھناد نا ابن ادریس عن الاعمش عن ابی وائل عن خباب
الارت نحوہ **مناقب** البراء بن مالک رضی اللہ عنہ **حدثنا** عبد اللہ بن ابی زیاد نا سیار نا جعفر بن سلیمان نا ثابت
وعلی بن زید عن انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کم من اشعث اغبر ذی طمرین لا یؤبہ لہ لو اقسم علی اللہ
لابرہ منھم البراء بن مالک ھذا حدیث حسن غریب **مناقب** ابی موسی الاشعری رضی اللہ عنہ - **حدثنا**
موسی بن عبد الرحمن الکندی نا ابو یحیی الحمانی عن برید بن عبد اللہ بن ابی بردۃ عن ابی بردۃ عن ابی موسی عن النبی صلی اللہ علیہ
وسلم انہ قال یا ابا موسی لقد اعطیت مزمارا من مزامیر آل داؤد ھذا حدیث غریب حسن صحیح وفی الباب عن بریدۃ وابی ھریرۃ
وانس **مناقب** سھل بن سعد رضی اللہ عنہ **حدثنا** محمد بن عبد اللہ بن بزیع نا الفضیل بن سلیمان نا ابو حازم
عن سھل بن سعد قال کنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو یحفر الخندق ونحن ننقل التراب فیمر بنا فقال اللھم لا عیش
الا عیش الآخرۃ فاغفر للانصار والمھاجرۃ ھذا حدیث حسن صحیح غریب من ھذا الوجہ ابو حازم اسمہ سلمۃ بن دینار
الاعرج الزاھد **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبۃ عن قتادۃ نا انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کان یقول اللھم لا عیش الا عیش الآخرۃ فاکرم الانصار والمھاجرۃ ھذا حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر وجہ عن انس

کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اعمش سے اُنہے ابی وائل سے اُنہے خباب سے کہا اُنہے ہجرت کی ہمنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اللہ کی رضامندی کے واسطے
ہجرت کی سو ہمارا اجر اللہ تعالٰی کے ذمے ہوا پس بعضے تو ہم میں سے مر گئے کہ انہوں نے اپنے اجر سے کچھ نہیں کھایا اور بعضوں کا میوہ پختہ ہو گیا ہے
سو وہ اُسکو کاٹ رہا ہے۔ اور مصعب بن عمیر فوت ہوا اس حالت میں کہ اُنہے سوا ایک کپڑے کے اور کچھ نہ چھوڑا جب لوگ اُس کپڑے سے اُسکا
سر ڈھانپتے تھے تو اُسکے پاؤں ننگے ہو جاتے تھے اور جب اُسکے ساتھ اسکے پاؤں ڈھانپتے تو اُسکا سر ننگا ہو جاتا تھا پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے اسکے سر کو ڈھانپ دو اور اسکے پاؤں پر اذخر (جو ایک قسم کی گھاس ہے) ڈالدو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا
حدیث کی ہمسے ابن ادریس نے اعمش سے اُنہے ابی وائل سے اُنہے خباب بن الارت سے مثل اسکے۔ **مناقب** براء بن مالک کے رضی اللہ عنہ
حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن ابی زیاد نے کہا حدیث کی ہمسے سیار نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیم نے کہا حدیث کی ہمسے ثابت اور علی بن زید نے
انس بن مالک سے کہا اُنہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت لوگ پراگندہ بال غبار آلودہ پرانے دو کپڑوں والے کہ انکا اعتبار کچھ نہیں[1]
ایسے ہیں کہ اگر اللہ پر قسم کریں تو اُنکو سچا کرتا ہے۔ انہیں سے براء بن مالک ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے **مناقب** ابی موسیٰ اشعری کے رضی اللہ عنہ
حدیث کی ہمسے موسیٰ بن عبد الرحمن کندی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو یحیی حمانی نے برید بن عبد اللہ بن ابی بردہ سے اُنہے ابی بردہ سے اُنہے ابی موسیٰ سے اُنہے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے اے ابا موسیٰ تجھے تو خوش آوازی آل[2] داؤد کی خوش آوازیوں سے دیگئی ہے یہ حدیث غریب حسن صحیح ہے اور اس باب
میں روایت ہے بریدہ اور ابی ہریرہ اور انس سے رضی اللہ عنہم۔ **مناقب** سہل بن سعد کے رضی اللہ عنہ۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد اللہ بن بزیع نے
کہا حدیث کی ہمسے فضیل بن سلیمان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو حازم نے سہل بن سعد سے کہا اُنہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے اس حالت میں
کہ آپ خندق کھود رہے تھے اور ہم مٹی اُٹھاتے تھے پس آپ ہمارے پاس سے گذرتے تو کہتے اے اللہ نہیں کوئی عیش مگر عیش آخرت کی پس بخش انصار اور مہاجرین کو
یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اس طریق سے۔ ابو حازم کا نام سلمہ بن دینار اعرج زاہد ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر
نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے قتادہ سے کہا حدیث کی ہمسے انس بن مالک نے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہتے تھے اے اللہ نہیں کوئی عیش
مگر عیش آخرت کی سو اکرام کر انصار اور مہاجرین کا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی وجہ سے انس سے مروی ہے

---

[1] یعنی بہت لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ ظاہر حال انکا اچھا معلوم نہیں ہوتا مگر باطن اُنکا نہایت اعلیٰ درجے کا ہوتا ہے ۱۲ [2] آل کا لفظ زائد ہے کیونکہ خوش آواز تو حضرت داؤد ہی تھے نہ کہ
آل اور بعض نے کہا ہے آل کے معنے اس جگہ شخص کے ہیں ۱۲

وفی الباب عن اسید بن حضیر وابی سعید ورمیثة هذا حدیث صحیح حدثنا عبد بن حمید انا عبد الرزاق نا معمر
عن قتادة عن انس قال لما حملت جنازة سعد بن معاذ قال المنافقون ما اخف جنازته وذلك لحكمه فی بنی قریظة فبلغ ذلك
النبی صلی الله علیه وسلم فقال ان الملائكة كانت تحمله هذا حدیث صحیح غریب **مناقب** قیس بن سعد بن عبادة
رضی الله عنه **حدثنا** محمد بن مرزوق البصری نا محمد بن عبد الله الانصاری ثنی ابی عن ثمامة عن انس قال كان قیس
بن سعد من النبی صلی الله علیه وسلم بمنزلة صاحب الشرط من الامیر قال الانصاری یعنی من اموره هذا حدیث
حسن غریب لا نعرفه الا من حدیث الانصاری **حدثنا** محمد بن یحیی نا الانصاری نحوه ولم یذكر فیه قول الانصاری
مناقب جابر بن عبد الله رضی الله عنه **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدی نا سفیان عن محمد بن
المنكدر عن جابر بن عبد الله قال جاءنی رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس براكب بغل ولا برذون هذا حدیث
حسن صحیح **حدثنا** ابن ابی عمر نا بشر بن السری عن حماد بن سلمة عن ابی الزبیر عن جابر قال استغفر لی رسول الله صلی
الله علیه وسلم لیلة البعیر خمسا وعشرین مرة هذا حدیث حسن غریب صحیح ومعنی لیلة البعیر ما روی من غیر وجه عن
جابر انه كان مع النبی صلی الله علیه وسلم فی سفر فباع بعیره من النبی صلی الله علیه وسلم واشترط ظهره الی المدینة یقول
جابر لیلة بعت من النبی صلی الله علیه وسلم البعیر استغفر لی خمسا وعشرین مرة وكان جابر قد قتل ابوه عبد الله بن عمرو بن حرام
یوم احد وترك بنات فكان جابر یعولهن وینفق علیهن فكان النبی صلی الله علیه وسلم یبر جابرا ویرحمه بسبب ذلك
هكذا روی فی حدیث عن جابر نحو هذا **مناقب** مصعب بن عمیر رضی الله عنه **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو احمد

اور اس باب میں روایت ہے اسید بن حضیر اور ابی سعید اور رمیثہ سے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا خبر دی
ہمکو عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے قتادہ سے اُسنے انس سے کہا اُسنے جب سعد بن معاذ کا جنازہ اُٹھایا گیا تو منافقوں نے کہا
اسکا جنازہ کیسا ہلکا ہے۔ اور انکے کہنے کا یہ باعث تھا کہ سعد نے بنی قریظہ میں حکم کیا تھا پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خبر پہنچی سو فرمایا آپنے
اسکو تو فرشتے اُٹھا رہے تھے۔ یہ حدیث صحیح غریب ہے۔ **مناقب** قیس بن سعد بن عبادہ کے رضی اللہ عنہ۔ **حدیث** کی ہمسے محمد
بن مرزوق بصری نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن عبد اللہ انصاری نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے ثمامہ سے اُنھے انس سے کہا اُسنے قیس
بن سعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے بمنزلہ سپاہی کے تھا جو امیر کے آگے ہوتا ہے۔ کہا انصاری نے یعنی آپکے کاموں کے واسطے سپاہی کے
مثل تھا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق انصاری سے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی نے کہا حدیث کی ہمسے انصاری نے
مثل اسکے اور اسنے اسمیں انصاری کا قول ذکر نہیں کیا **مناقب** جابر بن عبد اللہ کے رضی اللہ عنہ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا
حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے محمد بن منکدر سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہا اُسنے میرے پاس رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم آئے اس حالت میں کہ نہ کسی خچر پر سوار تھے اور نہ ترکی گھوڑے پر۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے
کہا حدیث کی ہمسے بشر بن سری نے حماد بن سلمہ سے اُسنے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے لیے اونٹ
کی رات میں پچیس بار بخشش مانگی یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔ اور مراد اونٹ کی رات سے یہ ہے کہ کئی وجہ سے جابر سے مروی ہے کہ جابر نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھا پس اُسنے اپنا اونٹ آنحضرت کے ہاتھ بیچ ڈالا اور مدینہ تک اپنی سواری کی شرط کر لی جابر کہتا ہے کہ اس رات میں
کہ میں نے اپنا اونٹ آنحضرت کے ہاتھ بیچا تو آپنے میرے واسطے پچیس بار بخشش مانگی اور جابر کا باپ عبد اللہ بن عمرو بن حرام احد کے دن شہید ہوا
تھا اور چند بیٹیاں چھوڑ گیا تھا سو جابر ہی انکی پرورش کرتا تھا اور انپر خرچ کرتا تھا پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس سبب سے نکوئی اور رحمت کی دعا کرتے تھے ایسا ہی
جابر سے مروی ہے۔ **مناقب** مصعب بن عمیر کے رضی اللہ عنہ **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد نے

---

[1] جب سعد بن معاذ کا جنازہ اُٹھایا گیا تو منافقوں نے دشمنی سے کہا کہ اسکا جنازہ بہت ہلکا ہے یعنی یہ علامت ایمان کی نہیں اور انہوں نے یہ بات اسواسطے کہی تھی کہ جب آنحضرت نے بنی قریظہ کو جو قوم سعد بن معاذ کی ہے گھیر لیا تو انہوں نے تنگ ہو کر آپنے اور آنحضرت کے درمیان سعد کو پنچ مقرر کیا سعد نے اسوقت حکم دیا کہ جوان مرد انمیں جسقدر ہیں قتل کیے جاویں اور عورتیں اور چھوٹے لڑکے قید کر لیے جاویں۔ غرضکہ جب آنحضرت کو یہ خبر پہونچی کہ منافقوں نے سعد کے حق میں یہ طعن کیا ہے تو آپنے فرمایا اسکا جنازہ تو فرشتے اُٹھائے ہوے تھے ہلکا اسواسطے

عن عبد الله بن مغفل قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الله الله فی اصحابی لا تتخذوهم غرضا بعدی فمن احبهم
فبحبی احبهم ومن ابغضهم فببغضی ابغضهم ومن اذاهم فقد اذانی ومن اذانی فقد اذی الله ومن اذی الله یوشک ان یاخذه
هذا حدیث حسن غریب لا نعرفه الا من هذا الوجه **حدثنا** محمود بن غیلان نا ازهر السمان عن سلیمن التیمی عن خداش
عن ابی الزبیر عن جابر عن النبی صلی الله علیه وسلم قال لیدخلن الجنة من بایع تحت الشجرة الا صاحب الجمل الاحمر هذا حدیث
حسن غریب **حدثنا** قتیبة نا اللیث عن ابی الزبیر عن جابر ان عبدا لحاطب جاء الی رسول الله صلی الله علیه وسلم
یشکو حاطبا فقال یا رسول الله لیدخلن حاطب النار فقال کذبت لا یدخلها فانه شهد بدرا والحدیبیة هذا حدیث
حسن صحیح **حدثنا** ابو کریب نا عثمن بن ناجیة عن عبد الله بن مسلم ابی طیبة عن عبد الله بن بریدة عن ابیه قال قال
رسول الله صلی الله علیه وسلم ما من احد من اصحابی یموت بارض الا بعث قائدا ونورا لهم یوم القیمة هذا حدیث غریب
وقد روی هذا الحدیث عن عبد الله بن مسلم ابی طیبة عن ابن بریدة عن النبی صلی الله علیه وسلم مرسل وهذا اصح **حدثنا**
ابو بکر بن نافع نا النضر بن حماد نا سیف بن عمر عن عبید الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم
اذا رایتم الذین یسبون اصحابی فقولوا لعنة الله علی شرکم هذا حدیث منکر لا نعرفه من حدیث عبید الله بن عمر الا
من هذا الوجه **ما جاء فی فضل فاطمة رضی الله عنها** **حدثنا** قتیبة نا اللیث عن ابن ابی ملیکة عن المسور بن
مخرمة قال سمعت النبی صلی الله علیه وسلم یقول وهو علی المنبر ان بنی هاشم بن المغیرة استاذنونی فی ان ینکحوا ابنتهم علی بن
ابی طالب فلا اذن ثم لا اذن ثم لا اذن الا ان یرید ابن ابی طالب ان یطلق ابنتی وینکح ابنتهم فانها بضعة منی یریبنی ما رابها

اُنسے عبد اللہ بن مغفل سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ڈرو اللہ سے میرے صحابہ کے حق میں۔ میرے پیچھے انکو نشانہ نہ بناؤ۔ سو
جو کوئی انکو دوست رکھے سو وہ بسبب میری محبت کے انکو دوست رکھے اور جو کوئی انسے دشمنی کرے سو وہ بسبب میری دشمنی کے انکو دشمن رکھے اور جس
کسی نے انکو ایذا دی تو اُسنے مجھے ایذا دی اور جس کسی نے مجھے ایذا دی تو اُسنے اللہ کو ایذا دی اور جسنے اللہ کو ایذا دی امید ہے کہ اللہ اسکو پکڑ لیگا۔ یہ
حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے۔ **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ازہر سمان نے سلیمان تیمی سے
اُسنے خداش سے اُسنے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے البتہ ضرور داخل ہوگا جنت میں وہ شخص کہ جسنے نیچے درخت کے بیعت
کی ہے مگر صاحب[1] اونٹ سرخ کا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے یہ کہ حاطب
بن ابی بلتعہ کا غلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس شکوہ کرنے کے لیے آیا اور آنحضرت سے کہنے لگا کہ ضرور حاطب آگ میں داخل ہوگا پس فرمایا آپنے
تو نے جھوٹ بولا نہیں داخل ہوگا اسمیں۔ کیونکہ وہ بدر اور حدیبیہ میں حاضر ہوا ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا
حدیث کی ہمسے عثمان بن ناجیہ نے عبد اللہ بن مسلم ابی طیبہ سے اُسنے عبد اللہ بن بریدہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
جو کوئی میرے صحابہ سے کسی زمین میں مریگا وہ قیامت کے دن انکے لیے پیشوا اور نور اُٹھایا جائیگا۔ یہ حدیث غریب ہے اور یہ حدیث عبد اللہ بن مسلم
ابی طیبہ سے بواسطہ ابن بریدہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل مروی ہے اور یہ صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے ابو بکر بن نافع نے کہا حدیث کی ہمسے
نضر بن حماد نے کہا حدیث کی ہمسے سیف بن عمر نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
جب تم ان لوگوں کو دیکھو جو میرے صحابہ کو برا کہتے ہیں تو کہو لعنت ہو اللہ کی اوپر برائی تمہاری کے۔ یہ حدیث منکر ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو طریق
عبید اللہ بن عمر سے مگر اسی طریق سے۔ **حضرت فاطمہ کی فضیلت کے بیان میں رضی اللہ عنہا** **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث
نے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے مسور بن مخرمہ سے کہا اُسنے سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے اس حالت میں کہ منبر پر تھے تحقیق
بنی ہشام بن مغیرہ مجھسے اپنی بیٹی کا علی بن ابیطالب کے ساتھ نکاح کرنے کے بارے میں اذن مانگتے ہیں۔ سو میں تو اذن نہیں دیتا
پھر اذن نہیں دیتا پھر اذن نہیں دیتا مگر ابن ابیطالب کا ارادہ ہو تو میری بیٹی کو طلاق دیدے اور انکی بیٹی کا نکاح کرے کیونکہ وہ میرا
ٹکڑا ہے مجھے شک میں ڈالتی ہے وہ چیز جو اسکو شک میں ڈالے

[1] اونٹ سرخ والا ابن قیس کا دادا ہے یہ منافق تھا اپنا اونٹ طلب کرتا تھا اسنے بیعت نہیں کی تھی یہ استثناء منقطع ہے ۱۲۔

باب ما جاء فی فضل من رای النبی صلی اللہ علیہ وسلم وصحبہ **حدثنا** یحیی بن حبیب بن عربی البصری نا موسی بن ابراهیم بن کثیر الانصاری قال سمعت طلحة بن خراش یقول سمعت جابر بن عبد اللہ یقول سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا تمس النار مسلما رأنی او رای من رأنی قال طلحة فقد رایت جابر بن عبد اللہ وقال موسی وقد رایت طلحة قال یحیی وقال لی موسی وقد رایتنی ونحن نرجو اللہ ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفه الا من حدیث موسی بن ابراهیم الانصاری وروی علی بن المدینی وغیر واحد من اهل الحدیث عن موسی ھذا الحدیث **حدثنا** هناد نا ابو معویة عن الاعمش عن ابراهیم عن عبیدة هو السلمانی عن عبد اللہ بن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر الناس قرنی ثم الذین یلونهم ثم الذین یلونهم ثم یأتی قوم بعد ذلک تسبق ایمانهم شهاداتهم او شهاداتهم ایمانهم وفی الباب عن عمر وعمران بن حصین وبریدة ھذا حدیث حسن صحیح **ما جاء فی فضل من بایع تحت الشجرة** **حدثنا** قتیبة نا اللیث عن ابی الزبیر عن جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یدخل النار احد ممن بایع تحت الشجرة ھذا حدیث حسن صحیح **فی من سب اصحاب النبی** صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو داود انا شعبة عن الاعمش قال سمعت ذکوان ابا صالح عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تسبوا اصحابی فوالذی نفسی بیدہ لو ان احدکم انفق مثل احد ذهبا ما ادرک مد احدهم ولا نصیفه ھذا حدیث حسن صحیح ومعنی قوله نصیفه یعنی نصف مدہ **حدثنا** الحسن بن علی نا ابو معویة عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی سعید الخدری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ **حدثنا** محمد بن یحیی نا یعقوب بن ابراهیم بن سعد نا عبیدة بن ابی رابطة عن عبد الرحمن بن زیاد

باب اس شخص کی فضیلت کے بیان میں کہ جسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور آپکی صحبت میں رہا **حدیث** کی ہمسے یحیی بن حبیب بن عربی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے موسی بن ابراہیم بن کثیر انصاری نے کہا سنا میں نے طلحہ بن خراش سے کہ کہتا تھا سنا میں نے جابر بن عبد اللہ سے کہ کہتا سنا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے اس مسلمان کو آگ نہ لگیگی کہ جسنے مجھے دیکھا ہے یا اسکو دیکھا کہ جسنے مجھے دیکھا۔ کہا طلحہ نے سو میں نے تو جابر بن عبد اللہ کو دیکھا ہے۔ اور کہا موسی نے اور میں نے طلحہ کو دیکھا ہے کہا یحیی نے اور مجھے موسی نے کہا اور تو نے مجھے دیکھا ہے اور ہم اللہ تعالے سے امید رکھتے ہیں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق موسی بن ابراہیم انصاری سے اور علی بن مدینی وغیرہ محدثین نے موسی سے یہ حدیث روایت کی ہے۔ **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُنسے ابراہیم سے اُنسے عبیدہ سلمانی سے اُنسے عبد اللہ بن مسعود سے کہا اُنسے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر وہ لوگ ہیں جو میرے زمانہ میں ہیں بعد انکے وہ لوگ جو انکے متصل ہیں بعد انکے وہ لوگ جو انکے متصل ہیں پھر بعد انکے ایسی قوم آئیگی کہ ایمان اُنکا اُنکی شہادت سے سبقت لیجائیگا یا پھرایا آپنے گواہیاں اُنکی اُنکے ایمان سے سبقت لیجائینگی۔ اور اس باب میں روایت ہے عمر اور عمران بن حصین اور بریدہ سے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **اُن شخصوں کی فضیلت** کے بیان میں کہ جنھوں نے درخت کے نیچے بیعت کی ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابی الزبیر سے اُنسے جابر سے کہا اُنسے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی شخص اُن میں سے آگ میں داخل نہیں ہوگا جنھوں نے درخت کے نیچے بیعت کی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **اُن شخصوں** کے بیان میں کہ جنھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کو برا کہا۔ **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے اعمش سے کہا سنا میں نے ذکوان یعنی ابا صالح سے انہوں نے ابی سعید خدری سے کہا اُنسے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے صحابہ کو برا نہ کہو سو قسم ہے اُس ذات کی کہ جسکے ہاتھ میں میری جان ہے اگر کوئی تم میں سے احد کے برابر سونا خرچ کرے تو اُنمیں سے ایک کے مد کو نہ پہونچ سکیگا اور نہ اسکے نصف کو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور معنے اسکے قول نصیفہ کے یہ ہیں کہ اسکے نصف مد کو نہ پہونچینگے **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُنسے ابی صالح سے اُنسے ابی سعید خدری سے اُنسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی نے کہا حدیث کی ہمسے یعقوب بن ابراہیم بن سعد نے کہا حدیث کی ہمسے عبیدہ بن ابی رابطہ نے عبد الرحمن بن زیاد سے

---

[1] یعنے انکو شہادت کی حرص بہت ہی کچھ اسمیں ایمان کا لحاظ نہیں جیسا کہ اس زمانہ میں بعض لوگوں نے یہ پیشہ اختیار کر رکھا ہے کچہریوں کے دروازوں پر بیٹھے رہتے جس کسی کو گواہی کی ضرورت ہوئی چار یا پانچ آنہ لیکر شہادت دینے پر موجود ہوگئے

وكانت اذا دخلت على النبي صلى الله عليه وسلم قام اليها فقبلها واجلسها في مجلسه وكان النبي صلى الله عليه وسلم
اذا دخل عليها قامت من مجلسها فقبلته واجلسته في مجلسها فلما مرض النبي صلى الله عليه وسلم دخلت فاطمة
فاكبت عليه فقبلته ثم رفعت راسها فبكت ثم اكبت عليه ثم رفعت راسها فضحكت فقلت ان كنت لاظن ان هذه
من اعقل نسائنا فاذا هي من النساء فلما توفي النبي صلى الله عليه وسلم قلت لها ارأيت حين اكببت على النبي صلى الله
عليه وسلم فرفعت راسك فبكيت ثم اكببت فرفعت راسك فضحكت ما حملك على ذلك قالت اني اذن لبذرة اخبرني
انه ميت من وجعه هذا فبكيت ثم اخبرني اني اسرع اهله لحوقا به فذاك حين ضحكت هذا حديث حسن غريب
من هذا الوجه وقد روى هذا الحديث من غير وجه عن عائشة حدثنا حسين بن يزيد الكوفي نا عبد السلام
بن حرب عن ابي الجحاف عن جميع بن عمير التيمي قال دخلت مع عمتي على عائشة فسئلت اي الناس كان احب الى رسول الله
صلى الله عليه وسلم قالت فاطمة فقيل من الرجال قالت زوجها ان كان ما علمت صواما قواما هذا حديث
حسن غريب **باب فضل عائشة رضي الله عنها** حدثنا يحيى بن درست نا حماد بن زيد عن هشام بن عروة
عن ابيه عن عائشة قالت كان الناس يتحرون بهداياهم يوم عائشة قالت فاجتمع صواحباتي الى ام سلمة فقلن يا ام سلمة ان الناس
يتحرون بهداياهم يوم عائشة وانا نريد الخير كما تريد عائشة فقولي لرسول الله صلى الله عليه وسلم يأمر الناس يهدون
اليه اين ما كان فذكرت ذلك ام سلمة فاعرض عنها ثم عاد اليها فاعادت الكلام فقالت يا رسول الله ان صواحباتي
قد ذكرن ان الناس يتحرون بهداياهم يوم عائشة فامر الناس يهدون اينما كنت فلما كانت الثالثة قالت ذلك قال
يا ام سلمة لا تؤذيني في عائشة فانه ما انزل علي الوحي وانا في لحاف امرأة منكن غيرها وقد روى بعضهم هذا الحديث

اور جب وہ آنحضرت کے پاس آتیں تو آپ اُنکی طرف کھڑے ہو جاتے اور اُنکو پیار کرتے اور اپنی جگہ میں بٹھلا لیتے۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی
جب اُنکے پاس جاتے تو وہ بھی اپنی جگہ سے کھڑی ہو جاتی اور آپکو پیار کرتی اور اپنی جگہ میں بٹھلا لیتی پس جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوئے تو
فاطمہ آئی اور آپ پر جھک پڑی اور آپکا منہ مبارک پر بوسہ دیا پھر اپنے سر کو اُٹھایا اور رو پڑی پھر آپ پر جھک پڑی پھر آپنے سر کو اُٹھایا اور ہنس پڑی
سو میں نے (دل میں) کہا میں تو گمان رکھتی تھی کہ یہ ہم سب عورتوں سے زیادہ عقلمند ہیں دیکھو تو یہ عام عورتوں کی طرح ہی ہیں پس جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم فوت
ہو گئے تو میں نے اُس سے کہا بتلا تو سہی کہ جب تو آنحضرت پر جھک پڑی تھی پھر تو نے اپنا سر اُٹھایا اور رو پڑی پھر تو آپ پر جھک پڑی اور سر اُٹھایا
تو ہنس پڑی کس چیز نے تجھے اسپر برانگیختہ کیا کہا اُسنے میں اس وقت البتہ بھید ظاہر کرتی ہوں مجھے آپنے خبر دی کہ میں اس بیماری میں مرنے والا ہوں
سو میں رو پڑی پھر آپنے مجھے خبر دی کہ تو سب اہل سے پہلے مجھے ملنے والی ہے سو اس سبب سے میں ہنس پڑی یہ حدیث حسن غریب ہے اس طرح سے
اور یہ حدیث کئی وجہ سے عائشہ سے مروی ہے حدیث کی ہمسے حسین بن یزید کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد السلام بن حرب نے ابی الجحاف
سے اُنسے جمیع بن عمیر تیمی نے کہا اُسنے میں اپنی پھوپھی کے ساتھ عائشہ کے پاس گئی پس میں نے اُس سے پوچھا کونسا آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کو بہت پیارا تھا کہا اُسنے فاطمہ پھر کہا گیا اُس سے مردوں سے کہا اُسنے خاوند اسکا اگرچہ میں جانتی ہوں کہ وہ بہت روزہ رکھنے والا اور بہت
نماز پڑھنے والا ہی تھا یہ حدیث حسن غریب ہے **حضرت عائشہ کی فضیلت کے بیان میں** رضی اللہ عنہا حدیث کی ہمسے یحیی بن
درست نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے لوگ عائشہ کے دن کی ہدیہ
بھیجنے کے واسطے انتظار ہی کرتے رہتے تھے کہا حضرت عائشہ نے میری سوتیں ام سلمہ کے پاس جمع ہوئیں اور کہنے لگیں اے ام سلمہ
لوگ عائشہ کے دن کی ہدیہ بھیجنے کے واسطے انتظار ہی کرتے ہیں اور ہم بھی مال کی خواہش رکھتے ہیں جیسا کہ عائشہ خواہش رکھتی ہے سو تو
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہہ کہ لوگوں کو حکم کریں کہ میں جہاں ہوں ہدیہ بھیجا کریں پس ام سلمہ نے اس امر کا ذکر آنحضرت سے کیا سو آنحضرت نے
اُس سے منہ پھیر لیا پھر آپ اُسکی طرف پھر بیٹھے پھر ام سلمہ نے کلام کا اعادہ کیا اور کہنے لگی یا رسول اللہ میری سوتیں ذکر کرتی ہیں کہ لوگ ہدیہ بھیجنے
کیواسطے عائشہ کے دن کی انتظاری کرتے رہتے ہیں سو آپ لوگوں کو حکم کریں کہ آپ جہاں ہوں ہدیہ بھیجا کریں پس جب تیسری بار بھی اسنے کہا
تو آپنے فرمایا اے ام سلمہ مجھے عائشہ کے باب میں ایذا نہ دے کیونکہ مجھپر سوائے اسکے اور کسی کے لحاف میں ہوتے وحی نازل نہیں ہوئی۔ اور بعض نے اس حدیث کو

ویوذینی ما اذاھا ھذا حدیث حسن صحیح حدثنا ابراھیم بن سعید الجوھری نا الاسود بن عامر عن جعفر الاحمر عن عبد اللہ بن عطاء عن ابن بریدۃ عن ابیہ قال کان احب النساء الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاطمۃ ومن الرجال علی قال ابراھیم یعنی من اھل بیتہ ھذا حدیث حسن غریب لانعرفہ الا من ھذا الوجہ حدثنا احمد بن منیع نا اسمعیل بن علیۃ عن ایوب عن ابن ابی ملیکۃ عن عبد اللہ بن الزبیر ان علیا ذکر بنت ابی جھل فبلغ ذلک النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال انما فاطمۃ بضعۃ منی یوذینی ما اذاھا وینصبنی ما انصبھا ھذا حدیث حسن صحیح ھکذا قال ایوب عن ابن ابی ملیکۃ عن ابن الزبیر وقال غیر واحد عن ابن ابی ملیکۃ عن المسور بن مخرمۃ ویحتمل ان یکون ابن ابی ملیکۃ روی عنھما جمیعا وقد رواہ عمرو بن دینار عن ابن ابی ملیکۃ عن المسور بن مخرمۃ نحو حدیث اللیث حدثنا سلیمن بن عبد الجبار البغدادی نا علی بن قادم نا اسباط بن نصر الھمدانی عن السدی عن صبیح مولی ام سلمۃ عن زید بن ارقم ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لعلی وفاطمۃ والحسن والحسین انا حرب لمن حاربتم وسلم لمن سالمتم ھذا حدیث غریب انما نعرفہ من ھذا الوجہ وصبیح مولی ام سلمۃ لیس بمعروف حدثنا محمود بن غیلان نا ابو احمد الزبیری نا سفیان عن زبید عن شھر بن حوشب عن ام سلمۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم جلل علی الحسن والحسین وعلی وفاطمۃ کساء ثم قال اللھم ھؤلاء اھل بیتی وحامتی اذھب عنھم الرجس وطھرھم تطھیرا فقالت ام سلمۃ وانا معھم یا رسول اللہ قال انک علی خیر ھذا حدیث حسن صحیح وھو احسن شیء روی فی ھذا الباب وفی الباب عن انس وعمر بن ابی سلمۃ وابی الحمراء حدثنا محمد بن بشار نا عثمن بن عمر نا اسرائیل عن میسرۃ بن حبیب عن المنھال بن عمرو عن عائشۃ بنت طلحۃ عن عائشۃ ام المؤمنین قالت ما رایت احدا اشبہ سمتا ودلا وھدیا برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی قیامھا وقعودھا من فاطمۃ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قالت

اور ایذا دیتی ہے وہ چیز جو اسکو ایذا دیتی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ حدیث کی ہمسے ابراہیم بن سعید جوہری نے کہا حدیث کی ہمسے اسود بن عامر نے اُسنے جعفر احمر سے اُسنے عبد اللہ بن عطاء سے اُسنے ابن بریدہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے سب عورتوں سے پیاری آنحضرت کو فاطمہ تھیں اور مردوں سے حضرت علی۔ کہا ابراہیم نے یعنی اہلبیت سے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اس طریق سے۔ حدیث کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن علیہ نے ایوب سے اُسنے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے عبد اللہ بن زبیر سے یہ کہ حضرت علی نے ابی جہل کی بیٹی کا ذکر کیا سو یہ خبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پہونچی پس فرمایا آپنے فاطمہ تو میرا ٹکڑا ہے ایذا دیتی ہے مجھے وہ چیز جو اسکو ایذا دیتی ہے اور پہونچتی ہے مجھے وہ چیز جو اسکو پہونچتی ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ایسا ہی کہا ایوب نے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے ابی الزبیر سے۔ اور کہا کئی ایک نے بواسطہ ابن ابی ملیکہ کے مسور بن مخرمہ سے اور احتمال ہے ابن ابی ملیکہ نے دونوں ہی سے روایت کی ہو۔ اور روایت کیا اسکو عمرو بن دینار نے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے مسور بن مخرمہ سے مثل حدیث لیث کے۔ حدیث کی ہمسے سلیمان بن عبد الجبار بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن قادم نے کہا حدیث کی ہمسے اسباط بن نصر ہمدانی نے سدی سے اُسنے صبیح سے جو مولی ام سلمہ کا ہے اُسنے زید بن ارقم سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی اور فاطمہ اور حسن اور حسین سے کہا میں جنگ کرنے والا ہوں اُس سے کہ جس سے تم جنگ کرو اور صلح کرنے والا ہوں اُس سے کہ جس سے تم صلح کرو۔ یہ حدیث غریب ہے ہم تو اسکو فقط اسی طریق سے ہی پہچانتے ہیں اور صبیح مولی ام سلمہ کا مشہور نہیں ہے۔ حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد زبیری نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اُسنے زبید سے اُسنے شہر بن حوشب سے اُسنے ام سلمہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے امام حسن اور حسین اور علی اور فاطمہ پر کپڑا اڈالا پھر کہا اے اللہ یہ لوگ میرے اہلبیت ہیں اور خواص ہیں انسے پلیدی دور کر اور اچھی طرح سے انکو پاک کر۔ پس کہا اُم سلمہ نے اور میں بھی انکے ساتھ یا رسول اللہ فرمایا آپنے تو بہتری پر ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور سب سے اچھی ہے جو اس باب میں مروی ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے انس اور عمر بن ابی سلمہ اور ابی الحمراء سے رضی اللہ عنہم۔ حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عثمان بن عمر نے کہا حدیث کی ہمسے اسرائیل نے میسرہ بن حبیب سے اُسنے منہال بن عمرو سے اُسنے عائشہ بنت طلحہ سے اُسنے عائشہ اُم المومنین سے کہا اُسنے میں نے کسی کو نہیں دیکھا جو خشوع اور حسن خلق اور وقار میں آنحضرت کے ساتھ اُٹھنے بیٹھنے میں فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ مشابہ ہو کہا حضرت عائشہ نے

يعقوب وبندار قالا نا يحيى بن حماد نا عبد العزيز بن المختار نا خالد الحذاء عن ابي عثمان النهدي عن عمرو بن العاص ان
رسول الله صلى الله عليه وسلم استعمله على جيش ذات السلاسل قال فاتيته فقلت يا رسول الله اي الناس احب
اليك قال عائشة قلت من الرجال قال ابوها هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** ابراهيم بن سعيد الجوهري نا يحيى
بن سعيد الاموي عن اسمعيل بن ابي خالد عن قيس بن ابي حازم عن عمرو بن العاص انه قال لرسول الله صلى الله عليه
وسلم من احب الناس اليك قال عائشة قال من الرجال قال ابوها هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه من
حديث اسمعيل عن قيس **حدثنا** علي بن حجر نا اسمعيل بن جعفر عن عبد الله بن عبد الرحمن بن معمر الانصاري عن
انس بن مالك ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فضل عائشة على النساء كفضل الثريد على سائر الطعام
وفي الباب عن عائشة وابي موسى هذا حديث حسن صحيح وعبد الله بن عبد الرحمن بن معمر هو ابو طوالة الانصاري
مديني وهو ثقة **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدي نا سفيان عن ابي اسحق عن عمرو بن غالب ان رجلا
نال من عائشة عند عمار بن ياسر فقال اغرب مقبوحا منبوحا اتؤذي حبيبة رسول الله صلى الله عليه وسلم هذا
حديث حسن صحيح **حدثنا** بندار نا عبد الرحمن بن مهدي نا ابو بكر بن عياش عن ابي حصين عن عبد الله بن زياد
الاسدي قال سمعت عمار بن ياسر يقول هي زوجته في الدنيا والاخرة يعني عائشة هذا حديث حسن صحيح **حدثنا**
احمد بن عبدة الضبي نا المعتمر بن سليمان عن حميد عن انس قال قيل يا رسول الله من احب الناس اليك قال عائشة قيل

یعقوب اور بندار نے کہا دونون نے حدیث کی ہمسے یحیی بن حماد نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن مختار نے کہا حدیث کی ہمسے خالد حذاء نے
ابی عثمان نہدی سے اُسنے عمرو بن عاص سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو سلاسل (نام مقام) کے لشکر پر حاکم بنایا پس
مین آپکے پاس آیا اور کہا یا رسول اللہ کونسا آدمی آپکو زیادہ پیارا ہی فرمایا آپنے عائشہ مین نے کہا مردون سے فرمایا آپنے باپ اسکا۔ یہ حدیث
حسن صحیح ہی **حدیث** کی ہمسے ابراہیم بن سعید جوہری نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید اموی نے اسمعیل بن ابی خالد سے اُسنے قیس بن ابی حازم
سے اُسنے عمرو بن عاص سے یہ کہ اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا آپکو کونسا آدمی زیادہ پیارا ہی فرمایا آپنے عائشہ کہا اُسنے مردون سے فرمایا
آپنے باپ اسکا۔ یہ حدیث حسن غریب ہی اس طریق سے یعنی طریق اسمعیل سے جو راوی ہی قیس سے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث
کی ہمسے اسمعیل بن جعفر نے عبد اللہ بن عبد الرحمن بن معمر انصاری سے اُسنے انس بن مالک سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فضیلت
عائشہ کی تمام عورتون پر مثل فضیلت ثرید کے ہی تمام کھانون پر۔ اور اس باب مین روایت ہی عائشہ اور ابی موسی سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ اور
عبد اللہ بن عبد الرحمن بن معمر وہ ابو طوالہ انصاری مدینی ہی اور یہ ثقہ ہی **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن
مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے عمرو بن غالب سے یہ کہ ایک مرد نے عمار بن یاسر کے
پاس حضرت عائشہ کا بُرا ذکر کیا کہا اُسنے دور رہ ہمسے قبیح اور جدا ہو کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حبیبہ کو ایذا دیتا
ہی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو بکر
بن عیاش نے ابی حصین سے اُسنے عبد اللہ بن زیاد اسدی سے کہا اُسنے سنا مین نے عمار بن یاسر سے کہ کہتا تھا یہ آنحضرت
کی دنیا اور آخرت مین بیبی ہی مراد اسکی اس سے عائشہ تھی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** کی ہمسے احمد بن عبدہ
ضبی نے کہا حدیث کی ہمسے معتمر بن سلیمان نے حمید سے اُسنے انس سے کہا اُسنے کسی نے کہا یا رسول اللہ کون شخص
آپکو زیادہ پیارا ہی فرمایا آپنے عائشہ کہا گیا

ف شیخ نے لمعات مین لکھا ہی کہ عمرو بن عاص کے سوال کی وجہ یہ ہی کہ اسکو آنحضرت نے باوجود موجود ہونے حضرت ابو بکر اور عمر وغیرہ کے جو حاکم کر دیا تو اسکے دل مین
گذرا کہ شاید میرا مرتبہ آپکے نزدیک ان لوگون سے زائد ہی آپنے ایسا صریح جواب دیدیا کہ جس سے اسکا خیال دور ہو گیا۔ اور یہ حدیث حضرت فاطمہ کی فضیلت مین جو منقول
گذری ہی اسکے متعارض نہین ہی کیونکہ اول تو یہ حدیث قوی ہی دوسرے یہ کہ ہمین فضیلت ہر دونون کی اہلبیت سے ہی ۱۲ ثریدہ گوشت کے شوربہ مین اگر روٹی ٹکڑے
ٹکڑے کرکے ڈالی جاوے تو اسکو ثرید کہتے ہین۔ چونکہ اسوقت سبکے مرغوب کھانون سے یہ آپکو زیادہ پسند تھا اسلیے آپنے اس سے نسبت دی اس سے یہ لازم نہین آتا کہ اس سے

عن حماد بن زيد عن هشام بن عروة عن ابيه عن النبی صلی الله عليه وسلم مرسلا هذا حديث غريب وقد روی عن هشام بن عروة هذا الحديث عن عوف بن الحارث عن رميثة عن ام سلمة شيئا من هذا وهذا حديث قد روی عن هشام بن عروة فيه روايات مختلفة وقد روی سليمن بن بلال عن هشام بن عروة نحو حديث حماد بن زيد **حدثنا** عبد بن حميد نا عبد الرزاق عن عبد الله بن عمرو بن علقمة المکی عن ابن ابی حسين عن ابن ابی مليكة عن عائشة ان جبرئيل جاء بصورتها فی خرقة حرير خضراء الی النبی صلی الله عليه وسلم فقال هذه زوجتك فی الدنيا والاخرة هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من حديث عبد الله بن عمرو بن علقمة وقد روی عبد الرحمن بن مهدی هذا الحديث عن عبد الله بن عمرو بن علقمة بهذا الاسناد مرسلا ولم يذكر فيه عن عائشة وقد روی ابو اسامة عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة عن النبی صلی الله عليه وسلم شيئا من هذا **حدثنا** سويد بن نصر نا عبد الله بن المبارك نا معمر عن الزهری عن ابی سلمة عن عائشة قالت قال رسول الله صلی الله عليه وسلم يا عائشة هذا جبرئيل وهو يقرء عليك السلام قالت قلت وعليه السلام ورحمة الله وبركاته تری ما لا نری هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** سويد انا عبد الله بن المبارك نا زكريا عن الشعبی عن ابی سلمة بن عبد الرحمن عن عائشة قالت قال لی رسول الله صلی الله عليه وسلم ان جبرئيل يقرء عليك السلام فقلت وعليه السلام ورحمة الله هذا حديث صحيح **حدثنا** حميد بن مسعدة نا زياد بن الربيع نا خالد بن سلمة المخزومی عن ابی بردة عن ابی موسی قال ما اشكل علينا اصحاب رسول الله صلی الله عليه وسلم حديث قط فسألنا عائشة الا وجدنا عندها منه علما هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** القاسم بن دينار الكوفی نا معوية بن عمرو عن زائدة عن عبد الملك بن عمير عن موسی بن طلحة قال ما رأيت احدا افصح من عائشة هذا حديث حسن صحيح غريب **حدثنا** ابراهيم بن

حماد بن زید سے اُسنے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل روایت کی ہے یہ حدیث غریب ہے۔ اور مروی ہے یہ حدیث ہشام بن عروہ سے اُسنے روایت کی ہے عوف بن حارث سے اُسنے رمیثہ سے اُسنے ام سلمہ سے کچھ حصہ اس سے۔ اور یہ حدیث روایات مختلفہ سے ہشام بن عروہ سے مروی ہے اور روایت کی سلیمان بن بلال نے ہشام بن عروہ سے مثل حدیث حماد بن زید کے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے عبد اللہ بن عمرو بن علقمہ مکی سے اُسنے ابن ابی حسین سے اُسنے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے عائشہ سے یہ کہ جبرئیل علیہ السلام میری صورت سبز ریشم کپڑے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لائے پس فرمایا جبرئیل نے آنحضرت سے یہ آپکی بیبی ہے دنیا اور آخرت میں۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق عبد اللہ بن عمرو بن علقمہ سے۔ اور عبد الرحمن بن مہدی نے یہ حدیث عبد اللہ بن عمرو بن علقمہ سے ساتھ اس اسناد کے مرسل روایت کی ہے اور اسنے اسمین عائشہ کا ذکر نہین کیا۔ اور روایت کی ہے ابو اسامہ نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ حصہ اس سے **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے زہری سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اے عائشہ یہ جبرئیل ہیں تجھے سلام کہتا ہے کہا عائشہ نے مین نے کہا وعلیہ السلام و رحمۃ اللہ و برکاتہ آپ دیکھتے ہین وہ جو مین نہین دیکھتی۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے سوید نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے زکریا نے شعبی سے اُسنے ابی سلمہ بن عبد الرحمن سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ جبرئیل تجھے سلام کہتا ہے مین نے کہا وعلیہ السلام و رحمۃ اللہ۔ یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے حمید بن مسعدہ نے کہا حدیث کی ہمسے زیاد بن ربیع نے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن سلمہ مخزومی نے ابی بردہ سے اُسنے ابی موسی سے کہا اُسنے کبھی کوئی حدیث[1] ہمپر یعنی آنحضرت کے اصحاب پر مشکل نہین ہوئی کہ جسکا سوال ہمنے حضرت عائشہ سے کیا ہو مگر کہ ہمنے اُسکے پاس اُسکا علم پایا ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے قاسم بن دینار کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے معاویہ بن عمرو نے زائدہ سے اُسنے عبد الملک بن عمیر سے اُسنے موسی بن طلحہ سے کہا اُسنے مین نے کوئی شخص زیادہ فصیح حضرت عائشہ سے نہین دیکھا یہ حدیث صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے ابراہیم بن

---

[1] یعنی جس مسئلہ کی ہمکو ضرورت پڑی اور حضرت عائشہ سے سوال کیا تو اُسنے ضرور ہی اُسکا جواب صراحتاً یا اشارۃً دے ہی دیا یہ حدیث کمال آپکے تفقہ پر دال ہے

من ذهاب ازواج النبي صلى الله عليه وسلم هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه **حدثنا**
بندار نا عبد الصمد نا هاشم بن سعيد الكوفي نا كنانة حدثنا صفية بنت حيي قالت دخل على رسول الله صلى الله عليه
وسلم وقد بلغني عن حفصة وعائشة كلام فذكرت ذلك له فقال الا قلت وكيف تكونان خيرا مني وزوجي محمد وابي
هارون وعمي موسى وكان الذي بلغها انهم قالوا نحن اكرم على رسول الله صلى الله عليه وسلم منها وقالوا نحن ازواج
النبي صلى الله عليه وسلم وبنات عمه وفي الباب عن انس هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث هاشم الكوفي
وليس اسناده بذالك **حدثنا** اسحق بن منصور وعبد بن حميد قال انا عبد الرزاق انا معمر عن ثابت عن انس قال بلغ
صفية ان حفصة قالت بنت يهودي فبكت فدخل عليها النبي صلى الله عليه وسلم وهي تبكي فقال ما يبكيك قالت قالت
لي حفصة اني ابنة يهودي فقال النبي صلى الله عليه وسلم وانك لابنة نبي وان عمك لنبي وانك لتحت نبي ففيم تفخر عليك ثم
قال اتقي الله يا حفصة هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن خالد بن عثمة
نا موسى بن يعقوب الزمعي عن هاشم بن هاشم ان عبد الله بن وهب اخبره ان ام سلمة اخبرته ان رسول الله صلى الله
عليه وسلم دعا فاطمة عام الفتح فناجاها فبكت ثم حدثها فضحكت قالت فلما توفي رسول الله صلى الله عليه وسلم سألتها
عن بكائها وضحكها قالت اخبرني رسول الله صلى الله عليه وسلم انه يموت فبكيت ثم اخبرني اني سيدة نساء اهل الجنة
الا مريم بنت عمران فضحكت هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه **حدثنا** محمد بن يحيى نا محمد بن يوسف نا
سفيان عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خيركم خيركم لاهله

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیبی کے فوت ہونے سے ۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اس طریق سے ۔ **حدیث** کی ہمسے
بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الصمد نے کہا حدیث کی ہمسے ہاشم بن سعید کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے کنانہ نے کہا حدیث کی ہمسے صفیہ بنت حیی
نے کہا اُنہنے میرے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آئے اُس حالت مین کہ مجھے حفصہ اور عائشہ کی طرف سے کچھ بات پہونچی تھی سو مین نے وہ
بات آپکے پاس ذکر کی فرمایا آپنے کیا تو نے یہ نہ کہا اور کسطرح تم دونون مجھسے بہتر ہو سکتے ہو حالانکہ خاوند میرا محمد ہے اور باپ میرا ہارون
اور چچا میرا موسیٰ علیہ السلام اور وہ بات جو صفیہ کو انکی طرف سے پہونچی تھی یہ تھی کہ انہون نے کہا تھا کہ ہماری عزت مجھسے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کے پاس زیادہ ہے اور یہ بھی کہا کہ ہم آنحضرت کی بیبیان ہین اور آپکے چچا کی بیٹیان ۔ اور اس باب مین روایت ہے انس سے ۔ یہ
حدیث غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق ہاشم کوفی سے اور اسناد اسکی قوی نہین **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن منصور اور عبد بن حمید نے کہا دونون
نے خبر دی ہمکو عبد الرزاق نے کہا خبر دی ہمکو معمر نے ثابت سے اُسنے انس سے کہا اُسنے صفیہ کو یہ خبر پہونچی تھی کہ حفصہ نے اسکو یہودی کی بیٹی کہا ہے پس وہ رو رہی
اور اُسپر نبی صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوے اُس حالت مین کہ وہ رو رہی تھی سو آپنے فرمایا کس چیز نے تجھے رولایا ہے کہا اُسنے مجھے حفصہ نے یہ کہا ہے
کہا اُسنے ایک مرد نے بنی فزارہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ایک اونٹ اُن اونٹوں سے جو اُنکو غابہ (نام جگہ) میں پہونچے تھے ہدیہ بھیجا سو آپنے بھی کچھ اسکو اسکا عوض دیا پس اُسنے بُرا جانا سو مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ منبر پر فرماتے تھے۔ ایک شخص عربی لوگوں میں سے میری طرف ہدیہ بھیجتا ہے اور میں اسکو اس اندازے کے موافق کہ جسقدر میرے پاس ہوتا ہے عوض دیتا ہوں پھر وہ اسکو بُرا جانتا ہے اور اس بارے میں مجھپر غصہ رہتا ہے۔ اور قسم ہے اللہ کی بعد اس جگہ کے میں کسی عربی آدمی سے سوائے قریشی یا انصاری یا ثقفی یا دوسی کے قبول نہ کرونگا اور یہ صحیح ہے طریق یزید بن ہارون سے۔ **حدیث** کی ہمسے ابراہیم بن یعقوب نے کہا حدیث کی ہمسے وہب بن جریر نے کہا خبر دی مجھے میرے باپ نے کہا سنا مینے عبد اللہ بن ملادسے کہ حدیث کرتا تھا نمیر بن اوس کو مالک بن مسروح سے اُسنے روایت کی عامر بن ابی عامر اشعری سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اچھا قبیلہ اسد ہے اور اشعری جنگ میں نہیں بھاگتے اور نہیں فریب کرتے ہیں وہ مجھسے ہیں اور میں اُنسے ہوں کہا اُسنے سو مینے یہ حدیث معاویہ سے بیان کی پس کہا اُسنے اسطرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا ہے آپنے فرمایا ہے وہ مجھسے ہیں اور طرف میرے ہیں پھر مینے کہا اسطرح میرے باپ نے مجھے حدیث نہیں کی لیکن اُسنے مجھے اسطرح حدیث کی ہے کہ کہا اُسنے سنا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے وہ مجھسے ہیں اور میں اُنسے ہوں کہا اُسنے سو تو اپنے باپ کی حدیث بہتر جانتا ہے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق وہب بن جریر سے۔ اور کہا گیا ہے کہ اسد وہ ازد ہی ہیں۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے عبد اللہ بن دینار سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے اسلم سے خدا راضی ہوا اور غفار کو خدا نے بخشا اور اس باب میں روایت ہے ابی ذر اور ابی برزہ اسلمی اور بریدہ اور ابی ہریرہ سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن جعفر نے عبد اللہ بن دینار سے اُسنے ابن عمر سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسلم سے خدا راضی ہوا اور غفار کو خدا نے بخشا۔ اور عصیہ نے اللہ اور اُسکے رسول کی نافرمانی کی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے مؤمل نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عبد اللہ بن دینار سے مثل حدیث شعبہ کے۔ اور زیادہ کیا اُسنے اسمین اور عصیہ نے اللہ اور اُسکے رسول کی نافرمانی کی یہ حدیث صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے مغیرہ

[1] اسلم و غفار دو قوم تھے بے لڑائی ایمان لائے حضرت نے انکے واسطے بشارت اور دعا دی اور عصیہ اور بنی لحیان اور رعل اور ذکوان چار قوم تھے جنکا ذکر آگے آویگا انہوں نے حضرت کے اصحاب کو دغا سے قتل کیا اسواسطے حضرت نے انکو

نا عبد الوهاب الثقفي عن عبد الله بن عثمان بن خثيم عن ابي الزبير عن جابر قال قالوا يا رسول الله احرقتنا نبال ثقيف فادع الله عليهم فقال اللهم اهد ثقيفا هذا حديث حسن صحيح غريب **حدثنا** زيد بن اخزم الطائي نا عبد القاهر بن شعيب نا هشام عن الحسن عن عمران بن حصين قال مات النبي صلى الله عليه وسلم وهو يكره ثلاثة احياء ثقيفا وبني حنيفة وبني امية هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه **حدثنا** علي بن حجر نا الفضل بن موسى عن شريك عن عبد الله بن عصم عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في ثقيف كذاب ومبير **حدثنا** عبد الرحمن بن واقد نا شريك بهذا الاسناد نحوه وعبد الله بن عصم يكنى ابا علوان وهو كوفي هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث شريك وشريك يقول عبد الله بن عصم واسرائيل يروي عن هذا الشيخ ويقول عبد الله بن عصمة وفي الباب عن اسماء بنت ابي بكر **حدثنا** احمد بن منيع نا يزيد بن هارون نا ايوب عن سعيد المقبري عن ابي هريرة ان اعرابيا اهدى لرسول الله صلى الله عليه وسلم بكرة فعوضه منها ست بكرات فتسخطها فبلغ ذلك النبي صلى الله عليه وسلم فحمد الله واثنى عليه ثم قال ان فلانا اهدى الي ناقة فعوضته منها ست بكرات فظل ساخطا لقد هممت ان لا اقبل هدية الا من قرشي او انصاري او ثقفي او دوسي وفي الحديث كلام اكثر من هذا هذا حديث قد روي من غير وجه عن ابي هريرة ويزيد بن هارون يروي عن ايوب ابي العلاء وهو ايوب بن مسكين ويقال ابن ابي مسكين ولعل هذا الحديث الذي روي عن ايوب عن سعيد المقبري هو ايوب ابو العلاء وهو ايوب بن مسكين ويقال ابن ابي مسكين **حدثنا** محمد بن اسمعيل نا احمد بن خالد الحمصي نا محمد بن اسحق عن سعيد بن ابي سعيد المقبري عن ابيه عن ابي هريرة

کہا **حدیث** کی ہمسے عبدالوہاب ثقفی نے عبداللہ بن عثمان بن خثیم سے اُسنے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے کہا لوگوں نے یا رسول اللہ ہمکو ثقیف کے تیروں نے جلا دیا ہے سو آپ اُنکے حق میں بد دعا کر دیجیے پس فرمایا آپنے اے اللہ ثقیف کو ہدایت کر۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ **حدیث** کی ہمسے زید بن اخزم طائی نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالقاہر بن شعیب نے کہا حدیث کی ہمسے ہشام نے حسن سے اُسنے عمران بن حصین سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس حالت میں فوت ہوئے کہ تین قبیلوں کو برا جانتے تھے ثقیف اور بنی حنیفہ اور بنی امیہ کو۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اس طریق سے۔ **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا خبر دی ہمکو فضل بن موسیٰ نے شریک سے اُسنے عبداللہ بن عصم سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ثقیف کے حق میں کذاب[1] اور مبیر فرمایا ہے **حدیث** کی ہمسے عبدالرحمن بن واقد نے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے اور عبداللہ بن عصم کی کنیت ابو علوان ہے اور یہ کوفی ہے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق شریک سے اور شریک عبداللہ بن عصم کہتا ہے۔ اور اسرائیل اس شیخ سے روایت کرتا ہے اور کہتا ہے عبداللہ بن عصمہ۔ اور اس باب میں روایت ہے اسماء بنت ابی بکر سے۔ **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے ایوب نے سعید مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ ایک اعرابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اونٹنی ہدیہ بھیجی سو آپنے اسکو اُسکے عوض میں چھ اونٹنیاں دیں سو اُسنے اسکو برا جانا۔ پس یہ خبر آنحضرت کو پہونچی سو آپنے اللہ کی حمد کی اور اُسکی صفت کی پھر فرمایا کہ فلانے آدمی نے میری طرف ایک اونٹنی ہدیہ بھیجی تھی اور میں نے اُسکو اُسکے عوض میں چھ اونٹنیاں دیں ہیں پھر بھی وہ غصہ کرتا ہے۔ البتہ میں نے قصد کر لیا ہے کہ قریشی اور انصاری اور ثقفی اور دوسی کے سوا اور کسی سے ہدیہ نہ قبول کرونگا۔ اور اس حدیث میں بہت کلام ہے یہ حدیث کئی وجہ سے ابو ہریرہ سے مروی ہے۔ اور یزید بن ہارون روایت کرتا ہے ایوب ابی العلاء سے اور وہ ایوب بن مسکین ہے اور کہا گیا ہے ابن ابی مسکین۔ اور شاید یہ حدیث جو بواسطہ ایوب کے سعید مقبری سے مروی ہے وہ ایوب ابو العلاء ہے اور وہ ایوب بن مسکین ہے اور کہا گیا ہے ابن ابی مسکین۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمعیل نے کہا حدیث کی ہمسے احمد بن خالد حمصی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن اسحاق نے سعید بن ابی سعید مقبری سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے

[1] کذاب کے معنی دروغ گو کے ہیں مراد اس سے مختار بن ابی عبید ہے اور مبیر کے ہلاک کرنے والا مراد اس سے حجاج ہے ۱۲۔

فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم طوبى للشام فقلنا لأي ذلك يا رسول الله قال لأن ملائكة الرحمن باسطة اجنحتها
عليها هذا حديث حسن غريب انما نعرفه من حديث يحيى بن ايوب حدثنا محمد بن بشار نا ابو عامر العقدي نا هشام
بن سعد عن سعيد بن ابي سعيد عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لينتهين اقوام يفتخرون بآبائهم الذين ماتوا انما هم فحم
جهنم او ليكونن اهون على الله من الجعل الذي يدهده الخراء بانفه ان الله اذهب عنكم عبية الجاهلية وفخرها بالآباء انما هو مؤمن
تقي وفاجر شقي الناس بنو آدم وآدم خلق من التراب وفي الباب عن ابن عمر وابن عباس هذا حديث حسن حدثنا هارون بن
موسى بن ابي علقمة الفروي المديني قال ثني ابي عن هشام بن سعد عن سعيد بن ابي سعيد عن ابيه عن ابي هريرة ان
رسول الله صلى الله عليه وسلم قال قد اذهب الله عنكم عبية الجاهلية وفخرها بالآباء مؤمن تقي وفاجر شقي والناس
بنو آدم وآدم من تراب هذا حديث حسن وسعيد المقبري قد سمع من ابي هريرة ويروي عن ابيه اشياء كثيرة عن ابي هريرة
وقد روى سفيان الثوري وغير واحد هذا الحديث عن هشام بن سعد عن سعيد المقبري عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم
نحو حديث ابي عامر عن هشام بن سعد آخر المسند والحمد لله رب العالمين وصلواته وسلامه على سيدنا محمد النبي وآله الطاهرين

كتاب العلل

اخبرنا الكروخي نا القاضي ابو عامر الازدي والشيخ الغورجي وابو المظفر الدهان قالوا نا ابو محمد الجراحي
نا ابو العباس المحبوبي نا ابو عيسى الترمذي قال جميع ما في هذا الكتاب من الحديث هو معمول به وبه اخذ بعض اهل العلم
ما خلا حديثين حديث ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم جمع بين الظهر والعصر بالمدينة والمغرب والعشاء من غير
خوف ولا سفر ولا مطر وحديث النبي صلى الله عليه وسلم انه قال اذا شرب الخمر فاجلدوه فان عاد في الرابعة فاقتلوه

پس فرمایا آنحضرت نے خوشی ہو واسطے شام کے سو ہمنے کہا یہ کس سبب سے یا رسول اللہ فرمایا آپنے اسواسطے کہ اللہ تعالی کے فرشتے اسپر[1] اپنے بازوں
کو بچھائے ہوئے ہیں - یہ حدیث حسن غریب ہے ہم تو فقط اسکو طریق یحیی بن ایوب سے ہی پہچانتے ہیں - حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث
کی ہمسے ابو عامر عقدی نے کہا حدیث کی ہمسے ہشام بن سعد نے سعید بن ابی سعید سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا
آپنے چاہیئے کہ وہ قومیں جو اپنے باپوں کے ساتھ جو مرگئے ہیں فخر کرتی ہیں باز آجائیں وہ تو دوزخ کا کوئیلہ ہیں یا وہ اللہ کے نزدیک گوہ کے کیڑے سے
جو گندگی کو اپنی ناک سے دور کرتا ہے ذلیل ہوجائینگے اللہ تعالے نے تمسے کفر کے تکبر کو اور اسوقت کے فخر کو ساتھ باپوں کے دور کیا ہے اور وہ
تو مومن تقی ہیں اور فاجر شقی سب کے سب آدم کے بیٹے ہیں اور حضرت آدم مٹی سے پیدا کیے گئے ہیں - اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور ابن
عباس سے رضی اللہ عنہم - یہ حدیث حسن ہے - حدیث کی ہمسے ہارون بن موسی بن ابی علقمہ فروی مدینی سے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے ہشام
بن سعد سے اُسنے سعید بن ابی سعید سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی نے تمسے کفر کے
تکبر کو اور اسوقت کے فخر کو ساتھ باپوں کے دور کیا ہے - آدمی تو مومن تقی ہیں اور فاجر شقی - اور تمام آدمی آدم کے بیٹے ہیں اور حضرت آدم مٹی سے ہے
یہ حدیث حسن ہے - اور سعید مقبری نے ابی ہریرہ سے سنا ہے - اور بواسطہ اپنے باپ کے بہت حدیثیں ابی ہریرہ سے روایت کرتا ہے - اور
روایت کی ہے سفیان ثوری وغیرہ نے یہ حدیث ہشام بن سعد سے اُسنے سعید مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل حدیث
ابی عامر کے جو راوی ہے ہشام بن عروہ سے - یہ آخر مسند کا والحمد للہ رب العالمین والصلواۃ والسلام علی سیدنا محمد النبی وآلہ الطاہرین -

کتاب العلل

خبر دی ہمکو کروخی نے کہا حدیث کی ہمسے قاضی ابو عامر ازدی اور شیخ ابو بکر غورجی اور ابو المظفر دہان نے کہا اُنہوں نے
حدیث کی ہمسے ابو محمد جراحی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو العباس محبوبی نے کہا خبر دی ہمکو ابو عیسی ترمذی نے کہا اُسنے تمام حدیثیں جو اس کتاب
میں ہیں وہ معمول بہ ہیں اور سوا ان دو حدیثوں کے انکے ساتھ بعض اہل علم نے تمسک کیا ہے ایک حدیث ابن عباس کی کہ نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے ظہر اور عصر کو مدینہ میں اور مغرب اور عشا کو جمع کیا ہے سوائے خوف اور سفر اور بارش کے - اور دوسری حدیث یہ کہ نبی
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی شراب پیے تو اسکو جلد کرو پس اگر چوتھی بار اعادہ کرے تو اسکو قتل کرو

---

[1] مراد اس سے یہ ہے کہ اللہ تعالی کی رحمت اسپر بہت ہے جیسا کہ بعض حدیثوں میں وارد ہوا ہے کہ اس جگہ ابدال رہتے ہیں ۱۲ منہ یعنی تم اپنے حسب نسب کے فخر کو ترک کردو ورنہ اللہ تعالے کے نزدیک
گوہ کے کیڑے سے ذلیل ہوجاؤگے تم جانتے ہو کہ تمسے اللہ تعالے نے کفر کے تکبر کو اور تمہارے فخر کو جو تم باپوں سے کرتے ہو دور کردیا ہے اور پھر تم یہ کام کرتے ہو تم تو سب حضرت آدم کے بیٹے ہو فقط

بن عبد الرحمن عن ابی الزناد عن الاعرج عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والذی نفس محمد بیدہ
لغفار واسلم ومزینۃ ومن کان من جھینۃ او قال جھینۃ ومن کان من مزینۃ خیر عند اللہ یوم القیٰمۃ من اسد وطیٔ
وغطفان ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مھدی نا سفیان عن جامع بن شداد
عن صفوان بن محرز عن عمران بن حصین قال جاء نفر من بنی تمیم الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ابشروا
یا بنی تمیم قالوا بشرتنا فاعطنا قال فتغیر وجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وجاء نفر من اھل الیمن فقال اقبلوا البشری
لم یقبلھا بنو تمیم قالوا قد قبلنا ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو احمد نا سفیان عن عبد الملک
بن عمیر عن عبد الرحمن بن ابی بکرۃ عن ابیہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اسلم وغفار ومزینۃ خیر من تمیم واسد
وغطفان وبنی عامر بن صعصعۃ یمد بھا صوتہ فقال القوم قد خابوا وخسروا قال فھم خیر منھم ھذا حدیث حسن صحیح
حدثنا بشر بن ادم بن ابنۃ ازھر السمان نی جدی ازھر السمان عن ابن عون عن نافع عن ابن عمر ان رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم قال اللھم بارک لنا فی شامنا اللھم بارک لنا فی یمننا قالوا وفی نجدنا فقال اللھم بارک لنا فی شامنا وبارک
لنا فی یمننا قالوا وفی نجدنا قال ھنالک الزلازل والفتن وبھا او قال منھا یخرج قرن الشیطان ھذا حدیث حسن صحیح
غریب من ھذا الوجہ من حدیث ابن عون وقد روی ھذا الحدیث ایضا عن سالم بن عبد اللہ بن عمر عن ابیہ عن
النبی صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** محمد بن بشار نا وھب بن جریر نا ابی قال سمعت یحیی بن ایوب یحدث عن یزید
بن ابی حبیب عن عبد الرحمن بن شماسۃ عن زید بن ثابت قال کنا عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نؤلف القرآن من الرقاع

بن عبد الرحمن نے ابی الزناد سے اُسنے اعرج سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اس ذات کی کہ جسکے ہاتھ میں جان محمد کی ہے البتہ غفار اور اسلم اور مزینہ اور جو کوئی جہنیہ سے ہے یا فرمایا آپنے جہنیہ اور وہ کوئی جو مزینہ سے ہے بہتر ہیں نزدیک اللہ کے قیامت کے دن اسد اور طی اور غطفان سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے جامع بن شداد سے اُسنے صفوان بن محرز سے اُسنے عمران بن حصین سے کہا اُسنے ایک گروہ بنی تمیم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا پس فرمایا آپنے خوش ہو اے بنی تمیم کہا اُنہوں نے آپنے ہمکو بشارت دی ہے سو ہمکو کچھ دیجیے کہا راوی نے پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ متغیر ہو گیا۔ اور ایک گروہ یمن سے آیا پس آپنے اُنکو فرمایا بشارت کو قبول کرو کہ بنو تمیم نے اسکو قبول نہیں کیا کہا اُنہوں نے ہمنے قبول کر لیا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عبد الملک بن عمیر سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی بکرہ سے اُسنے اپنے باپ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اسلم اور غفار اور مزینہ بہتر ہیں تمیم اور اسد اور غطفان اور بنی عامر بن صعصعہ سے آنحضرت بلند کرتے تھے ساتھ اسکے اپنی آواز کو پس کہا قوم نے تحقیق ٹوٹا پایا اُنہوں نے اور خسارہ کھایا فرمایا آپنے سو وہ تو اُنسے بہتر ہی ہیں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے بشر بن آدم نے وہ آدم کہ ازہر سمان کا نواسہ ہے کہا حدیث کی مجھے میرے دادا ازہر سمان نے ابن عون سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اللہ ہمارے لیے ہمارے شام میں برکت دے اے اللہ ہمارے لیے ہمارے یمن میں برکت دے کہا لوگوں نے اور ہمارے نجد کے حق میں بھی دعا کر دیجیے پس فرمایا آپنے اے اللہ ہمارے لیے ہمارے شام میں برکت دے اور ہمارے لیے ہمارے یمن میں برکت دے۔ اور کہا لوگوں نے ہمارے نجد کے حق میں بھی۔ فرمایا آپنے اُس جگہ زلزلے اور فتنے ہیں اور اُسمیں یا فرمایا آپنے اُس سے (شک راوی) شیطان کا سینگ نکلیگا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اس طرق یعنے طرق ابن عون سے اور نیز یہ حدیث مروی ہے سالم بن عبد اللہ بن عمر سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے وہب بن جریر نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے کہا سنا میں نے یحیی بن ایوب سے کہ حدیث کرتا تھا یزید بن ابی حبیب سے اُسنے روایت کی عبد الرحمن بن شماسہ سے اُسنے زید بن ثابت سے کہا اُسنے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں قرآن چمڑے کے ٹکڑوں سے جمع کرتے تھے

ما ناظرت به محمد بن اسمعيل ومنه ما ناظرت عبد الله بن عبد الرحمن وابا زرعة واكثر ذلك عن محمد واقل شيء فيه عن عبد الله وابي زرعة وانما حملنا على ما بينا في هذا الكتاب من قول الفقهاء وعلل الحديث لانا سئلنا عن هذا فلم نفعله زمانا ثم فعلنا لما رجونا فيه من منفعة الناس لانا قد وجدنا غير واحد من الائمة تكلفوا من التصنيف ما لم يسبقوا اليه منهم هشام بن حسان وعبد الملك بن عبد العزيز بن جريج وسعيد بن ابي عروبة ومالك بن انس وحماد بن سلمة وعبد الله بن المبارك ويحيى بن زكريا بن ابي زائدة ووكيع بن الجراح وعبد الرحمن بن مهدي وغيرهم من اهل العلم والفضل صنفوا فجعل الله في ذلك منفعة كثيرة ولهم بذلك الثواب الجزيل عند الله لما نفع الله المسلمين به فهم القدوة فيما صنفوا وقد عاب بعض من لا يفهم على اهل الحديث الكلام في الرجال وقد وجدنا غير واحد من الائمة من التابعين قد تكلموا في الرجال منهم الحسن البصري وطاؤس تكلما في معبد الجهني وتكلم سعيد بن جبير في طلق بن حبيب وتكلم ابراهيم النخعي وعامر الشعبي في الحارث الاعور وهكذا روي عن ايوب السختياني وعبد الله بن عون وسليمان التيمي وشعبة بن الحجاج وسفيان الثوري ومالك بن انس والاوزاعي وعبد الله بن المبارك ويحيى بن سعيد القطان ووكيع بن الجراح وعبد الرحمن بن مهدي وغيرهم من اهل العلم انهم تكلموا في الرجال وضعفوا فانما حملهم على ذلك عندنا والله اعلم النصيحة للمسلمين لا يظن بهم انهم ارادوا الطعن على الناس والغيبة انما ارادوا عندنا ان يبينوا ضعف هؤلاء لكي يعرفوا لان بعض الذين ضعفوا كان صاحب بدعة وبعضهم كان متهما في الحديث وبعضهم كانوا اصحاب غفلة وكثرة خطاء فاراد هؤلاء الائمة ان يبينوا احوالهم شفقة على الدين وتثبتا لان الشهادة في الدين احق ان يتثبت فيها من الشهادة في الحقوق والاموال واخبرني

اور جسکا مین نے محمد بن اسمعیل کے ساتھ مناظرہ کیا ہی۔ اور بعض کا مین نے عبداللہ بن عبدالرحمن اور ابا زرعہ سے مناظرہ کیا ہی اور اکثر اسکا محمد سے ہی اور بہت تھوڑا اسکا مناظرہ ہی جو مین نے عبداللہ اور ابی زرعہ سے کیا ہی۔ اور ہمکو اس چیز جو ہمنے اس کتاب مین بیان کی ہی یعنی فقہاء کے قول اور حدیثون کی علتین اس بات نے برانگیختہ کیا ہی کہ ہم کئی مرتبہ اس امر سے سوال کیے گئے اور ہمکو بہت مدت اسکا جواب نہ آیا پھر ہمنے اسکو اس امید سے بیان کیا کہ اسمین لوگون کا نفع بہت ہی اس لیے کہ ہمنے کئی ایک امامون کو جنسے کوئی اس امر کی طرف سبقت نہ لیگیا تھا پایا کہ انھون نے تصنیف مین تکلیف اٹھائی انمین سے ہشام بن حسان اور عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج اور سعید بن ابی عروبہ اور مالک بن انس اور حماد بن سلمہ اور عبداللہ بن مبارک اور یحیی بن زکریا بن ابی زائدہ اور وکیع بن جراح اور عبدالرحمن بن مہدی اور کئی ایک ان کے سوا عالمون اور فاضلون سے تصنیف کی ہی سو اللہ تعالی نے انکی تصنیف مین بہت ہی نفع رکھا ہی۔ اور انکے لیے اللہ تعالی کے پاس اسکے بدلے بہت ثواب ہی اس لیے کہ اللہ تعالی نے اسکے ساتھ مسلمانون کو نفع دیا ہی سو وہی اس تصنیف مین پیشوا ہین۔ اور بعض بے فہمون نے محدثین پر مردون کے حق مین کلام کرنے کا عیب کیا ہی۔ اور ہمنے کئی ایک امامون کو تابعین سے پایا کہ انھون نے مردون کے حق مین کلام کیا۔ انمین سے حسن بصری اور طاؤس ہین کہ انھون نے معبد جہنی کے حق مین کلام کیا ہی اور سعید بن جبیر نے طلق بن حبیب کے حق مین کلام کیا ہی۔ اور ابراہیم نخعی اور عامر شعبی نے حارث اعور کے حق مین کلام کیا ہی اور ایسی ہی روایت کی ہی ایوب سختیانی اور عبداللہ بن عون اور سلیمان تیمی اور شعبہ بن حجاج اور سفیان ثوری اور مالک بن انس اور اوزاعی اور عبداللہ بن مبارک اور یحیی بن سعید القطان اور وکیع بن جراح اور عبدالرحمن بن مہدی اور سوا انکے اور لوگون نے بھی اہل علم سے کئی مردون کے حق مین کلام کیا ہی اور انکو ضعیف کیا ہی سو انکو اس امر پر ہمارے نزدیک واللہ اعلم مسلمانون کی خیرخواہی نے برانگیختہ کیا ہی انکے ساتھ یہ گمان نہ کرنا چاہیے کہ انھون نے لوگون پر طعن اور غیبت کا ارادہ کیا ہی بلکہ انھون نے تو ہمارے نزدیک ان لوگون کے ضعف کے بیان کرنے کا ارادہ کیا ہی کہ انکا حال معلوم ہو جائے بعض تو انمین سے ایسے ضعیف کیے گئے کہ بدعتی تھے اور بعضے حدیث مین متہم تھے اور بعضے صاحب غفلت اور بہت بھول والے تھے پس ان امامون نے انکے احوال کے بیان کرنے کا ارادہ کیا بباعث شفقت اور ثابت قدمی کے دین پر۔ اس لیے کہ شہادت دین مین بہت بہتر ہی تحقیق کے واسطے اس شہادت سے جو حقوق اور اموال مین ہو خبر دی مجھے

ف ایک نسخہ مین اسطرح ہی کہ مین نے خراسان اور عراق مین کوئی شخص محمد بن اسمعیل بخاری سے زیادہ نہین دیکھا کہ معنی علتون کے اور تاریخ اور سندون کی خوب معرفت رکھتا ہو یہانتک آخر کتاب کا ہی۔ سماع توم کا جو ابی یعلی بن ابی لیلی سے ہی ختم ہوا ہی کہا ابو عیسی نے اور ہمکو اس چیز پر جو ہمنے اس کتاب مین الخ ۱۲

وقد بينا علة الحديثين جميعا في الكتاب وما ذكرنا في هذا الكتاب من اختيار الفقهاء فما كان فيه من قول سفيان الثوري
فاكثره ما حدثنا به محمد بن عثمن الكوفي حدثنا عبيد الله بن موسى عن سفيان ومنه ما حدثني به ابو الفضل مكتوم
بن العباس الترمذي حدثنا محمد بن يوسف الفريابي عن سفيان وما كان من قول مالك بن انس فاكثره ما حدثنا
به اسحق بن موسى الانصاري نا معن بن عيسى القزاز عن مالك بن انس وما كان فيه من ابواب الصوم فاخبرنا به ابو مصعب
المديني عن مالك بن انس وبعض كلام مالك ما اخبرنا به موسى بن حزام اخبرنا عبد الله بن مسلمة القعنبي عن مالك
بن انس وما كان فيه من قول ابن المبارك فهو ما حدثنا به احمد بن عبدة الاملي عن اصحاب ابن المبارك عنه ومنه ما روي عن ابن المبارك
ومنه ما روي عن ابي وهب عن ابن المبارك ومنه ما روي عن علي بن الحسن عن عبد الله بن المبارك ومنه ما روي عن عبدان عن سفيان بن
عبد الملك عن ابن المبارك ومنه ما روي عن حبان بن موسى عن ابن المبارك ومنه ما روي عن وهب بن زمعة عن فضالة
النسوي عن عبد الله بن المبارك وله رجال مسمون سوى من ذكرنا عن ابن المبارك وما كان فيه من قول الشافعي فاكثره
ما اخبرني به الحسن بن محمد الزعفراني عن الشافعي وما كان من الوضوء والصلوة حدثنا به ابو الوليد المكي عن الشافعي ومنه
ما حدثنا ابو اسمعيل نا ابو يوسف بن يحيى القرشي البويطي عن الشافعي وذكر فيه اشياء عن الربيع عن الشافعي وقد اجاز لنا الربيع
ذلك وكتب به الينا وما كان فيه من قول احمد بن حنبل واسحق بن ابراهيم فهو ما اخبرنا به اسحق بن منصور عن احمد واسحق
الا ما في ابواب الحج والديات والحدود فاني لم اسمعه من اسحق بن منصور اخبرني به محمد بن موسى الاصم عن اسحق بن منصور
عن احمد واسحق وبعض كلام اسحق اخبرنا به محمد بن فليح عن اسحق وقد بينا هذا على وجهه في الكتاب الذي فيه الموقوف
وما كان فيه من ذكر العلل في الاحاديث والرجال والتاريخ فهو ما استخرجته من كتاب التاريخ واكثر ذلك

اور ہمنے دونوں حدیثوں کی علت اس کتاب میں بیان کردی ہے اور وہ جو ہمنے اس کتاب میں فقہاء کا مذہب بیان کیا ہے سو جو کچھ اسمیں کہ قول
سفیان ثوری کا ہے پس اکثر اسکا اسمیں وہ ہے جو حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے محمد بن عثمان کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن یوسف فاریابی نے
سفیان سے - اور جو قول مالک بن انس کا ہے پس اکثر اسکا وہ ہے جو حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے اسحاق بن موسی انصاری نے کہا حدیث کی
ہمسے معن بن عیسی قزاز نے مالک بن انس سے اور وہ جو اسمیں روزوں کے باب میں پس خبر دی ہمکو ساتھ اسکے ابو مصعب مدینی نے
مالک بن انس سے - اور بعض کلام مالک کا وہ ہے جو خبر دی ہمکو ساتھ اسکے موسی بن حزام نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن مسلمہ قعنبی نے مالک بن انس
سے - اور وہ جو اسمیں قول ابن مبارک کا ہے سو وہ ہے جو حدیث کی ہمسے ساتھ اُسکے احمد بن عبدہ املی نے ابن مبارک کے اصحاب سے - اور بعض
وہ ہے کہ مروی ہے بواسطہ ابی وہب کے ابن مبارک سے اور بعض وہ ہے کہ مروی ہے بواسطہ علی بن حسین کے عبد اللہ بن مبارک سے - اور بعض وہ
ہے کہ مروی ہے عبدان سے اُسنے روایت کی سفیان بن عبد الملک سے اُسنے ابن مبارک سے - اور بعض وہ ہے کہ مروی ہے بواسطہ حبان بن موسی
کے ابن مبارک سے - اور بعض وہ ہے کہ مروی ہے وہب بن زمعہ سے اُسنے فضالہ نسوی سے اُسنے عبد اللہ بن مبارک سے ما در اور بھی
کئی مرد ہیں جو عبد اللہ بن مبارک سے روایت کرتے ہیں سوائے انکے کہ جنکا ہمنے ذکر کیا ہے - اور جو اسمیں قول شافعی کا ہے پس اکثر تو وہ ہے جو
اسکی خبر مجھے حسن بن محمد زعفرانی نے شافعی سے دی ہے - اور وضو اور نماز کی حدیثیں تو ہمکو ابو الولید مکی نے شافعی سے روایت کی ہیں
اور بعض وہ ہے کہ حدیث کی ہمکو ساتھ اسکے ابو اسمعیل نے کہا حدیث کی ہمسے یوسف بن یحیی قرشی بویطی نے شافعی سے اور کئی حدیثیں
ابو اسمعیل نے بواسطہ ربیع کے شافعی سے روایت کی ہیں اور ربیع نے ہمکو انکی اجازت دی ہے اور وہ ہماری طرف لکھی ہیں - اور
جو قول اسمیں امام احمد بن حنبل اور اسحاق بن ابراہیم کا ہے سو اسکی خبر ہمکو اسحاق بن منصور نے احمد اور اسحاق سے دی ہے سوائے
اُن حدیثوں کے جو ابواب الحج اور دیات اور حدود میں ہیں سو وہ میں نے اسحاق بن منصور سے نہیں سنیں انکی خبر مجھے محمد بن موسی
اصم نے بواسطہ اسحاق بن منصور کے احمد اور اسحاق سے دی ہے - اور اسحاق کے بعض کلام کی خبر ہمکو محمد بن فلیح نے اسحاق سے دی ہے
اور ان سندوں کو ہمنے تمامہ اس کتاب میں کہ جسمیں موقوف ہی ذکر کیا ہے لیے سوائے اس سندکے - اور جو اس کتاب میں ذکر علل اور
رجال اور تاریخ کا ہے سو وہ تو میں نے کتاب التاریخ بخاری سے لیا ہے اور بہت کچھ اسمیں وہ ہیں

يزيد بن هارون يقول لا يحل لاحد ان يروى عن سليمن بن عمرو النخعي الكوفي وسمعت احمد بن الحسن يقول كنا عند احمد بن حنبل فذكروا من تجب عليه الجمعة فذكروا فيه عن بعض اهل العلم من التابعين وغيرهم فقلت فيه عن النبي صلى الله عليه وسلم حديث فقال عن النبي صلى الله عليه وسلم قلت نعم حدثنا حجاج بن نصير نا المعارك بن عباد عن عبد الله بن سعيد المقبرى عن ابيه عن ابى هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الجمعة على من اواه الليل قال فغضب احمد بن حنبل و قال استغفر ربك مرتين وانما فعل هذا احمد بن حنبل لانه لم يصدق هذا عن النبى صلى الله عليه وسلم لضعف اسناده لانه لم يعرفه عن النبى صلى الله عليه وسلم والحجاج بن نصير يضعف فى الحديث وعبد الله بن سعيد المقبرى ضعفه يحيى بن سعيد القطان جدا فى الحديث فكل من روى عنه حديث ممن يتهم او يضعف لغفلته وكثرة خطائه ولا يعرف ذلك الحديث الا من حديثه فلا يحتج به وقد روى غير واحد من الائمة عن الضعفاء وبينوا احوالهم للناس حدثنا ابراهيم بن عبد الله بن المنذر الباهلى نا يعلى بن عبيد قال قال لنا سفيان الثورى اتقوا الكلبى فقيل له فانك تروى عنه قال انا اعرف صدقه من كذبه واخبرنى محمد بن اسمعيل ثنى يحيى بن معين ثنى عفان عن ابى عوانة قال لما مات الحسن البصرى اشتهيت كلامه فتتبعته عن اصحاب الحسن فاتيت به ابان بن ابى عياش فقرأه علي كله عن الحسن فما استحل ان اروى عنه شيئا وقد روى عن ابان بن ابى عياش غير واحد من الائمة وان كان فيه من الضعف والغفلة ما وصفه ابو عوانة وغيره فلا يغتر برواية الثقات عن الناس لانه يروى عن ابن سيرين انه قال ان الرجل ليحدثنى فما اتهمه لكن اتهم من فوقه وقد روى غير واحد عن ابراهيم النخعى عن علقمة عن عبد الله بن مسعود ان النبى صلى الله عليه وسلم

یزید بن ہارون سے کہ کہتا تھا کسی کو حلال نہیں کہ سلیمان بن عمرو نخعی کوفی سے روایت کرے۔ اور سنا میں نے احمد بن حسن سے کہ کہتا تھا ہم احمد بن حنبل کے پاس تھے سو لوگوں نے ذکر کیا کہ کس پر جمعہ واجب ہوتا ہے پس لوگوں نے بعض اہل علم تابعین وغیرہ سے ذکر کیا اور میں نے کہا اس باب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث ہے پس کہا امام احمد نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے کہا ہاں (وہ یہ ہے) حدیث کی ہم سے حجاج بن نصیر نے کہا حدیث کی ہم سے معارک بن عباد نے عبد اللہ بن سعید مقبری سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ اُس شخص پر ہے کہ جسکو رات آ جگہ دی۔ کہا احمد بن حسن نے سو احمد بن حنبل غضبناک ہوا اور کہا اپنے رب سے بخشش طلب کر۔ یہ کلمہ دو بار فرمایا۔ اور احمد بن حنبل نے یہ اسواسطے فرمایا کہ انہوں نے اس روایت کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بسبب اسکے اسناد ضعیف کے سچ نہ جانا کیونکہ انہوں نے اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں پہچانا۔ اور حجاج بن نصیر حدیث میں ضعیف کیا گیا ہے۔ اور عبد اللہ بن سعید مقبری کو یحیی بن سعید قطان نے حدیث میں بہت ضعیف کیا ہے۔ سو جو کوئی حدیث کسی متہم یا ضعیف سے بسبب اسکی غفلت اور کثرت خطا کے مروی ہو اور وہ حدیث سوائے اسکے طریق کے اور کسی طریق سے معلوم نہو تو وہ حجت نہیں ہو سکتی۔ اور کئی ایک نے اماموں سے ضعیف لوگوں سے روایت کی ہے اور انکا حال لوگوں سے بیان کیا ہے۔ حدیث کی ہم سے ابراہیم بن عبد اللہ بن منذر باہلی نے کہا حدیث کی ہم سے یعلی بن عبید نے کہا اُسنے کہا ہمکو سفیان ثوری نے ڈر وکلبی سے سو اس سے کسی نے کہا آپ تو اس سے روایت کرتے ہو فرمایا انہوں نے میں اسکا صدق اسکے کذب سے پہچانتا ہوں۔ اور خبر دی مجھے محمد بن اسمعیل نے کہا حدیث کی مجھے یحیی بن معین نے کہا حدیث کی مجھے عفان نے ابی عوانہ سے کہا اُسنے جب حسن بصری فوت ہو گیا تو میں نے اُسکے کلام کی بہت خواہش کی سو میں نے حسن کے بعض شاگردوں سے تلاش کی سو میں اسکے واسطے ابان بن ابی عیاش کے پاس آیا سو اُسنے مجھے تمام حدیثیں حسن سے سنائیں اور میں اُنسے ایک روایت کرنا بھی حلال نہیں جانتا۔ اور ابان بن ابی عیاش سے کئی ایک نے اماموں سے روایت کی ہے اگرچہ اسمیں ضعف اور غفلت ہے جسقدر کہ ابو عوانہ وغیرہ نے بیان کیا ہے سو ثقات کی روایت کے ساتھ جو عام لوگوں سے روایت کرتے ہیں فریفتہ نہ ہونا چاہیے کیونکہ ابن سیرین سے مروی ہے کہ کہا اُسنے کہ میرے پاس حدیثیں بیان کرتے ہیں سو میں انکو متہم نہیں کرتا لیکن انکو تہمت لگاتا ہوں جو انسے اوپر ہیں۔ اور روایت کی ہے کئی ایک نے ابراہیم نخعی سے اُسنے علقمہ سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

سلہ یعنے وہ شخص کہ جمعہ پڑھکر رات کو اپنے گھر واپس آ جاوے یعنے اسکے گھر میں اور جہاں جمعہ پڑھنے گیا ہے اس قدر مسافت ہو کہ رات کو گھر آ سکتا ہو تو اس پر جمعہ واجب ہے ۱۲

محمد بن اسمٰعیل ثنا محمد بن یحیی بن سعید القطان ثنی ابی قال سألت سفیان الثوری وشعبة ومالک بن انس وسفیان بن عیینة عن الرجل یکون فیه تهمة او ضعف اسکت او ابین قالوا بین حدثنا محمد بن رافع النیسابوری ثنا یحیی بن ادم قال قیل لابی بکر بن عیاش ان ناسا یجلسون ویجلس الیهم الناس ولا یستاهلون فقال ابو بکر بن عیاش کل من جلس جلس الیه الناس وصاحب السنة اذا مات احیی الله ذکره والمبتدع لا یذکر حدثنا محمد بن علی بن الحسن بن شقیق ثنا النضر بن عبد الله الاصم ثنا اسمٰعیل بن زکریا عن عاصم عن ابن سیرین قال کان فی الزمن الاول لا یسألون عن الاسناد فلما وقعت الفتنة سألوا عن الاسناد لکی یأخذوا حدیث اهل السنة ویدعوا حدیث اهل البدع حدثنا محمد بن علی بن الحسن قال سمعت عبدان یقول قال عبد الله بن المبارک الاسناد عندی من الدین لولا الاسناد لقال من شاء ما شاء فاذا قیل له من حدثک بقی حدثنا محمد بن علی ثنا حبان بن موسی قال ذکر لعبد الله بن المبارک حدیث فقال یحتاج لهذا ارکان من اجر یعنی انه ضعف اسناده حدثنا احمد بن عبدة ثنا وهب بن زمعة عن عبد الله بن المبارک انه ترک حدیث الحسن بن عمارة والحسن بن دینار وابراهیم بن محمد الاسلمی ومقاتل بن سلیمن وعثمٰن البری وروح بن مسافر وابی شیبة الواسطی وعمرو بن ثابت وایوب بن سوید ونصر بن طریف ابی جزء والحکم وحبیب الحکم روی له حدیثا فی کتاب الرقاق ثم ترکه وحبیب لا ادری قال احمد بن عبدة وسمعت عبدان قال کان عبد الله بن المبارک قرأ احادیث بکر بن خنیس وکان اخیرا اذا اتی علیها اعرض عنها وکان لا یذکره قال احمد وثنا ابو وهب قال سموا لعبد الله بن المبارک رجلا یتهم فی الحدیث فقال لان اقطع الطریق احب الی ان احدث عنه واخبرنی موسی بن حزام قال سمعت

محمد بن اسمعیل نے کہا حدیث کی ہم سے محمد بن یحیی بن سعید قطان نے کہا حدیث کی مجھ سے میرے باپ نے کہا اُسنے سوال کیا مین نے سفیان ثوری اور شعبہ اور مالک بن انس اور سفیان بن عیینہ سے اس مرد کی بابت کہ اسمین کچھ تہمت یا ضعف ہو کیا مین خاموش رہون یا بیان کرون کہا اُنھون نے بیان کر۔ حدیث کی ہمسے محمد بن رافع نیساپوری نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن آدم نے کہا اُسنے ابی بکر بن عیاش سے کہا گیا کہ لوگ بیٹھتے ہین اور اور لوگ بھی اُنکے پاس بیٹھتے ہین اور وہ نااہل ہوتے ہین پھر کہا ابوبکر بن عیاش نے جو کوئی بیٹھتا ہی لوگ اسکے پاس بیٹھتے ہین۔ اور صاحب سنت کا جب مرتا ہی تو اللہ تعالی اُسکا ذکر زندہ کرتا ہی اور بدعتی نہین ذکر کیا جاتا۔ حدیث کی ہمسے محمد بن علی بن حسن بن شقیق نے کہا حدیث کی ہمسے نضر بن عبد اللہ اصم نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن زکریا نے عاصم سے اُسنے ابن سیرین سے کہا اُسنے پہلے زمانہ مین تو لوگ اسناد سے سوال نہ کیا کرتے تھے سو جب فتنہ برپا ہو گیا تو انھون نے اسناد سے سوال کیا تاکہ وہ اہل سنت کی حدیث قبول کرین اور اہل بدع کی حدیث ترک کرین۔ حدیث کی ہمسے محمد بن علی بن حسن نے کہا سنا مین نے عبدان سے کہ کہتا تھا کہا عبد اللہ بن مبارک نے اسناد میرے نزدیک دین سے ہی اگر اسناد نہو تو جو کوئی جو کچھ چاہے کہدے سو جب اسکو کہا جاتا ہی کہ کس نے تجھے حدیث کی ہی تو وہ خاموش ہو جاتا ہی۔ حدیث کی ہمسے محمد بن علی نے کہا خبر دی ہمکو حبان بن موسی نے کہا اُسنے عبد اللہ بن مبارک سے ایک حدیث ذکر کی گئی پس کہا اُسنے اسکے واسطے پختہ ستونون کی حاجت ہی یعنی اُسنے اسکے اسناد کو ضعیف کیا۔ حدیث کی ہمسے احمد بن عبدہ نے کہا حدیث کی ہمسے وہب بن زمعہ نے عبد اللہ بن مبارک سے کہ اُسنے ترک کر دی تھی حدیث حسن بن عمارہ اور حسن بن دینار اور ابراہیم بن محمد اسلمی اور مقاتل بن سلیمان اور عثمان بری اور روح بن مسافر اور ابی شیبہ واسطی اور عمرو بن ثابت اور ایوب بن سوید اور نصر بن طریف ابی جزء اور حکم اور حبیب عبد اللہ بن مبارک نے ایک روایت حکم سے کتاب الرقاق مین بیان کی پھر اسکو ترک کیا۔ اور حبیب کا حال مین نہین جانتا۔ کہا احمد بن عبدہ نے اور سنا مین نے عبدان سے کہ کہا اُسنے عبد اللہ بن مبارک نے بکر بن خنیس کی حدیثین پڑھین اور وہ آخر عمر مین تھا جب اُن حدیثون پر آتا جو پہلے پڑھ چکا ہوتا تو اُنسے اعراض کرتا اور وہ اسکا ذکر نہ کرتا۔ کہا احمد نے اور حدیث کی ہمسے ابو وہب نے کہا اُسنے کہ کون نے عبد اللہ بن مبارک کے آگے ایک مرد کا نام لیا جو حدیث مین متہم جانا جاتا تھا تو کہا اُسنے البتہ میرے نزدیک سفر اختیار کرنا اسکی حدیث بیان کرنے سے بہتر ہی اور خبر دی مجھے موسی بن حزام نے کہا اُسنے سنا مین نے

[1] یعنی جو کوئی کسی جگہ کسی کام کے لیے بیٹھتا ہی لوگ بھی اسکے پاس بیٹھ جاتے ہین اور وہ شخص دو حال سے خالی نہین یا بدعتی ہوگا یا بدعتی نہوگا اگر بدعتی ہوگا تو اُسکا پھر کوئی نام لیتا نہین اور اگر بدعتی نہوگا یعنی سنت پر چلنے والا ہوگا تو اللہ تعالی اُسکا نام مشہور کرتا ہی ۱۲

بن سعيد قد ترك الرواية عن هؤلاء فلم يترك الرواية عنهم انه اتهمهم بالكذب ولكنه تركهم لحال حفظهم وذكر عن يحيى بن سعيد انه كان اذا رأى الرجل يحدث عن حفظه مرة هكذا ومرة هكذا لا يثبت على رواية واحدة تركه وقد حدث عن هؤلاء الذين تركهم يحيى بن سعيد القطان عبد الله بن المبارك ووكيع بن الجراح وعبد الرحمن بن مهدي وغيرهم من الائمة وهكذا تكلم بعض اهل الحديث في سهيل بن ابي صالح ومحمد بن اسحق وحماد بن سلمة ومحمد بن عجلان واشباه هؤلاء من الائمة انما تكلموا فيهم من قبل حفظهم في بعض ما رووا وقد حدث عنهم الائمة حدثنا الحسن بن علي الحلواني نا علي بن المديني قال قال سفيان بن عيينة كنا نعد سهيل بن ابي صالح ثبتا في الحديث حدثنا ابن ابي عمر قال قال سفيان بن عيينة كان محمد بن عجلان ثقة مامونا في الحديث وانما تكلم يحيى بن سعيد القطان عندنا في رواية محمد بن عجلان عن سعيد المقبري حدثنا ابوبكر عن علي بن عبد الله قال قال يحيى بن سعيد قال محمد بن عجلان احاديث سعيد المقبري بعضها سعيد عن ابي هريرة وبعضها سعيد عن رجل عن ابي هريرة فاختلطت علي فصيرتها عن سعيد عن ابي هريرة وانما تكلم يحيى بن سعيد عندنا في ابن عجلان لهذا وقد روى يحيى عن ابن عجلان الكثير وهكذا من تكلم في ابن ابي ليلى انما تكلم فيه من قبل حفظه قال علي قال يحيى بن سعيد روى شعبة عن ابن ابي ليلى عن اخيه عيسى عن عبد الرحمن بن ابي ليلى عن ابي ايوب عن النبي صلى الله عليه وسلم في العطاس قال يحيى ثم لقيت ابن ابي ليلى فحدثنا عن اخيه عيسى عن عبد الرحمن بن ابي ليلى عن علي عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ابو عيسى ويروى عن ابن ابي ليلى نحو هذا غير شيء كان يروي الشيء مرة هكذا ومرة هكذا يغير الاسناد وانما جاء هذا من قبل حفظه لان اكثر من مضى من اهل العلم كانوا لا يكتبون

بن سعید نے ان لوگوں کی روایت کو ترک کر دیا ہے مگر انکی روایت کو اسلیے ترک نہیں کیا کہ اسنے انکو کذب کی تہمت لگائی ہو لیکن حافظہ کی وجہ سے انکو ترک کیا ہے۔ اور یحیی بن سعید سے ذکر کیا گیا ہے کہ جب وہ کسی مرد کو دیکھتا کہ اُسنے اپنی یاد داشت سے ایک بار یوں حدیث کی ہے اور دوسری بار یوں لیکن ایک روایت پر وہ ثابت نہیں رہا تو اسکو ترک کر دیتا اور ان لوگوں سے جنکو یحیی بن سعید القطان نے ترک کر دیا ہے عبد اللہ بن مبارک اور وکیع بن جراح اور عبد الرحمن بن مہدی وغیرہ اماموں نے روایت کی ہے۔ اور اسی طرح پر بعض محدثین نے سہیل بن ابی صالح اور محمد بن اسحاق اور حماد بن سلمہ اور محمد بن عجلان اور مانند انکے اور اماموں کے حق میں کلام کیا ہے فقط انہوں نے انکے حق میں حافظہ کی وجہ سے کہ انہوں نے بعض ان روایتوں کو بیان کیا ہے کلام کیا ہے اور انسے کئی اماموں نے حدیثیں بھی لی ہیں۔ حدیث کی ہمسے حسن بن علی حلوانی نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن مدینی نے کہا اُسنے کہا سفیان بن عیینہ نے ہم سہیل بن ابی صالح کو حدیث میں اچھا شمار کرتے تھے۔ حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا اُسنے کہا سفیان بن عیینہ نے محمد بن عجلان حدیث میں ثقہ اور مامون تھا ترمذی کہتا ہے اور ہمارے نزدیک یحیی بن سعید قطان نے محمد بن عجلان کی اس روایت میں کلام کیا ہے جو اُسنے سعید مقبری سے روایت کی ہے۔ حدیث کی ہمسے ابو بکر نے علی بن عبد اللہ سے کہا اُسنے کہا یحیی بن سعید نے کہ کہا محمد بن عجلان نے سعید مقبری کی حدیثیں بعض تو ابی ہریرہ سے مروی ہیں اور بعض بواسطہ ایک مرد کے ابو ہریرہ سے مروی ہیں اور وہ میرے پاس خلط ملط ہو گئی ہیں سو میں نے انکو بواسطہ سعید کے ابو ہریرہ سے بیان کر دیا ہے۔ اور ہمارے نزدیک یحیی بن سعید نے ابن عجلان کے حق میں اسی وجہ سے کلام کیا ہے۔ اور یحیی نے ابن عجلان سے بہت حدیثیں روایت کی ہیں اور ایسا ہی حال ہے اس شخص کا کہ جسنے ابن ابی لیلی کے حق میں کلام کیا ہے۔ فقط اُسنے حافظہ کی وجہ سے ہی کلام کیا ہے۔ کہا علی نے کہ کہا یحیی بن سعید نے روایت کی ہے شعبہ نے ابن ابی لیلی سے اُسنے اپنے بھائی عیسی سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی لیلی سے اُسنے ابی ایوب سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے چھینک کے بارے میں۔ کہا یحیی نے پھر میں نے ابن ابی لیلی سے ملاقات کی تو اُسنے حدیث کی ہمکو اپنے بھائی عیسی سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی لیلی سے اُسنے علی سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے۔ کہا ابو عیسی نے اور کئی حدیثیں ابن ابی لیلی سے مثل اسکے مروی ہیں کبھی حدیث اسطرح روایت کرتا اور کبھی اسطرح اسناد کو متغیر کر دیتا تھا یہ حال اسکا صرف حافظہ کی وجہ سے تھا کیونکہ اکثر اہل علم جو گذر چکے ہیں وہ لکھا نہ کرتے تھے

سلہ یعنی دوسری بار روایت کرنے کے وقت اُسنے عبد الرحمن اور آنحضرت کے مابین حضرت علی کا بھی واسطہ کر دیا ۱۲

كان يقنت في وتره قبل الركوع وروى ابان بن ابي عياش عن ابراهيم النخعي عن علقمة عن عبد الله بن مسعود ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يقنت في وتره قبل الركوع هكذا روى سفيان الثوري عن ابان بن ابي عياش وروى بعضهم عن ابان بن ابي عياش بهذا الاسناد نحو هذا وزاد فيه قال عبد الله بن مسعود اخبرتني امي انها باتت عند النبي صلى الله عليه وسلم فرأت النبي صلى الله عليه وسلم قنت في وتره قبل الركوع وابان بن ابي عياش وان كان قد وصف بالعبادة والاجتهاد فهذا حاله في الحديث والقوم كانوا اصحاب حفظ فرب رجل وان كان صالحا لا يقيم الشهادة ولا يحفظها فكل من كان متهما في الحديث في الكذب او كان مغفلا يخطئ الكثير فالذي اختاره اكثر اهل الحديث من الائمة ان لا يشتغل بالرواية عنه الا ترى ان عبد الله بن المبارك حدث عن قوم من اهل العلم فلما تبين له امرهم ترك الرواية عنهم وقد تكلم بعض اهل الحديث في قوم من اجلة اهل العلم وضعفوهم من قبل حفظهم ووثقهم آخرون من الائمة بجلالتهم وصدقهم وان كانوا قد وهموا في بعض ما رووا وقد تكلم يحيى بن سعيد القطان في محمد بن عمرو ثم روى عنه حدثنا ابو بكر عبد القدوس بن محمد العطار البصري نا علي بن المديني قال سألت يحيى بن سعيد عن محمد بن عمرو بن علقمة فقال تريد العفو او تشدد قلت لا بل اشدد فقال ليس هو ممن تريد كان يقول اشياخنا ابو سلمة ويحيى بن عبد الرحمن بن حاطب قال يحيى وسألت مالك بن انس عن محمد بن عمرو فقال فيه نحو ما قلت قال علي قال يحيى ومحمد بن عمرو اعلى من سهيل بن ابي صالح وهو عندي فوق عبد الرحمن بن حرملة قال علي فقلت ليحيى ما رأيت من عبد الرحمن بن حرملة قال لو شئت ان القنه لفعلت قال كان يلقن قال نعم قال علي ولم يرو يحيى عن شريك ولا عن ابي بكر بن عياش ولا عن الربيع بن صبيح ولا عن المبارك بن فضالة قال ابو عيسى وان كان يحيى

نماز وتر میں رکوع سے پہلے قنوت پڑھتے تھے اور روایت کی ہے ابان بن ابی عیاش نے ابراہیم نخعی سے اُنہوں نے علقمہ سے اُنہوں نے عبداللہ بن مسعود سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز وتر میں رکوع سے پہلے قنوت پڑھتے تھے۔ ایسا ہی روایت کیا ہے سفیان ثوری نے ابن ابی عیاش سے اور بعض نے ابان بن ابی عیاش سے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے روایت کی ہے اور زیادہ کیا ہے اس میں کہ کہا عبداللہ بن مسعود نے خبر دی ہے مجھے میری والدہ نے کہ اُنہوں نے یعنی میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس رات گذاری اور اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے نماز وتر میں رکوع سے پہلے قنوت پڑھا ہے۔ اور ابان بن ابی عیاش اگرچہ نماز و اجتہاد سے موصوف ہے سو اسکا حال حدیث میں تو یہ ہے۔ اور قوم صاحب حافظہ تھی۔ اور کئی مرد اگرچہ صالح ہوتے ہیں دیگر شہادت کو قائم نہیں رکھتے اور نہ اسکو یاد رکھتے ہیں۔ سو جو کوئی حدیث کے باب میں کذب سے متہم ہو یا غافل ہو تو وہ بہت خطا کرتا ہے۔ اور جن کو اکثر محدثین نے اماموں سے پسند کیا ہے اُنکی روایت سے ہٹنا نہیں چاہیے کیا تو نہیں دیکھتا کہ عبداللہ بن مبارک نے ایک قوم اہل علم سے روایت کی سو جب اسکو انکا حال معلوم ہوا تو اُسنے انکی روایت ترک کر دی۔ اور بعض محدثین نے ایک قوم میں بزرگ ترین اہل علم سے کلام کیا ہے اور انکو حافظہ کی وجہ سے ضعیف کیا ہے اور دوسرے لوگوں نے اماموں سے انکی جلالت اور صدق کی توثیق کی ہے۔ اگرچہ انہوں نے بعض روایتوں میں وہم کیا ہے۔ اور یحیی بن سعید قطان نے محمد بن عمرو کے حق میں کلام کیا پھر اُس سے روایت کی ہے۔ حدیث کی ہم سے ابوبکر عبدالقدوس بن محمد عطار بصری نے کہا حدیث کی ہم سے علی بن مدینی نے کہا اُسنے میں نے یحیی بن سعید سے محمد بن عمرو بن علقمہ کا حال پوچھا تو کہا اُسنے کیا تو ارادہ عفو[1] کا کرتا ہے یا سختی کا میں نے کہا کہ نہیں بلکہ سختی کا بس کہا اُسنے یہ شخص ایسا نہیں کہ جیسا تو ارادہ کرتا ہے وہ کہتا تھا کہ میرے اُستاذ ابو سلمہ اور یحیی بن عبدالرحمن بن حاطب ہیں (حالانکہ یہ دونوں اُستاذ نہیں ہیں) کہا یحیی نے اور میں نے مالک بن انس سے محمد بن عمرو کا حال پوچھا تو اُسنے اسکے حق میں بیان کیا جیسا کہ میں نے کہا ہے۔ کہا علی نے کہ کہا یحیی نے اور محمد بن عمرو اعلی ہے سہیل بن ابی صالح سے اور وہ میرے نزدیک عبدالرحمن بن حرملہ سے بھی اعلی مرتبہ ہے۔ کہا علی نے اور میں نے یحیی سے کہا تو نے عبدالرحمن بن حرملہ سے کیا دیکھا ہے کہا اُسنے اگر میں اسکو کوئی بات سکھلانی چاہوں تو سکھلا سکتا ہوں[2] کہا اُسنے کیا وہ سیکھ جاتا تھا کہا اُسنے ہاں۔ کہا علی نے اور نہیں روایت کی یحیی نے شریک سے اور نہ ابی بن عیاش سے اور نہ ربیع بن صبیح سے اور نہ مبارک بن فضالہ سے۔ کہا ابو عیسی نے اگرچہ یحیی

[1] یعنی تیرا ارادہ کیسا حال پوچھنے کا ہے کیا تو نرمی سے اسکا حال دریافت کرنا چاہتا ہے یا سختی سے ۱۲ [2] یعنی اگر میں اسکو کوئی بات سکھلانا چاہوں تو وہ سیکھ جاتا ہے غرض اسکی اس سے یہ ہے کہ وہ بذات خود مستقل نہیں اور نہ اسکو کچھ خبر ہے جو کچھ اسکو کہو وہ مان جاتا ہے ۱۲

مع انه لم يسلم من الخطاء والغلط كثير احد من الائمة مع حفظهم **حدثنا** محمد بن حميد الرازى نا جرير عن عمارة بن
القعقاع قال قال لى ابراهيم النخعى اذا حدثتنى فحدثنى عن ابى زرعة بن عمرو بن جرير فانه حدثنى مرة بحديث ثم سألته
بعد ذلك بسنين فما اخرم منه حرفا **حدثنا** ابو حفص عمرو بن على نا يحيى بن سعيد القطان عن سفيان عن منصور
قال قلت لابراهيم ما لسالم بن ابى الجعد اتم حديثا منك قال لانه كان يكتب **حدثنا** عبد الجبار بن العلاء بن عبد الجبار
نا سفيان قال قال عبد الملك بن عمير انى لاحدث بالحديث فما ادع منه حرفا **حدثنا** الحسين بن مهدى البصرى نا
عبد الرزاق نا معمر قال قال قتادة ما سمعت اذناى شيئا قط الا وعاه قلبى **حدثنا** سعيد بن عبد الرحمن المخزومى نا
سفيان بن عيينة عن عمرو بن دينار قال ما رأيت احدا انص للحديث من الزهرى **حدثنا** ابراهيم بن سعيد الجوهرى نا
سفيان بن عيينة قال قال ايوب السختيانى ما علمت احدا كان اعلم بحديث اهل المدينة بعد الزهرى من يحيى بن ابى كثير
حدثنا محمد بن اسمعيل نا سليمن بن حرب نا حماد بن زيد قال كان ابن عون يحدث فاذا حدثته عن ايوب بخلافه
تركه فاقول قد سمعته فيقول ان ايوب كان اعلمنا بحديث محمد بن سيرين **حدثنا** ابو بكر عن على بن عبد الله قال قلت
ليحيى بن سعيد ايهما اثبت هشام الدستوائى او مسعر قال ما رأيت مثل مسعر كان مسعر من اثبت الناس **حدثنا** ابو بكر
عبد القدوس بن محمد وحدثنى ابو الوليد قال سمعت حماد بن زيد يقول ما خالفنى شعبة فى شىء الا تركته قال قال ابو بكر وحدثنى
ابو الوليد قال قال لى حماد بن سلمة ان اردت الحديث فعليك بشعبة **حدثنا** عبد بن حميد نا ابو داؤد قال قال شعبة
ما رويت عن رجل حديثا واحدا الا اتيته اكثر من مرة والذى رويت عنه عشرة احاديث اتيته اكثر من عشرة

باوجودیکہ بہت لوگ اماموں سے باوجود حافظ ہونے کے خطا اور غلطی سے سلامت نہیں ہیں **حدیث** کی ہمسے محمد بن حمید رازی نے کہا حدیث کی
ہمسے جریر نے عمارہ بن قعقاع سے کہا اُسنے مجھے ابراہیم نخعی نے کہا کہ جب تو مجھے کوئی حدیث بیان کرنا چاہے تو ابی زرعہ بن عمرو بن جریر سے روایت کر کیونکہ
اسنے مجھے ایک دفعہ حدیث بیان کی تھی پھر مین نے اس سے بعد دو سال کے پوچھی تو اسنے ایک حرف بھی اُس سے قطع نہ کیا۔ **حدیث** کی ہمسے ابو حفص
یعنی عمرو بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے یحی بن سعید قطان نے سفیان سے اُسنے منصور سے کہا اُسنے مین نے ابراہیم سے کہا سالم بن ابی الجعد کو کیا ہو کہ وہ آپسے پوری
حدیث روایت کرتا ہو کہا اُسنے اسلیے کہ وہ لکھتا تھا **حدیث** کی ہمسے عبد الجبار بن علاء بن عبد الجبار نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے کہا اُسنے کہا عبد الملک
بن عمیر نے مین البتہ حدیث بیان کرتا ہوں اور اس سے کوئی حرف چھوڑتا نہیں ہوں۔ **حدیث** کی ہمسے حسین بن مہدی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق
نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے کہا اُسنے کہا قتادہ نے جو کچھ میرے کانوں نے سنا ہو اُسکو میرے دل نے نگاہ رکھلیا ہو۔ **حدیث** کی ہمسے سعید بن عبد الرحمن مخزومی نے
کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے عمرو بن دینار سے کہا اُسنے مین نے کسی کو نہیں دیکھا جو زہری سے حدیث پر زیادہ نص کرنے والا ہو **حدیث** کی ہمسے ابراہیم
بن سعید جوہری نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے کہا اُسنے کہا ایوب سختیانی نے مین کسی کو نہیں جانتا کہ حدیث اہل مدینہ کی بعد زہری کے یحی بن ابی کثیر سے زیادہ
جانتا ہو۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمعیل نے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان بن حرب نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے کہا اُسنے ابن عون حدیث کرتا تھا سو
جب مین اُسکو ایوب سے اسکے خلاف حدیث کرتا[1] تو اپنے نفس کی روایت ترک کر دیتا اور مین کہتا کہ مین نے اسکو سنا ہو سو وہ کہتا کہ ایوب ہمسے محمد بن سیرین
کی حدیث زیادہ جانتا ہی۔ **حدیث** کی ہمسے ابوبکر نے علی بن عبد اللہ سے کہا اُسنے مین نے یحی بن سعید سے کہا کہ کون ان دون سے قوی ہی ہشام
دستوائی یا مسعر کہا اُسنے مین نے مسعر کی طرح کسی کو نہیں دیکھا مسعر تمام لوگون سے زیادہ قوی تھا۔ **حدیث** کی ہمسے ابوبکر عبد القدوس بن محمد
نے اور حدیث کی مجھے ابو الولید نے کہا ہر ایک نے سنا مین نے حماد بن زید سے کہ کہتا جس حدیث مین شعبہ نے میری مخالفت کی ہو مین نے اُسکو چھوڑ دیا ہی کہا
ترمذی نے کہ کہا ابوبکر نے اور حدیث کی مجھے ابو الولید نے کہ کہا اُسنے کہا مجھے حماد بن سلمہ نے کہ اگر تو حدیث کی خواہش کرتا ہی تو شعبہ کو لازم پکڑ **حدیث**
کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا اُسنے کہا شعبہ نے جس مرد سے مین نے ایک حدیث روایت کی ہی اسکے پاس مین
ایک بار سے زیادہ بہت دفعہ آیا ہوں اور جس سے مین نے دس حدیثیں روایت کی ہیں اُسکے پاس مین دس بار سے زیادہ آیا ہوں

[1] یعنی لوگون سے حدیث بیان کرتا تھا سو جب مین اسکو ایوب سے اسکی روایت کی برخلاف جو اسکے دل مین ہوتی تھی حدیث بیان کرتا تو وہ اپنے دل کی روایت ترک کر دیتا اس لیے
کہ وہ کہا کرتا تھا کہ ایوب ہمسے محمد بن سیرین کی حدیث زیادہ جانتا ہی ۱۲ منہ

ومن كتب منهم انما كان يكتب لهم بعد السماع وسمعت احمد بن الحسن يقول سمعت احمد بن حنبل يقول ابن ابي ليلى لا يحتج
به وكذلك من تكلم من اهل العلم في مجالد بن سعيد وعبد الله بن لهيعة وغيرهما انما تكلموا فيهم من قبل حفظهم وكثرة خطائهم
وقد روى عنهم غير واحد من الائمة فاذا تفرد احد من هؤلاء بحديث ولم يتابع عليه لم يحتج به كما قال احمد بن حنبل ابن ابي ليلى
لا يحتج به انما عنى اذا تفرد بالشئ واشد ما يكون هذا اذا لم يحفظ الاسناد فزاد في الاسناد او نقص او غير الاسناد او جاء
بما يتغير فيه المعنى فاما من اقام الاسناد وحفظه وغير اللفظ فان هذا واسع عند اهل العلم اذا لم يتغير المعنى حدثنا
محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدي نا معوية بن صالح عن العلاء بن الحارث عن مكحول عن واثلة بن الاسقع قال اذا حدثناكم
على المعنى فحسبكم حدثنا يحيى بن موسى نا عبد الرزاق نا معمر عن ايوب عن محمد بن سيرين قال كنت اسمع الحديث من
عشرة اللفظ مختلف والمعنى واحد حدثنا احمد بن منيع نا محمد بن عبد الله الانصاري عن ابن عون قال كان ابراهيم النخعي
والحسن والشعبي يأتون في الحديث على المعاني وكان القاسم بن محمد ومحمد بن سيرين ورجاء بن حيوة يعيدون الحديث
على حروفه حدثنا علي بن خشرم نا حفص بن غياث عن عاصم الاحول قال قلت لابي عثمن النهدي انك تحدثنا بالحديث
ثم تحدثنا به على غير ما حدثتنا قال عليك بالسماع الاول حدثنا الجارود نا وكيع عن الربيع بن صبيح عن الحسن قال
اذا اصبت المعنى اجزاك حدثنا علي بن حجر نا عبد الله بن المبارك عن سيف هو ابن سليمن قال سمعت مجاهدا يقول انقص
من الحديث ان شئت ولا تزد فيه حدثنا ابو عمار الحسين بن حريث نا زيد بن حباب عن رجل قال خرج الينا سفيان الثوري
فقال ان قلت لكم اني احدثكم كما سمعت فلا تصدقوني انما هو المعنى حدثنا الحسين بن حريث قال سمعت وكيعا يقول
ان لم يكن المعنى واسعا فقد هلك الناس وانما تفاضل اهل العلم بالحفظ والاتقان والتثبت عند السماع

اور جو کوئی انمین سے لکھتا تھا وہ بھی بعد سماع کے لکھتا تھا۔ اور سنا مین نے احمد بن حسن سے کہ کہتا تھا سنا مین نے احمد بن حنبل سے کہ فرماتے تھے ابن ابی لیلی قابل حجت نہین ہی اور ایسا ہی حال ہی اُن عالمون کا کہ جنہون نے مجالد بن سعید اور عبداللہ بن لہیعہ وغیرہ کے حق مین کلام کیا ہی فقط انکے حافظہ کی وجہ سے اور کثرت خطا سے انکے حق مین کلام کیا ہی۔ اور کئی ایک اماموں نے انسے روایت کی ہی۔ سو جب کوئی انہین سے کسی حدیث کے ساتھ منفرد ہو اور اسپر کوئی متابع نہوا ہو تو اس سے حجت نہ پکڑی جاوے جیسا کہ احمد بن حنبل نے کہا ہی کہ ابن ابی لیلی قابل حجت نہین ہی مراد اسکی یہ ہی کہ جب کوئی حدیث منفرد بیان کرے۔ اور سخت یہ امر اُسوقت ہوتا ہی کہ جب وہ اسناد کو نہ یاد رکھے سو اسناد مین زیادتی کر دے یا نقصان یا اسناد کو متغیر کر دے یا اسطرح بیان کرے کہ جسمین معنی متغیر ہو جائین۔ سو بہر حال جو کوئی اسناد کو قایم کرے اور اسکو یاد رکھے اور الفاظ کو متغیر کر دے تو یہ صورت اہل علم کے نزدیک بہت فراخ ہی بشرطیکہ معنی متغیر نہون۔ حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے معاویہ بن صالح نے علاء بن حارث سے اسنے مکحول سے اُسنے واثلہ بن اسقع سے کہا اُسنے کہ جب ہم تمکو بالمعنی حدیث کرین تو تمکو کافی ہی۔ حدیث کی ہمسے یحیی بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے ایوب سے اُسنے محمد بن سیرین سے کہا اُسنے مین دس لوگون سے حدیث سنتا تھا الفاظ سب کے مختلف اور معنی واحد۔ حدیث کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن عبداللہ انصاری نے ابن عون سے کہا اُسنے ابراہیم نخعی اور حسن اور شعبی حدیث بالمعنی بیان کرتے تھے۔ اور قاسم بن محمد اور محمد بن سیرین اور رجاء بن حیوہ حدیث کو اپنے حرفون سے اعادہ کرتے تھے۔ حدیث کی ہمسے علی بن خشرم نے کہا حدیث کی ہمسے حفص بن غیاث نے عاصم احول سے کہا اُسنے مین نے ابی عثمان نہدی سے کہا کہ آپ ہمسے حدیث بیان کرتے ہو پھر ہمکو وہی حدیث کرتے ہو سوائے اُس طرح کے کہ آپنے پہلے ہمکو حدیث کی ہی کہا اُنہون نے تو پہلا سماع کو لازم پکڑ۔ حدیث کی ہمسے جارود نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے ربیع بن صبیح سے اُسنے حسن سے کہا اُسنے کہ جب تو معنی کو پہونچ گیا تو تجھے کافی ہی۔ حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن مبارک نے سیف بن سلیمان سے کہا اُسنے سنا مین نے مجاہد سے کہ کہتا تھا حدیث سے کم کر جسقدر تو چاہتا ہی اور اسمین زیادتی نہ کر۔ حدیث کی ہمسے ابو عمار یعنی حسین بن حریث نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے ایک مرد سے کہا اُسنے ہماری طرف سفیان ثوری نکلا اور کہنے لگا اگر مین تمکو کہون کہ مین تمکو اسطرح حدیث کرتا ہون جسطرح کہ مین نے سنا ہی تو میری تصدیق نہ کرو وہ تو بالمعنی ہی۔ حدیث کی ہمسے حسین ابن حریث نے کہا سنا مین نے وکیع سے کہ کہتا تھا اگر حدیث بالمعنی مین گنجایش ہوتی تو آدمی ہلاک ہو جاتے اور فقط فضیلت اہل علم کی ایک دوسرے پر بسبب حفظ اور اتقان اور ثبات کے وقت سماع کے

صفوان الثقفی البصری یقول سمعت علی بن المدینی یقول لو حلفت بین الرکن والمقام لحلفت انی لم ار احدا اعلم
من عبد الرحمن بن مہدی قال ابو عیسی والکلام فی ھذا والروایة عن اھل العلم تکثر وانما بینا شیئا منه علی الاختصار
لیستدل به علی منازل اھل العلم وتفاضل بعضھم علی بعض فی الحفظ والاتقان فمن تکلم فیه من اھل العلم لای شیء تکلم
فیه والقراءة علی العالم اذا کان یحفظ ما یقرأ علیه او یمسک اصله فیما یقرأ علیه اذا لم یحفظ ھو صحیح عند اھل الحدیث
